اور ابو ثقال مری کا نام ثمامہ بن حصین ہے اور رباح بن عبد الرحمٰن کی کنیت ابو بکر بن حویطب ہے بعض نے محدثین میں سے اس حدیث کو روایت کیا اور کہا یہہ روایت ہے ابی بکر بن حویطب سے یعنی اُنے اسکو دادا کی طرف منسوب کیا ہے۔ **باب** اس بیان میں جو کلی اور ناک میں پانی ڈالنے میں آیا ہے۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید اور جریر نے منصور سے اُسنے ہلال بن یساف سے اُسنے سلمہ بن قیس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تو وضو کرے تو ناک میں پانی ڈال اور جب تو ڈھیلے لے تو طاق لے۔ اور اس باب میں روایت ہے عثمان اور لقیط بن صبرہ اور ابن عباس اور مقدام بن معدیکرب اور وائل بن حجر اور ابوہریرہ رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث سلمہ بن قیس کی حسن صحیح ہے اور اختلاف کیا ہے اہل علم نے اُس شخص کے حق میں جنے کلی اور ناک میں پانی ڈالنے کو ترک کیا ایک جماعت نے انہیں سے کہا ہے کہ جب کسی نے ان دونو کو وضو میں ترک کر دیا حتی کہ اُسنے نماز پڑھ لی تو نماز کا اعادہ کرے اور کہا انہوں نے کہ یہ حکم وضو اور جنابت میں برابر ہے۔ اور ساتھ اسی کے کہا ہے ابن ابی لیلےٰ اور عبد اللہ بن مبارک اور احمد اور اسحٰق نے۔ اور کہا امام احمد نے ناک میں پانی ڈالنا کلی کرنے سے زیادہ مؤکد ہے کہا ابو عیسیٰ نے اور ایک جماعت نے اہل علم سے کہا ہے کہ جنابت میں اعادہ کرے اور وضو میں اعادہ نہ کرے۔ اور یہ قول سفیان ثوری اور بعض اہل کوفہ کا ہے۔ اور کہا ایک جماعت نے وضو اور جنابت دونوں میں اعادہ نہ کرے کیونکہ یہ دونو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے بطور سنت کے وارد ہیں پس اُسکا اعادہ واجب نہیں اُس شخص پر جو ان دونوں کو وضو اور جنابت میں ترک کرے۔ اور یہہ قول ہے امام مالک اور شافعی کا۔ **باب** کلی اور ناک میں پانی ڈالنا ایک چلو سے **حدیث** کی ہمسے یحییٰ بن موسےٰ نے کہا حدیث کی ہمسے ابراہیم بن موسےٰ نے کہا حدیث کی ہمسے خالد نے عمرو بن یحییٰ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عبد اللہ بن زید سے کہ کہا اُسنے میں نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو ایک چلو سے کلی اور ناک میں پانی ڈالتے دیکھا آپ نے اسطرح تین مرتبہ کیا۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن عباس سے کہا ابو عیسےٰ نے حدیث عبد اللہ بن زید کی حسن غریب ہے۔ اور روایت کیا ہے اس حدیث کو مالک اور ابن عیینہ اور اور کئی لوگوں نے عمرو بن یحییٰ سے (مگر) اُنہوں نے اس حرف کو ذکر نہیں کیا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک چلو سے کلی اور ناک میں پانی ڈالا ہے۔ ذکر تو اسکا فقط خالد بن عبد اللہ نے کیا ہے[1]۔ اور خالد اہل حدیث کے نزدیک ثقہ اور حافظ ہے۔ اور کہا بعض اہل علم نے کلی اور ناک میں پانی ڈالنا ایک چلو سے کافی ہو جاتا ہے۔ اور کہا بعض نے ان دونو میں تفریق کرنی ہمارے نزدیک پسند ہے (یعنی ہر ایک کے لیے علیحدہ پانی استعمال کرے) اور کہا ہے امام شافعی نے اگر ان دونو کو ایک چلو میں جمع کرے تو جائز ہے۔ اور اگر ان دونو میں تفریق کرے تو وہ ہمارے نزدیک مستحب ہے **باب** ڈاڑھی کے خلال کے بیان میں

[1] یعنی اگرچہ اور راویوں نے اس لفظ کو ذکر نہیں کیا مگر چونکہ یہ ثقہ ہے۔ اور ثقہ کی زیادتی مقبول ہوتی ہے۔ اسلیے اسکی زیادتی بھی مقبول ہوگی ۱۲

حدثنا ابن ابی عمرنا سفیان ابن عیینۃ عن عبد الکریم ابن ابی المخارق ابی امیۃ عن حسان ابن بلال قال رأیت عمار ابن یاسر توضأ فخلل لحیتہ فقیل لہ او قال فقلت لہ اتخلل لحیتک قال وما یمنعنی ولقد رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یخلل لحیتہ **حدثنا** ابن ابی عمرنا سفیان عن سعید بن ابی عروبۃ عن قتادۃ عن حسان بن بلال عن عمار عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثلہ وفی الباب عن عائشۃ وام سلمۃ وانس وابن ابی اوفی وابی ایوب **قال** ابو عیسی سمعت اسحاق بن منصور یقول سمعت احمد بن حنبل قال قال ابن عیینۃ لم یسمع عبد الکریم من حسان بن بلال حدیث التخلیل **حدثنا** یحیی بن موسی نا عبد الرزاق عن اسرائیل عن عامر بن شقیق عن ابی وائل عن عثمان بن عفان ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یخلل لحیتہ **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح وقال محمد بن اسماعیل اصح شیٔ فی ھذا الباب حدیث عامر بن شقیق عن ابی وائل عن عثمان وقال بھذا اکثر اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومن بعدھم راوا تخلیل اللحیۃ وبہ یقول الشافعی وقال احمد ان سہی عن التخلیل فھو جائز وقال اسحق ان ترکہ ناسیا او متأولا اجزأہ وان ترکہ عامدا اعاد **باب** ما جاء فی مسح الراس انہ یبدأ بمقدم الراس الی مؤخرہ **حدثنا** اسحاق بن موسی الانصاری نا معن نا مالک بن انس عن عمرو بن یحیی عن ابیہ عن عبد اللہ بن زید ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسح راسہ بیدیہ فاقبل بھما وادبر بدأ بمقدم راسہ ثم ذھب بھما الی قفاہ ثم ردھما حتی رجع الی المکان الذی بدأ منہ ثم غسل رجلیہ وفی الباب عن معاویۃ ومقدام بن معد یکرب وعائشۃ **قال** ابو عیسی حدیث عبد اللہ بن زید اصح شیٔ فی ھذا الباب واحسن وبہ یقول الشافعی واحمد واسحاق **باب** ما جاء انہ یبدأ بمؤخر الراس **حدثنا** قتیبۃ نا بشر بن المفضل عن عبد اللہ بن محمد بن عقیل عن الربیع

حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے عبد الکریم بن ابی المخارق یعنی ابی امیہ سے اُسنے حسان بن بلال سے کہا اسنے دیکھے عمار بن یاسر کو وضو کرتے دیکھا پس اُسنے ڈاڑھی کا خلال کیا پس اُس سے کسی نے کہا یا کہا حسان نے میں نے اُس سے کہا (شک راوی) کیا تو ڈاڑھی کا خلال کرتا ہی کہا اُسنے اور کیا چیز مجھے منع کرتی ہے۔ حالانکہ میںنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو داڑھی کا خلال کرتے دیکھا ہی **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے سعید بن ابی عروبہ سے اُسنے قتادہ سے اُسنے حسان بن بلال سے اُسنے عمار سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔ اور اس باب میں روایت ہی عائشہ اور ام سلمہ اور انس اور ابن ابی اوفی اور ابی ایوب سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسےٰ نے سُنا مینے اسحاق بن منصور سے کہ کہتا سُنا مینے احمد بن حنبل سے کہ کہا اُسنے کہا ابن عیینہ نے کہ عبد الکریم نے حسان بن بلال سے حدیث خلال کی نہیں سُنی ہے **حدیث** کی ہمسے یحیی بن موسے نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے اسرائیل سے اُسنے عامر بن شقیق سے اُسنے ابی وائل سے اُسنے عثمان بن عفان رض سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم داڑھی کا خلال کرتے تھے۔ کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ اور کہا محمد بن اسمٰعیل نے صحیح حدیث اس باب میں حدیث عامر بن شقیق کی ہی جو روایت کی ہی اُسنے ابی وائل سے اُسنے عثمان سے۔ اور ساتھ اسی کے کہا ہی اکثر اہل علم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے اور انہوں نے جو اُنکے پیچھے ہوئے ہیں کہ ڈاڑھی کا خلال کرنا چاہیے۔ اور ساتھ اسی کے کہا ہی شافعی نے اور کہا امام احمد نے اگر کوئی خلال کرنے سے بھول گیا تو وہ جائز ہی۔ اور کہا اسحق نے اگر کسی نے اسکو بھول کر یا تاویل کرکے ترک کر دیا تو وہ وضو کافی ہو جاتا ہی۔ اور اگر جان بوجھ کر ترک کرے تو اعادہ کرے۔ **باب** اس بیان میں جو سر کے مسح میں آیا ہی کہ مقدم سر سے شروع کرکے پیچھے کی طرف جاوے **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن موسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے عمرو بن یحیی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عبد اللہ بن زید سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سر مبارک کو دونوں ہاتھ سے مسح[1] کیا سو اُن دونوں کو آگے لائے اور پیچھے لے گئے سر کی مقدم طرف سے شروع کیا پھر پیچھے کی طرف اُنکو لے گئے پھر اُن دونوں ہاتھوں کو لوٹایا تاکہ اس مکان کی طرف رجوع کیا جہاں سے شروع کیا تھا۔ پھر دونوں پاؤں کو دھویا اور اس باب میں روایت ہی معاویہ اور مقدام بن معدیکرب اور عائشہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسےٰ نے حدیث عبد اللہ بن زید کی اس باب میں اوروں سے زیادہ صحیح اور حسن ہی۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہی امام شافعی اور احمد اور اسحاق **باب** اس بیان میں جو وارد ہوا ہی کہ موخر سر سے مسح شروع کیا جاوے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن مفضل نے عبد اللہ بن محمد بن عقیل سے اُسنے ربیع

[1] تمام سر کا مسح کرنے پر آیت صراحتاً دلالت نہیں کرتی کیونکہ مجمل ہی۔ اگر واسطے ابر وسلم کی با کو زائدہ قرار دیا جاوے تو تمام سر کے مسح کا احتمال رکھتی ہی۔ اور اگر اسکو بعضیہ ٹھیرایا جاوے تو بعض سر کا۔ پس اسکی تعیین تو فعل آنحضرت سے ہوگی سو اور بعض سر کا مسح کرنا آنحضرت سے منقول نہیں مگر حدیث مغیرہ میں کہ آنحضرت نے پیشانی اور دستار مبارک پر مسح کیا۔ پس یہ حدیث دلالت کرتی ہی کہ تمام سر کا مسح کرنا فرض نہیں ۱۲ کذا فی الفتح

بنت معوذ بن عفراء ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم مسح براسہ مرتین بدأ بمؤخر راسہ ثم بمقدمہ وباذنیہ کلتیہما ظہورہما وبطونہما **قال** ابو عیسیٰ ہذا حدیث حسن وحدیث عبداللہ بن زید اصح من ہذا واجود وقد ذہب بعض اہل الکوفۃ الی ہذا الحدیث منہم وکیع بن الجراح **باب ما جاء** ان مسح الراس مرۃ **حدثنا** قتیبۃ نا بکر بن مضر عن ابن عجلان عن عبداللہ بن محمد بن عقیل عن الربیع بنت معوذ بن عفراء انہا رأت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یتوضأ قالت مسح راسہ ومسح ما اقبل منہ وما ادبر وصدغیہ واذنیہ مرۃ واحدۃ وفی الباب عن علی وجد طلحۃ بن مصرف بن عمرو **قال** ابو عیسیٰ حدیث الربیع حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ مسح براسہ مرۃ والعمل علی ہذا عند اکثر اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومن بعدہم وبہ یقول جعفر بن محمد وسفیان الثوری وابن المبارک والشافعی واحمد واسحاق رأوا مسح الراس مرۃ واحدۃ **حدثنا** محمد بن منصور قال سمعت سفیان بن عیینۃ یقول سألت جعفر بن محمد عن مسح الراس أیجزی مرۃ فقال ای واللہ (حرف ایجاب ۱۲)

باب ما جاء انہ یاخذ لراسہ ماء جدیدا **حدثنا** علی بن خشرم نا عبداللہ بن وہب نا عمرو بن الحارث عن حبان بن واسع عن ابیہ عن عبداللہ بن زید انہ رای النبی صلی اللہ علیہ وسلم توضأ وانہ مسح راسہ بماء غیر فضل یدیہ **قال** ابو عیسیٰ ہذا حدیث حسن صحیح وروی ابن لہیعۃ ہذا الحدیث عن حبان بن واسع عن ابیہ عن عبداللہ بن زید ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم توضأ وانہ مسح راسہ بماء غیر فضل یدیہ وروایۃ عمرو بن الحارث عن حبان اصح لانہ قد روی من غیر وجہ ہذا الحدیث عن عبداللہ بن زید وغیرہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اخذ لراسہ ماء جدیدا والعمل علی ہذا عند اکثر اہل العلم رأوا ان یاخذ لراسہ ماء جدیدا

باب مسح الاذنین ظاہرہما وباطنہما **حدثنا** ہناد نا ابن ادریس عن ابن عجلان عن زید بن اسلم عن عطاء بن یسار عن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم مسح براسہ واذنیہ ظاہرہما وباطنہما وفی الباب عن الربیع **قال** ابو عیسیٰ حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح والعمل علی ہذا عند اکثر اہل العلم یرون مسح الاذنین ظہورہما وبطونہما

باب ما جاء ان الاذنین من الراس **حدثنا** قتیبۃ نا حماد بن زید عن سنان بن ربیعۃ عن شہر بن حوشب عن ابی امامۃ

بنت معوذ بن عفراء سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سر مبارک کو دوبارہ مسح کیا سر مبارک کی پچھلی طرف سے شروع کیا پھر مقدم سر سے اور دونوں کانوں کے ظاہر اور باطن میں مسح کیا کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے۔ اور حدیث عبداللہ بن زید کی (جو اول باب میں مذکور ہے) اس سے زیادہ صحیح اور جید ہے اور بعض اہل کوفہ اسی حدیث کی طرف گئے ہیں انہیں سے وکیع بن جراح ہیں۔ **باب** اس بیان میں جو وارد ہوا ہے کہ مسح سر کا ایک بار ہے حدیث کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے بکر بن مضر نے ابن عجلان سے اُس نے عبداللہ بن محمد بن عقیل سے اُس نے ربیع بنت معوذ بن عفراء سے یہ کہ اُس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو وضو کرتے دیکھا کہا اُس نے آپ نے سر مبارک پر مسح کیا اور مسح کیا سر کی مقدم طرف کو اور پچھلی جانب کو اور دونوں کنپٹیوں پر اور دونوں کانوں پر ایک بار۔ اور اس باب میں روایت ہے حضرت علی اور طلحہ بن مصرف بن عمرو کے دادا سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ربیع کی حسن صحیح ہے۔ اور کئی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے سر مبارک پر ایک بار مسح کیا ہے اور اکثر اہل علم کے نزدیک آنحضرت کے صحابہ سے اور اُن لوگوں سے جو اُنکے پیچھے ہیں عمل اسی پر ہے۔ اور ساتھ اسی کے کہا ہے جعفر بن محمد اور سفیان ثوری اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحٰق نے کہا انہوں نے مسح سر کا ایک بار ہے۔ حدیث کی ہم سے محمد بن منصور نے کہا سنا میں نے سفیان بن عیینہ سے کہ کہتا تھا پوچھا میں نے جعفر بن محمد سے مسح سر کی بابت سوال کیا کہ کیا ایک مرتبہ ہی کافی ہوتا ہے سو کہا اُس نے ہاں قسم ہے اللہ کی

باب اس بیان میں جو وارد ہوا ہے کہ سر کے واسطے نیا پانی پکڑے۔ حدیث کی ہم سے علی بن خشرم نے کہا حدیث کی ہم سے عبداللہ بن وہب نے کہا حدیث کی ہم سے عمرو بن حارث نے حبان بن واسع سے اُس نے اپنے باپ سے اُس نے عبداللہ بن زید سے یہ کہ اُس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے وضو کیا اور مسح کیا ساتھ ایسے پانی کے جو ہاتھوں کا بچا ہوا نہ تھا۔ کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا اس حدیث کو ابن لہیعہ نے حبان بن واسع سے اُس نے اپنے باپ سے اُس نے عبداللہ بن زید سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اور سر مبارک پر مسح کیا ساتھ ایسے پانی کے جو ہاتھوں کا بچا ہوا نہ تھا۔ اور روایت عمرو بن حارث کی جو حبان سے ہے زیادہ صحیح ہے کیونکہ یہ حدیث کئی وجہ سے عبداللہ بن زید وغیرہ سے روایت کی گئی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سر مبارک کے واسطے نیا پانی پکڑا۔ اور اکثر اہل علم کے نزدیک عمل اسی پر ہے کہ سر کے واسطے نیا پانی استعمال کیا جاوے۔

باب مسح دونوں کانوں کا اُنکے ظاہر اور باطن دونوں پر۔ حدیث کی ہم سے ہناد نے کہا حدیث کی ہم سے ابن ادریس نے ابن عجلان سے اُس نے زید بن اسلم سے اُس نے عطاء بن یسار سے اُس نے ابن عباس سے کہ مسح کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ سر کے اور ساتھ دونوں کانوں کے اُنکے ظاہر اور باطن دونوں پر اور اس باب میں روایت ہے ربیع سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن عباس کی حسن صحیح ہے اور اکثر اہل علم کے نزدیک عمل اسی پر ہے کہ مسح دونوں کانوں کا اُنکے ظاہر اور باطن دونوں پر چاہیے۔

باب اس بیان میں کہ دونوں کان سر سے ہیں[1] حدیث کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے حماد بن زید نے سنان بن ربیعہ سے اُس نے شہر بن حوشب سے اُس نے ابی امامہ سے

---

[1] یعنی جو حکم سر کا ہے وہی حکم اُنکا ہے یعنی اُن پر بھی مسح ہی کرنا چاہیے جیسا کہ سر پر مسح کیا جاتا ہے اور اختلاف جو اس میں مروی ہے وہ مؤلف نے ذکر کر دیا ہے ۱۲

قال توضأ النبي صلى الله عليه وسلم فغسل وجهه ثلاثا ويديه ثلاثا ومسح برأسه وقال الأذنان من الرأس **قال** ابو عيسى قال قتيبة قال حماد
لا ادري هذا من قول النبي صلى الله عليه وسلم او من قول ابي امامة وفي الباب عن انس **قال** ابو عيسى هذا حديث ليس اسناده بذاك القائم
والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم ومن بعدهم ان الأذنين من الرأس وبه يقول سفيان الثوري وابن المبارك و
احمد واسحاق وقال بعض اهل العلم ما اقبل من الأذنين فمن الوجه وما ادبر فمن الرأس قال اسحاق واختار ان يمسح مقدمهما مع وجهه ومؤخرهما مع
رأسه **باب** في تخليل الاصابع **حدثنا** قتيبة وهناد قالا انا وكيع عن سفيان عن ابي هاشم عن عاصم بن لقيط بن صبرة عن ابيه قال قال النبي
صلى الله عليه وسلم اذا توضأت فخلل الاصابع وفي الباب عن ابن عباس والمستورد وابي ايوب **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اهل العلم
انه يخلل اصابع رجليه في الوضوء وبه يقول احمد واسحاق وقال اسحاق يخلل اصابع يديه ورجليه وابو هاشم اسمه اسماعيل بن كثير **حدثنا** ابراهيم بن سعيد
قال ثنا سعد بن عبد الحميد بن جعفر قال ثنا عبد الرحمن بن ابي الزناد عن موسى بن عقبة عن صالح مولى التوأمة عن ابن عباس ان رسول الله صلى الله
عليه وسلم قال اذا توضأت فخلل اصابع يديك ورجليك **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن غريب **حدثنا** قتيبة قال ثنا ابن لهيعة عن يزيد بن عمرو
عن ابي عبد الرحمن الحبلي عن المستورد بن شداد الفهري قال رأيت النبي صلى الله عليه وسلم اذا توضأ دلك اصابع رجليه بخنصره **قال** ابو عيسى
هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث ابن لهيعة **باب** ما جاء ويل للاعقاب من النار **حدثنا** قتيبة قال ثنا عبد العزيز بن محمد عن
سهيل بن ابي صالح عن ابيه عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ويل للاعقاب من النار وفي الباب عن عبد الله بن عمرو وعائشة
وجابر بن عبد الله وعبد الله بن الحارث ومعيقيب وخالد بن الوليد وشرحبيل بن حسنة وعمرو بن العاص ويزيد بن ابي سفيان

کہ کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا سو منھ مبارک کو تین بار دھویا اور ہاتھوں کو بھی تین بار اور سر پر مسح کیا اور فرمایا کہ دونون کان سر کے
ہین کہا ابو عیسیٰ نے کہا قتیبہ نے کہا حماد نے مین نہین جانتا کہ یہ (دونون کان سر سے ہین) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ہے یا قول ابی امامہ کا اور اس باب
مین انس سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث ایسی ہے کہ سند اسکی اچھی نہین ہے اور اکثر اہل علم کے نزدیک صحابہ اور من بعدہم سے عمل اسی پر ہے کہ دونون کان
سر سے ہین اور ساتھ اسیکے کہا ہے سفیان ثوری اور ابن مبارک اور احمد اور اسحاق نے اور کہا بعض اہل علم نے جو کانونکی مقدم طرف ہے منھ کا حکم رکھتا ہے اور جو پچھلی طرف ہے
وہ سر کا حکم رکھتا ہے کہا اسحاق نے مین بھی پسند کرتا ہون کہ اُن دونونکی مقدم طرف کو منھ کے ساتھ مسح کیا جاوے اور مؤخر کو سر کے ساتھ **باب** انگلیون کے خلال کے
بیان مین **حدیث** کی ہمسے قتیبہ اور ہناد نے کہا دونون نے حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اونسے ابی ہاشم سے اُسنے عاصم بن لقیط بن صبرہ سے اُسنے اپنے باپ سے
کہا اُسنے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تو وضو کرے تو انگلیونکا خلال کر اور اس باب مین روایت ہے ابن عباس اور مستورد اور ابی ایوب سے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح
ہے اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے کہ وضو مین پیر کی انگلیونکا خلال کرے اور ساتھ اسیکے کہا امام احمد اور اسحاق نے اور کہا اسحاق نے پانون اور ہاتھونکی انگلیونکا خلال کرے اور ابو ہاشم
کا نام اسماعیل بن کثیر ہے **حدیث** کی ہمسے ابراہیم بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے سعد بن عبد الحمید بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن ابی الزناد نے موسی بن عقبہ سے اُسنے صالح سے
جو توأمہ کا غلام ہے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب تو وضو کرے تو ہاتھ اور پانونکی انگلیونکا خلال کر کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث**
کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے یزید بن عمرو سے اُسنے ابی عبد الرحمن حبلی سے اُسنے مستورد بن شداد فہری سے کہ کہا انھون نے دیکھا مینے نبی صلعم کو جب وضو کرتے اپنے
پیر کی انگلیونکا خنصر سے خلال کرتے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہے ہم اُسکو نہین پہچانتے مگر طریق ابن لہیعہ سے **باب** اس بیان مین کہ وارد ہوا ہے ہلاکت ہے واسطے ایڑیون کے
آگ سے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا ہلاکت[1] ہے واسطے ایڑیون کے عذاب سے اور اس باب مین روایت ہے عبد اللہ بن عمرو اور عائشہ اور جابر بن عبد اللہ اور عبد اللہ بن حارث اور معیقیب
اور خالد بن ولید اور شرحبیل بن حسنہ اور عمرو بن العاص اور یزید بن ابی سفیان سے رضی اللہ عنہم

---

[1] یہ حدیث مختصر ہے۔ تمام قصہ یون ہے کہ ایک مرتبہ آنحضرت نے مکہ سے مدینہ کیطرف سفر کیا۔ اور کئی اصحاب آنحضرت سے آگے چلے آئے۔ پھر ایک جگہ پہونچکر آپکی انتظاری کرتے رہے کہ تشریف لاوین تو آپکے ساتھ ملکر نماز ادا کرین۔ جب بہت دیر ہوگئی اور نماز عصر کا اول وقت بھی فوت ہوگیا۔ تو جلدی سے کھڑے ہوئے۔ اور وضو کی طرف متوجہ ہوئے۔ چونکہ وقت تنگ تھا اسلیے انھون نے جلدی کی اور پانون کو اچھی طرح سے تر نہ کیا۔ کہین سے خشک اور کہین سے تر ہوگئے۔ اتنے مین آپ بھی تشریف فرما ہوئے۔ آپ نے انکا یہ حال دیکھتے ہی فرمایا۔ وَیْلٌ لِّلْاَعْقَابِ مِنَ النَّارِ۔ یعنی ہلاکت ہے واسطے ایڑیون کے آگ سے اور ابن حبان کی ایک روایت مین ابی سعید سے مرفوعا وارد ہوا ہے کہ ویل دوزخ مین ایک وادی ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ پانون کا دھونا فرض ہے برخلاف شیعہ کے۔ اور کہا صاحب فتح نے پانون کے دھونے کے باب مین حدیثین متواتر ہین اور کسی صحابی سے خلاف اسکا ثابت نہین ہوا مگر حضرت علی اور ابن عباس اور انس سے سو انسے رجوع کرنا انکا اس مسئلہ سے بھی ثابت ہے۔

قال ابو عیسی حدیث ابی هریرة حدیث حسن صحیح وروی عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال ویل للاعقاب وبطون الاقدام من النار
نفقه هذا الحدیث انه لا یجوز المسح علی القدمین اذا لم یکن علیهما خفان او جوربان **باب** ما جاء فی الوضوء مرة مرة **حدثنا** ابو کریب
وهناد وقتیبة قالوا ثنا وکیع عن سفیان ح وثنا محمد بن بشار قال ثنا یحیی بن سعید قال ثنا سفیان عن زید بن اسلم عن عطاء بن یسار عن ابن
عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم توضأ مرة مرة وفی الباب عن عمر وجابر وبریدة وابی رافع وابن الفاکه **قال** ابو عیسی حدیث ابن عباس احسن
شیء فی هذا الباب واصح وروی رشدین بن سعد وغیره هذا الحدیث عن الضحاک بن شرحبیل عن زید بن اسلم عن ابیه عن عمر بن الخطاب
ان النبی صلی الله علیه وسلم توضأ مرة مرة ولیس هذا بشیء والصحیح ما روی ابن عجلان وهشام بن سعد وسفیان الثوری وعبد العزیز بن محمد
عن زید بن اسلم عن عطاء بن یسار عن ابن عباس عن النبی صلی الله علیه وسلم **باب** ما جاء فی الوضوء مرتین مرتین **حدثنا** ابو کریب و
محمد بن رافع قالا ثنا زید بن حباب عن عبد الرحمن بن ثابت بن ثوبان قال حدثنی عبد الله بن الفضل عن عبد الرحمن بن هرمز الاعرج عن ابی هریرة ان
النبی صلی الله علیه وسلم توضأ مرتین مرتین **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من حدیث ابن ثوبان عن عبد الله بن
الفضل وهذا اسناد حسن صحیح وفی الباب عن جابر وقد روی عن ابی هریرة ان النبی صلی الله علیه وسلم توضأ ثلثا ثلثا **باب** ما جاء فی الوضوء
ثلثا ثلثا **حدثنا** محمد بن بشار ثنا عبد الرحمن بن مهدی عن سفیان عن ابی اسحاق عن ابی حیة عن علی ان النبی صلی الله علیه وسلم توضأ
ثلثا ثلثا وفی الباب عن عثمان والربیع وابن عمر وعائشة وابی امامة وابی رافع وعبد الله بن عمرو ومعاویة وابی هریرة وجابر وعبد الله بن زید
وابی ذر **قال** ابو عیسی حدیث علی احسن شیء فی هذا الباب واصح والعمل علی هذا عند عامة اهل العلم ان الوضوء یجزئ مرة مرة ومرتین
افضل وافضله ثلث ولیس بعده شیء وقال ابن المبارک لا آمن اذا زاد فی الوضوء علی الثلث ان یأثم وقال احمد واسحاق لا یزید علی الثلث
الا رجل مبتلی **باب** ما جاء فی الوضوء مرة ومرتین وثلثا **حدثنا**

کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابو ہریرہ کی حسن صحیح ہے۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسطرح بھی روایت کیگئی ہے کہ فرمایا آپ نے ہلاکت ہے واسطے ایڑیوں کے
اور تلوے پاؤں کے آگ سے۔ اور فقاہت اس حدیث کی یہ ہے کہ پاؤں پر مسح جائز نہیں جبکہ پاؤں پر موزے یا جرابیں نہوں **باب** اس بیان
میں کہ وضو میں ایک ایک دفعہ پانی بہانے کی بابت آیا ہے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب اور ہناد اور قتیبہ نے کہا انہوں نے حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان
سے ح اور حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا اُسنے حدیث کی ہمسے یحییٰ بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زید بن اسلم سے اُسنے عطاء بن یسار سے
اُسنے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو میں ایک ایک دفعہ پانی بہایا۔ اور اس باب میں روایت کیگئی ہے عمر اور جابر اور بریدہ اور ابی رافع
اور ابن الفاکہ سے اور کہا ابو عیسیٰ نے اس باب میں حدیث ابن عباس کی سب سے حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا ہے اس حدیث کو رشدین بن سعد
وغیرہ نے ضحاک بن شرحبیل سے اُسنے زید بن اسلم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عمر بن الخطابؓ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو میں ایک ایک دفعہ پانی
بہایا۔ اور یہ حدیث کوئی شے نہیں ہے۔ اور صحیح وہی ہے جو روایت کی ہے ابن عجلان اور ہشام بن سعد اور سفیان ثوری اور عبد العزیز بن محمد نے زید بن اسلم
سے اُسنے عطاء بن یسار سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **باب** اس بیان میں کہ وضو میں دو دو دفعہ پانی بہانے کی بابت آیا ہے **حدیث**
کی ہمسے ابو کریب اور محمد بن رافع نے کہا انہوں نے حدیث کی ہمکو زید بن حباب نے عبد الرحمن بن ثابت ابن ثوبان سے کہا اُسنے حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن فضل نے
عبد الرحمن بن ہرمز الاعرج سے اُسنے ابو ہریرہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو میں دو دو دفعہ پانی بہایا۔ کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہے۔ نہیں پہچانتے
ہم اسکو مگر حدیث ابن ثوبان سے جو راوی ہے عبد اللہ بن فضل سے اور یہی اسناد حسن صحیح ہے۔ اور اس باب میں جابر سے روایت ہے اور تحقیق روایت کیگئی ہے ابو ہریرہ
سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا تین تین دفعہ **باب** اس بیان میں کہ وضو میں تین تین دفعہ پانی بہانے کی بابت آیا ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث
کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے سفیان سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے ابی حیہ سے اُسنے علیؓ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو میں تین تین دفعہ پانی بہایا۔ اور اس باب
میں عثمان اور ربیع اور ابن عمر اور عائشہ اور ابی امامہ اور ابی رافع اور عبد اللہ بن عمرو اور معاویہ اور ابوہریرہ اور جابر اور عبد اللہ بن زید اور ابی ذر سے روایت ہے کہا
ابو عیسیٰ نے اس باب میں حدیث علی کی سب سے حسن صحیح ہے۔ اور عام اہل علم کا عمل اسی پر ہے کہ وضو میں ایک ایک دفعہ پانی بہانا کافی ہے اور دو دو دفعہ افضل ہے اور سب سے افضل
تین دفعہ اور نہیں ہے پیچھے اسکے کوئی شے اور کہا ابن المبارک نے اگر کوئی وضو میں تین دفعہ سے زیادتی کرے تو میں اسکے گنہگار ہونے سے بے غم نہیں ہوں اور کہا احمد اور اسحاق نے
تین مرتبہ سے کوئی زیادتی نہیں کرتا مگر جنونی۔ **باب** اس بیان میں کہ وضو میں ایک دفعہ اور دو دو اور تین تین دفعہ پانی بہانے کی بابت آیا ہے۔ **حدیث**

اسماعیل بن موسی الفزاری نا شریک عن ثابت بن ابی صفیة قال قلت لابی جعفر حدثک جابر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم توضأ مرة مرة و مرتین مرتین وثلثا ثلثا قال نعم **قال** ابوعیسی وروی وکیع ھذا الحدیث عن ثابت بن ابی صفیة قال قلت لابی جعفر حدثک جابر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم توضأ مرة مرة قال نعم حدثنا بذلک ھناد وقتیبة قالا نا وکیع عن ثابت وھذا اصح من حدیث شریک لانہ قد روی من غیر ھذا عن ثابت نحو روایة وکیع وشریک کثیر الغلط وثابت بن ابی صفیة ھو ابوحمزة الثمالی **باب** فیمن توضأ بعض وضوئہ مرتین وبعضہ ثلاثا **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان بن عیینة عن عمرو بن یحیی عن ابیہ عن عبداللہ بن زید ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم توضأ فغسل وجہہ ثلاثا وغسل یدیہ مرتین مرتین ومسح براسہ وغسل رجلیہ **قال** ابوعیسی ھذا حدیث حسن صحیح وقد ذکر فی غیر حدیث ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم توضأ بعض وضوئہ مرة وبعضہ ثلاثا وقد رخص بعض اھل العلم فی ذلک لم یروا باسا ان یتوضأ الرجل بعض وضوئہ ثلثا وبعضہ مرتین او مرة **باب** فی وضوء النبی صلی اللہ علیہ وسلم کیف کان **حدثنا** قتیبة وھناد قالا نا ابوالاحوص عن ابی اسحاق عن ابی حیة قال رأیت علیا توضأ فغسل کفیہ حتی انقاھما ثم مضمض ثلاثا واستنشق ثلاثا وغسل وجہہ ثلاثا وذراعیہ ثلاثا ومسح براسہ مرة ثم غسل قدمیہ الی الکعبین ثم قام فاخذ فضل طھورہ فشربہ وھو قائم ثم قال احببت ان اریکم کیف کان طھور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وفی الباب عن عثمان وعبداللہ بن زید وابن عباس وعبداللہ بن عمرو وعائشة والربیع وعبداللہ بن انیس **حدثنا** قتیبة وھناد قالا نا ابوالاحوص عن ابی اسحاق عن عبد خیر ذکر عن علی مثل حدیث ابی حیة الا ان عبد خیر قال کان اذا فرغ من طھورہ اخذ من فضل طھورہ بکفہ فشربہ **قال** ابوعیسی حدیث علی رواہ ابواسحاق الھمدانی عن ابی حیة وعبد خیر والحارث عن علی وقد رواہ زائدة بن قدامة وغیر واحد عن خالد بن علقمة عن عبد خیر عن علی حدیث الوضوء بطولہ وھذا حدیث حسن صحیح

کہی ہمسے اسماعیل بن موسیٰ فزاری نے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے ثابت بن ابی صفیہ سے کہا اُسنے کہا مینے جعفر سے کیا حدیث کی ہی تجھے جابر نے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو مین ایک ایک اور دو دو اور تین تین دفعہ پانی بہایا۔ کہا اُسنے ہان کہا ابوعیسیٰ نے اور روایت کیا ہی اِس حدیث کو وکیع نے ثابت بن ابی صفیہ سے کہا ثابت نے کہا مینے واسطے ابی جعفر کے کیا حدیث کی ہی تجھے جابر نے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو مین ایک ایک دفعہ پانی بہایا کہا اُسنے ہان حدیث کی ہمسے ساتھ اِسکے ہناد اور قتیبہ نے۔ کہا انہون نے حدیث کی ہمسے وکیع نے ثابت سے اور شریک کی حدیث سے صحیح ہی۔ اسلیئے کہ روایت کیگئی ہی یہ حدیث کئی وجہ سے ثابت سے مثل روایت وکیع کے۔ اور شریک کثیر الغلط آدمی ہی۔ اور ثابت بن ابی صفیہ وہ ابوحمزہ ثمالی ہی۔ **باب** اِس بیان مین کہ جسنے بعض اعضا کو دو دو مرتبہ دہویا اور بعض کو تین تین مرتبہ۔ **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے عمر بن یحییٰ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عبداللہ بن زید سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا پس مُنھہ اپنے کو تین دفعہ دہویا اور ہاتھہ اپنے کو دو دو دفعہ دہویا۔ اور سر کو مسح کیا۔ اور پاؤن کو دہویا۔ کہا ابوعیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ اور اِس حدیث کے سوا اور جگہہ مذکور ہوا ہی۔ یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض اعضا کو دو مرتبہ دہویا اور بعض کو تین مرتبہ اور تحقیق رخصت دی ہے بعض اہل علم نے بیچ اِسکے۔ اور انہون نے اِسمین کچھہ خوف نہین سمجھا کہ آدمی بعض اعضاء وضو کو تین مرتبہ دہوئے اور بعض کو دو یا ایک **باب** نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وضو مین کہ کسطرح تھا **حدیث** کی ہمسے قتیبہ اور ہناد نے کہا دونون نے حدیث کی ہمسے ابوالاحوص نے ابی اسحاق سے اُسنے ابی حیہ سے کہا اُسنے مینے حضرت علی رض کو وضو کرتے دیکھا سو اُسنے دونون ہاتھون کو دہویا۔ تاکہ اُنکو صاف کیا۔ پہر تین بار کُلی کی اور تین بار ناک مین پانی ڈالا۔ اور تین بار مُنھہ کو دہویا۔ اور تین بار کہنیون کو اور سر پر ایک بار مسح کیا پہر دونون پاؤن کو ٹخنون تک دہویا۔ پہر کھڑا ہوا اور وضو کا بچا ہوا پانی پکڑا اور اُسکو کھڑے ہو کر پیا پہر کہا مینے دوست رکھا تھا کہ تمکو دکھلاؤن کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا وضو کسطرح تھا۔ اور اِس باب مین روایت ہی عثمان اور عبداللہ بن زید اور ابن عباس اور عبداللہ بن عمرو اور عائشہ اور ربیع اور عبداللہ بن انیس سے رضی اللہ عنہم **حدیث** کی ہمسے قتیبہ اور ہناد نے کہا دونون نے حدیث کی ہمسے ابوالاحوص نے ابی اسحاق سے اُسنے عبد خیر سے ذکر کیا اُسنے علی سے مثل حدیث ابی حیہ کے مگر عبد خیر نے کہا ہی کہ جب حضرت علی رض وضو سے فارغ ہوتے تو اپنے وضو کا بچا پانی اپنے ہاتھ سے پکڑتے پہر اُسکو پی لیتے۔ کہا ابوعیسیٰ نے علی کی حدیث کو ابو اسحاق ہمدانی نے ابی حیہ اور عبد خیر سے روایت کیا ہی۔ اور حارث نے علی رض سے۔ اور روایت کیا زائدہ بن قدامہ نے اور کئی اور لوگون نے خالد بن علقمہ سے اُسنے عبد خیر سے اُسنے علی رض سے وضو کی حدیث کو بطولہ۔ اور یہ حدیث حسن صحیح ہی

وروی شعبة هذا الحدیث عن خالد بن علقمة فاخطأ فی اسمه واسم ابیه فقال مالك بن عرفطة وروی عن ابی عوانة عن خالد بن علقمة عن عبد خیر عن علی وروی عنه عن مالك بن عرفطة مثل روایة شعبة والصحیح خالد بن علقمة **باب** فی النضح بعد الوضوء **حدثنا** نصر بن علی واحمد بن ابی عبید الله السلمی البصری قالا نا ابو قتیبة سلم بن قتیبة عن الحسن بن علی الهاشمی عن عبد الرحمن عن ابی هریرة ان النبی صلی الله علیه وسلم قال جاءنی جبریل فقال یا محمد اذا توضأت فانتضح **قال** ابو عیسی هذا حدیث غریب وسمعت محمدا یقول الحسن بن علی الهاشمی منکر الحدیث وفی الباب عن ابی الحکم بن سفیان وابن عباس وزید بن حارثة وابی سعید وقال بعضهم سفیان بن الحکم او الحکم بن سفیان واضطربوا فی هذا الحدیث **باب** فی اسباغ الوضوء **حدثنا** علی بن حجر نا اسماعیل بن جعفر عن العلاء بن عبد الرحمن عن ابیه عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال الا ادلکم علی ما یمحو الله به الخطایا ویرفع به الدرجات قالوا بلی یا رسول الله **قال** اسباغ الوضوء علی المکاره وکثرة الخطا الی المساجد وانتظار الصلوة بعد الصلوة فذلکم الرباط **حدثنا** قتیبة قال حدثنا عبد العزیز بن محمد عن العلاء نحوه وقال قتیبة فی حدیثه فذلکم الرباط فذلکم الرباط فذلکم الرباط ثلثا وفی الباب عن علی وعبد الله بن عمرو وابن عباس وعبیدة ویقال عبیدة بن عمرو وعائشة وعبد الرحمن بن عائش وانس **قال** ابو عیسی حدیث ابی هریرة حدیث حسن صحیح والعلاء بن عبد الرحمن هو ابن یعقوب الجهنی وهو ثقة عند اهل الحدیث **باب** المندیل بعد الوضوء **حدثنا** سفیان بن وکیع نا عبد الله بن وهب عن زید بن حباب عن ابی معاذ عن الزهری عن عروة عن عائشة قالت کانت لرسول الله صلی الله علیه وسلم خرقة ینشف بها بعد الوضوء وفی الباب عن معاذ بن جبل

اور شعبہ نے اس حدیث کو خالد بن علقمہ سے روایت کیا ہے سو اُسنے اُسکے نام اور اُسکے باپ کے نام میں غلطی کی ہے اور کہا اُسنے مالک بن عرفطہ اور روایت کی گئی ہے ابی عوانہ سے اُسنے خالد بن علقمہ سے اُسنے عبد خیر سے اُسنے علی رضی سے۔ اور روایت کی گئی ہے ابی عوانہ سے اُسنے مالک بن عرفطہ سے مثل روایت شعبہ کے۔ اور صحیح خالد بن علقمہ ہی ہے **باب** بعد وضو کے ازار پر پانی چھڑکنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی اور احمد بن ابی عبید اللہ سلمی بصری نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے ابو قتیبہ یعنی سلم بن قتیبہ نے حسن بن علی ہاشمی سے اُسنے عبد الرحمن سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرے پاس جبریل علیہ السلام آیا اور کہنے لگا اے محمد جب تو وضو کرے تو ازار پر پانی چھڑک[2] کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث غریب ہے اور سُنا میں نے محمد سے کہ کہتا ہے حسن بن علی ہاشمی منکر الحدیث ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی الحکم بن سفیان اور ابن عباس اور زید بن حارثہ اور ابی سعید سے رضی اللہ عنہم۔ اور کہا بعض نے سفیان بن حکم یا حکم بن سفیان۔ اور انہوں نے اس حدیث کین (طریق سفیان سے) اضطراب جانا ہے۔ **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن جعفر نے علا ابن عبد الرحمن سے اُسنے ابیہ ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا میں تمکو اس بات پر دلالت نہ کروں جس سے اللہ تعالیٰ گناہ محو کر دیتا ہے اور درجے بلند کرتا ہے کہا انہوں نے کیوں نہیں یا رسول اللہ۔ فرمایا آپنے تکلیف میں کامل کرنا وضو کا[3]۔ اور مسجدوں کی طرف بہت قدم چلنے۔ اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کا انتظار کرنا۔ پس یہ رباط ہے۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے علاء سے مثل اُسکی۔ اور کہا قتیبہ نے اپنی حدیث میں یہ رباط ہے یہ رباط ہے یہ رباط ہے تین بار۔ اور اس باب میں روایت ہے علی اور عبد اللہ بن عمرو اور ابن عباس اور عبیدہ (اور کہا گیا ہے عبیدہ بن عمرو) اور عائشہ اور عبد الرحمن بن عائش اور انس سے رضی اللہ عنہم۔ کہا ابو عیسےٰ نے حدیث ابو ہریرہ کی حسن صحیح ہے۔ اور علاء ابن عبد الرحمن یہ بیٹا یعقوب جہنی کا ہے۔ اور یہ اہل حدیث کے نزدیک ثقہ ہے۔ **باب** وضو کے بعد رومال کے استعمال کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن وہب نے زید بن حباب سے اُسنے ابی معاذ سے اُسنے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے کہ کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک کپڑا تھا جس سے بعد وضو کے صفائی کیا کرتے تھے اور اس باب میں روایت ہے معاذ بن جبل سے

[1] یعنی ابی عوانہ سے یہ روایت دو طریق سے مروی ہے ایک طریق خالد بن علقمہ سے دوسرے طریق مالک بن عرفطہ سے مثل روایت شعبہ کی مگر صحیح خالد بن علقمہ ہے ۱۲ [2] یعنی تھوڑا سا پانی لیکر بعد وضو کے ازار پر چھڑکا جاوے تاکہ وسواس جو پیدا ہوتے ہیں دور ہو جاویں ۔ [3] اسباغ تین قسم ہے ایک فرض وہ یہ ہے کہ ایک بار پورے ان اعضا پر پانی بہانا جنپر پانی ڈالنا فرض ہے دوسرا سنت کہ ہر ایک عضو کا تین تین بار دھو تا تیسرا مستحب کہ جسقدر دھونے کی حد ہے اس سے آگے بڑھا کر دھو تا مثلاً ہاتھوں کو کہنیوں تک دھونا۔ رباط کے معنی ملک کی سرحد پر حفاظت ملک کے لیے ٹھہرنے کے ہیں اسجگہ ملک کی حفاظت کرنے میں اسقدر درجہ ملتا ہے کہ مثلاً چوری معاف ہو جاتی ہے یعنی حق العباد سوا اس نوکری کے اور کسی نوکری کے الہی میں معاف نہیں ہوتے حتیٰ کہ توبہ سے بھی حق العباد معاف نہیں ہوتے۔ اسجگہ ایکبارات حفاظت کرنے سے حق العباد معاف ہو جاتے ہیں آپنے فرمایا ہے کہ تکلیف میں وضو کرنا خواہ تکلیف سردی کی ہو یا کسی اور قسم کی اور مسجد کی طرف دور سے چلکر آنا اور ایک نماز کے بعد دوسری نماز کی انتظاری کرنی گویا رباط ہے

حدثنا قتیبة قال حدثنا رشدین بن سعد عن عبد الرحمن بن زیاد بن انعم عن عتبة بن حمید عن عبادة بن نسی عن عبد الرحمن بن غنم عن معاذ بن جبل قال رأیت رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا توضأ مسح وجهه بطرف ثوبه **قال** ابو عیسی هذا حدیث غریب و اسناده ضعیف و رشدین بن سعد وعبد الرحمن بن زیاد بن انعم الافریقی یضعفان فی الحدیث **قال** ابو عیسی حدیث عائشة لیس بالقائم ولا یصح عن النبی صلی الله علیه وسلم فی هذا الباب شیئ وابو معاذ یقولون هو سلیمان بن ارقم وهو ضعیف عند اهل الحدیث وقد رخص قوم من اهل العلم من اصحاب رسول الله صلی الله علیه وسلم ومن بعدهم فی المندیل بعد الوضوء ومن کرهه انما کرهه من قبل انه قیل ان الوضوء یوزن وروی ذلک عن سعید بن المسیب والزهری **حدثنا** محمد بن حمید قال حدثنا جریر قال حدثنیه علی بن مجاهد عنی وهو عندی ثقة عن ثعلبة عن الزهری قال انما اکره المندیل بعد الوضوء لان الوضوء یوزن **باب** ما یقال بعد الوضوء **حدثنا** جعفر بن محمد بن عمران الثعلبی الکوفی نا زید بن حباب عن معاویة بن صالح عن ربیعة بن یزید الدمشقی عن ابی ادریس الخولانی وابی عثمان عن عمر بن الخطاب قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من توضأ فاحسن الوضوء ثم قال اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شریک له واشهد ان محمدا عبده ورسوله اللهم اجعلنی من التوابین واجعلنی من المتطهرین فتحت له ثمانیة ابواب من الجنة یدخل من ایها شاء وفی الباب عن انس وعقبة بن عامر **قال** ابو عیسی حدیث عمر قد خولف زید بن حباب فی هذا الحدیث روی عبد الله بن صالح وغیره عن معاویة بن صالح عن ربیعة بن یزید عن ابی ادریس عن عقبة بن عامر عن عمر وعن ابی عثمان عن جبیر بن نفیر عن عمر وهذا حدیث فی اسناده اضطراب ولا یصح عن رسول الله صلی الله علیه وسلم فی هذا الباب کثیر شیئ قال محمد ابو ادریس لم یسمع من عمر شیئا **باب** الوضوء بالمد **حدثنا** احمد بن منیع وعلی بن حجر قالا انا اسماعیل بن علیة عن ابی ریحانة عن سفینة ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یتوضأ بالمد ویغتسل بالصاع وفی الباب عن عائشة وجابر وانس بن مالک **قال** ابو عیسی حدیث

حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے رشدین بن سعد نے عبد الرحمن بن زیاد بن انعم سے انہوں نے عتبہ بن حمید سے انہوں نے عبادہ بن نسی سے انہوں نے عبد الرحمن بن غنم سے انہوں نے معاذ بن جبل سے کہا انہوں نے میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ جب وضو کرتے تو منہہ مبارک کو کپڑے کی ایک طرف سے صاف کرتے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہے اور سند اسکی ضعیف ہے اور رشدین بن سعد اور عبد الرحمن بن زیاد بن انعم افریقی دونو حدیث میں ضعیف ہیں کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عائشہ کی مستحکم نہیں ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس باب میں کوئی روایت صحیح نہیں ہوئی۔ اور ابو معاذ کو لوگ کہتے ہیں کہ یہ سلیمان بن ارقم ہے اور وہ اہل حدیث کے نزدیک ضعیف ہے اور ایک قوم نے اہل علم سے جو آنحضرت کے صحابہ اور من بعدہم سے ہیں رومال میں بعد وضو کے رخصت دی ہے اور جسنے مکروہ جانا ہے اُسنے اسلیے مکروہ جانا ہے کہ کہا گیا ہے کہ وضو قیامت کے روز وزن کیا جائیگا۔ اور مروی ہے یہ سعید بن مسیب اور زہری سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے جریر نے کہا حدیث کی مجھسے علی بن مجاہد نے اپنے پاس سے اور یہ شخص میرے نزدیک ثقہ ہے اُسنے ثعلبہ سے اُسنے زہری سے کہ کہا اُسنے میں رومال کو بعد وضو کے اسلیے مکروہ جانتا ہوں کہ وضو قیامت کے روز وزن کیا جائیگا **باب** بعد وضو کے کیا دعا پڑہی جائے **حدیث** کی ہمسے جعفر بن محمد بن عمران ثعلبی کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے معاویہ بن صالح سے اُسنے ربیعہ بن یزید دمشقی سے اُسنے ابی ادریس خولانی اور ابی عثمان سے انہوں نے عمر بن الخطاب سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے وضو کیا اور اچھی طرح سے وضو کیا پھر کہا اُسنے میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی لائق عبادت کی سوائے اللہ کے جو اکیلا ہے اُسکا شریک کوئی نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ محمد بندہ اسکا ہے اور رسول اسکا۔ الٰہی کر مجھے رجوع ہونیوالوں سے اور کر مجھے پاک ہونیوالوں سے تو اُسکے واسطے آٹھوں دروازے جنت کے کھلجاتے ہیں جس سے چاہے داخل ہو وے اور اس باب میں روایت ہے انس اور عقبہ بن عامر سے رضی اللہ عنہما کہا ابو عیسیٰ نے عمر کی حدیث میں زید بن حباب کیوجہ سے اس حدیث میں اختلاف کیا گیا ہے۔ روایت کی ہے عبد اللہ بن صالح وغیرہ نے معاویہ بن صالح سے اُسنے ربیعہ بن یزید سے اُسنے ابی ادریس سے اُسنے عقبہ بن عامر سے اُسنے عمر سے۔ اور روایت ہے ابی عثمان سے اُسنے جبیر بن نفیر سے اُسنے عمر سے۔ اور اس حدیث کی سند میں اضطراب ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ زیادہ چیز اس باب میں صحیح نہیں ہوئی اور کہا محمد نے ابو ادریس نے حضرت عمر سے کچھ نہیں سُنا۔ **باب** ایک مد سے وضو کرنیکے بیان میں **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع اور علی بن حجر نے کہا انہوں نے حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن علیہ نے ابی ریحانہ سے اُسنے سفینہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک مد کے ساتھ وضو کیا کرتے تھے اور ایک صاع سے غسل کرتے تھے اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور جابر اور انس بن مالک رضی اللہ عنہم سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث

ف جب اسکا وزن ہوتا ہے تو پھر اسکو خود خشک کرنا نہیں چاہیے۔ یہ رائے فقط سعید بن المسیب اور زہری کی ہی ہے اکثر اہل علم اسطرف گئے ہیں کہ رومال سے اعضا کا صاف کرنا درست ہے بخاری میں روایت ہے کہ آپ کے پاس بعد غسل کرنے کے رومال لایا گیا آپ نے نہ لیا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عموماً عادت آنحضرت اور صحابہ کی یہی تھی کہ بعد نہانے کے بدن کو صاف کیا کرتے تھے اسی واسطے آپکے پیش کیا گیا تھا اور اس بار نہ لینے کی کوئی خاص وجہ ہوگی

سفينة حديث حسن صحيح وابو ريحانة اسمه عبد الله بن مطر وهكذا رأى بعض اهل العلم الوضوء بالمد والغسل بالصاع وقال الشافعي واحمد واسحاق ليس معنى هذا الحديث على التوقيت انه لا يجوز اكثر منه ولا اقل منه وهو قدر ما يكفي **باب** كراهية الاسراف في الوضوء حدثنا محمد بن بشار نا ابو داود نا خارجة بن مصعب عن يونس بن عبيد عن الحسن عن عتي بن ضمرة السعدي عن ابي بن كعب عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ان للوضوء شيطانا يقال له الولهان فاتقوا وسواس الماء وفي الباب عن عبد الله بن عمرو وعبد الله بن مغفل **قال** ابو عيسى حديث ابي بن كعب حديث غريب وليس اسناده بالقوي عند اهل الحديث لانا لا نعلم احدا اسنده غير خارجة وقد روي هذا الحديث من غير وجه عن الحسن قوله ولا يصح في هذا الباب عن النبي صلى الله عليه وسلم شيء وخارجة ليس بالقوي عند اصحابنا وضعفه ابن المبارك **باب** الوضوء لكل صلوة حدثنا محمد بن حميد الرازي نا سلمة بن الفضل عن محمد بن اسحاق عن حميد عن انس ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يتوضأ لكل صلوة طاهرا او غير طاهر قال قلت لانس فكيف كنتم تصنعون انتم قال كنا نتوضأ وضوءا واحدا قال ابو عيسى حديث انس حديث حسن غريب والمشهور عند اهل الحديث حديث عمرو بن عامر عن انس وقد كان بعض اهل العلم يرى الوضوء لكل صلوة استحبابا لا على الوجوب حدثنا محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد وعبد الرحمن بن مهدي قالا نا سفيان بن سعيد عن عمرو بن عامر الانصاري قال سمعت انس بن مالك يقول كان النبي صلى الله عليه وسلم يتوضأ عند كل صلوة قلت فانتم ما كنتم تصنعون قال كنا نصلي الصلوات كلها بوضوء واحد ما لم نحدث **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح وقد روي في حديث عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال من توضأ على طهر كتب الله له عشر حسنات وروى هذا الحديث الافريقي عن ابي غطيف عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم حدثنا بذلك الحسين بن حريث المروزي نا محمد بن يزيد الواسطي عن الافريقي وهو اسناد ضعيف قال علي قال يحيى بن سعيد القطان ذكر لهشام بن عروة هذا الحديث فقال هذا اسناد مشرقي **باب** ما جاء انه يصلي الصلوات بوضوء واحد حدثنا

سفینہ کی حسن صحیح ہے اور ابو ریحانہ کا نام عبد اللہ بن مطر ہے اور اسیطرح بعض اہل علم کا مذہب ہے کہ وضو ساتھ مد کے ہے اور غسل ساتھ صاع کے۔ اور کہا شافعی اور احمد اور اسحٰق نے مراد اس حدیث سے تعیین نہیں کہ اس سے زیادہ اور کم جائز نہ ہو اور وہ پانی اسقدر چاہیے کہ کافی ہو جاوے **باب** وضو میں اسراف کی کراہت کا بیان حدیث کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہم سے ابو داؤد نے کہا حدیث کی ہم سے خارجہ بن مصعب نے یونس بن عبید سے وہ حسن سے وہ عتی بن ضمرہ سعدی سے وہ ابی بن کعب سے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپ نے بیشک وضو کے لیے ایک شیطان ہے جو نام اسکا ولہان ہے سو تم پانی کے وسواس سے بچو۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن عمرو اور عبد اللہ بن مغفل سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابی بن کعب کی غریب ہے اور اہل حدیث کے نزدیک سند اسکی قوی نہیں کیونکہ ہم نہیں جانتے کہ سوائے خارجہ کے کسی اور نے اسکو مسند کیا ہو۔ اور کئی وجہ سے یہ حدیث حسن سے قول اسکا روایت کیا گیا ہے اور اس باب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی روایت صحیح نہیں ہوئی اور خارجہ نزدیک ہمارے اصحاب کے قوی نہیں ہے اور ضعیف کیا ہے اسکو ابن مبارک نے **باب** ہر ایک نماز کے لیے وضو کرنیکے بیان میں حدیث کی ہم سے محمد بن حمید رازی نے کہا حدیث کی ہم سے سلمہ بن فضل نے محمد بن اسحٰق سے انہوں نے حمید سے انہوں نے انس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہر ایک نماز کے لیے وضو کرتے تھے خواہ طاہر ہوں یا غیر طاہر۔ کہا حمید نے میں نے انس سے کہا تم کسطرح کیا کرتے تھے کہا انہوں نے ہم ایک ہی وضو کیا کرتے تھے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث انس کی حسن غریب ہے اور مشہور اہلحدیث کے نزدیک حدیث عمرو بن عامر کی ہے جو انس سے مروی ہے۔ اور بعض اہل علم ہر نماز کے لیے بطور استحباب کے نیا وضو کرنا کہتے ہیں نہ بطور وجوب کے حدیث کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہم سے یحییٰ بن سعید اور عبد الرحمن بن مہدی نے کہا دونوں نے حدیث کی ہم سے سفیان بن سعید نے عمرو بن عامر انصاری سے کہا سنا میں نے انس بن مالک سے کہ کہتا نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہر ایک نماز کے واسطے نیا وضو کرتے تھے میں نے انس سے کہا تم لوگ کسطرح کیا کرتے تھے کہا انہوں نے ہم تمام نمازیں ایک وضو سے پڑھا کرتے تھے جبتک بے وضو نہوں کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ایک حدیث میں ابن عمر نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے کہ فرمایا آپ نے جو شخص طہارت پر وضو کرے تو اللہ تعالیٰ اسکے لیے دس نیکیاں لکھتا ہے روایت کیا اس حدیث کو افریقی نے ابی غطیف سے انہوں نے ابن عمر سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث کی ہم سے ساتھ اسکے حسین بن حریث مروزی نے کہا حدیث کی ہم سے محمد بن یزید واسطی نے افریقی سے اور یہ سند ضعیف ہے کہا علی نے کہا یحییٰ بن سعید قطان نے ہشام بن عروہ کے پاس یہ حدیث ذکر کی گئی تو انہوں نے کہا یہ سند مشرقی ہے **باب** اس بیان میں کہ آنحضرت تمام نمازیں ایک وضو سے پڑھا کرتے تھے حدیث کی ہم سے

ف۱ ولہان مصدر ولہ سے معنے اسکے حیرانگی کے ہیں چونکہ اس شیطان کو وسواس کی بہت حرص ہوتی ہے اور بسبب شدت محبت اس حرص کے حیران ہوتا ہے اسلیے اسکو ولہان بولتے ہیں یا اسلیے کہ آدمیوں کو وسواس ڈالکر حیران کر دیتا ہے حتی کہ وہ نہیں سمجھتا کہ اعضا کو پانی پہونچا ہے یا نہیں اور گیا ایک ہی بار میں پانی بہایا ہے یا زیادہ اور کیا ابھی پورے طور سے طہارت ہوئی ہے یا نہیں۔ اسیطرح کئی وسواس ڈالتا ہے ف۲ یعنے اگر ہمارا وضو ہوتا تو پھر ہم دوبارہ وضو نہ کرتے تھے اسی پر کفایت کرتے تھے برخلاف آنحضرت کے کہ وہ ہر حالت میں خواہ وضو ہو یا نہو ہر ایک نماز کے واسطے نیا وضو کرتے تھے مگر نقل کی آئیگا کہ آنحضرت کا یہ حال ابتدا میں تھا بعد اسکے ایک ہی وضو سے آپ نے تمام نمازیں ادا کیں ف۳ یعنی اہل مدینہ نے اسکو روایت نہیں کیا بلکہ اہل مشرق نے یعنی کوفیوں اور بصریوں نے اور جب فقط یہی لوگ راوی ہوئے اور اہل مدینہ سے کوئی اسکا راوی نہیں ہوا جو کہ معدن علم کے سمجھے جاتے ہیں تو کیونکر مقبول ہوگی ۱۲

حدثنا محمد بن بشار نا عبد الرحمن ابن مهدی عن سفیان عن علقمة بن مرثد عن سلیمان بن بریدة عن ابیه قال کان النبی صلی الله علیه وسلم یتوضأ لکل صلوة فلما کان عام الفتح صلی الصلوات کلها بوضوء واحد ومسح علی خفیه فقال عمر انک فعلت شیئا لم تکن فعلته قال عمدا فعلته قال ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وروی هذا الحدیث علی بن قادم عن سفیان الثوری وزاد فیه توضأ مرة مرة وروی سفیان الثوری هذا الحدیث ایضا عن محارب بن دثار عن سلیمان بن بریدة ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یتوضأ لکل صلوة ورواه وکیع عن سفیان عن محارب عن سلیمان بن بریدة عن ابیه ورواه عبد الرحمن ابن مهدی وغیره عن سفیان عن محارب بن دثار عن سلیمان بن بریدة عن النبی صلی الله علیه وسلم مرسل وهذا اصح من حدیث وکیع والعمل علی هذا عند اهل العلم انه یصلی الصلوات بوضوء واحد ما لم یحدث وکان بعضهم یتوضأ لکل صلوة استحبابا وارادة الفضل ویروی عن الافریقی عن ابی غطیف عن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال من توضأ علی طهر کتب الله له به عشر حسنات وهذا اسناد ضعیف وفی الباب عن جابر بن عبد الله ان النبی صلی الله علیه وسلم صلی الظهر والعصر بوضوء واحد

باب فی وضوء الرجل والمرأة من اناء واحد حدثنا ابن ابی عمر نا سفیان ابن عیینة عن عمرو بن دینار عن ابی الشعثاء عن ابن عباس قال حدثتنی میمونة قالت کنت اغتسل انا ورسول الله صلی الله علیه وسلم من اناء واحد من الجنابة قال ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وهو قول عامة الفقهاء ان لا باس ان یغتسل الرجل والمرأة من اناء واحد وفی الباب عن علی وعائشة وانس وام هانی وام صبیة وام سلمة وابن عمر وابو الشعثاء اسمه جابر بن زید

باب کراهیة فضل طهور المرأة حدثنا محمود بن غیلان نا وکیع عن سفیان عن سلیمان التیمی عن ابی حاجب عن رجل من بنی غفار قال نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن فضل طهور المرأة وفی الباب عن عبد الله بن سرجس قال ابو عیسی وکره بعض الفقهاء الوضوء بفضل طهور المرأة وهو قول احمد واسحاق کرها فضل طهورها ولم یریا بفضل سؤرها باسا حدثنا محمد بن بشار ومحمود بن غیلان قالا نا ابو داود عن شعبة عن عاصم قال سمعت ابا حاجب یحدث عن الحکم بن عمرو الغفاری

محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن مہدی نے سفیان سے اُسنے علقمہ بن مرثد سے اُسنے سلیمان بن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہ کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہر ایک نماز کے لیے نیا وضو کرتے تھے پھر جب فتح مکہ کا برس پہونچا تو آپنے نمازیں ایک وضو سے پڑھیں اور موزوں پر مسح کیا سو حضرت عمرؓ نے کہا آپنے ایسا کام کیا ہے جو آگے کبھی آپ نے نہیں کیا تھا فرمایا آپ نے میں نے یہ کام جان بوجھکر کیا ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیا اس حدیث کو علی بن قادم نے سفیان ثوری سے اور زیادہ کیا اُسنے اس حدیث میں کہ آپ نے ایک ایک بار وضو کیا۔ اور نیز سفیان ثوری نے یہ حدیث محارب بن دثار سے روایت کی ہے اُسنے سلیمان بن بریدہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہر ایک نماز کے لیے نیا وضو کرتے تھے اور روایت کیا اسکو وکیع نے سفیان سے اُسنے محارب سے اُسنے سلیمان بن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے۔ اور روایت کیا عبد الرحمٰن بن مہدی وغیرہ نے سفیان سے اُسنے محارب بن دثار سے اُسنے سلیمان بن بریدہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے (مگر یہ) مرسل ہے اور یہ مرسل صحیح ہے حدیث وکیع سے اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے کہ آنحضرتؐ تمام نمازیں ایک وضو سے پڑھا کرتے تھے جب تک کہ بے وضو نہوتے اور بعض انمیں سے ہر ایک نماز کے واسطے بطور استحباب کے اور واسطے حاصل کرنے فضیلت کے نیا وضو کرتے تھے اور روایت کیگئی ہے افریقی سے اُسنے روایت کی ابی غطیف سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے جو شخص طہارت پر وضو کرے تو اللہ تعالیٰ اسکے واسطے دس نیکیاں لکھتا ہے اور یہ اسناد ضعیف ہے اور اس باب میں روایت ہے جابر بن عبد اللہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر اور عصر کی نماز ایک وضو سے پڑھی باب عورت اور مرد کے ایک برتن سے وضو کرنیکے بیان میں ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے عمرو بن دینار سے اُسنے ابی الشعثاء سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے حدیث کی مجھسے میمونہؓ نے کہ کہا اُنہوں نے میں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک برتن سے جنابت کا غسل کرتے تھے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اکثر فقیہوں کا یہ قول ہے کہ عورت اور مرد کا ایک برتن سے غسل کرنے میں کچھ خوف نہیں ہے اور اس باب میں روایت ہے علی اور عائشہ اور انس اور ام ہانی اور ام صبیہ اور ام سلمہ اور ابن عمر رضی اللہ عنہم سے اور ابو الشعثاء کا نام جابر بن زید ہے باب عورت کے بچے ہوئے پانی کی کراہت کے بیان میں۔ حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اُسنے سلیمان تیمی سے اُسنے ابی حاجب سے اُسنے ایک مرد سے جو بنی غفار سے ہے کہ کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورت کے بچے ہوئے پانی سے منع کیا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن سرجس سے کہا ابو عیسیٰ نے بعض فقیہوں نے عورت کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنا مکروہ جانا ہے اور یہی قول ہے احمد اور اسحاق کا کہ انہوں نے عورت کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرنا مکروہ جانا ہے اور اسکے جوٹھے میں کچھ خوف نہیں سمجھا حدیث کی ہمسے محمد بن بشار اور محمود بن غیلان نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے شعبہ سے اُسنے عاصم سے کہا سنا میں نے ابا حاجب سے کہ حدیث کرتا تھا حکم بن عمرو غفاری سے

ف ظاہرا یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ ضمیر دونوں امروں کی طرف راجع ہے یعنی پانچوں کو ایک وضو سے پڑھنا اور موزوں پر مسح کرنا۔ اور یہ درست نہیں کیونکہ اس سے توہم ہوتا ہے کہ موزوں پر مسح کرنا قبل فتح مکہ کے مروج نہ تھا حالانکہ یوں نہیں ہے کیونکہ موزوں پر مسح کرنا قبل فتح مکہ کے ثابت تہا۔ پس ضمیر کو پانچ نمازوں مجموعہ کی طرف جو ایک وضو سے پڑہی جائیں راجع کرنا چاہیے ۱۲ کذا ذکرہ القاری ۱۲ ف۲ مرسل وہ ہے جو تابعی کہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یوں فرمایا ہے یا اسطرح کرتے تھے یعنے صحابی کا نام ذکر نہ کرے اور مرسل ہونا اس حدیث کا صحیح ہے حدیث وکیع سے جو مسند ہے اور مسند وہ ہوتی ہے جسکی سند آنحضرتؐ تک پہونچ جاسے ۱۲

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہی ان یتوضأ الرجل بفضل طہور المرأۃ او قال بسؤرہا قال ابو عیسیٰ ہذا حدیث حسن وابو حاجب اسمہ سوادۃ بن عاصم قال محمد بن بشار فی حدیثہ نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یتوضأ الرجل بفضل طہور المرأۃ ولم یشک فیہ محمد بن بشار باب الرخصۃ فی ذلک حدثنا قتیبۃ نا ابو الاحوص عن سماک بن حرب عن عکرمۃ عن ابن عباس قال اغتسل بعض ازواج النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی جفنۃ فاراد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان یتوضأ منہ فقالت یا رسول اللہ انی کنت جنبا فقال ان الماء لا یجنب قال ابو عیسیٰ ہذا حدیث حسن صحیح وہو قول سفیان الثوری ومالک والشافعی باب ما جاء ان الماء لا ینجسہ شیء حدثنا ہناد والحسن بن علی الخلال وغیر واحد قالوا نا ابو اسامۃ عن الولید بن کثیر عن محمد بن کعب عن عبید اللہ بن عبد اللہ بن رافع بن خدیج عن ابی سعید الخدری قال قیل یا رسول اللہ انتوضأ من بئر بضاعۃ وہی بئر یلقی فیہا الحیض ولحوم الکلاب والنتن فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الماء طہور لا ینجسہ شیء قال ابو عیسیٰ ہذا حدیث حسن وقد جود ابو اسامۃ ہذا الحدیث لم یرو حدیث ابی سعید فی بئر بضاعۃ احسن مما روی ابو اسامۃ وقد روی ہذا الحدیث من غیر وجہ عن ابی سعید وفی الباب عن ابن عباس وعائشۃ باب منہ آخر حدثنا ہناد نا عبدۃ عن محمد بن اسحاق عن محمد بن جعفر بن الزبیر عن عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر عن ابن عمر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہو یسأل عن الماء یکون فی الفلاۃ من الارض وما ینوبہ من السباع والدواب قال اذا کان الماء قلتین لم یحمل الخبث قال محمد بن اسحاق القلۃ ہی الجرار والقلۃ التی یستقی فیہا قال ابو عیسیٰ وہو قول الشافعی واحمد واسحاق قالوا اذا کان الماء قلتین لم ینجسہ شیء ما لم یتغیر ریحہ او طعمہ وقالوا یکون نحوا من خمس قرب

یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے کہ مرد عورت کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرے یا فرمایا آپ نے اسکے جھوٹے سے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے اور ابو حاجب کا نام سوادہ بن عاصم ہے۔ اور کہا محمد بن بشار نے اپنی حدیث میں یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے کہ مرد عورت کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرے اور نہیں شک کیا اس میں محمد بن بشار نے باب اسکی رخصت کے بیان میں حدیث کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے ابو الاحوص نے سماک بن حرب سے اسنے عکرمہ سے اسنے ابن عباس سے کہا اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک بیوی نے تغار میں غسل کیا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے وضو کرنے کا ارادہ کیا سو کہا اس بیوی نے یا رسول اللہ میں تو جنبی تھی پس فرمایا آپ نے پانی جنبی نہیں ہوتا کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور یہی قول ہے سفیان ثوری اور مالک اور شافعی کا باب اس بیان میں کہ پانی کو کوئی چیز نجس نہیں کرتی حدیث کی ہم سے ہناد اور حسن بن علی خلال اور کئی اور لوگوں نے کہا انہوں نے حدیث کی ہم سے ابو اسامہ نے ولید بن کثیر سے اسنے محمد بن کعب سے اسنے عبید اللہ بن عبد اللہ بن رافع بن خدیج سے اسنے ابی سعید خدری سے کہا اسنے کسی نے کہا یا رسول اللہ کیا ہم بیر بضاعہ سے وضو کیا کریں اور یہ ایسا کنواں ہے کہ اس میں حیض کے کپڑے اور کتوں کا گوشت اور بدبودار چیزیں ڈالی جاتی ہیں پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی پاک ہے اسکو کوئی چیز نجس نہیں کرتی کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے اور ابو اسامہ نے اس حدیث کو جید کہا ہے اور کوئی حدیث ابو سعید سے بیر بضاعہ کے باب میں ابو اسامہ کی روایت سے عمدہ روایت نہیں کی گئی ہے۔ اور یہ حدیث کئی وجہ سے بواسطہ ابو سعید کے مروی ہے اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور ابن عباس سے رضی اللہ عنہما باب دوسرا اسی قسم کا حدیث کی ہم سے ہناد نے کہا حدیث کی ہم سے عبدہ نے محمد بن اسحٰق سے اسنے محمد بن جعفر بن زبیر سے اسنے عبید اللہ بن عبد اللہ بن عمر سے اسنے ابن عمر سے کہا اسنے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حالت میں کہ آپ کو اس پانی کی بابت سوال کیا جاتا تھا جو جنگل میدانوں میں ہوتا ہے اور اس پر درندے اور چارپائے حاضر ہوتے ہیں فرمایا آپ نے جب پانی دو قلے ہو تو نجاست کو نہیں اوٹھاتا۔ کہا محمد بن اسحٰق نے قلہ تھلیا ہے اور قلہ وہ ہے جس میں پانی پیا جاتا ہے کہا ابو عیسیٰ نے اور یہ قول شافعی اور احمد اور اسحٰق کا ہے کہا انہوں نے جب پانی دو قلے ہو تو اسکو کوئی چیز نجس نہیں کرتی جب تک کہ اسکی بو اور مزہ متغیر نہو اور کہا انہوں نے دو قلے تقریبا پانچ مشکوں کے برابر ہوتے ہیں۔

باب فی المسح علی الجوربین والنعلین **حدثنا** ھناد ومحمود بن غیلان قالا نا وکیع عن سفیان عن ابی قیس عن ھزیل بن شرحبیل عن المغیرۃ بن شعبۃ قال توضأ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومسح علی الجوربین والنعلین **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح وھو قول غیر واحد من اھل العلم وبہ یقول سفیان الثوری وابن المبارک والشافعی واحمد واسحاق قالوا یمسح علی الجوربین وان لم یکن نعلین اذا کانا ثخینین وفی الباب عن ابی موسی **باب** ماجاء فی المسح علی الجوربین والعمامۃ **حدثنا** محمد بن بشار نا یحیی بن سعید القطان عن سلیمان التیمی عن بکر بن عبد اللہ المزنی عن الحسن عن ابن المغیرۃ بن شعبۃ عن ابیہ قال توضأ النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومسح علی الخفین والعمامۃ قال بکر وقد سمعتہ من ابن المغیرۃ وذکر محمد بن بشار فی ھذا الحدیث فی موضع اخر انہ مسح علی ناصیتہ وعمامتہ وقد روی ھذا الحدیث من غیر وجہ عن المغیرۃ بن شعبۃ وذکر بعضھم المسح علی الناصیۃ والعمامۃ ولم یذکر بعضھم الناصیۃ سمعت احمد بن الحسن یقول سمعت احمد بن حنبل یقول ما رایت بعینی مثل یحیی بن سعید القطان وفی الباب عن عمرو بن امیۃ وسلمان وثوبان وابی امامۃ **قال** ابو عیسی حدیث المغیرۃ بن شعبۃ حدیث حسن صحیح وھو قول غیر واحد من اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم منھم ابو بکر وعمر وانس وبہ یقول الاوزاعی واحمد واسحاق قالوا یمسح علی العمامۃ قال سمعت الجارود بن معاذ یقول سمعت وکیع بن الجراح یقول ان مسح علی العمامۃ یجزئہ للاثر **حدثنا** قتیبۃ بن سعید نا بشر بن المفضل عن عبد الرحمن بن اسحاق عن ابی عبیدۃ بن محمد بن عمار بن یاسر قال سالت جابر بن عبد اللہ عن المسح علی الخفین فقال السنۃ یا ابن اخی وسالتہ عن المسح علی العمامۃ فقال مس الشعر وقال غیر واحد من اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم والتابعین لا یمسح علی العمامۃ الا ان یمسح برأسہ مع العمامۃ وھو قول سفیان الثوری ومالک ابن انس وابن المبارک والشافعی

باب جرابوں اور جوتوں پر مسح کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے ہناد اور محمود بن غیلان نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اُنھوں نے ابی قیس سے اُسنے ہزیل بن شرحبیل سے اُسنے مغیرہ بن شعبہ سے کہ کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اور جرابوں اور جوتوں پر مسح کیا کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ قول ہے کئی ایک اہل علم کا۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے سفیان ثوری اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحٰق کہا انھوں نے جرابوں پر مسح کیا جاوے اگرچہ منعل نہوں بشرطیکہ سخت ہوں اور اس باب میں روایت ہے ابی موسیٰ سے بھی **باب** جرابوں اور پگڑی پر مسح کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن سعید قطان نے سلیمان تیمی سے اُسنے بکر بن عبد اللہ مزنی سے اُسنے حسن سے اُسنے ابن مغیرہ بن شعبہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اور موزوں اور دستار مبارک پر مسح کیا کہا بکر نے سنا مینے ابن مغیرہ سے واسطہ حسن کے سُنا ہے اور محمد بن بشار نے اس حدیث کے دوسری جگہہ میں یہ ذکر کیا ہے کہ آپ نے پیشانی اور دستار مبارک پر مسح کیا اور یہ حدیث کئی اور وجہ سے بھی مغیرہ بن شعبہ سے مروی ہے۔ اور اُنمیں سے بعض نے پیشانی اور دستار پر مسح کرنے کا ذکر کیا ہے اور بعض نے پیشانی کا ذکر نہیں کیا۔ سنا مینے احمد بن حسن سے کہ کہتا سُنا مینے احمد بن حنبل سے کہ کہتا مینے اپنی آنکھوں سے یحییٰ بن سعید قطان کے مثل کوئی نہیں دیکھا۔ اور اس باب میں روایت ہے عمرو بن امیہ اور سلمان اور ثوبان اور ابی امامہ رضی اللہ عنہم سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث مغیرہ بن شعبہ کی حسن صحیح ہے اور یہ قول ہے کئی ایک اہل علم کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے انمیں سے حضرت ابو بکر اور عمر اور انس ہیں اور ساتھ اسی کے کہتا ہے اوزاعی اور احمد اور اسحاق کہ کہا انھوں نے پگڑی پر مسح کیا جاوے کہا اور سُنا مینے جارود بن معاذ سے کہ کہتا سُنا مینے وکیع بن جراح سے کہ کہتا اگر کوئی شخص پگڑی پہ مسح کرے تو اُسکو کافی ہو جاتا ہے کیونکہ حدیث[1] میں ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن مفضل نے عبد الرحمٰن بن اسحاق سے اسنے ابی عبیدہ بن محمد بن عمار بن یاسر سے کہا اُسنے مینے جابر بن عبد اللہ سے موزوں پر مسح کرنے کی بابت سوال کیا کہا اُسنے اے میرے بھتیجے یہ سنت ہے اور سوال کیا مینے اُس سے پگڑی پر مسح کرنے کی بابت تو اُسنے کہا بالوں کو مس کر۔ اور کہا کئی ایک اہل علم صحابہ اور تابعین سے کہ پگڑی پر مسح نہ کیا جاوے مگر یہ پگڑی پر مع سر کے مسح کرے اور یہ قول سفیان ثوری اور مالک بن انس اور ابن مبارک اور شافعی کا

[1] کہا قاضی نے امام مالک اور ابو حنیفہ نے مطلقاً پگڑی پر مسح کرنے سے منع کیا ہے۔ اور سفیان ثوری اور داؤد اور احمد نے فقط پگڑی پر مسح کرنا کافی سمجھا ہے مگر امام احمد نے طہارت پر پگڑی باندھنے کا اعتبار کیا مثل موزوں کے صاحب فتح نے کہا ہے جمہور کا مذہب یہ ہے کہ پیشانی پر مسح کر کے پگڑی پر کامل کرنا چاہیے یعنے پیشانی پر مسح کرکے بعد اُسکے جسقدر تمام حصہ سر سے باقی رہتا ہے وہ پگڑی پر کیا جاوے ایسا ہی مسلم کی روایت دلالت کرتی ہے فقط پگڑی پر مسح کرنا جمہور کے نزدیک جائز نہیں ہے۔ تمامہ الحق الحقیق بالعلیق۔ اور پیشانی پر مسح کرنے سے پہلے حصہ سر کی چوتھائی مراد ہے

حدثنا هناد نا علی بن مسهر عن الاعمش عن الحکم عن عبد الرحمن بن ابی لیلی عن کعب بن عجرة عن بلال ان النبی صلی الله علیه وسلم مسح علی الخفین والخمار **باب** ما جاء فی الغسل من الجنابة **حدثنا** هناد نا وکیع عن الاعمش عن سالم بن ابی الجعد عن کریب عن ابن عباس عن خالته میمونة قالت وضعت للنبی صلی الله علیه وسلم غسلا فاغتسل من الجنابة فاکفأ الاناء بشماله علی یمینه فغسل کفیه ثم ادخل یده فی الاناء فافاض علی فرجه ثم دلك بیده الحائط او الارض ثم مضمض واستنشق وغسل وجهه و ذراعیه فافاض علی راسه ثلثا ثم افاض علی سائر جسده ثم تنحی فغسل رجلیه **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن ام سلمة وجابر وابی سعید وجبیر بن مطعم وابی هریرة **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن هشام بن عروة عن ابیه عن عائشة قالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا اراد ان یغتسل من الجنابة بدأ بغسل یدیه قبل ان یدخلهما الاناء ثم یغسل فرجه ویتوضأ وضوءه للصلوة ثم یشرب شعره الماء ثم یحثی علی راسه ثلث حثیات **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وهذا الذی اختاره اهل العلم فی الغسل من الجنابة انه یتوضأ وضوءه للصلوة ثم یفرغ علی راسه ثلث مرات ثم یفیض الماء علی سائر جسده ثم یغسل قدمیه والعمل علی هذا عند اهل العلم وقالوا ان انغمس الجنب فی الماء ولم یتوضأ اجزأه وهو قول الشافعی واحمد واسحاق **باب** هل تنقض المرأة شعرها عند الغسل **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان عن ایوب بن موسی عن المقبری عن عبد الله بن رافع عن ام سلمة قالت قلت یا رسول الله صلی الله علیه وسلم انی امرأة اشد ضفر راسی افانقضه لغسل الجنابة قال لا انما یکفیك ان تحثی علی راسك ثلاث حثیات من ماء ثم تفیضی علی سائر جسدك الماء فتطهرین او قال فاذا انت قد تطهرت **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اهل العلم ان المرأة اذا اغتسلت من الجنابة فلم تنقض شعرها ان ذلك یجزئها بعد ان تفیض الماء علی راسها **باب** ما جاء ان تحت کل شعرة جنابة **حدثنا** نصر بن علی نا الحارث بن وجیه نا مالك ابن دینار عن محمد بن سیرین عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم

حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن مسہر نے اعمش سے اُسنے حکم سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلے سے اُسنے کعب بن عجرہ سے اُسنے بلال سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے موزون اور خمار[ل] پر مسح کیا۔ باب جنابت کے غسل کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے اعمش سے اُسنے سالم بن ابی الجعد سے اُسنے کریب سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے اپنی خالہ میمونہ سے کہا اُسنے مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے پانی رکھا پس آپ نے جنابت کا غسل کیا سو آپ نے بائین ہاتھ سے دائین پر برتن کو ٹیڑھا کیا اور ہاتھون کو دہویا پہر ہاتھ مبارک کو برتن مین داخل کیا اور آپ نے ذکر پر پانی بہایا۔ پہر ہاتھ مبارک کو دیوار یا زمین پر ملا۔ پہر کلی کی اور ناک مین پانی ڈالا۔ اور منہ اور بازوؤن کو دہویا۔ پہر سر پر تین بار پانی بہایا۔ بعد اسکے تمام جسم پر پانی بہایا۔ پہر ایک طرف ہوئے اور پاؤن کو دہویا۔ کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ اور اس باب مین روایت ہی ام سلمہ اور جابر اور ابی سعید اور جبیر بن مطعم اور ابہریرہ رضی اللہ عنہم سی۔ **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اُسنے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جنابت سے غسل کرنے کا ارادہ کرتے تو ہاتھون کو برتن مین داخل کرنے سے پہلے دہوتے پہر ذکر کو دہوتے اور نماز کے وضو کی طرح وضو کرتے پہر بالون کو پانی پلاتے پہر سر پر تین چلو ڈالتے کہا ابو عیسے نے یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ اور اسی طریق کو اہل علم نے جنابت کے غسل مین اختیار کیا ہی کہ (اولاً) نماز کی طرح وضو کیا جاوے۔ پہر سر پر تین مرتبہ پانی ڈالا جاوے پہر تمام جسم پر پانی بہایا جاوے۔ پہر پاؤن دہوئے جاوین اور اہل علم کے نزدیک عمل اسی پر ہی اور کہا انہون نے اگر جنبی پانی مین غوطہ مارے اور وضو نہ کرے تو اُسکو وہ غسل کافی ہو جاتا ہی۔ اور یہی قول ہی امام شافعی اور احمد اور اسحاق کا **باب** کیا عورت نہانے کے وقت اپنے بالون کو کھولے۔ **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ایوب بن موسے سی اُسنے مقبری سی اُسنے عبد اللہ بن رافع سے اُسنے ام سلمہ سی کہا اُسنے مینے کہا یا رسول اللہ مین عورت ہون اپنے سر کے بالونکو سخت گوندہتی ہون کیا مین اسکو غسل جنابت کے وقت کہول لیا کرون فرمایا آپنے نہین تجہے یہی کافی ہی کہ اپنے سر پر تین چلو پانی کے ڈالے پہر تمام جسم پر پانی بہالے تو پاک ہو جائیگی یا فرمایا آپنے اسوقت تو پاک ہو جائیگی کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور اہل علم کے نزدیک عمل اسی پر ہی کہ عورت جب جنابت کا غسل کرے تو اپنے بالون کو نہ کہولے تو یہ اسکو کافی ہو جاتا ہی بعد اسکے کہ سر پر پانی بہالے۔ باب اس بیان مین کہ ہر ایک بال کے نیچے جنابت ہی۔ **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے حارث بن وجیہ نے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن دینار نے محمد بن سیرین سی اُسنے ابہریرہ سی اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

[ل] خمار کے معنے اوڑھنی کے ہین مگر مراد اس سے عمامہ ہی کیونکہ جیسا مرد اس سے سر ڈھانپتا ہی ایسا ہی عورت اوڑھنی ...

قال تحت كل شعرة جنابة فاغسلوا الشعر وانقوا البشرة وفي الباب عن علي وانس **قال** ابو عيسى حديث الحارث بن وجيه حديث غريب لا نعرفه الا من حديثه وهو شيخ ليس بذلك وقال روى عنه غير واحد من الائمة وقد تفرد بهذا الحديث عن مالك بن دينار ويقال الحارث بن وجيه ويقال ابن وجبة **باب** الوضوء بعد الغسل **حدثنا** اسماعيل بن موسى ثنا شريك عن ابي اسحاق عن الاسود عن عائشة ان النبي صلى الله عليه وسلم كان لا يتوضأ بعد الغسل **قال** ابو عيسى هذا قول غير واحد من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم والتابعين ان لا يتوضأ بعد الغسل **باب** ما جاء اذا التقى الختانان وجب الغسل **حدثنا** ابو موسى محمد ابن المثنى ثنا الوليد بن مسلم عن الاوزاعي عن عبد الرحمن بن القاسم عن ابيه عن عائشة قالت اذا جاوز الختانُ الختانَ وجب الغسل فعلته انا ورسول الله صلى الله عليه وسلم فاغتسلنا وفي الباب عن ابي هريرة وعبد الله بن عمرو ورافع بن خديج **حدثنا** هناد نا وكيع عن سفيان عن علي بن زيد عن سعيد بن المسيب عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا جاوز الختانُ الختانَ وجب الغسل **قال** ابو عيسى حديث عائشة حديث حسن صحيح قال وقد روي هذا الحديث عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم من غير وجه اذا جاوز الختانُ الختانَ وجب الغسل وهو قول اكثر اهل العلم من اصحاب رسول الله صلى الله عليه وسلم منهم ابو بكر وعمر وعثمان وعلي وعائشة والفقهاء من التابعين ومن بعدهم مثل سفيان الثوري والشافعي واحمد واسحاق قالوا اذا التقى الختانان وجب الغسل **باب** ما جاء ان الماء من الماء

کو فرمایا آپ نے ہر ایک بال کے نیچے جنابت ہے۔ پس بالوں کو دھو اور بدن کو صاف کر دو۔ اور اس باب میں روایت ہے حضرت علی اور انس رضی اللہ عنہما سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث حارث بن وجیہ کی غریب ہے۔ ہم نہیں پہچانتے اسکو مگر اسی کی حدیث سے۔ اور یہ ایسا شیخ ہے کہ اعتبار کے لائق نہیں۔ اور اس سے کئی اور اماموں نے بھی روایت کی ہے۔ اور مالک بن دینار سے متفرد ہوا ہے۔ اور کہا جاتا ہے اسکو حارث بن وجیہ اور ابن وجبہ **باب** بعد غسل کے وضو کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے اسمٰعیل بن موسیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے ابی اسحاق سے اُسنے اسود سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم بعد غسل کے وضو نہ کرتے تھے کہا ابو عیسیٰ نے اور یہ قول ہے کئی ایک صحابہ اور تابعین کا کہ بعد غسل کے وضو نہ کیا جاوے **باب** اس بیان میں کہ جب دونوں ختنے ملجائیں تو غسل واجب ہوجاتا ہے۔ **حدیث** کی ہمسے ابو موسیٰ محمد بن مثنیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن مسلم نے اوزاعی سے اُسنے عبد الرحمن بن قاسم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اُسنے جب ایک ختنہ دوسرے ختنہ سے تجاوز کر جائے تو غسل واجب ہوجاتا ہے (کہا حضرت عائشہ رض نے) مینے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسطرح کیا اور نہا لئے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور عبد اللہ بن عمرو اور رافع بن خدیج رضی اللہ عنہم سے۔ **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اُسنے علی بن زید سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ایک ختنہ دوسرے ختنہ سے تجاوز کر جائے تو غسل واجب ہوتا ہے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عائشہ صدیقہ کی حسن صحیح ہے کہا ترمذی نے یہ حدیث بواسطہ عائشہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی اور وجہ سے بھی روایت کی گئی ہے کہ جب ایک ختنہ دوسرے ختنہ سے تجاوز کرے تو غسل واجب ہوجاتا ہے۔ اور یہی قول ہے اکثر اہل علم صحابہ کا انمیں سے ابی بکر صدیق اور عمر اور عثمان اور علی اور عائشہ اور اور کئی فقہائے تابعین اور من بعدہم سے ہیں مثل سفیان ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحاق کے کہا انہوں نے جب دونوں ختنے ملجائیں تو غسل واجب ہوجاتا ہے **باب** اس بیان میں کہ پانی پانی سے ہے

سلہ امام شافعی نے کتاب اُم میں لکھا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے مطلق غسل فرض کیا ہے کوئی ایسی چیز بیان نہیں کی جس سے غسل شروع کیا جاوے پس اب جسطرح نہانے والا نہائیگا غسل اسکا کافی ہوجائیگا۔ بشرطیکہ تمام بدن پر پانی ڈال لے لیکن مختار یہی ہے کہ استحباباً پہلے پہل وضو کیا جاوے جیسا کہ نماز کے واسطے کیا جاتا ہے بعد اسکے غسل کرے اور یہ بھی احتمال ہے کہ آنحضرت کا غسل کرنا اس طور سے دلالت کرتا ہے کہ وضو کرنا غسل سے پہلے سنت مؤکدہ ہو ۱۲ سلہ کہا امام نووی نے معنی حدیث کے یہ ہیں کہ غسل کا واجب ہونا انزال پر موقوف نہیں انزال ہو یا نہو غسل واجب ہوجاتا ہے بشرطیکہ دونوں ختنے یعنے مرد اور عورت کے آپس میں ملجائیں یہی مذہب ہے جمہور علماء کا ۱۲ سلہ یعنے نہانا انزال سے واجب ہوتا ہے۔ جمہور کا مذہب تو یہی ہے کہ حشفہ غائب ہونے سے غسل واجب ہوجاتا ہے انزال ہو یا نہو جیسا کہ حدیث دارقطنی وغیرہ میں آیا ہے اذا جلس بین شعبها الاربع ثم جهدها فقد وجب الغسل وان لم ينزل۔ اور بعض کا یہ مذہب ہے کہ نہانا انزال سے واجب ہوتا ہے دلیل اُنکی یہ حدیث ہے جو باب میں مذکور ہے کہ الماء من الماء، یعنے نہانا انزال سے واجب ہوجاتا ہے جواب اسکا یہ ہے کہ یہ حکم ابتداء اسلام میں تھا بعد اسکے منسوخ ہوگیا۔ یا یہ حکم احتلام کا ہے کہ حالت احتلام میں غسل تب واجب ہوتا ہے اگر انزال ہو ورنہ نہیں ۱۲

حدثنا احمد بن منیع نا عبد اللہ بن المبارک نا یونس بن یزید عن الزہری عن سہل بن سعد عن ابی بن کعب قال انما
کان الماء من الماء رخصۃ فی اول الاسلام ثم نہی عنہا حدثنا احمد بن منیع نا ابن المبارک نا معمر عن الزہری بہذا الاسناد
مثلہ قال ابو عیسی ہذا حدیث حسن صحیح وانما کان الماء من الماء فی اول الاسلام ثم نسخ بعد ذلک وہکذا روی غیر واحد
من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم منہم ابی بن کعب ورافع بن خدیج والعمل علی ہذا عند اکثر اہل العلم علی انہ اذا
جامع الرجل امرأتہ فی الفرج وجب علیہما الغسل وان لم ینزلا حدثنا علی بن حجر نا شریک عن ابی الجحاف عن عکرمۃ عن ابن
عباس قال انما الماء من الماء فی الاحتلام قال ابو عیسی سمعت الجارود یقول سمعت وکیعا یقول لم نجد ہذا الحدیث الا عند
شریک وفی الباب عن عثمان بن عفان وعلی بن ابی طالب والزبیر وطلحۃ وابی ایوب وابی سعید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال
الماء من الماء وابو الجحاف اسمہ داود بن ابی عوف وروی عن سفیان الثوری قال نا ابو الجحاف وکان مرضیا **باب** فیمن یستیقظ و
یری بللا ولا یذکر احتلاما حدثنا احمد بن منیع نا حماد بن خالد الخیاط عن عبد اللہ بن عمر عن عبید اللہ بن عمر عن القاسم بن محمد عن
عائشۃ قالت سئل النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن الرجل یجد البلل ولا یذکر احتلاما قال یغتسل وعن الرجل یری انہ قد احتلم ولم یجد بللا
قال لا غسل علیہ قالت ام سلمۃ یا رسول اللہ ہل علی المرأۃ تری ذلک غسل قال نعم ان النساء شقائق الرجال قال ابو عیسی وانما روی
ہذا الحدیث عبد اللہ بن عمر عن عبید اللہ بن عمر حدیث عائشۃ فی الرجل یجد البلل ولا یذکر احتلاما وعبد اللہ ضعفہ یحیی بن
سعید من قبل حفظہ فی الحدیث وہو قول غیر واحد من اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم والتابعین اذا استیقظ الرجل فرأی
بلۃ انہ یغتسل وہو قول سفیان واحمد وقال بعض اہل العلم من التابعین انما یجب علیہ الغسل اذا کانت البلۃ بلۃ نطفۃ وہو قول الشافعی و
اسحاق واذا رأی احتلاما ولم یر بلۃ فلا غسل علیہ عند عامۃ اہل العلم **باب** ما جاء فی المنی والمذی حدثنا محمد بن عمرو السواق البلخی نا ہشیم عن یزید بن ابی زیاد ح

حدیث کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہم سے یونس بن یزید نے زہری سے انہوں نے سہل بن سعد سے انہوں نے
ابی بن کعب سے کہا انہوں نے یہ جو حکم ہے کہ پانی پانی سے ہے اسکی رخصت ابتداء اسلام میں تھی پھر اس سے منع کیا گیا حدیث کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے
ابن مبارک نے کہا حدیث کی ہم سے معمر نے زہری سے ساتھ اسی اسناد کے مثل حدیث مذکور کے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ حکم جو ہے کہ پانی پانی
سے ہے ابتداء اسلام میں تھا پھر بعد اسکے منسوخ ہو گیا۔ اور اسیطرح کئی اور لوگوں نے بھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے روایت کی ہے ان میں سے
ابی بن کعب اور رافع بن خدیج ہیں اور اکثر اہل علم کے نزدیک عمل اسی پر ہے کہ جب مرد عورت سے فرج میں جماع کرے تو ان دونوں پر غسل واجب ہو جاتا ہے
اگرچہ دونوں کو انزال نہ ہو حدیث کی ہم سے علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو شریک نے ابی الجحاف سے انہوں نے عکرمہ سے انہوں نے ابن عباس سے کہا انہوں نے یہ حکم جو ہے کہ پانی
پانی سے ہے احتلام کے باب میں ہے۔ کہا ابو عیسیٰ نے سنا میں نے جارود سے کہ کہتا تھا سنا میں نے وکیع سے کہ کہتا تھا ہم نے یہ حدیث شریک کے سوا اور کسی سے نہیں پائی اور
اس باب میں روایت ہے عثمان بن عفان اور علی بن ابی طالب اور زبیر اور طلحہ اور ابی ایوب اور ابی سعید سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے پانی پانی سے ہے
اور ابو الجحاف کا نام داؤد بن ابی عوف ہے۔ اور مروی ہے سفیان ثوری سے کہ حدیث کی ہم سے ابو الجحاف نے اور یہ اچھا آدمی ہے۔ **باب** بیچ حکم اس شخص کے جو نیند سے بیدار
ہوا اور تری کو دیکھتا ہے اور احتلام کو یاد نہیں رکھتا حدیث کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے حماد بن خالد خیاط نے عبد اللہ بن عمر سے انہوں نے عبید اللہ بن عمر
سے انہوں نے قاسم بن محمد سے انہوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اس مرد کی بابت سوال کیے گئے جو تری کو پاتا ہے اور احتلام کو یاد نہیں رکھتا فرمایا آپ نے غسل
کرے اور اس مرد کی بابت سوال کیے گئے کہ وہ خواب میں دیکھتا ہے کہ مجھے احتلام ہو گیا ہے اور تری کو نہیں پاتا فرمایا آپ نے اس پر غسل نہیں ہے کہا ام سلمہ نے یا رسول اللہ کیا عورت
پر جب یہ خواب دیکھے غسل ہے فرمایا آپ نے ہاں اسلیے کہ عورتیں مردوں کی بہنیں ہیں کہا ابو عیسیٰ نے اس حدیث کو عبد اللہ بن عمر نے عبید اللہ بن عمر سے بطریق
عائشہ سے روایت کیا ہے اس مرد کے حق میں جو تری کو پاتا ہے اور احتلام کو یاد نہیں رکھتا اور عبد اللہ کو یحییٰ بن سعید نے ضعیف کیا ہے حدیث میں حافظہ کی جہت سے۔ اور یہ
قول کئی اہل علم کا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب اور تابعین سے کہ جب آدمی بیدار ہوا اور تری کو دیکھے تو غسل کرے اور یہی قول سفیان ثوری اور امام احمد کا۔ اور بعض اہل
علم نے تابعین سے کہا ہے کہ غسل اسپر اسوقت واجب ہوتا ہے کہ جب تری نطفہ کی ہو اور یہ قول ہے امام شافعی اور اسحٰق کا اور جب کسی نے خواب میں احتلام دیکھا اور تری کو
نہیں دیکھا تو اسپر عام اہل علم کے نزدیک غسل نہیں ہے **باب** منی اور مذی کے بیان میں حدیث کی ہم سے محمد بن عمرو سواق بلخی نے کہا حدیث کی ہم سے ہشیم نے یزید بن ابی زیاد

ف آپ سے سوال کیا گیا کہ اگر کوئی شخص بستر پر بعد جاگنے کے تری یعنی منی دیکھے اور اسکو احتلام کا یاد نہ ہو تو غسل واجب ہے یا نہیں فرمایا آپ نے غسل واجب ہے دوسرا سوال یہ ہے کہ اگر کسی شخص نے خواب میں دیکھا کہ مجھے احتلام ہو گیا ہے اور تری یعنی منی فرش پر نہیں دیکھی کیا اسپر غسل واجب ہے فرمایا آپ نے نہیں اور یہ جواب ہے کہ عورتیں مردوں کی بہنیں ہیں یعنی پیدائش میں انکی مثل ہیں۔ پس انکے احکام اپر بھی جاری ہونگے

حدثنا محمود بن غيلان نا حسين الجعفي عن زائدة عن يزيد بن ابي زياد عن عبد الرحمن بن ابي ليلى عن علي قال سألت النبي صلى الله عليه وسلم عن المذي فقال من المذي الوضوء ومن المني الغسل وفي الباب عن المقداد بن الاسود وابي بن كعب قال ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح وقد روي عن علي عن النبي صلى الله عليه وسلم من غير وجه من المذي الوضوء ومن المني الغسل وهو قول عامة اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم والتابعين وبه يقول الشافعي واحمد واسحاق **باب** في المذي يصيب الثوب **حدثنا** هناد نا عبدة عن محمد بن اسحاق عن سعيد بن عبيد هو ابن السباق عن ابيه عن سهل بن حنيف قال كنت القى من المذي شدة وعناء فكنت اكثر منه الغسل فذكرت ذلك لرسول الله صلى الله عليه وسلم وسألته عنه فقال انما يجزئك من ذلك الوضوء قلت يا رسول الله كيف بما يصيب ثوبي منه قال يكفيك ان تاخذ كفا من ماء فتنضح به ثوبك حيث ترى انه اصاب منه **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح ولا نعرف مثل هذا وقد اختلف اهل العلم في المذي يصيب الثوب فقال بعضهم لا يجزي الا الغسل وهو قول الشافعي واسحاق وقال بعضهم يجزئه النضح وقال احمد ارجو ان يجزئه النضح بالماء **باب** في المني يصيب الثوب **حدثنا** هناد نا ابو معاوية عن الاعمش عن ابرهيم عن همام بن الحارث قال ضاف عائشة ضيف فامرت له بملحفة صفراء فنام فيها فاحتلم فاستحيى ان يرسل اليها وبها اثر الاحتلام فغمسها في الماء ثم ارسل بها فقالت عائشة لم افسد علينا ثوبنا انما كان يكفيه ان يفركه باصابعه وربما فركته من ثوب رسول الله صلى الله عليه وسلم باصابعي **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح وهو قول غير واحد من الفقهاء مثل سفيان واحمد واسحاق قالوا في المني يصيب الثوب يجزئه الفرك وان لم يغسله وهكذا روى عن منصور عن ابرهيم عن همام بن الحارث عن عائشة مثل رواية الاعمش وروى ابو معشر هذا الحديث عن ابرهيم عن الاسود عن عائشة وحديث الاعمش اصح **حدثنا** احمد بن منيع نا ابو معاوية عن عمرو بن ميمون بن مهران عن سليمان بن يسار عن عائشة انها غسلت منيا من ثوب رسول الله صلى الله عليه وسلم

صحیح اور حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے حسین جعفی نے زائدہ سے اُسنے یزید بن ابی زیاد سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلے سے اُسنے علی سے کہا اُسنے پوچھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مذی کی بابت سوال کیا سو فرمایا آپ نے مذی سے وضو ہے اور منی سے غسل ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے مقداد بن اسود اور ابی بن کعب سے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کی گئی ہے بواسطہ حضرت علی رضہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی وجہ سے کہ مذی سے وضو ہے اور منی سے غسل ہے اور یہ قول ہے عام اہل علم کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اور تابعین سے اور ساتھ اسی کے کہتا ہے امام شافعی اور احمد اور اسحاق **باب** مذی کے بیان میں جو کپڑے کو لگجائے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے محمد بن اسحٰق سے اُسنے سعید بن عبید سے جو بیٹا سباق کا ہے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے سہل بن حنیف سے کہ کہا اُسنے میں مذی سے شدت اور رنج بہت دیکھتا تھا اور اُس سے بہت غسل کرتا تھا پس میںنے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ذکر کی اور آپ سے اُسکی بابت سوال کیا سو فرمایا آپ نے تجھو اس سے تو وضو ہی کافی ہے میںنے کہا یا رسول اللہ کس طرح ہے حال اُسکا جو اُس سے میرے کپڑے کو لگجائے فرمایا آپ نے تجھے یہ کافی ہے کہ پانی کا ایک چلو لیکر کپڑے پر چھڑکے جہاں تو دیکھے کہ وہ لگی ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور نہیں پہچانتے ہم مثل اس حدیث کو مگر حدیث محمد بن اسحٰق سے جو مذی میں ہے مثل اسکی۔ اور اہل علم کا مذی میں اختلاف ہے جو کپڑے میں لگجائے سو بعض نے کہا ہے سوائے غسل کے کفایت نہیں ہو سکتی اور یہ قول ہے امام شافعی اور اسحاق کا۔ اور کہا بعض نے اسکو چھڑکنا ہی کافی ہو جاتا ہے۔ اور کہا امام احمد نے میں امید رکھتا ہوں کہ اسکو پانی کے ساتھ چھڑکنا کافی ہو جاتا ہے **باب** حکم منی میں جو کپڑے کو پہونچ جائے۔ **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے ہمام بن حارث سے کہا اُسنے حضرت عائشہ رضہ کے پاس ایک مہمان آیا سو حضرت عائشہ رضہ نے اُسکے واسطے ایک چادر زرد کا حکم دیا سو وہ شخص اُسمیں سو رہا اور محتلم ہو گیا اور اُسنے وہ (کپڑا) حضرت عائشہ کی طرف بھیجنے سے اُس حالت میں کہ اُسمیں اثر احتلام کا ہو شرم کی پس اُسنے وہ کپڑا پانی میں ڈبو دیا پھر اُسکو بھیجدیا۔ سو حضرت عائشہ رضہ نے کہا کیوں اُسنے ہمارے کپڑے کو خراب کیا اُسکو تو انگلیوں کے ساتھ چھیلنا ہی کافی تھا اور بسا اوقات میںنے اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے چھیلا ہے کہا ابو عیسے نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ قول ہے کئی ایک فقہا کا مثل سفیان ثوری اور احمد اور اسحٰق کا کہ کہا اونہوں نے منی جو کپڑے کو لگجائے اُسکو چھیلنا کافی ہے۔ اگرچہ اُسکو نہ دھووے۔ اور ایسا ہی روایت کی گئی ہے منصور سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے ہمام بن حارث سے اُسنے عائشہ سے مثل روایت اعمش کی۔ اور روایت کی ہے ابو معشر نے اس حدیث کو ابراہیم سے اُسنے اسود سے اُسنے عائشہ سے۔ اور حدیث اعمش کی زیادہ صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے عمرو بن میمون بن مہران سے اُسنے سلیمان بن یسار سے اُسنے عائشہ رضہ سے کہ اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے منی کو دھویا۔

قال ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح، وحدیث عائشة انها غسلت منیا من ثوب رسول الله صلی الله علیه وسلم لیس بمخالف لحدیث الفرك وانکان
الفرك یجزئ فقد یستحب للرجل ان لا یری علی ثوبه اثره قال ابن عباس المنی بمنزلة المخاط فامطه عنك ولو باذخرة باب فی الجنب ینام قبل ان یغتسل ١
حدثنا هناد نا ابوبکر بن عیاش عن الاعمش عن ابی اسحاق عن الاسود عن عائشة قالت کان النبی صلی الله علیه وسلم ینام وهو جنب ولا یمس ماء
حدثنا هناد نا وکیع عن سفیان عن ابی اسحاق نحوه قال ابو عیسی وهذا قول سعید بن المسیب وغیره وقد روی غیر واحد عن الاسود
عن عائشة عن النبی صلی الله علیه وسلم انه کان یتوضأ قبل ان ینام وهذا اصح من حدیث ابی اسحاق عن الاسود وقد روی عن ابی اسحاق هذا
الحدیث شعبة والثوری وغیر واحد ویرون ان هذا غلط من ابی اسحاق باب فی الوضوء للجنب اذا اراد ان ینام حدثنا محمد بن المثنی
نا یحیی بن سعید عن عبید الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر عن عمر انه سأل النبی صلی الله علیه وسلم اینام احدنا وهو جنب قال نعم اذا توضأ وفی
الباب عن عمار وعائشة وجابر وابی سعید وام سلمة قال ابو عیسی حدیث عمر احسن شئ فی هذا الباب واصح وهو قول غیر واحد من اصحاب
النبی صلی الله علیه وسلم والتابعین وبه یقول سفیان الثوری وابن المبارك والشافعی واحمد واسحاق قالوا اذا اراد الجنب ان ینام توضأ
قبل ان ینام باب ما جاء فی مصافحة الجنب حدثنا اسحاق بن منصور نا یحیی بن سعید القطان نا حمید الطویل عن بکر بن عبد الله المزنی
عن ابی رافع عن ابی هریرة ان النبی صلی الله علیه وسلم لقیه وهو جنب قال فانخنست فاغتسلت ثم جئت فقال این کنت او این ذهبت قلت انی کنت جنبا قال ان المؤمن لا ینجس

کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور حدیث عائشہ کی یہ کہ اُنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کپڑے سے منی کو دھویا منی کے چھیلنے کی حدیث کے مخالف نہیں ہے اگرچہ چھیلنا منی کا کافی ہو جاتا ہے سو مرد کے لیے مستحب یہ ہے کہ اُسکا اثر کپڑے پر نہ دیکھے کہا ابن عباس نے منی تھوک کی مثل ہے سو اُسکو اپنے بدن سے دور کر اگرچہ ساتھ اذخر کے ہو باب اس بیان میں کہ جنبی نہانے سے پہلے سو رہے حدیث کی ہم سے ہناد نے کہا حدیث کی ہم سے ابوبکر بن عیاش نے اعمش سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے اسود سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سو رہتے تھے اُس حالت میں کہ جنبی ہوتے اور پانی کو نہ چھوتے حدیث کی ہم سے ہناد نے کہا حدیث کی ہم سے وکیع نے سفیان سے اُسنے ابی اسحاق سے مثل اُسکی کہا ابو عیسیٰ نے اور یہ قول ہے سعید بن مسیب وغیرہ کا اور روایت کی ہے کئی اور لوگوں نے بھی اسود سے اُسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ آنحضرتؐ سونے سے پہلے وضو کر لیتے تھے۔ اور یہ حدیث زیادہ صحیح ہے ابی اسحاق کی حدیث سے جو اسود سے مروی ہے۔ اور یہ حدیث شعبہ اور ثوری اور کئی اور لوگوں نے ابی اسحاق سے روایت کی ہے۔ اور کہا کہ یہ حدیث ابی اسحاق سے غلط ہے۔ باب جنبی کے وضو کے بیان میں کہ جب وہ سونے کا ارادہ کرے حدیث کی ہم سے محمد بن مثنیٰ نے کہا حدیث کی ہم سے یحییٰ بن سعید نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے عمر رضی اللہ عنہ سے کہ اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کہ کیا کوئی ہم میں سے حالت جنب میں سو رہے فرمایا آپ نے ہاں جبکہ وضو کر لے۔ اور اس باب میں روایت ہے عمار اور عائشہ اور جابر اور ابی سعید اور ام سلمہ رضی اللہ عنہم سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عمر کی اس باب میں سب سے حسن اور صحیح ہے۔ اور یہ قول ہے کئی ایک صحابہ اور تابعین کا۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے سفیان ثوری اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کہ کہا انہوں نے جب جنبی سونے کا ارادہ کرے تو سونے سے پہلے وضو کر لے۔ باب جنبی سے مصافحہ کرنے کے بیان میں حدیث کی ہم سے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث کی ہم سے یحییٰ بن سعید قطان نے کہا حدیث کی ہم سے حمید طویل نے بکر بن عبد اللہ مزنی سے اُسنے ابی رافع سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مجھے ملے اُس حالت میں کہ میں جنبی تھا کہا ابو ہریرہ نے پس میں پیچھے ہٹ گیا اور نہایا پھر آیا سو فرمایا آپ نے تو کہاں تھا یا فرمایا آپ نے تو کہاں گیا تھا میں نے کہا میں جنبی تھا۔ فرمایا آپ نے مومن نجس نہیں ہوتا۔

سلہ یعنی فی ذاتہ حالت حیات اور ممات میں نجس نہیں ہوتا مگر اُس نجاست سے جو عارضی ہو مثل پاخانہ اور پیشاب کے۔ ظاہر اس کلام سے یہ معلوم ہوتا کہ مومن نجس نہیں ہوتا اور کافر نجس ہو جاتا ہے جیسا کہ اہل ظاہر کا مذہب ہے دلیل انکی یہ آیت ہے انما المشرکون نجس جمہور نے اس حدیث کا یہ جواب دیا ہے کہ یہ جو آپ نے فرمایا ہے کہ مومن نجس نہیں ہوتا مراد اُس سے ظاہری اعضا ہیں کیونکہ عادتاً نجاست سے پرہیز کرتا ہے بخلاف مشرک کے کہ وہ نجاست سے محافظت نہیں کرتا اور آیت کا جواب یہ ہے کہ مراد یہ ہے کہ وہ اعتقاد میں نجس ہیں دلیل انکی یہ ہے کہ اللہ تعالےٰ نے اہل کتاب سے نکاح کرنا جائز رکھا ہے۔ اور ظاہر ہے کہ اُنکے پسینے سے بچاؤ اُس شخص کا جو اُنکے ساتھ مجامعت کرتا ہو ممکن نہیں۔ پس ایسے امور سے شرع نے اِن پر نہانا واجب نہیں کیا۔ پس معلوم ہوا کہ آدمی زندہ نجس العین نہیں ہے۔ کیونکہ عورتوں اور مردوں میں کچھ فرق نہیں ہے ۱۲ فتح الباری۔

وفي الباب عن حذيفة قال ابو عيسى حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح وقد رخص غير واحد من اهل العلم في مصافحة الجنب ولم يروا بعرق الجنب والحائض باسًا باب ما جاء في المرأة ترى في المنام مثل ما يرى الرجل حدثنا ابن ابي عمر نا سفيان بن عيينة عن هشام بن عروة عن ابيه عن زينب بنت ابي سلمة عن ام سلمة قالت جاءت ام سليم ابنة ملحان الى النبي صلى الله عليه وسلم فقالت يا رسول الله ان الله لا يستحيي من الحق فهل على المرأة تعني غسلا اذا هي رأت في المنام مثل ما يرى الرجل قال نعم اذا هي رأت الماء فلتغتسل قالت ام سلمة قلت لها فضحت النساء يا ام سليم قال ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح وهو قول عامة الفقهاء ان المرأة اذا رأت في المنام مثل ما يرى الرجل فانزلت ان عليها الغسل وبه يقول سفيان الثوري والشافعي وفي الباب عن ام سليم وخولة وعائشة وانس باب في الرجل يستدفئ بالمرأة بعد الغسل حدثنا هناد نا وكيع عن حريث عن الشعبي عن مسروق عن عائشة قالت ربما اغتسل النبي صلى الله عليه وسلم من الجنابة ثم جاء فاستدفأ بي فضممته الي ولم اغتسل قال ابو عيسى هذا حديث ليس باسناده باس وهو قول غير واحد من اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم والتابعين ان الرجل اذا اغتسل فلا باس بان يستدفئ بامرأته وينام معها قبل ان تغتسل المرأة وبه يقول سفيان الثوري والشافعي واحمد واسحاق باب التيمم للجنب اذا لم يجد الماء حدثنا محمد بن بشار ومحمود بن غيلان قالا نا ابو احمد الزبيري نا سفيان عن خالد الحذاء عن ابي قلابة عن عمرو بن بجدان عن ابي ذر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان الصعيد الطيب طهور المسلم وان لم يجد الماء عشر سنين فاذا وجد الماء فليمسه بشرته فان ذلك خير وقال محمود في حديثه ان الصعيد الطيب وضوء المسلم وفي الباب عن ابي هريرة وعبد الله بن عمرو وعمران بن حصين قال ابو عيسى وهكذا روى غير واحد عن خالد الحذاء عن ابي قلابة عن عمرو بن بجدان عن ابي ذر وقد روى هذا الحديث ايوب عن ابي قلابة عن رجل من بني عامر عن ابي ذر ولم يسمه وهذا حديث حسن وهو قول عامة الفقهاء ان الجنب والحائض اذا لم يجدا الماء تيمما وصليا

اور اس باب میں حذیفہ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابوہریرہ کی حسن صحیح ہے۔ اور کئی ایک اہل علم نے جنبی کے مصافحہ کرنے میں رخصت دی ہے اور انہوں نے جنبی اور حائض کے پسینے سے کچھ خوف دیکھا ہے **باب** اس بیان میں کہ عورت خواب دیکھے جیسا کہ مرد خواب میں دیکھتا ہے **حدیث** کی ہم سے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان بن عیینہ نے ہشام بن عروہ سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے زینب بنت ابی سلمہ سے اُنہوں نے ام سلمہ سے کہ کہا اُنہوں نے ام سلیم ملحان کی بیٹی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور کہنے لگی یا رسول اللہ بیشک اللہ تعالیٰ حق بات سے شرم نہیں کرتا سو آپ فرمائیے کہ کیا عورت پر ہے یعنی نہانا جب وہ خواب میں دیکھے مثل اسکے کہ مرد لوگ میں دیکھتا ہے فرمایا آپ نے ہاں جب وہ پانی دیکھ لے تو غسل کر لے۔ کہا ام سلمہ نے میں نے اُس عورت سے کہا ای ام سلیم تو نے عورتوں کو شرمندہ کر دیا ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور یہی قول ہے عامہ فقہا کا کہ جب عورت خواب میں دیکھے مثل اسکے کہ مرد دیکھتا ہے پس اسکو انزال ہو جائے تو اُس پر غسل ہے۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے سفیان ثوری اور شافعی اور اس باب میں روایت ہے ام سلیم اور خولہ اور عائشہ اور انس سے رضی اللہ عنہم **باب** اُس مرد کے بیان میں جو بعد غسل کے عورت کے ساتھ گرمی لیتا ہے **حدیث** کی ہم سے ہناد نے کہا حدیث کی ہم سے وکیع نے حریث سے اُنہوں نے شعبی سے اُنہوں نے مسروق سے اُنہوں نے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اُنہوں نے کئی مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جنابت کا غسل کیا پھر آئے اور میرے ساتھ گرمی لی میں نے آپ کو اپنے ساتھ ملا لیا اور میں نے غسل نہیں کیا ہوتا تھا کہا ابو عیسیٰ نے یہ ایسی حدیث ہے کہ اسکی اسناد میں کچھ خوف نہیں ہے۔ اور یہ قول ہے کئی ایک اہل علم صحابہ اور تابعین کا کہ مرد جب غسل کر لے تو اسکو خوف نہیں کہ اپنی عورت کے ساتھ گرمی حاصل کرے اور عورت کے نہانے سے پہلے اُسکے ساتھ سو رہے۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے سفیان ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحاق **باب** جنبی کے تیمم کے بیان میں جب کہ وہ پانی کو نہ پائے **حدیث** کی ہم سے محمد بن بشار اور محمود بن غیلان نے کہا دونوں نے حدیث کی ہم سے ابو احمد زبیری نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان نے خالد الحذاء سے اُنہوں نے ابی قلابہ سے اُنہوں نے عمرو بن بجدان سے اُنہوں نے ابی ذر سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ مٹی پاک مسلمان کے لیے طہارت ہے اگرچہ دس برس پانی نہ پائے سو جب پانی پائے تو اپنے بدن کو پہونچاوے کیونکہ یہ بہتر ہے[1] اور کہا محمود نے اپنی حدیث میں مٹی پاک وضو مسلمان کا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابوہریرہ اور عبداللہ بن عمرو اور عمران بن حصین سے رضی اللہ عنہم۔ کہا ابو عیسیٰ نے اور اسی طرح ہی روایت کی ہے کئی ایک اور لوگوں نے بھی خالد بن حذاء سے اُنہوں نے ابی قلابہ سے اُنہوں نے عمرو بن بجدان سے اُنہوں نے ابی ذر سے۔ اور نیز روایت کیا اس حدیث کو ایوب نے ابی قلابہ سے اُنہوں نے ایک مرد سے جو قبیلہ بنی عامر سے تھا۔ اُنہوں نے ابی ذر سے اور ابی قلابہ نے اُس مرد کا نام نہیں لیا۔ اور یہ حدیث حسن ہے۔ اور یہ قول ہے عامہ فقہا کا۔ کہ جنبی اور حائض جب پانی نہ پائیں تو تیمم کریں اور نماز پڑھیں

[1] بہتر مقابلے وجوب کے نہیں ہے کہ توہم ہو کہ وضو کرنا وقت دیکھنے پانی کے واجب نہیں نظیر اسکی یہ آیت ہے اصحاب الجنۃ یومئذ خیر مستقرا

عن ابن مسعود انہ کان لایری التیمم للجنب وان لم یجد الماء ویروی عنہ انہ رجع عن قولہ فقال تیمم اذا لم یجد الماء وبہ یقول سفیان الثوری ومالک والشافعی
واحمد واسحاق **باب** فی المستحاضۃ **حدثنا** ھناد نا وکیع وعبدۃ وابو معاویۃ عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ قالت جاءت فاطمۃ
ابنۃ ابی حبیش الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالت یا رسول اللہ انی امرأۃ استحاض فلا اطھر افادع الصلوٰۃ قال لا انما ذلک عرق ولیست
بالحیضۃ فاذا اقبلت الحیضۃ فدعی الصلوٰۃ واذا ادبرت فاغسلی عنک الدم وصلی قال ابو معاویۃ فی حدیثہ وقال توضئی لکل صلوٰۃ حتی یجیٔ
ذلک الوقت وفی الباب عن ام سلمۃ **قال** ابو عیسیٰ حدیث عائشۃ حدیث حسن صحیح وھو قول غیر واحد من اھل العلم من اصحاب النبی صلی
اللہ علیہ وسلم والتابعین وبہ یقول سفیان الثوری ومالک وابن المبارک والشافعی ان المستحاضۃ اذا جاوزت ایام اقرائھا اغتسلت
وتوضأت لکل صلوٰۃ **باب** ما جاء ان المستحاضۃ تتوضأ لکل صلوٰۃ **حدثنا** قتیبۃ نا شریک عن ابی الیقظان عن عدی بن ثابت عن ابیہ عن جدہ
عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال فی المستحاضۃ تدع الصلوٰۃ ایام اقرائھا التی کانت تحیض فیھا ثم تغتسل وتتوضأ عند کل صلوٰۃ وتصوم وتصلی
حدثنا علی بن حجر انا شریک نحوہ بمعناہ **قال** ابو عیسیٰ ھذا حدیث قد تفرد بہ شریک عن ابی الیقظان وسألت محمدا عن ھذا الحدیث وقلت عدی
بن ثابت عن ابیہ عن جدہ جد عدی ما اسمہ فلم یعرف محمد اسمہ وذکرت لمحمد قول یحیی بن معین ان اسمہ دینار فلم یعبأ بہ وقال احمد واسحاق فی المستحاضۃ
ان اغتسلت لکل صلوٰۃ ھو احوط لھا وان توضأت لکل صلوٰۃ اجزاھا وان جمعت بین الصلوٰتین بغسل اجزاھا **باب** فی المستحاضۃ انھا تجمع بین الصلوٰتین
بغسل واحد **حدثنا** محمد بن بشار نا ابو عامر العقدی نا زھیر بن محمد عن عبد اللہ بن محمد بن عقیل عن ابراھیم بن محمد بن طلحۃ عن عمہ عمران
بن طلحۃ عن امہ حمنۃ ابنۃ جحش قالت کنت استحاض حیضۃ کبیرۃ شدیدۃ فاتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم استفتیہ واخبرہ فوجدتہ فی بیت اختی زینب
بنت جحش فقلت یا رسول اللہ انی استحاض حیضۃ کبیرۃ شدیدۃ فما تأمرنی فیھا فقد منعتنی الصیام والصلوٰۃ قال انعت لک الکرسف

اور ابن مسعود سے مروی ہے کہ وہ جنبی کے لیے تیمم جائز نہیں رکھتا تھا۔ اگرچہ پانی نہ پائے۔ اور اسکا رجوع کرنا بھی اپنے قول سے مروی ہے۔ سو کہا
کہ جب پانی نہ پائے تو تیمم کرے۔ اور ساتھ اسکے کہتا ہے سفیان ثوری اور مالک اور شافعی اور احمد اور اسحاق رحمہم اللہ **باب** استحاضہ
کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع اور عبدہ اور ابو معاویہ نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے
عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا اُسنے فاطمہ بنت ابی حبیش نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور کہنے لگی یا رسول اللہ میں عورت ہوں مجھے اسقدر استحاضہ
آتا ہے کہ میں پاک نہیں ہوتی کیا میں نماز کو چھوڑ دوں فرمایا آپ نے کہ نہیں یہ تو ایک رگ ہے اور حیض نہیں سو جب حیض کا وقت آوے تو نماز کو چھوڑ دے
اور جب جاتا رہے تو اپنے بدن سے خون کو دھو اور نماز پڑھ کہا ابو معاویہ نے اپنی حدیث میں اور فرمایا آپ نے ہر نماز کے لیے جو وقت اسکا آوے
تو وضو کرے اور اس باب میں روایت ہے ام سلمہ سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عائشہ کی حسن صحیح ہے۔ اور یہ قول ہے کئی ایک اہل علم کا صحابہ اور تابعین سے اور ساتھ
اسکے کہتا ہے سفیان ثوری اور مالک اور ابن مبارک اور شافعی کہ جب عورت مستحاضہ کے دن حیض کے گذر جائیں تو نہالے اور ہر ایک نماز کے لیے وضو کرے
باب اس بیان میں کہ مستحاضہ ہر ایک نماز کے لیے وضو کرے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے ابی الیقظان سے اُسنے عدی
بن ثابت سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے مستحاضہ کے حق میں کہ اپنے حیض کے دنوں
میں جنمیں وہ حائض ہوتی ہے وہ نماز کو چھوڑ دے پھر غسل کرے اور ہر ایک نماز کے واسطے وضو کرے اور روزے رکھے اور نماز پڑھے **حدیث** کی ہمسے
علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو شریک نے مثل اُسکے ساتھ اُسی معنی کے کہا ابو عیسیٰ نے اس حدیث کو فقط شریک ہی نے ابی الیقظان سے روایت کیا ہے
اور میں نے محمد سے اس حدیث کی بابت سوال کیا اور کہا کہ عدی بن ثابت جو بواسطے باپ کے اپنے دادا سے راوی ہے اسکے دادا کا نام کیا ہے پس محمد نے اُسکے
نام کو نہ پہچانا اور میں نے محمد سے یحییٰ بن معین کا قول ذکر کیا کہ نام اُسکا دینار ہے سو اُسنے اسکا اعتبار بھی نہ کیا۔ اور کہا امام احمد اور اسحاق نے مستحاضہ کے حق میں
اگر ہر ایک نماز کے واسطے غسل کرے تو اُسکے لیے احتیاط ہے اور اگر ہر ایک نماز کے واسطے وضو کرے تو اسکو کافی ہو جاتا ہے۔ اور دو نمازوں کو ایک غسل سے جمع کرے تو بھی اُسکو
کافی ہو جاتا ہے **باب** اس بیان میں کہ مستحاضہ ایک غسل سے دو نمازوں کو جمع کرے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر عقدی نے کہا حدیث
کی ہمسے زہیر بن محمد نے عبد اللہ بن عقیل سے اُسنے ابراہیم بن محمد بن طلحہ سے اُسنے اپنے چچا عمران بن طلحہ سے اُسنے اپنی والدہ حمنہ بنت جحش سے کہ کہا اُسنے مجھے استحاضہ بہت سخت
آیا کرتا تھا سو میں نبی صلعم کے پاس فتویٰ طلب کرنے اور آپکو خبر دینے کے واسطے آئی۔ پس میں نے آپکو اپنی بہن زینب بنت جحش کے گھر میں پایا سو میں نے کہا یا رسول اللہ مجھے استحاضہ
بہت سخت آتا ہے۔ سو آپ مجھے کیا حکم دیتے ہیں سمجھے تو اُسنے نماز اور روزے سے منع کر دیا ہے فرمایا آپ نے میں نے تیرے لیے کرسف پسند کیا ہے

فانه يذهب الدم قالت هو اكثر من ذلك قال فتلجمي قالت هو اكثر من ذلك قال فاتخذي ثوبا قالت هو اكثر من ذلك
انما اثج ثجا فقال النبي صلى الله عليه وسلم سآمرك بامرين ايهما صنعت اجزأ عنك فان قويت عليهما فانت اعلم فقال انما هي
ركضة من الشيطان فتحيضي ستة ايام او سبعة ايام في علم الله ثم اغتسلي فاذا رأيت انك قد طهرت واستنقأت فصلي اربعة وعشرين
ليلة او ثلثة وعشرين ليلة وايامها وصومي وصلي فان ذلك يجزيك وكذلك فافعلي كما تحيض النساء وكما يطهرن لميقات
حيضهن وطهرهن فان قويت على ان تؤخري الظهر وتعجلي العصر ثم تغتسلين حين تطهرين تصلين الظهر والعصر جميعا ثم
تؤخرين المغرب وتعجلين العشاء ثم تغتسلين وتجمعين بين الصلوتين فافعلي وتغتسلين مع الصبح وتصلين وكذلك فافعلي
وصومي ان قويت على ذلك فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو اعجب الامرين الي **قال** ابو عيسى هذا
حديث حسن صحيح ورواه عبيد الله بن عمرو الرقي وابن جريج وشريك عن عبد الله بن محمد بن عقيل عن ابراهيم بن محمد
بن طلحة عن عمه عمران عن امه حمنة الا ان ابن جريج يقول عمر بن طلحة والصحيح عمران بن طلحة وسألت محمدا عن هذا الحديث
فقال هو حديث حسن وهكذا قال احمد بن حنبل هو حديث حسن صحيح وقال احمد واسحاق في المستحاضة اذا كانت تعرف حيضها
باقبال الدم وادباره فاقباله ان يكون اسود وادباره ان يتغير الى الصفرة فالحكم فيها على حديث فاطمة بنت ابي حبيش وان
كانت المستحاضة لها ايام معروفة قبل ان تستحاض فانها تدع الصلوة ايام اقرائها ثم تغتسل وتتوضأ لكل صلوة وتصلي
واذا استمر بها الدم ولم يكن لها ايام معروفة ولم تعرف الحيض باقبال الدم وادباره فالحكم لها على حديث حمنة بنت جحش
وقال الشافعي المستحاضة اذا استمر بها الدم في اول ما رأت فدامت على ذلك فانها تدع الصلوة ما بينها وبين خمسة عشر
يوما فاذا طهرت في خمسة عشر يوما او قبل ذلك فانها ايام حيض فاذا رأت الدم اكثر من خمسة عشر يوما فانها تقضي
صلوة اربعة عشر يوما ثم تدع الصلوة بعد ذلك اقل ما تحيض النساء وهو يوم وليلة

کیونکہ وہ خون کو دور کر دیتا ہے۔ کہا اُسنے وہ اُس سے زیادہ ہے۔ فرمایا آپ نے پس لجام باندھ لے۔ کہا اُسنے وہ اُس سے بھی زیادہ ہے فرمایا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے
اُسکے نیچے کپڑا رکھ کہا اُسنے وہ اس سے بھی زیادہ ہے۔ میں تو کثرت سے خون بہاتی ہوں۔ پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے میں تجھے دو امر بتلاتا ہوں کہ
اُنمیں سے جونسا تو کریگی وہ تجھے کافی ہو جاویگا۔ پس اگر تو دونوں پر قادر ہے تو تو اچھا جانتی ہے۔ فرمایا آپ نے تحقیق یہ تو شیطان کی چھیڑ ہے تو اللہ
کے علم میں چھ دن یا سات دن حیض منا پھر غسل کر پس جب تو معلوم کرلے کہ میں پاک اور صاف ہو گئی ہوں تو چوبیس راتیں یا تئیس رات
اور دن نماز پڑھ اور روزے رکھ اور نماز پڑھ سو یہ تجھے کافی ہو جاویگا۔ اور ایسا ہی جیسا کہ عورتیں حائض ہوتی ہیں اور جیسا کہ حیض اور طہر کے
وقت پر پاک ہوتی ہیں۔ اور اگر تو اس بات پر قادر ہو کہ ظہر کو مؤخر کرے اور عصر کو جلدی کرے پھر تو غسل کرے جب تو پاک ہووے اور جمع کرکے
ظہر اور عصر کی نماز پڑھے پھر مؤخر کرے تو مغرب کو اور جلدی کرے عشا کو پھر تو غسل کر اور جمع کر درمیان دونوں نمازوں کے اور غسل کر وقت صبح کے اور نماز پڑھ
اور ایسا ہی کر اور روزے رکھ اگر تو اسپر قادر ہو سکے۔ پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دونوں کاموں سے میرے نزدیک بہتر ہے کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح
اور روایت کیا اسکو عبید اللہ بن عمرو رقی اور ابن جریج اور شریک نے عبد اللہ بن محمد بن عقیل سے اُسنے ابراہیم بن محمد بن طلحہ سے اُسنے اپنے چچا عمران سے اُسنے اپنی والدہ
حمنہ سے (اسیطرح) مگر ابن جریج کہتا ہے عمر بن طلحہ اور صحیح عمران بن طلحہ ہے اور اس حدیث کی بابت مینے محمد سے سوال کیا اُسنے کہا یہ حدیث حسن ہے اور ایسا ہی کہا
احمد بن حنبل نے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور کہا امام احمد اور اسحاق نے مستحاضہ کے حق میں جبکہ وہ اپنے حیض کو پہچانے ساتھ آنے خون کے اور جانے
اُسکے کے۔ اور آنا اُسکا یہ ہے کہ وہ سیاہ ہوتا ہے اور جانا اسکا یہ ہے کہ وہ زردی کی طرف متغیر ہو جاتا ہے پس حکم اسمیں حدیث فاطمہ بنت ابی حبیش کا ہے اور اگر مستحاضہ
کے واسطے مستحاضہ ہونے سے پہلے ایام حیض کے معروف ہوں تو وہ حیض کے دنوں میں نماز کو چھوڑ دے پھر غسل کرے اور ہر نماز کے لیے وضو کرے اور نماز پڑھے
اور جب اسکو خون مسلسل جاری رہے اور اسکے ایام حیض کے معروف نہوں اور حیض کو ساتھ آنے خون کے اور جانے کے پہچانتی نہو۔ پس حکم اُسکے واسطے
اوپر حدیث حمنہ بنت جحش کے ہے۔ اور کہا امام شافعی نے مستحاضہ کے حق میں کہ جب وہ خون پہلی مرتبہ دیکھے کہ ہمیشہ جاری ہو گیا اور اسی حالت پر ہمیشہ رہا
تو وہ پہلے دن سے لیکر پندرہ دن تک نماز چھوڑ دے پس اگر پندرہ دن یا قبل اسکے پاک ہو گئی تو وہ اسکے ایام حیض کے ہونگے اور اگر اُسنے پندرہ دن سے
زیادہ خون دیکھا تو وہ چودہ دن کی نماز قضا کرے پھر بعد اسکے بہت تھوڑے دن جنمیں عورتوں کو حیض آتا ہے نماز کو چھوڑ دے یعنی ایک دن رات

قال ابو عیسی واختلف اهل العلم فی اقل الحیض واکثرہ فقال بعض اهل العلم اقل الحیض ثلث واکثرہ عشرۃ وهو قول سفیان الثوری واهل الکوفة وبه یاخذ ابن المبارک وروی عنه خلاف هذا وقال بعض اهل العلم منهم عطاء بن ابی رباح اقل الحیض یوم ولیلة واکثرہ خمسة عشر وهو قول الاوزاعی ومالک والشافعی واحمد واسحاق وابی عبیدۃ **باب** ماجاء فی المستحاضة انها تغتسل عند کل صلوۃ **حدثنا** قتیبة نا اللیث عن ابن شهاب عن عروۃ عن عائشة انها قالت استفتت ام حبیبة ابنة جحش رسول الله صلی الله علیه وسلم فقالت انی استحاض فلا اطهر افادع الصلوۃ فقال لا انما ذلک عرق فاغتسلی ثم صلی فکانت تغتسل لکل صلوۃ قال قتیبة قال اللیث لم یذکر ابن شهاب ان رسول الله صلی الله علیه وسلم امر ام حبیبة ان تغتسل عند کل صلوۃ ولکنه شیء فعلته هی **قال** ابو عیسی ویروی هذا الحدیث عن الزهری عن عمرۃ عن عائشة قالت استفتت ام حبیبة بنت جحش وقد قال بعض اهل العلم المستحاضة تغتسل عند کل صلوۃ وروی الاوزاعی عن الزهری عن عروۃ وعمرۃ عن عائشة **باب** ماجاء فی الحائض انها لا تقضی الصلوۃ **حدثنا** قتیبة نا حماد بن زید عن ایوب عن ابی قلابة عن معاذۃ ان امرأۃ سالت عائشة قالت اتقضی احدانا صلوتها ایام محیضها فقالت احروریة انت قد کانت احدانا تحیض فلا تؤمر بقضاء **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وقد روی عن عائشة من غیر وجه ان الحائض لا تقضی الصلوۃ وهو قول عامة الفقهاء لا اختلاف بینهم فی ان الحائض تقضی الصوم ولا تقضی الصلوۃ **باب** ماجاء فی الجنب والحائض انهما لا یقرآن القرآن **حدثنا** علی بن حجر والحسن بن عرفة قالا نا اسماعیل بن عیاش عن موسی بن عقبة عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال لا تقرأ الحائض ولا الجنب شیئا من القرآن وفی الباب عن علی **قال** ابو عیسی حدیث ابن عمر لا نعرفه الا من حدیث اسمعیل بن عیاش عن موسی بن عقبة عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال لا یقرأ الجنب ولا الحائض وهو قول اکثر اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم والتابعین ومن بعدهم مثل سفیان الثوری وابن المبارک والشافعی واحمد واسحاق

کہا ابو عیسیٰ نے اہل علم کا اقل مدت حیض اور اکثر میں آپس میں اختلاف ہے۔ بعض اہل علم نے کہا ہے اقل مدت حیض کی تین دن ہے اور اکثر اسکی دس دن اور یہ قول ہے سفیان ثوری اور اہل علم کوفہ کا اور ساتھ اسی کے ابن مبارک تمسک کرتا ہے اور ان سے خلاف اسکا بھی مروی ہے۔ اور بعض اہل علم نے کہا ہے انہیں عطاء بن ابی رباح ہے کہ اقل مدت حیض کی ایک دن رات ہے اور اکثر مدت اسکی پندرہ دن۔ اور یہ قول ہے اوزاعی اور مالک اور شافعی اور احمد اور اسحاق اور ابو عبیدہ کا **باب** اس بیان میں کہ مستحاضہ ہر نماز کے وقت غسل کر لیا کرے **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے لیث نے ابن شہاب سے اسنے عروہ سے اسنے عائشہؓ سے کہ کہا اسنے ام حبیبہ بنت جحش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فتویٰ پوچھا سو کہا مجھے استحاضہ آتا ہے اور میں پاک نہیں ہوتی کیا میں نماز کو چھوڑ دوں فرمایا آپ نے نہیں تو ایک رگ ہے سو تو غسل کر پھر نماز پڑھ پس وہ ہر نماز کے واسطے غسل کرتی تھی۔ کہا قتیبہ نے کہا لیث نے ابن شہاب نے یہ ذکر نہیں کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ام حبیبہ کو ہر نماز کے واسطے نہانے کا امر کیا ہو لیکن اسنے خود یہ فعل اختیار کیا ہے۔ کہا ابو عیسیٰ نے روایت کی گئی ہے یہ حدیث زہری سے اسنے روایت کی ہے عمرہ سے اسنے عائشہ سے کہ کہا اسنے ام حبیبہ بنت جحش نے فتویٰ پوچھا الخ۔ اور کہا بعض اہل علم نے مستحاضہ ہر نماز کے وقت غسل کیا کرے۔ اور روایت کیا اسکو اوزاعی نے زہری سے اسنے عروہ اور عمرہ سے اسنے عائشہ رضی اللہ عنہا سے **باب** اس بیان میں کہ حائض نماز کو قضا نہ کرے **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے حماد بن زید نے ایوب سے اسنے ابی قلابہ سے اسنے معاذہ سے یہ کہ ایک عورت نے حضرت عائشہؓ سے سوال کیا کہا اسنے کیا ہم حیض کے دنوں کی نماز قضا کر لیا کریں سو کہا حضرت عائشہؓ نے کیا تو حروریہ ہے ہم میں سے جس کسیکو حیض آتا تھا اسکو نماز قضا کرنے کا حکم نہیں دیا جاتا تھا کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی طرح سے بھی حضرت عائشہؓ سے مروی ہے کہ حائض نماز کو قضا نہ کرے اور یہ قول ہے عامہ فقہا کا کہ کسیکو اس باب میں اختلاف نہیں کہ حائض روزہ کو قضا کرے اور نماز کو قضا نہ کرے **باب** اس بیان میں کہ جنبی اور حائض قرآن کو نہ پڑھیں **حدیث** کی ہم سے علی بن حجر اور حسن بن عرفہ نے کہا دونوں نے حدیث کی ہم سے اسمعیل بن عیاش نے موسی بن عقبہ سے اسنے نافع سے اسنے ابن عمر سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے حائض اور جنبی کچھ بھی قرآن سے نہ پڑھیں اور اس باب میں حضرت علیؓ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے نہیں پہچانتے ہم حدیث ابن عمر کو مگر حدیث اسماعیل بن عیاش سے اسنے موسی بن عقبہ سے اسنے نافع سے اسنے ابن عمر سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جنبی اور حائض قرآن نہ پڑھیں۔ اور یہ قول ہے اکثر اہل علم صحابہ اور تابعین اور انکے پیچھلوں کا مثل سفیان ثوری اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحق کے

ف حروریہ کوفہ کے قریب ایک گانو ہے وہاں خارجی لوگ حضرت علیؓ کے مقابلہ میں جمع ہوئے تھے حضرت علیؓ نے انکو قتل کیا تھا انکا مذہب تھا کہ حائض ہر نماز کا قضا کرنا واجب ہے ۱۲

قالوا لا تقرأ الحائض ولا الجنب من القرآن شيئا الا طرف الآية والحرف ونحو ذلك ورخصوا للجنب والحائض في التسبيح والتهليل قال وسمعت محمد بن اسماعيل يقول ان اسماعيل بن عياش يروي عن اهل الحجاز واهل العراق احاديث مناكير كانه ضعف روايته عنهم فيما يتفرد به وقال انما حديث اسماعيل بن عياش عن اهل الشام وقال احمد بن حنبل اسماعيل بن عياش اصلح من بقية ولبقية احاديث مناكير من الثقات قال ابو عيسى حدثني بذلك احمد بن الحسن قال سمعت احمد بن حنبل يقول بذلك **باب** ماجاء في مباشرة الحائض **حدثنا** بندار ثنا عبد الرحمن بن مهدي عن سفيان عن منصور عن ابراهيم عن الاسود عن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا حضت يأمرني ان اتزر ثم يباشرني وفي الباب عن ام سلمة وميمونة **قال** ابو عيسى حديث عائشة حديث حسن صحيح وهو قول غير واحد من اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم والتابعين وبه يقول الشافعي واحمد واسحاق **باب** ماجاء في مواكلة الجنب والحائض وسؤرهما **حدثنا** عباس العنبري ومحمد بن عبد الاعلى قالا نا عبد الرحمن بن مهدي نا معاوية بن صالح عن العلاء بن الحارث عن حرام بن معاوية عن عمه عبد الله بن سعد قال سألت النبي صلى الله عليه وسلم عن مواكلة الحائض فقال واكلها وفي الباب عن عائشة وانس **قال** ابو عيسى حديث عبد الله بن سعد حديث حسن غريب وهو قول عامة اهل العلم لم يروا بمواكلة الحائض بأسا واختلفوا في فضل وضوءها فرخص في ذلك بعضهم وكره بعضهم فضل طهورها **باب** ماجاء في الحائض تتناول الشئ من المسجد **حدثنا** قتيبة نا عبيدة بن حميد عن الاعمش عن ثابت بن عبيد عن القاسم بن محمد قال قالت عائشة قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم ناوليني الخمرة من المسجد قالت قلت اني حائض قال ان حيضتك ليست في يدك وفي الباب عن ابن عمر وابي هريرة

کہ کہا اُنھون نے حائض اور جنبی قرآن مین سے کچھ نہ پڑھین مگر ایک ٹکڑا ایک آیت کا اور ایک حرف اور مثل اسکے۔ اور رخصت دی اُنھون نے جنبی اور حائض کو تسبیح اور تہلیل مین کہا ترمذی نے سنا مینے محمد بن اسمٰعیل سے کہ کہا اُسنے اسماعیل بن عیاش اہل حجاز اور اہل عراق سے منکر حدیثین روایت کرتا ہی گویا محمد بن اسمٰعیل نے اسکی روایت کو جس حالت مین کہ اکیلا حجازیون اور عراقیون سے روایت کرے ضعیف کیا ہی اور کہا حدیث اسماعیل بن عیاش کی اہل شام سے قوی ہی اور کہا احمد بن حنبل نے اسماعیل بن عیاش بقیہ سے بہت بہتر ہی اور بقیہ بہت ثقون سے منکر حدیثین بیان کرتا ہی کہا ابو عیسیٰ نے حدیث کی مجھسے ساتھ اسکے احمد بن حسن نے کہا سنا مینے احمد بن حنبل سے کہتا ساتھ اسکے **باب** حائض سے مباشرت[1] کرنے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن مہدی نے سفیان سے اُسنے منصور سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے اسود سے اُسنے عائشہ سے کہ کہا اُسنے جب مین حائض ہوتی تو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم مجھے ازار پہننے کا حکم کرتے پھر میرے ساتھ مباشرت کرتے۔ اور اس باب مین روایت ہی ام سلمہ اور میمونہ سے۔ کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عائشہ کی حسن صحیح ہی اور یہ قول ہی کئی ایک اہل علم صحابہ اور تابعین کا۔ اور ساتھ اسکے کہتا ہی امام شافعی اور احمد اور اسحاق۔ **باب** جنبی اور حائض کے ساتھ کھانے اور ان دونون کے جھوٹے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے عباس عنبری اور محمد بن عبد الاعلیٰ نے کہا دونون نے حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن مہدی نے۔ کہا حدیث کی ہمسے معاویہ بن صالح نے علاء بن حارث سے اُسنے حرام بن معاویہ سے اُسنے اپنے چچا عبد اللہ بن سعد سے کہا اُسنے مین نے حائض کے ساتھ کھانے کی بابت نبی صلعم سے پوچھا تو فرمایا کہ اُسکے ساتھ کھالے۔ اور اس باب مین روایت ہی عائشہ رض اور انس سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عبد اللہ بن سعد کی حسن غریب ہی۔ اور یہ قول ہی عامہ اہل علم کا کہ وہ لوگ حائض کے ساتھ کھانے مین کچھ مضائقہ نہین جانتے اور اختلاف کیا اُنھون نے اُسکے وضو کے بچے ہوئے پانی مین۔ سو بعض نے تو اسباب مین رخصت دی ہی اور بعض نے اُسکے وضو کے بچے ہوئے پانی کو مکروہ جانا ہی **باب** بیان مین حائض کے کہ مسجد سے کوئی چیز اُٹھا دے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبیدہ بن حمید نے اُسنے اعمش سے اُسنے ثابت بن عبید سے اُسنے قاسم بن محمد سے کہا اُسنے کہا عائشہ رض نے مجھ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ مجھے مسجد سے چٹائی اُٹھا دے۔ کہا عائشہ نے۔ مین نے کہا کہ مین حائض ہون۔ فرمایا آپ نے حیض تیرا تیرے ہاتھ[2] مین تو نہین ہی اور اس باب مین روایت ہے ابن عمر اور ابی ہریرہ رض سے

[1] مباشرت کے معنے بوس و کنار کے ہین نہ جماع کے یہی مذہب ہے امام ابو حنیفہ اور شافعی اور مالک کا۔ اور جو شخص اپنے نفس پر قادر نہو اسکے لیے بچنا افضل ہے ۱۲

[2] یعنے تیرا ہاتھ نجس نہین اسلیے کہ حیض کا اثر ہاتھ مین نہین آ جاتا ہی ۱۲

قال ابو عيسى حديث عائشة حديث حسن صحيح وهو قول عامة اهل العلم لا نعلم منهم اختلافا في ذلك بان لا باس ان تتناول الحائض شيئا من المسجد **باب** ما جاء في كراهية اتيان الحائض **حدثنا** بندار نا يحيى بن سعيد وعبد الرحمن بن مهدي وبهز بن اسد قالوا انا حماد بن سلمة عن حكيم الاثرم عن ابي تميمة الهجيمي عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من اتى حائضا او امرأة في دبرها او كاهنا فقد كفر بما انزل على محمد **قال** ابو عيسى لا نعرف هذا الحديث الا من حديث حكيم الاثرم عن ابي تميمة الهجيمي عن ابي هريرة وانما معنى هذا عند اهل العلم على التغليظ وقد روي عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من اتى حائضا فليتصدق بدينار فلو كان اتيان الحائض كفرا لم يؤمر فيه بالكفارة وضعف محمد هذا الحديث من قبل اسناده وابو تميمة الهجيمي اسمه طريف بن مجالد **باب** ما جاء في الكفارة في ذلك **حدثنا** علي بن حجر نا شريك عن خصيف عن مقسم عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم في الرجل يقع على امرأته وهي حائض قال يتصدق بنصف دينار **حدثنا** الحسين بن حريث نا الفضل بن موسى عن ابي حمزة السكري عن عبد الكريم عن مقسم عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا كان دما احمر فدينار وان كان دما اصفر فنصف دينار **قال** ابو عيسى حديث الكفارة في اتيان الحائض قد روي عن ابن عباس موقوفا ومرفوعا وهو قول بعض اهل العلم وبه يقول احمد واسحاق وقال ابن المبارك يستغفر ربه ولا كفارة عليه وقد روي مثل قول ابن المبارك عن بعض التابعين منهم سعيد بن جبير وابراهيم **باب** ما جاء في غسل دم الحيض من الثوب **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان عن هشام بن عروة عن فاطمة بنت المنذر عن اسماء ابنة ابي بكر الصديق ان امرأة سالت النبي صلى الله عليه وسلم عن الثوب يصيبه الدم من الحيضة فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم حتيه

کہا ابو عیسی نے حدیث عائشہ کی حسن صحیح ہے اور یہ قول ہے عامہ اہل علم کا ہمکو کسیکا اختلاف انمین سے اس مسئلہ میں معلوم نہیں کہ حائض کا کسی چیز کے پکڑنے مین مسجد سے کچھ خوف نہین **باب** حائض کے پاس آنیکی کراہت کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید اور عبد الرحمن بن مہدی اور بہز بن اسد نے کہا انہون نے حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے حکیم اثرم سے اُسنے ابی تمیمہ ہجیمی سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جو شخص حائض کے پاس آیا یا عورت کے پاس اُسکی دُبر مین یا کاہن کے پاس تو اُسنے انکار کیا اس چیز کا جو اُتاری گئی ہے محمد صلے اللہ علیہ وسلم پر کہا ابو عیسی نے نہین پہچانتے ہم اس حدیث کو مگر حدیث حکیم اثرم سے جو راوی ہے ابی تمیمہ ہجیمی سے اُسنے ابی ہریرہ سے اور معنی اس حدیث کے اہل علم کے نزدیک زجر کے ہین۔ اور مروی ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جو شخص حائض کے[1] پاس آیا تو چاہیے کہ ایک دینار صدقہ کرے۔ پس اگر حائض کے پاس آنا کفر ہوتا تو کفارے کا اُسکو حکم نہ دیا جاتا۔ اور محمد بن اسمٰعیل نے اس حدیث کو اسناد کی جہت سے ضعیف کیا ہے۔ اور ابو تمیمہ ہجیمی کا نام طریف بن مجالد ہے **باب** اسکے کفارے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے خصیف سے اُسنے مقسم سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اُس مرد کے حق مین جو عورت پر حیض کی حالت مین واقع ہو۔ فرمایا آپنے آدھا دینار صدقہ کرے **حدیث** کی ہمسے حسین بن حریث نے کہا حدیث کی ہمسے فضل بن موسی نے ابی حمزہ سکری سے اُسنے عبد الکریم سے اُسنے مقسم سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے اگر خون سرخ ہو تو ایک دینار اور اگر خون زرد ہو تو نصف دینار۔ کہا ابو عیسی نے حدیث کفارے کی جو حائض کے پاس آنے کے باب مین ہے ابن عباس سے مرفوع اور موقوف دونون طرح سے مروی ہے۔ اور یہ قول ہے بعض اہل علم کا اور ساتھ اسی کے کہتا ہے احمد اور اسحاق اور کہا ابن مبارک نے اپنے رب سے بخشش مانگے اور اسپر کفارہ نہین ہے۔ اور بعض تابعین سے ابن مبارک کے قول کے مثل بھی مروی ہے انمین سے سعید بن جبیر اور ابراہیم ہین **باب** کپڑے سے حیض کا خون دھونے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ہشام بن عروہ سے اُسنے فاطمہ بنت منذر سے اُسنے اسماء بنت ابی بکر صدیق سے کہ ایک عورت نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اُس کپڑے کی بابت سوال کیا جسکو حیض کا خون لگجاوے سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکو چھیل[2]

[1] حائض کے پاس آنے کے معنی جماع کرنے کے ہین یعنی جسنے حائض کے ساتھ جماع کیا یا عورت کے ساتھ دبر مین جماع کیا خواہ وہ حائض ہو یا نہ یا کاہن کے پاس خبر دریافت کرنے کے لئے آیا تو گویا اُسنے احکام الٰہی کا انکار کیا۔ کاہن وہ جو آیندہ کی خبرین بتلاوے۔ کہا شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے اگر عورت کے پاس حالت حیض مین یا اُسکی دبر مین حلال جانکر آیا یا کاہن کے پاس آیا۔ یا یہ جانکر کہ یہ سچا ہے تو وہ حقیقۃً کافر ہوا۔ اور اگر وہ حلال نہین جانتا اور نہ کاہن کو سچا جانتا ہے تو وہ کافر حقیقی نہین بلکہ کفر کے معنی کفران نعمت کے ہین۔ [2] چھیلنے کے یہ معنی ہین کہ اس خون کو پہلے ناخنون یا انگلیون کے پورونسے ملے اس سے کہ اسوجہ سے خون اچھی طرح سے دور ہو جاتا ہے پھر اسپر پانی کے چھینٹے مارنے سے خوب طرح سے صاف ہو جاتا ہے ۱۲

ثم اقرصيه بالماء ثم رشيه وصلي فيه وفي الباب عن ابي هريرة وام قيس بنت محصن **قال** ابو عيسى حديث اسماء في غسل الدم حديث حسن صحيح وقد اختلف اهل العلم في الدم يكون على الثوب فيصلي فيه قبل ان يغسله فقال بعض اهل العلم من التابعين اذا كان الدم مقدار الدرهم فلم يغسله وصلي فيه اعاد الصلوة وقال بعضهم اذا كان الدم اكثر من قدر الدرهم اعاد الصلوة وهو قول سفيان الثوري وابن المبارك ولم يوجب بعض اهل العلم من التابعين وغيرهم عليه الاعادة وان كان اكثر من قدر الدرهم وبه يقول احمد واسحاق وقال الشافعي يجب عليه الغسل وان كان اقل من قدر الدرهم وشدد في ذلك **باب** ماجاء في كم تمكث النفساء **حدثنا** نصر بن علي نا شجاع بن الوليد ابو بدر عن علي بن عبد الاعلى عن ابي سهل عن مسة الازدية عن ام سلمة قالت كانت النفساء تجلس على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم اربعين يوما وكنا نطلي وجوهنا بالورس من الكلف **قال** ابو عيسى هذا حديث لا نعرفه الا من حديث ابي سهل عن مسة الازدية عن ام سلمة واسم ابي سهل كثير بن زياد قال محمد بن اسمعيل علي بن عبد الاعلى ثقة وابو سهل ثقة ولم يعرف محمد هذا الحديث الا من حديث ابي سهل وقد اجمع اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم والتابعين من بعدهم على ان النفساء تدع الصلوة اربعين يوما الا ان ترى الطهر قبل ذلك فانها تغتسل وتصلي فاذا رأت الدم بعد الاربعين فان اكثر اهل العلم قالوا لا تدع الصلوة بعد الاربعين وهو قول اكثر الفقهاء وبه يقول سفيان الثوري وابن المبارك والشافعي واحمد واسحاق ويروى عن الحسن البصري انه قال انها تدع الصلوة خمسين يوما اذا لم تطهر ويروى عن عطاء ابن ابي رباح والشعبي ستين يوما **باب** ماجاء في الرجل يطوف على نسائه بغسل واحد

پھر اُسکو پانی سے مل پھر اُسپر چھینٹے مار اور اسمین نماز پڑھ اور اس باب مین روایت ہے ابی ہریرہ اور ام قیس بنت محصن سے کہا ابو عیسےٰ نے حدیث اسماء کی خون کے دھونے مین حسن صحیح ہے اور اہل علم نے اختلاف کیا ہے اُس خون مین جو کپڑے پر ہو اور دھونے سے پہلے اسمین نماز پڑھ لے۔ بعض اہل علم نے تابعین سے کہا ہے کہ جب خون مقدار درہم کے ہو اور اُسنے یعنی پہننے والے نے دھویا نہیں اور اسمین نماز پڑھ لی تو وہ نماز کا اعادہ کرے۔ اور کہا بعض نے اور جب خون مقدار درہم سے زائد ہو تو نماز کا اعادہ کرے۔ اور یہ قول ہے سفیان ثوری اور ابن مبارک کا۔ اور بعض اہل علم نے تابعین وغیرہ سے اُسپر نماز کا اعادہ واجب نہیں جانا اگرچہ مقدار درہم سے زائد ہو اور ساتھ اسی کے کہتا ہے امام احمد اور اسحاق۔ اور کہا امام شافعی رح نے اُسپر دھونا واجب ہے اگرچہ مقدار درہم سے کم ہو اور تشدید کی ہے امام شافعی نے اسمین **باب** نفاس والی عورت کتنے روز توقف کرے **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی نے کہا حدیث کی ہمسے شجاع بن ولید ابو بدر نے علی بن عبد الاعلیٰ سے اُسنے ابی سہل سے اُسنے مسۃ ازدیہ سے اُسنے ام سلمہ سے کہ کہا اُسنے نفاس والی عورتین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین چالیس روز بیٹھتی تھین۔ اور ہم اپنے مونھون پر ساتھ ورس[۱] کے چھائین کے لیئے طلا کرتے تھے کہا ابو عیسےٰ نے اس حدیث کو ہم نہین پہچانتے مگر حدیث ابی سہل سے جو راوی ہے مسۃ ازدیہ سے وہ ام سلمہ سے اور نام ابی سہل کا کثیر بن زیاد ہے کہا محمد بن اسمٰعیل نے علی بن عبد الاعلیٰ ثقہ ہے۔ اور ابو سہل بھی ثقہ ہے۔ اور نہین پہچانتا محمد اس حدیث کو مگر حدیث ابی سہل سے اور اجماع کیا ہے اہل علم نے صحابہ اور تابعین اور اُنسے پچھلون نے اس بات پر کہ نفاس والی عورت نماز کو چالیس دن تک چھوڑ دے مگر یہ کہ قبل اسکے طہارت کو دیکھے سو وہ غسل کرے اور نماز پڑھے۔ اور اگر بعد چالیس روز کے بھی خون کو دیکھے تو اکثر اہل علم نے کہا ہے کہ بعد چالیس روز کے نماز کو ترک نہ کرے۔ اور یہ قول ہے اکثر فقہا کا۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے سفیان ثوری اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق اور حسن بصری سے مروی ہے کہ کہا اُسنے کہ وہ پچاس روز تک نماز کو ترک کرے جب کہ وہ پاک نہو۔ اور عطاء بن ابی رباح اور شعبی سے ساٹھ روز مروی ہین

باب اس بیان کہ مرد اپنی تمام عورتون پر ایک غسل مین طواف[۲] کرے

---

[۱] ورس ایک قسم کی گھاس ہے چھائین کو بہت نافع ہے۔ چونکہ نفاس کے وقت مین عورت کے چہرے پر چھائیان بہت ہوتی ہین اسلیئے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس جگہ کو ذکر کیا ہے کہ ہم آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین چھائیون کی دوا ورس سے کیا کرتے تھے نفاس والی عورت چالیس روز تک نماز اور روزہ اور جماع سے بند رہے۔ بشرطیکہ اُسکو چالیس روز تک بلا انقطاع اس سے خون آوے۔ اور اگر ان ایام سے قبل ہی پاک ہو جاوے تو جتنے روز اُسکو خون آوے اُتنے روز نماز وغیرہ سے بند رہے [۲] طواف کے معنے جماع کے ہین ۱۲

حدثنا بندار نا ابواحمد نا سفیان عن معمر عن قتادۃ عن انس ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کان یطوف علی نسائہٖ
فی غسل واحد وفی الباب عن ابی رافع **قال** ابوعیسی حدیث انس حدیث صحیح وھو قول غیر واحد من اھل العلم منھم الحسن البصری
ان لا باس ان یعود قبل ان یتوضأ وقد روی محمد بن یوسف ھذا عن سفیان فقال عن ابی عروۃ عن ابی الخطاب عن انس
وابوعروۃ ھو معمر بن راشد وابوالخطاب قتادۃ بن دعامۃ **باب** ماجاء اذا اراد ان یعود توضأ **حدثنا** ھناد نا حفص
بن غیاث عن عاصم الاحول عن ابی المتوکل عن ابی سعید الخدری عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم قال اذا اتی احدکم اھلہ ثم اراد
ان یعود فلیتوضأ بینھما وضوءً وفی الباب عن عمر **قال** ابوعیسی حدیث ابی سعید حدیث حسن صحیح وھو قول عمر بن الخطاب و
قال بہ غیر واحد من اھل العلم قالوا اذا جامع الرجل امرأتہ ثم اراد ان یعود فلیتوضأ قبل ان یعود وابوالمتوکل اسمہ علی بن داؤد
وابوسعید الخدری اسمہ سعد بن مالک بن سنان **باب** ماجاء اذا اقیمت الصلوٰۃ ووجد احدکم الخلاء فلیبدأ بالخلاء
حدثنا ھناد نا ابومعاویۃ عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عبداللہ بن ارقم قال اقیمت الصلوٰۃ فاخذ بید رجل فقدمہ وکان
امام القوم وقال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول اذا اقیمت الصلوٰۃ ووجد احدکم الخلاء فلیبدأ بالخلاء وفی الباب
عن عائشۃ وابی ھریرۃ وثوبان وابی امامۃ **قال** ابوعیسی حدیث عبداللہ بن ارقم حدیث حسن صحیح ھکذا روی مالک بن انس
ویحیی بن سعید القطان وغیر واحد من الحفاظ عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عبداللہ بن الارقم وروی وھیب وغیرہ
عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن رجل عن عبداللہ بن الارقم وھو قول غیر واحد من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم والتابعین

حدیث کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے ابواحمد نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے معمر سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے یہ کہ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم اپنی تمام عورتوں پر ایک غسل میں طواف کرتے تھے۔ اور اس باب میں روایت ہی ابی رافع سے بھی کہا ابوعیسے نے حدیث انس
کی صحیح ہی۔ اور یہ قول ہی کئی ایک اہل علم کا۔ انہیں سے حسن بصری ہی کہ وضو کرنے سے پہلے دوسری بار اعادہ کرنے میں کچھ خوف نہیں ہی
اور روایت کی ہی یہ حدیث محمد بن یوسف نے سفیان سے پس کہا اُسنے یہ روایت ہی ابی عروہ سے وہ راوی ہی ابی الخطاب سے وہ انس
سے اور ابوعروہ وہ معمر بن راشد ہی اور ابوالخطاب قتادہ بن دعامہ ہی **باب** اس بیان میں کہ جب دوبارہ جماع کرنے کا ارادہ کرے
تو وضو کرے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن غیاث نے عاصم الاحول سے اُسنے ابی المتوکل سے اُسنے ابی سعید خدری سے
اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے جب کوئی شخص تم میں سے اپنی اہل کے پاس آوے پھر وہ دوسری مرتبہ بھی آنے کا ارادہ کرتا ہو تو چاہیے
کہ درمیان ان دونوں کے وضو کرے۔ اور اس باب میں روایت ہی حضرت عمر سے بھی کہا ابوعیسے نے حدیث ابی سعید کی حسن صحیح ہی اور یہی
قول ہی عمر بن الخطاب رضی کا۔ اور کہا ہی ساتھ اسکے کئی ایک اہل علم نے کہ کہا انھوں نے جب کوئی مرد اپنی عورت سے جماع کرے پھر دوبارہ عود
کرنے کا ارادہ رکھتا ہو تو چاہیے کہ عود کرنے سے پہلے وضو کر لے۔ اور ابوالمتوکل کا نام علی بن داؤد ہی اور ابی سعید خدری کا نام سعد بن
مالک بن سنان ہی **باب** جب نماز کے لیے تکبیر ہو جائے اور کسیکو تم میں سے پائخانہ کی حاجت ہو تو چاہیے کہ پہلے پائخانہ بیٹھے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے
کہا حدیث کی ہمسے ابومعاویہ نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عبداللہ بن ارقم سے کہ کہا اُسنے نماز کے لیے تکبیر ہو گئی پس عبداللہ نے
ایک مرد کا ہاتھ پکڑ کر اُسکو آگے کیا یعنی امام بنایا حالانکہ خود اُس قوم کا امام تھا اور کہا سینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہی کہ فرماتے جب
نماز کے لیے تکبیر ہو جائے اور کسی کو تم میں سے پائخانہ کی حاجت ہو تو چاہیے کہ پہلے پائخانہ بیٹھے اور اس باب میں روایت ہی عائشہ اور ابی ہریرہ
اور ثوبان اور ابی امامہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابوعیسی نے حدیث عبداللہ بن ارقم کی حسن صحیح ہی اور ایسا ہی روایت کیا ہی مالک بن انس اور یحیی بن سعید
القطان اور کئی ایک ور حفاظ نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اسنے عبداللہ بن ارقم سے۔ اور روایت کی ہی وہیب وغیرہ نے ہشام بن عروہ سے
اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ایک مرد سے اُسنے عبداللہ بن ارقم سے اور یہ قول ہی کئی ایک صحابہ اور تابعین کا۔

سلہ کہا صاحب فتح نے اجماع ہی اس بات پر کہ غسل کرنا درمیان میں واجب نہیں مستحب ہے دلیل اسپر حدیث ابوداؤد اور نسائی کی ہی جو ابورافع سے مروی ہی عن ابی رافع انہ صلی اللہ علیہ وسلم طاف ذات یوم علی نسائہ یغتسل عند ھذہ وعند ھذہ قال فقلت یا رسول اللہ الا تجعلہ غسلا واحدا قال ھذا ازکی واطیب واطھر۔ اور درمیان وضو کرنے میں اختلاف ہی کہا امام ابویوسف نے مستحب نہیں ہی اور کہا جمہور نے مستحب ہی اور کہا ابن حبیب مالکی اور اہل ظاہر نے واجب ہی دلیل ان کی حدیث ابی سعید کی
جو مروی ہی صحیح مسلم میں مگر کہتے ہیں ابن خزیمہ نے کہا ہی کہ کہا بعض اہل علم نے کہ مراد وضو سے وضو لغوی ہی یعنی استنجا وغیرہ کرنا پھر ابن خزیمہ نے اس بات کو رد کر کے کہا ہی کہ مراد وضو شرعی ہی استحباب کی یہ دلیل ہی اور وجوب کی دلیل اسکی حدیث ابی سعید کی ہی کہ اسکی بعض روایت میں آیا ہی
فانہ انشط للعود اور نیز طحاوی نے حضرت عائشہ سے روایت کی ہی۔ قالت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یجامع ثم یعود ولا یتوضأ یعنی آنحضرت جماع کرتے تھے پھر دوبارہ جماع کرتے اور درمیان میں وضو نہ کرتے ۔۔ ۱۲

وبه يقول احمد واسحاق قالا لا يقوم الى الصلوة وهو يجد شيئا من الغائط والبول قالا ان دخل في الصلوة فوجد شيئا من ذلك فلا ينصرف ما لم يشغله وقال بعض اهل العلم لا بأس ان يصلي وبه غائط وبول ما لم يشغله ذلك عن الصلوة **باب** ما جاء في الوضوء من الموطى حدثنا قتيبة نا مالك بن انس عن محمد بن عمارة عن محمد بن ابراهيم عن ام ولد لعبد الرحمن بن عوف قالت قلت لام سلمة انى امرأة اطيل ذيلي وامشي في المكان القذر فقالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يطهره ما بعده وروى عبد الله بن المبارك هذا الحديث عن مالك بن انس عن محمد بن عمارة عن محمد بن ابراهيم عن ام ولد لهود بن عبد الرحمن بن عوف عن ام سلمة وهو وهم وانما هو عن ام ولد لابراهيم بن عبد الرحمن بن عوف عن ام سلمة وهذا الصحيح وفي الباب عن عبد الله بن مسعود قال كنا نصلي مع رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا نتوضأ من الموطى **قال** ابو عيسى وهو قول غير واحد من اهل العلم قالوا اذا وطي الرجل على المكان القذر انه لا يجب عليه غسل القدم الا ان يكون رطبا فيغسل ما اصابه **باب** ما جاء في التيمم **حدثنا** ابو حفص عمرو بن علي الفلاس نا يزيد بن زريع نا سعيد عن قتادة عن عزرة عن سعيد بن عبد الرحمن بن ابزى عن ابيه عن عمار بن ياسر ان النبي صلى الله عليه وسلم امره بالتيمم للوجه والكفين وفي الباب عن عائشة وابن عباس **قال** ابو عيسى حديث عمار حديث حسن صحيح وقد روي عن عمار من غير وجه وهو قول غير واحد من اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم منهم علي وعمار وابن عباس وغير واحد من التابعين منهم الشعبي وعطاء ومكحول قالوا التيمم ضربة للوجه والكفين وبه يقول احمد واسحاق وقال بعض اهل العلم منهم ابن عمر وجابر وابراهيم والحسن التيمم ضربة للوجه وضربة لليدين الى المرفقين وبه يقول سفيان الثوري ومالك وابن المبارك والشافعي وقد روي هذا الوجه عن عمار في التيمم انه

اور ساتھ اسی کے کہتا ہے احمد اور اسحاق کہا ان دونوں نے نماز کی طرف نہ کھڑا ہو اس حالت میں کہ اسکو پاخانہ یا پیشاب کی حاجت ہو کہا ان دونوں نے اگر کوئی شخص نماز میں داخل ہو پھر اسکو پاخانہ وغیرہ کی حاجت ہو تو چاہیے کہ نماز سے منھ نہ پھیرے جب تک کہ وہ نہ مشغول کرے اُسکو اور کہا بعض اہل علم نے حالت پاخانہ اور پیشاب میں نماز پڑھنے میں کچھ خوف نہیں جب تک کہ اُسکو نماز سے بند نکرے **باب** نجاست روندنے سے وضو کرنے کے بیان میں حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے محمد بن عمارہ سے اُسنے محمد بن ابراہیم سے اُسنے عبدالرحمن بن عوف کی ام ولد سے کہا اُسنے میں نے ام سلمہ سے کہا کہ میں ایک عورت ہوں کہ میرا دامن لٹکتا ہے اور نجس مکان میں چلتی ہوں سو کہا ام سلمہ نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکو ما بعد اُسکا پاک کرتا ہے۔ اور روایت کی ہے اس حدیث کو عبد اللہ بن مبارک نے مالک بن انس سے اُسنے محمد بن عمارہ سے اُسنے محمد بن ابراہیم سے اُسنے ہود بن عبد الرحمن بن عوف کی ام ولد سے اُسنے ام سلمہ سے۔ اور یہ وہم ہے کہ وہ ابراہیم بن عبد الرحمن بن عوف کی ام ولد ہے جو راوی ہے ام سلمہ سے اور یہ صحیح ہے اور اس باب میں عبد اللہ بن مسعود سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتے تھے۔ اور ناپاکی کے روندنے سے وضو نہ کرتے تھے کہا ابو عیسی نے اور یہ قول ہے کئی ایک اہل علم کا۔ کہا انھوں نے کہ جب آدمی نجس مکان کو روندے تو اُسپر پانوں کا دھونا واجب نہیں مگر یہ کہ تر ہو پس وہ جگہ دھولی جاوے جسکو نجاست لگی ہو **باب** تیمم کے بیان میں حدیث کی ہمسے ابو حفص عمرو بن علی فلاس نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن زریع نے کہا حدیث کی ہمسے سعید نے قتادہ سے اُسنے عزرہ سے اُسنے سعید بن عبد الرحمن بن ابزی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عمار بن یاسر سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنکو منھ اور ہاتھوں کے لیے تیمم کرنے کا حکم دیا اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور ابن عباس سے کہا ابو عیسی نے حدیث عمار کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اور یہ حدیث عمار سے کئی اور وجہ سے بھی مروی ہے اور یہ قول ہے کئی ایک اہل علم کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے انمیں علی اور عمار اور ابن عباس ہیں اور کئی تابعین بھی ہیں انمیں شعبی اور عطا اور مکحول ہیں کہا انھوں نے تیمم ایک ضرب ہے منھ اور ہاتھوں کے لیے۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے احمد اور اسحاق۔ اور کہا بعض اہل علم نے انمیں سے ابن عمر اور جابر اور ابراہیم اور حسن ہیں کہ تیمم ایک ضرب ہے واسطے منھ کے اور ایک ضرب ہے واسطے ہاتھوں کے کہنیوں تک اور ساتھ اسی کے کہتا ہے سفیان ثوری اور مالک اور ابن مبارک اور شافعی۔ اور یہ وجہ تیمم کی عمار سے بھی کئی وجہ سے مروی ہے۔

ف۱ یعنی اگر کوئی شخص نماز پڑھنے کے واسطے کھڑا ہو گیا اور نماز میں اسکو پاخانہ یا پیشاب معلوم ہوا تو نماز میں مشغول رہے جب تک کہ پاخانہ اُسپر غلبہ نکرے ۱۲ ف۲ فرمایا اُنھے جب تو نجس مکان سے گذر کر پاک جگہ پر پہونچیگی تو پاک مکان پر دامن رگڑنے سے وہ نجاست دور ہو جاویگی۔ یہ اُس صورت میں ہے کہ جب نجاست خشک ہو کیونکہ تر نجاست بے سوائے دھونے کے پاک نہیں ہوتا جیسا کہ خود ترمذی نے آخر باب میں بیان کیا ہے ۱۲

قال الوجه والكفين من غير وجه وقد روي عن عمار انه قال تيممنا مع النبي صلى الله عليه وسلم الى المناكب والآباط فضعف بعض اهل العلم حديث عمار عن النبي صلى الله عليه وسلم في التيمم للوجه والكفين لما روي عنه حديث المناكب والآباط قال اسحاق بن ابراهيم حديث عمار في التيمم للوجه والكفين هو حديث صحيح وحديث عمار تيممنا مع النبي صلى الله عليه وسلم الى المناكب والآباط ليس بمخالف لحديث الوجه والكفين لان عمارا لم يذكر ان النبي صلى الله عليه وسلم امرهم بذلك وانما قال فعلنا كذا وكذا فلما سال النبي صلى الله عليه وسلم امره بالوجه والكفين والدليل على ذلك ما افتى به عمار بعد النبي صلى الله عليه وسلم في التيمم انه قال الوجه والكفين ففي هذا دلالة على انه انتهى الى ما علمه النبي صلى الله عليه وسلم **ثنا** يحيى بن موسى نا سعيد بن سليمان نا هشيم عن محمد بن خالد القرشي عن داود بن حصين عن عكرمة عن ابن عباس انه سئل عن التيمم فقال ان الله قال في كتابه حين ذكر الوضوء فاغسلوا وجوهكم وايديكم الى المرافق وقال في التيمم فامسحوا بوجوهكم وايديكم منه وقال والسارق والسارقة فاقطعوا ايديهما فكانت السنة في القطع الكفين انما هو الوجه والكفين يعني التيمم **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح غريب **باب** حدثنا ابو سعيد الاشج نا حفص بن غياث و عقبة بن خالد قالا نا الاعمش وابن ابي ليلى عن عمرو بن مرة عن عبد الله بن سلمة عن علي قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقرئنا القرآن على كل حال ما لم يكن جنبا **قال** ابو عيسى حديث علي حديث حسن صحيح

کہ کہا اُسنے منہہ اور ہاتھ ہین۔ اور نیز عمار سے مروی ہی کہ کہا اُسنے ہمنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کاندھون اور بغلون تک تیمم کیا۔ اور بعض اہل علم سلہ نے عمار کی حدیث کو جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تیمم کے باب مین منہہ اور ہاتھون کے لیے ہی ضعیف کیا ہی اسلیے کہ اُس سے حدیث کاندھون اور بغلون کی بھی مروی ہی۔ کہا اسحاق بن ابراہیم نے حدیث عمار کی جو تیمم کے باب مین منہہ اور ہاتھون کے لیے ہی وہ حدیث صحیح ہی۔ اور حدیث عمار کی جسمین ذکر ہی کہ ہمنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کاندھون اور بغلون تک تیمم کیا منہہ اور ہاتھون والی حدیث کے مخالف نہین ہی۔ اسلیے کہ عمار نے خبر نہین کیا کہ اُنکو یہ حکم نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا ہی اُسنے تو کہا ہی کہ ہم نے اس طرح کیا سو جب اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تو آپ نے منہہ اور ہاتھون کا حکم دیا۔ اور دلیل اسپر یہہ ہی کہ عمار نے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تیمم مین فتوے دیا ہی کہ کہا اُسنے تیمم منہہ اور ہاتھون کے لیے ہی۔ سو اسمین اس بات پر دلالت ہی کہ آخر مین اُسنے وہی کہا ہی جو کچھ آنحضرت نے اُسکو سکھلایا ہی حدیث کی ہمسے یحیی بن موسے نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن سلیمان نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے محمد بن خالد قرشی سے اُسنے داود بن حصین سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ وہ تیمم کی بابت سوال کیا گیا سو کہا اُسنے اللہ تعالے نے اپنی کتاب مین فرمایا ہی جہان اُسنے وضو کا ذکر کیا ہی پس دہوؤ تم منہون اپنون کو اور ہاتھون اپنون کو کہنیون تک۔ اور تیمم مین فرمایا ہی پس مسح کرو منہون اپنون کو اور ہاتھون اپنون کو اُس سے اور فرمایا اللہ نے اور چور اور چورنی پس کاٹو ہاتھ اُن دونون کے۔ پس سنت قطع کرنے مین تو دونون ہاتھ ہین لہذا تیمم مین بھی منہہ اور دونون ہاتھ ہین کہا ابو عیسے نے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہی۔ **باب** حدیث کی ہمسے ابو سعید اشج نے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن غیاث اور عقبہ بن خالد نے کہا دونون نے حدیث کی ہمسے اعمش اور ابن ابی لیلے نے عمرو بن مرہ سے اُسنے عبد اللہ بن سلمہ سے اُسنے علی سے کہ کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمکو ہر حالت مین قرآن پڑہاتے تہے جبتک کہ جنبی نہ ہوتے کہا ابو عیسی نے حدیث علی کی حسن صحیح ہے

سلہ بعض اہل علم نے حدیث عمار مین وجہ ضعف کی یہ بیان کی ہی کہ عمار کی حدیث دو وجہ سے مروی ہی۔ ایک مین ذکر ہی ایک ضرب کا دوسری مین دو ضرب کا اور نیز دوسری مین ہی کہ بغلون اور کاندھون تک تیمم کیا صاحب ترمذی اور اسحاق نے اسکا یہ جواب دیا ہی کہ یہ دونون حدیثین جو عمار سے مروی ہین آپس مین مخالف نہین ہین کیونکہ عمار نے یہ ذکر نہین کیا کہ ہمکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بغلون اور کاندھون تک تیمم کرنے کا حکم دیا ہی بلکہ یہ اسکا اپنا فعل ہی اور جسمین ذکر ہی ایک ضرب کا وہ آنحضرت کا فرمان ہی پس اسکا فعل آنحضرت کے فرمان کا مقابلہ نہین کر سکتا۔ اور یہ حکم آپنے اُس وقت دیا کہ جب عمار نے آنحضرت سے پوچھا اور دلیل اسکی یہ ہی کہ حکم آپ نے اُس وقت دیا ہی جب اُسنے آنحضرت سے سوال کیا یہ سے کہ عمار نے بعد وفات ہونے آنحضرت کے یہی فتوی دیا ہی کہ تیمم منہہ اور ہاتھون کے لیے ایک ضرب ہی ہی سلہ ابن عباس سے کسی نے سوال کیا کہ تیمم مین فقط منہہ اور دونو ہاتھون پر مسح کرنا چاہیے یا بغلون اور کاندھون تک مسح کرنا چاہیے اُسنے جواب دیا کہ اللہ تعالی نے اپنی کتاب مین جہان وضو کا ذکر کیا ہی جو کہا اللہ تعالی نے فاغسلوا الخ تو منہہ دھونے کا حکم فرمایا اُسکے ساتھ ہاتھون کو کہنیون تک دھوؤ۔ اور جہان اللہ تعالی نے تیمم کا ذکر فرمایا ہی وہان اللہ تعالی نے فقط منہہ اور ہاتھون پر مسح کرنے کا حکم دیا ہی۔ ہاتھون کے ساتھ کہنیون وغیرہ کی کوئی قید زیادہ نہین کی جیسا کہ وضو مین تھی اور یہان اللہ تعالی نے چور کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا ہی وہان بھی اللہ تعالے نے انکی کی قید زیادہ نہین فرمائی پس سنت اسطرح جاری ہوئی ہی کہ چور کے فقط ہاتھ ہی کاٹے جاوین۔ پس اسی طرح تیمم مین بھی فقط منہہ اور ہاتھون پر مسح کرنا چاہیے۔ کیونکہ اللہ تعالے نے مسح کے ساتھ کوئی قید زیادہ نہین کی جیسا کہ قطع کے باب مین نہین کی۔ اگر اللہ تعالے کی مرضی کہنیون تک ہوتی تو کہنیون وغیرہ کی قید ضرور بیان کی جاتی جیسا کہ وضو مین کی گئی ہی ۱۲

وبه قال غير واحد من اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم والتابعين قالوا يقرأ الرجل القرآن على غير وضوء ولا يقرأ
في المصحف الا وهو طاهر وبه يقول سفيان الثوري والشافعي واحمد واسحاق **باب** ما جاء في البول يصيب الارض **حدثنا**
ابن ابي عمر وسعيد بن عبد الرحمن المخزومي قالا نا سفيان بن عيينة عن الزهري عن سعيد بن المسيب عن ابي هريرة قال دخل اعرابي
المسجد والنبي صلى الله عليه وسلم جالس فصلى فلما فرغ قال اللهم ارحمني ومحمدا ولا ترحم معنا احدا فالتفت اليه النبي صلى الله عليه
وسلم فقال لقد تحجرت واسعا فلم يلبث ان بال في المسجد فاسرع اليه الناس فقال النبي صلى الله عليه وسلم اهريقوا عليه سجلا من ماء او دلوا
من ماء ثم قال انما بعثتم ميسرين ولم تبعثوا معسرين قال سعيد قال سفيان وحدثني يحيى بن سعيد عن انس بن مالك نحو هذا وفي
الباب عن عبد الله بن مسعود وابن عباس وواثلة بن الاسقع **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند بعض
اهل العلم وهو قول احمد واسحاق وقد روى يونس هذا الحديث عن الزهري عن عبيد الله بن عبد الله عن ابي هريرة **ابواب الصلوة**
عن رسول الله صلى الله عليه وسلم بسم الله الرحمن الرحيم **باب** ما جاء في مواقيت الصلوة عن النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا**
هناد بن السري نا عبد الرحمن بن ابي الزناد عن عبد الرحمن بن الحارث بن عياش بن ابي ربيعة عن حكيم بن حكيم وهو ابن عباد قال
اخبرني نافع بن جبير بن مطعم قال اخبرني ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال امني جبريل عند البيت مرتين فصلى الظهر
في الاولى منهما حين كان الفيء مثل الشراك ثم صلى العصر حين كان كل شيء مثل ظله ثم صلى المغرب حين وجبت الشمس وافطر الصائم
ثم صلى العشاء حين غاب الشفق ثم صلى الفجر حين برق الفجر وحرم الطعام على الصائم وصلى المرة الثانية الظهر حين كان ظل كل شيء مثله
لوقت العصر بالامس ثم صلى العصر حين كان ظل كل شيء مثليه ثم صلى المغرب لوقته الاول ثم صلى العشاء الاخرة حين ذهب ثلث
الليل ثم صلى الصبح حين اسفرت الارض ثم التفت الي جبريل فقال يا محمد هذا وقت الانبياء من قبلك والوقت فيما بين هذين الوقتين

اور ساتھ اسی کے کہا ہے کئی ایک اہل علم صحابہ اور تابعین میں سے کہا انہوں نے آدمی بلا وضو قرآن پڑھ لے اور قرآن مجید پر (دیکھکر) سواے طہارت
کے نہ پڑھے اور ساتھ اسی کے کہتا ہے سفیان ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحاق **باب** اس بیان میں کہ پیشاب زمین کو پہونچ جاوے **حدیث** کی ہمسے
ابن ابی عمر اور سعید بن عبد الرحمٰن مخزومی نے کہا انہوں نے حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے زہری سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے ابوہریرہ
سے کہا اُسنے ایک اعرابی مسجد میں داخل ہوا اُس حالت میں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھے ہوئے تھے سو اُسنے نماز پڑھی اور جب فارغ ہوا تو کہنے لگا اے
اللہ مجھپر اور محمد پر رحم کر اور کسی کو ہمارے ساتھ رحم مت کر سو اسکی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے توجہ کی اور فرمایا البتہ تو نے تو بڑی فراخ رحمت
کو بند کر دیا ہے پھر اُسنے کچھ دیر نہ کی کہ اُسنے مسجد میں پیشاب کر دیا پس اُسکی طرف لوگوں نے جلدی کی سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسپر ایک بڑا ڈول
پانی کا ڈالدو یا ڈول پانی کا (شک راوی) پھر فرمایا آپ نے تم تو آسانی کے واسطے بھیجے گئے ہو تنگی کرنے کے واسطے نہیں بھیجے گئے. کہا سعید نے کہا
سفیان نے اور حدیث کی مجھے یحییٰ بن سعید نے انس بن مالک سے مثل اسکے۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن مسعود اور ابن عباس اور واثلہ
بن اسقع سے۔ کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور بعض اہل علم کے نزدیک عمل اسی پر ہے۔ اور یہ قول ہے امام احمد اور اسحاق کا۔ اور روایت کی
ہے یہ حدیث یونس نے زہری سے اُسنے عبید اللہ بن عبد اللہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے۔ **ابواب** نماز کے اُن احادیث کے بیان میں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم سے مروی ہیں بسم اللہ الرحمن الرحیم **باب** نماز کے وقتوں کے بیان میں جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں **حدیث** کی ہمسے ہناد بن سری نے کہا حدیث
کی ہمسے عبد الرحمن بن ابی الزناد نے عبد الرحمن بن حارث بن عیاش بن ابی ربیعہ سے اُسنے حکیم بن حکیم سے اور وہ بیٹا عباد کا ہے کہا اُسنے خبر دی مجھے نافع بن جبیر بن
مطعم نے کہا خبر دی مجھے ابن عباس نے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مجھ کو جبرئیل علیہ السلام نے خانہ کعبہ کے پاس دو مرتبہ امامت کرائی ہے پس آنحضرت نے ان
دونوں میں سے پہلے مرتبہ نماز ظہر کی اُسوقت میں پڑھی کہ سایہ مثل تسمہ جوتی کے ہو گیا پھر عصر کی نماز اُسوقت میں پڑھی کہ ہر ایک چیز مثل اپنی سایہ کی ہو گئی پھر مغرب کی
اُسوقت میں پڑھی کہ جب آفتاب ڈوب گیا اور روزہ دار نے روزہ افطار کیا پھر عشا کی نماز اُسوقت میں پڑھی جبکہ سُرخی غائب ہو گئی پھر صبح کی نماز اُسوقت میں پڑھی جبکہ
پھٹی اور روزہ دار پر کھانا حرام ہوا اور دوسری مرتبہ ظہر کی نماز اُسوقت میں پڑھی جب کہ ہر ایک چیز کا سایہ مثل قد اُسکے کے ہو گیا یعنی کل کی عصر کے وقت میں پھر عصر
کی نماز اُسوقت میں پڑھی جبکہ ہر ایک چیز کا سایہ اُسکی دو مثل کے برابر ہو گیا۔ پھر مغرب کی نماز پہلے ہی وقت میں پڑھ لی پھر عشا کی نماز اُسوقت میں پڑھی جب کہ تیسرا حصہ
رات کا گذر گیا پھر فجر کی نماز اُسوقت میں پڑھی جب کہ زمین روشن ہو گئی پھر میری طرف جبرئیل ع نے توجہ فرمائی اور کہا یہی وقت ہے اُن نبیوں کا جو آپ سے پہلے گذرے ہم

فی الباب عن ابی هريرة وبريدة وابی موسی وابی مسعود وابی سعيد وجابر وعمرو بن حزم والبراء وانس حدثنا احمد بن محمد بن موسی نا عبدالله بن المبارك اخبرنی حسين بن علی بن الحسين اخبرنی وهب بن كيسان عن جابر بن عبدالله عن رسول الله صلی الله عليه قال امنی جبريل فذكر نحو حديث ابن عباس بمعناه ولم يذكر فيه لوقت العصر بالامس وحديث جابر فی المواقيت قد رواه عطاء بن ابی رباح وعمرو بن دينار وابو الزبير عن جابر بن عبدالله عن النبی صلی الله عليه وسلم نحو حديث وهب بن كيسان عن جابر عن النبی صلی الله عليه وسلم قال ابوعيسی حديث ابن عباس حديث حسن وقال محمد اصح شئ فی المواقيت حديث جابر عن النبی صلی الله عليه وسلم باب منه حدثنا هناد نا محمد بن فضيل عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم ان للصلوة اولا و اخرا وان اول وقت صلوة الظهر حين تزول الشمس واخر وقتها حين يدخل وقت العصر وان اول وقت العصر حين يدخل وقتها وان اخر وقتها حين تصفر الشمس وان اول وقت المغرب حين تغرب الشمس وان اخر وقتها حين يغيب الشفق وان اول وقت العشاء الاخرة حين يغيب الافق وان اخر وقتها حين ينتصف الليل وان اول وقت الفجر حين يطلع الفجر وان اخر وقتها حين تطلع الشمس وفی الباب عن عبدالله بن عمرو قال ابوعيسی سمعت محمدا يقول حديث الاعمش عن مجاهد فی المواقيت اصح من حديث محمد بن فضيل عن الاعمش وحديث محمد بن فضيل خطاء اخطاء فيه محمد بن الفضيل حدثنا هناد نا ابواسامة عن ابی اسحاق الفزاری عن الاعمش عن مجاهد قال كان يقال ان للصلوة اولا واخرا فذكر نحو حديث محمد بن فضيل عن الاعمش نحوه بمعناه حدثنا احمد بن منيع والحسن بن صباح البزار واحمد بن محمد بن موسی المعنی واحد قالوا نا اسحاق بن يوسف الازرق عن سفيان عن علقمة بن مرثد عن سليمان بن بريدة عن ابيه قال اتی النبی صلی الله عليه وسلم رجل فساله عن مواقيت الصلوة فقال اقم معنا ان شاء الله فامر بلالا فاقام

اور آپ کی نماز کا وقت بھی انہیں دو وقتوں کے درمیان ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابو ہریرہ اور بریدہ اور ابی موسی اور ابی مسعود اور ابی سعید اور جابر اور عمرو بن حزم اور براء اور انس سے رضی اللہ عنہم۔ حدیث کی ہمسے احمد بن محمد بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن مبارک نے کہا خبر دی مجھے حسین بن علی بن حسین نے کہا خبر دی مجھے وہب بن کیسان نے جابر بن عبداللہ سے اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے مجھے جبرئیل علیہ السلام نے نماز پڑھائی پھر اُسنے مثل حدیث ابن عباس کے ذکر کیا۔ اور اُسنے اس روایت میں یہ الفاظ (یعنی کل کے وقت عصر میں) ذکر نہیں کیے۔ اور جابر کی حدیث کو جو وقتوں کے باب میں ہے روایت کیا ہے اُسکو عطا بن ابی رباح اور عمرو بن دینار اور ابو الزبیر رضی اللہ عنہم نے جابر بن عبداللہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل حدیث وہب بن کیسان کے جو اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہا ابو عیسی نے حدیث ابن عباس کی حسن ہے۔ اور کہا محمد نے بہت صحیح حدیث جو نماز کے وقتوں میں ہے وہ حدیث جابر کی ہے جو اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے باب اسی قسم سے حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے اُسنے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک نماز کا اول اور آخر ہے۔ اور اول وقت نماز ظہر کا یہ ہے کہ جب آفتاب ڈھلجائے۔ اور آخر وقت اُسکا جبکہ وقت عصر کا داخل ہوجائے۔ اور اول وقت عصر کا یہ ہے کہ جب وقت اُسکا داخل ہو۔ اور آخر وقت اُسکا یہ ہے کہ جب آفتاب زرد ہوجائے۔ اور اول وقت مغرب کا یہ ہے کہ جب آفتاب غروب ہوجائے اور آخر وقت اُسکا یہ ہے کہ جب سرخی غائب ہوجائے اور اول وقت عشا کا یہ ہے کہ جب کنارے یعنی سرخی غائب ہوجائے اور آخر وقت اُسکا جب کہ آدھی رات گذر جائے۔ اور اول وقت فجر کا یہ ہے جبکہ فجر پھٹے اور آخر وقت اُسکا جبکہ آفتاب طلوع کرے۔ اور اس باب میں روایت ہے عبداللہ بن عمرو سے بھی کہا ابو عیسی نے میں نے محمد سے سُنا ہے کہ کہتا حدیث اعمش کی جو مجاہد سے وقتوں کے باب میں مروی ہے زیادہ صحیح ہے حدیث محمد بن فضیل سے جو اعمش سے ہے اور حدیث محمد بن فضیل کی خطا ہے خطا میں محمد بن فضیل نے کیا ہے حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسامہ نے ابو اسحاق فزاری سے اُسنے اعمش سے اُسنے مجاہد سے کہا اُسنے کہا جاتا ہے کہ نماز کا اول و آخر ہے یوں ذکر کیا اُسنے مثل حدیث محمد بن فضیل کے جو اعمش سے ہے مثل اُسکے ساتھ اُسکے معنے کی حدیث کی ہمسے احمد بن منیع اور حسن بن صباح بزار اور احمد بن محمد بن موسی نے (معنی واحد ہیں) کہا انہوں نے حدیث کی ہمسے اسحاق بن یوسف ازرق نے سفیان سے اُسنے علقمہ بن مرثد سے اُسنے سلیمان بن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا پس اُسنے نماز کے وقتوں کی بابت سوال کیا سو فرمایا آپنے انشاء اللہ ہمارے پاس ٹھہر سو آنحضرت نے بلال کو حکم دیا سو اُسنے تکبیر کہی

حين طلع الفجر ثم امره فاقام حين زالت الشمس فصلى الظهر ثم امره فاقام فصلى العصر والشمس بيضاء مرتفعة ثم امره بالمغرب حين
وقع حاجب الشمس ثم امره بالعشاء فاقام حين غاب الشفق ثم امره من الغد فنور بالفجر ثم امره بالظهر فابرد وانعم ان يبرد ثم امره
بالعصر فاقام والشمس آخر وقتها فوق ما كانت ثم امره فاخر المغرب الى قبيل ان يغيب الشفق ثم امره بالعشاء فاقام حين ذهب
ثلث الليل ثم قال اين السائل عن مواقيت الصلوة فقال الرجل انا فقال مواقيت الصلوة كما بين هذين قال ابو عيسى هذا حديث
حسن غريب صحيح وقد رواه شعبة عن علقمة بن مرثد ايضا **باب** ما جاء في التغليس بالفجر **حدثنا** قتيبة عن مالك بن انس
ح قال ونا الانصاري نا معن نا مالك عن يحيى بن سعيد عن عمرة عن عائشة قالت ان كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ليصلي الصبح
فينصرف النساء قال الانصاري فتمر النساء متلففات بمروطهن ما يعرفن من الغلس وقال قتيبة متلففات وفي الباب عن ابن
عمر وانس وقيلة ابنة مخرمة **قال** ابو عيسى حديث عائشة حديث حسن صحيح وهو الذي اختاره غير واحد من اهل العلم من اصحاب
النبي صلى الله عليه وسلم منهم ابو بكر وعمر ومن بعدهم من التابعين وبه يقول الشافعي واحمد واسحاق يستحبون التغليس بصلوة الفجر
باب ما جاء في الاسفار بالفجر **حدثنا** هناد نا عبدة عن محمد بن اسحاق عن عاصم بن عمر بن قتادة عن محمود بن لبيد عن رافع
بن خديج قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اسفروا بالفجر فانه اعظم للاجر وفي الباب عن ابي برزة وجابر وبلال وقد
روى شعبة والثوري هذا الحديث عن محمد بن اسحاق ورواه محمد بن عجلان ايضا عن عاصم بن عمر بن قتادة **قال** ابو عيسى حديث رافع بن
خديج حديث حسن صحيح وقد راى غير واحد من اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم والتابعين الاسفار بصلوة الفجر وبه
يقول سفيان الثوري وقال الشافعي واحمد واسحاق معنى الاسفار ان يضح الفجر فلا يشك فيه ولم يروا ان معنى الاسفار تاخير الصلوة

جب فجر پھٹی پھر حکم دیا اُسکو پس اُسنے تکبیر کہی جب آفتاب ڈھل پڑا اور آپ نے ظہر کی نماز پڑھی پھر
اُسکو حکم دیا تو اُسنے تکبیر کہی پس آپ نے عصر کی نماز پڑھی اُس حالت میں کہ آفتاب روشن اور بلند تھا پھر آپ نے
اُسکو مغرب کا حکم اُس وقت میں دیا کہ اوپر کے کنارے آفتاب کے گر پڑے۔ پھر اُسکو عشا کا حکم دیا تو اُسنے تکبیر کہی جبکہ
سرخی غائب ہو گئی۔ پھر اُسکو کل کے دن حکم دیا تو اُس نے فجر کو روشن کیا۔ پھر اُسکو ظہر کی نماز کا حکم
دیا تو اُسنے اُسکو سرد کیا اور اچھی طرح سے سرد کیا پھر عصر کی نماز کا حکم دیا تو اُسنے تکبیر کہی اُس حالت میں کہ آفتاب آخر وقت میں تھا مگر اس سے جو پہلے تھا
پھر اُسکو حکم دیا تو اُسنے مغرب کو سرخی کے غائب ہونے کے ابتدا تک موخر کیا۔ پھر اُسکو عشا کا حکم دیا تو اُسنے تکبیر کہی جبکہ تہائی رات کی گذر گئی پھر فرمایا آپ
نے کہاں ہے وہ شخص جو نماز کے وقتوں سے سوال کرتا تھا پس کہا اُس مرد نے میں یہ ہوں پس فرمایا آپ نے وقت نماز دونکا درمیان انکے ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن
غریب ہے اور روایت کیا اسکو شعبہ نے علقمہ بن مرثد سے بھی باب صبح کی نماز کو اندھیرے میں پڑھنے کا بیان حدیث کی ہمسے قتیبہ نے مالک بن انس سے ح
کہا ترمذی نے اور حدیث کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے یحییٰ بن سعید سے اُسنے عمرہ سے اُسنے عائشہؓ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نماز پڑھتے سو عورتیں پھرتیں (کہا انصاری نے پس عورتیں گذرتیں) اُسحالت میں کہ اپنی چادروں میں لپٹی ہوئی ہوتیں اندھیرے سے پہچانی نہ جا سکتی تھیں اور کہا قتیبہ نے ڈھکی
ہوئی ہوتی تھیں اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور انس اور قیلہ بنت مخرمہ سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عائشہ کی حسن صحیح ہے اور اسی کو اختیار کیا ہے کئی ایک اہل علم
نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے انہیں سے ابو بکر صدیق اور حضرت عمر ہیں اور جو انکے تابعین ہیں سے اور ساتھ اسی کے کہتا ہے شافعی اور احمد اور اسحاق کہ یہ لوگ فجر کی نماز
کو اندھیرے میں پڑھنا مستحب جانتے ہیں باب صبح کے روشن کرنے کے بیان میں حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے محمد بن اسحق سے اُسنے عاصم
بن عمر بن قتادہ سے اُسنے محمود بن لبید سے اُسنے رافع بن خدیج سے کہا اُسنے سُنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے صبح کو روشن کرو کیونکہ یہ ثواب زیادہ ہے اور
اس باب میں روایت ہے ابی برزہ اور جابر اور بلال سے رضی اللہ عنہم اور روایت کی ہے یہ حدیث شعبہ اور ثوری نے محمد بن اسحق سے اور روایت کیا ہے اسکو محمد بن عجلان نے
بھی عاصم بن عمر بن قتادہ سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث رافع بن خدیج کی حسن صحیح ہے۔ اور کہا ہے کئی ایک اہل علم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اور تابعین سے کہ
فجر کی نماز میں اسفار چاہیے۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے سفیان ثوری اور کہا امام شافعی اور احمد اور اسحاق نے معنی اسفار کے یہ ہیں کہ صبح ایسی ظاہر ہو جاوے
کہ اسمیں شک نہ رہے اور نہیں گمان انکا کہ معنی اسفار کے تاخیر نماز کے ہیں

ف پہچانی نہ جا سکتی تھیں کہ یہ مرد ہیں یا عورتیں یعنی دیکھنے والے کو سوای وجود انسان کے کچھ تمیز نہ ہو سکتا تھا کہ یہ عورتیں یا مرد ہیں اور بعض نے کہا ہے کہ معنی اسکے یہ ہیں کہ وہ خاص خاص معلوم نہ ہو سکتی تھیں کہ
یہ فلانی عورت ہے سلہ امام طحاوی نے کہا ہے کہ مراد اس سے قرات کا لمبا کرنا ہے یعنی قرات کو اسقدر لمبا کرو کہ اچھی طرح سے صبح ہو جاوے اور بہت غلطی کی ہے اُس شخص نے جسنے اس حدیث کو غلس کی حدیث کا ناسخ ٹھہرایا

باب ما جاء في التعجيل بالظهر **حدثنا** هناد نا وكيع عن سفيان عن حكيم بن جبير عن ابراهيم عن الاسود عن عائشة قالت ما رأيت احدا كان اشد تعجيلا للظهر من رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا من ابي بكر ولا من عمر وفي الباب عن جابر بن عبد الله وخباب وابي برزة وابن مسعود وزيد بن ثابت وانس وجابر بن سمرة **قال** ابو عيسى حديث عائشة حديث حسن وهو الذي اختاره اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم ومن بعدهم قال على قال يحيى بن سعيد وقد تكلم شعبة في حكيم بن جبير من اجل حديثه الذي روى عن ابن مسعود عن النبي صلى الله عليه وسلم من سأل الناس وله ما يغنيه قال يحيى وروى له سفيان وزائدة ولم ير يحيى بحديثه بأسا قال محمد وقد روى عن حكيم بن جبير عن سعيد بن جبير عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم في تعجيل الظهر **حدثنا** الحسن بن علي الحلواني نا عبد الرزاق انا معمر عن الزهري قال اخبرني انس بن مالك ان رسول الله صلى الله عليه وسلم صلى الظهر حين زالت الشمس هذا حديث صحيح **باب** ما جاء في تاخير الظهر في شدة الحر **حدثنا** قتيبة نا الليث عن ابن شهاب عن سعيد بن المسيب وابي سلمة عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اشتد الحر فابردوا عن الصلوة فان شدة الحر من فيح جهنم وفي الباب عن ابي سعيد وابي ذر وابن عمر والمغيرة والقاسم بن صفوان عن ابيه وابي موسى وابن عباس وانس وروى عن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم في هذا ولا يصح **قال** ابو عيسى حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح وقد اختار قوم من اهل العلم تاخير صلوة الظهر في شدة الحر وهو قول ابن المبارك واحمد واسحاق وقال الشافعي انما الابراد بصلوة الظهر اذا كان مسجدا ينتاب اهله من البعد فاما المصلي وحده والذي يصلي في مسجد قومه فالذي احب له ان لا يؤخر الصلوة في شدة الحر **قال** ابو عيسى ومعنى من ذهب الى تاخير الظهر في شدة الحر هو اولى واشبه بالاتباع واما ما ذهب اليه الشافعي ان الرخصة لمن ينتاب من البعد للمشقة على الناس فان في حديث ابي ذر ما يدل على خلاف ما قال الشافعي

باب ظہر کے جلدی پڑھنے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے ہناد نے کہا حدیث کی ہم سے وکیع نے سفیان سے اُنہوں نے حکیم بن جبیر سے اُنہوں نے ابراہیم کر اُنہوں نے اسود سے اُنہوں نے عائشہ سے کہ کہا اُنہوں نے میں نے کسی کو تم میں سے نہیں دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو بکر اور عمر سے ظہر کی نماز میں جلدی کرتا ہو اور اس باب میں روایت ہے جابر بن عبد اللہ اور خباب اور ابی برزہ اور ابن مسعود اور زید بن ثابت اور انس اور جابر بن سمرہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عائشہ کی حسن ہے اور یہ ایسی ہے کہ اسی کو اہل علم صحابہ اور انکے پچھلوں نے[1] اختیار کیا ہے علی بن مدینی نے کہا یحییٰ بن سعید نے کہ کلام کیا ہے شعبہ نے حکیم ابن جبیر میں باعث اسکے اس حدیث کے جو اُنہوں نے ابن مسعود سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہ جو شخص لوگوں سے سوال کرے حالانکہ اُسکے پاس اسقدر موجود ہو جو اسکو کافی ہو الخ کہا یحییٰ نے اور روایت کی اس سے سفیان اور زائدہ نے بھی گویا یحییٰ اُسکی حدیث میں کچھ خوف نہیں دیکھتا کہا محمد نے مروی ہے حکیم بن جبیر سے اُنہوں نے روایت کی سعید بن جبیر سے اُنہوں نے عائشہ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ظہر کے جلدی پڑھنے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے حسن بن علی حلوانی نے کہا حدیث کی ہم سے عبد الرزاق نے کہا خبر دی ہم کو معمر نے زہری سے کہا خبر دی مجھے انس بن مالک نے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر کی نماز پڑھی اسوقت میں کہ آفتاب ڈھلگیا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** سخت گرمی میں ظہر کی تاخیر کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے لیث نے ابن شہاب سے اُنہوں نے سعید بن مسیب اور ابی سلمہ سے اُنہوں نے ابی ہریرہؓ سے کہا اُنہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب گرمی سخت ہو تو نماز ٹھنڈے وقت میں پڑھو کیونکہ شدت گرمی کی دوزخ کے جوش سے ہے اور اس باب میں روایت ہے ابی سعید اور ابی ذر اور ابن عمر اور مغیرہ اور قاسم بن صفوان سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اور ابی موسیٰ اور ابن عباس اور انس سے رضی اللہ عنہم اور روایت کی ہے عمر نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس باب میں لیکن وہ صحیح نہیں کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابی ہریرہ کی حسن صحیح ہے اور ایک قوم نے اہل علم سے ظہر کی نماز سخت گرمی میں مؤخر کرنا پسند کیا ہے اور یہ قول ہے ابن مبارک اور احمد اور اسحاق کا اور کہا شافعی نے ظہر کی نماز کا مؤخر کرنا تو اسی مسجد میں ہے جہاں لوگ دور سے آتے ہوں۔ اور بہر حال اکیلا آدمی اور جو اپنی قوم کی مسجد میں ہی نماز پڑھتی ہو تو اسکے لیے مستحب ہے کہ سخت گرمی میں نماز کو مؤخر نہ کرے کہا ابو عیسیٰ نے۔ اور قول اُس شخص کا جو سخت گرمی میں ظہر کے مؤخر کرنے کی طرف گیا ہے وہ اولیٰ اور مناسب ہے ساتھ تابعداری کے اور جسکی طرف امام شافعی گیا ہے کہ رخصت اُس شخص کے واسطے ہے جو دور سے آوے اور لوگوں کی مشقت کے واسطے ہے اسکے برخلاف حدیث ابو ذر کی دلالت کرتی ہے

[1] غرض یحییٰ کی اس سے یہ ہے کہ شعبہ نے جو حکیم بن جبیر کے حق میں طعن کیا ہے وہ ٹھیک نہیں ہے کیونکہ حکیم بن جبیر سے بڑے بڑے اماموں نے روایت کی ہے مثل سفیان ثوری اور زائدہ کے پس انکا روایت کرنا دلالت کرتا ہے کہ اس شخص میں کوئی طعن نہیں اور نیز کہا امام بخاری نے کہ حکیم بن جبیر سے ظہر کے جلدی پڑھنے میں روایت ہے پس یہ حدیث امام بخاری کا اسے نقل کرنا اور پھر اُس پر جرح نہ کرنا بھی دلالت کرتا ہے کہ یہ شخص ثقہ ہے

قال ابو ذر كنا مع النبي صلى الله عليه وسلم في سفر فاذن بلال بصلوة الظهر فقال النبي صلى الله عليه وسلم يا بلال ابرد ثم ابرد فلو كان الامر على ما ذهب اليه الشافعي لم يكن للابراد في ذلك الوقت معنى لاجتماعهم في السفر وكانوا لا يحتاجون ان ينتابوا من البعد **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داود قال انبانا شعبة عن مهاجر ابي الحسن عن زيد بن وهب عن ابي ذر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان في سفر ومعه بلال فاراد ان يقيم فقال ابرد ثم اراد ان يقيم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ابرد في الظهر قال حتى راينا فيء التلول ثم اقام فصلى فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان شدة الحر من فيح جهنم فابردوا عن الصلوة **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في تعجيل العصر **حدثنا** قتيبة نا الليث عن ابن شهاب عن عروة عن عائشة انها قالت صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم العصر والشمس في حجرتها لم يظهر الفيء من حجرتها وفي الباب عن انس وابي اروى وجابر ورافع بن خديج ويروى عن رافع ايضا عن النبي صلى الله عليه وسلم في تاخير العصر ولا يصح **قال** ابو عيسى حديث عائشة حديث حسن صحيح وهو الذي اختاره بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم منهم عمر وعبد الله بن مسعود وعائشة وانس وغير واحد من التابعين تعجيل صلوة العصر وكرهوا تاخيرها وبه يقول عبد الله بن المبارك والشافعي واحمد واسحاق **حدثنا** علي بن حجر نا اسماعيل بن جعفر عن العلاء بن عبد الرحمن انه دخل على انس بن مالك في داره بالبصرة حين انصرف من الظهر وداره بجنب المسجد فقال قوموا فصلوا العصر قال فقمنا فصلينا فلما انصرفنا قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول تلك صلوة المنافق يجلس يرقب الشمس حتى اذا كانت بين قرني الشيطان قام فنقر اربعا لا يذكر الله فيها الا قليلا **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في تاخير صلوة العصر

کہا ابو ذر نے ہم سفر مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ بلال نے ظہر کی نماز کی اذان کہی پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اے بلال سرد کر پھر سرد کریں اگر امر اسوا سطے ہوتا جسکی طرف امام شافعی گیا ہی تو اسوقت سرد کرنے کے کچھ معنے نہ ہونگے کیونکہ وہ سب لوگ سفر مین جمع تھے اور دور سے آنے کی کسی کو حاجت نہ تھی **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے مہاجر ابی الحسن سے اُنے زید بن وہب سے اُسنے ابی ذر سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک سفر مین تھے اور بلال بھی آپ کے ساتھ تھا سو اُسنے تکبیر کہنے کا ارادہ کیا پس فرمایا آپ نے سرد کر پھر اُسنے تکبیر کہنے کا ارادہ کیا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ظہر مین سردی کر کہا راوی نے یہانتک کہ تیلون کا سایہ دیکھا پھر اُسنے تکبیر کہی اور آپ نے نماز پڑہی پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک سخت گرمی دوزخ کے جوش سے ہی پس سرد کیا کرو نماز کو کہا ابو عیسے نے یہ حدیث حسن صحیح ہی **باب** عصر کے جلدی پڑہنے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے یہ کہ کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عصر کی نماز اُسوقت مین پڑہی کہ آفتاب اُسکے حجرے مین تھا ابھی سایہ اُسکے حجرے سے اونچا نہ ہوا تھا۔ اور اسباب مین روایت ہی انس اور ابی اروی اور جابر اور رافع بن خدیج سے رضی اللہ عنہم اور نیز رافع نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عصر کے موخر کرنے مین روایت کی ہی اور وہ صحیح نہین کہا ابو عیسے نے حدیث عائشہ کی حسن صحیح ہی اور یہ ایسی ہی کہ اسکو بعض اہل علم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے اختیار کیا ہی انمین سے عمر اور عبد اللہ بن مسعود اور عائشہ اور انس ہین اور کئی ایک تابعین نے بھی نماز عصر کے جلدی پڑہنے کو۔ اور اُسکی تاخیر کو مکروہ جانا ہی۔ اور ساتھ اسیکے کہتا ہی عبد اللہ بن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسماعیل بن جعفر نے علاء بن عبد الرحمان سے یہ کہ وہ انس بن مالک پر اُسکے گھر مین جو بصرہ مین تھا داخل ہوا جب وہ ظہر کی نماز سے فارغ ہوا اور گھر اُسکا مسجد کی ایک پہلو مین تھا سو کہا انس نے کھڑے ہو جاؤ اور عصر کی نماز پڑہ لو کہا اُسنے پس ہم کھڑے ہوئے اور عصر کی نماز پڑہی پھر جب فارغ ہو چکے تو کہا اُسنے مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہی کہ فرماتے یہ نماز منافقون کی ہی بیٹھتا ہی آفتاب کی انتظاری کرتا ہی تا کہ جب آفتاب شیطان کے دونون سینگون مین ہوتا ہے تو کھڑا ہوتا ہی تو چار چونچین لگاتا ہی اللہ تعالے کی اسمین بہت تھوڑی یاد کرتا ہی کہا ابو عیسے نے یہ حدیث حسن صحیح ہی **باب** نماز عصر کے موخر کرنے کے بیان مین

ف کرمانی نے اسپر یہ اعتراض کیا ہی کہ لشکر کی عادت سفر مین یہ ہوتی ہی کہ آرام کے واسطے اور چارپاؤن کے چرانے کے واسطے علیحدہ علیحدہ اُترتے ہین پس اب اونکا اس حالت مین جمع ہونا ہم تسلیم نہین کرتے اور نیز ظاہر ہی کہ اُس وقت مین کوئی ایسا بڑا خیمہ نہ تہا جسمین وہ اکٹھے ہوتے ہون۔ بلکہ درختون کے سایہ مین اُترتے تھے اور وہان کوئی ایسی بڑی آرام کی جگہہ نہ تھی جسمین وہ تمام لوگ جمع ہو سکین۔ اور کہا بعض نے اسجگہہ علت اور ہی ہی۔ وہ یہ ہی کہ گرمی کا سخت ہونا اور ہی۔ وکرنے کے وقت تکلیف پانا جیساکہ حدیث ابو عوانہ کی جو انس سے ہی اسکی تائید کرتی ہی کنا اذا صلینا خلف النبی صلی اللہ علیہ وسلم بالظہر سجدنا علی ثیابنا اتقاء الحر والله اعلم فتح

حدثنا علی بن حجر نا اسمٰعیل بن علیة عن ایوب عن ابن ابی ملیکة عن ام سلمة قالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اشد تعجیلا للظهر منکم وانتم اشد تعجیلا للعصر منه **قال** ابوعیسی وقد روی هذا الحدیث عن ابن جریج عن ابن ابی ملیکة عن ام سلمة نحوه **باب** ماجاء فی وقت المغرب **حدثنا** قتیبة نا حاتم بن اسمٰعیل عن یزید بن ابی عبید عن سلمة بن الاکوع قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی المغرب اذا غربت الشمس وتوارت بالحجاب وفی الباب عن جابر وزید بن خالد وانس ورافع بن خدیج وابی ایوب وام حبیبة وعباس بن عبد المطلب وحدیث العباس قد روی عنه موقوفا وهو اصح **قال** ابوعیسی حدیث سلمة بن الاکوع حدیث حسن صحیح وهو قول اکثر اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم ومن بعدهم من التابعین اختاروا تعجیل صلوة المغرب وکرهوا تاخیرها حتی قال بعض اهل العلم لیس لصلوة المغرب الا وقت واحد وذهبوا الی حدیث النبی صلی الله علیه وسلم حیث صلی به جبرئیل وهو قول ابن المبارک والشافعی **باب** ماجاء فی وقت صلوة العشاء الاخرة **حدثنا** محمد بن عبد الملک ابن ابی الشوارب نا ابوعوانة عن ابی بشر عن بشیر بن ثابت عن حبیب بن سالم عن النعمان بن بشیر قال انا اعلم الناس بوقت هذه الصلوة کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلیها لسقوط القمر لثالثة **حدثنا** ابوبکر محمد بن ابان نا عبد الرحمن بن مهدی عن ابی عوانة بهذا الاسناد نحوه **قال** ابوعیسی وروی هذا الحدیث هشیم عن ابی بشر عن حبیب بن سالم عن النعمان بن بشیر ولم یذکر فیه هشیم عن بشیر بن ثابت وحدیث ابی عوانة اصح عندنا لان یزید بن هارون روی عن شعبة عن ابی بشر نحو روایة ابی عوانة **باب** ماجاء فی تاخیر العشاء الاخرة **اخبرنا** هناد نا عبدة عن عبید الله بن عمر عن سعید المقبری عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لولا ان اشق علی امتی لامرتهم ان یؤخروا العشاء الی ثلث اللیل او نصفه وفی الباب عن جابر بن سمرة

حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو اسمٰعیل بن علیہ نے ایوب سے اُسنے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے ام سلمہ سے کہا اُنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز ظہر میں بہت جلدی کرتے تھے۔ اور تم لوگ آنحضرت سے نماز عصر میں بہت جلدی کرتے ہو۔ کہا ابو عیسےٰ نے اور روایت کی گئی ہے یہ حدیث ابن جریج سے اُسنے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے ام سلمہ سے مثل اُسکی **باب** مغرب کے وقت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حاتم بن اسمٰعیل نے یزید بن ابی عبید سے اُسنے سلمہ بن اکوع سے کہ کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مغرب کی نماز اُس وقت میں پڑھتے تھے جب آفتاب غروب ہو جاتا اور کناروں میں چھپ جاتا۔ اور اس باب میں روایت ہے جابر اور زید بن خالد اور انس اور رافع بن خدیج اور ابی ایوب اور ام حبیبہ اور عباس بن عبد المطلب سے رضی اللہ عنہم اور حدیث عباس کی اُس سے موقوف مروی ہے اور یہ صحیح ہے۔ کہا ابو عیسےٰ نے حدیث سلمہ بن اکوع کی حسن صحیح ہے اور یہ قول ہے اکثر اہل علم صحابہ اور تابعین کا انہوں نے نماز مغرب کے جلدی پڑھنے کو اختیار کیا ہے اور اسکے موخر کرنے کو مکروہ جانا ہے یہانتک کہ بعض اہل علم نے کہا ہے کہ نماز مغرب کا ایک ہی وقت ہے۔ اور گئے ہیں یہ طرف حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی آپ کو جبرئیل علیہ السلام نے نماز پڑھائی ایک ہی وقت میں دو روز اور یہ قول ہے ابن مبارک اور شافعی کا۔ **باب** نماز عشاء کے وقت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد الملک بن ابی الشوارب نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے ابی بشر سے اُسنے بشیر بن ثابت سے اُسنے حبیب بن سالم سے اُسنے نعمان بن بشیر سے کہ کہا اُسنے میں لوگوں سے اس نماز کا وقت اچھا جانتا ہوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز تیسری رات کے چاند ڈوبنے کے وقت پڑھتے تھے **حدیث** کی ہمسے ابو بکر بن محمد بن ابان نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے ابی عوانہ سے ساتھ اسی اسناد کے مثل اسکی۔ کہا ابو عیسےٰ نے روایت کیا اس حدیث کو ہشیم نے ابی بشر سے اُسنے حبیب بن سالم سے اُسنے نعمان بن بشیر سے اور نہیں ذکر کیا اسمیں ہشیم کو جو راوی ہے بشیر بن ثابت سے۔ اور حدیث ابی عوانہ کی ہمارے نزدیک صحیح ہے اسلیے کہ یزید بن ہارون نے روایت کی ہے شعبہ سے اُسنے ابی بشر سے مثل روایت ابی عوانہ کی۔ **باب** نماز عشاء کے موخر کرنے کے بیان میں **خبر دی** ہمکو ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر میں اپنی امت پر تکلیف نہ جانتا تو اُنکو نماز عشاء کے تہائی رات یا نصف رات تک موخر کرنے کا حکم کرتا۔ اور اس باب میں روایت ہے جابر بن سمرہ

سلے اور ظاہر ہے کہ جب ایک کو دوسرے سے تقویت ہوگی تو وہ بھی قوی ہوگی ۱۲

وجابر بن عبد اللہ وابی برزة وابن عباس وابی سعید الخدری وزید بن خالد وابن عمر **قال** ابو عیسےٰ حدیث ابی ھریرة حدیث حسن صحیح وھو الذی اختارہ اکثر اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم والتابعین رأوا تاخیر صلوٰة العشاء الاخرة وبہ یقول احمد واسحاق **باب** ماجاء فی کراھیة النوم قبل العشاء والسمر بعدھا **حدثنا** احمد بن منیع نا ھشیم انا عوف قال احمد وحدثنا عباد بن عباد وھو المھلبی واسمٰعیل بن علیة جمیعا عن عوف عن سیار بن سلامة عن ابی برزة قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یکرہ النوم قبل العشاء والحدیث بعدھا وفی الباب عن عائشة وعبد اللہ بن مسعود وانس **قال** ابو عیسےٰ حدیث ابی برزة حدیث حسن صحیح وقد کرہ اکثر اھل العلم النوم قبل صلوٰة العشاء ورخص فی ذلک بعضھم وقال عبد اللہ بن المبارک اکثر الاحادیث علی الکراھیة ورخص بعضھم فی النوم قبل صلوٰة العشاء فی رمضان **باب** ماجاء فی الرخصة فی السمر بعد العشاء **حدثنا** احمد بن منیع نا ابو معاویة عن الاعمش عن ابراھیم عن علقمة عن عمر بن الخطاب قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسمر مع ابی بکر فی الامر من امر المسلمین وانا معھما وفی الباب عن عبد اللہ بن عمرو واوس بن حذیفة وعمران بن حصین **قال** ابو عیسیٰ حدیث عمر حسن وقد روی ھذا الحدیث الحسن بن عبید اللہ عن ابراھیم عن علقمة عن رجل من جعفی یقال لہ قیس او ابن قیس عن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ھذا الحدیث فی قصة طویلة وقد اختلف اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم والتابعین ومن بعدھم فی السمر بعد العشاء الاخرة فکرہ قوم منھم السمر بعد صلوٰة العشاء ورخص بعضھم اذا کان فی معنی العلم وما لا بد منہ من الحوائج واکثر الحدیث علی الرخصة وقد روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا سمر الا لمصل او مسافر **باب** ماجاء فی الوقت الاول من الفضل

اور جابر بن عبد اللہ اور ابی برزہ اور ابن عباس اور ابی سعید خدری اور زید بن خالد اور ابن عمر سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابی ہریرہ کی حسن صحیح ہے اور اختیار کیا ہے اسکو اکثر اہل علم نے صحابہ اور تابعین سے کہ انھوں نے نماز عشا کے موخر کرنے کو دوست رکھا ہے اور ساتھ اسی کے کہتا ہے امام احمد اور اسحاق **باب** قبل عشا کے سونے اور بعد اسکے باتین کرنے کی کراہت کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے کہا خبر دی ہمکو عوف نے کہا احمد نے اور حدیث کی ہمسے عباد بن عباد نے جو مہلبی ہے اور اسماعیل بن علیہ نے سب نے عوف سے اُسنے سیار بن سلامہ سے اُسنے ابی برزہ سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم قبل عشا کے سونے اور بعد اسکے باتین کرنے کو مکروہ جانتے تھے۔ اور اس باب مین روایت ہے عائشہ اور عبد اللہ بن مسعود اور انس سے رضی اللہ عنہم۔ کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابی برزہ کی حسن صحیح ہے۔ اکثر اہل علم نے قبل نماز عشا کے سونے کو مکروہ جانا ہے اور بعض نے اسمین رخصت دی ہے۔ اور کہا عبد اللہ بن مبارک نے اکثر حدیثین کراہت پر ہین۔ اور بعض نے قبل نماز عشا کے رمضان مین سونے کی رخصت دی ہے **باب** بعد عشا کے باتین کرنے کی رخصت کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اسنے ابراہیم سے اُسنے علقمہ سے اُسنے عمر بن الخطاب سے کہ کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم حضرت ابو بکر صدیق کے ساتھ مسلمانون کے کسی کام کی بابت بعد عشا کے باتین کرتے تھے اور مین آپ اور ابو بکر کے ساتھ تھا۔ اور اس باب مین روایت ہے عبد اللہ بن عمرو اور اوس بن حذیفہ اور عمران بن حصین سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عمر کی حسن ہے۔ اور روایت کیا ہے اس حدیث کو حسن بن عبید اللہ نے ابراہیم سے اُسنے علقمہ سے اُسنے ایک مرد جعفی سے اُسکو قیس یا ابن قیس کہا جاتا تھا اُسنے عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے قصہ طویل مین اور اہل علم اصحاب اور تابعین اور تبع تابعین سے بعد عشا کے باتین کرنے مین اختلاف کیا ہے۔ پس ایک قوم نے انمین سے بعد نماز عشا کے باتین کرنے کو مکروہ جانا ہے۔ اور بعض نے انمین سے رخصت دی ہے بشرطیکہ علم کی باتین ہون یا ضروری حاجات کی۔ اور اکثر حدیثین رخصت پر ہین۔ اور مروی ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے نہین جائز باتین بعد عشا کے مگر واسطے نمازی اور مسافر کے **باب** اول وقت مین نماز کی فضیلت کا بیان

لہ پہلے باب مین مؤلف نے دو مسئلون کا ذکر کیا ہے۔ ایک یہ کہ قبل نماز عشا کے سونا مکروہ ہے۔ دوسرا یہ کہ بعد نماز عشا کے باتین کرنی مکروہ ہے اور چونکہ یہ مسئلہ مقید تھا اور حدیث سے مطلق معلوم ہوتا تھا اسلیے مؤلف نے دوسرا باب اس مسئلہ کے بیان کرنے کے واسطے منعقد کیا ہے۔ کہ بعد عشا کے فلان فلان بات کرنی یا فلان فلان شخص کو بات کرنی جائز ہے مگر مؤلف نے ترجمہ کے پہلے جزو کے مقید کرنے کے واسطے کوئی دلیل بیان نہین کی بخاری نے اسکے واسطے باب النوم قبل العشاء لمن غلب منعقد کیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کراہت اس شخص کے واسطے ہے جو اختیار سے سوئے اور جو بلا اختیار بسبب غلبۂ نیند کے سوئے اسکے لیے مکروہ نہین ۱۲

حدثنا ابو عمار الحسين بن حريث نا الفضل بن موسى عن عبد الله بن عمر العمري عن القاسم بن غنام عن عمته ام فروة وكانت ممن بايع النبي صلى الله عليه وسلم قالت سئل النبي صلى الله عليه وسلم اي الاعمال افضل قال الصلوة لاول وقتها حدثنا احمد بن منيع نا يعقوب ابن الوليد المدني عن عبد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الوقت الاول من الصلوة رضوان الله والوقت الاخر عفو الله وفي الباب عن علي وابن عمر وعائشة وابن مسعود حدثنا قتيبة نا عبد الله بن وهب عن سعيد بن عبد الله الجهني عن محمد بن عمر بن علي بن ابي طالب عن ابيه عن علي بن ابي طالب ان النبي صلى الله عليه وسلم قال له يا علي ثلث لا تؤخرها الصلوة اذا اتت والجنازة اذا حضرت والايم اذا وجدت لها كفوا قال ابو عيسى حديث ام فروة لا يروى الا من حديث عبد الله بن عمر العمري وليس هو بالقوي عند اهل الحديث واضطربوا في هذا الحديث حدثنا قتيبة نا مروان بن معاوية الفزاري عن ابي يعفور عن الوليد بن العيزار عن ابي عمرو الشيباني ان رجلا قال لابن مسعود اي العمل افضل قال سئلت عنه رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال الصلوة على مواقيتها قلت ماذا يا رسول الله قال وبر الوالدين قلت وماذا قال الجهاد في سبيل الله قال ابو عيسى وهذا حديث حسن صحيح وقد روى المسعودي وشعبة والشيباني وغير واحد عن الوليد بن العيزار هذا الحديث حدثنا قتيبة نا الليث عن خالد بن يزيد عن سعيد بن ابي هلال عن اسحاق بن عمر عن عائشة قالت ما صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوة لوقتها الاخر مرتين حتى قبضه الله قال ابو عيسى هذا حديث غريب وليس اسناده بمتصل قال الشافعي والوقت الاول من الصلوة افضل ومما يدل على فضل اول الوقت على اخره اختيار النبي صلى الله عليه وسلم وابي بكر وعمر فلم يكونوا يختارون الا ما هو افضل ولم يكونوا يدعون الفضل وكانوا يصلون في اول الوقت حدثنا بذلك ابو الوليد المكي عن الشافعي **باب** ماجاء في السهو عن وقت صلوة العصر حدثنا قتيبة نا الليث عن نافع عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال الذي تفوته صلوة العصر فكانما وتر اهله وماله

حدیث کی ہم سے ابو عمار حسین بن حریث نے کہا حدیث کی ہم سے فضل بن موسیٰ نے عبد اللہ بن عمر عمری سے اُسنے قاسم بن غنام سے اُسنے پھوپھی ام فروہ سے اور یہ اُن شخصوں سے تھی جنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیعت کی ہوئی تھی کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے کہ کونسا عمل افضل ہی فرمایا آپ نے اول وقت میں نماز پڑھنی۔ **حدیث** کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے یعقوب بن ولید مدنی نے عبد اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اول وقت نماز کا اللہ تعالیٰ کی رضامندی ہی اور پچھلا وقت معافی اللہ کی اور اس باب میں روایت ہی علی اور ابن عمر اور عائشہ اور ابن مسعود سے رضی اللہ عنہم **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے عبد اللہ بن وہب نے سعید بن عبد اللہ جہنی سے اُسنے محمد بن عمر بن علی بن ابی طالب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے علی بن ابی طالب سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے کہا اے علی تین چیزوں کو موخر نہ کرنا نماز جب پہونچ جاوے اور جنازہ جب حاضر ہو جاوے اور بیوہ جب اُسکے لیے تجھے کفو ملے۔ **کہا** ابو عیسیٰ نے ام فروہ کی حدیث کو سوائے عبد اللہ بن عمر عمری کے اور کسی نے روایت نہیں کیا۔ اور یہ شخص اہل حدیث کے نزدیک قوی نہیں اور محدث اس حدیث میں مضطرب ہوئے ہیں۔ **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے مروان بن معاویہ فزاری نے ابی یعفور سے اُسنے ولید بن عیزار سے اُسنے ابی عمرو شیبانی سے یہ کہ ایک مرد نے ابن مسعود سے کہا کہ کونسا عمل افضل ہی کہا اُسنے میں نے بھی اسکی بابت نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تھا فرمایا آپ نے نماز اُسکے وقت میں پڑھنی میں نے کہا اور کیا یا رسول اللہ فرمایا آپ نے ماں باپ کے ساتھ نیکی کرنی میں نے کہا اور کیا فرمایا آپ نے اللہ تعالیٰ کے راہ میں جہاد کرنا **کہا** ابو عیسیٰ نے اور یہ حدیث حسن صحیح ہی اور روایت کیا ہی مسعودی اور شعبہ اور شیبانی اور کئی اور لوگوں نے ولید بن عیزار سے اس حدیث کو **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے لیث نے خالد بن یزید سے اُسنے سعید بن ابی ہلال سے اُسنے اسحق بن عمر سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی نماز آخر وقت میں دو مرتبہ نہیں پڑہی تا کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو قبض کر لیا **کہا** ابو عیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہی اور اسکی اسناد متصل نہیں کہا امام شافعی نے اول وقت نماز کا افضل ہی اور وہ چیز کہ دلالت کرتی ہی کہ اول وقت کی آخر پر فضیلت ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ابی بکر اور عمر رضی اللہ عنہما کا اسوقت کو اختیار کرنا ہی یہ نہیں پسند رکھتے تھے مگر جو کہ افضل ہو اور نہیں چھوڑتے تھے فضیلت کو اور اول وقت میں نماز پڑھتے تھے حدیث کی ہم سے ساتھ اسکے ابو الولید مکی نے شافعی سے **باب** بیان میں سہو کے نماز عصر کے وقت سے **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے لیث نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے وہ شخص کہ جسکی نماز عصر کی فوت ہو جاوے تو گویا[۱] اُسکے اہل اور مال ہلاک ہو گئے۔

[۱] اسلیے کہ عموماً اعتبار مزدوری کا کام کرنے کے ختم پر ہوتا ہی اور جب مزدور نے آخر کام کا بگاڑ دیا تو مالک خواہ مخواہ اُس پر رنجیدہ ہوتا ہی اور اسکی مزدوری کا کچھ خیال نہیں کرتا ایسطرح سے نماز عصر کی بھی اس دن کے آخر کا کام ہے پس اگر اُسنے اس نماز کو ترک کر دیا تو گویا اُسنے اپنے تمام روز کی مزدوری ضائع کر دی ۱۲

وفی الباب عن بریدۃ ونوفل بن معاویۃ **قال** ابوعیسی حدیث ابن عمر حدیث حسن صحیح وقد رواہ الزہری ایضا عن سالم عن ابیہ عن النبی
صلی اللہ علیہ وسلم **باب** ماجاء فی تعجیل الصلوۃ اذا اخرھا الامام **حدثنا** محمد بن موسی البصری نا جعفر بن سلیمان
الضبعی عن ابی عمران الجونی عن عبداللہ بن الصامت عن ابی ذر قال قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم یا ابا ذر امراء یکونون بعدی
یمیتون الصلوۃ فصل الصلوۃ لوقتہا فان صلیت لوقتہا کانت لک نافلۃ والا کنت قد احرزت صلوتک وفی الباب عن عبداللہ بن
مسعود وعبادۃ بن الصامت **قال** ابوعیسی حدیث ابی ذر حدیث حسن وھو قول غیر واحد من اھل العلم یستحبون ان یصلی الرجل
الصلوۃ لمیقاتہا اذا اخرھا الامام ثم یصلی مع الامام والصلوۃ الاولی ھی المکتوبۃ عند اکثر اھل العلم وابوعمران الجونی اسمہ عبدالملک بن
حبیب **باب** ماجاء فی النوم عن الصلوۃ **حدثنا** قتیبۃ نا حماد بن زید عن ثابت البنانی عن عبداللہ بن رباح الانصاری عن ابی قتادۃ
قال ذکروا للنبی صلی اللہ علیہ وسلم نومھم عن الصلوۃ فقال انہ لیس فی النوم تفریط انما التفریط فی الیقظۃ فاذا نسی احدکم صلوۃ او نام
عنہا فلیصلہا اذا ذکرھا وفی الباب عن ابن مسعود وابی مریم وعمران بن حصین وجبیر بن مطعم وابی جحیفۃ وعمرو بن امیۃ ضمری وذی مخبر ویقال ذی مخمر وھو ابن
اخی النجاشی **قال** ابوعیسی وحدیث ابی قتادۃ حدیث حسن صحیح وقد اختلف اھل العلم فی الرجل ینام عن الصلوۃ او ینساھا فیستیقظ
او یذکر وھو فی غیر وقت صلوۃ عند طلوع الشمس او عند غروبہا فقال بعضھم یصلیہا اذا استیقظ وذکر وان کان عند طلوع الشمس او عند
غروبہا وھو قول احمد واسحاق والشافعی ومالک وقال بعضھم لا یصلی حتی تطلع الشمس او تغرب **باب** ما جاء فی الرجل ینسی الصلوۃ
حدثنا قتیبۃ وبشر بن معاذ قالا نا ابوعوانۃ عن قتادۃ عن انس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من نسی صلوۃ فلیصلہا اذا
ذکرھا وفی الباب عن سمرۃ وابی قتادۃ **قال** ابوعیسی حدیث انس حدیث حسن صحیح ویروی عن علی بن ابی طالب انہ قال فی الرجل ینسی الصلوۃ
قال یصلیہا متی ذکرھا فی وقت او فی غیر وقت وھو قول احمد واسحاق ویروی عن ابی بکرۃ انہ نام عن صلوۃ العصر فاستیقظ عند غروب الشمس فلم یصل حتی غربت الشمس

اور اس باب میں روایت ہے بریدہ اور نوفل بن معاویہ سے کہا ابوعیسیٰ نے حدیث ابن عمر کی حسن صحیح ہے۔ اور نیز روایت کیا اسکو زہری نے سالم
سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **باب** نماز کے جلدی پڑہنے کے بیان میں جب اسکو امام موخر کرے **حدیث** کی ہمسے
محمد بن موسے بصری نے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان ضبعی نے ابی عمران جونی سے اُسنے عبداللہ بن صامت سے اُسنے ابی ذر سے
کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے ابوذر میرے پیچھے امیر ہونگے جو نماز میں تاخیر کرینگے۔ سو تو نماز کو اُسکے وقت میں پڑھ
اگر نماز اپنے وقت میں پڑہی گئی تو تیرے لیے نفل ہوگی۔ ورنہ تونے اپنی نماز کو جمع کر لیا۔ اور اس باب میں روایت ہے عبداللہ بن مسعود اور عبادہ
بن صامت سے کہا ابوعیسیٰ نے حدیث ابی ذر کی حسن ہے اور یہ قول ہے کئی ایک اہل علم کا یہ لوگ مستحب جانتے ہیں کہ مرد نماز کو اُسکے وقت
میں پڑہے جب امام اُسکو موخر کردے پہر امام کے ساتھ پڑھ لے اور پہلی نماز اکثر اہل علم کے نزدیک فرض ہوگی۔ اور ابوعمران جونی کا نام
عبدالملک بن حبیب ہے **باب** نماز سے سو رہنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ثابت بنانی سے انہنے
عبداللہ بن رباح انصاری سے اُسنے ابی قتادہ سے کہا اُسنے لوگوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس نماز سے سو رہنے کا ذکر کیا سو فرمایا آپ نے
نیند میں نقصان نہیں ہے نقصان تو جاگنے میں ہی ہے۔ سو جب کوئی شخص تم میں سے نماز کو بہول جائے یا اُس سے سو رہے تو چاہیے کہ نماز پڑہے
جب اُسکو یاد کرے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن مسعود اور ابی مریم اور عمران بن حصین اور جبیر بن مطعم اور ابی جحیفہ اور عمرو بن امیہ ضمری
اور ذی مخبر سے اور یہ نجاشی کا بھتیجا ہے کہا ابوعیسیٰ نے اور حدیث ابی قتادہ کی حسن صحیح ہے اور اختلاف کیا ہے لوگوں نے اُس مرد سے جو نماز میں سو رہے
یا اُسکو بہول جائے پس جاگے یا یاد کرے غیر وقت نماز میں آفتاب چڑہنے کے وقت یا اُسکے ڈوبنے کے وقت۔ سو بعض نے کہا ہے پڑھ لے جب
جاگے اور ذکر کیا اُسنے اگرچہ آفتاب کے چڑہنے کا وقت ہو یا اُسکے ڈوبنے کا۔ اور یہ قول ہے امام احمد اور اسحاق اور شافعی اور مالک کا۔ اور کہا بعض
نے نہ نماز پڑہے تاکہ آفتاب چڑہ لے یا غروب ہولے **باب** اُس مرد کے بیان میں جو نماز کو بہول جائے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ اور بشر بن معاذ نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے
ابوعوانہ نے قتادہ سے اُسنے انس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص نماز کو بہول گیا تو چاہیے کہ اُسکو پڑہے جب اُسکو یاد کرے اور اس باب میں روایت ہے
سمرہ اور ابی قتادہ سے۔ کہا ابوعیسیٰ نے حدیث انس کی حسن صحیح ہے اور مروی ہے علی بن ابی طالب سے کہ کہا اُسنے اُس مرد کے حق میں جو نماز کو بہول جائے چاہیے کہ پڑہے اُسکو جب اُسکو یاد کرے
وقت میں یا غیر وقت میں۔ اور یہ قول ہے امام احمد اور اسحاق کا اور مروی ہے ابی بکرہ سے کہ وہ عصر کی نماز سے سو رہا اور آفتاب کے ڈوبنے کے وقت بیدار ہوا سو اُسنے نماز نہ پڑہی حتی کہ

وقد ذهب قوم من اهل الكوفة الى هذا واما اصحابنا فذهبوا الى قول علي بن طالب **باب** ماجاء في الرجل تفوته الصلوات بايتهن يبدأ **حدثنا** هناد نا هشيم عن ابي الزبير عن نافع بن جبير بن مطعم عن ابي عبيدة بن عبد الله بن مسعود قال قال عبد الله ان المشركين شغلوا رسول الله صلى الله عليه وسلم عن اربع صلوات يوم الخندق حتى ذهب من الليل ماشاء الله فامر بلالا فاذن ثم اقام فصلى الظهر ثم اقام فصلى العصر ثم اقام فصلى المغرب ثم اقام فصلى العشاء وفي الباب عن ابي سعيد وجابر **قال** ابو عيسى حديث عبد الله ليس باسناده باس الا ان ابا عبيدة لم يسمع من عبد الله وهو الذي اختاره بعض اهل العلم في الفوائت ان يقيم الرجل لكل صلوة اذا قضاها وان لم يقم اجزاءه وهو قول الشافعي **حدثنا** محمد بن بشار نا معاذ بن هشام قال حدثني ابي عن يحيى بن ابي كثير نا ابو سلمة بن عبد الرحمن عن جابر بن عبد الله ان عمر بن الخطاب قال يوم الخندق وجعل يسب كفار قريش قال يا رسول الله ما كدت اصلي العصر حتى تغرب الشمس فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم والله ان صليتها قال فنزلنا بطحان فتوضأ رسول الله صلى الله عليه وسلم وتوضأنا فصلى رسول الله صلى الله عليه وسلم العصر بعد ما غربت الشمس ثم صلى بعدها المغرب هذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء في الصلوة الوسطى انها العصر **حدثنا** هناد نا عبدة عن سعيد عن قتادة عن الحسن عن سمرة بن جندب عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال في الصلوة الوسطى صلوة العصر **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داود الطيالسي وابو النضر عن محمد بن طلحة بن مصرف عن زبيد بن مرة الهمداني عن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوة الوسطى صلوة العصر **قال** ابو عيسى هذا حديث صحيح وفي الباب عن علي وعائشة وحفصة وابي هريرة وابي هاشم بن عتبة **قال** ابو عيسى قال محمد قال علي بن عبد الله حديث الحسن عن سمرة حديث حسن وقد سمع عنه **وقال** ابو عيسى حديث سمرة في صلوة الوسطى حديث حسن وهو قول اكثر العلماء من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم

آفتاب غروب ہوگیا۔ اور ایک قوم اہل کوفہ سے اسی طرف گئی ہے۔ اور ہمارے اصحاب تو قول علی بن ابیطالب کی طرف گئے ہیں **باب** اس شخص کے بیان میں کہ جسکی چند نمازیں فوت ہوجائیں تو کس سے شروع کرے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے ابی الزبیر سے اُسنے نافع بن جبیر بن مطعم سے اُسنے ابی عبیدہ بن عبد اللہ بن مسعود سے کہا اُسنے کہا عبد اللہ نے مشرکون نے خندق کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چار نمازون سے شغل میں رکھا تاکہ رات کا کچھ حصہ جسقدر اللہ نے چاہا گذر گیا پھر آپنے بلال کو حکم دیا تو اُسنے اذان دی پھر تکبیر کہی سو آپنے ظہر کی نماز پڑہی پھر اُسنے تکبیر کہی تو آپنے عصر کی نماز پڑہی پھر اُسنے تکبیر کہی تو آپنے مغرب کی نماز پڑہی پھر اُسنے تکبیر کہی تو آپنے عشاء کی نماز پڑہی اور اس باب میں روایت ہے ابی سعید اور جابر سے کہا ابو عیسیٰ نے عبد اللہ کی حدیث کی سند میں کچھ خوف نہیں مگر یہ کہ ابا عبیدہ نے عبد اللہ سے سُنا نہیں ہے۔ اور اسی کو بعض اہل علم نے نمازہائے فوت شدہ کے حق میں اختیار کیا ہے کہ آدمی ہر ایک نماز کے لیے تکبیر کہے جب اُسکو قضا کرے۔ اور اگر تکبیر نہ کہی تو بھی کافی ہے۔ اور یہ قول ہے امام شافعی کا **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے معاذ بن ہشام نے کہا حدیث کی مجھے میرے باپ نے یحییٰ بن ابی کثیر سے کہا حدیث کی ہمسے ابو سلمہ بن عبد الرحمن نے جابر بن عبد اللہ سے کہ عمر بن الخطاب رضی نے خندق کے دن کہا اور کفار قریش کو گالیاں بھی دینی شروع کین کہا اُسنے یا رسول اللہ مینے تو عصر کی نماز نہین پڑہی تاکہ آفتاب غروب ہوگیا پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اللہ کی مینے بھی اسکو نہین پڑہا کہا راوی نے پس اُترے ہم بطحان نام مقام میں اور ترے سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کیا اور ہمنے بھی وضو کیا پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد غروب ہونے آفتاب کے عصر کی نماز پڑہی پھر بعد اسکے مغرب کی نماز پڑہی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اس بیان میں کہ صلوۃ وسطیٰ عصر ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے سعید سے اُنے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے سمرہ بن جندب سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ فرمایا آپنے صلوۃ وسطیٰ کے حق میں کہ وہ عصر کی نماز ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد طیالسی اور ابو النضر نے محمد بن طلحہ بن مصرف سے اُسنے زبید بن مرہ ہمدانی سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صلوۃ وسطیٰ نماز عصر کی ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے علی اور عائشہ اور حفصہ اور ابی ہریرہ اور ابی ہاشم بن عتبہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے کہا محمد نے کہ کہا علی بن عبد اللہ نے حدیث حسن کی جو سمرہ سے ہے حسن ہے اور حسن کا سمرہ سے سماع ہے اور کہا ابو عیسیٰ نے حدیث سمرہ کی جو صلوۃ وسطیٰ کے حق میں ہے حسن ہے اور یہ قول ہے اکثر علماء کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے

سلہ اس حدیث سے دلیل پکڑنی کہ فوتی نمازون میں ترتیب واجب ہے درست نہین کیونکہ افعال آنحضرت کے وجوب پر دلالت نہین کرتے ہاں اگر اس حدیث صلوا کما رأیتمونی اصلی کے عموم سے دلیل پکڑی جاوے تو ممکن ہے جیسا کہ شافعیہ نے بعض اشیاء میں سوائے اس مسئلہ کے اس حدیث کا اس طور سے اعتبار کیا ہے اور ایسا ہی حنفیہ نے بھی کیا ہے

وقال زید بن ثابت وعائشۃ صلوٰۃ الوسطی صلوٰۃ الظہر وقال ابن عباس وابن عمر صلوٰۃ الوسطی صلوٰۃ الصبح **حدثنا** ابو موسی محمد بن المثنی نا قریش بن انس عن حبیب بن الشہید قال قال لی محمد بن سیرین سل الحسن ممن سمع حدیث العقیقۃ فسألتہ قال سمعت من سمرۃ بن جندب **قال** ابو عیسی واخبرنی محمد بن اسماعیل عن علی بن عبد اللہ عن قریش بن انس ہذا الحدیث **قال** محمد قال علی وسماع الحسن من سمرۃ صحیح واحتج بہذا الحدیث **باب** ما جاء فی کراہیۃ الصلوٰۃ بعد العصر وبعد الفجر **حدثنا** احمد بن منیع نا ھشیم انا منصور وھو ابن زاذان عن قتادۃ انا ابو العالیۃ عن ابن عباس قال سمعت غیر واحد من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم منہم عمر بن الخطاب وکان من احبہم الیّ انّ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نہی عن الصلوٰۃ بعد الفجر حتی تطلع الشمس وعن الصلوٰۃ بعد العصر حتی تغرب الشمس وفی الباب عن علی وابن مسعود وابی سعید وعقبۃ بن عامر وابی ہریرۃ وابن عمر وسمرۃ بن جندب وسلمۃ بن الاکوع وزید بن ثابت وعبد اللہ بن عمرو ومعاذ بن عفراء والصنابحی ولم یسمع من النبی صلی اللہ علیہ وسلم وعائشۃ وکعب بن مرۃ وابی امامۃ وعمرو بن عبسۃ ویعلی بن امیۃ ومعاویۃ **قال** ابو عیسی حدیث ابن عباس عن عمر حدیث حسن صحیح وھو قول اکثر الفقہاء من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومن بعدہم انہم کرھوا الصلوٰۃ بعد صلوٰۃ الصبح حتی تطلع الشمس وبعد العصر حتی تغرب الشمس واما الصلوات الفوائت فلا باس ان تقضی بعد العصر وبعد الصبح قال علی بن المدینی قال یحیی بن سعید قال شعبۃ لم یسمع قتادۃ من ابی العالیۃ الا ثلثۃ اشیاء حدیث عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نہی عن الصلوٰۃ بعد العصر حتی تغرب الشمس وبعد الصبح حتی تطلع الشمس وحدیث ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا ینبغی لاحد ان یقول انا خیر من یونس بن متی وحدیث علی القضاۃ ثلثۃ **باب** ما جاء فی الصلوٰۃ بعد العصر **حدثنا** قتیبۃ نا جریر عن عطاء بن السائب عن سعید بن جبیر عن ابن عباس قال انما صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الرکعتین بعد العصر لانہ اتاہ مال فشغلہ عن الرکعتین بعد الظہر فصلاہما بعد العصر ثم لم یعد لہما

کہا زید بن ثابت اور عائشہ نے صلوٰۃ وسطی ظہر کی نماز ہے اور کہا ابن عباس اور ابن عمر نے صلوٰۃ وسطی صبح کی نماز ہے **حدیث** کی ہم سے ابو موسیٰ یعنی محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہم سے قریش بن انس نے حبیب بن شہید سے کہا اُنہوں نے کہا مجھے محمد بن سیرین نے کہ تو حسن سے سوال کر کہ کس سے اُنہوں نے حدیث عقیقہ کی سُنی ہے سو میں نے اُن سے سوال کیا کہا اُنہوں نے سُنا میں نے سمرہ بن جندب سے کہا ابو عیسیٰ نے اور خبر دی مجھے محمد بن اسمٰعیل نے علی بن عبد اللہ سے اُنہوں نے قریش بن انس سے اس حدیث کی کہا محمد نے کہ کہا علی نے اور سماع حسن کا سمرہ سے صحیح ہے اور اس حدیث سے اُنہوں نے استدلال کیا ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ بعد عصر اور بعد فجر کے نماز پڑھنی مکروہ ہے **حدیث** کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے ہشیم نے کہا خبر دی ہمکو منصور نے اور وہ ابن زاذان ہیں اُنہوں نے قتادہ سے کہا خبر دی ہمکو ابو العالیہ نے ابن عباس سے کہا اُنہوں نے کئی ایک صحابہ سے سُنا ہے اُن میں سے عمر بن خطابؓ ہیں اور وہ میرے نزدیک اوروں سے زیادہ پسند ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد فجر کے نماز پڑھنے سے منع کیا ہے تاکہ آفتاب چڑھ لے اور بعد عصر کے نماز پڑھنے سے بھی تاکہ غروب ہو لے اور اس باب میں روایت ہے علی اور ابن مسعود اور ابی سعید اور عقبہ بن عامر اور ابی ہریرہ اور ابن عمر اور سمرہ بن جندب اور سلمہ بن اکوع اور زید بن ثابت اور عبد اللہ بن عمرو اور معاذ بن عفراء اور صنابحی سے اور اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا نہیں ہے اور عائشہ اور کعب بن مرہ اور ابی امامہ اور عمرو بن عبسہ اور یعلی بن امیہ اور معاویہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن عباس کی جو عمر سے مروی ہے حسن صحیح ہے اور یہ قول ہے اکثر فقہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اور من بعدہم سے کہ انہوں نے بعد نماز صبح کے نماز پڑھنے کو مکروہ جانا ہے تاکہ آفتاب چڑھ لے اور بعد عصر کے تاکہ آفتاب غروب ہو لے اور بہر حال فوتی نمازیں تو انکے قضا کرنے میں بعد عصر اور صبح کے کچھ خوف نہیں۔ کہا علی بن مدینی نے کہا یحیی بن سعید نے کہ کہا شعبہ نے قتادہ نے ابی العالیہ سے سُنا نہیں مگر تین چیزیں ایک حدیث عمر کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد نماز عصر کے نماز پڑھنے سے منع کیا ہے تاکہ آفتاب غروب ہو لے اور بعد صبح کے تاکہ آفتاب چڑھ لے دوسری حدیث ابن عباس کی جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے فرمایا آپ نے کسی کو یہ کہنا لائق نہیں کہ میں یونس بن متی سے بہتر ہوں۔ تیسری حدیث علی کی کہ قاضی تین قسم ہیں۔ **باب** بعد عصر کی نماز کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے جریر نے عطاء بن سائب سے اُنہوں نے سعید بن جبیر سے اُنہوں نے ابن عباس سے کہا اُنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد عصر کے دو رکعتیں اسلیے پڑھی ہیں کہ آپ کے پاس مال آیا پس اُسنے آپ کو دو رکعتوں سے جو بعد ظہر کے ہیں شغل میں رکھا سو آپ نے انکو بعد عصر کے پڑھا۔ پھر آپ نے اُن دونوں کا اعادہ نہیں کیا

ط۱ غرض ترمذی کی اس حدیث سے آخر باب تک یہ ہے کہ سماع حسن کا سمرہ بن جندب سے ثابت ہے۔

ط۲ یعنے بعد نماز صبح اور عصر کے نفل پڑھنی مکروہ ہے ۱۲

وفی الباب عن عائشۃ وام سلمۃ ومیمونۃ وابی موسیٰ **قال** ابو عیسیٰ حدیث ابن عباس حدیث حسن وقد روی غیر واحد عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ صلی بعد العصر رکعتین وھذا خلاف ماروی عنہ انہ نھی عن الصلوٰۃ بعد العصر حتی تغرب الشمس وحدیث ابن عباس اصح حیث قال لم یعد لھما وقد روی عن زید بن ثابت نحو حدیث ابن عباس وقد روی عن عائشۃ فی ھذا الباب روایات روی عنھا ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما دخل علیھا بعد العصر الا صلی رکعتین وروی عنھا عن ام سلمۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ نھی عن الصلوٰۃ بعد العصر حتی تغرب الشمس وبعد الصبح حتی تطلع الشمس والذی اجتمع علیہ اکثر اھل العلم علی کراھیۃ الصلوٰۃ بعد العصر حتی تغرب الشمس وبعد الصبح حتی تطلع الشمس الا ما استثنی من ذلک مثل الصلوٰۃ بمکۃ بعد العصر حتی تغرب الشمس وبعد الصبح حتی تطلع الشمس بعد الطواف فقد روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم رخصۃ فی ذلک وقد قال بہ قوم من اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومن بعدھم وبہ یقول الشافعی واحمد واسحاق وقد کرہ قوم من اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومن بعدھم الصلوٰۃ بمکۃ ایضا بعد العصر وبعد الصبح وبہ یقول سفیان الثوری ومالک بن انس وبعض اھل الکوفۃ **باب ما** جاء فی الصلوٰۃ قبل المغرب **حدثنا** ھناد نا وکیع عن کھمس بن الحسین عن عبد اللہ ابن بریدۃ عن عبد اللہ بن مغفل عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال بین کل اذانین صلوٰۃ لمن شاء وفی الباب عن عبد اللہ ابن الزبیر **قال** ابو عیسیٰ حدیث عبد اللہ بن مغفل حدیث حسن صحیح وقد اختلف اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الصلوٰۃ قبل المغرب فلم یر بعضھم الصلوٰۃ قبل المغرب وقد روی عن غیر واحد من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم انھم کانوا یصلون قبل صلوٰۃ المغرب رکعتین بین الاذان والاقامۃ وقال احمد واسحاق ان صلاھما فحسن وھذا عندھما علی الاستحباب **باب** ما جاء فیمن ادرک رکعۃ من العصر قبل ان تغرب الشمس

اور اس باب میں روایت ہی عائشہ اور ام سلمہ اور میمونہ اور ابی موسیٰ سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن عباس کی حسن ہی اور کئی لوگون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہی کہ آپنے بعد عصر کے دو رکعتین پڑھی ہین اور یہ مخالف ہی اس روایت کے جو آپسے مروی ہی کہ آپنے بعد عصر کے نماز پڑھنے سے منع کیا ہی تا کہ آفتاب غروب ہوئے اور حدیث ابن عباس کی زیادہ صحیح ہی اسلیے کہ اُسنے کہا ہی کہ آپنے پھر ان دونون کا اعادہ نہین کیا اور نیز زید بن ثابت سے مثل حدیث ابن عباس کے مروی ہی اور حضرت عائشہ سے اس باب مین کئی روایتین مروی ہین۔ اُس سے مروی ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کبھی بعد عصر کے میرے پاس نہین آئے مگر کہ دو رکعتین پڑھی ہین اور مروی ہی اُس سے اُسنے ام سلمہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنے بعد عصر کے نماز پڑھنی سے منع کیا ہی تا کہ آفتاب غروب ہوئے اور بعد صبح کے تا کہ آفتاب چڑھ لے اور جسپر اکثر اہل علم جمع ہین وہ یہ ہی کہ بعد عصر کے نماز پڑھنی مکروہ ہی تا کہ آفتاب غروب ہو لے اور بعد صبح کے تا کہ آفتاب چڑھ لے مگر وہ جو اس سے مستثنے ہی مثل نماز کے مکہ مین بعد عصر کے تا کہ آفتاب غروب ہو اور بعد صبح تا کہ آفتاب چڑھ لے بعد طواف[1] کے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس باب مین رخصت مروی ہی۔ اور کہا ہی ساتھ اسکے ایک قوم نے اہل علم صحابہ اور من بعدہم سے۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہی امام شافعی اور احمد اور اسحاق۔ اور ایک قوم نے اہل علم صحابہ اور من بعدہم سے مکہ مین بھی بعد عصر اور بعد صبح کے نماز پڑھنے کو مکروہ جانا ہی۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہی سفیان ثوری اور مالک بن انس اور بعض اہل کوفہ

باب قبل مغرب کے نماز کے بیان مین حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہمس بن حسین سے اُسنے عبد اللہ بن بریدہ سے اُسنے عبد اللہ بن مغفل سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے درمیان ہر دو اذانون[2] کے نماز ہی جسکی مرضی ہو اور اس باب مین عبد اللہ بن زبیر سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عبد اللہ بن مغفل کی حسن صحیح ہی۔ اور مختلف ہوئے ہین اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اس نماز مین جو قبل مغرب کے ہی سو بعض نے انہین سے قبل مغرب کے نماز پڑھنے کو نہین جائز رکھتے اور کئی ایک صحابہ سے مروی ہی کہ وہ قبل نماز مغرب کے دو رکعتین درمیان اذان اور تکبیر کے پڑھتے تھے۔ اور کہا احمد اور اسحاق نے اگر کوئی انکو پڑھے تو بہتر ہی۔ اور یہ نماز انکے نزدیک استحباب پر محمول ہی **باب** اُس شخص کے بیان مین جسنے عصر کی نماز سے قبل غروب آفتاب کے ایک رکعت پائی۔

[1] کیونکہ آنحضرت سے مروی ہی کہ آپنے فرمایا کہ اے بنی عبد مناف کسی کو اس گھر کے طواف کرنے سے منع نکرو اور اس سے بھی منع نکرو کہ دن اور رات مین سے جس گھڑی مین وہ چاہی نماز پڑھے اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک حکم مکہ وغیرہ مین کسیطرح کا کچھ فرق نہین ہی ۱۲ [2] دو اذان سے مراد ایک اذان دوسری تکبیر ہی آنحضرت نے فرمایا ہی کہ ہر ایک اذان اور تکبیر کے درمیان دو رکعت نماز نفلی ہی جسکی مرضی چاہی پڑھے اور کہا امام ابو حنیفہ اور بعض مالکیہ نے قبل مغرب کے نفل پڑھنی مکروہ ہین دلیل انکی یہ ہی کہ چارون خلیفے نہین پڑھتے تھے اس سے معلوم ہوتا ہی کہ یہ حکم منسوخ ہی جواب اسکا یہ ہی کہ راوی اس حدیث کا محمد بن نضر وغیرہ ابراہیم نخعی سے ہی۔ اور یہ روایت منقطع ہی۔ اگر صحت اُسکی تسلیم بھی کر لیجاوے تو بھی اس سے نسخ یا کراہت ثابت نہین ہوتی کیونکہ بخاری مین ابواب التطوع مین لکھا ہی کہ عقبہ بن عامر سے کسی نے قبل نماز مغرب کے دو رکعتون کی بابت سوال کیا اُس نے جواب دیا کہ ہم آنحضرت کے زمانہ مین تو پڑھا کرتے تھے پھر سائل نے کہا اب تم کیون نہین پڑھتے کہا اُسنے اب شغل کا موقع کا مانع ہی۔ اس سے معلوم ہوتا ہی کہ خلفاء اربعہ کو شغل ہی مانع ہوتا ہوگا اور محمد بن نضر وغیرہ سے مروی ہی کہ عبد الرحمن بن عوف اور سعد بن ابی وقاص اور ابی بن کعب اور ابی الدرداء اور ابی موسیٰ وغیرہ ان دو رکعتون پر مواظبت کیا کرتے تھے ۱۲ کذا فی الفتح

حدثنا الانصاری نا معن نا مالك بن انس عن زيد بن اسلم عن عطاء بن يسار و عن بسر بن سعيد و عن الاعرج يحدثونه عن ابی هريرة عن النبی صلى الله عليه وسلم قال من ادرك من الصبح ركعة قبل ان تطلع الشمس فقد ادرك الصبح و من ادرك من العصر ركعة قبل ان تغرب الشمس فقد ادرك العصر و فی الباب عن عائشة **قال** ابو عيسى حديث ابی هريرة حديث حسن صحيح و به يقول اصحابنا الشافعی و احمد و اسحاق و معنى هذا الحديث عندهم لصاحب العذر مثل الرجل ينام عن الصلوة او ينساها فيستيقظ و يذكر عند طلوع الشمس و عند غروبها **باب** ما جاء فی الجمع بين الصلوتين **حدثنا** هناد نا ابو معاوية عن الاعمش عن حبيب بن ابی ثابت عن سعيد بن جبير عن ابن عباس قال جمع رسول الله صلى الله عليه وسلم بين الظهر و العصر و بين المغرب و العشاء بالمدينة من غير خوف و لا مطر قال فقيل لابن عباس ما اراد بذلك قال اراد ان لا يحرج امته و فی الباب عن ابی هريرة **قال** ابو عيسى حديث ابن عباس قد روی عنه من غير وجه رواه جابر بن زيد و سعيد بن جبير و عبد الله بن شقيق العقيلی و قد روی عن ابن عباس عن النبی صلى الله عليه وسلم غير هذا **حدثنا** ابو سلمة يحيى بن خلف البصری نا المعتمر بن سليمان عن ابيه عن حنش عن عكرمة عن ابن عباس عن النبی صلى الله عليه وسلم قال من جمع بين الصلوتين من غير عذر فقد اتى بابا من ابواب الكبائر **قال** ابو عيسى و حنش هذا هو ابو علی الرحبی و هو حنش بن قيس و هو ضعيف عند اهل الحديث ضعفه احمد و غيره و العمل على هذا عند اهل العلم ان لا يجمع بين الصلوتين الا فی السفر او بعرفة

حدیث کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے زید بن اسلم سے اُسنے عطا بن یسار اور بسر بن سعید اور اعرج سے حدیث کرتے تھے سبکو ابی ہریرہؓ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جسنے ایک رکعت نماز صبح سے قبل طلوع آفتاب کے پائی تو اُسنے صبح کی نماز پائی اور جسنے ایک رکعت نماز عصر سے قبل غروب آفتاب کے پائی تو اُسنے عصر کی نماز پائی اور اس میں عائشہؓ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابی ہریرہ کی حسن صحیح ہے اور ساتھ اسی کے کہا ہے ہمارے اصحاب نے یعنی شافعی اور احمد اور اسحاق نے اور معنی حدیث کے اُنکے نزدیک یہ ہیں کہ یہ حدیث صاحب عذر کے واسطے ہے مثل اُس مرد کے جو نماز سے سو رہے یا اسکو بھول جائے پس جاگے یا یاد کرے وقت طلوع آفتاب کے اور وقت اُسکے غروب کے **باب** دو نمازوں کے جمع کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اسنے حبیب بن ابی ثابت سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ میں سوائے خوف اور مینہ کے ظہر اور عصر کو اور مغرب اور عشا کو جمع کیا کہا راوی نے سو ابن عباسؓ سے کہا گیا کہ آنحضرتؐ کا اس سے کیا ارادہ تھا کہا اُسنے یہ کہ آپکی امت تنگی میں نہ پڑے اور اس باب میں ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسےٰ نے حدیث ابن عباس کی اس سے اور وجہ سے بھی مروی ہے روایت کیا اسکو جابر بن زید اور سعید بن جبیر اور عبد اللہ بن شقیق عقیلی نے اور سوائے اس وجہ کے اور طرح سے بھی بواسطہ ابن عباس کے آنحضرتؐ سے مروی ہے **حدیث** کی ہمسے ابو سلمہ یحییٰ بن خلف بصری نے کہا حدیث کی ہمسے معتمر بن سلیمان نے اپنے باپ سے اُسنے حنش سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جس شخص نے سوائے عذر کے دو نمازوں کو جمع کیا تو اُسنے کبیرہ سے گناہوں کے دروازوں سے ایک دروازہ کھولا کہا ابو عیسےٰ نے اور یہ حنش ابو علی رحبی ہے۔ اور یہ حنش بن قیس ہے۔ اور یہ اہل حدیث کے نزدیک ضعیف ہے امام احمد وغیرہ نے اسکو ضعیف کیا ہے اور عمل اہل علم کے نزدیک اسیپر ہے کہ درمیان دو نمازوں کے سوائے سفر یا عرفہ کے جمع نہ کیا جاوے

سلہ قولہ معنی حدیث کے الخ یعنی کہا امام شافعی اور احمد اور اسحاق نے کہ یہ حدیث صاحب عذر پر محمول ہے۔ یعنی جو شخص سو رہے یا بھول جائے تو جب جاگے یا یاد کرے تو پڑھ لے یہ نہیں کہ بلا عذر بیٹھکر ایسے وقت کی انتظاری کرتا ہے۔ ایسی نماز تو منافقوں کی ہے جیسا کہ پیچھے گذر چکا ہے کہا امام ابو حنیفہ نے صبح کی نماز تو آفتاب چڑھنے سے باطل ہو جاتی ہے کیونکہ وہ وقت کراہت کا ہے اور عصر کی نماز غروب آفتاب سے باطل نہیں ہوتی۔ اور جواب اس حدیث کا یہ ہے کہ صبح کی نماز جب اُسنے شروع کی تھی تو وقت کامل تھا پھر آفتاب کا طلوع ہو گیا تو وقت ناقص ہو گیا پس کامل وقت میں شروع کرنی اور ناقص وقت میں ختم کرنی درست نہیں ہے کیونکہ اسکے ذمے تو کامل لگی ہے اور ادا ناقص کرتا ہے۔ اور عصر کی نماز جب اسنے شروع کی تھی ناقص وقت ہی تھا اور ختم بھی اُسنے ناقص وقت میں کی ادا اسمیں کوئی نقصان نہیں کیونکہ اُسکے ذمے ہی ناقص لگی تھی اور ناقص ہی ادا کی جواب اسکا یہ ہے کہ یہ قیاس ہے مقابلہ نص میں اور ایسا قیاس جمہور کے نزدیک مردود ہوتا ہے۔ اور یہ کہنا کہ راوی اسکا یعنی ابی ہریرہ فقیہ نہیں باطل ہے کیونکہ ہر حدیث فقاہت اسکی پوشیدہ نہیں دوسرا حضرت عائشہ بھی اسکی راوی ہے۔ اور وہ سب کے نزدیک فقیہ ہے۔ اور امام طحاوی نے کہا ہے کہ احتمال ہے کہ معنی ادراک کے بلوغت کے ہوں یا حیض سے پاک ہونے کے یا مسلمان ہونے کے کافر کے اور مثل اسکے جواب اسکا یہ ہے کہ عطا نے ابو ہریرہ سے اور شافعی سے روایت کی ہے کہ من صلی رکعۃ من العصر قبل ان تغرب الشمس ثم صلی ما بقی بعد غروب الشمس فلم يفته العصر و قال مثل ذلك فی الصبح اور اسیطرح اور روایات بھی نسائی وغیرہ میں ہیں جو صراحتاً ان معنوں کا رد کرتی ہیں۔ اور بعض نے کہا ہے کہ یہ حدیث منسوخ ہے۔ کیونکہ حدیث میں آیا ہے کہ دونوں وقتوں میں نماز نہ پڑھنا چاہیے۔ جواب اسکا یہ ہے کہ بلا تعین تاریخ دعوی نسخ کا کرنا مسموع نہیں ہوتا۔ اور دوسرا جمع کرنا بھی دونوں حدیثوں میں ممکن ہے۔ اسطرح سے کہ حدیث نہی کی اُن نوافل پر حمل کی جائیں جو بلا سبب ایسے وقتوں میں پڑھی جائیں۔ پس ظاہر ہے کہ تخصیص اولی ہے دعوے نسخ سے۔

ورخص بعض اهل العلم من التابعين في الجمع بين الصلوتين للمريض وبه يقول احمد واسحاق وقال بعض اهل العلم يجمع بين الصلوتين في المطر وبه يقول الشافعي واحمد واسحاق ولم ير الشافعي للمريض ان يجمع بين الصلوتين

باب ما جاء في بدء الاذان

حدثنا سعيد بن يحيى بن سعيد الاموي نا ابي نا محمد بن اسحاق عن محمد بن ابراهيم التيمي عن محمد بن عبد الله بن زيد عن ابيه قال لما اصبحنا اتينا رسول الله صلى الله عليه وسلم فاخبرته بالرؤيا فقال ان هذه لرؤيا حق فقم مع بلال فانه اندى وامد صوتا منك فالق عليه ما قيل لك وليناد بذلك قال فلما سمع عمر بن الخطاب نداء بلال بالصلوة خرج الى رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو يجر ازاره وهو يقول يا رسول الله والذي بعثك بالحق لقد رأيت مثل الذي قال قال فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم فلله الحمد فذلك اثبت وفي الباب عن ابن عمر **قال** ابو عيسى حديث عبد الله بن زيد حديث حسن صحيح وقد روى هذا الحديث ابراهيم بن سعد عن محمد بن اسحاق اتم من هذا الحديث واطول وذكر فيه قصة الاذان مثنى مثنى والاقامة مرة مرة وعبد الله بن زيد هو ابن عبد ربه ويقال ابن عبد رب ولا نعرف له عن النبي صلى الله عليه وسلم شيئا يصح الا هذا الحديث الواحد في الاذان وعبد الله بن زيد بن عاصم المازني له احاديث عن النبي صلى الله عليه وسلم وهو عم عباد بن تميم **حدثنا** ابو بكر بن ابي النضر نا الحجاج بن محمد قال قال ابن جريج انا نافع عن ابن عمر قال كان المسلمون حين قدموا المدينة يجتمعون فيتحينون للصلوات وليس ينادي بها احد فتكلموا يوما في ذلك فقال بعضهم اتخذوا ناقوسا مثل ناقوس النصارى وقال بعضهم اتخذوا قرنا مثل قرن اليهود قال فقال عمر اولا تبعثون رجلا ينادي بالصلوة قال فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم يا بلال قم فناد بالصلوة

اور بعض اہل علم نے تابعین میں سے بیمار کے واسطے بھی دو نمازوں کے جمع کرنے میں رخصت دی ہے اور ساتھ اسی کے کہا ہے امام احمد اور اسحاق نے۔ اور کہا بعض اہل علم نے بارش میں دو نمازوں کو جمع کیا جاوے۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے شافعی اور احمد اور اسحاق اور امام شافعی مریض کے واسطے دو نمازوں کو جمع کرنا جائز نہیں رکھتا **باب** اذان کے شروع کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے سعید بن یحیٰی بن سعید اموی نے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن اسحاق نے محمد بن ابراہیم تیمی سے اُسنے محمد بن عبد اللہ بن زید سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے جب ہمنے صبح کی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور آپ کو میں نے خواب کی خبر دی سو فرمایا آپ نے بیشک یہ خواب ٹھیک ہے سو تو بلال کے پاس کھڑا ہو اسلیے کہ اُسکی آواز تجھ سے بلند اور لمبی ہے۔ سو تو اُسکو بتلا جو تجھے بتلایا گیا ہے اور تاکہ اُسکے ساتھ آواز دیجاوے۔ کہا راوی نے سو جب عمر ابن الخطاب نے آواز بلال کی نماز کے لیے سنی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف تہ بند کھینچتے ہوئے نکلے اور یہ کہتے تھے یا رسول اللہ قسم ہے اس ذات کی جسنے تجھے ساتھ حق کے بھیجا ہے البتہ میں نے بھی دیکھا ہے مثل اُسکے جو اُسنے کہا ہے۔ کہا اُسنے پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پس واسطے اللہ کے ہے حمد۔ سو یہ حدیث بہت قوی ہے۔ اور اس باب میں ابن عمر سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عبد اللہ بن زید کی حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیا ہے اس حدیث کو ابراہیم بن سعد نے محمد بن اسحاق سے کامل اس سے اور لمبی اور اُسنے اُسمیں قصہ اذان کا ذکر کیا ہے کہ دو دو کلمے ہیں اور تکبیر ایک ایک کلمہ اور عبد اللہ بن زید وہ عبد ربہ کا بیٹا ہے اور اسکو ابن عبد رب بھی کہا جاتا ہے اور ہم اُسکے واسطے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی حدیث صحیح سوائے اس حدیث ایک کے جو اذان میں ہے نہیں پہچانتے۔ اور عبد اللہ بن زید بن عاصم مازنی کے واسطے کئی حدیثیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں اور وہ عباد بن تمیم کا چچا ہے **حدیث** کی ہمسے ابو بکر بن ابی نضر نے کہا حدیث کی ہمسے حجاج بن محمد نے کہا اُسنے کہا ابن جریج نے خبر دی ہمکو نافع نے ابن عمر سے کہا اُسنے جب مسلمان مدینہ میں آتے تو جمع ہوتے اور نماز کے لیے وقت مقرر کرتے اور اُسکے لیے کوئی آواز نہ دیتا تھا سو انھوں نے ایک دن اس باب میں کلام کیا پس بعضوں نے کہا کہ سنکھ مقرر کرو مثل سنکھ نصاریٰ کے اور بعضوں نے کہا بوق مقرر کرو مثل بوق یہود کے کہا راوی نے۔ پس کہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کیا تم کسی ایسے مرد کو کھڑا نہیں کرتے جو نماز کے لیے اذان دے۔ کہا راوی نے۔ پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے بلال کھڑا ہو اور نماز کیلیے اذان دے

ف۱ یہ حدیث مختصر ہے جب لوگ نماز کے لیے جمع ہوتے تو انھوں نے مشورت کی کہ کوئی علامت جماعت کے لیے مقرر کرنی چاہیے تاکہ سب آدمی اس وقت پر حاضر ہو جایا کریں کسی نے کہا کہ آگ جلانی چاہیے۔ کسی نے کہا سنکھ بجانا چاہیے پھر اسمیں سے بعض نے کہا کہ آگ علامت یہود کی ہے اور سنکھ علامت نصاریٰ کی انھیں انسے مشابہت ہوگی پھر حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بلال کو حکم دیا کہ اذان کے دو دو کلمے کہ اور تکبیر کا ایک ایک کلمہ اس امر کے صیغہ سے بعضوں نے دلیل پکڑی ہے کہ اذان کہنی فرض ہے اور جمہور کا مذہب یہ ہے کہ اذان سنت ہے زیادہ تحقیق اسکی قسطلانی میں مذکور ہے ۱۲

ف۲ ابن سعد نے کہا ہے کہ مراد آپ کی اس قول سے کہ اے بلال اذان دے الصلوۃ جامعۃ ہے۔ بعد اُسکے اذان شروع ہوئی ہے پس اسو جہ سے عبد اللہ بن زید کی حدیث میں اور اس حدیث میں مطابقت ہو جاتی ہے

قال ابو عیسیٰ ھذا حدیث حسن صحیح غریب من حدیث ابن عمر **باب** ما جاء فی الترجیع فی الاذان **حدثنا** بشر بن معاذ نا
ابراھیم بن عبد العزیز بن عبد الملک بن ابی محذورۃ قال اخبرنی ابی وجدی جمیعا عن ابی محذورۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اقعدہ والقی علیہ الاذان حرفا حرفا قال ابراھیم مثل اذاننا قال بشر فقلت لہ اعِدْ علی فوصف الاذان بالترجیع **قال** ابو عیسیٰ
حدیث ابی محذورۃ فی الاذان حدیث صحیح وقد روی عنہ من غیر وجہ وعلیہ العمل بمکۃ وھو قول الشافعی **حدثنا**
ابو موسی محمد بن المثنی نا عفان نا ھمام عن عامر الاحول عن مکحول عن عبد اللہ بن مُحَیْرِیز عن ابی محذورۃ ان النبی صلی اللہ علیہ
وسلم علمہ الاذان تسع عشرۃ کلمۃ والاقامۃ سبع عشرۃ کلمۃ **قال** ابو عیسیٰ ھذا حدیث حسن صحیح وابو محذورۃ اسمہ سمرۃ
بن مِعیَر وقد ذھب بعض اھل العلم الی ھذا فی الاذان وقد روی عن ابی محذورۃ انہ کان یفرد الاقامۃ **باب** ما جاء فی افراد
الاقامۃ **حدثنا** قتیبۃ نا عبد الوھاب الثقفی ویزید بن زریع عن خالد الحذاء عن ابی قلابۃ عن انس بن مالک قال امر بلال
ان یشفع الاذان ویوتر الاقامۃ وفی الباب عن ابن عمر **قال** ابو عیسیٰ حدیث انس حدیث حسن صحیح وھو قول بعض اھل العلم من
اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم والتابعین وبہ یقول مالک والشافعی واحمد واسحاق **باب** ما جاء فی الاقامۃ مثنی مثنی **حدثنا**
ابو سعید الاشج نا عقبۃ بن خالد عن ابن ابی لیلی عن عمرو بن مرۃ عن عبد الرحمن بن ابی لیلی عن عبد اللہ بن زید قال کان اذان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم شفعا شفعا فی الاذان والاقامۃ **قال** ابو عیسیٰ حدیث عبد اللہ بن زید رواہ وکیع عن الاعمش عن عمرو بن مرۃ
عن عبد الرحمن بن ابی لیلی ان عبد اللہ بن زید رای الاذان فی المنام وقال شعبۃ عن عمرو بن مرۃ عن عبد الرحمن بن ابی لیلی قال ثنا اصحاب
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان عبد اللہ بن زید رای الاذان فی المنام وھذا اصح من حدیث ابن ابی لیلی وعبد الرحمن بن ابی لیلی
لم یسمع من عبد اللہ بن زید قال بعض اھل العلم الاذان مثنی مثنی والاقامۃ مثنی مثنی وبہ یقول سفیان الثوری وابن المبارک واھل الکوفۃ

کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے حدیث ابن عمر سے **باب** ترجیع[1] کرنے کا اذان میں **حدیث** کی ہمسے بشر بن معاذ نے کہا حدیث کی ہمسے
ابراہیم بن عبد العزیز بن عبد الملک بن ابی محذورہ نے کہا خبر دی مجھے میرے باپ اور دادا سب نے ابی محذورہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
اسکو بٹھلایا۔ اور حرف حرف اسکو اذان سکھلائی کہا ابراہیم نے مثل ہماری اذان کے۔ کہا بشر نے سو میں نے ابراہیم سے کہا مجھ سے بیان کر پس اُسنے
اذان کو ترجیع سے بیان کیا کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابی محذورہ جو اذان میں ہے صحیح ہے اور اُس سے یہ حدیث کئی وجہ سے مروی ہے۔ اور مکہ میں اسی پر
عمل ہے اور یہی قول ہے امام شافعیؒ کا **حدیث** کی ہمسے ابو موسیٰ یعنی محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے عفان نے کہا حدیث کی ہمسے ہمام نے
عامر احول سے اُسنے مکحول سے اُسنے عبد اللہ بن محیریز سے اُسنے ابی محذورہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اذان کے اُنیس کلمے سکھلائے اور
تکبیر کے سترہ کلمے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ابی محذورہ کا نام سمرہ بن معیر ہے۔ اور بعض اہل علم اذان میں اسی طرف گئے ہیں اور ابی محذورہ
سے مروی ہے کہ وہ تکبیر کا ایک ایک کلمہ کہتا تھا **باب** تکبیر کے ایک ایک کلمہ کہنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوہاب
ثقفی اور یزید بن زریع نے خالد الحذاء سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے بلال کو حکم ہوا ہے کہ اذان کے دو دو کلمے کہے اور تکبیر کا
ایک ایک کلمہ۔ اور اس باب میں روایت ابن عمر سے بھی ہے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث انس کی حسن صحیح ہے۔ اور یہ قول ہے بعض اہل علم کا صحابہ اور تابعین
اور ساتھ اسی کے کہتا ہے مالک اور شافعی اور احمد اور اسحاق **باب** اس بیان میں کہ تکبیر کے دو دو کلمے ہیں **حدیث** کی ہمسے ابو سعید اشج نے
کہا حدیث کی ہمسے عقبہ بن خالد نے ابن ابی لیلی سے اُسنے عمرو بن مرہ سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلی سے اُسنے عبد اللہ بن زید سے کہا اُسنے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی اذان اور تکبیر کے دو دو کلمے تھے کہا ابو عیسیٰ نے عبد اللہ بن زید کی حدیث کو روایت کیا ہے وکیع نے اعمش سے اُسنے عمرو بن مرہ سے اُسنے عبد الرحمن
بن ابی لیلی سے یہ کہ عبد اللہ بن زید نے خواب میں اذان کو سُنا اور کہا شعبہ نے عمرو بن مرہ سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلی سے کہا اُسنے حدیث کی ہمسے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے یہ کہ عبد اللہ بن زید نے اذان کو خواب میں سُنا اور یہ روایت زیادہ صحیح ہے ابن ابی لیلی کی حدیث سے اور عبد الرحمن
بن ابی لیلی نے عبد اللہ بن زید سے سُنا نہیں ہے۔ کہا بعض اہل علم نے اذان کے دو دو کلمے ہیں اور تکبیر کے دو دو کلمے۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے
سفیان ثوری اور ابن مبارک اور اہل کوفہ

[1] ترجیع کے معنی یہ ہیں کہ شہادت کے دونوں کلمے پہلی مرتبہ آہستہ آواز سے کہنے۔ پھر دوسری مرتبہ انھیں کلموں کو بلند آواز سے کہنا۔ یعنے شہادت کے کلموں کو چار مرتبہ کہنا۔

باب ما جاء في الترسل في الاذان **حدثنا** احمد بن الحسن نا المعلّى بن اسد نا عبد المنعم وهو صاحب السقاء نا يحيى بن مسلم عن الحسن وعطاء عن جابر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لبلال يا بلال اذا اذنت فترسّل في اذانك واذا اقمت فاحدُر واجعل بين اذانك واقامتك قدر ما يفرغ الآكل من اكله والشارب من شربه والمعتصر اذا دخل لقضاء حاجته ولا تقوموا حتى تروني **حدثنا** عبد بن حميد نا يونس بن محمد عن عبد المنعم نحوه **قال** ابو عيسى حديث جابر هذا حديث لا نعرفه الا من هذا الوجه من حديث عبد المنعم وهو اسناد مجهول **باب** ما جاء في ادخال الاصبع الاذن عند الاذان **حدثنا** محمود بن غيلان نا عبد الرزاق نا سفيان الثوري عن عون بن ابي جحيفة عن ابيه قال رايت بلالا يؤذن ويدور ويتبع فاه ههنا وههنا واصبعاه في اذنيه ورسول الله صلى الله عليه وسلم في قبة له حمراء اراه قال من ادم فخرج بلال بين يديه بالعنزة فركزها بالبطحاء فصلى اليها رسول الله صلى الله عليه وسلم يمر بين يديه الكلب والحمار وعليه حلة حمراء كاني انظر الى بريق ساقيه قال سفيان نراه حبرة **قال** ابو عيسى حديث ابي جحيفة حديث حسن صحيح وعليه العمل عند اهل العلم يستحبون ان يدخل المؤذن اصبعيه في اذنيه في الاذان قال بعض اهل العلم وفي الاقامة ايضا يدخل اصبعيه في اذنيه وهو قول الاوزاعي وابو جحيفة اسمه وهب السُوائي **باب** ما جاء في التثويب في الفجر **حدثنا** احمد بن منيع نا ابو احمد الزبيري نا ابو اسرائيل عن الحكم عن عبد الرحمن بن ابي ليلى عن بلال قال قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تُثوِّبنّ في شيء من الصلوات الا في صلوة الفجر وفي الباب عن ابي محذورة **قال** ابو عيسى حديث بلال لا نعرفه الا من حديث ابي اسرائيل الملائي وابو اسرائيل لم يسمع هذا الحديث من الحكم بن عتيبة

باب بیان مین ترسل کے اذان مین **حدیث** کی ہمسے احمد بن حسن نے کہا حدیث کی ہمسے معلی بن اسد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد المنعم نے جو صاحب[1] ہی مشک کا کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن مسلم نے حسن اور عطا سے اُسنے جابر سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے بلال سے کہا اے بلال جب تو اذان دے تو اپنی اذان مین ترسل کر اور جب تو تکبیر کہے تو جلدی کر۔ اور اپنی اذان اور تکبیر مین اسقدر فاصلہ کر کہ کھانے والا کھانے سے اور پینے والا پینے سے اور قضاے حاجت والا جبکہ پائخانہ مین قضاے حاجت کے لیے داخل ہو اپنی قضاے حاجت سے فارغ ہو جائے اور تم کھڑے نہ ہوا کرو تاکہ مجھے دیکھ لو۔ **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن محمد نے عبد المنعم سے مثل اُسکے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث جابر کی یہ ایسی حدیث ہی کہ ہم اسکو نہین پہچانتے مگر اسی وجہ سے یعنی حدیث عبد المنعم سے اور یہ اسناد مجہول ہی **باب** بیان مین داخل کرنے انگلیون کے کانون مین اذان کے وقت **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان ثوری نے عون بن ابی جحیفہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے دیکھا مینے بلال کو اذان کہتے ہوئے اور پھرتے ہوئے اور ادھر ادھر منہہ کو کرتے ہوے اس حالت مین کہ دو انگلیان اُنکی اُنکے کانون مین تھین۔ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک خیمہ سرخ مین تھے۔ مین گمان کرتا ہون کہ کہا اُسنے چمڑے سے تھا سو بلال آپ کے آگے نیزہ لیکر نکلا۔ پس اسکو بطحا مین گاڑا۔ سو اسکی طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی اُس حالت مین کہ آپ کے آگے کتے اور گدھے گذرتے تھے۔ اور آپ پر سرخ چادر تھی۔ گویا مین آپ کے پنڈلیون کی چمک کی طرف دیکھ رہا ہون۔ کہا سفیان نے ہم گمان کرتے ہین کہ وہ چادر یمنی تھی کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابی جحیفہ کی حسن صحیح ہی۔ اور اہل علم کے نزدیک عمل اسی پر ہی کہ مستحب یہ ہی کہ موذن اذان کے وقت انگلیون کو کانون مین داخل کرے۔ اور کہا بعض اہل علم نے اور تکبیر کے وقت بھی انگلیون کو کانون مین داخل کرے۔ اور یہ قول ہی اوزاعی کا۔ اور ابو جحیفہ کا نام وہب سوائی ہی **باب** بیان مین تثویب کے فجر مین **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد زبیری نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسرائیل نے حکم سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلے سے اُسنے بلال سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے نمازون مین سے کسی نماز مین تثویب نہ کہو مگر فجر کی نماز مین۔ اور اس باب مین روایت ہی ابی محذورہ سے بھی کہا ابو عیسیٰ نے بلال کی حدیث کو ہم نہین پہچانتے مگر حدیث ابی اسرائیل ملائی سے۔ اور ابو اسرائیل نے یہ حدیث حکم بن عتیبہ سے سُنی نہین ہی

[1] صاحب مشک کا اس نام سے اسلیے مشہور تھا کہ لوگون کو پانی پلاتا تھا۔ اور ترسل کے معنے دیر کے ہین یعنے اذان مین ہر ایک کلمہ ایک دوسرے سے قطع کرکے علیحدہ علیحدہ آہستگی سے کہنا چاہیے برخلاف تکبیر کے کہ وہ جلدی جلدی ختم کرنی چاہیے ١٢ [2] یعنے حی علے الصلوٰۃ اور حی علے الفلاح کہنے کے وقت منہہ دائین بائین کرتا تھا۔ اور چادر سرخ جو آپ کے اوپر تھی سفیان ثوری نے کہا ہے کہ وہ یمنی چادر تھی مخطط یعنے دھاریان اُسمین سرخ تھین۔ اور اسی کو ابن قیم اور صاحب قاموس وغیرہ نے ترجیح دی ہے۔ اور وہ چادر محض سرخ نہ تھی اور محمد بن اسمٰعیل صاحب بخاری نے کہا ہے کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ اذان دینے کے وقت انگلیون کو کانون مین نہ کرتا تھا ١٢ ترجم

قال انما رواه عن الحسن بن عمارة عن الحكم بن عتيبة وابو اسرائيل اسمه اسماعيل بن ابی اسحاق وليس بذاك القوی عند اهل الحديث وقد اختلف اهل العلم فی تفسير التثويب فقال بعضهم التثويب ان يقول فی اذان الفجر الصلوة خير من النوم وهو قول ابن المبارك واحمد وقال اسحق فی التثويب غير هذا قال هو شیء احدثه الناس بعد النبی صلی الله عليه وسلم اذا اذن المؤذن فاستبطأ القوم قال بين الاذان والاقامة قد قامت الصلوة حی علی الصلوٰة حی علی الفلاح وهذا الذی قال اسحاق هو التثويب الذی كرهه اهل العلم والذی احدثوه بعد النبی صلی الله عليه وسلم والذی فسر ابن المبارك واحمد ان التثويب ان يقول المؤذن فی صلوة الفجر الصلوة خير من النوم فهو قول صحيح ويقال له التثويب ايضا وهو الذی اختاره اهل العلم ورأوه وروی عن عبد الله بن عمر انه كان يقول فی صلوة الفجر الصلوة خير من النوم وروی عن مجاهد قال دخلت مع عبد الله بن عمر مسجدا وقد اذن فيه ونحن نريد ان نصلی فيه فثوب المؤذن فخرج عبد الله بن عمر من المسجد وقال اخرج بنا من عند هذا المبتدع ولم يصل فيه وانما كره عبد الله بن عمر التثويب الذی احدثه الناس بعد **باب ما جاء ان من اذن فهو يقيم** حدثنا هناد نا عبدة ويعلی عن عبد الرحمن بن زياد بن انعم عن زياد بن نعيم الحضرمی عن زياد بن الحارث الصدائی قال امرنی رسول الله صلی الله عليه وسلم ان اؤذن فی صلوة الفجر فاذنت فاراد بلال ان يقيم فقال رسول الله صلی الله عليه وسلم ان اخا صداء قد اذن ومن اذن فهو يقيم وفی الباب عن ابن عمر **قال** ابو عيسی حديث زياد انما نعرفه من حديث الافريقی والافريقی هو ضعيف عند اهل الحديث ضعفه يحيی بن سعيد القطان وغيره قال احمد لا اكتب حديث الافريقی قال ورأيت محمد بن اسماعيل يقوی امره ويقول هو مقارب الحديث والعمل علی هذا عند اكثر اهل العلم من اذن فهو يقيم **باب ما جاء فی كراهة الاذان بغير وضوء** حدثنا علی بن حجر نا الوليد بن مسلم عن معاوية بن يحيی عن الزهری عن ابی هريرة عن النبی صلی الله عليه وسلم قال لا يؤذن الا متوضی حدثنا يحيی بن موسی نا عبد الله بن وهب عن يونس عن ابن شهاب

کہا ترمذی نے اُسنے تو یہ حدیث بواسطہ حسن بن عمارہ کے حکم بن عتیبہ سے روایت کی ہے۔ اور ابو اسرائیل کا نام اسماعیل بن ابی اسحاق ہے اور یہ شخص اہل حدیث کے نزدیک قوی نہین۔ اور اہل علم نے تثویب کی تفسیر مین اختلاف کیا ہے سو بعض نے کہا ہے کہ تثویب فجر کی اذان مین الصلوۃ خیر من النوم کے کہنے کو بولتے ہین۔ اور یہ قول ہے ابن مبارک اور احمد کا اور اسحاق نے تثویب کی تفسیر مین سوائے اسکے کچھ اور کہا ہے کہا اسحاق نے تثویب ایسی چیز ہے کہ اسکو لوگون نے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایجاد کیا ہے وہ یہ کہ جب موذن اذان دے اور قوم دیر لگائے تو اذان اور تکبیر کے درمیان یہ کہے قد قامت الصلوۃ حی علی الصلوٰۃ۔ حی علے الفلاح۔ اور یہ جو اسحاق نے کہا ہے کہ تثویب یہ ہے اسکو اہل علم نے مکروہ جانا ہے۔ اور اسکو لوگون ہی نے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایجاد کیا ہے۔ اور جو ابن مبارک اور احمد نے تثویب کی تفسیر کی ہے کہ موذن نماز صبح مین الصلوۃ خیر من النوم کہے۔ سو یہ قول صحیح ہے۔ اور اسکو تثویب بھی کہا جاتا ہے۔ اور اسی کو اہل علم نے اختیار اور پسند کیا ہے اور عبد اللہ بن عمر سے مروی ہے کہ وہ فجر کی نماز مین الصلوۃ خیر من النوم کہا کرتا تھا۔ اور مروی ہے مجاہد سے کہ کہا اُسنے مین عبد اللہ بن عمر کے ساتھ ایک مسجد مین داخل ہوا اور اسمین اذان ہو چکی تھی اور ہم بھی اسمین نماز پڑہنے کا ارادہ رکھتے تھے۔ سو موذن نے تثویب کہی پس عبد اللہ بن عمر مسجد سے نکلا۔ اور کہنے لگا ہمکو اس بدعتی سے خارج کر اور اُسنے اس مین نماز نہ پڑہی۔ اور سوائے اسکے نہین کہ عبد اللہ بن عمر نے تو اسی تثویب کو مکروہ جانا ہے جسکو لوگون نے پیچھے ایجاد کیا ہے۔ **باب** اس بیان مین کہ جو اذان دے وہی تکبیر کہے حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ اور یعلی نے عبد الرحمان بن زیاد بن انعم سے اُسنے زیاد بن نعیم حضرمی سے اُسنے زیاد بن حارث صدائی سے کہا اُسنے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز مین اذان دینے کا حکم دیا سو مینے اذان دی پھر بلال نے تکبیر کہنے کا ارادہ کیا تو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ صدائی کے بھائی نے اذان دی ہے اور جو شخص اذان دے وہی تکبیر کہے۔ اور اس باب مین ابن عمر سے بھی روایت ہے۔ کہا ابو عیسے نے زیاد کی حدیث کو تو ہم افریقی کی حدیث سے ہی پہچانتے ہین۔ اور افریقی محدثین کے نزدیک ضعیف ہے اسکو یحیے بن سعید وغیرہ نے تضعیف کیا ہے۔ کہا امام احمد نے مین افریقی کی حدیث کو نہین لکھتا۔ کہا ترمذی نے اور مینے محمد بن اسماعیل کو دیکھا کہ وہ اسکے حال کی تقویت کرتا تھا۔ اور کہتا کہ یہ مقارب الحدیث ہے۔ اور عمل اکثر اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے کہ جو شخص اذان دے وہی تکبیر کہے **باب** اس بیان مین کہ اذان بغیر وضو کے مکروہ ہے۔ حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہم سے ولید بن مسلم نے معاویہ بن یحیے سے اُسنے زہری سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے نہ اذان دے مگر وضو والا۔ حدیث کی ہمسے یحیے بن موسے نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن وہب نے یونس سے اُسنے ابن شہاب سے

نا قال قال ابو هريرة لا ينادي بالصلوٰة الا متوضئ قال ابو عيسٰى وهذا اصح من الحديث الاول وحديث ابي هريرة لم يرفعه ابن وهب وهو اصح من حديث الوليد
بن مسلم والزهري لم يسمع من ابي هريرة واختلف اهل العلم في الاذان على غير وضوء فكرهه بعض اهل العلم وبه يقول الشافعي واسحاق ورخص في ذلك بعض اهل
العلم وبه يقول سفيان وابن المبارك واحمد **باب** ما جاء ان الامام احق بالاقامة **حدثنا** يحيى بن موسٰى نا عبد الرزاق نا اسرائيل اخبرني سماك بن حرب سمع
جابر بن سمرة يقول كان مؤذن رسول الله صلى الله عليه وسلم يمهل فلا يقيم حتى اذا رأى رسول الله صلى الله عليه وسلم قد خرج اقام الصلوٰة حين يراه **قال** ابو عيسٰى
حديث جابر بن سمرة حديث حسن وحديث سماك لا نعرفه الا من هذا الوجه وهكذا قال بعض اهل العلم ان المؤذن املك بالاذان والامام املك بالاقامة **باب**
ما جاء في الاذان بالليل **حدثنا** قتيبة نا الليث عن ابن شهاب عن سالم عن ابيه ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ان بلالا يؤذن بليل فكلوا واشربوا حتى تسمعوا
تاذين ابن ام مكتوم **قال** ابو عيسٰى وفي الباب عن ابن مسعود وعائشة وانيسة وانس وابي ذر وسمرة **قال** ابو عيسٰى حديث ابن عمر حديث حسن صحيح وقد اختلف اهل العلم في الاذان
بالليل فقال بعض اهل العلم اذا اذن المؤذن بالليل اجزاه ولا يعيد وهو قول مالك وابن المبارك والشافعي واحمد واسحاق وقال بعض اهل العلم اذا اذن بالليل اعاد وبه
يقول سفيان الثوري وروى حماد بن سلمة عن ايوب عن نافع عن ابن عمر ان بلالا اذن بليل فامره النبي صلى الله عليه وسلم ان ينادي ان العبد نام **قال** ابو عيسٰى هذا حديث غير محفوظ
والصحيح ما روى عبيد الله بن عمر وغيره عن نافع عن ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ان بلالا يؤذن بليل فكلوا واشربوا حتى يؤذن ابن ام مكتوم وروى عبد العزيز بن
ابي رواد عن نافع ان مؤذنا لعمر اذن بليل فامره عمر ان يعيد الاذان وهذا لا يصح لانه عن نافع عن عمر منقطع ولعل حماد بن سلمة اراد هذا الحديث والصحيح رواية عبيد الله بن عمر
وغير واحد عن نافع عن ابن عمر والزهري عن سالم عن ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ان بلالا يؤذن بليل **قال** ابو عيسٰى ولو كان حديث حماد صحيحا لم يكن لهذا الحديث معنى اذ قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان بلالا

کہا اُسنے کہا ابوہریرہ نے نہ اذان دے واسطے نماز کے مگر وضو والا کہا ابو عیسٰی نے یہ پہلی حدیث سے صحیح ہے اور ابوہریرہ کی حدیث کو ابن وہب نے مرفوع نہیں کیا۔ اور یہ حدیث ولید بن مسلم کی حدیث سے زیادہ صحیح ہے اور زہری نے ابی ہریرہ سے سُنا نہیں ہے اور اہل علم نے بلا وضو اذان دینے میں اختلاف کیا ہے پس بعض اہل علم نے تو اسکو مکروہ جانا ہے اور ساتھ اسی کے کہتا ہے امام شافعی اور اسحاق اور بعض اہل علم نے اسمین رخصت دی ہے اور ساتھ اسی کے کہتا ہے سفیان اور ابن مبارک اور احمد **باب** اس بیان مین کہ امام تکبیر کے ساتھ زیادہ حقدار ہے **حدیث** کی ہمسے یحییٰ بن موسٰی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے اسرائیل نے کہا خبر دی مجھے سماک بن حرب نے سنا اُسنے جابر بن سمرہ سے کہ کہتا موذن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتظار ہی کرتا اور تکبیر نہ کہتا تاکہ جب دیکھتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے ہین تو نماز کے لیے تکبیر کہتا وقتیکہ آپ کو دیکھ لیتا اور کہا ابو عیسٰی نے حدیث جابر بن سمرہ کی حسن ہے اور سماک کی حدیث کو ہم نہین پہچانتے مگر اسی وجہ سے اور اسی طرح کہا ہے بعض اہل علم نے کہ موذن زیادہ مالک ہے اذان کا اور امام زیادہ مالک ہے تکبیر کا **باب** رات کو اذان دینے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے اُسنے سالم سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیشک بلال رات کو اذان دیتا ہے سو کھاؤ اور پیو تاکہ سنو تم اذان ابن ام مکتوم کی کہا ابو عیسٰی نے اور اس باب مین روایت ہے ابن مسعود اور عائشہ اور انیسہ اور انس اور ابی ذر اور سمرہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسٰی نے حدیث ابن عمر کی حسن صحیح ہے اور اہل علم نے رات کو اذان دینے مین اختلاف کیا ہے سو کہا بعض اہل علم نے جب موذن رات کو اذان دے تو اُسکو وہی کافی ہو جاتی ہے اور اعادہ نہ کرے اور یہ قول ہے امام مالک اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا۔ اور کہا بعض اہل علم نے جب موذن رات کو اذان دے تو اعادہ کرے اور ساتھ اسکے کہتا ہے سفیان ثوری اور روایت کی ہے حماد بن سلمہ نے ایوب سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ بلال نے رات کو اذان دی سو اُسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اذان دے کہ بندہ سو گیا ہے کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث غیر محفوظ ہے اور صحیح وہ ہے جو عبید اللہ بن عمر وغیرہ نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلال رات کو اذان دیتا ہے سو کھاؤ اور پیو یہانتک کہ ابن ام مکتوم اذان دے اور روایت کی عبد العزیز بن ابی رواد نے نافع سے یہ کہ حضرت عمر کے موذن نے رات کو اذان دی سو اسکو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اذان کے اعادہ کرنے کا حکم دیا اور یہ صحیح نہین کیونکہ روایت نافع کی عمر سے منقطع ہے اور شاید حماد بن سلمہ نے اسی حدیث کا ارادہ کیا ہو اور صحیح روایت عبید اللہ بن عمر وغیرہ کی ہے جو بواسطہ نافع کے ابن عمر سے مروی ہے اور زہری نے بواسطہ سالم کے ابن عمر سے یہ روایت کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بلال رات کو اذان دیتا ہے۔ کہا ابو عیسٰی نے اگر حدیث حماد کی صحیح ہے تو اس حدیث کے کچھ معنے نہو نگے۔ کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ بلال رات کو

سلہ غرض اس سے یہ ہے کہ امام کے حاضر ہونے سے پہلے تکبیر نہ کہی جاوے اور اذان بغیر وضو امام کے جائز ہے ۱۲

يؤذن بليل فانما امرهم فيما يستقبل فقال ان بلالا لم يؤذن بليل لو انه امر باعادة الاذان حين اذن قبل طلوع الفجر لم يقل ان بلالا يؤذن بليل قال علي بن المديني حديث حماد بن سلمة عن ايوب عن نافع عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم هو غير محفوظ واخطأ فيه حماد بن سلمة **باب** ما جاء في كراهية الخروج من المسجد بعد الاذان **حدثنا** هناد نا وكيع عن سفيان عن ابراهيم بن مهاجر عن ابي الشعثاء قال خرج رجل من المسجد بعد ما اذن فيه بالعصر فقال ابو هريرة اما هذا فقد عصى ابا القاسم صلى الله عليه وسلم **قال** ابو عيسى وفي الباب عن عثمان حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح وعلى هذا العمل عند اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم ومن بعدهم ان لا يخرج احد من المسجد بعد الاذان الا من عذر ان يكون على غير وضوء او امر لا بد منه ويروى عن ابراهيم النخعي انه قال يخرج ما لم ياخذ المؤذن في الاقامة **قال** ابو عيسى وهذا عندنا لمن له عذر في الخروج منه وابو الشعثاء اسمه سليم بن الاسود وهو والد اشعث بن ابي الشعثاء وقد روى اشعث ابن ابي الشعثاء هذا الحديث عن ابيه **باب** ما جاء في الاذان في السفر **حدثنا** محمود بن غيلان نا وكيع عن سفيان عن خالد الحذاء عن ابي قلابة عن مالك بن الحويرث قال قدمت على رسول الله صلى الله عليه وسلم انا وابن عم لي فقال لنا اذا سافرتما فاذنا واقيما وليؤمكما اكبركما **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح والعمل عليه عند اكثر اهل العلم اختاروا الاذان في السفر وقال بعضهم تجزئ الاقامة انما الاذان على من يريد ان يجمع الناس والقول الاول اصح وبه يقول احمد واسحاق **باب** ما جاء في فضل الاذان **حدثنا** محمد بن حميد الرازي نا ابو تميلة نا ابو حمزة عن جابر عن مجاهد عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم قال من اذن سبع سنين محتسبا كتبت له براءة من النار **قال** ابو عيسى وفي الباب عن ابن مسعود وثوبان ومعاوية وانس وابي هريرة وابي سعيد حديث ابن عباس حديث غريب وابو تميلة اسمه يحيى بن واضح وابو حمزة السكري اسمه محمد بن ميمون وجابر بن يزيد الجعفي ضعفوه تركه يحيى بن سعيد وعبد الرحمن بن مهدي

اذان دیتا ہے سو آنحضرت نے یہ حکم لوگون کو استقبال کے واسطے کیا ہے کیونکہ آپ نے فرمایا ہے کہ بلال رات کو اذان دیتا ہے اگر آپ اسکو اعادہ کا حکم دیتے جبکہ اُسنے قبل طلوع فجر کے اذان دیدی تو آپ یہ نہ فرماتے کہ بلال رات کو اذان دیتا ہے کہا علی بن مدینی نے حدیث حماد بن سلمہ کی جو ایوب سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے وہ غیر محفوظ ہے اور اسمین حماد بن سلمہ نے خطا کیا ہے **باب** اس بیان مین کہ بعد اذان کے مسجد سے نکلنا مکروہ ہے۔ حدیث کی ہے ہناد نے کہا حدیث کی ہے وکیع نے سفیان سے اُسنے ابراہیم بن مہاجر سے اُسنے ابی الشعثاء سے کہا اُسنے ایک مرد مسجد سے بعد اسکے کہ اسمین عصر کی اذان ہو چکی تھی نکلا۔ تو ابو ہریرہ نے کہا بہر حال اسنے تو ابا القاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی ہے۔ کہا ابو عیسےٰ نے اور اِس باب مین عثمان سے بھی روایت ہے۔ حدیث ابو ہریرہ کی حسن صحیح ہے۔ اور اہل علم صحابہ اور من بعدہم کے نزدیک عمل اسی پر ہے۔ کہ کوئی شخص مسجد سے بعد اذان کے نہ نکلے۔ مگر اس عذر سے کہ بے وضو ہو یا اور کوئی ضروری امر ہو۔ اور ابراہیم نخعی سے مروی ہے کہ کہا اُسنے نکلنا مسجد سے جائز ہے جبتک کہ موذن تکبیر کو شروع نکرے۔ کہا ابو عیسےٰ نے اور یہ (یعنے مسجد سے نکلنا) ہمارے نزدیک اُسی شخص کے لیے جائز ہے جسکو نکلنے مین کوئی عذر ہو۔ اور ابو الشعثا کا نام سلیم بن اسود ہے۔ اور یہ والد اشعث بن ابی الشعثا کا ہے۔ اور روایت کی ہے اشعث بن ابی الشعثا نے یہ حدیث اپنے باپ سے **باب** سفر مین اذان کا بیان حدیث کی ہے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہے وکیع نے سفیان سے اُسنے خالد الحذاء سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے مالک ابن حویرث سے کہا اُسنے مین اور میرے چچا کا بیٹا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے سو ہمکو آپ نے فرمایا کہ جب تم سفر کیا کرو تو اذان دو اور تکبیر کہو اور بڑا تم مین سے امامت کرائے[ف] کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اکثر اہل علم کے نزدیک عمل اسی پر ہے کہ اُنھون نے سفر مین اذان کو پسند کیا ہے۔ اور کہا بعض نے تکبیر ہی کافی ہے۔ اذان تو اس شخص پر ہے جو لوگون کو جمع کرنے کا ارادہ رکھتا ہو۔ اور پہلا قول صحیح ہے۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے امام احمد اور اسحاق **باب** اذان کی فضیلت کے بیان مین حدیث کی ہے محمد بن حمید رازی نے کہا حدیث کی ہے ابو تمیلہ نے کہا حدیث کی ہے ابو حمزہ نے جابر سے اُسنے مجاہد سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص ثواب کے واسطے سات برس اذان دے تو اُسکے لیے آگ سے خلاصی لکھی جاتی ہے کہا ابو عیسےٰ نے اور اس باب مین روایت ہے ابن مسعود اور ثوبان اور معاویہ اور انس اور ابو ہریرہ اور ابی سعید سے رضی اللہ عنہم۔ حدیث ابن عباس کی غریب ہے اور ابو تمیلہ کا نام یحییٰ بن واضح ہے اور ابو حمزہ سکری کا نام محمد بن میمون ہے اور جابر بن یزید جعفی کو لوگون نے ضعیف کیا ہے۔ ترک کیا اسکو یحییٰ بن سعید اور عبد الرحمن بن مہدی نے

ف یعنے ایک شخص تم مین سے اذان دے اور ایک ہی تکبیر کہے یعنے اذان اور تکبیر تمہارے اختیار مین ہے جسکی مرضی ہو کہے مگر امامت وہ کرائے جو تم مین سے بڑا ہے یہ حکم اوسی صورت مین ہے کہ اگر دونون قرأت اور ورع مین یکسان ہون ١٢

قال ابوعیسی سمعت الجارود یقول سمعت وکیعا یقول لولا جابر الجعفی لکان اهل الکوفة بغیر حدیث ولولا حماد لکان اهل الکوفة بغیر فقه

باب ماجاء ان الامام ضامن والمؤذن مؤتمن **حدثنا** هناد نا ابوالاحوص وابومعاویة عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الامام ضامن والمؤذن مؤتمن اللهم ارشد الائمة واغفر للمؤذنین **قال** ابوعیسی وفی الباب عن عائشة وسهل بن سعد وعقبة بن عامر حدیث ابی هریرة رواه سفیان الثوری وحفص بن غیاث وغیر واحد عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم وروی اسباط بن محمد عن الاعمش قال حُدِّثت عن ابی صالح عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم وروی نافع بن سلیمن عن محمد بن ابی صالح عن ابیه عن عائشة عن النبی صلی الله علیه وسلم هذا الحدیث **قال** ابوعیسی سمعت ابازرعة یقول حدیث ابی صالح عن ابی هریرة اصح من حدیث ابی صالح عن عائشة **قال** ابوعیسی سمعت محمدا یقول حدیث ابی صالح عن عائشة اصح وذکر عن علی بن المدینی انه لم یثبت حدیث ابی صالح عن ابی هریرة ولا حدیث ابی صالح عن عائشة فی هذا

باب ما یقول اذا اذن المؤذن **حدثنا** اسحاق بن موسی الانصاری نا معن نا مالک ح وثنا قتیبة عن مالک عن الزهری عن عطاء بن یزید اللیثی عن ابی سعید قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا سمعتم النداء فقولوا مثل ما یقول المؤذن وفی الباب عن ابی رافع وابی هریرة وام حبیبة وعبدالله ابن عمرو وعبدالله بن ربیعة وعائشة ومعاویة ومعاذ بن انس **قال** ابوعیسی حدیث ابی سعید حدیث حسن صحیح وهکذا روی معمر وغیر واحد عن الزهری مثل حدیث مالک وروی عبدالرحمن بن اسحاق عن الزهری هذا الحدیث عن سعید بن المسیب عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم وروایة مالک اصح

کہا ابوعیسی نے سُنا میں نے جارود سے کہ کہتا سُنا میں نے وکیع سے کہ کہتا اگر جابر جعفی نہوتا تو اہل کوفہ بغیر حدیث کے رہتے اور اگر حماد نہوتا تو اہل کوفہ بغیر فقہ کے رہتے **باب** اس بیان میں کہ امام ضامن[1] اور موذن امانت دار ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے ابوالاحوص اور ابومعاویہ سے انہوں نے اعمش سے اُسنے صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امام ضامن ہے اور موذن امانت دار ہے الٰہی ہدایت کر اماموں کو اور موذنوں پر بخشش کر کہا ابوعیسی نے اور اس باب میں عایشہ اور سہل بن سعد اور عقبہ بن عامر سے روایت ہے ابوہریرہ کی حدیث کو روایت کیا ہے سفیان ثوری اور حفص بن غیاث اور ما سولے انکے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کیا اسباط بن محمد نے اعمش سے کہا مجھے حدیث کی گئی ہے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کیا ہے نافع بن سلیمان نے محمد سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عایشہ رض سے اُسنے نبی صلی اللہ سے اس حدیث کو۔ اور کہا ابوعیسی نے اور سُنا میں ابازرعہ کو کہتا تھا حدیث ابی صالح کی عایشہ سے زیادہ صحیح ہے۔ اور ذکر کیا گیا ہے علی بن مدینی سے یہ کہ نہیں ثابت ہوئی حدیث ابی صالح کی ابی ہریرہ سے اور نہیں ثابت ہوئی حدیث ابی صالح کی عائشہ سے اس باب میں **باب** جسوقت موذن اذان دیوے تو کیا کہا جاوے **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن موسی انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ح اور حدیث کی ہمسے قتیبہ نے مالک سے اُسنے زہری سے اُسنے عطاء بن یزید لیثی سے اُسنے ابی سعید سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جبکہ تم اذان کو سنو پس کہو تم جیسا کہ موذن کہتا ہے[2]۔ اور اس باب میں ابی رافع اور ابی ہریرہ اور ام حبیبہ اور عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن ربیعہ اور عایشہ اور معاذ بن انس اور معاویہ سے روایت ہے کہا ابوعیسی نے حدیث ابی سعید کی حدیث حسن صحیح ہے اور ایسا ہی روایت کیا ہے معمر اور کئی ایک نے زہری سے مثل حدیث مالک کے اور روایت کیا ہے عبدالرحمن بن اسحاق نے زہری سے اس حدیث کو سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت مالک کی بہت صحیح ہے

سلہ[1] معنی اسکے یہ ہیں کہ امام مقتدیون کی نماز کا صحت کے بابت ضامن ہے اور مقتدی بری الذمہ ہیں اور یہ معنی نہیں کہ جو کہ صاحب قسطلانی نے بیان کیے ہیں کہ الامام ضامن صلوتہم صحتا وفسادا یعنی امام اونکی نماز کا صحت اور فساد میں ضامن ہے پس اگر امام کی نماز صحیح ہوگی تو مقتدیون کی نماز بھی ورنہ نہیں کیونکہ ضمانت کے دو متعلق نکالنے نہ تو قرین قیاس ہیں اور نہ مطابق محاورہ کے اسلیے کہ ضمانت ہمیشہ ایک طرف کی بابت ہوا کرتی ہے مثلا ادائے قرضہ کا ضامن محض ادائے کا ضامن ہوتا ہے نہ ادائے اور عدم ادائے دونوں کا۔ اور یہ معنی بیان کرتے جیسا کہ صاحب لمعات نے بیان کیے ہیں کہ الامام ضامن متکفل وتحمل صلوة المقتدین فیحمل القراءة عنہم ویحمل القیام اذا ادرکوا فی الرکوع یعنی امام مقتدیون کی نماز کا متکفل ہے پس انکی قراءت کو اسنے اٹھایا ہے یہ بھی ٹھیک نہیں کیونکہ اگر یہ معنے ہوتے تو چاہیے کہ تمام افعال نماز اسکے ذمہ ہو جاتے اور مقتدیون کو پرسش بھی نہ ہوتی جیسا کہ قرض میں ہوا کرتا ہے کہ ضامن کو ہی پرسش ہوتی ہے اور ضمانت کرانے والے کو کوئی پوچھتا ہی نہیں۔ اور ان معنون میں بعض افعال کو بعض پر ترجیح بلا مرجح ہے مثلاً اگر قراءت میں ضامن تھا تو تمام قراءت میں ہوتا۔ التحیات اور رکوع وسجود کیون خارج ہوتے۔ اور قراءت کی لفظ فقط کلام اللہ پر اطلاق کرنا سوائے دلیل کے مسلم نہیں اور زیادہ تحقیق اس مسئلہ کی فضل الباری ترجمہ صحیح البخاری میں ہمنے لکھی ہے من شاء فلیرجع الیہ ۱۲ ز

سلہ[2] سوائے حی علی الصلوۃ اور حی علی الفلاح کے کیونکہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ان دونوں کلمون کے وقت لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم کہنا چاہیے ۱۲ ز ز

باب ما جاء في كراهية ان يأخذ المؤذن على الاذان اجرا **حدثنا** هناد نا ابو زبيد عن اشعث عن الحسن عن عثمان بن ابي
العاص قال ان من آخر ما عهد الي رسول الله صلى الله عليه وسلم ان اتخذ مؤذنا لا يأخذ على اذانه اجرا **قال** ابو عيسى حديث عثمان
حديث حسن والعمل على هذا عند اهل العلم كرهوا ان يأخذ على الاذان اجرا واستحبوا للمؤذن ان يحتسب في اذانه **باب** ما يقول اذا اذن
المؤذن من الدعاء **حدثنا** قتيبة نا الليث عن الحكيم بن عبد الله بن قيس عن عامر بن سعد عن سعد بن ابي وقاص عن رسول الله صلى الله
عليه وسلم قال من قال حين يسمع المؤذن حين يؤذن وانا اشهد ان لا اله الا الله وحده لا شريك له وان محمدا عبده ورسوله رضيت
بالله ربا وبالاسلام دينا وبمحمد رسولا غفر الله له ذنوبه **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح غريب لا نعرفه الا من حديث الليث بن سعد
عن حكيم بن عبد الله بن قيس **باب** منه ايضا **حدثنا** محمد بن سهل بن عسكر البغدادي وابراهيم بن يعقوب قالا نا علي بن عياش نا
شعيب بن ابي حمزة نا محمد بن المنكدر عن جابر بن عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قال حين يسمع النداء اللهم رب هذه الدعوة
التامة والصلوة القائمة آت محمدا الوسيلة والفضيلة وابعثه مقاما محمودا الذي وعدته الا حلت له الشفاعة يوم القيمة **قال** ابو عيسى
حديث جابر حديث حسن غريب من حديث محمد بن المنكدر لا نعلم احدا رواه غير شعيب بن ابي حمزة **باب** ما جاء في ان الدعاء لا يرد بين الاذان والاقامة

باب کراہیت اسکی کہ موذن اذان کہنے پر اجرت لیوے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اُسنے ابو زبید سے اُسنے اشعث سے اُسنے حسن سے اُسنے
عثمان بن ابی العاص سے کہا اُسنے تحقیق آخری عہد جو میرے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا ہے یہ تھا کہ میں ایک ایسا موذن مقرر کروں جو
اذان کہنے کی اجرت نہ لیوے کہا ابو عیسےٰ نے حدیث عثمان کی حدیث حسن ہے اور اہل علم کا عمل اسی پر ہے کہ اذان کہنے پر اجرت مکروہ ہے اور
مستحب ہے واسطے موذن کے یہ کہ ثواب سمجھے بیچ اذان اپنی کے **باب** کیا دعا مانگی جائے جب موذن اذان دے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ
نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے حکیم بن عبداللہ بن قیس سے اُسنے عامر بن سعد بن ابی وقاص سے اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا
آپ نے جس شخص نے کہا جبکہ اُسنے موذن کو اذان دیتے ہوئے سُنا وانا اشہد الخ اور میں گواہی دیتا ہوں کہ نہیں کوئی لایق عبادت کے سواے
اللہ کے جو اکیلا ہے اُسکا کوئی شریک نہیں۔ اور محمد اُسکا بندہ ہے اور رسول اُسکا۔ میں اللہ کے رب ہونے پر راضی ہوں اور اسلام کے دین ہونے
پر اور محمد کے رسول ہونے پر تو اللہ تعالیٰ اُسکے گناہ بخشدیتا ہے کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث لیث
بن سعد سے جو راوی ہے حکیم بن عبداللہ بن قیس سے **باب** اُسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن سہل بن عسکر بغدادی اور
ابراہیم بن یعقوب نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے علی بن عیاش نے کہا حدیث کی ہمسے شعیب بن ابی حمزہ نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن منکدر
نے جابر بن عبداللہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص جب اذان سُنے اور یہ دعا پڑہے اے اللہ پوری پکار اور
سدا رہنے والی نماز کے صاحب۔ دے تو محمد کو وسیلہ اور بڑائی۔ اور اُسکو سرا ہی مکان پر پہنچا تو نے اُس سے وعدہ کیا ہے کہڑا کر۔ مگر کہ اُسکے
واسطے قیامت کے روز میری شفاعت حلال ہو گئی۔ کہا ابو عیسےٰ نے حدیث جابر کی حسن غریب ہے حدیث محمد بن منکدر سے۔ ہم نہیں جانتے
کہ کسی نے سوائے شعیب بن ابی حمزہ کے اسکو روایت کیا ہو۔ **باب** اس بیان میں کہ دعا اذان اور تکبیر کے درمیان رد نہیں ہوتی۔

۱؎ حضرت نے فرمایا کہ جو شخص جب اذان سنے تو یہ دعا یعنے اللہم سے وعدتہ تک پڑہے تو اُسکو قیامت میں میری شفاعت پہونچیگی یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
اُسکو بخشادینگے۔ پوری پکار یعنے تاثیر قبولیت میں پوری ہے سدا رہنے والی نماز یعنے قیامت تک اُسکا حکم منسوخ نہ ہو گا۔ وسیلہ بہشت میں ایک عمدہ مقام
ہے کہ وہ خاص آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے واسطے ہے۔ مقام محمود یعنے سفارش کا رتبہ جب قیامت کی مصیبتوں میں لوگ گرفتار ہونگے اور سب پیغمبر
علیہم الصلوٰۃ والسلام دربار الٰہی میں حاضر ہونے سے لوگوں کو جواب دینگے کسی کی سفارش نہ کر سکینگے۔ اُسوقت ہمارے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بہت دیر تک
خدائے تعالےٰ کے سامنے سجدے میں جائینگے۔ پہر لوگوں کو بخشا لینگے۔ اُسکا نام مقام محمود ہے۔ اور مسلم کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ بعد اذان کے
اول آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم پر درود پڑہے پہر یہ دعا پڑہے جسمیں وسیلے کا ذکر ہے تاکہ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی سفارش اُسکے گناہ
بخشادے۔ اور نیز اسی حدیث سے معلوم ہوا کہ سب پیغمبران علیہم الصلوٰۃ والسلام سے ہمارے حضرت نبی صلے اللہ علیہ وسلم افضل
ہیں۔ اسواسطے کہ وہ عالی مقام یعنے وسیلہ سوائے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اور کسی پیغمبر کو نہ ملیگا۔ ملا علی قاری نے لکھا ہے کہ یہ لفظ جو
لوگوں میں مشہور ہو رہا ہے۔ الدرجۃ الرفیعہ اسکی کوئی اصل نہیں ہے ۱۲

✢ ✢

حدثنا محمود نا وكيع وعبد الرزاق وابو احمد وابو نعيم قالوا نا سفيان عن زيد العمي عن ابي اياس معاوية بن قرة عن انس بن مالك قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الدعاء لا يرد بين الاذان والاقامة **قال** ابو عيسى حديث انس حديث حسن وقد رواه ابو اسحاق الهمداني عن بريد بن ابي مريم عن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم مثل هذا **باب** ما جاء كم فرض الله على عباده من الصلوات **حدثنا** محمد بن يحيى نا عبد الرزاق نا معمر عن الزهري عن انس بن مالك قال فرضت على النبي صلى الله عليه وسلم ليلة اُسري به الصلوة خمسين ثم نقصت حتى جعلت خمسا ثم نودي يا محمد انه لا يبدل القول لدي وان لك بهذه الخمس خمسين وفي الباب عن عبادة بن الصامت وطلحة بن عبيد الله وابي قتادة وابي ذر ومالك بن صعصعة وابي سعيد الخدري **قال** ابو عيسى حديث انس حديث حسن صحيح غريب **باب** في فضل الصلوات الخمس **حدثنا** علي بن حجر نا اسماعيل بن جعفر عن العلاء بن عبد الرحمن عن ابيه عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال الصلوات الخمس والجمعة الى الجمعة كفارات لما بينهن ما لم يغش الكبائر وفي الباب عن جابر وانس وحنظلة الاسيدي **قال** ابو عيسى حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في فضل الجماعة **حدثنا** هناد نا عبدة عن عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوة الجماعة تفضل على صلوة الرجل وحده بسبع وعشرين درجة وفي الباب عن عبد الله بن مسعود وابي بن كعب ومعاذ بن جبل وابي سعيد وابي هريرة وانس بن مالك **قال** ابو عيسى حديث ابن عمر حديث حسن صحيح وهكذا روى نافع عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال تفضل صلوة الجمع على صلوة الرجل وحده بسبع وعشرين درجة وعامة من روى عن النبي صلى الله عليه وسلم انما قالوا خمس وعشرين الا ابن عمر فانه قال بسبع وعشرين **حدثنا** اسحاق بن موسى الانصاري نا معن نا مالك عن ابن شهاب عن سعيد بن المسيب عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان صلوة الرجل في الجماعة تزيد على صلوته وحده بخمس وعشرين جزءا **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء فيمن سمع النداء فلا يجيب

حدیث کی ہمسے محمود نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے اور عبد الرزاق اور ابو احمد اور ابو نعیم نے کہا انہوں نے حدیث کی ہمسے سفیان نے اُسنے زید عمی سے اُسنے ابی ایاس سے یعنے معاویہ بن قرہ سے اُسنے انس بن مالک سے کہا فرمایا رسول اللہ علیہ وسلم نے کہ دعا اذان اور تکبیر کے درمیان رد نہین ہوتی کہا ابو عیسےٰ نے انس کی حدیث حسن ہے۔ اور روایت کیا ہے اِس کو ابو اسحاق ہمدانی نے برید بن ابی مریم سے اُسنے انس سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے **باب** اِس بیان مین کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندون پر کتنی نمازین فرض کی ہین **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحییٰ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا خبر دی ہمکو معمر نے زہری سے اُسنے انس بن مالک سے کہا فرض کی گئین اُس رات مین کہ جس رات آنحضرتؐ کو معراج ہوئی تھی پچاس نمازین پھر گھٹائی گئین یہان تک کہ پانچ رہ گئین۔ پھر آواز دیا گیا یہ کہ اے محمدؐ میرے پاس قول نہین بدلتا۔ اور یہ واسطے تیرے بدلے اِن پانچ کے پچاس نیکیان ہین۔ اور اِس باب مین عبادہ بن صامت اور طلحہ بن عبید اللہ اور ابی قتادہ اور ابی ذر اور مالک بن صعصعہ اور ابی سعید خدری سے روایت ہے۔ کہا ابو عیسےٰ نے حدیث انس کی صحیح غریب ہے **باب** بیچ فضیلت پانچ نمازون کے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسماعیل بن جعفر نے اُسنے علاء بن عبد الرحمان سے اُسنے اپنے باپ سے اُس نے ابی ہریرہ سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پانچ نمازین اور جمعہ جمعہ تک کفارہ ہے واسطے اُن گناہون کے جو درمیان اُنکے ہین جب تک کہ نہ دلیری کرے کبیرے گناہون کی۔ اور اِس باب مین جابر اور انس اور حنظلہ اسیدی سے روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے ابو ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے **باب** جماعت کی فضیلت مین **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن عمر نے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جماعت سے نماز پڑھنی اکیلے مرد کے نماز پڑھنے سے ستائیس درجہ فضیلت رکھتی ہے اور عام لوگون نے روایت کیا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہا اُنہون نے پچیس ۲۵ درجہ مگر ابن عمر کہ وہ ستائیس ۲۷ درجہ کہتے ہین **حدیث** کی ہمسے اسحٰق بن موسیٰ انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے اُسنے ابن شہاب سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جماعت کے ساتھ نماز پڑھنی اکیلے نماز پڑھنے سے پچیس ۲۵ درجہ فضیلت رکھتی ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** اِس بیان مین کہ جس نے اذان کو سنا اور قبول نہین کیا

حدثنا هناد نا وكيع عن جعفر بن برقان عن يزيد بن الاصم عن ابی هريرة عن النبی صلی الله عليه وسلم قال لقد هممت ان امر فتيتی ان يجمعوا حزم الحطب ثم امر بالصلوة فتقام ثم احرق علی اقوام لا يشهدون الصلوة وفی الباب عن ابن مسعود وابی الدرداء وابن عباس ومعاذ بن انس وجابر قال ابو عيسى حديث ابی هريرة حديث حسن صحيح وقد روی عن غير واحد من اصحاب النبی صلی الله عليه وسلم انهم قالوا من سمع النداء فلم يجب فلا صلوة له وقال بعض اهل العلم هذا علی التغليظ والتشديد ولا رخصة لاحد فی ترك الجماعة الا من عذر قال مجاهد وسئل ابن عباس عن رجل يصوم النهار ويقوم الليل لا يشهد جمعة ولا جماعة فقال هو فی النار حدثنا بذلك هناد نا المحاربی عن ليث عن مجاهد ومعنى الحديث ان لا يشهد الجماعة والجمعة رغبة عنها واستخفافا بحقها وتهاونا بها باب ماجاء فی الرجل يصلی وحده ثم يدرك الجماعة حدثنا احمد بن منيع نا هشيم نا يعلی بن عطاء نا جابر بن يزيد بن الاسود عن ابيه قال شهدت مع النبی صلی الله عليه وسلم حجته فصليت معه صلوة الصبح فی مسجد الخيف فلما قضی صلوته انحرف فاذا هو برجلين فی اخری القوم لم يصليا معه فقال علی بهما فجيئ بهما ترعد فرائصهما فقال ما منعكما ان تصليا معنا فقالا يا رسول الله انا كنا قد صلينا فی رحالنا قال فلا تفعلا اذا صليتما فی رحالكما ثم اتيتما مسجد جماعة فصليا معهم فانها لكما نافلة وفی الباب عن محجن ويزيد بن عامر قال ابو عيسى حديث يزيد بن الاسود حديث حسن صحيح وهو قول غير واحد من اهل العلم وبه يقول سفيان الثوری والشافعی واحمد واسحاق قالوا اذا صلی الرجل وحده ثم ادرك الجماعة فانه يعيد الصلوات كلها فی الجماعة واذا صلی الرجل المغرب وحده ثم ادرك الجماعة قالوا فانه يصليها معهم ويشفع بركعة والتی صلی وحده هی المكتوبة عندهم

حدیث کی ہے ہناد نے کہا حدیث کی ہے وکیع نے اُسنے جعفر بن برقان سے اُسنے یزید بن اصم سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ فرمایا انہوں نے تحقیق ارادہ کیا مینے اِس بات کا کہ چند جوانون کو حکم دیا جاوے کہ وہ لکڑیون کا ایک انبار جمع کرین اور پھر حکم کیا جاوے ساتھ نماز کے اور تکبیر کہی جاوے پھر جلا دیے جاوین گھر اُن لوگون کے جو نماز مین حاضر نہین ہوتے۔ اور اِس باب مین ابن مسعود اور ابی درداء اور ابن عباس اور معاذ بن انس اور جابر سے روایت ہے۔ کہا ابو عیسےٰ نے ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور کئی ایک نے روایت کیا ہے اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ فرمایا انہون نے جو شخص اذان کو سُنے اور قبول نہ کرے پس نہین نماز ہوتی اُسکی اور کہا بعض اہل علم نے کہ یہ قول تغلیظ اور تشدید کے لیے ہے۔ اور بغیر عذر کے کسی کو جماعت کے ترک کرنے کی رخصت نہین اور کہا مجاہد نے سوال کیے گئے ابن عباس ایسے مرد سے کہ دن کو روزہ رکھتا ہے اور رات کو قیام کرتا ہے اور نہین حاضر ہوتا جمعہ مین اور نہ جماعت مین پس فرمایا آپ نے وہ آگ مین ہے حدیث کی ہے ساتھ اِسکے ہناد نے کہا حدیث کی ہے محاربی نے اُسنے لیث سے اُسنے مجاہد سے یہ کہ معنی حدیث کے یہ ہین کہ نہین حاضر ہوتا جماعت اور جمعہ مین روگردان اُس سے اور خفیف جانتا ہے اُسکے حق کو اور سُستی کرتا ہے ساتھ اُسکے **باب** اس بیان مین کہ ایک آدمی تنہا نماز پڑھ بیٹھا پھر اُسنے جماعت کو پالیا۔ **حدیث** کی ہے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہے ہشیم نے کہا حدیث کی ہے یعلی بن عطا نے کہا حدیث کی ہے جابر بن یزید بن اسود نے اپنے باپ سے کہا اُسنے مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج مین حاضر ہوا سو مینے آپ کے ساتھ صبح کی نماز مسجد خیف مین پڑھی۔ پس جب نماز پڑھ چکے تو منہ پھیر بیٹھے اور دو مردون کی طرف جو آخر قوم مین سے متوجہ ہوئے انہون نے آپ کے ساتھ نماز نہ پڑھی تھی سو فرمایا آپ نے میرے پاس اِن دونون کو لاؤ۔ سو آپ کے پاس حاضر کیے گئے اُس حالت مین کہ اُنکے کاندھے کانپتے تھے پس فرمایا آپ نے کس چیز نے تمکو ہمارے ساتھ نماز پڑھنے سے منع کیا ہے سو کہا اُن دونون نے یا رسول اللہ ہم اپنے اپنے گھرون مین نماز پڑھ چکے تھے فرمایا آپ نے اِسطرح نہ کیا کرو جب تم اپنے گھرون مین نماز پڑھ لو پھر مسجد جماعت مین آؤ تو اُنکے ساتھ نماز پڑھو۔ پس یہ نماز تمہارے واسطے نفل ہوگی۔ اور اِس باب مین روایت ہے محجن اور یزید بن عامر سے کہا ابو عیسےٰ نے حدیث یزید بن اسود کی حسن صحیح ہے۔ اور یہ قول ہے کئی ایک اہل علم کا۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے سفیان ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحاق۔ کہا انہون نے اگر مرد تنہا نماز پڑھ بیٹھا پھر اُسنے جماعت کو پایا تو وہ تمام نمازون کا جماعت مین اعادہ کرے۔ اور اگر کسی مرد نے فقط مغرب کی نماز پڑھ لی پھر اُسنے جماعت کو پایا تو کہا انہون نے اُنکے ساتھ یہ نماز پڑھے اور ایک رکعت کا شفع کرے۔ اور جونسی نماز تنہا پڑھ چکا ہے وہ اُنکے نزدیک فرضی ہوگی

ف یعنے جس قدر نمازین اُسنے تنہا پڑھی ہین اور پھر اُن مین سے جسکی جماعت ملے چاہیے کہ اُسکو جماعت سے پڑھے اور مغرب کو بھی جماعت سے پڑھے مگر اُسکے ساتھ ایک رکعت اور ملالے تاکہ چار رکعت نفل ہوجائین ۱۲

باب ما جاء فی الجماعة فی مسجد قد صُلّی فیه مرة **حدثنا** هناد نا عبدة عن سعید بن ابی عروبة عن سلیمان الناجی عن ابی المتوکل عن ابی سعید قال جاء رجل وقد صلی رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال ایکم یتجر علی هذا فقام الرجل وصلی معه وفی الباب عن ابی امامة و ابی موسی والحکم بن عمیر **قال** ابو عیسی وحدیث ابی سعید حدیث حسن وهو قول غیر واحد من اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم من التابعین قالوا لا باس ان یصلی القوم جماعة فی مسجد قد صُلّی فیه وبه یقول احمد واسحاق وقال آخرون من اهل العلم یصلون فرادی وبه یقول سفیان وابن المبارک ومالک والشافعی یختارون الصلوة فرادی **باب** ما جاء فی فضل العشاء والفجر فی جماعة **حدثنا** محمود بن غیلان نا بشر بن السری نا سفیان عن عثمان بن حکیم عن عبد الرحمن ابن ابی عمرة عن عثمان ابن عفان قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من شهد العشاء فی جماعة کان له قیام نصف لیلة ومن صلی العشاء والفجر فی جماعة کان له کقیام لیلة وفی الباب عن ابن عمر وابی هریرة وانس وعمارة ابن ابی رُوَیبة وجُندب وابی بن کعب وابی موسی وبُرَیدة **حدثنا** محمد بن بشار نا یزید بن هارون نا داود بن ابی هند عن الحسن عن جندب بن سفیان عن النبی صلی الله علیه وسلم قال من صلی الصبح فهو فی ذمة الله فلا تُخفِروا الله فی ذِمّته **قال** ابو عیسی حدیث عثمان حدیث حسن صحیح وقد روی هذا الحدیث عن عبد الرحمن بن ابی عمرة عن عثمان موقوفا وروی من غیر وجه عن عثمان مرفوعا **حدثنا** عباس العنبری نا یحیی بن کثیر ابو غسان العنبری عن اسماعیل الکحال عن عبد الله ابن اوس الخزاعی عن بریدة الاسلمی عن النبی صلی الله علیه وسلم قال بشر المشائین فی الظلم الی المساجد بالنور التام یوم القیمة هذا حدیث غریب **باب** ما جاء فی فضل الصف الاول **حدثنا** قتیبة نا عبد العزیز بن محمد عن سهیل ابن ابی صالح عن ابیه عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم خیر صفوف الرجال اولها وشرها آخرها

باب اس مسجد میں جماعت کرنے کے بیان میں جسمیں ایک مرتبہ نماز پڑھی گئی ہو حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے سعید بن ابی عروبہ سے اُنہوں نے سلیمان ناجی سے اُنہوں نے ابی المتوکل سے اُنہوں نے ابی سعید سے کہا اُنہوں نے ایک مرد آیا اسحالت میں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ چکے تھے سو فرمایا آپنے کون شخص تم میں سے اسپر تجارت کرتا ہے۔ پھر ایک مرد کھڑا ہوا اور اُسکے ساتھ نماز پڑھی۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی امامہ اور ابی موسیٰ اور حکم بن عمیر سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے اور حدیث ابی سعید کی حسن ہے۔ اور یہ قول ہے کئی ایک اہل علم کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ تابعین سے کہا انہوں نے کچھ خوف نہیں کہ ایک قوم جماعت کے ساتھ اس مسجد میں نماز پڑھے جسمیں نماز ہو چکی ہو۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے امام احمد اور اسحاق۔ اور کہا باقی اہل علم نے اکیلے اکیلے نماز پڑھیں۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے سفیان اور ابن مبارک اور مالک اور شافعی یہ لوگ اکیلے اکیلے نماز پڑھنے کو پسند کرتے ہیں۔ **باب** عشا اور فجر کو جماعت میں پڑھنے کی فضیلت کے بیان میں حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن سری نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عثمان بن حکیم سے اُنہوں نے عبد الرحمن بن ابی عمرہ سے اُنہوں نے عثمان بن عفان سے کہا اُنہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص عشا کو جماعت میں حاضر ہوا تو اُسکے واسطے ثواب آدھی رات کے قیام کا ہوگا۔ اور جس شخص نے عشا اور فجر کو جماعت میں پڑھا تو اُسکے واسطے ثواب مثل قیام ایک رات کے ہوگا۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور ابو ہریرہ اور انس اور عمارہ بن ابی رویبہ اور جندب اور ابی بن کعب اور ابی موسیٰ اور بریدہ سے رضی اللہ عنہم حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے داؤد بن ابی ہند نے اُنہوں نے حسن سے اُنہوں نے جندب بن سفیان سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے جس شخص نے صبح کی نماز پڑھی تو وہ اللہ تعالیٰ کی پناہ میں ہے تو نہ حقیر جانو اللہ کو اُسکی پناہ میں[1] کہا ابو عیسےٰ نے حدیث عثمان کی حسن صحیح ہے اور یہ حدیث بواسطہ عبد الرحمن بن ابی عمرہ کے عثمان سے موقوف روایت کیگئی ہے۔ اور کئی وجہ سے عثمان سے مرفوع بھی روایت کیگئی ہے حدیث کی ہمسے عباس عنبری نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن کثیر ابو غسان عنبری نے اسمٰعیل کحال سے اُنہوں نے عبد اللہ بن اوس خزاعی سے اُنہوں نے بریدہ اسلمی سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے اندھیرے میں مسجدوں کی طرف چلنے والوں کو بشارت دے ساتھ نور پورے کے دن قیامت کے یہ حدیث غریب ہے **باب** صف اول کی فضیلت کے بیان میں حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے سہیل بن ابی صالح سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُنہوں نے ابو ہریرہ سے کہا اُنہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہتر صف مردوں کی پہلی اُنکی ہے اور بری پچھلی اُنکی ہے

---

[1] یعنی وہ شخص اللہ کی پناہ میں ہے تو تم اللہ تعالیٰ کو اُسکے پناہ دینے میں حقیر نہ جانو یعنے تم یہ نہ جانو کہ اللہ اُسکی مدد سے اعراض کریگا ۱۲ ۔ [2] یہ خطاب عام ہے ہر ایک کو یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے آنحضرت کو ہے۔ [3] فضیلت عشا کی نماز کی اس حدیث سے ظاہر ہے ۱۲ ۔ [4] وجہ اسکی یہ ہے کہ آخر کی صف مردوں کی اور پہلی صف عورتوں کی ایک دوسرے کے متصل ہوتی ہیں اور ظاہر ہے کہ مردوں کی عورتوں پر اور عورتوں کی مردوں پر نظر پڑتی ہے جیسا کہ کلام اللہ میں ہے ولقد علمنا المستقدمین منکم ولقد علمنا المستاخرین۔ اور نیز مردوں کو حکم ہے کہ آگے کھڑے ہوں اگر ان میں سے جسقدر کوئی آگے ہوگا اُسیقدر اُسکو

وخیر صفوف النساء آخرها وشرها اولها وفی الباب عن جابر وابن عباس وابی سعید وابیّ وعائشة والعرباض بن سارية وانس قال ابو عیسیٰ حدیث ابی هريرة حديث حسن صحيح وقد روی عن النبی صلی الله علیه وسلم انه كان يستغفر للصف الاول ثلثا وللثانی مرة وقال النبی صلی الله علیه وسلم لو ان الناس يعلمون ما فی النداء والصف الاول ثم لم يجدوا الا ان يستهموا عليه لاستهموا عليه حدثنا بذلك اسحاق بن موسى الانصاری نا معن نا مالك ح وثنا قتيبة عن مالك عن سمي عن ابی صالح عن ابی هريرة عن النبی صلی الله علیه وسلم مثله۔

باب ما جاء فی اقامة الصفوف

حدثنا قتيبة نا ابو عوانة عن سماك بن حرب عن النعمان بن بشير قال كان رسول الله صلی الله علیه وسلم يسوی صفوفنا فخرج يوما فرای رجلا خارجا صدره عن القوم فقال لَتُسَوُّنَّ صفوفكم او ليخالفن الله بين وجوهكم وفی الباب عن جابر بن سمرة والبراء وجابر بن عبد الله وانس وابی هريرة وعائشة قال ابو عیسیٰ حدیث النعمان بن بشير حديث حسن صحيح وقد روی عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال من تمام الصلوة اقامة الصف وروی عن عمر انه كان يوكل رجالا باقامة الصفوف ولا يكبر حتى يخبر ان الصفوف قد استوت وروی عن علی وعثمان انهما كانا يتعاهدان ذلك ويقولان استووا وكان علی يقول تقدم يا فلان تاخر يا فلان۔

باب ما جاء ليلينی منكم اولوا الاحلام والنهی

حدثنا نصر بن علی الجهضمی ثنا يزيد بن زريع نا خالد الحذاء عن ابی معشر عن ابراهيم عن علقمة عن عبد الله عن النبی صلی الله علیه وسلم قال ليلينی منكم اولوا الاحلام والنهی ثم الذين يلونهم ثم الذين يلونهم ولا تختلفوا فتختلف قلوبكم واياكم وهيشات الاسواق وفی الباب عن ابیّ بن كعب وابی مسعود وابی سعيد والبراء وانس قال ابو عیسیٰ حدیث ابن مسعود حديث حسن غريب وروی عن النبی صلی الله علیه وسلم انه كان يعجبه ان يليه المهاجرون والانصار ليحفظوا عنه

اور بہتر صف عورتوں کی آخر انکی ہے اور بری پہلی انکی۔ اور اس باب میں روایت ہے جابر اور ابن عباس اور ابی سعید اور ابیّ اور عائشہ اور عرباض بن ساریہ اور انس سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابی ہریرہ کی حسن صحیح ہے اور نیز نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ پہلی صف والوں کے واسطے تین مرتبہ بخشش مانگتے تھے اور دوسرے کے واسطے ایک مرتبہ۔ اور فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر لوگ جانتے کہ جتنا ثواب اذان دینے اور صف اول میں ہے تو جھگڑا فیصل ہونے کا کوئی طریق سوائے قرعہ ڈالنے کے نہ پاتے تو البتہ قرعہ ڈالتے۔ حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے اسحٰق بن موسیٰ انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے مالک سے ح اور حدیث کی ہمسے قتیبہ نے مالک سے اُسنے سمی سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے۔

باب صفوں کے سیدھا کرنے کے بیان میں

حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے سماک بن حرب سے اُسنے نعمان بن بشیر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری صفوں کو سیدھا کرتے تھے سو ایک روز نکلے اور قوم میں سے ایک مرد کا سینہ آگے نکلا ہوا دیکھا تو فرمایا آپ نے اپنی صفوں کو سیدھا کرو یا اللہ تعالیٰ تمہارے منھوں میں مخالفت ڈالیگا[1]۔ اور اس باب میں روایت ہے جابر بن سمرہ اور براء اور جابر بن عبد اللہ اور انس اور ابو ہریرہ اور عائشہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث نعمان بن بشیر کی حسن صحیح ہے اور مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے کمال نماز سے ہے سیدھا کرنا صف کا۔ اور مروی ہے حضرت عمرؓ سے کہ اُنہوں نے ایک مرد کو صفوں کے سیدھا کرنے کے واسطے وکیل کرتے تھے اور نہ تکبیر کہتے تاکہ خبر دیے جاتے کہ صفیں سیدھی ہو گئی ہیں۔ اور مروی ہے حضرت علی اور عثمان سے کہ وہ اس امر پر بہت تعہد کرتے تھے اور کہتے تھے کہ سیدھے ہو جاؤ۔ اور حضرت علیؓ کہتے تھے آگے ہو اے فلان۔ پیچھے ہو اے فلان۔

باب اس بیان میں کہ تم میں سے صاحب عقل اور دانائی کے میرے قریب ہوں۔

حدیث کی ہمسے نصر بن علی جہضمی نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن زریع نے کہا حدیث کی ہمسے خالد الحذاء نے ابی معشر سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے علقمہ سے اُسنے عبد اللہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے چاہیے کہ صاحب عقل اور دانائی کے تم میں سے میرے قریب ہوں پھر وہ لوگ جو انکے قریب ہیں پھر وہ لوگ جو انکے قریب ہیں اور مختلف نہ ہو جاؤ ورنہ تمہارے دل مختلف ہو جاوینگے اور بچو تم بازاروں کی پراگندہ آوازوں سے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابیّ بن کعب اور ابن مسعود اور ابی سعید اور براء اور انس سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن مسعود کی حسن غریب ہے۔ اور مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ کو مہاجرین اور انصار کا قریب ہونا پسند آتا تھا۔ تاکہ آپ سے احکام یاد رکھیں۔

---

[1] یعنے یا تو صفیں درست کرو ورنہ پروردگار تمہارے منھوں میں مخالفت ڈال دیگا۔ یعنے ایک کا رو یہ دوسرے سے نہیں ملیگا کوئی کچھ کریگا کوئی کچھ چنانچہ ایسا ہی ہوا جبکہ لوگوں نے اس عمل کو ترک کر دیا یا یہ معنے کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری صورتیں بدل دیگا مثلاً گدھے یا بندر وغیرہ کی ۱۲

وخالد الحذاء هو خالد بن مهران يكنى بالمنازل سمعت محمد بن اسماعيل يقول ان خالد الحذاء ما حذا نعلا قط انما كان يجلس الى حذاء فنسب اليه وابو معشر اسمه زياد بن كليب **باب** ماجاء فى كراهية الصف بين السوارى **حدثنا** هناد نا وكيع عن سفيان عن يحيى بن هانى بن عروة المرادى عن عبد الحميد بن محمود قال صلينا خلف امير من الامراء فاضطرنا الناس فصلينا بين الساريتين فلما صلينا قال انس بن مالك كنا نتقى هذا على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم وفى الباب عن قرة بن اياس المزنى **قال** ابو عيسى حديث انس حديث حسن صحيح وقد كره قوم من اهل العلم ان يصف بين السوارى وبه يقول احمد واسحاق وقد رخص قوم من اهل العلم فى ذلك **باب** ماجاء فى الصلوة خلف الصف وحده **حدثنا** هناد نا ابو الاحوص عن حصين عن هلال بن يساف قال اخذ زياد بن ابى الجعد بيدى ونحن بالرقة فقام بى على شيخ يقال له وابصة بن معبد من بنى اسد فقال زياد حدثنى هذا الشيخ ان رجلا صلى خلف الصف وحده والشيخ يسمع فامره رسول الله صلى الله عليه وسلم ان يعيد الصلوة وفى الباب عن على بن شيبان وابن عباس **قال** ابو عيسى حديث وابصة حديث حسن وقد كره قوم من اهل العلم ان يصلى الرجل خلف الصف وحده وقالوا يعيد اذا صلى خلف الصف وحده وبه يقول احمد واسحاق وقد قال قوم من اهل العلم يجزيه اذا صلى خلف الصف وحده وهو قول سفيان الثورى وابن المبارك والشافعى وقد ذهب قوم من اهل الكوفة الى حديث وابصة بن معبد ايضا قالوا من صلى خلف الصف وحده يعيد منهم حماد بن ابى سليمان وابن ابى ليلى ووكيع وروى حديث حصين عن هلال بن يساف غير واحد مثل رواية ابى الاحوص عن زياد بن ابى الجعد عن وابصة وفى حديث حصين ما يدل على ان هلالا قد ادرك وابصة واختلف اهل الحديث فى هذا فقال بعضهم حديث عمرو بن مرة عن هلال بن يساف عن عمرو بن راشد عن وابصة اصح وقال بعضهم حديث حصين عن هلال بن يساف عن زياد بن ابى الجعد عن وابصة بن معبد اصح **قال** ابو عيسى وهذا عندى اصح من حديث عمرو بن مرة

اور خالد حذاء وہ خالد بن مہران ہے کنیت اسکی ابو المنازل تھی سنا میں نے محمد بن اسمٰعیل سے کہ کہتا تھا خالد حذاء نے کبھی جوتا نہیں سیا مگر وہ ایک موچی کے پاس بیٹھتا تھا پس اسکی طرف نسبت کیا گیا اور ابو معشر کا نام زیاد بن کلیب ہے **باب** اس بیان میں کہ ستونوں کے درمیان صفیں بنانا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اسنے یحییٰ بن ہانی ابن عروہ مرادی سے اسنے عبد الحمید بن محمود سے کہا اسنے ہمنے امیروں میں سے ایک امیر کے پیچھے نماز پڑھنے کا ارادہ کیا سو لوگوں نے ہمکو بیقرار کیا پس ہمنے درمیان دو ستونوں کے نماز پڑھی۔ سو جب ہم نماز پڑھ چکے تو انس بن مالک نے کہا ہم اس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بچتے تھے۔ اور اس باب میں روایت ہے قرہ بن ایاس مزنی سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث انس کی حسن صحیح ہے۔ اور ایک قوم نے اہل علم سے ستونوں کے درمیان صف باندھنے کو مکروہ جانا ہے۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے امام احمد اور اسحٰق۔ اور ایک قوم نے اہل علم سے اس باب میں رخصت دی ہے **باب** صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے حصین سے اسنے ہلال بن یساف سے کہا اسنے زیاد بن ابی الجعد نے میرا ہاتھ پکڑا اس حالت میں کہ ہم رقہ (گانوں) میں تھے اور مجھے ایک شیخ کے پاس کھڑا کیا جسکو وابصہ بن معبد جو بنی اسد سے تھا کہا جاتا تھا۔ پس کہا زیاد نے حدیث کی مجھسے اس شیخ نے کہ ایک مرد نے صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھی اور وہ شخص سن رہا تھا۔ پس اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کے اعادہ کرنے کا حکم دیا۔ اور اس باب میں روایت ہے علی بن شیبان اور ابن عباس سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث وابصہ کی حسن ہے۔ اور ایک قوم نے اہل علم سے مکروہ جانا ہے کہ مرد تنہا صف کے پیچھے نماز پڑھے۔ اور کہا انہوں نے اعادہ کرے جب اکیلا صف کے پیچھے نماز پڑھ بیٹھا۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے احمد اور اسحاق اور ایک قوم نے اہل علم سے کہا ہے کہ جب کوئی شخص اکیلا صف کے پیچھے نماز پڑھ چکا تو اسکو کافی ہو جاویگی۔ اور یہ قول ہے سفیان ثوری اور ابن مبارک اور شافعی کا۔ اور ایک قوم اہل کوفہ سے حدیث وابصہ بن معبد کی طرف بھی گئی ہے کہا انہوں نے جو شخص صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھے اعادہ کرے۔ انہیں حماد بن ابی سلیمان اور ابن ابی لیلےٰ اور وکیع ہیں۔ اور کئی اور لوگوں نے روایت کی ہے حدیث حصین کی جو ہلال بن یساف سے ہے مثل روایت ابی الاحوص کے جو بواسطہ زیاد بن ابی الجعد کے وابصہ سے ہے۔ اور حدیث حصین میں وہ چیز ہے جو دلالت کرتی ہے کہ ہلال کی وابصہ سے ملاقات ہے۔ اور اختلاف کیا ہے اہل حدیث نے اسمیں۔ سو کہا بعض لوگوں نے حدیث عمرو بن مرہ کی جو ہلال بن یساف سے اسنے عمرو بن راشد سے اسنے وابصہ سے روایت کی ہے زیادہ صحیح ہے۔ اور کہا بعض نے حدیث حصین کی جو ہلال بن یساف سے اسنے زیاد بن ابی الجعد سے اسنے وابصہ بن معبد سے روایت کی ہے زیادہ صحیح ہے کہا ابو عیسیٰ نے اور یہ میرے نزدیک زیادہ صحیح ہے عمرو بن مرہ کی حدیث سے

لانہ قد روی من غیر حدیث هلال بن یساف عن زیاد بن ابی الجعد عن وابصة ابن مَعْبَد **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبة عن عمرو بن مرة عن زیاد بن ابی الجعد عن وابصة قال نا محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبة عن عمرو بن مرة عن هلال بن یساف عن عمرو بن راشد عن وابصة ابن معبد ان رجلا صلی خلف الصف وحده فامره النبی صلی الله علیه وسلم ان یعید الصلوٰة **قال** ابو عیسی سمعت الجارود یقول سمعت وکیعا یقول اذا صلی الرجل وحده خلف الصف فانه یعید **باب** ماجاء فی الرجل یصلی ومعه رجل **حدثنا** قتیبة نا داود بن عبد الرحمن العطار عن عمرو بن دینار عن کریب مولی ابن عباس عن ابن عباس قال صلیت مع النبی صلی الله علیه وسلم ذات لیلة فقمت عن یساره فاخذ رسول الله صلی الله علیه وسلم برأسی من ورائی فجعلنی عن یمینه وفی الباب عن انس **قال** ابو عیسی حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم ومن بعدهم قالوا اذا کان الرجل مع الامام یقوم عن یمین الامام **باب** ماجاء فی الرجل یصلی مع الرجلین **حدثنا** بندار محمد بن بشار نا محمد بن ابی عدی قال انبانا اسمعیل بن مسلم عن الحسن عن سمرة ابن جندب قال امرنا رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا کنا ثلاثة ان یتقدمنا احدنا وفی الباب عن ابن مسعود وجابر **قال** ابو عیسی حدیث سمرة حدیث غریب والعمل علی هذا عند اهل العلم قالوا اذا کانوا ثلاثة قام رجلان خلف الامام وروی عن ابن مسعود انه صلی بعلقمة والاسود فاقام احدهما عن یمینه والاخر عن یساره ورواه عن النبی صلی الله علیه وسلم وقد تکلم بعض الناس فی اسمعیل بن مسلم من قبل حفظه **باب** ماجاء فی الرجل یصلی ومعه رجال ونساء **حدثنا** اسحاق الانصاری نا معن نا مالک عن اسحاق بن عبد الله بن ابی طلحة عن انس بن مالک ان جدته ملیکة دعت رسول الله صلی الله علیه وسلم لطعام صنعته فاکل منه ثم قال قوموا فلنصل بکم قال انس فقمت الی حصیر لنا قد اسود من طول ما لبس فنضحته بالماء فقام علیه رسول الله صلی الله علیه وسلم

کیونکہ روایت کی گئی ہے یہ حدیث سوائے حدیث ہلال بن یساف کے جو اُسنے روایت کی ہے زیاد بن ابی الجعد سے اُسنے وابصہ بن معبد سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے عمرو بن مرۃ سے اُسنے زیاد بن ابی الجعد سے اُسنے وابصہ سے کہا ترمذی نے اور حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے عمرو بن مرہ سے اُسنے ہلال بن یساف سے اُسنے عمرو بن راشد سے اُسنے وابصہ بن معبد سے کہ ایک مرد نے صف کے پیچھے تنہا نماز پڑھی پس اُسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کے اعادہ کرنے کا حکم دیا۔ کہا ابو عیسےٰ نے سُنا مینے جارود سے کہتا سُنا مینے وکیع سے کہ کہتا جب کوئی مرد اکیلا صف کے پیچھے نماز پڑھے تو وہ اعادہ کرے

باب اس بیان مین کہ ایک شخص نماز پڑھتا ہو اور اُسکے ساتھ دوسرا مرد بھی ہو **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے داؤد بن عبد الرحمن عطار نے عمرو بن دینار سے اُسنے کریب یعنے ابن عباس کے غلام سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے مینے ایک رات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی سو مین آپکے بائین طرف کھڑا ہوا پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سر کو پیچھے سے پکڑا اور اپنی داہنی طرف کیا۔ اور اس باب مین انس سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسےٰ نے حدیث ابن عباس کی حسن صحیح ہے۔ اور عمل نزدیک اہل علم کے صحابہ اور من بعدہم سے اسی پر ہے کہ کہا انھون نے جب مرد امام کے ساتھ ہو تو امام کی داہنی طرف کھڑا ہو

باب اس بیان مین کہ ایک مرد ساتھ دو مردون کے نماز پڑھے۔ **حدیث** کی ہمسے بندار محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن ابی عدی نے کہا خبر دی ہمکو اسمٰعیل بن مسلم نے حسن سے اُسنے سمرہ بن جندب سے کہا اُسنے ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے کہ جب ہم تین ہون تو ایک ہم مین سے آگے ہووے۔ اور اس باب مین روایت ہے ابن مسعود اور جابر سے کہا ابو عیسےٰ نے اور حدیث سمرہ کی غریب ہے اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے کہ کہا انہون نے کہ جب تین آدمی ہون تو دو مرد پیچھے امام کے کھڑے ہون۔ اور ابن مسعود سے مروی ہے کہ اُسنے علقمہ اور اسود کو نماز پڑھائی سو ایک اُن دونون مین سے اُسکے دائین طرف کھڑا ہوا۔ اور دوسرا اُسکے بائین طرف۔ اور روایت کیا اُسنے اس حدیث کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے۔ اور بعض لوگون نے اسمٰعیل بن مسلم مین اُسکے حافظہ کی جہت سے کلام کیا ہے

باب اس بیان مین کہ ایک مرد نماز پڑھتا ہو اور اُسکے ساتھ مرد اور عورتین ہون **حدیث** کی ہمسے اسحاق انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے اُسنے اسحاق بن عبد اللہ بن ابی طلحہ سے اُسنے انس بن مالک سے کہ اُسکی دادی ملیکہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھانے کے واسطے جو اُسنے تیار کیا تھا بلایا سو آپ نے اُس سے کھایا پھر فرمایا کھڑے ہو جاؤ تاکہ ہم تمکو نماز پڑھائین۔ کہا انس نے سو مین ایک بوریے کی طرف کھڑا ہوا جو بہت استعمال سے سیاہ ہو گیا تھا سو مینے اُسکو پانی سے صاف کیا تھا پس اُسپر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے

وصففت عليه انا واليتيم وراءه والعجوز من ورائنا فصلى بنا ركعتين ثم انصرف **قال** ابوعيسى حديث انس حديث صحيح والعمل عليه عند
اهل العلم قالوا اذا كان مع الامام رجل وامراة قام الرجل عن يمين الامام والمراة خلفهما وقد احتج بعض الناس بهذا الحديث في اجازة الصلوٰة
اذا كان الرجل خلف الصف وحده وقالوا ان الصبي لم تكن له صلوٰة وكان انس خلف النبي صلى الله عليه وسلم وحده وليس الامر على ما ذهبوا
اليه لان النبي صلى الله عليه وسلم اقامه مع اليتيم خلفه فلولا ان النبي صلى الله عليه وسلم جعل لليتيم صلوٰة لما اقام اليتيم معه ولاقامه عن يمينه
وقد روي عن موسى بن انس عن انس انه صلى مع النبي صلى الله عليه وسلم فاقامه عن يمينه وفي هذا الحديث دلالة انه انما صلى تطوعا
اراد ادخال البركة عليهم **باب** من احق بالامامة **حدثنا** هناد نا ابومعاوية عن الاعمش **ح** وثنا محمود بن غيلان نا ابومعاوية
وابن نمير عن الاعمش عن اسمعيل بن رجاء الزبيدي عن اوس بن ضمعج قال سمعت ابامسعود الانصاري يقول قال رسول الله صلى الله عليه
وسلم يؤم القوم اقرأهم لكتاب الله فان كانوا في القراءة سواء فاعلمهم بالسنة فان كانوا في السنة سواء فاقدمهم هجرة فان كانوا في الهجرة سواء فاكبرهم
سنا ولا يؤم الرجل في سلطانه ولا يجلس على تكرمته في بيته الا باذنه قال محمود قال ابن نمير في حديثه اقدمهم سنا وفي الباب عن ابي سعيد وانس
بن مالك ومالك بن الحويرث وعمرو بن سلمة **قال** ابوعيسى وحديث ابي مسعود حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اهل العلم قالوا احق الناس
بالامامة اقرأهم لكتاب الله واعلمهم بالسنة وقالوا صاحب المنزل احق بالامامة وقال بعضهم اذا اذن صاحب المنزل لغيره فلا باس ان يصلي
بهم وكرهه بعضهم وقالوا السنة ان يصلي صاحب البيت قال احمد بن حنبل وقول النبي صلى الله عليه وسلم ولا يؤم الرجل في سلطانه ولا يجلس على تكرمته في بيته الا باذنه

اور اسی میں نے اور ایک یتیم نے آپ کے پیچھے صف باندھی اور بڑھیا نے ہمارے پیچھے پھر آپ نے ہمکو دو رکعتیں پڑھائیں پھر فارغ
ہوئے **کہا** ابوعیسیٰ نے حدیث انس کی صحیح ہے۔ اور اہل علم کے نزدیک عمل اسی پر ہے کہا انھوں نے کہ جب امام کے ساتھ ایک مرد اور
ایک عورت ہو تو مرد امام کے داہنی طرف کھڑا ہو اور عورت پیچھے ان دونوں کے۔ اور بعض لوگوں نے اس حدیث سے اس
نماز کے جواز پر دلیل پکڑی ہے کہ جب ایک مرد اکیلا صف کے پیچھے کھڑا ہو۔ اور کہا انھوں نے کہ لڑکے کی نماز کا تو اعتبار ہی نہیں
گویا انس ہی اکیلا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے ہے (کہا ترمذی نے) اور اس طرح نہیں ہے جس طرف کہ یہ گئے ہیں۔ اسلیے کہ نبی
صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو یتیم کے ساتھ اپنے پیچھے کھڑا کیا ہے۔ پس اگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم یتیم کی نماز کا کچھ اعتبار نہ کرتے
تو یتیم کو اسکے ساتھ نہ کھڑا کرتے البتہ اسکو اپنی داہنی طرف کھڑا کرتے۔ اور مروی ہے بواسطہ موسیٰ بن انس کے انس سے کہ اسنے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی۔ پس آپ نے اسکو اپنی داہنی طرف کھڑا کیا۔ اور اس حدیث میں دلالت ہے کہ آپ نے
یہ نماز نفل پڑھی ہے۔ آپ کا ارادہ انپر برکت داخل کرنے کا تھا۔ **باب** کون شخص امامت کے ساتھ زیادہ حقدار ہے **حدیث**
کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابومعاویہ نے اعمش سے ح اور حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابومعاویہ
اور ابن نمیر نے اعمش سے اسنے اسماعیل بن رجاء زبیدی سے اسنے اوس بن ضمعج سے کہا اسنے سنا میں نے ابامسعود انصاری سے کہتا فرمایا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قوم کی وہ شخص امامت کرائے جو کتاب اللہ کو زیادہ جانتا ہے۔ پس اگر قرأت میں برابر ہوں تو وہ شخص
جو سنت کو زیادہ جانتا ہے۔ پس اگر سنت میں بھی برابر ہوں تو وہ شخص جسنے پہلے ہجرت کی ہے۔ پس اگر ہجرت میں بھی برابر ہوں تو وہ جسکی
باب اس بیان میں کہ آدمی سجدہ کے وقت مُنھ کو کہاں رکھے۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن غیاث نے حجاج سے اُنسے ابی اسحٰق سے کہا اُسنے میںنے براء بن عازب کو کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب سجدہ کرتے تھے تو اپنے مونہہ کو کہاں رکھتے تھے کہا اُسنے درمیان ہاتھوں اپنے کے۔ اور اس باب میں وائل بن حجر اور ابی حمید سے روایت ہے۔ اور حدیث براء کی حسن غریب ہے اور یہی بعض اہل علم نے پسند کیا ہے کہ ہوں ہاتھ اُسکے قریب کانوں اپنے کے **باب** سات اعضاء پر سجدہ کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے بکر بن مضر نے ابن ہاد سے اُسنے محمد بن ابراہیم سے اُسنے عامر بن سعد بن ابی وقاص سے اُسنے عباس بن عبد المطلب سے یہ کہ سُنا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کہ جب آدمی سجدہ کرتا ہے تو اُسکے ساتھ سات اعضا سجدہ کرتے ہیں مونہہ اُسکا اور دونو ہاتھ اُسکے اور دونو گھٹنے اُسکے اور دونو قدم اُسکے کہا اُسنے اور اس باب میں ابن عباس اور ابی ہریرہ اور جابر اور ابی سعید سے روایت ہے۔ کہا ابو عیسےٰ نے ابن عباس کی حدیث حسن صحیح ہے اور اہل علم کے نزدیک اسی پر عمل ہے **حدیث** کی ہمسے حماد بن زید نے عمرو بن دینار سے اُنسے طاؤس سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے حکم کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ سجدہ کیا جاوے سات اعضا پر اور کوئی شخص اپنے بالوں اور کپڑوں کو مت سمیٹے کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** سجدہ میں ہیئت کر دور رکھنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابو خالد احمر نے اُسنے داؤد بن قیس سے اُسنے عبید اللہ بن عبد اللہ بن اقرم خزاعی سے اُسنے باپ اپنے سے کہا اُسنے میں جنگل میں باپ کے ساتھ تھا نمرہ میں پس چند سوار گذرے پس دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے۔ کہا اُسنے پس دیکھا میںنے سفیدی آنحضرتؐ کی جب سجدہ کرتے اور دیکھی میںنے سفیدی اُنکی کہا اُسنے اس باب میں ابن عباس اور ابن بحینہ اور جابر اور احمر بن جزء اور میمونہ اور ابی حمید اور ابی اسید اور ابی مسعود اور سہل بن سعد اور محمد بن مسلمہ اور براء بن عازب اور عدی بن عمیرہ اور عائشہ سے روایت ہے کہا ابو عیسےٰ نے عبد اللہ بن اقرم کی حدیث حسن ہے۔ نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر داؤد بن قیس کی حدیث سے اور اس حدیث کے سوائے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عبد اللہ بن اقرم کی حدیث کوئی نہیں پہچانی گئی اور اہل علم کا عمل اسی پر ہے اور احمر بن جزء صحابی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے۔ اور اسکی ایک ہی حدیث ہے اور عبد اللہ بن ارقم زہری کاتب ابو بکر صدیقؓ کا ہے اور عبد اللہ بن اقرم خزاعی پہچانے میں ہم واسطے اُسکے اس حدیث کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **باب** سجود میں اعتدال کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُنسے ابی سفیان سے اُسنے جابر سے یہ کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کوئی شخص سجدہ کرے پس چاہیے کہ اعتدال پکڑے اور نہ بچھاوے بازو اپنے مثل بچھانے کتے کے

قال وفی الباب عن عبد الرحمن بن شبل والبراء وانس وابی حمید وعائشة **قال** ابو عیسی حدیث جابر حدیث حسن صحیح والعمل علیه عند اهل العلم یختارون الاعتدال فی السجود ویکرهون الافتراش کافتراش السبع **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو داود نا شعبة عن قتادة قال سمعت انسا یقول ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال اعتدلوا فی السجود ولا یبسطن احدکم ذراعیه فی الصلوۃ بسط الکلب **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی وضع الیدین ونصب القدمین فی السجود **حدثنا** عبد الله بن عبد الرحمن نا المعلی بن اسد نا وهیب عن محمد بن عجلان عن محمد بن ابراهیم عن عامر بن سعد عن ابیه ان النبی صلی الله علیه وسلم امر بوضع الیدین ونصب القدمین قال عبد الله وقال المعلی نا حماد بن مسعدة عن محمد بن عجلان عن محمد بن ابراهیم عن عامر بن سعد ان النبی صلی الله علیه وسلم امر بوضع الیدین فذکر نحوه ولم یذکر فیه عن ابیه **قال** ابو عیسی وروی یحیی بن سعید القطان وغیر واحد عن محمد بن عجلان عن محمد بن ابراهیم عن عامر بن سعد ان النبی صلی الله علیه وسلم امر بوضع الیدین ونصب القدمین مرسل وهذا اصح من حدیث وهیب وهو الذی اجمع علیه اهل العلم واختاروه **باب** ما جاء فی اقامة الصلب اذا رفع راسه من السجود والرکوع **حدثنا** احمد بن محمد بن موسی نا ابن المبارک نا شعبة عن الحکم عن عبد الرحمن بن ابی لیلی عن البراء بن عازب قال کانت صلوۃ رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا رکع واذا رفع راسه من الرکوع واذا سجد واذا رفع راسه من السجود قریبا من السواء قال وفی الباب عن انس **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبة عن الحکم نحوه **قال** ابو عیسی حدیث البراء حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی کراهیة ان یبادر الامام فی الرکوع والسجود **حدثنا** بندار نا عبد الرحمن بن مهدی نا سفیان عن ابی اسحاق عن عبد الله بن یزید قال ثنا البراء وهو غیر کذوب قال کنا اذا صلینا خلف رسول الله صلی الله علیه وسلم فرفع راسه من الرکوع لم یحن رجل منا ظهره حتی یسجد رسول الله صلی الله علیه وسلم فیسجد قال وفی الباب عن انس ومعاویة وابن مسعدة صاحب الجیوش وابی هریرۃ

کہا اور اس باب میں عبد الرحمن بن شبل اور براء اور انس اور ابی حمید اور عائشہ سے روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے جابر کی حدیث حسن صحیح ہے اور اہل علم کا عمل اسی پر ہے سجدہ میں اعتدال کو پسند رکھتے ہیں۔ اور مکروہ جانتے ہیں افتراش کو مثل افتراش کتے کے **حدیث** کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے ابو داؤد نے کہا حدیث کی ہم سے شعبہ نے قتادہ سے کہا کہ سنا میں نے انس کو کہتا تھا یہ کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سجدہ میں اعتدال کو لازم پکڑو۔ اور کوئی شخص اپنے بازوؤں کو مت بچھاوے مثل بچھانے کتے کے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** سجود میں ہاتھوں کے رکھنے اور قدموں کے کھڑا کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہم سے معلی بن اسد نے کہا حدیث کی ہم سے وہیب نے محمد بن عجلان سے اسنے محمد بن ابراہیم سے اسنے عامر بن سعد سے اسنے باپ اپنے سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ہاتھوں کے رکھنے اور قدموں کے کھڑا کرنے کا کہا عبد اللہ نے اور کہا معلی نے کہا اسنے حدیث کی ہم سے حماد بن سعید نے اسنے محمد بن عجلان سے اسنے محمد بن ابراہیم سے اسنے عامر بن سعد سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا ساتھ رکھنے ہاتھوں کے اور مثل اسکے ذکر کیا اور اسنے اپنے باپ سے ذکر نہیں کیا کہا ابو عیسیٰ نے اور روایت کیا ہے یحییٰ بن سعید قطان اور کئی ایک نے محمد بن عجلان سے اسنے محمد بن ابراہیم سے اسنے عامر بن سعد سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم کیا قدموں کے کھڑا کرنے اور ہاتھوں کے رکھنے میں اور یہ حدیث مرسل ہے اور یہ حدیث وہیب کی حدیث سے صحیح ہے۔ اور یہ ایسی حدیث ہے کہ جس پر اہل علم کا اجماع ہے اور اسکو پسند کیا ہے **باب** بیچ کھڑا کرنے پیٹھ کے جب اٹھاوے سر کو رکوع اور سجود سے **حدیث** کی ہم سے احمد بن محمد بن موسیٰ نے کہا حدیث کی ہم سے ابن مبارک نے کہا حدیث کی ہم سے شعبہ نے حکم سے اسنے عبد الرحمن بن ابی لیلیٰ سے اسنے براء بن عازب سے کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز ایسی تھی کہ جب رکوع کرتے اور رکوع سے سر کو اٹھاتے اور جب سجدہ کرتے اور سجدہ سے سر کو اٹھاتے تقریباً سب برابر ہوتے۔ کہا اسنے اور اس باب میں روایت ہے انس سے کہا اسنے حدیث کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہم سے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہم سے شعبہ نے حکم سے مثل اسکے کہا ابو عیسیٰ نے براء کی حدیث حسن صحیح ہے **باب** بیچ کراہیت اسکے کہ جلدی کی جاوے امام سے رکوع اور سجود میں **حدیث** کی ہم سے بندار نے کہا حدیث کی ہم سے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان نے ابی اسحاق سے اسنے عبد اللہ بن یزید سے کہا اسنے حدیث کی ہم سے براء نے اور وہ کاذب نہیں ہے کہا اسنے کہ جب ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھتے پس جب آنحضرت اٹھاتے سر کو رکوع سے تو کوئی مرد ہم سے پیٹھ اپنی کو ٹیڑھا نہ کرتا تاکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ نہ کرتے پھر ہم سجدہ کرتے کہا اسنے اور اس باب میں انس اور معاویہ اور ابن مسعدہ صاحب الجیوش اور ابی ہریرہ سے روایت ہے

قال ابو عیسی حدیث البراء حدیث حسن صحیح وبه یقول اهل العلم ان من خلف الامام انما یتبعون الامام فیما یصنع لا یرکعون الا بعد رکوعه ولا یرفعون الا بعد رفعه ولا نعلم بینهم فی ذلک اختلافا **باب** ما جاء فی کراهیة الاقعاء بین السجدتین **حدثنا** عبد الله بن عبد الرحمن نا عبید الله بن موسی نا اسرائیل عن ابی اسحاق عن الحارث عن علی قال قال لی رسول الله صلی الله علیه وسلم یا علی احب لک ما احب لنفسی واکره لک ما اکره لنفسی لا تقع بین السجدتین **قال** ابو عیسی هذا حدیث لا نعرفه من حدیث علی الا من حدیث ابی اسحاق عن الحارث عن علی وقد ضعف بعض اهل العلم الحارث الاعور والعمل علی هذا الحدیث عند اکثر اهل العلم یکرهون الاقعاء وفی الباب عن عائشة وانس وابی هریرة **باب** فی الرخصة فی الاقعاء **حدثنا** یحیی بن موسی نا عبد الرزاق نا ابن جریج قال اخبرنی ابو الزبیر انه سمع طاؤسا یقول قلنا لابن عباس فی الاقعاء علی القدمین قال هی السنة فقلنا انا لنراه جفاء بالرجل قال بل هی سنة نبیکم **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن وقد ذهب بعض اهل العلم الی هذا الحدیث من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم لا یرون بالاقعاء باسا وهو قول بعض اهل مکة من اهل الفقه والعلم واکثر اهل العلم یکرهون الاقعاء بین السجدتین **باب** ما یقول بین السجدتین **حدثنا** سلمة بن شبیب نا زید بن حباب عن کامل ابی العلاء عن حبیب بن ابی ثابت عن سعید بن جبیر عن ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یقول بین السجدتین اللهم اغفر لی وارحمنی واجبرنی واهدنی وارزقنی **حدثنا** الحسن بن علی الخلال نا یزید بن هارون عن زید بن حباب عن کامل ابی العلاء نحوه **قال** ابو عیسی هذا حدیث غریب وهکذا روی عن علی وبه یقول الشافعی واحمد واسحاق یرون هذا جائزا فی المکتوبة والتطوع وروی بعضهم هذا الحدیث عن کامل ابی العلاء مرسلا **باب** ما جاء فی الاعتماد فی السجود **حدثنا** قتیبة نا اللیث عن ابن عجلان عن سمی عن ابی صالح عن ابی هریرة قال

کہا ابو عیسیٰ نے براء کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اہل علم بھی یہی کہتے ہیں کہ جو کوئی امام کے پیچھے ہو پس اطاعت کرے امام کی بیچ اسکے کہ وہ کرتا ہے۔ اور نہ رکوع کرے مگر اُسکے رکوع کے پیچھے اور نہ اُٹھے مگر اُسکے اُٹھنے کے پیچھے اور ہم کسی کا اختلاف اسمیں نہیں دیکھتے **باب** سجدوں میں اقعاء کے مکروہ ہونے کے بیان میں **حدیث** کی ہے عبد اللہ بن عبد الرحمان نے کہا حدیث کی ہے عبید اللہ بن موسیٰ نے کہا حدیث کی ہے اسرائیل نے ابی اسحاق سے اُسنے حارث سے اُسنے علیؓ سے کہا اُسنے فرمایا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے علی دوست رکھتا ہوں تیرے لیے وہ چیز جو اپنے نفس کے لیے دوست رکھتا ہوں۔ اور برا سمجھتا ہوں تیرے لیے اُس چیز کو جو اپنے نفس کے لیے برا سمجھتا ہوں سجدوں میں اقعاء نہ کر کہا ابو عیسیٰ نے اس حدیث کو نہیں پہچانتے ہم علی کی حدیث سے مگر ابی اسحاق کی حدیث سے اُسنے حارث سے اُسنے علی سے اور بعض اہل علم نے حارث اعور کو ضعیف کیا ہے اور اکثر اہل علم کے نزدیک عمل اسی حدیث پر ہے کہ اقعاء کو مکروہ جانتے ہیں اور اس باب میں عائشہ اور انس اور ابو ہریرہ سے روایت ہے **باب** اقعاء کی رخصت کے بیان میں **حدیث** کی ہے یحییٰ بن موسیٰ نے کہا حدیث کی ہے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہے ابن جریج نے کہا خبر دی مجھے ابو الزبیر نے یہ کہ سُنا اُسنے طاؤس سے جو کہتا تھا کہ کہا ہمنے ابن عباس کو بیچ اقعاء کے اوپر قدموں کے کہا اُسنے یہ سنت ہے پس کہا ہمنے دیکھتے ہیں ہم اس سے تکلیف آدمیوں پر کہا اُسنے بلکہ یہ سنت نبوی ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے اور بعض اہل علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے اس حدیث کی طرف گئے ہیں کہ وہ اقعاء میں کچھ خطرہ نہیں جانتے اور یہی قول ہے اہل فقہ اور علم کا مکہ شریف سے۔ اور اکثر اہل علم سجدوں میں اقعاء کو مکروہ سمجھتے ہیں **باب** درمیان دونوں سجدوں کے کیا کہے۔ **حدیث** کی ہے سلمہ بن شبیب نے کہا حدیث کی ہے زید بن حباب نے کامل ابو العلاء سے اُسنے حبیب بن ابی ثابت سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم درمیان دونوں سجدوں کے کہتے تھے۔ اللھم اغفرلی وارحمنی واجبرنی واہدنی وارزقنی **حدیث** کی ہے حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہے یزید بن ہارون نے زید بن حباب سے اُسنے کامل ابی العلاء سے مثل اُسکے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہے اور اسیطرح روایت کی گئی ہے علی سے اور شافعی اور احمد اور اسحاق بھی یہی کہتے ہیں۔ وہ اسکو فرضی اور نفلی نماز میں جائز رکھتے ہیں۔ اور روایت کیا ہے بعض نے اُنمیں سے اس حدیث کو کامل ابی العلاء سے مرسل **باب** سجود میں تکیہ لگانے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے لیث نے ابن عجلان سے اُسنے سُمی سے اُس نے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے

اشتکی اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم مشقۃ السجود علیہم اذا تفرجوا فقال استعینوا بالرکب **قال** ابو عیسی
ھذا حدیث لا نعرفہ من حدیث ابی صالح عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم الا من ھذا الوجہ من حدیث اللیث عن ابن عجلان
وقد روی ھذا الحدیث سفیان بن عیینۃ وغیر واحد عن سمی عن النعمان بن ابی عیاش عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو ھذا وکان
روایۃ ھؤلاء اصح من روایۃ اللیث **باب** کیف النہوض من السجود **حدثنا** علی بن حجر نا ھشیم عن خالد الحذاء عن ابی قلابۃ
عن مالک بن الحویرث اللیثی انہ رای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی فکان اذا کان فی وتر من صلوتہ لم ینہض حتی یستوی جالسا
قال ابو عیسی حدیث مالک بن الحویرث حدیث حسن صحیح والعمل علیہ عند بعض اھل العلم وبہ یقول اصحابنا **باب** منہ ایضا **حدثنا**
یحیی بن موسی نا ابو معاویۃ نا خالد بن ایاس ویقال خالد بن الیاس عن صالح مولی التوأمۃ عن ابی ھریرۃ قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم
ینہض فی الصلوۃ علی صدور قدمیہ **قال** ابو عیسی حدیث ابی ھریرۃ علیہ العمل عند اھل العلم یختارون ان ینہض الرجل فی الصلوۃ علی
صدور قدمیہ وخالد بن ایاس ضعیف عند اھل الحدیث ویقال خالد بن الیاس وصالح مولی التوأمۃ ھو صالح بن ابی صالح وابو صالح اسمہ
نبہان مدنی **باب** ماجاء فی التشہد **حدثنا** یعقوب بن ابراہیم الدورقی نا عبید اللہ الاشجعی عن سفیان الثوری عن ابی اسحق
عن الاسود بن یزید عن عبد اللہ بن مسعود قال علمنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قعدنا فی الرکعتین ان نقول التحیات للہ والصلوات
والطیبات السلام علیک ایہا النبی ورحمۃ اللہ وبرکاتہ السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین اشہد ان لا الہ الا اللہ واشہد

کہا انسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس شکوہ کیا سجدہ کرنے کے وقت انپر تکلیف ہوتی ہے جب
کشادہ کرتے ہیں فرمایا آپ نے مدد لو تم گھٹنوں سے کہا ابو عیسیٰ نے اس حدیث کو ابی صالح کی حدیث سے ہم نہیں پہچانتے انہوں نے ابی ہریرہ
سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مگر اس وجہ سے یعنی حدیث لیث سے جو راوی ہے ابن عجلان سے اور روایت کیا ہے اس حدیث کو سفیان
بن عیینہ اور کئی ایک نے سمی سے انہوں نے نعمان بن ابی عیاش سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے اور بیشک انکی روایت لیث کی روایت
سے بہت صحیح ہے **باب** سجدہ سے کس طرح کھڑا ہووے **حدیث** کی ہے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہے ہشیم نے خالد الحذاء سے انہوں نے
ابی قلابہ سے انہوں نے مالک بن حویرث لیثی سے یہ کہ انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے دیکھا پس جب آنحضرت اپنی نماز سے طاق رکعت
(یعنی پہلی یا تیسری) میں ہوتے تو نہ کھڑے ہوتے تاکہ برابر بیٹھ لیتے[۱] کہا ابو عیسیٰ نے حدیث مالک بن حویرث کی حسن صحیح ہے اور عمل بعض
اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے اور ساتھ اسی کے کہتے ہیں ہمارے اصحاب **باب** دوسرا اسی قسم سے **حدیث** کی ہے یحییٰ بن موسیٰ نے
کہا حدیث کی ہے ابو معاویہ نے کہا حدیث کی ہے خالد بن ایاس نے اور اسکو خالد بن الیاس بھی کہا جاتا تھا صالح سے جو توءمہ کا غلام
ہے انہوں نے ابی ہریرہ سے کہا انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز میں اپنے پاؤں کے تلووں پر کھڑے ہوتے تھے کہا ابو عیسیٰ نے ابی ہریرہ
ہی کی حدیث پر اہل علم کے نزدیک عمل ہے کہ پسند کرتے ہیں کہ آدمی نماز میں پاؤں کے تلووں پر کھڑا ہو۔ اور خالد بن ایاس محدثین کے
نزدیک ضعیف ہے۔ اور اسکو خالد بن الیاس بھی کہا جاتا ہے۔ اور صالح جو توءمہ کا غلام ہے وہ صالح بن ابی صالح ہے اور ابو صالح کا نام
نبہان ہے جو مدنی ہے **باب** تشہد کے بیان میں **حدیث** کی ہے یعقوب بن ابراہیم دورقی نے کہا حدیث کی ہے
عبید اللہ اشجعی نے سفیان ثوری سے انہوں نے ابی اسحاق سے انہوں نے اسود بن یزید سے انہوں نے عبد اللہ بن مسعود سے کہا انہوں نے سکھلایا ہے ہمکو رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کہ ہم دو رکعتوں میں بیٹھیں یہ کہ کہیں التحیات للہ الخ یعنے سب زبان کی عبادتیں اور بدن کی عبادتیں
اور مال کی عبادتیں صرف خدا ہی کے واسطے ہیں سلام ہو تجھپر اے پیغمبر اور خدا کی رحمت اور برکت۔ سلام ہو ہمپر اور
خدا تعالیٰ کے نیک بندوں پر۔ گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ سوائے خدائے تعالیٰ کے کوئی لائق پرستش کے نہیں اور
گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ

---

[۱] صاحب زاد المعاد نے اسی کو ترجیح دی ہے کہ پہلی اور تیسری رکعت میں بیٹھکر نہ اٹھنا چاہیے یعنے جلسہ استراحت نہ کرنا چاہیے کیونکہ اکثر صحابہ کے حال سے بھی
معلوم ہوتا ہے اور مالک بن حویرث کے روایت میں جو اس جلسہ کا بیان ہے وہ حالت بڑھاپے پر محمول ہے اور توضیح
اس مسئلہ کی فضل الباری ترجمہ صحیح بخاری میں بسط سے موجود ہے۔

ان محمدا عبده ورسوله قال وفی الباب عن ابن عمر وجابر وابی موسی وعائشة **قال** ابو عیسی حدیث ابن مسعود قد روی عنه من غیر وجه وهو اصح حدیث عن النبی صلی الله علیه وسلم فی التشهد والعمل علیه عند اکثر اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم ومن بعدهم من التابعین وهو قول سفیان الثوری وابن المبارك واحمد واسحاق **باب** منه ایضا **حدثنا** قتیبة نا اللیث عن ابی الزبیر عن سعید بن جبیر وطاؤس عن ابن عباس قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یعلمنا التشهد کما یعلمنا القرآن فکان یقول التحیات المبارکات الصلوات الطیبات لله سلام علیك ایها النبی ورحمة الله وبرکاته سلام علینا وعلی عباد الله الصالحین اشهد ان لا اله الا الله واشهد ان محمدا رسول الله **قال** ابو عیسی حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح غریب وقد روی عبد الرحمن بن حمید الرواسی هذا الحدیث عن ابی الزبیر نحو حدیث اللیث بن سعد وروی ایمن بن نابل المکی هذا الحدیث عن ابی الزبیر عن جابر وهو غیر محفوظ وذهب الشافعی الی حدیث ابن عباس فی التشهد **باب** ماجاء انه یخفی التشهد **حدثنا** ابو سعید الاشج نا یونس بن بکیر عن محمد بن اسحاق عن عبد الرحمن ابن الاسود عن ابیه عن ابن مسعود قال من السنة ان یخفی التشهد **قال** ابو عیسی حدیث ابن مسعود حدیث حسن غریب والعمل علیه عند اهل العلم **باب** کیف الجلوس فی التشهد **حدثنا** ابو کریب نا عبد الله بن ادریس عن عاصم بن کلیب عن ابیه عن وائل بن حجر قال قدمت المدینة قلت لانظرن الی صلوة رسول الله صلی الله علیه وسلم فلما جلس یعنی للتشهد افترش رجله الیسری ووضع یده الیسری یعنی علی فخذه الیسری ونصب رجله الیمنی

محمد بندہ خدا کا ہے اور رسول اُسکا کہا ترمذی نے اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور جابر اور ابی موسیٰ اور عائشہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن مسعود کی اُس سے کئی وجہ سے مروی ہے۔ اور یہ تمام حدیثوں سے صحیح ہے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے تشہد میں مروی ہیں۔ اور عمل اکثر اہل علم کے نزدیک صحابہ اور بعد اُنکے تابعین سے اسی پر ہے۔ اور یہ قول ہے سفیان ثوری اور ابن مبارک اور احمد اور اسحاق کا **باب** دوسرا اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابی الزبیر سے اُسنے سعید بن جبیر اور طاؤس سے اُنہوں نے ابن عباس سے کہا اُنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمکو تشہد سکھاتے تھے جیسا کہ ہمکو قرآن سکھاتے تھے پس آپ یہ کہا کرتے تھے التحیات المبارکات یعنے سب تحفے[1] برکتوں والے عبادتیں پاکیزہ واسطے اللہ کے ہیں سلام ہو تجھپر اے پیغمبر اور رحمت اللہ کی اور برکت اُسکی سلام ہو ہمپر اور اللہ کے نیک بندوں پر گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ نہیں کوئی لائق پرستش کی سوائے اللہ کے اور گواہی دیتا ہوں میں یہ کہ محمد رسول اللہ کا ہے۔ کہا ابو عیسےٰ نے حدیث ابن عباس کی حسن صحیح غریب ہے۔ اور عبد الرحمان بن حمید رواسی نے یہ حدیث ابی الزبیر سے مثل حدیث لیث بن سعد کے روایت کی ہے۔ اور ایمن بن نابل مکی نے بھی یہ حدیث ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے روایت کی ہے۔ اور یہ محفوظ نہیں ہے۔ اور امام شافعی تشہد میں حدیث ابن عباس کی طرف گیا ہے **باب** اس بیان میں کہ تشہد آہستہ پڑہا جاوے **حدیث** کی ہمسے ابو سعید اشج نے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن بکیر نے محمد بن اسحق سے اُسنے عبد الرحمان بن اسود سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن مسعود سے کہا اُسنے سنت ہے یہ کہ تشہد آہستہ پڑہا جاوے کہا ابو عیسےٰ نے حدیث ابن مسعود کی حسن غریب ہے اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے **باب** تشہد میں کیونکر بیٹھنا چاہیے۔ **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن ادریس نے عاصم بن کلیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے وائل بن حجر سے کہا اُسنے میں مدینہ میں آیا میرا مرضی یہ تہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز دیکھوں۔ پس جب آپ تشہد کے لیے بیٹھے تو آپ نے اپنے بائیں پاؤں کو بچھایا اور بائیں ہاتھ کو بائیں جوتڑ پر رکھا اور دائیں پاؤں کو کھڑا کیا

[1] زبان کی عبادتیں تعریف الٰہی اور ذکر ہے۔ اور بدن کی عبادتیں نماز حج۔ روزہ وغیرہ اور مال کی عبادتیں زکوٰۃ اور خمس اور خیرات وغیرہ۔ اور چونکہ تمام بادشاہوں کے لیے کوئی نہ کوئی تحفہ مقرر ہوتا ہے اسواسطے آپ نے فرمایا تمام تحفوں کے لائق وہی جناب باری ہے اسی واسطے لفظ التحیات کا جمع سے تعبیر کیا گیا۔ مشہور ہے کہ معراج کی رات میں جناب باری نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ میرے واسطے کونسا تحفہ تم لائے ہو آپ نے جواب دیا التحیات للہ الخ پہر پروردگار نے بطور انعام فرمایا السلام علیک الخ پہر آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس انعام میں تمام لوگوں کو شامل کرکے فرمایا السلام علینا پہر جب فرشتوں نے یہ کلام سنا تو کہا اشہد ان لا الہ الا اللہ الخ یہ قصہ بباعث شہرت اور بسبب اصل کے تطویل سے نہیں لکھا گیا اور مولانا و بالفضل اولانا مولوی نذیر حسین صاحب محدث دہلوی نے فرمایا ہے کہ لفظ الطیبات پر یا تو وقف کرنا چاہیے یا تا کے ضمہ کو السلام سے ملاکر پڑہنا چاہیے الی و بہوتے سوا تیسری وجہ جو عوام میں مشہور ہے کہ تا پر ضمہ پڑہنا اور پہر السلام کو علیحدہ پڑہنا محدثین سے ثابت نہیں ہے تشہد مختلف الفاظ سے آنحضرت سے مروی ہیں لیکن سب سے صحیح یہی تشہد ہے اسی کو امام ابو حنیفہ اور جمہور علماء نے اختیار کیا ہے۔

قال ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح والعمل علیه عند اکثر اهل العلم وهو قول سفیان الثوری وابن المبارک واهل الکوفة **باب منه** ایضا حدثنا بندار نا ابو عامر العقدی نا فلیح بن سلیمان المدنی نا عباس بن سهل الساعدی قال اجتمع ابو حمید وابو اسید وسهل بن سعد ومحمد بن مسلمة فذکروا صلوة رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال ابو حمید انا اعلمکم بصلوة رسول الله صلی الله علیه وسلم ان رسول الله صلی الله علیه وسلم جلس یعنی للتشهد فافترش رجله الیسری واقبل بصدر الیمنی علی قبلته ووضع کفه الیمنی علی رکبته الیمنی وکفه الیسری علی رکبته الیسری واشار باصبعه یعنی السبابة قال ابو عیسی وهذا حدیث حسن صحیح وبه یقول بعض اهل العلم وهو قول الشافعی واحمد واسحاق قالوا یقعد فی التشهد الآخر علی ورکه واحتجوا بحدیث ابی حمید وقالوا یقعد فی التشهد الاول علی رجله الیسری وینصب الیمنی **باب ما جاء فی الاشارة** حدثنا محمود بن غیلان ویحیی بن موسی قالا نا عبد الرزاق عن معمر عن عبید الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر ان النبی صلی الله علیه وسلم کان اذا جلس فی الصلوة وضع یده الیمنی علی رکبته ورفع اصبعه التی تلی الابهام یدعو بها ویده الیسری علی رکبته باسطها علیها قال وفی الباب عن عبد الله بن الزبیر ونمیر الخزاعی وابی هریرة وابی حمید ووائل بن حجر قال ابو عیسی حدیث ابن عمر حدیث حسن غریب لا نعرفه من حدیث عبید الله بن عمر الا من هذا الوجه والعمل علیه عند بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم والتابعین یختارون الاشارة فی التشهد وهو قول اصحابنا **باب ما جاء فی التسلیم فی الصلوة** حدثنا بندار نا عبد الرحمن بن مهدی نا سفیان عن ابی اسحاق عن ابی الاحوص عن عبد الله عن النبی صلی الله علیه وسلم انه کان یسلم عن یمینه وعن یساره السلام علیکم ورحمة الله

کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور عمل اکثر اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے اور یہی قول ہے سفیان ثوری اور ابن مبارک اور اہل کوفہ کا **باب** دوسرا اسی قسم سے **حدیث** کی ہم سے بندار نے کہا حدیث کی ہم سے ابو عامر عقدی نے کہا حدیث کی ہم سے فلیح بن سلیمان مدنی نے۔ کہا حدیث کی ہم سے عباس بن سہل ساعدی نے کہا اُسنے ابو حمید اور ابو اسید اور سہل بن سعد اور محمد بن مسلمہ جمع ہوئے اور انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا ذکر کیا۔ سو کہا ابو حمید نے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا حال تم سے زیادہ جانتا ہوں یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشہد کے لیے بیٹھے اور اپنے بائیں پانوں کو بچھایا۔ اور داہنے پانوں کو قبلہ کی طرف متوجہ کیا اور داہنے ہاتھ کو داہنے زانو پر رکھا اور بائیں ہاتھ کو بائیں زانو پر۔ اور اپنی اُنگلی یعنی سبّابہ سے اشارہ کیا[۱] کہا ابو عیسیٰ نے اور یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ساتھ اسی کے کہتے ہیں بعض اہل علم۔ اور یہی قول ہے امام شافعی اور احمد اور اسحاق کا کہا انھوں نے آخر تشہد میں چوتڑوں پر بیٹھے۔ اور انھوں نے ساتھ حدیث ابو حمید کے حجت پکڑی ہے۔ اور کہا انھوں نے تشہد اول میں بائیں پانوں پر بیٹھے اور داہنے کو کھڑا کرے **باب** اشارہ کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے محمود بن غیلان اور یحیی بن موسی نے کہا دونوں نے حدیث کی ہم سے عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اسنے ابن عمر سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم جب نماز میں بیٹھتے تو داہنے ہاتھ کو زانو پر رکھتے۔ اور اس اُنگلی کو جو انگوٹھے کے متصل ہے اٹھا کر اُس سے اشارہ کرتے۔ اور بایاں ہاتھ اپنا زانو پر بچھایا ہوا ہوتا۔ کہا ترمذی نے اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن زبیر اور نمیر خزاعی اور ابی ہریرہ اور ابی حمید اور وائل بن حجر سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسے نے حدیث ابن عمر کی حسن غریب ہے۔ ہم اس روایت کو سوا سے روایت عبید اللہ بن عمر کے اور کسی وجہ سے نہیں پہچانتے۔ اور عمل بعض اہل علم کے نزدیک صحابہ اور تابعین سے اسی پر ہے۔ یہ لوگ تشہد میں اشارے کو اختیار کرتے ہیں۔ اور یہ قول ہے ہمارے اصحاب کا۔ **باب** نماز سے سلام پھیرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے بندار نے۔ کہا حدیث کی ہم سے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے ابی الاحوص سے اُسنے عبد اللہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم داہنے اور بائیں طرف اس کلمے سے سلام پھیرتے تھے۔

السلام علیکم ورحمۃ اللہ

---

[۱] طریق اشارے کا یہ ہے کہ خنصر اور بنصر کو اٹھا کرے اور وسطے اور ابہام سے حلقہ کرے۔ اور سبابہ سے اشارہ کرے۔ اور اسیکو امام محمد رحمہ اللہ نے موطا میں اختیار کیا ہے اور کہا ہے یہی مذہب ہے امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کا اور تمام محدثین رحمہم اللہ کا یہی مذہب ہے اور اسی کو صاحب درمختار نے اختیار کیا ہے

السّلام علیکم ورحمۃ اللّٰہ وفی الباب عن سعد بن ابی وقاص وابن عمر وجابر بن سمرۃ والبراء وعمّار ووائل بن حجر وعدی بن عمیرۃ وجابر بن عبد اللّٰہ **قال** ابوعیسٰی حدیث ابن مسعود حدیث حسن صحیح والعمل علیہ عند اکثر اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم ومن بعدھم وھو قول سفیان الثوری وابن المبارک واحمد واسحاق **باب** منہ ایضا **حدثنا** محمد بن یحیی النیسابوری نا عمرو بن ابی سلمۃ عن زھیر بن محمد عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ ان رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کان یسلم فی الصلوٰۃ تسلیمۃ واحدۃ تلقاء وجھہ ثم یمیل الی الشق الایمن شیئا قال وفی الباب عن سھل بن سعد **قال** ابوعیسٰی وحدیث عائشۃ لا نعرفہ مرفوعا الا من ھذا الوجہ قال محمد بن اسمٰعیل زھیر بن محمد اھل الشام یروون عنہ مناکیر وروایۃ اھل العراق اشبہ قال محمد وقال احمد بن حنبل کان زھیر بن محمد الذی کان وقع عندھم لیس ھو ھذا الذی یروی عنہ بالعراق کانہ رجل اخر قلبوا اسمہ وقد قال بہ بعض اھل العلم فی التسلیم فی الصلوٰۃ واصح الروایات عن النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم تسلیمتان وعلیہ اکثر اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم والتابعین ومن بعدھم ورأی قوم من اصحاب النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم والتابعین وغیرھم تسلیمۃ واحدۃ فی المکتوبۃ قال الشافعی ان شاء سلم تسلیمۃ واحدۃ وان شاء سلم تسلیمتین **باب** ماجاء ان حذف السلام سنۃ **حدثنا** علی بن حجر نا عبد اللّٰہ بن المبارک والھقل بن زیاد عن الاوزاعی عن قرۃ بن عبد الرحمٰن عن الزھری عن ابی سلمۃ عن ابی ھریرۃ قال حذف السلام سنۃ قال علی بن حجر وقال ابن المبارک یعنی ان لا تمدہ مدا **قال** ابوعیسٰی ھذا حدیث حسن صحیح وھو الذی یستحبہ اھل العلم وروی عن ابراھیم النخعی انہ قال التکبیر جزم والسّلام جزم وھقل یقال کان کاتب الاوزاعی **باب** مایقول اذا سلم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ اور اس باب مین روایت ہی سعد بن ابی وقاص اور ابن عمر اور جابر بن سمرہ اور براء اور عمار اور وائل بن حجر اور عدی بن عمیرہ اور جابر بن عبداللہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابوعیسیٰ نے حدیث ابن مسعود کی حدیث حسن صحیح ہی اور عمل اکثر اہل علم کے نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اور من بعدہم سے اسی پر ہی۔ اور یہی قول ہی سفیان ثوری اور ابن مبارک اور احمد اور اسحاق کا **باب** دوسرا اسی قسم کا **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی نیشاپوری نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو ابن ابی سلمہ نے زہیر بن محمد سے اُسنے ہشام بن عروہ سے اسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ رضہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نماز مین ایک طرف ہی سامنے منھ کے سلام پھیرتے۔ پھر تھوڑا سا داہین کروٹ کیطرف جھک جاتے تے کہا ترمذی نے اور اس باب مین روایت ہی سہل بن سعد سے کہا ابوعیسےٰ نے ہم عائشہ کی روایت کا مرفوع ہونا نہین پہچانتے۔ مگر اسی وجہ سے کہا محمد بن اسماعیل نے زہیر بن محمد سے اہل شام منکر روایتین نقل کرتے ہین اور روایت اہل عراق کی بہتر ہی کہا محمد نے کہ کہا احمد بن حنبل نے گویا زہیر بن محمد جس سے اہل شام روایت کرتے ہین وہ نہین جس سے عراق مین روایت کی جاتی ہی گویا یہ اور مرد ہی انھون نے اسکا نام بدل دیا ہی۔ اور بعض اہل علم کے نماز مین سلام پھیرنا اسی طور سے کہا ہی اور صحیح تر روایتین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے دو سلام کی ہین۔ اور اسی پر اکثر اہل علم ہین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اور تابعین اور من بعدہم سے اور ایک قوم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اور تابعین وغیرہم سے فرضی نمازون مین ایک طرف سلام پھیرنا ہی جائز رکھا ہے کہا امام شافعی رح نے اگر کوئی چاہے تو ایک سلام پھیرے اور اگر کوئی چاہے تو دو سلام پھیرے **باب** اس بیان مین کہ مختصر سلام پھیرنا سنت ہی **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن مبارک اور ہقل بن زیاد نے اوزاعی سے اُسنے قرہ بن عبدالرحمن سے اُسنے زہری سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ رضہ سے کہا اُسنے مختصر کرنا سلام کا سنت ہی کہا علی بن حجر نے اور کہا ابن مبارک نے یعنی اُسکو لمبا نکرے کہا ابوعیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور اسی کو اہل علم مستحب جانتے ہین۔ اور ابراہیم نخعی سے مروی ہے کہ کہا اُسنے تکبیر بھی جزم[1] ہے۔ اور سلام بھی جزم ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ ہقل اوزاعی کا کاتب تھا **باب** جب سلام پھیرے تو کیا کہے۔

[1] جزم کے معنے قطع کرنے کے ہین۔ مراد اس سے یہ ہے کہ تکبیر اور سلام کو لمبا نہ کرنا چاہیے یا اُنکے اواخر مین اعراب کو لمبا نکرنا چاہیے بلکہ ساکن کرنا چاہیے۔

حدثنا احمد بن منیع نا ابو معاویة عن عاصم الاحول عن عبد الله بن الحارث عن عائشة قالت كان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا سلم لا یقعد الا مقدار ما یقول اللّٰهم انت السلام ومنك السلام تبارکت ذا الجلال والاکرام حدثنا هناد نا مروان بن معاویة وابو معاویة عن عاصم الاحول بهذا الاسناد نحوه وقال تبارکت یا ذا الجلال والاکرام قال وفی الباب عن ثوبان وابن عمر وابن عباس وابی سعید وابی هریرة والمغیرة بن شعبة قال ابو عیسی حدیث عائشة حسن صحیح وقد روی عن النبی صلی الله علیه وسلم انه كان یقول بعد التسلیم لا اله الا الله وحده لا شریك له له الملك وله الحمد یحیی ویمیت وهو علی كل شیء قدیر اللّٰهم لا مانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا ینفع ذا الجد منك الجد وروی انه كان یقول سبحان ربك رب العزة عما یصفون وسلام علی المرسلین والحمد لله رب العالمین حدثنا احمد بن محمد بن موسی قال اخبرنی ابن المبارك نا الاوزاعی نا شداد ابو عمار قال حدثنی ابو اسماء الرحبی قال حدثنی ثوبان مولی رسول صلی الله علیه وسلم قال كان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا اراد ان ینصرف من صلوته استغفر ثلث مرات ثم قال انت السلام ومنك السلام تبارکت یا ذا الجلال والاکرام قال هذا حدیث صحیح وابو عمار اسمه شداد بن عبد الله **باب ما جاء فی الانصراف عن یمینه وعن یساره** حدثنا قتیبة نا ابو الاحوص عن سماك عن حرب عن قبیصة بن هلب عن ابیه قال كان رسول الله صلی الله علیه وسلم یؤمنا فینصرف علی جانبیه جمیعا علی یمینه وعلی شماله وفی الباب عن عبد الله بن مسعود وانس وعبد الله بن عمرو وابی هریرة قال ابو عیسی حدیث هلب حدیث حسن والعمل علیه عند اهل العلم

حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے عاصم احول سے اُسنے عبد اللہ بن حارث سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جب سلام پھیرتے تو نہ بیٹھتے مگر مقدار اسکی کہ یہ کہتے اللھم انت السلام ومنک السلام تبارکت ذا الجلال الاکرام **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے مروان بن معاویہ اور ابو معاویہ نے عاصم احول سے ساتھ اسی سند کے مثل اسکے اور کہا اسنے تبارکت یا ذا الجلال والاکرام - کہا ترمذی نے - اور اس باب میں روایت ہی ثوبان اور ابن عمر اور ابن عباس اور ابی سعید اور ابی ہریرہ اور مغیرہ بن شعبہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عائشہ کی حسن صحیح ہی - اور مروی ہی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ بعد سلام کے یہ کہتے تھے لا الٰہ الا اللہ الخ یعنی نہین کوئی لائق پرستش کے سوا سے اللہ کے جو اکیلا ہی اُسکا کوئی شریک نہین واسطے اُسی کے بادشاہی ہی اور واسطے اسی کے حمد ہی - زندہ کرتا ہی اور مارتا ہی - اور وہ ہر چیز پر قادر ہی - الٰہی نہین کوئی منع کرنے والا اُس چیز کو کہ تو دے - اور نہین کوئی دینے والا اُس چیز کو کہ تو منع کرے اور نہین نفع دیتی صاحب کوشش کو عذاب[1] تیرے سے کوشش - اور مروی ہی کہ یہ بھی کہتے تھے - سبحان ربک رب العزۃ عما یصفون وسلام علی المرسلین والحمد للہ رب العالمین **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد بن موسیٰ نے - کہا خبر دی مجھے ابن مبارک نے - کہا حدیث کی ہمسے اوزاعی نے کہا حدیث کی ہمسے شداد ابو عمار نے کہا حدیث کی مجھے ابو اسماء رحبی نے کہا حدیث کی مجھے ثوبان یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام نے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز سے فارغ ہونے کا ارادہ کرتے تو تین مرتبہ استغفار پڑھتے پھر یہ کہتے - انت السلام ومنک السلام تبارکت یا ذا الجلال والاکرام - کہا ترمذی نے یہ حدیث صحیح ہی - اور ابو عمار کا نام شداد بن عبد اللہ ہی **باب** داہین اور باہین طرف پھرنے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے سماک بن حرب سے اُسنے قبیصہ بن ہلب سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہماری امامت کراتے تو دونون طرف یعنی داہین اور باہین[2] پھرتے تھے - اور اس باب مین روایت ہی عبد اللہ بن مسعود اور انس اور عبد اللہ بن عمرو اور ابی ہریرہ سے - رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسےٰ نے حدیث ہلب کی حسن ہی اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے

[1] یعنے اگر کوئی چاہے کہ مین کوشش کرکے تیرے عذاب سے بچ جاؤن تو بچ نہین سکتا - یا یہ معنے ہون کہ نہین نفع دیتی صاحب دولت کو عذاب سے تیرے دولت - یعنے کوئی شخص مال سے عذاب تیرے کو ٹال نہین سکتا - ١٢ [2] یعنے دونون طرف پھرنا جائز ہے - مگر اولے یہ ہی کہ داہین طرف منہ کرکے بیٹھین - کیونکہ آنحضرتؐ ہر ایک کام مین داہین طرف کو بہت دوست رکھتے تھے - ہان اگر یہ اعتقاد رکھے کہ داہین طرف پھرنا ضروری ہے تو گناہ ہی جیساکہ ابن مسعود کا قول اسپر دال ہی لا یجعل احدکم للشیطان شیئا من صلوته یری ان حقا علیه ان لا ینصرف الا عن یمینه ١٢

انه ينصرف على اى جانبيه شاء ان شاء عن يمينه وان شاء عن يساره وقد صح الامران عن رسول الله صلى الله عليه وسلم ويروى عن على ابن ابى طالب انه قال ان كانت حاجته عن يمينه اخذ عن يمينه وان كانت حاجته عن يساره اخذ عن يساره **باب** ماجاء فى وصف الصلوة **حدثنا** على بن حجر نا اسمعيل بن جعفر عن يحيى بن على بن يحيى بن خلاد بن رافع الزرقى عن جده عن رفاعة بن رافع ان رسول الله صلى الله عليه وسلم بينما هو جالس فى المسجد يوما قال رفاعة ونحن معه اذ جاءه رجل كالبدوى فصلى فاخف صلوته ثم انصرف فسلم على النبى صلى الله عليه وسلم فقال النبى صلى الله عليه وسلم وعليك فارجع فصل فانك لم تصل فرجع فصلى ثم جاء فسلم عليه فقال وعليك فارجع فصل فانك لم تصل مرتين او ثلاثا كل ذلك ياتى النبى صلى الله عليه وسلم فيسلم على النبى صلى الله عليه وسلم فيقول النبى صلى الله عليه وسلم وعليك فارجع فصل فانك لم تصل فعاف الناس وكبر عليهم ان يكون من اخف صلوته لم يصل فقال الرجل فى اخر ذلك فارنى وعلمنى فانما انا بشر اصيب واخطى فقال اجل اذا قمت الى الصلوة فتوضأ كما امرك الله به ثم تشهد فاقم ايضا فان كان معك قرأن فاقرأ والا فاحمد الله وكبره وهلله ثم اركع فاطمئن راكعا ثم اعتدل قائما ثم اسجد فاعتدل ساجدا ثم اجلس فاطمئن جالسا ثم قم فاذا فعلت ذلك فقد تمت صلوتك وان انتقصت منه شيئا انتقصت من صلوتك قال وكان هذا اهون عليهم من الاولى انه من انتقص من ذلك شيئا انتقص من صلوته ولم تذهب كلها قال وفى الباب عن ابى هريرة وعمار بن ياسر **قال** ابوعيسى حديث رفاعة بن رافع حديث حسن وقد روى عن رفاعة هذا الحديث من غير وجه

کہ جس طرف کو چاہے پھرے اگر چاہے تو داہنی طرف اور اگر چاہے تو بائیں طرف اور یہ دونوں امر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے صحیح ہیں۔ اور علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ کہا اُنہے اگر اُسکو داہنی طرف کوئی حاجت ہو تو داہنی طرف کو اختیار کرے اور اگر اُسکو حاجت بائیں طرف کی ہو تو بائیں طرف کو اختیار کرے **باب** نماز کے طریق کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسماعیل بن جعفر نے یحیی بن علی بن یحیی بن خلاد بن رافع زرقی سے اُنہوں نے اپنے دادا سے اُنہوں نے رفاعہ بن رافع سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُس وقت میں کہ ایک دن مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے کہا رفاعہ نے اور ہم بھی آپکے ساتھ تھے ناگاہ آپکے پاس ایک مرد بدووں کی طرح آیا۔ سو اُسنے نماز پڑھی اور بہت ہلکی پڑھی پھر سلام پھیرا۔ پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سلام کیا پھر فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وعلیک السلام سو تو پلٹ جا اور نماز پڑھ اسواسطے کہ تو نے نماز نہیں پڑھی۔ پس وہ پلٹ گیا۔ اور نماز پڑھی اور پھر آیا۔ آپ پر سلام دیا۔ پھر آپ نے فرمایا۔ وعلیک السلام اور پلٹ جا اور نماز پڑھ اسواسطے کہ تو نے نماز نہیں پڑھی۔ دو بار یا تین بار اُسنے نماز پڑھی۔ ہر ایک مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آتا اور آپ کو سلام دیتا۔ اور آپ اُسکو فرماتے وعلیک اور پلٹ جا اور نماز پڑھ اسلیے کہ تو نے نماز نہیں پڑھی۔ پھر لوگوں نے مکروہ سمجھا۔ اور اُنپر یہ بات گران گذری۔ کہ ایک شخص نے ہلکی نماز پڑھی ہو اور اُسکی نماز ہوئی نہو۔ پس اُس مرد نے پچھلی مرتبہ کہا پس آپ مجھے سکھلائیے اور دکھلائیے کیونکہ میں آدمی ہوں۔ کبھی صواب کرتا ہوں کبھی خطا۔ سو فرمایا آپ نے ہان تو جب نماز کی طرف کھڑا ہو تو وضو کر جیسا کہ اللہ تعالی نے تجھے حکم دیا ہے۔ پھر اذان دے اور تکبیر بھی کہہ پس اگر تجھے قرآن یاد ہو تو قرآن پڑھ ورنہ اللہ تعالی کی حمد کر اور اسکی تکبیر اور تہلیل بیان کر پھر رکوع کر اور اطمینان سے رکوع کر۔ پھر سیدھا ہو کر کھڑا ہو پھر سجدہ کر اور سجدہ میں اعتدال کر پھر بیٹھ اور اطمینان سے بیٹھ پھر کھڑا ہو۔ پھر جب تو نے یہ کر لیا تو تیری نماز تمام ہو گئی۔ اور اگر تو نے اس سے کسی چیز کا نقصان کیا تو تو نے اپنی نماز کا نقصان کیا۔ کہا راوی نے اور یہ کلام اُنپر پہلے کلام سے آسان تھا کہ جس شخص نے ان ارکان سے کچھ نقصان کیا تو اُسنے اپنی نماز سے نقصان کیا۔ اور کل نماز اُسکی نہیں جاتی۔ کہا ترمذی نے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہؓ اور عمار بن یاسر سے رضی اللہ عنہما کہا ابوعیسی نے حدیث رفاعہ بن رافع کی حسن ہے۔ اور یہ حدیث رفاعہ سے غیر اس وجہ سے بھی مروی ہے

حدثنا محمد بن بشار نا یحییٰ بن سعید القطان نا عبید اللہ بن عمر قال اخبرنی سعید بن ابی سعید عن ابیہ عن ابی ہریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دخل المسجد فدخل رجل فصلی ثم جاء فسلم علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فرد علیہ السلام فقال ارجع فصل فانک لم تصل فرجع الرجل فصلی کما کان صلی ثم جاء الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فسلم علیہ فرد علیہ فقال لہ ارجع فصل فانک لم تصل حتی فعل ذلک ثلث مرات فقال لہ الرجل والذی بعثک بالحق ما احسن غیر ھذا فعلمنی فقال اذا قمت الی الصلوٰۃ فکبر ثم اقرء بما تیسر معک من القراٰن ثم ارکع حتی تطمئن راکعا ثم ارفع حتی تعتدل قائما ثم اسجد حتی تطمئن ساجدا ثم ارفع حتی تطمئن جالسا وافعل ذلک فی صلوٰتک کلھا قال ابو عیسیٰ ھذا حدیث حسن صحیح وروی ابن نمیر ھذا الحدیث عن عبید اللہ بن عمر عن سعید المقبری عن ابی ہریرۃ ولم یذکر فیہ عن ابیہ عن ابی ہریرۃ وروایۃ یحییٰ بن سعید عن عبید اللہ بن عمر اصح وسعید المقبری قد سمع من ابی ہریرۃ وروی عن ابیہ عن ابی ہریرۃ وابو سعید المقبری اسمہ کیسان وسعید المقبری یکنی ابا سعد حدثنا محمد بن بشار ومحمد بن المثنی قالا نا یحییٰ بن سعید القطان نا عبد الحمید بن جعفر نا محمد بن عمرو بن عطاء عن ابی حمید الساعدی قال سمعتہ وھو فی عشرۃ من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم احدھم ابو قتادۃ بن ربعی یقول انا اعلمکم بصلوٰۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قالوا ما کنت اقدمنا لہ صحبۃ ولا اکثرنا لہ اتیانا قال بلی قالوا فاعرض فقال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا قام الی الصلوٰۃ اعتدل قائما ورفع یدیہ حتی یحاذی بھما منکبیہ فاذا اراد ان یرکع رفع یدیہ حتی یحاذی بھما منکبیہ ثم قال اللہ اکبر ورکع ثم اعتدل فلم یصوب راسہ ولم یقنع ووضع یدیہ علی رکبتیہ ثم قال سمع اللہ لمن حمدہ

حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن سعید قطان نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن عمر نے کہا خبر دی مجھے سعید بن ابی سعید نے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسجد مین داخل ہوئے اور ایک مرد بھی داخل ہوا پس اُسنے نماز پڑھی پھر آیا اور اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام دیا سو آپ نے اُسکے سلام کا جواب دیا اور فرمایا کہ پھر جا اور نماز پڑھ کہ تیری نماز نہین ہوئی سو وہ لوٹ گیا اور نماز پڑھی جیسا کہ پہلی طرح سے پڑھی تھی پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور آپ کو سلام دیا پھر آپ نے اُسکے سلام کا جواب دیا اور فرمایا پھر جا اور نماز پڑھ کیونکہ تیری نماز نہین ہوئی حتی کہ اُسنے تین دفعہ نماز پڑھی پھر اُسنے آنحضرت سے کہا قسم ہے اُس ذات کی جسنے آپ کو ساتھ حق کے بھیجا ہی مین اس سے اچھی نہین جانتا سو آپ مجھے سکھلایئے۔ پس فرمایا آپ نے جب تو نماز کے لیے کھڑا ہو تو تکبیر کہہ پھر قرآن پڑھ جو تجھے آسان معلوم ہوتا ہو پھر رکوع کر یہانتک کہ تجھے رکوع مین اطمینان ہو۔ پھر سر اُٹھا تا کہ تو قیام مین سیدھا ہو جاوے پھر سجدہ کر یہانتک کہ تجھے سجدہ مین اطمینان ہو پھر سر اُٹھا یہانتک کہ تو اطمینان سے بیٹھ جاوے۔ اور اسیطرح تمام نماز مین کر کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کی ہے اس حدیث کو ابن نمیر نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے لیکن نہین ذکر کیا اُسنے اپنی روایت مین یہ کہ روایت کی اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اور روایت یحییٰ بن سعید کی جو عبید اللہ بن عمر سے ہے بہت صحیح ہے اور سعید مقبری کا ابی ہریرہ سے سماع ہے۔ اور روایت کی اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اور ابی سعید مقبری کا نام کیسان ہے اور سعید مقبری کی کنیت ابا سعد ہے حدیث کی ہمسے محمد بن بشار اور محمد بن مثنی نے کہا دونون نے حدیث کی ہمسے یحییٰ بن سعید قطان نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الحمید بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عمرو بن عطاء نے ابی حمید ساعدی سے کہا اُسنے سنا مین نے اس حدیث کو اُس حالت مین کہ ابی حمید نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دس اصحاب مین تھا ایک اُنکا ابو قتادہ بن ربعی ہے کہ کہتا تھا مین تمسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا زیادہ واقف ہون کہا انھون نے تو تمنے ہمسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زیادہ صحبت نہین کی اور نہ تو آپ کے پاس ہم سے زیادہ آیا ہے کہا اُسنے ہان کیون نہین۔ کہا انھون نے پس بیان کر کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم جب نماز کے لیے کھڑے ہوتے تھے تو سیدھے کھڑے ہوتے۔ اور دونون ہاتھون کو اُٹھاتے یہانتک کہ اُن دونون کو اپنے کاندھون کے برابر کرتے پھر جب رکوع کرنے کا ارادہ کرتے تو دونون ہاتھون کو بلند کرتے یہانتک کہ اُن دونون کو کاندھون کے برابر کرتے پھر کہتے اللہ اکبر اور رکوع کرتے پھر برابر ہو جاتے سو نہ سر کو نیچا کرتے اور نہ اونچا کرتے۔ اور دونون ہاتھون کو گھٹنون پر رکھتے پھر کہتے سمع اللہ لمن حمدہ

ورفع يديه واعتدل حتى يرجع كل عظم في موضعه معتدلا ثم هوى الى الارض ساجدا ثم قال الله اكبر ثم جافى عضديه عن ابطيه وفتخ اصابع رجليه ثم ثنى رجله اليسرى وقعد عليها ثم اعتدل حتى يرجع كل عظم في موضعه معتدلا ثم هوى ساجدا ثم قال الله اكبر ثم ثنى رجله وقعد واعتدل حتى يرجع كل عظم في موضعه ثم نهض ثم صنع في الركعة الثانية مثل ذلك حتى اذا قام من السجدتين كبر ورفع يديه حتى يحاذي بهما منكبيه كما صنع حين افتتح الصلوة ثم صنع كذلك حتى كانت الركعة التي تنقضي فيها صلوته اخر رجله اليسرى وقعد على شقه متوركا ثم سلم **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح قال ومعنى قوله اذا قام من السجدتين رفع يديه يعني اذا قام من الركعتين **حدثنا** محمد بن بشار والحسن بن علي الحلواني وغير واحد قالوا انا ابو عاصم نا عبد الحميد بن جعفر نا محمد بن عمرو بن عطاء قال سمعت ابا حميد الساعدي في عشرة من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم فيهم ابو قتادة بن ربعي فذكر نحو حديث يحيى بن سعيد بمعناه وزاد فيه ابو عاصم عن عبد الحميد بن جعفر هذا الحرف قالوا صدقت هكذا صلى النبي صلى الله عليه وسلم

باب ما جاء في القراءة في الصبح

حدثنا هناد نا وكيع عن مسعر وسفيان عن زياد بن علاقة عن عمه قطبة بن مالك قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقرأ في الفجر والنخل باسقات في الركعة الاولى قال وفي الباب عن عمرو بن حريث وجابر بن سمرة وعبد الله بن السائب وابي برزة وام سلمة **قال** ابو عيسى حديث قطبة بن مالك حديث حسن صحيح وروي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قرأ في الصبح بالواقعة وروي عنه انه كان يقرأ في الفجر من ستين اية الى مائة وروي عنه انه قرأ اذا الشمس كورت وروي عن عمر انه كتب الى ابي موسى ان اقرأ في الصبح بطوال المفصل **قال** ابو عيسى وعلى هذا العمل عند اهل العلم وبه يقول سفيان الثوري وابن المبارك والشافعي

باب ما جاء في القراءة في الظهر والعصر

اور دونوں ہاتھوں کو اُٹھاتے اور برابر ہو جاتے حتیٰ کہ ہر ایک ہڈی اپنی جگہ پر حالت اعتدال میں لوٹ آتی پھر زمین کی طرف سجدہ کرنے کے لیے جاتے۔ پھر کہتے اللہ اکبر۔ پھر دونوں بازوؤں کو اپنی بغلوں مبارک سے دور رکھتے اور اپنے پاؤں کی انگلیوں کو کشادہ کرتے پھر اپنے بائیں پاؤں کو پیچ دیتے اور اُس پر بیٹھتے پھر برابر ہو جاتے پھر ایک ہڈی حالت اعتدال میں اپنی جگہ پر ہو جاتی پھر سجدہ کرنے کے لیے نیچے جاتے۔ پھر کہتے اللہ اکبر پھر اپنے پاؤں کو پیچ دیتے اور اُس پر بیٹھتے اور برابر ہو جاتے حتیٰ کہ ہر ایک ہڈی اپنی جگہ پر آجاتی پھر کھڑے ہو جاتے۔ پھر دوسری رکعت میں بھی ایسا ہی کرتے حتیٰ کہ جب دونوں سجدوں سے فارغ ہو کر کھڑے ہوتے تو تکبیر کہتے اور دونوں ہاتھوں کو اُٹھاتے یہانتک کہ اُن دونوں کو کاندھوں کے برابر کرتے جسطرح کہ جب نماز شروع کرتے ہی کیا تھا پھر ایسا ہی کرتے رہے تاکہ جب وہ رکعت ہو جسمیں نماز تمام ہو جاتی ہے تو آپ نے بائیں پاؤں کو مؤخر کیا اور اپنی ایک طرف پر بطور تورک کے بیٹھے پھر سلام پھیرا کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ کہا ابو عیسیٰ نے اور معنی قول اُسکے کہ جب دونوں سجدوں سے کھڑے ہوتے تو دونوں ہاتھوں کو اُٹھاتے۔ یہ ہیں کہ جب دونوں رکعتوں سے کھڑے ہوتے الخ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے۔ اور حسن بن علی حلوانی اور کئی لوگوں نے کہا انھوں خبر دی ہمکو ابو عاصم نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الحمید بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عمرو بن عطار نے کہا اُسنے سُنا میں نے ابا حمید ساعدی سے جو کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے دس صحابیوں میں تھا۔ اُنمیں سے ابو قتادہ بن ربعی ہے پس ذکر کیا اُسنے مثل حدیث یحییٰ بن سعید کے ساتھ اُسکے معنے کے۔ اور زیادہ کیا اسمیں ابو عاصم نے عبد الحمید بن جعفر سے اس حرف کو کہ کہا انھوں نے سچ کہا تو نے ایسا ہی نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی ہے

باب فجر کی قراءت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے مسعر اور سفیان سے انھوں نے زیاد بن علاقہ سے اُسنے اپنے چچا قطبہ بن مالک سے کہا اُسنے سُنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فجر کی نماز کی پہلی رکعت میں پڑھتے والنخل باسقات کہا ترمذی نے اور اس باب میں روایت ہے عمرو بن حریث اور جابر بن سمرہ اور عبد اللہ بن سائب اور ابی برزہ اور ام سلمہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث قطبہ بن مالک کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اور نبی صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے فجر کی نماز میں سورت واقعہ پڑھی۔ اور مروی ہے کہ آپ فجر کی نماز میں ساٹھ آیتوں سے سو تک پڑھتے تھے۔ اور مروی ہے آپ سے کہ پڑھا آپ نے اذا الشمس کورت۔ اور مروی ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہ اُسنے ابی موسے کی طرف لکھا کہ فجر کی نماز میں طوال مفصل پڑھا کر کہا ابو عیسیٰ نے اور اسی پر اہل علم کے نزدیک عمل ہے اور ساتھ اسی کے کہتا ہے سفیان ثوری اور ابن مبارک اور شافعی

باب ظہر اور عصر کی قراءت کے بیان میں۔

حدثنا احمد بن منيع نا يزيد بن هارون نا حماد بن سلمة عن سماك بن حرب عن جابر بن سمرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم
كان يقرأ في الظهر والعصر بالسماء ذات البروج والسماء والطارق وشبههما قال وفي الباب عن خباب وابي سعيد وابي قتادة وزيد
بن ثابت والبراء قال ابو عيسى حديث جابر بن سمرة حديث حسن صحيح وقد روي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قرأ في الظهر قدر
تنزيل السجدة وروي عنه انه كان يقرأ في الركعة الاولى من الظهر قدر ثلثين اية وفي الركعة الثانية قدر خمسة عشر اية وروي عن عمر
انه كتب الى ابي موسى ان اقرأ في الظهر باوساط المفصل ورأى بعض اهل العلم ان قراءة صلوة العصر كنحو القراءة في صلوة المغرب يقرأ
بقصار المفصل وروي عن ابراهيم النخعي انه قال تعدل صلوة العصر بصلوة المغرب في القراءة وقال ابراهيم تضعف صلوة الظهر على صلوة
العصر في القراءة اربع مرار **باب في القراءة في المغرب** حدثنا هناد نا عبدة عن محمد بن اسحاق عن الزهري عن عبيد الله بن عبد الله
عن ابن عباس عن امه ام الفضل قالت خرج الينا رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو عاصب راسه في مرضه فصلى المغرب فقرأ
بالمرسلات فما صلاها بعد حتى لقي الله عز وجل وفي الباب عن جبير بن مطعم وابن عمر وابي ايوب وزيد بن ثابت قال حديث ام الفضل
حديث حسن صحيح وروي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قرأ في المغرب بالاعراف في الركعتين كلتيهما وروي عن النبي صلى الله عليه وسلم
انه قرأ في المغرب بالطور وروي عن عمر انه كتب الى ابي موسى ان اقرأ في المغرب بقصار المفصل وروي عن ابي بكر انه قرأ في المغرب بقصار المفصل
قال وعلى هذا العمل عند اهل العلم وبه يقول ابن المبارك واحمد واسحاق وقال الشافعي وذكر عن مالك انه كره ان يقرأ في صلوة المغرب بالسور الطوال نحو
الطور والمرسلات قال الشافعي لا اكره ذلك بل استحب ان يقرأ بهذه السور في الصلوة المغرب **باب ما جاء في القراءة في صلوة العشاء**
حدثنا عبدة بن عبد الله الخزاعي نا زيد بن حباب نا ابن واقد عن عبد الله بن بريدة عن ابيه

حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے اُسنے سماک بن حرب سے اُسنے جابر بن سمرہ سے
یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ظہر اور عصر کی نماز مین سورت والسماء ذات البروج اور والسماء والطارق اور جو ان دونون کے
ہم مثل ہون پڑھا کرتے تھے کہا ترمذی نے اور اس باب مین روایت ہی خباب اور ابی سعید اور ابی قتادہ اور زید بن ثابت اور براء
سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسی نے حدیث جابر بن سمرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے ظہر کی
نماز مین برابر تنزیل السجدہ کے پڑھا۔ اور مروی ہے آپ سے کہ آپ ظہر کی پہلی رکعت مین بقدر تیس آیتون کے پڑھا کرتے تھے۔ اور دوسری
رکعت مین بقدر پندرہ آیتون کے اور مروی ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کہ اُسنے ابی موسی کی طرف لکھا کہ ظہر کی نماز مین اوساط مفصل
پڑھا کر اور بعض اہل علم نے کہا ہی کہ قرأت نماز عصر کی مثل قرأت نماز مغرب کے ہی کہ پڑھے اُسمین قصار مفصل۔ اور مروی ہی ابراہیم نخعی سے
کہ کہا اُسنے نماز عصر کی قرأت مین نماز مغرب کے برابر ہے۔ اور کہا ابراہیم نے ظہر کی نماز عصر کی نماز پر چار حصہ زیادہ ہی **باب** مغرب میں
قرأت کا بیان **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے محمد بن اسحاق سے اُسنے زہری سے اُسنے عبید اللہ بن عبد اللہ
سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے اپنی والدہ ام فضل سے کہ کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیماری مین اپنے سر مبارک پر پٹی باندھے ہوئے
ہماری طرف نکلے۔ سو آپ نے مغرب کی نماز پڑھی اور اسمین سورت مرسلات پڑھی۔ پھر حضرت نے بعد اُسکے کوئی نماز نہین پڑھی تاکہ
اللہ تعالی غالب اور بزرگ سے ملاقات کی۔ اور اس باب مین روایت ہی جبیر بن مطعم اور ابن عمر اور ابی ایوب اور زید بن ثابت سے رضی اللہ
عنہم۔ کہا ترمذی نے حدیث ام الفضل کی حدیث حسن صحیح ہی اور مروی ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے مغرب کی دو رکعتون مین سورہ اعراف
پڑھی اور مروی ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے مغرب مین سورہ طور پڑھی۔ اور مروی ہی حضرت عمر رضہ سے کہ اُسنے ابی موسی کی طرف
لکھا کہ مغرب کی نماز مین قصار مفصل پڑھا کر۔ اور مروی ہی ابی بکر رضہ سے کہ اُسنے مغرب کی نماز مین سورتین قصار مفصل پڑھی ہین۔ کہا ترمذی نے
اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہی۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہی ابن مبارک اور احمد اور اسحاق۔ اور کہا شافعی نے اور ذکر کیا گیا ہی امام مالک سے
کہ وہ مغرب کی نماز مین لمبی سورتین مثل طور اور مرسلات پڑھنے کو مکروہ جانتا تھا۔ کہا شافعی نے مین اسکو مکروہ نہین جانتا بلکہ مین مستحب جانتا
ہون کہ مغرب کی نماز مین یہ سورتین پڑھی جائین۔ **باب** عشاء کی نماز مین قرأت کا بیان **حدیث** کی ہمسے عبدہ بن عبد اللہ خزاعی نے
کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے کہا حدیث کی ہمسے ابن واقد نے عبد اللہ بن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے

قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يقرأ في العشاء الآخرة بالشمس وضحاها ونحوها من السور وفي الباب عن البراء بن عازب قال ابو عيسى حديث بريدة حديث حسن وقد روي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قرأ في العشاء الآخرة بسورة والتين والزيتون وروي عن عثمان ابن عفان انه كان يقرأ في العشاء بسور من اوساط المفصل نحو سورة المنافقين واشباهها وروي عن اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم والتابعين انهم قرأوا باكثر من هذا واقل فكان الامر عندهم واسع في هذا واحسن شيء في ذلك ما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قرأ بالشمس وضحاها والتين والزيتون حدثنا هناد نا ابو معاوية عن يحيى بن سعيد الانصاري عن عدي بن ثابت عن البراء بن عازب ان النبي صلى الله عليه وسلم قرأ في العشاء الآخرة بالتين والزيتون وهذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في القراءة خلف الامام حدثنا هناد نا عبدة بن سليمان عن محمد بن اسحاق عن مكحول عن محمود بن الربيع عن عبادة بن الصامت قال صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم الصبح فثقلت عليه القراءة فلما انصرف قال اني اراكم تقرؤن وراء امامكم قال قلنا يا رسول الله اي والله قال لا تفعلوا الا بام القرآن فانه لا صلوة لمن لم يقرأ بها قال وفي الباب عن ابي هريرة وعائشة وانس وابي قتادة وعبد الله بن عمرو قال ابو عيسى حديث عبادة حديث حسن وروى هذا الحديث الزهري عن محمود بن الربيع عن عبادة بن الصامت عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا صلوة لمن لم يقرأ بفاتحة الكتاب هذا اصح والعمل على هذا الحديث في القراءة خلف الامام عند اكثر اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم والتابعين وهو قول مالك بن انس وابن المبارك والشافعي واحمد واسحاق يرون القراءة خلف الامام **باب** ما جاء في ترك القراءة خلف الامام اذا جهر الامام بالقراءة حدثنا الانصاري نا معن نا مالك عن ابن شهاب عن ابن اكيمة الليثي عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم انصرف من صلوة جهر فيها بالقراءة فقال هل قرأ معي احد منكم آنفا فقال رجل نعم يا رسول الله قال اني اقول ما لي انازع القرآن

اور علی بن ابی طالب اور ابن عباس ہیں۔ کہا ابن عمر نے جس وقت کہ کیا جاوے مغرب تیرے داہنی طرف اور مشرق بائیں طرف پس ان دونوں کے درمیان قبلہ ہے۔ جب کہ تو قبلہ کی طرف سامنے ہو۔ اور کہا ابن مبارک نے درمیان مشرق اور مغرب کے قبلہ ہے۔ یہ اہل مشرق کے لیے ہے۔ اور اختیار کیا ہے عبد اللہ بن مبارک نے بائیں طرف اہل مرو کے لیے **باب** اس امر کے بیان میں جو ابر میں غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھتا ہو **حدیث** کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے وکیع نے کہا حدیث کی ہم سے اشعث بن سعید السمان نے عاصم بن عبید اللہ سے اُسنے عبد اللہ بن عامر بن ربیعہ سے اسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے اندھیری رات میں ہم رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھا۔ پس ہم قبلہ کو نہیں پہچانتے تھے۔ پس نماز پڑھی ہر ایک نے اپنے منہ کے سامنے۔ پس جس وقت صبح ہوئی تو ہمنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ذکر کیا پس یہ آیت نازل ہوئی۔ جس طرف تم منہ کرو پس اُسی طرف منہ اللہ کا ہے۔ کہا ابو عیسے نے اس حدیث کی اسناد ایسی قوی نہیں ہے اور نہیں پہچانتے ہم اس حدیث کو مگر اشعث سمان کی حدیث سے۔ اور اشعث بن سعید ابو الربیع سمان حدیث میں ضعیف کیا گیا۔ اور گئے ہیں اہل علم اس طرف کہ انھوں نے کہا ہے۔ جب کہ ابر میں غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھی جاوے اور نماز پڑھنے کے بعد پتہ لگ جاوے کہ غیر قبلہ کی طرف نماز پڑھی گئی ہے تو نماز اُسکی جائز ہے۔ اور یہی کہتا ہے سفیان ثوری اور ابن مبارک اور احمد اور اسحاق **باب** اس بیان میں کہ کسی طرف نماز پڑھنی مکروہ ہے اور جس جگہ میں **حدیث** کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے مقبری نے کہا انھوں نے حدیث کی ہم سے یحیی بن ایوب نے زید بن جبیرہ سے اُسنے داؤد بن حصین سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے سات جگہ میں نماز پڑھنے سے منع کیا ہے۔ ایک جہاں پلیدی ڈالی جاوے۔ اور جہاں اونٹ وغیرہ ذبح کیے جاویں۔ اور قبروں میں۔ اور وسط راستہ میں۔ اور حمام میں۔ اور اونٹوں کے بٹھلانے کی جگہ میں۔ اور بیت اللہ کی چھت پر **حدیث** کی ہم سے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہم سے سوید بن عبد العزیز نے اُسنے زید بن جبیرہ سے اُسنے داؤد بن حصین سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے ساتھ اس معنے کے اسی طرح۔ اور اس باب میں ابی مرثد اور جابر اور انس سے روایت ہے کہا ابو عیسے نے ابن عمر کی حدیث کی اسناد ایسی قوی نہیں۔ اور زید بن جبیرہ کے حافظہ کی نسبت کلام کیا گیا ہے۔ اور اس حدیث کو لیث بن سعد نے

هٰذا الحديث عن عبيد الله بن عمر العمري عن نافع عن ابن عمر عن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم مثله وحديث ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم اشبه واصح من حديث الليث بن سعد وعبد الله بن عمر العمري ضعفه بعض اهل الحديث من قبل حفظه منهم يحيى بن سعيد القطان **باب** ما جاء في الصلوٰة في مرابض الغنم واعطان الابل **حدثنا** ابو كريب نا يحيى بن آدم عن ابي بكر بن عياش عن هشام عن ابن سيرين عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم صلوا في مرابض الغنم ولا تصلوا في معاطن الابل **حدثنا** ابو كريب نا يحيى بن آدم عن ابي بكر بن عياش عن ابي حصين عن ابي صالح عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم بمثله او بنحوه وفي الباب عن جابر بن سمرة والبراء وسبرة بن معبد الجهني وعبد الله بن مغفل وابن عمر وانس **قال** ابو عيسى وحديث ابي هريرة حديث حسن صحيح وعليه العمل عند اصحابنا وبه يقول احمد واسحاق وحديث ابي حصين عن ابي صالح عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم حديث غريب ورواه اسرائيل عن ابي حصين عن ابي صالح عن ابي هريرة موقوفا ولم يرفعه واسم ابي حصين عثمان بن عاصم الاسدي **حدثنا** محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد عن شعبة عن ابي التياح الضبعي عن انس بن مالك ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يصلي في مرابض الغنم **قال** ابو عيسى هذا حديث صحيح وابو التياح اسمه يزيد بن حميد **باب** ما جاء في الصلوٰة على الدابة حيث ما توجهت به **حدثنا** محمود بن غيلان نا وكيع ويحيى بن آدم قالا نا سفيان عن ابي الزبير عن جابر قال بعثني النبي صلى الله عليه وسلم في حاجة فجئته وهو يصلي على راحلته نحو المشرق والسجود اخفض من الركوع

عبد اللہ بن عمر عمری سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے عمر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے روایت کیا ہے اور ابن عمر کی حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت اچھی اور صحیح ہے لیث بن سعد کی حدیث سے اور عبد اللہ بن عمر العمری کو بعض اہل حدیث نے اُسکے حافظہ کے کمی کی وجہ سے ضعیف بیان کیا ہے انہین سے یحییٰ بن سعید قطان ہے **باب** بکری اور اونٹون کے رہنے کی جگہہ مین نماز پڑہنے کے بیان مین **حدیث** کی ہے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہے یحییٰ بن آدم نے ابی بکر بن عیاش سے اُسنے ہشام سے اُسنے ابن سیرین سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بکری کے رہنے کی جگہہ مین نماز پڑہ لو۔ اور مت نماز پڑہو اونٹون کے رہنے کی جگہہ مین **حدیث** کی ہم سے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن آدم نے ابی بکر بن عیاش سے اُسنے ابی حصین سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے یا مانند اُسکے اور اس باب مین جابر بن سمرہ اور براء اور سبرہ بن معبد جہنی اور عبد اللہ بن مغفل اور ابن عمر اور انس سے روایت ہے۔ کہا ابو عیسیٰ نے ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور ہمارے صحابہ کے نزدیک اسی پر عمل ہے۔ اور اسی طرح کہتے ہین احمد اور اسحاق اور حدیث ابی حصین کی ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث غریب ہے۔ اور روایت کیا اس کو ابی حصین نے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے موقوف اور نہین مرفوع کیا اسکو اور نام ابی حصین کا عثمان بن عاصم اسدی ہے۔ **حدیث** کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہم سے یحییٰ بن سعید نے شعبہ سے اُسنے ابی التیاح ضبعی سے اُسنے انس بن مالک سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بکریون کے رہنے کی جگہہ مین نماز پڑہتے تھے۔ کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث صحیح ہے۔ اور ابو التیاح نام اُسکا یزید بن حمید ہے۔ **باب** چارپائے پر نماز پڑہنے کے بیان مین جس طرف کہ وہ منہہ کرے۔ **حدیث** کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے وکیع اور یحییٰ بن آدم نے کہا دونون نے حدیث کی ہم سے سفیان نے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے بھیجا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک حاجت کو پس آیا مین حالانکہ وہ نماز پڑہتے تھے اپنی اونٹنی پر مشرق کی طرف اور سجدہ رکوع سے نیچے تھا۔

سلہ اونٹون کی جگہہ مین نماز پڑہنے سے آپ نے نجاست کی وجہ سے منع نہین کیا بلکہ اس وجہ سے کہ اُنکی جگہہ مین نماز پڑہنے سے بے خوف نہین ہو سکتا کیونکہ احتمال ہوتا ہے کہ اُنکے کودنے سے آدمی کو ضرر پہونچتا ہے برخلاف بکریون کے کہ اُنکے اُڑنے بھڑنے سے بسبب اُنکے ضعیف ہونے کے آدمی امن مین رہتا ہے ۱۲

وفی الباب عن انس وابن عمر وابی سعید وعامر بن ربیعة **قال** ابو عیسی حدیث جابر حدیث حسن صحیح وروی من غیر وجہ عن جابر والعمل علیہ عند عامة اھل العلم لانعلم بینھم اختلافا لایرون باسا ان یصلی الرجل علی راحلتہ تطوعا حیث ماکان وجھہ الی القبلة او غیرھا **باب** فی الصلوة الی الراحلة **حدثنا** سفیان بن وکیع نا ابو خالد الاحمر عن عبید اللہ بن عمر عن نافع عن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلی الی بعیرہ او راحلتہ وکان یصلی علی راحلتہ حیث ماتوجھت بہ **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح وھو قول بعض اھل العلم لایرون بالصلوة الی البعیر باسا ان یستتر بہ **باب** ماجاء اذا حضر العشاء واقیمت الصلوة فابدأوا بالعشاء **حدثنا** قتیبة نا سفیان بن عیینة عن الزھری عن انس یبلغ بہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا حضر العشاء واقیمت الصلوة فابدأوا بالعشاء وفی الباب عن عائشة وابن عمر وسلمة بن الاکوع وام سلمة **قال** ابو عیسی حدیث انس حدیث حسن صحیح وعلیہ العمل عند بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم منھم ابوبکر وعمر وابن عمر وبہ یقول احمد واسحاق یقولان یبدأ بالعشاء وان فاتتہ الصلوة فی الجماعة سمعت الجارود یقول سمعت وکیعا یقول فی ھذا الحدیث یبدأ بالعشاء اذا کان الطعام یخاف فسادہ والذی ذھب الیہ بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم اشبہ بالاتباع وانما ارادوا ان لایقوم الرجل الی الصلوة وقلبہ مشغول بسبب شیء وقد روی عن ابن عباس انہ قال لانقوم الی الصلوة وفی انفسنا شیء وروی عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال اذا وضع العشاء واقیمت الصلوة فابدأوا بالعشاء قال وتعشی ابن عمر وھو یسمع قراءة الامام

اور اس باب میں انس اور ابن عمر اور ابی سعید اور عامر بن ربیعہ سے روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے جابر کی حدیث حسن صحیح ہے اور کئی وجہ سے جابر سے روایت کی گئی ہے۔ اور عام اہل علم کا عمل اسی پر ہے۔ ہم انمین سے کسی کا اختلاف نہین جانتے یہ لوگ کچھ خوف اسمین نہین جانتے کہ نفلی نماز اپنی سواری پر پڑہا جاوے جس طرف کو مونھہ اسکا ہو خواہ قبلہ کی طرف یا غیر قبلہ کی طرف **باب** کجاوے کی طرف نماز پڑہنے کے بیان مین۔ **حدیث** کی ہم سے سفیان بن وکیع نے کہا حدیث کی ہم سے ابو خالد احمر نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنے اونٹ اور کجاوے کی طرف نماز پڑہی اور اپنی سواری پر نماز پڑہا کرتے تھے جسطرف کو مُنہہ کیا کرتی تھی کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہی قول ہے بعض اہل علم کا یہ لوگ اونٹ کی طرف نماز پڑہنے مین اس طور سے کہ اُسکو سُترہ بنایا جاوے کچھ خوف نہین رکھتے۔

باب اس بیان مین کہ جب کہانا حاضر ہو اور نماز کے لیے تکبیر کہیجاوے تو ابتدا اساتھ کھانے کے کرو۔ **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان بن عیینہ نے زہری سے اُسنے انس سے وہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم تک پہونچاتا ہے کہ فرمایا آپنے جب کھانا حاضر ہو اور نماز کے لیے تکبیر ہوجائے تو ابتدا اساتھ کھانے کے کرو۔ اور اس باب مین روایت ہے عائشہ اور ابن عمر اور سلمہ بن اکوع اور ام سلمہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسےٰ نے حدیث انس کی حسن صحیح ہے اور اسی پر بعض عالمون کا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے عمل ہے انمین سے حضرت ابو بکرؓ اور عمرؓ اور ابن عمرؓ ہین۔ اور یہی کہتا ہے احمد اور اسحاق یہ دونون کہتے ہین کہ پہلے کھانا ہی شروع کرے اگرچہ اسکو جماعت سے نماز فوت ہوجائے۔ سُنا مینے جارود سے کہ کہتا سُنا مینے وکیع سے کہ کہتا اس حدیث مین کھانے کی ابتدا اُسوقت کرے جبکہ طعام کے خراب ہونے کا خوف ہو۔ اور وہ حکم کہ جسکی طرف بعض عالم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے گئے ہین وہ تابعداری کے لائق زیادہ مناسب ہے۔ اور اُنکا یہ ارادہ ہے کہ آدمی نماز کی طرف نہ کھڑا ہو اُس حالت مین کہ دل مشغول ہو بسبب کسی چیز کے۔ اور ابن عباس سے مروی ہے کہ کہا اُسنے ہم نماز کی طرف نہین کھڑے ہوتے اُسحالت مین کہ ہمارے دلون مین کوئی چیز ہو۔ اور بواسطہ ابن عمر کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ فرمایا آپ نے جب کھانا رکھا جائے اور نماز کے لیے تکبیر ہوجائے تو ابتدا اساتھ کھانے کے کرو۔ کہا راوی نے ابن عمر نے عشا کا کھانا اُس حالت مین کھایا کہ امام کی قرارت سنتے تھے

سلہ یعنے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے کلام سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ جب کھانا حاضر ہوجائے تو پہلے کھانا کھالو خراب یا عدم خراب کی اسمین کوئی قید نہین بلکہ ظاہر حدیث تازہ کھانے پر دلالت کرتی ہے یہ اُسی صورت مین ہے کہ کھانا کھانے کے بعد نماز کا وقت باقی رہے۔ اگر یہ خوف ہو کہ کھانا کھانے کے بعد نماز کا وقت جاتا رہیگا۔ تو پھر پہلے نماز پڑھ لے اگرچہ دل اُسکا کھانے کی طرف متوجہ رہے ۱۲

حدثنا هارون بن اسحاق الهمداني نا عبدة بن سليمان الكلابي عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا نعس احدكم وهو يصلي فليرقد حتى يذهب عنه النوم فان احدكم اذا صلى وهو ينعس فلعله يذهب ليستغفر فيسب نفسه وفي الباب عن انس وابي هريرة **قال** ابو عيسى حديث عائشة حديث حسن صحيح

باب ماجاء في الصلوة عند النعاس **حدثنا** بذلك هناد نا عبدة عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمر

باب ماجاء من زار قوما فلا يصلي بهم **حدثنا** هناد ومحمود بن غيلان قالا نا وكيع عن ابان بن يزيد العطار عن بديل بن ميسرة العقيلي عن ابي عطية رجل منهم قال كان مالك بن الحويرث يأتينا في مصلينا يتحدث فحضرت الصلوة يوما فقلنا له تقدم فقال ليتقدم بعضكم حتى احدثكم لم لا اتقدم سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من زار قوما فلا يؤمهم وليؤمهم رجل منهم **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم قالوا صاحب المنزل احق بالامامة من الزائر وقال بعض اهل العلم اذا اذن له فلا بأس ان يصلي به وقال اسحاق بحديث مالك بن الحويرث وشدد في ان لا يصلي احد بصاحب المنزل وان اذن له صاحب المنزل قال وكذلك في المسجد لا يصلي بهم في المسجد اذا زارهم يقول يصلي بهم رجل منهم

باب ماجاء في كراهية ان يخص الامام نفسه بالدعاء **حدثنا** علي بن حجر نا اسماعيل بن عياش قال حدثني حبيب بن صالح عن يزيد بن شريح عن ابي حي المؤذن الحمصي عن ثوبان عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا يحل لامرأ ان ينظر في جوف بيت امرأ حتى يستأذن فان نظر فقد دخل ولا يؤم قوما فيخص نفسه بدعوة دونهم فان فعل فقد خانهم ولا يقوم الى الصلوة وهو حقن

باب نیند کے وقت نماز پڑھنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمکو ساتھ اسکے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے عبید اللہ سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے **حدیث** کی ہمسے ہارون بن اسحاق ہمدانی نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ بن سلیمان کلابی نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کوئی تم میں سے اونگھے اُس حالت میں کہ نماز پڑھتا ہو تو چاہیے کہ سو رہے یہاں تک کہ نیند جاتی رہے اسواسطے کہ جب کوئی تم میں سے نماز پڑھیگا اُس حالت میں کہ اونگھتا ہے (تو اُسکو معلوم نہ ہوگا) کہ شاید وہ مغفرت مانگنے کا قصد کرے سو اپنی جان کو کوسنے لگے۔ اور اس باب میں روایت ہے انس اور ابی ہریرہ سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عائشہ کی حسن صحیح ہے۔

باب اس بیان میں کہ جو شخص کسی قوم کی زیارت کو جائے تو اُنکو نماز نہ پڑھائے۔ **حدیث** کی ہمسے ہناد اور محمود بن غیلان نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے وکیع نے ابان بن یزید عطار سے اُسنے بدیل بن میسرہ عقیلی سے اُسنے ابی عطیہ سے جو ایک مرد اُنہیں سے ہے کہا اُسنے مالک بن حویرث ہماری نمازگاہ میں آکر ہمکو حدیثیں سُناتا تھا سو ایک دن نماز حاضر ہوگئی تو ہمنے اُس سے کہا آپ آگے ہوئیے پس اُسنے کہا چاہیے کہ تم میں سے کوئی آگے ہو تاکہ میں تمسے حدیث بیان کرونگا کہ میں آگے کیوں نہیں ہوا میںنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ فرماتے جو شخص کسی قوم کی زیارت کو جائے تو اُنکی امامت نہ کرائے اور چاہیے کہ کوئی مرد اُنہیں سے امامت کرائے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور عمل اکثر صحابہ وغیرہ کا اسی پر ہے کہا انہوں نے صاحب گھر کا امامت کے ساتھ زیادہ لائق ہے زیارت کرنے والے سے۔ اور کہا بعض اہل علم نے کہ جب صاحب گھر کا اُسکو اذن دیوے تو پھر نماز پڑھانے میں کچھ خوف نہیں ہے اور کہا اسحٰق نے ساتھ حدیث مالک بن حویرث کے اور اُسنے اس باب میں سختی کی ہے کہ کوئی شخص صاحب منزل کو نماز نہ پڑھائے اگرچہ صاحب منزل اُسکو اذن دے کہا اُسنے ایسا ہی حال ہے مسجد میں کہ مسجد میں بھی اُنکی امامت نہ کرائے جب اُنکی زیارت کو جائے کہے کہ کوئی مرد اُنہیں سے نماز پڑھائے

باب اس کراہت کے بیان میں کہ امام دعا کے ساتھ اپنے نفس کو خاص کرے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن عیاش نے کہا حدیث کی مجھے حبیب بن صالح نے یزید بن شریح سے اُسنے ابی حی موذن حمصی سے اُسنے ثوبان سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے کسی مرد کو حلال نہیں کہ کسی مرد کے گھر کے اندر نظر کرے یہانتک کہ اذن لیلے سو اگر اُسنے نظر کی تو وہ (گویا) داخل ہو گیا اور نہ کسی قوم کی امامت کرائے سو اُنکے سوا سے دعا کے ساتھ اپنے نفس کو خاص کرے سو اگر اُسنے کیا تو اُسنے اُنکی خیانت کی اور نماز کی طرف نہ کھڑا ہو اُس حالت میں کہ پیشاب کو روکنے والا ہو۔

۱ یعنی سونے کے بعد جب ایسا ہوش ہو کہ اپنے پڑھنے کو سمجھے تب نماز پڑھے نیند کی حالت میں نماز اسواسطے منع فرمائی کہ ایسی حالت میں آدمی کہتا ہے کچھ اور منہ سے نکلتا ہے کچھ ۲ یعنی خاص دعا ہی نفس کے لیے مانگے اور

وفی الباب عن ابی ھریرۃ وابی امامۃ قال ابو عیسی حدیث ثوبان حدیث حسن وقد روی ھذا الحدیث عن معاویۃ بن صالح عن السفر بن نسیر عن یزید بن شریح عن ابی امامۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وروی ھذا الحدیث عن یزید بن شریح عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وکان حدیث یزید بن شریح عن ابی حی المؤذن عن ثوبان فی ھذا اجود اسنادا واشھر **باب ما جاء من ام قوما وھم لہ کارھون** حدثنا عبد الاعلی بن واصل الکوفی نا محمد بن قاسم الاسدی عن الفضل بن دلھم عن الحسن قال سمعت انس بن مالک قال لعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلثۃ رجل ام قوما وھم لہ کارھون وامرأۃ باتت وزوجھا علیھا ساخط ورجل سمع حی علی الفلاح ثم لم یجب وفی الباب عن ابن عباس وطلحۃ وعبد اللہ بن عمرو وابی امامۃ قال ابو عیسی حدیث انس لا یصح لانہ قد روی ھذا عن الحسن عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مرسل قال ابو عیسی ومحمد بن القاسم تکلم فیہ احمد بن حنبل وضعفہ ولیس بالحافظ وقد کرہ قوم من اھل العلم ان یؤم الرجل قوما وھم لہ کارھون فاذا کان الامام غیر ظالم فانما الاثم علی من کرھہ وقال احمد واسحاق فی ھذا اذا کرہ واحد او اثنان او ثلاثۃ فلا باس ان یصلی بھم حتی یکرھہ اکثر القوم حدثنا ھناد نا جریر عن منصور عن ھلال بن یساف عن زیاد بن ابی الجعد عن عمرو بن الحارث بن المصطلق قال کان یقال اشد الناس عذابا اثنان امرأۃ عصت زوجھا وامام قوم وھم لہ کارھون قال جریر قال منصور فسالنا عن امر الامام فقیل لنا انما عنی بھذا الائمۃ الظلمۃ فاما من اقام السنۃ فانما الاثم علی من کرھہ حدثنا محمد بن اسمعیل نا علی بن الحسن نا الحسین بن واقد قال نا ابو غالب قال سمعت ابا امامۃ یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلاثۃ لا تجاوز صلوتھم اذانھم

اور اس باب میں روایت ہے ابی ھریرہ اور ابی امامہ سے۔ کہا ابو عیسےٰ نے حدیث ثوبان کی حسن ہے۔ اور روایت کی گئی ہے یہ حدیث معاویہ بن صالح سے اُسنے سفر بن یسیر سے اُسنے یزید بن شریح سے اُسنے ابی امامہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور مروی ہے یہ حدیث یزید بن شریح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے۔ اور حدیث یزید بن شریح کی جو ابی حی موذن سے اُسنے ثوبان سے روایت کی ہے اس باب میں باعتبار سند کے سب سے اچھی اور مشہور ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ کوئی شخص کسی قوم کو امامت کرائے اور وہ قوم اسکو بُرا جانتی ہو۔ **حدیث** کی ہم سے عبدالاعلےٰ بن واصل کوفی نے کہا حدیث کی ہم سے محمد بن قاسم اسدی نے فضل بن دلہم سے اُسنے حسن سے کہا اُسنے سنا میں نے انس بن مالک سے کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے تین شخصوں کو لعنت کی ہے ایک وہ مرد جو کسی قوم کی امامت کرائے اور وہ قوم اُسکو بُرا جانتی ہو۔ دُوسری وہ عورت جس نے رات گذاری اس حالت میں کہ خاوند اُسکا اُسپر غصے رہا تیسرا وہ مرد جس نے حی علے الفلاح سُنا پھر اُسنے جواب نہیں دیا یعنی نماز کو نہیں آیا اور اس باب میں روایت ہے ابن عباس اور طلحہ اور عبداللہ بن عمرو اور ابی امامہ سے رضی اللہ عنہم۔ کہا ابو عیسےٰ نے حدیث انس کی صحیح نہیں کیونکہ یہ حدیث بواسطہ حسن کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسل مروی ہے۔ کہا ابو عیسےٰ نے محمد بن قاسم میں امام احمد نے کلام کیا ہے۔ اور اُسکو ضعیف کیا ہے اور وہ حافظ نہیں۔ اور ایک قوم نے اہل علم سے مکروہ جانا ہے کہ مرد کسی قوم کی امامت کرائے اُس حالت میں کہ وہ قوم اسکو مکروہ جانتی ہے۔ پس اگر امام ظالم نہو تو پھر گناہ اُس شخص پر ہے جو اُسکو مکروہ جانے۔ اور کہا امام احمد اور اسحاق نے اس باب میں کہ جب ایک یا دو یا تین بُرا جانیں تو اُنکی نماز پڑھانے میں کچھ خوف نہیں یہانتک کہ اُسکو اکثر قوم بُرا نہ جانے۔ **حدیث** کی ہم سے ھناد نے کہا حدیث کی ہم سے جریر نے منصور سے اُسنے ہلال بن یساف سے اُسنے زیاد بن ابی الجعد سے اُسنے عمرو بن حارث سے اُسنے مصطلق سے کہا اُسنے یہ بات مشہور تھی کہ سخت تر عذاب میں دو آدمی ہیں ایک وہ عورت جس نے اپنے خاوند کی نافرمانی کی دوسرا وہ مرد جس نے کسی قوم کی امامت کرائی اور وہ اُسکو بُرا جانتے ہوں کہا جریر نے کہا منصور نے پس ہمنے امام کے حکم کی بابت سوال کیا تو ہمکو کہا گیا کہ مراد اس سے ظالم امام ہیں۔ اور جس شخص نے بطور سنت کے امامت کرائی تو گناہ اُسپر ہے جو اُسکو بُرا جانے **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمٰعیل نے کہا حدیث کی ہم سے علی بن حسن نے کہا حدیث کی ہمسے حسین بن واقد نے کہا اُسنے حدیث کی ہم سے ابو غالب نے کہا اُسنے سنا میں نے ابا امامہ سے کہتا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین آدمی ہیں کہ اُنکی نماز اُنکے کانوں سے تجاوز نہیں کرتی

العبد الآبق حتى يرجع وامرأة باتت وزوجها عليها ساخط وامام قوم وهم له كارهون قال ابو عيسى هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه وابو غالب اسمه حزوّر **باب** ما جاء اذا صلى الامام قاعدا فصلوا قعودا **حدثنا** قتيبة نا الليث عن ابن شهاب عن انس بن مالك قال خر رسول الله صلى الله عليه وسلم عن فرس فجحش فصلى بنا قاعدا فصلينا معه قعودا ثم انصرف فقال انما الامام او قال انما جعل الامام ليؤتم به فاذا كبر فكبروا واذا ركع فاركعوا واذا رفع فارفعوا واذا قال سمع الله لمن حمده فقولوا ربنا ولك الحمد واذا سجد فاسجدوا واذا صلى قاعدا فصلوا قعودا اجمعون وفي الباب عن عائشة وابي هريرة وجابر وابن عمر ومعاوية **قال** ابو عيسى حديث انس ان النبي صلى الله عليه وسلم خر عن فرس فجحش حديث حسن صحيح وقد ذهب بعض اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم الى هذا الحديث منهم جابر بن عبد الله واسيد بن حضير وابو هريرة وغيرهم وبهذا الحديث يقول احمد واسحاق وقال بعض اهل العلم اذا صلى الامام جالسا لم يصل من خلفه الا قياما فان صلوا قعودا لم يجزهم وهو قول سفيان الثوري ومالك بن انس وابن المبارك والشافعي **باب** منه **حدثنا** محمود بن غيلان نا شبابة عن شعبة عن نعيم بن ابي هند عن ابي وائل عن مسروق عن عائشة قال صلى رسول الله صلى الله عليه وسلم خلف ابي بكر في مرضه الذي مات فيه قاعدا **قال** ابو عيسى حديث عائشة حديث حسن صحيح غريب وقد روي عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال اذا صلى الامام جالسا فصلوا جلوسا وروي عنها ان النبي صلى الله عليه وسلم خرج في مرضه وابو بكر يصلي بالناس فصلى الى جنب ابي بكر والناس يأتمون بابي بكر وابو بكر يأتم بالنبي صلى الله عليه وسلم وروي عنها ان النبي صلى الله عليه وسلم صلى خلف ابي بكر قاعدا وروي عن انس بن مالك ان النبي صلى الله عليه وسلم صلى خلف ابي بكر وهو قاعد **حدثنا** بذلك عبد الله بن ابي زياد نا شبابة بن سوار نا محمد بن طلحة عن حميد

ایک غلام بھاگا ہوا یہانتک کہ لوٹ کر آوے دوسری وہ عورت جسنے رات گذاری اس حالت میں کہ خاوند اسکا اسپر ناراض رہا تیسرا اس قوم کا امام جو کہ قوم اسکو برا جانتی ہو کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہے اس وجہ سے اور ابو غالب کا نام حزور ہے **باب** اس بیان میں کہ جب امام بیٹھکر نماز پڑھے تو لوگ بھی بیٹھکر نماز پڑھیں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے انہوں نے انس بن مالک سے کہا انہوں نے ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے سے گر پڑے اور زخمی ہوگئے سو آپ نے ہمکو نماز بیٹھکر پڑھائی پس ہمنے بھی آپکے ساتھ بیٹھکر پڑھی پھر نماز سے فارغ ہوئے (تو فرمایا) بیشک امام یا فرمایا آپ نے بیشک امام اسی لیے مقرر ہوا ہے کہ اسکی پیروی کی جائے سو جب تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو اور جب رکوع کرے تو تم بھی رکوع کرو اور جب رکوع سے سر اٹھائے تو تم بھی اٹھاؤ اور جب سمع اللہ لمن حمدہ کہے تو تم ربنا ولک الحمد کہو اور جب سجدہ کرے تو تم بھی سجدہ کرو اور جب بیٹھکر نماز پڑھے تو تم بھی سب کے سب بیٹھکر نماز پڑھو۔ اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور ابو ہریرہ اور جابر اور ابن عمر اور معاویہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث انس کی جو یہ ہے کہ آنحضرتؐ گھوڑے سے گر پڑے اور زخمی ہوگئے حسن صحیح ہے۔ اور بعض صحابہ اس حدیث کی طرف گئے ہیں۔ انہیں سے جابر بن عبد اللہ اور اسید بن حضیر اور ابو ہریرہ وغیرہ ہیں اور ساتھ اسی حدیث کے کہتا ہے امام احمد اور اسحاق کہا بعض اہل علم نے جب امام بیٹھکر نماز پڑھے تو اسکے پیچھے والے نہ نماز پڑھیں مگر کھڑے ہوکر۔ پس اگر بیٹھکر پڑھیں تو انکو کافی نہیں ہوتی اور یہی قول ہے سفیان ثوری اور مالک بن انس اور ابن مبارک اور شافعی کا **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے شبابہ نے شعبہ سے انہوں نے نعیم بن ابی ہند سے انہوں نے ابی وائل سے انہوں نے مسروق سے انہوں نے عائشہ سے کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرض الموت میں حضرت ابو بکر کے پیچھے بیٹھکر نماز پڑھی۔ کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عائشہ کی حسن صحیح غریب ہے اور نیز حضرت عائشہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ فرمایا آپ نے کہ جب امام بیٹھکر نماز پڑھے تو تم بھی بیٹھکر پڑھو اور مروی ہے حضرت عائشہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اپنی بیماری میں نکلے اس حالت میں کہ ابو بکرؓ لوگوں کو نماز پڑھا رہا تھا سو آپ نے حضرت ابو بکر کے پہلو کی طرف نماز پڑھی اور لوگ حضرت ابو بکر کے ساتھ اقتدا کرتے تھے اور حضرت ابو بکر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اقتدا کرتے تھے اور مروی ہے حضرت عائشہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو بکر کے پیچھے بیٹھکر نماز پڑھی اور مروی ہے انس بن مالک سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو بکر کے پیچھے بیٹھکر نماز پڑھی **حدیث** کی ہمسے ساتھ اسکے عبد اللہ بن ابی زیاد نے کہا حدیث کی ہمسے شبابہ بن سوار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن طلحہ نے حمید سے

عن ثابت عن انس قال صلی رسول الله صلی الله علیه وسلم فی مرضه خلف ابی بکر قاعدا فی ثوب متوشحا به **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وهکذا رواه یحیی بن ایوب عن حمید عن انس وقد رواه غیر واحد عن حمید عن انس ولم یذکروا فیه عن ثابت ومن ذکر فیه عن ثابت فهو اصح **باب** ماجاء فی الامام ینهض فی الرکعتین ناسیا **حدثنا** احمد بن منیع نا هشیم نا ابن ابی لیلی عن الشعبی قال صلی بنا المغیرة بن شعبة فنهض فی الرکعتین فسبح به القوم وسبح بهم فلما قضی صلوته سلم ثم سجد سجدتی السهو وهو جالس ثم حدثهم ان رسول الله صلی الله علیه وسلم فعل بهم مثل الذی فعل وفی الباب عن عقبة بن عامر وسعد وعبد الله بن بحینة **قال** ابو عیسی حدیث المغیرة بن شعبة قد روی من غیر وجه عن المغیرة بن شعبة وقد تکلم بعض اهل العلم فی ابن ابی لیلی من قبل حفظه قال احمد لا یحتج بحدیث ابن ابی لیلی وقال محمد بن اسماعیل ابن ابی لیلی وهو صدوق ولا اروی عنه لانه لا یدری صحیح حدیثه من سقیمه وکل من کان مثل هذا فلا اروی عنه شیئا وقد روی هذا الحدیث من غیر وجه عن المغیرة بن شعبة وروی سفیان عن جابر عن المغیرة بن شبیل عن قیس بن ابی حازم عن المغیرة بن شعبة وجابر الجعفی قد ضعفه بعض اهل العلم ترکه یحیی بن سعید وعبد الرحمن بن مهدی وغیرهما والعمل علی هذا عند اهل العلم علی ان الرجل اذا قام فی الرکعتین مضی فی صلوته وسجد سجدتین منهم من رای قبل التسلیم ومنهم من رای بعد التسلیم ومن رای قبل التسلیم فحدیثه اصح لما روی الزهری ویحیی بن سعید الانصاری عن عبد الرحمن الاعرج عن عبد الله بن بحینة **حدثنا** عبد الله بن عبد الرحمن نا یزید بن هارون عن المسعودی عن زیاد بن علاقة قال صلی بنا المغیرة بن شعبة فلما صلی رکعتین قام ولم یجلس فسبح به من خلفه فاشار الیهم ان قوموا فلما فرغ من صلوته سلم وسجد سجدتی السهو وسلم وقال هکذا صنع رسول الله صلی الله علیه وسلم[۱]

اُسنے ثابت سے اُسنے انس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیماری میں ابوبکر کے پیچھے ایک کپڑے میں توشح کرکے نماز پڑھی کہا ابوعیسے نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسیطرح روایت کیا ہے اسکو یحیی بن ایوب نے حمید سے اُسنے انس سے اور روایت کیا ہے اسکو کئی اور لوگوں نے حمید سے اُسنے انس سے اور انہوں نے اسمیں ثابت کا ذکر نہیں کیا اور جسنے ثابت کا ذکر کیا ہے وہ روایت صحیح ہے **باب** اس بیان میں کہ امام دو رکعتوں میں بھولکر کھڑا ہو جاوے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی لیلے نے شعبی سے کہا اُسنے ہمکو مغیرہ بن شعبہ نے نماز پڑہائی سو دو رکعتوں میں کھڑا ہو گیا۔ لوگوں نے اُسکو تسبیح کی اور اُسنے لوگوں سے تسبیح کہی پس جب اپنی نماز پڑھ چکا تو سلام پھیرا پھر بیٹھکر دو سجدے سہو کے کیے پھر اُنکو حدیث سُنائی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے ساتھ اسیطرح کیا تھا جیسا کہ میں نے کیا اور اس باب میں روایت ہے عقبہ بن عامر اور سعد اور عبد اللہ بن بحینہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابوعیسے نے حدیث مغیرہ بن شعبہ کی کئی وجہ سے مغیرہ بن شعبہ سے مروی ہے۔ اور بعض اہل علم نے ابن ابی لیلے میں اُسکے حافظہ کی نسبت کلام کیا ہے۔ کہا امام احمد نے ابن ابی لیلے کی حدیث سے حجت نہ پکڑی جاوے اور کہا محمد بن اسمٰعیل نے ابن ابی لیلے سچا آدمی ہے اور میں اس سے روایت نہیں کرتا کیونکہ وہ حدیث صحیح کو ضعیف سے معلوم نہیں کر سکتا اور جو شخص ایسا ہو میں اُس سے کبھی روایت نہیں کرتا اور یہ حدیث کئی وجہ سے مغیرہ بن شعبہ سے مروی ہے اور روایت کی ہے سفیان نے جابر سے اُسنے مغیرہ بن شبیل سے اُسنے قیس بن ابی حازم سے اُسنے مغیرہ بن شعبہ اور جابر جعفی سے اور ضعیف کیا ہے اسکو بعض اہل علم نے یحیی بن سعید اور عبد الرحمان بن مہدی وغیرہ نے اسکو چھوڑ دیا ہے اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے کہ جب آدمی دو رکعتوں میں کھڑا ہو جائے تو اپنی نماز کو پورا کرے اور دو سجدے کرے۔ بعض نے ان میں سے سلام پھیرنے سے پہلے سجدہ کرنیکو اختیار کیا ہے اور بعض نے بعد سلام کے اور جس نے قبل سلام کے اختیار کیا ہے پس حدیث اُسکی بہت صحیح ہے۔ اسواسطے کہ زہری اور یحیی بن سعید انصاری نے عبد الرحمان اعرج سے اُسنے عبد اللہ بن بحینہ سے روایت کی ہے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمان نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے مسعودی سے اُسنے زیاد بن علاقہ سے کہا اُسنے ہمکو مغیرہ بن شعبہ نے نماز پڑہائی سو جب دو رکعتیں پڑھ چکے تو کھڑا ہو گیا اور نہ بیٹھا تو مقتدیوں نے اسکو تسبیح کہی پس اُسنے اُنکی طرف اشارت کی کہ کھڑے ہو جاؤ جبکہ اپنی نماز سے فارغ ہوا تو سلام پھیرا اور دو سجدے سہو کے کیے اور سلام پھیرا اور کہا اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا

[۱] التوشح ہو المخالفة بین طرفیہ علی عاتقیہ وہو الاشتمال علی منکبیہ کذا فی النہایہ یعنے توشح کہتے ہیں کپڑے کا ایک گوشہ لیکر داہنی کاندھے پر ڈالا جاوے اور دوسرا اسکے مخالف گوشہ کو بائیں کاندھے پر ڈالا جاوے

قال ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح وقد روي هذا الحديث من غير وجه عن المغيرة بن شعبة عن النبي صلى الله عليه وسلم

باب ما جاء في مقدار القعود في الركعتين حدثنا محمود بن غيلان نا ابو داؤد هو الطيالسي نا شعبة نا سعد بن ابراهيم قال سمعت ابا عبيدة بن عبد الله بن مسعود يحدث عن ابيه قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا جلس في الركعتين الاوليين كانه على الرضف قال شعبة ثم حرك سعد شفتيه بشيء فاقول فيقول حتى يقوم قال ابو عيسى هذا حديث حسن الا ان ابا عبيدة لم يسمع من ابيه والعمل على هذا عند اهل العلم يختارون ان لا يطيل الرجل القعود في الركعتين الاوليين ولا يزيد على التشهد شيئا في الركعتين الاوليين وقالوا ان زاد على التشهد فعليه سجدتا السهو هكذا روي عن الشعبي وغيره

باب ما جاء في الاشارة في الصلوة حدثنا قتيبة نا الليث بن سعد عن بكير بن عبد الله بن الاشج عن نابل صاحب العباء عن ابن عمر عن صهيب قال مررت برسول الله صلى الله عليه وسلم وهو يصلي فسلمت عليه فرد الي اشارة وقال لا اعلم الا انه قال اشارة باصبعه وفي الباب عن بلال وابي هريرة وانس وعائشة حدثنا محمود بن غيلان نا وكيع نا هشام بن سعد عن نافع عن ابن عمر قال قلت لبلال كيف كان النبي صلى الله عليه وسلم يرد عليهم حين كانوا يسلمون عليه وهو في الصلوة قال كان يشير بيده قال ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح وحديث صهيب حسن لا نعرفه الا من حديث الليث عن بكير وقد روي عن زيد بن اسلم عن ابن عمر قال قلت لبلال كيف كان النبي صلى الله عليه وسلم يرد عليهم حيث كانوا يسلمون في مسجد بني عمرو بن عوف قال كان يرد اشارة

وكلا الحديثين عندي صحيح

کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے۔ اور یہ روایت کئی وجہ سے بواسطہ مغیرہ بن شعبہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے

باب پہلی دو رکعتوں کے بیٹھنے کے اندازہ میں **حدیث** کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے ابو داؤد طیالسی نے کہا حدیث کی ہم سے شعبہ نے کہا حدیث کی ہم سے سعد بن ابراہیم نے کہا سنا میں نے ابا عبیدہ بن عبد اللہ بن مسعود سے کہ حدیث بیان کرتا تھا اپنے باپ سے کہا اُس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب دو رکعتوں میں بیٹھتے تھے گویا کہ گرم پتھر پر ہیں[١] کہا شعبہ نے پھر سعد نے اپنے دونوں لبوں کو ساتھ کسی کلمہ کے ہلایا۔ پس میں نے کہا سو سعد نے کہا کہ کھڑے ہو جاتے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے مگر یہ کہ ابا عبیدہ نے اپنے باپ سے سنا نہیں ہے۔ اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے یہ لوگ پسند کرتے ہیں کہ آدمی دونوں رکعتوں پہلیوں میں طوالت نہ کرے اور دو رکعتوں پہلیوں میں تشہد پڑھ کر کچھ زیادتی نہ کرے اور کہا انھوں نے اگر تشہد پڑھ کر کچھ زیادتی کرے تو اُس پر دو سجدے سہو کے ہیں ایسا ہی شعبی وغیرہ سے مروی ہے

باب نماز میں اشارے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے لیث بن سعد نے بکیر بن عبد اللہ بن اشج سے اُس نے نابل سے جو صاحب چادر کا ہے اُس نے ابن عمر سے اُس نے صہیب سے کہا اُس نے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اُس حالت میں کہ آپ نماز پڑھ رہے تھے گذرا اور آپ کو سلام دیا۔ سو آپ نے مجھے اشارت سے جواب دیا۔ اور کہا راوی نے میں نہیں جانتا مگر یہ کہ کہا صہیب نے اشارت ساتھ انگلی کے۔ اور اس باب میں روایت ہے بلال اور ابی ہریرہ اور انس اور عائشہ سے رضی اللہ عنہم **حدیث** کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے وکیع نے کہا حدیث کی ہم سے ہشام بن سعد نے نافع سے اُس نے ابن عمر سے کہا اُس نے میں نے بلال سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کس طرح جواب دیتے تھے جبکہ لوگ آپ کو نماز کی حالت میں سلام دیتے تھے کہا اُس نے اپنے ہاتھ مبارک سے اشارہ کر دیتے تھے۔ کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور حدیث صہیب کی حسن ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر لیث سے جو راوی ہے بکیر سے۔ اور بواسطہ زید بن اسلم کے ابن عمر سے مروی ہے کہ کہا اُس نے میں نے بلال سے کہا کہ کس طرح نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُنکو جواب دیتے تھے جبکہ وہ آپ کو مسجد بنی عمرو بن عوف میں سلام دیتے تھے کہا اُس نے اشارے سے جواب دیتے تھے اور یہ دونوں حدیثیں میرے نزدیک صحیح ہیں

[١] گرم پتھر پر ہونے کے یہ معنے ہیں کہ مثلاً آدمی جب کسی گرم شے پر ہوتا ہے تو ٹھہرتا ہی نہیں۔ راوی کی یہ غرض ہے کہ جب آپ پہلے التحیات میں بیٹھتے تھے تو بہت تھوڑا ٹھہرتے تھے۔ شعبہ کہتا ہے پھر میرے اُستاذ سعد نے کچھ بات کی میں نے سمجھا کہ اُس نے یہ کہی ہے کہ پھر کھڑے ہو جاتے تھے ۱۲

لان قصة حديث صهيب غير قصة حديث بلال وان كان ابن عمر روى عنهما فاحتمل ان يكون سمع منهما جميعا **باب** ماجاء ان التسبيح للرجال والتصفيق للنساء **حدثنا** هناد نا ابو معاوية عن الاعمش عن ابي صالح عن ابي هريرة **قال** قال رسول الله صلى الله عليه وسلم التسبيح للرجال والتصفيق للنساء وفي الباب عن علي وسهل بن سعد وجابر وابي سعيد وابن عمر قال علي كنت اذا استاذنت على النبي صلى الله عليه وسلم وهو يصلي سبح **قال** ابو عيسى حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح والعمل عليه عند اهل العلم وبه يقول احمد واسحاق **باب** ماجاء في كراهية التثاؤب في الصلوة **حدثنا** علي بن حجر انا اسماعيل بن جعفر عن العلاء بن عبد الرحمن عن ابيه عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال التثاؤب في الصلوة من الشيطان فاذا تثاءب احدكم فليكظم ما استطاع وفي الباب عن ابي سعيد الخدري وجد عدي بن ثابت **قال** ابو عيسى حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح وقد كره قوم من اهل العلم التثاؤب في الصلوة قال ابراهيم اني لارد التثاؤب بالتنحنح **باب** ماجاء ان صلوة القاعد على النصف من صلوة القائم **حدثنا** علي بن حجر نا عيسى بن يونس نا الحسين المعلم عن عبد الله بن بريدة عن عمران بن حصين قال سالت رسول الله صلى الله عليه وسلم عن صلوة الرجل وهو قاعد فقال من صلى قائما فهو افضل ومن صلاها قاعدا فله نصف اجر القائم ومن صلاها نائما فله نصف اجر القاعد وفي الباب عن عبد الله بن عمرو وانس والسائب **قال** ابو عيسى حديث عمران بن حصين حديث حسن صحيح وقد روي هذا الحديث عن ابراهيم بن طهمان بهذا الاسناد الا انه يقول عن عمران بن حصين

کیونکہ صہیب کی حدیث کا وہ قصہ نہیں جو بلال کی حدیث کا قصہ ہے اگرچہ ابن عمر دونوں سے روایت کرتا ہے پس احتمال ہے کہ ابن عمر نے دونوں سے سنا ہوگا[1] **باب** اس بیان میں کہ تسبیح مردوں کے لیے ہو اور تالی عورتوں کے لیے حدیث کی ہم سے ہناد نے کہا حدیث کی ہم سے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تسبیح مردوں کے لیے ہے اور تالی عورتوں کے لیے[2] اور اس باب میں روایت ہے علی اور سہل بن سعد اور جابر اور ابی سعید اور ابن عمر سے رضی اللہ عنہم۔ کہا حضرت علی نے میں جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے (داخل ہونے کے لیے) اذن مانگتا تھا اس حالت میں کہ آپ نماز میں ہوتے تو آپ تسبیح کہتے تھے۔ کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابو ہریرہ حسن صحیح ہے اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے اور یہی کہتا ہے امام احمد اور اسحاق **باب** نماز میں جمائی کی کراہیت کے بیان میں حدیث کی ہم سے علی بن حجر نے کہا خبر دی ہم کو اسماعیل بن جعفر نے علاء بن عبد الرحمن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نماز میں جمائی لینا شیطان سے ہے سو جب کوئی شخص تم میں سے جمائی لے تو چاہیے کہ حتی المقدور اُسکو بند کرے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی سعید خدری اور عدی بن ثابت کے دادا سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابی ہریرہ کی حسن صحیح ہے اور ایک قوم نے اہل علم سے نماز میں جمائی لینے کو مکروہ جانا ہے کہا ابراہیم نے میں جمائی کو کھانسی سے رد کرتا ہوں۔[3] **باب** اس بیان میں کہ بیٹھنے والے کی نماز کھڑا ہونے والے کی نماز سے نصف حصہ ہے حدیث کی ہم سے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہم سے عیسیٰ بن یونس نے کہا حدیث کی ہم سے حسین معلم نے عبد اللہ بن بریدہ سے اُسنے عمران بن حصین سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اُس مرد کی بابت سوال کیا۔ جو بیٹھکر نماز پڑھتا ہے سو فرمایا آپ نے جو شخص کھڑا ہو کر نماز پڑھے وہ سب سے افضل ہے اور جو شخص بیٹھکر پڑھے اُسکے لیے کھڑا ہونے والے سے نصف اجر ہے اور جو شخص لیٹ کر پڑھے پس اُسکے لیے بیٹھنے والے سے نصف اجر ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن عمرو اور انس اور سائب سے رضی اللہ عنہم۔ کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عمران بن حصین کی حسن صحیح ہے۔ اور یہ حدیث ابراہیم بن طہمان سے اسی اسناد سے مروی ہے مگر یہ کہ وہ عمران بن حصین سے اس طرح سے روایت کرتا ہے

---

[1] یعنی احتمال ہے کہ ابن عمر نے صہیب اور بلال دونوں سے سنا ہوگا ١٢

[2] یعنے جب امام نماز میں بھول جائے تو مرد اسکو خبردار کرنے کے واسطے سبحان اللہ کہیں اور عورتیں تالی بجائیں پس اسکو اپنے امر کی اطلاع ہو جائیگی ١٢

[3] کیونکہ یہ عموماً سستی اور بہت کھانے اور غلبہ نیند سے ہوا کرتی ہے۔ ابن حجر نے کہا ہے کہ نماز کی قید کچھ خصوصیت کے واسطے نہیں یہ تو ہر حالت میں مکروہ ہے اسکو حتی المقدور ناک سے رد کرنا چاہیے ١٢

قال سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم عن صلوٰة المريض فقال صل قائما فان لم تستطع فقاعدا فان لم تستطع فعلى جنب **حدثنا** بذلك هناد نا وكيع عن ابراهيم بن طهمان عن حسين المعلم بهذا الاسناد **قال** ابو عيسى لا نعلم احدا روى عن حسين المعلم نحو رواية ابراهيم بن طهمان وقد روى ابو اسامة وغير واحد عن حسين المعلم نحو رواية عيسى بن يونس ومعنى هذا الحديث عند بعض اهل العلم في صلوٰة التطوع **حدثنا** محمد بن بشار نا ابن ابي عدي عن اشعث بن عبد الملك عن الحسن قال ان شاء الرجل صلى صلوٰة التطوع قائما وجالسا ومضطجعا واختلف اهل العلم في صلوٰة المريض اذا لم يستطع ان يصلي جالسا فقال بعض اهل العلم انه يصلي على جنبه الايمن وقال بعضهم يصلي مستلقيا على قفاه ورجلاه الى القبلة وقال سفيان الثوري في هذا الحديث من صلى جالسا فله نصف اجر القائم قال هذا للصحيح ولمن ليس له عذر فاما من كان له عذر من مرض او غيره فصلى جالسا فله مثل اجر القائم وقد روي في بعض الحديث مثل قول سفيان الثوري **باب** في من يتطوع جالسا **حدثنا** الانصاري نا معن نا مالك بن انس عن ابن شهاب عن السائب ابن يزيد عن المطلب بن ابي وداعة السهمي عن حفصة زوج النبي صلى الله عليه وسلم انها قالت ما رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم صلى في سبحته قاعدا حتى كان قبل وفاته صلى الله عليه وسلم بعام فانه كان يصلي في سبحته قاعدا ويقرأ بالسورة ويرتلها حتى تكون اطول من اطول منها وفي الباب عن ام سلمة وانس بن مالك **قال** ابو عيسى حديث حفصة حديث حسن صحيح

کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے بیمار کی نماز کی نسبت سوال کیا پس فرمایا آپ نے نماز پڑھ کھڑا ہو کر سو اگر تو طاقت نہین رکھتا تو بیٹھکر سو اگر تو طاقت نہین رکھتا تو پہلو پر **حدیث** کی ہے ساتھ اسکے ہناد نے کہا حدیث کی ہے وکیع نے ابراہیم بن طہمان نے اُسنے حسین معلم سے ساتھ اس اسناد کے کہا ابو عیسےٰ نے ہم نہین جانتے کہ کسی نے حسین معلم سے مثل روایت ابراہیم بن طہمان کے روایت کی ہو۔ اور ابو اسامہ اور کئی اور لوگون نے حسین معلم سے مثل روایت عیسےٰ بن یونس کی روایت کی ہے۔ اور مراد اس حدیث سے بعض اہل علم کے نزدیک نفلی نماز ہے **حدیث** کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہم سے ابن ابی عدی نے اشعث بن عبد الملک سے اُسنے حسین سے کہا اُسنے اگر چاہے آدمی تو نفلی نماز مین کھڑا ہو کر اور بیٹھکر اور لیٹ کر پڑھے اور اہل علم نے اختلاف کیا ہے۔ اُس بیمار کے حق مین جو بیٹھکر نماز پڑھنے کی طاقت نہین رکھتا۔ سو بعض اہل علم نے کہا ہے اپنی داہنی پہلو پر نماز پڑھے اور بعضون نے کہا ہے اپنی پیٹھ پر لیٹ کر نماز پڑھے اس حالت مین کہ پاؤن اُسکے قبلہ کی طرف ہون۔ اور کہا سفیان ثوری نے اس حدیث مین کہ جو شخص بیٹھکر نماز پڑھتا ہے پس اُس کے لیے نصف اجر کھڑے ہونے والے سے ہے۔ کہ یہ تندرست کے لیے ہے اور اُسکے لیے کہ جسکو کوئی عذر نہو اور جس شخص کو بیماری وغیرہ کا کوئی عذر ہو اور بیٹھکر نماز پڑھتا ہے تو اُسکے واسطے کھڑے ہونے والے کے برابر اجر ہے۔ اور ایک حدیث مین مثل قول سفیان ثوری کے (بعض الفاظ) مروی ہین۔ **باب** اس بیان مین کہ جو شخص بیٹھکر نفل پڑھتا ہے۔ **حدیث** کی ہم سے انصاری نے کہا حدیث کی ہم سے معن نے کہا حدیث کی ہم سے مالک بن انس نے ابن شہاب سے اُسنے سائب بن یزید سے اُسنے مطلب بن ابی وداعہ سہمی سے اُسنے حفصہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی بیوی سے یہ کہ کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو نفلی نماز بیٹھکر پڑھتے نہین دیکھا تا کہ (جب) آپ کی وفات سے ایک سال باقی رہا تو نفلی نماز بیٹھکر پڑھتے تھے اور سورت پڑھتے تھے اور آہستگی سے پڑھتے یہان تک کہ وہ لمبی سورتون سے بھی لمبی ہو جاتی اور اس باب مین روایت ہے ام سلمہ اور انس بن مالک سے۔ کہا ابو عیسےٰ نے حدیث حفصہ کی حسن صحیح ہے

۱ یعنے پہلی روایت کے سوال مین کوئی قید مذکور نہین اور اس روایت مین ہے۔ کہ بیمار کی نماز کی بابت سوال کیا۔ مگر احتمال ہے کہ عمران نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دو مرتبہ سوال کیا ہو جیسا کہ جواب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بسبب مختلف ہونے عنوان کے اسپر دال ہے پس پہلی حدیث تندرست کے حق مین ہوگی اسی واسطے اُسکے لیے ادنے حالت مین اجر کم ہوتا گیا برخلاف دوسری روایت کے کہ اسمین آپ نے ادنے حالت مین بھی اجر کم ہونے کا ذکر نہین فرمایا۔ اور کیونکر اجر کم ہو سکتا ہے حالانکہ بیماری کوئی اختیاری امر نہین ۱۲ منہ

۲ یعنے سورت کو اس قدر آہستہ اور ترتیل سے پڑھتے تھے کہ چھوٹی سورت بھی بسبب آہستہ پڑھنے کے لمبی سورتون سے بھی لمبی ہو جاتی ۱۲

وقد روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ کان یصلی من اللیل جالسا فاذا بقی من قراءتہ قدر ثلثین او اربعین اٰیۃ قام فقرأ ثم رکع ثم صنع فی الرکعۃ الثانیۃ مثل ذلک وروی عنہ انہ کان یصلی قاعدا فاذا قرأ وھو قائم رکع وسجد وھو قائم واذا قرأ وھو قاعد رکع وسجد وھو قاعد قال احمد واسحاق والعمل علی کلا الحدیثین کانہما رأیا کلا الحدیثین صحیحا معمولا بہما **حدثنا** الانصاری نا معن نا مالک عن ابی النضر عن ابی سلمۃ عن عائشۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان یصلی جالسا فیقرأ وھو جالس فاذا بقی من قراءتہ قدر ما یکون ثلثین او اربعین اٰیۃ قام فقرأ وھو قائم ثم رکع وسجد ثم صنع فی الرکعۃ الثانیۃ مثل ذلک **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** احمد بن منیع نا ھشیم انا خالد الحذاء عن عبد اللہ بن شقیق عن عائشۃ قال سألتہا عن صلاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن تطوعہ قالت کان یصلی لیلا طویلا قائما ولیلا طویلا قاعدا فاذا قرأ وھو قائم رکع وسجد وھو قائم واذا قرأ وھو جالس رکع وسجد وھو جالس **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال انی لاسمع بکاء الصبی فی الصلوۃ فاخفف **حدثنا** قتیبۃ نا مروان بن معاویۃ الفزاری عن حمید عن انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال واللہ انی لاسمع بکاء الصبی وانا فی الصلوۃ فاخفف مخافۃ ان تفتتن امہ وفی الباب عن ابی قتادۃ وابی سعید وابی ہریرۃ **قال** ابو عیسی حدیث انس حدیث حسن صحیح

اور مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آنحضرت رات میں بیٹھکر نماز پڑھتے تھے پس جب آپ کی قراءت سے تقریباً تیس یا چالیس آیتیں باقی ہوتیں تو کھڑے ہو جاتے پس پڑھتے پھر رکوع کرتے پھر دوسری رکعت میں اسیطرح کرتے اور مروی ہے آنحضرت سے کہ آنحضرت بیٹھکر نماز پڑھتے پس جب قراءت پڑھتے اُس حالت میں کہ کھڑے ہوئے ہوتے تو رکوع اور سجدہ بھی اُسی حالت میں یعنے کھڑے ہوئے کرتے اور جب قراءت پڑھتے اُس حالت میں کہ بیٹھے ہوئے ہوتے تو رکوع اور سجود بھی اُسی حالت میں یعنے بیٹھے ہوئے کرتے کہا امام احمد اور اسحٰق نے اور عمل ان دونوں حدیثوں پر ہے گویا ان دونوں نے ان دونوں حدیثوں کو صحیح اور معمول بہا جانا ہے **حدیث** کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ابی النضر سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے عائشہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیٹھکر نماز پڑھتے تھے پس قراءت پڑھتے تھے اُس حالت میں کہ بیٹھے ہوئے ہوتے پس جب آپ کی قراءت سے تقریباً تیس یا چالیس آیتیں باقی ہوتیں تو کھڑے ہوکر قراءت پڑھتے پھر رکوع کرتے اور سجدہ کرتے پھر دوسری رکعت میں اسی طرح کرتے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے کہا خبر دی ہمکو خالد حذاء نے عبد اللہ بن شقیق سے اُسنے عائشہ سے کہا عبد اللہ نے میں نے حضرت عائشہ سے آنحضرت کی نفلی نماز کا حال پوچھا کہا حضرت عائشہ نے بہت رات کھڑے ہوکر نماز پڑھتے رہتے تھے اور بہت رات بیٹھکر پڑھتے پس جب قراءت پڑھتے اُس حالت میں کہ کھڑے ہوئے ہوتے تو رکوع اور سجود بھی کھڑے ہوئے ہی کرتے اور جب قراءت پڑھتے اُس حالت میں کہ بیٹھے ہوئے ہوتے تو رکوع اور سجود بھی بیٹھے ہوئے ہی کرتے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اس بیان میں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے میں البتہ نماز میں لڑکے کا رونا سنتا ہوں تو نماز میں تخفیف کرتا ہوں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے مروان بن معاویہ فزاری نے حمید سے اُسنے انس بن مالک سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے قسم ہے اللہ کی البتہ میں اُس حالت میں کہ نماز میں ہوتا ہوں اور لڑکے کا رونا سنتا ہوں پس (میں نماز میں) تخفیف کرتا ہوں اس خوف سے کہ اُسکی ماں فتنہ میں پڑ جائیگی۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی قتادہ اور ابی سعید اور ابوہریرہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث انس کی حسن صحیح ہے

ف حضرت کے وقت میں عورتیں بھی جماعت کی نماز میں حاضر ہوتی تھیں اور ظاہر ہے کہ عورت کو محبت اولاد کی بہت ہوتی ہے اُسکا رونا انپر نہایت شاق ہوتا اسواسطے آنحضرت نماز کو ہلکا کر دیتے تھے کہ مبادا عورتیں نماز سے اپنی اولاد کو روتا سنکر بیزار ہو کر کہیں نماز نہ توڑ دیں یا جماعت کا آنا چھوڑ دیں اور قسطلانی میں ہے کہ ابن ابی شیبہ نے ابن ثابت سے روایت کی ہے کہ آنحضرت نے پہلی رکعت میں ساٹھ آیتیں پڑھیں تو ایک لڑکے کا رونا آپنے سن لیا پھر دوسری رکعت میں آپنے صرف تین ہی پڑھیں انتہی اس سے معلوم ہوا کہ امام پر مقتدیوں کی رعایت کرنا لازم ہے اور اس حدیث سے شافعی نے دلیل پکڑی ہے کہ جب امام رکوع میں ہو تو معلوم کرے کہ کوئی شخص نماز میں داخل ہونے کا ارادہ کرتا ہے تو اسکی انتظاری کرے تاکہ وہ بھی فضیلت رکعت پالیوے اسلیے کہ جب دنیا کی حاجت کے لیے مقتدیوں کی رعایت سے واسطے نماز میں اختصار کرنا جائز ہوا تو عبادات میں رعایت بطریق اولیٰ جائز ہوگا یہی قول ہے شعبی اور حسن اور ابن ابی لیلیٰ کا اور کہا امام ابو حنیفہ رحمہ نے میں ایسے آدمی پر شرک کا خوف کرتا ہوں اور کہا امام مالک رحمہ نے کسیکی انتظاری نہ کرے اسلیے کہ پچھلے لوگ اس کام سے تکلیف پاوینگے اور امام احمد اور اسحٰق نے کہا ہے اسقدر انتظاری کرے کہ پچھلے لوگوں پر مشقت نہ ہو۔ تنبیہ مترجم یہ قول قرین قیاس معلوم ہوتا ہے اسلیے کہ اس صورت میں دونوں صورتوں میں کی محافظت ہو جاتی ہے واللہ اعلم بالصواب

باب ما جاء لا تقبل صلوٰة الحائض الا بخمار **حدثنا** هناد نا قبيصة عن حماد بن سلمة عن قتادة عن ابن سيرين عن صفية ابنة الحارث عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تقبل صلوٰة الحائض الا بخمار وفي الباب عن عبد الله بن عمرو **قال** ابو عيسى حديث عائشة حديث حسن والعمل عليه عند اهل العلم ان المرأة اذا ادركت فصلت وشيء من شعرها مكشوف لا تجوز صلاتها وهو قول الشافعي قال لا تجوز صلاة المرأة وشيء من جسدها مكشوف قال الشافعي وقد قيل ان كان ظهر قدميها مكشوفا فصلاتها جائزة **باب** ما جاء في كراهية السدل في الصلوٰة **حدثنا** هناد نا قبيصة عن حماد بن سلمة عن عسل بن سفيان عن عطاء عن ابي هريرة قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن السدل في الصلوٰة وفي الباب عن ابي جحيفة **قال** ابو عيسى حديث ابي هريرة لا نعرفه من حديث عطاء عن ابي هريرة مرفوعا الا من حديث عسل بن سفيان وقد اختلف اهل العلم في السدل في الصلاة فكره بعضهم السدل في الصلاة وقالوا هكذا تصنع اليهود وقال بعضهم انما كره السدل في الصلوٰة اذا لم يكن عليه الا ثوب واحد فاما اذا سدل على القميص فلا بأس وهو قول احمد وكره ابن المبارك السدل في الصلوٰة **باب** ما جاء في كراهية مسح الحصى في الصلوٰة **حدثنا** سعيد بن عبد الرحمن المخزومي نا سفيان بن عيينة عن الزهري عن ابي الاحوص عن ابي ذر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا قام احدكم الى الصلوٰة فلا يمسح الحصا فان الرحمة تواجهه **حدثنا** حسين بن حريث نا الوليد بن مسلم عن الاوزاعي عن يحيى بن ابي كثير قال حدثني ابو سلمة بن عبد الرحمن عن معيقيب قال سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم عن مسح الحصى في الصلوٰة فقال ان كنت لا بد فاعلا فمرة واحدة

باب سوائے اوڑھنی پہنے کے بالغہ عورت کی نماز قبول نہیں ہوتی **حدیث** کی ہم سے ہناد نے کہا حدیث کی ہم سے قبیصہ نے حماد بن سلمہ سے اُسنے قتادہ سے اُسنے ابن سیرین سے اُسنے صفیہ بنت حارث سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے فرمایا نبی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بالغہ عورت کی نماز سوائے اوڑھنی کے قبول نہیں ہوتی۔ اور اس باب میں عبد اللہ بن عمرو سے روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عائشہ کی حسن ہے اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے کہ جب عورت بالغ ہو جائے اور نماز پڑھے اُس حالت میں کہ کوئی چیز اُسکے بالوں سے ننگی ہو تو اُسکی نماز جائز نہیں ہوتی اور یہی قول ہے امام شافعی کا کہ کہا امام شافعی نے نہیں درست ہوتی نماز عورت کی اُس حالت میں کہ کوئی چیز اُسکی جسم کی ننگی ہو۔ کہا امام شافعی نے اگر اُسکے پاؤں کی پیٹھ ننگی ہو تو نماز اُسکی جائز ہے۔ **باب** نماز میں سدل کی کراہیت کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے ہناد نے کہا حدیث کی ہم سے قبیصہ نے حماد بن سلمہ سے اُسنے عسل بن سفیان سے اُسنے عطاء سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز میں سدل[۱] کرنے سے منع کیا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی جحیفہ سے کہا ابو عیسیٰ نے ہم ابی ہریرہ کی حدیث کو جو عطاء کے واسطہ سے ابو ہریرہ سے مرفوعاً مروی ہے نہیں پہچانتے مگر حدیث عسل بن سفیان سے اور اہل علم نے نماز میں سدل کرنے میں اختلاف کیا ہے۔ پس بعض نے اُنمیں سے نماز میں سدل کرنے کو مکروہ جانا ہے اور کہا ہے کہ اسطرح یہود کرتے ہیں۔ اور کہا بعض نے سدل نماز میں اُسوقت مکروہ ہے جب اُسپر سوائے ایک کپڑے کے کوئی اور کپڑا نہو پس اگر قمیص پر سدل کرے تو کچھ خوف نہیں اور یہ قول امام احمد کا ہے اور ابن مبارک نے نماز میں سدل کرنے کو مکروہ جانا ہے **باب** نماز میں کنکر کے صاف کرنے کی کراہت کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے سعید بن عبد الرحمن مخزومی نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان بن عیینہ نے زہری سے اُسنے ابو الاحوص سے اُسنے ابی ذر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جب کوئی تم میں سے نماز کی طرف کھڑا ہو تو کنکر کو نہ صاف کرے اُسکا مقابلہ کر رہی ہے رحمت[۲] **حدیث** کی ہم سے حسین بن حریث نے کہا حدیث کی ہم سے ولید بن مسلم نے اوزاعی سے اُسنے یحییٰ بن ابی کثیر سے کہا اُسنے حدیث کی مجھے ابو سلمہ بن عبد الرحمن نے معیقیب سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نماز میں کنکر صاف کرنے سے سوال کیا پس فرمایا آپ نے اگر تجھے ضرور ہی کرنا ہے تو ایک مرتبہ کر

[۱] سدل یہ ہے کہ کپڑا ایسے طور سے پہننا جو تمام بدن پر آجاوے اور ہاتھ اندر ہی رہیں پس اُسی حالت میں رکوع اور سجود کرے اور یہ سدل قمیص وغیرہ تمام کپڑوں میں ہوتا ہے اور بعض نے سدل کے یہ معنے بیان کیے ہیں کہ تہ بند کو سر پر رکھنا اور اُسکے دونوں کونوں کو دائیں بائیں لٹکانا اس طور سے کہ کاندھوں پر نہ ہو ۱۲ کذا فی مجمع البحار۔

[۲] یعنے ایسی بڑی نعمت کے مقابلہ میں فعل حقیر کی طرف متوجہ ہونا چاہیے ۱۲

قال ابو عیسی ھذا حدیث صحیح و فی الباب عن علی بن ابی طالب و حذیفۃ و جابر بن عبد اللہ و معیقیب قال ابو عیسی حدیث ابی ذر
حدیث حسن و قد روی عن النبی صلی اللہ علیہ و سلم انہ کرہ المسح فی الصلوٰۃ و قال ان کنت لا بد فاعلا فمرۃ واحدۃ کانہ روی عنہ رخصۃ
فی المرۃ الواحدۃ و العمل علی ھذا عند اھل العلم باب ما جاء فی کراھیۃ النفخ فی الصلوٰۃ حدثنا احمد بن منیع نا عباد بن العوام
نا میمون ابو حمزۃ عن ابی صالح مولی طلحۃ عن ام سلمۃ قالت رای النبی صلی اللہ علیہ و سلم غلاما لنا یقال لہ افلح اذا سجد نفخ فقال یا افلح ترب
وجھک قال احمد بن منیع کرہ عباد النفخ فی الصلوٰۃ و قال ان نفخ لم یقطع صلاتہ قال احمد بن منیع و بہ ناخذ قال ابو عیسی و روی بعضھم
عن ابی حمزۃ ھذا الحدیث و قال مولی لنا یقال لہ رباح حدثنا احمد بن عبدۃ الضبی نا حماد بن زید عن میمون ابی حمزۃ بھذا الاسناد
نحوہ و قال غلام لنا یقال لہ رباح قال ابو عیسی و حدیث ام سلمۃ اسنادہ لیس بذاک و میمون ابو حمزۃ قد ضعفہ بعض اھل العلم و
اختلف اھل العلم فی النفخ فی الصلوٰۃ فقال بعضھم ان نفخ فی الصلاۃ استقبل الصلوٰۃ و ھو قول سفیان الثوری و اھل الکوفۃ و قال بعضھم
یکرہ النفخ فی الصلوٰۃ و ان نفخ فی صلوتہ لم تفسد صلوتہ و ھو قول احمد و اسحاق باب ما جاء فی النھی عن الاختصار فی الصلوٰۃ حدثنا
ابو کریب نا ابو اسامۃ عن ھشام بن حسان عن محمد بن سیرین عن ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ و سلم نھی ان یصلی الرجل مختصرا و
فی الباب عن ابن عمر قال ابو عیسی حدیث ابی ھریرۃ حدیث حسن صحیح و قد کرہ قوم من اھل العلم الاختصار فی الصلوٰۃ و الاختصار
ھو ان یضع الرجل یدہ علی خاصرتہ فی الصلاۃ و کرہ بعضھم ان یمشی الرجل مختصرا و یروی ان ابلیس اذا مشی یمشی مختصرا باب
ما جاء فی کراھیۃ کف الشعر فی الصلوٰۃ حدثنا یحیی بن موسی نا عبد الرزاق انا ابن جریج عن عمران بن موسی عن سعید بن ابی سعید المقبری عن ابیہ

کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے علی بن ابی طالب اور حذیفہ اور جابر بن عبد اللہ اور معیقیب سے کہا
ابو عیسےٰ نے حدیث ابی ذر کی حسن ہے اور مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے نماز میں صاف کرنا مکروہ جانا ہے اور فرمایا ہے اگر تجھی
ضروری کرنا ہے تو ایک مرتبہ کر گویا کہ آپ سے ایکبار صاف کرنے میں رخصت مروی ہے اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے باب
نماز میں پھونکنے کی کراہت کے بیان میں حدیث کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے عبادہ بن عوام نے کہا حدیث کی ہم سے میمون یعنی
ابو حمزہ نے ابی صالح سے یعنے طلحہ کے غلام سے اُسنے ام سلمہ سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے ایک لڑکے کو دیکھا اُسکا نام افلح
تھا جب وہ سجدہ کرتا تو پھونکتا پس فرمایا آپ نے اے افلح خاک آلودہ ہو مونھ تیرا۔ کہا احمد بن منیع نے عباد نے نماز میں پھونکنا مکروہ سمجھا ہے
اور کہا ہے کہ اگر کوئی شخص پھونکے تو اُسکی نماز قطع نہیں ہوتی۔ کہا احمد بن منیع نے اور ساتھ اسی کے ہم تمسک کرتے ہیں کہا ابو عیسےٰ نے
اور بعض نے یہ حدیث ابی حمزہ سے روایت کی ہے اور کہا ہے کہ وہ ہمارا غلام تھا کہ جسکا نام رباح تھا۔ حدیث کی ہم سے احمد بن عبدہ
ضبی نے کہا حدیث کی ہم سے حماد بن زید نے میمون یعنے ابی حمزہ سے ساتھ اسی اسناد کے مثل اسکے اور کہا وہ ہمارا غلام تھا کہ جسکا نام رباح
تھا۔ کہا ابو عیسےٰ نے حدیث ام سلمہ کی اسناد قوی نہیں اور میمون یعنے ابو حمزہ کو بعض اہل علم نے ضعیف کیا ہے اور اہل علم نے نماز کے
اندر پھونکنے میں اختلاف کیا ہے پس کہا بعض نے اگر پھونکے نماز میں تو نئے سرے نماز شروع کرے اور یہ قول سفیان ثوری اور اہل کوفہ
کا اور کہا ہے بعض نے نماز میں پھونکنا مکروہ ہے اور اگر نماز کے اندر پھونکے تو نماز اُسکی فاسد نہیں ہوتی اور یہ قول ہے امام احمد اور اسحاق
کا باب نماز میں کمر پر ہاتھ رکھنے کے ممانعت کے بیان میں حدیث کی ہم سے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہم سے ابو اسامہ نے ہشام بن حسان
نے محمد بن سیرین سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ کوئی شخص کمر پر ہاتھ رکھکر نماز پڑھے۔
اور اس باب میں ابن عمر سے روایت ہے کہا ابو عیسےٰ نے حدیث ابی ہریرہ کی حسن صحیح ہے۔ اور ایک قوم نے اہل علم سے نماز میں اختصار
کرنا مکروہ جانا ہے اور اختصار یہ ہے کہ آدمی اپنی کمر پر نماز میں ہاتھ رکھے۔ اور بعض نے کمر پر ہاتھ رکھکر چلنے کو بھی مکروہ جانا ہے اور مروی
ہے کہ جب ابلیس چلتا ہے تو کمر پر ہاتھ رکھکر چلتا ہے۔ باب نماز میں بالوں کے باندھنے کی کراہت کے بیان میں حدیث
کی ہم سے یحیےٰ بن موسےٰ نے کہا حدیث کی ہم سے عبد الرزاق نے کہا خبر دی ہمکو ابن جریج نے عمران بن موسےٰ سے اُسنے سعید بن ابی سعید
مقبری سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی رافع سے ہے

سلہ نماز میں پھونکنا ہے ایسے طور سے کہ ناک سے ہوا نکلے کہ جس سے اُس کے ناک کی آواز سنائی دے ۱۲

عن ابی رافع انه مر بالحسن بن علی وهو یصلی وقد عقص ضفرته فی قفاه فحلها فالتفت الیه الحسن مغضبا فقال اقبل علی صلاتك ولا تغضب فانی سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول ذلك کفل الشیطن وفی الباب عن ام سلمة وعبد الله بن عباس **قال** ابو عیسی حدیث ابی رافع حدیث حسن والعمل علی هذا عند اهل العلم کرهوا ان یصلی الرجل وهو معقوص شعره وعمران بن موسی هو القرشی المکی وهو اخو ایوب بن موسی **باب** ماجاء فی التخشع فی الصلوة **حدثنا** سوید بن نصر نا عبد الله بن المبارك نا لیث بن سعد نا عبد ربه بن سعید عن عمران بن ابی انس عن عبد الله بن نافع بن العمیاء عن ربیعة بن الحارث عن الفضل بن عباس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الصلوة مثنی مثنی تشهد فی کل رکعتین وتخشع وتضرع وتمسکن وتقنع یدیك یقول ترفعهما الی ربك مستقبلا ببطونهما وجهك وتقول یا رب یا رب ومن لم یفعل ذلك فهو کذا وکذا **قال** ابو عیسی وقال غیر ابن المبارك فی هذا الحدیث ومن لم یفعل ذلك فهو خداج **قال** ابو عیسی سمعت محمد بن اسمعیل یقول روی شعبة هذا الحدیث عن عبد ربه بن سعید فاخطأ فی مواضع فقال عن انس بن ابی انس وهو عمران بن ابی انس وقال عن عبد الله بن الحارث وانما هو عبد الله بن نافع بن العمیاء عن ربیعة بن الحارث وقال شعبة عن عبد الله بن الحارث عن المطلب عن النبی صلی الله علیه وسلم وانما هو عن ربیعة بن الحارث بن عبد المطلب عن الفضل بن عباس عن النبی صلی الله علیه وسلم قال محمد وحدیث اللیث بن سعد اصح من حدیث شعبة **باب** ماجاء فی کراهیة التشبیك بین الاصابع فی الصلوة **حدثنا** قتیبة نا اللیث بن سعد عن ابن عجلان عن سعید المقبری عن رجل عن کعب بن عجرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال اذا توضأ احدکم فاحسن وضوءه ثم خرج عامدا الی المسجد فلا یشبکن بین اصابعه فانه فی صلاة

اُسنے ابی رافع سے کہ وہ حسن بن علی کے پاس گزرا اس حالت مین کہ وہ نماز پڑھ رہا تھا اور اسنے اپنے بالون کو گدی کے اوپر باندھی ہوا تھا۔ پس ابو رافع نے اُنکو کھولا سو اُسکی طرف امام حسن نے غصے سے نظر کی پس کہا ابو رافع نے اپنی نماز مین چلا جا اور غصے نہ ہو کیونکہ مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ فرماتے یہ حصہ شیطان کا ہے۔ اور اس باب مین روایت ہے ام سلمہ اور عبد اللہ بن عباس سے کہا ابو عیسےٰ نے حدیث ابی رافع کی حسن ہے اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے انہون نے مکروہ جانا ہے کہ آدمی نماز پڑھے اس حالت مین کہ اُسکے بال باندھے ہوئے ہون اور عمران بن موسیٰ وہ قرشی مکی ہے اور یہ بھائی ایوب بن موسےٰ کا ہے **باب** نماز مین خشوع کے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے کہا حدیث کی ہمسے عبد ربہ بن سعید نے عمران بن ابی انس سے اُسنے عبد اللہ بن نافع بن عمیا سے اُسنے ربیعہ بن حارث سے اُسنے فضل بن عباس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز دو دو رکعت ہے ہر دو رکعتون مین تشہد ہے اور خشوع اور عاجزی اور مسکینی اور اُٹھانا دونون ہاتھون کا اپنے رب کی طرف اس حالت مین کہ تلوے اُن ہاتھون کے اپنے مونھ کی طرف ہون اور کہے تو اے رب میرے اے رب میرے اور جسنے اس طرح نہین کیا وہ ایسا ویسا ہے۔ کہا ابو عیسیٰ نے اور کہا غیر ابن مبارک نے اس حدیث مین جس شخص نے اسطرح نہین کیا تو وہ ناقص ہے کہا ابو عیسیٰ نے مینے محمد بن اسمٰعیل سے سُنا ہے کہ کہا شعبہ نے یہ حدیث عبد ربہ بن سعید سے روایت کی ہے اور کئی جگہہ مین اُسنے خطا کیا ہے اُسنے روایت کی ہے انس بن انس سے حالانکہ وہ عمران بن ابی انس ہے اور اُسنے روایت کی ہے عبد اللہ بن حارث سے حالانکہ یہ روایت بواسطہ عبد اللہ بن نافع بن عمیا ربیعہ بن حارث سے مروی ہے اور کہا ہے شعبہ نے یہ روایت عبد اللہ بن حارث سے ہے اُسنے روایت کی مطلب سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حالانکہ یہ روایت ربیعہ بن حارث بن عبد المطلب سے ہے اُسنے روایت کی فضل بن عباس سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے۔ کہا محمد نے اور حدیث لیث بن سعد کی شعبہ کی حدیث سے بہت صحیح ہے۔ **باب** نماز مین درمیان انگلیون کے پنجہ ڈالنے کی کراہت کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے ابن عجلان سے اُسنے سعید مقبری سے اُسنے ایک مرد سے اُسنے کعب بن عجرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جب کوئی تم مین سے وضو کرے اور اچھی طرح سے وضو کرے پھر مسجد کی طرف قصد کر کے نکلے تو چاہیے کہ اپنی انگلیون مین پنجہ نہ ڈالے۔ اسلیے کہ وہ نماز مین ہے

قال ابو عیسی حدیث کعب بن عجرة رواه غیر واحد عن ابن عجلان مثل حدیث اللیث وروی شریک عن محمد بن عجلان عن ابیه عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم نحو هذا الحدیث وحدیث شریک غیر محفوظ **باب** ماجاء فی طول القیام فی الصلوة **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان بن عیینة عن ابی الزبیر عن جابر قال قیل للنبی صلی الله علیه وسلم ای الصلوة افضل قال طول القنوت وفی الباب عن عبد الله بن حبشی وانس بن مالک **قال** ابو عیسی حدیث جابر حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجه عن جابر بن عبد الله **باب** ماجاء فی کثرة الرکوع والسجود **حدثنا** ابو عمار نا الولید بن مسلم عن الاوزاعی قال حدثنی الولید بن هشام المعیطی قال حدثنی معدان بن طلحة الیعمری قال لقیت ثوبان مولی رسول الله صلی الله علیه وسلم فقلت له دلنی علی عمل ینفعنی الله به ویدخلنی الله الجنة فسکت عنی ملیا ثم التفت الیّ فقال علیک بالسجود فانی سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول مامن عبد یسجد لله سجدة الا رفعه الله بها درجة وحط عنه بها خطیئة قال معدان فلقیت ابا الدرداء فسألته عما سألت عنه ثوبان فقال علیک بالسجود فانی سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول مامن عبد یسجد لله سجدة الا رفعه الله بها درجة وحط عنه بها خطیئة وفی الباب عن ابی هریرة وابی فاطمة **قال** ابو عیسی حدیث ثوبان وابی الدرداء فی کثرة الرکوع والسجود حدیث حسن صحیح وقد اختلف اهل العلم فی هذا فقال بعضهم طول القیام فی الصلوة افضل من کثرة الرکوع والسجود وقال بعضهم کثرة الرکوع والسجود افضل من طول القیام وقال احمد بن حنبل قد روی عن النبی صلی الله علیه وسلم فی هذا حدیثان ولم یقض فیه بشیٔ وقال اسحاق اما بالنهار فکثرة الرکوع والسجود

کہا ابو عیسیٰ نے حدیث کعب بن عجرہ کی روایت کیا ہے اسکو کئی اور لوگوں نے بھی ابن عجلان سے مثل حدیث لیث کے اور روایت کی ہے شریک نے محمد بن عجلان سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اس حدیث کی۔ اور حدیث شریک کی محفوظ نہیں ہے۔ **باب** نماز مین لمبا قیام کرنے کے بیان مین۔ **حدیث** کی ہے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان بن عیینہ نے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا کہ کون سی نماز افضل ہے۔ فرمایا آپ نے لمبا قیام کرنا۔ اور اس باب مین روایت ہے عبد اللہ بن حبشی اور انس بن مالک سے رضی اللہ عنہم۔ کہا ابو عیسیٰ نے حدیث جابر کی حسن صحیح ہے۔ اور کئی وجہ سے جابر بن عبد اللہ سے مروی ہے۔ **باب** بہت رکوع اور سجود کے بیان مین۔ **حدیث** کی ہم سے ابو عمار نے کہا حدیث کی ہم سے ولید بن مسلم نے اوزاعی نے کہا اُسنے حدیث کی مجھے ولید بن ہشام معیطی نے کہا حدیث کی مجھے معدان بن طلحہ یعمری نے کہا اُسنے مین ثوبان یعنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے غلام سے ملا۔ پس مینے اُسے کہا مجھے کوئی ایسا امر بتلا جس سے مجھے اللہ تعالےٰ نفع دے اور جنت مین داخل کرے سو وہ میری طرف سے تھوڑی سی دیر چپ کر رہا پھر اُسنے میری طرف توجہ کی۔ اور کہنے لگا بہت سجدون کو لازم پکڑ کیونکہ مینے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ فرماتے تھے جو بندہ اللہ تعالےٰ کے واسطے ایک سجدہ کرتا ہے تو اللہ تعالےٰ اُسکے واسطے ایک درجہ بلند کرتا ہے اور بسبب اُسکے ایک گناہ اُس سے دور کرتا ہے کہا معدان نے پھر مین ابا الدرداء سے ملا پس اُس سے بھی وہی سوال کیا جسکی بابت ثوبان سے سوال کیا گیا تھا پس اُسنے بھی کہا بہت سجدون کو لازم پکڑ کیونکہ مینے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ فرماتے جو بندہ اللہ تعالےٰ کے واسطے ایک سجدہ کرتا ہے تو اللہ تعالےٰ اُسکے واسطے ایک درجہ بلند کرتا ہے اور بسبب اُسکے ایک گناہ اُس سے دور کرتا ہے۔ اور اس باب مین روایت ہے ابی ہریرہ اور ابی فاطمہ سے۔ کہا ابو عیسےٰ نے حدیث ثوبان اور ابی الدرداء کی جو کثرت رکوع اور سجود مین ہے حسن صحیح ہے۔ اور اہل علم نے اس مسئلہ مین اختلاف کیا ہے۔ سو بعض نے کہا ہے کہ نماز مین لمبا قیام کرنا کثرت رکوع اور سجود سے افضل ہے۔ اور کہا بعض نے رکوع اور سجود بہت کرنا لمبا قیام کرنے سے افضل ہے۔ اور کہا احمد بن حنبل نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس باب مین دو نو قسم کی حدیثین مروی ہین اور اسمین کوئی فیصلہ نہین ہوا۔ اور کہا اسحاق نے بہرحال دن مین تو کثرت رکوع اور سجود کی افضل ہے۔[1]

[1] یعنی اگر کسی آدمی نے وظیفہ مقرر کیا ہو کہ مثلاً مین ہر روز ایک پارہ کلام اللہ کا پڑھونگا تو اسی صورت مین کثرت رکوع اور سجدہ کی میرے نزدیک بہت پسندیدہ ہے کیونکہ ہر حالت مین اُسنے اُتنا ہی پڑھنا ہے جسقدر اُسنے وظیفہ مقرر کیا ہے جو زیادہ قیام تو اُسکا ہونا ہی نہین پس اس صورت مین اگر زیادہ رکوع سجود ہو جائین تو زیادہ ثواب پاویگا ۱۲

واما بالليل فطول القيام الا ان يكون لرجل له جزء بالليل يأتي عليه فكثرة الركوع والسجود في هذا احب الي لانه يأتي على جزءه وقد ربح كثرة الركوع والسجود **قال** ابوعيسى وانما قال اسحاق هذا لانه كذا وصف صلوٰة النبي صلى الله عليه وسلم بالليل ووصف طول القيام واما بالنهار فلم توصف من صلاته من طول القيام ما وصف بالليل **باب** ما جاء في قتل الاسودين في الصلوٰة **حدثنا** علي بن حجر انا اسماعيل بن عُلية عن علي بن المبارك عن يحيى بن ابي كثير عن ضمضم بن جوس عن ابي هريرة قال امر رسول الله صلى الله عليه وسلم بقتل الاسودين في الصلوٰة الحية والعقرب وفي الباب عن ابن عباس وابي رافع **قال** ابوعيسى حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم وبه يقول احمد واسحاق وكره بعض اهل العلم قتل الحية والعقرب في الصلوٰة قال ابراهيم ان في الصلوٰة لشغلا والقول الاول اصح **باب** ما جاء في سجدتي السهو قبل السلام **حدثنا** قتيبة نا الليث عن ابن شهاب عن عبد الرحمن الاعرج عن عبد الله بن بحينة الاسدي حليف بني عبد المُطَّلب ان النبي صلى الله عليه وسلم قام في صلوٰة الظهر وعليه جلوس فلما اتم صلوته سجد سجدتين يكبر في كل سجدة وهو جالس قبل ان يسلم وسجدها الناس معه مكان ما نسي من الجلوس وفي الباب عن عبد الرحمن بن عوف **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الاعلى وابو داود قالا نا هشام عن يحيى بن ابي كثير عن محمد بن ابراهيم ان ابا هريرة والسائب القاري كانا يسجدان سجدتي السهو قبل التسليم **قال** ابوعيسى حديث ابن بحينة حديث حسن والعمل على هذا عند بعض اهل العلم وهو قول الشافعي يرى سجود السهو كله قبل التسليم ويقول هذا الناسخ لغيره من الاحاديث ويذكر ان آخر فعل النبي صلى الله عليه وسلم كان على هذا وقال احمد واسحاق اذا قام الرجل في الركعتين فانه يسجد سجدتي السهو قبل السلام

اور رات میں لمبا قیام کرنا مگر یہ کہ رات میں کسی آدمی کا کوئی وظیفہ مقرر ہو۔ جو اوسکو وہ ادا کرتا ہو۔ تو اس صورت میں میرے نزدیک کثرت رکوع اور سجود کی پسند ہے کیونکہ وہ اپنے وظیفہ کو ادا کرتا ہے اور کثرت رکوع اور سجود میں نفع پایا ہے۔ **کہا** ابوعیسٰے نے اسحاق نے یہ بات اسلیے کہی ہے۔ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نماز کی ایسی وصف کی گئی ہے۔ اور لمبا قیام کرنے کی وصف کی گئی ہے۔ اور دن میں آپکی نماز میں لمبا قیام کرنے سے اسقدر صفت نہیں کی گئی۔ جسقدر کہ رات میں کی گئی ہے۔ **باب** نماز میں سانپ اور بچھو کے قتل کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو اسماعیل بن علیہ نے علی بن مبارک سے اُسنے یحیےٰ بن ابی کثیر سے اُسنے ضمضم بن جوس سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے حکم دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ قتل کرنے دو سیاہوں کے نماز میں یعنے سانپ اور بچھو اس باب میں روایت ہے ابن عباس اور ابی رافع سے۔ کہا ابوعیسےٰ نے حدیث ابی ہریرہ کی حسن صحیح ہے۔ اور عمل بعض اہل علم کے نزدیک صحابہ وغیرہ سے اسی پر ہے۔ اور یہی کہتا ہے امام احمد اور اسحاق۔ اور بعض اہل علم نے نماز میں سانپ اور بچھو کے قتل کرنے کو مکروہ سمجھا ہے۔ کہا ابراہیم نے نماز میں البستہ شغل ہے۔ اور پہلا قول سب کے نزدیک صحیح ہے **باب** سلام سے پہلے سجدہ سہو کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے اُسنے عبدالرحمان اعرج سے اُسنے عبداللہ بن بحینہ اسدی سے جو نبی عبدالمطلب کے ہم سوگند ہے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز میں کھڑے ہوئے اور آپ کو التحیات میں بیٹھنا تھا سو جب اپنی نماز پوری کر چکے تو دو سجدے کیئے ہر ایک سجدے میں سلام پھیرنے سے پہلے تکبیر کہی اُس حالت میں کہ بیٹھے ہوئے تھے۔ اور لوگوں نے بھی آپ کے ساتھ وہ دونوں سجدے کیے بدلے اُسکے کہ تشہد میں بیٹھنا بھول گئے تھے۔ اور اس باب میں روایت ہے عبدالرحمن بن عوف سے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبدالاعلیٰ اور ابوداؤد نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے ہشام نے یحیےٰ بن ابی کثیر سے اُسنے محمد بن ابراہیم سے یہ کہ ابوہریرہ اور سائب قاری دونوں سلام سے پہلے سجدے سہو کے کیا کرتے تھے کہا ابوعیسےٰ نے حدیث ابن بحینہ کی حسن ہے۔ اور عمل بعض اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے۔ اور یہی قول ہے امام شافعی کا امام شافعی کا مذہب یہ ہے کہ تمام سجدے سہو کے قبل سلام کے ہیں۔ اور کہتے ہیں کہ یہ حدیث اور حدیثوں کی ناسخ ہے۔ اور ذکر کرتے ہیں امام شافعی کہ آخر فعل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا اسی پر رہا ہے۔ اور کہا امام احمد اور اسحاق نے جب آدمی دو رکعتوں میں کھڑا ہو تو دو سجدے سہو کے سلام پھیرنے سے پہلے کرے

علی حدیث ابن بحینة وعبد الله بن بحینة هو عبد الله بن مالك بن بحینة مالك ابوه وبحینة امه هکذا اخبرنی اسحاق بن منصور عن علی بن المدینی **قال** ابو عیسی واختلف اهل العلم فی سجدتی السهو متی یسجدهما الرجل قبل السلام او بعده فرای بعضهم ان یسجدهما بعد السلام وهو قول سفیان الثوری واهل الکوفة وقال بعضهم یسجدهما قبل السلام وهو قول اکثر الفقهاء من اهل المدینة مثل یحیی بن سعید وربیعة وغیرهما وبه یقول الشافعی وقال بعضهم اذا کانت زیادة فی الصلوٰة فبعد السلام واذا کان نقصانا فقبل السلام وهو قول مالك بن انس وقال احمد ما روی عن النبی صلی الله علیه وسلم فی سجدتی السهو فلیستعمل کل علی جهته یری اذا قام فی الرکعتین علی حدیث ابن بحینة فانه یسجدهما قبل السلام واذا صلی الظهر خمسا فانه یسجدهما بعد السلام واذا سلم فی الرکعتین من الظهر والعصر فانه یسجدهما بعد السلام وکل یستعمل علی جهته وکل سهو لیس فیه عن النبی صلی الله علیه وسلم ذکر فان سجدتی السهو فیه قبل السلام وقال اسحاق نحوه قول احمد فی هذا کله الا انه قال کل سهو لیس فیه عن النبی صلی الله علیه وسلم ذکر فان کانت زیادة فی الصلوٰة یسجدهما بعد السلام وان کان نقصانا یسجدهما قبل السلام

باب ماجاء فی سجدتی السهو بعد السلام والکلام

حدثنا اسحاق بن منصور نا عبد الرحمن بن مهدی نا شعبة عن الحکم عن ابراهیم عن علقمة عن عبد الله بن مسعود ان النبی صلی الله علیه وسلم صلی الظهر خمسا فقیل له ازید فی الصلوٰة ام نسیت فسجد سجدتین بعد ما سلم **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** هناد ومحمود بن غیلان قالا نا ابو معاویة عن الاعمش عن ابراهیم عن علقمة عن عبد الله ان النبی صلی الله علیه وسلم سجد سجدتی السهو بعد الکلام وفی الباب عن معاویة وعبد الله بن جعفر وابی هریرة **حدثنا** احمد بن منیع نا هشیم عن هشام بن حسان عن محمد بن سیرین عن ابی هریرة ان النبی صلی الله علیه وسلم سجدهما بعد السلام

موافق حدیث ابن بحینہ کے۔ اور عبداللہ ابن بحینہ وہ عبداللہ بن مالک ابن بحینہ ہے مالک اُسکا باپ ہے اور بحینہ اُسکی ماں ہے۔ اسی طرح مجھے اسحاق بن منصور نے علی بن مدینی سے خبر دی ہے۔ کہا ابو عیسےٰ نے اہل علم نے سجدہ سہو مین اختلاف کیا ہے کہ کب آدمی سجدہ کرے کیا قبل سلام کے یا بعد اُسکے۔ سو بعض کا مذہب ہے کہ بعد سلام کے سجدہ کرے۔ اور یہ قول ہے سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا۔ اور کہا بعض نے قبل سلام کے سجدہ کرے۔ اور یہ قول ہے اکثر فقہاء اہل مدینہ کا۔ مثل یحییٰ بن سعید اور ربیعہ وغیرہ کے اور یہی کہتا ہے امام شافعی اور کہا بعض نے جب نماز مین کچھ زیادہ واقع ہو تو بعد سلام کے سجدہ کرے۔ اور جب کوئی نقصان واقع ہو تو قبل سلام کے۔ اور یہ قول ہے مالک بن انس کا۔ اور کہا امام احمد نے جو روایت نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم سے سجدہ سہو مین مروی ہے۔ پس ہر ایک اپنی جگہہ پر استعمال کیجائے یعنے جب دو رکعتون مین کھڑا ہو موافق حدیث ابن بحینہ کے تو وہ قبل سلام کے سجدے کرے۔ اور جب ظہر کی نماز پانچ رکعت پڑھ لے تو وہ سجدے بعد سلام کے کرے۔ اور جب ظہر اور عصر کی دو رکعتون مین سلام پھیرے تو وہ سجدے بعد سلام کے کرے اور ہر ایک حدیث کو اپنی جگہہ پر استعمال کرے۔ اور جس سہو مین نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم سے اُسمین ذکر نہین ہے تو سجدے سہو کے اسمین قبل سلام کے ہین۔ اور کہا اسحاق نے اس تمام مسئلہ مین مثل قول امام احمد کے۔ مگر یہ کہ کہا اُسنے ہر سہو کہ جس کا ذکر نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے نہین۔ پس اگر وہ سہو نماز مین کچھ زیادتی ہے تو وہ سجدے سہو کے بعد سلام کے کرے۔ اور اگر کچھ نقصان ہو تو وہ سجدے قبل سلام کے کرے۔

باب اس بیان مین کہ سجدے سہو کے بعد سلام اور کلام[1] کے ہین۔

حدیث کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث کی ہم سے عبدالرحمان بن مہدی نے کہا حدیث کی ہم سے شعبہ نے حکم سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے علقمہ سے اُسنے عبداللہ بن مسعود سے یہ کہ نبی صلّے اللہ علیہ وسلّم نے نماز ظہر کی پانچ رکعتین پڑھین۔ پس آپ سے کسی نے کہا کیا نماز مین کچھ زیادتی ہوگئی ہے۔ یا آپ بھول گئے ہین پھر آپ نے بعد سلام پھیرنے کے دو سجدے کیے۔ کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد اور محمود بن غیلان نے کہا دونون نے حدیث کی ہم سے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے علقمہ سے اُسنے عبداللہ سے یہ کہ نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم نے بعد کلام کے دو سجدے کیے۔ اور اس باب مین روایت ہے معاویہ اور عبداللہ بن جعفر اور ابوہریرہ سے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے ہشام بن حسان سے اُسنے محمد بن سیرین سے اُسنے ابوہریرہ سے یہ کہ نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم نے دونون سجدے بعد سلام کے کیے

---

[1] کلام سے وہ کلام ہے جو سہو سے ہو یعنی نمازی کے گمان مین یہ تھی کہ نماز تمام ہو چکی ہے حالانکہ واقع مین اُسکی نماز کا کچھ حصہ باقی رہتا ہو اور قرینہ اس معنی پر خود قصہ حدیث کا ہی اور جنے یہ سمجھا ہے کہ مراد کلام سے وہ کلام ہی جو عمداً کسی حاجت کے واسطے ہو اُسنے خطا کیا ہے فافہم ۱۲

قال ابو عیسیٰ هذا حدیث حسن صحیح و قد رواه ایوب وغیر واحد عن ابن سیرین وحدیث ابن مسعود حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند بعض اهل العلم قالوا اذا صلی الرجل الظهر خمسا فصلاته جائزة و سجد سجدتی السهو وان لم یجلس فی الرابعة وهو قول الشافعی واحمد واسحاق وقال بعضهم اذا صلی الظهر خمسا ولم یقعد فی الرابعة مقدار التشهد فسدت صلوته وهو قول سفیان الثوری وبعض اهل الکوفة **باب** ماجاء فی التشهد فی سجدتی السهو **حدثنا** محمد بن یحیی نا محمد بن عبد الله الانصاری قال اخبرنی اشعث عن ابن سیرین عن خالد الحذاء عن ابی قلابة عن ابی المهلب عن عمران بن حصین ان النبی صلی الله علیه وسلم صلی بهم فسهی فسجد سجدتین ثم تشهد ثم سلم **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن غریب وروی ابن سیرین عن ابی المهلب وهو عم ابی قلابة غیر هذا الحدیث وروی محمد هذا الحدیث عن خالد الحذاء عن ابی قلابة عن ابی المهلب وابو المهلب اسمه عبد الرحمن بن عمرو ویقال ایضا معاویة ابن عمرو وقد روی عبد الوهاب الثقفی وهشیم وغیر واحد هذا الحدیث عن خالد الحذاء عن ابی قلابة بطوله وهو حدیث عمران بن حصین ان النبی صلی الله علیه وسلم فی ثلاث رکعات من العصر فقام رجل یقال له الخرباق واختلف اهل العلم فی التشهد فی سجدتی السهو فقال بعضهم یتشهد فیهما ویسلم وقال بعضهم لیس فیهما تشهد وتسلیم واذا سجدهما قبل التسلیم لم یتشهد وهو قول احمد واسحاق قالا اذا سجد سجدتی السهو قبل السلام لم یتشهد **باب** فیمن یشك فی الزیادة والنقصان **حدثنا** احمد بن منیع نا اسماعیل بن ابراهیم نا هشام الدستوائی عن یحیی ابن ابی کثیر عن عیاض بن هلال قال قلت لابی سعید احدنا یصلی فلا یدری کیف صلی فقال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا صلی احدکم فلم یدر کیف صلی فلیسجد سجدتین وهو جالس وفی الباب عن عثمان و ابن مسعود وعائشة وابی هریرة **قال** ابو عیسی حدیث ابی سعید حدیث حسن وقد روی هذا الحدیث عن ابی سعید من غیر هذا الوجه وروی عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال اذا شك احدکم فی الواحدة والثنتین فلیجعلها واحدة

کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کیا ہے اسکو ایوب اور کئی اور لوگوں نے ابن سیرین سے۔ اور حدیث ابن مسعود کی حسن صحیح ہے اور عمل بعض اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے کہا انھوں نے جب کوئی مرد ظہر کی نماز پانچ رکعتیں پڑھے تو نماز اُسکی جائز ہے اور سہو کے دو سجدے کرے اگرچہ چوتھی رکعت میں نہ بیٹھے اور یہ قول ہے امام شافعی اور احمد اور اسحاق کا اور کہا بعض نے جب ظہر کی پانچ رکعتیں پڑھے چوتھی رکعت میں مقدار تشہد کے نہ بیٹھے تو نماز اُسکی فاسد ہو جاتی ہے اور یہ قول ہے سفیان ثوری اور بعض اہل کوفہ کا۔ **باب** سہو کے سجدوں میں تشہد کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحییٰ نے کہا حدیث کی ہم سے محمد بن عبد اللہ انصاری نے کہا خبر دی مجھے اشعث نے ابن سیرین سے اُسنے خالد حذاء سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے ابی المہلب سے اُسنے عمران بن حصین سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو نماز پڑھائی اور بھول گئے پس سجدے سہو کے کیے پھر تشہد پڑھا پھر سلام پھیرا کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور روایت کی ہے ابن سیرین نے ابی المہلب سے (اور یہ ابی قلابہ کا چچا ہے) سوا اس حدیث کے اور روایت کی ہے یہ حدیث محمد نے خالد الحذاء سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے ابی المہلب سے اور ابو المہلب کا نام عبد الرحمٰن بن عمرو ہے اور اسکو معاویہ بن عمرو بھی کہا جاتا ہے اور روایت کی ہے یہ حدیث عبد الوہاب ثقفی اور ہشیم اور کئی اور لوگوں نے خالد خذاء سے اُسنے ابی قلابہ سے طوالت سے۔ اور وہ حدیث عمران بن حصین کی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی تیسری رکعت میں تھے اور ایک مرد کھڑا ہوا جسکا نام خرباق تھا۔ اور اہل علم نے سہو کے سجدوں میں تشہد کا اختلاف کیا ہے۔ پس کہا بعض نے انمیں تشہد پڑھے اور سلام پھیرے اور کہا بعض نے انمیں تشہد اور سلام نہیں ہے۔ اور جب قبل سلام کے سجدے کرے تو تشہد نہ بیٹھے اور یہ قول امام احمد اور اسحٰق کا ہے کہا ان دونوں نے جب سلام سے پہلے سجدے سہو کے کرے تو تشہد میں نہ بیٹھے **باب** اُس شخص کے بیان میں جسکو زیادتی اور نقصان میں شک ہو **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم نے کہا حدیث کی ہمسے ہشام دستوائی نے یحییٰ بن ابی کثیر سے اُسنے عیاض بن ہلال سے کہا اُسنے میں نے ابی سعید سے کہا کوئی شخص ہم میں سے نماز پڑھتا ہے تو نہیں جانتا کہ کسقدر اُسنے نماز پڑھی ہے پس کہا اُسنے فرمایا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کوئی تم میں سے نماز پڑھے اور نہ جانے کہ کسقدر اُسنے پڑھی ہے تو چاہیے کہ دو سجدے کرے اُس حالت میں کہ بیٹھا ہوا ہو۔ اور اس باب میں روایت ہے عثمان اور ابن مسعود اور عائشہ اور ابو ہریرہ سے کہا ابو عیسےٰ نے حدیث ابی سعید کی حسن ہے۔ اور یہ حدیث ابی سعید سے سوا اس وجہ کے بھی مروی ہے۔ اور مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے کہ جب کوئی تم میں سے ایک اور دو میں شک کرے تو اسکو ایک ہی

واذا شك فی الاثنتین والثلاث فلیجعلها اثنتین ویسجد فی ذلك سجدتین قبل ان یسلم والعمل علی هذا عند اصحابنا وقال بعض اهل العلم اذا شك فی صلاته فلم یدر كم صلی فلیعد **حدثنا** قتیبة نا اللیث عن ابن شهاب عن ابی سلمة عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الشیطان یاتی احدكم فی صلوته فیلبس علیه حتی لا یدری كم صلی فاذا وجد ذلك احدكم فلیسجد سجدتین وهو جالس **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن خالد بن عثمة نا ابرهیم بن سعد قال حدثنی محمد بن اسحاق عن مكحول عن كریب عن ابن عباس عن عبد الرحمن بن عوف قال سمعت النبی صلی الله علیه وسلم یقول اذا سهی احدكم فی صلاته فلم یدر واحدة صلی او ثنتین فلیبن علی واحدة فان لم یدر ثنتین صلی او ثلاثا فلیبن علی ثنتین فان لم یدر ثلاثا صلی او اربعا فلیبن علی ثلاث ولیسجد سجدتین قبل ان یسلم **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وقد روی هذا الحدیث عن عبد الرحمن بن عوف من غیر هذا الوجه رواه الزهری عن عبید الله بن عبد الله بن عتبة عن ابن عباس عن عبد الرحمن بن عوف عن النبی صلی الله علیه وسلم **باب** ما جاء فی الرجل یسلم فی الركعتین من الظهر والعصر **حدثنا** الانصاری نا معن نا مالك عن ایوب بن ابی تمیمة وهو السختیانی عن محمد بن سیرین عن ابی هریرة ان النبی صلی الله علیه وسلم انصرف من اثنتین فقال له ذو الیدین اقصرت الصلوة ام نسیت یا رسول الله فقال النبی صلی الله علیه وسلم اصدق ذو الیدین فقال الناس نعم فقام رسول الله صلی الله علیه وسلم فصلی اثنتین اخریین ثم سلم ثم كبر فسجد مثل سجوده او اطول ثم كبر فرفع ثم سجد مثل سجوده او اطول وفی الباب عن عمران بن حصین وابن عمر وذی الیدین

اور جب دو اور تین میں شک کرے تو اسکو دو بنالے اور اس صورت میں سلام سے پہلے دو سجدے کرے اور عمل ہمارے اصحاب کے نزدیک اسی پر ہے۔ اور کہا بعض اہل علم نے جب کوئی اپنی نماز میں شک کرے پس نہ جانے کہ کسقدر اُسنے نماز پڑہی ہو تو چاہیے کہ اعادہ کرے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے کہ بیشک شیطان ایک تمہارے کے پاس نماز کی حالت مین آتا ہے پس اُسپر دہوکا ڈال دیتا ہے یہانتک کہ وہ نہین جانتا کہ کسقدر نماز پڑہی ہے تو جسکو ایسا دہوکا پڑے تو چاہیے کہ وہ بیٹھے بیٹھے دو سجدے کرے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن خالد بن عثمہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابراہیم بن سعد نے کہا حدیث کی مجھسے محمد بن اسحٰق نے مکحول سے اُسنے کریب سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے عبد الرحمٰن بن عوف سے کہا اُسنے سُنا مینے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم سے کہ فرماتے جب کوئی تم مین سے اپنی نماز مین بھول جائے پس اُسکو یاد نہو کہ ایک رکعت پڑہی ہے یا دو تو ایک پر بنا کرے اور اگر نہ یاد ہو اُسکو کہ دو رکعت پڑہی ہین یا تین تو دو پر بنا کرے۔ اور اگر اُسکو یاد نہو کہ تین پڑہی ہین یا چار تو تین پر بنا کرے اور سلام پھیرنے سے پہلے دو سجدے سہو کے کرے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ حدیث عبد الرحمٰن بن عوف سے سوائے اسوجہ کے بھی روایت کی گئی ہے، روایت کیا اسکو زہری نے عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے عبد الرحمٰن بن عوف سے اُسنے نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم سے **باب** اس بیان مین کہ آدمی ظہر اور عصر کی دو رکعتوں مین سلام پھیرے **حدیث** کی ہمسے انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے مالک سے اُسنے ایوب بن ابی تمیمہ سے اور وہ سختیانی ہے محمد بن سیرین سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم دو رکعت پڑھکر پھر گئے تو آپ کو ذو الیدین نے کہا کیا نماز کم ہوگئی ہے یا آپ بھول گئے ہین یا رسول اللہ پس فرمایا نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم نے کیا ذو الیدین سچ کہتا ہے سو کہا لوگون نے ہان۔ پس رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کھڑے ہوئے اور دوسری دو رکعتین پڑہین پھر سلام پھیرا پھر تکبیر کہی اور سجدہ کیا مثل اول سجدون کے یا لمبا پھر آپ نے تکبیر کہی اور سجدہ سے سر اُٹھایا پھر سجدہ کیا مثل اول سجدون کے یا لمبا۔ اور اس باب مین روایت ہے عمران بن حصین اور ابن عمر اور ذی الیدین سے

لہ یعنی یقین پر بنا کرے خواہ ایک یا دو مین شک یا دو اور تین مین یا تین اور چار مین اور یہی مذہب ہے امام ابو حنیفہ کا کہ اس باب مین تین قسم کی حدیثین مروی ہین ایک یہ کہ جب کسی کو شک ہو تو نئے سرے شروع کرے دوسرے شک ہو تو تحری کرے یعنی جانب صواب کا یقین کرے خواہ کسی طرف ہو قلت کی یا کثرت کی تیسرے یہ کہ یقین پر بنا کرے پس امام ابو حنیفہ نے ان احادیث مین اسطرح مطابقت بیان فرمائی ہے کہ اول حدیث اُس شخص کی حق مین ہے جسکو پہلی مرتبہ ہی شک واقع ہوا ہو اور دوسری اُس صورت مین کہ جب اُسکو ایک جانب کی تحری واقع ہو اور تیسری اُس صورت مین کہ جب اُسکو تحری واقع نہو

قال ابو عيسى وحديث ابى هريرة حديث حسن صحيح واختلف اهل العلم فى هذا الحديث فقال بعض اهل الكوفة اذا تكلم فى الصلوة ناسيا او جاهلا او ما كان فانه يعيد الصلوة واعتلوا بان هذا الحديث كان قبل تحريم الكلام فى الصلوة واما الشافعى فراى هذا حديثا صحيحا فقال به وقال هذا اصح من الحديث الذى روى عن النبى صلى الله عليه وسلم فى الصائم اذا اكل ناسيا فانه لا يقضى وانما هو رزق رزقه الله قال الشافعى وفرق هؤلاء بين العمد والنسيان فى اكل الصائم لحديث ابى هريرة قال احمد فى حديث ابى هريرة ان تكلم الامام فى شئ من صلاته وهو يرى انه قد اكملها ثم علم انه لم يكملها يتم صلوته ومن تكلم خلف الامام وهو يعلم ان عليه بقية من الصلوة فعليه ان يستقبلها واحتج بان الفرائض كانت تزاد وتنقص على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فانما تكلم ذو اليدين وهو على يقين من صلاته انها تمت وليس هكذا اليوم ليس لاحد ان يتكلم على معنى ما تكلم ذو اليدين لان الفرائض اليوم لا يزاد فيها ولا ينقص قال احمد نحوا من هذا الكلام وقال اسحاق نحو قول احمد فى هذا الباب **باب** ماجاء فى الصلوة فى النعال **حدثنا** على بن حجر نا اسماعيل بن ابراهيم عن سعيد بن يزيد ابى سلمة قال قلت لانس بن مالك اكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصلى فى نعليه قال نعم وفى الباب عن عبد الله بن مسعود وعبد الله بن ابى حبيبة وعبد الله بن عمرو وعمرو بن حريث وشداد بن اوس واوس الثقفى وابى هريرة وعطاء رجل من بنى شيبة **قال** ابو عيسى حديث انس حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اهل العلم **باب** ماجاء فى القنوت فى صلوة الفجر **حدثنا** قتيبة ومحمد بن المثنى قالا نا محمد بن جعفر عن شعبة عن عمرو ابن مرة عن ابن ابى ليلى عن البراء بن عازب ان النبى صلى الله عليه وسلم

کہا ابو عیسےٰ نے اور حدیث ابی ہریرہ کی حسن صحیح ہے۔ اور اہل علم نے اس حدیث مین اختلاف کیا ہے پس کہا بعض اہل کوفہ نے جب کوئی شخص نماز مین بھولکر یا جہالت سے یا جسطرح سے ہو کلام کرے تو وہ نماز کا اعادہ کرے اور علت انہون نے یہ بیان کی ہے کہ یہ حدیث نماز مین کلام حرام ہونے سے پہلے کی ہے اور امام شافعی نے اس حدیث کو صحیح جانا ہے اور اسی کے ساتھ قائل ہوا ہے۔ اور کہا ہے کہ یہ حدیث بہت صحیح ہے اُس حدیث سے جو روزہ دار کے حق مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ جب کوئی شخص بھولکر کھالیوے تو وہ روزہ قضا نہ کرے اور بیشک وہ ایسا رزق ہے کہ اسکو اللہ تعالےٰ نے کھلایا ہے۔ کہا امام شافعی نے اور ان لوگون نے روزہ دار کے حق مین نسیان اور عمد مین ابو ہریرہ کی حدیث مین فرق کیا ہے۔ کہا امام احمد نے ابی ہریرہ کی حدیث کے حق مین۔ اگر امام اپنی نماز کے کسی حصہ مین کلام کرے اُسی حالت مین کہ وہ جانتا ہو کہ اُسنے نماز کو پورا کر لیا ہے پھر اُسکو معلوم ہوا کہ میںنے ابھی نماز کو پورا نہین کیا تو وہ اپنی نماز کو تمام کرے۔ اور جو شخص امام کے پیچھے کلام کرے اُس حالت مین کہ جانتا ہو کہ اسپر کچھ نماز باقی رہتی ہے تو اُسکو لازم ہے کہ اُس نماز کو نئے سر سے شروع کرے۔ اور اُسنے اس سے دلیل پکڑی ہے کہ فرائض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین زیادہ اور کم ہوا کرتے تھے۔ پس ذو الیدین نے تو اس وجہ سے کلام کیا ہے کہ اُسکو اپنی نماز کا یقین تھا کہ تمام ہو گئی ہے۔ اور آج کے دن کسی کو جائز نہین کہ ذو الیدین کی طرح کلام کرے۔ کیونکہ فرائض آچکے دن نہ زیادہ ہوتے ہین اور نہ کم۔ امام احمد نے اسی کے قریب کہا ہے۔ اور کہا اسحاق نے اس مسئلہ مین مثل قول امام احمد کے۔ **باب** جوتون مین نماز پڑھنے کے بیان مین **حدیث** کی ہے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسماعیل بن ابراہیم نے سعید بن یزید ابی سلمہ سے کہا اُسنے مینے انس بن مالک سے کہا کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی جوتیون مین نماز پڑھا کرتے تھے۔ کہا اُسنے ہان۔ اور اس باب مین روایت ہے عبد اللہ بن مسعود اور عبد اللہ بن ابی حبیبہ اور عبد اللہ بن عمر اور عمرو بن حریث اور شداد بن اوس اور اوس ثقفی اور ابی ہریرہ اور عطا سے جو ایک مرد ہے بنی شیبہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسےٰ نے حدیث انس کی حسن صحیح ہے اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے۔ **باب** فجر کی نماز مین قنوت کے بیان مین۔ **حدیث** کی ہم سے قتیبہ اور محمد بن مثنیٰ نے کہا دونون نے حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے شعبہ سے اُسنے عمرو بن مرہ سے اُسنے ابن ابی لیلیٰ سے اُسنے براء بن عازب سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم

كان يقنت في صلوة الصبح والمغرب وفي الباب عن علي وانس وابي هريرة وابن عباس وخفاف بن ايماء بن رحضة الغفاري قال ابو عيسى حديث البراء حديث حسن صحيح و اختلف اهل العلم في القنوت في صلوة الفجر فراى بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم القنوت في صلوة الفجر وهو قول الشافعي وقال احمد واسحاق لا يقنت في الفجر الا عند نازلة تنزل بالمسلمين فاذا نزلت نازلة فللامام ان يدعو لجيوش المسلمين **باب** في ترك القنوت **حدثنا** احمد بن منيع نا يزيد بن هارون عن ابي مالك الاشجعي قال قلت لابي يا ابت انك قد صليت خلف رسول الله صلى الله عليه وسلم وابي بكر وعمر وعثمان وعلي بن ابي طالب ههنا بالكوفة نحوا من خمس سنين اكانوا يقنتون قال اي بني محدث **حدثنا** صالح بن عبد الله نا ابو عوانة عن ابي مالك الاشجعي بهذا الاسناد نحوه بمعناه **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح والعمل عليه عند اكثر اهل العلم وقال سفيان الثوري ان قنت في الفجر فحسن وان لم يقنت فحسن واختار ان لا يقنت ولم ير ابن المبارك القنوت في الفجر **قال** ابو عيسى وابو مالك الاشجعي اسمه سعد بن طارق بن اشيم **باب** ما جاء في الرجل يعطس في الصلوة **حدثنا** قتيبة نا رفاعة بن يحيى بن عبد الله بن رفاعة بن رافع الزرقي عن عم ابيه معاذ بن رفاعة عن ابيه قال صليت خلف رسول الله صلى الله عليه وسلم فعطست فقلت الحمد لله حمدا كثيرا طيبا مباركا فيه مباركا عليه كما يحب ربنا ويرضى.

صبح اور مغرب کی نماز میں قنوت پڑھتے تھے۔ اور اس باب میں روایت ہے علی اور انس اور ابی ہریرہ اور ابن عباس اور خفاف بن ایما بن رحضہ غفاری سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث براء کی حسن صحیح ہے۔ اور اہل علم نے فجر کی نماز میں قنوت کے مسئلہ میں اختلاف کیا ہے۔ پس اہل علم کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے یہ مذہب ہے کہ فجر کی نماز میں قنوت ثابت ہے۔ اور یہ قول ہے امام شافعی کا اور کہا امام احمد اور اسحاق نے فجر کی نماز میں قنوت نہ پڑھی جاوے۔ مگر وقت نازل ہونے کسی حادثہ کے ساتھ مسلمانوں کے۔ پس جب کوئی حادثہ نازل ہو تو امام کو چاہیے کہ مسلمانوں کے لشکر کے ساتھ مل کر دعا مانگے **باب** قنوت کے ترک کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے یزید بن ہارون نے ابی مالک اشجعی سے کہا اُس نے میں نے اپنے باپ سے کہا اے میرے باپ تو نے پیچھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابو بکر اور عمر اور عثمان کے اور پیچھے حضرت علی بن ابی طالب کے اسجگہہ کوفہ میں تقریبًا پانچ سال نماز پڑھی ہے۔ کیا یہ سب قنوت پڑھتے تھے کہا اُس نے اے میرے بیٹے یہ بدعت ہے یعنی ہمیشہ پڑھنا بلا کسی حادثہ کے **حدیث** کی ہم سے صالح بن عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہم سے ابو عوانہ نے ابی مالک اشجعی سے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اکثر اہل علم کے نزدیک عمل اسی پر ہے اور کہا سفیان ثوری نے اگر فجر کی نماز میں قنوت پڑھے تو بہتر ہے اور اگر نہ پڑھے تو بھی بہتر ہے اور مختار اُسکے نزدیک یہ ہے کہ قنوت نہ پڑھے۔ اور ابن مبارک فجر کی نماز میں قنوت جائز نہیں رکھتا۔ کہا ابو عیسیٰ نے اور ابو مالک اشجعی کا نام سعد بن طارق بن اشیم ہے۔ **باب** نماز میں آدمی کے چھینک لینے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے رفاعہ بن یحییٰ بن عبد اللہ بن رفاعہ بن رافع زرقی نے اپنے باپ کے چچا معاذ بن رفاعہ سے اُس نے اپنے باپ سے کہا اُس نے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز پڑھی پس میں نے چھینک لی اور کہا الحمد للہ حمدا کثیرا طیبا مبارکا فیہ مبارکا علیہ کما یحب ربنا ویرضی

۱؎ وتروں کی تیسری رکعت میں قبل رکوع کے قنوت پڑھنا دائمًا ابو حنیفہ رح کے نزدیک مطلب تھی اور امام شافعی کے نزدیک نماز صبح کی دوسری رکعت میں بعد رکوع کے دائمًا قنوت کا پڑھنا سنت ہے امام ابو حنیفہ کے دلیل یہ حدیث تھی جو ابن ماجہ میں مذکور ہے عن ابی بن کعب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یوتر ویقنت قبل الرکوع الخ امام احمد نے فرمایا ہے میرے نزدیک قنوت بعد رکوع کے مختار ہے کیونکہ قنوت آنحضرت سے فقط فجر کی نماز میں ثابت ہوا ہے وہ بھی اسوقت جبکہ رکوع سے سر اُٹھاتے تھے اور فرمایا امام احمد نے وتروں میں قبل رکوع کے اور نہ بعد رکوع کے قنوت ثابت ہوا ہے مترجم کہتا ہے امام احمد وغیرہ کے کلام معلوم ہوتا ہے کہ حدیث ابن ماجہ کی قابل سند نہیں ہے یہ بر تقدیر ثبوت اس حدیث کے وجوب اور دوام اس حدیث سے ثابت نہیں ہوتا۔ کیونکہ ثابت ہو چکا ہے کہ لفظ کان کا دوام پر دلالت نہیں کرتا اور فجر کی نماز میں بعد رکوع کے ایک مہینہ قنوت آنحضرت نے پڑھی ہے اور اسکے ترک میں ہمیشہ آنحضرت کے یہ طریق ثابت نہیں کیونکہ یہ بات محال ہے کہ آنحضرت ہر صبح کی نماز میں رکوع کے فوت ہونے تک بلند آواز سے یہ دعا پڑھتے ہوں اللھم اھدنی فیمن ہدیت وتولنی فیمن تولیت آہ۔ اور مقتدی آمین کہتے ہوں اور پھر یہ امر تمام امت کو معلوم نہ ہو بلکہ اکثر امت اسکو ضعیف کہتی ہو حتی کہ بعض نے کہا ہے کہ یہ بدعت ہے جیسا کہ حدیث سعید ملکی کی جو اہلسنت نے روایت کی ہے اسپر دلالت کرتی ہے بات یہ ہے کہ آنحضرت نے قنوت کو پڑھا بھی ہے اور ترک بھی کیا ہے اور کبھی بلند آواز سے پڑھا ہے اور کبھی آہستہ آہستہ پڑھا۔ اور آہستہ پڑھنا جہر سے بہت مرتبہ ہوا ہے اور ترک کرنا قنوت کا اکثر پڑھنے سے اور فقط آنحضرت نے وقت حادثہ کے پڑھی ہے یا دعا کے لیے یا بددعا کے لیے پس جب وہ فیصلہ ہو جاتا قنوت بھی دور کر دیتے اور جب ضرورت ہوتی تو تمام نمازوں میں پڑھتے جیسا کہ روایت انس اور ابن عباس کی جو امام احمد نے روایت کی ہے دلالت کرتی ہے خلاصہ زاد المعاد

فلما صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصرف فقال من المتکلم فی الصلوۃ فلم یتکلم احد ثم قالہا الثانیۃ من المتکلم فی الصلوۃ فلم یتکلم احد ثم قالہا الثالثۃ من المتکلم فی الصلوۃ فقال رفاعۃ ابن رافع بن عفراء انا یا رسول اللہ قال کیف قلت قال قلت الحمد للہ حمدا کثیرا طیبا مبارکا فیہ مبارکا علیہ کما یحب ربنا ویرضی فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم والذی نفسی بیدہ لقد ابتدرھا بضعۃ وثلاثون ملکا ایہم یصعد بہا وفی الباب عن انس ووائل بن حجر وعامر بن ربیعۃ **قال** ابو عیسی حدیث رفاعۃ حدیث حسن وکان ھذا الحدیث عند بعض اہل العلم انہ فی التطوع لان غیر واحد من التابعین قالوا اذا عطس الرجل فی الصلوۃ المکتوبۃ انما یحمد اللہ فی نفسہ ولم یوسعوا باکثر من ذلک **باب** فی نسخ الکلام فی الصلوۃ **حدثنا** احمد بن منیع نا ھشیم انا ابی اسماعیل بن ابی خالد عن الحارث بن شبیل عن ابی عمرو الشیبانی عن زید بن ارقم قال کنا نتکلم خلف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الصلوۃ یکلم الرجل منا صاحبہ الی جنبہ حتی نزلت وقوموا للہ قانتین فامرنا بالسکوت ونہینا عن الکلام وفی الباب عن ابن مسعود ومعاویۃ بن الحکم **قال** ابو عیسی حدیث زید بن ارقم حدیث حسن صحیح والعمل علیہ عند اکثر اہل العلم قالوا اذا تکلم الرجل عامدا فی الصلوۃ او ناسیا اعاد الصلوۃ وھو قول الثوری وابن المبارک وقال بعضہم اذا تکلم عامدا فی الصلوۃ اعاد الصلوۃ وان کان ناسیا او جاہلا اجزاہ وبہ یقول الشافعی **باب** ما جاء فی الصلوۃ عند التوبۃ **حدثنا** قتیبۃ نا ابو عوانۃ عن عثمان بن المغیرۃ عن علی ابن ربیعۃ عن اسماء بن الحکم الفزاری قال سمعت علیا یقول انی کنت رجلا اذا سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حدیثا نفعنی اللہ منہ بما شاء ان ینفعنی بہ واذا حدثنی رجل من اصحابہ استحلفتہ فاذا حلف لی صدقتہ وانہ حدثنی ابو بکر

سو جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھکر فارغ ہو چکے تو فرمایا نماز مین کلام کرنے والا کون شخص تھا۔ پس کوئی نہ بولا۔ پھر آپ نے دوسری مرتبہ فرمایا نماز مین کلام کرنے والا کون شخص تھا تو بھی کوئی نہ بولا۔ پھر آپ نے تیسری بار فرمایا نماز مین کلام کرنے والا کون شخص تھا۔ سو کہا رفاعہ بن رافع بن عفرا نے مین ہون یا رسول اللہ۔ فرمایا آپ نے تو نے کس طرح کہا تھا کہا اُسنے مینے کہا الحمد للہ حمدًا کثیرًا طیبًا مبارکًا فیہ مبارکًا علیہ کما یحب ربنا ویرضی پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم ہے اُس ذات کی جسکے ہاتھ مین میری جان ہے البتہ تیس اور چند فرشتون نے اُسکے لینے مین جلدی کی ہے کہ کونسا انکو اوپر لیے چڑھتا ہے۔ اور اس باب مین روایت ہے انس اور وائل بن حجر اور عامر بن ربیعہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث رفاعہ کی حسن ہے اور گویا یہ حدیث بعض اہل علم کے نزدیک نفلون مین ہے کیونکہ کئی ایک تابعین نے کہا ہے کہ جب کوئی مرد نماز فرضی مین چھینک لے تو فقط اپنے دل مین اللہ کی حمد ہی کرے اور انہون نے اِس سے زیادہ کی گنجائش نہین دی **باب** نماز مین کلام کے منسوخ ہونیکے بیان مین **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے ہشیم نے کہا خبر دی ہمکو اسمٰعیل بن ابی خالد نے حارث بن شبیل سے اُسنے ابن عمرو شیبانی سے اُسنے زید بن ارقم سے کہا اُسنے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیچھے نماز مین کلام کیا کرتے تھے ہم مین سے ایک آدمی اپنے صاحب کے ساتھ جو اُسکے پہلو کی طرف ہوتا کلام کرلیتا تاکہ یہ آیت نازل ہوئی وقوموا للہ الخ یعنے اللہ کے واسطے عاجزی سے کھڑے ہو۔ پس ہمکو چپ کرنے کا حکم دیا گیا اور کلام سے منع کیے گئے۔ اور اِس باب مین روایت ہے ابن مسعود اور معاویہ بن حکم سے۔ کہا ابو عیسیٰ نے حدیث زید بن ارقم کی حسن صحیح ہے اور عمل اکثر اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے کہ کہا انہون نے جب آدمی عمدًا بھولکر نماز مین کلام کرے تو نماز کا اعادہ کرے اور یہ قول ہے سفیان ثوری اور ابن مبارک کا۔ اور کہا بعض نے کہ جب عمدًا نماز مین کلام کرے تو نماز کا اعادہ کرے اور اگر بھولکر یا جہالت سے کری تو اُسکو وہی نماز کافی ہوجاتی ہے۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے شافعی۔ **باب** توبہ کے وقت نماز کے بیان مین **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے عثمان بن مغیرہ سے اُسنے علی بن ربیعہ سے اُسنے اسماء بن حکم فزاری سے کہا اُسنے سُنا مینے علی سے کہ کہتا مین ایسا تھا کہ جب کوئی حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنتا تو مجھے اللہ تعالیٰ اُسکے ساتھ جسطرح اُسکی مرضی نفع دینے کی ہوتی نفع دیتا اور جب کوئی مرد آنحضرت کے اصحاب سے مجھے حدیث کرتا تو مین اُس سے قسم لے لیتا پس جب وہ قسم کرجاتا تو مین اُسکی تصدیق کرلیتا۔ اور مجھے حضرت ابوبکر نے حدیث کی ہے

وصدق ابوبكر قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول مامن رجل يذنب ذنبا ثم يقوم فيتطهر ثم يصلى ثم يستغفر الله الا غفر الله له
ثم قرأ هذه الاية والذين اذا فعلوا فاحشة او ظلموا انفسهم ذكروا الله الى اخر الاية وفى الباب عن ابن مسعود وابى الدرداء وانس و
ابى امامة ومعاذ وواثلة وابى اليسر واسمه كعب بن عمرو قال ابوعيسى حديث على حديث حسن لا نعرفه الا من هذا الوجه من حديث
عثمان بن المغيرة وروى عنه شعبة وغير واحد فرفعوه مثل حديث ابى عوانة ورواه سفيان الثورى ومسعر فاوقفاه ولم يرفعاه الى النبى صلى
الله عليه وسلم وقد روى عن مسعر هذا الحديث مرفوعا ايضا **باب** ما جاء متى يؤمر الصبى بالصلوة **حدثنا** على بن حجر انا حرملة بن
عبد العزيز بن الربيع بن سبرة الجهنى عن عمه عبد الملك بن الربيع بن سبرة عن ابيه عن جده قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم علموا
الصبى الصلوة ابن سبع سنين واضربوه عليها ابن عشرة وفى الباب عن عبد الله بن عمرو **قال** ابوعيسى حديث سبرة بن معبد الجهنى
حديث حسن صحيح وعليه العمل عند بعض اهل العلم وبه يقول احمد واسحاق وقالا ما ترك الغلام بعد عشر من الصلوة فانه يعيد **قال**
ابوعيسى وسبرة هو ابن معبد الجهنى ويقال هو ابن عوسجة **باب** ما جاء فى الرجل يحدث بعد التشهد **حدثنا** احمد بن محمد نا
ابن المبارك انا عبد الرحمن بن زياد بن انعم ان عبد الرحمن بن رافع وبكر بن سوادة اخبراه عن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه
وسلم اذا احدث يعنى الرجل وقد جلس فى اخر صلاته قبل ان يسلم فقد جازت صلوته **قال** ابوعيسى هذا حديث ليس اسناده بالقوى
وقد اضطربوا فى اسناده وقد ذهب بعض اهل العلم الى هذا قالوا اذا جلس مقدار التشهد واحدث قبل ان يسلم فقد تمت صلوته وقال
بعض اهل العلم اذا احدث قبل ان يتشهد او قبل ان يسلم اعاد الصلوة وهو قول الشافعى وقال احمد اذا لم يتشهد وسلم اجزأه

اور سچ کہا ہے ابوبکر نے کہا انہوں نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے جو کوئی شخص کوئی گناہ کرتا ہے پھر کھڑا
ہوتا ہے اور پاک ہوتا ہے پھر نماز پڑھتا ہے پھر اللہ تعالے سے بخشش مانگتا ہے تو اللہ تعالے اسکے لیے بخشش کرتا ہے پھر اسنے
یہ آیت پڑھی والذین اذا فعلوا فاحشۃ یعنے جو لوگ جب کوئی بے حیائی کرتے ہیں یا اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں اللہ تعالے کو یاد کرتے ہیں الخ
اور اس باب میں روایت ہے ابن مسعود اور ابے الدرداء اور انس اور ابی امامہ اور معاذ اور واثلہ اور ابی الیسر سے اور نام اسکا
کعب بن عمرو ہے کہا ابو عیسےٰ نے حدیث علی کی حسن ہے ۔ ہم اسکو سوا اس وجہ کے جو عثمان بن مغیرہ سے ہے اور کسی وجہ سے نہیں
پہچانتے ۔ اور اس سے شعبہ اور کئی اور لوگوں نے بھی روایت کی ہے اور انہوں نے اسکو مثل حدیث ابی عوانہ کے مرفوع کیا ہے
اور روایت کیا ہے اسکو سفیان ثوری اور مسعر نے اور اسکو موقوف رکھا ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک مرفوع نہیں کیا اور مسعر
سے یہ حدیث مرفوعًا بھی مروی ہے ۔ **باب** اس بیان میں کہ لڑکے کو نماز کے ساتھ کیسا حکم کیا جاوے **حدیث** کی
ہے علی بن حجر نے کہا خبر دی ہمکو حرملہ بن عبد العزیز بن ربیع بن سبرہ جہنی نے اپنے چچا عبد الملک بن ربیع بن سبرہ سے انہوں نے اپنے
باپ سے انہوں نے اپنے دادا سے کہا انہوں نے فرمایا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سات برسوں کے لڑکوں کو نماز کا حکم کرو اور
اور دس برس کے لڑکوں کو اسپر مارو ۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہا ابو عیسےٰ نے حدیث سبرہ بن معبد
جہنی کی حسن صحیح ہے ۔ اور بعض اہل علم کا اسی پر عمل ہے ۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے احمد اور اسحاق ۔ اور کہا انہوں نے اگر لڑکا دس
برس کے بعد کوئی نماز ترک کرے تو اسکو اعادہ کرے کہا ابو عیسےٰ نے اور سبرہ وہ معبد جہنی کا بیٹا ہے اور کہا گیا ہے وہ
عوسجہ کا بیٹا ہے **باب** اس بیان میں کہ آدمی بعد تشہد کے بے وضو ہو جاوے **حدیث** کی ہے احمد بن محمد نے کہا حدیث
کی ہے ابن مبارک نے کہا خبر دی ہمکو عبد الرحمان بن زیاد بن انعم نے یہ کہ عبد الرحمان بن رافع اور بکر بن سوادہ نے اسکو
خبر دی ہے عبد اللہ بن عمرو سے کہ کہا انہوں نے فرمایا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کوئی شخص سلام پھیرنے سے پہلے
بے وضو ہو جاوے اس حالت میں کہ آخر نماز میں بیٹھا ہو تو اسکی نماز جائز ہو جاتی ہے کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث ایسی ہے کہ اسکی اسناد قوی نہیں اور
لوگ اسکی اسناد میں مضطرب ہوئے ہیں اور بعض اہل علم اسطرف گئے ہیں کہ کہا انہوں نے کہ جب کوئی شخص مقدار تشہد کے بیٹھ لے اور سلام پھیرنے
سے پہلے بے وضو ہو جاوے تو اسکی نماز تمام ہو جاتی ہے اور کہا بعض اہل علم نے کہ جب کوئی شخص تشہد بیٹھنے سے پہلے اور سلام پھیرنے سے پہلے بے وضو
ہو جاوے تو نماز کا اعادہ کرے اور یہ قول ہے امام شافعی کا اور کہا امام احمد نے جب تشہد نہ پڑھے اور سلام پھیر دے تو وہ نماز اسکو کافی ہو جاتی ہے

لقول النبی صلی اللہ علیہ وسلم وتحلیلها التسلیم والتشهد اهون قام النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی اثنتین فمضی فی صلوته ولم یتشهد وقال اسحق بن ابراهیم اذا تشهد ولم یسلم اجزاه واحتج بحدیث ابن مسعود حین علمه النبی صلی اللہ علیہ وسلم التشهد فقال اذا فرغت من هذا فقد قضیت ما علیك قال ابو عیسی وعبد الرحمن بن زیاد هو الافریقی وقد ضعفه بعض اهل الحدیث منهم یحیی بن سعید القطان واحمد بن حنبل **باب** ماجاء اذا کان المطر فالصلوة فی الرحال حدثنا ابو حفص عمرو بن علی نا ابو داود الطیالسی نا زهیر بن معاویة عن ابی الزبیر عن جابر قال کنا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر فاصابنا مطر فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم من شاء فلیصل فی رحله وفی الباب عن ابن عمر وسمرة وابی الملیح عن ابیه وعبد الرحمن بن سمرة قال ابو عیسی حدیث جابر حدیث حسن صحیح وقد رخص اهل العلم فی القعود عن الجماعة والجمعة فی المطر والطین وبه یقول احمد واسحاق قال سمعت ابا زرعة یقول روی عفان بن مسلم عن عمرو بن علی حدیثا وقال ابو زرعة لم ار بالبصرة احفظ من هؤلاء الثلاثة علی بن المدینی وابن الشاذکونی وعمرو بن علی وابو الملیح بن اسامة اسمه عامر ویقال زید بن اسامة بن عمیر الهذلی **باب** ماجاء فی التسبیح فی اثار الصلوة حدثنا اسحاق بن ابراهیم بن حبیب بن الشهید وعلی بن حجر قالا نا عتاب بن بشیر عن خصیف عن مجاهد وعکرمة عن ابن عباس قال جاء الفقراء الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقالوا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الاغنیاء یصلون کما نصلی ویصومون کما نصوم ولهم اموال یعتقون ویتصدقون قال فاذا صلیتم فقولوا سبحان اللہ ثلاثا وثلاثین مرة والحمد للہ ثلاثا وثلاثین مرة واللہ اکبر اربعا وثلاثین مرة ولا اله الا اللہ عشر مرات فانکم تدرکون به من سبقکم ولا یسبقکم من بعدکم

کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اور حلال کرنے والا نماز کا سلام ہے۔ اور تشہد بہت آسان ہے[1] نبی صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعتوں میں کھڑے ہو گئے پس اپنی نماز میں گذر گئے اور تشہد نہ بیٹھے اور کہا اسحاق بن ابراہیم نے جب کسی نے تشہد پڑھا اور سلام نہ پھیرا تو اسکو کافی ہو جائیگی اور اُسنے ابن مسعود کی حدیث سے حجت پکڑی ہے جبکہ اُسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تشہد سکھلایا۔ پس فرمایا آپ نے جب تو اس سے فارغ ہو چکا تو تو نے ادا کر دیا اس چیز کو جو تیرے اوپر لازم تھی کہا ابو عیسیٰ نے اور عبد الرحمان بن زیاد وہ افریقی ہے اور اُسکو بعض اہل حدیث نے ضعیف کیا ہے انہیں سے یحییٰ بن سعید القطان اور احمد بن حنبل ہیں۔ **باب** اس بیان میں کہ جب بارش ہو تو نماز گھروں میں ہے حدیث کی ہے ابو حفص یعنے عمرو بن علی نے کہا حدیث کی ہے ابو داؤد طیالسی نے کہا حدیث کی ہمسے زہیر بن معاویہ نے ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے کہا اُسنے ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے پس ہمکو بارش پہونچی سو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص چاہے اپنی منزل میں نماز پڑھے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور سمرہ سے اور ابی الملیح کی اپنے باپ سے اور عبد الرحمان بن سمرہ سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث جابر کی حسن صحیح ہے۔ اور اہل علم نے بارش اور کیچڑ میں جماعت اور جمعہ سے بیٹھنے کی رخصت دی ہے۔[2] اور ساتھ اسی کے کہتا ہے امام احمد اور اسحاق کہا اُسنے سنا میں نے ابا زرعہ سے کہ کہتا عفان بن مسلم نے عمرو بن علی سے روایت کی ہے۔ اور کہا ابو زرعہ نے میں نے بصرہ میں ان تین شخصوں سے کوئی زیادہ حافظ نہیں دیکھا علی بن مدینی اور ابن الشاذکونی اور عمرو بن علی۔ اور ابو الملیح بن اسامہ کا نام عامر ہے۔ اور کہا گیا ہے زید بن اسامہ بن عمیر ہذلی۔ **باب** نماز کے پیچھے تسبیح کے بیان میں حدیث کی ہے اسحاق بن ابراہیم بن حبیب بن شہید اور علی بن حجر نے کہا دونو نے حدیث کی ہے عتاب بن بشیر نے خصیف سے اُسنے مجاہد اور عکرمہ سے انہوں نے ابن عباس سے کہا اُسنے فقیر لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور کہنے لگے یا رسول اللہ دولتمند نماز پڑھتے ہیں جیسے کہ ہم نماز پڑھتے ہیں اور روزے رکھتے ہیں جیسے کہ ہم روزے رکھتے ہیں۔ اور انکے پاس مال ہے (جس سے) وہ غلام آزاد کرتے ہیں اور صدقہ دیتے ہیں فرمایا آپ نے پس جب تم نماز پڑھ لو تو کہو سبحان اللہ تینتیس[33] بار اور الحمد للہ تینتیس[33] بار اور اللہ اکبر چونتیس بار اور لا الہ الا اللہ دس مرتبہ پس اس سے ملجاؤ گے تم اُسکو جو تمسے سبقت لیگیا ہے اور نہ سبقت لیجا ئیگا تمسے وہ شخص جو پیچھے تمہارے ہے[3]

[1] مراد اسکی یہ ہے کہ تشہد فرض نہیں کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم دو رکعت پڑھکر کھڑے ہو گئے اور تشہد نہ بیٹھے اگر فرض ہوتا تو کیوں ترک کرتے سو ثابت ہوا کہ اگر تشہد نہ بیٹھے تو نماز ہو جائیگی اور اسحاق نے کہا ہے کہ اگر تشہد بیٹھا اور سلام نہ پھیرے تو اُسکے ذمہ سے ساقط ہوگی کیونکہ جب آنحضرت نے اسکو تشہد سکھلایا تو فرمایا کہ جب تو اس سے فارغ ہو چکا تو تو نے اپنا فرض ادا کر دیا معلوم ہوا کہ سلام فرض نہیں ہے[2] یعنے اگر بارش یا کیچڑ میں جمعہ اور جماعت میں حاضر نہو تو جائز ہے اور ابا زرعہ سے جو حدیث نقل کیگئی ہے وہ اسواسطے ہے کہ عمرو بن علی اس حدیث کا راوی ہے اور اُسنے اسپر عمل کیا ہے حالانکہ وہ ایک بڑے حفاظ میں سے ہیں پس اس حدیث کی قبولیت میں کچھ شک نہیں ہے[3] یعنے جس شخص کے اعمال تم سے زیادہ ہونگے تم بسبب اس عمل کے ملجاؤگے یعنے اُسکے برابر ہو جاؤگے اور تمکو کوئی شخص جو یہ عمل نکرتا ہو گا خواہ اصحاب اموال سے ہو نہ ملیگا اور اسمیں کچھ بھی ممانعت نہیں کہ کوئی ذکر باوجود آسان ہونیکے اعمال شاقہ پر بسبب اپنے خواص کے سبقت لیجاتا ہے اسکو اللہ تعالی کا جمعہ لبیک

وفی الباب عن کعب بن عجرۃ وانس وعبداللہ بن عمرو وزید بن ثابت وابی الدرداء وابن عمر وابی ذر قال ابو عیسیٰ حدیث ابن عباس حدیث حسن غریب وقد روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال خصلتان لا یحصیہما رجل مسلم الا دخل الجنۃ یسبح اللہ فی دبر کل صلوۃ ثلاثا وثلاثین ویحمدہ ثلاثا وثلاثین ویکبرہ اربعا وثلاثین ویسبح اللہ عند منامہ عشرا ویحمدہ عشرا ویکبرہ عشرا **باب** ماجاء فی الصلوۃ علی الدابۃ فی الطین والمطر **حدثنا** یحیی بن موسی نا شبابۃ بن سوار نا عمر بن الرماح عن کثیر بن زیاد عن عمرو بن عثمان بن یعلی بن مرۃ عن ابیہ عن جدہ انہم کانوا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر فانتہوا الی مضیق فحضرت الصلوۃ فمطروا السماء من فوقہم والبلۃ من اسفل منہم فاذن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو علی راحلتہ واقام فتقدم علی راحلتہ فصلی بہم یومی ایماء یجعل السجود اخفض من الرکوع **قال** ابو عیسیٰ ھذا حدیث غریب تفرد بہ عمر بن الرماح البلخی لا یعرف الا من حدیثہ وقد روی عنہ غیر واحد من اھل العلم وکذا روی عن انس بن مالک انہ صلی فی ماء وطین علی دابتہ والعمل علی ھذا عند اھل العلم وبہ یقول احمد واسحاق **باب** ماجاء فی الاجتہاد فی الصلوۃ **حدثنا** قتیبۃ وبشر بن معاذ قالا نا ابو عوانۃ عن زیاد بن علاقۃ عن المغیرۃ بن شعبۃ قال صلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حتی انتفخت قدماہ فقیل لہ اتتکلف ھذا وقد غفر لک ما تقدم من ذنبک وما تاخر قال افلا اکون عبدا شکورا وفی الباب عن ابی ھریرۃ وعائشۃ **قال** ابو عیسیٰ حدیث المغیرۃ بن شعبۃ حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء ان اول ما یحاسب بہ العبد یوم القیمۃ الصلوۃ **حدثنا** علی بن نصر بن علی الجہضمی نا سہل بن حماد نا ھمام قال حدثنی قتادۃ عن الحسن عن حریث بن قبیصۃ قال قدمت المدینۃ فقلت اللہم یسر لی جلیسا صالحا قال فجلست الی ابی ھریرۃ فقلت

اور اس باب میں روایت ہے کعب بن عجرہ اور انس اور عبداللہ بن عمرو اور زید بن ثابت اور ابی الدرداء اور ابن عمر اور ابی ذر سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن عباس کی حسن غریب ہے اور مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے دو خصلتیں ہیں جو کوئی مرد مسلمان انکو شمار کریگا جنت میں داخل ہوگا۔ ہر نماز کے پیچھے تینتیس بار تسبیح کہے اور تینتیس بار اللہ کی حمد کرے اور چونتیس بار تکبیر کہے اور سونے کے وقت اللہ کی دس بار تسبیح کہے۔ اور دس بار حمد کرے اور دس بار تکبیر کہے **باب** کیچڑ اور بارش میں چارپایہ پر نماز پڑھنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے یحییٰ بن موسیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے شبابہ بن سوار نے کہا حدیث کی ہمسے عمر بن رماح نے کثیر بن زیاد سے اُسنے عمرو بن عثمان بن یعلی بن مرہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے یہ کہ وہ لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر میں تھے سو ایک تنگ جگہ پہونچے اور نماز کا وقت حاضر ہوا سو پانی برسا اور بادل اوپر سے تھا اور تری انکے نیچے تھی پس رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی سواری پر ہی اذان دی اور تکبیر کہی اور اپنی سواری پر ہی آگے ہوئے اور انکو نماز پڑھائی اشاروں سے کہ اشارہ کرتے تھے سجود رکوع سے نیچا کرتے تھے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہے عمر و بن رماح بلخی اس سے منفرد ہوا ہے اسکی وجہ سے یہ حدیث معلوم ہوئی ہے اور کئی ایک اہل علم نے بھی اس سے روایت کی ہے اور ایسا ہی انس بن مالک سے مروی ہے کہ آپ نے پانی اور کیچڑ میں چارپایہ پر نماز پڑھی اور عمل اہل علم کا اسی پر ہے اور ساتھ اسی کے کہتا ہے امام احمد اور اسحاق **باب** نماز میں مشقت کھینچنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ اور بشر بن معاذ نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے زیاد بن علاقہ سے اُسنے مغیرہ بن شعبہ سے کہا اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی یہانتک کہ آپ کے قدم مبارک سوج گئے پس آپ سے کسی نے کہا کیا آپ یہ تکلیف کھینچتے ہیں حالانکہ اللہ تعالیٰ نے آپکے اگلے پچھلے گناہ بخشدیے ہیں فرمایا آپنے کیا میں بندہ شکرگذار نہوں اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور عائشہ سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث مغیرہ بن شعبہ کی حسن صحیح ہے **باب** قیامت کے روز سب چیزوں سے پہلے پہل جسکا حساب کیا جائیگا وہ نماز ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن نصر بن علی جہضمی نے کہا حدیث کی ہمسے سہل بن حماد نے کہا حدیث کی ہمسے ہمام نے کہا حدیث کی مجھے قتادہ نے حسن سے اُسنے حریث بن قبیصہ سے کہا اُسنے میں مدینہ میں آیا پس میںنے کہا یا اللہ میرے لیے کوئی ہمنشین صالح آسان کر کہا اُسنے پس میں ابوہریرہ کے پاس بیٹھا پس میںنے کہا

ل؎ عبادات میں تکلیف اُٹھانا اسقدر جائز ہے کہ نفس پر تنگی نہ گذرے اور جسپر تنگی گذرے اسپر روا نہیں جیسا کہ آنحضرت نے زینب کو جو اُسنے مسجد میں رسی لٹکائی ہوئی تھی اور جب سست ہوجاتی تو اس سے لٹک پڑتی تب آنحضرت نے اُسکو منع کردیا اور آنحضرت کو باوجودیکہ آپکے پاؤں سوج گئے تھے تب بھی مشقت نہ گذرتی تھی کیونکہ آپ ذات بحت میں مستغرق تھے بلکہ آپ کو اسمیں راحت تھی اسیواسطے آپ نے فرمایا کہ کیا میں اللہ تعالیٰ کا شکر نہ کروں یعنے جبکہ اللہ نے میرے گناہ بخشدیے ہیں تو پھر میں اسکا شکریہ ادا نہ کروں؟

انی سالت اللہ ان یرزقنی جلیسا صالحا فحدثنی بحدیث سمعتہ من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعل اللہ ان ینفعنی بہ فقال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان اول ما یحاسب بہ العبد یوم القیمۃ من عملہ صلوتہ فان صلحت فقد افلح وانجح وان فسدت فقد خاب وخسر فان انتقص من فریضتہ شیئا قال الرب تبارک وتعالی انظروا ھل لعبدی من تطوع فیکمل بھا ما انتقص من الفریضۃ ثم یکون سائر عملہ علی ذلک وفی الباب عن تمیم الداری **قال** ابوعیسی حدیث ابی ھریرۃ حدیث حسن غریب من ھذا الوجہ وقد روی ھذا الحدیث من غیر ھذا الوجہ عن ابی ھریرۃ وقد روی بعض اصحاب الحسن عن الحسن عن قبیصۃ بن حریث غیر ھذا الحدیث والمشھور ھو قبیصۃ بن حریث وروی عن انس بن حکیم عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو ھذا **باب** ماجاء فی من صلی فی یوم ولیلۃ ثنتی عشرۃ رکعۃ من السنۃ ما لہ من الفضل **حدثنا** محمد بن رافع نا اسحاق بن سلیمان الرازی نا المغیرۃ بن زیاد عن عطاء عن عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من ثابر علی ثنتی عشرۃ رکعۃ من السنۃ بنی اللہ لہ بیتا فی الجنۃ اربع رکعات قبل الظھر ورکعتین بعدھا ورکعتین بعد المغرب ورکعتین بعد العشاء ورکعتین قبل الفجر وفی الباب عن ام حبیبۃ وابی ھریرۃ وابی موسی وابن عمر **قال** ابوعیسی حدیث عائشۃ حدیث غریب من ھذا الوجہ ومغیرۃ بن زیاد قد تکلم فیہ بعض اھل العلم من قبل حفظہ **حدثنا** محمود بن غیلان نا مؤمل نا سفیان الثوری عن ابی اسحاق عن المسیب بن رافع عن عنبسۃ بن ابی سفیان عن ام حبیبۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صلی فی یوم ولیلۃ ثنتی عشرۃ رکعۃ بنی لہ بیت فی الجنۃ اربعا قبل الظھر ورکعتین بعدھا ورکعتین بعد المغرب ورکعتین بعد العشاء ورکعتین قبل الفجر صلاۃ الغداۃ **قال** ابوعیسی وحدیث عنبسۃ عن ام حبیبۃ فی ھذا الباب حدیث حسن صحیح وقد روی عن عنبسۃ من غیر وجہ

میں نے اللہ تعالیٰ سے سوال کیا تھا کہ مجھے کوئی ہمنشین صالح نصیب کرے تو آپ مجھے کوئی ایسی حدیث بیان کریے جو آپ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو شاید اللہ تعالیٰ مجھے اس سے نفع دے سو فرمایا ابوہریرہ نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے قیامت کے روز سب چیزوں سے پہلے پہل جسکے ساتھ آدمی کا حساب ہوگا نماز اسکی ہے اگر نماز اسکی درست نکلی تو خلاصی اور نجات پا گیا اور اگر وہ خراب نکلی تو اسنے نقصان اور ٹوٹا پایا پس اگر اسکے فرضوں سے کوئی چیز کم ہوئی تو پروردگار تبارک وتعالیٰ (فرشتوں سے) فرمائیگا دیکھو کہ کیا میرے بندے کے لیے کچھ نفل ہیں پس اُنسے جو چیز کہ فرضوں سے کم ہوگی کامل کیجائیگی پھر اسکے تمام عملوں کا یہی حال ہوگا۔ اور اس باب میں تمیم داری سے روایت ہے کہا ابو عیسےٰ نے حدیث ابوہریرہ کی اس وجہ سے حسن غریب ہے اور یہ حدیث غیر اس وجہ سے بھی ابوہریرہ سے مروی ہے۔ اور سوائے اس حدیث کے اور ایک حدیث بھی اصحاب حسن نے حسن سے روایت کی ہے اسنے قبیصہ بن رویث سے اور مشہور یہ قبیصہ بن حریث ہی اور مروی ہے انس بن حکیم سے بواسطہ ابوہریرہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے **باب** اس بیان میں کہ جس شخص نے دن اور رات میں بارہ رکعتیں سنتوں کی پڑھیں اسکے واسطے کیا فضیلت ہے **حدیث** کی ہم سے محمد بن رافع نے کہا حدیث کی ہم سے اسحاق بن سلیمان رازی نے کہا حدیث کی ہمسے مغیرہ بن زیاد نے عطاء سے اسنے عائشہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص بارہ رکعت سنت پر مداومت کرے تو اللہ تعالےٰ اوسکیلیے گھر جنت میں تیار کرتا ہے۔ چار رکعتیں قبل ظہر کے اور دو رکعتیں بعد اُسکے اور دو رکعتیں بعد مغرب کے اور دو رکعتیں بعد عشا کے اور دو رکعتیں قبل فجر کے۔ اور اس باب میں روایت ہے ام حبیبہ اور ابی ہریرہ اور ابی موسےٰ اور ابن عمر سے رضی اللہ عنہم۔ کہا ابو عیسےٰ نے حدیث عائشہ کی اس وجہ سے حسن غریب ہے اور مغیرہ بن زیاد میں بعض اہل علم نے اُسکے حافظہ کی جہت سے کلام کیا ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے مؤمل نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان ثوری نے ابی اسحاق سے اُسنے مسیب بن رافع سے اُسنے عنبسہ بن ابی سفیان سے اُسنے ام حبیبہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص دن اور رات میں بارہ رکعتیں پڑھے تو اُسکے لیے جنت میں گھر تیار کیا جاتا ہے چار رکعتیں قبل ظہر کے اور دو رکعتیں بعد اُسکے اور دو رکعتیں بعد عشا کے اور دو رکعتیں قبل فجر کے یعنی قبل نماز صبح کے۔ کہا ابو عیسےٰ نے اور حدیث عنبسہ کی ام حبیبہ سے اس باب میں حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کی گئی ہے عنبسہ سے دوسری جہت سے

باب ماجاء فی رکعتی الفجر من الفضل **حدثنا** صالح بن عبد الله نا ابو عوانة عن قتادة عن زرارة بن اوفی عن سعد بن هشام عن عائشة قالت قال رسول الله صلی الله علیه وسلم رکعتا الفجر خیر من الدنیا وما فیها وفی الباب عن علی وابن عمر وابن عباس **قال** ابو عیسی حدیث عائشة حدیث حسن صحیح وقد روی احمد بن حنبل عن صالح بن عبد الله الترمذی حدیثا **باب** ماجاء فی تخفیف رکعتی الفجر والقراءة فیها **حدثنا** محمود بن غیلان وابو عمار قالا نا ابو احمد الزبیری نا سفیان عن ابی اسحاق عن مجاهد عن ابن عمر قال رمقت النبی صلی الله علیه وسلم شهرا فکان یقرأ فی الرکعتین قبل الفجر بقل یایها الکفرون وقل هو الله احد وفی الباب عن ابن مسعود وانس وابی هریرة وابن عباس وحفصة وعائشة **قال** ابو عیسی حدیث ابن عمر حدیث حسن ولا نعرفه من حدیث الثوری عن ابی اسحاق الا من حدیث ابی احمد والمعروف عند الناس حدیث اسرائیل عن ابی اسحاق وقد روی عن ابی احمد عن اسرائیل هذا الحدیث ایضا وابو احمد الزبیری ثقة حافظ قال سمعت بندارا یقول ما رایت احدا احسن حفظا من ابی احمد الزبیری واسمه محمد بن عبد الله بن الزبیری الاسدی الکوفی **باب** ماجاء فی الکلام بعد رکعتی الفجر **حدثنا** یوسف بن عیسی نا عبد الله بن ادریس قال سمعت مالك بن انس عن ابی النضر عن ابی سلمة عن عائشة قالت کان النبی صلی الله علیه وسلم اذا صلی رکعتی الفجر فان کانت له الی حاجة کلمنی والا خرج الی الصلوة **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وقد کره بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم الکلام بعد طلوع الفجر حتی یصلی صلوة الفجر الا ما کان من ذکر الله او مالا بد منه وهو قول احمد واسحاق **باب** ماجاء لا صلاة بعد طلوع الفجر الا رکعتین **حدثنا** احمد بن عبدة الضبی نا عبد العزیز بن محمد عن قدامة بن موسی عن محمد بن الحصین عن ابی علقمة عن یسار مولی ابن عمر عن ابن عمر

باب فجر کی دو رکعتوں کی فضیلت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے صالح بن عبد اللہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے قتادہ سے اُسنے زرارہ بن اوفی سے اُسنے سعد بن ہشام سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دونو رکعتین فجر کی بہتر ہیں دنیا سے اور جو کچھ اسمین ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے علی اور ابن عمر اور ابن عباس سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عائشہ کی حسن صحیح ہے۔ اور احمد بن حنبل نے صالح بن عبد اللہ ترمذی سے حدیث روایت کی ہے۔ **باب** فجر کی دونو رکعتوں کی تخفیف کے بیان میں اور ان دونوں کی قراءت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان اور ابو عمار نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے ابو احمد زبیری نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے مجاہد سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُنہونے دیکھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک مہینہ تک (انتظاری کی رعیتے خیال رکھا) سو آپ اُن دو رکعتوں میں جو قبل فجر کے ہیں قل یایہا الکافرون اور قل ہو اللہ احد پڑھا کرتے تھے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن مسعود اور انس اور ابی ہریرہ اور ابن عباس اور حفصہ اور عائشہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن عمر کی حسن ہے اور نہیں پہچانتے ہم اسکو طریق ثوری سے جو ابی اسحاق سے ہے مگر طریق ابی احمد سے اور معروف لوگوں کے نزدیک حدیث اسرائیل کی ہے جو ابی اسحاق سے ہے۔ اور یہ حدیث بھی بواسطہ ابی احمد کے اسرائیل سے مروی ہے۔ اور ابو احمد زبیری ثقہ اور حافظ ہے کہا ترمذی نے سنا مینے بندار سے کہ کہتا تھا مینے کوئی شخص بہت اچھا حافظہ میں ابی احمد زبیری سے نہیں دیکھا۔ اور نام اُسکا محمد بن عبد اللہ زبیری اسدی کوفی ہے۔ **باب** فجر کی دو رکعتوں کے بعد کلام کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے یوسف بن عیسیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن ادریس نے کہا سنا مینے مالک بن انس سے اُسنے ابی النضر سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب فجر کی دو رکعتین پڑھ لیتے سو اگر آپ کو میرے ساتھ کوئی حاجت ہوتی تو میرے ساتھ کلام کرتے ورنہ نماز کی طرف نکلجاتے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور بعض اہل علم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے بعد طلوع فجر کے کلام کرنے سے منع کیا ہے تاکہ نماز فجر کی پڑھ لے۔ مگر وہ کہ اللہ کا ذکر ہو یا کوئی ضروری امر ہو اور یہی قول ہے امام احمد اور اسحاق کا۔ **باب** بعد طلوع فجر کے سوائے دو رکعتوں کے اور کوئی نماز نہیں ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن عبدہ ضبی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے قدامہ بن موسیٰ سے اُسنے محمد بن حصین سے اُسنے ابی علقمہ سے اُسنے یسار سے جو ابن عمر کا غلام ہے اُسنے ابن عمر سے

سلہ غرض مولف کی اس کلام سے یہ ہے کہ صالح بن عبد اللہ جو راوی اس حدیث کا ہے ثقہ ہے کیونکہ اس سے امام احمد نے روایت کی ہے ۱۲

ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا صلوٰة بعد الفجر الا سجدتين وفي الباب عن عبد الله بن عمرو وحفصة **قال** ابو عيسى حديث ابن عمر حديث غريب لا نعرفه الا من حديث قدامة بن موسى وروى عنه غير واحد وهو ما اجمع عليه اهل العلم كرهوا ان يصلي الرجل بعد طلوع الفجر الا ركعتي الفجر ومعنى هذا الحديث انما يقول لا صلوٰة بعد طلوع الفجر الا ركعتي الفجر **باب** ما جاء في الاضطجاع بعد ركعتي الفجر **حدثنا** بشر بن معاذ العقدي نا عبد الواحد بن زياد نا الاعمش عن ابي صالح عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا صلى احدكم ركعتي الفجر فليضطجع على يمينه وفي الباب عن عائشة **قال** ابو عيسى حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه وقد روي عن عائشة ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا صلى ركعتي الفجر في بيته اضطجع على يمينه وقد رای بعض اهل العلم ان يفعل هذا استحبابا **باب** ما جاء اذا اقيمت الصلوٰة فلا صلوٰة الا المكتوبة **حدثنا** احمد بن منيع نا روح بن عبادة نا زكريا بن اسحاق نا عمرو بن دينار قال سمعت عطاء بن يسار عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اقيمت الصلوٰة فلا صلوٰة الا المكتوبة وفي الباب عن ابن بحينة وعبد الله بن عمرو وعبد الله بن سرجس وابن عباس وانس **قال** ابو عيسى حديث ابي هريرة حديث حسن وهكذا روى ايوب وورقاء بن عمر وزياد بن سعد واسماعيل بن مسلم ومحمد بن جحادة عن عمرو بن دينار عن عطاء بن يسار عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم وروى حماد بن زيد وسفيان بن عيينة عن عمرو بن دينار ولم يرفعاه والحديث المرفوع اصح عندنا وقد روي هذا الحديث عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم من غير هذا الوجه

یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بعد فجر کے کوئی نماز نہیں ہے مگر دو رکعتیں۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن عمرو اور حفصہ سے رضی اللہ عنہما۔ کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن عمر کی غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق قدامہ بن موسیٰ سے اور کئی ایک لوگوں نے اس سے روایت کی ہے اور اسپر اہل علم نے اجماع کیا ہے کہ انہوں نے مکروہ جانا ہے کہ آدمی بعد طلوع فجر کے سوائے دو رکعتوں کے کوئی اور نماز پڑھے۔ اور معنے حدیث کے یہ ہیں کہ بعد طلوع فجر کے سوائے دو رکعتوں کے اور کوئی نماز جائز نہیں۔ **باب** بعد دو رکعتوں کے لیٹنے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے بشر بن معاذ عقدی نے کہا حدیث کی ہم سے عبد الواحد بن زیاد نے کہا حدیث کی ہم سے اعمش نے ابی صالح سے اُنہنے ابی ہریرہ سے کہا اُنہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کوئی تم میں سے فجر کی دو رکعتیں (یعنے سنتیں) پڑھلے تو چاہیے کہ اپنی داہنی کروٹ پر لیٹ جائے۔ اور اس باب میں روایت ہے عائشہ سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابی ہریرہ کی اس وجہ سے حسن صحیح غریب ہے۔ اور مروی ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب اپنے گھر میں فجر کی دو رکعتیں پڑھ لیتے تو اپنی داہنی کروٹ پر لیٹ جاتے۔ اور بعض اہل علم کا مذہب ہے کہ اس طور سے لیٹنا استحبابا کرنا چاہیے **باب** اس بیان میں کہ جب نماز کھڑی ہو جائے تو کوئی نماز درست نہیں مگر فرضی[1] **حدیث** کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے روح بن عبادہ نے کہا حدیث کی ہم سے زکریا بن اسحاق نے کہا حدیث کی ہم سے عمرو بن دینار نے کہا سنا میں نے عطاء بن یسار سے اُنہنے روایت کی ابا ہریرہ سے کہا اُنہنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب نماز کھڑی ہو جائے تو کوئی نماز درست نہیں مگر فرض۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن بحینہ اور عبد اللہ بن عمرو اور عبد اللہ بن سرجس اور ابن عباس اور انس سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابو ہریرہ کی حسن ہے اور ایسا ہی روایت کی ہے ایوب اور ورقاء بن عمر اور زیاد بن سعد اور اسماعیل بن مسلم اور محمد بن جحادہ نے عطاء بن یسار سے اُنہنے ابی ہریرہ سے اُنہنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کی ہے حماد بن زید اور سفیان بن عیینہ نے عمرو بن دینار سے اور اُن دونوں نے اسکو مرفوع نہیں کیا۔ اور حدیث مرفوع ہمارے نزدیک بہت صحیح ہے اور یہ حدیث غیر اس وجہ سے بھی بواسطہ ابی ہریرہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے

[1] مقصود اس سے یہ ہے کہ جب تکبیر ہو جائے تو اُس وقت میں سوائے اس نماز فرضی کے اور کوئی نماز یعنے سنتیں وغیرہ جائز نہیں پس اگر کوئی بعد تکبیر کے دو رکعتیں سنتیں پڑھیگا پھر ساتھ انکے فرض پڑھیگا تو گویا اُسنے صبح کی نماز فرضی چار رکعت پڑھی جیسا کہ بخاری کی روایت اسپر دال ہے ابن عمر نے سند حسن سے روایت کی ہے کہ فرمایا آپ نے اذا اقيمت الصلوٰة فلا صلوٰة الا المكتوبة قيل يا رسول الله ولا ركعتي الفجر قال ولا ركعتي الفجر یعنے جب تکبیر ہو جائے تو سوائے فرضی نماز کے اور کوئی نماز جائز نہیں کسی نے کہا یا رسول اللہ کیا فجر کی سنتیں بھی جائز نہیں فرمایا آپ نے فجر کی سنتیں بھی جائز نہیں اور بیہقی میں ہے الا ركعتي الصبح کی زیادتی کا کچھ اصل نہیں یعنے جس نے کہا سنتیں فجر کی حدیث اذا اقيمت الصلوٰة سے مستثنیٰ ہیں اسکا کچھ اصل نہیں ۱۲ كذا في المحلى شرح موطا لسلام الله الحنفي الشوكاني

رواہ عیاش بن عباس القتبانی المصری عن ابی سلمة عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم والعمل علی هذا عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم اذا اقیمت الصلوٰة ان لا یصلی الرجل الا المکتوبة وبه یقول سفیان الثوری وابن المبارک والشافعی واحمد واسحاق

باب ماجاء فی من تفوته الرکعتان قبل الفجر یصلیهما بعد صلوٰة الصبح **حدثنا** محمد بن عمرو السواق نا عبد العزیز بن محمد عن سعد بن سعید عن محمد بن ابراهیم عن جده قیس قال خرج رسول الله صلی الله علیه وسلم فاقیمت الصلوٰة فصلیت معه الصبح ثم انصرف النبی صلی الله علیه وسلم فوجدنی اصلی فقال مهلا یا قیس اصلاتان معا قلت یا رسول الله صلی الله علیه وسلم انی لم اکن رکعت رکعتی الفجر قال فلا اذن **قال** ابو عیسی حدیث محمد بن ابراهیم لا نعرفه مثل هذا الا من حدیث سعد بن سعید وقال سفیان ابن عیینة سمع عطاء ابن ابی رباح من سعد بن سعید هذا الحدیث وانما یروی هذا الحدیث مرسلا وقد قال قوم من اهل مکة بهذا الحدیث لم یروا باسا ان یصلی الرجل الرکعتین بعد المکتوبة قبل ان تطلع الشمس **قال** ابو عیسی وسعد بن سعید هو اخو یحیی بن سعید الانصاری وقیس هو جد یحیی بن سعید ویقال هو قیس بن عمرو ویقال هو قیس بن قهد واسناد هذا الحدیث لیس بمتصل محمد بن ابراهیم التیمی لم یسمع من قیس وروی بعضهم هذا الحدیث عن سعد بن سعید عن محمد بن ابراهیم ان النبی صلی الله علیه وسلم خرج فرای قیسا

باب ماجاء فی اعادتهما بعد طلوع الشمس **حدثنا** عقبة بن مکرم العمی البصری نا عمرو بن عاصم نا همام عن قتادة عن النضر بن انس عن بشیر بن نهیک عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من لم یصل رکعتی الفجر فلیصلهما بعد ما تطلع الشمس **قال** ابو عیسی هذا حدیث لا نعرفه الا من هذا الوجه وقد روی عن ابن عمر انه فعله والعمل علی هذا عند بعض اهل العلم وبه یقول سفیان الثوری والشافعی واحمد واسحاق وابن المبارک قال ولا نعلم احدا روی هذا الحدیث عن همام بهذا الاسناد نحو هذا الا عمرو بن عاصم الکلابی والمعروف من حدیث قتادة عن النضر بن انس عن بشیر بن نهیک عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال من

روایت کیا اسکو عیاش بن عباس قتبانی مصری نے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور عمل اہل علم کے نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے اسی پر ہے کہ جب نماز کھڑی ہو جائے آدمی سوائے فرضی نماز کے اور کوئی نماز نہ پڑھے۔ اور یہی کہتا ہے سفیان ثوری اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق

باب اس شخص کے بیان میں کہ جسکو نماز فجر کے پہلے کی دو رکعتیں فوت ہو جائیں تو انکو بعد نماز صبح کے پڑھے۔ **حدیث** کی ہمسے محمد بن عمر سواق نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے سعد بن سعید سے اُسنے محمد بن ابراہیم سے اُسنے اپنے دادا قیس سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے اور نماز کے لیے تکبیر ہوگئی سو میں نے آپ کے ساتھ صبح کی نماز پڑھ لی پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم فارغ ہوگئے تو مجھے دیکھا کہ میں نماز پڑھ رہا ہوں پس فرمایا دور ہو اے قیس کیا تو دو نمازیں اکٹھی پڑھتا ہے میں نے کہا یا رسول اللہ میں نے دو رکعتیں فجر کی پڑھی نہ تھیں۔ فرمایا آپ نے پس اس وقت حرج نہیں کہا ابو عیسیٰ نے ہم محمد بن ابراہیم کی حدیث کو نہیں پہچانتے مثل اسکی مگر طریق سعد بن سعید سے۔ اور کہا سفیان بن عیینہ نے سنا ہے اس حدیث کو عطا بن ابی رباح نے سعد بن سعید سے۔ اور یہ حدیث مرسل روایت کر دیتا ہے۔ اور ایک قوم نے اہل مکہ سے ساتھ اس حدیث کے عمل کیا ہے انہوں نے کچھ خوف نہیں دیکھا کہ آدمی دو رکعتیں بعد فرضوں کے قبل طلوع آفتاب کے پڑھے کہا ابو عیسیٰ نے اور سعد بن سعید وہ بھائی یحییٰ بن سعید انصاری کا ہے۔ اور قیس وہ یحییٰ بن سعید کا دادا ہے اور کہا گیا ہے کہ وہ قیس بن عمرو ہے اور کہا گیا ہے کہ وہ قیس بن قہد ہے اور اسناد اس حدیث کی متصل نہیں ہے کیونکہ محمد بن ابراہیم تیمی نے قیس سے سنا نہیں ہے اور بعض نے یہ حدیث سعد بن سعید سے روایت کی ہے اُسنے محمد بن ابراہیم سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نکلے پس قیس کو دیکھا

باب بعد طلوع آفتاب کے ان سنتوں کے پڑھنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عقبہ بن مکرم عمی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن عاصم نے کہا حدیث کی ہمسے ہمام نے قتادہ سے اُسنے نضر بن انس سے اُسنے بشیر بن نہیک سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے دو رکعتیں فجر کی نہیں پڑھیں چاہیے کہ انکو بعد طلوع آفتاب کے پڑھے۔ کہا ابو عیسیٰ نے اس حدیث کو نہیں پہچانتے ہم مگر اسی وجہ سے۔ اور ابن عمر سے مروی ہے کہ اُسنے یہ فعل کیا ہے۔ اور بعض اہل علم کے نزدیک عمل اسی پر ہے۔ اور یہی کہتا ہے سفیان ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحاق اور ابن مبارک کہا ترمذی نے اور کسی نے اس حدیث کو مثل اسکی اسناد سے سوائے عمرو بن عاصم کلابی کے روایت نہیں کیا اور معروف حدیث قتادہ کی اور روایت کی اُسنے نضر بن انس سے اُسنے بشیر بن نہیک سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس طرح ہے کہ فرمایا آپ نے جس شخص نے

۱؎ اس سند کو ابن حجر تلخیص الحبیر میں سند متصل سے لایا ہے۔ پس ثابت ہوا کہ یہ روایت مذکور باب کی روایت سے قوی ہے ۱۲

ادرك ركعة من صلاة الصبح قبل ان تطلع الشمس فقد ادرك الصبح **باب** ما جاء في الاربع قبل الظهر **حدثنا** بندار نا ابو عامر نا سفيان عن ابي اسحاق عن عاصم بن ضمرة عن علي قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يصلي قبل الظهر اربعا وبعدها ركعتين وفي الباب عن عائشة وام حبيبة **قال** ابو عيسى حديث علي حديث حسن **حدثنا** ابو بكر العطار قال قال علي بن عبد الله عن يحيى بن سعيد عن سفيان قال كنا نعرف فضل حديث عاصم بن ضمرة على حديث الحارث والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم ومن بعدهم يختارون ان يصلي الرجل قبل الظهر اربع ركعات وهو قول سفيان الثوري وابن المبارك واسحاق وقال بعض اهل العلم صلاة الليل والنهار مثنى مثنى يرون الفصل بين كل ركعتين وبه يقول الشافعي واحمد

باب ما جاء في الركعتين بعد الظهر **حدثنا** احمد بن منيع نا اسمعيل بن ابراهيم عن ايوب عن نافع عن ابن عمر قال صليت مع النبي صلى الله عليه وسلم ركعتين قبل الظهر وركعتين بعدها قال وفي الباب عن علي وعائشة **قال** ابو عيسى حديث ابن عمر حديث حسن صحيح **باب** آخر **حدثنا** عبد الوارث بن عبيد الله العتكي المروزي نا عبد الله بن المبارك عن خالد الحذاء عن عبد الله بن شقيق عن عائشة ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا لم يصل اربعا قبل الظهر صلاهن بعدها **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن غريب انما نعرفه من حديث ابن المبارك من هذا الوجه ورواه قيس بن الربيع عن شعبة عن خالد الحذاء نحو هذا ولا نعلم احدا رواه عن شعبة غير قيس بن الربيع وقد روي عن عبد الرحمن ابن ابي ليلى عن النبي صلى الله عليه وسلم نحو هذا **حدثنا** علي بن حجر نا يزيد بن هارون عن محمد بن عبد الله الشعيثي عن ابيه عن عنبسة بن ابي سفيان عن ام حبيبة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى قبل الظهر اربعا وبعدها اربعا حرمه الله تعالى على النار قال ابو عيسى هذا حديث حسن غريب وقد روي من غير هذا الوجه **حدثنا** ابو بكر محمد بن اسحاق البغدادي حدثنا عبد الله بن يوسف التنيسي الشامي حدثنا الهيثم بن حميد

ایک رکعت صبح کی نماز سے قبل طلوع آفتاب کے پائی تو اُسنے صبح کو پالیا **باب** قبل ظہر کے چار رکعت کے بیان میں **حدیث** کی ہے بندار نے کہا حدیث کی ہے ابو عامر نے کہا حدیث کی ہے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے عاصم بن ضمرہ سے اُسنے علی سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم قبل نماز ظہر کے چار رکعت پڑھتے تھے اور بعد اُسکے دو رکعت۔ اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور ام حبیبہ سے کہا ابو عیسٰی نے حدیث علی کی حسن ہے **حدیث** کی ہے ابو بکر عطار نے کہا اُسنے کہا علی بن عبد اللہ نے یحیٰی بن سعید سے اُسنے سفیان سے کہا اُسنے ہم عاصم بن ضمرہ کی حدیث کی فضیلت حارث کی حدیث پر پہچانتے تھے اور عمل اکثر اہل علم کے نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اور من بعد ہم سے اسی پر ہے یہ لوگ پسند کرتے ہیں کہ آدمی قبل ظہر کے چار رکعتیں پڑھے۔ اور یہ قول سفیان ثوری اور ابن مبارک اور اسحاق کا ہے۔ اور کہا بعض اہل علم نے رات اور دن کی نماز دو دو رکعت ہے اور ہر دو رکعتوں میں فصل کرنا دیکھتے ہیں اور یہی کہتا ہے شافعی اور احمد **باب** بعد ظہر کے دو رکعت کے بیان میں **حدیث** کی ہے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہے اسماعیل بن ابراہیم نے ایوب سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے میںنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ قبل ظہر اور بعد اُسکے بھی دو دو رکعتیں پڑھی ہیں اور اس باب میں روایت ہے حضرت علی اور عائشہ سے۔ کہا ابو عیسٰی نے حدیث ابن عمر کی حسن صحیح ہے **باب** دوسرا اسی قسم سے **حدیث** کی ہے عبد الوارث بن عبید اللہ عتکی مروزی نے کہا حدیث کی ہے ابن مبارک نے خالد حذاء سے اُسنے عبد اللہ بن شقیق سے اُسنے عائشہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب ظہر کے قبل چار رکعتیں نہ پڑھتے تو اُنکو بعد ظہر کے پڑھ لیتے کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور ہم اسکو اسی وجہ سے طریق ابن مبارک سے پہچانتے ہیں۔ اور روایت کیا اسکو قیس بن ربیع نے شعبہ سے اُسنے خالد حذاء سے مثل اُسکے اور نہیں جانتے ہم کہ کسی نے سوائے قیس بن ربیع کے شعبہ سے اسکو روایت کیا ہو۔ اور روایت کی گئی ہے بواسطہ عبد الرحمان بن ابی لیلٰی کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے **حدیث** کی ہے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہے یزید بن ہارون نے محمد بن عبد اللہ شعیثی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عنبسہ بن ابی سفیان سے اُسنے ام حبیبہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص پڑھے قبل ظہر کے چار رکعتیں اور بعد اُسکے بھی چار تو اُسکو اللہ تعالٰی آگ پر حرام کرتا ہے۔ کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث حسن غریب ہے اور غیر اس وجہ سے بھی مروی ہے۔ **حدیث** کی ہے ابو بکر یعنے محمد بن اسحاق بغدادی نے کہا حدیث کی ہے عبد اللہ بن یوسف تنیسی شامی نے کہا حدیث کی ہم سے ہیثم بن حمید نے

قال اخبرنی العلاء بن الحارث عن القاسم ابی عبد الرحمن عن عنبسة بن ابی سفیان قال سمعت اختی ام حبیبة زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم تقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من حافظ علی اربع رکعات قبل الظہر واربع بعدھا حرمہ اللہ علی النار **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح غریب من ھذا الوجہ والقاسم ھو ابن عبد الرحمن یکنی ابا عبد الرحمن وھو مولی عبد الرحمن بن خالد بن یزید بن معاویة وھو ثقة شامی وھو صاحب ابی امامة **باب** ماجاء فی الاربع قبل العصر **حدثنا** بندار محمد بن بشار نا ابو عامر نا سفیان عن ابی اسحاق عن عاصم بن ضمرة عن علی قال کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصلی قبل العصر اربع رکعات یفصل بینھن بالتسلیم علی الملئکة المقربین ومن تبعھم من المسلمین والمؤمنین وفی الباب عن ابن عمر وعبد اللہ بن عمرو **قال** ابو عیسی حدیث علی حدیث حسن واختار اسحاق بن ابرھیم ان لا یفصل فی الاربع قبل العصر واحتج بھذا الحدیث وقال معنی قولہ انہ یفصل بینھن بالتسلیم یعنی التشھد ورای الشافعی واحمد صلوة اللیل والنھار مثنی مثنی یختاران الفصل **حدثنا** یحیی بن موسی واحمد بن ابرھیم ومحمود بن غیلان وغیر واحد قالوا نا ابو داود الطیالسی نا محمد ابن مسلم بن مھران سمع جدہ عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال رحم اللہ امرأ صلی قبل العصر اربعًا **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن غریب **باب** ماجاء فی الرکعتین بعد المغرب والقراءة فیھما **حدثنا** محمد بن المثنی نا بدل بن المحبر نا عبد الملک بن معدان عن عاصم بن بھدلة عن ابی وائل عن عبد اللہ بن مسعود انہ قال ما اُحصی ما سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقرأ فی الرکعتین بعد المغرب وفی الرکعتین قبل صلوة الفجر بقل یایھا الکفرون وقل ھو اللہ احد وفی الباب عن ابن عمر **قال** ابو عیسی حدیث ابن مسعود حدیث غریب من حدیث ابن مسعود لا نعرفہ الا من حدیث عبد الملک بن معدان عن عاصم **باب** ماجاء انہ یصلیھما فی البیت **حدثنا** احمد بن منیع نا اسمعیل بن ابرھیم

کہا خبر دی مجھے علاء بن حارث نے قاسم ابی عبد الرحمن سے اُنے عنبسہ بن ابی سفیان سے کہا اُسنے سُنا مینے اپنی بہن ام حبیبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بیوی سے کہ کہا اُسنے سُنا مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے جو شخص محافظت کرے چار رکعتوں پر جو قبل ظہر کے ہیں اور چار رکعتوں پر جو بعد اُسکے ہیں تو اُسکو اللہ تعالیٰ آگ پر حرام کر دیتا ہے۔ کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث اس وجہ سے حسن صحیح غریب ہے۔ اور قاسم وہ ابن عبد الرحمان ہے جسکی کنیت ابا عبد الرحمان ہے اور وہ غلام عبد الرحمان بن خالد بن یزید بن معاویہ کا ہے۔ اور وہ ثقہ ہے شام کا رہنے والا ہے اور وہ ابی امامہ کا مصاحب ہے **باب** قبل عصر کے چار رکعتوں کے بیان میں حدیث کی ہمسے بندار محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے عاصم بن ضمرہ سے اُسنے علی سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم قبل عصر کے چار رکعتیں پڑھا کرتے تھے فصل کرتے تھے درمیان اُنکے ساتھ سلام کے اوپر فرشتوں مقربین کے اور اوپر اُنکے جو اُنکے تابع ہیں مسلمانوں اور مومنوں سے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور عبد اللہ بن عمرو سے۔ کہا ابو عیسیٰ نے حدیث علی کی حسن ہے اور اسحاق بن ابراہیم نے اختیار کیا ہے کہ ان چار رکعتوں میں جو قبل عصر کے ہیں فصل نہ کیا جاوے اور اُسنے اس حدیث سے حجت پکڑی ہے اور کہا اُسنے مراد اس قول سے کہ درمیان اُنکے ساتھ سلام کے فصل کیا جاوے[1] تشہد ہے اور امام شافعی اور احمد کا مذہب ہے کہ نماز رات اور دن کی دو دو رکعت ہے یہ دونوں فصل کو پسند کرتے ہیں حدیث کی ہمسے یحییٰ بن موسیٰ اور احمد بن ابراہیم اور محمود بن غیلان اور کئی اور لوگوں نے کہا انہوں نے حدیث کی ہمسے ابو داؤد طیالسی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن مسلم بن مہران نے سُنا اُسنے اپنے دادا سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے رحمت کرے اللہ تعالیٰ اُس مرد پر جو قبل عصر کے چار رکعتیں پڑھے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** مغرب کے بعد دو رکعتوں کے بیان میں اور اُنمیں قرأت کے بیان میں حدیث کی ہمسے محمد بن مثنیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے بدل ابن محبر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الملک بن معدان نے عاصم بن بہدلہ سے اُسنے ابی وائل سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے یہ کہ کہا اُسنے میں شمار نہیں کر سکتا کہ جسقدر مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے کہ پڑھتے تھے بعد مغرب کے دو رکعتوں میں اور قبل نماز فجر کے دو رکعتوں میں ساتھ قل یا ایہا الکفرون اور قل ہو اللہ احد کے۔ اور اس باب میں ابن عمر سے روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن مسعود کی غریب ہے اس طریق سے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث عبد الملک بن معدان سے جو راوی ہے عاصم سے **باب** اس بیان میں کہ ان دو رکعتوں کو گھر میں پڑھے حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم

[1] یعنی سلام سے مراد تشہد ہے حقیقۃً سلام مراد نہیں اگر غور سے احادیث کیطرف دیکھا جائے تو حق یہی معلوم ہوتا ہے کہ خواہ رات ہو یا دن جو چار رکعتیں پڑھے بہتر ہے کہ سلام کے ساتھ فصل کرنا اعلیٰ ہے

عن ايوب عن نافع عن ابن عمر قال صليت مع النبي صلى الله عليه وسلم ركعتين بعد المغرب وفي الباب عن رافع بن خديج وكعب بن عجرة **قال** ابو عيسى حديث ابن عمر حديث حسن صحيح حدثنا الحسن بن علي الحلواني نا عبد الرزاق نا معمر عن ايوب عن نافع عن ابن عمر قال حفظت عن رسول الله صلى الله عليه وسلم عشر ركعات كان يصليها بالليل والنهار ركعتين قبل الظهر وركعتين بعدها وركعتين بعد المغرب وركعتين بعد العشاء الآخرة قال وحدثتني حفصة انه كان يصلي قبل الفجر ركعتين هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** الحسن بن علي نا عبد الرزاق نا معمر عن الزهري عن سالم عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم مثله **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء في فضل التطوع ست ركعات بعد المغرب **حدثنا** ابو كريب يعني محمد بن العلاء الهمداني الكوفي نا زيد بن الحباب نا عمر بن ابي خثعم عن يحيى بن ابي كثير عن ابي سلمة عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى بعد المغرب ست ركعات لم يتكلم فيما بينهن بسوء عدلن له بعبادة ثنتي عشرة سنة **قال** ابو عيسى وقد روي عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من صلى بعد المغرب عشرين ركعة بنى الله له بيتا في الجنة **قال** ابو عيسى حديث ابي هريرة حديث غريب لا نعرفه الا من حديث زيد بن الحباب عن عمر بن ابي خثعم قال وسمعت محمد بن اسماعيل يقول عمر بن عبد الله بن ابي خثعم منكر الحديث وضعفه جدا **باب** ماجاء في الركعتين بعد العشاء **حدثنا** ابو سلمة يحيى بن خلف نا بشر بن المفضل عن خالد الحذاء عن عبد الله بن شقيق قال سالت عائشة عن صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت كان يصلي قبل الظهر ركعتين وبعدها ركعتين وبعد المغرب ثنتين وبعد العشاء ركعتين وقبل الفجر ثنتين وفي الباب عن علي وابن عمر **قال** ابو عيسى حديث عبد الله بن شقيق عن عائشة حديث حسن صحيح **باب** ماجاء ان صلاة الليل مثنى مثنى **حدثنا** قتيبة نا الليث عن نافع عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال

صلاة الليل مثنى مثنى فاذا خفت الصبح فاوتر بواحدة واجعل آخر صلاتك وترا

اُسنے ایوب سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے پڑھیں میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دو رکعتیں بعد مغرب کے آپ کے گھر میں اور اس باب میں روایت ہے رافع بن خدیج اور کعب بن عجرہ سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن عمر کی حسن صحیح ہے حدیث کی ہم سے حسن بن علی حلوانی نے کہا حدیث کی ہم سے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہم سے معمر نے ایوب سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دس رکعتیں یاد رکھتا ہوں کہ آپ انکو رات اور دن میں پڑھا کرتے تھے دو رکعتیں قبل ظہر کے اور دو رکعتیں بعد اُسکے اور دو رکعتیں بعد مغرب کے اور دو رکعتیں بعد عشا کے کہا اُسنے اور حدیث کی مجھ سے حفصہ نے کہ آپ قبل فجر کے دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ حدیث کی ہم سے حسن بن علی نے کہا حدیث کی ہم سے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہم سے معمر نے زہری سے اُسنے سالم سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے۔ کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** تطوع کی فضیلت کے بیان میں جو بعد مغرب کی چھ رکعتیں ہیں حدیث کی ہم سے ابو کریب یعنے محمد بن علا ہمدانی کوفی نے کہا حدیث کی ہم سے زید بن حباب نے کہا حدیث کی ہم سے عمر بن ابی خثعم نے یحییٰ بن ابی کثیر سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص بعد مغرب کے چھ رکعات پڑھے انمیں کوئی بُری بات نہ کرے وہ رکعتیں اُسکے لیے بارہ برس کی عبادت کے برابر ہوتی ہیں۔ کہا ابو عیسیٰ نے اور مروی ہے بواسطہ حضرت عائشہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جو شخص بعد مغرب کے بیس رکعتیں پڑھے تو اللہ تعالیٰ اُسکے لیے جنت میں گھر تیار کرتا ہے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابی ہریرہ کی غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق زید بن حباب سے جو راوی ہے عمر بن ابی خثعم سے۔ کہا ترمذی نے اور سُنا میں نے محمد بن اسمٰعیل سے کہ کہتا عمر بن عبد اللہ بن ابی خثعم منکر الحدیث ہے اور اُنے اسکو بہت ضعیف کیا ہے **باب** بعد عشا کے دو رکعتوں کے بیان میں حدیث کی ہم سے ابو سلمہ یعنی یحییٰ بن خلف نے کہا حدیث کی ہم سے بشر بن مفضل نے خالد حذا سے اُسنے عبد اللہ بن شقیق سے کہا اُسنے پوچھا میں نے حضرت عائشہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا حال پوچھا تو کہا اُسنے آنحضرت قبل ظہر کے دو رکعتیں پڑھا کرتے تھے اور بعد اُسکے دو رکعتیں اور بعد مغرب کے دو اور بعد عشا کے دو رکعت اور قبل اُسکے دو اور اس باب میں روایت ہے حضرت علی اور ابن عمر سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عبد اللہ بن شقیق کی جو عائشہ سے ہے حسن صحیح ہے **باب** اس بیان میں کہ رات کی نماز دو دو رکعت ہے حدیث کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے لیث نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے رات کی نماز دو دو رکعت ہے سو جب تو صبح کا خوف کرے تو ایک رکعت وتر پڑھ اور آخر نماز اپنی وتر کر

سلہ اس امر کو وجوب پر حمل کرنے سے قرینہ نماز رات کا مانع ہے کیونکہ رات کی نماز بالاتفاق واجب نہیں پس اسکا آخر کیونکر واجب ہوگا اور نیز روایت صحیحین اور موطا کی جو عائشہ سے ہے اور ترمذی اور ابن ماجہ اور احمد میں ام سلمہ اور ابی امامہ وغیرہ سے مروی ہے کہ فرمایا آپ نے رات کو اٹھنا مشکل ہے جب کوئی تم میں سے وتر پڑھ لے تو چاہیے کہ دو رکعت بعد اُسکے پڑھے سو اگر رات کو تہجد کی نماز کیلیے کھڑا ہو گیا تو خیر ورنہ

وفی الباب عن عمرو بن عبسة **قال** ابو عیسی حدیث ابن عمر حدیث حسن صحیح والعمل علی ھذا عند اھل العلم ان صلاۃ اللیل مثنی مثنی وھو قول
سفیان الثوری وابن المبارک والشافعی واحمد واسحاق **باب** ماجاء فی فضل صلاۃ اللیل **حدثنا** قتیبة نا ابو عوانة عن ابی بشر عن
حمید بن عبد الرحمن الحمیری عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم افضل الصیام بعد شھر رمضان شھر اللہ المحرم وافضل
الصلاۃ بعد الفریضة صلاۃ اللیل وفی الباب عن جابر وبلال وابی اُمامة **قال** ابو عیسی حدیث ابی ھریرۃ حدیث حسن وابو بشر اسمه
جعفر بن ایاس وھو جعفر بن ابی وحشیة **باب** ماجاء فی وصف صلاۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم باللیل **حدثنا** اسحاق بن موسی الانصاری
نا معن نا مالک عن سعید بن ابی سعید المقبری عن ابی سلمة انه اخبرہ انه سئل عائشة کیف کانت صلاۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی
رمضان فقالت ماکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یزید فی رمضان ولا فی غیرہ علی احدی عشرۃ رکعة یصلی اربعا فلا تسئل عن حسنھن
وطولھن ثم یصلی اربعا فلا تسئل عن حسنھن وطولھن ثم یصلی ثلاثا فقالت عائشة فقلت یا رسول اللہ اتنام قبل ان توتر فقال یا عائشة ان عینی
تنامان ولا ینام قلبی **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** اسحاق بن موسی الانصاری نا معن بن عیسی نا مالک عن ابن شھاب
عن عروۃ عن عائشة ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یصلی من اللیل احدی عشرۃ رکعة یوتر منھا بواحدۃ فاذا فرغ منھا اضطجع علی شقه
الایمن نا قتیبة عن مالک عن ابن شھاب نحوہ **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح **باب** منه **حدثنا** ابو کریب نا وکیع عن شعبة
عن ابی جمرۃ عن ابن عباس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی من اللیل ثلاث عشرۃ رکعة **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح
باب منه **حدثنا** ھناد نا ابو الاحوص عن الاعمش عن ابراھیم عن الاسود عن عائشة قالت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصلی من اللیل
تسع رکعات وفی الباب عن ابی ھریرۃ وزید بن خالد والفضل بن عباس

اور اس باب میں عمرو بن عبسہ سے روایت ہے کہا ابو عیسٰی نے حدیث ابن عمر کی حسن صحیح ہے اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے
کہ نماز رات کی دو دو رکعت ہے اور یہی قول سفیان ثوری اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا ہے **باب** رات کی
نماز کی فضیلت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے ابی بشر سے اُسنے حمید بن عبد الرحمان حمیری
سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب روزوں سے افضل روزہ بعد رمضان کے مہینہ اللہ
کا ہے جو محرم ہے اور سب نمازوں سے افضل نماز بعد فرضوں کے نماز رات کی ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے جابر اور بلال
اور ابی امامہ سے کہا ابو عیسٰی نے حدیث ابی ہریرہ کی حسن ہے اور ابو بشر نام اُسکا جعفر بن ایاس ہے۔ اور یہ جعفر بن ابی وحشیہ ہے
باب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نماز کے وصف کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن موسٰی انصاری نے کہا حدیث
کی ہمسے معن نے مالک سے اُسنے سعید بن ابی سعید مقبری سے اُسنے ابی سلمہ سے یہ کہ اُسنے اُسکو خبر دی ہے کہ اُسنے حضرت عائشہ سے
سوال کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز رمضان میں کس طرح تھی پس کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رمضان وغیرہ
میں گیارہ رکعت سے زیادہ نہیں پڑہتے تھے چار رکعتیں پڑہتے سو تو اُنکے حسن اور لنبائی سے سوال مت کر پھر چار پڑہتے سو تو اُنکے
حسن اور لنبائی سے سوال مت کر پھر تین پڑہتے تھے سو کہا عائشہ نے پھر میں نے کہا یا رسول اللہ کیا آپ وتر پڑہنے سے پہلے سو رہتے ہو
پس فرمایا آپ نے اے عائشہ میری آنکھیں سوتی ہیں اور میرا دل نہیں سوتا۔ کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث**
کی ہمسے اسحاق بن موسٰی انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن بن عیسٰی نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ابن شہاب سے اُسنے عروہ سے
اُسنے عائشہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات میں گیارہ رکعت پڑہتے تھے ساتھ ایک کے انمیں سے وتر کرتے تھے پس جب
اُس سے فارغ ہوجاتے تو اپنی داہنی کروٹ پر لیٹ جاتے۔ **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے مالک سے اُسنے ابن شہاب سے مثل اسکے
کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے شعبہ
سے اُسنے ابی جمرہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات میں تیرہ رکعت پڑہتے تھے کہا ابو عیسٰی نے یہ
حدیث حسن صحیح ہے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے اسود سے
اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم رات میں نو رکعت پڑہا کرتے تھے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور زید بن خالد اور فضل بن عباس سے

قال ابو عیسیٰ حدیث عائشۃ حدیث حسن غریب من ھذا الوجہ ورواہ سفیان الثوری عن الاعمش نحو ھذا **حدثنا** بذلک محمود بن غیلان نا یحیی بن آدم عن سفیان عن الاعمش **قال** ابو عیسیٰ واکثر ما روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی صلاۃ اللیل ثلاث عشرۃ رکعۃ مع الوتر واقل ما وصف من صلاتہ من اللیل تسع رکعات **حدثنا** قتیبۃ نا ابو عوانۃ عن قتادۃ عن زرارۃ بن اوفی عن سعد بن ھشام عن عائشۃ قالت کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا لم یصل من اللیل منعہ من ذلک النوم او غلبتہ عیناہ صلی من النھار ثنتی عشرۃ رکعۃ **قال** ابو عیسیٰ ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** عباس ھو ابن عبد العظیم العنبری نا عتاب بن المثنی عن بھز بن حکیم قال کان زرارۃ بن اوفی قاضی البصرۃ فکان یؤم بنی قشیر فقرأ یوما فی صلاۃ الصبح فاذا نقر فی الناقور فذلک یومئذ یوم عسیر خر میتا وکنت فیمن احتملہ الی دارہ **قال** ابو عیسیٰ وسعد بن ھشام ھو ابن عامر الانصاری وھشام بن عامر ھو من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم **باب** فی نزول الرب تبارک وتعالیٰ الی السماء الدنیا کل لیلۃ **حدثنا** قتیبۃ نا یعقوب بن عبد الرحمن الاسکندرانی عن سھیل بن ابی صالح عن ابیہ عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ینزل اللہ تبارک وتعالیٰ الی السماء الدنیا کل لیلۃ حین یمضی ثلث اللیل الاول فیقول انا الملک من ذا الذی یدعونی فاستجیب لہ من ذا الذی یسألنی فاعطیہ من ذا الذی یستغفرنی فاغفر لہ فلا یزال کذلک حتی یضیء الفجر وفی الباب عن علی بن ابی طالب وابی سعید ورفاعۃ الجھنی وجبیر بن مطعم وابن مسعود وابی الدرداء وعثمان بن ابی العاص **قال** ابو عیسیٰ حدیث ابی ھریرۃ حدیث حسن صحیح وقد روی ھذا الحدیث من اوجہ کثیرۃ عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال ینزل اللہ تبارک وتعالیٰ حین یبقی ثلث اللیل الآخر وھذا اصح الروایات

کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عائشہ کی اس وجہ سے حسن غریب ہے اور روایت کیا اسکو سفیان ثوری نے اعمش سے مثل اسکے۔ حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن آدم نے سفیان سے اُسنے اعمش سے کہا ابو عیسیٰ نے اور زیادہ سے زیادہ نوافل رات کی نماز کے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہیں تیرہ رکعت ہیں مع وتر دن کے اور کم سے کم نوافل جو آنحضرت کی رات کی نماز کے بیان کیے گئے نو رکعت ہیں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے ابو عوانہ نے قتادہ سے اُسنے زرارہ بن اوفی سے اُسنے سعد بن ہشام سے اُسنے عائشہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جبکہ رات کی نماز نہ پڑھتے منع کر لی اُس سے آپ کو نیند یا آپ کی آنکھیں مبارک آپ پر غالب ہو جاتیں تو دن کو بارہ رکعت پڑھتے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عباس نے جو عبد العزیز عنبری کا بیٹا ہے کہا حدیث کی ہمسے عتاب بن مثنیٰ نے بہز بن حکیم سے کہا اُسنے زرارہ بن اوفی بصرے کا قاضی تھا سو وہ بنی قشیر کی امامت کراتا تھا پس اُسنے ایک دن صبح کی نماز میں یہ آیت پڑھی فاذا نقر فی الناقور فذلک یومئذ یوم عسیر تو فوت ہو کر گر پڑا اور میں اُن شخصوں میں تھا جو اسکو اُٹھا کر اُسکے گھر کی طرف لائے کہا ابو عیسیٰ نے اور سعد بن ہشام وہ ابن عامر انصاری ہے اور ہشام بن عامر وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے ہے۔ **باب** اس بیان میں کہ پروردگار تبارک وتعالیٰ ہر رات میں آسمان دنیا کی طرف نازل ہوتا ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے یعقوب بن عبد الرحمن اسکندرونی نے سہیل بن صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابو ہریرہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تبارک وتعالیٰ ہر ایک رات میں آسمان دنیا کی طرف جبکہ پہلی رات سے تہائی گذر جاتی ہے نازل ہوتا ہے اور فرماتا ہے میں ہوں بادشاہ کون ہے وہ شخص جو مجھ سے دعا مانگے تو میں اُسکی دعا قبول کروں۔ کون ہے وہ شخص جو مجھسے سوال کرے تو میں اُسکو دوں۔ کون ہے جو مجھ سے بخشش مانگے تو میں اُسے بخشش کروں۔ پس اللہ تعالیٰ اسی طرح سے فرماتا رہتا ہے یہانتک کہ فجر روشن ہو جاتی ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے علی بن ابی طالب اور ابی سعید اور رفاعہ جہنی اور جبیر بن مطعم اور ابن مسعود اور ابی الدرداء اور عثمان بن ابی العاص سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابو ہریرہ کی حسن صحیح ہے اور یہ حدیث کئی وجہ سے بواسطہ ابو ہریرہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ فرمایا آپ نے اللہ تبارک وتعالیٰ جبکہ رات کی آخر کی تہائی باقی رہتی تھی نازل ہوتا ہے اور یہ سب سے صحیح روایت ہے۔

لہ مولف کی غرض اس کلام سے یہ ہے کہ آنحضرت کی نماز جو مختلف تعداد سے منقول ہے اس میں کچھ تباین نہیں کیونکہ کبھی آپ نے تیرہ رکعت نماز پڑھی ہے کبھی گیارہ کبھی نو تیرہ رکعت سے زیادہ نہیں پڑھی نو سے کم نہیں ۱۲ ۔ لہ یہ روایت مولف کی زرارہ بن اوفی کی فضیلت بیان کرنے کے واسطے ذکر ہے جو راوی پچھلی حدیث کا ہے ۱۲ ز ز

باب ماجاء فی القراءۃ باللیل **حدثنا** محمود بن غیلان نا یحیی بن اسحاق نا حماد بن سلمۃ عن ثابت البنانی عن عبد اللہ بن رباح الانصاری عن ابی قتادۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لابی بکر مررت بک وانت تقرأ وانت تخفض من صوتک فقال انی اسمعت من ناجیت قال ارفع قلیلا وقال لعمر مررت بک وانت تقرأ وانت ترفع صوتک فقال انی اوقظ الوسنان واطرد الشیطان قال اخفض قلیلا وفی الباب عن عائشۃ وام ہانی وانس وام سلمۃ وابن عباس **حدثنا** قتیبۃ نا اللیث عن معاویۃ بن صالح عن عبد اللہ بن ابی قیس قال سالت عائشۃ کیف کان قراءۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم باللیل فقالت کل ذلک قد کان یفعل ربما اسر بالقراءۃ وربما جہر فقلت الحمد للہ الذی جعل فی الامر سعۃ **قال** ابو عیسی ہذا حدیث صحیح غریب **قال** ابو عیسی حدیث ابی قتادۃ حدیث غریب وانما اسندہ یحیی بن اسحاق عن حماد بن سلمۃ واکثر الناس انما روی ہذا الحدیث عن ثابت عن عبد اللہ بن رباح مرسلا **حدثنا** ابو بکر محمد بن نافع البصری نا عبد الصمد بن عبد الوارث عن اسماعیل بن مسلم العبدی عن ابی المتوکل الناجی عن عائشۃ قالت قام النبی صلی اللہ علیہ وسلم بایۃ من القرآن لیلۃ **قال** ابو عیسی ہذا حدیث حسن غریب من ہذا الوجہ **باب** ماجاء فی فضل صلاۃ التطوع فی البیت **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا عبد اللہ بن سعید بن ابی ہند عن سالم ابی النضر عن بسر بن سعید عن زید بن ثابت عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال افضل صلاتکم فی بیوتکم الا المکتوبۃ وفی الباب عن عمر بن الخطاب وجابر بن عبد اللہ وابی سعید وابی ہریرۃ وابن عمر وعائشۃ وعبد اللہ بن سعد وزید بن خالد الجہنی **قال** ابو عیسی حدیث زید بن ثابت حدیث حسن

باب رات کی قرارت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن اسحاق نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے ثابت بنانی سے اُسنے عبد اللہ بن رباح انصاری سے اُسنے ابی قتادہ سے یہ کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو بکر صدیق سے فرمایا میں تیرے پاس گیا اور تو پڑھ رہا تھا اُس حالت میں کہ تو اپنی آواز کو پست کرتا تھا سو کہا حضرت ابو بکر نے میں سناتا ہوں اسکو جس سے باتیں کرتا ہوں فرمایا آپ نے تھوڑی سی آواز بلند کر۔ اور فرمایا آپ نے حضرت عمر سے میں تیرے پاس گیا اور تو پڑھ رہا تھا اُسحالت میں کہ تو اپنی آواز کو بلند کرتا تھا پس کہا حضرت عمر نے میں سونے والوں کو جگاتا ہوں اور شیطان کو بھگاتا ہوں۔ فرمایا آپ نے تھوڑی سی آواز پست کر اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور ام ہانی اور انس اور ام سلمہ اور ابن عباس سے رضی اللہ عنہم **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے معاویہ بن صالح سے اُسنے عبد اللہ بن ابی قیس سے کہا اُسنے میں نے حضرت عائشہ سے سوال کیا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی قرارت کس طرح تھی۔ پس فرمایا حضرت عائشہ نے ہر طرح پڑھتے تھے کبھی وقت آہستہ قرارت پڑھتے تھے اور کبھی وقت اونچی۔ عبد اللہ بن ابی قیس کہتا ہے پس میں نے کہا تمام حمد ہے واسطے اُس ذات کے جس نے دین میں آسانی کی ہے۔ کہا ابو عیسی نے یہ حدیث صحیح غریب ہے **کہا** ابو عیسی نے حدیث ابی قتادہ کی غریب ہے اور کسی نے اسکو سوائے یحیی بن اسحاق کے جو راوی ہے حماد بن سلمہ سے مسند نہیں کیا۔ اور اکثر لوگوں نے اس حدیث کو بواسطہ ثابت کے عبد اللہ بن رباح سے مرسل روایت کیا ہے **حدیث** کی ہمسے ابو بکر یعنے محمد بن نافع بصری نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الصمد بن عبد الوارث نے اسماعیل بن مسلم عبدی سے اُسنے ابی المتوکل ناجی سے اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک رات میں ساتھ قرآن کی ایک آیت کے کھڑے ہوئے۔ کہا ابو عیسی نے یہ حدیث اس وجہ سے حسن غریب ہے **باب** گھر میں نفلی نماز پڑھنے کی فضیلت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی عبد اللہ بن سعید بن ابی ہند نے سالم ابی النضر سے اُسنے بسر بن سعید سے اُسنے زید بن ثابت سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے افضل نماز تمہاری تمہارے گھروں میں ہے مگر فرضی۔ اور اس باب میں روایت ہے عمر بن خطاب اور جابر بن عبد اللہ اور ابی سعید اور ابی ہریرہ اور ابن عمر اور عائشہ اور عبد اللہ بن سعد اور زید بن خالد جہنی سے رضی اللہ عنہم **کہا** ابو عیسی نے حدیث زید بن ثابت کی حسن ہے۔

ف ۱ آنحضرت ایک رات میں جبکہ تہجد کا وقت تھا حضرت ابو بکر کے پاس گئے تو دیکھا کہ وہ نماز پڑھ رہے ہیں اور آواز انکی بہت پست تھی سنائی نہ دیتی تھی صبح کو آنحضرت نے ابو بکر صدیق سے فرمایا کہ میں تیرے پاس گیا تھا اور تو نماز پڑھ رہا تھا اور بہت آہستہ قرارت پڑھ رہا تھا حضرت ابو بکر نے کہا یا رسول اللہ میں تو اللہ تعالیٰ سے باتیں کرتا ہوں یعنی قرآن مجید کا پڑھنا اللہ تعالیٰ سے باتیں کرنا ہے اور وہ خواہ کسقدر آواز پست ہو سمجھتا ہے پھر میں کیونکر پکار کر پڑھوں اُسی رات میں آنحضرت حضرت عمر کے پاس تشریف لیگئے جب صبح ہوئی تو اُس سے کہا کہ میں تیرے پاس گیا اور تو نماز میں قرآن بلند آواز سے پڑھ رہا تھا حضرت عمر نے کہا یا رسول اللہ میں قرآن اونچی آواز سے پڑھتا ہوں کہ جو لوگ سوئے ہوئے ہوں وہ بھی جاگ پڑیں یاد الہی تعالیٰ سے اپنے گناہوں کی بخشش مانگتا ہوں اور نیز شیطان کو بھگاتا ہوں کہ وہ اونچی قرآن پڑھنے سے بھاگ جاتا ہے حضرت نے فرمایا کہ اسیقدر زیادہ نہ پڑھ اپنی آواز کو کسیقدر پست کر غرض یہ کہ رات کی نماز میں نہ تو بہت آواز کو پست کرنا چاہیے اور نہ بہت بلند کرنا چاہیے درمیانی آواز سے پڑھنا چاہیے ع رموز مملکت ملک خسروان دانند مولف نے اس باب میں دو حدیثیں ذکر کی ہیں آنسے ثابت

وقد اختلفوا فی روایۃ ھذا الحدیث فرواہ موسی بن عقبۃ وابراھیم بن ابی النضر مرفوعا واوقفہ بعضھم ورواہ مالک عن ابی النضر ولم یرفعہ والحدیث المرفوع اصح **حدثنا** اسحاق بن منصور نا عبد اللہ بن نمیر عن عبید اللہ ابن عمر عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال صلوا فی بیوتکم ولا تتخذوھا قبورا **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح

ابواب الوتر

باب ماجاء فی فضل الوتر **حدثنا** قتیبۃ **ثنا** اللیث بن سعید عن یزید بن ابی حبیب عن عبد اللہ بن راشد الزرقی عن عبد اللہ بن ابی مرۃ الزوفی عن خارجۃ بن حذافۃ انہ قال خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ان اللہ امرکم بصلاۃ ھی خیر لکم من حمر النعم الوتر جعلہ اللہ لکم فیما بین صلوۃ العشاء الی ان یطلع الفجر وفی الباب عن ابی ھریرۃ وعبد اللہ بن عمرو وبریدۃ وابی بصرۃ صاحب النبی صلی اللہ علیہ وسلم **قال** ابو عیسی حدیث خارجۃ بن حذافۃ حدیث غریب لا نعرفہ الا من حدیث یزید بن ابی حبیب وقد وھم بعض المحدثین فی ھذا الحدیث فقال عبد اللہ بن راشد الزرقی وھو وھم **باب** ماجاء ان الوتر لیس بحتم **حدثنا** ابو کریب نا ابو بکر بن عیاش نا ابو اسحاق عن عاصم بن ضمرۃ عن علی قال الوتر لیس بحتم کصلوتکم المکتوبۃ ولکن سن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ وتر یحب الوتر فاوتروا یا اھل القرآن وفی الباب عن ابن عمر وابن مسعود وابن عباس **قال** ابو عیسی حدیث علی حدیث حسن وروی سفیان الثوری وغیرہ عن ابی اسحاق عن عاصم بن ضمرۃ عن علی قال الوتر لیس بحتم کھیئۃ الصلاۃ المکتوبۃ ولکن سنۃ سنھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حدثنا بذلک بندار نا عبد الرحمن بن مھدی عن سفیان وھذا اصح من حدیث ابی بکر بن عیاش وقد روی منصور بن المعتمر عن ابی اسحاق نحو روایۃ ابی بکر بن عیاش **باب** ماجاء فی کراھیۃ النوم قبل الوتر **حدثنا** ابو کریب نا زکریا بن ابی زائدۃ عن اسرائیل عن عیسی بن ابی عزۃ عن الشعبی عن ابی ثور الازدی عن ابی ھریرۃ قال امرنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اوتر قبل ان انام۔

اور لوگون نے اس حدیث کی روایت مین اختلاف کیاہے سو موسےٰ بن عقبہ اور ابراہیم بن ابے النضر نے تو اسکو مرفوع روایت کیاہے اور بعضون نے اسکو وقف کیاہے اور روایت کیا اسکو مالک نے ابے النضر سے اور مرفوع نہین کیا۔ اور حدیث مرفوع سب سے صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن نمیر نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے آپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے اپنے گہرون مین نماز پڑہو۔ اور انکو قبرین نہ بناؤ۔ کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

ابواب الوتر

باب نماز وتر کی فضیلت کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے یزید بن ابی حبیب سے اُسنے عبد اللہ بن راشد زرقی سے اُسنے عبد اللہ بن ابی مرہ زوفی سے اُسنے خارجہ بن حذافہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمپر نکلے تو فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ نے تمکو ساتھ ایک نماز ایسی کے مدد دی ہے جو تمہارے لیے سرخ اونٹون سے بہتر ہے وہ نماز وتر ہے اللہ تعالیٰ نے اسکو تمہارے لیے درمیان نماز عشاء کے تا چڑہنے صبح تک مقرر کیاہے۔ اور اس باب مین روایت ہے ابی ہریرہ اور عبد اللہ بن عمرو اور بریدہ اور ابی البصرہ سے جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مصاحب ہے کہا ابو عیسےٰ نے حدیث خارجہ بن حذافہ کی غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر طریق یزید بن ابی حبیب سے اور بعض محدثین نے اس حدیث مین وہم کیاہے اور کہاہے عبد اللہ بن راشد زرقی اور یہ وہم ہے

باب اس بیان مین کہ وتر واجب نہین ہین **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے ابو بکر بن عیاش نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسحٰق نے عاصم بن ضمرہ سے اُسنے علی سے کہا اُسنے وتر واجب نہین ہین مثل نماز تمہاری فرضی کے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر فرمائی ہین فرماتا ہے کہ اللہ تعالیٰ وتر ہے یعنی اکیلا ہے دوست رکھتاہے وتر کو پس اے مومنو وتر پڑہو۔ اور اس باب مین روایت ہے ابن عمر اور ابن مسعود اور ابن عباس سے کہا ابو عیسےٰ نے حدیث علی کی حسن ہے اور روایت کی ہے سفیان ثوری وغیرہ نے ابی اسحاق سے اُسنے عاصم بن ضمرہ سے اُسنے حضرت علی سے کہ کہا اُسنے وتر واجب نہین مثل نماز تمہاری فرضی کے لیکن ایسی سنت ہین کہ انکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر کیاہے **حدیث** کی ہمکو ساتھ اسکے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمان بن مہدی نے سفیان سے۔ اور یہ حدیث ابی بکر بن عیاش کی حدیث سے صحیح ہے۔ اور روایت کی ہے منصور بن معتمر نے ابی اسحٰق سے مثل روایت ابی بکر بن عیاش کے

باب اس بیان مین کہ وتر دن سے پہلے سونا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے زکریا بن ابی زائدہ نے اسرائیل سے اُسنے عیسیٰ بن ابی عزہ سے اُسنے شعبی سے اُسنے ابی ثور ازدی سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا ہے کہ سونے سے پہلے وتر پڑہون

ہوتاہے کہ آنحضرت کی قرارت کا حال مختلف تہا کبھی بلند آواز کبھی آہستہ کبھی بہت قرآن پڑہتے کبھی تہوڑا جیسا کہ طبیعت کی نشاط ہوتی ۱۲ ھسلہ یہ الفاظ تفسیر پہلے الفاظ کے ہین یعنے اپنے گہرون مین بہی نماز پڑہا کرو اور ایسے نہ انکو کرو کہ قبرون کی طرح ہوجاوین یعنے جیسے کہ قبرون مین نماز نہین پڑہتے ایسے تم انمین بہی نماز نہ پڑہو ۱۲ ثر

قال عیسیٰ بن ابی عزة وكان الشعبي يوتر اول الليل ثم ينام وفي الباب عن ابي ذر قال ابو عيسى حديث ابي هريرة حديث حسن غريب من هذا الوجه
وابو ثور الازدي اسمه حبيب بن ابي مليكة وقد اختار قوم من اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم ومن بعدهم ان لا ينام الرجل
حتى يوتر وروي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال من خشي منكم ان لا يستيقظ من اخر الليل فليوتر من اوله ومن طمع منكم ان يقوم من اخر
الليل فليوتر من اخر الليل فان قراءة القران في اخر الليل محضورة وهي افضل حدثنا بذلك هناد قال نا ابو معاوية عن الاعمش عن ابي سفيان
عن جابر عن النبي صلى الله عليه وسلم باب ما جاء في الوتر من اول الليل واخره حدثنا احمد بن منيع نا ابو بكر بن عياش نا ابو حصين عن يحيى
بن وثاب عن مسروق انه سال عائشة عن وتر النبي صلى الله عليه وسلم فقالت من كل الليل قد اوتر اوله واوسطه واخره فانتهى وتره حين
مات في وجه السحر قال ابو عيسى ابو حصين اسمه عثمان بن عاصم الاسدي وفي الباب عن علي وجابر وابي مسعود الانصاري وابي قتادة
قال ابو عيسى حديث عائشة حديث حسن صحيح وهو الذي اختاره بعض اهل العلم الوتر من اخر الليل باب ما جاء في الوتر بسبع حدثنا
هناد نا ابو معاوية عن الاعمش عن عمرو بن مرة عن يحيى بن الجزار عن ام سلمة قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم يوتر بثلاث عشرة فلما كبر
وضعف اوتر بسبع وفي الباب عن عائشة قال ابو عيسى حديث ام سلمة حديث حسن وقد روي عن النبي صلى الله عليه وسلم الوتر بثلاث عشرة
واحدى عشرة وتسع وسبع وخمس وثلاث وواحدة قال اسحاق بن ابراهيم معنى ما روي ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يوتر بثلاث عشرة
قال انما معناه انه كان يصلي من الليل ثلاث عشرة ركعة مع الوتر فنسبت صلوة الليل الى الوتر وروي في ذلك حديثا عن عائشة واحتج بما روي
عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اوتروا يا اهل القران قال انما عنى به قيام الليل يقول انما قيام الليل على اصحاب القران باب ما جاء في الوتر بخمس
حدثنا اسحاق بن منصور نا عبد الله بن نمير نا هشام بن عروة عن ابيه

کہا عیسیٰ بن ابی عزہ نے اور شعبی اول رات کو وتر پڑھتا پھر سو رہتا اور اس باب میں روایت ہے ابی ذر سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابو ہریرہ کی اس وجہ سے حسن غریب ہے اور ابو ثور ازدی کا
نام حبیب بن ابی ملیکہ ہے اور ایک قوم نے اہل علم سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اور ان کے بعد ہم سے اختیار کیا ہے کہ آدمی سوئے نہیں تاکہ وتر پڑھ لے اور مروی ہے نبی
صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جس شخص کو تم میں سے یہ خوف ہو کہ وہ آخر رات کو نہیں جاگ سکیگا تو چاہیے کہ وہ اول رات
کو وتر پڑھ لے اور جسکو آخر رات میں کھڑا ہونے کی امید ہو تو چاہیے کہ وہ آخر رات کو وتر پڑھے اسلیے کہ آخر رات میں قرآن پڑھنے سے
فرشتے حاضر ہوتے ہیں اور وہ افضل ہے حدیث کی ہم سے ساتھ اسکے ہناد نے کہا حدیث کی ہم سے ابو معاویہ نے اعمش سے اُنہوں نے
ابی سفیان سے اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے باب نماز وتر کے اول رات اور آخر رات پڑھنے کے بیان میں حدیث
کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے ابو بکر بن عیاش نے کہا حدیث کی ہم سے ابو حصین نے یحییٰ بن وثاب سے اُسنے مسروق
سے یہ کہ اُسنے حضرت عائشہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے وتروں کی بابت سوال کیا پس کہا اُسنے ہر ایک حصہ رات میں آپ نے وتر پڑھے
ہیں اول میں اوسط میں آخر میں اور جب فوت ہوئے ہیں تو آپ کے وتر سحری کے وقت مقرر ہوئے ہیں۔ کہا ابو عیسیٰ نے ابو حصین کا
نام عثمان بن عاصم اسدی ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے حضرت علی اور جابر اور ابی مسعود انصاری اور ابی قتادہ سے رضی اللہ
عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عائشہ کی حسن صحیح ہے اور اسی کو بعض اہل علم نے اختیار کیا ہے کہ وتر آخر رات میں ہیں۔ باب اس
بیان میں کہ وتر سات رکعت ہیں حدیث کی ہم سے ہناد نے کہا حدیث کی ہم سے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے عمرو بن مرہ سے اُسنے
یحییٰ بن جزار سے اُسنے ام سلمہ سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تیرہ رکعت وتر پڑھا کرتے تھے پس جب بڑے ہوئے اور ضعیف ہو گئے
تو سات رکعت وتر پڑھی ہیں۔ اور اس باب میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ام سلمہ کی حسن ہے۔ اور مروی
ہے آنحضرت سے کہ وتر تیرہ رکعت ہیں اور گیارہ اور نو اور سات اور پانچ اور تین اور ایک کہا اسحاق بن ابراہیم نے معنے اس روایت
کے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تیرہ رکعت وتر پڑھتے تھے یہ ہیں کہ رات کی نماز تیرہ رکعت مع وتروں کے پڑھتے تھے سو نماز رات کی وتروں کی
طرف نسبت کی گئی ہے۔ اور اُسنے اسمیں حدیث عائشہ کی روایت کی ہے اور دلیل پکڑی اُسنے ساتھ اس روایت کے جو نبی صلی اللہ علیہ
وسلم سے مروی ہے کہ فرمایا آپ نے اے قرآن والو وتر پڑھا کرو کہا اُسنے مراد اس سے آنحضرت کی رات کا قیام ہے کیونکہ قیام رات کا قرآن والوں ہی
باب نماز وتر کی پانچ رکعت کے بیان میں حدیث کی ہم سے اسحٰق بن منصور نے کہا خبر دی ہم کو عبد اللہ بن نمیر نے کہا حدیث کی ہم سے ہشام بن عروہ نے اپنے باپ سے

عن عائشة قالت كانت صلاة رسول الله صلى الله عليه وسلم من الليل ثلث عشرة ركعة يوتر من ذلك بخمس لا يجلس في شيء منهن الا في اخرهن فاذا اذن المؤذن قام فصلى ركعتين خفيفتين وفي الباب عن ابي ايوب **قال** ابو عيسى وحديث عائشة حديث حسن صحيح وقد روى بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم الوتر بخمس وقالوا لا يجلس في شيء منهن الا في آخرهن **باب ماجاء في الوتر بثلاث** **حدثنا** هناد نا ابو بكر بن عياش عن ابي اسحاق عن الحارث عن علي قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يوتر بثلاث يقرأ فيهن بتسع سور من المفصل يقرأ في كل ركعة بثلاث سور آخرهن قل هو الله احد وفي الباب عن عمران بن حصين وعائشة و ابن عباس وابي ايوب وعبد الرحمن بن ابزى عن ابي بن كعب ويروى ايضا عن عبد الرحمن ابن ابزى عن النبي صلى الله عليه وسلم هكذا روى بعضهم فلم يذكر فيه عن ابي وذكر بعضهم عن عبد الرحمن بن ابزى عن ابي **قال** ابو عيسى وقد ذهب قوم من اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم الى هذا ورأوا ان يوتر الرجل بثلاث قال سفيان ان شئت اوترت بخمس وان شئت اوترت بثلاث وان شئت اوترت بركعة قال سفيان والذي استحب ان يوتر بثلاث ركعات وهو قول ابن المبارك واهل الكوفة **حدثنا** سعيد بن يعقوب الطالقاني نا حماد بن زيد عن هشام عن محمد بن سيرين قال كانوا يوترون بخمس وبثلاث وبركعة ويرون كل ذلك حسنا **باب ما جاء في الوتر بركعة** **حدثنا** قتيبة نا حماد بن زيد عن انس بن سيرين قال سالت ابن عمر فقلت اطيل في ركعتي الفجر فقال كان النبي صلى الله عليه وسلم يصلي من الليل مثنى مثنى ويوتر بركعة وكان يصلي الركعتين والاذان في اذنه وفي الباب عن عائشة وجابر والفضل بن عباس وابي ايوب وابن عباس **قال** ابو عيسى حديث ابن عمر حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم والتابعين رأوا ان يفصل الرجل بين الركعتين والثالثة

اُسنے عائشہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رات کی نماز تیرہ رکعت تھی انہیں پانچ رکعت وتر کرتے تھے انہین سے کسی رکعت میں نہ بیٹھتے تھے مگر آخر رکعت میں پس جب موذن اذان دیتا تو کھڑے ہوتے اور ہلکی دو رکعتیں پڑھتے اور اس باب میں روایت ہے ابی ایوب سے کہا ابو عیسےٰ نے اور حدیث عائشہ کی حسن صحیح ہے اور بعض اہل علم کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے مذہب ہی کہ وتر پانچ رکعت ہیں اور کہا انہوں نے انہیں سے کسی رکعت میں نہ بیٹھے مگر انکی آخر رکعت میں **باب** نماز وتر کی تین رکعت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو بکر بن عیاش نے ابی اسحاق سے اُسنے حارث سے اُسنے حضرت علی سے کہا اُسنے رسول اللہ صلعم تین رکعت وتر پڑھتے تھے انہیں مفصلات سے نو سورتیں پڑھتے تھے ہر ایک رکعت میں تین سورتیں پڑھتے تھے آخر اُنکے قل ہو اللہ احد ہی اور اس باب میں روایت ہی عمران بن حصین اور عائشہ اور ابن عباس اور ابی ایوب اور عبد الرحمان بن ابزی سے جو راوی ہے ابی بن کعب سے اور نیز عبد الرحمٰن بن ابزی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے۔ ایسا ہی روایت کی ہے بعض نے اور اُسنے اسمین ابی کا ذکر نہیں کیا۔ اور ذکر کیا ہی بعض نے روایت ہی عبد الرحمٰن بن ابزیٰؓ سے اُسنے روایت کی ابی سے کہا ابو عیسیٰ نے اور ایک قوم اہل علم سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے اسطرف گئی ہی اور کہا انہوں نے کہ آدمی تین رکعت وتر پڑھے۔ کہا سفیان نے اگر تیری مرضی ہو تو پانچ رکعت وتر پڑھ اور اگر تیری مرضی ہو تو تین رکعت وتر پڑھ اور اگر تیری مرضی ہو تو ایک رکعت وتر پڑھ کہا سفیان نے اور میں درست یہ رکھتا ہوں کہ وتر تین رکعت پڑھے جائیں اور یہی قول ہے ابن مبارک اور اہل کوفہ کا۔ **حدیث** کی ہمسے سعید بن یعقوب طالقانی نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ہشام سے اُسنے محمد بن سیرین سے کہا اُسنے صحابہ کا مذہب تہا کہ نماز وتر پانچ رکعت اور تین رکعت اور ایک رکعت ہے اور جانتے تھے کہ ہر طرح سے پڑھنا بہتر ہی **باب** نماز وتر کے ایک رکعت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے انس بن سیرین سے کہا اُسنے میں نے ابن عمر سے سوال کیا سو کہا میں نے کہ فجر کی دو رکعتوں (یعنی سنتوں میں) لمبائی کروں پس کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم رات کی نماز دو دو رکعت پڑھتے تھے اور ایک رکعت وتر پڑھتے تھے اور دو رکعتیں پڑھتے تھے حالانکہ اذان آپ کے کانوں مبارک میں ہوتی تھی اور اس باب میں روایت ہی عائشہ اور جابر اور فضل بن عباس اور ابی ایوب اور ابن عباس سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن عمر کی حسن صحیح ہے اور عمل بعض اہل علم کے نزدیک صحابہ اور تابعین سے اسی پر ہی کہا انہوں نے آدمی درمیان دو رکعت

ف یعنی یہ روایت کبھی تو عبد الرحمان بن ابزی سے بلا واسطہ آنحضرت سے منقول ہے اور کبھی ابی کے واسطے ۱۲ ف انس ابن سیرین نے ابن عمر سے سوال کیا کہ کیا میں فجر کی سنتوں میں قراءت لمبی پڑہا کروں اُسنے جواب دیا کہ آنحضرت سنتیں اتنی ہلکی پڑھتے تھے کہ ابھی اذان آپ کے کانوں مبارک میں ہی یعنے اذان ختم ہونے کے بعد جب شروع کرتے تو گویا ایسا معلوم ہوتا تھا کہ ابھی اذان ہو ہی رہی تھی یعنے بہت جلدی ختم کر لیتے تھے اور باقی روایت جو ابن عمر نے بیان کی ہے وہ سوال سے زائد ہی اس سے ثابت ہوا کہ سوال سے زیادہ جواب دینا جائز ہے ۱۲

یوتر برکعة وبه یقول مالك والشافعی واحمد واسحاق **باب** ماجاء مایقرأ فی الوتر **حدثنا** علی بن حجر نا شریك عن ابی اسحاق
عن سعید بن جبیر عن ابن عباس قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یقرأ فی الوتر بسبح اسم ربك الاعلی وقل یایها الکفرون وقل
هو الله احد فی رکعة رکعة وفی الباب عن علی وعائشة وعبد الرحمن بن ابزی عن ابی بن کعب عن النبی صلی الله علیه وسلم **قال**
ابو عیسی وقد روی عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قرأ فی الوتر فی الرکعة الثالثة بالمعوذتین وقل هو الله احد والذی اختاره اکثر اهل
العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم ومن بعدهم ان یقرأ بسبح اسم ربك الاعلی وقل یایها الکفرون وقل هو الله احد یقرأ فی کل
رکعة من ذلك بسورة **حدثنا** اسحاق بن ابراهیم ابن حبیب بن الشهید البصری نا محمد بن سلمة الحرانی عن خصیف عن عبد العزیز
بن جریج قال سألت عائشة بای شیء کان یوتر رسول الله صلی الله علیه وسلم قالت کان یقرأ فی الاولی بسبح اسم ربك الاعلی وفی الثانیة
بقل یایها الکفرون وفی الثالثة بقل هو الله احد والمعوذتین **قال** ابو عیسی وهذا حدیث حسن غریب وعبد العزیز هذا والد ابن جریج
صاحب عطاء وابن جریج اسمه عبد الملك بن عبد العزیز بن جریج وقد روی هذا الحدیث یحیی بن سعید الانصاری عن عمرة عن عائشة
عن النبی صلی الله علیه وسلم **باب** ماجاء فی القنوت فی الوتر **حدثنا** قتیبة نا ابو الاحوص عن ابی اسحاق عن یزید بن ابی مریم عن
ابی الحوراء قال قال الحسن بن علی علمنی رسول الله صلی الله علیه وسلم کلمات اقولهن فی الوتر اللهم اهدنی فیمن هدیت وعافنی فیمن عافیت
وتولنی فیمن تولیت وبارك لی فیما اعطیت وقنی شر ما قضیت فانك تقضی ولا یقضی علیك وانه لا یذل من والیت تبارکت ربنا
وتعالیت وفی الباب عن علی **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن لا نعرفه الا من هذا الوجه من حدیث ابی الحوراء السعدی واسمه
ربیعة بن شیبان ولا نعرف عن النبی صلی الله علیه وسلم فی القنوت شیئا احسن من هذا واختلف اهل العلم فی القنوت فی الوتر فرای
عبد الله بن مسعود القنوت فی الوتر فی السنة کلها واختار القنوت قبل الرکوع وهو قول بعض اهل العلم وبه یقول سفیان الثوری وابن المبارك واسحق واهل الکوفة

وتر میں ایک رکعت پڑھنے سے فصل کرتے تھے۔ اور یہی کہتا ہے مالک اور شافعی اور احمد اور اسحق **باب** اس بیان میں کہ وتروں میں کیا قرأت پڑھی جاوے حدیث کی ہم سے علی
بن حجر نے کہا حدیث کی ہم سے شریک نے ابی اسحق سے اُنہوں نے سعید بن جبیر سے اُنہوں نے ابن عباس سے کہا اُنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا تر وتر میں یہ سورتیں پڑھتے تھے سبح اسم
ربک الاعلی اور قل یایہا الکفرون اور قل ہو اللہ احد ہر ایک رکعت میں اُنمیں سے ایک سورت پڑھتے تھے اور اس باب میں علی اور عائشہ اور عبد الرحمن بن ابزی سے اُنہوں نے ابی بن کعب سے اُنہوں نے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے کہا ابو عیسیٰ نے کہ تحقیق روایت کی گئی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے وتر کی تیسری رکعت میں معوذتین اور قل ہو اللہ احد پڑھی مختار اکثر
اہل علم کا اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور جو انکے بعد ہیں یہ ہے کہ ہر رکعت میں ایک ایک سورہ سبح اسم ربک الاعلی اور قل یایہا الکفرون اور قل ہو اللہ احد پڑھے حدیث
بیان کی ہم سے اسحق بن ابراہیم بن حبیب بن شہید بصری نے کہا حدیث کی ہم سے محمد بن سلمہ حرانی نے خصیف سے اُنہوں نے عبد العزیز بن جریج سے کہا اُنہوں نے حضرت عائشہ سے سوال کیا کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم ساتھ کونسی سورتوں کے وتر پڑھتے تھے کہا اُنہوں نے پہلی رکعت میں سبح اسم ربک الاعلی پڑھتے تھے اور دوسری میں قل یایہا الکفرون اور تیسری میں
قل ہو اللہ احد اور معوذتین کہا ابو عیسیٰ نے اور یہ حدیث حسن غریب ہے اور یہ عبد العزیز والد ہے ابن جریج کا جو شاگرد عطا کا ہے اور ابن جریج کا نام عبد الملک بن عبد العزیز بن جریج ہے۔ اور
روایت کیا ہے اس حدیث کو یحییٰ بن سعید انصاری نے عمرہ سے اُنہوں نے عائشہ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **باب** وتروں میں قنوت کے بیان میں **حدیث**
کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے ابو الاحوص نے ابی اسحاق سے اُنہوں نے یزید بن ابی مریم سے اُنہوں نے ابی الحوراء سے کہا اُنہوں نے کہا حسن بن علی نے مجھے رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چند کلمے سکھلائے ہیں جو انکو میں وتروں میں پڑھا کروں۔ اللہم اہدنی فیمن ہدیت الخ اے اللہ ہدایت کر مجھے اُن شخصوں میں جنکو تو نے ہدایت
کیا ہے اور معاف کر مجھے انہیں جنکو تو نے معاف کیا ہے اور دوست رکھ مجھے اُن شخصوں میں جنکو تو نے دوست رکھا ہے اور برکت دے مجھے اُس چیز میں جو
کچھ تو نے دیا ہے اور نگاہ رکھ مجھے بُرائی اُس چیز سے جو تو نے حکم کیا ہے کیونکہ تو حکم کر سکتا ہے اور تجھ پر کسی کا حکم نہیں چل سکتا اور نہیں ذلیل ہو سکتا وہ
شخص جسکو تو دوست رکھے تو برکت والا ہے اے رب ہمارے اور بلند ہے عظمت تیری اور اس باب میں روایت ہے حضرت علی سے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن
ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے یعنی حدیث ابی الحوراء سعدی سے اور نام اسکا ربیعہ بن شیبان ہے اور نہیں پہچانتے ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے قنوت
میں کوئی دعا جو اس سے بہتر ہو اور اہل علم نے وتروں میں قنوت پڑھنے میں اختلاف کیا ہے پس عبد اللہ بن مسعود کا یہ مذہب ہے کہ وتروں میں قنوت پڑھنی تمام برس
میں چاہیے اور اُنہوں نے رکوع سے پہلے قنوت پڑھنے کو اختیار کیا ہے اور یہی قول ہے بعض اہل علم کا اور یہی کہتا ہے سفیان ثوری اور ابن مبارک اور اسحق اور اہل کوفہ

ف۱؎ مولف نے جسقدر روایات وتروں کے بارے میں تھیں اسیقدر باب منعقد کیے ہیں غرض یہ ہے کہ وتر آنحضرت سے مختلف طور سے ثابت ہیں خواہ کوئی ایک رکعت پڑھے یا تین یا پانچ یا
یا سات آگے آخر رات میں پڑھے یا ابتدا میں یا وسط میں جسطرح کسی پر آسان ہوں ۱۲ منہ غرض اسکی یہ ہے کہ پڑھے اور دوام کی کیفیت ایک ہی ہے ۱۲

وقد روی عن علی بن ابی طالب انه کان لا یقنت الا فی النصف الاخر من رمضان وکان یقنت بعد الرکوع وقد ذهب بعض اهل العلم الی هذا وبه یقول الشافعی واحمد **باب ماجاء فی الرجل ینام عن الوتر او ینسی** حدثنا محمود بن غیلان نا وکیع نا عبد الرحمن بن زید بن اسلم عن ابیه عن عطاء بن یسار عن ابی سعید الخدری قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من نام عن الوتر او نسیه فلیصل اذا ذکر واذا استیقظ حدثنا قتیبة نا عبد الله بن زید بن اسلم عن ابیه ان النبی صلی الله علیه وسلم قال من نام عن وتره فلیصل اذا اصبح وهذا اصح من الحدیث الاول سمعت ابا داؤد السجزی یعنی سلیمان بن الاشعث یقول سالت احمد بن حنبل عن عبد الرحمن بن زید بن اسلم فقال اخوه عبد الله لا باس به وسمعت محمدا یذکر عن علی بن عبد الله انه ضعف عبد الرحمن بن زید بن اسلم وقال عبد الله بن زید بن اسلم ثقة وقد ذهب بعض اهل الکوفة الی هذا الحدیث وقالوا یوتر الرجل اذا ذکر وان کان بعد ما طلعت الشمس وبه یقول سفیان الثوری **باب ماجاء فی مبادرة الصبح بالوتر** حدثنا احمد بن منیع نا یحیی بن زکریا بن ابی زائدة نا عبید الله عن نافع عن ابن عمر ان النبی صلی الله علیه وسلم قال بادروا الصبح بالوتر قال ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح حدثنا الحسن بن علی الخلال نا عبد الرزاق نا معمر عن یحیی بن ابی کثیر عن ابی نضرة عن ابی سعید الخدری قال قال رسول الله صلی علیه وسلم اوتروا قبل ان تصبحوا حدثنا محمود بن غیلان نا عبد الرزاق نا ابن جریج عن سلیمان بن موسی عن نافع عن ابن عمر عن رسول الله صلی الله علیه وسلم قال اذا طلع الفجر فقد ذهب کل صلوة اللیل والوتر فاوتروا قبل طلوع الفجر قال ابو عیسی وسلیمان بن موسی قد تفرد به علی هذا اللفظ وروی عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال لا وتر بعد صلوة الصبح وهو قول غیر واحد من اهل العلم وبه یقول الشافعی واحمد واسحاق لا یرون الوتر بعد صلوة الصبح

اور علی بن ابی طالب سے مروی ہے کہ وہ رمضان کے نصف آخر میں سے قنوت پڑھا کرتے تھے اور بعد رکوع کے قنوت پڑھتے تھے اور بعض اہل علم طرف اسکے گئے ہیں اور یہی کہتا ہے امام شافعی اور احمد **باب اس بیان میں کہ کوئی آدمی وتر پڑھنے سے سو جائے یا بھول جائے** حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمان بن زید بن اسلم نے اپنے باپ سے اسنے عطاء بن یسار سے اسنے ابی سعید خدری سے کہا اسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص وتروں سے سو جائے یا انکو بھول جائے تو چاہیے کہ پڑھے جب یاد کرے اور جب جاگے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن زید بن اسلم نے اپنے باپ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے جو شخص لیٹے وتروں سے سو جائے تو چاہیے کہ پڑھے جب صبح کرے۔ اور یہ حدیث پہلی حدیث سے صحیح ہے۔ سنا میں نے ابا داؤد سجزی سے یعنی سلیمان بن اشعث سے کہ کہتا تھا میں نے احمد بن حنبل سے عبد الرحمن بن زید بن اسلم کی بابت سوال کیا تو اسنے کہا بھائی اسکا عبد اللہ جو ہے اسکا کچھ خوف نہیں ہے۔ اور سنا میں نے محمد سے کہ ذکر کرتا تھا علی بن عبد اللہ سے کہ اسنے عبد الرحمن بن زید بن اسلم کو ضعیف کیا ہے اور کہا عبد اللہ بن زید بن اسلم ثقہ ہے۔ اور بعض اہل علم اس حدیث کی طرف گئے ہیں اور کہا انہوں نے وتر پڑھے آدمی جب یاد کرے اگرچہ بعد طلوع آفتاب کے یاد کرے اور ساتھ اسی کے کہتا ہے سفیان ثوری **باب صبح سے وتروں کی جلدی کرنے کے بیان میں۔** حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن زکریا بن ابی زائدہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن عبد اللہ نے نافع سے اسنے ابن عمر سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا صبح سے وتروں کی جلدی کرنی چاہیے کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے حسن بن علی خلال نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے ابن کثیر سے اسنے ابی نضرہ سے اسنے ابی سعید خدری سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کرنے سے پہلے وتر پڑھو۔ حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے ابن جریج نے سلیمان بن موسی سے اسنے نافع سے اسنے ابن عمر سے اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا آپ نے جب فجر کا طلوع ہوتا ہے تو رات کی تمام نماز جاتی رہتی ہے اور وتر بھی۔ سو وتر طلوع فجر سے پہلے پڑھو۔ کہا ابو عیسی نے اور سلیمان بن موسی اس لفظ سے منفرد ہوا ہے اور مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے بعد نماز صبح کے وتر نہیں ہیں۔ اور یہ قول کئی ایک اہل علم کا ہے اور یہی کہتا ہے شافعی اور احمد اور اسحق یہ لوگ بعد نماز صبح کے وتر جائز نہیں

ف۱ غرض اس کلام سے اور کلام احمد بن حنبل سے یہ ہے کہ عبد الرحمن بن زید بن اسلم ضعیف ہے اور بھائی اسکا جو عبد اللہ بن زید بن اسلم ہے وہ ثقہ ہے اسکا کچھ خوف نہیں ہے ۱۲ ف۲ چونکہ وتر آخر شب میں افضل ہوا اسلیے حضرت نے فرمایا کہ اسقدر تاخیر وتر میں نہ کرو کہ صبح ہو جاوے ۱۲

باب ماجاء لا وتران فی لیلۃ **حدثنا** هناد نا ملازم بن عمرو قال حدثنی عبد الله بن بدر عن قیس بن طلق بن علی عن ابیه قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول لا وتران فی لیلۃ **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن غریب واختلف اهل العلم فی الذی یوتر من اول اللیل ثم یقوم من اٰخره فرأی بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم ومن بعدهم نقض الوتر وقالوا یضیف الیها رکعة ویصلی ما بدا له ثم یوتر فی اٰخر صلوته لانه لا وتران فی لیلة وهو الذی ذهب الیه اسحٰق وقال بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم اذا اوتر من اول اللیل ثم نام ثم قام من اٰخره انه یصلی ما بدا له ولا ینقض وتره ویدع وتره علی ما کان وهو قول سفیان الثوری ومالك بن انس واحمد وابن المبارك وهذا اصح لانه قد روی من غیر وجه ان النبی صلی الله علیه وسلم قد صلی بعد الوتر **حدثنا** محمد بن بشار نا حماد بن مسعدة عن میمون بن موسی المرائی عن الحسن عن امه عن ام سلمة ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یصلی بعد الوتر رکعتین وقد روی نحو هذا عن ابی امامة وعائشة وغیر واحد عن النبی صلی الله علیه وسلم **باب** ماجاء فی الوتر علی الراحلة **حدثنا** قتیبة نا مالك بن انس عن ابی بکر بن عمر بن عبد الرحمن عن سعید بن یسار قال کنت مع ابن عمر فی سفر فتخلفت عنه فقال این کنت فقلت اوترت فقال الیس لك فی رسول الله اسوة حسنة رأیت رسول الله صلی الله علیه وسلم یوتر علی راحلته وفی الباب عن ابن عباس **قال** ابو عیسی حدیث ابن عمر حدیث حسن صحیح وقد ذهب بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم الی هذا وراوا ان یوتر الرجل علی راحلته وبه یقول الشافعی واحمد واسحاق وقال بعض اهل العلم لا یوتر الرجل علی الراحلة فاذا اراد ان یوتر نزل فاوتر علی الارض وهو قول بعض اهل الکوفة **باب** ماجاء فی صلوة الضحی **حدثنا** ابو کریب محمد بن العلاء نا یونس بن بکیر عن محمد بن اسحاق حدثنی موسی بن فلان بن انس عن عمه ثمامة بن انس بن مالك عن انس بن مالك قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من صلی صلوة الضحی ثنتی عشرة رکعة بنی الله له قصرا فی الجنة من ذهب وفی الباب عن ام هانی وابی هریرة ونعیم بن همار وابی ذر وعائشة وابی امامة وعتبة بن عبد السلمی وابن ابی اوفی وابی سعید وزید بن ارقم وابن عباس

باب اس بیان میں کہ دو وتر ایک رات میں نہیں ہیں **حدیث** کی ہم سے ہناد نے کہا حدیث کی ہم سے ملازم بن عمرو نے کہا حدیث کی مجھ سے عبداللہ بن بدر نے قیس طلق بن علی سے اُنہوں نے اپنے باپ سے کہا اُنہوں نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے ایک رات میں دو وتر نہیں ہیں کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہے اور اختلاف کیا اہل علم نے اُس شخص کے حق میں جو اول رات میں وتر پڑھ لے پھر آخر رات میں کھڑا ہو پس بعض اہل علم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اور من بعدہم سے یہ گمان کیا ہے کہ وتر اُنکو توڑ دے اور کہا انہوں نے کہ انکی طرف ایک رکعت ملائے اور نماز پڑھے جو اُسکے لیے ظاہر ہو پھر آخر نماز وتر پڑھ لے کیونکہ ایک رات میں دو وتر نہیں ہیں اور اسی طرف اسحٰق گیا ہے اور کہا بعض اہل علم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے کہ جب اول رات میں وتر پڑھ چکا پھر سو گیا پھر آخر رات کو کھڑا ہو گیا تو نماز پڑھے جسقدر اُسکو ظاہر ہو (یعنی جسقدر اُسکی خواہش ہو) اور وتر اُنکو نہ توڑے اور وتر اُنکو اُسی حالت پر رہنے دے جس طرح کہ تھے۔ اور یہ قول سفیان ثوری اور مالک بن انس اور احمد اور ابن مبارک کا ہے اور یہ صحیح ہے کیونکہ کئی طریق سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بعد وتر کے نماز (نفلوں کی) پڑھی ہے **حدیث** کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہم سے حماد بن مسعدہ نے میمون بن موسیٰ مرائی سے اُنہوں نے حسن سے اُنہوں نے اپنی والدہ سے اُنہوں نے ام سلمہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم بعد وتروں کے دو رکعت پڑھتے تھے اور مروی ہے بواسطہ ابی امامہ اور عائشہ اور کئی اور لوگوں کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **باب** سواری پر وتر پڑھنے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے مالک ابن انس نے ابی بکر بن عمر بن عبدالرحمٰن سے اُنہوں نے سعید بن یسار سے کہا اُنہوں نے میں ابن عمر کے ساتھ سفر میں تھا پس میں اُس سے پیچھے رہ گیا تو اُنہوں نے کہا تو کہاں تھا سو میں نے کہا میں وتر پڑھتا تھا پس کہا اُسنے کیا تجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی میں اچھا طریق معلوم نہیں ہوتا میں نے رسول اللہ صلعم کو دیکھا ہے کہ سواری پر وتر پڑھتے تھے اور اس باب میں روایت ہے ابن عباس سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن عمر کی حسن صحیح ہے اور بعض اہل علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے اسکی طرف گئے ہیں کہ کہا انہوں نے کہ آدمی اپنی سواری پر وتر پڑھے اور یہی کہتا ہے شافعی اور احمد اور اسحاق اور کہا بعض اہل علم نے کہ آدمی سواری پر وتر نہ پڑھے پس جب سواری پر وتر پڑھنے کا ارادہ کرے تو اُتر پڑے اور زمین پر وتر پڑھے اور یہی قول ہے بعض اہل کوفہ کا **باب** ضحیٰ کی نماز کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے ابو کریب یعنی محمد بن علاء نے کہا حدیث کی ہم سے یونس بن بکیر نے محمد بن اسحاق سے کہا حدیث کی مجھ سے موسیٰ بن فلان بن انس نے اپنے چچا ثمامہ بن انس بن مالک سے اُنہوں نے انس بن مالک سے کہا اُنہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص ضحیٰ کی بارہ رکعت نماز پڑھے تو اللہ تعالیٰ اُسکے لیے جنت میں سونے کا محل تیار کرتا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ام ہانی اور ابوہریرہ اور نعیم بن ہمار اور ابی ذر اور عائشہ اور ابی امامہ اور عتبہ بن عبد السلمی اور ابن ابی اوفی اور ابی سعید اور زید بن ارقم اور ابن عباس سے رضی اللہ عنہم

۱ یعنی بعض اہل علم کا یہ مذہب ہے کہ اگر پہلی رات میں وتر پڑھ بیٹھا ہو اور پھر آخر رات میں نماز پڑھنے کے لیے کھڑا ہو تو اصلاح کرے کہ پہلے پہل ایک رکعت پڑھے تو گویا یہ رکعت مع اُس رکعت کے جو

ابو عیسی حدیث انس حدیث غریب لا نعرفه الا من هذا الوجه **حدثنا** ابو موسی محمد بن المثنی نا محمد بن جعفر نا شعبة عن عمرو بن مرة عن عبد الرحمن بن ابی لیلی قال ما اخبرنی احد انه رای رسول الله صلی الله علیه وسلم یصلی الضحی الا ام هانی فانها حدثت ان رسول الله صلی الله علیه وسلم دخل بیتها یوم فتح مکة فاغتسل فسبح ثمان رکعات ما رایته صلی صلاة قط اخف منها غیر انه کان یتم الرکوع والسجود **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وکان احمد رای اصح شیء فی هذا الباب حدیث ام هانی واختلفوا فی نعیم فقال بعضهم نعیم بن خمار وقال بعضهم ابن همار ویقال ابن هبار ویقال ابن همام والصحیح ابن همار وابو نعیم وهم فیه فقال ابن خمار واخطأ فیه ثم ترك فقال نعیم عن النبی صلی الله علیه وسلم اخبرنی بذلك عبد بن حمید عن ابی نعیم **حدثنا** ابو جعفر السمنانی نا محمد بن الحسین نا ابو مسهر نا اسمعیل بن عیاش عن بحیر بن سعد عن خالد بن معدان عن جبیر بن نفیر عن ابی الدرداء وابی ذر عن رسول الله صلی الله علیه وسلم عن الله تبارك وتعالی انه قال ابن ادم ارکع لی اربع رکعات من اول النهار اکفك اخره **قال** ابو عیسی هذا حدیث غریب روی وکیع والنضر بن شمیل وغیر واحد من الائمة هذا الحدیث عن نهاس بن قهم ولا نعرفه الا من حدیثه **حدثنا** محمد بن عبد الاعلی البصری نا یزید بن زریع عن نهاس بن قهم عن شداد ابی عمار عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من حافظ علی شفعة الضحی غفر له ذنوبه وان کانت مثل زبد البحر **حدثنا** زیاد بن ایوب البغدادی نا محمد بن ربیعة عن فضیل بن مرزوق عن عطیة العوفی عن ابی سعید الخدری قال کان النبی صلی الله علیه وسلم یصلی الضحی حتی نقول لا یدعها ویدعها حتی نقول لا یصلی **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن غریب

باب ما جاء فی الصلوة عند الزوال

حدثنا ابو موسی محمد بن المثنی نا ابو داود الطیالسی نا محمد بن مسلم بن ابی الوضاح هو ابو سعید المؤدب عن عبد الکریم الجزری عن مجاهد عن عبد الله بن السائب ان رسول الله صلی الله علیه وسلم

کہا ابو عیسی نے حدیث انس کی غریب ہی نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے حدیث کی ہمسے ابو موسی یعنی محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے عمرو بن مرہ سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی لیلی سے کہا اُسنے مجھے سوا سے ام ہانی کے کسی نے خبر نہیں دی کہ اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ضحی کی نماز پڑھتے دیکھا ہی۔ ام ہانی نے حدیث بیان کی ہی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے گھر میں فتح مکہ کے دن داخل ہوے اور غسل کیا پھر آٹھ رکعتین پڑھیں میں نے کبھی آپکو اس سے ہلکی نماز پڑھتے نہیں دیکھا مگر یہ کہ رکوع اور سجود کو پورا کرتے تھے کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور گویا کہ امام احمد نے کہا ہی کہ صحیح تر روایت جو اس باب میں مروی ہی روایت ام ہانی کی ہی۔ اور انھوں نے نعیم میں اختلاف کیا ہی سو کہا بعض نے نعیم بن خمار سے اور کہا بعض نے نعیم بن ہمار سے اور کہا گیا ہی وہ ابن ہبار ہی اور کہا گیا ابن ہمام ہی اور صحیح ابن ہمار ہی اور ابو نعیم نے اسمین وہم کیا ہی اور کہا ہی ابن خمار ہی۔ اور اسنے اسمین خطا کیا ہی پھر ترک کیا اور کہا روایت کی نعیم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے خبر دی مجھ کو ساتھ اسکے عبد بن حمید نے ابی نعیم سے حدیث کی ہمسے ابو جعفر سمنانی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن حسین نے کہا حدیث کی ہمسے ابو مسہر نے کہا حدیث کی ہمسے اسماعیل بن عیاش نے بحیر بن سعد سے اُسنے خالد بن معدان سے اُسنے جبیر بن نفیر سے اُسنے ابی الدرداء اور ابی ذر سے انھوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے آپنے اللہ تبارک وتعالی سے کہ فرمایا اللہ نے اے بیٹے آدم کے میرے واسطے اول دن میں چار رکعتیں پڑھ میں تجھے آخر دن میں کافی ہونگا کہا ابو عیسی نے یہ حدیث غریب ہی۔ اور روایت کیا وکیع اور نضر بن شمیل اور کئی اور لوگوں نے حدیث کی اماموں سے اس حدیث کو نہاس بن قہم سے اور نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی طریق سے حدیث کی ہمسے محمد بن عبد الاعلی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن زریع نے نہاس بن قہم سے اُسنے شداد ابی عمار سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص ضحی کے شفعے پر محافظت کرے تو اُسکے گناہ بخشے جاتے ہیں اگرچہ مثل جھاگ دریا کے ہوں حدیث کی ہمسے زیاد بن ایوب بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن ربیعہ نے فضیل بن مرزوق سے اُسنے عطیہ عوفی سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ضحی کی نماز یہاں تک پڑھتے تھے کہ ہم کہتے تھے نہیں چھوڑینگے اور چھوڑتے تھے حتی کہ ہم کہتے تھے کہ اب نہیں پڑھینگے کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن غریب ہی

باب زوال کے وقت نماز کے بیان میں حدیث کی ہمسے ابو موسی یعنی محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داود طیالسی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن مسلم بن ابی وضاح نے جو ابو سعید مؤدب ہی عبد الکریم جزری سے اُسنے مجاہد سے اُسنے عبد اللہ بن سائب سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ؐ یعنی اول تو ابو نعیم سے روایت کرتا تھا پھر اسکو اسمین وہم ہوگیا پھر جب اسکو یقین ہوگیا تو لفظ ابو کا ترک کردیا اور فقط نعیم سے روایت کرنی شروع کی ۱۲ منہ ؐ یہ آنحضرت کا عموماً طریق تھا کہ جب کسی شغل کو شروع کرتے تو لوگوں کو یہی گمان ہوتا تھا کہ آپ اسکو ہمیشہ کرینگے یعنی اسلیے کہ جب آنحضرت کسی نفل کو شروع کرتے تھے تو بہت مدت تک اُسے کرتے تھے۔ اور جب کسی نفل کو ترک بھی کردیتے تو پھر آپ کو یہ گمان ہوتا تھا کہ اب اسکو قیامت تک نہیں کرینگے اسی طرح اور روایت سے آپکا حال معلوم ہوتا ہی ۱۲

كان يصلي اربعا بعد ان تزول الشمس قبل الظهر فقال انها ساعة تفتح فيها ابواب السماء واحب ان يصعد لي فيها عمل صالح وفي الباب عن علي
وابي ايوب قال ابو عيسى حديث عبد الله بن السائب حديث حسن غريب وروي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه كان يصلي اربع ركعات
بعد الزوال لا يسلم الا في اخرهن باب ما جاء في صلوة الحاجة حدثنا علي بن عيسى بن يزيد البغدادي نا عبد الله بن بكر السهمي نا عبد الله
بن منير عن عبد الله بن بكر عن فائد بن عبد الرحمن عن عبد الله بن ابي اوفى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من كانت له الى الله حاجة
او الى احد من بني ادم فليتوضأ وليحسن الوضوء ثم ليصل ركعتين ثم ليثن على الله وليصل على النبي صلى الله عليه وسلم ثم ليقل لا اله الا الله الحليم
الكريم سبحان الله رب العرش العظيم الحمد لله رب العالمين اسألك موجبات رحمتك وعزائم مغفرتك والغنيمة من كل بر والسلامة من
كل اثم لا تدع لي ذنبا الا غفرته ولا هما الا فرجته ولا حاجة هي لك رضا الا قضيتها يا ارحم الراحمين قال ابو عيسى هذا حديث غريب وفي اسناده
مقال فائد بن عبد الرحمن يضعف في الحديث وفائد هو ابو الورقاء باب ما جاء في صلوة الاستخارة حدثنا قتيبة نا عبد الرحمن بن ابي
الموالي عن محمد بن المنكدر عن جابر بن عبد الله قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعلمنا الاستخارة في الامور كما يعلمنا السورة من القران
يقول اذا هم احدكم بالامر فليركع ركعتين من غير الفريضة ثم ليقل اللهم اني استخيرك بعلمك واستقدرك بقدرتك واسألك من فضلك
العظيم فانك تقدر ولا اقدر وتعلم ولا اعلم وانت علام الغيوب اللهم ان كنت تعلم ان هذا الامر خير لي في ديني ومعيشتي وعاقبة امري او قال في عاجل
امري واجله فيسره لي ثم بارك لي فيه وان كنت تعلم ان هذا الامر شر لي في ديني ومعيشتي وعاقبة امري او قال في عاجل امري واجله فاصرفه عني
واصرفني عنه واقدر لي الخير حيث كان ثم ارضني به قال ويسمي حاجته وفي الباب عن عبد الله بن مسعود

قبل ظہر کے بعد ڈھلنے آفتاب کے چار رکعت پڑھتے تھے اور فرمایا آپنے یہ ایسی گھڑی ہے کہ اسمین دروازے آسمان کے کھولے جاتے ہین اور مین دوست رکھتا ہون
کہ اس گھڑی مین میرے عمل صالح اوپر چڑھین۔ اور اس باب مین روایت ہے حضرت علی اور ابی ایوب سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث عبد اللہ بن سائب کی حسن
غریب ہے۔ اور مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ چار رکعتین بعد زوال کے پڑھتے تھے نہ سلام پھیرتے تھے مگر آخر رکعت مین **باب** نماز حاجت کے
بیان مین حدیث کی ہمسے علی بن عیسیٰ بن یزید بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن بکر سہمی نے اور حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن منیر نے عبد اللہ بن بکر
سے اُسنے فائد بن عبد الرحمن سے اُسنے عبد اللہ بن ابی اوفی سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص کو اللہ تعالیٰ کیطرف کوئی حاجت ہو
یا کسی آدمی کی طرف تو چاہیے کہ وضو کرے اور اچھی طرح وضو کرے پھر دو رکعتین نماز پڑھے پھر اللہ کی ثنا کرے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے تو پھر یہ دعا
پڑھے لا الٰہ الا اللہ الخ یعنی نہین کوئی لائق عبادت کے مگر اللہ جو حکمت والا ہے عزت والا ہے جو رب ہے عرش بڑے کا ہے۔ سب حمد واسطے اللہ کے جو پروردگار ہے جہانونکا
سوال کرتا ہون تجھسے موجبات رحمت تیری سے اور سبب مغفرت تیری سے اور سوال کرتا ہون غنیمت کا ہر نیکی سے اور سلامتی کا ہر گناہ سے۔ مت کوئی گناہ نہ چھوڑ
مگر کہ بخش اُسکو اور نہ کوئی غم مگر کہ دور کر اُسکو اور نہ کوئی حاجت کہ جسمین تیری رضا ہو مگر کہ اُسکو پورا کر اے رحمت کرنے والے رحمت کرنیوالونکے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث
غریب ہے اور اسکی اسناد مین گفتگو ہے۔ فائد بن عبد الرحمن حدیث مین ضعیف کیا گیا ہے اور فائد وہ ابو الورقاء ہے **باب** نماز استخارہ کے بیان مین حدیث کی ہمسے
قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن ابی الموالی نے محمد بن منکدر سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہا اُسنے ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تمام کامونمین استخارہ سکھاتے
تھے جیسا کہ قرآن کی سورت سکھلاتے تھے فرماتے تھے جب تم مین سے کوئی شخص کسی کام کا ارادہ کرے تو چاہیے کہ دو رکعتین فرض کے سوا پڑھے یعنی نفل پھر یہ دعا پڑھے اللّٰہم
آخر تک یعنی الٰہی مین تجھسے خیریت مانگتا ہون تیرے علم کے وسیلہ سے اور تجھسے قدرت مانگتا ہون تیری قدرت کے وسیلہ سے اور سوال کرتا ہون تیرے بڑے فضل سے کیونکہ
تو قادر ہے مجھے قدرت نہین اور تو جانتا ہے مین نہین جانتا۔ اور تو سب چیزونکا دانا ہے۔ الٰہی اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام بہتر ہے میرے واسطے میرے دین اور دنیا اور میرے انجام کار مین
یا یون فرمایا کہ میری دنیا اور عاقبت مین تو اسکو میرے واسطے مقدر کر اور اسکو میرے واسطے آسان کر پھر اسمین میرے واسطے برکت دے۔ الٰہی اگر تو جانتا ہے کہ یہ کام
میرے حق مین برا ہے میرے دین اور دنیا مین۔ اور انجام کار مین یا یون فرمایا کہ میری دنیا اور عاقبت مین تو اسکو ہٹا دے مجھسے اور ہٹا دے مجکو اُس سے اور مقرر
کر دے میرے واسطے بہتر کام جہان کہین کہ ہو پھر مجکو اُس سے راضی کر کہا آپنے اور اپنی حاجت کا نام لے اور اس باب مین روایت ہے عبد اللہ بن مسعود

ف یعنی جب کوئی شخص کسی کام کا قصد کرے تو سنت ہے کہ دو رکعت نفل پڑھکر یہ دعا پڑھے تو اللہ تعالیٰ چند روز تک یہ عمل کرنے سے اسکے دل مین اسکے کرنے یا نہ کرنے کی
کوئی بات ڈال دیگا۔ اور مشہور لوگون کے نزدیک یہ ہے کہ تین روز یا سات روز تک یہ عمل کرے مگر اسکی اصل شارع سے منقول نہین اور اسطور پر کرنے مین بھی کچھ حرج نہین بلکہ
مناسب ہے کہ چند روز تک کرے۔ اور آخر مین جو فرمایا کہ اپنے حاجت کا نام لے اسکے یہ معنی ہین کہ جہان آپنے یہ فرمایا کہ ہذا الامر دونون جگہ مین اس لفظ کی جگہ اس حاجت کا نام لے

وابی ایوب قال ابو عیسی حدیث جابر حدیث حسن صحیح غریب لا نعرفه الا من حدیث عبد الرحمن بن ابی الموالی وهو شیخ مدینی ثقة روی عنه سفیان حدیثا وقد روی عن عبد الرحمن غیر واحد من الائمة

باب ما جاء فی صلوة التسبیح

حدثنا ابو کریب محمد بن العلاء نا زید بن حباب العکلی نا موسی بن عبیدة قال حدثنی سعید بن ابی سعید مولی ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم عن ابی رافع قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم للعباس یا عم الا اصلك الا احبوك الا انفعك قال بلی یا رسول الله قال یا عم صل اربع رکعات تقرأ فی کل رکعة بفاتحة الکتاب وسورة فاذا انقضت القراءة فقل الله اکبر والحمد لله وسبحان الله خمس عشرة مرة قبل ان ترکع ثم ارکع فقلها عشرا ثم ارفع رأسك فقلها عشرا ثم اسجد فقلها عشرا ثم ارفع راسك فقلها عشرا ثم اسجد فقلها عشرا ثم ارفع راسك فقلها عشرا قبل ان تقوم فذلك خمس وسبعون فی کل رکعة وهی ثلث مائة فی اربع رکعات ولو کانت ذنوبك مثل رمل عالج غفرها الله لك قال یا رسول الله ومن یستطیع ان یقولها فی یوم قال ان لم تستطع ان تقولها فی یوم فقلها فی جمعة فان لم تستطع ان تقولها فی جمعة فقلها فی شهر فلم یزل یقول له حتی قال فقلها فی سنة قال ابو عیسی هذا حدیث غریب من حدیث ابی رافع حدثنا احمد بن محمد بن موسی نا عبد الله بن المبارك نا عکرمة بن عمار قال حدثنی اسحاق بن عبد الله بن ابی طلحة عن انس بن مالك ان ام سلیم غدت علی النبی صلی الله علیه وسلم فقالت علمنی کلمات اقولهن فی صلوتی فقال کبری الله عشرا وسبحی الله عشرا واحمدیه عشرا ثم سلی ما شئت یقول نعم نعم وفی الباب عن ابن عباس وعبد الله بن عمرو والفضل بن عباس وابی رافع قال ابو عیسی حدیث انس حدیث حسن غریب وقد روی عن النبی صلی الله علیه وسلم غیر حدیث فی صلوة التسبیح ولا یصح منه کبیر شیء وقد روی ابن المبارك وغیر واحد من اهل العلم صلوة التسبیح وذکروا الفضل فیه حدثنا احمد بن عبدة الضبی نا ابو وهب قال سالت عبد الله بن المبارك عن الصلوة التی یسبح فیها قال یکبر ثم یقول سبحانك اللهم وبحمدك

اور ابی ایوب سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث جابر کی حسن صحیح غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث عبد الرحمن بن ابی موالی سے اور یہ شیخ ہین مدینہ کا رہنے والا ثقہ ہے۔ اور اس سے سفیان نے حدیث روایت کی ہے۔ اور عبد الرحمان سے کئی ایک اماموں نے روایت کی ہے

باب نماز تسبیح کے بیان مین

حدیث کی ہمسے ابو کریب یعنی محمد بن علاء نے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب عکلی نے کہا حدیث کی ہمسے موسی بن عبیدہ نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن ابی سعید نے جو ابی بکر بن ابی محمد بن عمرو بن حزم کا غلام ہے اُسنے ابی رافع سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباسؓ سے اے میرے چچا کیا مین تیرے ساتھ وصل نکرون۔ کیا مین تجھے کچھ تحفہ نہ دون کیا مین تجھے کچھ نفع نہ پہونچاؤن۔ کہا حضرت عباسؓ نے کیون نہین یا رسول اللہ۔ فرمایا آپنے اے میرے چچا چار رکعت نماز پڑھ ہر ایک رکعت مین فاتحۃ الکتاب اور سورت پڑھ۔ پس جب تو قرأت پوری کرلے تو رکوع کرنے سے پہلے پندرہ مرتبہ یہ کلمے پڑھ اللہ اکبر اور الحمد للہ اور سبحان اللہ پھر رکوع کر پھر انکو دس مرتبہ کہہ پھر اپنے سر کو رکوع سے اُٹھا۔ پھر وہی دس بار کہہ پھر سجدہ کر اور انکو دس بار کہہ پھر اپنے سر کو اُٹھا اور دس بار کہہ پھر سجدہ کر اور دس بار کہہ پھر اپنے سر کو اُٹھا اور دس بار کھڑے ہونے سے پہلے کہہ پس یہ پچھتر بار ہر ایک رکعت مین ہو جاوینگے۔ اور چارون رکعت مین تین سو بار ہونگے۔ اگرچہ گناہ تیرے مثل ٹیلے ریگ کے ہون تو انکو اللہ تعالیٰ تجھسے معاف کردیگا۔ کہا حضرت عباسؓ نے یا رسول اللہ اور جو شخص ہر ایک دن مین اس نماز کے پڑھنے کی طاقت نرکھے فرمایا آپ نے اگر ہر ایک دن مین اُسکے پڑھنے کی طاقت نرکھے تو چاہیے کہ ہر ایک جمعہ مین پڑھے اور اگر جمعہ مین بھی پڑھنے کی طاقت نرکھے تو چاہیے کہ مہینے مین ایک بار سو حضرت عباسؓ آنحضرتؐ سے اسکے بارے مین گفتگو کرتے رہے تا کہ آپ نے فرمایا سو اسکو سال مین ایک بار کہہ کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہے طریق ابی رافع سے حدیث کی ہمسے احمد بن محمد بن موسیٰ نے۔ کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے کہا حدیث کی ہمسے عکرمہ بن عمار نے کہا حدیث کی مجھے اسحق بن عبد اللہ بن ابی طلحہ نے انس بن مالک سے یہ کہ ام سلیم (والدہ انس) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس گئی پس کہنے لگی مجھے کچھ کلمے سکھلاؤ کہ مین اُنکو اپنی نماز مین پڑھا کرون۔ پس فرمایا آپنے اللہ اکبر دس بار کہہ اور سبحان اللہ دس بار اور الحمد للہ دس بار۔ پس سوال کر جو تیری مرضی ہے تو اللہ تعالیٰ اُسکے جواب مین ہان ہان فرماتا ہے (یعنی مینے قبول کیا) اور اس باب مین روایت ہے ابن عباس اور عبد اللہ بن عمرو اور فضل بن عباس اور ابی رافع سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث انس کی حسن غریب ہے۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوا اسے حدیث مذکور کے نماز تسبیح کے بارہ مین روایت ہوئی ہے اور کوئی بڑی چیز اسے صحیح نہین ہوئی اور ابن مبارک اور کئی ایک اور لوگون نے اہل علم سے نماز تسبیح مین روایت کی ہے اور انھون نے اسکی فضیلت بھی ذکر کی ہے حدیث کی ہمسے احمد بن عبدہ ضبی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو وہب نے کہا اُسنے مینے عبد اللہ بن مبارک سے اُس نماز سے سوال کیا جسمین تسبیحین پڑھی جاتی ہین کہا اُسنے تکبیر کہے پھر یہ کہے سبحانك اللهم وبحمدك

وتبارك اسمك وتعالى جدك ولا اله غيرك ثم يقول خمس عشرة مرة سبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر ثم يتعوذ ويقرأ بسم الله
الرحمن الرحيم وفاتحة الكتاب وسورة ثم يقول عشر مرات سبحان الله والحمد لله ولا اله الا الله والله اكبر ثم يركع فيقولها عشرا ثم يرفع راسه فيقولها عشرا ثم يسجد
فيقولها عشرا ثم يرفع راسه فيقولها عشرا ثم يسجد الثانية فيقولها عشرا يصلي اربع ركعات على هذا فذلك خمس وسبعون تسبيحة في كل ركعة
يبدأ في كل ركعة بخمس عشرة تسبيحة ثم يقرأ ثم يسبح عشرا فان صلى ليلا فاحب الي ان يسلم في كل ركعتين وان صلى نهارا فان
شاء سلم وان شاء لم يسلم قال ابو وهب واخبرني عبد العزيز هو ابن ابي رزمة عن عبد الله انه قال يبدأ في الركوع بسبحان ربي العظيم
وفي السجود بسبحان ربي الاعلى ثلاثا ثم يسبح التسبيحات قال احمد بن عبدة نا وهب بن زمعة قال اخبرني عبد العزيز وهو ابن ابي رزمة قال قلت
لعبد الله بن المبارك ان سها فيها يسبح في سجدتي السهو عشرا عشرا قال لا انما هي ثلاثمائة تسبيحة **باب** ماجاء في صفة الصلوٰة
على النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** محمود بن غيلان قال حدثني ابو اسامة عن مسعر والاجلح ومالك بن مغول عن الحكم بن عتيبة عن
عبد الرحمن بن ابي ليلى عن كعب بن عجرة قال قلنا يا رسول الله هذا السلام عليك قد علمنا فكيف الصلوٰة عليك قال قولوا اللهم صل على محمد و
على ال محمد كما صليت على ابراهيم انك حميد مجيد وبارك على محمد وعلى ال محمد كما باركت على ابراهيم انك حميد مجيد قال محمود قال ابو اسامة وزادني
في زائدة عن الاعمش عن الحكم عن عبد الرحمن بن ابي ليلى قال ونحن نقول وعلينا معهم وفي الباب عن علي وابي حميد وابي مسعود وطلحة و
ابي سعيد وبريدة وزيد بن خارجة ويقال ابن جارية وابي هريرة **قال** ابو عيسى حديث كعب بن عجرة حديث حسن صحيح
وعبد الرحمٰن بن ابي ليلى كنيته ابو عيسى وابو ليلى اسمه يسار

وتبارک اسمک وتعالیٰ جدّک ولا اِلٰہ غیرک پھر پندرہ بار یہ کہے سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر پھر اعوذ پڑھے۔ اور پڑھے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور
الحمد اور سورت پھر دس بار یہ کہے سبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر پھر رکوع کرے اور اُسکو دس بار کہے پھر اپنے سر کو اُٹھائے اور اُسکو دس بار
کہے پھر سجدہ کرے اور اُسکو دس بار کہے۔ پھر اپنے سر کو اُٹھائے اور اُسکو دس بار کہے پھر دوسرا سجدہ کرے اور اُسکو دس بار کہے اسی طرح چار رکعتیں
پڑھیں۔ سو یہ پچھتر تسبیحیں ہر ایک رکعت میں ہو جائینگی۔ ہر ایک رکعت کو پندرہ تسبیحوں سے شروع کرے پھر قرأت پڑھے پھر دس بار تسبیح
پڑھے۔ پس اگر رات کو نماز پڑھے تو میں دوست رکھتا ہوں کہ ہر دو رکعتوں میں سلام پھیرے اور اگر دن کو نماز پڑھے پس اگر چاہے تو سلام پھیرے
اور اگر چاہے نہ پھیرے کہا ابو وہب نے اور خبر دی مجھے عبد العزیز نے جو بیٹا ابی رزمہ کا ہے عبد اللہ سے کہ کہا اُسنے چاہیے کہ شروع کرے رکوع میں ساتھ
سبحان ربی العظیم کے اور سجود میں ساتھ سبحان ربی الاعلیٰ کے تین تین بار پھر تسبیحوں کو پڑھے۔ کہا احمد بن عبدہ نے حدیث کی ہمسے وہب بن زمعہ نے
کہا خبر دی مجھے عبد العزیز نے جو بیٹا ابی رزمہ کا ہے۔ کہا اُسنے میں نے عبد اللہ بن مبارک سے کہا اگر اس نماز میں سہو ہو جائے تو کیا سہو کے سجدوں میں
دس دس بار تسبیح کہے کہا اُسنے نہیں یہ تو تین سو تسبیح ہے **باب** نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کے طریق کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان
نے کہا حدیث کی مجھے ابو اسامہ نے مسعر اور اجلح اور مالک بن مغول سے اُسنے حکم بن عتیبہ سے اُسنے عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے اُسنے کعب بن عجرہ سے کہا
کہا ہمنے یا رسول اللہ سلام کا طریق جو آپ پر ہے ہمنے معلوم کر لیا ہے۔ سو درود آپ پر کیونکر بھیجنا چاہیے۔ فرمایا آپ نے کہو اللّٰھم صل علیٰ محمد الخ یعنی الٰہی اپنی رحمت بھیج
محمد پر اور آل محمد پر جیسا کہ رحمت بھیجی تو نے ابراہیم پر بیشک تو سب خوبیوں والا بڑائی والا ہے۔ اور برکت نازل کر محمد پر اور آل محمد پر جیسا کہ برکت نازل کی
تو نے ابراہیم پر بیشک تو سب خوبیوں والا بڑائی والا ہے کہا محمود نے کہا ابو اسامہ نے۔ اور زیادہ ہوا ہے روایت زائدہ میں جو اعمش سے ہے اُسنے روایت
کی حکم سے اُسنے عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ سے کہا اُسنے اور ہم کہتے ہیں وعلینا معھم یعنی ہم پر بھی اُنکے ساتھ رحمت بھیج اور اس باب میں روایت ہے علی اور ابی حمید اور
ابی مسعود اور طلحہ اور ابی سعید اور بریدہ اور زید بن خارجہ اور اُسکو زید بن جاریہ بھی کہا جاتا ہے اور ابی ہریرہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث کعب بن عجرہ
کی حسن صحیح ہے۔ اور عبد الرحمٰن بن ابی لیلیٰ کی کنیت ابو عیسیٰ ہے اور ابو لیلیٰ کا نام یسار ہے

ف۱ اسکا مفہوم اسپر دال ہے کہ اگر بھول جاوے اور تعداد تسبیح کی کم ہو جائے تو دوسرے محل میں اس تعداد کو پورا کر لے اور عبد اللہ بن مبارک قرأت سے پہلے پندرہ مرتبہ تسبیح کہتے تھے پھر بعد قرأت کے دس مرتبہ
اور باقی حضرت عباس کی طرح کرتے تھے۔ پس مناسب پڑھنے والے کو یہ ہے کہ کبھی حدیث عبد اللہ بن مبارک پر عمل کرے اور کبھی حضرت عباس کی حدیث پر اور اُسمیں مرۃ بعد اخریٰ یہ سورتیں پڑھے۔ زلزلہ۔ عادیات۔ فتح۔
اخلاص۔ الھٰکم التکاثر۔ عصر۔ قل یاایہا الکافرون۔ اور سلام سے پہلے دعا پڑھے۔ پھر سلام پھیرے اور اپنی حاجت کے لیے دعا مانگے۔ سلف اور خلف کا۔ اس حدیث کی تصحیح میں اختلاف ہے۔ ابن حجر
اور حاکم نے اسکی تصحیح کی ہے اور ایک جماعت نے اسکی تحسین کی ہے اور کہا قسطلانی نے یہ حدیث حسن ہے اور ابن جوزی بھول گیا ہے کہ اُسنے اسکو موضوعات میں داخل کیا ہے ۲ مرقات ف۲ یعنی اللہ تعالیٰ نے
فرمایا ہے کہ صلّوا علیہ وسلموا تسلیما۔ ہمکو سلام کا طریق تو التحیات میں معلوم ہو گیا ہے۔ اور درود کا معلوم نہیں ہوا۔ سو درود کس طرح ہے۔ فرمایا آپ نے کہ اس طرح کہا کرو اللّٰھم صل علیٰ محمد آخر تک

باب ما جاء فی فضل الصلوٰة علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم حدثنا محمد بن بشار نا محمد بن خالد بن عثمة قال ثنا موسی بن یعقوب الزمعی حدثنی عبد اللہ بن کیسان ان عبد اللہ بن شداد اخبرہ عن عبد اللہ بن مسعودؓ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اولی الناس بی یوم القیمة اکثرھم علی صلوٰة قال ابو عیسٰی ھذا حدیث حسن غریب وروی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال من صلی علی صلوٰة صلی اللہ علیہ عشرا وکتب لہ عشر حسنات حدثنا علی بن حجر نا اسمٰعیل بن جعفر عن العلاء بن عبد الرحمٰن عن ابیہ عن ابی ھریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من صلی علی صلوٰة صلی اللہ علیہ عشرا وفی الباب عن عبد الرحمٰن بن عوف وعامر بن ربیعة وعمار وابی طلحة وانس وابی بن کعب قال ابو عیسٰی حدیث ابی ھریرة حدیث حسن صحیح وروی عن سفیان الثوری وغیر واحد من اھل العلم قالوا صلوٰة الرب الرحمة وصلوٰة الملائکة الاستغفار حدثنا ابو داؤد وسلیمان بن سلم البلخی المصاحفی نا النضر بن شمیل عن ابی قرة الاسدی عن سعید بن المسیب عن عمر بن الخطاب قال ان الدعاء موقوف بین السماء والارض لا یصعد منہ شیء حتی تصلی نبیک صلی اللہ علیہ وسلم قال ابو عیسٰی والعلاء بن عبد الرحمٰن ھو ابن یعقوب ھو مولی الحرقة والعلاء ھو من التابعین سمع من انس ابن مالک وغیرہ عبد الرحمٰن بن یعقوب والد العلاء ھو من التابعین سمع من ابی ھریرة وابی سعید الخدری ویعقوب ھو من کبار التابعین قد ادرک عمر بن الخطاب وروی عنہ حدثنا عباس بن عبد العظیم العنبری نا عبد الرحمٰن بن مھدی عن مالک بن انس عن العلاء بن عبد الرحمٰن بن یعقوب عن ابیہ عن جدہ قال قال عمر بن الخطاب لا یبع فی سوقنا الا من تفقہ فی الدین ھذا حدیث حسن غریب **ابواب الجمعة - باب** فضل یوم الجمعة حدثنا قتیبة نا المغیرة بن عبد الرحمٰن عن ابی الزناد عن الاعرج عن ابی ھریرةؓ

باب نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کی فضیلت کے بیان میں حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن خالد بن عثمہ نے کہا حدیث کی ہمسے موسیٰ بن یعقوب زمعی نے کہا حدیث کی مجھسے عبد اللہ بن کیسان نے یہ کہ عبد اللہ بن شداد نے اسکو خبر دی ہے عبد اللہ ابن مسعود سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قریب تر لوگوں سے میرے ساتھ قیامت کے دن وہ شخص ہے جو مجھپر بہت درود بھیجنے والا ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے جو شخص درود بھیجتا ہے مجھپر ایک بار تو اللہ تعالیٰ اُسپر دس بار درود بھیجتا ہے۔ اور دس نیکیاں اسکے واسطے لکھتا ہے حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے اسماعیل بن جعفر نے علا ابن عبد الرحمن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص مجھپر ایک بار درود بھیجتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اُسپر دس بار درود بھیجتا ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد الرحمن بن عوف اور عامر بن ربیعہ اور عمار اور ابی طلحہ اور انس اور ابی بن کعب سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابی ہریرہ کی حسن صحیح ہے۔ اور مروی ہے سفیان ثوری اور کئی ایک اہل علم سے کہ کہا انھوں نے صلوٰة[1] رب کی رحمت ہے اور صلوٰة فرشتوں کی استغفار ہے حدیث کی ہمسے ابو داؤد اور سلیمان بن سلم بلخی مصاحفی نے کہا حدیث کی ہمسے نضر بن شمیل نے ابی قرہ اسدی سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے عمر بن الخطاب سے کہا اُسنے دعا درمیان آسمان اور زمین کے ٹھہری رہتی ہے۔ اس سے کچھ بھی اوپر نہیں چڑھتی یہاں تک کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر درود نہ بھیجا جاوے۔ کہا ابو عیسیٰ نے۔ اور علاء بن عبد الرحمان وہ ابن یعقوب ہیں وہ حرقہ کا غلام ہے اور علاء تابعین سے ہے۔ اسکو انس بن مالک وغیرہ سے سماع ہے عبد الرحمن بن یعقوب جو والد علاء کا ہے وہ تابعین سے ہے اسکا سماع ابو ہریرہ اور ابی سعید خدری سے ہے۔ اور یعقوب وہ جلیل القدر تابعین سے ہے[2] اُسنے حضرت عمر بن خطابؓ سے ملاقات کی ہے اور اُس سے روایت بھی کی ہے حدیث کی ہمسے عباس بن عبد العظیم عنبری نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے مالک بن انس سے اُسنے علا ابن عبد الرحمن بن یعقوب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا اُسنے فرمایا حضرت عمر بن خطابؓ نے ہمارے بازار میں کوئی شخص خرید و فروخت نہ کرے مگر وہ جو دین میں سمجھ رکھتا ہے یہ حدیث حسن غریب ہے ابواب الجمعہ باب جمعہ کی فضیلت کے بیان میں۔ حدیث کی ہمسے قتیبہ نے۔ کہا حدیث کی ہمسے مغیرہ بن عبد الرحمن نے ابی الزناد سے اُسنے اعرج سے اُسنے ابی ہریرہؓ سے

[1] یعنے صلوٰة کو جب رب کی طرف منسوب کرتے ہیں مثلاً صلوٰة اللہ علیک تو اسوقت مراد اس سے رحمت ہوتی ہے یعنے اللہ کی رحمت ہو اور جب صلوٰة کو فرشتوں کی طرف منسوب کرتے ہیں تو مراد اس سے استغفار ہے یعنے فرشتے تمہارے لیے بخشش مانگتے ہیں ١٢ [2] یہ حدیث مؤلف نے اس جگہ اسواسطے بیان کی ہے کہ یعقوب جلیل القدر تابعین سے اسنے حضرت عمر سے روایت کی ہے جیساکہ یہ روایت ہے

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال خیر یوم طلعت فیه الشمس یوم الجمعة فیه خلق آدم وفیه ادخل الجنة وفیه اخرج منها ولا تقوم الساعة الا فی یوم الجمعة وفی الباب عن ابی لبابة وسلمان وابی ذر وسعد بن عبادة واوس بن اوس **قال** ابو عیسٰی حدیث ابی هریرة حدیث حسن صحیح **باب** فی الساعة التی ترجی فی یوم الجمعة **حدثنا** عبد اللہ بن الصباح الهاشمی البصری نا عبید اللہ بن عبد المجید الحنفی نا محمد بن ابی حمید نا موسٰی بن وردان عن انس بن مالک عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال التمسوا الساعة التی ترجی فی یوم الجمعة بعد العصر الی غیبوبة الشمس **قال** ابو عیسٰی هذا حدیث غریب من هذا الوجه وقد روی هذا الحدیث عن انس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من غیر هذا الوجه ومحمد بن ابی حمید یضعف ضعفه بعض اهل العلم من قبل حفظه ویقال له حماد بن ابی حمید ویقال هو ابو ابراهیم الانصاری هو منکر الحدیث ورای بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرهم ان الساعة التی ترجی بعد العصر الی ان تغرب الشمس وبه یقول احمد واسحٰق وقال احمد اکثر الحدیث فی الساعة التی ترجی فیها اجابة الدعوة انها بعد صلوٰة العصر وترجی بعد زوال الشمس **حدثنا** زیاد بن ایوب البغدادی نا ابو عامر العقدی نا کثیر بن عبد اللہ بن عمرو بن عوف المزنی عن ابیه عن جده عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اُنسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے بہتر ان دنوں کا کہ جنمیں آفتاب نے طلوع کیا ہو دن جمعہ کا ہو اسی میں حضرت آدمؑ پیدا کئے گئے اور اسی میں جنت میں داخل کئے گئے اور اسی میں اس سے نکالے گئے اور قیامت بھی دن جمعہ ہی میں ہوگی۔ اور اس باب میں روایت ہو ابی لبابہ اور سلمان اور ابی ذر اور سعد بن عبادہ اور اوس بن اوس سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسٰی نے حدیث ابی ہریرہ کی حسن صحیح ہو **باب** اُس ساعت کے بیان میں کہ جسکی جمعہ کے دن انتظاری کیجاتی ہو **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن صباح الہاشمی بصری نے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن عبد المجید حنفی نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن ابی حمید نے کہا حدیث کی ہمسے موسٰی بن وردان نے انس بن مالک سے اُنسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے تلاش کرو اس ساعت کو کہ جسکی دن جمعہ میں انتظاری کی جاتی ہو بعد عصر کے آفتاب کے غائب ہونے تک کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث اسوجہ سے غریب ہو۔ اور یہ حدیث غیر اسوجہ سے بھی بواسطے انس کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہو اور محمد بن ابی حمید ضعیف ہو بعض اہل علم نے اُسکو حافظہ کی وجہ سے ضعیف کیا ہو اور اسکو حماد بن ابی حمید بھی کہا جاتا ہو۔ اور کہا گیا ہو یہ ابو ابراہیم انصاری ہو وہ منکر الحدیث ہو اور بعض اہل علم کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے یہ مذہب ہو کہ وہ ساعت جسکے بعد عصر کی انتظاری کی جاتی ہو آفتاب کے غائب ہونے تک ہو اور یہی کہتا ہو احمد اور اسحاق اور کہا امام احمد نے اکثر حدیثیں اس ساعت میں کہ جسمیں دعا کے قبول ہونے کی امید کی جاتی ہو اسپر دال ہیں کہ وہ ساعت بعد نماز عصر کے ہو اور انتظاری کی جاتی اسکی بعد زوال آفتاب کے **حدیث** کی ہمسے زیاد بن ایوب بغدادی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر عقدی نے کہا حدیث کی ہمسے کثیر بن عبد اللہ بن عمرو بن عوف مزنی نے اپنے باپ سے اسنے اپنے دادا سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

لہ بخاری کی روایت میں آیا ہو کہ آنحضرت نے اشارت کی یعنی انگوٹھے کی انگلی سبابہ کے اوپر کی پوری رکھکر اشارہ کیا جیسا کہ لوگ کسی تھوڑی چیز کے بیان کرنے کو نسبت کیا کرتے ہیں۔ غرض یہ کہ وہ ساعت بہت قدر والی ہو۔ لوگوں نے اس امر میں اختلاف کیا ہے کہ آیا وہ ساعت اب تک باقی ہو یا اٹھالی گئی ہو۔ ابن عبد البر وغیرہ نے ان دونوں قولوں کو نقل کیا ہو۔ اور جنھوں نے کہا ہو کہ باقی ہو پھر آپس میں لوگ مختلف ہوئے ہیں کہ جمعہ میں کوئی خاص وقت معین ہو یا غیر معین ہو۔ اور جنھوں نے کہا کہ غیر معین ہو پھر انمیں دو قول ہیں یہ کہ گھڑی اور دنوں میں بھی منتقل ہوتی ہو یا نہیں اور بعضوں نے کہا ہے کہ جمعہ میں خاص وقت اسکا معین ہو انکے اسباب میں گیارہ قول ہیں ابن حجر نے اس باب میں ۴۰ قول نقل کیے ہیں سب سے راجح قول دو ہیں انمیں سے بھی ایک ارجح ہو۔ پہلا قول امام کے بیٹھنے سے نماز کے تمام ہونے تک دلیل اسکی صحیح مسلم میں ہو جو عبد اللہ بن عمر ابو بکر سے روایت کرتا ہو عن عبد اللہ بن عمر قال سمعت ابا بکر یحدث عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی شان ساعة الجمعة شیئا قال نعم سمعته یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول هی ما بین ان یجلس الامام الی ان یقضی الصلوٰة اور ابن ماجہ اور ترمذی میں بھی اس مضمون کی روایت ہو عمرو بن عوف مزنی سے۔ دوسرا قول یہ ہو کہ وہ ساعت بعد عصر کے ہو اور یہ قول دونوں قولوں سے بھی مرجح ہو۔ یہی قول ہو عبد اللہ بن سلام اور ابو ہریرہ اور احمد کا۔ دلیل اسکی امام احمد نے ابی سعید اور ابی ہریرہ سے روایت کی ہو۔ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان فی الجمعة ساعة لا یوافقها عبد مسلم یسال اللہ فیها خیرا الا اعطاه ایاه وهی بعد العصر۔ اور ابو داؤد اور نسائی نے بھی جو روایت جابر سے نقل کی ہو اسمیں یہ ذکر ہو کہ وہ ساعت بعد عصر کے ہو۔ اور سنن ابی داؤد اور نسائی میں بھی ابی ہریرہ سے مروی ہو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر یوم طلعت فیه الشمس یوم الجمعة الخ اسکے آخر میں ہو کہ اُسمیں ایک گھڑی ہو جو شخص مسلمان اُسمیں کوئی دعا مانگے وہ قبول ہو جاتی ہو جیسا کہ روایت ابی ہریرہ نے بیان کی کعب سے کہا کہ وہ ہر سال میں ایک دن آتا ہو۔ ابو ہریرہ کہتا ہو میں نے کہا بلکہ ہر جمعہ میں وہ گھڑی ہو۔ پھر کعب نے توریت کو دیکھ کر کہا کہ رسول خدا نے سچ فرمایا ہو کہ وہ ہر جمعہ میں ہو ابو ہریرہ نے کہا پھر میں عبد اللہ بن سلام سے ملا اور اس سے تمام قصہ بیان کیا اُسنے کہا میں تو وہ گھڑی بھی جانتا ہوں ابو ہریرہ نے کہا مجھی بھی اسکی خبر دو کہا عبد اللہ بن سلام نے وہ جمعہ کے آخر میں ایک ساعت ہو میں نے کہا آخر میں کیونکر ہو سکتی ہے حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہو۔ لا یصادفها عبد مسلم وهو یصلی۔ یعنی نماز پڑھتے کوئی دعا مانگے تو وہ قبول ہوتی ہو۔ اور آخر دن میں تو نماز پڑھی نہیں جاتی۔ پس کہا عبد اللہ بن سلام نے۔ کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ نہیں فرمایا۔ من جلس مجلسا ینتظر الصلوٰة فهو فی الصلوٰة حتی یصلی۔ یعنی جو کوئی بیٹھا ہوا نماز کی انتظاری کرتا رہے وہ نماز ہی میں رہتا ہو۔ ابو ہریرہ نے کہا بیشک آنحضرت نے فرمایا ہو۔ پس عبد اللہ بن سلام نے کہا کہ وہ یہی ہو اور روایتیں بھی بہت ہیں جنمیں ذکر ہو کہ وہ ساعت بعد عصر کے ہو اور یہی قول اکثر سلف کا ہو۔ اور اسی پر بہت حدیثیں ہیں۔ اور باقی اقوال کے واسطے کوئی دلیل نہیں ہے کذا فی زاد المعاد مختصراً ١٢

قال ان فی الجمعۃ ساعۃ لا یسال اللہ العبد فیھا شیئا الا اٰتاہ اللہ ایاہ قالوا یا رسول اللہ ایۃ ساعۃ ھی قال حین تقام الصلٰوۃ الی الانصراف
منھا وفی الباب عن ابی موسی وابی ذر وسلمان وعبد اللہ بن سلام وابی لبابۃ وسعد بن عبادۃ **قال** ابو عیسی حدیث عمرو بن عوف
حدیث حسن غریب **حدثنا** اسحٰق بن موسی الانصاری نا معن نا مالک بن انس عن یزید بن عبد اللہ بن الھاد عن محمد بن ابراھیم
عن ابی سلمۃ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر یوم طلعت فیہ الشمس یوم الجمعۃ فیہ خلق اٰدم وفیہ
ادخل الجنۃ وفیہ اھبط منھا وفیہ ساعۃ لا یوافقھا عبد مسلم یصلی فیسال اللہ فیھا شیئا الا اعطاہ ایاہ قال ابو ھریرۃ فلقیت عبد اللہ
بن سلام فذکرت لہ ھذا الحدیث فقال انا اعلم بتلک الساعۃ فقلت اخبرنی بھا ولا تضنن بھا علی قال ھی بعد العصر الی ان تغرب الشمس
قلت فکیف تکون بعد العصر وقد قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یوافقھا عبد مسلم وھو یصلی وتلک الساعۃ لا یصلی فیھا فقال
عبد اللہ بن سلام الیس قد قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من جلس مجلسا ینتظر الصلٰوۃ فھو فی الصلٰوۃ قلت بلی قال فھو ذاک
وفی الحدیث قصۃ طویلۃ **قال** ابو عیسی وھذا حدیث صحیح قال ومعنی قولہ اخبرنی بھا ولا تضنن بھا علی یقول لا تبخل بھا علی والضنین
البخیل والظنین المتھم **باب** ماجاء فی الاغتسال فی یوم الجمعۃ **حدثنا** احمد بن منیع نا سفیان بن عیینۃ عن الزھری
عن سالم عن ابیہ انہ سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول من اتی الجمعۃ فلیغتسل وفی الباب عن ابی سعید وعمر وجابر والبراء وعائشۃ وابی الدرداء

کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اکثر اہل علم کے نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ رضی اللہ عنہم سے اسی پر ہے کہا ان لوگون نے جو شخص ایک رکعت جمعہ سے پائے تو اُسکے ساتھ اور ایک رکعت پڑھے اور جو کوئی اُنسے التحیات مین ملے تو چار رکعت پڑھے اور یہی کہتا ہے سفیان ثوری اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق **باب** جمعہ کے دن قیلولہ کرنے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن ابی حازم اور عبد اللہ بن جعفر نے ابی حازم سے اُسنے سہل بن سعد سے کہا اُسنے ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین کھانا اور قیلولہ بعد جمعہ کے کرتے تھے اور اِس باب مین روایت ہے انس بن مالک سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث سہل بن سعد کی حسن صحیح ہے **باب** جو شخص جمعہ کے وقت اونگھے تو چاہیے کہ اپنی جگہہ سے اور جگہہ پھر بیٹھے **حدیث** کی ہمسے ابو سعید اشج نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ بن سلیمان اور ابو خالد احمر نے محمد بن اسحاق سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے جب کوئی تم مین سے جمعہ کے دن اونگھے تو چاہیے کہ اُسجگہہ سے اور جگہہ پھر بیٹھے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** جمعہ کے دن سفر کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے حجاج سے اُسنے حکم سے اُسنے مقسم سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عبد اللہ بن رواحہ کو ایک لشکر مین بھیجا پس اتفاقاً وہ دن جمعہ کا تھا سو اُسکے ساتھی صبح کو روانہ ہوگئے اور اُسنے کہا مین پیچھے رہتا ہون اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھتا ہون پھر اُنکو ملجاؤنگا پس جب اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی تو آپ نے اُسکو دیکھا اور فرمایا کس چیز نے تجھے اپنے ساتھیون کے ساتھ صبح کے وقت جانے سے منع کیا ہے کہا اُسنے مینے ارادہ کیا تھا کہ آپ کے ساتھ نماز پڑھون پھر آپ سے ملجاؤن پس فرمایا آپ نے اگر تو خرچ کرے کہ جو کچھ زمین پر ہے تو انکی صبح کی فضیلت کو نہ پاسکیگا کہا ابو عیسیٰ نے اِس حدیث کو ہم نہیں پہچانتے مگر اسی وجہ سے۔ کہا علی بن مدینی نے کہ کہا یحییٰ بن سعید نے کہا شعبہ نے حکم نے مقسم سے سوائے پانچ حدیثون کے اور کوئی حدیث نہیں سُنی اور شعبہ نے اِن حدیثون کو شمار کیا ہے اور یہ حدیث اُن حدیثون مین نہیں ہے جنکو شعبہ نے شمار کیا ہے اور گویا یہ حدیث حکم نے مقسم سے نہیں سُنی اور اہل علم نے جمعہ کے دن سفر کرنے مین اختلاف کیا ہے سو بعض نے جمعہ کے دن سفر نکلنے مین کچھ خوف نہیں کیا جبتک کہ نماز کا وقت حاضر نہ ہو اور کہا بعض نے جب صبح ہو جائے تو نہ نکلے تاکہ جمعہ پڑھلے **باب** جمعہ کے سواک کرنے اور خوشبو لگانے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے علی بن حسن کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے ابو یحییٰ یعنے اسمٰعیل بن ابراہیم تیمی نے یزید بن ابی زیاد سے اُسنے عبد الرحمان بن ابی لیلے سے اُسنے براء بن عازب سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حق ہے

على المسلمين ان يغتسلوا يوم الجمعة وليمس احدهم من طيب اهله فان لم يجد فالماء له طيب وفی الباب عن ابی سعيد وشيخ من الانصار قال
ابو عيسىٰ حديث البراء حسن ورواية هشيم احسن من رواية اسماعيل حدثنا احمد بن منيع نا هشيم عن يزيد بن ابی زياد نحوه بمعناه قال
بن ابراهيم التيمی واسماعيل بن ابراهيم التيمی يضعف فی الحديث

ابواب العيدين

باب فی المشی يوم العيد **حدثنا**
اسماعيل بن موسیٰ نا شريك عن ابی اسحاق عن الحارث عن علی قال من السنة ان تخرج الی العيد ماشيا وان تاكل شيئا قبل ان تخرج
قال ابو عيسىٰ هذا حديث حسن والعمل علی هذا الحديث عند اكثر اهل العلم يستحبون ان يخرج الرجل الی العيد ماشيا وان لا يركب الا من عذر

باب فی صلوٰة العيدين قبل الخطبة **حدثنا** محمد بن المثنیٰ نا ابو اسامة عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمر قال كان النبی صلی الله عليه
وسلم وابو بكر وعمر يصلون فی العيدين قبل الخطبة ثم يخطبون وفی الباب عن جابر وابن عباس **قال** ابو عيسىٰ حديث ابن عمر حديث حسن
صحيح والعمل علی هذا عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله عليه وسلم وغيرهم ان صلوٰة العيدين قبل الخطبة ويقال ان اول من خطب
قبل الصلوٰة مروان بن الحكم

باب ان صلوٰة العيدين بغير اذان ولا اقامة **حدثنا** قتيبة نا ابو الاحوص عن سماك بن حرب عن جابر
بن سمرة قال صليت مع النبی صلی الله عليه وسلم العيدين غير مرة ولا مرتين بغير اذان ولا اقامة وفی الباب عن جابر بن عبد الله وابن عباس
قال ابو عيسىٰ وحديث جابر بن سمرة حديث حسن صحيح والعمل عليه عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله عليه وسلم وغيرهم ان لا يؤذن
لصلوٰة العيدين ولا لشیء من النوافل

باب القراءة فی العيدين **حدثنا** قتيبة نا ابو عوانة عن ابراهيم بن محمد بن المنتشر عن ابيه
عن حبيب بن سالم عن النعمان بن بشير قال كان النبی صلی الله عليه وسلم يقرأ فی العيدين وفی الجمعة بسبح اسم ربك الاعلیٰ وهل اتاك
حديث الغاشية وربما اجتمعا فی يوم واحد فيقرأ بهما وفی الباب عن ابی واقد وسمرة بن جندب وابن عباس

مسلمانوں پر کہ جمعہ کے دن غسل کریں اور ہر ایک اپنے گھر کی خوشبو میں سے خوشبو لگائے سو اگر نہ پائے تو پانی ہی اسکے لیے خوشبو ہے۔ اور
اس باب میں روایت ہے ابی سعید اور ایک شیخ سے انصار سے کہا ترمذی نے حدیث کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے ہشیم نے
یزید بن ابی زیاد سے مثل اسکے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث براء کی حسن ہے اور روایت ہشیم کی احسن ہے روایت اسمٰعیل بن ابراہیم تیمی سے
اور اسماعیل بن ابراہیم تیمی حدیث میں ضعیف کیا گیا ہے

ابواب العیدین

باب عیدین کی طرف پیادہ
چلنے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے اسماعیل بن موسیٰ نے کہا حدیث کی ہم سے شریک نے ابی اسحاق سے اُس نے حارث
سے اُس نے علی سے کہا اُس نے سنت ہے یہ کہ تو عید کی طرف پیادہ نکلے اور نکلنے سے پہلے کچھ کھائے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن
ہے اور عمل اکثر اہل علم کے نزدیک اس حدیث پر ہے یہ لوگ مستحب جانتے ہیں کہ آدمی عید کی طرف پیادہ جائے اور بلا عذر
سوار نہ ہووے

باب خطبہ سے پہلے نماز عیدین پڑھنے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے محمد بن مثنیٰ نے کہا حدیث کی ہم سے ابو اسامہ
نے عبید اللہ سے اُنہوں نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابو بکر اور عمر دونوں عید دن میں نماز خطبہ سے
پہلے پڑھتے تھے پھر خطبہ پڑھتے تھے اور اس باب میں روایت ہے جابر اور ابن عباس سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن عمر کی حسن صحیح ہے
اور عمل اہل علم کے نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے اسی پر ہے کہ نماز دونوں عید دن کی خطبہ سے پہلے ہے اور کہا گیا ہے کہ پہلے
پہل جس شخص نے نماز سے پہلے خطبہ پڑھا ہے وہ مروان بن حکم ہے

باب اس بیان میں کہ نماز عیدین کی بغیر اذان اور تکبیر کے ہے یہ
حدیث کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے ابو الاحوص نے سماک بن حرب سے اُسنے جابر بن سمرہ سے کہا اُسنے میں نے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کے ساتھ بہت مرتبہ نماز دونوں عید دن کی پڑھی ہے بغیر اذان اور تکبیر کے۔ اور اس باب میں روایت ہے جابر بن عبد اللہ
اور ابن عباس سے کہا ابو عیسیٰ نے اور حدیث جابر بن سمرہ کی حسن صحیح ہے اور عمل اہل علم کے نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ
سے اسی پر ہے کہ دونوں عید دن کی نماز کے لیے اذان نہ دی جائے اور نہ کسی نفل کے واسطے

باب دونوں عید دن میں قراءت کا بیان **حدیث**
کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے ابو عوانہ نے ابراہیم بن محمد بن منتشر سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے حبیب بن سالم سے اُسنے نعمان بن بشیر سے کہا اُسنے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم دونوں عید دن اور جمعہ میں یہ سورتیں پڑھتے تھے سبح اسم ربک الاعلیٰ اور ہل اتاک حدیث الغاشیہ اور کبھی وہ دونوں یعنی عید اور جمعہ
ایک دن میں جمع ہو جاتے تو ان دونوں میں یہی سورتیں پڑھتے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی واقد اور سمرہ بن جندب اور ابن عباس سے رضی اللہ عنہم

قال ابو عیسیٰ حدیث النعمان بن بشیر حدیث حسن صحیح وھکذا روی سفیان الثوری ومسعر عن ابراھیم بن محمد بن المنتشر مثل حدیث ابی عوانة واما ابن عیینة فیختلف علیه فی الروایة فیروی عنه عن ابراھیم بن محمد بن المنتشر عن ابیه عن حبیب بن سالم عن ابیه عن النعمان بن بشیر ولا یعرف لحبیب بن سالم روایة عن ابیه وحبیب بن سالم ھو مولی النعمان بن بشیر وروی عن النعمان بن بشیر احادیث وقد روی عن ابن عیینة عن ابراھیم بن محمد بن المنتشر نحو روایة ھؤلاء وروی عن النبی صلی الله علیه وسلم انه کان یقرأ فی صلوة العیدین بقاف واقتربت الساعة وبه یقول الشافعی **حدثنا** اسحاق بن موسی الانصاری نا معن بن عیسی نا مالك عن ضمرة ابن سعید المازنی عن عبید الله بن عبد الله بن عتبة ان عمر بن الخطاب سال ابا واقد اللیثی ما کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یقرأ به فی الفطر والاضحی قال کان یقرأ بقاف والقران المجید واقتربت الساعة وانشق القمر **قال** ابو عیسیٰ ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ھناد نا ابن عیینة عن ضمرة بن سعید بھذا الاسناد نحوه **قال** ابو عیسیٰ وابو واقد اللیثی اسمه الحارث بن عوف **باب** فی التکبیر فی العیدین **حدثنا** مسلم بن عمرو ابو عمرو الحذاء المدینی نا عبد الله بن نافع عن کثیر بن عبد الله عن ابیه عن جده ان النبی صلی الله علیه وسلم کبر فی العیدین فی الاول سبعا قبل القراءة وفی الاخرة خمسا قبل القراءة وفی الباب عن عائشة وابن عمر وعبد الله بن عمرو **قال** ابو عیسیٰ حدیث جد کثیر حدیث حسن وھو احسن شیء روی فی ھذا الباب عن النبی صلی الله علیه وسلم واسمه عمرو بن عوف المزنی والعمل علی ھذا عند بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرھم وھکذا روی عن ابی ھریرة انه صلی بالمدینة نحو ھذه الصلوة وھو قول اھل المدینة وبه یقول مالك بن انس والشافعی واحمد واسحاق وروی عن ابن مسعود انه قال فی التکبیر فی العیدین تسع تکبیرات فی الرکعة الاولی خمس تکبیرات قبل القراءة وفی الرکعة الثانیة یبدأ بالقراءة ثم یکبر اربعا مع تکبیرة الرکوع وقد روی عن غیر واحد من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم نحو ھذا

کہا ابو عیسےٰ نے حدیث نعمان بن بشیر کی حسن صحیح ہے۔ اور ایسا ہی روایت کی سفیان ثوری اور مسعر نے ابراہیم بن محمد بن منتشر سے مثل حدیث ابی عوانہ کے اور ابن عیینہ پر تو روایت میں اختلاف کیا گیا ہے[1] پس روایت کرتا ہے اس سے ابراہیم بن منتشر اپنے باپ سے وہ حبیب بن سالم سے وہ اپنے باپ سے وہ نعمان بن بشیر سے۔ اور نہیں پہچانی گئی کوئی روایت حبیب بن سالم کی اپنے باپ سے۔ اور حبیب بن سالم وہ نعمان بن بشیر کا غلام ہے اور نعمان بن بشیر کی کئی حدیثیں مروی ہیں۔ اور مروی ہے ابن عیینہ سے اسنے روایت کی ابراہیم بن محمد بن منتشر سے مثل روایت انکے اور مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ دونو عیدون میں سورہ قاف اور اقتربت الساعۃ پڑھتے تھے۔ اور یہی کہتا ہے شافعی **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن موسےٰ انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن بن عیسیٰ نے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ضمرہ بن سعید مازنی سے اسنے عبید اللہ بن عبد اللہ عتبہ سے یہ کہ عمر بن خطاب نے ابا واقد لیثی سے سوال کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید فطر اور اضحٰے میں کیا قرات پڑھتے تھے کہا ابو واقد نے کہا پڑھتے تھے قاف والقرآن المجید اور اقتربت الساعۃ وانشق القمر کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابن عیینہ نے ضمرہ بن سعید سے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے کہا ابو عیسےٰ نے اور ابو واقد لیثی کا نام حارث بن عوف ہے۔ **باب** عیدون میں تکبیر کا بیان **حدیث** کی ہمسے مسلم بن عمرو ابو عمرو الحذاء مدینی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن نافع نے کثیر بن عبد اللہ سے اسنے اپنے باپ سے اسنے اپنے دادا سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو عیدون میں پہلی رکعت میں سات تکبیرین قرارت سے پہلے کہین اور دوسری میں پانچ قرارت سے پہلے۔ اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور ابن عمر اور عبد اللہ بن عمرو سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسےٰ نے کثیر کے دادا کی حدیث حسن ہے اور یہ حدیث سب سے اچھی ہے جو اس باب میں مروی ہیں اور نام اسکا عمرو بن عوف مزنی ہے اور عمل بعض اہل علم کے نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے اسی پر ہے اور ایسا ہی ابو ہریرہ سے مروی ہے کہ اسنے مدینہ میں اسی طرح نماز پڑھی۔ اور یہی قول ہے اہل مدینہ کا اور یہی کہتا ہے مالک بن انس اور شافعی اور احمد اور اسحاق اور مروی ہے ابن مسعود سے کہ کہا اسنے دونو عیدون کی تکبیرون کے باب میں کل نو تکبیرین ہیں پہلی رکعت میں پانچ تکبیرین قرارت سے پہلے اور دوسری رکعت میں قرارت پہلے پڑھے پھر چار تکبیرین مع تکبیر رکوع کے کہے۔ اور مروی ہے کئی ایک لوگون سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے مثل اسکے

[1] اختلاف انکا آپس میں لفظ ابیہ میں ہے درمیان حبیب بن سالم اور نعمان بن بشیر کے ١٢

وھو قول اھل الکوفۃ و بہ یقول سفیان الثوری **باب** لا صلوۃ قبل العیدین ولا بعدھا **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو داود الطیالسی انا شعبۃ عن عدی بن ثابت قال سمعت سعید بن جبیر یحدث عن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم خرج یوم الفطر فصلی رکعتین ثم لم یصل قبلھا ولا بعدھا وفی الباب عن عبد اللہ بن عمرو و ابی سعید **قال** ابو عیسی حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح والعمل علیہ عند بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم وبہ یقول الشافعی واحمد واسحاق وقد رای طائفۃ من اھل العلم الصلوۃ بعد صلوۃ العیدین وقبلھا من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم والقول الاول اصح **حدثنا** الحسین بن حریث ابو عمار نا وکیع عن ابان بن عبد اللہ البجلی عن ابی بکر بن حفص وھو ابن عمر بن سعد بن ابی وقاص عن ابن عمر انہ خرج یوم عید ولم یصل قبلھا ولا بعدھا وذکر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم فعلہ **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح **باب** فی خروج النساء فی العیدین **حدثنا** احمد بن منیع نا ھشیم نا منصور وھو ابن زاذان عن ابن سیرین عن ام عطیۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یخرج الابکار والعواتق وذوات الخدور والحیض فی العیدین فاما الحیض فیعتزلن المصلی ویشھدن دعوۃ المسلمین قالت احدھن یا رسول اللہ ان لم یکن لھا جلباب قال فلتعرھا اختھا من جلبابھا **حدثنا** احمد بن منیع نا ھشیم عن ھشام بن حسان عن حفصۃ ابنۃ سیرین عن ام عطیۃ بنحوہ وفی الباب عن ابن عباس وجابر **قال** ابو عیسی حدیث ام عطیۃ حدیث حسن صحیح وقد ذھب بعض اھل العلم الی ھذا الحدیث ورخص للنساء فی الخروج الی العیدین وکرھہ بعضھم وروی عن ابن المبارک انہ قال اکرہ الیوم الخروج للنساء فی العیدین فان ابت المرأۃ الا ان تخرج فلیاذن لھا زوجھا ان تخرج فی اطمارھا ولا تتزین فان ابت ان تخرج کذلک فللزوج ان یمنعھا عن الخروج ویروی عن عائشۃ قالت لو رای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما احدث النساء لمنعھن المسجد کما منعت نساء بنی اسرائیل ویروی عن سفیان الثوری انہ

اور یہی قول ہے اہل کوفہ کا۔ اور یہی کہتا ہے سفیان ثوری **باب** قبل عید کے اور بعد اسکے نماز درست نہین ہے **حدیث** کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد طیالسی نے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے عدی بن ثابت سے کہا اُسنے سُنا مینے سعید بن جبیر سے کہ حدیث بیان کرتا تھا ابن عباس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم عید فطر کے دن نکلے پس دو رکعتین پڑہی پھر پہلے اُس سے اور بعد اُسکے نماز نہین پڑہی۔ اور اِس باب مین روایت ہے عبد اللہ بن عمرو اور ابی سعید سے **کہا** ابو عیسےٰ نے حدیث ابن عباس کی حسن صحیح ہے۔ اور عمل اہل علم کے نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے اِسپر ہے اور یہی کہتا ہے شافعی اور احمد اور اسحاق اور ایک قوم نے اہل علم سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے بعد دونو عید دن کے اور پہلے اسکے نماز پڑھنے کو جائز رکھا ہے اور پہلا قول صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے حسین بن حریث ابو عمار نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے ابان بن عبد اللہ بجلی سے اُسنے ابی بکر بن حفص سے اور یہ ابن عمر بن سعد بن ابی وقاص ہے اُسنے ابن عمر سے یہ کہ وہ عید کے دن نکلا اور اُسنے پہلے عید کے اور بعد اُسکے نماز پڑھی۔ اور ذکر کیا اُسنے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی طرح کیا ہے **کہا** ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** عیدین مین عورتون کے نکلنے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے کہا حدیث کی ہمسے منصور نے جو بیٹا زاذان کا ہے ابن سیرین سے اُسنے ام عطیہ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم باکرہ اور کنواریون اور پردے والیون اور حائضہ کو عیدین مین نکالتے تھے۔ اور بہر حال حیض والیون کو حکم کرتے تھے کہ مصلے سے کنارے بیٹھین اور مسلمانو کی دعا مین حاضر ہون ایک نے ان مین سے کہا یا رسول اللہ اگر کسی کے چادر نہ ہو فرمایا آپنے چاہیے کہ بہن اُسکی اُسکو عاریۃً دے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے ہشام بن حسان سے اُسنے حفصہ بنت سیرین سے اُسنے ام عطیہ سے مثل اُسکے اور اِس باب مین روایت ہے ابن عباس اور جابر سے **کہا** ابو عیسیٰ نے حدیث ام عطیہ کی حسن صحیح ہے اور بعض اہل علم اس حدیث کی طرف گئے ہین اور عورتونکو عیدین کی طرف نکلنے کی رخصت دی ہے اور بعض نے اِس بات کو مکروہ جانا ہے۔ اور مروی ہے ابن مبارک سے کہ کہا اُسنے مین آج کے دن عورتون کے عیدین مین نکلنے کو مکروہ جانتا ہون پس اگر انکار کرے عورت مگر کہ نکلے (یعنی نکلنے پر اصرار کرے) تو چاہیے کہ خاوند اسکا اُسکو پُرانے کپڑون مین نکلنے کا اذن دے اور زینت نہ کرے پس اگر اسطرح نکلنے سے انکار کرے پس خاوند کو جائز ہے کہ نکلنے سے منع کرے اور مروی ہے عائشہ سے کہ کہا آپنے اگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دیکھتے کہ جو کچھ عورتون نے بدعات نکالی ہین تو انکو مسجد سے منع کر دیتے جیسا کہ بنی اسرائیل کی عورتین منع کی گئی ہین اور مروی ہے سفیان ثوری سے کہ اُسنے

سلہ یعنے آنحضرت نے صرف دو رکعتین عید کی پڑہین اول اور بعد عید کے نفل نہین پڑہی کہا ابن حجر نے یہ حدیث ایک وقت کا قصہ ہے اس سے عموم ثابت نہین ہوتا جو منع پر دلالت کرے اور احتمال ہے کہ یہ حکم مختص ساتھ امام کے ہو نہ ساتھ مقتدی کے یا مختص ساتھ عید گاہ کے ہو نہ ساتھ گھر کے اِن سب مین سلف کا اختلاف ہے ۱۲

كره اليوم الخروج للنساء الى العيد **باب** ما جاء في خروج النبي صلى الله عليه وسلم الى العيد في طريق ورجوعه من طريق آخر **حدثنا** عبد الاعلى بن واصل بن عبد الاعلى الكوفي وابو زرعة قالا نا محمد بن الصلت عن فليح بن سليمان عن سعيد بن الحارث عن ابي هريرة قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا خرج يوم العيد في طريق رجع في غيره وفي الباب عن عبد الله بن عمر وابي رافع **قال** ابو عيسى حديث ابي هريرة حديث حسن غريب وروى ابو تميلة ويونس بن محمد هذا الحديث عن فليح بن سليمان عن سعيد بن الحارث عن جابر بن عبد الله وقد استحب بعض اهل العلم للامام اذا خرج في طريق ان يرجع في غيره اتباعا لهذا الحديث وهو قول الشافعي وحديث جابر كانه اصح **باب** في الاكل يوم الفطر قبل الخروج **حدثنا** الحسن بن الصباح البزار نا عبد الصمد بن عبد الوارث عن ثواب بن عتبة عن عبد الله بن بريدة عن ابيه قال كان النبي صلى الله عليه وسلم لا يخرج يوم الفطر حتى يطعم ولا يطعم يوم الاضحى حتى يصلي وفي الباب عن علي وانس **قال** ابو عيسى حديث بريدة بن حصيب الاسلمي حديث غريب وقال محمد لا اعرف لثواب بن عتبة غير هذا الحديث وقد استحب قوم من اهل العلم ان لا يخرج يوم الفطر حتى يطعم شيئا ويستحب له ان يفطر على تمر ولا يطعم يوم الاضحى حتى يرجع **حدثنا** قتيبة نا هشيم عن محمد بن اسحاق عن حفص بن عبيد الله بن انس عن انس بن مالك ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يفطر على تمرات يوم الفطر قبل ان يخرج الى المصلى **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح غريب **ابواب السفر باب** التقصير في السفر **حدثنا** عبد الوهاب بن عبد الحكم الوراق البغدادي نا يحيى بن سليم عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمر قال سافرت مع النبي صلى الله عليه وسلم وابي بكر وعمر وعثمان فكانوا يصلون الظهر والعصر ركعتين ركعتين لا يصلون قبلها ولا بعدها وقال عبد الله لو كنت مصليا قبلها او بعدها لاتممتها وفي الباب عن عمر وعلي وابن عباس وانس وعمران بن حصين وعائشة **قال** ابو عيسى حديث ابن عمر حديث حسن غريب لا نعرفه الا من حديث يحيى بن سليم مثل هذا و

قال محمد بن اسماعيل وقد روى هذا الحديث عن عبيد الله بن عمر عن رجل من آل سراقة

حج کے دن عورتوں کے عید کی طرف نکلنے کو مکروہ جانا ہے **باب** بیان میں نکلنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عید کی طرف ایک راستہ سے اور واپس ہوتے آپ کے دوسرے راستہ سے **حدیث** کی ہم سے عبد الاعلیٰ بن واصل بن عبد الاعلیٰ کوفی اور ابو زرعہ نے کہا دونوں نے حدیث کی ہم سے محمد بن صلت نے فلیح بن سلیمان سے اُسنے سعید بن حارث سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عید کے دن جب ایک راستہ میں نکلتے تو دوسرے راستہ سے واپس ہوتے۔ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن عمر اور ابی رافع سے **کہا** ابو عیسیٰ نے حدیث ابو ہریرہ کی حسن غریب ہے اور روایت کی یہ حدیث ابو تمیلہ اور یونس بن محمد نے فلیح بن سلیمان سے اُسنے سعید بن حارث سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے۔ اور بعض اہل علم نے امام کے واسطے مستحب جانا ہے کہ جب ایک راستہ میں نکلے تو دوسرے راستہ سے واپس ہووے بموجب اتباع اس حدیث کے۔ اور یہی قول ہے شافعی کا اور حدیث جابر کی گویا صحیح ہے **باب** عید فطر کے دن نکلنے سے پہلے کھانا چاہیے **حدیث** کی ہم سے حسن بن صباح بزار نے کہا حدیث کی ہم سے عبد الصمد بن عبد الوارث نے ثواب بن عتبہ سے اُسنے عبد اللہ بن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم عید فطر کے دن نہیں نکلتے تھے تاکہ کھانا کھا لیتے۔ اور عید اضحیٰ کے دن کھانا نہیں کھاتے تھے تاکہ نماز پڑھ لیتے۔ اور اس باب میں روایت ہے حضرت علی اور انس سے **کہا** ابو عیسیٰ نے حدیث بریدہ بن حصیب اسلمی کی غریب ہے۔ اور کہا محمد نے میں ثواب بن عتبہ کے واسطے سوائے اس حدیث کے اور کوئی حدیث نہیں پہچانتا۔ اور ایک قوم نے اہل علم سے مستحب جانا ہے کہ کوئی شخص عید فطر کے دن نہ نکلے تاکہ کچھ کھانا کھالے اور مستحب ہے کہ کھجوروں پر افطار کرے۔ اور عید اضحیٰ کے دن نہ کھانا کھائے تاکہ واپس ہووے **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے ہشیم نے محمد بن اسحٰق سے اُسنے حفص بن عبید اللہ بن انس سے اُسنے انس بن مالک سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم عید فطر کے دن مصلی کی طرف نکلنے سے پہلے کھجوروں پر افطار کرتے تھے **کہا** ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **ابواب السفر۔ باب** سفر میں قصر کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے عبد الوہاب بن عبد الحکم وراق بغدادی نے کہا حدیث کی ہم سے یحییٰ بن سلیم نے عبید اللہ سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابو بکر اور عمر اور عثمان کے ساتھ سفر کیا ہے سو وہ ظہر اور عصر کی نماز دو دو رکعت پڑھتے تھے اُسکے پہلے اور اُسکے بعد نماز نہ پڑھتے تھے اور کہا عبد اللہ نے اگر مجھے پہلے اور بعد اُسکے نماز پڑھنی ہوتی تو اُسی کو پورا پڑھتا۔ اور اس باب میں روایت ہے عمر اور علی اور ابن عباس اور انس اور عمران بن حصین اور عائشہ سے رضی اللہ عنہم **کہا** ابو عیسیٰ نے حدیث ابن عمر کی حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر طریق یحییٰ بن سلیم سے مثل اسکے اور کہا محمد بن اسمٰعیل نے اور مروی ہے یہ حدیث عبید اللہ بن عمر سے اُسنے روایت کی ایک مرد سے جو آل سراقہ سے

عن ابن عمر **قال** ابو عیسی وقد روی عن عطیة العوفی عن ابن عمر ان النبی صلعم کان یتطوع فی السفر قبل الصلوٰة وبعدها وقد صح عن النبی صلعم انه کان یقصر فی السفر وابو بکر وعمر وعثمان صدرا من خلافته والعمل علی هذا عند اکثر اهل العلم من اصحاب النبی صلعم وغیرهم وقد روی عن عائشة انها کانت تتم الصلوٰة فی السفر والعمل علی ما روی عن النبی صلی الله علیه وسلم واصحابه وهو قول الشافعی واحمد واسحاق الا ان الشافعی یقول التقصیر رخصة له فی السفر فان اتم الصلوٰة اجزأ عنه **حدثنا** احمد بن منیع نا هشیم نا علی ابن زید بن جدعان عن ابی نضرة قال سئل عمران بن حصین عن صلوٰة المسافر فقال حججت مع رسول الله صلی الله علیه وسلم فصلی رکعتین وحججت مع ابی بکر فصلی رکعتین ومع عمر فصلی رکعتین ومع عثمان ست سنین من خلافته او ثمان سنین فصلی رکعتین **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** قتیبة نا سفیان بن عیینة عن محمد بن المنکدر وابراهیم بن میسرة انهما سمعا انس بن مالک قال صلینا مع النبی صلی الله علیه وسلم الظهر بالمدینة اربعا وبذی الحلیفة العصر رکعتین هذا حدیث صحیح **حدثنا** قتیبة نا هشیم عن منصور بن زاذان عن ابن سیرین عن ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم خرج من المدینة الی مکة لا یخاف الا رب العلمین فصلی رکعتین **قال** ابو عیسی هذا حدیث صحیح

باب ما جاء فی کم تقصر الصلوٰة

حدثنا احمد بن منیع نا هشیم نا یحیی بن ابی اسحاق الحضرمی نا انس بن مالک قال خرجنا مع النبی صلی الله علیه وسلم من المدینة الی مکة فصلی رکعتین قال قلت لانس کم اقام رسول الله صلی الله علیه وسلم بمکة قال عشرا وفی الباب عن ابن عباس وجابر **قال** ابو عیسی حدیث انس حدیث حسن صحیح وقد روی عن ابن عباس عن النبی صلی الله علیه وسلم انه اقام فی بعض اسفاره تسع عشرة یصلی رکعتین قال ابن عباس فنحن اذا اقمنا ما بیننا وبین تسع عشرة صلینا رکعتین وان زدنا علی ذلک اتممنا الصلوٰة

ہے اُسنے ابن عمر سے کہا ابو عیسیٰ نے اور مروی ہی عطیہ عوفی سے بواسطہ ابن عمر کے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں نماز سے پہلے اور بعد اسکے نفل پڑھتے تھے۔ اور صحیح ہو چکا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابو بکر اور عمر سفر میں قصر کرتے تھے اور حضرت عثمان بھی ابتدا زمانہ اپنی خلافت سے۔ اور عمل اکثر اہل علم کے نزدیک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے اسی پر ہے۔ اور مروی ہی حضرت عائشہ رض سے کہ وہ سفر میں نماز پوری پڑھتی تھیں اور عمل اسی پر ہے جو مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور اُسکے اصحاب سے اور یہی قول ہے شافعی اور احمد اور اسحاق کا۔ مگر یہ کہ امام شافعی کہتے ہیں قصر کرنا سفر میں رخصت ہی پس اگر نماز پوری پڑھے تو اُس سے کافی ہو جاتی ہی **حدیث** کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے ہشیم نے کہا حدیث کی ہم سے علی بن زید بن جدعان نے ابی نضرہ سے کہا اُسنے عمران بن حصین مسافر کی نماز کی بابت سوال کیے گئے پس کہا انہوں نے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کیا پس آپنے دو رکعتین پڑھیں اور میں نے حضرت ابو بکر رض کے ساتھ حج کیا سو انہوں نے بھی دو رکعتین پڑھیں۔ اور حضرت عمر رض کے ساتھ بھی حج کیا پس انہوں نے بھی دو رکعتین پڑھیں۔ اور حضرت عثمان رض کے ساتھ چھ یا آٹھ سال اُنکی خلافت سے حج کیا پس انہوں نے بھی دو رکعتین پڑھیں کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان بن عیینہ نے محمد بن منکدر اور ابراہیم بن میسرہ سے یہ کہ انہوں نے سُنا انس بن مالک سے کہا اُسنے ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ظہر کی نماز مدینہ میں چار رکعتین پڑھیں۔ اور ذی الحلیفہ میں عصر دو رکعتین پڑھیں[1] یہ حدیث صحیح ہی **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہم سے ہشیم نے منصور بن زاذان سے اُسنے ابن سیرین سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ سے مکہ کی طرف نکلے سوائے پروردگار عالمین کے کسی کا خوف نکرتے تھے[2] پس آپنے دو رکعتین پڑھیں کہا اُسنے نے یہ حدیث صحیح ہے

باب اس بیان میں کہ کتنے روز نماز قصر کیجائے

حدیث کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے ہشیم نے کہا حدیث کی ہم سے یحییٰ بن ابی اسحٰق حضرمی نے کہا حدیث کی ہم سے انس بن مالک نے کہا اُسنے ہم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ سے مکہ کی طرف نکلے پس آپ نے دو رکعتین پڑھیں کہا یحییٰ نے میں نے انس سے کہا کہ کسی قدر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ میں اقامت فرمائی کہا اُسنے دس دن۔ اور اس باب میں روایت ہی ابن عباس اور جابر سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث انس کی حسن صحیح ہی اور مروی ہی بواسطہ ابن عباس کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آنحضرت نے بعض سفروں میں اُنیس روز قیام کیا اس حالت میں کہ دو رکعتین پڑھتے تھے کہا ابن عباس نے پس اگر ہم اُنیس روز کے درمیان اقامت کرینگے تو دو رکعتین پڑھینگے اور اگر اس سے زیادتی کرینگے تو نماز پوری پڑھینگے

سلہ یعنی ہمنے مدینہ میں ظہر کی نماز چار رکعتین پڑھیں پھر ہم سفر کو چلے جب ذی الحلیفہ میں پہنچے جو مدینہ سے تقریباً تین چار میل ہی تو عصر کی نماز کا وقت ہو گیا وہاں عصر کی نماز دو رکعت قصر کرکے پڑھی۔ اور سفر میں سنت پڑھنی منع نہیں ہے اگر پڑھے تو جائز ہے نہ پڑھے تو کچھ حرج نہیں۔ اور عبداللہ بن عمر نے جو سنتین پڑھنے والوں کو منع کیا ہی وہ شاید اسلیے منع کیا ہو کہ انکو مؤکدہ نہ تصور کریں اور ضرور جانکر نہ پڑھیں بلکہ مطلق نوافل تو کچھ منع نہیں جیسا کہ خود عبداللہ بن عمر سے مروی ہی کہ آنحضرت سفر میں سنتین پڑھتے تھے اس باب سے مؤلف کی یہ غرض ہی کہ نماز رباعی کو سفر میں قصر کرنا ہی چاہیے

سلہ یہ کلام راوی نے اسلیے ذکر کیا ہے کہ نماز کا قصر کرنا خوف کے واسطے نہیں بلکہ سفر کے واسطے خاص حکم علیحدہ ہے ۱۲

وروى عن على انه قال من اقام عشرة ايام اتم الصلوة وروى عن ابن عمر انه قال من اقام خمسة عشر يوما اتم الصلوة وروى عنه ثنتى عشرة وروى عن سعيد بن المسيب انه قال اذا اقام اربعا صلى اربعا وروى ذلك عنه قتادة وعطاء الخراسانى وروى عنه داود بن ابى هند خلاف هذا واختلف اهل العلم بعد فى ذلك فاما سفيان الثورى واهل الكوفة فذهبوا الى توقيت خمس عشرة وقالوا اذا اجمع على اقامة خمس عشرة اتم الصلوة وقال الاوزاعى اذا اجمع على اقامة ثنتى عشرة اتم الصلوة وقال مالك والشافعى واحمد اذا اجمع على اقامة اربع اتم الصلوة واما اسحاق فراى اقوى المذاهب فيه حديث ابن عباس قال لانه روى عن النبى صلى الله عليه وسلم ثم تاوله بعد النبى صلى الله عليه وسلم اذا اجمع على اقامة تسع عشرة اتم الصلوة ثم اجمع اهل العلم على ان للمسافر ان يقصر ما لم يجمع اقامة وان اتى عليه سنون **حدثنا** هناد نا ابو معاوية عن عاصم الاحول عن عكرمة عن ابن عباس قال سافر رسول الله صلى الله عليه وسلم سفرا فصلى تسعة عشر يوما ركعتين ركعتين قال ابن عباس فنحن نصلى فيما بيننا وبين تسع عشرة ركعتين ركعتين فاذا اقمنا اكثر من ذلك صلينا اربعا **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن غريب صحيح

باب ماجاء فى التطوع فى السفر **حدثنا** قتيبة نا الليث بن سعد عن صفوان بن سليم عن ابى بسرة الغفارى عن البراء بن عازب قال صحبت رسول الله صلى الله عليه وسلم ثمانية عشر سفرا فما رايته ترك الركعتين اذا زاغت الشمس قبل الظهر وفى الباب عن ابن عمر **قال** ابو عيسى حديث البراء حديث غريب قال وسالت محمدا عنه فلم يعرفه الا من حديث الليث بن سعد ولم يعرف اسم ابى بسرة الغفارى وراه حسنا وروى عن ابن عمر ان النبى صلى الله عليه وسلم كان لا يتطوع فى السفر قبل الصلوة ولا بعدها وروى عنه عن النبى صلى الله عليه وسلم انه كان يتطوع فى السفر ثم اختلف اهل العلم بعد النبى صلى الله عليه وسلم فراى بعض اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم ان يتطوع الرجل فى السفر وبه يقول احمد واسحاق ولم تر طائفة من اهل العلم ان يصلى قبلها ولا بعدها ومعنى من لم يتطوع فى السفر قبول الرخصة ومن تطوع فله فى ذلك فضل كثير وهو قول اكثر اهل العلم يختارون التطوع فى السفر

اور مروی ہے حضرت علیؓ سے کہ فرمایا انہوں نے جو کوئی دس روز اقامت کرے تو نماز کو پوری کرے اور مروی ہے ابن عمر سے کہ کہا اُسنے جو شخص کہ پندرہ دن اقامت کرے نماز کو پوری کرے اور بارہ دن بھی اُس سے مروی ہیں اور مروی ہے سعید بن مسیب سے کہ کہا اُسنے جب چار روز اقامت کرے تو چار رکعت پڑھے اور روایت کیا ہے یہ اُس سے قتادہ اور عطاء خراسانی نے۔ اور داؤد بن ابی ہند نے اُسکے خلاف روایت کیا ہے اور اہل علم نے پیچھے اُسکے اس مسئلہ میں اختلاف کیا ہے۔ پس سفیان ثوری اور اہل کوفہ تو پندرہ دن کی طرف گئے ہیں اور کہا انہوں نے جب پندرہ روز اقامت پوری کرے تو نماز کو تمام کرے اور کہا اوزاعی نے جب بارہ دن پورے ٹھیرے تو نماز کو تمام کرے۔ اور کہا مالک اور شافعی اور احمد نے جب چار روز پورے ٹھیرے تو نماز کو تمام کرے۔ اور بہر حال اسحاق تو قوی تر مذہب اس مسئلہ میں حدیث ابن عباس کی جانتا ہے کہا اُسنے اسلیے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے پھر بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ابن عباس نے اسپر عمل کرکے کہا ہے کہ جب اُنیس دن کے ٹھیرنے کا قصد کرے تو نماز کو تمام کرے پھر اہل علم نے اس بات پر اجماع کیا ہے کہ مسافر کے لیے جائز ہے کہ جبتک نیت اقامت نہ کرے قصر کرتا رہے اگرچہ اسپر کئی برس گذر جائیں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہم سے ابو معاویہ نے عاصم الاحول سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر کیا پس آپ اُنیس روز دو رکعت پڑھتے رہے کہا ابن عباس نے پس ہم بھی اُنیس روز تک درمیان دو دو رکعتیں پڑھینگے پس اگر اس سے زیادہ اقامت کرینگے تو چار رکعتیں پڑھینگے **کہا** ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے

باب سفر میں نفل پڑھنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے صفوان بن سلیم سے اُسنے ابی بسرہ غفاری سے اُسنے براء بن عازب سے کہا اُسنے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اٹھارہ سفر کیے ہیں سو میں نے آپ کو کبھی نہیں دیکھا کہ آپنے دو رکعتوں کو وقت ڈھلنے آفتاب کے قبل ظہر کے چھوڑا ہو اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر سے **کہا** ابو عیسیٰ نے حدیث براء کی غریب ہے کہا ترمذی نے میں نے محمد سے اس حدیث کی بابت سوال کیا تو نہ پہچانا انہوں نے اسی حدیث کو مگر طریق لیث بن سعد سے اور نام ابی بسرہ کا بھی اُسنے نہ پہچانا اور اسکو حسن جانا۔ اور مروی ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سفر میں نماز سے پہلے اور پیچھے نفل نہ پڑھتے تھے اور مروی ہے انہی سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ سفر میں نفل پڑھتے تھے پھر اہل علم نے بعد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسمیں اختلاف کیا ہے سو بعض اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مذہب ہے کہ آدمی سفر میں نفل پڑھے اور یہی کہتا ہے احمد اور اسحاق۔ اور ایک جماعت نے اہل علم سے نماز سے پہلے اور پیچھے نفل پڑھنے کو درست نہیں رکھا۔ اور مراد اس سے کہ جسنے سفر میں نفل نہیں پڑھی یہ ہیں کہ اُسنے رخصت کو قبول کر لیا اور جو کوئی نفل پڑھے تو اُسکے واسطے بہت ثواب ہے اور یہ قول اکثر اہل علم کا ہے کہ سفر میں نفل پڑھنے کو پسند کرتے ہیں

حدثنا علی بن حجر نا حفص بن غیاث عن حجاج عن عطیۃ عن ابن عمر قال صلیت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم الظہر فی السفر رکعتین وبعدھا رکعتین قال ابو عیسی ھذا حدیث حسن وقد رواہ ابن ابی لیلی عن عطیۃ ونافع عن ابن عمر حدثنا محمد بن عبید المحاربی نا علی بن ھاشم عن ابن ابی لیلی عن عطیۃ ونافع عن ابن عمر قال صلیت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الحضر والسفر فصلیت معہ فی الحضر الظہر اربعا وبعدھا رکعتین وصلیت معہ فی السفر الظہر رکعتین وبعدھا رکعتین والعصر رکعتین ولم یصل بعدھا شیئا والمغرب فی الحضر والسفر سواء ثلث رکعات لاینقص فی حضر ولا سفر وھی وتر النہار وبعدھا رکعتین قال ابو عیسی ھذا حدیث حسن سمعت محمدا یقول ماروی ابن ابی لیلی حدیثا اعجب الی من ھذا

باب ماجاء فی الجمع بین الصلوتین

حدثنا قتیبۃ نا اللیث بن سعد عن یزید بن ابی حبیب عن ابی الطفیل عن معاذ بن جبل ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان فی غزوۃ تبوک اذا ارتحل قبل زیغ الشمس اخر الظہر الی ان یجمعھا الی العصر فیصلیھما جمیعا واذا ارتحل بعد زیغ الشمس عجل العصر الی الظہر وصلی الظہر والعصر جمیعا ثم سار وکان اذا ارتحل قبل المغرب اخر المغرب حتی یصلیھا مع العشاء واذا ارتحل بعد المغرب عجل العشاء فصلاھا مع المغرب وفی الباب عن علی وابن عمر وانس وعبد اللہ بن عمرو وعائشۃ وابن عباس واسامۃ بن زید وجابر قال ابو عیسی وروی علی بن المدینی عن احمد بن حنبل عن قتیبۃ ھذا الحدیث وحدیث معاذ حدیث حسن غریب تفرد بہ قتیبۃ لانعرف احدا رواہ عن اللیث غیرہ وحدیث اللیث عن یزید بن ابی حبیب عن ابی الطفیل عن معاذ حدیث غریب والمعروف عند اھل العلم حدیث معاذ من حدیث ابی الزبیر عن ابی الطفیل عن معاذ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم جمع فی غزوۃ تبوک بین الظہر والعصر وبین المغرب والعشاء رواہ قرۃ بن خالد وسفیان الثوری ومالک وغیر واحد عن ابی الزبیر المکی وبھذا الحدیث یقول الشافعی واحمد واسحاق یقولان لاباس ان یجمع بین الصلوتین فی السفر فی وقت احدھما

حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن غیاث نے حجاج سے اُسنے عطیہ سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے میںنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ظہر کی نماز دو رکعت پڑہی اور بعد اُسکے دو رکعتیں پڑہیں کہا ابو عیسٰے نے یہ حدیث حسن ہے اور روایت کیا اسکو ابن ابی لیلے نے عطیہ اور نافع سے انہوں نے ابن عمر سے حدیث کی ہمسے محمد ابن عبید محاربی نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن ہاشم نے ابن ابی لیلے سے اُسنے عطیہ اور نافع سے انہوں نے ابن عمر سے کہا اُسنے میںنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضر اور سفر میں نماز پڑہی ہے سو میںنے آپ کی ساتھ حضر میں ظہر کی چار رکعتیں پڑہی ہیں اور بعد اُسکے دو۔ اور آپکے ساتھ سفر میں ظہر کی دو رکعتیں پڑہی ہیں اور بعد اُسکے دو اور عصر کی دو رکعتیں۔ اور بعد اُسکے آپ نے کوئی نماز نہیں پڑہی اور مغرب حضر اور سفر میں برابر ہے تین رکعات۔ حضر اور سفر میں کم نہیں ہوتی اور یہ وتر دن کی ہے اور بعد اُسکے دو رکعتیں پڑہی ہیں کہا ابو عیسٰے نے یہ حدیث حسن ہے میںنے محمد سے سُنا ہے کہ کہتا میرے نزدیک ابن ابی لیلے نے اس حدیث سے کوئی حدیث عمدہ روایت نہیں کی

باب درمیان دو نمازوں کے جمع کرنے کا بیان

حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے یزید بن ابی حبیب سے اُسنے ابی الطفیل سے اُسنے معاذ بن جبل سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جنگ تبوک میں تھے۔ جب آفتاب ڈھلنے سے پہلے کوچ کرتے تو ظہر کو موخر کرتے یہاں تک کہ اُسکو عصر تک موخر کرتے پہر اُن دونوں کو جمع کرکے پڑہتے۔ اور جب بعد ڈھلنے آفتاب کے کوچ کرتے تو عصر کو ظہر کی جلدی کرتے اور ظہر اور عصر کو جمع کرکے پڑہتے پہر سیر کرتے۔ اور جب مغرب سے پہلے کوچ کرتے تو مغرب کو موخر کرتے یہاں تک کہ اُسکو عشا کے ساتھ پڑہتے اور جب بعد مغرب کے کوچ کرتے تو عشا کی جلدی کرتے اور اُسکو مغرب کے ساتھ پڑہتے اور اس باب میں روایت ہے حضرت علی رضؓ اور ابن عمرؓ اور انسؓ اور عبد اللہ بن عمروؓ اور عائشہؓ اور ابن عباسؓ اور اسامہ بن زید اور جابر سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسٰے نے اور روایت کی ہے یہ حدیث علی بن مدینی نے احمد بن حنبل سے اُسنے قتیبہ سے اور حدیث معاذ کی حسن غریب ہے قتیبہ اس سے منفرد ہوا ہے ہم نہیں جانتے کہ سوا اُسکے اور کسی نے لیث سے روایت کی ہو اور حدیث لیث کی جو یزید بن ابی حبیب سے ہے اُسنے روایت کی ہے ابی الطفیل سے اُسنے معاذ سے غریب ہے اور معروف اہل علم کے نزدیک حدیث معاذ کی ہے جو طریق ابی الزبیر سے بواسطہ ابی الطفیل کے معاذ سے ہے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جنگ تبوک میں ظہر اور عصر کو اور مغرب اور عشا کو جمع کیا۔ روایت کیا اسکو قرہ بن خالد اور سفیان ثوری اور مالک اور کئی اور لوگوں نے ابی الزبیر مکی سے اور ساتھ اسی حدیث کے کہتا ہے شافعی اور احمد اور اسحاق کہتے ہیں کہ سفر میں دو نمازوں کو ایک وقت میں جمع کرنے میں کچھ خوف نہیں

حدثنا ھناد نا عبدۃ عن عبید اللہ بن عمر عن نافع عن ابن عمر انہ استغیث علی بعض اھلہ فجدّ بہ السیر واخر المغرب حتّے غاب الشفق ثم نزل فجمع بینھما ثم اخبرھم ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کان یفعل ذلک اذا جد بہ السّیر قال ابو عیسٰے ھذا حدیث حسن صحیح باب ماجاء فی صلوۃ الاستسقاء حدثنا یحیی بن موسی نا عبد الرزاق نا معمر عن الزھری عن عبّاد بن تمیم عن عمّہ ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خرج بالناس یستسقی فصلی بھم رکعتین جھر بالقراءۃ فیھما وحوّل رداءہ ورفع یدیہ واستسقی واستقبل القبلۃ وفی الباب عن ابن عبّاس وابی ھریرۃ وانس وابی اللحم قال ابو عیسٰی حدیث عبد اللہ بن زید حدیث حسن صحیح وعلی ھذا العمل عند اھل العلم وبہ یقول الشافعی واحمد واسحق وا عم عباد بن تمیم ھو عبد اللہ بن زید بن عاصم المازنی حدثنا قتیبۃ نا اللیث عن خالد بن یزید عن سعید بن ابی ھلال عن یزید بن عبد اللہ عن عمیر مولی ابی اللحم عن ابی اللحم انہ رای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عند احجار الزیت یستسقی وھو مقنع بکفیہ یدعو قال ابو عیسٰے کذا قال قتیبۃ فی ھذا الحدیث عن ابی اللحم ولا نعرف لہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم الا ھذا الحدیث الواحد وعمیر مولی ابی اللحم قد روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم احادیث ولہ صحبۃ حدثنا قتیبۃ نا حاتم بن اسماعیل عن ھشام بن اسحق وھو ابن عبد اللہ بن کنانۃ عن ابیہ قال ارسلنی الولید بن عقبۃ وھو امیر المدینۃ الی ابن عباس اسألہ عن استسقاء رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فاتیتہ فقال ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خرج متبذلا متواضعا متضرعا حتی اتی المصلی فلم یخطب خطبتکم ھذہ ولکن لم یزل فی الدعاء والتضرع والتکبیر وصلے رکعتین کما کان یصلی فی العید قال ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح حدثنا محمود بن غیلان نا وکیع عن سفیان عن ھشام بن اسحاق بن عبد اللہ بن کنانۃ عن ابیہ فذکر نحوہ وزاد فیہ متخشعا قال ابو عیسے ھذا حدیث حسن صحیح وھو قول الشافعی قال یصلی صلوۃ الاستسقاء نحو صلوۃ العیدین یکبر

حدیث کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ وہ اپنی ایک بیوی[1] کے لیے اعانت طلب کیا گیا تو اُسنے سیر میں کوشش کی اور مغرب کو موخر کیا یہانتک کہ سرخی غائب ہو گئی پھر سواری سے اُترا اور دو نمازوں کو جمع کیا پھر عبد اللہ بن عمر نے لوگوں کو خبر دی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح کرتے تھے جب کہ اُنکو سیر میں جلدی ہوتی کہا ابو عیسے نے یہ حدیث حسن صحیح ہے باب نماز استسقا کے بیان میں حدیث کی ہمسے یحیی بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے اُسنے عباد بن تمیم سے اُسنے اپنے چچا سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کے ساتھ نماز استسقا پڑھنے کے لیے نکلے سو آپنے اُنکو دو رکعتین پڑھائیں اُن دونوں میں قرأت اونچی پڑھی اور اپنی چادر کو پھیرا۔ اور ہاتھوں کو بلند کیا اور مینھ طلب کیا اور قبلہ کی طرف متوجہ ہوے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عباس اور ابی ہریرہ اور انس اور ابی اللحم سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسٰی نے حدیث عبد اللہ بن زید کی حسن صحیح ہے۔ اور اسی پر اہل علم کے نزدیک عمل ہے۔ اور یہی کہتا ہے شافعی اور احمد اور اسحاق۔ اور نام عباد بن تمیم کے چچا کا عبد اللہ بن زید بن عاصم مازنی ہے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے لیث سے اُسنے خالد بن یزید سے اُسنے سعید بن ابی ہلال سے اُسنے یزید بن عبد اللہ سے اُسنے عمیر سے جو ابی اللحم کا غلام ہے اُسنے ابی اللحم سے یہ کہ اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو احجار الزیت (نام جگہ کا ہے مدینہ کے قریب) کے پاس دیکھا استسقا میں کہ ہاتھوں مبارک کو کھڑا کرکے دعا مانگ رہے تھے کہا ابو عیسی نے ایسا ہی کہا قتیبہ نے اس حدیث میں یہ روایت ہے ابی اللحم سے اور سواے اس حدیث ایک کے کوئی اور حدیث اسکی آنحضرت سے معروف نہیں۔ اور عمیر جو ابی اللحم کا غلام ہے اُسنے کئی حدیثیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہیں اور اسکو آنحضرت سے صحبت ہے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے حاتم بن اسمعیل نے ہشام بن اسحاق سے اور یہ عبد اللہ بن کنانہ کا بیٹا ہے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے مجھے ولید بن عقبہ نے جو مدینہ کا حاکم تھا ابن عباس کیطرف بھیجا کہ اُس سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا حال پوچھوں سو میں اُس سے ملاقات کی (اور پوچھا) پس کہا اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم جریدہ حالت میں تواضع اور عاجزی کرتے ہوے نکلے تاکہ مصلے پاس آئے اور تمہارے اس خطبہ کیطرح خطبہ نہیں پڑھا لیکن بہت دیر تک دعا اور عاجزی اور تکبیر میں ہے اور دو رکعتیں پڑھیں جیسا کہ عید کے لیے پڑھتے تھے کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث بیان کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اُسنے ہشام بن اسحاق بن عبد اللہ بن کنانہ سے اُسنے اپنے باپ سے پس ذکر کیا اُسنے مثل اسکی اور متخشعا کا لفظ زیادہ ذکر کیا یعنی خشوع کرتے ہوے نکلے کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہی ہے قول شافعی کا کہ نماز استسقا کی نماز عیدین کیطرح پڑھے

[1] عبد اللہ بن عمر کی بیوی صفیہ بیمار تھی اُسکو بیوی کی خبر راستہ میں پہونچی تو اُسنے وہیں سیر میں جلدی کی اور دو نمازوں کو جمع کرکے پڑھا جیسا کہ متن میں مذکور ہے ۱۲ شرح

فی الرکعۃ الاولٰی سبعا وفی الثانیۃ خمسا واحتج بحدیث ابن عباس **قال** ابو عیسٰی وروی عن مالک بن انس انہ قال لا یکبر فی صلوٰۃ الاستسقاء کما یکبر فی صلوٰۃ العیدین

باب فی صلوٰۃ الکسوف

حدثنا محمد بن بشار نا یحیی بن سعید عن سفیان عن حبیب بن ابی ثابت عن طاؤس عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ صلی فی کسوف فقرأ ثم رکع ثم قرأ ثم رکع ثم قرأ ثم رکع ثم سجد سجدتین والاخرٰی مثلہا وفی الباب عن علی وعائشۃ وعبد اللہ بن عمرو والنعمان بن بشیر والمغیرۃ بن شعبۃ وابی مسعود وابی بکرۃ وسمرۃ وابن مسعود واسماء ابنۃ ابی بکر وابن عمر وقبیصۃ الہلالی وجابر بن عبد اللہ وابی موسٰی وعبد الرحمٰن بن سمرۃ وابی بن کعب **قال** ابو عیسٰی حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح وقد روی عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ صلی فی کسوف اربع رکعات فی اربع سجدات وبہ یقول الشافعی واحمد واسحاق قال واختلف اہل العلم فی القراءۃ فی صلوٰۃ الکسوف فرأی بعض اہل العلم ان یسر بالقراءۃ فیہا بالنہار ورأی بعضہم ان یجہر بالقراءۃ فیہا کنحو صلوٰۃ العیدین والجمعۃ وبہ یقول مالک واحمد واسحٰق یرون الجہر فیہا قال الشافعی لا یجہر فیہا وقد صح عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم کلتا الروایتین صح عنہ انہ صلی اربع رکعات فی اربع سجدات وصح عنہ انہ صلی ست رکعات فی اربع سجدات وہذا عند اہل العلم جائز علی قدر الکسوف ان تطاول الکسوف فصلی ست رکعات فی اربع سجدات فہو جائز وان صلی اربع رکعات فی اربع سجدات واطال القراءۃ فہو جائز ویری اصحابنا ان یصلی صلوٰۃ الکسوف فی جماعۃ فی کسوف الشمس والقمر **حدثنا** محمد بن عبد الملک بن ابی الشوارب نا یزید بن زریع نا معمر عن الزہری عن عروۃ عن عائشۃ انہا قالت خسفت الشمس علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصلی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالناس فاطال القراءۃ ثم رکع فاطال الرکوع ثم رفع راسہ فاطال القراءۃ وہی دون الاولٰی ثم رکع فاطال الرکوع وہو دون الاول ثم رفع راسہ فسجد ثم فعل ذلک فی الرکعۃ الثانیۃ

پہلی رکعت میں سات تکبیریں کہی اور دوسری میں پانچ۔ اور دلیل پکڑی شافعی نے ساتھ حدیث ابن عباس کے کہا ابو عیسٰی نے اور مروی ہے مالک بن انس سے کہ کہا انہوں نے نماز استسقا میں تکبیر نہ کہے جیسا کہ عیدین کی نماز میں تکبیر کہتا ہے

باب نماز کسوف کے بیان میں

حدیث کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہم سے یحیی بن سعید نے سفیان سے انہوں نے حبیب بن ابی ثابت سے انہوں نے طاؤس سے انہوں نے ابن عباس سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے گہن میں نماز پڑھی سو آپ نے قرأت پڑھی پھر رکوع کیا پھر قرأت پڑھی پھر رکوع کیا پھر قرأت پڑھی۔ پھر رکوع کیا پھر دو سجدے کیے اور دوسری رکعت مثل اسکے۔ اور اس باب میں روایت ہے حضرت علی اور عائشہ اور عبد اللہ بن عمرو اور نعمان بن بشیر اور مغیرہ بن شعبہ اور ابی مسعود اور ابی بکرہ اور سمرہ اور ابن مسعود اور اسماء بنت ابی بکر اور ابن عمر اور قبیصہ ہلالی اور جابر بن عبد اللہ اور ابی موسٰی اور عبد الرحمٰن بن سمرہ اور ابی بن کعب رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسٰی نے حدیث ابن عباس کی حسن صحیح ہے اور مروی ہے بواسطہ ابن عباس کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ نماز پڑھی آپ نے گہن میں چار رکوع چار سجدوں میں اور ساتھ اسکے کہتا ہے شافعی اور احمد اور اسحاق۔ کہا ابو عیسٰی نے اور اہل علم نے نماز گہن کی قرأت میں اختلاف کیا ہے۔ سو بعض اہل علم کا مذہب ہے کہ قرأت اسمیں دن میں آہستہ پڑھے اور بعض کا مذہب ہے کہ اسمیں قرأت پکار کر پڑھے مثل نماز عیدین اور جمعہ کے اور ساتھ اسی کے کہتا ہے مالک اور احمد اور اسحاق انکا مذہب اسمیں قرأت اونچی پڑھنے کا ہے۔ کہا شافعی نے قرأت اسمیں اونچی نہ پڑھے۔ اور نبی صلعم سے دونوں روایتیں ثابت ہیں ایک یہ ثابت ہے کہ آپ نے چار رکوع چار سجدوں میں کیے دوسرے یہ ثابت ہے کہ آپ نے چھ رکوع چار سجدوں میں کیے۔ اور یہ اہل علم کے نزدیک جائز ہے موافق قدر گہن کے اگر گہن دیر تک رہے اور چھ رکوع چار سجدوں میں کرے تو جائز ہے۔ اور اگر چار رکوع چار سجدوں میں کرے اور قرأت کو لمبی کرے تو یہ بھی جائز ہے اور ہمارے اصحاب کا یہ مذہب ہے کہ نماز گہن آفتاب اور چاند کی جماعت سے پڑھے **حدیث** کی ہم سے محمد بن عبد الملک بن ابی الشوارب نے کہا حدیث کی ہم سے یزید بن زریع نے کہا حدیث کی ہم سے معمر نے زہری سے انہوں نے عروہ سے انہوں نے عائشہ سے کہ کہا انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں آفتاب کو گہن لگا سو رسول اللہ صلعم نے لوگوں کو نماز پڑھائی پس قرأت کو لمبی کیا پھر رکوع کیا اور رکوع کو لمبا کیا۔ پھر سر مبارک کو اٹھایا اور قرأت کو لمبی کیا اور یہ قرأت پہلی قرأت سے کم تھی۔ پھر رکوع کیا اور رکوع کو لمبا کیا۔ اور یہ رکوع پہلے رکوع سے کم تھا پھر سر مبارک کو اٹھایا اور سجدہ کیا۔ پھر دوسری رکعت میں بھی ایسا ہی کیا

۱؎ استسقا خشک سالی میں اللہ تعالی سے وجہ مخصوص پر جو شرع میں ثابت ہے مینہ مانگنے کو کہتے ہیں اور استسقا تین طرح پر آنحضرت سے مروی ہے ایک محض دعا یعنی اللہ تعالی سے طلب کرنی خواہ ہو یا جماعت میں دوسرے یہ کہ نماز کے بعد (خواہ نفلی ہو) دعا مانگنی تیسرے یہ کہ جنگل میں جا کر بعد دو رکعتوں کے خطبہ پڑھ کے دعا مانگنی یہی مذہب ہے امام مالک اور ابو یوسف اور محمد کا۔ امام احمد سے خطبہ مروی نہیں بلکہ اسکی جگہ دعا اور استغفار پڑھنا چاہیے جمہور کے نزدیک جنگل میں جا کر نماز پڑھنی سنت ہے برخلاف امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے اور متاخرین حنفیہ کا فتوی صاحبین کے قول پر ہے کہ یہ دو رکعت مشروع ہیں۔ زاد المعاد میں لکھا ہے کہ استسقا آنحضرت سے چھ طور پر ثابت ہے۔ والتوضیح فی فضل الباری ترجمہ صحیح البخاری ۱۲ منہ

قال ابو عیسیٰ هٰذا حدیث حسن صحیح وبهٰذا الحدیث یقول الشافعی واحمد واسحاق یرون صلوٰة الکسوف اربع رکعات فی اربع سجدات قال الشافعی یقرأ فی الرکعة الاولی بام القراٰن ونحوا من سورة البقرة سرًا ان کان بالنهار ثم رکع رکوعا طویلا نحوا من قراءته ثم رفع راسه بتکبیر وثبت قائما کما هو وقرأ ایضا بام القراٰن ونحوا من اٰل عمران ثم رکع رکوعا طویلا نحوا من قراءته ثم رفع راسه ثم قال سمع الله لمن حمده ثم سجد سجدتین تامتین ویقیم فی کل سجدة نحوا مما اقام فی رکوعه ثم قام فقرأ بام القراٰن ونحوا من سورة النساء ثم رکع رکوعا طویلا نحوا من قراءته ثم رفع راسه بتکبیر وثبت قائما ثم قرأ نحوا من سورة المائدة ثم رکع رکوعا طویلا نحوا من قراءته ثم رفع فقال سمع الله لمن حمده ثم سجد سجدتین ثم تشهد وسلم **باب** کیف القراءة فی الکسوف **حدثنا** محمود بن غیلان نا وکیع نا سفیان عن الاسود بن قیس عن ثعلبة بن عباد عن سمرة بن جندب قال صلی بنا رسول الله صلی الله علیه وسلم فی کسوف لا نسمع له صوتا وفی الباب عن عائشة **قال** ابو عیسیٰ حدیث سمرة بن جندب حدیث حسن صحیح غریب وقد ذهب بعض اهل العلم الی هٰذا وهو قول الشافعی **حدثنا** ابو بکر محمد بن ابان نا ابراهیم بن صدقة عن سفیان بن حسین عن الزهری عن عروة عن عائشة ان النبی صلی الله علیه وسلم صلی صلوٰة الکسوف وجهر بالقراءة فیها **قال** ابو عیسیٰ هٰذا حدیث حسن صحیح وروی ابو اسحاق الفزاری عن سفیان بن حسین نحوه وبهٰذا الحدیث یقول مالک واحمد واسحاق **باب** ما جاء فی صلوٰة الخوف **حدثنا** محمد بن عبد الملک بن ابی الشوارب نا یزید بن زریع نا معمر عن الزهری عن سالم عن ابیه ان النبی صلی الله علیه وسلم صلی صلوٰة الخوف باحدی الطائفتین رکعة والطائفة الاخریٰ مواجهة العدو ثم انصرفوا فقاموا فی مقام اولٰئک وجاء اولٰئک فصلی بهم رکعة اخریٰ ثم سلم علیهم فقام هؤلاء فقضوا رکعتهم وقام هؤلاء فقضوا رکعتهم وفی الباب عن جابر وحذیفة وزید بن ثابت وابن عباس وابی هریرة وابن مسعود وسهل بن ابی حثمة وابن عیاش الزرقی واسمه زید بن صامت وابی بکرة **قال** ابو عیسیٰ وقد ذهب مالک بن انس فی صلوٰة الخوف الی حدیث سهل بن ابی حثمة وهو قول الشافعی وقال احمد قد روی عن النبی صلی الله علیه وسلم

کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور ساتھ اسی حدیث کے کہتے ہیں شافعی اور احمد اور اسحاق کہتے ہیں کہ نماز گہن کی چار رکوع ہیں چار سجدوں میں۔ کہا شافعی نے پہلی رکعت میں الحمد اور سورہ بقر آہستہ پڑھے اگر دن ہو۔ پھر اسی قرأت کی برابر رکوع لمبا کرے پھر سر کو تکبیر کے ساتھ اٹھائے اور کھڑا ہو کر ٹھہرا رہے جیسا کہ ہے اور پھر الحمد اور سورہ آل عمران پڑھے پھر اسی قرأت کی برابر رکوع لمبا کرے پھر سر کو اٹھاتے پھر کہے سَمِعَ اللّٰہُ لِمَن حَمِدَہٗ۔ پھر پورے دو سجدے کرے اور ہر ایک سجدہ میں اتنا ٹھہرے جتنا کہ رکوع میں ٹھہرا ہے پھر کھڑا ہو اور الحمد اور سورہ نساء پڑھے پھر اسی قرأت کی برابر رکوع لمبا کرے۔ پھر سر کو تکبیر کے ساتھ اٹھائے اور کھڑا ہو کر ٹھہرا رہے پھر سورہ مائدہ پڑھے۔ پھر اسی قرأت کی برابر رکوع لمبا کرے پھر سر اٹھائے اور کہے سَمِعَ اللّٰہُ لِمَن حَمِدَہٗ پھر دو سجدے کرے پھر تشہد پڑھے اور سلام پھیرے **باب** گہن میں قرأت کس طرح ہے حدیث کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے وکیع نے کہا حدیث کی ہم سے سفیان نے اسود بن قیس سے اُسنے ثعلبہ بن عباد سے اُسنے سمرہ بن جندب سے کہ ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گہن کی نماز پڑھائی ہم آپ کی آواز نہیں سنتے تھے اور اس باب میں روایت ہے عائشہ سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث سمرہ بن جندب کی حسن صحیح غریب ہے اور بعض اہل علم اسی طرف گئے ہیں۔ اور یہ قول شافعی کا ہے حدیث کی ہم سے ابو بکر محمد بن ابان نے کہا۔ حدیث کی ہم سے ابراہیم بن صدقہ نے سفیان بن حسین سے اُسنے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے گہن کی نماز پڑھی اور اس میں قرأت اونچی پڑھی کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کی ہے ابو اسحاق فزاری نے سفیان بن حسین سے مثل اسکے اور ساتھ اسی حدیث کے کہتا ہے مالک اور احمد اسحاق **باب** نماز خوف کے بیان میں حدیث کی ہم سے محمد بن عبد الملک بن ابی شوارب نے کہا حدیث کی ہم سے یزید بن زریع نے کہا حدیث کی ہم سے معمر نے زہری سے اُسنے سالم سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز خوف کی ساتھ ایک دونوں گروہوں کے ایک رکعت پڑھی اور گروہ دوسرا سامنے دشمن کے تھا پھر وہ لوگ پھر گئے اور اُن لوگوں کی جگہ جا کھڑے ہوئے اور وہ لوگ آئے پس آپ نے اُنکے ساتھ دوسری رکعت پڑھی۔ پھر آپ نے اُن پر سلام پھیرا۔ پھر یہ لوگ کھڑے ہوئے اور اپنی رکعت کو پوری کیا اور وہ لوگ بھی کھڑے ہوئے اور اپنی رکعت کو پوری کیا اور اس باب میں روایت ہے جابر اور حذیفہ اور زید بن ثابت اور ابن عباس اور ابی ہریرہ اور ابن مسعود اور سہل بن ابی حثمہ اور ابی عیاش زرقی اور نام اسکا زید بن صامت ہے اور ابی بکرہ رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے اور مالک بن انس نماز خوف میں سہل بن ابی حثمہ کی حدیث کیطرف گیا ہے اور یہی کہا شافعی نے اور کہا احمد نے نماز خوف کی نبی صلعم سے کئی طرح مروی ہے

صلوٰۃ اخرین علیٰ ارجہ وما اعلم فی ہذا الباب الا حدیثا صحیحا واختار حدیث سہل بن ابی حثمۃ وہکذا قال اسحٰق بن ابراہیم قال ثبتت الروایات عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم فی صلوٰۃ الخوف ورای ان کل ماروی عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم فی صلوٰۃ الخوف نہو جائزۃ وہذا علیٰ قدر الخوف قال اسحٰق ولسنا نختار حدیث سہل بن ابی حثمۃ علیٰ غیرہ من الروایات وحدیث ابن عمر حدیث حسن صحیح وقد رواہ موسی بن عقبۃ عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم نحوہ **حدثنا** محمد بن بشار عن یحیی بن سعید القطان نا یحیی بن سعید الانصاری عن القاسم بن محمد عن صالح بن خوات بن جبیر عن سہل بن ابی حثمۃ انہ قال فی صلوٰۃ الخوف قال یقوم الامام مستقبل القبلۃ وتقوم طائفۃ منہم معہ وطائفۃ من قبل العدو وجوہہم الی العدو فیرکع بہم رکعۃ ویرکعون لانفسہم رکعۃ ویسجدون لانفسہم سجدتین فی مکانہم ثم یذہبون الی مقام اولئک ویجی اولئک فیرکع بہم رکعۃ ویسجد بہم سجدتین فہی لہ ثنتان ولہم واحدۃ ثم یرکعون رکعۃ ویسجدون سجدتین قال محمد بن بشار فسالت یحیی بن سعید عن ہذا الحدیث فحدثنی عن شعبۃ عن عبد الرحمن بن القاسم عن ابیہ عن صالح بن الخوات عن سہل بن ابی حثمۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم بمثل حدیث یحیی بن سعید الانصاری وقال لی اکتبہ الی جنبہ ولست احفظ الحدیث ولکنہ مثل حدیث یحیی بن سعید الانصاری **قال** ابو عیسیٰ وہذا حدیث حسن صحیح لم یرفعہ یحیی بن سعید الانصاری عن القاسم بن محمد وہکذا رواہ اصحاب یحیی بن سعید الانصاری موقوفا ورفعہ شعبۃ عن عبد الرحمن بن القاسم بن محمد وروی مالک بن انس عن یزید بن رومان عن صالح بن الخوات عن من صلے مع النبی صلے اللہ علیہ وسلم صلوٰۃ الخوف فذکر نحوہ **قال** ابو عیسیٰ ہذا حدیث حسن صحیح وبہ یقول مالک والشافعی واحمد واسحاق وروی عن غیر واحد ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم صلی باحدی الطائفتین رکعۃ رکعۃ فکانت للنبی صلی اللہ علیہ وسلم رکعتان ولہم رکعۃ رکعۃ **باب** ماجاء فی سجود القرآن **حدثنا** سفیان بن وکیع نا عبد اللہ بن وہب عن عمرو بن الحارث عن سعید بن ابی ہلال عن عمر الدمشقی عن ام الدرداء عن ابی الدرداء قال سجدت مع رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم احدی عشرۃ سجدۃ منہا التی فی النجم وفی الباب عن علی وابن عباس وابی ہریرۃ وابن مسعود وزید بن ثابت

ولا يرد على الحوض ومن غشي ابوابهم او لم يغش ولم يصدقهم في كذبهم ولم يعنهم على ظلمهم فهو مني وانا منه وسيرد على الحوض يا كعب بن عجرة الصلوة برهان والصوم جُنّة حصينة والصدقة تطفي الماء النار يا كعب بن عجرة انه لا يربو لحم نبت من سحت الا كانت النار اولى به **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه وسالت محمدا عن هذا الحديث فلم يعرفه الا من حديث عبيد الله بن موسى واستغربه جدا وقال محمد حدثنا ابن نمير عن عبيد الله بن موسى عن غالب بهذا **باب** منه **حدثنا** موسى بن عبد الرحمن الكوفي نا زيد بن الحباب نا معاوية بن صالح قال حدثني سليم بن عامر قال سمعت ابا امامة يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يخطب في حجة الوداع فقال اتقوا الله ربكم وصلوا خمسكم وصوموا شهركم وادوا زكوة اموالكم واطيعوا ذا امركم تدخلوا جنة ربكم قال قلت لابي امامة منذ كم سمعت هذا الحديث قال سمعت وانا ابن ثلثين سنة **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح **اخر ابواب الصلوة**

ابواب الزكوة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

باب ما جاء عن رسول الله صلى الله عليه وسلم في منع الزكوة من التشديد **حدثنا** هناد بن السري نا ابو معاوية عن الاعمش عن معرور بن سويد عن ابي ذر قال جئت الى رسول الله صلى الله عليه وسلم وهو جالس في ظل الكعبة قال فرأني مقبلا فقال هم الاخسرون ورب الكعبة يوم القيمة قال فقلت ما لي لعله انزل فيّ شيء قال قلت من هم فداك ابي وامي فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم هم الاكثرون الا من قال هكذا وهكذا وهكذا فحثى بين يديه وعن يمينه وعن شماله ثم قال والذي نفسي بيده لا يموت رجل فيدع ابلا او بقرا لم يؤد زكوتها الا جاءته يوم القيمة اعظم ما كانت واسمنه تطأه باخفافها وتنطحه بقرونها كلما نفدت اخراها عادت عليه اولاها حتى يقضى بين الناس

اور نہ وہ میرے حوض پر آئیگا ۔ اور جو کوئی انکے دروازے پر جائیگا یا نہ جائیگا اور انکے جھوٹ میں انکو سچا نہ جانیگا اور انکے ظلم پر انکی مدد نہ کریگا سو وہ مجھ سے ہے اور میں اس سے ہوں اور وہ میرے حوض پر آئیگا۔ اے کعب بن عجرہ نماز دلیل اسلام کی ہے اور روزہ ڈھال ہے (گناہ سے) منع کرتا ہے اور صدقہ گناہ کو بجھاتا ہے جیسا کہ پانی آگ کو بجھاتا ہے اے کعب بن عجرہ نہیں بڑھتا کوئی گوشت کہ لگتا ہے حرام سے مگر کہ آگ اسکے حق میں بہت لائق ہے **کہا** ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اس وجہ سے ۔ اور میں نے محمد سے اس حدیث کی بابت سوال کیا تو نہ پہچانا انہوں نے اسکو مگر طریق عبید اللہ بن موسیٰ سے اور اسکو بہت غریب جانا ۔ اور کہا محمد نے حدیث کی ہم سے ابن نمیر نے عبید اللہ بن موسیٰ سے انہوں نے غالب سے ساتھ اسکے **باب** اسی قسم سے **حدیث** کی ہم سے موسیٰ بن عبد الرحمن کوفی نے کہا حدیث کی ہم سے زید بن حباب نے کہا حدیث کی ہم سے معاویہ بن صالح نے کہا حدیث کی مجھ سے سلیم بن عامر نے کہا سنا میں نے ابا امامہ سے کہ کہتا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اس حالت میں کہ حجۃ الوداع میں خطبہ پڑھتے تھے پس فرمایا آپ نے ڈرو اللہ سے جو رب تمہارا ہے اور اپنی پانچوں نمازیں پڑھو ۔ اور ایک ماہ کے روزے رکھو اور اپنے مالوں کی زکوۃ ادا کرو ۔ اور فرمانبرداری کرو (حاکم کی) جب تمکو کوئی امر کرے اپنے رب کے جنت میں داخل ہوگے کہا راوی نے میں نے ابی امامہ سے کہا کس مدت سے تو نے یہ حدیث سنی ہے کہا اسنے سنی میں نے اس حالت میں کہ میں تیس برس کا تھا **کہا** ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے یہ ہے خاتمہ ابواب نماز کا

ابواب زکوۃ جو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے مروی ہیں

باب بیان میں تشدید کے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے زکوۃ کے منع کرنے میں وارد ہوئی ہے **حدیث** کی ہم سے ہناد بن سری نے کہا حدیث کی ہم سے ابو معاویہ نے اعمش سے انہوں نے معرور بن سوید سے انہوں نے ابی ذر سے کہا انہوں نے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس حالت میں کہ آپ کعبہ کے سائے میں بیٹھے ہوئے تھے کہا ابو ذر نے سو مجھے آنحضرت نے آتے ہوئے دیکھا پھر فرمایا وہ ٹوٹے والے ہیں قیامت کے روز قسم ہے رب کعبہ کی کہا ابو ذر نے میں نے کہا مجھ کیا ہے شاید کوئی حکم میرے حق میں نازل ہوا ہے کہا ابو ذر نے میں نے کہا کون ہیں وہ لوگ میری ماں اور باپ آپ پر قربان ہوں پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ لوگ مال جمع کرنیوالے ہیں مگر جس کسی نے کہ دیا اس طرح اور اس طرح اور اس طرح سو آپ نے اپنے آگے اور دائیں اور بائیں چلو بھر کر پھر فرمایا آپ نے قسم ہے اس ذات کی کہ جسکے قبضہ میں میری جان ہے جو کوئی آدمی مرتا ہے اور اونٹ اور گائے ایسی چھوڑتا ہے کہ انکی زکوۃ اسنے ادا نہیں کی تو وہ قیامت کے روز پہلی حالت سے بزرگ اور فربہ ہو کر اسکے پاس آئنگی اسکو اپنی پاؤں سے روندینگی اور سینگوں سے مارینگی جو وقت آخر کی ختم ہو جائیگی تو پھر پہلی اسپر لوٹ آئیگی یہانتک کہ لوگوں میں فیصلہ ہو جائیگا۔

لہ یعنی مال جمع کرنیوالے لوگ قیامت کے روز ٹوٹے میں پڑینگے مگر انہیں سے وہ لوگ بچینگے جو اپنے آگے اور دائیں اور بائیں چلو بھر بھر کر مال خرچ کرتے ہیں یعنی جو لوگ زکوۃ ادا کرتے ہیں زکوۃ کے معنی لغت میں تطہیر یعنی پاک کرنے اور بڑھنے اور اصلاح کے ہیں اور شرع میں اس مال پر اسکا اطلاق ہوتا ہے جو مال سے وجہ مخصوص پر نکالا جاوے اور اسکو زکوۃ اسلیے بولتے ہیں کہ یہ مال کو خباثت سے پاک کرتی ہے ۱۲ سلہ یعنی جس شخص نے اونٹ اور گائے کی زکوۃ ادا نہ کی ہوگی قیامت کے روز وہ اونٹ اور گائے پہلی حالت سے بزرگ اور فربہ ہو کر میدان محشر میں حاضر ہونگی اور اسکو روندنا اور مارنا شروع کرینگی یعنی گول کے گول اسکو باری باری روندتے اور مارتے جائینگے جب تمام ایک دفعہ روند چکینگے تو پھر پہلا اسکو روندنا شروع کریگا تاکہ ختم ہونگے اسکے ساتھ تمام خلقت کے حساب و کتاب ہونے تک ہوتا رہیگا ۱۲

وفي الباب عن ابي هريرة مثله وعن علي بن ابي طالب قال لعن مانع الصدقة وقبيصة بن هلب عن ابيه وجابر بن عبد الله وعبد الله بن مسعود **قال** ابو عيسى حديث ابي ذر حديث حسن صحيح واسم ابي ذر جندب بن السكن ويقال ابن جنادة **حدثنا** عبد الله بن منير عن عبيد الله بن موسى عن سفيان الثوري عن حكيم بن الديلم عن الضحاك بن مزاحم قال الاكثرون اصحاب عشرة **باب** ما جاء اذا اديت الزكوة فقد قضيت ما عليك **حدثنا** عمر بن حفص الشيباني نا عبد الله بن وهب نا عمرو بن الحارث عن دراج عن ابن حجيرة عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا اديت زكوة مالك فقد قضيت ما عليك **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن غريب وقد روي عن النبي صلى الله عليه وسلم من غير وجه انه ذكر الزكوة فقال رجل يا رسول الله هل علي غيرها فقال لا الا ان تطوع وابن حجيرة هو عبد الرحمن بن حجيرة البصري **حدثنا** محمد بن اسماعيل نا علي بن عبد الحميد الكوفي نا سليمان بن المغيرة عن ثابت عن انس قال كنا نتمنى ان يبتدئ الاعرابي العاقل فيسال النبي صلى الله عليه وسلم ونحن عنده فبينا نحن كذلك اذ اتاه اعرابي فجثى بين يدي النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا محمد ان رسولك اتانا فزعم لنا انك تزعم ان الله ارسلك فقال النبي صلى الله عليه وسلم نعم قال فبالذي رفع السماء وبسط الارض ونصب الجبال الله ارسلك فقال النبي صلى الله عليه وسلم نعم قال فان رسولك زعم لنا انك تزعم ان علينا خمس صلوات في اليوم والليلة فقال النبي صلى الله عليه وسلم نعم قال فبالذي ارسلك الله امرك بهذا قال نعم قال فان رسولك زعم لنا انك تزعم ان علينا صوم شهر في السنة فقال النبي صلى الله عليه وسلم صدق قال فبالذي ارسلك الله امرك بهذا فقال النبي صلى الله عليه وسلم نعم قال فان رسولك زعم لنا انك تزعم ان علينا في اموالنا الزكوة فقال النبي صلى الله عليه وسلم صدق قال فبالذي ارسلك الله امرك بهذا قال النبي صلى الله عليه وسلم

اور اس باب میں روایت ہے ابو ہریرہ سے مثل اسکی ۔ اور علی بن ابی طالبؓ سے ہے کہ کہا اسنے لعنت ہے صدقہ کے منع کرنے والے کو اور روایت کی قبیصہ بن ھلب نے اپنے باپ سے اور روایت ہے جابر بن عبداللہ سے اور عبداللہ بن مسعود سے **کہا** ابو عیسیٰ نے حدیث ابی ذر کی حسن صحیح ہے ۔ اور نام ابی ذر کا جندب بن السکن ہے اور کہا گیا ہے ابن جنادہ **حدیث** کی ہے عبداللہ بن منیر نے عبیداللہ بن موسے سے اُسنے سفیان ثوری سے اُسنے حکیم بن دیلم سے اُسنے ضحاک بن مزاحم سے کہا اُسنے بہت مال جمع کرنے والے وہ ہیں جو دس ہزار کے مالک ہیں **باب** اس بیان میں کہ جب تونے زکوٰۃ ادا کردی تو تونے اپنے فرض کو ادا کر دیا **حدیث** کی ہے عمرو بن حفص شیبانی نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن وھب نے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن حارث نے دراج سے اُسنے ابن حجیرہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تونے اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کردی تو تونے اپنا فرض ادا کردیا **کہا** ابو عیسےٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہے اور کئی وجہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپنے زکوٰۃ کا ذکر کیا پس ایک مرد نے کہا یا رسول اللہ کیا مجھپر سوائے اسکے کچھ اور بھی ہے فرمایا آپنے کہ نہیں مگر یہ کہ تو نفل صدقہ ادا کرے اور ابن حجیرہ وہ عبدالرحمان بن حجیرہ بصری ہیں **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمعیل نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن عبدالحمید کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان بن مغیرہ نے ثابت سے اُسنے انس سے کہا اُسنے ہم خواہش کرتے تھے کہ کوئی اعرابی عاقل ظاہر آوے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کرے اس حالت میں کہ ہم آپ کے پاس ہوں پس اُس وقت میں کہ ہم اسطرح تھے کہ ایک اعرابی آیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دو زانو بیٹھ گیا پس کہا اُسنے اے محمدؐ آپ کا قاصد ہمارے پاس آیا اور ہمکو کہنے لگا کہ آپ کہتے ہیں کہ مجھے اللہ تعالےٰ نے بھیجا ہے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاں کہا اعرابی نے پس قسم ہے اُس ذات کی کہ جسنے آسمان کو بلند کیا اور زمین کو بچھایا ہے اور پہاڑوں کو گاڑا ہے کیا آپ کو اللہ تعالےٰ نے رسول کرکے بھیجا ہے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاں کہا اعرابی نے آپ کے قاصد نے کہا ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ ہمپر دن اور رات میں پانچ نمازیں ہیں پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاں کہا اعرابی نے پس قسم ہے اُس ذات کی کہ جسنے آپ کو رسول کیا ہے کیا تجھے اللہ نے یہ حکم دیا ہے فرمایا آپ نے ہاں کہا اعرابی نے آپ کا قاصد ہمکو کہتا ہے کہ ہمپر برس میں ایک ماہ کے روزے ہیں پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ کہا اُسنے کہا اعرابی نے پس قسم ہے اُس ذات کی کہ جسنے آپ کو بھیجا ہے کیا اللہ تعالیٰ نے تجھے یہ حکم دیا ہے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاں ۔ کہا اعرابی نے آپ کا قاصد ہمکو کہتا ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ ہمپر ہمارے مالوں میں زکوٰۃ ہے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سچ کہا اُسنے کہا اعرابی نے پس قسم ہے اُس ذات کی کہ جسنے آپ کو بھیجا ہے کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے ۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے

نعم قال ان رسولك زعم لنا انك تزعم ان علينا الحج الى بيت الله من استطاع اليه سبيلا فقال النبي صلى الله عليه وسلم نعم قال فبالذي ارسلك الله امرك بهذا قال نعم فقال والذي بعثك بالحق لا ادع منهن شيئا ولا اجاوزهن ثم وثب فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان صدق الاعرابي دخل الجنة **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه وقد روي من غير هذا الوجه عن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم سمعت محمد بن اسمعيل يقول قال بعض اهل الحديث فقه هذا الحديث ان القراءة على العالم والعرض عليه جائز مثل السماع واحتج بان الاعرابي عرض على النبي صلى الله عليه وسلم فاقر به النبي صلى الله عليه وسلم **باب** ما جاء في زكوة الذهب والورق **حدثنا** محمد بن عبد الملك بن ابي الشوارب نا ابو عوانة عن ابي اسحاق عن عاصم بن ضمرة عن علي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قد عفوت عن صدقة الخيل والرقيق فهاتوا صدقة الرقة من كل اربعين درهما درهم وليس في تسعين ومائة شيء فاذا بلغت مائتين ففيها خمسة دراهم وفي الباب عن ابي بكر الصديق وعمرو بن حزم **قال** ابو عيسى روى هذا الحديث الاعمش وابو عوانة وغيرهما عن ابي اسحاق عن عاصم بن ضمرة عن علي وروى سفيان الثوري وابن عيينة وغير واحد عن ابي اسحاق عن الحارث عن علي قال وسالت محمد بن اسمعيل عن هذا الحديث فقال كلاهما عندي صحيح عن ابي اسحاق يحتمل ان يكون عنهما جميعا **باب** ما جاء في زكوة الابل والغنم **حدثنا** زياد بن ايوب البغدادي وابرهيم بن عبد الله الهروي ومحمد بن كامل المروزي المعنى واحد قالوا نا عباد بن العوام عن سفيان بن حسين عن الزهري عن سالم بن عبد الله عن ابيه ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كتب كتاب الصدقة فلم يخرجه الى عماله حتى قبض فقرنه بسيفه فلما قبض عمل به ابو بكر حتى قبض وعمر حتى قبض وكان فيه في خمس من الابل شاة وفي عشر شاتان وفي خمس عشرة ثلث شياه وفي عشرين اربع شياه وفي خمس وعشرين بنت مخاض الى خمس وثلثين فاذا زادت

ہاں۔ کہا اعرابی نے آپ کا قاصد ہم کو کہتا ہے کہ فرمایا آپ نے ہمپر خانہ کعبہ کا حج ہے اس شخص پر جو اسکی طرف طاقت رکھتا ہو پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاں کہا اعرابی نے پس قسم ہے اس ذات کی کہ جسنے آپکو بھیجا ہے کہا اللہ تعالیٰ نے آپ کو یہ حکم دیا ہے فرمایا آپ نے ہاں پھر کہا اعرابی نے قسم ہے اس ذات کی کہ جسنے آپ کو ساتھ حق کے بھیجا ہے میں اسمیں کوئی چیز نہیں چھوڑونگا اور نہ اسے تجاوز کرونگا پھر وہ کھڑا ہوا پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر سچ کہا اعرابی نے تو جنت میں داخل ہوگا کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث اسوجہ سے حسن غریب ہے اور غیر اسوجہ سے بھی بواسطہ انس کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے سنا میں نے محمد بن اسمٰعیل سے کہ کہتا بعض اہل حدیث نے کہا ہے کہ فقہ[1] اس حدیث کی یہ ہے کہ عالم پر پڑھنا اور پیش کرنا جائز ہے مثل سماع کے اور دلیل انکی یہ ہے کہ اعرابی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر پیش کیا اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکے ساتھ اقرار کیا **باب** سونے اور چاندی کی زکوٰۃ کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد الملک بن ابی الشوارب نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے ابی اسحاق سے انہوں نے عاصم بن ضمرہ سے اُسنے علیؓ سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میں نے گھوڑے اور غلام کا صدقہ معاف کر دیا ہے سو چاندی کا صدقہ تو ادا کرو ہر چالیس درم سے ایک درم۔ اور ایک سو نوے میں کچھ صدقہ[2] نہیں ہے سو جب وہ دو سو کو پہونچیں تو اسمیں پانچ درم ہیں۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی بکر صدیقؓ اور عمرو بن حزم سے کہا ابو عیسیٰ نے روایت کیا اس حدیث کو اعمش اور ابو عوانہ وغیرہ نے ابی اسحاق سے اُسنے عاصم بن ضمرہ سے اُسنے علیؓ سے۔ اور روایت کیا سفیان ثوری اور ابن عیینہ وغیرہ نے ابی اسحاق سے اُسنے حارث سے اُسنے علیؓ سے کہا ترمذی نے اور میں نے محمد بن اسمٰعیل سے اس حدیث کی بابت سوال کیا تو اُسنے کہا دونوں طریق میرے نزدیک صحیح ہیں کیونکہ احتمال ہے کہ دونوں (یعنی حارث اور عاصم) سے مروی ہو۔ **باب** اونٹ اور بکریوں کی زکوٰۃ کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے زیاد بن ایوب بغدادی نے اور ابراہیم بن عبد اللہ ہروی اور محمد بن کامل مروزی (انکے الفاظ میں فرق ہے معنی واحد ہیں) کہا انہوں نے حدیث کی ہمسے عباد بن عوام نے سفیان بن حسین سے اُسنے زہری سے اُسنے سالم بن عبد اللہ سے اُسنے اپنے باپ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک کتاب صدقہ کے باب میں لکھی اور اُسکو اپنے عاملوں کی طرف بھیجنے نہ پائے کہ فوت ہوگئے اور آپ نے اسکو اپنی تلوار کے ساتھ ملا رکھا تھا سو جب فوت ہوگئے تو حضرت ابو بکرؓ نے اسکے موافق عمل کیا تاکہ یہ بھی فوت ہوگئے۔ اور عمرؓ نے بھی عمل کیا تاکہ یہ بھی فوت ہوگئے اور اسمیں لکھا تھا کہ پانچ اونٹوں میں ایک بکری ہے اور دس میں دو بکریاں ہیں اور پندرہ میں تین بکریاں اور بیس میں چار بکریاں اور پچیس میں بنت مخاض ہے پینتیس تک پس جب اس سے زیادہ ہو جائیں

[1] فقہ اس حدیث کی یہ ہے یعنی اس حدیث سے یہ مسئلہ نکلتا ہے کہ اگر شاگرد استاذ کو پڑھکر سنا دے تو جائز ہے یعنی اسکا حکم سماع کا ہے کیونکہ اعرابی آپ کو سناتا رہا اور آپ اسکا اقرار کرتے رہے ہیں اس حدیث سے مولف کی یہ غرض ہے کہ اگر کسنے زکوٰۃ ادا کردی تو اپنا فرضی حق ادا کر دیا جیسا کہ اُس اعرابی نے جبکہ تمام احکام جو بیان کرتے تھے بیان کرچکا تو کہا میں اس سے زیادہ نہیں کرونگا اور نہ اس سے تجاوز کرونگا اور اسمیں سے زکوٰۃ بھی ہے تو فرمایا آپ نے اگر اسنے سچ کہا ہے تو جنت میں داخل ہوگا پس آپ کے اس قول مبارک سے کہ جنت میں داخل ہوگا ثابت ہوا کہ اسنے اپنا فرض ادا کر دیا ہے ۱۲

[2] اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ گھوڑے اور غلام کا صدقہ پہلے واجب تھا بعد اسکے آپ نے حکم منسوخ کر دیا ہے اور سونے کا ذکر حدیث باب میں ذکر نہیں مگر مولف نے چاندی پر قیاس کیا ہے اگر دو سو درم سے ایک درم بھی کم ہو تو اسمیں زکوٰۃ واجب نہیں ہوتی اور جب پورے دو سو ہو جائیں تو پھر چالیسواں حصہ کرنا پڑتا ہے یعنی دو سو سے پانچ درم ایسا ہی سونے میں ہے کہ اسمیں بھی چالیسواں حصہ ہے ۱۲

ففیہا بنت لبون الٰی خمس و اربعین فاذا زادت ففیہا حقۃ الٰی ستین فاذا زادت ففیہا جذعۃ الٰی خمس وسبعین فاذا زادت ففیہا ابنتا لبون الٰی تسعین فاذا زادت ففیہا حقتان الٰی عشرین ومائۃ ففی کل خمسین حقۃ وفی کل اربعین ابنۃ لبون وفی الشاۃ فی کل اربعین شاۃ شاۃ الٰی عشرین ومائۃ فاذا زادت فشاتان الٰی مائتین فاذا زادت فثلث شیاہ الٰی ثلثمائۃ شاۃ فاذا زادت علی ثلثمائۃ شاۃ ففی کل مائۃ شاۃ شاۃ ثم لیس فیہا شیء حتی تبلغ مائۃ ولا یجمع بین متفرق ولا یفرق بین مجتمع مخافۃ الصدقۃ وما کان من خلیطین فانہما یتراجعان بالسویۃ ولا یؤخذ فی الصدقۃ ہرمۃ ولا ذات عیب وقال الزہری اذا جاء المصدق قسم الشاء اثلاثا ثلث خیار وثلث اوساط وثلث شرار واخذ المصدق من الوسط ولم یذکر الزہری البقر وفی الباب عن ابی بکر الصدیق وبہز بن حکیم عن ابیہ عن جدہ وابی ذر وانس **قال** ابوعیسٰی حدیث ابن عمر حدیث حسن والعمل علی ہذا الحدیث عند عامۃ الفقہاء وقد روی یونس بن یزید وغیر واحد عن الزہری عن سالم ہذا الحدیث ولم یرفعوہ وانما رفعہ سفیان بن حسین **باب** ما جاء فی زکوۃ البقر **حدثنا** محمد بن عبید المحاربی وابوسعید الاشج قالا نا عبد السلام بن حرب عن خصیف عن ابی عبیدۃ عن عبد اللہ بن مسعود عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال فی ثلثین من البقر تبیع او تبیعۃ وفی کل اربعین مسنۃ وفی الباب عن معاذ ابن جبل **قال** ابوعیسٰی ہکذا روی عبد السلام بن حرب عن خصیف وعبد السلام ثقۃ حافظ وروی شریک ہذا الحدیث عن خصیف عن ابی عبیدۃ عن ابیہ عن عبد اللہ وابو عبیدۃ بن عبد اللہ لم یسمع من ابیہ **حدثنا** محمود بن غیلان نا عبد الرزاق نا سفیان عن الاعمش عن ابی وائل عن مسروق

تو ان میں بنت لبون ہے پینتالیس تک پس جب اس سے زیادہ ہو جائیں تو ان میں حقہ ہے ساٹھ تک۔ اور جب اس سے زیادہ ہو جائیں تو ان میں جذعہ ہے پچھتر تک اور جب اس سے بڑھ جائیں تو ان میں دو بنت لبون ہیں نوے تک۔ اور جب اس سے بڑھ جائیں تو ان میں دو حقے ہیں ایک سو بیس[۱۲۰] تک۔ اور جب ایک سو بیس سے بڑھ جائیں تو ہر پچاس میں ایک حقہ ہے اور ہر چالیس میں بنت لبون[ف] اور بکریوں میں چالیس بکریوں میں ایک بکری ہے ایک سو بیس[۱۲۰] تک اور جب اس سے بڑھیں تو دو بکریاں ہیں دو سو تک اور جب اس سے بڑھیں تو تین بکریاں ہیں تین سو بکری تک اور جب تین سو بکری سے ایک بکری بھی بڑھیگی تو ہر ایک سیکڑے میں ایک بکری ہے پھر ان میں کچھ صدقہ نہیں تاکہ سو ہو جائے اور خوف صدقہ سے متفرقین کو جمع نہ کیا جائے اور نہ مجتمعین میں تفریق کیجائے اور جو کچھ کہ حصہ شریکین کا ہے وہ ایک دوسرے پر ساتھ برابری کے رجوع کریں اور نہ لیجائے صدقہ میں بڑھیا اور نہ عیب والی۔ اور کہا زہری نے جب صدقہ لینے والا آوے تو بکریاں تین حصے کیجائیں ایک تہائی عمدہ قسم کی دوسری تہائی اوسط قسم کی تیسری تہائی ناقص قسم کی اور صدقہ لینے والا اوسط قسم سے لے اور زہری نے گائے کا حال ذکر نہیں کیا۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی بکر صدیق سے اور بہز بن حکیم سے جو اپنے باپ سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتا ہے اور ابی ذر اور انس سے کہا ابوعیسٰی نے حدیث ابن عمر کی حسن ہے اور عامہ فقہا کے نزدیک عمل اسی پر ہے اور روایت کی ہے یہ حدیث یونس بن یزید اور کئی ایک نے زہری سے اس نے سالم سے اور انہوں نے اسکو مرفوع نہیں کیا اور مرفوع تو اسکو فقط سفیان بن حسین نے کیا ہے باب گائے کی زکوٰۃ کے بیان میں حدیث کی ہمسے محمد بن عبید محاربی اور ابوسعید اشج نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے عبد السلام بن حرب نے خصیف سے اس نے ابی عبیدہ سے اس نے عبد اللہ بن مسعود سے اس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے تیس گائے میں ایک بچھڑا ہے یا بچھڑی اور ہر چالیس میں مسنہ ہے اور اس باب میں روایت ہے معاذ بن جبل سے کہا ابوعیسٰی نے ایسے ہی روایت کی ہے عبد السلام بن حرب نے خصیف سے اور عبد السلام ثقہ حافظ ہے اور روایت کی یہ حدیث شریک نے خصیف سے اس نے ابی عبیدہ سے اس نے اپنے باپ سے اس نے عبد اللہ سے اور ابوعبیدہ بن عبد اللہ نے اپنے باپ سے نہیں سنا ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اعمش سے اس نے ابی وائل سے اس نے مسروق سے

---

[۱] یعنی اگر ایک سو بیس سے بڑھ جائیں تو اگر ہر چالیس پر ہیں تو بنت لبون کا ادا کرنا واجب ہے اور اگر پچاس پر ہیں تو حقہ۔ بنت مخاض اسکو کہتے ہیں جسپر ایک سال گذر چکا ہو اور دوسرا سال ہو اور بنت لبون وہ ہے جسپر دو سال گذر چکے اور تیسرا سال ہو اور حقہ وہ ہے جسپر تین سال گذر چکے اور جذعہ وہ ہے جو پانچویں سال میں ہو۔ [۲] کہا عینی نے شرح میں لکھتے ہیں کہ علما کا اجماع اسپر ہے کہ چالیس سے کم بکریوں میں کوئی بکری واجب نہیں اور اسپر بھی اجماع ہے کہ ایک سو اکیس میں دو بکریاں ہیں اور تین سو میں تین بکریاں اور جب لشکر ایک بھی بڑھیگی تو انمیں کچھ نہیں چار سو تک اور جب چار سو پوری ہو جائینگی تو انمیں چار بکریاں ہیں بعد اسکے ہر سیکڑے میں ایک بکری ہے یہ قول ہے امام ابوحنیفہ اور مالک اور شافعی اور احمد اور ثوری اور اسحاق اور اوزاعی اور علی اور ابن مسعود کا اور کہا شعبی اور نخعی نے جب تین سو سے ایک بھی بڑھ جائیگی تو انمیں چار بکریاں واجب ہیں چار سو تک اور جب چار سو سے ایک بڑھیگی تو پانچ واجب ہیں اور یہ ایک روایت امام احمد سے بھی ہے۔ [۳] امام مالک نے موطا میں اسکی تفسیر اسطرح نقل کی ہے کہ متفرقین کو جمع نہ کیا جاوے مثلاً تین آدمی ہیں ہر ایک کی چالیس چالیس بکریاں ہیں جب صدقہ لینے والا آیا اور اسنے انپر ظلم کیا تو انہوں نے ملکر ایک گلہ بنالیا پس اس صورت میں ان کو ایک سو بیس سے ایک بکری ادا کرنی پڑی برخلاف اس صورت کے کہ اگر علیحدہ علیحدہ رہتے تو چالیس میں سے ایک ہر ایک کو ادا کرنی لازم تھی آنحضرت نے اس حیلے سے منع کر دیا اگر کم صدقہ دینے سے علیحدہ علیحدہ ہو کر صدقہ کے وقت جمع نہ ہو جاویں کہ صدقہ کم دینا پڑے اور مجتمعین میں تفریق کیجائے اس طور سے کہ مثلاً دو شریکوں میں دو سو دو بکری ہیں پس انکو اس صورت میں تین بکریاں دینی ہیں اور اگر علیحدہ علیحدہ کریں تو ہر ایک پر ایک ایک بکری دینی ہوگی پس آنحضرت نے اس سے بھی منع کیا ہے [۴] مثلاً اگر دو آدمیوں میں آٹھ اونٹ مشترک ہیں پانچ ایک کے اور تین دوسرے کے پس ہر ایک اپنے حصے کے موافق ادا کرے

عن معاذ بن جبل قال بعثني النبي صلى الله عليه وسلم الى اليمن فامرني ان اخذ من كل ثلثين بقرة تبيعا او تبيعة ومن كل اربعين مسنة ومن كل حالم دينارا او عدله معافر **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن وروى بعضهم هذا الحديث عن سفيان عن الاعمش عن ابي وائل عن مسروق ان النبي صلى الله عليه وسلم بعث معاذا الى اليمن فامره ان ياخذ وهذا اصح **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبة عن عمرو بن مرة قال سالت ابا عبيدة هل تذكر من عبد الله شيئا قال لا **باب** ما جاء في كراهية اخذ خيار المال في الصدقة **حدثنا** ابو كريب نا وكيع نا زكريا بن اسحاق المكي نا يحيى بن عبد الله بن صيفي عن ابي معبد عن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم بعث معاذا الى اليمن فقال انك تاتي قوما اهل كتاب فادعهم الى شهادة ان لا اله الا الله واني رسول الله فان هم اطاعوا لذلك فاعلمهم ان الله افترض عليهم خمس صلوات في اليوم والليلة فان هم اطاعوا لذلك فاعلمهم ان الله افترض عليهم صدقة اموالهم تؤخذ من اغنيائهم وترد على فقرائهم فان هم اطاعوا لذلك فاياك وكرائم اموالهم واتق دعوة المظلوم فانها ليس بينها وبين الله حجاب وفي الباب عن الصنابحي **قال** ابو عيسى حديث ابن عباس حديث حسن صحيح وابو معبد مولى ابن عباس اسمه نافذ **باب** ما جاء في صدقة الزرع والتمر والحبوب **حدثنا** قتيبة نا عبد العزيز بن محمد عن عمرو بن يحيى المازني عن ابيه عن ابي سعيد الخدري قال ان النبي صلى الله عليه وسلم قال ليس فيما دون خمس ذود صدقة وليس فيما دون خمس اواق صدقة وليس فيما دون خمسة اوسق صدقة وفي الباب عن ابي هريرة وابن عمر وجابر وعبد الله بن عمرو **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدي نا سفيان وشعبة ومالك بن انس عن عمرو بن يحيى عن ابيه عن ابي سعيد الخدري عن النبي صلى الله عليه وسلم نحو حديث عبد العزيز عن عمرو بن يحيى **قال** ابو عيسى حديث ابي سعيد حديث حسن صحيح

اُسنے معاذ بن جبل سے کہا اُسنے مجھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یمن کی طرف بھیجا اور مجھے حکم دیا کہ ہر تیس گائے سے ایک بچھڑا یا بچھڑی لوں اور ہر چالیس سے مسنہ اور ہر ایک بالغ سے ایک دینار یا برابر اسکے کپڑے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے اور روایت کی بعض نے یہ حدیث سفیان سے اُسنے اعمش سے اُسنے ابی وائل سے اُسنے مسروق سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے معاذ کو یمن کی طرف بھیجا اور اُنکو صدقہ لینے کا حکم دیا اور یہ صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے شعبہ سے اُسنے عمرو بن مرہ سے کہا اُسنے سوال کیا میں نے ابا عبیدہ سے کیا تو عبد اللہ سے کوئی حدیث یاد رکھتا ہے کہا اُسنے نہیں **باب** صدقہ میں عمدہ مال لینا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے زکریا بن اسحاق مکی نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن عبد اللہ بن صیفی نے ابی معبد سے اُسنے ابن عباس سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معاذ کو یمن کی طرف بھیجا پس فرمایا آپ نے تو ایسی قوم کے پاس جاتا ہے جو اہل کتاب ہیں پس اُنکو کلمہ شہادت کیطرف بلا کہ نہیں کوئی معبود سوا اللہ کے اور میں رسول اللہ کا ہوں پس اگر وہ اس امر کی اطاعت کریں تو اُنکو خبر دے کہ اللہ تعالیٰ نے اُنپر پانچ نمازیں دن اور رات میں فرض کی ہیں پس اگر وہ اسکی بھی اطاعت کریں تو اُنکو خبر دے کہ اللہ تعالیٰ نے اُنپر صدقہ اُنکے مالوں کا فرض کیا ہے اُنکے دولتمندوں سے لیا جاوے اور اُنکے فقیروں پر رد کیا جاوے پس اگر وہ اسکی بھی اطاعت کریں تو تو عمدہ مال لینے سے بچیو اور مظلوم کی بددعا سے ڈریو کیونکہ درمیان اسکے اور اللہ تعالیٰ کے پردہ نہیں ہے یعنی جلدی قبول ہوتی ہے اور اس باب میں روایت ہے صنابحی سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن عباس کی حسن صحیح ہے اور ابو معبد ابن عباس کا غلام ہے نام اسکا نافذ ہے **باب** زراعت اور میوے اور دانوں کے صدقہ کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے عمرو بن یحییٰ مازنی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا اُسنے بیشک نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ نہیں ہے پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ اور نہیں پانچ اوقیہ سے کم چاندی میں زکوٰۃ اور نہیں پانچ وسق سے کمتر چھوارے میں زکوٰۃ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور ابن عمر اور جابر اور عبد اللہ بن عمرو سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان اور شعبہ اور مالک بن انس نے عمرو بن یحییٰ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی سعید خدری سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل حدیث عبد العزیز کے جو عمرو بن یحییٰ سے ہے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابی سعید کی حسن صحیح ہے۔

یہ سعید نے صدقہ کے رجوع کرے ۱۲ سے بچھڑی بچھڑا جو ایک سال کا ہو اور مسنہ وہ ہے جو تیسرے سال میں ہو اور معاذ کو حکم دیا کہ ہر ایک کافر بالغ سے سال میں ایک دینار جزیہ لیا جاوے یا دینار کی قیمت کے برابر کپڑے وغیرہ لیے جاویں ۱۲ سے اوقیہ چالیس درم کا ہوتا ہے تو پانچ اوقیہ کے دو سو درم ہوئے جو تول کے حساب سے ساڑھے باون تولے ہوتے ہیں اور وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے تخمیناً پانچ من پختہ ہوئے حدیث میں النصاب کا بیان ہے کہ اس سے کمتر میں زکوٰۃ نہیں امام شافعی اور ابو یوسف اور محمد کے نزدیک اناج اور میوہ جبتک پانچ من نہو اسمیں زکوٰۃ نہیں اور یہ حدیث انکی دلیل ہے اور امام ابو حنیفہ رحمہ کے نزدیک اناج اور میوے میں کچھ حد مقرر نہیں تھوڑی اور بہت میں زکوٰۃ ہے یعنے دسواں حصہ ۱۲

وقد روی من غیر وجہ عنہ والعمل علی ھذا عند اھل العلم ان لیس فیما دون خمسۃ اوسق صدقۃ والوسق ستون صاعا وخمسۃ اوسق ثلثمائۃ صاع وصاع النبی صلی اللہ علیہ وسلم خمس ارطال وثلث وصاع اھل الکوفۃ ثمانیۃ ارطال ولیس فیما دون خمسۃ اواق صدقۃ والوقیۃ اربعون درھما وخمس اواق مائتا درھم ولیس فیما دون خمس ذود یعنی لیس فیما دون خمس من الابل صدقۃ فاذا بلغت خمسا وعشرین من الابل ففیھا ابنۃ مخاض وفیما دون خمس وعشرین من الابل فی کل خمس من الابل شاۃ **باب** ماجاء لیس فی الخیل والرقیق صدقۃ **حدثنا** محمد بن العلاء ابوکریب ومحمود بن غیلان قالا نا وکیع عن سفیان وشعبۃ عن عبد اللہ بن دینار عن سلیمان بن یسار عن عراک بن مالک عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیس علی المسلم فی فرسہ ولا عبدہ صدقۃ وفی الباب عن عبد اللہ بن عمرو وعلی **قال** ابوعیسی حدیث ابی ھریرۃ حدیث حسن صحیح والعمل علیہ عند اھل العلم انہ لیس فی الخیل السائمۃ صدقۃ ولا فی الرقیق اذا کانوا للخدمۃ صدقۃ الا ان یکونوا للتجارۃ فاذا کانوا للتجارۃ ففی اثمانھم الزکوۃ اذا حال علیھا الحول **باب** ماجاء فی زکوۃ العسل **حدثنا** محمد بن یحیی النیسابوری نا عمرو بن ابی سلمۃ التنیسی عن صدقۃ بن عبد اللہ عن موسی بن یسار عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی العسل فی کل عشرۃ ازق زق وفی الباب عن ابی ھریرۃ وابی سیارۃ المتعی وعبد اللہ بن عمرو **قال** ابوعیسی حدیث ابن عمر فی اسنادہ مقال ولا یصح عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی ھذا الباب کبیر شیء والعمل علی ھذا عند اکثر اھل العلم وبہ یقول احمد واسحاق وقال بعض اھل العلم لیس فی العسل شیء **باب** ماجاء لا زکوۃ علی المال المستفاد حتی یحول علیہ الحول **حدثنا** یحیی بن موسی نا ھارون بن صالح الطلحی نا عبد الرحمن بن زید بن اسلم عن ابیہ عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من استفاد مالا فلا زکوۃ علیہ حتی یحول علیہ الحول وفی الباب عن سری بنت نبھان **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الوھاب الثقفی نا ایوب عن نافع عن ابن عمر قال من استفاد مالا فلا زکوۃ فیہ حتی یحول علیہ الحول عند ربہ

اور اس سے کئی وجہ سے مروی ہے اور عمل اہل علم کے نزدیک اسپر ہے کہ نہیں ہے پانچ وسق سے کم میں زکوٰۃ۔ اور وسق ساٹھ صاع کا ہے اور پانچ وسق تین سو صاع ہوتے ہیں اور صاع نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا پانچ رطل اور تہائی رطل کا ہے اور صاع اہل کوفہ کا آٹھ رطل کا ہے اور پانچ اوقیہ سے کم میں زکوٰۃ نہیں۔ اور اوقیہ چالیس درم کا ہوتا ہے اور پانچ اوقیہ دو سو درم کے اور نہیں ہے پانچ اونٹوں سے کم میں یعنے پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ نہیں ہے پس جب پچیس ۲۵ اونٹ ہو جائیں تو اُن میں بنت مخاض ہے اور کم میں پچیس اونٹوں سے پانچ اونٹوں میں ایک بکری ہے **باب** اس بیان میں کہ گھوڑے اور غلام میں زکوٰۃ نہیں ہے **حدیث** کی ہم سے محمد بن علا یعنی ابوکریب اور محمود بن غیلان نے کہا دونوں نے حدیث کی ہم سے وکیع نے سفیان اور شعبہ سے اُنہوں نے عبد اللہ بن دینار سے اُنہوں نے سلیمان بن یسار سے اُنہوں نے عراک بن مالک سے اُنہوں نے ابی ہریرہ سے کہا اُنہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں ہے مسلمان پر اُسکے گھوڑے اور غلام میں زکوٰۃ اور اس باب میں روایت ہے عبد اللہ بن عمرو اور علی سے **کہا** ابوعیسٰی نے حدیث ابی ہریرہ کی حسن صحیح ہے۔ اور عمل اہل علم کے نزدیک اسپر ہے کہ گھوڑے چرنے والے میں زکوٰۃ نہیں ہے اور نہ غلام میں زکوٰۃ ہے جبکہ خدمت کے لیے ہوں مگر یہ کہ تجارت کے لیے ہوں پس جب تجارت کے لیے ہوں تو اُنکی قیمت میں زکوٰۃ ہے جب اُنپر سال گذر جائے **باب** شہد کی زکوٰۃ کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے محمد بن یحیٰے نیشاپوری نے کہا حدیث کی ہم سے عمرو بن ابی سلمہ تنیسی نے صدقہ بن عبد اللہ سے اُنہوں نے موسٰی بن یسار سے اُنہوں نے نافع سے اُنہوں نے ابن عمر سے کہا اُنہوں نے فرمایا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شہد کے حق میں کہ دس مشکوں میں ایک مشک ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی ہریرہ اور ابی سیارہ متعی اور عبد اللہ بن عمرو سے **کہا** ابوعیسٰی نے ابن عمر کی حدیث کی سند میں گفتگو ہے اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس باب میں کوئی عمدہ روایت صحیح نہیں ہوئی اور اکثر اہل علم کی رائے اسی پر ہے اور یہی کہتا ہے احمد اور اسحاق۔ اور کہا بعض اہل علم نے شہد میں کچھ زکوٰۃ نہیں ہے **باب** اس بیان میں کہ حاصل کردہ مال پر زکوٰۃ نہیں تاکہ اسپر سال گذر لے **حدیث** کی ہم سے یحیٰی بن موسٰی نے کہا حدیث کی ہم سے ہارون بن صالح نے کہا حدیث کی ہم سے عبد الرحمن بن زید بن اسلم نے اپنے باپ سے اُنہوں نے ابن عمر سے کہا اُنہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص مال حاصل کرے تو اسپر زکوٰۃ نہیں تاکہ اسپر ایک سال گذر جاوے اور اس باب میں روایت ہے سری بنت نبہان سے **حدیث** کی ہم سے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہم سے عبد الوہاب ثقفی نے کہا حدیث کی ہم سے ایوب نے نافع سے اُنہوں نے ابن عمر سے کہا اُس نے جو شخص مال حاصل کرے تو اسپر زکوٰۃ نہیں تاکہ اسپر ایک سال اُسکے مالک کے پاس گذر جائے

وهذا اصح من حديث عبد الرحمن بن زيد بن اسلم **قال** ابو عيسى وروٰه ايوب وعبيد الله وغير واحد عن نافع عن ابن عمر موقوفا
وعبد الرحمن بن زيد بن اسلم ضعيف في الحديث ضعفه احمد بن حنبل وعلي بن المديني وغيرهما من اهل الحديث وهو كثير الغلط وقد روى
عن غير واحد من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم ان لا زكوٰة في المال المستفاد حتى يحول عليه الحول وبه يقول مالك بن انس والشافعي
واحمد بن حنبل واسحاق وقال بعض اهل العلم اذا كان عنده مال تجب فيه الزكوٰة ففيه الزكوٰة وان لم يكن عنده سوى المال المستفاد
مال تجب فيه الزكوٰة لم تجب عليه في المال المستفاد زكوٰة حتى يحول عليه الحول فان استفاد مالا قبل ان يحول عليه الحول فانه يزكي المال
المستفاد مع ماله الذي وجبت فيه الزكوٰة وبه يقول سفيان الثوري واهل الكوفة **باب** ما جاء ليس على المسلمين جزية **حدثنا**
يحيى بن اكثم نا جرير عن قابوس بن ابي ظبيان عن ابيه عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يصلح قبلتان في ارض
واحدة وليس على المسلمين جزية **حدثنا** ابو كريب نا جرير عن قابوس بهذا الاسناد نحوه وفي الباب عن سعيد بن زيد وجد حرب
بن عبيد الله الثقفي **قال** ابو عيسى حديث ابن عباس قد روى عن قابوس بن ابي ظبيان عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم
مرسلا والعمل على هذا عند عامة اهل العلم ان النصراني اذا اسلم وضعت عنه جزية رقبته وقول النبي صلى الله عليه وسلم
ليس على المسلمين جزية عشور انما يعني به جزية الرقبة وفي الحديث ما يفسر هذا حيث قال انما العشور على اليهود والنصارى وليس
على المسلمين عشور **باب** ما جاء في زكوٰة الحلي **حدثنا** هناد نا ابو معاوية عن الاعمش عن ابي وائل عن عمرو بن الحارث بن المصطلق
عن ابن اخي زينب امرأة عبد الله عن زينب امرأة عبد الله قالت خطبنا رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا معشر النساء تصدقن
ولو من حليكن فانكن اكثر اهل جهنم يوم القيٰمة

اور یہ حدیث صحیح ہے عبدالرحمن بن زید بن اسلم کی حدیث سے کہا ابو عیسیٰ نے اور روایت کیا اسکو ایوب اور عبید اللہ اور کئی ایک نے نافع سے
اُسنے ابن عمر سے موقوف اور عبدالرحمن بن زید بن اسلم حدیث میں ضعیف ہے۔ اور احمد بن حنبل اور علی بن مدینی وغیرہ نے اہل حدیث سے اسکو ضعیف
کیا ہے۔ اور یہ بہت غلطی کرنے والا ہے۔ اور کئی ایک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے مروی ہے کہ مال حاصل شدہ[1] میں زکوٰۃ نہیں تا کہ اسپر ایک
سال کامل گذرے۔ اور یہی کہتا ہے مالک بن انس اور شافعی اور احمد بن حنبل اور اسحاق اور کہا بعض اہل علم نے جبکہ پاس کسی شخص کے ایسا مال ہو کہ جسمیں
زکوٰۃ واجب ہو تو اُس مال حاصل شدہ میں بھی زکوٰۃ ہے۔ اور اگر اُسکے پاس سوائے مال حاصل شدہ کے کوئی ایسا مال نہو کہ جسمیں زکوٰۃ واجب ہے
تو اس مال حاصل شدہ میں بھی زکوٰۃ واجب نہیں۔ تا کہ اُسپر ایک سال گذر جائے۔ پس اگر اُسنے ایک سال گذرنے سے پہلے کچھ مال حاصل کیا ہو تو چاہیے کہ مال
حاصل شدہ کو ساتھ اُس مال کے کہ جسمیں زکوٰۃ واجب ہو چکی ہے پاک کرے۔ اور ساتھ اسی کے کہتے ہیں سفیان ثوری اور اہل کوفہ **باب** اس بیان میں
کہ مسلمانوں پر جزیہ نہیں **حدیث** کی ہمسے یحییٰ بن اکثم نے کہا حدیث کی ہمسے جریر نے قابوس بن ابی ظبیان سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن
عباس سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو قبلے ایک زمین میں بہتر نہیں اور نہ مسلمانوں پر جزیہ ہے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے کہا حدیث
کی ہمسے جریر نے قابوس سے ساتھ اسی اسناد کے مثل اسکے اور اس باب میں روایت ہے سعید بن زید اور حرب بن عبید اللہ ثقفی کے دادا سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث
ابن عباس کی مروی ہے قابوس بن ابی ظبیان سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل اور عامہ اہل علم کے نزدیک عمل اسپر ہے کہ عیسائی
جسوقت اسلام لاوے تو اسکی گردن کا جزیہ اُس سے معاف کیا جاوے۔ اور قول نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا کہ مسلمانوں پر جزیہ عشور کا نہیں ہے مراد اس سے جزیہ گردن
کا ہے اور حدیث میں وہ الفاظ ہیں جو اُسکی یہ تفسیر کرتے ہیں کیونکہ فرمایا آپنے عشور کو فقط یہود اور نصاریٰ پر ہے مسلمانوں پر عشور نہیں **باب** زیور کی
زکوٰۃ کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابی وائل سے اُسنے عمرو بن حارث بن
مصطلق سے اُسنے زینب کے بھتیجے سے جو عبداللہ کی بیوی سے اُسنے زینب عبداللہ کی بیوی سے کہا اُسنے ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
خطبہ سنایا اور فرمایا اے گروہ عورتوں کے صدقہ کرو اگرچہ اپنے زیوروں سے ہو کیونکہ تم قیامت کے دن دوزخ میں بہت جانے والے ہو

---

[1] مال حاصل شدہ وہ ہے جو کہ درمیان سال کے حاصل ہو ہبہ یا میراث وغیرہ سے اور پہلے مال کے منافع میں سے نہو۔ امام شافعی رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ
وہ پہلے مال سے لاحق نہیں ہوتا بلکہ اسکے واسطے نیا سال گذرنا چاہیے کہ زکوٰۃ واجب ہو۔ اور امام اعظم رحمہم اللہ فرماتے ہیں کہ وہ اسی مال میں جو پہلے مال سے لاحق
ہو جاتا ہے اور وہ مال حاصل شدہ کہ جو پہلے مال کا متابع ہو اسمیں خلاف نہیں ہے بلکہ وہ اتفاقاً اول مال سے لاحق ہوتا ہے

حدثنا محمود بن غیلان نا ابو داؤد عن شعبة عن الاعمش قال سمعت ابا وائل یحدث عن عمرو ابن الحارث بن اخی زینب امرأة عبد الله عن زینب امرأة عبد الله عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه وهذا اصح من حدیث ابی معاویة وابو معاویة وهم فی حدیثه فقال عمرو بن الحارث عن ابن اخی زینب والصحیح انما هو عمرو بن الحارث بن اخی زینب وقد روی عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده عن النبی صلی الله علیه وسلم انه رای فی الحلی زکوٰة وفی اسناده مقال واختلف اهل العلم فی ذلك فرای بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم والتابعین فی الحلی زکوٰة ما کان منه ذهب وفضة وبه یقول سفیان الثوری وعبد الله بن المبارك وقال بعض اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم منهم ابن عمر وعائشة وجابر بن عبد الله وانس بن مالك لیس فی الحلی زکوٰة وهکذا روی عن بعض فقهاء التابعین وبه یقول مالك بن انس والشافعی واحمد واسحٰق **حدثنا** قتیبة نا ابن لهیعة عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده عن امرأتین اتتا رسول الله صلی الله علیه وسلم وفی ایدیهما سواران من ذهب فقال لهما اتؤدیان زکوته فقالتا لا فقال لهما رسول الله صلی الله علیه وسلم اتحبان ان یسورکما الله بسوارین من نار قالتا لا قال فادیا زکوته **قال** ابو عیسی هذا حدیث قد رواه المثنی بن الصباح عن عمرو بن شعیب نحو هذا والمثنی بن الصباح وابن لهیعة یضعفان فی الحدیث ولا یصح فی هذا عن النبی صلی الله علیه وسلم شیء **باب** ما جاء فی زکوٰة الخضراوات **حدثنا** علی بن خشرم نا عیسی بن یونس عن الحسین عن محمد بن عبد الرحمن بن عبیدة عن عیسی بن طلحة عن معاذ انه کتب الی النبی صلی الله علیه وسلم یساله عن الخضراوات وهی البقول فقال لیس فیها شیء **قال** ابو عیسی اسناد هذا الحدیث لیس بصحیح ولیس یصح فی هذا الباب عن النبی صلی الله علیه وسلم شیء وانما یروی هذا عن موسی بن طلحة عن النبی صلی الله علیه وسلم مرسلا

حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے شعبہ سے اُسنے اعمش سے کہا اُسنے مینے سنا ابا وائل سے کہ حدیث کرتا تھا عمرو بن حارث سے جو بھتیجا زینب کا ہے جو عبد اللہ کی بیوی ہے اسنے زینب عبد اللہ کی بیوی سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے اور یہ صحیح ہے ابی معاویہ کی حدیث سے اور ابو معاویہ نے اپنی حدیث مین وہم کیا ہے کہا اُسنے عمرو بن الحارث عن ابن اخی زینب اور صحیح یہ ہے عمرو ابن الحارث بن اخی زینب اور مروی ہے عمرو بن شعیب اُسنے روایت کی ہے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ کہ فرمایا آپ نے زیور مین زکوٰۃ ہے اور اسکی سند مین کلام ہے اور اہل علم نے اس مسئلہ مین اختلاف کیا ہے سو بعض اہل علم کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ اور تابعین سے یہ مذہب ہے کہ اس زیور مین زکوٰۃ ہے جو سونا چاندی سے ہو اور یہی کہتا ہے سفیان ثوری اور عبد اللہ بن المبارک۔ اور کہا بعض اصحاب نے انمین سے ابن عمر اور عائشہ اور جابر بن عبد اللہ اور انس بن مالک ہین کہ زیور مین زکوٰۃ نہین اور اسی طرح بعض فقہاے تابعین سے مروی ہے اور ساتھ اسی کے کہتا ہے مالک بن انس اور شافعی اور احمد اور اسحاق **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے اُسنے دو عورتون سے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئین اور ان دونون کے ہاتھون مین سونے کے کنگن تھے پس آپنے اُن دونون سے فرمایا کہ کیا انکی زکوٰۃ ادا کرتی ہو سو کہا اُن دونون نے کہ نہین پھر ان دونوکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم پسند کرتی ہو یہ بات کہ تمکو اللہ تعالی آگ کے کنگن پہناوے۔ کہا اُن دونون نے نہین فرمایا آپ نے پس انکی زکوٰۃ ادا کیا کرو کہا ابو عیسی نے اس حدیث کو مثنی بن صباح نے عمرو بن شعیب سے بھی مثل اسکے روایت کی ہے اور مثنی ابن صباح اور ابن لہیعہ یہ دونون حدیث مین ضعیف ہین اور اس باب مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی روایت صحیح ثابت نہین ہوئی **باب** ترکاریون کی زکوٰۃ کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے علی بن خشرم نے کہا حدیث کی ہمسے عیسی بن یونس نے حسین سے اُسنے محمد بن عبد الرحمن بن عبیدہ سے اُسنے عیسی بن طلحہ سے اُسنے معاذ سے کہ اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف لکھا کہ سبزیون مین کیا حکم ہے اور سبزی ترکاریون کو بولتے ہین۔ پس فرمایا آپنے اسمین کچھ زکوٰۃ نہین کہا ابو عیسی نے اس حدیث کی سند صحیح نہین۔ اور اس باب مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی روایت صحیح ثابت نہین ہوئی اور یہ حدیث بواسطہ موسی بن طلحہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بطور مرسل مروی ہے

---

(١) یہی مذہب ہے امام ابو یوسف اور محمد کا کہ ترکاریون مین زکوٰۃ نہین ہے اور امام ابو حنیفہ رحمہ فرماتے ہین کہ ہر ایک قسم ترکاری مین زکوٰۃ ہے دلیل اسکی یہ حدیث ہے ما اخرجت الارض ففیہ العشر یعنے جو چیز زمین نکالے اسمین دسوان حصہ ہے۔ جواب اسکا یہ ہے کہ یہ حدیث عام ہے تخصیص اسکی اس حدیث سے ممکن ہے

والعمل علی هذا عند اهل العلم انه لیس فی الخضراوات صدقة **قال** ابو عیسی والحسن هو ابن عمارة وهو ضعیف عند اهل الحدیث ضعّفه شعبة وغیره وترکه عبد الله بن المبارك **باب** ماجاء فی الصدقة فیما یسقی بالانهار وغیرها **حدثنا** ابو موسی الانصاری نا عاصم بن عبد العزیز مدینی نا الحارث بن عبد الرحمن بن ابی ذباب عن سلیمان بن یسار وبسر بن سعید عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم فیما سقت السماء والعیون العشر وفیما سقی بالنضح نصف العشر وفی الباب عن انس بن مالك وابن عمر وجابر **قال** ابو عیسی وقد روی هذا الحدیث عن بکیر بن عبد الله بن الاشج وعن سلیمان بن یسار وبسر بن سعید عن النبی صلی الله علیه وسلم مرسلا وکان هذا الحدیث اصح وقد صح حدیث ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم فی هذا الباب وعلیه العمل عند عامة الفقهاء **حدثنا** احمد بن الحسن نا سعید بن ابی مریم نا ابن وهب قال حدثنی یونس عن ابن شهاب عن سالم عن ابیه عن رسول الله صلی الله علیه وسلم انه سن فیما سقت السماء والعیون او کان عثریا العشور وفیما سقی بالنضح نصف العشر **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی زکوة مال الیتیم **حدثنا** محمد بن اسمعیل نا ابراهیم بن موسی نا الولید بن المسلم عن المثنی بن الصبّاح عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جدّه ان النبی صلی الله علیه وسلم خطب الناس فقال الا من ولی یتیما له مال فلیتجر فیه ولا یترکه حتی تاکله الصدقة **قال** ابو عیسی وانما روی هذا الحدیث من هذا الوجه وفی اسناده مقال لان المثنی بن الصبّاح یضعف فی الحدیث وروی بعضهم هذا الحدیث عن عمرو بن شعیب ان ابن عمر بن الخطاب فذکر هذا الحدیث وقد اختلف اهل العلم فی هذا الباب فرای غیر واحد من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم فی مال الیتیم زکوة منهم عمر وعلی وعائشة وابن عمر وبه یقول مالك والشافعی واحمد واسحاق وقالت طائفة من اهل العلم لیس فی مال الیتیم زکوة وبه یقول سفیان الثوری وعبد الله بن المبارك وعمرو بن شعیب هو ابن محمد بن عبد الله بن عمرو بن العاص وشعیب قد سمع من جده عبد الله بن عمرو وقد تکلم یحیی بن سعید فی حدیث عمرو بن شعیب

اور عمل اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے کہ ترکاریوں میں زکوۃ نہیں ہے کہا ابو عیسی نے اور حسن وہ ابن عمارہ ہے اور اہل حدیث کے نزدیک وہ ضعیف ہے شعبہ وغیرہ نے اسکو ضعیف کیا ہی۔ اور چھوڑ دیا اسکو عبد اللہ بن مبارک نے **باب** اس چیز کی زکوۃ کے بیان میں جو نہروں وغیرہ سے پلائی جاتی ہے حدیث کی ہمسے ابو موسی انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے عاصم بن عبد العزیز مدینی نے کہا حدیث کی ہمسے حارث بن عبد الرحمن بن ابی ذباب نے سلیمان بن یسار اور بسر بن سعید سے انہوں نے ابی ہریرہ سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس چیز میں کہ جسکو بارش اور چشموں سے پانی ملے اسمیں دسواں حصہ ہی۔ اور فرمایا اسمیں جو ڈولوں (یا کوئیں) سے پلائی جائے اسمیں بیسواں حصہ ہے۔ اور اس باب میں روایت ہی انس بن مالک اور ابن عمر اور جابر سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسی نے اور مروی ہے یہ حدیث بواسطہ بکیر بن عبد اللہ بن اشج اور سلیمان بن یسار اور بسر بن سعید کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل گویا یہ حدیث صحیح ہے اور حدیث ابن عمر کی جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس باب میں ہے وہ صحیح ہے اور عام فقہا کے نزدیک عمل اسی پر ہے حدیث کی ہمسے احمد بن حسن نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن ابی مریم نے کہا حدیث کی ہمسے ابن وہب نے کہا حدیث کی ہمسے یونس نے ابن شہاب سے انہوں نے سالم سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ مقرر کیا آپنے اس زمین میں کہ جسکو بارش اور چشموں سے پانی ملے یا سیرابی ہو دسواں حصہ۔ اور اس زمین میں جو ڈولوں سے پلائی جائے بیسواں حصہ کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہی **باب** یتیم کے مال کی زکوۃ کے بیان میں حدیث کی ہمسے محمد بن اسمعیل نے کہا حدیث کی ہمسے ابراہیم بن موسی نے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن مسلم نے مثنی بن صباح سے انہوں نے عمرو بن شعیب سے انہوں نے اپنے باپ سے انہوں نے اپنے دادا سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو خطبہ سنایا خبردار رہو کوئی ایسے یتیم کا والی ہو کہ جسکے پاس مال ہی تو چاہیے کہ اسمیں تجارت کرے اور اسکو چھوڑ نہ دے کہ اسکو زکوۃ ہی کھا جاوے کہا ابو عیسی نے یہ حدیث فقط اسی وجہ سے مروی ہے اور اسکی سند میں کلام ہے کہ مثنی بن صباح حدیث میں ضعیف کیا گیا ہی۔ اور بعض نے اس حدیث کو عمرو بن شعیب سے روایت کی ہی کہ عمر بن خطاب نے ذکر کیا اس حدیث کو اور اہل علم نے اس مسئلہ میں اختلاف کیا ہی پس کئی ایک نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کا مذہب ہی کہ یتیم کے مال میں زکوۃ ہی انہیں سے عمر اور علی اور عائشہ اور ابن عمر ہیں اور ساتھ اسی کے کہتا ہی مالک اور شافعی اور احمد اور اسحاق۔ اور کہا ایک گروہ نے اہل علم سے کہ یتیم کے مال میں زکوۃ نہیں ہی۔ اور اسی کے ساتھ قائل ہوا ہی سفیان ثوری اور عبد اللہ بن مبارک اور عمرو بن شعیب جو بیٹا ہی محمد بن عبد اللہ بن عمرو بن عاص کا حالانکہ شعیب نے اپنے دادا عبد اللہ بن عمرو سے سنا ہی۔ اور یحیی بن سعید نے عمرو بن شعیب کی حدیث میں کلام کیا ہی

وقال هو عندنا واه ومن ضعفه فانما ضعفه من قبل انه يحدث من صحيفة جده عبد الله بن عمرو واما اكثر اهل الحديث فيحتجون بحديث
عمرو بن شعيب ويثبتونه منهم احمد واسحاق وغيرهما **باب** ما جاء ان العجماء جرحها جبار وفي الركاز الخمس **حدثنا** قتيبة نا الليث بن سعد
عن ابن شهاب عن سعيد بن المسيب وابي سلمة عن ابي هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال العجماء جرحها جبار والمعدن جبار
والبئر جبار وفي الركاز الخمس وفي الباب عن انس بن مالك وعبد الله بن عمرو وعبادة بن الصامت وعمرو بن عوف المزني وجابر **قال** ابو عيسى
هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في الخرص **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داود الطيالسي نا شعبة قال اخبرني
خبيب بن عبد الرحمن قال سمعت عبد الرحمن بن مسعود بن دينار يقول جاء سهل بن ابي حثمة الى مجلسنا فحدث ان رسول الله صلى الله عليه
وسلم كان يقول اذا خرصتم فخذوا ودعوا الثلث فان لم تدعوا الثلث فدعوا الربع وفي الباب عن عائشة وعتاب بن اسيد وابن عباس **قال**
ابو عيسى والعمل على حديث سهل بن ابي حثمة عند اكثر اهل العلم في الخرص وبحديث سهل بن ابي حثمة يقول اسحاق واحمد والخرص اذا ادركت الثمار
من الرطب والعنب مما فيه الزكوة بعث السلطان خارصا فخرص عليهم والخرص ان ينظر من يبصر ذلك فيقول يخرج من هذا من الزبيب كذا ومن التمر كذا
فيحصى عليهم وينظر مبلغ العشر من ذلك فيثبت عليهم ثم يخلي بينهم وبين الثمار فيصنعون ما احبوا واذا ادركت الثمار اخذ منهم العشر هكذا فسره
بعض اهل العلم وبهذا يقول مالك والشافعي واحمد واسحاق **حدثنا** ابو عمرو مسلم بن عمرو الحذاء المديني نا عبد الله بن نافع عن محمد بن صالح التمار
عن ابن شهاب عن سعيد بن المسيب عن عتاب بن اسيد ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يبعث على الناس من يخرص عليهم كرومهم وثمارهم وبهذا
الاسناد ان النبي صلى الله عليه وسلم قال في زكوة الكروم انها تخرص كما يخرص النخل ثم تؤدى زكوته زبيبا كما تؤدى زكوة النخل تمرا

اور کہا کہ یہ حدیث ہمارے نزدیک واہی ہے اور جسنے اسکو ضعیف کیا ہے اسنے اسکو اسوجہ سے ضعیف کیا ہے کہ وہ اپنے دادا عبداللہ بن عمرو کی کتاب سے حدیث
کرتا ہے۔ اور اکثر اہل حدیث عمرو بن شعیب کی حدیث سے حجت پکڑتے ہیں اور اسکو ثابت رکھتے ہیں انمیں سے احمد اور اسحاق وغیرہ ہیں **باب** اس بیان میں کہ
جانور کے مارنے میں بدلہ نہیں اور دفینہ جاہلیت میں خمس یعنی پانچواں حصہ ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے ابن شہاب سے انہنے
سعید بن مسیب اور ابو سلمہ سے اسنے ابی ہریرہ سے انہنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے جانور کے مارنے میں بدلہ نہیں اور کان میں بدلہ نہیں
اور کوئیں میں بدلہ نہیں۔ اور دفینہ جاہلیت میں پانچواں حصہ ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے انس بن مالک اور عبداللہ بن عمرو اور عبادہ بن صامت اور
عمرو بن عوف مزنی اور جابر سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسے نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** درخت پر تخمینہ کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان
نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد طیالسی نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے کہا خبر دی مجھے خبیب بن عبدالرحمن نے کہا سنا میں نے عبدالرحمن بن مسعود بن دینار سے
کہ کہتا سہل بن ابی حثمہ ہماری مجلس کی طرف آیا اور اسنے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے تھے جب کسی چیز کا تخمینہ کیا کرو تو لے لو
اور تہائی کو (تخمینہ سے) چھوڑ دیا کرو۔ پس اگر تہائی نہ چھوڑو تو چوتھائی تو چھوڑ دو اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور عتاب بن اسید اور ابن عباس سے
کہا ابو عیسی نے اور اکثر اہل علم کے نزدیک تخمینہ کے باب میں عمل سہل بن حثمہ کی حدیث پر ہے اور حدیث بیان کرتا ہے سہل بن ابی حثمہ کہ کہتا اسحاق اور احمد تخمینہ یوقت ہو کہ جب میوہ
کھجور اور انگور سے یعنی ان چیزوں سے کہ جنمیں زکوۃ واجب ہے پکنے کے قریب پہونچیں تو سلطان کسی تخمینہ کرنیوالے کو بھیجے وہ انپر تخمینہ کرے اور تخمینہ یہ ہے کہ جو کوئی
اس امر کی بصارت رکھتا ہے دیکھکر کہدے کہ اس منقے سے اسقدر نکلے گا اور ان کھجوروں سے اسقدر اور اسقدر سو انپر تخمینہ لگادے اور دیکھے کہ اس کے
عشر تک پہونچا ہے تو انپر عشر ثابت کرے پھر انکا اور میوہ کا راستہ چھوڑ دے پس وہ کریں جو چاہتے ہیں اور جب میوہ پختہ ہو جائے تو انپر عشر لیوے ایسا ہی
بعض اہل علم نے اسکی تفسیر کی ہے اور یہی کہتا ہے مالک اور شافعی اور احمد اور اسحاق **حدیث** کی ہمسے ابو عمرو یعنی مسلم بن عمرو حذاء مدینی نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ
بن نافع نے محمد بن صالح تمار سے اسنے ابن شہاب سے اسنے سعید بن مسیب سے انہنے عتاب بن اسید سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی طرف بھیجتے تھے
اس شخص کو جو انپر انکے انگوروں کی اور میووں کی جانچ کرے۔ اور اسی اسناد سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے انگوروں کی زکوۃ
کے بارے میں فرمایا ہے کہ اسکی جانچ کی جاوے جیسا کہ کھجوروں کی جانچ کی جاتی ہے پھر اسکی زکوۃ اسوقت ادا کیجاوے کہ منقی ہو جاوے جیسا کہ
کھجوروں کی زکوۃ حالت تمر میں ادا کیجاتی ہے

ف یعنی اگر کسی کا جانور بلا تعدی مالک کے کسی کو مار ڈالے یا زخمی کرے تو اسکے مالک پر ڈانڈ نہیں اور اگر مزدور کسی کو کان کھودنے میں گر کر مر جاوے
یا اسیطرح کوئیں میں گر پڑنے سے مر جاوے تو کھدوانے والے پر کوئی ڈانڈ نہیں ہے اور دفینہ میں یعنی جو مال دفن ہوا ملجاوے اسمیں پانچواں حصہ دینا پڑتا ہے ١٢

قال ابو عیسٰی هذا حدیث حسن غریب وقد روی ابن جریج هذا الحدیث عن ابن شهاب عن عروة عن عائشة وسألت
محمدا عن هذا فقال حدیث ابن جریج غیر محفوظ وحدیث سعید بن المسیّب عن عتاب بن اسید اصح باب
ما جاء فی العامل علی الصدقة بالحق حدثنا احمد بن منیع نا یزید بن هارون نا یزید بن عیاض عن عاصم بن عمر بن قتادة ح
وحدثنا محمد بن اسمٰعیل نا احمد بن خالد عن محمد بن اسحاق عن عاصم بن عمر بن قتادة عن محمود بن لبید عن رافع بن خدیج
قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول العامل علی الصدقة بالحق کالغازی فی سبیل الله حتی یرجع الی بیته قال
ابو عیسٰی حدیث رافع بن خدیج حدیث حسن ویزید بن عیاض ضعیف عند اهل الحدیث وحدیث محمد بن اسحاق اصح
باب فی المعتدی فی الصدقة حدثنا قتیبة نا اللیث عن یزید بن ابی حبیب عن سعد بن سنان عن انس بن مالک قال قال
رسول الله صلی الله علیه وسلم المعتدی فی الصدقة کمانعها قال وفی الباب عن ابن عمر وام سلمة وابی هریرة قال ابو عیسٰی
حدیث انس حدیث غریب من هذا الوجه وقد تکلم احمد بن حنبل فی سعد بن سنان وهکذا یقول اللیث بن سعد عن یزید بن ابی حبیب
عن سعد بن سنان عن انس بن مالک قال ابو عیسٰی سمعت محمدا یقول والصحیح سنان بن سعد وقوله المعتدی فی الصدقة
کمانعها یقول علی المعتدی من الاثم کما علی المانع اذا منع باب ما جاء فی رضی المصدّق حدثنا علی بن حجر نا محمد بن یزید
عن مجالد عن الشعبی عن جریر قال قال النبی صلی الله علیه وسلم اذا اتاکم المصدّق فلا یفارقنکم الا عن رضی حدثنا ابو عمار
نا سفیان عن داود عن الشعبی عن جریر عن النبی صلی الله علیه وسلم بنحوه قال ابو عیسٰی حدیث داود عن الشعبی
اصح من حدیث مجالد وقد ضعّف مجالدا بعض اهل العلم وهو کثیر الغلط باب ما جاء ان الصدقة توخذ من الاغنیاء
فترد علی الفقراء حدثنا علی بن سعید الکندی نا حفص بن غیاث عن اشعث عن عون بن ابی جحیفة عن ابیه

کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور روایت کی ہے یہ حدیث ابن جریج نے ابن شہاب سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے اور مؤلف
کہتا ہے میں نے اسکی بابت محمد (یعنی محمد بن اسمٰعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ) سے پوچھا تو کہا اُسنے حدیث ابن جریج کی محفوظ نہیں ہے
اور حدیث سعید بن مسیب کی جو عتاب بن اسید سے ہے وہ صحیح ہے باب اس شخص کی فضیلت کے بیان میں جو صدقے کا کام ساتھ حق کے کرے
حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے کہا حدیث ہمسے یزید بن عیاض نے عاصم بن عمر بن قتادہ سے ح اور حدیث
کی ہمسے محمد بن اسماعیل نے کہا حدیث کی ہمسے احمد بن خالد نے محمد بن اسحاق سے اُسنے عاصم بن عمر بن قتادہ سے اُسنے محمود بن لبید سے اُسنے
رافع بن خدیج سے کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ وسلم سے کہ فرماتے وہ شخص کہ صدقے پر ساتھ حق کے کام کرے مثل غازی کے ہے
اللہ تعالیٰ کے رستہ میں یہانتک کہ اپنے گھر کی طرف رجوع کرے کہا ابو عیسٰی نے حدیث رافع بن خدیج کی حسن ہے اور یزید بن عیاض اہل حدیث کے
نزدیک ضعیف ہے اور حدیث محمد بن اسحاق کی صحیح تر ہے باب اس شخص کے بیان میں جو صدقہ میں تجاوز کرے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا
حدیث کی ہمسے لیث نے یزید بن ابی حبیب سے اُسنے سعد بن سنان سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
جو شخص صدقے میں تجاوز کرے مثل منع کرنے والے کے ہے۔ کہا مؤلف نے اور اس باب میں روایت ہے ابن عمر اور ام سلمہ اور ابی ہریرہ سے
کہا ابو عیسٰی نے حدیث انس کی اس وجہ سے غریب ہے۔ اور احمد بن حنبل نے سعد بن سنان کے حق میں کلام کیا ہے اور ایسا ہی کہتا ہے لیث بن سعد
یزید بن ابی حبیب سے کہ وہ سعد بن سنان ہے وہ انس بن مالک سے کہا ابو عیسٰی نے سنا میں نے محمد سے کہ کہتا اور صحیح سنان بن سعد ہے۔ اور قول آنحضرتؐ کا کہ
تجاوز کرنے والا صدقہ میں مثل منع کرنے والے کے ہے۔ کہتا ہے کہ تجاوز کرنے والے پر گناہ ہے جیسے کہ منع کرنے والے پر گناہ ہے جب وہ منع کرے
باب صدقہ لینے والے کی رضا کے بیان میں حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن یزید نے مجالد سے اُسنے شعبی سے اُسنے جریر سے
کہا اُسنے فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تمہارے پاس صدقہ لینے والا آوے تو چاہیے کہ تمسے جدا نہووے مگر رضامندی سے حدیث کی ہمسے ابو عمار نے کہا
حدیث کی ہمسے سفیان نے داود سے اُسنے شعبی سے اُسنے جریر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے کہا ابو عیسٰی نے حدیث داود کی جو شعبی سے ہے مجالد کی
حدیث سے صحیح ہے اور مجالد کو بعض اہل علم نے ضعیف کیا ہے اور یہ بہت غلطی کرتا ہے باب اس بیان میں کہ زکوۃ غنیوں سے لیجاوے اور فقیروں کو دیجاوے حدیث کی ہمسے
علی بن سعید کندی نے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن غیاث نے اشعث سے اُسنے عون بن ابی جحیفہ (سوائی کوفی) سے اُسنے اپنے باپ سے

قال قدم علینا مصدق النبی صلعم فاخذ الصدقۃ من اغنیائنا فجعلہا فی فقرائنا وکنت غلاما یتیما فاعطانی منہا قلوصا وفی الباب عن ابن عباس **قال** ابو عیسیٰ حدیث ابی جحیفۃ حدیث حسن غریب **باب** من تحل لہ الزکوۃ **حدثنا** قتیبۃ وعلی بن حجر قال قتیبۃ حدثنا شریک وقال علی انا شریک المعنی واحد عن حکیم بن جبیر عن محمد بن عبد الرحمن بن یزید عن ابیہ عن عبد اللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من سال الناس ولہ ما یغنیہ جاء یوم القیمۃ ومسئلتہ فی وجہہ خموش او خدوش او کدوح قیل یا رسول اللہ وما یغنیہ قال خمسون درہما او قیمتہا من الذہب وفی الباب عن عبد اللہ بن عمرو **قال** ابو عیسیٰ حدیث ابن مسعود حدیث حسن وقد تکلم شعبۃ فی حکیم بن جبیر من اجل ہذا الحدیث **حدثنا** محمود بن غیلان نا یحیی بن آدم نا سفیان عن حکیم بن جبیر بہذا الحدیث فقال لہ عبد اللہ بن عثمان صاحب شعبۃ لو غیر حکیم حدث بہذا فقال لہ سفیان وما لحکیم لا یحدث عنہ شعبۃ قال نعم قال سفیان سمعت زبیدا یحدث بہذا عن محمد بن عبد الرحمن بن یزید والعمل علی ہذا عند بعض اصحابنا وبہ یقول الثوری وعبد اللہ بن المبارک واحمد واسحاق قالوا اذا کان عند الرجل خمسون درہما لم تحل لہ الصدقۃ ولم یذہب بعض اہل العلم الی حدیث حکیم بن جبیر ووسعوا فی ہذا وقالوا اذا کان عندہ خمسون درہما او اکثر وہو محتاج فلہ ان یاخذ من الزکوۃ وہو قول الشافعی وغیرہ من اہل الفقہ والعلم **باب** ما جاء ما یحل لہ الصدقۃ **حدثنا** محمد بن بشار نا ابو داؤد الطیالسی نا سفیان ح وثنا محمود بن غیلان نا عبد الرزاق نا سفیان عن سعد بن ابراہیم عن ریحان بن یزید عن عبد اللہ بن عمرو عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تحل الصدقۃ لغنی ولا لذی مرۃ سوی وفی الباب عن ابی ہریرۃ وحبشی بن جنادۃ وقبیصۃ بن المخارق

کہا اُسنے ہمارے پاس نبی صلعم کا زکوۃ لینے والا آیا تو اُسنے ہمارے غنیون سے زکوۃ لی اور ہمارے فقیرون کو دیدی اور مین اسوقت یتیم لڑکا تھا مجھے بھی اُسنے اُس سے ایک اونٹنی دی اور اس باب مین روایت ہی ابن عباس سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابی جحیفہ کی حسن غریب ہی **باب** اُس شخص کے بیان مین کہ جسکو زکوۃ لینی حلال ہی **حدیث** کی ہمسے قتیبہ اور علی بن حجر نے کہا قتیبہ نے حدیث کی ہمسے شریک نے اور کہا علی نے خبر دی ہمکو شریک نے معنے دونون کے ایک ہین حکیم بن جبیر سے اسنے محمد بن عبد الرحمن بن یزید سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جو شخص سوال کرے آدمیون سے اس حالت مین کہ اُسکے پاس اسقدر ہی کہ اُسکو غنی کرے تو وہ قیامت کے دن آئیگا اس حالت مین کہ سوال اسکا اسکے منھ مین[1] زخم ہوگا۔ کسی نے کہا اور کسقدر اسکو غنی کرتا ہے۔ فرمایا آپ نے پچاس درم یا قیمت اسکی سونے سے اور اس باب مین روایت ہی عبد اللہ بن عمرو سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن مسعود کی حسن ہے اور شعبہ نے حکیم بن جبیر کے حق مین اسی حدیث کے سبب سے کلام کیا ہی **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن آدم نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے حکیم بن جبیر سے ساتھ اس حدیث کے۔ پس سفیان کو عبد اللہ بن عثمان نے کہا جو شعبہ کا ساتھی ہے کہ کاش کہ حکیم کے سوا کوئی اور یہ حدیث روایت کرتا۔ پس عبد اللہ بن عثمان کو سفیان نے کہا اور حکیم کو کیا ہے کیا اس سے شعبہ روایت نہین کرتا کہا اُسنے ہان۔ کہا سفیان نے سنا مین نے زبید سے کہ حدیث کرتا تھا ساتھ اسکے محمد بن عبد الرحمان بن یزید سے اور ہمارے بعض اصحاب کے نزدیک عمل اسپر ہے اور ساتھ اسی کے کہتا ہی ثوری اور عبد اللہ بن مبارک اور احمد اور اسحاق کہ کہا انھون نے جب کسی مرد کے پاس پچاس درم ہون تو اسکے لیے زکوۃ لینی حلال نہین ہی اور بعض اہل علم حکیم بن جبیر کی حدیث کی طرف نہین گئے۔ اور انھون نے اسمین فراخی کی ہے اور کہا ہے کہ جب اسکے پاس پچاس درم یا زیادہ ہون اور اُسکو انکی حاجت ہو تو اسکے لیے زکوۃ سے لینا جائز ہے۔ اور یہ قول ہے شافعی وغیرہ اہل فقہ اور علم سے **باب** اُس شخص کے بیان مین کہ جسکو زکوۃ لینی حلال نہین **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد طیالسی نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ح اور حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے سعد بن ابراہیم سے اُسنے ریحان بن یزید سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے نہین حلال زکوۃ لینی غنی کو اور نہ قوی تندرست کو۔ اور اس باب مین روایت ہی ابی ہریرہ رضا اور حبشی بن جنادہ اور قبیصہ بن مخارق سے۔

---

[1] خموش اور خدوش اور کدوح کے معنے ایک ہی ہین یعنے جو شخص لوگون سے اپنے پاس پچاس درم یا پچاس درم کا مال ہوتے ہوے لوگون سے سوال کرے تو قیامت کے روز منھ اسکا سوال کے سبب سے زخمی ہوگا ۱۲

قال ابو عیسی حدیث عبد اللہ بن عمرو حدیث حسن وقد روی شعبۃ عن سعد بن ابراھیم ھذا الحدیث بھذا الاسناد ولم یرفعہ وقد روی فی غیر ھذا الحدیث عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا تحل المسئلۃ لغنی ولا لذی مرۃ سوی واذا کان الرجل قویا محتاجا ولم یکن عندہ شیء فتصدق علیہ اجزأ عن المتصدق عند اھل العلم ووجہ ھذا الحدیث عند بعض اھل العلم علی المسئلۃ حدثنا علی بن سعید الکندی نا عبد الرحیم بن سلیمان عن مجالد عن عامر عن حبشی بن جنادۃ السلولی قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی حجۃ الوداع وھو واقف بعرفۃ اتاہ اعرابی فاخذ بطرف ردائہ فسألہ ایاہ فاعطاہ وذھب فعند ذلک حرمت المسألۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان المسألۃ لا تحل لغنی ولا لذی مرۃ سوی الا لذی فقر مدقع او غرم مفظع ومن سأل الناس لیثری بہ مالہ کان خموشا فی وجھہ یوم القیمۃ ورضفا یأکلہ من جھنم فمن شاء فلیقل ومن شاء فلیکثر حدثنا محمود بن غیلان نا یحیی بن آدم عن عبد الرحیم بن سلیمان نحوہ قال ابو عیسی ھذا حدیث غریب من ھذا الوجہ

باب من تحل لہ الصدقۃ من الغارمین وغیرھم

حدثنا قتیبۃ نا اللیث عن بکیر بن عبد اللہ بن الاشج عن عیاض بن عبد اللہ عن ابی سعید الخدری قال اصیب رجل فی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ثمار ابتاعھا فکثر دینہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تصدقوا علیہ فتصدق الناس علیہ فلم یبلغ ذلک وفاء دینہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لغرمائہ خذوا ما وجدتم ولیس لکم الا ذلک وفی الباب عن عائشۃ وجویریۃ وانس قال ابو عیسی حدیث ابی سعید حدیث حسن صحیح

باب ما جاء فی کراھیۃ الصدقۃ للنبی صلی اللہ علیہ وسلم واھل بیتہ وموالیہ

حدثنا بندار نا مکی بن ابراھیم ویوسف بن سعید الضبعی قالا نا بھز بن حکیم عن ابیہ عن جدہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اتی بشیء سأل اصدقۃ ھی ام ھدیۃ فان قالوا صدقۃ لم یأکل وان قالوا ھدیۃ اکل وفی الباب عن سلمان وابی ھریرۃ وانس والحسن بن علی وابی عمیرۃ جد معرف بن واصل واسمہ رشید بن مالک

کہا ابو عیسی نے حدیث عبد اللہ بن عمرو کی حسن ہے اور روایت کی ہے شعبہ نے سعد بن ابراہیم سے یہ حدیث ساتھ اس اسناد کے اور اسکو مرفوع نہیں کیا اور غیر اس حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ نہیں حلال سوال کرنا غنی کو اور نہ قوی تندرست کو اور جب کوئی مرد قوی محتاج ہو اور اسکے پاس کوئی چیز نہو پس اسپر صدقہ کیا جاوے تو اہل علم کے نزدیک صدقہ دینے والے کیطرف سے ادا ہو جاویگا اور وجہ اس حدیث کی نزدیک بعض اہل علم کے یہ کہ نہیں حلال صدقہ غنی کو مراد اس سے سوال ہے حدیث کی ہمسے علی بن سعید کندی نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحیم بن سلیمان نے مجالد سے اسنے عامر سے اسنے حبشی بن جنادہ سلولی سے کہا اسنے میںنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حجۃ الوداع میں اس حالت میں کہ آپ عرفہ میں کھڑے ہوئے تھے کہ آپکے پاس ایک اعرابی آیا اور اسنے آپ کی چادر مبارک کا ایک دامن پکڑ لیا اور اسنے آپسے مانگی سو آپنے اسکو دیدی اور چلا گیا پس اسوقت میں سوال کرنا حرام ہوا تھا سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ سوال کرنا نہیں حلال غنی کو اور نہ قوی تندرست کو مگر اس فقیر کو جو نہایت ذلت کو پہونچا ہو یا بہت ضروری حاجت والے کو اور جو اسواسطے لوگوں سے سوال کرے کہ اپنا مال زیادہ کرے تو وہ سوال قیامت کے دن اسکے منہ میں زخم اور جلتا ہوا ہوگا جو دوزخ سے اسکو کھائیگا سو جو شخص چاہے تو کم کرے اور جو کوئی چاہے پس زیادہ کرے حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن آدم نے عبد الرحیم بن سلیمان سے مثل اسکے کہا ابو عیسی نے یہ حدیث اس وجہ سے غریب ہے

باب اس شخص کے بیان میں کہ جسکو زکوۃ لینی حلال ہے قرضدار وغیرہ سے

حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے بکیر بن عبد اللہ بن اشج سے اسنے عیاض بن عبد اللہ سے اسنے ابی سعید خدری سے کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ایک شخص بسبب خریدنے میووں کے مصیبت زدہ ہوا۔ اور اسکا قرض بہت ہو گیا۔ پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسپر صدقہ کرو سو لوگوں نے اسپر صدقہ کیا۔ پس وہ صدقہ اسکے قرض کے پورا کرنے کو نہ پہونچ سکا۔ پس رسول اللہ صلعم نے فرمایا اسکے قرضخواہ کو لے لو جو تم پاتے ہو اور اسکے سوا اسے اور تمہارے واسطے کچھ نہیں ہے اور اس باب میں روایت ہے عائشہ و جویریہ و انس سے کہا ابو عیسی نے حدیث ابی سعید کی حسن صحیح ہے

باب اس بیان میں کہ صدقہ لینا نبی صلعم کو اور آپکے اہل بیت اور غلاموں کو مکروہ ہے

حدیث کی ہمسے بندار نے کہا حدیث کی ہمسے مکی بن ابراہیم اور یوسف بن سعید ضبعی نے کہا دونوں نے حدیث کی ہمسے بہز بن حکیم نے اپنے باپ سے اسنے اپنے دادا سے کہا اسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ حال تھا کہ جب کوئی چیز آپکے پاس آتی تو سوال کرتے کہ کیا یہ صدقہ ہے یا ہدیہ ہے۔ سو اگر لوگ کہتے کہ یہ صدقہ ہے تو نہ کھاتے اور اگر کہتے کہ ہدیہ ہے تو کھا لیتے۔ اور اس باب میں روایت ہے سلمان اور ابی ہریرہ اور انس اور حسن بن علی اور ابی عمیرہ سے جو دادا ہے معرف بن واصل کا ہے اور نام اسکا رشید بن مالک ہے

ومیمون او مہران وابن عباس وعبد اللہ بن عمرو وابی رافع وعبد الرحمن بن علقمۃ وقد روی ہذا الحدیث ایضا عن عبد الرحمن بن علقمۃ عن عبد الرحمن بن ابی عقیل عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وجد بہز بن حکیم اسمہ معاویۃ بن حیدۃ القشیری **قال** ابو عیسی حدیث بہز بن حکیم حدیث حسن غریب **حدثنا** محمد بن المثنی نا محمد بن جعفر نا شعبۃ عن الحکم عن ابن ابی رافع عن ابی رافع ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعث رجلا من بنی مخزوم علی الصدقۃ فقال لابی رافع اصحبنی کیما تصیب منہا فقال لا حتی اتی رسول اللہ صلعم فاسالہ وانطلق الی النبی صلعم فسالہ فقال ان الصدقۃ لا تحل لنا وان موالی القوم من انفسہم قال وہذا حدیث حسن صحیح وابو رافع مولی النبی صلی اللہ علیہ وسلم اسمہ اسلم وابن ابی رافع ہو عبید اللہ بن ابی رافع کاتب علی بن ابی طالب **باب** ما جاء فی الصدقۃ علی ذی القرابۃ **حدثنا** قتیبۃ نا سفیان بن عیینۃ عن عاصم عن حفصۃ بنت سیرین عن الرباب عن عمہا سلمان بن عامر یبلغ بہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا افطر احدکم فلیفطر علی تمر فانہ برکۃ فان لم یجد تمرا فالماء فانہ طہور وقال الصدقۃ علی المسکین صدقۃ وہی علی ذی الرحم ثنتان صدقۃ وصلۃ وفی الباب عن زینب امرأۃ عبد اللہ بن مسعود وجابر وابی ہریرۃ **قال** ابو عیسی حدیث سلمان بن عامر حدیث حسن والرباب ہی ام الرائح ابنۃ صلیع وہکذا روی سفیان الثوری عن عاصم عن حفصۃ بنت سیرین عن الرباب عن عمہا سلمان بن عامر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو ہذا الحدیث وروی شعبۃ عن عاصم عن حفصۃ بنت سیرین عن سلمان بن عامر ولم یذکر فیہ عن الرباب وحدیث سفیان الثوری وابن عیینۃ اصح وہکذا روی ابن عون وہشام بن حسان عن حفصۃ بنت سیرین عن الرباب عن سلمان بن عامر **باب** ما جاء ان فی المال حقا سوی الزکوٰۃ **حدثنا** محمد بن مدویۃ نا الاسود بن عامر عن شریک عن ابی حمزۃ عن الشعبی عن فاطمۃ ابنۃ قیس قالت سالت او سئل النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن الزکوٰۃ فقال ان فی المال لحقا سوی الزکوٰۃ ثم تلا ہذہ الایۃ التی فی البقرۃ لَیْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْہَکُمْ الایۃ

اور میمون سے یا مہران سے اور ابن عباس سے اور عبد اللہ بن عمرو سے اور ابی رافع اور عبد الرحمن بن علقمہ سے رضی اللہ عنہم اور مروی ہے یہ حدیث عبد الرحمن بن علقمہ سے بھی اُنہوں نے روایت کی عبد الرحمن بن ابی عقیل سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور بہز بن حکیم کے دادا کا نام معاویہ بن حیدہ قشیری ہے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث بہز بن حکیم کی حسن غریب ہے حدیث کی ہم سے محمد بن مثنی نے کہا حدیث کی ہم سے محمد بن جعفر نے کہا حدیث کی ہم سے شعبہ نے حکم سے اُنہوں نے ابن ابی رافع سے اُنہوں نے ابی رافع سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد کو جو قبیلہ بنی مخزوم سے تھا صدقے پر بھیجا تو اُسنے ابی رافع سے کہا تو میرے ساتھ چل تا کہ تو صدقے سے کچھ حاصل کرے پس کہا اُسنے نہیں تا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر دریافت کرلوں سو وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف چلا اور آپ سے اُسنے پوچھا پس فرمایا آپنے صدقہ ہمارے لیے حلال نہیں اور غلام کسی قوم کے انہیں سے ہوتے ہیں کہا سولفت سے اور یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور ابو رافع نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام ہے نام اسکا اسلم ہے اور ابن رافع وہی عبید اللہ بن ابی رافع ہے جو کاتب ہے علی بن ابی طالب کا **باب** قرابت والوں پر صدقہ کرنے کے بیان میں حدیث کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے عاصم سے اُسنے حفصہ بنت سیرین سے اُسنے رباب سے اُسنے اپنے چچا سے جو سلمان بن عامر ہے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تک پہونچاتا ہے کہ فرمایا آپنے جب کوئی تم میں سے افطار کرے تو چاہیے کہ کھجور پر افطار کرے کیونکہ یہ برکت ہے پس اگر کھجور نہ پائے تو پانی کیونکہ یہ پاک ہے اور فرمایا آپنے صدقہ مسکین پر تو صدقہ ہی ہے اور ذوی قرابت پر صدقہ اور صلہ رحمی ہے اور اس باب میں روایت ہے زینب عبد اللہ بن مسعود کی بیوی سے اور جابر اور ابی ہریرہ سے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث سلمان بن عامر کی حسن ہے۔ اور رباب وہ ام الرائح بنت صلیع ہے اور ایسی ہی روایت کی ہے سفیان ثوری نے عاصم سے اُسنے حفصہ بنت سیرین سے اُسنے رباب سے اُسنے اپنے چچا سے جو سلمان بن عامر ہے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اس حدیث کے اور روایت کی شعبہ نے عاصم سے اُسنے حفصہ بنت سیرین سے اُسنے سلمان بن عامر سے اور اسمیں شعبہ نے رباب کا ذکر نہیں کیا اور روایت سفیان ثوری اور ابن عیینہ کی صحیح ہے اور ایسی ہی روایت کی ہے ابن عون اور ہشام بن حسان نے حفصہ بنت سیرین سے اُسنے رباب سے اُسنے سلمان بن عامر سے **باب** اس بیان میں کہ مال میں سوائے زکوٰۃ کے اور بھی حق ہے حدیث کی ہمسے محمد بن مدویہ نے کہا حدیث کی ہمسے اسود بن عامر نے شریک سے اُسنے ابی حمزہ سے اُسنے شعبی سے اُسنے فاطمہ بنت قیس سے کہا اُنہوں نے میں نے یا کسی نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے زکوٰۃ کی بابت سوال کیا پس فرمایا آپنے بیشک مال میں سوائے زکوٰۃ کے اور بھی حق ہے پھر آپ نے یہ آیت واسطے اپنی تصدیق کے پڑھی لَیْسَ الْبِرَّ اَنْ تُوَلُّوْا وُجُوْہَکُمْ الآیۃ

لہ ابی رافع آنحضرت صلعم کا غلام تھا۔ اور غلاموں کا وہی حکم ہوتا ہے جو اُنکے مالکوں کا ہو۔ اور چونکہ صدقہ لینا ہمارے لیے حلال نہیں کیونکہ یہ لوگوں کے مالوں کا میل ہے لہذا اسکے لیے بھی حلال نہیں ۔ ١٢

حدثنا عبد الله بن عبد الرحمن نا محمد بن الطفیل عن شریك عن ابی حمزة عن عامر عن فاطمة بنت قیس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان فی المال حقا سوی الزکوة **قال** ابو عیسی هذا حدیث اسناده لیس بذلك وابو حمزة میمون الاعور یضعف وروی بیان واسمعیل بن سالم عن الشعبی هذا الحدیث قوله وهذا اصح **باب** ما جاء فی فضل الصدقة **حدثنا** قتیبة نا اللیث بن سعد عن سعید المقبری عن سعید بن یسار انه سمع ابا هریرة یقول قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما تصدق احد بصدقة من طیب ولا یقبل الله الا الطیب الا اخذها الرحمن بیمینه وان كانت تمرة تربو فی كف الرحمن حتی تكون اعظم من الجبل كما یربی احدكم فلوه او فصیله وفی الباب عن عائشة وعدی بن حاتم وانس وعبد الله بن ابی اوفی وحارثة بن وهب وعبد الرحمن بن عوف وبریدة **قال** ابو عیسی حدیث ابی هریرة حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن اسمعیل نا موسی بن اسمعیل نا صدقة بن موسی عن ثابت عن انس قال سئل النبی صلی الله علیه وسلم ای الصوم افضل بعد رمضان قال شعبان لتعظیم رمضان قال فای الصدقة افضل قال صدقة فی رمضان **قال** ابو عیسی هذا حدیث غریب وصدقة بن موسی لیس عندهم بذلك القوی **حدثنا** عقبة بن مكرم البصری نا عبد الله بن عیسی الخزاز عن یونس بن عبید عن الحسن عن انس بن مالك قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الصدقة لتطفی غضب الرب وتدفع میتة السوء قال هذا حدیث حسن غریب من هذا الوجه **حدثنا** ابو كریب محمد بن العلاء نا وكیع نا عباد بن منصور نا القاسم بن محمد قال سمعت ابا هریرة یقول قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الله یقبل الصدقة ویاخذها بیمینه فیربیها لاحدكم كما یربی احدكم مهره حتی ان اللقمة لتصیر مثل احد وتصدیق ذلك فی كتاب الله عز وجل وهو الذی یقبل التوبة عن عباده ویاخذ الصدقات ویمحق الله الربو ویربی الصدقات قال هذا حدیث صحیح وقد روی عن عائشة عن النبی صلی الله علیه وسلم نحو هذا

حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمان نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن طفیل نے شریک سے اُسنے ابی حمزہ سے اُسنے عامر سے اُسنے فاطمہ بنت قیس سے آسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے بیشک مال میں سوائے زکوٰۃ کے اور بھی حق ہے کہا ابو عیسیٰ نے اس حدیث کی اسناد ٹھیک نہیں اور ابو حمزہ میمون اعور ضعیف کیا گیا ہے اور روایت کی بیان اور اسمٰعیل بن سالم نے شعبی سے یہ حدیث قول اُسکا اور یہی صحیح ہے **باب** صدقہ کی فضیلت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے سعید مقبری سے اُسنے سعید بن یسار سے یہ کہ سُنا اُسنے ابا ہریرہ سے کہ کہتا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی حلال روزی سے صدقہ کرتا ہے اور اللہ قبول بھی نہیں کرتا سوائے حلال کے تو اُسکو اللہ تعالیٰ اپنے داہنے ہاتھ سے پکڑ تا ہے اگرچہ ایک ہی کھجور ہو پھر وہ اللہ تعالیٰ کے ہاتھ میں بڑھتا ہے تاکہ وہ پہاڑ سے بڑا ہو جاتا ہے جیسے کہ تم اپنے بچھیری کو یا بچھڑے کو پالتے ہو اور اس باب میں روایت ہے عائشہ اور عدی بن حاتم اور انس اور عبد اللہ بن ابی اوفی اور حارثہ بن وہب اور عبد الرحمن بن عوف اور بریدہ سے رضی اللہ عنہم **کہا** ابو عیسیٰ نے حدیث ابی ہریرہ کی حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن اسمٰعیل نے کہا حدیث کی ہمسے موسیٰ بن اسمٰعیل نے کہا حدیث کی ہمسے صدقہ بن موسیٰ نے ثابت سے اُسنے انس سے کہا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کونسا روزہ افضل ہے بعد رمضان کے فرمایا آپنے شعبان بسبب تعظیم رمضان کے کہا اُسنے پس کونسا صدقہ افضل ہے فرمایا آپنے رمضان میں صدقہ کرنا **کہا** ابو عیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہے اور صدقہ بن موسیٰ محدثین کے نزدیک قوی نہیں **حدیث** کی ہمسے عقبہ بن مکرم بصری نے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن عیسیٰ خزاز نے یونس بن عبید سے اُسنے حسن سے اُسنے انس بن مالک سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک صدقہ اللہ تعالیٰ کا غصہ دور کرتا ہے اور بُری حالت کو دفع کرتا ہے کہا مولف نے یہ حدیث اس وجہ سے حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب یعنی محمد بن علاء نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے عباد بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے قاسم بن محمد نے کہا سُنا میں نے ابا ہریرہ سے کہ کہتا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ صدقے کو قبول کرتا ہے اور اُسکو داہنے ہاتھ سے پکڑتا ہے پس اُسکو تمہارے لیے پالتا ہے جیسے کہ تم بچھیرے کو پالتے ہو یہانتک کہ ایک لقمہ بھی مثل پہاڑ احد کے ہو جاتا ہے اور تصدیق اُسکی کتاب اللہ عز وجل میں ہے وهو الذی یقبل التوبة الخ اور وہ اللہ وہ ہے کہ قبول کرتا ہے توبہ کو اپنے بندوں سے اور قبول کرتا ہے خیراتوں کو اور مٹاتا ہے اللہ سود کو اور بڑھاتا ہے خیراتوں کو کہا مولف نے یہ حدیث صحیح ہے اور مروی ہے بواسطہ عائشہ کے نبی صلعم سے مثل اسکے

ف یعنی اگر حلال مال تھوڑا بھی راہ خدا میں دے تو اُسکا ثواب بے حساب ہے اس حدیث سے کئی فائدے معلوم ہوئے اول یہ کہ حرام مال سے اگر لاکھوں روپیہ خرچ کرے تو خدا اُسکو ہرگز قبول نہیں کرتا دوسرے یہ کہ حلال مال سے ایک کوڑی دینا لاکھ روپے کے برابر ہے بلکہ اس سے بھی زیادہ تیسرے یہ کہ مسلمان خرچنے میں حلال مال کا خیال رکھیں تھوڑے بہت کا خیال نہ کریں ۱۲

وقد قال غير واحد من اهل العلم فی هذا الحديث وما يشبه هذا من الروايات من الصفات ونزول الرب تبارك وتعالی كل ليلة الی السماء الدنيا قالوا قد تثبت الروايات فی هذا ونؤمن بها ولا يتوهم ولا يقال كيف هكذا روی عن مالك بن انس وسفيان بن عيينة وعبد الله بن المبارك انهم قالوا فی هذه الاحاديث امروها بلا كيف وهكذا قول اهل العلم من اهل السنة والجماعة واما الجهمية فانكرت هذه الروايات وقالوا هذا تشبيه وقد ذكر الله تبارك وتعالی فی غير موضع من كتابه اليد والسمع والبصر فتاولت الجهمية هذه الايات وفسروها علی غير ما فسر اهل العلم وقالوا ان الله لم يخلق آدم بيده وقالوا انما اليد القوة وقال اسحاق بن ابراهيم انما يكون التشبيه اذا قال يد كيد او مثل يد او سمع كسمع او مثل سمع فاذا قال سمع كسمع او مثل سمع فهذا التشبيه واما اذا قال كما قال الله يد وسمع وبصر ولا يقول كيف ولا يقول مثل سمع ولا كسمع فهذا لا يكون تشبيها وهو كما قال الله تبارك وتعالی فی كتابه ليس كمثله شیء وهو السميع البصير

باب ما جاء فی حق السائل **حدثنا** قتيبة نا الليث عن سعيد بن ابی هند عن عبد الرحمن بن بُجَيد عن جدته ام بُجَيد وكانت ممن بايع النبی صلی الله عليه وسلم انها قالت لرسول الله صلی الله عليه وسلم ان المسكين ليقوم علی بابی فما اجد له شيئا اُعطيه اياه فقال لها رسول الله صلی الله عليه وسلم ان لم تجدی له شيئا تعطيه اياه الا ظلفا مُحرقا فادفعيه اليه فی يده وفی الباب عن علی وحسين بن علی وابی هريرة وابی امامة **قال** ابو عيسی حديث ام بُجَيد حديث حسن صحيح

باب ما جاء فی اعطاء المؤلفة قلوبهم **حدثنا** الحسن بن علی الخلال نا يحيی بن آدم عن ابن المبارك عن يونس عن الزهری عن سعيد بن المسيب عن صفوان بن امية

اور کہا ہے کئی ایک اہل علم نے اس حدیث میں اور جو روایت کہ اسکے مشابہ ہے صفات سے اور اللہ تبارک تعالیٰ کے نزول سے ہر ایک رات میں آسمان دنیا کی طرف کہا انہوں نے ہم روایتیں اس مسئلہ میں ثابت کرتے ہیں اور انکے ساتھ ایمان لاتے ہیں اور توہم نہ کیا جاوے اور نہ کہا جاوے کہ وہ کسطرح ہے مروی ہے مالک بن انس اور سفیان بن عیینہ اور عبد اللہ بن مبارک سے کہ کہا انہوں نے جاری رکھو انکو بلا کیفیت پس اسیطرح ہے قول اہل علم کا سنت و جماعت سے اور بہرحال جہمیہ نے تو ان روایتوں کا انکار کیا ہے اور کہا ہے کہ یہ تشبیہ ہے اور اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں کئی جگہ ہاتھ اور کان اور آنکھ کا ذکر کیا ہے پس جہمیہ نے تو ان روایتوں کی تاویل کی ہے اور تفسیر کیا انہوں نے انکو سوائے اس تفسیر کے جو اہل علم نے کی ہے اور کہا انہوں نے اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو اپنے ہاتھ مبارک سے پیدا نہیں کیا۔ اور کہا انہوں نے کہ معنی ہاتھ کے قوت کے ہیں۔ اور کہا اسحاق بن ابراہیم نے تشبیہ تو اسوقت ہوتی ہے جب یوں کہا جائے ہاتھ مثل ہاتھ کے یا مانند ہاتھ کے یا کان مثل کان کے یا مانند کان کے پس جب کہے کان مثل کان کے یا مانند کان کے یہ تشبیہ ہے۔ اور اگر کہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہے ہاتھ اور کان اور آنکھ اور نہ کہے کہ وہ کسطرح ہے اور نہ کہے مثل کان کے اور نہ مانند کان کے تو یہ تشبیہ نہیں ہوتی اور وہ یہ ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں فرمایا ہے لیس کمثلہ شیء الخ یعنے نہیں ہے مانند اسکے کوئی شے اور وہ سننے والا ہے دیکھنے والا۔

باب سوالی کے حق کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے سعید بن ابی ہند سے اُسنے عبد الرحمن بن بجید سے اُسنے اپنی دادی ام بجید سے اور وہ ان لوگوں سے تھی کہ جنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بیعت کی ہے یہ کہ اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ کبھی فقیر میرے دروازے پر آ کھڑا ہوتا ہے کہ میں کوئی چیز (گھر میں) پاتی نہیں کہ اُسکو دوں پس فرمایا اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر تو کوئی ایسی چیز نہ پائے کہ اُسکو دے مگر کھر جلا ہوا تو وہی اسکے ہاتھ میں دیدے۔ اور اس باب میں روایت ہے علیؓ اور حسینؓ بن علیؓ اور ابی ہریرہ اور ابی امامہ سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ام بجید کی حسن صحیح ہے۔

باب مؤلفۃ القلوب کے دینے کے بیان میں۔ **حدیث** کی ہمسے حسن بن ابی علی خلال نے کہا حدیث کی ہمسے یحییٰ بن آدم نے ابن مبارک نے اُسنے یونس سے اُسنے زہری سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے صفوان بن امیہ سے

ف۱ یعنی اہل سنت اور جماعت کا یہ مذہب ہے کہ وہ حدیثیں کہ جنمیں اس قسم کے صفات پروردگار کے منقول ہیں کہ وہ آسمان دنیا پر نازل ہوتا ہے اور اسکو ہاتھ پاؤں کان وغیرہ ہیں ثابت ہیں انکی تاویل کی ضرورت کچھ نہیں بلکہ انکو اپنے اصل پر ہی رکھنا چاہیے جہمیہ کہتے ہیں یہ کہ الفاظ اپنے اصلی معنے پر محمول نہیں بلکہ انکے موافق جو کچھ تاویل مناسب ہوگی کیجاویگی مثلاً ہاتھوں سے مراد قوت ہے کیونکہ یہ الفاظ تشبیہ کے ہیں اور پروردگار تشبیہ سے پاک ہے۔ مولف کی غرض یہ ہے کہ یہ تشبیہ نہیں کیونکہ اسحاق بن ابراہیم نے ذکر کیا ہے کہ تشبیہ اسطرح ذکر کرتے ہیں کہ ہاتھ مثل ہاتھ کے ہے یا مانند ہاتھ کے۔ علی ہذا القیاس اور سب کا حال ہے فقط الفاظ کے ذکر کرنے سے کہ اُسکے واسطے ہاتھ یا کان ہیں تشبیہ لازم نہیں آتی پس ان الفاظ کے معانی بلا کیفیت ثابت ہیں پس تشبیہ میں دلالت ہوتی ہے کہ مشارکت ایک چیز کی دوسری کے ساتھ کسی چیز میں ہوتی ہے اور یہ ایسی صورت میں ہوتا ہے کہ جب صفات بندوں کو صفات سے تشبیہ دیجائے اور قران میں تو کہیں بھی مذکور نہیں یعنی ہم تسلیم کرتے ہیں کہ اللہ جل جلالہ کے ہاتھ کان وغیرہ صفات جو کچھ منقول ہیں سب ٹھیک ہیں مگر کیفیت انکی کسطرح ہیں مجہول ہے واللہ اعلم بالصواب

قال اعطانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم حنین وانہ لابغض الخلق الی فما زال یعطینی حتی انہ لاحب الخلق الی **قال** ابوعیسی حدثنی الحسن بن علی بھذا اوشبھہ وفی الباب عن ابی سعید **قال** ابوعیسی حدیث صفوان رواہ معمر وغیرہ عن الزھری عن سعید بن المسیب ان صفوان بن امیۃ قال اعطانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکان ھذا الحدیث اصح واشبہ انما ھو سعید بن المسیب ان صفوان بن امیۃ وقد اختلف اھل العلم فی اعطاء المؤلفۃ قلوبھم فرای اکثر اھل العلم ان لا یعطوا وقالوا انما کانوا قوما علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یتالفھم علی الاسلام حتی اسلموا ولم یروا ان یعطوا الیوم من الزکوٰۃ علی مثل ھذا المعنی وھو قول سفیان الثوری واھل الکوفۃ وغیرھم وبہ یقول احمد واسحاق وقال بعضھم من کان الیوم علی مثل حال ھؤلاء ورای الامام ان یتالفھم علی الاسلام فاعطاھم جاز ذلک وھو قول الشافعی **باب** ماجاء فی المتصدق یرث صدقتہ **حدثنا** علی بن حجر نا علی بن مسھر عن عبداللہ بن عطاء عن عبداللہ بن بریدۃ عن ابیہ قال کنت جالسا عند النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذ اتتہ امرأۃ فقالت یارسول اللہ انی کنت تصدقت علی امی بجاریۃ وانھا ماتت قال وجب اجرک وردھا علیک المیراث قالت یارسول اللہ کان علیھا صوم شھر افاصوم عنھا قال صومی عنھا قالت یارسول اللہ انھا لم تحج قط افاحج عنھا قال نعم حجی عنھا **قال** ابوعیسی ھذا حدیث حسن صحیح لا نعرف من حدیث بریدۃ الا من ھذا الوجہ وعبداللہ بن عطاء ثقۃ عند اھل الحدیث والعمل علی ھذا عند اکثر اھل العلم ان الرجل اذا تصدق بصدقۃ ثم ورثھا حلت لہ وقال بعضھم انما الصدقۃ شئ جعلھا للہ فاذا ورثھا فیجب ان یصرفھا فی مثلہ وروی سفیان الثوری وزھیر بن معاویۃ ھذا الحدیث عن عبداللہ بن عطاء **باب** ماجاء فی کراھیۃ العود فی الصدقۃ

کہ کہا اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے حنین کے دن کچھ مال دیا۔ اور آنحضرت میرے نزدیک تمام خلقت سے بُرے تھے سو بہت مدت تک مجھے کچھ نہ کچھ دیتے رہے تاکہ وہ سب خلقت سے میرے نزدیک محبوب ہوگئے کہا ابوعیسیٰ نے حدیث کی مجھے حسن بن علی نے ساتھ اسکے یا مثل اسکے اور اس باب مین روایت ہے ابی سعید سے کہا ابوعیسیٰ نے حدیث صفوان کی روایت کیا اسکو معمر وغیرہ نے زہری سے اُسنے سعید بن مسیب سے یہ کہ صفوان بن امیہ نے کہا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ دیا۔ گویا یہ حدیث بہت صحیح اور عمدہ ہے کیونکہ صحیح یہی ہے سعید بن المسیب ان صفوان بن امیہ۔ اور اہل علم نے مولفۃ القلوب[1] کے دینے مین اختلاف کیا ہے سو اکثر اہل علم کا یہ مذہب ہے کہ انکو کچھ نہ دیا جاوے اور کہا انہون نے یہ قوم تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین تھی آنحضرت اسلام پر انکی محبت کرتے تھے تاکہ وہ مسلمان ہوگئے۔ اور انہون نے آج کے دن مال زکوٰۃ سے ان لوگون کو اسی مطلب پر دینے کو جائز نہین رکھا۔ اور یہ قول سفیان ثوری اور اہل کوفہ وغیرہ کا ہے۔ اور یہی کہتا ہے احمد اور اسحاق۔ اور کہا بعض نے جو کوئی آج کے دن بھی اس طریق پر ہو۔ اور امام انکے تالیف قلوب کو اسلام پر مناسب سمجھے اور انکو کچھ دے تو جائز ہے۔ اور یہی قول ہے امام شافعی کا۔ **باب** اس بیان مین کہ صدقہ دینے والا اپنے صدقہ کا وارث ہوسکتا ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے کہا حدیث کی ہمسے علی بن مسہر نے عبداللہ بن عطا سے اُسنے عبداللہ بن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا اُسنے مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھا ہوا تھا کہ آپکے پاس ایک عورت آئی پس کہا اُسنے یارسول اللہ مین نے اپنی ماں پر ایک لونڈی صدقہ کی تھی اور میری ماں مرگئی تھی فرمایا آپ نے تیرا اجر واجب ہوچکا اور میراث نے تجھے وہ لونڈی الٹی دی کہا اُس عورت نے یارسول اللہ میری ماں پر ایک مہینے کے روزے تھے کیا مین اسکی طرف سے روزہ رکھون فرمایا آپ نے اسکی طرف سے روزے رکھ کہا اُس عورت نے یارسول اللہ اُسنے کبھی حج نہین کیا تھا کیا مین اسکی طرف سے حج کرون فرمایا آپنے ہان اُسکی طرف سے حج کر کہا ابوعیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے نہین پہچانی گئی حدیث بریدہ سے مگر اسی وجہ سے اور عبداللہ بن عطاء اہل حدیث کے نزدیک ثقہ ہے اور اکثر اہل علم کے نزدیک عمل اسی پر ہے کہ جب کوئی مرد کچھ صدقہ کرے پھر اسکا وارث ہو تو اسکو حلال ہے اور کہا بعض نے صدقہ تو ایسی چیز ہے کہ اُسنے اُسکو اللہ تعالیٰ کے واسطے کیا ہے سو جب وارث ہو تو اسکے مثل مین خرچ کرے اور روایت کیا سفیان ثوری اور زہیر بن معاویہ نے اس حدیث کو عبداللہ بن عطا سے **باب** اس بیان مین کہ صدقہ مین رجوع کرنا مکروہ ہے۔

ف۱ یعنی اس روایت مین صحیح الفاظ اسی طرح ہین عن سعید بن المسیب ان صفوان بن امیۃ یعنی سعید بن مسیب جو سفیان بن امیہ سے روایت کرتا ہے بواسطہ لفظ ان کے ہے نہ (عن) کے۔ ف۲ مولفۃ القلوب وہ ہین جنکے دلون کو محبت کی جاسے کچھ مال وغیرہ دیکر یعنی یہ لوگ وہ ہوتے ہین جو نئے نئے اسلام لائے ہون۔ آنحضرت کا یہ دستور تھا کہ جو لوگ نئے نئے اسلام لاتے تھے انکو ضرور کچھ نہ کچھ دیتے تھے تا ایسا نہو کہ وہ بسبب تنگی اور مسافری اور جدائی والدین وغیرہ کے دین اسلام نہ چھوڑ دین۔ اور حق یہی ہے کہ ان لوگون کا ہر ایک زمانہ مین لحاظ رکھا جاوے چنانچہ آجکل کے لوگ تو اس امر کو بخوبی جانتے ہین ف۳ یعنی جب کوئی شخص اپنے وارث کو کوئی چیز بطور صدقہ دے اور پھر وہ وارث وہ چیز چھوڑکر مر جاوے اور سوا اس صدقہ دینے والے کے کوئی وارث بھی اسکا نہو تو صدقہ دینے والے کو اپنی وہ چیز بطور میراث کے لینی درست ہے۔ مولف کی غرض یہ ہے کہ آنحضرت نے جو صدقہ مین

حدثنا هارون بن اسحاق الهمداني نا عبد الرزاق عن معمر عن الزهري عن سالم عن ابن عمر عن عمر انه حمل على فرس في سبيل الله ثم رآها تباع فاراد ان يشتريها فقال النبي صلى الله عليه وسلم لا تعد في صدقتك قال ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم **باب** ما جاء في الصدقة عن الميت **حدثنا** احمد بن منيع نا روح بن عبادة نا زكريا بن اسحاق قال حدثني عمرو بن دينار عن عكرمة عن ابن عباس ان رجلا قال يا رسول الله ان امي توفيت افينفعها ان تصدقت عنها قال نعم قال فان لي مخرفا فاشهدك اني قد تصدقت به عنها **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن وبه يقول اهل العلم يقولون ليس شيء يصل الى الميت الا الصدقة والدعاء وقد روى بعضهم هذا الحديث عن عمرو بن دينار عن عكرمة عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا ومعنى قوله ان لي مخرفا يعني بستانا **باب** ما جاء في نفقة المرأة من بيت زوجها **حدثنا** هناد نا اسماعيل بن عياش نا شرحبيل بن مسلم الخولاني عن ابي امامة الباهلي قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول في خطبته عام حجة الوداع لا تنفق امراة شيئا من بيت زوجها الا باذن زوجها قيل يا رسول الله ولا الطعام قال ذلك افضل اموالنا وفي الباب عن سعد بن ابي وقاص واسماء ابنة ابي بكر وابي هريرة وعبد الله بن عمرو وعائشة **قال** ابو عيسى حديث ابي امامة حديث حسن **حدثنا** محمد بن المثنى نا محمد بن جعفر نا شعبة عن عمرو بن مرة قال سمعت ابا وائل يحدث عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال اذا تصدقت المرأة من بيت زوجها كان لها به اجر وللزوج مثل ذلك وللخازن مثل ذلك ولا ينقص كل واحد منهم من اجر صاحبه شيئا له بما كسب ولها بما انفقت **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن **حدثنا** محمود بن غيلان نا المؤمل عن سفيان عن منصور عن ابي وائل عن مسروق عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اعطت المرأة من بيت زوجها بطيب نفس غير مفسدة كان لها مثل اجره لها ما نوت حسنا

حدیث کی ہم سے ہارون بن اسحاق ہمدانی نے کہا حدیث کی ہم سے عبد الرزاق نے معمر سے انہوں نے زہری سے انہوں نے سالم سے انہوں نے ابن عمر سے انہوں نے عمر سے یہ کہ حضرت عمرؓ نے ایک گھوڑا راہ خدا میں خیرات کو دیا پھر دیکھا (حضرت عمر نے کہ وہ گھوڑا بازار میں) فروخت ہو رہا ہے تو اسکے خریدنے کا ارادہ کیا پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صدقہ میں رجوع نہ کر یعنی خرید نہ کر کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے اور عمل اکثر اہل علم کے نزدیک اسی پر ہے **باب** میت کی طرف سے صدقہ کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہم سے احمد بن منیع نے کہا حدیث کی ہم سے روح بن عبادہ نے کہا حدیث کی ہم سے زکریا بن اسحاق نے کہا حدیث کی مجھ سے عمرو بن دینار نے عکرمہ سے انہوں نے ابن عباس سے یہ کہ ایک مرد نے کہا یا رسول اللہ میری ماں مرگئی ہے کیا اسکو نفع دیتا ہے اگر میں اسکی طرف سے صدقہ کروں فرمایا آپ نے ہاں کہا اس مرد نے میرا ایک باغ میوہ کا ہے پس میں آپ کو گواہ رکھتا ہوں کہ میں نے اسکو اسکی طرف سے صدقہ کر دیا **کہا** ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے اور ساتھ اسی کے کہتے ہیں اہل علم کہ کوئی چیز میت کی طرف نہیں پہنچتی مگر صدقہ اور دعا۔ اور روایت کی بعض نے یہ حدیث عمرو بن دینار سے انہوں نے عکرمہ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل۔ اور معنی مخرفاً کے باغ کے ہیں **باب** بیان میں خرچ کرنے بیوی کے اپنے خاوند کے گھر سے **حدیث** کی ہم سے ہناد نے کہا حدیث کی ہم سے اسمٰعیل بن عیاش نے کہا حدیث کی ہم سے شرحبیل بن مسلم خولانی نے انہوں نے ابی امامہ باہلی سے کہا انہوں نے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے خطبہ سال حجۃ الوداع میں۔ چاہیے کہ کوئی عورت کچھ چیز اپنے خاوند کے گھر سے بغیر خاوند کے اذن کے خرچ نہ کرے کسی نے کہا یا رسول اللہ طعام بھی نہ خرچ کرے فرمایا آپ نے یہی تو ہمارے مالوں سے عمدہ مال ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے سعد بن ابی وقاص اور اسماء بنت ابی بکر اور ابی ہریرہ اور عبد اللہ بن عمرو اور عائشہ سے رضی اللہ عنہم **کہا** ابو عیسیٰ نے حدیث ابی امامہ کی حسن ہے **حدیث** کی ہم سے محمد بن مثنیٰ نے کہا حدیث کی ہم سے محمد بن جعفر نے شعبہ سے انہوں نے عمرو بن مرہ سے کہا سنا میں نے ابا وائل سے کہ حدیث کرتا تھا عائشہ سے وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جب عورت اپنے خاوند کے گھر سے صدقہ کرے تو اسکو اسکے بدلے ثواب ہے اور خاوند کے واسطے بھی اتنا ہی ہے اور خزانچی کے واسطے بھی اتنا ہی ہے اور کوئی شخص ان میں سے اپنے صاحب کا اجر کم نہیں کریگا۔ خاوند کے لیے اسواسطے کہ اسنے کمایا ہے اور عورت کے لیے اسواسطے کہ اسنے خرچ کیا ہے **کہا** ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہم سے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہم سے مؤمل نے سفیان سے انہوں نے منصور سے انہوں نے ابی وائل سے انہوں نے مسروق سے انہوں نے عائشہ سے کہا انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب عورت اپنے خاوند کے گھر سے ساتھ خوشی نفس کے بدون لٹائے (کچھ مال کے اللہ کی راہ میں) دے تو اسکے لیے ثواب مرد کے برابر ہوتا ہے عورت کو اسلیے کہ اسنے نیت اچھی کی ہے

رجوع کرنے سے منع کیا ہے یہ وہ رجوع نہیں جو منع ہے اور اس سے ثابت ہوا کہ اگر کوئی آدمی کسی غریب کی طرف سے روزے رکھے اور حج کرے تو جائز ہے [illegible]
پھر اور کیا رہا عورت کو مرد کے مال سے خرچ کرنا منع ہے [illegible] اس سے زیادہ خرچ کرے یا اسکی نیت خراب کرنے کی ہو جیسا کہ بخاری کی روایت اور اسکے آخر کی روایت میں [illegible]
قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا اطعمت المرأة من بیت زوجها غیر مفسدة لها اجرها وله مثله وللخازن مثل ذلک له بما اکتسب ولها بما انفقت حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جب عورت اپنے خاوند کے گھر سے کھانا کسی کو دیوے بدون لٹانے تو اسکو ثواب دینے کا ہے اور اسکے خاوند کو کمانے کا اور اناج رکھنے والے کو بھی اتنا ہی ثواب ہے۔ نہ گھٹاوے گا ایک دوسرے کے ثواب کو یعنی پورا ثواب ملیگا بدون لٹانے کے [illegible]

والخازن مثل ذلک قال ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وهو اصح من حدیث عمرو بن مرة عن ابی وائل وعمرو بن مرة لا یذکر فی حدیثه عن مسروق

باب ما جاء فی صدقة الفطر **حدثنا** محمود بن غیلان نا وکیع عن سفیان عن زید بن اسلم عن عیاض بن عبد الله عن ابی سعید الخدری قال کنا نخرج زکوة الفطر اذ کان فینا رسول الله صلی الله علیه وسلم صاعا من طعام او صاعا من شعیر او صاعا من تمر او صاعا من زبیب او صاعا من اقط فلم نزل نخرجه حتی قدم معاویة المدینة فتکلم فکان فیما کلم به الناس انی لاری مدین من سمراء الشام تعدل صاعا من تمر قال فاخذ الناس بذلک قال ابو سعید فلا ازال اخرجه کما کنت اخرجه **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند بعض اهل العلم یرون من کل شیء صاعا وهو قول الشافعی واحمد واسحاق وقال بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم من کل شیء صاع الا من البر فانه یجزئ نصف صاع وهو قول سفیان الثوری وابن المبارک واهل الکوفة یرون نصف صاع من بر **حدثنا** عقبة بن مکرم البصری نا سالم بن نوح عن ابن جریج عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده ان النبی صلی الله علیه وسلم بعث منادیا فی فجاج مکة الا ان صدقة الفطر واجبة علی کل مسلم ذکر او انثی حر او عبد صغیر او کبیر مدان من قمح او سواه صاع من طعام **قال** ابو عیسی هذا حدیث غریب حسن **حدثنا** قتیبة نا حماد بن زید عن ایوب عن نافع عن ابن عمر قال فرض رسول الله صلی الله علیه وسلم صدقة الفطر علی الذکر والانثی والحر والمملوک صاعا من تمر او صاعا من شعیر قال فعدل الناس الی نصف صاع من بر **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن ابی سعید وابن عباس وجد الحارث بن عبد الرحمن بن ابی ذباب وثعلبة بن ابی صعیر وعبد الله بن عمرو **حدثنا** اسحاق بن موسی الانصاری نا معن نا مالک

اور خزانچی کے واسطے بھی مثل اسکے ہی کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور یہ حدیث عمرو بن مرہ کی حدیث سے جو ابی وائل سے ہے زیادہ صحیح ہے اور عمرو بن مرہ نے اپنی حدیث میں مسروق کا ذکر نہیں کیا **باب** صدقۂ فطر کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اُسنے زید بن اسلم سے اُسنے عیاض بن عبد اللہ سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا اُسنے نکالتے تھے ہم زکوٰۃ عید فطر کی اُسوقت میں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان تھے ایک صاع طعام سے یا ایک صاع جَو سے یا ایک صاع کھجوروں سے یا ایک صاع منقے سے یا ایک صاع پنیر سے پس ہمیشہ ہی ہم نکالتے رہے تا کہ معاویہ مدینے میں آیا تو اُسنے خطبہ پڑھا اور اُسنے خطبہ میں یہ بات لوگوں سے سُنائی کہ میں جانتا ہوں کہ دو مُد شام کی گیہوں سے کھجوروں کی ایک صاع کے برابر ہوتی ہیں کہا راوی نے پھر لوگوں نے ساتھ اسکے تمسک کر لیا کہا ابو سعید نے میں تو ہمیشہ ہی اُسی طرح نکالتا رہونگا جیسا کہ پہلے نکالتا تھا کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل بعض اہل علم کے نزدیک اسپر ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ ہر ایک چیز سے ایک صاع ہے اور یہی قول ہے امام شافعی اور احمد اور اسحاق کا۔ اور کہا بعض اہل علم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے کہ ہر ایک چیز سے ایک صاع ہے مگر گیہوں سے اس سے نصف صاع کافی ہو جاتی ہے۔ اور یہ قول ہے سفیان ثوری اور ابن مبارک کا اور اہل کوفہ بھی نصف صاع گیہوں جائز رکھتے ہیں۔ **حدیث** کی ہمسے عقبہ بن مکرم بصری نے کہا حدیث کی ہمسے سالم بن نوح نے ابن جریج سے اُسنے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک آدمی کو مکہ کی گلیوں میں آواز دینے کیلیے بھیجا کہ خبردار صدقۂ فطر کا واجب ہے ہر ایک مسلمان پر مرد ہو یا عورت آزاد ہو یا غلام لڑکا ہو یا بڑا دو مد گیہوں سے اور سوائے اسکے ایک صاع طعام سے کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث غریب حسن ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُس سے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا اُسنے فرض کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقۂ فطر کا مرد اور عورت اور آزاد اور غلام پر ایک صاع کھجوروں سے اور ایک صاع جَو سے کہا راوی نے لوگ گیہوں کی نصف صاع کی طرف پھر گئے کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابی سعید اور ابن عباس اور جد حارث بن عبد الرحمان بن ابی ذباب سے اور ثعلبہ بن ابی صعیر اور عبد اللہ بن عمرو سے **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن موسٰی انصاری نے کہا حدیث کی ہمسے معن نے مالک سے

ف واضح رہے کہ اسکے لئے کئی امر ہیں۔ مسئلہ صدقۂ فطر میں کئی طرح کا اختلاف ہے اولاً امام شافعی رح کے نزدیک فرض ہے امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک واجب۔ ثانیاً امام شافعی رح کے نزدیک ہر ایک مسلمان پر واجب ہے اور امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک اس شخص پر واجب ہے جو مالک نصاب ہو اگرچہ اسپر سال نہ گذرا ہو ثالثاً امام شافعی رح کے نزدیک ہر ایک چیز سے ایک صاع واجب ہے اور امام ابو حنیفہ رح فرماتے ہیں کہ گیہوں اور آٹے کے سوا اور سب چیز سے صاع ہے ان دونوں میں نصف صاع رابعاً صاع ابو حنیفہ رح کے نزدیک آٹھ رطل عراقی کی ہے اور امام شافعی رح کے نزدیک ۵⅓ یعنی پانچ اور تہائی رطل مدنی کی ہے اور یاد رکھنا چاہیے کہ صاع ...

عن نافع عن عبد الله بن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم فرض زكوة الفطر من رمضان صاعا من تمر او صاعا من شعير على كل حر
عبد ذكر او انثى من المسلمين **قال** ابو عيسى حديث ابن عمر حديث حسن صحيح رواه مالك عن نافع عن ابن عمر عن النبي صلى الله
عليه وسلم نحو حديث ايوب وزاد فيه من المسلمين ورواه غير واحد عن نافع ولم يذكروا فيه من المسلمين واختلف
اهل العلم في هذا فقال بعضهم اذا كان للرجل عبيد غير المسلمين لم يؤد عنهم صدقة الفطر وهو قول مالك والشافعي واحمد
وقال بعضهم يؤدي عنهم وان كانوا غير مسلمين وهو قول الثوري وابن المبارك واسحاق **باب** ما جاء في تقديمها قبل
الصلوة **حدثنا** مسلم بن عمرو بن مسلم ابو عمرو الحذاء المديني قال حدثني عبد الله بن نافع عن ابن ابي الزناد عن موسى بن عقبة
عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كان يامر باخراج الزكوة قبل الغدو للصلوة يوم الفطر **قال** ابو عيسى هذا
حديث حسن غريب صحيح وهو الذي يستحبه اهل العلم ان يخرج الرجل صدقة الفطر قبل الغدو الى الصلوة **باب** ما جاء في تعجيل
الزكوة **حدثنا** عبد الله بن عبد الرحمن نا سعيد بن منصور نا اسمعيل بن زكريا عن الحجاج بن دينار عن الحكم بن عتيبة عن حجية
بن عدي عن علي ان العباس سال رسول الله صلى الله عليه وسلم في تعجيل الصدقة قبل ان تحل فرخص له في ذلك **حدثنا**
القاسم بن دينار الكوفي نا اسحاق بن منصور عن اسرائيل عن الحجاج بن دينار عن الحكم بن جحل عن حجر العدوي عن علي عن النبي صلى الله
عليه وسلم قال لعمر انا قد اخذنا زكوة العباس عام الاول للعام وفي الباب عن ابن عباس لا اعرف حديث تعجيل الزكوة من حديث
اسرائيل عن الحجاج بن دينار الا من هذا الوجه وحديث اسمعيل بن زكريا عن الحجاج عندي اصح من حديث اسرائيل عن الحجاج
بن دينار وقد روي هذا الحديث عن الحكم بن عتيبة عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسل وقد اختلف اهل العلم في تعجيل الزكوة
قبل محلها فرأى طائفة من اهل العلم ان لا يعجلها وبه يقول سفيان الثوري قال احب الي ان لا يعجلها وقال اكثر اهل العلم ان عجلها
قبل محلها اجزأت عنه وبه يقول الشافعي واحمد واسحاق

اُسنے نافع سے اُسنے عبد اللہ بن عمرؓ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرض کی زکوۃ فطر کی رمضان سے ایک صاع کھجوروں سے یا ایک صاع جَو سے ہر ایک آزاد اور غلام پر مرد ہو یا عورت مسلمانوں سے۔ کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن عمرؓ کی حسن صحیح ہے روایت کیا اسکو مالک نے نافع سے اُسنے ابن عمرؓ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل حدیث ایوب کے اور من المسلمین کا لفظ اُنے زیادہ کیا ہے۔ اور روایت کیا اسکو کئی ایک نے نافع سے اور انہوں نے لفظ من المسلمین کا ذکر نہیں کیا اور اہل علم نے اسمین اختلاف کیا ہے پس کہا بعض نے جب کسی آدمی کے غلام کافر ہوں تو اُنکے صدقہ فطر کا ادا نہ کیا جاوے اور یہ قول ہے امام مالک اور شافعی اور احمد کا۔ اور کہا بعض نے اُنکے بھی ادا کیا جاوے اگرچہ مسلمان نہوں۔ اور یہ قول ہے ثوری اور ابن مبارک اور اسحاق کا **باب** اس بیان میں کہ صدقہ فطر نماز سے پہلے دینا چاہیے **حدیث** کی ہمسے مسلم بن عمرو بن مسلم یعنی ابو عمرو حذاء مدینی نے کہا حدیث کی مجھسے عبد اللہ بن نافع نے ابن ابی زناد سے اُسنے موسیٰ بن عقبہ سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمرؓ سے یہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دن عید کے نماز کی طرف جانے سے پہلے زکوۃ کے نکالنے کا حکم کرتے تھے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے اور یہی اہل علم کے نزدیک مستحب ہے کہ ہر ایک مرد صدقہ فطر کا نماز کیطرف جانے سے پہلے ادا کرے **باب** زکوۃ کے جلدی ادا کرنے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن منصور نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن زکریا نے حجاج بن دینار سے اُسنے حکم بن عتیبہ سے اُسنے حجیہ بن عدی سے اُسنے علیؓ سے یہ کہ حضرت عباسؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سال گذرنے سے پہلے جلدی صدقہ ادا کرنے کے بارے میں سوال کیا تو آپنے اُنکو اُسمین رخصت دی **حدیث** کی ہمسے قاسم بن دینار کوفی نے کہا حدیث کی ہمسے اسحاق بن منصور نے اسرائیل سے اُسنے حجاج بن دینار سے اُسنے حکم بن جحل سے اُسنے حجر عدی اور علیؓ سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے حضرت عمرؓ سے ہمنے دوسرے سال کی زکوۃ عباس کی پہلے سال میں ہی لے لی ہے۔ اور اس باب میں روایت ہے ابن عباس سے۔ میں نہیں جانتا حدیث جلدی زکوۃ ادا کرنے کی جو بواسطہ اسرائیل کے حجاج بن دینار سے ہے مگر اسی وجہ سے۔ اور حدیث اسمعیل بن زکریا کی جو حجاج سے ہے میرے نزدیک بہت صحیح ہے اُس حدیث سے جو بواسطہ اسرائیل کے حجاج بن دینار سے ہے اور مروی ہے یہ حدیث بواسطہ حکم بن عتیبہ کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل۔ اور اہل علم نے اپنے وقت سے پہلے زکوۃ کے ادا کرنے میں اختلاف کیا ہے پس ایک جماعت کا اہل علم سے یہ مذہب ہے کہ جلدی ادا نہ کرے اور ساتھ اسی کے کہتا ہے سفیان ثوری کہا سفیان نے میں یہ دوست رکھتا ہوں (کہ وقت سے پہلے) ادا نہ کیجاوے۔ اور اکثر اہل علم نے کہا ہے اگر وقت سے پہلے ادا کردے تو اُس سے ادا ہو جاتی ہے۔ اور ساتھ اسی کے کہتا ہے شافعی اور احمد اور اسحاق۔

باب ماجاء فی النہی عن المسألۃ **حدثنا** ہناد نا ابو الاحوص عن بیان ابن بشیر عن قیس بن ابی حازم عن ابی ہریرۃ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لان یغدو احدکم فیحتطب علی ظہرہ فیتصدق منہ و یستغنی بہ عن الناس خیر لہ من ان یسأل رجلا اعطاہ او منعہ ذلک فان الید العلیا خیر من الید السفلی وابدأ بمن تعول وفی الباب عن حکیم بن حزام وابی سعید الخدری والزبیر بن عوام وعطیۃ السعدی وعبد اللہ بن مسعود و مسعود بن عمرو وابن عباس وثوبان وزیاد بن الحارث الصدائی وانس وحُبشی بن جنادۃ وقبیصۃ بن مخارق وسمرۃ وابن عمر **قال** ابو عیسی حدیث ابی ہریرۃ حدیث حسن صحیح غریب یستغرب من حدیث بیان عن قیس **حدثنا** محمود بن غیلان نا وکیع نا سفیان عن عبد الملک بن عمیر عن زید بن عقبۃ عن سمرۃ بن جندب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان المسألۃ کدٌ یکدّ بہا الرجل وجہہ الا ان یسأل الرجل سلطانا او فی امر لا بد منہ **قال** ابو عیسی ہذا حدیث حسن صحیح

ابواب الصوم

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **باب** ماجاء فی فضل شہر رمضان بسم اللہ الرحمن الرحیم **حدثنا** ابو کریب محمد بن العلاء بن کریب نا ابو بکر بن عیاش عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا کان اول لیلۃ من شہر رمضان صُفِّدت الشیاطین ومردۃ الجن وغُلِّقت ابواب النیران

باب سوال کرنے کی ممانعت کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے ہناد نے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے بیان بن بشیر سے اُسنے قیس بن حازم سے اُسنے کہا اُسنے ابی ہریرہ سے کہا اُسنے سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے البتہ صبح سے جائے کوئی تم میں سے اور اپنی پیٹھ پر لکڑیاں اُٹھالائے پس اُس سے صدقہ کرے اور بسبب اُسکے لوگوں سے مستغنی ہو بہتر ہے واسطے اُسکے اِس بات سے کہ سوال کرے کسی آدمی سے کہ اُسکو دے یا نہ دے اُسکو کیونکہ اوپر کا ہاتھ بہتر ہے نیچے کے ہاتھ سے اور اول اپنے اہل و عیال[1] سے دینا شروع کرے اور اِس باب میں روایت ہے حکیم بن حزام اور ابی سعید خدری اور زبیر بن عوام اور عطیہ سعدی اور عبد اللہ بن مسعود اور مسعود بن عمرو اور ابن عباس اور ثوبان اور زیاد بن حارث صدائی اور انس اور حبشی بن جنادہ اور قبیصہ بن مخارق اور سمرہ اور ابن عمر سے رضی اللہ عنہم کہا ابو عیسی نے حدیث ابی ہریرہ کی حسن صحیح غریب ہے۔ غرابت اسکی بواسطہ بیان کے ہے جو راوی ہے قیس سے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عبد الملک بن عمیر سے اُسنے زید بن عقبہ سے اُسنے سمرہ بن جندب سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سوال کرنا زخم ہے زخم لگاتا ہے آدمی ساتھ اسکے مُنھ اپنے کو مگر یہ کہ سوال کرے آدمی بادشاہ کو ایسے امر میں کہ جس سے چارہ نہیں۔ کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے

ابواب الصوم

بیان میں روزہ[2] کے جو حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔ **باب** بیچ بیان فضیلت مہینے رمضان کے بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ **حدیث** بیان کی ہمسے ابو کریب یعنے محمد بن علاء بن ابی کریب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو بکر بن عیاش نے اُسنے روایت کی ہے اعمش سے[3] اُسنے ابی صالح سے اُسنے روایت کی ابو ہریرہ رض سے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب مہینے رمضان کی پہلی رات ہوتی ہے تو قید کیے جاتے ہیں[4] شیطان اور سرکش جنون کے اور بند کیے جاتے ہیں دروازے دوزخ کے۔

---

[1] یعنے اول اپنے اہل و عیال کو دینا فرض ہے اور غیروں کا دینا نفل اور فرض نفل سے مقدم ہے ۱۲ [2] صوم کے معنی لغت میں ہیں مطلق بند رہنے کے اور شرع میں کہتے ہیں مطلق بند رہنے کو کھانے اور پینے اور جماع کرنے سے اور داخل کرنے سے کسی چیز کے اندر بدن کے کہ اُسکو حکم اندر کا ہو فجر سے غروب آفتاب تک ساتھ نیت کے اور روزہ رکھنے والا اہل بھی ہو یعنے مسلمان بھی ہو اور حیض و نفاس سے پاک ہو اور فائدے اسکے دو ہیں ایک یہ کہ اُس سے سب اعضا سُست ہو جاتے ہیں پس خواہش گناہ کی کم ہو جاتی ہے دوسرا یہ کہ دل کدورتوں سے پاک و صاف ہو جاتا ہے ۱۲ لمعات اور مرقات [3] یعنے اسواسطے کہ وسوسہ نہ ڈالیں روزہ داروں کے دلوں میں اور نشانی اسکی یہ ہے کہ اکثر گرفتار گناہ اِن دنوں میں گناہ سے پرہیز کرتے ہیں اور بعضوں میں جو اِسکے برخلاف پایا جاتا ہے تو وہ بسبب عادت قدیمہ کے ہے جو پہلے شیطان کے بہکانے سے نفس میں بیٹھی ہوئی ہے اور متوجہ ہو طرف اللہ کے یعنے عبادت میں بہت کوشش کرے کیونکہ یہ ایسا وقت ہے کہ دیا جاتا ہے ثواب بہت تھوڑے عمل پر ۱۲

فلم يفتح منها باب و فتحت ابواب الجنة فلم يغلق منها باب و ينادی مناد يا باغی الخير اقبل و يا باغی الشر اقصر و لله عتقاء من النار
و ذلک کل ليلة و فی الباب عن عبد الرحمن بن عوف و ابن مسعود و سلمان **حدثنا** هناد نا عبدة و المحاربی عن محمد بن
عمرو عن ابی سلمة عن ابی هريرة قال قال رسول الله صلی الله عليه و سلم من صام رمضان و قامه ايمانا و احتسابا غفر له
ما تقدم من ذنبه و من قام ليلة القدر ايمانا و احتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه هذا حديث صحيح **قال** ابو عيسى و حديث
ابی هريرة الذی رواه ابو بکر بن عياش حديث غريب لا نعرفه من رواية ابی بکر بن عياش عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هريرة الا
من حديث ابی بکر و سالت محمد بن اسماعيل عن هذا الحديث فقال نا الحسن ابن الربيع نا ابو الاحوص عن الاعمش عن مجاهد قوله قال اذا کان
اول ليلة من شهر رمضان فذکر الحديث قال محمد و هذا اصح عندی من حديث ابی بکر بن عياش **باب** ما جاء لا تقدموا الشهر
بصوم **حدثنا** ابو کريب نا عبدة بن سليمان عن محمد بن عمرو عن ابی سلمة عن ابی هريرة قال قال النبی صلی الله عليه و سلم لا تقدموا الشهر
بيوم و لا بيومين الا ان يوافق ذلک صوما کان يصومه احدکم صوموا لرؤيته و افطروا لرؤيته فان غم عليکم فعدوا ثلثين ثم افطروا و فی الباب عن بعض
اصحاب النبی صلی الله عليه و سلم اخبرنا منصور بن المعتمر عن ربعی بن حراش عن بعض اصحاب النبی صلی الله عليه و سلم عن النبی صلی الله عليه
و سلم بنحو هذا **قال** ابو عيسى حديث ابی هريرة حديث حسن صحيح

سو نہیں کھولا جاتا ہے اُس سے کوئی دروازہ اور کھولے جاتے ہیں دروازے بہشت کے سو نہیں بند کیا جاتا ہے اُس سے کوئی دروازہ اور پکارتا ہے
پکارنے والا یعنے فرشتہ کہ اے طلب کرنے والے نیکی کے متوجہ ہو طرف اللہ کے اور اے طلب کرنے والے برائی کے بند رہ برائی سے اور واسطے
اللہ کے ہیں آزاد کیے ہوئے آگ سے یعنے اللہ تعالیٰ اس مہینے کی برکت سے بہت بندوں کو آگ سے آزاد کر دیتا ہے اور یہ پکارنا ہر شب ہوتا ہے
اور اس باب میں عبد الرحمن بن عوف اور ابن مسعود اور سلمان رضہ سے بھی روایت آئی ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اسنے کہا خبر دی ہمکو
عبدہ اور محاربی نے انہوں نے روایت کی ہے محمد بن عمرو سے اسنے روایت کی ہے ابی سلمہ سے اسنے روایت کی ہے ابو ہریرہ سے اُسنے کہا کہ حضرت نے
فرمایا کہ جو رمضان کے روزے رکھے گا اور اسمیں جاگے گا اور نماز پڑھیگا ایمان سے[1] اور واسطے چاہنے ثواب کے تو اسکے پہلے گناہ بخشے جاوینگے اور جو کوئی
شب قدر میں جاگیگا یعنے نماز پڑھیگا ایمان سے اور واسطے طلب ثواب کے تو اسکے گناہ بخشے جاوینگے یہ حدیث صحیح ہے **کہا** ابو عیسیٰ یعنے امام ترمذی نے
اور ابو ہریرہ رضہ کی حدیث جو ابو بکر بن عیاش نے روایت کی ہے وہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو روایت سے ابی بکر بن عیاش کے اسنے اعمش سے
اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے مگر حدیث سے مثل ابی بکر کے یعنی ابو بکر کے سوائے اسکے کسی نے یہ حدیث روایت نہیں کی اور میں نے محمد بن
اسمٰعیل یعنے امام بخاری سے اس حدیث کا حال پوچھا سو اُسنے کہا کہ خبر دی ہمکو حسن بن ربیع نے اُسے کہا خبر دی ہمکو ابو الاحوص نے اُسنے روایت کی ہے
اعمش سے اُسنے روایت کی ہے مجاہد سے قول اسکا اُسنے کہا کہ جب مہینے رمضان کی پہلی رات ہوتی ہے پھر ساری حدیث ذکر کی امام بخاری نے کہا کہ یہ
زیادہ تر صحیح[2] ہے نزدیک میرے ابو بکر بن عیاش کی حدیث سے **باب** رمضان سے پہلے کوئی روزہ نہ رکھو یعنے تاکہ نشاط حاصل ہو یا نفل اور فرض
مل نہ جاویں **حدیث** بیان کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبدہ بن سلیمان نے اُسنے روایت کی ہے محمد بن عمرو سے اُسنے ابو سلمہ سے
اُسنے ابو ہریرہ رضہ سے کہ حضرت نے فرمایا کہ رمضان سے پہلے ایک دن یا دو دن کا روزہ نہ رکھو مگر یہ[3] کہ موافق پڑجائے یہ روزہ اُس روزے سے
جو کسی کے روزہ رکھنے کی عادت ہو روزہ رکھو بعد دیکھنے چاند کے اور افطار کرو یعنے عید کرو بعد دیکھنے چاند کے پس اگر بدلی گھرے تم پر تو تیس
دن گن کر روزے رکھو پھر روزہ کھولو اور اس باب میں حضرت کے بعض اصحاب سے روایت ہے خبر دی ہمکو منصور بن معتمر نے اُسنے ربعی
بن حراش سے روایت کی ہے اُسنے حضرت کے بعض اصحاب سے روایت کی ہے وہ حضرت سے روایت کرتے ہیں مثل اس حدیث کے
امام ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث ابو ہریرہ رضہ کی حسن صحیح ہے

[1] ایمان سے یعنے سچ جانتا ہو شریعت کو اور اعتقاد رکھتا ہو فرضیت رمضان کا اور واسطے طلب ثواب کے یعنے نہ لوگوں کے ڈر سے ہو اور نہ کسی کے
دکھانے سنانے کے لیے ہو ۱۲ [2] یعنے زیادہ تر صحیح یہی بات ہے کہ یہ مجاہد کا قول ہے حدیث نہیں ۱۲ [3] یعنی عادت اسکی تھی کہ مثلاً پیر یا جمعرات کو
روزہ نفل رکھا کرتا تھا اتفاقاً پہلے رمضان کے وہی دن واقع ہوا تو اسکو منع نہیں اُسدن کا روزہ رکھنا اُس سے معلوم ہوا کہ جسکو عادت نہ ہو وہ
روزہ نہ رکھے بعضے کہتے ہیں یہ نہی تنزیہی ہے ۱۲

والعمل علی هذا عند اهل العلم کرهوا ان یتعجل الرجل بصیام قبل دخول شهر رمضان لمعنی رمضان وان کان رجل یصوم صوما فوافق صیامه ذلك فلا باس به عندهم **حدثنا** هناد نا وکیع عن علی بن المبارك عن یحیی بن ابی کثیر عن ابی سلمة عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تقدموا شهر رمضان بصیام قبله بیوم او یومین الا ان یکون رجل کان یصوم صوما فلیصمه **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی کراهیة صوم یوم الشك **حدثنا** ابو سعید عبد الله بن سعید الاشج نا ابو خالد الاحمر عن عمرو بن قیس عن ابی اسحاق عن صلة بن زفر قال کنا عند عمار بن یاسر فاتی بشاة مصلیة فقال کلوا فتنحی بعض القوم فقال انی صائم فقال عمار من صام الیوم الذی شك فیه فقد عصی ابا القاسم وفی الباب عن ابی هریرة وانس **قال** ابو عیسی حدیث عمار حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اکثر اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم ومن بعدهم من التابعین وبه یقول سفیان الثوری ومالك بن انس وعبد الله بن المبارك والشافعی واحمد واسحاق کرهوا ان یصوم الرجل الیوم الذی یشك فیه ورای اکثرهم ان صامه وکان من شهر رمضان ان یقضی یوما مکانه **باب** ماجاء فی احصاء هلال شعبان لرمضان **حدثنا** مسلم بن حجاج نا یحیی نا ابو معاویة عن محمد بن عمرو عن ابی سلمة عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم احصوا هلال شعبان لرمضان **قال** ابو عیسی حدیث ابی هریرة لا نعرفه مثل هذا الا من حدیث ابی معاویة

اور اسی پر عمل ہے نزدیک اہل علم کے کروہ رکھا ہے انہوں نے یہ کہ جلدی کرے کوئی مرد ساتھ روزے کے پہلے داخل ہونے سے مہینے رمضان کے واسطے تعظیم رمضان کے[1] اور اگر کسی شخص کے روزہ رکھنے کی عادت ہو سو اسکا روزہ اس دن کے موافق پڑجاوے تو اسکا کچھ ڈر نہیں ہے نزدیک انکے **حدیث** کی ہم سے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے اُسنے علی بن مبارک سے روایت کی ہے اُسنے یحییٰ بن ابی کثیر سے روایت کی ہے اُسنے ابی سلمہ سے روایت کی ہے اُسنے ابو ہریرہ سے روایت کی ہے کہ حضرت ﷺ نے فرمایا کہ نہ پیشوائی کرو مہینے رمضان کی کہ اس سے پہلے ایک دن یا دو دن کا روزہ رکھو مگر وہ مرد جو اپنی عادت سے روزہ رکھا کیا کرتا ہو سو روزہ رکھے اُسکا[2] **کہا** ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** شک کے دن روزہ رکھنا منع ہے[3] **حدیث** بیان کی ہم سے ابو سعید عبد اللہ بن سعید اشج نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو خالد احمر نے اُسنے روایت کی ہے عمرو بن قیس سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے صلہ بن زفر سے اُسنے کہا کہ ہم عمار بن یاسر کے پاس تھے سو بھنی مچھلی اُنکے پاس لائی گئی سو عمار نے کہا کہ کھاؤ سو قوم سے ایک آدمی کنارے ہوا سو عمار بن یاسر نے کہا کہ جو شخص کہ روزہ رکھے اُسدن جو شک کیا جاتا ہے اُسمیں تحقیق نافرمانی کی اُسنے ابو القاسم کی یعنے حضرت ﷺ کی اور اس باب میں ابو ہریرہ اور انس رض سے بھی روایت ہے **کہا** ابو عیسیٰ نے حدیث عمار کی حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے حضرت ﷺ کے اصحاب سے اور جو اُنکے پیچھے ہیں تابعین سے اور ساتھ اسی کے قائل ہیں سفیان ثوری اور مالک بن انس اور عبد اللہ بن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کروہ رکھا ہے انہوں نے یہ کہ روزہ رکھے مرد اُسدن جو شک کیا جاتا ہے اُسمیں اور اکثر علما کا یہ قول ہے کہ اگر کوئی اُسدن روزہ رکھے اور بعد کو معلوم ہو جاوے کہ وہ دن رمضان کا تھا تو اُسکے بدلے ایک دن قضا روزہ رکھے **باب** شعبان کے مہینے کے دن گنتی دینا تاکہ رمضان کا آنا معلوم ہو[4] **حدیث** بیان کی ہم سے مسلم بن حجاج نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یحییٰ بن یحییٰ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو معاویہ نے اُسنے روایت کی ہے محمد بن عمرو سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابو ہریرہ رض سے اُسنے کہا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ گنو مہینا شعبان کا واسطے رمضان کے **کہا** ابو عیسیٰ نے کہ حدیث ابو ہریرہ رض کی اسطرح ہم نہیں پہچانتے مگر حدیث ابو معاویہ سے

ف1 مراد اس سے شک کا روزہ نہیں بلکہ مراد اس سے وہ روزہ ہے جو محض رمضان کی تعظیم اور پیشوائی کے لیے رکھا جاوے سو معلوم ہوا کہ یہ روزہ درست نہیں ہے ۱۲ ف2 اس سے بھی معلوم ہوا کہ اخیر شعبان سے محض رمضان کی پیشوائی کا ایک دو روزے رکھنا درست نہیں ۱۲ ف3 شعبان کی تیسویں شب کو چاند بسبب ابر وغیرہ کے معلوم نہووے تو اُسکو شک کا دن کہتے ہیں اسلیے کہ احتمال ہے کہ رمضان کا دن ہو اور یہ بھی احتمال ہے کہ رمضان کا دن نہو اور اگر ابر نہو اُس شب کو اور نہ کوئی چاند دیکھے تو وہ دن شک کا نہیں پس شک کے دن روزہ رکھنا ساتھ نیت رمضان کے اور دوسرے واجب کے مکروہ ہے مگر نفلی روزہ رکھنا اُسدن مکروہ نہیں یہ قول امام ابو حنیفہ رح کا ہے اور یہی مذہب ہے امام شافعی اور مالک وغیرہ کا مگر ظاہر حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ہر قسم کا روزہ منع ہے خواہ فرض ہو خواہ نفل ہو ۱۲ ف4 اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شعبان کے مہینے کے دن گنتے رہنا مستحب ہے ۱۲

صحیح ما روی عن محمد بن عمرو عن ابی سلمة عن ابی هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تقدموا شهر رمضان بيوم ولا يومين وهكذا روى عن يحيى بن ابى كثير عن ابى سلمة عن ابى هريرة نحو حديث محمد بن عمرو الليثي **باب** ما جاء ان الصوم لرؤية الهلال والافطار له **حدثنا** قتيبة نا ابو الاحوص عن سماك بن حرب عن عكرمة عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا تصوموا قبل رمضان صوموا لرؤيته وافطروا لرؤيته فان حالت دونه غياية فاكملوا ثلاثين يوما وفي الباب عن ابى هريرة و ابى بكرة وابن عمر **قال** ابو عيسى حديث ابن عباس حديث حسن صحيح وقد روى عنه من غير وجه **باب** ما جاء ان الشهر يكون تسعا وعشرين **حدثنا** احمد بن منيع نا يحيى بن زكريا بن ابى زائدة قال اخبرني عيسى بن دينار عن ابيه عن عمرو بن الحارث بن ابى ضرار عن ابن مسعود قال ما صمت مع النبي صلى الله عليه وسلم تسعا وعشرين اكثر مما صمنا ثلاثين وفي الباب عن عمر وابى هريرة وعائشة وسعد بن ابى وقاص وابن عباس وابن عمر وانس وجابر وام سلمة وابى بكرة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال الشهر يكون تسعا وعشرين **حدثنا** علي بن حجر نا اسماعيل بن جعفر عن حميد عن انس انه قال آلى رسول الله صلى الله عليه وسلم من نسائه شهرا فاقام في مشربة تسعا وعشرين يوما قالوا يا رسول الله انك آليت شهرا فقال الشهر تسع وعشرون **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في الصوم بالشهادة **حدثنا** محمد بن اسماعيل نا محمد بن الصباح نا الوليد بن ابى ثور عن سماك عن عكرمة عن ابن عباس قال جاء اعرابي الى النبي صلى الله عليه وسلم فقال اني رأيت الهلال

اور صحیح وہ ہے جو روایت کی گئی ہے محمد بن عمرو سے اُسنے روایت کی ہے ابو سلمہ سے اُسنے ابو ہریرہ رضؓ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ پیشوائی کرو مہینے رمضان کی کہ ایک دن یا دو دن کا روزہ رکھو اور اسیطرح روایت کی گئی ہے یحییٰ بن ابی کثیر سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابو ہریرہ رضؓ سے مثل حدیث محمد بن عمرو لیثی کے **باب** روزہ رکھنا بعد چاند دیکھنے کے ہے اور روزہ کھولنا بھی بعد چاند دیکھنے کے ہے۔ **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو الاحوص نے اُسنے روایت کی ہے سماک بن حرب سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس رضؓ سے اُسنے کہا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ رمضان سے پہلے کوئی روزہ نہ رکھو روزہ رکھو بعد دیکھنے چاند کے اور روزہ کھولو بعد دیکھنے چاند کے یعنے عید کرو بعد دیکھنے چاند کے اور اگر اُسکے درمیان کوئی بدلی حائل ہو تو تیس[1] دن پورے کرو۔ اور اس باب میں ابی ہریرہ اور ابی بکرہ اور ابن عمر سے بھی روایت ہے۔ کہا ابو عیسیٰ نے کہ یہ حدیث ابن عباس کی حسن صحیح ہے اور روایت کی گئی ہے اُس سے کئی طرح پر۔ **باب** مہینا کبھی اُنتیس[2] دن کا ہوتا ہے۔ **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ نے اُسنے کہا خبر دی مجکو عیسیٰ بن دینار نے اُسنے روایت کی ہے اپنے باپ سے اُسنے عمرو بن حارث بن ابی ضرار سے اُسنے ابن مسعود رضؓ سے اُسنے کہا کہ جو روزے میں نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ اُنتیس[2] دن رکھے ہیں وہ زیادہ ہیں اُس سے جو تیس[3] دن رکھے ہیں اور اس باب میں عمر اور ابو ہریرہ اور عائشہ اور سعد بن ابی وقاص اور ابن عباس اور ابن عمر اور انس اور جابر اور ام سلمہ اور ابی بکرہ رضؓ سے روایت ہے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مہینا اُنتیس[2] دن کا ہوتا ہے۔ **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اسمٰعیل بن جعفر نے اُسنے روایت کی ہے حمید سے اُسنے انس رضؓ سے اُسنے کہا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قسم کھائی اپنی بی بیوں[1] سے جدا رہنے کی ایک مہینا سو آپ بالاخانے میں اُنتیس[2] دن ٹھہرے یعنے اُنتیس[2] دن کے بعد آپ بی بیوں کے پاس گئے لوگوں نے عرض کی کہ یا حضرت آپ نے مہینے کی قسم کھائی تھی یعنے ابھی ایک دن باقی ہے آپ نے فرمایا مہینا اُنتیس دن کا ہوتا ہے۔ کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** گواہی سے روزہ رکھنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن اسمٰعیل نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو محمد بن صباح نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ولید بن ابی ثور نے اُسنے روایت کی ہے سماک سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس رضؓ سے اُسنے کہا کہ ایک جنگلی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا سو اُسنے کہا کہ میں نے چاند دیکھا ہے

---

[1] یعنے شعبان کے تیس دن پورے کرو اور اسی طرح اگر عید کا چاند بھی بسبب بدلی وغیرہ کے نظر نہ آوے تو رمضان کے تیس دن پورے کرو ۱۲

[2] یعنے قسم کھائی کہ میں اپنی بی بیوں کے پاس ایک مہینا نہیں جاؤں گا اور یہ قسم آپ نے اسواسطے کھائی کہ ازواج مطہرات آپ سے خرچ زیادہ چاہتی تھیں آپ کو اُنکا اقرار کرنا ناگوار گذرا ۱۲

[3] اس سے معلوم ہوا کہ کبھی مہینا اُنتیس دن کا بھی ہوتا ہے ۱۲

فقال اتشہد ان لا الٰہ الا اللہ اتشہد ان محمداً رسول اللہ قال نعم قال یا بلال اذّن فی الناس ان یصوموا غداً **حدثنا** ابو کریب نا حسین الجعفی عن زائدة عن سماك بن حرب نحوه **قال** ابو عیسیٰ حدیث ابن عباس فیه اختلاف وروی سفیان الثوری وغیره عن سماك بن حرب عن عکرمة عن النبی صلی اللہ علیه وسلم مرسلاً واکثر اصحاب سماك رووا عن سماك عن عکرمة عن النبی صلی اللہ مرسلاً والعمل علی هذا الحدیث عند اکثر اهل العلم قالوا تقبل شهادة رجل واحد فی الصیام وبه یقول ابن المبارك والشافعی واحمد وقال اسحاق لا یصام الا بشهادة رجلین ولم یختلف اهل العلم فی الافطار انه لا یقبل فیه الا شهادة رجلین **باب** ما جاء شهرا عید لا ینقصان **حدثنا** یحیی بن خلف البصری نا بشر بن المفضل عن خالد الحذاء عن عبد الرحمن بن ابی بکرة عن ابیه قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم شهرا عید لا ینقصان رمضان وذو الحجة **قال** ابو عیسیٰ حدیث ابی بکرة حدیث حسن وقد روی هذا الحدیث عن عبد الرحمن ابن ابی بکرة عن النبی صلی اللہ علیه وسلم مرسلاً قال احمد معنی هذا الحدیث شهرا عید لا ینقصان یقول لا ینقصان معاً فی سنة واحدة شهر رمضان وذو الحجة ان نقص احدهما تم الآخر وقال اسحاق معناه لا ینقصان یقول وان کان تسعاً وعشرین فهو تمام غیر نقصان وعلی مذهب اسحاق یکون ینقص الشهران معاً فی سنة واحدة **باب** ما جاء لکل اهل بلد رؤیتهم **حدثنا** علی بن حجر نا اسمٰعیل بن جعفر نا محمد بن ابی حرملة اخبرنی کریب ان ام الفضل بنت الحارث بعثته الی معاویة بالشام قال فقدمت الشام فقضیت حاجتها

سو حضرت صلعم نے فرمایا کہ کیا تو گواہی دیتا ہے اسکی کہ سوائے خدا کے کوئی لائق عبادت کے نہیں اور مقرر ہیں اللہ کا رسول ہوں اسنے کہا ہاں حضرت نے فرمایا کہ اے بلال لوگوں میں پکار دے کہ کل روزہ رکھیں **حدیث** کی ہے ابو کریب نے اسنے کہا خبر دی ہمکو حسین جعفی نے اسنے روایت کی ہے زائدہ سے اسنے سماک بن حرب سے مثل اسکے کہا ابو عیسیٰ نے کہ ابن عباس کی اس حدیث میں اختلاف ہے اور سفیان ثوری وغیرہ نے سماک بن حرب سے روایت کی ہے اسنے عکرمہ سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل اور اکثر اصحاب سماک نے عکرمہ سے مرسل روایت کی ہے اور عمل اسی حدیث پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے کہتے ہیں قبول کیجاویگی گواہی ایک مرد کی روزے کے چاند میں۔ اور ساتھ اسی کے قائل ہیں ابن مبارک اور امام شافعی اور احمد اور اسحاق نے کہا کہ نہ روزہ رکھا جاوے مگر ساتھ گواہی دو مردوں کے اور نہیں اختلاف کیا ہے اہل علم نے بیچ چاند عید کے کہ مقرر نہیں قبول کیجاویگی بیچ اسکے مگر گواہی دو مردوں کی **باب** اس بیان میں کہ دو مہینے عید کے نہیں ناقص ہوتے **حدیث** بیان کی ہمسے یحییٰ بن خلف بصری نے اسنے کہا خبر دی ہمکو بشر بن مفضل نے اسنے روایت کی ہے خالد حذاء سے اسنے عبد الرحمان بن ابی بکرہ سے اسنے اپنے باپ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دو مہینے عید کے نہیں ناقص ہوتے رمضان اور ذی الحجہ کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابی بکرہ کی حسن ہے اور روایت کی گئی ہے یہ حدیث عبد الرحمان بن ابی بکرہ سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل امام احمد نے کہا کہ معنی اس حدیث کے یہ ہیں کہ یہ دونوں مہینے اکٹھے ایک برس میں ناقص نہیں ہوتے رمضان اور ذی الحجہ یعنے انتیس انتیس دن کے نہیں ہوتے اگر ایک انتیس دن کا ہوگا تو دوسرا تیس دن کا ہوگا۔ اور اسحاق نے کہا کہ معنے اسکے یہ ہیں کہ اگرچہ ایک انتیس ۲۹ دن کا ہو پس وہ تمام ہی ناقص نہیں یعنے ثواب اسکا پورا ہی ملتا ہے کم نہیں ہوتا اور اسحاق کے مذہب پر دونوں مہینے ایک سال میں اکٹھے ناقص ہو جاوینگے **باب** ہر شہر والوں کے لیے اپنا چاند دیکھنا ہے **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن حجر نے کہا اسنے حدیث بیان کی ہمسے اسمٰعیل بن جعفر نے اسنے کہا خبر دی ہمکو محمد بن ابی حرملہ نے اسنے کہا خبر دی مجکو کریب نے کہ مقرر ام الفضل حارث کی بیٹی نے اسکو معاویہ کیطرف شام میں بھیجا اسنے کہا سو میں شام میں پہنچا اور اپنی حاجت کو پورا کیا

ف اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گواہی مستور الحال کی یعنے جسکا فسق معلوم نہو مقبول ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ رمضان کے چاند میں ایک کی گواہی مقبول ہے یہ قول امام ابوحنیفہ کا ہے اور امام شافعی اور مالک رح کہتے ہیں کہ دو گواہ کا ہونا شرط ہے اور عید کے چاند کے واسطے اگر ابر وغیرہ ہو تو دو گواہ کا ہونا شرط ہے اور اگر مطلع صاف ہو تو جماعت کثیر کا دیکھنا شرط ہے جس سے ظن غالب حاصل ہو جاوے ۱۲ ف اسکا معنے یا تو یہ ہے کہ یہ دونوں مہینے ایک سال میں انتیس انتیس ۲۹ دن کے نہیں ہوتے ہیں اگر ایک ناقص ہوگا تو دوسرا کامل ہوگا یا یہ معنے ہیں کہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ناقص نہیں ہوتے تھے اور یا یہ کہ باعتبار حکم اور ثواب کے ناقص نہیں ہوتے اگرچہ گنتی میں ایک ناقص ہو اور ایک کامل ہو یا دونوں انتیس دن کے ہوں تو ثواب پورے تیس کا ہوتا ہے ۱۲ ف یعنے ایک شہر والوں کا چاند دیکھنا دوسرے شہر والوں کے واسطے کافی نہیں ہے۔

واستهلّ علیّ هلال رمضان وانا بالشام فرأینا الهلال لیلة الجمعة ثم قدمتُ المدینة فی اخر الشهر فسألنی ابن عباس ثم ذکر الهلال فقال متی رأیتم الهلال فقلت رأیناه لیلة الجمعة فقال انت رأیته لیلة الجمعة فقلت رأه الناس وصاموا وصام معاویة فقال لکن رأیناه لیلة السبت فلا نزال نصوم حتی نکمل ثلثین یوما او نراه فقلت الا تکتفی برؤیة معاویة وصیامه قال لا هکذا امرنا رسول الله صلی الله علیه وسلم **قال** ابو عیسی حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح غریب والعمل علی هذا الحدیث عند اهل العلم ان لکل اهل بلد رؤیتهم **باب** ما جاء ما یستحب علیه الافطار **حدثنا** محمد بن عمر بن علی المقدمی نا سعید بن عامر نا شعبة عن عبد العزیز بن صهیب عن انس بن مالك قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من وجد تمرا فلیفطر علیه ومن لا فلیفطر علی ماء فان الماء طهور وفی الباب عن سلمان بن عامر **قال** ابو عیسی حدیث انس لا نعلم احدا رواه عن شعبة مثل هذا غیر سعید بن عامر وهو حدیث غیر محفوظ ولا نعلم له اصلا من حدیث عبد العزیز بن صهیب عن انس وقد روی اصحاب شعبة هذا الحدیث عن شعبة عن عاصم الاحول عن حفصة ابنة سیرین عن الرباب عن سلمان بن عامر عن النبی صلی الله علیه وسلم وهذا اصح من حدیث سعید بن عامر وهکذا رووا عن شعبة عن عاصم عن حفصة ابنة سیرین عن سلمان بن عامر ولم یذکر فیه شعبة عن الرباب والصحیح ما روی سفیان الثوری وابن عیینة وغیر واحد عن عاصم الاحول عن حفصة بنت سیرین عن الرباب عن سلمان بن عامر وابن عون یقول عن ام الرائح بنت صلیع عن سلمان بن عامر والرباب هی ام الرائح **حدثنا** محمود بن غیلان نا وکیع نا سفیان عن عاصم الاحول

اور پکارا گیا اوپر میرے چاند رمضان کا اور حالانکہ مین ابھی شام ہی مین تھا سو ہمنے جمعرات کو چاند دیکھا پھر مین مدینے مین آیا رمضان کے اخیر مین سو ابن عباس نے مجھ سے پوچھا پھر چاند کا ذکر کیا اور کہا کہ تمنے چاند کو کب دیکھا تھا مین نے کہا کہ ہمنے جمعرات کو دیکھا تھا سو کہا کہ تو نے خود بھی جمعرات کو دیکھا تھا۔ مین نے کہا کہ نہین بلکہ لوگون نے دیکھا تھا سو لوگون نے روزہ رکھا اور معاویہ نے بھی روزہ رکھا ابن عباس رض نے کہا کہ لیکن ہمنے تو جمعے کی رات کو دیکھا تھا سو ہم ہمیشہ روزہ رکھینگے یہانتک کہ تیس دن پورے کرین یا چاند کو دیکھین سو مین نے کہا کہ کیا ہم معاویہ رض کے دیکھنے اور روزہ رکھنے پر کفایت نہ کرین ابن عباس رض نے کہا نہین کیونکہ آنحضرت صلعم نے اسیطرح ہمکو حکم کیا ہے کہا ابو عیسی نے حدیث ابن عباس کی حسن صحیح غریب ہے اور عمل اسی حدیث پر ہے نزدیک اہل علم کے کہ ہر شہر والون کے لیے چاند دیکھنا ضرور ہے۔ دوسرے کی رویت کافی نہین۔

باب کس چیز سے روزہ کھولنا مستحب ہے **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن عمر بن علی مقدمی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سعید بن عامر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے اُسنے روایت کی ہے عبد العزیز بن صہیب سے اُسنے روایت کی ہے انس بن مالک سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی کھجور پاوے تو چاہیے کہ روزہ کھولے اُسپر اور جو کوئی کھجور نہ پاوے تو چاہیے کہ روزہ کھولے پانی پر پس تحقیق پانی پاک کرنے والا ہے۔ اور اس باب مین سلمان بن عامر سے بھی روایت آچکی ہے کہا ابو عیسی نے ہم نہین جانتے کہ انس کی اس حدیث کو اسیطرح شعبہ سے سعید کے سوا کسی نے روایت کیا ہو اور یہ حدیث محفوظ نہین ہے ہم اسکی کچھ اصل نہین جانتے حدیث سے عبد العزیز بن صہیب کے انس سے اور مقرر شعبہ کے اصحاب نے یہ حدیث شعبہ سے روایت کی ہے اُسنے عاصم احول سے اُسنے حفصہ بنت سیرین سے اُسنے رباب سے اُسنے سلمان بن عامر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے اور یہ حدیث زیادہ تر صحیح ہے سعید بن عامر کی حدیث سے اور اسیطرح روایت کی ہے انہون نے شعبہ سے اُسنے عاصم سے اُسنے حفصہ بنت سیرین سے اُسنے سلمان بن عامر سے اور نہین ذکر کیا اُسمین شعبہ نے واسطہ رباب کا۔ اور صحیح وہی ہے جو روایت کی ہے سفیان اور ابن عیینہ وغیرہ نے عاصم احول سے اُسنے حفصہ بنت سیرین سے اُسنے رباب سے اُسنے سلمان بن عامر سے اور ابن عون کہتا ہے ام رائح بنت صلیع سے اُسنے سلمان بن عامر سے اور ام الرائح رباب ہی کا نام ہے۔ **حدیث** بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے اُسنے عاصم احول سے۔

سلہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اختلاف مطالع کا معتبر ہے اور یہی ہے مذہب امام شافعی رح کا دور شہرون مین ۱۲ سلہ اگر کسی شہر مین سے بعض لوگ چاند دیکھ لیں تو اُس شہر کے سب لوگون پر روزہ رکھنا واجب ہوتا ہے اسمین کسی امام کو اختلاف نہین اور ایک شہر والون کا چاند دیکھنا دوسرے شہر والون کے لیے حجت ہونا مختلف فیہ ہے۔ امام ابو حنیفہ رح کہتے ہین کہ ایک شہر والون کا چاند دیکھنا دوسرے شہر کے لیے حجت ہے خواہ شہر دوسرا قریب ہو یا بعید ہو اور امام شافعی رح کہتے ہین کہ نزدیک شہر کے واسطے حجت ہے دور کے واسطے حجت نہین ۱۲

ح وثنا ھناد نا ابو معاویۃ عن عاصم الاحول عن حفصۃ ابنۃ سیرین عن الرباب عن سلمان بن عامر الضبی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا افطر احدکم فلیفطر علی تمر فان لم یجد فلیفطر علی ماء فانہ طہور **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن رافع نا عبد الرزاق نا جعفر بن سلیمان عن ثابت عن انس بن مالک قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یفطر قبل ان یصلی علی رطبات فان لم تکن رطبات فتمیرات فان لم تکن تمیرات حسا حسوات من ماء **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن غریب **باب** ماجاء ان الفطر یوم تفطرون والاضحی یوم تضحون **حدثنا** محمد بن اسمعیل نا ابراھیم بن المنذر نا اسحاق بن جعفر بن محمد قال حدثنی عبد اللہ بن جعفر عن عثمان بن محمد عن المقبری عن ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الصوم یوم تصومون والفطر یوم تفطرون والاضحی یوم تضحون **قال** ابو عیسی ھذا حدیث غریب حسن وفسر بعض اھل العلم ھذا الحدیث فقال انما معنی ھذا الصوم والفطر مع الجماعۃ وعظم الناس **باب** ماجاء اذا اقبل اللیل وادبر النھار فقد افطر الصائم **حدثنا** ھارون بن اسحاق الھمدانی نا عبدۃ عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عاصم بن عمر عن عمر بن الخطاب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اقبل اللیل وادبر النھار وغابت الشمس فقد افطرت وفی الباب عن ابن ابی اوفی وابی سعید **قال** ابو عیسی حدیث عمر حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی تعجیل الافطار **حدثنا** بندار نا عبد الرحمن بن مھدی عن سفیان عن ابی حازم

ح[1] اور نیز حدیث بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو معاویہ نے اُسنے روایت کی ہی عاصم احول سے اُسنے حفصہ بنت سیرین سے اُسنے رباب سے اُسنے سلمان بن عامر ضبی سے اُسنے روایت کی ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا کہ جب کوئی روزہ افطار کرے تو چاہیے کہ افطار کرے کھجور پر سو اگر کھجور نہ پاوے تو چاہیے کہ روزہ کھولے پانی پر پس تحقیق وہ پاک کرنے والا ہی کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن رافع نے کہا اُسنے خبر دی ہمکو عبد الرزاق نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو جعفر بن سلیمان نے اُسنے روایت کی ہی ثابت سے اُسنے روایت کی ہی انس رضی سے اُسنے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ کھولتے پہلے نماز مغرب کے چند تازی کھجوروں سے اور اگر تازہ نہوتیں تو روزہ کھولتے خشک کھجوروں سے اور اگر خشک کھجوریں بھی نہوتیں تو پیتے چند چلو پانی کے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہی۔ **باب** اس بیان میں کہ عید فطر وہ دن ہی جسمیں کہ تم روزہ کھولتے ہو اور عید اضحی وہ دن ہی جسمیں کہ تم قربانی کرتے ہو **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن اسمٰعیل نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابراہیم بن منذر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اسحٰق بن جعفر بن محمد نے اُسنے کہا حدیث بیان کی مجھسے عبد اللہ بن جعفر نے اُسنے روایت کی ہی عثمان بن محمد سے اُسنے مقبری سے اُسنے روایت کی ہی ابو ہریرہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ صوم وہ دن ہی کہ روزہ رکھتے ہو تم اسمیں اور فطر وہ دن ہی کہ اسمیں تم روزہ کھولتے ہو اور اضحیٰ وہ دن ہی کہ اسمیں تم قربانی کرتے ہو کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہی۔ اور تفسیر کیا بعض اہل علم نے اس حدیث کی پس کہا سوائے اسکے نہیں معنے اسکے یہ ہیں کہ روزہ اور افطار[2] ساتھ جماعت کے اور سب لوگوں کے مقبول ہوتا ہی **باب** جب آوے رات اور جاوے دن پس تحقیق روزہ کھولے روزہ دار **حدیث** بیان کی ہمسے ہارون بن اسحٰق ہمدانی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبدہ نے اُسنے روایت کی ہی ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عاصم بن عمر سے اُسنے روایت کی ہی عمر بن خطاب رض سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب آوے رات اور جاوے دن اور ڈوب جاوے سورج تو روزہ کھولا تو نے[3] یعنے تب روزہ کھولنے کا وقت ہو جاتا ہی۔ اور اس باب میں ابن ابی اوفی اور ابی سعید رض سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث عمر کی حسن صحیح ہی **باب** روزہ جلدی کھولنا چاہیے۔ **حدیث** بیان کی ہمسے بندار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الرحمان بن مہدی نے اُسنے روایت کی ہی سفیان سے اُسنے ابی حازم سے

سلہ[1] اسکو تحویل کی ح کہتے ہیں یعنے ایک اسناد سے دوسری اسناد کی طرف پھرنا اور عطف اسکا محمود پر پڑتا ہی ۱۲ سلہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مستحب ہی کہ تازی کھجوروں سے روزہ کھولے اور اگر وہ میسر نہوں تو خشک سے کھولے اگر وہ بھی میسر نہوں تو پانی سے کھولے اور شاید شیرینی سے بھی معدہ کو تقویت ہوتی ہوگی ۱۲

سلہ[2] یعنے جب لوگ روزہ رکھیں تو تم بھی روزہ رکھو اور جب لوگ افطار کریں تو تم بھی افطار کر ڈالو کہ اسمیں سب اہل اسلام کی موافقت ہی ایسا نکرو کہ لوگ افطار کریں اور تم روزہ رکھو یا برعکس اسکے کہ ایسا روزہ مقبول نہیں ۱۲

سلہ[3] یعنے حکماً روزہ کھول چکا اگرچہ کھاوے پیوے نہیں اور بعضوں نے کہا داخل ہوا وقت افطار میں اور یہ بھی ممکن ہی کہ کہا جاوے کہ چاہیے کہ افطار کرے ۱۲ ع

حدثنا ابو مصعب قراءة عن مالك بن انس عن ابی حازم عن سهل بن سعد قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یزال الناس بخیر ما عجلوا الفطر وفی الباب عن ابی هریرة وابن عباس وعائشة وانس بن مالك **قال** ابو عیسی حدیث سهل بن سعد حدیث حسن صحیح وهو الذی اختاره اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم استحبوا تعجیل الفطر وبه یقول الشافعی واحمد واسحاق **حدثنا** اسحاق بن موسی الانصاری نا الولید بن مسلم عن الاوزاعی عن قرة عن الزهری عن ابی سلمة عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم قال الله عز وجل احب عبادی الی اعجلهم فطرا **حدثنا** عبد الله بن عبد الرحمن نا ابو عاصم وابو المغیرة عن الاوزاعی نحوه **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن غریب **حدثنا** هناد نا ابو معاویة عن الاعمش عن عمارة بن عمیر عن ابی عطیة قال دخلت انا ومسروق علی عائشة فقلنا یا ام المؤمنین رجلان من اصحاب محمد صلی الله علیه وسلم احدهما یعجل الفطر ویعجل الصلوة والآخر یؤخر الافطار ویؤخر الصلوة قالت ایهما یعجل الافطار ویعجل الصلوة قلنا عبد الله بن مسعود قالت هکذا صنع رسول الله صلی الله علیه وسلم والآخر ابو موسی **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وابو عطیة اسمه مالك بن ابی عامر الهمدانی ویقال مالك بن عامر الهمدانی وهو اصح **باب** ما جاء فی تاخیر السحور **حدثنا** یحیی بن موسی نا ابو داود الطیالسی نا هشام الدستوائی عن قتادة عن انس عن زید بن ثابت قال تسحرنا مع رسول الله صلی الله علیه وسلم ثم قمنا الی الصلوة قال قلت کم کان قدر ذلك قال قدر خمسین آیة **حدثنا** هناد نا وکیع عن هشام بنحوه الا انه قال قدر قراءة خمسین آیة وفی الباب عن حذیفة **قال** ابو عیسی حدیث زید بن ثابت حدیث حسن صحیح وبه یقول الشافعی واحمد واسحاق استحبوا تاخیر السحور

حم اور خبر دی ہمکو ابو مصعب نے اُسنے قرأۃً روایت کی ہے مالک بن انس سے اُسنے ابی حازم سے اُسنے سہل بن سعد سے اُسنے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ہمیشہ رہینگے لوگ ساتھ بھلائی کے جبتک کہ جلدی کرینگے روزہ کھولنے مین اور اس باب مین ابی ہریرہ اور ابن عباس اور عائشہ اور انس بن مالک سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث سہل بن سعد کی حسن صحیح ہے اور اسی کو اختیار کیا ہے اہل علم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے مستحب رکھا ہے اُنھون نے جلدی کھولنا روزہ کا اور ساتھ اسی کے قائل ہین شافعی اور احمد اور اسحاق **حدیث** بیان کی ہمسے اسحاق بن موسیٰ انصاری نے کہا اُسنے خبر دی ہمکو ولید بن مسلم نے اُسنے روایت کی ہے اوزاعی سے اُسنے قرہ سے اُسنے زہری سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے روایت کی ہے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خدا نے فرمایا کہ سب[1] بندون مین بہت پیارا میرے نزدیک وہ شخص ہے جو جلدی کرے روزہ کھولنے مین **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو ابو عاصم اور ابو مغیرہ نے اوزاعی سے مثل اُسکے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے عمارہ بن عمیر سے اُسنے روایت کی ہے **ابی عطیہ** سے اُسنے کہا کہ مین اور مسروق عائشہ رضہ کے پاس گئے سو ہمنے کہا کہ اے ام المسلمانون کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے دو شخص ہین اُنمین سے ایک تو روزہ جلدی کھولتا ہے اور نماز جلدی پڑہتا ہے اور دوسرا دیر سے روزہ کھولتا ہے اور دیر سے نماز پڑہتا ہے عائشہ رضہ نے کہا اُنمین کون جلدی روزہ کھولتا ہے اور جلدی نماز پڑہتا ہے ہمنے کہا عبد اللہ بن مسعود[2] عائشہ رضہ نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسیطرح کیا ہے اور دوسرے ابو موسیٰ تھے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو عطیہ کا نام مالک بن ابی عامر ہمدانی ہے اور اُسکو مالک بن عامر بھی کہتے ہین اور یہ زیادہ تر صحیح ہے **باب** دیر سے سحری کھانے کے بیان مین **حدیث** بیان کی ہمسے یحییٰ بن موسیٰ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو داؤد طیالسی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ہشام دستوائی نے اُسنے روایت کی ہے قتادہ سے اُسنے روایت کی ہے انس رضہ سے اُسنے روایت کی ہے زید بن ثابت سے اُسنے کہا کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے ساتھ سحری کھائی پھر ہم کھڑے ہوئے طرف نماز کے مین نے کہا تمھاری سحری اور نماز مین کسقدر دیر تھی اُسنے کہا قدر پچاس آیت کے **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے ہشام سے مثل اُسکے مگر اُسنے کہا کہ قدر پڑہنے پچاس آیت کے دیر تھی۔ اور اس باب مین حذیفہ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث زید بن ثابت کی حسن صحیح ہے۔ اور ساتھ اسی کے قائل ہین امام شافعی اور احمد اور اسحاق یہ لوگ مستحب کہتے ہین سحری مین دیر کرنے کو۔

[1] بہت پیارا اسلیے ہوتا ہے کہ متابعت کرتا ہے سنت کی اور مخالفت کرتا ہے اہل کتاب کی اور روافض کی ۱۲

[2] عبد اللہ بن مسعود بڑے عالم اور فقیہ تھے اُنھون نے سنت پر عمل کیا اور ابو موسیٰ نے جواز پر عمل کیا یا شاید کسی عذر سے کیا ہوگا یا کبھی کبھی کرتے ہونگے پس معلوم ہوا کہ جلدی روزہ کھولنے مین بڑا ثواب ہے ۱۲ ع

باب ماجاء فی بیان الفجر **حدثنا** هناد نا ملازم بن عمرو قال حدثنی عبد الله بن النعمان عن قیس بن طلق بن علی قال حدثنی ابی طلق ابن علی ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال کلوا واشربوا ولا یهیدنکم الساطع المصعد وکلوا واشربوا حتی یعترض لکم الاحمر و فی الباب عن عدی بن حاتم وابی ذر وسمرة **قال** ابو عیسی حدیث طلق بن علی حدیث حسن غریب من هذا الوجه والعمل علی هذا عند اهل العلم انه لا یحرم علی الصائم الاکل والشرب حتی یکون الفجر الاحمر المعترض وبه یقول عامة اهل العلم **حدثنا** هناد ویوسف بن عیسی قالا نا وکیع عن ابی هلال عن سوادة بن حنظلة عن سمرة بن جندب قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یمنعکم من سحورکم اذان بلال ولا الفجر المستطیل ولکن الفجر المستطیر فی الافق **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن **باب** ماجاء فی التشدید فی الغیبة للصائم **حدثنا** ابو موسی محمد بن المثنی نا عثمان بن عمر قال وثنا ابن ابی ذئب عن سعید المقبری عن ابیه عن ابی هریرة ان النبی صلی الله علیه وسلم قال من لم یدع قول الزور والعمل به فلیس لله حاجة بان یدع طعامه وشرابه وفی الباب عن انس **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی فضل السحور **حدثنا** قتیبة نا ابو عوانة عن قتادة وعبد العزیز بن صهیب عن انس بن مالك ان النبی صلی الله علیه وسلم قال تسحروا فان فی السحور برکة وفی الباب عن ابی هریرة وعبد الله بن مسعود وجابر بن عبد الله وابن عباس وعمرو بن العاص والعرباض بن ساریة وعتبة بن عبد وابی الدرداء **قال** ابو عیسی حدیث انس حدیث حسن صحیح وروی عن النبی صلی الله

باب فجر کے بیان مین یعنے صبح صادق کب ہوتی ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ملازم بن عمرو نے اُسنے کہا حدیث بیان کی مجھسے عبد اللہ بن نعمان نے قیس بن طلق بن علی سے اُسنے کہا حدیث بیان کی مجھسے ابی طلق بن علی نے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کھاؤ اور پیو نہ روکے تمکو سحری کھانے سے صبح کاذب اور کھاؤ اور پیو یہانتک کہ ظاہر ہووے واسطے تمہارے صبح سرخ یعنے صبح صادق۔ اور اس باب مین عدی بن حاتم اور ابی ذر اور سمرہ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسٰی نے حدیث طلق بن علی کی حسن غریب ہے اسوجہ سے اور عمل اس حدیث پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے کہ نہین حرام ہوتا ہے روزے دار پر کھانا اور پینا یہانتک کہ ظاہر ہووے صبح سرخ چوڑی اور ساتھ اسی کے قائل ہین اکثر اہل علم **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد اور یوسف بن عیسٰی نے اُنہون نے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے ابی ہلال سے اُسنے روایت کی ہے سواد بن حنظلہ سے اُسنے سمرہ بن جندب سے اُسنے کہا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ نہ روکے تمکو سحری کھانے سے اذان بلال کی اور نہ فجر لمبی[1] ولیکن فجر پھیلنے والی بیچ کنارے آسمان کے یعنے صبح صادق کے بعد کھانا پینا درست نہین۔ کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث حسن ہے **باب** روزے دار کو غیبت کرنے مین بڑا گناہ ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ابو موسیٰ محمد بن مثنّٰی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عثمان بن عمر نے کہا اور حدیث بیان کی ہمسے ابن ابی ذئب نے سعید مقبری سے اُسنے روایت کی ہے اپنے باپ سے اُسنے روایت کی ہے ابو ہریرہ سے کہ مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص باطل[3] بولنا اور بُرا کام کرنا نہ چھوڑے یعنے روزے مین تو اللہ کو کچھ حاجت نہین اسبات کی کہ چھوڑے کھانا اپنا اور پینا اپنا اور اس باب مین انس رض سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** سحری کھانے کی فضیلت کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو عوانہ نے قتادہ اور عبد العزیز بن صہیب سے اُنہون نے روایت کی ہے انس رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سحری کھایا کرو اسلیے کہ مقرر سحری کھانے مین برکت ہے۔ اور اس باب مین ابو ہریرہ اور عبد اللہ بن مسعود اور جابر بن عبد اللہ اور ابن عباس اور عمرو بن عاص اور عرباض بن ساریہ اور عتبہ اور ابی الدرداء سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسٰی نے حدیث انس رض کی حسن صحیح ہے اور روایت کی گئی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

[1] مراد اس سے صبح صادق ہے اور قید حمرت کی واسطے غالب کے ورنہ اول طلوع مین سرخی نہین ہوتی ۱۲ [2] مراد اس سے صبح کاذب ہے کہ وہ لنبی ہوتی ہے چوڑی نہین ہوتی ۱۲ [3] باطل بولنا وہ کلام ہے جسکے بولنے مین گناہ لازم آوے یعنے کفر کی باتین کرنی اور جھوٹی گواہی دینی اور افترا کرنا اور غیبت کرنی اور گالیان دینی اور بہتان کرنا اور لعنت کرنی پس مراد یہ ہے کہ جو شخص روزے مین باطل بولنا نہ چھوڑے خدائے تعالیٰ اُسکے روزے کو قبول نہین کرتا اور اسکی طرف نظر عنایت کی نہین کرتا اور مشائخون نے لکھا ہے کہ روزہ تین قسم ہے ایک عوام کا وہ یہ ہے کہ باز رہے کھانے اور پینے اور جماع سے اور ایک خواص کا وہ یہ ہے کہ باز رکھے نفس کو حرام اور مکروہ سے بلکہ مباح سے بھی جو کسر نفس کے منافی ہے اور ایک اخص الخواص کا ہے وہ یہ ہے کہ سوائے حق کے کسی چیز کی طرف التفات نہ کرے ۱۲

عليه وسلم انه قال فصل ما بين صيامنا وصيام اهل الكتب اكلة السحر حدثنا بذلك قتيبة نا الليث عن موسى بن علي عن ابيه عن ابي قيس مولى عمرو بن العاص عن عمرو بن العاص عن النبي صلى الله عليه وسلم بذلك وهذا حديث حسن صحيح واهل مصر يقولون موسى بن علي واهل العراق يقولون موسى بن عُلَيّ وهو موسى بن عُلَيّ بن رباح اللخمي **باب** ما جاء في كراهية الصوم في السفر **حدثنا** قتيبة نا عبد العزيز بن محمد عن جعفر بن محمد عن ابيه عن جابر بن عبد الله ان رسول الله صلى الله عليه وسلم خرج الى مكة عام الفتح فصام حتى بلغ كراع الغميم وصام الناس معه فقيل له ان الناس قد شق عليهم الصيام وان الناس ينظرون فيما فعلت فدعا بقدح من ماء بعد العصر فشرب والناس ينظرون اليه فافطر بعضهم وصام بعضهم فبلغه ان ناسا صاموا فقال اولئك العصاة وفي الباب عن كعب بن عاصم وابن عباس وابي هريرة **قال** ابو عيسى حديث جابر حديث حسن صحيح وقد روي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال ليس من البر الصيام في السفر واختلف اهل العلم في الصوم في السفر فراى بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم ان الفطر في السفر افضل حتى راى بعضهم عليه الاعادة اذا صام في السفر واختار احمد واسحاق الفطر وقال بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم ان وجد قوة فصام فحسن وهو افضل وان افطر فحسن وهو قول سفيان الثوري ومالك بن انس وعبد الله بن المبارك وقال الشافعي انما معنى قول النبي صلى الله عليه وسلم ليس من البر الصيام في السفر وقوله حين بلغه ان ناسا صاموا فقال اولئك العصاة فوجه هذا اذا لم يحتمل قلبه قبول رخصة الله تعالى

کہ آپ نے فرمایا فرق درمیان روزے ہمارے کے اور روزے اہل کتاب کے یعنے یہود اور نصاریٰ کے کھانا سحری کا ہے۔ **حدیث** بیان کی ہمکو ساتھ اسکے قتیبہ نے کہا اُسنے خبر دی ہمکو لیث نے موسےٰ بن علی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی قیس مولیٰ عمرو بن عاص سے اُسنے روایت کی ہے عمرو بن عاص سے اُسنے روایت کی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ساتھ اسکے اور یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اہل مصر موسیٰ بن علی کہتے ہیں یعنے ساتھ زبر لام کے اور اہل عراق موسےٰ بن عُلی کہتے ہیں یعنے ساتھ زبر لام کے اور وہ موسیٰ بن عَلی بن رباح لخمی ہے **باب** اس بیان میں کہ سفر میں روزہ رکھنا مکروہ ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے کہا اُسنے حدیث بیان کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے جعفر بن محمد سے اُسنے روایت کی ہے اپنے باپ سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے سال مکہ کی طرف نکلے سو آپ چلے یہانتک کہ پہنچے کراع غمیم میں اور ایک جگہ کا نام ہے درمیان مکے اور مدینے کے سو اور لوگوں نے آپکے ساتھ روزہ رکھا سو کسی نے آنحضرت سے عرض کیا کہ لوگوں پر روزہ مشکل ہوگیا ہے اور لوگ دیکھتے ہیں اُسمیں جو آپ کرتے ہیں۔ سو آپ نے ایک پیالہ پانی کا منگایا بعد نماز عصر کے سو آپ نے پانی پیا اور لوگ آپ کی طرف دیکھتے تھے سو بعضوں نے روزہ کھولا اور بعضوں نے نہ کھولا سو آپ کو خبر پہنچی کہ بعضوں نے روزہ نہیں کھولا سو فرمایا کہ یہ ہیں پکے گنہگار اور اس باب میں کعب بن عاصم اور ابن عباس اور ابی ہریرہ رض سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسےٰ نے حدیث جابر کی حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی گئی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا کہ سفر میں روزہ رکھنا بہتر نہیں اور اختلاف کیا ہے اہل علم نے بیچ روزہ رکھنے کے سفر میں سو بعض اہل علم کا کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے یہ مذہب ہے کہ سفر میں روزہ نہ رکھنا افضل ہے یہانتک کہ بعضے کہتے ہیں کہ اگر سفر میں روزہ رکھے تو اُسکا دوہرانا واجب ہے یعنی سفر میں روزہ رکھنا اُنکے نزدیک درست نہیں اور امام احمد اور اسحاق کے نزدیک مختار یہ ہے کہ سفر میں روزہ نہ رکھے اور کہا بعض اہل علم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہ اگر طاقت ہو تو روزہ رکھنا افضل ہے اور اگر نہ رکھے تو بھی درست ہے۔ اور یہ قول سفیان ثوری اور مالک بن انس اور عبد اللہ بن مبارک کا ہے۔ اور امام شافعی کہتے ہیں کہ معنے اس حدیث کا (کہ سفر میں روزہ رکھنا بہتر نہیں) اور اس حدیث کا کہ یہ ہیں پکے گنہگار) یہ ہے کہ جب دل اُسکا اللہ کی رخصت کے قبول کرنے

ف۱ یعنی اسواسطے کہ خدا نے اُسکو ہمارے واسطے مباح کیا ہے اور اہل کتاب پر حرام کیا ہے ۱۲ ف۲ اکثر علماء کا اتفاق ہے اسپر کہ سفر میں روزہ رکھنا اور نہ رکھنا دونوں جائز ہیں خواہ سفر راحت کا ہو یا ایذا کا لیکن اگر تکلیف ہوتی ہو تو روزہ رکھنا افضل ہے اور اگر مشقت ہوتی ہے تو روزہ نہ رکھنا افضل ہے اور سفر طاعت اور سفر معصیت برابر ہیں نزدیک امام ابو حنیفہ رح کے بیچ افطار کرنے روزے کے اور امام شافعی رح کے نزدیک سفر معصیت میں روزہ ترک کرنا جائز نہیں اور امام ابو حنیفہ اور مالک اور شافعی اور ثوری وغیرہ کہتے ہیں کہ اگر طاقت ہو تو سفر میں روزہ افضل ہے واسطے پاک ہونے ذمہ کے اور واسطے آسان ہونے کے موافقت سے مسلمانوں کی اور مشکل ہونے قضا کے بعد رمضان کے اور امام احمد اور اسحاق اور سعید بن مسیب اور اوزاعی کے نزدیک سفر میں روزہ نہ رکھنا مطلق افضل ہے اور بعضے علماء کہتے ہیں کہ جو آسان ہو وہ افضل ہے اور بعضے کہتے ہیں کہ دونوں برابر ہیں اور آدمی کو اختیار ہے جو چاہے کرے ۱۲ لمعات

فامامن رای الفطر مباحا وصام وقوی ذلك فهو احب الی **باب** ما جاء فی الرخصة فی الصوم فی السفر **حدثنا** هارون بن اسحاق الهمدانی نا عبدة بن سليمان عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة ان حمزة بن عمرو الاسلمی سال رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الصوم فی السفر وكان يسرد الصوم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان شئت فصم وان شئت فافطر وفی الباب عن انس بن مالك وابی سعيد وعبد الله بن مسعود وعبد الله بن عمرو وابی الدرداء وحمزة ابن عمرو الاسلمی **قال** ابو عيسى حديث عائشة ان حمزة بن عمرو الاسلمی سال رسول الله صلى الله عليه وسلم هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** نصر بن علی الجهضمی نا بشر بن المفضل عن سعيد بن يزيد ابی سلمة عن ابی نضرة عن ابی سعيد قال كنا نسافر مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فی شهر رمضان فما يعاب علی الصائم صومه ولا علی المفطر فطره **حدثنا** نصر بن علی نا يزيد بن زريع نا الجريری ح ونا سفيان بن وكيع نا عبد الاعلی عن الجريری عن ابی نضرة عن ابی سعيد الخدری قال كنا نسافر مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فمنا الصائم ومنا المفطر فلا يجد المفطر علی الصائم ولا الصائم علی المفطر وكانوا يرون انه من وجد قوة فصام فحسن ومن وجد ضعفا فافطر فحسن **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء فی الرخصة للمحارب فی الافطار **حدثنا** قتيبة نا ابن لهيعة عن يزيد بن ابی حبيب عن معمر ابن ابی حُيَيَّة عن ابن المسيب انه ساله عن الصوم فی السفر فحدث ان عمر بن الخطاب قال غزونا مع رسول الله صلى الله عليه وسلم فی رمضان غزوتين يوم بدر والفتح فافطرنا فيهما وفی الباب عن ابی سعيد **قال** ابو عيسى حديث عمر لا نعرفه الا من هذا الوجه وقد روی عن ابی سعيد عن النبی صلى الله عليه وسلم انه امر بالفطر فی غزوة غزاها

اور روزہ کھولنے کو درست نہ جانے تو اُسکو سفر مین روزہ رکھنا بہتر نہین۔ لیکن جو شخص روزہ نہ رکھنے کو مباح جانے اور روزہ رکھے اور اُسپر قدرت رکھتا ہو تو وہ بہت پیارا ہی طرف میرے **باب** سفر مین روزہ رکھنا درست ہی **حدیث** بیان کی ہمسے ہارون بن اسحق ہمدانی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبدہ بن سلیمان نے ہشام بن عروہ سے وہ روایت کرتا ہی اپنے باپ سے وہ روایت کرتا ہی عائشہ رضہ سے کہ مقرر حمزہ بن عمرو اسلمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سفر مین روزے کا حکم پوچھا اور وہ متواتر روزے رکھا کرتا تھا پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر چاہے تو روزہ رکھ اور اگر چاہے تو نہ رکھ۔ اور اس باب مین انس بن مالک اور ابی سعید اور عبد اللہ بن مسعود اور عبد اللہ بن عمر واور ابے الدردا اور حمزہ بن عمرو اسلمی سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث عائشہ رض کی کہ حمزہ بن عمرو اسلمی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا حسن صحیح ہی **حدیث** بیان کی ہمسے نصر بن علی جہضمی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو بشر بن مفضل نے سعید بن یزید ابی سلمہ سے اُسنے روایت کی ہی ابی نضرہ سے اُسنے روایت کی ہی ابو سعید رض سے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رمضان کے مہینے مین سفر کرتے تھے سو نہ عیب کیا جاتا تھا روزہ دار پر روزہ اُسکا اور نہ روزہ کھولنے پر کھولنا اُسکا۔ **حدیث** بیان کی ہمسے نصر بن علی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یزید بن زریع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو جریری نے ح اور خبر دی ہمکو سفیان بن وکیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الاعلے نے اُسنے کہا روایت کی ہی جریری سے اُسنے ابی نضرہ سے اُسنے ابی سعید خدری سے اُسنے کہا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ سفر کرتے تھے سو بعضے ہم مین سے روزہ دار ہوتے تھے اور بعضے روزہ افطار کرنے والے ہوتے تھے سو نہ غصہ کرتا تھا روزہ دار افطار کرنے والے پر اور نہ افطار کرنے والا روزہ دار پر اور اصحاب دیکھتے تھے کہ جو شخص طاقت رکھتا ہو اور روزہ رکھے تو بہت اچھا کیا اُسنے اور جو کوئی ضعیف ہو پس روزہ نہ رکھے تو بہت اچھا کیا اُسنے۔ کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ **باب** لڑنے والے کو روزہ افطار کرنے کی اجازت ہی۔ **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابن لہیعہ نے یزید بن ابی حبیب سے اُسنے روایت کی ہی معمر بن ابی حیبہ سے اُسنے ابن مسیب سے کہ اُسنے اُس سے سفر مین روزے کا حکم پوچھا سو ابن مسیب نے حدیث بیان کی کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہمنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رمضان شریف مین دو جنگ کیے ایک جنگ بدر کے دن اور ایک فتح مکہ کے دن سو ہمنے دونون مین روزہ کھولڈالا اور اس باب مین ابو سعید رض سے بھی روایت ہی۔ کہا ابو عیسٰی نے کہ ہم عمر رض کی حدیث کو نہین پہچانتے مگر اسی وجہ سے۔ اور تحقیق روایت کی گئی ہی ابو سعید رض سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ حکم کیا آپنے ساتھ روزہ کھولنے کے ایک جنگ مین جسکو آپنے کیا تھا

وقد روي عن عمر بن الخطاب بنحو هذا انه رخص في الافطار عند لقاء العدو وبه يقول بعض اهل العلم **باب** ماجاء
في الرخصة في الافطار للحبلى والمرضع **حدثنا** ابو كريب ويوسف بن عيسى قالا نا وكيع نا ابو هلال عن عبد الله بن سوادة
عن انس بن مالك رجل من بني عبد الله بن كعب قال اغارت علينا خيل رسول الله صلى الله عليه وسلم فاتيت رسول الله صلى الله عليه
وسلم فوجدته يتغدى فقال ادن فكل فقلت اني صائم فقال ادن احدثك عن الصوم او الصيام ان الله وضع عن المسافر شطر
الصلوة وعن الحامل والمرضع الصوم او الصيام والله لقد قالهما النبي صلى الله عليه وسلم كليهما او احدهما فيا لهف نفسي ان لا
اكون طعمت من طعام النبي صلى الله عليه وسلم وفي الباب عن ابي امية **قال** ابو عيسى حديث انس بن مالك الكعبي حديث
حسن ولا نعرف لانس بن مالك هذا عن النبي صلى الله عليه وسلم غير هذا الحديث الواحد والعمل على هذا عند بعض اهل
العلم وقال بعض اهل العلم الحامل والمرضع يفطران ويقضيان ويطعمان وبه يقول سفيان ومالك والشافعي واحمد وقال بعضهم يفطران ويطعمان ولا قضاء عليهما
وان شاءتا قضتا ولا اطعام عليهما وبه يقول اسحاق **باب** ماجاء في الصوم عن الميت **حدثنا** ابو سعيد الاشج نا ابو خالد الاحمر
عن الاعمش عن سلمة بن كهيل ومسلم البطين عن سعيد بن جبير وعطاء ومجاهد عن ابن عباس قال جاءت امرأة الى النبي
صلى الله عليه وسلم فقالت ان اختي ماتت وعليها صوم شهرين متتابعين قال ارأيت لو كان على اختك دين اكنت تقضينه قالت نعم قال فحق الله احق

اور تحقیق روایت کی گئی ہے حضرت عمر بن خطاب رض سے مثل اسکے کہ اُسنے رخصت دی روزہ کھولنے کے وقت ملنے دشمن کے یعنے لڑائی مین[۱]۔ اور ساتھ اسی
قائل ہین بعض اہل علم۔ **باب** حمل والی عورت اور دودھ پلانے والی عورت کو روزہ کھولنے کی اجازت ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ابوکریب
اور یوسف بن عیسٰی نے انھون نے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو ہلال نے عبد اللہ بن سوادہ سے اُسنے روایت کی ہے انس بن مالک سے
جو ایک مرد ہے قبیلے سے بنی عبد اللہ بن کعب کے اُسنے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لشکر نے ہمپر لوٹ کی سو مین رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کے پاس آیا یعنے فریاد کرنے کو سو مین نے آپ کو کھانا کھاتے پایا سو آپ نے فرمایا نزدیک آ اور کھا سو مین نے کہا کہ مین روزے دار
ہون سو فرمایا کہ نزدیک آ، مین تجکو روزے کی حدیث سُناتا ہون مقرر اللہ تعالے نے موقوف کر دی ہے مسافر سے آدھی نماز اور معاف کیا
ہے حمل والی عورت اور دودھ پلانے والی عورت سے روزہ قسم ہے خدا کی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دونون لفظ فرمائے ہین یا ایک لفظ یعنے
صوم اور صیام پس اے افسوس جان میری پر کہ مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے طعام سے کھانا نہ کھایا۔ اور اس باب مین ابی امیہ سے بھی
روایت ہے کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث انس بن مالک کعبی کی حسن ہے اور نہین جانتے ہم واسطے انس بن مالک کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوا
اس ایک حدیث کے۔ اور عمل اسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور بعض اہل علم نے کہا کہ حمل والی اور دودھ پلانے والی روزہ افطار کرین[۲] اور
قضا کرین اور کھانا کھلاوین یعنے روزہ افطار کرنے کے بدلے اور ساتھ اسی کے قائل ہین سفیان اور مالک اور شافعی اور احمد اور بعضے کہتے ہین
کہ وہ دونون روزہ افطار کرین اور اُسکے بدلے کھانا کھلاوین اور اُنپر قضا واجب نہین۔ اور اگر چاہین[۳] تو قضا کرین۔ اور نہین واجب ہے اُنپر
کھانا کھلانا اور ساتھ اسی کے قائل ہے اسحاق۔ **باب** مردے کی طرف سے روزہ رکھنے کا بیان۔ **حدیث** بیان کی ہمسے
ابو سعید اشج نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو خالد احمر نے اعمش سے اُسنے روایت کی ہے سلمہ بن کہیل سے اور مسلم بطین سے وہ روایت کرتے
ہین سعید بن جبیر سے اور عطا اور مجاہد سے اُنہون نے روایت کی ہے ابن عباس رض سے اُسنے کہا کہ ایک عورت حضرت نبی صلے اللہ
علیہ وسلم کے پاس آئی سو اُسنے کہا کہ میری بہن مر گئی ہے اور اُسپر روزے ہین دو مہینے کے لیے در پے حضرت[۴] نے فرمایا کہ بھلا بتلاؤ
کہ اگر تیری بہن پر قرض ہوتا تو تو اُسکو ادا کرتی یا نہین اُسنے کہا ہان ادا کرتی حضرت نے فرمایا سو خدا کا حق زیادہ تر لائق ہے

[۱] یہ لوگ مسلمان تھے اصحاب نے بیخبری سے انکو لوٹ لیا وہ حضرت ص کے پاس فریاد کو آئے ۱۲ [۲] یعنے ہر روزے کے بدلے ایک روزہ قضا رکھین اور ایک مسکین کو کھانا
کھلاوین ۱۲ [۳] یعنی افطار کے بدلے صرف ایک چیز واجب ہوتی ہے خواہ کھانا کھلاوے خواہ قضا رکھے ۱۲ [۴] ظاہر اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مردے کی طرف سے روزے کی قضا
واجب ہے یہ قول ایک جماعت کا ہے اور ساتھ اسی کے قائل ہے امام احمد رح اور یہی ہے ایک قول شافعی رح کا اور امام نووی نے اسکی تصحیح کی ہے اور بعضے شافعیہ کہتے ہین کہ روزے
اور کھانا کھلانے مین اختیار ہے اور جمہور کا یہ مذہب ہے کہ میت کی طرف سے ولی روزہ نہ رکھے یہ قول ہے امام ابو حنیفہ رح اور مالک رح کا وہ اسکی تاویل کرتے
ہین کہ مراد روزے سے کھانا ہے مگر یہ تاویل ظاہر حدیث کے مخالف ہے ۱۲ واللہ اعلم

وفی الباب عن بریدۃ وابن عمرو وعائشۃ رضہ **قال** ابو عیسٰے حدیث ابن عباس رضہ حدیث حسن صحیح

حدثنا ابو کریب نا ابو خالد الاحمر عن الاعمش بھذا الاسناد نحوہ قال محمد وقد روی غیر ابی خالد عن الاعمش مثل روایۃ ابی خالد **قال** ابو عیسٰی وروی ابو معاویۃ وغیر واحد ھذا الحدیث عن الاعمش عن مسلم البطین عن سعید بن جبیر عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم لم یذکروا فیہ عن سلمۃ بن کھیل ولا عن عطآء ولا عن مجاھد **باب** ماجاء فی الکفارۃ

حدثنا قتیبۃ نا عبثر عن اشعث عن محمد عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من مات وعلیہ صیام شھر فلیطعم عنہ مکان کل یوم مسکینا **قال** ابو عیسی حدیث ابن عمر لا نعرفہ مرفوعا الا من ھذا الوجہ والصحیح عن ابن عمر موقوف قولہ واختلف اھل العلم فی ھذا فقال بعضھم یصام عن المیت وبہ یقول احمد واسحاق قالا اذا کان علی المیت نذر صیام یصام عنہ واذا کان علیہ قضاء رمضان اطعم عنہ وقال مالک وسفیان والشافعی لا یصوم احد عن احد واشعث ھو ابن سوّار ومحمد ھو محمد بن عبد الرحمن بن ابی لیلی **باب** ماجاء فی الصائم یذرعہ القیء

حدثنا محمد بن عُبید المحاربی نا عبد الرحمن بن زید بن اسلم عن ابیہ عن عطاء بن یسار عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثلث لا یفطرن الصائم الحجامۃ والقیء والاحتلام **قال** ابو عیسی حدیث ابی سعید الخدری غیر محفوظ وقد روی عبد اللہ بن زید بن اسلم وعبد العزیز بن محمد وغیر واحد ھذا الحدیث عن زید بن اسلم مرسلا ولم یذکروا فیہ عن ابی سعید وعبد الرحمن بن زید بن اسلم یضعّف فی الحدیث سمعت ابا داود السجزی یقول سالت احمد بن حنبل عن عبد الرحمن بن زید بن اسلم فقال اخوہ عبد اللہ بن زید لا باس بہ و سمعت محمدا یذکر عن علی بن عبد اللہ ابن زید بن اسلم ثقۃ وعبد الرحمان بن زید بن اسلم ضعیف

اور اس باب میں بریدہ اور ابن عمر اور عائشہ رضہ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث ابن عباس کی حسن صحیح ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو خالد احمر نے اعمش سے ساتھ اسی اسناد کے مثل اسکے امام بخاری نے کہا کہ تحقیق روایت کی ہے ابی خالد کے غیر نے اعمش سے مثل روایت ابی خالد کے کہا ابو عیسٰی نے ابو معاویہ وغیرہ نے اس حدیث کو اعمش سے روایت کیا ہے اُسنے مسلم بطین سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں ذکر کیا انھوں نے اسمین واسطہ سلمہ بن کہیل کا اور نہ عطاء کا اور نہ مجاہد کا **باب** کفارہ کے بیان میں **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبثر نے اشعث سے اُسنے روایت کی ہے محمد سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص مرجاوے اور اُسپر مہینہ بھر روزے رمضان کے ہوں پس چاہیے کہ کھلایا جاوے اُسکی طرف سے بدلے ہر دن کے ایک مسکین **کہا ابو عیسٰے** نے کہ ہم ابن عمر کی حدیث کو نہیں پہچانتے مرفوع مگر اسی وجہ سے اور صحیح ابن عمر سے موقوف ہے قول اُسکا اور اہل علم کو اسمین اختلاف ہے سو بعضے کہتے ہیں کہ میت کی طرف سے روزہ رکھا جاوے اور ساتھ اسی کے قائل ہیں احمد اور اسحاق کہتے ہیں کہ جب مردے پر روزہ نذر کا ہو تو اُسکی طرف سے روزہ رکھا جاوے اور اگر اُسپر رمضان کی قضا ہو تو اُسکی طرف سے کھانا کھلایا جاوے اور مالک اور سفیان اور شافعی کہتے ہیں کہ کوئی کسی کی طرف سے روزہ نہ رکھے۔ اور اشعث وہ بیٹا سوّار کا ہے اور محمد وہ ابن عبد الرحمان بن ابی لیلے ہے۔ **باب** جب روزہ دار پر قے غلبہ کرے تو اُسکا کیا حکم ہے **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن عبید محاربی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الرحمان بن زید بن اسلم نے اپنے باپ سے اُسنے روایت کی ہے عطاء بن یسار سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا اُسنے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تین چیزیں نہیں توڑتیں روزہ روزہ دار کا سینگی اور قے یعنے جو آپ سے آوے اور احتلام **کہا ابو عیسٰے** نے کہ ابو سعید کی یہ حدیث محفوظ نہیں اور تحقیق روایت کی عبد اللہ بن زید بن اسلم اور عبد العزیز بن محمد وغیرہ نے یہ حدیث زید بن اسلم سے مرسل اور نہیں ذکر کیا انہوں نے اسمین واسطہ ابو سعید کا۔ اور عبد الرحمان بن زید بن اسلم ضعیف کیا جاتا ہے حدیث میں میں نے ابا داؤد سنجری سے سنا کہتا تھا میں نے احمد بن حنبل سے عبد الرحمن بن زید بن اسلم کا حال پوچھا سو اُسنے کہا کہ اُسکے بھائی عبد اللہ بن زید کا کچھ ڈر نہیں اور میں نے محمد یعنے بخاری سے سنا کہ ذکر کرتے تھے علی بن عبد اللہ سے کہ عبد اللہ بن زید بن اسلم ثقہ ہے اور عبد الرحمان بن زید بن اسلم ضعیف ہے

سلہ امام شافعی رحمہ کے نزدیک کل مال سے لیا جاوے خواہ مردے نے وصیت کی ہو خواہ نہ کی ہو اور ابو حنیفہ رحمہ کے نزدیک اگر وصیت کی ہو تو تہائی مال سے لیا جاوے ۱۲ سلہ اور بدلے ہر دن کے دو دو سیر گیہوں سے یا چار چار سیر جَو یا قیمت اُنکی اور اسیقدر دیا جاوے بدلے ہر نماز کے ۱۲ سلہ یہ مذہب امام ابو حنیفہ اور مالک اور شافعی کا ہے اور یہی مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فعل سے اور ایک جماعت اصحاب سے کہ وہ سعد بن ابی وقاص - اور عبد اللہ بن عمر اور زید بن ارقم اور ام سلمہ ہیں اور امام احمد اور ایک جماعت علماء کا یہ مذہب ہے کہ سینگی لگانے والا اور لگوانے والے دونوں کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے اور جمہور کہتے ہیں کہ مراد اس سے کہ قریب افطار کے ہو جاتا ہے کیونکہ پانے والا بسبب ضعف کے اور کھینچنے والا اسواسطے کہ نہیں امن ہے اُس سے کہ پہنچ جاوے کوئی چیز اُسکے پیٹ

قال محمد ولا اروی عنه شیئا **باب** ما جاء فیمن استقاء عمدا **حدثنا** علی بن حجر نا عیسی بن یونس عن هشام بن حسان عن ابن سیرین عن ابی هریرة ان النبی
صلی الله علیه وسلم قال من ذرعه القیء فلیس علیه قضاء ومن استقاء عمدا فلیقض وفی الباب عن ابی الدرداء وثوبان وفضالة
بن عبید **قال** ابو عیسی حدیث ابی هریرة حدیث حسن غریب لا نعرفه من حدیث هشام عن ابن سیرین عن ابی هریرة عن النبی صلی
الله علیه وسلم الا من حدیث عیسی ابن یونس وقال محمد لا اراه محفوظا **قال** ابو عیسی وقد روی هذا الحدیث من غیر وجه
عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم ولا یصح اسناده وروی عن ابی الدرداء وثوبان وفضالة بن عبید ان النبی
صلی الله علیه وسلم قاء فافطر وانما معنی هذا الحدیث ان النبی صلی الله علیه وسلم کان صائما متطوعا فقاء فضعف
فافطر لذلك هکذا روی فی بعض الحدیث مفسرا والعمل عند اهل العلم علی حدیث ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم
ان الصائم اذا ذرعه القیء فلا قضاء علیه واذا استقاء عمدا فلیقض وبه یقول الشافعی وسفیان الثوری واحمد واسحاق
باب ما جاء فی الصائم یاکل ویشرب ناسیا **حدثنا** ابو سعید الاشج نا ابو خالد الاحمر عن حجاج عن قتادة عن ابن
سیرین عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من اکل او شرب ناسیا فلا یفطر فانما هو رزق رزقه الله
حدثنا ابو سعید نا ابو اسامة عن عوف عن ابن سیرین وخلاس عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم مثله او
نحوه وفی الباب عن ابی سعید وام اسحاق الغنویة **قال** ابو عیسی حدیث ابی هریرة حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا
عند اکثر اهل العلم وبه یقول سفیان الثوری والشافعی واحمد واسحاق وقال مالك بن انس اذا اکل فی رمضان ناسیا
فعلیه القضاء والاول اصح **باب** ما جاء فی الافطار متعمدا **حدثنا** بندار نا یحیی بن سعید وعبد الرحمن بن مهدی قالا نا
سفیان عن حبیب بن ابی ثابت نا ابو المطوس عن ابیه عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

امام بخاری نے کہا کہ میں اس سے کچھ روایت نہیں کرتا **باب** جو شخص جان بوجھکر قے لاوے یعنی انگلی وغیرہ حلق میں ڈالکر قصداً قے لاوے تو اسکا کیا
حکم ہے **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن حجر نے اسنے کہا خبر دی ہمکو عیسیٰ بن یونس نے ہشام بن حسان سے اسنے روایت کی ہے ابن سیرین سے اسنے
ابو ہریرہ رضہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس شخص کو قے غلبہ کرے یعنی آپ سے آجاوے تو اسپر قضا نہیں اور جو شخص قے لاوے قصداً تو چاہیے
کہ قضا کرے اور اس باب میں ابی الدرداء اور ثوبان اور فضالہ بن عبید سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث ابو ہریرہ کی حسن غریب ہے نہیں پہچانتے
ہم اسکو حدیث سے ہشام کے ابن سیرین سے ابی ہریرہ رضہ سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مگر حدیث سے عیسیٰ بن یونس کے امام بخاری نے کہا کہ میں اسکو محفوظ
نہیں جانتا ہوں کہا ابو عیسیٰ نے اور تحقیق روایت کی گئی ہے یہ حدیث کئی وجہ سے ابو ہریرہ رضہ سے اسنے روایت کی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور نہیں صحیح ہے
اسناد اسکی اور روایت کی گئی ہے ابی الدرداء اور ثوبان اور فضالہ بن عبید سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے قے کی پس روزہ افطار کیا اور سوائے اسکے نہیں کہ معنی اس حدیث کا یہ ہے
کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم روزہ دار تھے نفلی روزے سے سو آپنے قے کی پس ضعیف ہوگئے سو افطار کیا واسطے اسکے اسیطرح روایت کی گئی ہے بعض حدیثوں میں مفسر طور سے
عمل نزدیک اہل علم کے ابو ہریرہ کی حدیث پر ہے جو نبی صلعم سے روایت ہے کہ جب روزہ دار کو قے غلبہ کرے تو اسپر قضا نہیں اور جب عمداً قے کرے تو چاہیے کہ روزہ قضا کرے اور
ساتھ اسی کے قائل ہیں شافعی اور سفیان ثوری اور احمد اور اسحاق **باب** اگر روزہ دار بھول کر کھالیوے اور پی لیوے تو اسکا کیا حکم ہے **حدیث** بیان کی
ہمسے ابو سعید اشج نے اسنے کہا خبر دی ہمکو ابو خالد احمر نے حجاج سے اسنے روایت کی ہے قتادہ سے اسنے ابن سیرین سے اسنے ابی ہریرہ رضہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کھالیوے اور پی لیوے بھول کر تو روزہ نہیں توڑتا پس سوائے اسکے نہیں کہ وہ رزق ہے جو خدا نے اسکو دیا **حدیث** بیان کی
ہمسے ابو سعید نے اسنے کہا خبر دی ہمکو ابو اسامہ نے عوف سے اسنے روایت کی ہے ابن سیرین اور خلاس سے وہ روایت کرتے ہیں ابو ہریرہ سے اسنے
روایت کی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے اور اس باب میں ابی سعید اور ام اسحاق غنویہ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث ابی ہریرہ
کی حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے اور ساتھ اسی کے قائل ہیں سفیان ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحاق اور مالک بن انس کہتے ہیں کہ اگر رمضان
میں بھول کر کھا جاوے تو اسپر قضا ہے اور پہلا قول زیادہ صحیح ہے **باب** جان بوجھکر روزہ کھولنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے بندار نے
اسنے کہا خبر دی ہمکو یحییٰ بن سعید اور عبد الرحمان بن مہدی نے ان دونوں نے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے حبیب بن ابی ثابت سے اسنے کہا خبر دی
ہمکو ابو المطوس نے باپ اپنے سے اسنے روایت کی ہے ابو ہریرہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

من افطر يوما من رمضان من غير رخصة ولا مرض لم يقض عنه صوم الدهر كله وان صامه قال ابو عيسى حديث ابي هريرة حديث لا نعرفه الا من هذا الوجه وسمعت محمدا يقول ابو المطوس اسمه يزيد ابن المطوس ولا اعرف له غير هذا الحديث

باب ما جاء في كفارة الفطر في رمضان حدثنا نصر بن علي الجهضمي وابو عمار المعنى واحد واللفظ لفظ ابي عمار قالا نا سفيان بن عُيينة عن الزهري عن حميد بن عبد الرحمن عن ابي هريرة قال اتاه رجل فقال يا رسول الله هلكت قال وما اهلكك قال وقعتُ على امراتي في رمضان قال هل تستطيع ان تعتق رقبة قال لا قال فهل تستطيع ان تصوم شهرين متتابعين قال لا قال فهل تستطيع ان تطعم ستين مسكينا قال لا قال اجلس فجلس فأُتي النبي صلى الله عليه وسلم بعرق فيه تمر والعرق المكتل الضخم قال فتصدق به فقال ما بين لابتيها احد افقر منا قال فضحك النبي صلى الله عليه وسلم حتى بدت انيابه قال خذه فاطعمه اهلك وفي الباب عن ابن عمر وعائشة وعبد الله بن عمرو قال ابو عيسى حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح والعمل على هذا الحديث عند اهل العلم في من افطر في رمضان متعمدا من جماع واما من افطر متعمدا من اكل او شرب فان اهل العلم قد اختلفوا في ذلك فقال بعضهم عليه القضاء والكفارة وشبهوا الاكل والشرب بالجماع وهو قول سفيان الثوري وابن المبارك واسحاق وقال بعضهم عليه القضاء ولا كفارة عليه لانه انما ذكر عن النبي صلى الله عليه وسلم الكفارة في الجماع ولم يذكر عنه في الاكل والشرب وقالوا لا يشبه الاكل والشرب الجماع وهو قول الشافعي واحمد وقال الشافعي وقول النبي صلى الله عليه وسلم للرجل الذي افطر فتصدق عليه خذه فاطعمه اهلك يحتمل

کہ جو شخص روزہ توڑے قصدًا ایک دن بھی رمضان سے بدون رخصت کے اور بدون مرض کے نہیں بدلا اُتارتا اُس سے روزہ رکھنا تمام عمر کا اگرچہ روزے رکھے تمام عمر کہا ابو عیسیٰ نے کہ ہم یہ حدیث ابی ہریرہ کی نہیں پہچانتے مگر اسی وجہ سے اور میں نے محمد سے سنا کہتا تھا کہ ابو المطوس کا نام یزید بن مطوس ہے اور میں نہیں جانتا واسطے اسکے سوا اس حدیث کے

باب رمضان کے روزہ توڑنے کے کفارہ کا بیان حدیث بیان کی ہم سے نصر بن علی جہضمی اور ابو عمار نے معنی ایک ہے اور لفظ ابی عمارہ کا ہے اُن دونوں نے کہا کہ خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے زہری سے اُسنے روایت کی ہے حمید بن عبد الرحمن سے اُسنے ابو ہریرہ رضی سے کہ ایک مرد حضرت م کے پاس آیا سو عرض کی کہ یا حضرت میں ہلاک ہوا یعنی بسبب گناہ کرنے کے فرمایا کس چیز نے تجکو ہلاک کیا کہا کہ گرا میں اپنی عورت پر اور جماع کیا رمضان میں فرمایا کیا طاقت رکھتا ہے تو کہ بردہ آزاد کرے اُسنے کہا نہیں فرمایا پس کیا تو طاقت رکھتا ہے یہ کہ روزے رکھے دو مہینے پے درپے اُسنے کہا کہ نہیں فرمایا پس کیا طاقت رکھتا ہے تو کہ ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاوے اُسنے کہا کہ نہیں فرمایا کہ بیٹھ جا سو بیٹھ گیا سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک تھیلا لایا گیا کہ اُسمیں کھجوریں تھیں اور عرق بڑے تھیلے کو کہتے ہیں سو فرمایا پس اسکو دے اُنکو سو اُسنے کہا کہ نہیں درمیان دونوں طرفوں مدینے کے کوئی زیادہ محتاج ہمسے سو حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہنسے یہانتک کہ آپ کی کچلیاں ظاہر ہوئیں فرمایا اسکو لیجا اور اپنے گھر والوں کو کھلا اور اس باب میں ابن عمر اور عائشہ اور عبد اللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث ابو ہریرہ کی حسن صحیح ہے اور عمل اس حدیث پر ہے نزدیک اہل علم کے اُس شخص کے حق میں جو روزہ توڑے رمضان کا قصدًا جماع سے اور جو شخص کہ روزہ توڑے جانکر کھانے یا پینے سے تو اہل علم کو اُسمیں اختلاف ہے سو بعضے کہتے ہیں کہ اُسپر قضا اور کفارہ دونوں آتے ہیں اور مشابہ کیا ہے اُنھوں نے کھانے اور پینے کو ساتھ جماع کے اور یہی قول ہے سفیان ثوری اور ابن مبارک اور اسحاق کا اور بعضے کہتے ہیں کہ اُسپر قضا ہے اور کفارہ نہیں اسواسطے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے صرف جماع میں کفارہ منقول ہے کھانے اور پینے میں آپ سے کفارہ منقول نہیں ہے کہتے ہیں کہ کھانا پینا جماع کی مانند نہیں یہ قول شافعی اور احمد کا ہے شافعی نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمانا واسطے اُس شخص کے جسنے روزہ توڑا تھا اور اُسپر صدقہ کیا گیا کہ اسکو پکڑ اور اپنے گھر والوں کو کھلا کئی معنے کا احتمال ہے

ف بدون رخصت کے یعنی بدون رخصت شرعی کے کہ سفر وغیرہ ہے اور مراد یہ ہے کہ ثواب روزے فرض کا اس درجہ تک ہے کہ روزہ نفل سے ہاتھ نہیں آتا اگرچہ تمام عمر روزہ رکھے اور ابن حجر نے کہا کہ ظاہر حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر روزہ رمضان کا نہ رکھے اور پھر اُسکے بدلے تمام عمر روزہ رکھے تو کفایت نہیں کرتا چنانچہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ کا یہی مذہب ہے اور اکثر علماء رحمہم اللہ کا یہ مذہب ہے کہ کفایت کرتا ہے ایک دن بدلے ایک دن کے یعنے فرض ادا ہو جاتا ہے اور اگر رکھکر توڑے تو دو مہینے کے روزے کفایت کرینگے ۱۲

مذا معانی یحتمل ان یکون الکفارۃ علی من قدر علیہا وھذا الرجل لم یقدر علی الکفارۃ فلما اعطاہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم شیئا وملکہ قال الرجل ما احد افقر الیہ منا فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم خذہ فاطعمہ اھلک لان الکفارۃ انما یکون بعد الفضل عن قوتہ واختار الشافعی لمن کان علی مثل ھذا الحال ان یاکلہ وتکون الکفارۃ علیہ دینا فمتی ما ملک یوما کفر **باب** ماجاء فی السواک للصائم **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مھدی نا سفیان عن عاصم بن عبید اللہ عن عبید اللہ بن عامر بن ربیعۃ عن ابیہ قال رایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم مالا احصی یتسوک وھو صائم وفی الباب عن عائشۃ **قال** ابو عیسی حدیث عامر بن ربیعۃ حدیث حسن والعمل علی ھذا عند اھل العلم لا یرون بالسواک للصائم باسا الا ان بعض اھل العلم کرھوا السواک للصائم بالعود الرطب وکرھوا لہ السواک اخر النھار ولم یر الشافعی بالسواک باسا اول النھار واخرہ وکرہ احمد واسحاق السواک اخر النھار **باب** ماجاء فی الکحل للصائم **حدثنا** عبد الاعلی بن واصل نا الحسن بن عطیۃ نا ابو عاتکۃ عن انس بن مالک قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اشتکت عینی افاکتحل وانا صائم قال نعم وفی الباب عن ابی رافع **قال** ابو عیسی حدیث انس حدیث اسنادہ لیس بالقوی ولا یصح عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی ھذا الباب شیء وابو عاتکۃ یضعف واختلف اھل العلم فی الکحل للصائم

کہ کفارہ اسپر واجب ہے[۱] جو اسکی قدرت رکھے اور یہ مرد کفارہ پر قادر نہیں تھا سو جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو کوئی چیز دی اور اسکی مالک کر دی تو اسنے کہا کہ مجھ سے زیادہ کوئی محتاج نہیں سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسکو پکڑ لے اور اپنے اہل کو کھلا اسواسطے کہ کفارہ تو صرف واجب اسوقت ہوتا ہے جب رزق قوت سے زیادہ ہے اور اختیار کیا ہے شافعی نے واسطے اس شخص کے جو اس حال پر ہو کہ اسکو کھا لیوے اور کفارہ اسکے ذمہ پر قرض رہے گا سو جب مالک ہو تو کفارہ ادا کرے

باب روزہ دار کو مسواک کرنی جائز ہے **حدیث** بیان کی ہے محمد بن بشار نے کہا اسنے خبر دی ہمکو عبد الرحمان بن مہدی نے اسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے عاصم سے اسنے روایت کی ہے اپنے باپ عبید اللہ بن عامر بن ربیعہ سے اسنے روایت کی ہے اپنے باپ سے کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا اسقدر کہ نہیں گن سکتا مسواک کرتے تھے اور وہ ہوتے روزہ سے اور اس باب میں عائشہ رض سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسی نے کہ عامر بن ربیعہ کی یہ حدیث حسن ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے کہ روزہ دار کو مسواک سے کچھ گناہ نہیں مگر بعض اہل علم کہتے ہیں کہ روزہ دار کو تر لکڑی سے مسواک کرنی مکروہ ہے اور دوپہر سے پیچھے مسواک کرنی بھی مکروہ ہے اور امام شافعی رح کہتے ہیں کہ مسواک سے کچھ ڈر نہیں نہ دوپہر سے پہلے اور نہ پیچھے اور مکروہ رکھا ہے احمد اور اسحاق نے مسواک کو پیچھے دوپہر کے

باب روزہ دار کو آنکھ میں سرمہ ڈالنا جائز ہے **حدیث** بیان کی ہے عبد الاعلی بن واصل نے اسنے کہا خبر دی ہمکو حسن بن عطیہ نے اسنے کہا خبر دی ہمکو ابو عاتکہ نے انس بن مالک سے اسنے کہا کہ ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کی کہ میری آنکھیں دکھتی ہیں کیا میں سرمہ لگاؤں اور میں روزہ دار ہوں حضرت نے فرمایا کہ ہاں لگا لے۔ اور اس باب میں ابی رافع سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسی نے حدیث انس رض کی اسناد قوی نہیں اور اس باب میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی چیز ثابت نہیں۔ اور ابو عاتکہ راوی ضعیف ہے۔ اور اختلاف کیا ہے اہل علم نے روزے دار کو سرمہ لگانے میں

[۱] جو شخص رمضان میں قصداً روزہ توڑ ڈالے خواہ جماع سے خواہ کھانے پینے سے تو اسپر کفارہ دینا آتا ہے اسی ترتیب مذکور سے کہ بردہ آزاد کرے یہ میسر نہو تو دو مہینے کے روزے رکھے پے درپے یہ بھی نہو سکے تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاوے یا دو دو سیر گیہوں اور چار چار سیر جو دے یا دو وقت پیٹ بھر کے کھلاوے اور آنحضرت نے جو اس شخص کو اجازت دی تو اسمیں علما کو اختلاف ہے کہ اسکے ذمہ سے کفارہ ادا ہوا یا نہیں اکثر کہتے ہیں کہ ادا ہو گیا اور یہ اسی کے ساتھ خاص تھا اور کو درست نہیں اور بعضے کہتے ہیں کہ کفارہ اسکے ذمہ پر رہا اسواسطے کہ کفارہ بالفعل واجب ہوتا اس وقت ہے جب قوت اہل سے زیادہ بچے اور نہیں تو ذمہ پر رہتا ہے جب مقدور ہو ادا کرے جیسا کہ متن میں مذکور ہے پس حضرت نے اسکو اجازت دی کہ بالفعل اسکو مقدور نہیں تھا جب مقدور ہو گا ادا کریگا اور بعضے کہتے ہیں کہ یہ حکم پہلے تھا اب منسوخ ہے۔ واللہ اعلم بالصواب [۲] یعنے احتمال ہے کہ حضرت نے اسکو بالفعل کفارہ ادا کرنا اسواسطے فرمایا ہو کہ اسوقت اسکا رزق قوت سے زیادہ نہیں تھا پس یعنے اب اپنے اہل کو کھلا جب مقدور ہو ادا کرنا اور احتمال ہے کہ یہ حکم اسی شخص کے ساتھ خاص ہو اور احتمال ہے کہ یہ حکم منسوخ ہو پس باوجود ان احتمالات اور حدیث صریح کے اس شخص کے قصے سے استدلال کرنا کفارہ کے ساقط ہونے پر صحیح نہیں ۱۲ [۳] یہ حدیث دلیل ہے اسپر کہ روزے دار کو مسواک کرنی درست ہے ہر وقت اور صریح کی اسناد اور بہت حدیثیں اس طرح کی آئی ہیں اور علما کو اسمیں اختلاف ہے امام مالک اور ابو حنیفہ جائز رکھتے ہیں خواہ دوپہر سے پہلے ہو یا پیچھے اور خواہ مسواک تر ہو یا خشک اور ابو یوسف کہتے ہیں کہ تازی لکڑی سے مسواک کرنی مکروہ ہے ۱۲ ح [۴] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ روزہ دار کو سرمہ لگانا درست ہے مکروہ نہیں اور یہی مذہب ہے اکثر علماء کا اور یہی مذہب ہے امام ابو حنیفہ اور شافعی کا اگرچہ مزا اسکا حلق میں ظاہر ہو اور بعضے مکروہ کہتے ہیں جیسا کہ متن میں مذکور ہے اور امام مالک سے دو قول ہیں ۱۲ ع

فکرهه بعضهم وهو قول سفیان وابن المبارك واحمد واسحاق ورخص بعض اهل العلم فی الکحل للصائم وهو قول الشافعی **باب** ماجاء فی القبلة للصائم **حدثنا** هناد وقتیبة قالا نا ابو الاحوص عن زیاد بن علاقة عن عمرو بن میمون عن عائشة ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یقبل فی شهر الصوم وفی الباب عن عمر بن الخطاب وحفصة وابی سعید وام سلمة وابن عباس وانس وابی هریرة **قال** ابو عیسی حدیث عائشة حدیث حسن صحیح واختلف اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم فی القبلة للصائم فرخص بعض اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم فی القبلة للشیخ ولم یرخصوا للشاب مخافة ان لا یسلم له صومه والمباشرة عندهم اشد وقد قال بعض اهل العلم القبلة تنقص الاجر ولا تفطر الصائم وراوا ان للصائم اذا ملك نفسه ان یقبل واذا لم یامن علی نفسه ترك القبلة لیسلم له صومه وهو قول سفیان الثوری والشافعی **باب** ماجاء فی مباشرة الصائم **حدثنا** ابن ابی عمر نا وکیع نا اسرائیل عن ابی اسحاق عن ابی میسرة عن عائشة قالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یباشرنی وهو صائم وکان املککم لاربه **حدثنا** هناد نا ابو معاویة عن الاعمش عن ابراهیم عن علقمة والاسود عن عائشة قالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یقبل ویباشر وهو صائم وکان املککم لاربه **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وابو میسرة اسمه عمرو بن شرحبیل ومعنی لاربه یعنی لنفسه **باب** ماجاء لا صیام لمن لم یعزم من اللیل **حدثنا** اسحاق بن منصور نا ابن ابی مریم نا یحیی بن ایوب عن عبد الله بن ابی بکر عن ابن شهاب عن سالم بن عبد الله عن ابیه عن حفصة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال من لم یجمع الصیام قبل الفجر فلا صیام له **قال** ابو عیسی حدیث حفصة حدیث لا نعرفه مرفوعا الا من هذا الوجه وقد روی عن نافع عن ابن عمر قوله وهو اصح وانما معنی هذا عند بعض اهل العلم لا صیام لمن لم یجمع الصیام قبل طلوع الفجر فی رمضان او فی قضاء رمضان او فی صیام نذر اذا لم ینوه من اللیل لم یجزه واما صیام التطوع فمباح له ان ینویه بعد ما اصبح وهو قول الشافعی واحمد واسحاق

سو بعضے اسکو مکروہ کہتے ہیں یہ قول سفیان ثوری اور ابن مبارک اور احمد اور اسحاق کا ہے اور بعض اہل علم نے روزہ دار کو سرمہ لگانے کی اجازت دی ہے یہ قول شافعی کا ہے **باب** روزہ دار کو بوسہ لینے کا کیا حکم ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد اور قتیبہ نے ان دونوں نے کہا خبر دی ہمکو ابو الاحوص نے زیاد بن علاقہ سے انھوں نے روایت کی عمرو بن میمون سے انھوں نے روایت کی عائشہ رضی سے کہ مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے بوسہ لیتے مہینے رمضان میں یعنی روزہ سے اور اس باب میں عمر بن خطاب اور حفصہ اور ابی سعید اور ام سلمہ اور ابن عباس اور انس اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے کہ عائشہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور اختلاف کیا ہے اہل علم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہ روزہ دار کو بوسہ لینا درست ہے یا نہیں سو بعض اصحاب نے اجازت دی ہے کہ بڈھے مرد کو بوسہ لینا درست ہے اور انھوں نے جوان کو اجازت نہیں دی اس خوف سے کہ اسکا روزہ سلامت نہ رہے اور مباشرت انکے نزدیک زیادہ تر سخت ہے بوسہ سے اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ بوسہ سے ثواب کم ہوجاتا ہے لیکن روزہ کو نہیں توڑتا اور کہتے ہیں کہ اگر روزہ دار اپنی جان پر قابو رکھتا ہے تو بوسہ لینا درست ہے اور اگر اپنی جان پر قابو نہ رکھتا ہو تو بوسہ کو ترک کرے تاکہ روزہ اسکا سلامت رہے یہ قول سفیان ثوری اور شافعی کا ہے **باب** روزہ دار کو مباشرت کرنے کا کیا حکم ہے یعنی مرد کو اپنی عورت کے بدن سے بدن لگانا درست ہے یا نہیں **حدیث** بیان کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے اسنے کہا خبر دی ہمکو اسرائیل نے ابی اسحٰق سے اسنے روایت کی ابی میسرہ سے اسنے عائشہ سے اسنے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم مباشرت کرتے مجھسے اور آپ روزے سے ہوتے اور تھے حضرت بہت قادر واسطے حاجت اپنی کے یعنی شہوت کے یا امین تھے جماع سے **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اسنے کہا خبر دی ہمکو ابو معاویہ نے اعمش سے اسنے روایت کی ابراہیم سے اسنے علقمہ اور اسود سے انہوں نے روایت کی ہے عائشہ سے اسنے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بوسہ لیتے اور بدن سے بدن لگاتے اور ہوتے روزہ سے اور تھے زیادہ تر قابو رکھنے والے تمسے واسطے نفس اپنے کے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو میسرہ کا نام عمرو بن شرحبیل ہے اور معنی اربہ کا یہ ہے کہ واسطے نفس اپنے کے یعنی نفس پر زیادہ قابو رکھتے تھے **باب** جو رات کو روزہ کی نیت کرے اسکا روزہ درست نہیں **حدیث** بیان کی ہمسے اسحٰق بن منصور نے اسنے کہا خبر دی ہمکو ابی مریم نے کہا خبر دی ہمکو یحییٰ بن ایوب نے عبد اللہ بن ابی بکر سے اسنے روایت کی ہے ابن شہاب سے اسنے سالم بن عبد اللہ سے اسنے اپنے باپ سے اسنے حفصہ سے اسنے روایت کی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا کہ جو کوئی فجر سے پہلے روزے کی نیت نہ کرے اسکا روزہ درست نہیں کہا ابو عیسیٰ نے حفصہ کی حدیث کو ہم مرفوع نہیں جانتے مگر اسی طرح سے اور روایت کی گئی ہے نافع سے اسنے ابن عمر سے قول اسکا اور یہی زیادہ تر صحیح ہے یعنی اسکا موقوف ہونا زیادہ صحیح ہے اور سوا اسکے نہیں کہ معنی اسکا نزدیک اہل علم کے یہ ہے کہ جو کوئی فجر سے پہلے روزہ کی نیت نہ کرے تو اسکا روزہ درست نہیں خواہ روزہ رمضان کا ہو خواہ قضا رمضان کا خواہ نذر کا ہو جب رات سے نیت نہ کرے تو وہ روزہ اسکے لیے کافی نہیں اور اگر نفلی روزہ ہو تو فجر سے پیچھے بھی نیت کرنی درست ہے اور یہی ہے قول شافعی اور احمد اور اسحاق کا

ف۱ امام ابو حنیفہ اور اکثر علماء کا یہ مذہب ہے کہ اگر جماع اور انزال سے امن ہو تو روزہ دار کو بوسہ لینا درست ہے ورنہ نہیں اور موطا محمد میں ہے کہ اسسے باز رہنا افضل ہے اور شافعی کہتے ہیں کہ اگر بوسہ سے شہوت کا جوش نہ آئے تو درست ہے ورنہ درست نہیں اور مباشرت فاحشہ مکروہ ہے نزدیک محمد کے ۱۲ منہ ف۲ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر جماع سے امن ہو تو مباشرت درست

باب ما جاء فی افطار الصائم المتطوع **حدثنا** قتیبة نا ابو الاحوص عن سماك بن حرب عن ابن ام هانیٔ عن ام هانیٔ قالت کنت قاعدة عند النبی صلی اللہ علیه وسلم فاتی بشراب فشرب منه ثم ناولنی فشربت منه فقلت انی اذنبت فاستغفر لی قال وما ذاك قالت کنت صائمة فافطرت فقال امن قضاء کنت تقضینه قالت لا قال فلا یضرك وفی الباب عن ابی سعید وعائشة حدیث ام هانیٔ فی اسناده مقال والعمل علیه عند بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیه وسلم وغیرهم ان الصائم المتطوع اذا افطر فلا قضاء علیه الا ان یحب ان یقضیه وهو قول سفیان الثوری واحمد واسحاق والشافعی **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو داود نا شعبة قال کنت اسمع سماك ابن حرب یقول احد ابنی ام هانیٔ حدثنی فلقیت انا افضلهم وکان اسمه جعدة وکانت ام هانیٔ جدته فحدثنی عن جدته ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم دخل علیها فدعا بشراب فشرب ثم ناولها فشربت فقالت یا رسول اللہ اما انی کنت صائمة فقال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم الصائم المتطوع امین نفسه ان شاء صام وان شاء افطر قال شعبة قلت له انت سمعت هذا من ام هانیٔ قال لا اخبرنی ابو صالح واهلنا عن ام هانیٔ وروی حماد بن سلمة هذا الحدیث عن سماك فقال عن هارون ابن بنت ام هانیٔ عن ام هانیٔ وروایة شعبة احسن هکذا احدثنا محمود بن غیلان عن ابی داود فقال امین نفسه وحدثنا غیر محمود عن ابی داود فقال امیر نفسه او امین نفسه علی الشك وهکذا روی من غیر وجه عن شعبة امیر او امین نفسه علی الشك **حدثنا** هناد نا وکیع عن طلحة بن یحیی عن عمته عائشة بنت طلحة عن عائشة ام المؤمنین قالت دخل علی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یوما فقال هل عندکم شیٔ قالت قلت لا قال فانی صائم

باب نفلی روزہ دار کو روزہ کھول لینا درست ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو الاحوص نے اُسنے سماک بن حرب سے اُسنے ابن ام ہانی سے اُسنے ام ہانی سے کہا کہ مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھی تھی سو آپ کے پاس شربت لایا گیا سو آپ نے اُس سے پیا پھر مجکو دیا سو اُس سے مین نے پیا سو مین نے عرض کی کہ مقرر مین نے گناہ کیا سو آپ میرے واسطے بخشش مانگیے آپ نے فرمایا وہ کیا ہے مین نے کہا مین روزہ دار تھی سو مین نے روزہ توڑ ڈالا حضرت ؐ نے فرمایا کیا قضا روزہ تھا جسکو تو قضا کرتی تھی اُسنے کہا نہین فرمایا سو تجکو کچھ ضرر نہین دیگا۔ اور اِس باب مین ابی سعید اور عائشہ رضؓ سے بھی روایت ہے۔ اور ام ہانی کی حدیث کی اسناد مین کلام ہے اور عمل اُسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہ اگر نفلی روزہ دار روزہ توڑ ڈالے تو اُسپر قضا نہین مگر یہ کہ پسند رکھے اُسکے قضا کرنے کو اور یہی قول ہے سفیان ثوری اور احمد اور اسحاق اور شافعی کا **حدیث** بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو داؤد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے اُسنے کہا مین سُنتا تھا اور سماک بن حرب کہتا تھا کہ ام ہانی کی اولاد سے کسی نے مجکو حدیث بیان کی سو مین اُنکے افضل کو ملا اور نام اُنکا جعدہ تھا اور ام ہانی اُسکی دادی تھی سو اُسنے مجکو اپنی دادی سے حدیث بیان کی کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اُس پاس آئے سو آپ نے شربت منگایا اور پیا پھر اُسکو دیا سو اُسنے پیا پھر اُسنے کہا کہ یا رسول اللہ ؐ خبردار رہو کہ مقرر مین روزے دار تھی پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نفلی روزے دار اپنی جان کا امین اور مختار ہے اگر چاہے تو روزہ رکھے اور اگر چاہے تو توڑ ڈالے شعبہ کہتا ہے کہ مین نے اُس سے کہا کہ کیا تو نے ام ہانی سے یہ حدیث سُنی ہے اُسنے کہا نہین خبر دی مجکو ابو صالح نے اور ہمارے گھر والون نے ام ہانی سے اور روایت کی ہے حماد بن سلمہ نے یہ حدیث سماک سے اور اُسنے روایت کی ہارون سے جو نواسہ ہے ام ہانی کا اُسنے ام ہانی سے اور روایت شعبہ کی اچھی ہے اسیطرح حدیث بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے ابی داؤد سے سو کہا کہ اپنے نفس کا امین ہے اور حدیث بیان کی ہمسے محمود کے غیر نے ابی داؤد سے سو کہا کہ اپنے نفس کا امیر اور مختار ہے یا امین ہے ساتھ شک کے اور اسی طرح روایت کی گئی ہے کئی طرح پر شعبہ سے ساتھ شک کے **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے طلحہ بن یحییٰ سے اُسنے روایت کی ہے اپنی پھوپھی سے اُسنے عائشہ بنت طلحہ سے اُسنے عائشہ ام المؤمنین سے کہا اُسنے میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن تشریف لائے پس فرمایا آپ نے کیا تمہارے پاس کچھ کھانا ہے کہا عائشہ رضؓ نے مین نے کہا کہ نہین فرمایا آپ نے کہ مین روزہ دار ہون

ف[1] اور امام مالک کے نزدیک کل روزون مین نیت فرض ہے خواہ فرضی ہو یا نفلی اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک کسی روزے مین فرضی نہین خواہ فرضی ہو یا نفلی ۱۲

حدثنا محمود بن غیلان نا بشر بن السری عن سفیان عن طلحة بن یحییٰ عن عائشة بنت طلحة عن عائشة رضی اللہ عنہا ام المؤمنین قالت ان کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یاتینی فیقول اعندک غداء فاقول لا فیقول انی صائم قالت فاتانی یوما فقلت یارسول اللہ انہ قد اھدیت لنا ھدیة قال وما ھی قلت حیس قال اما انی اصبحت صائما قالت ثم اکل **قال** ابو عیسیٰ ھذا حدیث حسن **باب** ما جاء فی ایجاب القضاء علیہ **حدثنا** احمد بن منیع نا کثیر بن ھشام نا جعفر بن برقان عن الزھری عن عروة عن عائشة قالت کنت انا وحفصة صائمتین فعرض لنا طعام اشتھیناہ فاکلنا منہ فجاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فبدرتنی الیہ حفصة وکانت ابنة ابیھا فقالت یارسول اللہ انا کنا صائمتین فعرض لنا طعام اشتھیناہ فاکلنا منہ قال اقضیا یوما اخر مکانہ **قال** ابو عیسیٰ وروی صالح بن ابی الاخضر ومحمد بن ابی حفصة ھذا الحدیث عن الزھری عن عروة عن عائشة رضی اللہ عنہا مثل ھذا وروی مالک بن انس رضی اللہ عنہ ومعمر وعبید اللہ بن عمر وزیاد بن سعد وغیر واحد من الحفاظ عن الزھری عن عائشة رضی اللہ عنہا مرسلا ولم یذکروا فیہ عن عروة وھذا اصح لانہ روی عن ابن جریج قال سالت الزھری فقلت احدثک عروة عن عائشة قال لم اسمع من عروة فی ھذا شیئا ولکن سمعت فی خلافة سلیمان بن عبد الملک من ناس عن بعض من سال عائشة رضی اللہ عنہا عن ھذا الحدیث **حدثنا** بھذا علی بن عیسیٰ بن یزید البغدادی نا روح بن عبادة عن ابن جریج فذکر الحدیث وقد ذھب قوم من اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم الی ھذا الحدیث فراوا علیہ القضاء اذا افطر وھو قول مالک بن انس

حدیث بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن سری نے سفیان سے اُسنے طلحہ بن یحییٰ سے اُسنے عائشہ بنت طلحہ سے اُسنے حضرت عائشہ ام المومنین سے اُسنے کہا کہ مقرر نبی صلے اللہ علیہ وسلم میرے پاس آتے تھے پس پوچھتے کہ کیا تیرے پاس کچھ کھانا ہے سو مین کہتی کہ نہیں۔ سو فرماتے کہ مین روزہ دار ہون یعنے مین نے نیت روزہ کی کرلی ہے کہا پھر ایک روز میرے پاس آئے مینے عرض کی کہ یا حضرتؐ ہمکو کچھ ہدیہ بھیجا گیا ہے فرمایا وہ کیا ہے مینے کہا حیس (ایک قسم کا کھانا ہوتا ہے بطور حلوا کے جو گھی اور پنیر وغیرہ سے بنایا جاتا ہے) فرمایا خبردار ہو کہ مقرر مین صبح کو روزہ دار تھا۔ کہا عائشہ نے پھر آپ نے اُس سے کھایا کہا ابو عیسیٰ نے کہ یہ حدیث حسن ہے **باب** اگر نفلی روزہ توڑے تو اُسکی قضا واجب ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو کثیر بن ہشام نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو جعفر بن برقان نے زہری سے اُسنے روایت کی عروہ سے اُسنے روایت کی ہے عائشہؓ سے اُسنے کہا کہ مین اور حفصہ دونون روزہ دار تھین سو ہمارے سامنے کھانا لایا گیا جسکی ہمنے خواہش کی سو ہمنے اُس سے کھایا سو حضرتؐ تشریف لائے سو حفصہ نے آپ کی طرف مجھسے جلدی کی یعنی مجھ سے پہلے حضرتؐ سے کہدیا۔ اور تھی بیٹی اپنے باپ کی (یعنی اپنے باپ کی طرح دلیر تھی) سو اُسنے کہا کہ یا حضرتؐ ہم روزہ دار تھین سو سامنے لایا گیا ہمارے کھانا جسکی ہم خواہش رکھتی تھین سو ہمنے اُس سے کھایا فرمایا آپ نے کہ تم اُسکے بدلے ایک دن[1] قضا کرو کہا ابو عیسیٰ نے روایت کی ہے صالح بن ابی اخضر اور محمد بن ابی حفصہ نے یہ حدیث زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہؓ سے مثل اُسکے اور روایت کی ہے مالک بن انس اور معمر اور عبید اللہ بن عمر اور زیاد بن سعد وغیرہ بہت حفاظ نے زہری سے اُسنے روایت کی ہے عائشہؓ سے مرسل اور نہین ذکر کیا اُنھون نے اسمین واسطہ عروہ کا اور یہ زیادہ صحیح ہے اسلیے کہ ابن جریج سے روایت ہے کہ مین نے زہری سے پوچھا کہ کیا تجکو عروہ نے عائشہ سے حدیث بیان کی ہے اُسنے کہا مین نے عروہ سے اس باب مین کوئی چیز نہین سُنی لیکن مین نے سلیمان بن عبد الملک کی خلافت مین بعض لوگون سے سُنا۔ وہ روایت کرتے تھے اُس شخص سے جسنے عائشہؓ سے یہ حدیث پوچھی حدیث بیان کی ہمسے ساتھ اسکے علی بن عیسیٰ بن یزید بغدادی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو روح بن عبادہ نے ابن جریج سے۔ پس ذکر کی ساری حدیث اور تحقیق گئی ہے ایک قوم اہل علم کی حضرت کے اصحاب وغیرہ سے طرف اس حدیث کے سو کہتے ہین کہ اگر کوئی نفلی روزہ توڑے تو اُسپر قضا آتی ہے۔ اور یہی قول ہے مالک بن انس کا۔

[1] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ افطار کرنا روزہ نفلی کا جائز ہے۔ اور یہی مذہب ہے اکثر علماء رحمہم اللہ کا۔ اور امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ تعالیٰ کہتے ہین کہ واجب ہے تمام کرنا اُسکا اور نہین جائز ہے کھولنا اُسکا مگر ساتھ عذر ضیافت کے۔ اور واجب ہے قضا اُسکی اگر افطار کرے۔ پس اس حدیث مین تاویل کرتے ہین کہ یہ افطار بسبب کسی عذر کے تھا مگر قول امام ابو حنیفہ رحمہم اللہ کو ترجیح ہے۔ چنانچہ ترمذی نے عدم افطار روزہ نفلی کے واسطے باب باندھا ہے ۱۲ واللہ اعلم

باب ما جاء فی وصال شعبان برمضان **حدثنا** بندار نا عبد الرحمن بن مھدی عن سفیان عن منصور عن سالم بن ابی الجعد عن ابی سلمة عن ام سلمة قالت ما رایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یصوم شھرین متتابعین الا شعبان ورمضان وفی الباب عن عائشة رض **قال** ابو عیسی حدیث ام سلمة حدیث حسن وقد روی ھذا الحدیث ایضا عن ابی سلمة عن عائشة رض انھا قالت ما رایت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی شھر اکثر صیاما منہ فی شعبان کان یصومہ الا قلیلا بل کان یصومہ کلہ **حدثنا** بذلک ھناد نا عبدة عن محمد بن عمرو نا ابو سلمة عن عائشة رض عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم بذلک وروی سالم ابو النضر وغیر واحد ھذا الحدیث عن ابی سلمة عن عائشة نحو روایة محمد بن عمرو وقد روی عن ابن المبارک انہ قال فی ھذا الحدیث وھو جائز فی کلام العرب اذا صام اکثر الشھر ان یقال صام الشھر کلہ ویقال قام فلان لیلتہ اجمع ولعلہ تعشی واشتغل ببعض امرہ کان ابن المبارک قد رای کلا الحدیثین متفقین یقول انما معنی ھذا الحدیث انہ کان یصوم اکثر الشھر

باب ما جاء فی کراھیة الصوم فی النصف الباقی من شعبان لحال رمضان **حدثنا** قتیبة نا عبد العزیز بن محمد عن العلاء بن عبد الرحمن عن ابیہ عن ابی ھریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا بقی نصف من شعبان فلا تصوموا **قال** ابو عیسی حدیث ابی ھریرة حدیث حسن صحیح لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ علی ھذا اللفظ ومعنی ھذا الحدیث عند بعض اھل العلم ان یکون الرجل مفطرا فاذا بقی شیء من شعبان اخذ فی الصوم لحال شھر رمضان وقد روی عن ابی ھریرة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما یشبہ قولہ وھذا حیث قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم

باب شعبان کے مہینے کو رمضان کے ساتھ ملانے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے بندار نے اسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الرحمن بن مہدی نے سفیان سے انہنے روایت کی ہے منصور سے انہنے سالم بن ابی الجعد سے انہنے ابی سلمہ سے انہنے ام سلمہ سے انہنے کہا کہ مین نے حضرت کو نہین دیکھا کہ روزے رکھے ہون دو مہینے کے پے درپے مگر شعبان اور رمضان کے[1] اور اس باب مین عائشہ رض سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے ام سلمہ کی حدیث حسن ہے۔ اور نیز روایت کی گئی ہے یہ حدیث ابی سلمہ سے انہنے روایت کی ہے عائشہ رض سے انہنے کہا کہ نہین دیکھا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کسی مہینے مین کہ بہت روزہ رکھتے ہون وہ بہ نسبت شعبان[2] کے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم شعبان مین روزے کم نہ رکھتے تھے بلکہ تمام شعبان روزے رکھتے تھے **حدیث** بیان کی ہمکو ساتھ اسکے ہناد نے انہنے کہا خبر دی ہمکو عبدہ نے محمد بن عمرو سے انہنے کہا خبر دی ہمکو ابو سلمہ نے عائشہ رض سے انہنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ساتھ اسکے اور روایت کی ہے سالم ابو نضر اور کئی ایک لوگون نے یہ حدیث ابی سلمہ سے انہنے روایت کی ہے عائشہ رض سے مثل روایت محمد بن عمرو کے اور روایت کی گئی ہے ابن مبارک سے کہ انہنے اس حدیث کی تفسیر مین کہا۔ اور یہ بات جائز ہے عرب کے کلام مین کہ جب کوئی مہینے سے اکثر دن روزے رکھے تو جائز ہے کہ کہا جاوے کہ اسنے تمام مہینے روزے رکھے اور کہا جاتا ہے کہ فلان آدمی تمام رات کھڑا ہوا اور امید ہے کہ اسنے رات کا کھانا کھایا ہوگا اور بعض کام مین مشغول ہوا ہوگا گویا ابن مبارک کہتا ہے کہ دونون حدیثین موافق ہین مخالف نہین کہتا ہے معنے اس حدیث کا یہ ہے کہ اکثر مہینے روزے رکھتے تھے

باب رمضان کی پیشوائی کے واسطے شعبان کے پچھلے نصف مین روزہ رکھنا مکروہ ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے انہنے کہا خبر دی ہمکو عبد العزیز بن محمد نے علاء بن عبد الرحمن سے انہنے روایت کی ہے اپنے باپ سے انہنے ابو ہریرہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب شعبان سے نصف مہینا باقی رہے تو پھر کوئی روزہ نہ رکھو کہا ابو عیسیٰ نے ابو ہریرہ رض کی حدیث حسن صحیح ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر اس طریق سے اسی لفظ پر اور معنی اس حدیث کا نزدیک بعض اہل علم کے یہ ہے کہ آدمی اول شعبان سے کوئی روزہ نہ رکھے۔ سو جب شعبان کے مہینے سے کچھ دن باقی رہین تو رمضان کی پیشوائی کے واسطے روزہ رکھنا شروع کرے (پس یہ منع ہے) اور تحقیق روایت کی گئی ہے ابی ہریرہ رض سے اسنے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے وہ چیز جو مشابہ ہے قول اس بعض کو اور یہ حدیث وہ جگہ ہے جس جگہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

[1] یعنے شعبان مین اتنے روزے رکھتے کہ اور مہینون مین اتنے نہ رکھتے ۱۲ منہ [2] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شعبان کے مہینے کو رمضان کے ساتھ جوڑنا جائز ہے بشرطیکہ ہمیشہ شعبان مین روزہ رکھنے کی عادت ہو اور جو محض رمضان کی تعظیم اور پیشوائی کے واسطے روزہ رکھے تو اسکو درست نہین ۱۲ منہ [3] یعنی ایک حدیث مین لفظ کل آیا ہے اور دوسری مین لفظ اکثر کا آیا ہے تو مراد کل سے اکثر ہے۔ پس اس سے دونون حدیثون مین تطبیق حاصل ہے ۱۲

لاتقدموا شهر رمضان بصيام الا ان يوافق ذلك صوما كان يصومه احدكم وقد دل في هذا الحديث انما الكراهية على من يتعمّد الصيام لحال رمضان **باب** ما جاء في ليلة النصف من شعبان **حدثنا** احمد بن منيع نا يزيد بن هارون نا الحجاج بن ارطاة عن يحيى بن ابي كثير عن عروة عن عائشة رضی قالت فقدت رسول الله صلى الله عليه وسلم ليلة فخرجت فاذا هو بالبقيع فقال اكنت تخافين ان يحيف الله عليك ورسوله قلت يا رسول الله ظننت انك اتيت بعض نسائك فقال ان الله تبارك وتعالى ينزل ليلة النصف من شعبان الى سماء الدنيا فيغفر لاكثر من عدد شعر غنم كلب وفي الباب عن ابي بكر الصديق **قال** ابو عيسى حديث عائشة لا نعرفه الا من هذا الوجه من حديث الحجاج وسمعت محمدا يقول يضعف هذا الحديث وقال يحيى بن ابي كثير لم يسمع من عروة قال محمد والحجاج لم يسمع من يحيى بن ابي كثير **باب** ما جاء في الصوم المحرم **حدثنا** قتيبة نا ابو عوانة عن ابي بشر عن حميد بن عبد الرحمن الحميدي عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم افضل الصيام بعد صيام شهر رمضان شهر الله المحرم **قال** ابو عيسى حديث ابي هريرة حديث حسن **حدثنا** علي بن حجر قال نا علي بن مسهر عن عبد الرحمن بن اسحق عن نعمان بن سعد عن علي قال سأله رجل فقال اي شهر تأمرني ان اصوم بعد شهر رمضان فقال له ما سمعت احدا يسأل عن هذا الا رجلا سمعته يسأل رسول الله صلى الله عليه وسلم وانا قاعد عنده فقال يا رسول الله اي شهر تأمرني ان اصوم بعد شهر رمضان قال ان كنت صائما بعد شهر رمضان فصم المحرم فانه شهر الله فيه يوم تاب الله فيه على قوم ويتوب فيه على قوم آخرين

قال ابو عيسى هذا حديث حسن غريب

کہ پیشوائی کرو مہینے رمضان کی ساتھ روزے کے مگر یہ کہ موافق پڑ جاوے یہ روزہ اُس روزے کے جسکو کوئی ہمیشہ رکھا کرتا ہو۔ اور تحقیق اس حدیث مین دلیل ہے اسپر کہ یہ کراہت صرف اُس شخص کے واسطے ہے جو رمضان کی پیشوائی کے واسطے قصداً روزہ رکھے **باب** مہینے شعبان کی پندرھوین رات کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یزید بن ہارون نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حجاج بن ارطاۃ نے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ رضی سے اُس نے کہا کہ مین نے ایک رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو گم کیا سو مین نکلی سو اچانک آپ بقیع (مدینے کے قبرستان کا نام ہے) مین تھے سو فرمایا کیا تو نے خوف کیا تھا کہ خدا اور اُسکا رسول تجھپر ظلم کرے مینے عرض کی کہ یا حضرت مین نے گمان کیا تھا کہ آپ اپنی کسی اور بیوی کے پاس چلے گئے ہین سو فرمایا کہ خدا بابرکت اور بلند نزول فرماتا ہے[1] شعبان کی پندرھوین رات مین طرف آسمان دنیا کے پس بخشتا ہے لوگون کو زیادہ تر گنتی بالون بکریان کلب[2] کی سے۔ اور اس باب مین ابو بکر صدیق سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسی نے کہ عائشہ کی حدیث کو ہم نہین پہچانتے مگر اسی طریق سے یعنی حجاج کی حدیث سے اور مین نے بخاری سے سنا کہتے تھے کہ حجاج ضعیف کیا جاتا ہے حدیث مین اور کہا کہ یحیی بن ابی کثیر نے عروہ سے نہین سُنا اور بخاری نے کہا کہ حجاج نے یحیی بن ابی کثیر سے نہین سُنا **باب** مہینے محرم کے روزے کے بیان مین **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو عوانہ نے ابی بشر سے اُسنے حمید بن عبد الرحمن حمیدی سے اُسنے ابو ہریرہ رضی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بہت افضل روزے بعد روزے رمضان کے روزہ مہینا اللہ کا ہے کہ محرم ہے کہا ابو عیسی نے ابو ہریرہ کی حدیث حسن ہے **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو علی بن مسہر نے عبد الرحمان بن اسحاق سے اُسنے روایت کی ہے نعمان بن سعد سے اُسنے علی مرتضی سے کہ کسی مرد نے اس سے پوچھا کہ کون مہینا ہے کہ آپ مجھے حکم کرتے ہین کہ مین اسمین روزہ رکھون بعد مہینے رمضان کے سو علی نے کہا کہ مینے کسی کو نہین سُنا کہ اسنے اس سے سوال کیا ہو مگر ایک مرد کو سنا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھتا تھا اور مین آپ کے پاس بیٹھا تھا سو اُسنے کہا کہ یا حضرت آپ مجکو کس مہینے کا حکم کرتے ہین کہ مین اسمین روزے رکھون بعد مہینے رمضان کے۔ فرمایا اگر تو روزہ رکھنے والا ہو بعد مہینے رمضان کے تو محرم کا روزہ رکھ کہ وہ اللہ کا مہینا ہے اسمین ایک دن ہے جسمین اللہ نے توبہ قبول کی ایک قوم کی[3] اور توبہ قبول کریگا اسمین ایک اور قوم کی

کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن غریب ہے

---

[1] اس سے معلوم ہوا کہ شعبان کی پندرھوین رات کی بڑی فضیلت ہے کہ اسمین بیشمار آدمی بخشے جاتے ہین۔ اسمین چراغ جلانے یا آتشبازی چھوڑنی حرام ہے

[2] بکریان کلب کی۔ کلب عرب مین ایک قبیلہ کا نام ہے بکریون کی کثرت اور زیادتی مین باعتبار اور قبیلہ کے شہرت رکھتا ہے ۱۲ [3] ایک قوم سے مراد بنی اسرائیل یعنی قوم موسے علیہ الصلوۃ والسلام کی ہے کہ خداوند تعالی نے فرعون کے عذاب سے اسکو نجات دی ۱۲ منہ ظلہ

باب ماجاء فی صوم یوم الجمعۃ **حدثنا** القاسم بن دینار نا عبید اللہ بن موسیٰ وطلق بن غنام عن شیبان عن عاصم عن زر عن عبد اللہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصوم من غرۃ کل شہر ثلثۃ ایام وقل ما کان یفطر یوم الجمعۃ وفی الباب عن ابن عمر وابی ہریرۃ **قال** ابو عیسیٰ حدیث عبد اللہ حدیث حسن غریب وقد استحب قوم من اہل العلم صیام یوم الجمعۃ وانما یکرہ ان یصوم یوم الجمعۃ لا یصوم قبلہ ولا بعدہ قال وروی شعبۃ عن عاصم ہذا الحدیث ولم یرفعہ **باب** ماجاء فی کراہیۃ صوم یوم الجمعۃ وحدہ **حدثنا** ہناد نا ابو معاویۃ عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یصوم احدکم یوم الجمعۃ الا ان یصوم قبلہ او یصوم بعدہ وفی الباب عن علی وجابر وجنادۃ الازدی وجویریۃ وانس وعبد اللہ بن عمرو **قال** ابو عیسیٰ حدیث ابی ہریرۃ حدیث حسن صحیح والعمل علی ہذا عند اہل العلم یکرہون ان یختص یوم الجمعۃ بصیام لا یصوم قبلہ ولا بعدہ وبہ یقول احمد واسحق **باب** ماجاء فی صوم یوم السبت **حدثنا** حمید بن مسعدۃ نا سفیان بن حبیب عن ثور بن یزید عن خالد بن معدان عن عبد اللہ بن بسر عن اختہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تصوموا یوم السبت الا فیما افترض علیکم فان لم یجد احدکم الا لحاء عنبۃ او عود شجرۃ فلیمضغہ **قال** ابو عیسیٰ ہذا حدیث حسن ومعنی الکراہیۃ فی ہذا ان یختص الرجل یوم السبت بصیام لان الیہود یعظمون یوم السبت **باب** ماجاء فی صوم یوم الاثنین والخمیس **حدثنا** ابو حفص عمرو بن علی الفلاس نا عبد اللہ بن داؤد

باب جمعہ کے دن روزہ رکھنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قاسم دینار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبید اللہ بن موسیٰ نے اور طلق بن غنام نے شیبان سے اُسنے روایت کی ہو عاصم سے اُسنے زر سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے اُسنے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے یعنی کبھی اول مہینے سے تین دن۔ اور کم تھے کہ افطار کرتے دن جمعہ کے اور اس باب میں ابن عمر اور ابو ہریرہؓ سے بھی روایت ہو کہا ابو عیسےٰ نے کہ عبد اللہ بن مسعود کی یہ حدیث حسن غریب ہو اور اہل علم کی ایک جماعت کے نزدیک جمعہ کے دن روزہ رکھنا مستحب اور مکروہ تو اس صورت میں ہو کہ روزہ رکھے دن جمعہ کے اور نہ روزہ رکھے پہلے اس سے اور نہ پیچھے اُس سے کہا اور روایت کی ہو یہ حدیث شعبہ نے عاصم سے اور نہیں مرفوع کیا اسکو **باب** تنہا جمعہ کے دن کا روزہ رکھنا مکروہ ہو **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے روایت کی ہو ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہؓ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ روزہ رکھے ایک تمہارا دن جمعہ کے مگر اسطرح کہ روزہ رکھے پہلے اُس سے یا پیچھے اُس سے اور اس باب میں علی اور جابر اور جنادہ ازدی اور جویریہ اور انس اور عبد اللہ بن عمروؓ سے بھی روایت ہو کہا ابو عیسیٰ نے ابو ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہو۔ اور عمل اسپر ہو نزدیک اہل علم کے مکروہ رکھتے ہیں یہ کہ خاص کرے کوئی شخص دن جمعہ کا ساتھ روزے کے کہ نہ روزہ رکھے پہلے اُس سے اور نہ پیچھے اُس سے اور ساتھ اسکے قائل ہو احمد اور اسحاق **باب** ہفتے کے دن روزہ رکھنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن حبیب نے ثور بن یزید سے اُسنے روایت کی ہو خالد بن معدان سے اُسنے عبد اللہ بن بسر سے اُسنے روایت کی ہو اپنی بہن سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ روزہ رکھو تم دن ہفتے کے یعنی اکیلا مگر اس صورت میں کہ فرض کیا جاوے تمپر۔ پس اگر نہ پاوے ایک تمہارا اگر پوست انگور کا یا لکڑی درخت کی پس چاہیے کہ چباوے اُسکو[۱] کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث حسن ہے اور وجہ کراہیت کی اسمیں یہ ہو کہ خاص کرے آدمی دن ہفتے کو ساتھ روزے کے اسواسطے کہ یہود ہفتے کے دن کی تعظیم کرتے ہیں **باب** پیر اور جمعرات کے دن روزہ رکھنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے ابو حفص عمرو بن علی فلاس نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن داؤد نے

۱؎ جمعہ کے دن روزہ رکھنے سے اسواسطے منع کیا ہو کہ آدمی کو ضعف لاحق ہو جائے جو جمعہ کے وظائف سے مانع ہو اسی کو اختیار کیا ہے نووی نے اور بعضے کہتے ہیں کہ علت نہی کی ترک موافقت یہود کی ہے ایک دن میں یعنے ایک دن کو خاص مت کرو جیسے کہ یہود نے ہفتے کو خاص کیا ہے ۱۲ ۲؎ یہ نہی صرف اس صورت میں ہو جب کہ ہفتے کا تنہا روزہ رکھے اسمیں مطلق روزہ رکھنا منع نہیں۔ اور داعی طرف اسکے مخالفت یہود کی ہے۔ اور جمہور کہتے ہیں کہ نہی ہفتہ اور جمعہ کے تنہا روزہ رکھنے کی تنزیہی ہے تحریمی نہیں ۱۲ واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب۔ ۳؎ یعنے اگر ہفتے کا روزہ رکھا ہو تو افطار کرے اگر افطار کی چیز نہ پاوے تو انگور کے پوست یا لکڑی سے روزہ توڑ ڈالے اس سے معلوم ہوا کہ نہی تحریمی ہو ۱۲ واللہ اعلم

عن ثور بن يزيد عن خالد بن معدان عن ربيعة الجرشي عن عائشة قالت كان النبي صلى الله عليه وسلم يتحرى صوم الاثنين والخميس وفي الباب عن حفصة وابي قتادة واسامة بن زيد **قال** ابو عيسى حديث عائشة حديث حسن غريب من هذا الوجه **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو احمد ومعاوية بن هشام قالا نا سفيان عن منصور عن خيثمة عن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصوم من الشهر السبت والاحد والاثنين ومن الشهر الآخر الثلثاء والاربعاء والخميس **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن وروى عبد الرحمن بن مهدي هذا الحديث عن سفيان ولم يرفعه **حدثنا** محمد بن يحيى نا ابو عاصم عن محمد بن رفاعة عن سهيل بن ابي صالح عن ابيه عن ابي هريرة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال تعرض الاعمال يوم الاثنين والخميس فاحب ان يعرض عملي وانا صائم **قال** ابو عيسى حديث ابي هريرة في هذا الباب حديث حسن غريب **باب** ما جاء في صوم الاربعاء والخميس **حدثنا** الحسين بن محمد الجريري ومحمد بن مدويه قالا نا عبيد الله بن موسى نا هارون بن سلمان عن عبيد الله المسلم القرشي عن ابيه قال سالت او سئل النبي صلى الله عليه وسلم عن صيام الدهر فقال ان لاهلك عليك حقا ثم قال صم رمضان والذي يليه وكل اربعاء وخميس فاذا انت قد صمت الدهر وافطرت وفي الباب عن عائشة **قال** ابو عيسى حديث مسلم القرشي حديث غريب وروى بعضهم عن هارون بن سلمان عن مسلم بن عبيد الله عن ابيه **باب** ما جاء في فضل صوم يوم عرفة **حدثنا** قتيبة واحمد بن عبدة الضبي قالا نا حماد بن زيد عن غيلان بن جرير عن عبد الله بن معبد الزماني عن ابي قتادة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال صيام يوم عرفة اني احتسب على الله ان يكفر السنة التي بعده والسنة التي قبله وفي الباب عن ابي سعيد

ثور بن یزید سے اُسنے روایت کی ہو خالد ابن معدان سے اُسنے ربیعہ جرشی سے اُسنے عائشہ رضی سے اُسنے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم قصد کرتے روزے پیر اور جمعرات کا اور اس باب میں حفصہ اور ابی قتادہ اور اسامہ بن زید سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث عائشہ کی حسن غریب ہی اس طریق سے **حدیث** بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو احمد اور معاویہ بن ہشام نے اُنھوں نے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے منصور سے اُسنے روایت کی ہی خیثمہ سے اُسنے عائشہ رضی سے اُسنے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے کسی مہینے میں ہفتے اور اتوار اور پیر کو اور کسی مہینے میں منگل اور بدھ اور جمعرات کو کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث حسن ہی اور عبد الرحمان بن مہدی نے یہ حدیث سفیان سے روایت کی ہی اور اُسکو مرفوع نہیں کیا **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن یحیٰی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو عاصم نے محمد بن رفاعہ سے اُسنے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے روایت کی ہی ابو ہریرہ رضی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عرض کیے جاتے ہیں عمل یعنے درگاہ رب العزت میں دن پیر اور جمعرات کے سو میں دوست رکھتا ہوں یہ کہ عرض کیے جاویں عمل میرے اور میں روزے سے ہوں کہا ابو عیسٰی نے کہ ابو ہریرہ رضی کی حدیث اس باب میں حسن غریب ہی **باب** بدھ اور جمعرات کے دن روزہ رکھنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے حسین بن محمد جریری نے اور محمد بن مدویہ نے اُنھوں نے کہا خبر دی ہمکو عبید اللہ بن موسیٰ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ہارون بن سلمان نے عبید اللہ بن مسلم قرشی سے اُسنے روایت کی ہی اپنے باپ سے اُسنے کہا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا یا حضرت پوچھے گئے تمام عمر روزہ رکھنے سے سو فرمایا کہ واسطے اہل تیرے کے تجھپر حق ہی پھر فرمایا روزے رکھ رمضان کے اور اُس مہینے کے جو اُسکے ساتھ متصل ہی یعنے شوال کے چھ روزے اور ہر بدھ اور جمعرات کو پس اُسوقت تو نے روزے رکھے ہمیشہ اور اس باب میں عائشہ سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسٰی نے مسلم قرشی کی یہ حدیث غریب ہی اور روایت کی ہی بعض نے ہارون بن سلمان سے اُسنے مسلم بن عبید اللہ سے اُسنے اپنے باپ سے **باب** عرفہ کے دن روزہ رکھنے کی فضیلت کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ اور احمد بن عبدہ ضبی نے اُن دونوں نے کہا خبر دی ہمکو حماد بن زید نے غیلان بن جریر سے اُسنے روایت کی ہی عبد اللہ بن معبد زمانی سے اُسنے روایت کی ہی ابی قتادہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عرفے کے دن روزہ رکھنا امید رکھتا ہوں خدا سے کہ اُتار ڈالے گناہ اُس برس کے جو اُس سے پیچھے ہی۔ اور اُس برس کے جو اُس سے پہلے ہی[1] اور اس باب میں ابی سعید سے بھی روایت ہی

[1] اگر کوئی کہے کہ پچھلے سال کے گناہ کسطرح معاف کیے جاوینگے حالانکہ ابھی اُسپر کوئی گناہ نہیں سو جواب اُسکا یہ ہی کہ مراد اُس سے یہ ہی کہ خدائے تعالیٰ اُسکو گناہ سے محفوظ رکھے گا یا اُسکو اسقدر ثواب ملیگا یا اگر گناہ ہوں تو بخشے جاوینگے ١٢

قال ابو عیسی حدیث ابی قتادة حدیث حسن وقد استحب اهل العلم صیام یوم عرفة الا بعرفة **باب** ماجاء فی کراهیة صوم یوم عرفة بعرفة **حدثنا** احمد بن منیع نا اسمعیل بن علیة نا ایوب عن عکرمة عن ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم افطر بعرفة وارسلت الیه ام الفضل بلبن فشرب وفی الباب عن ابی هریرة وابن عمر وام الفضل **قال** ابو عیسی حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح وقد روی عن ابن عمر قال حججت مع النبی صلی الله علیه وسلم فلم یصمه یعنی یوم عرفة ومع ابی بکر فلم یصمه ومع عمر فلم یصمه والعمل علی هذا عند اکثر اهل العلم یستحبون الافطار بعرفة لیتقوی به الرجل علی الدعاء وقد صام بعض اهل العلم یوم عرفة بعرفة **حدثنا** احمد بن منیع وعلی بن حجر قالا نا سفیان بن عیینة واسمعیل بن ابراهیم عن ابن ابی نجیح عن ابیه قال سئل ابن عمر عن صوم یوم عرفة قال حججت مع النبی صلی الله علیه وسلم فلم یصمه ومع ابی بکر فلم یصمه ومع عثمان فلم یصمه وانا لا اصومه ولا امر به ولا انهی عنه **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن وابو نجیح اسمه یسار وقد سمع من ابن عمر وقد روی هذا الحدیث ایضا عن ابن ابی نجیح عن ابیه عن رجل عن ابن عمر **باب** ماجاء فی الحث علی صوم یوم عاشوراء[۱] **حدثنا** قتیبة واحمد بن عبدة الضبی قالا نا حماد بن زید عن غیلان بن جریر عن عبد الله بن معبد الزمانی عن ابی قتادة ان النبی صلی الله علیه وسلم قال صیام یوم عاشوراء انی احتسب علی الله ان یکفر السنة التی قبله وفی الباب عن علی ومحمد بن صیفی وسلمة بن الاکوع وهند بن اسماء وابن عباس والربیع بنت معوذ بن عفراء وعبد الرحمن بن سلمة الخزاعی عن عمه وعبد الله بن الزبیر ذکروا عن النبی صلی الله علیه وسلم انه حث علی صیام یوم عاشوراء **قال** ابو عیسی لا نعلم فی شیء من الروایات انه قال صیام یوم عاشوراء کفارة سنة الا فی حدیث ابی قتادة وبحدیث ابی قتادة یقول احمد واسحق **باب** ماجاء فی الرخصة فی ترک صوم یوم عاشوراء[۱]

کہا ابو عیسیٰ نے کہ ابو قتادہ کی یہ حدیث حسن ہے اور اہل علم کہتے ہیں کہ عرفہ کے دن روزہ رکھنا مستحب ہے مگر عرفات میں اُسدن روزہ رکھنا منع ہے **باب** عرفہ کے دن عرفات میں روزہ رکھنا مکروہ ہے **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اسمٰعیل بن علیہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ایوب نے عکرمہ سے اُسنے روایت کی ہے ابن عباس رضہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عرفہ کے دن روزہ افطار کیا اور ام الفضل نے آپکے پاس دودھ بھیجا سو آپنے پیا اور اس باب میں ابو ہریرہ اور ابن عمر اور ام الفضل سے بھی روایت ہے **کہا** ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی گئی ابن عمر سے اُسنے کہا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کیا سو آپنے عرفہ کے دن روزہ نہ رکھا اور حج کیا ساتھ ابی بکر رضہ کے سو اُسنے بھی اُسدن روزہ نہ رکھا اور حج کیا ساتھ عمر رضہ کے سو اُسنے بھی اُسدن روزہ نہ رکھا اور عمل اُسپر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے کہتے ہیں کہ عرفات میں روزہ افطار کرنا مستحب ہے تاکہ قوت حاصل کرے مرد ساتھ اُسکے دعا پر اور بعض اہل علم نے عرفہ کے عرفات میں روزہ رکھا ہے **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع اور علی بن حجر نے اُن دونوں نے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے اور اسمٰعیل بن ابراہیم نے ابن ابی نجیح سے اُسنے روایت کی ہے اپنے باپ سے اُسنے کہا سوال کیے گئے ابن عمر روزہ رکھنے سے دن عرفے کے اُسنے کہا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کیا سو آپنے اُسکا روزہ نہیں رکھا اور ساتھ ابی بکر رضی اللہ عنہ کے سو اُسنے بھی اُسدن روزہ نہیں رکھا اور ساتھ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سو اُسنے بھی اُسدن روزہ نہیں رکھا اور میں نہ روزہ رکھتا ہوں اور نہ اُسکا حکم کرتا ہوں اور نہ اُس سے منع کرتا ہوں **کہا** ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے اور ابو نجیح کا نام یسار ہے اور اُسنے سنا ہے ابن عمر سے اور تحقیق روایت کی گئی ہے نیز یہ حدیث ابن ابی نجیح سے اُسنے روایت کی ہے اپنے باپ سے اُسنے ایک مرد سے اُسنے ابن عمر سے **باب** عاشورہ کے دن روزہ رکھنے کی ترغیب دینا **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ اور احمد بن عبدہ ضبی نے اُن دونوں نے کہا خبر دی ہمکو حماد بن زید نے غیلان بن جریر سے اُسنے روایت کی عبد اللہ بن معبد زمانی سے اُسنے ابی قتادہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عاشورہ[۱] کے دن روزہ رکھنا امید رکھتا ہوں خدا سے کہ اُتار ڈالے گناہ اُس سال کے جو اُس سے پہلے ہے اور اس باب میں علی اور محمد بن صیفی اور سلمہ بن اکوع اور ہند بن اسماء اور ابن عباس رضہ اور ربیع بنت معوذ بن عفراء اور عبد الرحمان بن سلمہ خزاعی اپنے چچا سے اور عبد اللہ بن زبیر سے بھی روایت ہے ذکر کیا اُنھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے عاشورے کے روزے کی ترغیب دی **کہا** ابو عیسیٰ نے ہم نہیں جانتے بیچ کسی چیز کے روایتوں سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ عاشورے کا روزہ ایک سال کے گناہ اُتار ڈالتا ہے مگر قتادہ کی حدیث میں اور ساتھ اسی حدیث کے قائل ہے احمد اور اسحاق **باب** عاشورہ کے دن روزہ ترک کرنا جائز ہے۔

---

[۱] اسلیے کہ بسبب ضعف کے وہاں کے افعال میں قصور واقع ہوگا ۱۲ع

[۱] امام محمد نے موطا میں لکھا ہے کہ رمضان کے فرض ہونے سے پہلے عاشورے کا روزہ فرض تھا سو جب روزہ رمضان کا فرض ہوا تو عاشورے کی فرضیت منسوخ ہو گئی پس وہ نفلی روزہ ہے جو چاہے رکھے اور جو چاہے ترک کرے اور یہی قول ہے امام ابو حنیفہ اور عام علماء رحمهم اللہ کا

حدثنا هارون بن اسحاق الهمداني نا عبدة بن سليمان عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة قالت كان عاشوراء[١]
يوم تصومه قريش في الجاهلية وكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يصومه فلما قدم المدينة صامه وامر الناس بصيامه فلما
افترض رمضان كان رمضان هو الفريضة وترك عاشوراء فمن شاء صامه ومن شاء تركه وفي الباب عن ابن مسعود وقيس
بن سعد وجابر بن سمرة وابن عمر ومعاوية **قال** ابو عيسى والعمل على هذا عند اهل العلم على حديث عائشة وهو حديث
صحيح لا يرون صيام عاشوراء واجبا الا من رغب في صيامه لما ذكر فيه من الفضل **باب** ما جاء في عاشوراء اي يوم هو
حدثنا هناد وابو كريب قالا نا وكيع عن حاجب بن عمر عن الحكم بن الاعرج قال انتهيت الى ابن عباس وهو متوسد
رداءه في زمزم فقلت اخبرني عن يوم عاشوراء اي يوم اصومه فقال اذا رايت هلال المحرم فاعدد ثم اصبح من يوم التاسع
صائما قال قلت اهكذا كان يصومه محمد صلى الله عليه وسلم قال نعم **حدثنا** قتيبة نا عبد الوارث بن يونس عن الحسن عن
ابن عباس قال امر رسول الله صلى الله عليه وسلم بصوم عاشوراء يوم العاشر **قال** ابو عيسى حديث ابن عباس حديث حسن
صحيح وقد اختلف اهل العلم في يوم عاشوراء فقال بعضهم يوم التاسع وقال بعضهم يوم العاشر وروي عن ابن عباس انه
قال صوموا التاسع والعاشر وخالفوا اليهود وبهذا الحديث يقول الشافعي واحمد واسحاق **باب** ما جاء في صيام العشر
حدثنا هناد نا ابو معاوية عن الاعمش عن ابراهيم عن الاسود عن عائشة قالت ما رايت النبي صلى الله عليه وسلم
صائما في العشر قط **قال** ابو عيسى هكذا روى غير واحد عن الاعمش عن ابراهيم عن الاسود عن عائشة وروى الثوري
وغيره هذا الحديث عن منصور عن ابراهيم ان النبي صلى الله عليه وسلم لم ير صائما في العشر وروى ابو الاحوص

حدیث بیان کی ہم سے ہارون بن اسحاق ہمدانی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبدہ بن سلیمان نے ہشام بن عروہ سے اُسنے روایت کی ہے اپنے باپ سے
اُسنے عائشہ سے اُسنے کہا کہ تھا عاشورہ ایک دن کہ روزہ رکھا کرتے تھے اُسدن قریش جاہلیت مین اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بھی اُسدن روزہ
رکھتے تھے سو جب آپ مدینہ مین تشریف لائے تو عاشورہ کے دن روزہ رکھا اور لوگون کو اُسکے رکھنے کا حکم دیا پس جب فرض کیا گیا رمضان تھا
رمضان وہی فرض اور چھوڑا گیا روزہ عاشورے کا سو جو شخص چاہے اُسکا روزہ رکھے اور جو چاہے ترک کرے اور اس باب مین ابن مسعود اور قیس بن سعد
اور جابر بن سمرہ اور ابن عمر اور معاویہ سے بھی روایت ہے **کہا** ابو عیسیٰ نے کہ عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے اور وہ حدیث صحیح ہے کہتے ہین کہ عاشورے
کا روزہ واجب نہین مگر جو رغبت کرے اُسکے روزے مین واسطے اُسکے جو ذکر کیا گیا ہے اُسمین فضیلت سے **باب** عاشورے کا بیان اور عاشورہ کس دن ہے
حدیث بیان کی ہم سے ہناد اور ابو کریب نے اُن دونون نے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے حاجب بن عمر سے اُسنے روایت کی ہے حکم بن اعرج سے اُسنے کہا کہ مین
ابن عباسؓ کے پاس گیا اور وہ تکیہ لگائے ہوئے تھے چادر اپنی سے زمزم مین سو مین نے کہا کہ آپ مجھکو عاشورہ کے دن سے خبر دو کہ وہ کون دن ہے تا کہ مین روزہ رکھون سو کہا کہ جب محرم کا
چاند دیکھتا ہون تو دن گنتا ہون پھر صبح کرتا ہون نانوین دن کو روزے سے مین نے کہا کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم اُسدن اسی طرح روزہ رکھتے تھے اُسنے کہا ہان۔
حدیث بیان کی ہم سے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الوارث بن یونس نے حسن سے اُسنے روایت کی ہے ابن عباسؓ سے اُسنے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
عاشورے کے دن روزے کا حکم کیا یعنے دسوین دن کو **کہا** ابو عیسیٰ نے ابن عباسؓ کی یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اہل علم کو عاشورے[٢] کے دن مین اختلاف ہے بعضے کہتے
ہین کہ نانوان دن ہے اور بعضے کہتے ہین کہ دسوان دن ہے۔ اور ابن عباس سے مروی ہے کہ روزہ رکھو نانوین کو اور دسوین کو مخالفت کرو یہود سے اور ساتھ
اسی کے قائل ہین شافعی اور احمد اور اسحاق **باب** عشرہ ذی الحجہ کے روزے کا بیان **حدیث** بیان کی ہم سے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو معاویہ نے
اعمش سے اُسنے روایت کی ہے ابراہیم سے اُسنے اسود سے اُسنے عائشہ رضہ سے اُسنے کہا کہ مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دس ذیحجہ کے مہینے مین کبھی روزہ دار
نہین دیکھا **کہا** ابو عیسیٰ نے اسی طرح روایت کی ہے بہت لوگون نے اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے اسود سے اُسنے عائشہ رضہ سے۔ اور روایت
کی ہے ثوری وغیرہ نے یہ حدیث منصور سے اُسنے ابراہیم سے کہ مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہین دیکھے گئے روزے سے عشرہ ذی الحجہ مین اور
روایت کی ہے ابو الاحوص نے

---

[١] یعنے جب رمضان کا روزہ فرض ہوا تو رمضان کے سوا کوئی روزہ فرض نہ رہا اور عاشورہ کی فرضیت منسوخ ہو گئی ۱۲ [٢] محرم کے روزے تین درجے مین افضل یہ ہے کہ دسوین کو
روزہ رکھے اور ایک دن اُس سے پہلے اور ایک دن اُس سے پیچھے اور دوسرا یہ ہے کہ نوین اور دسوین کو روزہ رکھے اور تیسرا یہ ہے کہ فقط دسوین کو روزہ رکھے ۱۲

عن منصور عن ابراهيم عن عائشة ولم يذكر فيه عن الاسود وقد اختلفوا على منصور في الحديث ورواية الاعمش اصح واوصل اسنادا قال سمعت ابابكر محمد بن ابان يقول سمعت وكيعا يقول الاعمش احفظ لاسناد ابراهيم من منصور **باب ما جاء في العمل في ايام العشر** **حدثنا** هناد نا ابو معاوية عن الاعمش عن مسلم وهو ابن ابي عمران البطين عن سعيد بن جبير عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من ايام العمل الصالح فيهن احب الى الله من هذه الايام العشر فقالوا يا رسول الله ولا الجهاد في سبيل الله فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ولا الجهاد في سبيل الله الا رجل خرج بنفسه وماله فلم يرجع من ذلك بشيء وفي الباب عن ابن عمر وابي هريرة وعبد الله بن عمرو وجابر **قال** ابو عيسى حديث ابن عباس حديث حسن غريب صحيح **حدثنا** ابو بكر بن نافع البصري نا مسعود بن واصل عن نهاس بن قهم عن قتادة عن سعيد بن المسيب عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ما من ايام احب الى الله ان يتعبد له فيها من عشر ذي الحجة يعدل صيام كل يوم منها صيام سنة وقيام كل ليلة منها بقيام ليلة القدر **قال** ابو عيسى هذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث مسعود بن واصل عن النهاس وسالت محمدا عن هذا الحديث فلم يعرفه من غير هذا الوجه مثل هذا او قال قد روي عن قتادة عن سعيد بن المسيب عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسل شيء من هذا **باب ما جاء في صيام ستة ايام من شوال** **حدثنا** احمد بن منيع نا ابو معاوية نا سعد بن سعيد عن عمر بن ثابت عن ابي ايوب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صام رمضان ثم اتبعه بست من شوال فذلك صيام الدهر وفي الباب عن جابر وابي هريرة وثوبان **قال** ابو عيسى حديث ابي ايوب حديث حسن صحيح

منصور سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے عائشہ رضؓ سے اور نہین ذکر کیا اسمین واسطہ اسود کا اور اختلاف کیا ہے راویوں نے اس حدیث مین منصور پر اور اعمش کی روایت زیادہ صحیح ہے اور موصول زیادہ ہے اسناد مین کہا سنا مین نے ابابکر محمد بن ابان سے کہتے تھے سنا مین نے وکیع سے کہتا تھا کہ اعمش زیادہ تر یاد رکھنے والا ہے اسناد ابراہیم کی منصور سے **باب** عشرہ ذی الحجہ مین عمل کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے روایت کی ہے مسلم سے اور وہ ابی عمران بطین کا بیٹا ہے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس رضؓ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی دن ایسا نہین کہ عمل نیک اُسمین خدا کے نزدیک بہت پیارا ہو عشرہ ذی الحجہ کے دنون سے سو لوگون نے عرض کی کہ یا رسول اللہ کیا خدا کی راہ مین لڑنا بھی انکے برابر نہین فرمایا خدا کی راہ مین لڑنا بھی انکے برابر نہین مگر وہ مرد جو نکلا ساتھ جان اپنی کے اور مال اپنے کے سو نہین سے کسی چیز کے ساتھ نہ پھرا یعنے خدا کی راہ مین شہید ہوگیا۔ اور اس باب مین ابن عمر اور ابی ہریرہ اور عبد اللہ بن عمرو اور جابر سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے ابن عباس رضؓ کی حدیث حسن غریب صحیح ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ابوبکر بن نافع بصری نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو مسعود بن واصل نے نہاس بن قہم سے اُسنے روایت کی ہے قتادہ سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ رضؓ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی دن ایسے نہین جنمین عبادت کرنی اللہ کو بہت پیاری ہو عشرہ ذی الحجہ سے کہ ہر دن کا روزہ اُنکے برابر ہے ساتھ روزے ایک سال کے اور ہر رات کی عبادت اُنکے برابر ہے ساتھ عبادت شب قدر کے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہے نہین پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث سے ابن مسعود بن واصل کے نہاس سے اور مین نے بخاری سے یہ حدیث پوچھی تو وہ اُسکو نہین پہچانتا تھا سوائے اس حدیث کے مثل اسکے اور کہا کہ تحقیق روایت کیگئی ہے قتادہ سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل کوئی چیز اس سے **باب** شوال کے مہینے سے چھ روزے رکھنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو معاویہ رضؓ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سعد بن سعید نے اُسنے روایت کی ہے عمر بن ثابت سے اُسنے ابی ایوب سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی رمضان کے روزے رکھے پھر اس سے پیچھے چھ روزے رکھے شوال کے مہینے سے پس وہ برابر ہے ہمیشہ روزہ رکھنے کے اور اس باب مین جابر اور ابی ہریرہ اور ثوبان سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے ابی ایوب کی حدیث حسن صحیح ہے

ف بہت حدیثون سے ثابت ہوچکا ہے کہ ان دنون مین روزہ رکھنے کی بڑی فضیلت ہے اور حضرت کا روزہ رکھنا بھی انمین ثابت ہوچکا ہے پس عائشہ رضؓ کی حدیث اسکے مخالف نہین اسلیے کہ اُسنے عدم رویت بیان کی ہے اور شاید کہ اُسکو حضرت کے اس روزے پر اطلاع نہین یا کوئی مانع ہوگا اور اگر کوئی نذر مانے کہ مین سال کے افضل دنون مین روزہ رکھونگا تو یہی دن متعین ہونگے اور اگر کوئی سب دنون سے افضل دن کا روزہ مانے تو عرفہ متعین ہوگا اور اگر ہفتے کا افضل مانے تو جمعہ متعین ہوگا اور مختار یہ ہے کہ ذی الحجہ کے دس دن افضل ہین کہ اسمین عرفے کے دن اور عشرہ رمضان کا افضل ہے کہ اسمین شب قدر ہے ۱۲ ۔ اسلئے کہ یہ سال کے دنون سے اور یہ شاید اسواسطے ہے کہ ہر نیکی کا بدلہ دس نیکیان ہین سو مہینا رمضان کا قائم مقام دس مہینون کا ہے اور چھ دن قائم مقام دو مہینے کے ہوئے ۱۲ واللہ اعلم

وقد استحب قوم صیام ستة من شوال لهذا الحدیث وقال ابن المبارك هو حسن مثل صیام ثلاثة ایام من کل شهر قال ابن المبارك ویروی فی بعض الحدیث ویلحق هذا الصیام برمضان واختار ابن المبارك ان یکون ستة ایام من اول الشهر وقد روی عن ابن المبارك انه قال ان صام ستة ایام من شوال متفرقا فهو جائز **قال** ابو عیسی وقد روی عبد العزیز بن محمد عن صفوان بن سلیم وسعد بن سعید هذا الحدیث عن عمر بن ثابت عن ابی ایوب عن النبی صلی الله علیه وسلم هذا وروی شعبة عن ورقاء بن عمر عن سعد بن سعید هذا الحدیث وسعد بن سعید هو اخو یحیی بن سعید الانصاری وقد تکلم بعض اهل الحدیث فی سعد بن سعید من قبل حفظه **باب** ماجاء فی صوم ثلثة من کل شهر **حدثنا** قتیبة نا ابو عوانة عن سماك بن حرب عن ابی الربیع عن ابی هریرة قال عهد الی رسول الله صلی الله علیه وسلم ثلثة ان لا انام الا علی وتر وصوم ثلثة ایام من کل شهر وان اصلی الضحی **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو داود انبانا شعبة عن الاعمش قال سمعت یحیی بن بسام یحدث عن موسی بن طلحة قال سمعت ابا ذر یقول قال رسول الله صلی الله علیه وسلم یا ابا ذر اذا صمت من الشهر ثلثة ایام فصم ثلث عشرة واربع عشرة وخمس عشرة وفی الباب عن ابی قتادة وعبد الله بن عمرو وقرة بن ایاس المزنی وعبد الله بن مسعود وابی عقرب وابن عباس وعائشة وقتادة بن ملحان وعثمان بن ابی العاص وجریر **قال** ابو عیسی حدیث ابی ذر حدیث حسن وقد روی فی بعض الحدیث ان من صام ثلاثة ایام من کل شهر کان کمن صام الدهر **حدثنا** هناد نا ابو معاویة عن عاصم الاحول عن ابی عثمان عن ابی ذر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من صام من کل شهر ثلثة ایام فذلك صیام الدهر فانزل الله تبارك وتعالی تصدیق ذلك فی کتابه من جاء بالحسنة فله عشر امثالها الیوم بعشرة ایام **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن **قال** ابو عیسی وقد روی شعبة هذا الحدیث عن ابی شمر وابی التیاح عن ابی عثمان وقال عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم

اور ایک جماعت کہتی ہے کہ شوال کے چھ روزے رکھنے مستحب ہیں واسطے اس حدیث کے اور ابن مبارک نے کہا کہ وہ بہتر ہیں مثل روزہ تین دنوں کے ہر مہینے اور ابن مبارک نے کہا کہ بعض حدیثوں میں مروی ہے کہ یہ روزے رمضان کے ساتھ لاحق ہیں اور اختیار کیا ہے ابن مبارک نے کہ یہ چھ روزے مہینے کے اول سے رکھے جاویں۔ اور ابن مبارک سے یہ بھی مروی ہے کہ اگر شوال سے چھے روزے متفرق رکھے تو یہ بھی جایز ہے۔ کہا ابو عیسیٰ نے اور تحقیق روایت کی ہے عبد العزیز بن محمد نے صفوان بن سلیم اور سعد بن سعید سے یہ حدیث عمر بن ثابت سے اُسنے روایت کی ہے ابی ایوب سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ اور روایت کی ہے شعبہ نے ورقا بن عمر سے اُسنے سعد بن سعید سے یہ حدیث اور سعد بن سعید یحییٰ بن سعید انصاری کا بھائی ہے اور بعض اہل حدیث نے سعد بن سعید میں کلام کی ہے اُسکے حفظ کی وجہ سے یعنے اُسکی یادداشت اچھی نہیں۔ **باب** ہر مہینے سے تین روزے رکھنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو عوانہ نے سماک بن حرب سے اُسنے روایت کی ہے ابی ربیع سے اُسنے ابی ہریرہ رضہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھسے عہد لیا تھا تین کاموں کا ایک یہ کہ نہ خواب کروں میں مگر وتر پڑھکے دوسرا یہ کہ روزے تین دن کے ہر مہینے میں رکھوں تیسرا یہ کہ نماز پڑھوں چاشت کی **حدیث** بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو داؤد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے اعمش سے اُسنے کہا سنا میں نے یحییٰ بن بسام سے حدیث بیان کرتا تھا موسیٰ بن طلحہ سے اُسنے کہا سنا میں نے ابا ذر سے کہتا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابو ذر جس وقت کہ روزہ رکھنا چاہتا ہے تو مہینے سے تین دن پس روزہ رکھ تیرہویں اور چودہویں اور پندرہویں کو اور اس باب میں ابی قتادہ اور عبد اللہ بن عمرو اور قرہ بن ایاس مزنی اور عبد اللہ بن مسعود اور ابی عقرب اور ابن عباس اور عائشہ اور قتادہ بن ملحان اور عثمان بن ابی العاص اور جریر سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے ابو ذر کی حدیث حسن ہے اور بعض حدیث میں یہ مروی ہے کہ جو روزہ رکھے تین دن ہر مہینے سے ہوگا مانند اُس شخص کے جو روزہ رکھے ہمیشہ **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو معاویہ نے عاصم احول سے اُسنے روایت کی ہے ابی عثمان سے اُسنے ابی ذر سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی روزہ رکھے تین دن ہر مہینے سے تو یہ برابر ہے ہمیشہ روزہ رکھنے کے سو خدا بابرکت اور بلند نے اُتاری تصدیق اُسکی اپنی کتاب میں کہ جو کوئی ایک نیکی لاوے تو اُسکو اُسکے بدلے دس گنا ثواب ملیگا ایک دن برابر دس دن کے ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے اور تحقیق روایت کی گئی ہے یہ حدیث شعبہ سے اُسنے روایت کی ابی شمر اور ابی التیاح سے اُسنے ابی عثمان سے اور کہا ابو ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے۔

۱؎ جس شخص کو پچھلی رات میں جاگنے کی امید نہو اُسکو مستحب ہے کہ وتر پڑھکر سووے اور جسکو امید ہو اُسکے لیے افضل ہے کہ پچھلی رات وتر پڑھے اور ستاید ابو ہریرہ علم حدیث میں مشغول رہتے تھے اسواسطے آپنے اُنکو وصیت کی کہ سونے سے پہلے وتر پڑھ لیا کریں ۱۲ واللہ اعلم بالصواب

حدثنا محمود بن غیلان نا ابو داود نا شعبة عن یزید الرشک قال سمعت معاذة قالت قلت لعائشة اکان رسول الله صلی الله علیه وسلم یصوم ثلثة ایام من کل شهر قالت نعم قلت من ایه کان یصوم قالت کان لا یبالی من ایه صام قال ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح قال ویزید الرشک هو یزید الضبعی وهو یزید القاسم وهو القسام والرشک هو القسام فی لغة اهل البصرة **باب ما جاء فی فضل الصوم** حدثنا عمران بن موسی القزاز البصری نا عبد الوارث بن سعید نا علی بن زید عن سعید بن المسیب عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان ربکم یقول کل حسنة بعشر امثالها الی سبع مائة ضعف والصوم لی وانا اجزی به والصوم جنة من النار ولخلوف فم الصائم اطیب عند الله من ریح المسک وان جهل علی احدکم جاهل وهو صائم فلیقل انی صائم وفی الباب عن معاذ بن جبل وسهل بن سعد وکعب بن عجرة وسلامة بن قیصر وبشیر بن الخصاصیة واسم بشیر زحم بن معبد والخصاصیة هی امه قال ابو عیسی وحدیث ابی هریرة حدیث حسن غریب من هذا الوجه حدثنا محمد بن بشار نا ابو عامر العقدی عن هشام بن سعد عن ابی حازم عن سهل بن سعد عن النبی صلی الله علیه وسلم قال فی الجنة باب یدعی الریان یدعی له الصائمون فمن کان من الصائمین دخله ومن دخله لم یظمأ ابدا قال ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح غریب حدثنا قتیبة نا عبد العزیز بن محمد عن سهیل بن ابی صالح عن ابیه عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم للصائم فرحتان فرحة حین یفطر وفرحة حین یلقی ربه قال ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح **باب ما جاء فی صوم الدهر** حدثنا قتیبة واحمد بن عبدة الضبی قالا نا حماد بن زید عن غیلان بن جریر عن عبد الله بن معبد عن ابی قتادة قال قیل یا رسول الله کیف بمن صام الدهر قال لا صام ولا افطر او لم یصم ولم یفطر

حدیث بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو داود نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے یزید رشک سے اُسنے کہا سنا مین نے معاذہ سے اُسنے کہا کہ مین نے عائشہ سے کہا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے تھے تین دن ہر مہینے سے اُسنے کہا ہان مین نے کہا کس دن سے روزہ رکھتے تھے اُسنے کہا نہ پرواہ کرتے تھے کہ کس دن سے روزہ رکھین کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور کہا کہ یزید رشک وہ یزید ضبعی ہی اور وہ یزید قاسم اور قسام ہی اور اہل بصرہ کی لغت مین رشک قسام کو کہتے ہین **باب** روزہ کی فضیلت کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے عمران بن موسی قزاز البصری نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الوارث بن سعید نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو علی بن زید نے سعید بن مسیب سے اُسنے روایت کی ابو ہریرہ رضؓ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق رب تمہارا فرماتا ہی کہ ہر نیکی کے بدلے دس گنا ثواب ہی سات سو تک اور روزہ خاص میرے لیے ہی اور مین ہی اُسکا بدلا دونگا اور روزہ ڈھال ہی گناہ سے اور البتہ بو منھ روزہ دار کی خوشتر ہی نزدیک اللہ کے بو مشک سے اور اگر جہالت کرے ایک تمہارے پر کوئی جاہل یعنے بُرا کہے گالی دیوے تو چاہیے کہ کہے کہ مین روزہ دار ہون اور اس باب مین معاذ بن جبل اور سہل بن سعد اور کعب بن عجرہ اور سلامہ بن قیصر اور بشیر بن خصاصیہ سے بھی روایت ہی اور نام بشیر کا زحم بن معبد ہی اور خصاصیہ اُسکی ماں ہی کہا ابو عیسی نے ابو ہریرہ کی حدیث حسن غریب ہی اس طریق سے **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو عامر عقدی نے ہشام بن سعد سے اُسنے روایت کی ابی حازم سے اُسنے سہل بن سعد سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہشت مین ایک دروازہ ہی کہا جاتا ہی اُسکو ریان اُسکے لیے روزہ دارون کو بلایا جاویگا سو جو کوئی روزہ دارون سے ہوگا وہ اُسمین داخل ہوگا اور جو اُسمین داخل ہوگا وہ کبھی پیاسا نہوگا کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہی **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد العزیز بن محمد نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ رضؓ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ روزہ دار کے لیے دو خوشیان ہین ایک خوشی نزدیک افطار کرنے روزے کے اور ایک خوشی وقت ملاقات رب اپنے کے کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہی **باب** تمام عمر روزہ رکھنے کے بیان مین **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ اور احمد بن عبدہ ضبی نے اُن دونون نے کہا خبر دی ہمکو حماد بن زید نے غیلان بن جریر سے اُسنے روایت کی ہی عبد اللہ بن معبد سے اُسنے ابی قتادہ سے اُسنے کہا کہ کسی نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی کہ یا حضرت وہ کس طرح ہی وہ شخص جو ہمیشہ روزہ رکھے فرمایا نہ اُسنے روزہ رکھا اور نہ افطار کیا

ف۱ یعنے کوئی دن مقرر نہ کرتے تھے جب چاہتے روزہ رکھتے ہوتے ف۲ یعنے اُسکا بدلا مین ہی جانتا ہون یعنی ثواب اُسکا بے نہایت ہی کہ مقدار اُسکا سوا خدا کے کوئی نہین جانتا اور یہ فضیلت روزہ کی دو سبب سے ہی ایک یہ کہ روزہ پوشیدہ ہوتا ہی لوگون سے بخلاف تمام عبادتون کے کہ وہ ایسی نہین پس یہ ریا سے خالص ہی دوسرے روزہ مین نفس کشی ہی اور بھوک و پیاس سے صبر کرنا پڑتا ہی اور عبادتون مین حاصل نہین ١٢ ف۳ اُسکے معنی مین اختلاف ہی بعضے کہتے ہین کہ یہ بد دعا ہی واسطے اُسکے تاکہ ایسے فعل سے باز آوے اور ظاہر یہ اخبار ہی کہ اُسکا روزہ ظاہر مین نہین اور باطن مین اسواسطے نہین کہ سنت کے مخالف ہی اور بعضے کہتے ہین کہ اسمین ایام ممنوعہ کا روزہ لازم آتا ہی اور وہ حرام ہی اور بعضے کہتے ہین کہ اسمین ضرر ہی اکثر اوقات آدمی اس سے ہلاک ہوتا ہی اور جہاد وغیرہ حقوق سے باز رہتا ہی ١٢ ع ح واللہ اعلم بالصواب

وفی الباب عن عبد الله بن عمرو وعبد الله بن الشخير وعمران بن حصين وابی موسی **قال** ابو عیسی حدیث ابی قتادة حدیث حسن وقد کرہ قوم من اهل العلم صیام الدهر وقالوا انما یکون صیام الدهر اذا لم یفطر یوم الفطر ویوم الاضحی وایام التشریق فمن افطر فی هذه الایام فقد خرج من حد الکراهیة ولا یکون قد صام الدهر کله هکذا روی عن مالك بن انس وهو قول الشافعی وقال احمد واسحاق نحوا من هذا وقالا لا یجب ان یفطر ایاما غیر هذه الخمسة الایام التی نهی عنها رسول الله صلی الله علیه وسلم یوم الفطر ویوم الاضحی وایام التشریق **باب** ماجاء فی سرد الصوم **حدثنا** قتیبة نا حماد بن زید عن ایوب عن عبد الله بن شقیق قال سالت عائشة عن صیام النبی صلی الله علیه وسلم قالت کان یصوم حتی نقول قد صام ویفطر حتی نقول قد افطر وما صام رسول الله صلی الله علیه وسلم شهرا کاملا الا رمضان وفی الباب عن انس وابن عباس **قال** ابو عیسی حدیث عائشة حدیث حسن صحیح **حدثنا** علی بن حجر نا اسمعیل بن جعفر عن حمید عن انس بن مالك انه سئل عن صوم النبی صلی الله علیه وسلم قال کان یصوم من الشهر حتی یری انه لا یرید ان یفطر منه ویفطر حتی یری انه لا یرید ان یصوم منه شیئا فکنت لا تشاء ان تراه من اللیل مصلیا الا رأیته مصلیا ولا نائما الا رأیته نائما **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** هناد نا وکیع عن مسعر وسفیان عن حبیب بن ابی ثابت عن ابی العباس عن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم افضل الصوم صوم اخی داود کان یصوم یوما ویفطر یوما ولا یفر اذا لاقی **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وابو العباس هو الشاعر الاعمی واسمه السائب بن فروخ وقال بعض اهل العلم افضل الصیام ان یصوم یوما ویفطر یوما ویقال هذا هو اشد الصیام **باب** ماجاء فی کراهیة الصوم یوم الفطر ویوم النحر **حدثنا** قتیبة نا عبد العزیز بن محمد عن عمرو بن یحیی عن ابیه عن ابی سعید الخدری

اور اس باب میں عبد اللہ بن عمرو اور عبد اللہ بن شخیر اور عمران بن حصین اور ابی موسیٰ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے قتادہ کی یہ حدیث حسن ہے اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ ہمیشہ روزہ رکھنا مکروہ ہے اور کہتے ہیں کہ سوا اسکے نہیں ہمیشہ کا روزہ اُسوقت لازم ہوتا ہے جبکہ عید فطر اور قربانی کے دن اور تشریق کے دنوں میں سے روزہ نہ کھولے سو جو شخص کہ ان دنوں میں روزہ افطار کرے پس تحقیق وہ نکلا حد کراہت سے اور اُسنے ہمیشہ روزہ نہیں رکھا یہی مروی ہے مالک بن انس سے اور یہی قول ہے امام شافعی کا۔ اور احمد اور اسحاق نے کہا ہے مثل اُسکے اور کہا دونوں نے کہ ان دنوں کے سوا اور دنوں میں روزہ کھولنا واجب نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُنسے منع فرمایا ہے اور وہ پانچ دن یہ ہیں عید فطر کا دن اور عید قربان کا دن اور تشریق کے دن **باب** پے درپے روزہ رکھنے کے بیان میں **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے روایت کی عبد اللہ بن شقیق سے اُسنے کہا میں نے عائشہ رض سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا روزہ پوچھا اُسنے کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم روزہ رکھتے یہاں تک کہ کہتے ہم کہ نہ افطار کرینگے اور افطار کرتے یہاں تک کہ کہتے ہم کہ نہ روزہ رکھینگے اور نہیں روزہ رکھا حضرت نے پورا مہینا کبھی مگر رمضان میں۔ اور اس باب میں انس اور ابن عباس سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے کہ عائشہ رض کی حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اسمٰعیل بن جعفر نے حمید سے اُسنے روایت کی ہے انس بن مالک سے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے روزے سے پوچھے گئے اُنہوں نے کہا کہ تھے حضرت روزے رکھتے مہینے سے یہاں تک کہ گمان کیا جاتا تھا کہ آپ افطار کا ارادہ نہیں کرینگے اور افطار کرتے تھے یہاں تک کہ گمان کیا جاتا تھا کہ آپ نہیں ارادہ رکھتے یہ کہ روزہ رکھیں اُس سے کچھ پس نہ چاہتا تھا تو یہ کہ دیکھے تو اُنکو رات سے نماز پڑھنے والا مگر کہ دیکھے تو اُنکو نماز پڑھنے والا اور نہ دیکھے تو اُنکو سونے والا مگر یہ کہ دیکھے تو اُنکو سونے والا۔ کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے مسعر اور سفیان سے اُسنے روایت کی حبیب بن ابی ثابت سے اُسنے ابی العباس سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہترین روزہ روزہ بھائی داؤد کا ہے کہ روزہ رکھتے تھے ایک دن اور افطار کرتے تھے ایک دن اور نہ بھاگتے جب ملتے دشمن سے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو العباس شاعر اعمیٰ ہے اور نام اُسکا سائب بن فروخ ہے اور بعض اہل علم نے کہا کہ افضل روزہ یہ ہے کہ روزہ رکھے ایک دن اور افطار کرے ایک دن اور کہا جاتا ہے کہ یہ بہت سخت روزہ ہے **باب** عید فطر کے دن اور قربانی کے دن روزہ رکھنا مکروہ ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد العزیز بن محمد نے عمرو بن یحییٰ سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے ابی سعید خدری سے

قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن صيامين صيام يوم الاضحى ويوم الفطر وفي الباب عن عمر وعلي وعائشة وابي هريرة وعقبة بن عامر وانس **قال** ابو عيسى حديث ابي سعيد حديث حسن صحيح والعمل عليه عند اهل العلم **قال** ابو عيسى وعمرو بن يحيى هو ابن عمارة بن ابي الحسن المازني المدني وهو ثقة روى عنه سفيان الثوري وشعبة ومالك بن انس **حدثنا** محمد بن عبد الملك ابن ابي الشوارب نا يزيد بن زريع نا معمر عن الزهري عن ابي عبيد مولى عبد الرحمن بن عوف قال شهدت عمر بن الخطاب في يوم نحر بدأ بالصلوة قبل الخطبة ثم قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم ينهى عن صوم هذين اليومين اما يوم الفطر ففطركم من صومكم وعيد للمسلمين واما يوم الاضحى فكلوا من لحوم نسككم **قال** ابو عيسى هذا حديث صحيح وابو عبيد مولى عبد الرحمن ابن عوف اسمه سعد ويقال له مولى عبد الرحمن بن ازهر ايضا وعبد الرحمن بن ازهر هو ابن عم عبد الرحمن بن عوف **باب** ماجاء في كراهية صوم ايام التشريق **حدثنا** هناد نا وكيع عن موسى بن علي عن ابيه عن عقبة بن عامر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم عرفة ويوم النحر وايام التشريق عيدنا اهل الاسلام وهي ايام اكل وشرب وفي الباب عن علي وسعد وابي هريرة وجابر ونبيشة وبشر بن سحيم وعبد الله بن حذافة وانس وحمزة بن عمرو الاسلمي وكعب بن مالك وعائشة وعمرو بن العاص وعبد الله بن عمرو **قال** ابو عيسى حديث عقبة بن عامر حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اهل العلم يكرهون صيام ايام التشريق الا ان قوما من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم رخصوا للمتمتع اذا لم يجد هديا ولم يصم في العشر ان يصوم ايام التشريق وبه يقول مالك بن انس والشافعي واحمد واسحاق **قال** ابو عيسى واهل العراق يقولون موسى ابن علي بن رباح واهل مصر يقولون موسى بن علي وقال سمعت قتيبة يقول سمعت الليث بن سعد يقول قال موسى بن علي لا اجعل احدا في حل صغر اسم ابي **باب** ماجاء في كراهية الحجامة للصائم **حدثنا** محمد بن رافع النيسابوري ومحمود بن غيلان ويحيى بن موسى

اسنے کہا کہ منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دو روزے سے قربانی کے دن روزہ رکھنے سے اور عید فطر کے دن روزہ رکھنے سے اور اس باب میں عمر اور علی اور عائشہ اور ابی ہریرہ اور عقبہ بن عامر اور انس سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابو سعید کی حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے کہا ابو عیسیٰ نے اور عمرو بن یحییٰ وہ عمارہ بن ابی الحسن مازنی مدینی ہے اور ثقہ ہے روایت کی ہے اُس سے سفیان ثوری اور شعبہ اور مالک بن انس نے **حدیث** بیان کی ہم سے محمد بن عبد الملک بن ابی الشوارب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یزید بن زریع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو معمر نے زہری سے اُسنے روایت کی ابی عبید مولے عبد الرحمان بن عوف سے اُسنے کہا کہ میں قربانی کے دن عمر بن خطاب رضی کے پاس حاضر ہوا۔ شروع کیا اُسنے نماز کو خطبے سے پہلے پھر کہا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہی منع فرماتے تھے روزے سے ان دونوں دنوں کے لیکن عید فطر کا دن تو تمہارا افطار کرنا ہی روزے تمہارے سے اور عید ہی واسطے مسلمانوں کے اور لیکن قربانی کا دن پس کھاؤ گوشت اپنی قربانیوں کا کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو عبید غلام آزاد شدہ عبد الرحمن بن عوف کا ہے اور نام اسکا سعد ہے اور کہا جاتا ہے اسکو مولے عبد الرحمان بن ازہر بھی اور وہ عبد الرحمن بن عوف کے چچا کا بیٹا ہے **باب** تشریق[1] کے دنوں میں روزہ کی کراہیت کا بیان **حدیث** بیان کی ہم سے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے موسیٰ بن علی سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے عقبہ بن عامر سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عرفے کا دن اور قربانی کا دن اور تشریق کے دن ہم اہل اسلام کی عید ہے اور وہ دن کھانے پینے کے ہیں اور اس باب میں علی اور سعد اور ابی ہریرہ اور جابر اور نبیشہ اور بشر بن سحیم اور عبد اللہ بن حذافہ اور انس اور حمزہ بن عمرو اسلمی اور کعب بن مالک اور عائشہ اور عمرو بن عاص اور عبد اللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے عقبہ بن عامر کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے کہ تشریق کے دنوں میں روزہ رکھنا مکروہ ہے مگر یہ کہ ایک قوم نے نبی صلعم کے اصحاب اور سوائے اُنکے متمتع کے لیے جب وہ نہ پاوے اور روزہ عشرہ ذی حجہ کا نہ رکھے تو رخصت دی ہے ان ایام تشریق میں روزہ رکھنے در ساتھ اسی کے قائل ہیں مالک بن انس اور شافعی اور احمد اور اسحق کہا ابو عیسیٰ نے کہ عراق والے موسیٰ بن علی بن رباح کہتے ہیں یعنی ساتھ زبر لام کے اور مصر والے موسیٰ بن علی کہتے ہیں یعنی ساتھ زیر لام کے اور کہا سنا میں نے قتیبہ سے کہتا تھا سُنا میں نے لیث بن سعد سے کہ موسیٰ بن علی نے کہا میں کسی کو حلال نہیں کرتا کہ میرے باپ کے اسم کو مصغر کرے **باب** روزہ دار کو سینگی کھچوانا مکروہ ہے **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن رافع نیشاپوری اور محمود بن غیلان اور یحییٰ بن موسیٰ نے

[1] تشریق کے دن تین ہیں ذی حجہ کی گیارہویں اور بارہویں اور تیرہویں اور انکو تشریق کے دن اسلیے کہتے ہیں کہ اُنمیں قربانی کا گوشت سورج میں سکھاتے تھے ۱۲ ف

قالوا نا عبد الرزاق عن معمر عن يحيى بن ابي كثير عن ابراهيم بن عبد الله بن قارظ عن السائب بن يزيد عن رافع بن خديج عن النبي صلى الله عليه وسلم قال افطر الحاجم والمحجوم وفي الباب عن سعد وعلي وشداد بن اوس وثوبان واسامة بن زيد وعائشة ومعقل بن يسار ويقال معقل ابن سنان وابي هريرة وابن عباس وابي موسى وبلال قال ابو عيسى حديث رافع بن خديج حديث حسن صحيح وذكر عن احمد ابن حنبل انه قال اصح شئ في هذا الباب حديث رافع بن خديج وذكر عن علي بن عبد الله انه قال اصح شئ في هذا الباب حديث ثوبان وشداد بن اوس لان يحيى بن ابي كثير روى عن ابي قلابة الحديثين جميعا حديث ثوبان وحديث شداد بن اوس وقد كره قوم من اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم الحجامة للصائم حتى ان بعض اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم احتجم بالليل منهم ابو موسى الاشعري وابن عمر وبهذا يقول ابن المبارك قال ابو عيسى وسمعت اسحاق بن منصور يقول قال عبد الرحمن بن مهدي من احتجم وهو صائم فعليه القضاء قال اسحاق بن منصور وهكذا قال احمد بن حنبل واسحاق بن ابراهيم قال ابو عيسى واخبرني الحسن بن محمد الزعفراني قال قال الشافعي قد روي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه احتجم وهو صائم وروي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال افطر الحاجم والمحجوم ولا اعلم احدا من هذين الحديثين ثابتا ولو توقي رجل الحجامة وهو صائم كان احب الي وان احتجم وهو صائم لم ار ذلك ان يفطره قال ابو عيسى هكذا كان قول الشافعي ببغداد واما بمصر فمال الى الرخصة ولم ير بالحجامة باسا واحتج ان النبي صلى الله عليه وسلم احتجم في حجة الوداع وهو محرم صائم

اُنھوں نے کہا خبر دی ہمکو عبدالرزاق نے معمر سے اُسنے روایت کی یحییٰ بن ابی کثیر سے اُسنے ابراہیم بن عبداللہ بن قارظ سے اُسنے سائب بن یزید سے اُسنے رافع بن خدیج سے اُسنے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ روزہ توڑ ڈالا سینگی کھینچنے والے اور کھچوانے والے نے اور اس باب میں سعد اور علی اور شداد بن اوس اور ثوبان اور اسامہ بن زید اور عائشہ اور معقل بن یسار سے (اور کہا جاتا ہے معقل بن سنان) اور ابی ہریرہ اور ابن عباس اور ابی موسیٰ اور بلال سے بھی روایت ہے کہا ابوعیسیٰ نے کہ رافع بن خدیج کی حدیث حسن صحیح ہے اور احمد بن حنبل سے منقول ہے کہ اصح چیز اس باب میں رافع بن خدیج کی حدیث ہے اور علی بن عبد اللہ سے مذکور ہے کہ صحیح چیز اس باب میں ثوبان کی حدیث ہے اور شداد بن اوس کی اسواسطے کہ یحییٰ بن ابی کثیر نے روایت کی ہے ابی قلابہ سے دونوں حدیثیں ایک ہی جگہ حدیث ثوبان کی اور حدیث شداد بن اوس کی اور ایک جماعت اہل علم کی اصحاب وغیرہ سے کہتی ہے کہ روزہ دار کو سینگی لگوانی مکروہ ہے یہاں تک کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعض اصحاب رات میں سینگی لگواتے تھے انہیں میں سے ہیں ابو موسیٰ اشعری اور ابن عمر اور ساتھ اسی کے قائل ہیں ابن مبارک کہا ابوعیسیٰ نے میں نے اسحاق بن منصور سے سنا کہتا تھا کہ عبدالرحمان بن مہدی نے کہا کہ جو کوئی سینگی لگوالے اور وہ روزہ دار ہو تو اسپر قضا ہے اسحق بن منصور نے کہا اسی طرح کہا ہے احمد بن حنبل اور اسحاق بن ابراہیم نے کہا ابوعیسیٰ نے اور خبر دی مجھکو حسن بن محمد زعفرانی نے اُسنے کہا کہ امام شافعی نے کہا کہ روایت کی گئی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے سینگی لگوائی اور وہ روزہ دار تھے اور روایت کی گئی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا کہ روزہ توڑ ڈالا سینگی کھینچنے والے اور کھچوانے والے نے اور میں ان دونوں حدیثوں سے کسی کو ثابت نہیں جانتا اور اگر روزہ دار آدمی سینگی لگوانے سے بچے تو وہ میرے نزدیک بہت پیارا ہے اور اگر سینگی لگوائے اور وہ روزہ دار ہو تو میں نہیں دیکھتا کہ یہ روزہ کو توڑ ڈالے یعنے اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔ کہا ابوعیسیٰ نے کہ شافعی رح کا قول بغداد میں اسی طرح تھا کہ سینگی سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ اور لیکن جب مصر میں آئے تو رخصت کی جانب میل کی اور کہا کہ سینگی سے کچھ ڈر نہیں اور حجت پکڑی ساتھ اسکے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حجۃ الوداع میں سینگی لگوائی اور آپ محرم اور روزہ دار تھے

ف ۱ ایک جماعت اماموں کی اس حدیث کی طرف گئی ہے کہتے ہیں کہ دونوں کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے۔ اور یہ قول ہے امام احمد اور اسحاق رحمہما اللہ کا اور بعضے کہتے ہیں کہ اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا مگر مکروہ ہے یہ قول مسروق اور حسن اور ابن سیرین رحمہم اللہ کا ہے اور کہتے ہیں کہ یہ حدیث زجر اور تنبیہ پر محمول ہے۔ اور اکثر امام کہتے ہیں کہ سینگی میں کچھ ڈر نہیں یہ قول امام شافعی اور مالک اور اصحاب ابی حنیفہ رحمہم اللہ کا ہے دلیل انکی وہ حدیث ہے جو ابن عباس رض سے بروایت صحیح مروی ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے سینگی لگوائی اور آپ محرم اور روزہ دار تھے ۱۲
واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب

باب ماجاء من الرخصة فی ذلك **حدثنا** بشر بن هلال البصری نا عبد الوارث بن سعید نا ایوب عن عکرمة عن ابن عباس قال احتجم رسول الله صلی الله علیه وسلم وهو محرم صائم **قال** ابو عیسی هذا حدیث صحیح هکذا روی وهیب نحو روایة عبد الوارث وروی اسمعیل بن ابراهیم عن ایوب عن عکرمة مرسلا ولم یذکر فیه عن ابن عباس **حدثنا** ابو موسی محمد بن المثنی نا محمد بن عبد الله الانصاری عن حبیب بن الشهید عن میمون بن مهران عن ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم احتجم وهو صائم **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن غریب من هذا الوجه **حدثنا** احمد بن منیع نا عبد الله بن ادریس عن یزید بن ابی زیاد عن مقسم عن ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم احتجم فیما بین مکة والمدینة وهو محرم صائم وفی الباب عن ابی سعید وجابر وانس **قال** ابو عیسی حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح وقد ذهب بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم الی هذا الحدیث ولم یروا بالحجامة للصائم باسا وهو قول سفیان الثوری ومالك بن انس والشافعی **باب** ماجاء فی کراهیة الوصال فی الصیام **حدثنا** نصر بن علی الجهضمی نا بشر بن المفضل وخالد بن الحارث عن سعید بن ابی عروبة عن قتادة عن انس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تواصلوا قالوا فانك تواصل یا رسول الله قال انی لست کاحدکم ان ربی یطعمنی ویسقینی وفی الباب عن علی وابی هریرة وعائشة وابن عمر وجابر وابی سعید وبشیر بن الخصاصیة **قال** ابو عیسی حدیث انس حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند بعض اهل العلم کرهوا الوصال فی الصیام وروی عن عبد الله بن الزبیر انه کان یواصل الایام ولا یفطر **باب** ماجاء فی الجنب یدرکه الفجر وهو یرید الصوم **حدثنا** قتیبة نا اللیث عن ابن شهاب عن ابی بکر بن عبد الرحمن بن الحارث بن هشام قال اخبرتنی عائشة وام سلمة زوجا النبی صلی الله علیه وسلم کان یدرکه الفجر

باب روزہ میں سینگی لگوانی جائز ہے۔ **حدیث** بیان کی ہم سے بشر بن ہلال نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الوارث بن سعید نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ایوب نے عکرمہ سے اُسنے روایت کی ہے ابن عباس سے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے سینگی لگوائی اور آپ محرم اور روزہ دار تھے کہا ابو عیسیٰ نے کہ یہ حدیث صحیح ہے اسی طرح روایت کی ہے وہیب نے مثل عبد الوارث کے اور روایت کی ہے اسماعیل بن ابراہیم نے ایوب سے اُسنے عکرمہ سے مرسل اور نہیں ذکر کیا اُسمیں واسطہ ابن عباس کا **حدیث** بیان کی ہم سے ابو موسیٰ محمد بن مثنّی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو محمد بن عبد اللہ انصاری نے حبیب بن شہید سے اُسنے میمون بن مہران سے اُسنے ابن عباس سے کہ نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم نے سینگی لگوائی اور آپ روزہ دار تھے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہے اس وجہ سے **حدیث** بیان کی ہم سے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن ادریس نے یزید بن ابی زیاد سے اُسنے روایت کی ہے مقسم سے اُسنے ابن عباسؓ سے کہ نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم نے مکے اور مدینے کے درمیان سینگی لگوائی اور آپ محرم اور روزہ دار تھے اور اس باب میں ابی سعید اور جابر اور انس سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے ابن عباس کی حدیث حسن صحیح ہے اور بعض اہل علم نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کے اصحاب وغیرہ سے اس حدیث کی طرف گئے ہیں کہتے ہیں کہ روزہ دار کو سینگی لگوانے میں کچھ ڈر نہیں اور یہی قول ہے سفیان ثوری اور مالک بن انس اور شافعی کا **باب** روزہ میں وصال[1] کرنا مکروہ ہے **حدیث** بیان کی ہم سے نصر بن علی جہضمی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو بشر بن مفضل اور خالد بن حارث نے سعید بن ابی عروبہ سے اُسنے روایت کی ہے قتادہ سے اُسنے انسؓ سے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ طے کا روزہ نہ رکھو اصحاب نے عرض کی کہ آپ طے کا روزہ رکھتے ہیں یا رسول اللہ فرمایا کہ میں نہیں ہوں مثل ایک تمہارے کے کہ مقرر میرا رب کھلاتا ہے مجھکو اور پلاتا ہے اور اس باب میں علی اور ابی ہریرہ اور عائشہ اور ابن عمر اور جابر اور ابی سعید اور بشیر بن خصاصیہ سے روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے انس کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے کہتے ہیں کہ روزہ میں وصال کرنا مکروہ ہے اور روایت ہے عبد اللہ بن زبیر سے کہ وہ کئی دن روزے میں وصال کرتے تھے اور افطار نہیں کرتے تھے **باب** اگر کسی کو نہانے کی حاجت ہو اور اسکو فجر ہو جاوے اور وہ روزہ کا ارادہ رکھتا ہے تو کیا کرے **حدیث** بیان کی ہم سے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو لیث نے ابن شہاب سے اُسنے روایت کی ابی بکر بن عبد الرحمٰن بن حارث بن ہشام سے اُسنے کہا خبر دی مجھکو عائشہؓ اور ام سلمہ نبی صلّی اللہ علیہ وسلّم کی بی بیوں نے کہ تھے حضرت پالیتی انکو فجر

[1] وصال اسکو کہتے ہیں کہ دو روزے یا زیادہ رکھے اسطرح کہ درمیان میں افطار نہ کرے اور اسکو طے کے روزے بھی کہتے ہیں ایسے روزہ کی ممانعت نہیں ہے ١٢

وهو جنب من اهله ثم يغتسل فيصوم **قال** ابو عيسى حديث عائشة وام سلمة حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم وهو قول سفيان الثوري والشافعي واحمد واسحاق وقد قال قوم من التابعين اذا اصبح جنبا يقضي ذلك اليوم والقول الاول اصح **باب** ماجاء في اجابة الصائم الدعوة **حدثنا** ازهر بن مروان البصري نا محمد بن سواء نا سعيد بن ابي عروبة عن ايوب عن محمد بن سيرين عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا دُعي احدكم الى طعام فليجب فان كان صائما فليُصلِّ يعني الدعاء **حدثنا** نصر بن علي نا سفيان بن عيينة عن ابي الزناد عن الاعرج عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال اذا دعي احدكم وهو صائم فليقل اني صائم **قال** ابو عيسى فكلا الحديثين في هذا الباب عن ابي هريرة حسن صحيح **باب** ماجاء في كراهية صوم المرأة الا باذن زوجها **حدثنا** قتيبة ونصر بن علي قالا نا سفيان بن عيينة عن ابي الزناد عن الاعرج عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تصوم المرأة وزوجها شاهد يوما من غير شهر رمضان الا باذنه وفي الباب عن ابن عباس وابي سعيد **قال** ابو عيسى حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح وقد روى هذا الحديث عن ابي الزناد عن موسى بن ابي عثمان عن ابيه عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم **باب** ماجاء في تاخير قضاء رمضان **حدثنا** قتيبة نا ابو عوانة عن اسمعيل السدي عن عبد الله البهي عن عائشة قالت ماكنت اقضي ما يكون علي من رمضان الا في شعبان حتى توفي رسول الله صلى الله عليه وسلم **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح وقد رواه يحيى بن سعيد الانصاري عن ابي سلمة عن عائشة رض نحو هذا **باب** ماجاء في فضل الصائم اذا اكل عنده

اور آپ کو نہانے کی حاجت ہوتی اپنے اہل کی وجہ سے پھر غسل کرتے اور روزہ رکھتے **کہا** ابو عیسیٰ نے کہ عائشہ اور ام سلمہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہم سے اور یہی قول ہے سفیان اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا اور تحقیق کہا ہے ایک جماعت نے تابعین سے کہ جب جنابت کی حالت میں صبح ہو جاوے تو یہ دن قضا کرے اور پہلا قول زیادہ صحیح ہے **باب** روزہ دار کو دعوت قبول کرنے کا کیا حکم ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ازہر بن مروان بصری نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو محمد بن سوار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سعید بن ابی عروبہ نے ایوب سے اُسنے روایت کی ہے محمد بن سیرین سے اُسنے ابی ہریرہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بُلایا جاوے ایک تمہارا طرف طعام کے پس چاہیے کہ قبول کرے سو اگر ہووے روزہ دار تو نماز پڑھے یعنے دعا کرے واسطے اہل دعوت کے ساتھ مغفرت اور برکت کے **حدیث** بیان کی ہمسے نصر بن علی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے ابی زناد سے اُسنے روایت کی اعرج سے اُسنے ابی ہریرہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بُلایا جاوے ایک تمہارا طرف کھانے کے اور وہ روزہ دار ہو تو چاہیے کہ کہے کہ میں روزہ دار ہوں **کہا** ابو عیسیٰ نے دونوں حدیثیں اس باب میں ابو ہریرہ سے حسن صحیح ہیں **باب** عورتوں کو نفل روزہ رکھنا منع ہے مگر ساتھ اذن خاوند اپنے کے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ اور نصر بن علی نے اُن دونوں نے کہا کہ خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے ابی زناد سے اسنے روایت کی اعرج سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ روزہ رکھے عورت کسی دن اور خاوند اسکا موجود ہو مگر اذن اُسکے سے سوا مہینے رمضان کے اور اس باب میں ابن عباس اور ابی سعید سے بھی روایت ہے **کہا** ابو عیسیٰ نے ابی ہریرہ رض کی حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی گئی ہے یہ حدیث ابی زناد سے اُسنے موسیٰ بن ابی عثمان سے اسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **باب** روزہ رمضان کی قضا میں تاخیر کرلی درست ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو عوانہ نے اسمٰعیل سدی سے اُسنے روایت کی عبد اللہ بہی سے اُسنے روایت کی عائشہ رض سے کہ نہ قضا کرتی تھی میں وہ روزے جو ہوتے مجھپر رمضان سے مگر شعبان میں یہانتک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا **کہا** ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کیا ہے اسکو یحییٰ بن سعید انصاری نے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے عائشہ سے مثل اسکے **باب** روزہ دار کی فضیلت کا بیان جبکہ کھایا جاوے نزدیک اُسکے

ف۱ آپ کو نہانے کی حاجت ہوئی بسبب جماع کے کہ اپنی بی بیوں سے کرتے نہ بسبب احتلام کے اور باوجود اسکے روزہ رکھتے پس معلوم ہوا کہ جنابت کی حالت میں روزے کی نیت کرلی اور صبح کو نہانا منع نہیں جائز ہے اور جب جماع میں جو اختیاری امر ہے روزہ درست ہے تو احتلام میں بطریق اولیٰ ہوگا بلکہ روزے کی حالت میں احتلام ہونا بھی مضر نہیں اور اہل کی قید اسواسطے ہے کہ پیغمبروں کو احتلام نہیں ہوتا ۱۲ ف۲ واجب ہے افطار کرنا روزہ نفلی کا اگر تشویش میں پڑے دعوت کرنے والا اور نہ کھانے کے سبب سے دشمنی حاصل ہو اور اگر یہ خوف نہو تو مستحب ہے افطار کرنا اور اگر دونوں امر برابر ہوں نزدیک اُسکے تو افضل ہے کہ کہے کہ میں روزہ دار ہوں ۱۲ ف۳ اور یہی ہے قول امام ابو حنیفہ کا ۱۲ ف۴ اسواسطے کہ خدا نے قرآن میں فرمایا کہ مباشرت کرو عورتوں سے اور طلب کرو جو لکھا ہے اللہ نے واسطے تمہارے فجر تک پس جب فجر تک صحبت کرنا اور کھانا پینا جائز ہے تو ضروری ہے کہ غسل بعد صبح کے واقع ہو ۱۲

حدثنا علی بن حجر نا شریک عن حبیب بن زید عن ابی لیلی عن مولاتها عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الصائم اذا اکل عندہ المفاطیر صلت علیہ الملائکۃ **قال** ابو عیسی وروی شعبۃ ھذا الحدیث عن حبیب بن زید عن جدتہ ام عمارۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو داود نا شعبۃ عن حبیب بن زید قال سمعت مولاۃ لنا یقال لھا لیلی تحدث عن ام عمارۃ ابنۃ کعب الانصاریۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم دخل علیہا فقدمت الیہ طعاما فقال کلی فقالت انی صائمۃ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الصائم تصلی علیہ الملائکۃ اذا اکل عندہ حتی یفرغوا وربما قال حتی یشبعوا **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح وھو اصح من حدیث شریک **حدثنا** محمد بن بشار نا محمد بن جعفر نا شعبۃ عن حبیب بن زید عن مولاۃ لھم یقال لھا لیلی عن ام عمارۃ بنت کعب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ ولم یذکر فیہ حتی یفرغوا او یشبعوا **قال** ابو عیسی وام عمارۃ وھی جدۃ حبیب بن زید الانصاری **باب** ما جاء فی قضاء الحائض الصیام دون الصلوۃ **حدثنا** علی بن حجر نا علی بن مسھر عن عبیدۃ عن ابراھیم عن الاسود عن عائشۃ قالت کنا نحیض عند رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم نطھر فیامرنا بقضاء الصیام ولا یامرنا بقضاء الصلوۃ **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن وقد روی عن معاذۃ عن عائشۃ ایضا والعمل علی ھذا عند اھل العلم لا نعلم بینھم اختلافا فی ان الحائض تقضی الصیام ولا تقضی الصلوۃ **قال** ابو عیسی وعبیدۃ ھو ابن معتب الضبی الکوفی ویکنی ابا عبد الکریم **باب** ما جاء فی کراھیۃ مبالغۃ الاستنشاق للصائم **حدثنا** عبد الوھاب الوراق وابو عمارۃ قالا نا یحیی بن سلیم قال حدثنی اسماعیل بن کثیر قال سمعت عاصم بن لقیط بن صبرۃ عن ابیہ قال قلت یا رسول اللہ اخبرنی عن الوضوء قال اسبغ الوضوء وخلل بین الاصابع وبالغ فی الاستنشاق الا ان تکون صائما

حدیث بیان کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو شریک نے حبیب بن زید سے اُسنے روایت کی ابی لیلے سے اُسنے اپنی آزاد شدہ باندی سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا کہ روزہ دار جب کھاوین نزدیک اُسکے روزہ افطار کرنے والے تو رحمت بھیجتے ہین اُسپر فرشتے کہا ابو عیسیٰ نے اور روایت کی ہی شعبہ نے یہ حدیث حبیب بن زید سے اُسنے اپنی دادی ام عمارہ سے (جو بیٹی کعب انصاریہ کی ہی) اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے **حدیث** بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو داؤد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے حبیب بن زید سے کہ مین نے اپنی لونڈی سے سُنا کہا جاتا تھا اُسکو لیلیٰ وہ حدیث بیان کرتی تھی ام عمارہ بنت کعب انصاری سے کہ مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اُسپر داخل ہوئے سو وہ حضرت پاس کھانا لائی سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکو فرمایا کہ کھا سو اُسنے کہا کہ مین روزے سے ہوں سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مقرر روزہ دار پر رحمت بھیجتے ہین فرشتے جب کہ کھایا جاوے نزدیک اُسکے یہان تک کہ فارغ ہون کھانے والے اور کبھی کہا یہان تک کہ سیر ہو جاوین کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور وہ زیادہ صحیح ہی شریک کی حدیث سے **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو محمد بن جعفر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے حبیب بن زید سے اُسنے اپنی باندی سے جو کہا جاتا تھا اُسکو لیلے اُسنے روایت کی ام عمارہ بیٹی کعب سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے اور نہین ذکر کیا اسمین یہان تک کہ فارغ ہون کھانے والے یا سیر ہون کہا ابو عیسیٰ نے اور ام عمارہ دادی ہی حبیب بن زید انصاری کی **باب** حیض والی عورت روزے کو قضا کرے اور نماز کو قضا نہ کرے **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو علی بن مسہر نے عبیدہ سے اُسنے روایت کی ابراہیم سے اُسنے اسود سے اُسنے عائشہ رضی سے اُسنے کہا کہ ہم حیض مین ہوتین نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر حیض سے جب پاک ہوتین تو حضرت ہمکو حکم کرتے ساتھ قضا روزے کے اور نہ[1] حکم کرتے ہمکو ساتھ قضا نماز کے **کہا** ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہی اور تحقیق روایت کی گئی ہی معاذہ سے اُسنے عائشہ رضی سے بھی اور عمل اسیر ہی نزدیک اہل علم کے نہین جانتے ہم درمیان اُنکے اختلاف اسمین کہ حیض والی قضا کرے روزہ اور نہ قضا کرے نماز کہا ابو عیسیٰ نے اور عبیدہ وہ ابن معتب ضبی کوفی ہی اور کنیت کیا جاتا ہی ابو عبد الکریم **باب** روزہ دار کو ناک مین پانی ڈالنے مین مبالغہ کرنا مکروہ ہی **حدیث** بیان کی ہمسے عبد الوہاب وراق اور ابو عمارہ نے اُنھون نے کہا خبر دی ہمکو یحییٰ بن سلیم نے اُسنے کہا حدیث بیان کی مجھسے اسمٰعیل بن کثیر نے اُسنے کہا سُنا مین نے عاصم بن لقیط بن صبرہ سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے کہا مین نے عرض کی کہ یا رسول اللہ خبر دیجے مجھکو وضو سے فرمایا کہ کامل کر وضو کو اور خلال کر درمیان انگلیون کے اور مبالغہ کر ناک مین پانی ڈالنے مین مگر یہ کہ ہو تو روزہ سے

[1] پس اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت پر روزہ کی قضا واجب نہین اور اسپر سب کا اجماع ہی ۱۲ [2] یعنی اُسکے سب مستحبات اور آداب کو بجا لا ۱۲

قال ابو عیسٰی هذا حدیث حسن صحیح وقد کره اهل العلم السعوط للصائم وراوا ان ذلک یفطره وفی الحدیث ما یقوی قولهم **باب** ما جاء فیمن نزل بقوم فلا یصوم الا باذنهم **حدثنا** بشر بن معاذ العقدی البصری نا ایوب بن واقد الکوفی عن هشام بن عروة عن ابیه عن عائشة قالت قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من نزل علی قوم فلا یصوم من تطوعا الا باذنهم **قال** ابو عیسٰی هذا حدیث منکر لا نعرف احدا من الثقات روی هذا الحدیث عن هشام بن عروة وقد روی موسی بن داود عن ابی بکر المدینی عن هشام بن عروة عن ابیه عن عائشة عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوا من هذا وهذا حدیث ضعیف ایضا ابو بکر ضعیف عند اهل الحدیث وابو بکر المدینی الذی روی عن جابر بن عبد الله اسمه الفضل بن مبشر وهو اوثق من هذا واقدم **باب** ما جاء فی الاعتکاف **حدثنا** محمود بن غیلان نا عبد الرزاق نا معمر عن الزهری عن سعید بن المسیب عن ابی هریرة وعروة عن عائشة ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یعتکف العشر الاواخر من رمضان حتی قبضه الله قال وفی الباب عن ابی بن کعب وابی لیلی وابی سعید وانس وابن عمر **قال** ابو عیسٰی حدیث ابی هریرة وعائشة حدیث حسن صحیح **حدثنا** هناد نا ابو معاویة عن یحیی بن سعید عن عمرة عن عائشة قالت کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا اراد ان یعتکف صلی الفجر ثم دخل فی معتکفه **قال** ابو عیسٰی وقد روی هذا الحدیث عن یحیی بن سعید عن عمرة عن النبی صلی الله علیه وسلم مرسل ورواه مالک وغیر واحد عن یحیی بن سعید مرسلا ورواه الاوزاعی وسفیان الثوری عن یحیی بن سعید عن عمرة عن عائشة والعمل علی هذا الحدیث عند بعض اهل العلم یقولون اذا اراد الرجل ان یعتکف صلی الفجر ثم دخل فی معتکفه وهو قول احمد بن حنبل واسحاق بن ابراهیم وقال بعضهم

کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اہل علم کہتے ہیں کہ روزہ دار کو نسوار لینی منع ہے اور کہتے ہیں کہ نسوار روزہ کو توڑ ڈالتی ہے اور اس حدیث میں وہ چیز ہے جو اسکے قول کو قوی کرتی ہے **باب** جب کوئی شخص کسی قوم کے پاس جاوے یعنی اسکا مہمان ہووے تو نہ روزے رکھے مگر ساتھ اذن انکی کے حدیث بیان کی ہمسے بشر بن معاذ عقدی بصری نے اسنے کہا خبر دی ہمکو ایوب بن واقد کوفی نے ہشام بن عروہ سے اسنے روایت کی اپنے باپ سے اسنے عائشہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کسی قوم پر اترے تو نہ روزہ رکھے نفلی مگر اذن انکے سے کہا ابو عیسیٰ نے کہ یہ حدیث منکر ہے نہیں جانتا میں کسی ثقہ کو کہ اس حدیث کی روایت کی ہو ہشام بن عروہ سے اور تحقیق روایت کی ہے موسی بن داود نے ابی بکر مدنی سے اسنے ہشام بن عروہ سے اسنے اپنے باپ سے اسنے عائشہ رضہ سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے اور یہ حدیث بھی ضعیف ہے اور ابو بکر ضعیف ہے نزدیک اہل حدیث کے اور ابو بکر مدنی جسنے جابر بن عبد اللہ سے روایت کی ہے اسکا نام فضل بن مبشر ہے اور وہ ثقہ ہے اس سے اور مقدم ہے اس سے **باب** اعتکاف کا بیان حدیث بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الرزاق نے اسنے کہا خبر دی ہمکو معمر نے زہری سے اسنے روایت کی سعید بن مسیب سے اسنے ابی ہریرہ اور عروہ سے انھوں نے عائشہ سے کہ مقرر تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف کرتے آخر دہے میں رمضان کے یہانتک کہ قبض کی اللہ نے روح آپ کی اور اس باب میں ابی بن کعب اور ابی لیلی اور ابی سعید اور انس اور ابن عمر سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے کہ ابو ہریرہ اور عائشہ کی حدیث حسن صحیح ہے حدیث بیان کی ہمسے ہناد نے اسنے کہا خبر دی ہمکو ابو معاویہ نے یحیی بن سعید سے اسنے روایت کی ہے عمرہ سے اسنے عائشہ سے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کہ ارادہ کرتے اعتکاف کرنے کا تو نماز پڑھتے فجر کی پھر داخل ہوتے بیچ جگہ اعتکاف اپنی کے کہا ابو عیسیٰ نے اور تحقیق روایت کی گئی ہے یہ حدیث یحیی بن سعید سے اسنے عمرہ سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل اور روایت کیا ہے اسکو امام مالک وغیرہ نے یحیی بن سعید سے مرسل اور روایت کیا ہے اسکو اوزاعی اور سفیان ثوری نے یحیی بن سعید سے اسنے عمرہ سے اسنے عائشہ سے اور عمل اس حدیث پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے کہتے ہیں کہ جب ارادہ کرے کوئی اعتکاف کرنے کا تو نماز پڑھے فجر کی پھر اعتکاف کی جگہ میں داخل ہووے۔ اور یہی قول ہے احمد بن حنبل اور اسحق بن ابراہیم کا اور بعضے کہتے ہیں

(۱) اعتکاف کے معنے لغت میں ٹھہرنا ایک جگہ۔ اور شرع میں ٹھہرنا بیچ مسجد جماعت کے ساتھ نیت اعتکاف کے۔ اور حنفیہ کے نزدیک رمضان کے آخر دہے میں اعتکاف کرنا سنت موکدہ ہے کہ حضرت نے اسپر ہمیشگی کی اور کثرت اعتکاف نفلی کے یہ معنی ہیں کہ اگر تمام عمر اعتکاف کی نیت کرے تو درست ہے اور اقل مدت میں اختلاف ہے امام محمد کے نزدیک ایک ساعت ہے دن سے ہو یا رات سے اور یہی ظاہر روایت ہے امام صاحب کے نزدیک بھی۔ اور امام ابو یوسف کے نزدیک اکثر دن سے ہے یعنے آدھے دن سے زیادہ ۱۲

اذا اراد ان یعتکف فلتغب له الشمس من اللیلة التی یرید ان یعتکف فیها من الغد وقد قعد فی معتکفه وهو قول سفیان الثوری ومالك بن انس **باب** ما جاء فی لیلة القدر **حدثنا** هارون بن اسحاق الهمدانی نا عبدة بن سلیمان عن هشام بن عروة عن ابیه عن عائشة قالت كان رسول الله صلی الله علیه وسلم یجاور فی العشر الاواخر من رمضان ویقول تحروا لیلة القدر فی العشر الاواخر من رمضان وفی الباب عن عمر وابی بن كعب وجابر بن سمرة وجابر بن عبد الله وابن عمر والفلتان بن عاصم وانس وابی سعید وعبد الله ابن انیس وابی بكرة وابن عباس وبلال وعبادة بن الصامت **قال** ابو عیسی حدیث عائشة حدیث حسن صحیح وقولها یجاور تعنی یعتكف واكثر الروایات عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال التمسوها فی العشر الاواخر فی كل وتر وروی عن النبی صلی الله علیه وسلم فی لیلة القدر انها لیلة احدی وعشرین ولیلة ثلث وعشرین وخمس وعشرین وسبع وعشرین وتسع وعشرین واخر لیلة من رمضان قال الشافعی كان هذا عندی والله اعلم ان النبی صلی الله علیه وسلم كان یجیب علی نحو ما یسال عنه یقال له نلتمسها فی لیلة كذا فیقول التمسوها فی لیلة كذا قال الشافعی واقوی الروایات عندی فیها لیلة احدی وعشرین **قال** ابو عیسی وقد روی عن ابی بن كعب انه كان یحلف انها لیلة سبع وعشرین ویقول اخبرنا رسول الله صلی الله علیه وسلم بعلامتها فعددنا وحفظنا وروی عن ابی قلابة انه قال لیلة القدر تنتقل فی العشر الاواخر اخبرنا بذلك عبد بن حمید نا عبد الرزاق عن معمر عن ایوب عن ابی قلابة بهذا **حدثنا** واصل بن عبد الاعلی الكوفی نا ابو بكر بن عیاش عن عاصم عن زر قال قلت لابی بن كعب

کہ جب ارادہ کرے اعتکاف[1] کا تو چاہیئے کہ غروب ہووے واسطے اسکے سورج اس رات سے کہ جسمین اعتکاف کا ارادہ رکھتا ہی کل سے اور حالانکہ وہ بیٹھ چکا ہو اپنے اعتکاف کی جگہ مین یہ قول سفیان ثوری اور مالک بن انس کا ہی **باب** شب قدر کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے ہارون بن اسحق ہمدانی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبدہ بن سلیمان نے ہشام بن عروہ سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے روایت کی ہی عائشہ سے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعتکاف کرتے آخر دہے مین رمضان کے۔ اور فرماتے تلاش کرو شب قدر کو آخر دہے مین رمضان کے آور اس باب مین عمر اور ابی بن کعب اور جابر بن سمرہ اور جابر بن عبد اللہ اور ابن عمر اور فلتان بن عاصم اور انس اور ابی سعید اور عبد اللہ بن انیس اور ابی بکرہ اور ابن عباس اور بلال اور عبادہ بن صامت سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسی نے کہ عائشہ کی یہ حدیث حسن صحیح ہی اور یجاور کے معنی اعتکاف کے ہین اور اکثر روایتین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ ہین کہ آپ نے فرمایا کہ تلاش کرو شب قدر کو آخر دہے مین ہر طاق راتون مین۔ اور روایت کی گئی ہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے شب قدر مین کہ وہ اکیسوین رات ہی اور تیئیسوین رات ہی اور پچیسوین رات ہی اور ستائیسوین رات ہی۔ اور انتیسوین رات ہی اور پچھلی رات رمضان کی ہی۔ امام شافعی نے کہا کہ میرے نزدیک سبب اسکا یہ ہی۔ اور خدا خوب جانتا ہی کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے جواب دیتے مثل اُسکے جو سوال کیا جاتا تھا آپ سے کہا جاتا تھا واسطے آپ کے کہ ہم تلاش کرتے ہین اُسکو ایسی رات مین سو فرماتے کہ تلاش کرو اسکو ایسی رات مین۔ اور شافعی نے کہا کہ بہت قوی سب روایتون سے نزدیک میرے اکیسوین رات ہی کہا ابو عیسی نے اور تحقیق روایت کی گئی ہی ابی بن کعب سے کہ وہ قسم کھاتا تھا کہ شب قدر ستائیسوین رات ہی۔ اور کہتا تھا کہ خبر دی ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ نشانیون اُسکی کی سو ہمنے انکو گنا اور یاد رکھا۔ اور روایت کی گئی ہی ابی قلابہ سے کہ شب قدر پھرتی ہی آخر دہے مین خبر دی ہمکو ساتھ اسکے عبد بن حمید نے اُسنے کہا کہ خبر دی ہمکو عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے روایت کی ہی ایوب سے اُسنے ابی قلابہ سے ساتھ اسکے **حدیث** بیان کی ہمسے واصل بن الاعلی کوفی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو بکر بن عیاش نے عاصم سے اُسنے روایت کی ہی زر سے کہ بیٹے ابی بن کعب سے کہا

[1] دلیل پکڑی ہی ساتھ اس حدیث کے اوزاعی اور ثوری نے کہ ابتدا اعتکاف کی اول دن سے ہی اور چارون اماموں کے نزدیک یہ ہی کہ داخل ہووے پہلے غروب کے اگر اعتکاف ایک مہینے یا عشرہ اخیر کا ارادہ ہو اور نکلے اخیر مین بعد غروب آفتاب کے۔ لیکن یہ حدیث ظاہر مین مخالف ہی چارون اماموں کے ۱۲[2] اکثر علماء کے نزدیک یہی قول قوی ہی کہ وہ ستائیسوین رات ہی اور شب قدر خاص اسی امت کے واسطے مقرر ہوئی ہی اسواسطے کہ جب حضرت[3] کو معلوم ہوا کہ اگلی امتون کی عمرین بہت تھین تو آپنے افسوس کیا کہ میری امت کے لوگ تھوڑی عمرین مین اُنکے سے عمل نہین کر سکینگے پس دی اللہ تعالی نے انکو لیلۃ القدر کہ اسمین عبادت کرنی بہتر ہی ہزار مہینے سے یعنی تراسی برس اور چار مہینے سے اور اسمین تجلی رحمت خاص جناب باری کا ہوتا ہی آسمان دنیا پر غروب آفتاب سے لیکر طلوع صبح صادق تلک اور اسمین فرشتے اترتے ہین اور اسمین بڑے بڑے کام واقع ہوتے ہین اور اسکو لیلۃ القدر اسواسطے کہتے ہین کہ اسمین رزق اور اجلین اور احکام سال بھر کے مقرر ہوتے ہین ۱۲

انی علمت ابا المنذر انها ليلة سبع وعشرين قال بلى اخبرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم انها ليلة صبيحتها تطلع الشمس ليس لها شعاع فعددنا وحفظنا والله لقد علم ابن مسعود انها فی رمضان وانها ليلة سبع وعشرين ولكن كره ان يخبركم فتتكلوا قال ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح حدثنا حميد بن مسعدة نا يزيد بن زريع نا عيينة بن عبد الرحمن قال حدثنی ابی قال ذكرت ليلة القدر عند ابی بكرة فقال ما انا ملتمسها لشئ سمعته من رسول الله صلى الله عليه وسلم الا فی العشر الاواخر فانی سمعته يقول التمسوها فی تسع يبقين او سبع يبقين او خمس يبقين او ثلث او اخر ليلة قال وكان ابو بكرة يصلی فی العشرين من رمضان كصلوته فی سائر السنة فاذا دخل العشر اجتهد قال ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح باب منه حدثنا محمود بن غيلان نا وكيع نا سفيان عن ابی اسحاق عن هبيرة بن يريم عن علی ان النبی صلى الله عليه وسلم كان يوقظ اهله فی العشر الاواخر من رمضان قال ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح حدثنا قتيبة نا عبد الرحمن بن زياد عن الحسن بن عبيد الله عن ابراهيم عن الاسود عن عائشة قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يجتهد فی العشر الاواخر ما لا يجتهد فی غيرها قال ابو عيسى هذا حديث غريب حسن صحيح باب ما جاء فی الصوم فی الشتاء حدثنا محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد نا سفيان عن ابی اسحاق عن نمير بن عريب عن عامر بن مسعود عن النبی صلى الله عليه وسلم قال الغنيمة الباردة الصوم فی الشتاء قال ابو عيسى هذا حديث مرسل عامر بن مسعود لم يدرك النبی صلى الله عليه وسلم وهو والد ابراهيم بن عامر القرشی الذی روى عنه شعبة والثوری باب ما جاء علی الذين يطيقونه حدثنا قتيبة نا بكر بن مضر عن عمرو بن الحارث عن بكير عن يزيد مولى سلمة بن الاكوع

کہ تمنے کہاں سے معلوم کیا اے ابو المنذر کہ شب قدر ستائیسوین رات ہی اُسنے کہا ہان خبر دی ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ وہ رات ہے کہ اگلی صبح کو آفتاب طلوع کرتا ہے نہین روشنی ہوتی واسطے اُسکے سو ہمنے گنا اور یاد رکھا قسم ہی خدا کی کہ البتہ جان لیا ہی ابن مسعود نے کہ وہ رمضان میں ہے اور ستائیسوین رات ہی۔ اور لیکن مکروہ جانا اُسنے کہ خبر کرے تمکو سو تم بھروسا کرو یعنی اور راتون مین کوشش نہ کرو کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہی حدیث بیان کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یزید بن زریع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عیینہ بن عبد الرحمن نے اُسنے کہا حدیث بیان کی مجھسے میرے باپ نے کہ مین نے ابو بکرہ پاس شب قدر کا ذکر کیا سو اُسنے کہا کہ مین اسکو تلاش کرنے والا نہین ہون واسطے ایک چیز کے جسکو مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا مگر آخر دسے مین پس تحقیق مین نے آپ سے سنا ہے۔ فرماتے تھے تلاش کرو اُسکو بیچ نو راتون کے کہ باقی رہین یا سات راتون کے کہ باقی رہین یا پانچ راتون کے کہ باقی رہین یا تین کے یا پچھلی رات رمضان کے کہا اور تھا ابو بکرہ نماز پڑھتا۔ بیس راتون مین رمضان کے مثل نماز اپنی کے تمام سال مین سو جب عشرہ اخیر داخل ہوتا تو عبادت مین کوشش کرتا کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے باب ہی اُسی سے یعنی اعتکاف کی حدیث بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے ہبیرہ بن یریم سے اُسنے علیؓ سے کہ مقرر تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جگاتے اہل اپنے کو آخر دسے مین رمضان کے کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الرحمن بن زیاد نے حسن بن عبید اللہ سے اُسنے روایت کی ابراہیم سے اُسنے اسود سے اُسنے عائشہؓ سے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوشش کرتے رمضان کے اخیر عشرے مین اسقدر کہ نہ کوشش کرتے بیچ غیر اُسکے کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث غریب حسن صحیح ہے باب جاڑے مین روزہ رکھنے کا بیان حدیث بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یحیی بن سعید نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے روایت کی نمیر بن عریب سے اُسنے عامر بن مسعود سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا کہ مفت کی لوٹ جاڑے مین روزہ رکھنا ہے[1] کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث مرسل ہے عامر بن مسعود نے نہین پایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اور وہ ابراہیم عامر بن قرشی کا باپ ہی جس سے شعبہ اور ثوری نے روایت کی ہی باب آیت علی الذین یطیقونہ کے بیان مین حدیث بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو بکر بن مضر نے عمرو بن حارث سے اُسنے روایت کی ہی بکیر سے اُسنے یزید مولی سلمہ بن اکوع سے

[1] حضرتؐ نے جو فرمایا کہ مفت کی لوٹ یعنی جاڑے مین روزہ کا مفت ثواب ملتا ہے کیونکہ اسمین گرمی اور پیاس کی تکلیف ہوتی نہین اور دن بھی چھوٹا ہوتا ہے جلد آرام سے گذرتا ہے ۱۲

عن سلمة بن الاكوع قال لما نزلت وعلى الذين يطيقونه فدية طعام مسكين كان من اراد منا ان يفطر ويفتدي حتى نزلت الاٰية التي بعدها فنسختها قال ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح غريب ويزيد هو ابن ابي عبيد مولى سلمة بن الاكوع باب ما جاء في من اكل ثم خرج يريد سفرا حدثنا قتيبة قال نا عبد الله بن جعفر عن زيد بن اسلم عن محمد بن المنكدر عن محمد بن كعب انه قال اتيت انس بن مالك في رمضان وهو يريد سفرا وقد رحلت له راحلته ولبس ثياب السفر فدعى بطعام فاكل فقلت له سنة فقال سنة ثم ركب حدثنا محمد بن اسمعيل نا سعيد بن ابي مريم نا محمد بن جعفر قال حدثني زيد بن اسلم قال حدثني محمد بن المنكدر عن محمد بن كعب قال اتيت انس بن مالك في رمضان فذكر نحوه قال ابو عيسى هذا حديث حسن ومحمد بن جعفر هو ابن ابي كثير مديني ثقة وهو اخو اسماعيل بن جعفر وعبد الله بن جعفر هو ابن نجيح والد علي بن المديني وكان يحيى بن معين يضعفه وقد ذهب بعض اهل العلم الى هذا الحديث وقال للمسافر ان يفطر في بيته قبل ان يخرج وليس له ان يقصر الصلوة حتى يخرج من جدار المدينة او القرية وهو قول اسحاق ابن ابرهيم باب ما جاء في تحفة الصائم حدثنا احمد بن منيع نا ابو معاوية عن سعد بن طريف عن عمير بن مامون عن الحسن بن علي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تحفة الصائم الدهن والمجمر قال ابو عيسى هذا حديث غريب ليس اسناده بذلك لا نعرفه الا من حديث سعد بن طريف وسعد يضعف ويقال عمير بن مأموم ايضا باب ما جاء في الفطر والاضحى متى يكون حدثنا يحيى بن موسى نا يحيى بن اليمان عن معمر عن محمد بن المنكدر عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الفطر يوم يفطر الناس والاضحى يوم يضحي الناس قال ابو عيسى سالت محمدا قلت له محمد بن المنكدر سمع من عائشة قال نعم يقول في حديثه سمعت عائشة

اُسنے سلمہ بن اکوع سے اسنے کہا کہ جب اُتری یہ آیت وعلى الذين يطيقونه فدية طعام مسكين - یعنی اور اُن لوگوں پر جو طاقت رکھتے ہیں روزہ کی بدلا ہی کھانا ایک فقیر کا تھا جائز واسطے اس شخص کے جو ارادہ کرتا ہے یہ کہ افطار کرے روزہ اور بدلا دیوے یہانتک کہ اتری وہ آیت جو اسکے پیچھے ہے سو اُسنے اسکو منسوخ کر دیا کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور یزید وہ ابن ابی عبید مولی سلمہ بن اکوع کا ہے **باب** جو شخص کہ کھانا کھاوے اور پھر سفر کے ارادہ سے نکلے تو اسکا کیا حکم ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن جعفر نے زید بن اسلم سے اُسنے روایت کی محمد بن منکدر سے اُسنے محمد بن کعب سے اُسنے کہا کہ مین انس بن مالک پاس آیا بیچ رمضان کے اور وہ ارادہ رکھتے تھے سفر کا اور طیار کی گئی تھی واسطے اُنکے سواری اُنکی اور پہنے تھے اُسنے کپڑے سفر کے سو اُسنے کھانا منگایا اور کھایا سو مین نے اسکو کہا کیا یہ سنت ہے اُسنے کہا سنت ہے پھر سوار ہوئے **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن اسمعیل نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سعید بن ابی مریم نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو محمد بن جعفر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے زید بن اسلم نے اُسنے کہا حدیث کی مجکو محمد بن منکدر نے محمد بن کعب سے اُسنے کہا کہ مین انس بن مالک پاس آیا رمضان مین پس ذکر کیا مثل اس حدیث کے کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث حسن ہے - اور محمد بن جعفر وہ ابن ابی کثیر مدینی ثقہ ہے اور وہ اسماعیل بن جعفر کا بھائی ہے - اور عبد اللہ بن جعفر وہ ابن نجیح ہے والد علی بن مدینی کا - اور تھا یحیی بن معین ضعیف کہتا اسکو اور تحقیق گئے ہین بعض اہل علم طرف اس حدیث کے کہتے ہین کہ مسافر کو جائز ہے کہ افطار کرے اپنے گھر مین پہلے اس سے کہ سفر کو نکلے لیکن اسکو گھر مین نماز کا قصر کرنا درست نہین یہانتک کہ نکلے دیواروں سے اپنے شہر کے یا گانون کے اور یہ قول ہے اسحاق بن ابراہیم کا **باب** روزہ دار کے تحفہ کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو معاویہ نے سعد بن طریف نے اُسنے روایت کی عمیر بن مامون سے اُسنے حسن بن علی سے کہ کہا رسول اللہ صلعم نے فرمایا روزہ دار کا تحفہ تیل اور عود ہے کہ آگ پر رکھنے سے بہت خوشبو دیتا ہے کہا ابو عیسےٰ نے یہ حدیث غریب ہے اسناد اسکی صحیح نہین - نہین پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث سے سعد بن طریف کے اور سعد ضعیف کیا جاتا ہے اور اسکو عمیر بن مأموم بھی کہا جاتا ہے **باب** فطرہ اور قربانی کب ہوتا ہے **حدیث** بیان کی ہمسے یحیی بن موسیٰ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یحیی بن یمان نے معمر سے اُسنے روایت کی ہے محمد بن منکدر سے اُسنے عائشہؓ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا کہ فطر وہ دن ہے کہ جسمین لوگ روزہ افطار کرین - اور قربانی وہ دن ہے جسمین لوگ قربانی کرین کہا ابو عیسےٰ نے کہ مین نے محمد سے پوچھا کہ محمد بن منکدر نے عائشہؓ سے سُنا ہے اُسنے کہا ہان - کہتا تھا ایک حدیث مین کہ مین نے عائشہ رضہ سے سُنا

سلہ یعنے جو شخص روزہ مین سفر کا ارادہ دن کو کرے تو جائز ہے کہ گھر سے افطار کرکے سفر کرے ۱۲ علہ مراد اس سے وہ آیت ہے جو بعد اسکے ہے یعنی فعدة من ايام اخر

قال ابو عیسیٰ وهذا حديث حسن غريب صحيح من هذا الوجه **باب** ماجاء في الاعتكاف اذا اخرج منه **حدثنا** محمد بن بشار نا ابن ابي عدي انبانا حُميد الطويل عن انس بن مالك قال كان النبي صلى الله عليه وسلم يعتكف في العشر الاواخر من رمضان فلم يعتكف عاما فلما كان في العام المقبل اعتكف عشرين **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن غريب صحيح من حديث انس واختلف اهل العلم في المعتكف اذا قطع اعتكافه قبل ان يتمه على ما نوى فقال بعض اهل العلم اذا انقض اعتكافه وجب عليه القضاء واحتجوا بالحديث ان النبي صلى الله عليه وسلم خرج من اعتكافه فاعتكف عشرا من شوال وهو قول مالك وقال بعضهم ان لم يكن عليه نذر اعتكافٍ او شئ اوجبه على نفسه وكان متطوعا فخرج فليس عليه شئ ان يقضي الا ان يحب ذلك اختيارا منه ولا يجب ذلك عليه وهو قول الشافعي قال الشافعي وكل عمل لك ان لا تدخل فيه فاذا دخلت فيه فخرجت منه فليس عليك ان تقضي الا الحج والعمرة وفي الباب عن ابي هريرة **باب** المعتكف يخرج لحاجته ام لا **حدثنا** ابو مصعب المديني قراءة عن مالك بن انس عن ابن شهاب عن عروة وعمرة عن عائشة انها قالت كان رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اعتكف ادنى اليّ راسه فأرجّله وكان لا يدخل البيت الا لحاجة الانسان **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح هكذا رواه غير واحد عن مالك بن انس عن ابن شهاب عن عروة عن عمرة عن عائشة الصحيح عن عروة وعمرة عن عائشة هكذا روى الليث بن سعد عن ابن شهاب عن عروة وعمرة عن عائشة

کہا ابو عیسیٰ نے کہ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے اس طریق سے **باب** جب اعتکاف سے نکلے تو کیا کرے
حدیث بیان کی ہم سے محمد بن بشار نے ابن ابی عدی سے اُسنے حمید طویل سے اُسنے انس بن مالک سے کہ تھے نبی صلے اللہ علیہ وسلم اعتکاف کرتے اخیر دہے میں رمضان کے سو آپ نے ایک سال اعتکاف نہ کیا سو جب کہ سال آیندہ ہوا تو اعتکاف کیا آپ نے بیس دن **کہا** ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے انس کی حدیث سے اور اختلاف کیا ہے اہل علم نے بیچ اعتکاف کرنے والے کے جبکہ قطع کرے اعتکاف اپنے کو پہلے اس سے کہ تمام کرے اسکو اُس مقدار پر جو نیت کی تھی اُسنے سو بعض اہل علم کہتے ہیں کہ جب کوئی اپنے اعتکاف کو توڑے تو اُسپر قضا واجب ہے اور دلیل پکڑی ہے اُنھوں نے ساتھ اسکے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نکلے اعتکاف اپنے سے سو اعتکاف کیا آپ نے دس دن شوال سے اور یہ قول ہے مالک کا اور بعضے کہتے ہیں کہ اگر نہو وے اُسپر نذر اعتکاف کی یا کوئی چیز جو واجب کیا ہو اُسکو نفس اپنے پر اور ہو اعتکاف نفلی اور نکلے اُس سے تو نہیں ہے اُسپر کوئی چیز یہ کہ قضا کرے مگر یہ کہ دوست رکھے اُسکو اپنے اختیار سے اور نہیں واجب ہے یہ اُسپر یہ قول شافعی رح کا ہے اور شافعی رح نے کہا کہ ہر عمل کہ جائز ہے واسطے تیرے یہ کہ نہ داخل ہووے تو بیچ اُسکے سو جب داخل ہووے تو بیچ اُسکے پھر خارج ہووے اُس سے تو نہیں ہے تجھپر کہ قضا کرے تو مگر حج اور عمرہ اور اس باب میں ابو ہریرہ رضہ سے بھی روایت ہے **باب** اعتکاف کرنے والا اپنی حاجت کے واسطے باہر نکلے یا نہیں **حدیث** بیان کی ہم سے ابو مصعب مدینی نے قراءۃً مالک بن انس سے اُسنے روایت کی ابن شہاب سے اُسنے عروہ اور عمرہ سے اُسنے عائشہ رضہ سے اُسنے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب اعتکاف کرتے نزدیک کرتے طرف میرے سر اپنا (اور وہ ہوتے مسجد میں) پس کنگھی کر دیتی میں اُنکو اور نہ داخل ہوتے تھے گھر میں مگر واسطے حاجت انسانی کے **کہا** ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اسیطرح روایت کی ہے بہت لوگوں نے مالک بن انس سے اُسنے ابن شہاب سے اُسنے عروہ سے اُسنے عمرہ سے اُسنے عائشہ رضہ سے اور صحیح عروہ اور عمرہ سے وہ روایت کرتے ہیں عائشہ رضہ سے اور اسی طرح روایت کی ہے لیث بن سعد نے ابن شہاب سے اُسنے عروہ اور عمرہ سے اُنھوں نے عائشہ رضہ سے

سلہ یعنے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے محض نیت سے اعتکاف قضا کیا حالانکہ ابھی شروع نہیں کیا تھا تو اس سے معلوم ہوا کہ قضا کرنا اعتکاف کا بعد شروع کے بطریق اولےٰ واجب ہوگا وفیہ المطابقۃ للترجمۃ ۱۲ سلہ یعنے اگر نفلی حج یا عمرے کا احرام باندھے پھر اُسکو توڑ ڈالے تو اُسکی قضا واجب ہے ۱۲ سلہ یعنے اُسنے مالک پر یہ حدیث قراءۃً پڑھی اور اُسکو سنائی ۱۲ سلہ یعنے ایک روایت میں عروۃ عن عمرۃ عن عائشۃ ہے اور ایک روایت میں عروۃ وعمرۃ عن عائشۃ ہے اگرچہ مطلب ایک ہی ہے مگر ان دونوں روایتوں میں سے عروۃ وعمرۃ عن عائشۃ صحیح ہے ۱۲ واللہ اعلم بالصواب والیہ المرجع والمآب

حدثنا بذلک قتیبۃ عن اللیث والعمل علی ہذا عند اہل العلم اذا اعتکف الرجل ان لا یخرج من اعتکافہ الا لحاجۃ الانسان واجمعوا علی ہذا انہ یخرج لقضاء حاجتہ للغائط والبول ثم اختلف اہل العلم فی عیادۃ المریض وشہود الجمعۃ والجنازۃ للمعتکف فرای بعض اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہم ان یعود المریض ویشیع الجنازۃ ویشہد الجمعۃ اذا اشترط ذلک وہو قول سفیان الثوری وابن المبارک وقال بعضہم لیس لہ ان یفعل شیئا من ہذا ورأوا للمعتکف اذا کان فی مصر یجمع فیہ ان لا یعتکف الا فی المسجد الجامع لانہم کرہوا لہ الخروج من معتکفہ الی الجمعۃ ولم یروا لہ ان یترک الجمعۃ فقالوا لا یعتکف الا فی المسجد الجامع حتی لا یحتاج الی ان یخرج من معتکفہ لغیر قضاء حاجۃ الانسان لان خروجہ لغیر قضاء حاجۃ الانسان قطع عندہم الاعتکاف وہو قول مالک والشافعی وقال احمد لا یعود المریض ولا یتبع الجنازۃ علی حدیث عائشۃ وقال اسحاق ان اشترط ذلک فلہ ان یتبع الجنازۃ ویعود المریض **باب** ماجاء فی قیام شہر رمضان **حدثنا** ہناد نا محمد بن الفضیل عن داود بن ابی ہند عن الولید بن عبد الرحمن الجرشی عن جبیر بن نفیر عن ابی ذر قال صمنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلم یصل بنا حتی بقی سبع من الشہر فقام بنا حتی ذہب ثلث اللیل ثم لم یقم بنا فی السادسۃ وقام بنا فی الخامسۃ حتی ذہب شطر اللیل فقلنا یا رسول اللہ لو نفلتنا بقیۃ لیلتنا ہذہ فقال انہ من قام مع الامام حتی ینصرف کتب لہ قیام لیلۃ ثم لم یصل بنا حتی بقی ثلث من الشہر وصلی بنا فی الثالثۃ ودعی اہلہ ونساءہ فقام بنا حتی تخوفنا الفلاح قلت لہ وما الفلاح قال السحور **قال** ابو عیسی ہذا حدیث حسن صحیح واختلف اہل العلم فی قیام رمضان

حدیث بیان کی ہمکو ساتھ اسکے قتیبہ نے لیث سے اور عمل اسپر ہی نزدیک اہل علم کے کہ جب اعتکاف کرے کوئی مرد تو نہ نکلے اعتکاف اپنے سے مگر واسطے حاجت انسانی کے اور اجماع کیا ہی سب علماء نے اسپر کہ جائز ہی اسکو نکلنا واسطے قضاے حاجت پائخانہ کے اور بول کے پھر اختلاف کیا ہی اہل علم نے بیچ عیادت بیمار کے اور حاضر ہونے نماز جمعہ اور جنازہ کے واسطے اعتکاف والے کے سو بعض اہل علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہین جائز ہی یہ کہ عیادت کرے بیمار کی اور حاضر ہووے جمعہ اور جنازے میں جب کہ شرط کی ہوا وسکی[1] اور یہ قول سفیان ثوری اور ابن مبارک کا ہی اور بعضے کہتے ہین کہ نہین جائز ہی اسکو یہ کہ کرے کوئی چیز اس سے اور کہتے ہین کہ اعتکاف والا اگر ایسے شہر مین ہی جسمین جمعہ پڑھا جاتا ہی تو نہ اعتکاف کرے مگر جمعہ مسجد مین اسواسطے کہ وہ کہتے ہین کہ اسکو اپنی اعتکاف کی جگہ سے جمعہ کی طرف نکلنا درست نہین اور کہتے ہین کہ اسکو جمعہ کا ترک کرنا درست نہین پس کہتے ہین کہ نہ اعتکاف کرے مگر جامع مسجد مین تاکہ نہ محتاج ہووے طرف اسکے کہ نکلے اپنی اعتکاف کی جگہ سے سوائے قضاء حاجت انسانی کے اسواسطے کہ نکلنا اسکا واسطے غیر قضا حاجت انسانی کے توڑ دیتا ہی اسکے اعتکاف کو نزدیک انکے اور یہ قول مالک اور شافعی کا ہی اور احمد نے کہا نہ عیادت کرے بیمار کی اور نہ جاوے ساتھ جنازہ کے بنا بر حدیث عائشہ رض کے اور اسحاق نے کہا کہ اگر یہ شرط کی ہو یعنی پہلے سے نیت کرلی ہو تو جائز ہی واسطے اسکے یہ کہ ساتھ جاوے جنازے کے اور عیادت کرے بیمار کی **باب** رمضان کے مہینے مین کھڑے ہونے کا بیان یعنی رمضان کی راتون مین تراویح پڑھنے کی کیا فضیلت ہی **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اسنے کہا خبر دی ہمکو محمد بن فضیل نے داؤد بن ابی ہند سے اسنے روایت کی ولید بن عبد الرحمن جرشی سے اسنے جبیر بن نفیر سے اسنے ابی ذر[2] سے اسنے کہا کہ ہمنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ روزہ رکھا سو نہ نماز پڑھائی ہمکو آپ نے یہان تک کہ باقی رہے سات دن مہینے سے سو کھڑے ہوئے آپ ساتھ ہمارے یہان تک کہ گذری تہائی رات کی پھر نہ کھڑے ہوئے ساتھ ہمارے چھٹی رات مین اور کھڑے ہوئے ساتھ ہمارے پانچوین رات مین یہان تک کہ گذری آدھی رات سو ہمنے کہا یا رسول اللہ اگر نفل پڑھاتے آپ ہمکو باقی ہماری اس رات مین تو بہت بہتر ہو سو فرمایا کہ جو کھڑا ہووے ساتھ امام کے یہان تک کہ پھرے تو لکھا جاتا ہی واسطے اسکے قیام تمام رات کا پھر نہ نماز پڑھائی ہمکو آپ نے یہان تک کہ باقی رہے تین دن مہینے سے اور نماز پڑھائی ہمکو تیسری رات مین یعنی ستائیسوین مین اور بلایا اپنی اہل کو اور عورتون کو سو کھڑے ہوئے ساتھ ہمارے یہان تک کہ ڈرے ہم فلاح سے مین نے کہا فلاح کیا چیز ہی اسنے کہا سحری کھانا۔ کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور اختلاف کیا ہی اہل علم نے بیچ قیام رمضان شریف کے

[1] یعنے اگر وقت نیت اعتکاف کے یہ شرط کرلی ہو تو درست ہی ۱۲ [2] ابو ذر غفاری ہی آپ صحابی مشہور ہین مناقب آپکے بہت ہین آپکے نام مین اختلاف ہی مذہب صحیح جندب بن جنادہ ہے وفات آپکی ۳۲ھ مین حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی خلافت مین ہوئی ہی ۱۲ تقریب

فرای بعضهم ان يصلی احدی واربعين ركعة مع الوتر وهو قول اهل المدينة والعمل على هذا عندهم بالمدينة واكثر اهل العلم على ما روی عن علی وعمر وغيرهما من اصحاب النبی صلی الله عليه وسلم عشرين ركعة وهو قول سفيان الثوری وابن المبارك والشافعی وقال الشافعی وهكذا ادركت ببلدنا بمكة يصلون عشرين ركعة وقال احمد روی فی هذا الوان لم يقض فيه بشیٔ وقال اسحاق بل نختار احدی واربعين ركعة على ما روی عن ابی بن كعب واختار ابن المبارك واحمد واسحاق الصلوة مع الامام فی شهر رمضان واختار الشافعی ان يصلی الرجل وحده اذا كان قاريا **باب** ماجاء فی فضل من فطّر صائما **حدثنا** هناد نا عبد الرحيم بن سليمان (عبد الرحمن) عن عبد الملك بن ابی سليمان عن عطاء عن زيد بن خالد الجهنی قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم من فطّر صائما كان له مثل اجره غير انه لا ينقص من اجر الصائم شيئا **قال** ابوعيسی هذا حديث حسن صحيح **باب** الترغيب فی قيام شهر رمضان وما جاء فيه من الفضل **حدثنا** عبد بن حميد نا عبد الرزاق نا معمر عن الزهری عن ابی سلمة عن ابی هريرة قال كان رسول الله صلی الله عليه وسلم يرغب فی قيام رمضان من غير ان يامرهم بعزيمة ويقول من قام رمضان ايمانا واحتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه فتوفی رسول الله صلی الله عليه وسلم والامر علی ذلك ثم كان الامر كذلك فی خلافة ابی بكر وصدرا من خلافة عمر بن الخطاب علی ذلك وفی الباب عن عائشة هذا حديث صحيح وقد روی هذا الحديث ايضا عن الزهری عن عروة عن عائشة عن النبی صلی الله عليه وسلم

اخر ابواب الصوم واول ابواب الحج

ابواب الحج

عن رسول الله صلی الله عليه وسلم **باب** ماجاء فی حرمة مكة **حدثنا** قتيبة بن سعيد نا الليث بن سعد عن سعيد بن ابی سعيد المقبری عن ابی شريح العدوی

سو بعضے کہتے ہیں اکتالیس رکعتیں پڑھے ساتھ وتر کے اور وہ قول اہل مدینہ کا ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک انکے مدینے میں اور اکثر اہل علم اسی پر ہیں جو روایت کی گئی ہے علی اور عمر وغیرہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے بیس رکعتیں اور وہ قول سفیان ثوری اور ابن مبارک اور شافعی کا ہے اور کہا شافعی نے اور اسی طرح پایا میں نے اپنے شہر مکہ میں کہ پڑھتے ہیں بیس رکعتیں اور احمد نے کہا کہ روایت کی گئی ہے اسمیں کئی طرح سے نہیں فیصلہ کیا گیا ہے بیچ اسکے ساتھ کسی چیز کے اور اسحاق نے کہا بلکہ اختیار کرتے ہیں ہم اکتالیس رکعتیں بنا بر اسکے کہ روایت کی گئی ہے ابی بن کعب سے اور اختیار کیا ہے ابن مبارک اور احمد اور اسحاق نے نماز پڑھنی ساتھ امام کے بیچ مہینے رمضان کے اور اختیار کیا ہے امام شافعی نے یہ کہ نماز پڑھے مرد اکیلا جب کہ ہو قاری **باب** جو کوئی روزہ دار کا روزہ کھلواوے تو اسکی کیا فضیلت ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الرحیم بن سلیمان نے عبد الملک بن ابی سلیمان سے اُسنے روایت کی ہے عطا سے اُسنے زید بن خالد جہنی سے اُسنے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی روزہ کھلواوے روزہ دار کا تو ہوگا واسطے اُسکے مثل اجر اُسکے کے لیکن نہ کم کیا جاویگا اجر روزہ دار کے سے کوئی چیز کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** مہینے رمضان کے قیام میں رغبت دلانے کا بیان اور اسکی فضیلت کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے عبد بن حمید نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الرزاق نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو معمر نے زہری سے اُسنے روایت کی ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ رضہ سے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رغبت دلاتے بیچ کھڑے ہونے رمضان کے یعنی تراویح کے سوا اسکے کہ حکم کریں اُنکو ساتھ وجوب کے اور فرماتے کہ جو کوئی کھڑا ہوا رمضان میں ایمان سے اور واسطے طلب ثواب کے تو معاف ہونگے جو کہ پہلے کیے ہوں گناہوں سے سو فوت کیے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور امر اسی پر تھا پھر تھا امر اسی طرح بیچ خلافت ابی بکر کے اور ابتدائے خلافت میں عمر بن خطاب کے اسی پر اور اس باب میں عائشہ رضہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث صحیح ہے۔ اور تحقیق روایت کی گئی ہے نیز یہ حدیث زہری سے اُسنے روایت کی عروہ سے اُسنے عائشہ رضہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

انتہا بابوں روزے کی اور ابتدا بابوں حج کی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے **باب** حرمت مکے کا بیان یعنے حرام ہے لوگوں پر ہتک اسکی اور واجب ہے اُنپر تعظیم اُسکی **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو لیث بن سعد نے سعید بن ابی سعید مقبری سے اُسنے روایت کی ابی شریح عدوی سے

ك کھڑا ہوا رمضان میں یعنے رمضان کے دنوں میں تراویح پڑھے اور قرآن کی تلاوت کرے اور ذکر وغیرہ کرے ١٢ ع زید بن خالد جہنی مدنی صحابی مشہور ہیں آپ کی وفات کوفہ میں سنہ ٦٨ھ یا سنہ ٧٠ھ میں ہوئی عمر آپ کی ٨٥ برس کی تھی ١٢ تقریب

انه قال لعمرو بن سعيد وهو يبعث البعوث الى مكة ايذن لى ايها الامير احدثك قولا قام به رسول الله صلى الله عليه وسلم الغد من يوم الفتح سمعته اذناى ووعاه قلبى وابصرته عيناى حين تكلم به انه حمد الله واثنى عليه ثم قال ان مكة حرمها الله تعالى ولم يحرمها الناس ولا يحل لامرئ يؤمن بالله واليوم الآخر ان يسفك بها دما او يعضد بها شجرة فان احد ترخص لقتال رسول الله صلى الله عليه وسلم فيها فقولوا له ان الله اذن لرسوله صلى الله عليه وسلم ولم ياذن لك وانما اذن لى فيها ساعة من نهار وقد عادت حرمتها اليوم كحرمتها بالامس وليبلغ الشاهد الغائب فقيل لابى شريح ما قال لك عمرو بن سعيد قال انا اعلم منك بذلك يا ابا شريح ان الحرم لا يعيذ عاصيا ولا فارا بدم ولا فارا بخربة **قال** ابو عيسى ويروى بخزية وفى الباب عن ابى هريرة وابن عباس **قال** ابو عيسى حديث ابى شريح حديث حسن صحيح وابو شريح الخزاعى اسمه خويلد بن عمرو العدوى الكعبى ومعنى قوله ولا فارا بخربة يعنى جناية يقول من جنى جناية او اصاب دما ثم جاء الى الحرم فانه يقام عليه الحد

باب ما جاء فى ثواب الحج والعمرة **حدثنا** قتيبة بن سعيد وابو سعيد الاشج قالا ثنا ابو خالد الاحمر عن عمرو بن قيس عن عاصم عن شقيق عن عبد الله قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم تابعوا بين الحج والعمرة فانهما ينفيان الفقر والذنوب كما ينفى الكير خبث الحديد والذهب والفضة وليس للحجة المبرورة ثواب الا الجنة وفى الباب عن عمر وعامر بن ربيعة وابى هريرة وعبد الله بن حبشى وام سلمة وجابر **قال** ابو عيسى حديث ابن مسعود حديث حسن صحيح غريب من حديث عبد الله بن مسعود **حدثنا** ابن ابى عمر نا سفيان بن عيينة عن منصور عن ابى حازم عن ابى هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

کہ اُسنے کہا واسطے عمرو بن سعید کے اس حال مین کہ وہ بھیجتا تھا لشکر[1] طرف مکہ کے اجازت دے واسطے میرے اے امیر تا بیان کرون مین روبرو تیرے ایک بات کہ خطبہ فرمایا ساتھ اُسکے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اگلے دن فتح مکہ سے سُنا اُسکو کانون میرے نے اور یاد رکھا اُسکو دل میرے نے اور دیکھا اُسکو آنکھون میری نے جب کہ فرمایا اُسکو تعریف کی اللہ کی اور ثنا کی اُسپر پھر فرمایا کہ تحقیق مکہ کو بزرگی دی ہے اللہ تعالے نے اور نہین بزرگی دی اُسکو لوگون نے پس نہین حلال واسطے اُس شخص کے کہ ایمان رکھتا ہو ساتھ اللہ کے اور دن آخرت کے یہ کہ خونریزی کرے اُسمین اور نہین حلال کہ کاٹے اُسمین درخت پس اگر کوئی رخصت ڈھونڈے بسبب لڑنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اُسمین تو کہو اُسکو کہ تحقیق اذن دیا اللہ نے واسطے رسول اپنے کے اور نہین اذن دیا تمکو اور سوا اسکے نہین کہ اذن دیا واسطے میرے اُسمین ایک ساعت دن مین سے اور تحقیق پلٹ آئی تعظیم آج کے دن یعنے دن خطبہ مذکورہ فرمانے کے مانند تعظیم اُسکے کہ بیچ کل گذرے ہوئے کے تھی یعنے سوائے ساعت مذکورہ کے اور چاہیے کہ پہنچا دے حاضر غائب کو پس کہا گیا واسطے ابی شریح کے کہ کیا جواب دیا تجھکو عمرو بن سعید نے کہا ابو شریح نے کہ کہا عمرو نے مین خوب جانتا ہون اُسکو یعنے اس حدیث کو تجھسے اے ابو شریح تحقیق حرم نہین پناہ دیتی گنہگار کو اور نہ بھاگنے والے کو ساتھ خون[2] کے اور نہ بھاگنے والے کو ساتھ تقصیر[3] کے کہا ابو عیسی نے اور روایت کی گئی ہے خزیہ یعنی ساتھ زا کے اور اس باب مین ابی ہریرہ اور ابن عباس رض سے بھی روایت ہے **کہا** ابو عیسی نے ابی شریح کی حدیث حسن صحیح ہے اور ابو شریح خزاعی کا نام خویلد بن عمرو عدوی کعبی ہے اور معنی قول اُسکے ولا فارا بخربہ کا جنایت ہے یعنے قصور کہتا ہے کہ جو کوئی قصور کرے یا خون کرے پھر حرم کی طرف آوے تو اُسپر حد قائم کیجاویگی

باب حج اور عمرہ کے ثواب کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے اور ابو سعید اشج نے ان دونون نے کہا خبر دی ہمکو ابو خالد احمر نے عمرو بن قیس سے اُسنے روایت کی عاصم سے اُسنے شقیق سے اُسنے عبد اللہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پے درپے کرو حج اور عمرے کو پس تحقیق یہ دونون یعنے ہر ایک ان مین سے دور کرتے ہین فقر کو اور گناہون کو جیسے دور کرتی ہے بھٹی میل لوہے کا اور سونے کا اور چاندی کا اور نہین ہے واسطے حج مقبول کے ثواب مگر بہشت اور اس باب مین عمر اور عامر بن ربیعہ اور ابی ہریرہ اور عبد اللہ بن حبشی اور ام سلمہ اور جابر سے بھی روایت ہے **کہا** ابو عیسی نے ابن مسعود کی حدیث حسن صحیح غریب ہے حدیث سے عبد اللہ بن مسعود کے **حدیث** بیان کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے منصور سے اُسنے روایت کی ابی حازم سے اُسنے ابی ہریرہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

[1] یعنی واسطے قتل عبد اللہ بن زبیر کے سن ۶۱ھ مین اور تھا عمرو امیر مدینے پر یزید بن معاویہ کی طرف سے سو یزید نے اسکو لکھا کہ عبد اللہ بن زبیر کی طرف مکہ مین لشکر بھیجے جو اسکو قتل کرے اسلیے کہ عبد اللہ بن زبیر نے یزید کی بیعت قبول نہین کی تھی بلکہ مکہ مین مقیم رہا ۱۲ [2] یعنے اگرچہ لائق قتل کے ہے اور جو لائق قتل ہے ہو تو اُسکو ہر جگہ قتل کرنا لازم ہے خواہ حرم مین ہو خواہ غیر حرم مین ۱۲ [3] یہ کلام ظاہر اُسکا حق ہے لیکن ارادہ کیا اُسنے اُس سے باطل کا اسواسطے کہ ابن زبیر کسی ایسے جرم کا مرتکب نہین ہوا تھا کہ جس سے کوئی حد اُسپر واجب ہو بلکہ وہ یزید سے خلافت کا زیادہ حقدار تھا اول اسلیے کہ وہ صحابی تھا دوم اسلیے کہ اُس سے پہلے بیعت ہو چکی تھی ۱۲

من حج فلم یرفث ولم یفسق غفر له ما تقدم من ذنبه **قال** ابو عیسی حدیث ابی هریرة حدیث حسن صحیح وابو حازم کوفی وهو الاشجعی واسمه سلمان مولی عزة الاشجعیة **باب** ما جاء من التغلیظ فی ترک الحج **حدثنا** محمد بن یحیی القطعی البصری نا مسلم بن ابراهیم نا هلال بن عبد الله مولی ربیعة بن عمرو بن مسلم الباهلی نا ابو اسحاق الهمدانی عن الحارث عن علی قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من ملک زادا وراحلة تبلغه الی بیت الله ولم یحج فلا علیه ان یموت یهودیا او نصرانیا وذلک ان الله یقول فی کتابه وَلِلّٰهِ عَلَی النَّاسِ حِجُّ الْبَیْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَیْهِ سَبِیْلًا **قال** ابو عیسی هذا حدیث غریب لا نعرفه الا من هذا الوجه وفی اسناده مقال هلال بن عبد الله مجهول والحارث یضعف فی الحدیث **باب** ما جاء فی ایجاب الحج بالزاد والراحلة **حدثنا** یوسف بن عیسی نا وکیع نا ابراهیم بن یزید عن محمد بن عباد بن جعفر عن ابن عمر قال جاء رجل الی النبی صلی الله علیه وسلم فقال یا رسول الله ما یوجب الحج قال الزاد والراحلة **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن والعمل علیه عند اهل العلم ان الرجل اذا ملک زادا وراحلة وجب علیه الحج وابراهیم بن یزید هو الخوزی المکی وقد تکلم فیه بعض اهل العلم من قبل حفظه **باب** ما جاء کم فرض الحج **حدثنا** ابو سعید الاشج نا منصور بن وردان الکوفی عن علی بن عبد الاعلی عن ابیه عن ابی البختری عن علی بن ابی طالب قال لما نزلت ولله علی الناس حج البیت من استطاع الیه سبیلا قالوا یا رسول الله افی کل عام

کہ جو شخص حج کرے واسطے اللہ کے پس صحبت نہ کرے اپنی عورت سے اور نہ گناہ کرے تو اسکے اگلے گناہ بخشے جاتے ہیں امام ترمذی نے کہا کہ ابوہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور ابو حازم کوفی وہ اشجعی ہیں اور نام اسکا سلمان مولی عزہ اشجعیہ ہے **باب** حج ترک کرنے کا بڑا گناہ ہے **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن یحیی قطعی بصری نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو مسلم بن ابراہیم نے اسنے کہا خبر دی ہمکو ہلال بن عبد اللہ مولی ربیعہ بن عمرو بن مسلم باہلی نے اسنے کہا خبر دی ہمکو ابو اسحاق ہمدانی نے حارث سے اُسنے روایت کی علی رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص مالک ہو توشہ اور سواری کا جو پہونچا دے اسکو طرف بیت اللہ کے یعنی مکے کے اور حج نہ کیا پس نہیں فرق اسپر اسمین یہ کہ مرے یہودی ہوکر یا نصرانی ہوکر۔ اور یہ اسواسطے ہے کہ اللہ تعالی نے فرمایا ہے اپنی کتاب میں۔ اور واسطے اللہ کے واجب ہے لوگون پر حج خانہ کعبہ کا اُسپر کہ طاقت رکھے طرف اُسکی راہ کے کہا ابو عیسے نے یہ حدیث غریب ہے۔ نہین پہچانتے ہم اُسکو مگر اسی طریق سے اور اُسکی اسناد مین کلام ہے اور ہلال بن عبد اللہ مجہول ہے اور حارث ضعیف کیا جاتا ہے حدیث مین **باب** توشے اور سواری سے حج واجب ہو جاتا ہے **حدیث** بیان کی ہمسے یوسف بن عیسی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے اسنے کہا خبر دی ہمکو ابراہیم بن یزید نے محمد بن عباد بن جعفر سے اونے روایت کی ابن عمر سے کہ ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اُسنے عرض کی کہ یا رسول اللہ کیا چیز واجب کرتی ہے حج کو آپ نے فرمایا توشہ اور سواری کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے کہ جب کوئی مرد مالک ہووے خرچ راہ اور سواری کا تو اُسپر حج واجب ہو جاتا ہے اور ابراہیم بن یزید وہ خوزی مکی ہے اور بہ تحقیق کلام کی ہے اُسمین بعض اہل علم نے اُسکے حفظ کی وجہ سے **باب** عمر بھر مین حج کتنی بار فرض ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ابو سعید اشج نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو منصور بن وردان کوفی نے علی بن عبد الاعلی سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے ابی البختری سے اُسنے علی بن ابی طالب رض سے اونھون نے کہا کہ جب اُتری یہ آیت اور واسطے اللہ کے ہے لوگون پر حج بیت اللہ کا جو طاقت رکھے طرف اسکی راہ کے تو لوگون نے عرض کی کہ کیا بیچ ہر سال کے حج فرض ہے یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

ف۱ یعنی وہ یہود اور نصاریٰ کے برابر ہے کفران نعمت مین اور یہ اسواسطے ہے کہ یہود اور نصاریٰ حج کے معتقد نہیں ہیں ۱۲ ف۲ یعنی جو کچھ مذکور ہے شرط ہونا زاد اور راحلہ کا۔ اور وعید اس عبادت کو ترک کرنے پر اور مالک ہونا توشہ کا یعنی اتنا خرچ ہو کہ راہ مین جاتے آتے کفایت کرے اور اپنے اہل و عیال کو بھی اسقدر دے کہ جب تک یہ نہ آوے انکو کافی ہو پس جس شخص کے پاس اتنا خرچ ہو اور سواری بھی ہو اور پھر وہ حج نہ کرے تو وہ مرتا ہے یہودی یا نصرانی ہوکر ۱۲ ع ح ف۳ اور فرض حج کے یہ ہیں۔ احرام اور وقوف عرفات میں اور طواف الزیارت اور اسکو طواف الافاضہ اور طواف الرکن بھی کہتے ہیں۔ اور واجبات حج کے یہ ہیں۔ وقوف مزدلفہ کا۔ اور سعی صفا اور مروہ کی اور رمی جمار اور طواف الصدر کہ اسکو طواف وداع بھی کہتے ہیں۔ آفاقی یعنی غیر مکی کے لیے اور حلق اور بال کتروانے وغیرہ ۱۲ ملتقی ف۴ ابو حازم کوفی ثقہ ہے تیسرے درجہ میں انکا شمار ہے۔ اول اسیکڑے کے سرے پر وفات ہوئی ۱۲ ع ف۵ ابراہیم بن یزید مکی ابو اسماعیل مولی بنی امیہ کے متروک الحدیث ہیں ساتوین درجہ میں انکا شمار ہے۔ وفات ۱۵۱ھ مین ہوئی ۱۲ اسلم اللہ

تسؤكم فقالوا يا رسول الله افي كل عام قال لا ولو قلت نعم لوجبت فانزل الله تعالىٰ يا ايها الذين امنوا لا تسألوا عن اشياء ان تبد لكم تسؤكم وفي الباب عن ابن عباس وابي هريرة **قال** ابو عيسىٰ حديث علي حديث حسن غريب من هذا الوجه واسم ابي البختري سعيد بن ابي عمران وهو سعيد بن فيروز **باب** ما جاء كم حج النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** عبد الله بن ابي زياد نا زيد بن حباب عن سفيان عن جعفر بن محمد عن ابيه عن جابر بن عبد الله ان النبي صلى الله عليه وسلم حج ثلث حجج حجتين قبل ان يهاجر وحجة بعد ما هاجر معها عمرة فساق ثلثة وستين بدنة وجاء علي من اليمن ببقيتها فيها جمل لابي جهل في انفه برة من فضة فنحرها فامر رسول الله صلى الله عليه وسلم من كل بدنة ببضعة فطبخت فشرب من مرقها **قال** ابو عيسىٰ هذا حديث غريب من حديث سفين لا نعرفه الا من حديث زيد بن حباب ورايت عبد الله بن عبد الرحمن روى هذا الحديث في كتبه عن عبد الله بن ابي زياد وسالت محمدا عن هذا فلم يعرفه من حديث الثوري عن جعفر عن ابيه عن جابر عن النبي صلى الله عليه وسلم ورايته لا يعد هذا الحديث محفوظا وقال انما يروى عن الثوري عن ابي اسحاق عن مجاهد مرسل **حدثنا** اسحاق بن منصور نا حبان بن هلال نا همام نا قتادة قال قلت لانس بن مالك كم حج النبي صلى الله عليه وسلم قال حجة واحدة واعتمر اربع عمر عمرة في ذي القعدة وعمرة الحديبية وعمرة مع حجته وعمرة الجعرانة اذ قسم غنيمة حنين **قال** ابو عيسىٰ هذا حديث حسن صحيح وحبان بن هلال ابو حبيب البصري هو جليل ثقة وثقه يحيى بن سعيد القطان **باب** ما جاء كم اعتمر النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** قتيبة نا داؤد بن عبد الرحمن العطار عن عمرو بن دينار عن عكرمة عن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اعتمر اربع عمر

سو آپ چپ رہے۔ پھر لوگوں نے کہا کیا ہر سال میں حج فرض ہے یا رسول اللہ۔ فرمایا نہیں۔ اور اگر میں کہتا ہاں یعنی حج ہر سال فرض ہے تو البتہ واجب ہو جاتا۔ یعنی ہر سال میں حج کرنا فرض ہوتا۔ سو اتاری خدا نے یہ آیت کہ اے ایمان والو مت پوچھو بہت چیزیں کہ اگر کھولی جاویں تم پر تو تمکو بری لگیں یعنی اُنکی حقیقت مت پوچھو۔ اور اس باب میں ابن عباس اور ابی ہریرہؓ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے کہ علیؓ کی حدیث حسن غریب ہے اس طریق سے اور ابی البختری کا نام سعید بن ابی عمران ہے اور وہ سعید بن فیروز ہے **باب** نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنی بار حج کیا ہے **حدیث** بیان کی ہمسے عبد اللہ بن ابی زیاد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو زید بن حباب نے سفیان سے اُسنے جعفر بن محمد سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے روایت کی جابر بن عبد اللہ سے کہ مقرر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے تین حج کیے دو حج پہلے ہجرت سے اور ایک حج پیچھے ہجرت سے کہ ساتھ اُسکے عمرہ تھا سو آپ اپنے ساتھ تریسٹھ اونٹ ہدی لائے اور لائے حضرت علیؓ باقی اونٹ یمن سے بیچ انکے ایک اونٹ تھا واسطے ابی جہل کے بیچ ناک اُسکی کے نکیل تھی چاندی سے سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انکی قربانی کی پھر حکم کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر اونٹ سے ساتھ ایک ٹکڑے گوشت کے سو پکایا گیا پس پیا آپ نے شوربا اُسکا کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہے حدیث سے سفیان کے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث زید بن حباب سے۔ اور میں نے عبد اللہ بن عبد الرحمن کو دیکھا کہ اُسنے یہ حدیث روایت کی اپنی کتاب میں عبد اللہ بن ابی زیاد سے اور پوچھا میں نے محمد کو اُس سے سو اُسنے اُسکو نہ پہچانا حدیث ثوری سے اُسنے روایت کی جعفر سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور میں نے اُسکو دیکھا کہ وہ اس حدیث کو محفوظ نہیں جانتا تھا۔ اور کہا سوا اسکے نہیں کہ روایت کیجاتی ہے ثوری سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے مجاہد سے مرسل **حدیث** بیان کی ہمسے اسحاق بن منصور نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حبان بن ہلال نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ہمام نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو قتادہ نے کہ میں نے انس بن مالک سے پوچھا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے حج کیے ہیں اُسنے کہا ایک حج کیا اور عمرہ کیا چار بار۔ ایک عمرہ ذی القعدہ میں اور ایک عمرہ حدیبیہ کا اور ایک عمرہ ساتھ حج اپنے کے اور ایک عمرہ جعرانہ کا جبکہ تقسیم کی لوٹ حنین کی کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور حبان بن ہلال ابو حبیب بصری ہے وہ بڑا بزرگ اور ثقہ ہے کہا ہے اُسکو یحییٰ بن سعید قطان نے۔ **باب** نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے عمرے کیے ہیں **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو داؤد بن عبد الرحمن عطار نے عمرو بن دینار سے اُسنے روایت کی عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہ مقرر رسول اللہ صلعم نے عمرے کیے چار عمرے

ف: پس اس سے معلوم ہوا کہ تمام عمر میں حج فرض ایکبار فرض ہے باقی نفل ہے اگر چاہے کرے اور چاہے تو بکرے اور مجمل بیان حج کا یہ ہے کہ حج میں وقوف عرفات اور طواف بیت اللہ کا اور سعی درمیان صفا اور مروہ کی ہے اور عمرہ میں فقط طواف اور سعی ہی ہوتی ہے اور احرام دونوں میں شرط ہے حج اور عمرے دونوں میں بھی اور حج فرض بھی ہوتا ہے اور عمرہ سنت و نفل ہے مگر نذر سے واجب ہو جاتا ہے ۱۲ ح

عمرة الحديبية وعمرة الثانية من قابل عمرة القصاص في ذي القعدة وعمرة الثالثة من الجعرانة والرابعة التي مع حجته وفي الباب عن انس وعبد الله بن عمرو وابن عمر **قال** ابو عيسى حديث ابن عباس حديث غريب وروى ابن عيينة هذا الحديث عن عمرو بن دينار عن عكرمة ان النبي صلى الله عليه وسلم اعتمر اربع عمر ولم يذكر فيه عن ابن عباس **حدثنا** بذلك سعيد بن عبد الرحمن المخزومي نا سفيان بن عيينة عن عمرو بن دينار عن عكرمة عن النبي صلى الله عليه وسلم فذكر نحوه

باب ما جاء في اي موضع احرم النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** ابن ابي عمر نا سفيان بن عيينة عن جعفر بن محمد عن ابيه عن جابر بن عبد الله قال لما اراد النبي صلى الله عليه وسلم الحج اذن في الناس فاجتمعوا فلما اتى البيداء احرم وفي الباب عن ابن عمر وانس ومسور بن مخرمة **قال** ابو عيسى حديث جابر حديث حسن صحيح **حدثنا** قتيبة بن سعيد نا حاتم بن اسماعيل عن موسى بن عقبة عن سالم بن عبد الله بن عمر عن ابن عمر قال البيداء التي تكذبون فيها على رسول الله صلى الله عليه وسلم والله ما اهل رسول الله صلى الله عليه وسلم الا من عند المسجد من عند الشجرة **قال** ابو عيسى وهذا حديث حسن صحيح

باب ما جاء متى احرم النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** قتيبة بن سعيد نا عبد السلام بن حرب عن خصيف عن سعيد بن جبير عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم اهل في دبر الصلوة **قال** ابو عيسى هذا حديث غريب لا نعرف احدا رواه

اول عمرہ حدیبیہ کا اور دوسرا عمرہ آئندہ سال میں عمرہ قصاص کا ذی القعدہ میں ہے اور تیسرا عمرہ جعرانہ کا اور چوتھا عمرہ ساتھ حج اپنے کے اور اس باب میں انس اور عبد اللہ بن عمرو اور ابن عمر سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے ابن عباس کی حدیث غریب ہے اور ابن عیینہ نے یہ حدیث روایت کی ہے عمرو بن دینار سے اُسنے عکرمہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرے کیے چار اور اسمیں ابن عباس سے ذکر نہیں کیا **حدیث** بیان کی ہمسے ساتھ اسکے سعید بن عبد الرحمن مخزومی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے عمرو بن دینار سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پس ذکر کیا مثل اسکے **باب** نبی صلی اللہ علیہ وسلم کس جگہ میں احرام باندھا ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ابن ابی عمر نے اسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے جعفر بن محمد سے اسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہ جب ارادہ کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حج کا تو خبر کی لوگوں میں یعنی ندا کی ندا کرنے والے نے پس جمع ہوئے آدمی بہت یہانتک کہ جب آئے حضرتؐ میدان بیدا میں کہ نام ہے ایک جگہ کا درمیان مکے اور مدینے کے تو احرام باندھا آپنے یعنی احرام کی نیت کی اور لبیک کہی اور اس باب میں ابن عمر اور انس اور مسور بن مخرمہ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے کہ جابر کی حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حاتم بن اسمعیل نے موسیٰ بن عقبہ سے اُسنے روایت کی سالم بن عبد اللہ بن عمر سے اُسنے ابن عمر سے کہ میدان بیدا جسمیں تم رسول اللہ صلعم پر جھوٹ بولتے تھے قسم ہے اللہ کی نہیں احرام باندھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مگر نزدیک مسجد کے نزدیک درخت کے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کب احرام باندھا ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد السلام بن حرب نے اُسنے روایت کی خصیف سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے احرام باندھا پیچھے نماز کے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم کسی کو کہ روایت کی ہو

---

[۱] حدیبیہ نام ایک کنوئیں کا ہے نو کوس مکے سے کہ اکثر اسکا حرم میں ہے اور کچھ حل میں اور بیان عمرۂ حدیبیہ کا یہ ہے کہ حضرتؐ چھٹے سال ہجری میں عمرے کی نیت سے مکے کو روانہ ہوئے اور آپ کے ساتھ چودہ سو آدمی تھے جب حدیبیہ میں پہونچے تو قریش جمع ہو کر آپ کو مکے میں آنے سے مانع ہوئے اور عہد کیا کہ آئندہ سال آنا پس حضرتؐ صلح کر کے پھر گئے پس حقیقت میں یہ عمرہ ہوا۔ لیکن بسبب ملنے ثواب عمرہ پہلا عمرہ گنا گیا اور سال آئندہ میں اس عمرے کی قضا کو گئے مکے میں اور وہاں تین دن رہے پھر چلے آئے یہ دوسرا عمرہ ہوا اسکا نام عمرة القضا ہے۔ اور تیسرا عمرہ جعرانہ کا ہے اور جعرانہ ایک جگہ کا نام ہے نو کوس مکے سے آٹھویں سال ہجری میں بعد فتح مکے کے غزوہ حنین ہوا اور غنیمت بیشمار وہاں سے ہاتھ لگی حضرتؐ پندرہ سولہ روز جعرانہ میں رہے اور وہاں غنیمت بانٹی انھیں دنوں میں ایک رات کو بعد نماز عشا کے سوار ہو کر مکے میں تشریف لیگئے اور عمرہ کیا اور اُسی رات پھر آئے۔ اور چوتھا عمرہ وہ ہوا کہ حضرتؐ نے حج کے ساتھ کیا بعد فرض ہونے حج کے پس چار ان عمروں سے جو حضرتؐ نے کیے یہ ہیں اور حج اسلام کا صرف ایک اور جاہلیت کے حج معلوم نہیں کہ کتنے تھے ۱۲ اور یہ سب عمرے ذیقعدہ میں تھے مگر وہ عمرہ کہ ساتھ حج کے کیا ۱۲ [۲] حضرتؐ ظہر کی نماز پڑھ کر مدینہ سے روانہ ہوئے اور عصر کی نماز ذوالحلیفہ میں کہ میقات اہل مدینہ کا ہے پڑھی اور رات کو وہاں رہے اور صبح کو احرام باندھا اور اسمیں مختلف حدیثیں آئی ہیں ایک حدیث میں ہے کہ آپنے بیٹھے بیٹھے اُونٹنی کی پیٹھ پر اور کھڑے ہوئے اُسکے کے لبیک کہی اور ایک میں ہے کہ آپنے دو رکعت نماز احرام کے بعد لبیک کہی اور ایک میں ہے کہ آپنے بیدا میں پہونچکر لبیک کہی پس امام شافعی نے اور اکثر نے عمل کیا ہے کہ اُونٹنی کی پیٹھ پر بیٹھکر لبیک کہے اور امام ابو حنیفہ اور مالک اور احمد نے دوسری روایت پر عمل کیا کہ اُنکے نزدیک مستحب ہے کہ بعد پڑھنے دو رکعت احرام کے نیت احرام کی کرے اور لبیک کہے اسی حال میں کہ بیٹھا ہو اور وجہ تطبیق کی اُنمیں یہ ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سب جگہوں میں لبیک کہی۔ سو راوی نے جہاں لبیک کہتے سنا یہ سمجھا کہ یہیں سے لبیک کہنی شروع کی ۱۲ ع ح

غير عبد السّلام بن حرب وهو الذی يستحبّه اهل العلم ان يحرم الرجل فی دبر الصلوٰة **باب** ماجاء فی افراد الحج **حدثنا** ابو مُصْعَب قراءة عن مالك بن انس عن عبد الرّحمن بن القاسم عن ابيه عن عائشة ان رسول الله صلے الله عليه وسلم افرد الحج وفی الباب عن جابر وابن عمر **قال** ابو عيسٰی حديث عائشة حديث حسن صحيح والعمل علےٰ هذا عند بعض اهل العلم وروی عن ابن عمر ان النبیّ صلے الله عليه وسلم افرد الحج وافرد ابو بكرؓ وعمرؓ وعثمانؓ **حدثنا** بذلك قتيبة نا عبد الله بن نافع الصائغ عن عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر بهذا **قال** ابو عيسٰی وقال الثوری ان افردت الحج فحسن وان قرنت فحسن وان تمتعت فحسن وقال الشافعی مثله وقال احبّ الينا الافراد ثم التمتع ثم القران **باب ما** جاء فی الجمع بين الحج والعمرة **حدثنا** قتيبة نا حماد بن زيد عن حميد عن انس قال سمعت النبیّ صلے الله عليه وسلم يقول لبّيك بعمرة وحجّة وفی الباب عن عمر وعمران ابن حصين **قال** ابو عيسٰی حديث انس حديث حسن صحيح وقد ذهب بعض اهل العلم الی هذا واختاره من اهل الكوفة وغيرهم **باب ماجاء** فی التمتع **حدثنا** قتيبة بن سعيد عن مالك بن انس عن ابن شهاب عن محمد بن عبد الله بن حارث بن نوفل انه سمع سعد بن ابی وقاص والضحاك بن قيس وهما يذكران التمتع بالعمرة الی الحج فقال الضحاك بن قيس لا يصنع ذلك الّا من جهل امر الله تعالی فقال سعد بئس ما قلت يا ابن اخی فقال الضحاك فان عمر ابن الخطاب قد نهی عن ذلك فقال سعد قد صنعها رسول الله صلے الله عليه وسلم وقد صنعناها معه هذا حديث صحيح **حدثنا** عبد الله بن حميد اخبرنی يعقوب بن ابراهيم بن سعد نا ابی عن صالح بن كيسان

سوائے عبد السلام بن حرب کے اور یہی ہی وہ چیز جسکو اہل علم مستحب کہتے ہین کہ احرام باندھے آدمی پیچھے نماز کے **باب** مفرد حج کرنے کے بیان مین **حدیث** بیان کی ہمسے ابو مصعب نے قراۃً مالک بن انس سے اُسنے روایت کی عبد الرحمن بن قاسم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہؓ سے کہ مقرر حضرتؐ نے مفرد حج کیا۔ اور اس باب مین جابر اور ابن عمر سے بھی روایت آئی ہی۔ کہا ابو عیسیٰ نے کہ عائشہؓ کی حدیث حسن صحیح ہی اور عمل اسپر ہی نزدیک بعض علما کے۔ اور روایت کی گئی ہی ابن عمر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مفرد حج کیا ہی۔ اور افراد کیا ہی ابو بکرؓ اور عمرؓ اور عثمانؓ نے **حدیث** بیان کی ہمسے ساتھ اسکے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن نافع صائغ نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے روایت کی نافع سے اُسنے ابن عمر سے ساتھ اسکے کہا ابو عیسیٰ نے اور کہا ثوری نے کہ اگر مفرد کرے تو حج کو تو بہتر ہی اور اگر قران کرے تو وہ بھی بہتر ہی اور اگر تمتع کرے تو وہ بھی بہتر ہی اور امام شافعی نے کہا مثل اسکے اور کہا کہ زیادہ تر پیارا طرف ہمارے افراد ہی پھر تمتع پھر قران **باب** حج اور عمرہ کو جمع کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حماد بن زید نے حمید سے اُسنے روایت کی انس سے کہ مین نے سنا نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ کہتے تھے لبّیک بعمرة وحجة یعنی حاضر ہون تیری خدمت مین یا الٰہی ساتھ عمرہ اور حج کے اور اس باب مین عمر اور عمران بن حصین سے بھی روایت آئی ہی کہا ابو عیسیٰ نے انس کی حدیث حسن صحیح ہی۔ اور بعض اہل علم کا یہی مذہب ہی۔ اور اختیار کیا ہی اُسکو اہل کوفہ وغیرہ نے **باب** تمتع کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے مالک بن انسؓ سے اُسنے روایت کی ابن شہاب سے اُسنے محمد بن عبد اللہ بن حارث بن نوفل سے کہ اُسنے سنا سعد بن ابی وقاص سے اور ضحاک بن قیس سے اور وہ دونوں ذکر کرتے تھے تمتع کرنے کا ساتھ حج اور عمرے کے سو ضحاک بن قیس نے کہا کہ نہین کرتا اُسکو مگر جو بیخبر ہو اللہ کے حکم سے سو سعد نے کہا بُری ہی وہ چیز جو کہی تو نے اے میرے بھائی کے بیٹے سو ضحاک نے کہا کہ تحقیق عمر بن خطاب نے منع کیا ہی اُس سے سو سعد نے کہا کہ تحقیق کیا ہی اُسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور کیا ہی ہمنے اُسکو ساتھ آپکے یہ حدیث صحیح ہی **حدیث** بیان کی ہمسے عبد اللہ بن حمید نے اُسنے کہا خبر دی مجکو یعقوب بن ابراہیم نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ہمارے باپ نے صالح بن کیسان سے

لہ جاننا چاہیے کہ حج کرنے والے تین قسم کے ہین ایک تو مفرد ہی۔ اور مفرد وہ ہی کہ نرے حج کا احرام باندھے۔ دوسرا قارن۔ قارن وہ ہی کہ حج اور عمرے دونون کا احرام باندھے اور تیسرا متمتع ہی۔ اور وہ وہ ہی کہ اول عمرے کا احرام باندھے حج کی میقات سے حج کے مہینون مین اور افعال عمرے کے بجالاوے۔ پھر اگر ہدیٰ کو ساتھ لایا ہی تو احرام باندھے رہے اور اگر ہدیٰ نہین لایا تو احرام سے نکل آوے اور مکے مین بیٹھا رہے جب ایام حج کے آوین تو احرام حج کا حرم سے باندھے اور حج کرے۔ اور مسئلہ اسمین اختلاف ہی کہ تین قسمون سے افضل کون ہے۔ امام شافعی اور امام مالک اور بہت لوگ کہتے ہین کہ افضل افراد ہی پھر تمتع پھر قران۔ اور امام احمد وغیرہ کہتے ہین کہ افضل تمتع ہی۔ اور امام ابو حنیفہ وغیرہ کہتے ہین کہ افضل قران ہی۔ اور صحیح یہ ہی کہ افضل افراد ہی پھر تمتع پھر قران۔ اور اسمین بھی اختلاف ہی کہ حضرتؐ مفرد تھے یا متمتع تھے یا قارن تھے۔ صحیح یہ ہی کہ پہلے مفرد تھے پھر اسمین عمرے کا احرام باندھا۔ اور قارن ہو گئے۔ اور وجہ تطبیق کی ہر تینون مین یہ ہے کہ جسنے افراد نقل کیا وہ اصل ہے۔ اور جسنے قران نقل کیا وہ باعتبار اخیر امر کے۔ اور جسنے تمتع نقل کیا تو مراد اُس سے تمتع لغوی رکھا یعنی فائدہ اُٹھانا۔ نووی

عن ابن شهاب ان سالم بن عبد الله حدثه انه سمع رجلا من اهل الشام وهو يسأل عبد الله بن عمر عن التمتع بالعمرة الى الحج فقال عبد الله بن عمر هي حلال فقال الشامي ان اباك قد نهى عنها فقال عبد الله بن عمر أرأيت ان كان ابي نهى عنها وصنعها رسول الله صلى الله عليه وسلم أمر ابي يتبع ام امر رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال الرجل بل امر رسول الله صلى الله عليه وسلم هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** ابو موسى محمد بن المثنى نا عبد الله بن ادريس عن ليث عن طاؤس عن ابن عباس قال تمتع رسول الله صلى الله عليه وسلم وابو بكر وعمر وعثمان واول من نهى عنه معاوية و في الباب عن علي وعثمان وجابر وسعد واسماء ابنة ابي بكر وابن عمر **قال** ابو عيسى حديث ابن عباس حديث حسن واختار قوم من اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم التمتع بالعمرة والتمتع ان يدخل الرجل بعمرة في اشهر الحج ثم يقيم حتى يحج فهو متمتع وعليه دم ما استيسر من الهدي فمن لم يجد فصيام ثلثة ايام في الحج وسبعة اذا رجع الى اهله ويستحب للمتمتع اذا صام ثلثة ايام في الحج ان يصوم في العشر ويكون اخرها يوم عرفة فان لم يصم في العشر صام ايام التشريق في قول بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم منهم ابن عمر وعائشة وبه يقول مالك والشافعي واحمد واسحاق وقال بعضهم لا يصوم ايام التشريق وهو قول اهل الكوفة **قال** ابو عيسى واهل الحديث يختارون التمتع بالعمرة في الحج وهو قول الشافعي واحمد واسحاق

باب ماجاء في التلبية

حدثنا احمد بن منيع نا اسماعيل بن ابراهيم عن ايوب عن نافع عن ابن عمر قال كان تلبية النبي صلى الله عليه وسلم لبيك اللهم لبيك لبيك لاشريك لك لبيك ان الحمد والنعمة لك والملك لاشريك لك

اُسنے روایت کی ابن شہاب سے کہ مقرر سالم بن عبداللہ نے حدیث بیان کی اُس سے کہ اُسنے سُنا ایک مرد کو اہل شام سے کہ وہ پوچھتا تھا عبداللہ بن عمر کو تمتع کرنے سے ساتھ عمرے کے طرف حج کے سو عبداللہ بن عمر نے کہا کہ وہ درست ہے سو اُس شامی نے کہا کہ مقرر باپ تیرے نے منع کیا ہے اُس سے سو عبداللہ بن عمر نے کہا کہ بھلا تبلاؤ کہ اگر باپ میرے نے منع کیا ہو اُس سے اور کیا ہو اُسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا حکم باپ میرے کا مانا جاویگا یا حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سو اُس مرد نے کہا کہ بلکہ حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا مانا جاویگا سو عبداللہ نے کہا کہ تحقیق کیا ہے اسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے) یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ابو موسیٰ محمد بن مثنی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبداللہ بن ادریس نے لیث سے اُسنے روایت کی طاؤس سے اُسنے ابن عباس رضی سے اُسنے کہا کہ تمتع کیا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور ابو بکر اور عمر اور عثمان نے اور اول جسنے اُس سے منع کیا ہے معاویہ ہے۔ اور اس باب میں علی اور عثمان اور جابر اور سعد اور اسماء بنت ابی بکر اور ابن عمر سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے اور ابن عباس کی حدیث حسن ہے اور اختیار کیا ہے ایک قوم اہل علم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے تمتع کرنا ساتھ عمرے کے اور تمتع یہ ہے کہ داخل ہووے مرد ساتھ عمرے کے حج کے مہینوں میں پھر ٹھیرا رہے یہانتک کہ حج کرے پس وہ تمتع کرنے والا ہے اور اسپر خون ہے جو میسر ہو ہدی سے پس جو شخص کہ نہ پاوے ہدی پس روزے رکھے تین دن کے حج کے دنوں میں سے اور سات روزے جب پھر جاوے طرف گھر اپنے کے اور مستحب ہے واسطے تمتع کرنے والے کے کہ جب روزہ رکھے تین دن حج میں یہ کہ روزے رکھے دہے میں اور ہو آخر اُسکا دن عرفے کا پس اگر نہ روزہ رکھے دہے میں تو روزے رکھے تشریق کے دنوں میں یہ قول بعض اہل علم کا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے انہیں میں سے ہے ابن عمر اور عائشہ اور ساتھ اسی کے قائل ہے مالک اور شافعی اور احمد اور اسحاق اور بعضے کہتے ہیں کہ نہ روزہ رکھے تشریق کے دنوں میں اور وہ قول اہل کوفہ کا ہے **باب** تلبیہ کا بیان یعنی لبیک کہنا **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو اسمٰعیل بن ابراہیم نے ایوب سے اُسنے روایت کی نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے کہا کہ تھا تلبیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا لبیک اللّٰہم لبیک لبیک لاشریک لک لبیک ان الحمد والنعمۃ لک والملک لاشریک لک یعنی حاضر ہوں خدمت تیری میں یا الٰہی حاضر ہوں تیری خدمت میں حاضر ہوں خدمت تیری میں نہیں کوئی شریک تیرا حاضر ہوں تیری خدمت میں تحقیق سب تعریف اور نعمت واسطے تیرے ہے اور بادشاہت نہیں کوئی شریک واسطے تیرے

ف۱ واجب ہے متمتع کو یہ کہ قربانی کرے دن نحر کے بعد رمی جمار کے واسطے شکر گزاری اس نعمت کے کہ توفیق ادائے عمرہ اور حج کی ہوئی پس جو شخص کہ نہ پاوے پس چاہیے کہ روزے رکھے تین دن بیچ حج کے یعنی حج کے مہینوں میں بعد احرام کے پہلے دن نحر کے اور افضل یہ ہے کہ ساتویں آٹھویں نویں کو رکھے اور سات دن جبکہ پھرے طرف اہل اپنے کے یعنی فارغ ہو افعال حج سے اگرچہ مکے میں ہو ۱۲ ع

حدثنا قتیبة نا اللیث عن نافع عن ابن عمر انه اهل فانطلق یُهل یقول لبیك اللهم لبیك لا شریك لك لبیك ان الحمد و
النعمة لك والملك لا شریك لك قال وکان عبدالله بن عمر یقول هذه تلبیة رسول الله صلی الله علیه وسلم وکان یزید من عنده
فی اثر تلبیة رسول الله صلی الله علیه وسلم لبیك لبیك لبیك وسعدیك والخیر فی یدیك لبیك والرغبی الیك والعمل هذا حدیث
صحیح قال ابو عیسی وفی الباب عن ابن مسعود وجابر وعائشة وابن عباس وابی هریرة قال ابو عیسی حدیث ابن عمر
حدیث حسن صحیح والعمل علیه عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم وهو قول سفیان الثوری والشافعی
واحمد واسحاق وقال الشافعی فان زاد زائد فی التلبیة شیئا من تعظیم الله فلا باس ان شاء الله واَحَبُّ الی ان یقتصر علی تلبیة رسول
الله صلی الله علیه وسلم قال الشافعی وانما قلنا لا باس بزیادة تعظیم الله فیها لما جاء عن ابن عمر وهو حفظ التلبیة عن رسول الله
صلی الله علیه وسلم ثم زاد ابن عمر فی تلبیته من قبله لبیك والرغبی الیك والعمل **باب** ما جاء فی فضل التلبیة والنحر
حدثنا محمد بن رافع نا ابن ابی فدیك وثنا اسحاق بن منصور نا ابن ابی فدیك عن الضحاك بن عثمان عن محمد بن المنکدر عن
عبدالرحمن بن یربوع عن ابی بکر الصدیق ان رسول الله صلی الله علیه وسلم سُئل ای الحج افضل قال العج والثج حدثنا هناد
نا اسماعیل بن عیاش عن عمارة بن غزیة عن ابی حازم عن سهل بن سعد قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما من مسلم
یُلبی الا لبی من عن یمینه وشماله من حجر او شجر او مدر حتی ینقطع الارض من ههنا وههنا حدثنا الحسن بن محمد الزعفرانی و
عبدالرحمن بن الاسود ابو عمرو البصری قالا نا عبیدة بن حمید عن عمارة بن غزیة عن ابی حازم عن سهل بن سعد عن النبی صلی الله علیه وسلم

حدیث بیان کی ہم سے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو لیث نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ آپنے احرام باندھا سو چلا احرام باندھے کہتا
تھا حاضر ہوں تیری خدمت میں یا الٰہی حاضر ہوں تیری خدمت میں نہیں کوئی شریک واسطے تیرے حاضر ہوں
تیری خدمت میں تحقیق سب تعریف اور نعمت واسطے تیرے ہی اور بادشاہت اور نہیں کوئی شریک واسطے تیرے کہا کہ تھے عبداللہ
بن عمر کہتے کہ یہ تلبیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی اور تھے زیادہ کرتے نزدیک اپنے سے پیچھے تلبیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لبیک الخ
یعنی یہ کہ حاضر ہوں تیری خدمت میں حاضر ہوں تیری خدمت میں اور نیکی حاصل کرتا ہوں تیری خدمت میں اور بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہی اور رغبت طرف
تیرے ہی اور عمل تیرے ہی سے ہی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی کہا ابو عیسی نے اور اس باب میں ابن مسعود اور جابر اور عائشہ اور ابن عباس اور ابوہریرہ
سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسی نے کہ ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہی اور عمل اسپر ہی نزدیک اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے
اور یہ قول سفیان ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا ہی شافعی نے کہا کہ اگر کوئی تلبیہ میں کوئی چیز زیادہ کرے اللہ کی تعظیم سے تو کوئی ڈر نہیں اگر
چاہے اللہ تعالی اور بہت پیارا طرف میرے یہ ہی کہ اقتصار کرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلبیہ پر اور کہا شافعی نے کہ سوا اسکے نہیں کہ کہا ہمنے کہ
نہیں کوئی ڈر ساتھ زیادہ کرنے تعظیم اللہ کے بیچ اُسکے واسطے اُسکے جو آیا ہی ابن عمر سے اور اُسنے یاد رکھا ہی تلبیہ حضرت کا پھر زیادہ کیا ابن عمر نے اُس تلبیہ
میں اپنی طرف سے لبیک والرغبی الیک والعمل **باب** تلبیہ کہنے اور قربانی کرنے کی فضیلت کا بیان حدیث بیان کی ہم سے محمد بن رافع نے اُسنے کہا
خبر دی ہمکو ابن ابی فدیک نے اور حدیث بیان کی ہمسے اسحاق بن منصور نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابن ابی فدیک نے ضحاک بن عثمان سے اُسنے روایت
کی محمد بن منکدر سے اُسنے عبدالرحمان بن یربوع سے اُسنے ابی بکر صدیق رض سے کہ مقرر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے کہ کونسا حج افضل ہی یعنی کونسی
چیزیں حج میں بہت ثواب کی ہیں بعد ارکان حج کے فرمایا بلند آواز کرنا ساتھ کہنے لبیک کے اور بہانا خون قربانی کا یا ہدی کا حدیث بیان کی
ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اسماعیل بن عیاش نے اُسنے عمارہ بن غزیہ سے اُسنے روایت کی ابی حازم سے اُسنے سہل بن سعد سے کہ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں کوئی مسلمان کہ لبیک کہتا ہو مگر کہ لبیک کہتے ہیں جو ہیں داہنی طرف اور بائیں طرف اُسکے قسم پتھر یا ڈھیلے یا درخت سے
یہاں تک کہ تمام ہووے زمین اُس طرف سے اور اس طرف سے یعنی داہنی اور بائیں طرف سے حدیث بیان کی ہمسے حسن بن محمد زعفرانی اور
عبدالرحمن بن اسود ابو عمرو بصری نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبیدہ بن حمید نے عمارہ بن غزیہ سے اُسنے روایت کی ابی حازم سے اُسنے سہل بن سعد سے اُسنے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

ف۱ پکار کر لبیک کہنی مرد کو مستحب ہی لیکن اتنا نہ چلاوے کہ نفس کو رنج ہو اور عورت چپکی کہے اسطرح کہ آپ ہی سنے ۱۲ ع

نحو حديث اسماعيل بن عيّاش وفى الباب عن ابن عمر وجابر **قال** ابوعيسى حديث ابى بكر حديث غريب لا نعرفه الا
من حديث ابن ابى فديك عن الضحاك بن عثمان ومحمد بن المنكدر لم يسمع من عبد الرحمن بن يربوع وقد روى محمد بن المنكدر
عن سعيد بن عبد الرحمن ابن يربوع عن ابيه غير هذا الحديث وروى ابو نعيم الطحّان ضرار بن صرد هذا الحديث عن ابن
ابى فديك عن الضحاك بن عثمان عن محمد بن المنكدر عن سعيد بن عبد الرحمن بن يربوع عن ابيه عن ابى بكر عن النبى صلى الله
عليه وسلم واخطاء فيه ضرار **قال** ابوعيسى سمعت احمد بن الحسن يقول قال احمد بن حنبل من قال فى هذا الحديث عن محمد
بن المنكدر عن ابن عبد الرحمن بن يربوع عن ابيه فقد اخطأ قال وسمعت محمدا يقول ذكرت له حديث ضرار بن صرد عن ابن
ابى فديك فقال هو خطأ فقلت قد روى غيره عن ابن ابى فديك ايضا مثل روايته فقال لا شئ انما رووه عن ابن ابى فديك
ولم يذكروا فيه عن سعيد بن عبد الرحمن ورايته يضعّف ضرار بن صرد والعجّ هو رفع الصوت بالتلبية والثجّ هو نحر البدن
باب ماجاء فى رفع الصوت بالتلبية **حدثنا** احمد بن منيع نا سفيان بن عيينة عن عبد الله بن ابى بكر عن عبد الملك
بن ابى بكر بن عبد الرحمن عن خلّاد بن السائب عن ابيه قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اتانى جبرئيل فامرنى ان آمر اصحابى
ان يرفعوا اصواتهم بالاهلال او بالتلبية **قال** ابوعيسى حديث خلّاد عن ابيه حديث حسن صحيح وروى بعضهم هذا الحديث
عن خلاد بن السائب عن زيد بن خالد عن النبى صلى الله عليه وسلم ولا يصح والصحيح هو خلاد بن السائب عن ابيه وهو خلاد
بن السائب ابن خلاد بن سويد الانصارى وفى الباب عن زيد بن خالد وابى هريرة وابن عباس **باب** ماجاء فى الاغتسال
عند الاحرام **حدثنا** عبد الله بن ابى زياد نا عبد الله بن يعقوب المدنى عن ابن ابى الزناد عن ابيه عن خارجة بن زيد بن ثابت

مثل حدیث اسماعیل بن عیاش کے اور اس باب میں ابن عمر اور جابر سے بھی روایت ہے کہا ابوعیسیٰ نے کہ ابی بکر کی حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم
اسکو مگر حدیث ابن ابی فدیک سے اُسنے روایت کی ضحاک بن عثمان سے اور محمد بن منکدر نے نہیں سُنا عبدالرحمان بن یربوع سے اور تحقیق روایت کی ہے محمد بن منکدر
نے سعید بن عبدالرحمان بن یربوع سے اُسنے اپنے باپ سے سوا اس حدیث کے اور روایت کی ہے ابو نعیم طحان ضرار بن صرد نے یہ حدیث ابن ابی فدیک سے اُسنے
ضحاک بن عثمان سے اُسنے محمد بن منکدر سے اُسنے سعید بن عبدالرحمن بن یربوع سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی بکر صدیق سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور خطا کی اس میں
ضرار نے کہا ابوعیسیٰ نے کہ سُنا میں نے احمد بن حسن سے کہتا تھا کہ کہا احمد بن حنبل نے کہ جو کوئی کہے اس حدیث میں محمد بن منکدر سے وہ ابن عبدالرحمان بن
یربوع سے وہ اپنے باپ سے تو اُسنے خطا کی یعنی یہ راوی اس حدیث کے اسناد میں نہیں ہیں کہا ابوعیسیٰ نے کہ میں نے بخاری سے سُنا کہتے تھے کہ ذکر کی میں نے
واسطے اُسکے حدیث ضرار بن صرد کی ابن ابی فدیک سے سو اُسنے کہا کہ یہ خطا ہے سو میں نے کہا کہ تحقیق روایت کی ہے غیر اُسکے نے ابن ابی فدیک سے بھی مثل اُسکی روایت کی سو اُسنے
کہا کہ کچھ چیز نہیں یعنی اُسکا کچھ اعتبار نہیں سوا اسکے نہیں کہ روایت کیا ہے لوگوں نے اُسکو ابن ابی فدیک سے اور نہیں ذکر کیا اُنہوں نے اسمیں واسطہ سعید بن
عبدالرحمان کا اور دیکھا میں نے اُسکو کہ ضعیف کہتا تھا ضرار بن صرد کو اور عج وہ بلند کرنا آواز کا ہے ساتھ لبیک کہنے کے اور ثج وہ اونٹوں کی قربانی کرنا ہے **باب**
بلند آواز کرنا ساتھ لبیک[1] کہنے کے **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے عبداللہ بن ابی بکر سے اُسنے روایت کی
عبدالملک بن ابی بکر بن عبدالرحمان سے اُسنے خلاد بن سائب سے اُسنے اپنے باپ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آئے میرے پاس جبرئیل سو حکم کیا مجھکو یہ حکم
کروں یاروں اپنے کو یہ کہ بلند کریں آوازیں اپنی ساتھ اہلال کے یا کہا کہ لبیک کہنے کے کہا ابوعیسیٰ نے کہ خلاد کی حدیث اپنے باپ سے حسن صحیح ہے اور روایت کی ہے
بعضوں نے یہ حدیث خلاد بن سائب سے اُسنے زید بن خالد سے اُسنے نبی صلعم سے اور نہیں صحیح ہے یہ اور صحیح وہ خلاد بن سائب ہے اپنے باپ سے اور وہ خلاد بن سائب بن خلاد بن سوید انصاری ہے اور
اس باب میں زید بن خالد اور ابی ہریرہ اور ابن عباس سے بھی روایت ہے **باب** احرام باندھنے[2] کے وقت نہانے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے
عبداللہ بن ابی زیاد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبداللہ بن یعقوب مدنی نے ابن ابی زناد سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے خارجہ بن زید بن ثابت سے

---

[1] امام شافعی کہتے ہیں کہ پکار کر لبیک کہنی سنت ہے اور نہیں ہے شرط واسطے صحت حج کے اور نہ واجب ہے اگر ترک کرے تو اُسکے بدلے دم لازم نہیں آتا۔ لیکن فضیلت فوت
ہوئی اور بعضے کہتے ہیں کہ واجب ہے اُسکے بدلے خون آتا ہے اور بعضے کہتے ہیں کہ وہ شرط ہے واسطے صحت احرام کے اور مالک کہتے ہیں کہ واجب نہیں لیکن ترک سے خون دینا لازم
آتا ہے اور امام شافعی اور مالک کہتے ہیں کہ صرف دل میں نیت کرنے سے حج منعقد ہوتا ہے اور ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ نہیں منعقد ہوتا مگر ساتھ جوڑنے لبیک کے ساتھ نیت کے یا لانے ہدی کے ۱۲ طیبی
[2] احرام کہتے ہیں اُسکو کہ جب میقات پر پہونچے تو غسل کرے اور سلے ہوئے کپڑے بدن سے اُتار ڈالے صرف ایک لنگ باندھے اور چادر اوڑھے اور دو رکعت نفل پڑھ کر نیت احرام کی کرے کہ میں نے احرام

عن ابيه انه رای النبی صلی الله علیه وسلم تجرد لاهلاله واغتسل **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن غريب وقد استحب بعض
اهل العلم الاغتسال عند الاحرام وهو قول الشافعی **باب** ماجاء فی مواقيت الاحرام لاهل الآفاق **حدثنا** احمد بن منيع نا
اسمعيل بن ابراهيم عن ايوب عن نافع عن ابن عمر ان رجلا قال من اين نهل يا رسول الله فقال يهل اهل المدينة من ذی الحليفة واهل الشام من الجحفة و
اهل نجد من قرن قال واهل اليمن من يلملم وفی الباب عن ابن عباس وجابر بن عبد الله وعبد الله بن عمرو **قال** ابو عيسى حديث
ابن عمر حديث حسن صحيح والعمل علی هذا عند اهل العلم **حدثنا** ابو كريب نا وكيع عن سفيان عن يزيد بن ابی زياد عن محمد
بن علی عن ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم وقت لاهل المشرق العقيق **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن **باب**
ما جاء فيما لا يجوز للمحرم لبسه **حدثنا** قتيبة نا الليث عن نافع عن ابن عمر انه قال قام رجل فقال يا رسول الله ماذا تأمرنا ان
نلبس من الثياب فی الحرم فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تلبسوا القميص ولا السراويلات ولا البرانس ولا العمائم ولا الخفاف
الا ان يكون احد ليست له نعلان فليلبس الخفين ما اسفل من الكعبين ولا تلبسوا شيئا من الثياب مسه الزعفران ولا الورس ولا تنتقب
المرأة الحرام ولا تلبس القفازين **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح والعمل عليه عند اهل العلم **باب** ماجاء فی السراويل و
الخفين للمحرم اذا لم يجد الازار والنعلين **حدثنا** احمد بن عبدة الضبی البصری نا يزيد بن زريع نا ايوب نا عمرو بن دينار عن
جابر بن زيد عن ابن عباس قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم يقول المحرم اذا لم يجد الازار فليلبس السراويل واذا لم يجد النعلين فليلبس الخفين

اُسنے اپنے باپ سے کہ اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ ننگے ہوئے واسطے احرام اپنے کے اور غسل کیا کہا ابو عیسیٰ نے کہ یہ حدیث حسن غریب ہے اور
تحقیق بعض اہل علم کہتے ہیں کہ احرام کے وقت غسل کرنا مستحب ہے اور یہ قول شافعی کا ہے **باب** احرام باندھنے کی جگہوں کا بیان واسطے غیر کے رہنے والوں کے
حدیث بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اسمٰعیل بن ابراہیم نے ایوب سے اُسنے روایت کی ہے نافع سے اُسنے ابن عمرؓ سے کہ تحقیق ایک مرد نے کہا
کس جگہہ سے احرام باندھیں ہم یا رسول اللہ تو فرمایا کہ احرام باندھیں مدینہ والے ذو الحلیفہ سے اور شام والے جحفہ سے اور نجد والے قرن سے کہا اور احرام باندھیں
والے یلملم سے اور اس باب میں ابن عباس اور جابر بن عبد اللہ اور عبد اللہ بن عمروؓ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے کہ ابن عمرؓ کی حدیث حسن صحیح ہے
اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے **حدیث** بیان کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے سفیان سے اُسنے روایت کی یزید بن ابی
زیاد سے اُسنے محمد بن علی سے اُسنے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے معین کی جگہہ احرام باندھنے کی واسطے اہل مشرق کے عقیق کہا ابو عیسیٰ نے
کہ یہ حدیث حسن ہے **باب** محرم کو احرام کی حالت میں کیا کپڑا پہننا جائز نہیں **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو لیث نے نافع سے
اُسنے روایت کی ابن عمرؓ سے کہ اُسنے کہا کہ ایک مرد کھڑا ہوا سو اُسنے عرض کی کہ یا رسول اللہ جو کیا حکم کرتے ہو آپ ہمکو یہ کہ پہنیں ہم کپڑوں میں سے بیچ احرام کے
سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ پہنو کرتہ اور نہ پائجامہ اور نہ بارانیاں اور نہ باندھو پگڑیاں اور نہ پہنو موزے مگر یہ کہ نہو دیں واسطے کسی کے پاپوشیں
تو چاہیے کہ پہنے موزے جو دونوں ٹخنوں سے نیچے ہوں اور نہ پہنو کپڑوں میں سے اس چیز کو کہ لگی ہو اُسکو زعفران اور نہ وہ کپڑا کہ لگی ہو اُسکو ورس اور نہ نقاب
ڈالے عورت احرام والی اور نہ پہنے دستانے کہا ابو عیسیٰ نے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسپر عمل ہے اہل علم کا **باب** احرام والا جب نہ پاوے تہ بند اور پاپوشیں تو پہنے پائجامہ
اور موزے **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن عبدہ ضبی بصری نے اُسنے کہا کہ خبر دی ہمکو یزید بن زریع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ایوب نے اُسنے کہا خبر دی
ہمکو عمرو بن دینار نے جابر بن زید سے اُسنے روایت کی ابن عباسؓ سے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا فرماتے تھے کہ محرم اگر نہ
پاوے تہ بند تو چاہیے کہ پہنے پائجامہ اور جب نہ پاوے پاپوشیں تو چاہیے کہ پہنے موزے

---

[1] یعنی سلے ہوئے کپڑے اُتار ڈالے اور لنگ باندھا اور چادر اوڑھی کہ حالت احرام میں سلا ہوا کپڑا کہ بدن پر قطع کیا ہو پہننا منع ہے اور احرام کے لیے غسل افضل ہے اور وضو
بھی کافی ہے [2] یعنی مدینے والے اور جو لوگ کہ اس راہ سے مکہ کو آویں جب ذو الحلیفہ میں پہنچیں تو وہاں سے احرام باندھیں اسی طرح اور لوگ اپنی اپنی جگہہ سے احرام باندھیں اور
ذو الحلیفہ نام ہے ایک جگہہ کا کہ چھ کوس ہے مدینے سے اور دس منزل ہے مکہ سے اور نجد نام ہے تہامہ سے عراق تک کا اور قرن منازل نام ہے ایک جگہہ کا قریب طائف کے اور یلملم ایک پہاڑ ہے
دو منزل مکہ سے اور جو شخص کہ ان احرام کی جگہوں سے اندر رہتا ہے تو اسکی جگہہ احرام کی اپنے گھر سے ہے حد حرم تک اُسکو میقات پر جانا ضرور نہیں اگرچہ میقات قریب ہو اور جو خاص ان جگہوں میں رہتے ہیں انکا حکم جمہور کے نزدیک اند والوں کا سا ہے یہاں تک کہ مکہ والے احرام باندھیں نفس مکہ سے لیکن یہ حکم حج کا ہے اور عمرے کے واسطے احرام حل سے نکلکر باندھے جیسے عائشہ رضی نے کیا تھا
مگر یہ احرام صرف اسی کے واسطے ضرور ہے جو حج یا عمرہ کا ارادہ رکھتا ہو اور جو کسی اور کام تجارت وغیرہ کے واسطے مکہ میں جاوے تو اُسکو ان جگہوں سے احرام باندھنا ضرور نہیں بلکہ اسکو بدون احرام کے بھی مکہ میں
داخل ہونا درست ہے [3] عقیق ایک جگہہ کا نام ہے قریب ذات عرق کے [4] ورس ایک قسم کی گھاس ہے زرد رنگ مشابہ زعفران کے خوشبودار ہوتی ہے اسواسطے اُس سے منع فرمایا

حدثنا قتیبة نا حماد بن زید عن عمرو نحوه و فی الباب عن ابن عمر و جابر قال ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند بعض اهل العلم قالوا اذا لم یجد المحرم الازار لبس السراویل و اذا لم یجد النعلین لبس الخفین وهو قول احمد و قال بعضهم علی حدیث ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم اذا لم یجد النعلین فلیلبس الخفین فلیقطعهما اسفل من الکعبین وهو قول سفیان الثوری والشافعی **باب** ما جاء فی الذی یحرم وعلیه قمیص او جبة حدثنا قتیبة بن سعید نا عبد الله بن ادریس عن عبد الملک بن ابی سلیمان عن عطاء عن یعلی بن امیة قال رای رسول الله صلی الله علیه وسلم اعرابیا قد احرم وعلیه جبة فامره ان ینزعها حدثنا ابن ابی عمر نا سفیان عن عمرو بن دینار عن عطاء عن صفوان بن یعلی عن ابیه عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه بمعناه قال ابو عیسی وهذا اصح و فی الحدیث قصة وهکذا روی قتادة والحجاج بن ارطاة وغیر واحد عن عطاء عن یعلی بن امیة و الصحیح ما روی عمرو بن دینار و ابن جریج عن عطاء عن صفوان بن یعلی عن ابیه عن النبی صلی الله علیه وسلم **باب** ما جاء ما یقتل المحرم من الدواب حدثنا محمد بن عبد الملک بن ابی الشوارب نا یزید بن زریع نا معمر عن الزهری عن عروة عن عائشة قالت قال رسول الله صلی الله علیه وسلم خمس فواسق یقتلن فی الحرم الفارة والعقرب والغراب والحدیا والکلب العقور و فی الباب عن ابن مسعود وابن عمر و ابی هریرة و ابی سعید و ابن عباس قال ابو عیسی حدیث عائشة حدیث حسن صحیح حدثنا احمد بن منیع نا هشیم نا یزید بن ابی زیاد عن ابن ابی نعم عن ابی سعید عن النبی صلی الله علیه وسلم قال یقتل المحرم السبع العادی و الکلب العقور و الفارة و العقرب و الحداة و الغراب قال ابو عیسی هذا حدیث حسن والعمل علی هذا عند اهل العلم قالوا المحرم یقتل السبع العادی والکلب وهو قول سفیان الثوری والشافعی

حدیث بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حماد بن زید نے عمرو سے مثل اسکے - اور اس باب مین ابن عمر اور جابر سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور عمل اسپر ہی نزدیک بعض اہل علم کے کہتے ہین کہ اگر نہ پاوے تہبند محرم تو پہنے پائجامہ اور جب نہ پاوے پاپوشین تو پہنے موزے اور یہ قول احمد کا ہی - اور بعضے کہتے ہین کہ بنا بر حدیث ابن عمر کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے جب نہ پاوے پاپوشین تو چاہیے کہ پہنے موزے اور چاہیے کہ کاٹ ڈالے اُنکو دونون ٹخنون کے نیچے یہ قول سفیان ثوری اور شافعی کا ہی **باب** اگر کوئی شخص احرام باندہے اور اُسپر کرتہ یا جبہ ہو تو اُسکو اُتار ڈالے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن ادریس نے عبد الملک بن ابی سلیمان سے اُسنے روایت کی عطا سے اُسنے یعلی بن امیہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرد جنگلی کو دیکھا کہ احرام باندہے ہی اور اُسپر جبہ تھا سو آپنے حکم کیا اُسکو کہ اُتار ڈالے اُسکو **حدیث** بیان کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے عمرو بن دینار سے اُسنے روایت کی عطا سے اُسنے صفوان بن یعلی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکی ساتھ معنی اسکے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث زیادہ تر صحیح ہی اور اس حدیث مین ایک قصہ ہی اور اسی طرح روایت کی ہی قتادہ اور حجاج بن ارطاۃ وغیرہ کئی اور لوگون نے عطا سے اُسنے روایت کی ہی یعلی بن امیہ سے اور صحیح وہ ہی جو روایت کی ہی عمرو بن دینار اور ابن جریج نے عطا سے اُسنے روایت کی صفوان بن یعلی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **باب** اُس چیز کا بیان جو قتل کرے اُسکو محرم چارپایون سے **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن عبد الملک بن ابی شوارب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یزید بن زریع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو معمر نے زہری سے اُسنے روایت کی عروہ سے اُسنے عائشہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پانچ جانور موذی مارے جاوین حرم مین چوہا اور بچھو اور کوا اور چیل اور کتا کٹ کہنا اور اس باب مین ابن مسعود اور ابن عمر اور ابی ہریرہ اور ابی سعید اور ابن عباس سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسیٰ نے کہ عائشہ کی حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ہشیم نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یزید بن ابی زیاد نے ابن ابی نعیم سے اُسنے روایت کی ابی سعید رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قتل کرے محرم درندے حملہ کرنے والے کو اور کتے کٹ کہنے اور چوہے اور بچھو اور چیل اور کوے کو کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہی اور عمل اسپر ہی نزدیک اہل علم کے کہتے ہین کہ قتل کرے محرم درندے حملہ کرنے والے کو اور کتے کو اور یہ قول سفیان ثوری اور شافعی کا ہی

سلہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ احرام مین بھولکر کرتہ پہننے سے کچھ خلل نہین آتا - خلاصہ یہ ہی کہ جو چیزین کہ احرام مین حرام ہین اگر قصداً اُنکا مرتکب ہوگا تو واجب ہوگا اُسمین فدیہ سب علما کے نزدیک اور اگر بھولکر مرتکب ہوگا جیسے کہ اُس شخص جنگلی نے کیا تھا تو نہین لازم آویگا اُسمین فدیہ نزدیک امام شافعی اور ثوری اور احمد اور اسحق کے اور واجب ہی نزدیک ابو حنیفہ

وقال الشافعي كل سبع عدى على الناس او على دوابهم فللمحرم قتله **باب** ماجاء في الحجامة للمحرم **حدثنا** قتيبة نا سفيان بن عيينة عن عمرو بن دينار عن طاؤس وعطاء عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم احتجم وهو محرم وفي الباب عن انس وعبد الله بن بحينة وجابر **قال** ابو عيسى حديث ابن عباس حديث حسن صحيح وقد رخص قوم من اهل العلم في الحجامة للمحرم وقالوا لا يحلق شعرا وقال مالك لا يحتجم المحرم الا من ضرورة وقال سفيان الثوري والشافعي لا باس ان يحتجم المحرم ولا ينزع شعرا **باب** ماجاء في كراهية تزويج المحرم **حدثنا** احمد بن منيع نا اسماعيل بن علية نا ايوب عن نافع عن نبيه بن وهب قال اراد ابن معمر ان ينكح ابنه فبعثني الى ابان بن عثمان وهو امير الموسم فاتيته فقلت ان اخاك يريد ان ينكح ابنه فاحب ان يشهدك ذلك فقال لا اراه الا اعرابيا جافيا ان المحرم لا ينكح ولا ينكح او كما قال ثم حدث عن عثمان مثله يرفعه وفي الباب عن ابي رافع وميمونة **قال** ابو عيسى حديث عثمان حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند بعض اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم منهم عمر بن الخطاب وعلي ابن ابي طالب وابن عمر وهو قول بعض فقهاء التابعين وبه يقول مالك والشافعي واحمد واسحاق لا يرون ان يتزوج المحرم وقالوا ان نكح فنكاحه باطل **حدثنا** قتيبة نا حماد بن زيد عن مطر الوراق عن ربيعة بن ابي عبد الرحمن عن سليمان بن يسار عن ابي رافع قال تزوج رسول الله صلى الله عليه وسلم ميمونة وهو حلال وبنى بها وهو حلال وكنت انا الرسول فيما بينهما **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن ولا نعلم احدا اسنده غير حماد بن زيد عن مطر الوراق عن ربيعة وروى مالك بن انس عن ربيعة عن سليمان بن يسار ان النبي صلى الله عليه وسلم تزوج ميمونة وهو حلال رواه مالك مرسلا ورواه ايضا سليمان بن بلال عن ربيعة مرسلا **قال** ابو عيسى وروى عن يزيد بن الاصم عن ميمونة قالت تزوجني رسول الله صلى الله عليه وسلم

اور شافعی نے کہا کہ ہر درندہ جو ایذا دیوے لوگوں کو یا انکے چارپایوں کو تو جائز ہے واسطے محرم کے قتل کرنا اسکا **باب** محرم کو سینگی لگوانا جائز ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے عمرو بن دینار سے اُسنے روایت کی طاؤس اور عطاء سے اُسنے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سینگی کھینچوائی اور آپ احرام میں تھے اور اس باب میں انس اور عبد اللہ بن بحینہ اور جابر سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے ابن عباس کی حدیث حسن صحیح ہے اور ایک جماعت اہل علم کہتے ہیں کہ محرم کو سینگی لگوانی جائز ہے اور کہتے ہیں کہ بال نہ منڈاوے اور مالک کہتے ہیں کہ سینگی نہ لگوائے محرم مگر ضرورت سے اور سفیان ثوری اور شافعی نے کہا کہ نہیں ڈر ہے کہ سینگی کھچوائے محرم اور نہ توڑے بال **باب** محرم کو احرام کی حالت میں نکاح کرنا منع ہے **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اسمٰعیل بن علیہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ایوب نے نافع سے اُسنے روایت کی نبیہ بن وہب سے اُسنے کہا کہ ارادہ کیا ابن معمر نے یہ کہ نکاح کرے بیٹے اپنے کا سو بھیجا مجھکو طرف ابان بن عثمان کے اور وہ امیر حاجیوں کا تھا سو میں اُسکے پاس آیا اور کہا کہ تحقیق بھائی تیرا ارادہ کرتا ہے یہ کہ نکاح کرے بیٹے اپنے کا سو دوست رکھتا ہے کہ تجھکو گواہ کرے سو اُسنے کہا کہ میں نہیں دیکھتا اُسکو مگر جنگلی ظالم تحقیق محرم نہ خود نکاح کرے نہ کسی کا نکاح کر لئے یا جسطرح کہا پھر یہ حدیث بیان کی عثمان سے مثل اسکے کہ مرفوع کرتا تھا اُسکو۔ اور اس باب میں ابی رافع اور میمونہ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے عثمان کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسیپر ہے نزدیک بعض اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے انمیں سے ہیں عمر بن خطاب اور علی بن ابی طالب اور ابن عمر اور یہ قول بعض فقہا اور تابعین کا ہے اور ساتھ اسکے قائل ہے مالک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کہتے ہیں کہ نہیں جائز ہے یہ کہ نکاح کرے محرم اور کہتے ہیں کہ اگر نکاح کرے تو نکاح اُسکا باطل ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حماد بن زید نے مطر وراق سے اُسنے روایت کی ربیعہ بن ابی عبد الرحمٰن سے اُسنے سلیمان بن یسار سے اُسنے ابی رافع سے اُسنے کہا کہ نکاح کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے میمونہ سے اور آپ حلال تھے محرم نہ تھے اور بنا کی ساتھ اسکے اور آپ محرم نہ تھے اور میں انکے درمیان قاصد تھا یعنی پیغام پہنچانے والا کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے نہیں پہچانتے ہم کسی کو کہ مسند کیا ہو سوائے حماد بن زید کے مطر وراق سے اُسنے ربیعہ سے اور روایت کی مالک بن انس نے ربیعہ سے اُسنے سلیمان بن یسار سے کہ نبی صلعم نے نکاح کیا میمونہ سے اُس حال میں کہ وہ احرام میں نہ تھے اور روایت کیا ہے اُسکو مالک نے مرسل اور روایت کیا ہے اُسکو سلیمان بن بلال نے بھی ربیعہ سے مرسل کہا ابو عیسیٰ نے اور روایت کی گئی ہے یزید بن اصم سے اُسنے روایت کی میمونہ سے کہ نکاح کیا مجھسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور

ف۱ شیر اور چیتا اور بھیڑیا وغیرہ سب اسمیں داخل ہیں ۱۲ ف۲ جائز ہے جمہور علماء کے نزدیک سینگی لگوانی بشرطیکہ بال نہ توڑے ۱۲ ف۳ امام شافعی اور جمہور علماء کہتے ہیں کہ محرم کو احرام کی حالت میں نکاح کرنا اور نکاح کر دینا کسی کا درست نہیں اور امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ درست ہے اُنکے نزدیک یہ نہی تنزیہی ہے ۱۲

وهو حلال وهو مرسل وبعضهم عن يزيد بن الاصم ان النبي صلى الله عليه وسلم تزوج ميمونة وهو حلال **قال** ابو عيسى و يزيد بن الاصم هو ابن اخت ميمونة **باب** ما جاء في الرخصة في ذلك **حدثنا** حميد بن مسعدة نا سفيان بن حبيب عن هشام بن حسان عن عكرمة عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم تزوج ميمونة وهو محرم وفي الباب عن عائشة **قال** ابو عيسى حديث ابن عباس حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند بعض اهل العلم وبه يقول سفين الثوري واهل الكوفة **حدثنا** قتيبة نا حماد بن زيد عن ايوب عن عكرمة عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم تزوج ميمونة وهو محرم **حدثنا** قتيبة نا داود بن عبد الرحمن العطار عن عمرو بن دينار قال سمعت ابا الشعثاء يحدث عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم تزوج ميمونة وهو محرم **قال** ابو عيسى هذا حديث صحيح وابو الشعثاء اسمه جابر بن زيد واختلفوا في تزويج النبي صلى الله عليه وسلم ميمونة لان النبي صلى الله عليه وسلم تزوجها في طريق مكة فقال بعضهم تزوجها حلالا و ظهر امر تزويجها وهو محرم ثم بنى بها وهو حلال بسرف في طريق مكة وماتت ميمونة بسرف حيث بنى بها رسول الله صلى الله عليه وسلم و دفنت بسرف **حدثنا** اسحاق بن منصور نا وهب بن جرير نا ابي قال سمعت ابا فزارة يحدث عن يزيد بن الاصم عن ميمونة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم تزوجها وهو حلال وبنى بها وهو حلال وماتت بسرف ودفناها في الظلة التي الخلة
بنى بها فيها **قال** ابو عيسى هذا حديث غريب وروى غير واحد هذا الحديث عن يزيد بن الاصم مرسلا ان النبي صلى الله عليه وسلم تزوج ميمونة وهو حلال **باب** ما جاء في اكل الصيد للمحرم **حدثنا** قتيبة نا يعقوب بن عبد الرحمن عن عمرو بن ابي عمرو عن المطلب عن جابر عن النبي صلى الله عليه وسلم قال صيد البر لكم حلال وانتم حرم ما لم تصيدوه او يصد لكم وفي الباب عن ابي قتادة وطلحة **قال** ابو عيسى حديث جابر حديث مفسر والمطلب لا نعرف له سماعا من جابر والعمل على هذا عند بعض اهل العلم لا يرون باكل الصيد للمحرم باسا اذا لم يصطده

آپ احرام میں نہ تھے اور روایت کی بعض نے یزید بن اصم سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا ہی میمونہ سے اور آپ حلال تھے کہا ابو عیسیٰ نے یزید بن اصم میمونہ کا بھانجا تھا **باب** محرم کو نکاح کرنا درست ہی **حدیث** بیان کی ہے حمید بن مسعدہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن حبیب نے ہشام بن حسان سے اُسنے روایت کی عکرمہ سے اُسنے ابن عباسؓ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا میمونہ سے اور آپ احرام میں تھے اور اس باب میں عائشہ سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسیٰ نے کہ ابن عباسؓ کی حدیث حسن صحیح ہی اور عمل اسپر ہی نزدیک بعض اہل علم کے اور ساتھ اسی کے قائل ہیں سفیان ثوری اور اہل کوفہ **حدیث** بیان کی ہے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے روایت کی عکرمہ سے اُسنے ابن عباسؓ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا میمونہ سے اور آپ احرام میں تھے **حدیث** بیان کی ہے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو داؤد بن عبد الرحمان عطار نے عمرو بن دینار سے اُسنے کہا سنا میں نے ابا شعثاء سے کہ حدیث بیان کرتا تھا ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا میمونہ سے اور آپ احرام کی حالت میں تھے کہا ابو عیسیٰ نے کہ یہ حدیث صحیح ہی اور ابو شعثاء کا نام جابر بن زید ہی اور اختلاف کیا ہی علماء نے بیچ نکاح کرنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے میمونہ کو اسواسطے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا اُس سے بیچ راہ مکہ کے سو بعضے کہتے ہیں کہ آپنے نکاح کیا اُس سے اور آپ حلال تھے اور ظاہر ہوا امر نکاح کرنے اُسکے کا اور آپ احرام میں تھے پھر بنا کی اُس سے اور آپ حلال تھے مقام سرف میں کہ مکہ کی راہ میں ہی اور انتقال کیا میمونہ نے سرف میں جس جگہہ کہ بنا کی تھی ساتھ اُسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور دفن کی گئی سرف میں **حدیث** بیان کی ہے اسحٰق بن منصور نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وہب بن جریر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو باپ میرے نے اُسنے کہا سنا میں نے ابا فزارہ سے کہ حدیث بیان کرتا تھا یزید بن اصم سے اُسنے روایت کی میمونہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا اُس سے اور آپ حلال تھے اور بنا کی اُس سے اور آپ حلال تھے اور انتقال کیا اُسنے سرف میں اور دفن کیا اُسکو اُسی ظلہ میں جس میں بنا کی تھی ساتھ اُسکے کہا ابو عیسیٰ نے کہ یہ حدیث غریب ہی اور روایت کی بہت لوگوں نے یہ حدیث یزید بن اصم سے مرسل کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا میمونہ سے اور آپ احرام میں نہ تھے **باب** محرم کو احرام میں شکار کھانا درست ہی یا نہیں **حدیث** بیان کی ہے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یعقوب بن عبد الرحمٰن نے عمرو بن ابی عمرو سے اُسنے روایت کی مطلب سے اُسنے جابر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شکار جنگل کا واسطے تمہارے حلال ہی اور حالانکہ تم احرام میں ہو جبتک کہ تمنے نہ شکار کیا ہو اُسکو یا شکار کیا گیا ہو واسطے تمہارے۔ اور اس باب میں ابی قتادہ اور طلحہ سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسیٰ نے کہ جابر کی حدیث مفسر ہی اور مطلب نہیں پہچانا جاتا واسطے اُسکے سماع جابر سے اور عمل اسپر ہی نزدیک بعض اہل علم کے کہتے ہیں کہ محرم کو شکار کھانا درست ہی جبتک کہ آپنے خود نہ شکار کیا ہو۔

لہ اس باب میں دونوں طرح کی حدیثیں آئی ہیں لیکن حرمت کو ترجیح ہی کہ اصول میں مقرر ہی کہ جب حلال اور حرام میں تعارض ہو تو ترجیح حرمت کو ہوتی ہی پس حرمت کو ترجیح ہوگی اور اسمیں زیادہ احتیاط ہی اور زیادہ تحقیق اسکی تلعۃ المبلین جھمہ دوم میں مذکور ہی شائق اُسکا مطالعہ کرے ۱۲ ٭ لہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی حالت احرام میں شکار کرے یا اسکے لیے کیا جاوے تو اُسکا کھانا درست نہیں یہ قول امام مالک اور شافعی کا ہی

ويصاد من اجله قال الشافعی هذا احسن حديث روی فی هذا الباب واقيس والعمل علی هذا وهو قول احمد واسحاق

حدثنا قتيبة عن مالك ابن انس عن ابی النضر عن نافع مولی ابی قتادة (مع ابی الزبير) عن ابی قتادة انه كان مع النبی صلی الله عليه وسلم حتی اذا كان ببعض طريق مكة تخلف مع اصحاب له محرمين وهو غير محرم فرای حمارا وحشيا فاستوی علی فرسه فسال اصحابه ان يناولوه سوطه فابوا فسالهم رمحه فابوا عليه فاخذه فشد علی الحمار فقتله فاكل منه بعض اصحاب النبی صلی الله عليه وسلم وابی بعضهم فادركوا النبی صلی الله عليه وسلم فسالوه عن ذلك فقال انما هی طعمة اطعمكموها الله **حدثنا** قتيبة عن مالك عن زيد بن اسلم عن عطاء بن يسار عن ابی قتادة فی حمار الوحش مثل حديث ابی النضر غير ان فی حديث زيد بن اسلم ان رسول الله صلی الله عليه وسلم قال هل معكم من لحمه شیء **قال** ابوعيسی هذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء فی كراهية لحم الصيد للمحرم

حدثنا قتيبة نا الليث عن ابن شهاب عن عبيد الله بن عبد الله ان ابن عباس اخبره ان الصعب بن جثامة اخبره ان رسول الله صلی الله عليه وسلم مر به بالابواء او بودان فاهدی له حمارا وحشيا فرده عليه فلما رای رسول الله صلی الله عليه وسلم فی وجهه الكراهية قال انه ليس بنا رد عليك ولكنا حرم **قال** ابوعيسی هذا حديث حسن صحيح وقد ذهب قوم من اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله عليه وسلم وغيرهم الی هذا الحديث وكرهوا اكل الصيد للمحرم وقال الشافعی انما وجه هذا الحديث عندنا انما رده عليه لما ظن انه صيد من اجله وتركه علی التنزه وقد روی بعض اصحاب الزهری عن الزهری هذا الحديث وقال اهدی له لحم حمار وحش وهو غير محفوظ وفی الباب عن علی وزيد بن ارقم **باب** ماجاء فی صيد البحر للمحرم **حدثنا** ابوكريب نا وكيع عن حماد بن سلمة عن ابی المهزم عن ابی هريرة قال خرجنا مع رسول الله صلی الله عليه وسلم فی حج او عمرة فاستقبلنا رجل من جراد فجعلنا نضربه باسياطنا وعصينا

یا اُسکے واسطے نہ شکار کیا ہو شافعی نے کہا یہ بہت عمدہ حدیث ہے جو اس باب میں مروی ہے اور قریب ہے ساتھ قیاس کے اور عمل اسی پر ہے اور یہ قول احمد اور اسحاق کا ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے مالک بن انس سے اُسنے روایت کی ابی النضر سے اُسنے نافع مولی ابی قتادہ سے اُسنے ابی قتادہ سے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے یعنی سفر میں یہانتک کہ جب پہنچے بعض راہ میں مکہ کے تو پیچھے رہگئے ساتھ اپنے یاروں کے جو احرام باندھے تھے اور وہ محرم نہیں تھے سو دیکھا اُنہوں نے گورخر پس برابر ہوئے اپنے گھوڑے پر یعنی سوار ہوئے پس مانگا اپنے یاروں سے یہ کہ دیویں اُنکو کوڑا اُسکا پس نہ دیا اُنھوں نے کوڑا پس مانگا اُنہوں نے اُنسے نیزہ اپنا پس نہ دیا اُنہوں نے پھر لیا ابو قتادہ نے کوڑا یعنی گھوڑے سے اُتر کر پس حملہ کیا گورخر پر پس مارا اُسکو پس کھایا اُس سے اُسکے بعض یاروں نے اور انکار کیا بعض نے سو جب ملے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو تو پوچھا آپ سے حکم اُسکا کہ آیا کھانا اُسکا ہمکو درست ہے یا نہیں سو فرمایا کہ وہ کھانا ہے کہ کھلایا تمکو اللہ نے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے مالک سے اُسنے روایت کی زید بن اسلم سے اُسنے عطاء بن یسار سے اُسنے ابی قتادہ سے بیچ گورخر کے مثل حدیث ابی النضر کے مگر تحقیق زید بن اسلم کی حدیث میں اتنا زیادہ ہے کہ فرمایا آپنے کہ کیا ہے تمہارے پاس اُسکے گوشت سے کچھ کہا ابو عیسی نے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** محرم کو شکار کا گوشت کھانا مکروہ ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو لیث نے ابن شہاب سے اُسنے روایت کی عبید اللہ بن عبد اللہ سے کہ ابن عباس نے اُسکو خبر دی کہ صعب بن جثامہ نے خبر دی اُسکو کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گذرے ساتھ اُسکے ابوا یا ودان میں سو تحفہ بھیجا اُسنے حضرت کو گورخر پس پھیر دیا حضرت نے اُسپر پس جبکہ دیکھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ چیز کہ تھی بیچ چہرہ اُسکے کے یعنی ناخوشی بسبب نہ قبول کرنے کے تو فرمایا کہ تحقیق ہمنے نہیں پھیر دیا اُسکو تجھپر مگر اسلیے کہ ہم احرام باندھے ہیں کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق گئی ہے ایک جماعت اہل علم کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے طرف اس حدیث کے کہتے ہیں کہ محرم کو شکار کھانا مکروہ ہے اور شافعی نے کہا کہ سوا اسکے نہیں کہ وجہ اس حدیث کی نزدیک ہمارے یہ ہے کہ سوا اسکے نہیں رد کیا آپنے اُسپر واسطے اسکے کہ گمان کیا کہ وہ شکار کیا گیا ہے واسطے آپکے پس چھوڑ دیا اُسکو احتیاط سے اور تحقیق روایت کی ہے بعض اصحاب زہری نے زہری سے یہ حدیث اور کہا کہ تحفہ بھیجا گیا واسطے آپکے گوشت گورخر کا اور وہ محفوظ نہیں۔ اور اس باب میں علی اور زید بن ارقم سے بھی روایت ہے **باب** محرم کو دریا کا شکار رکھنا درست ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے حماد بن سلمہ سے اُسنے روایت کی ابی المہزم سے اُسنے ابو ہریرہ رض سے کہ نکلے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچ حج کے یا عمرہ کے سو آگے سے ملی ہمکو ایک جماعت ٹڈی کی سو شروع کیا ہمنے مارنا اُسکو ساتھ کوڑے اور چھڑیوں کے

اور امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ اگر محرم کی حکم سے شکار کیا جاوے تو درست نہیں اور اگر غیر محرم اُسکو ذبح کرے احرام والے کے واسطے تو درست ہے ۱۲ ابوا اور ودان نام ہیں دو جگہوں کا درمیان مکے اور مدینے کے اس حدیث سے ظاہرا معلوم ہوتا ہے کہ محرم کو مطلق شکار کا گوشت کھانا حرام ہے اور حنفیہ کہتے ہیں کہ مراد اس سے یہ ہے کہ زندہ گورخر بھیجا تھا کہ وہ درست

فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم کلوہ فانہ من صید البحر **قال** ابو عیسٰی ھذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من حدیث ابی المھزم
عن ابی ھریرۃ وابی المھزم اسمہ یزید بن سفیان وقد تکلم فیہ شعبۃ وقد رخص قوم من اھل العلم للمحرم ان یصید الجراد ویاکل
ورأی بعضھم ان علیہ صدقۃ اذا اصطادہ او اکلہ **باب**[۱] ماجاء فی الضبع یصیبھا المحرم **حدثنا** احمد بن منیع نا اسمٰعیل
بن ابراھیم نا ابن جریج عن عبد اللہ بن عبید بن عمیر عن ابن ابی عمار قال قلت لجابر بن عبد اللہ الضبع اصید ھی قال نعم قال
قلت اٰکلھا قال نعم قال قلت اقالہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال نعم **قال** ابو عیسٰی ھذا حدیث حسن صحیح وقال علی قال یحیی بن سعید
روی جریر بن حازم ھذا الحدیث فقال عن جابر عن عمر وحدیث ابن جریج اصح وھو قول احمد واسحٰق والعمل علی ھذا الحدیث عند
بعض اھل العلم فی المحرم اذا اصاب ضبعا ان علیہ الجزاء **باب** ماجاء فی الاغتسال لدخول مکۃ **حدثنا** یحیی ابن موسٰی اخبرنا
ھارون بن صالح نا عبد الرحمٰن بن زید بن اسلم عن ابیہ عن ابن عمر قال اغتسل النبی صلی اللہ علیہ وسلم لدخول مکۃ بفخ **قال**
ابو عیسٰی ھذا حدیث غیر محفوظ والصحیح ماروی نافع عن ابن عمر انہ کان یغتسل لدخول مکۃ وبہ یقول الشافعی یستحب الاغتسال
لدخول مکۃ وعبد الرحمٰن بن زید بن اسلم ضعیف فی الحدیث ضعفہ احمد بن حنبل وعلی بن المدینی وغیرھما ولا نعرف ھذا مرفوعا
الا من حدیثہ **باب** ماجاء فی دخول النبی صلی اللہ علیہ وسلم مکۃ من اعلاھا وخروجہ من اسفلھا **حدثنا** ابو موسٰی محمد
بن المثنی نا سفیان بن عیینۃ عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ قالت لما جاء النبی صلی اللہ علیہ وسلم الی مکۃ دخلھا من اعلاھا
وخرج من اسفلھا وفی الباب عن ابن عمر **قال** ابو عیسٰی حدیث عائشۃ حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی دخول النبی صلی اللہ علیہ وسلم
مکۃ نھارا **حدثنا** یوسف بن عیسٰی نا وکیع نا العمری عن نافع عن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم دخل مکۃ نھارا **قال** ابو عیسٰی ھذا حدیث حسن

پس نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کھاؤ اسکو کہ تحقیق وہ دریا کے شکار سے ہے کہا ابو عیسٰی نے کہ یہ حدیث غریب ہے۔ نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث ابی مہزم سے
اُسنے ابی ہریرہ سے اور ابو مہزم کا نام یزید بن سفیان ہے اور تحقیق کلام کی اُسمین شعبہ نے اور تحقیق اجازت دی ہے ایک قوم نے اہل علم سے واسطے محرم
کے یہ کہ شکار کرے ٹڈی کو اور کھاوے۔ اور بعضے کہتے ہیں کہ اگر شکار کرے اسکو یا کھاوے اُسکو تو اُسپر صدقہ ہے **باب** اگر محرم چرغ کو شکار کرے
تو درست ہے یا نہیں **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اسنے کہا خبر دی ہمکو اسمعیل بن ابراہیم نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابن جریج نے عبد اللہ بن عبید
بن عمیر سے اسنے روایت کی ابن ابی عمار سے کہا کہ مین نے جابر بن عبد اللہ سے پوچھا حال جانور چرغ کا کیا شکار ہے وہ پس کہا اُسنے ہان مین نے
کہا کہ کھاؤن مین اسکو اُسنے کہا ہان مین نے کہا کیا فرمایا ہے اُسکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسنے کہا ہان کہا ابو عیسٰی نے کہ یہ حدیث
حسن صحیح ہے اور کہا علی نے کہا یحیٰی بن سعید نے روایت کی ہے جریر بن حازم نے یہ حدیث سو اُسنے کہا جابر سے اُسنے عمر سے اور حدیث ابن جریج کی اصح
ہے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا اور عمل اسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے کہ محرم جب چرغ کو شکار کرے تو اسپر بدلا ہے **باب** مکے مین داخل
ہونے کے واسطے غسل کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے یحیٰی بن موسٰی نے اُسنے کہا خبر دی مجکو ہارون بن صالح نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الرحمٰن بن زید
بن اسلم نے اپنے باپ سے اسنے روایت کی ابن عمر سے کہ حضرتؐ نے غسل کیا واسطے داخل ہونے مکہ کے فخ مین کہا ابو عیسٰی نے کہ یہ حدیث محفوظ نہین اور
صحیح وہ ہے جو روایت کی گئی ہے نافع سے اُسنے روایت کی ہے ابن عمر سے کہ وہ تھے غسل کرتے واسطے داخل ہوتے مکہ کے اور ساتھ اسی کے قائل ہے شافعی
کہتے ہین کہ مستحب ہے غسل کرنا واسطے داخل ہونے مکہ کے اور عبد الرحمٰن ابن زید ابن اسلم ضعیف ہے بیچ حدیث کے ضعیف کہا ہے اُسکو احمد بن حنبل نے اور علی
بن مدینی وغیرہ نے اور نہین جانتے ہم اُسکو مرفوع مگر اُسی کی حدیث سے **باب** نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا مکہ مین بلندی کی طرف سے داخل ہونا اور نشیب
کی طرف سے نکلنا **حدیث** بیان کی ہمسے ابو موسٰی محمد بن مثنی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے ہشام بن عروہ سے اُسنے روایت کی اپنے باپ
سے اسنے عائشہ رضؓ سے اُسنے کہا کہ جب آئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم طرف مکہ کے تو داخل ہوئے اُسمین[۲] بلندی کی طرف سے اور نکلے نیچے کی طرف سے اور اس
باب مین ابن عمر سے بھی روایت آئی ہے کہا ابو عیسٰی نے کہ حدیث عائشہ رضؓ کی حسن صحیح ہے **باب** نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مکے مین دن کو داخل ہونے کے **حدیث**
بیان کی ہمسے یوسف بن عیسٰی نے وکیع سے اُسنے عمری سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ تحقیق نبی صلعم داخل ہوئے مکہ مین دنکو کہا ابو عیسٰی نے کہ یہ حدیث حسن ہے

---

[۱] امام شافعی کے نزدیک چرغ کا گوشت کھانا درست ہے بموجب اس حدیث کے اور امام مالک اور ابو حنیفہ کے نزدیک درست نہین انکے نزدیک اگر چرغ کو شکار کرے تو اسکے بدلے دنبہ یا مینڈھا دینا آتا ہے [۲] مکے کی بلند طرف وہ ہے جس طرف ذی طوی اور مقبرہ معلے ہے۔ اور نشیب دوسری جانب مین ہے ۱۲

باب ماجاء فی کراھیة رفع الید عند رؤیة البیت **حدثنا** یوسف بن عیسٰی نا وکیع نا شعبة عن ابی قزعة الباھلی
عن المھاجر المکی قال سئل جابر بن عبد اللہ ایرفع الرجل یدیہ اذا رای البیت فقال حججنا مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
افکنا نفعلہ **قال** ابو عیسٰی رفع الید عند رؤیة البیت انما نعرفہ من حدیث شعبة عن ابی قزعة واسم ابی قزعة سوید بن حجیر
باب ماجاء کیف الطواف **حدثنا** محمود بن غیلان نا یحیی بن اٰدم نا سفیان عن جعفر بن محمد عن ابیہ عن جابر قال لما قدم
النبی صلی اللہ علیہ وسلم مکة دخل المسجد فاستلم الحجر ثم مضی علی یمینہ فرمل ثلثا ومشی اربعا ثم اتی المقام فقال واتخذوا من
مقام ابراھیم مصلی فصلی رکعتین والمقام بینہ وبین البیت ثم اتی الحجر بعد الرکعتین فاستلمہ ثم خرج الی الصفا اظنہ قال
ان الصفا والمروة من شعائر اللہ وفی الباب عن ابن عمر **قال** ابو عیسٰی حدیث جابر حدیث حسن صحیح والعمل علی ھذا عند اھل
العلم **باب** ماجاء فی الرمل من الحجر الی الحجر **حدثنا** علی بن خشرم نا عبد اللہ بن وھب عن مالک بن انس عن جعفر بن محمد عن ابیہ عن جابر
ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم رمل من الحجر الی الحجر ثلثا ومشی اربعا وفی الباب عن ابن عمر **قال** ابو عیسٰی حدیث جابر حدیث حسن
صحیح والعمل علی ھذا عند اھل العلم قال الشافعی اذا ترک الرمل عمدا فقد اساء ولا شیء علیہ واذا لم یرمل فی الاشواط الثلثة لم یرمل
فیما بقی وقال بعض اھل العلم لیس علی اھل مکة رمل ولا علی من احرم منھا **باب** ماجاء فی استلام الحجر والرکن الیمانی دون ما سواھما **حدثنا**
محمود بن غیلان نا عبد الرزاق نا سفیان ومعمر عن ابن خثیم عن ابی الطفیل قال کنا مع ابن عباس ومعاویة لا یمر برکن

باب خانہ کعبہ کے دیکھنے کے وقت ہاتھ اٹھانا منع ہے **حدیث** بیان کی ہمسے یوسف بن عیسٰی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو
شعبہ نے ابو قزعہ باہلی سے اُسنے روایت کی مہاجر مکی سے اُسنے کہا کہ سوال کیے گئے جابر بن عبد اللہ کہ اٹھائے مرد ہاتھ اپنا جبکہ دیکھے خانہ کعبہ کو سو اُسنے کہا کہ حج کیا
ہمنے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس تھے ہم کرتے اُسکو کہا ابو عیسٰی نے کہ اٹھانا ہاتھ کا وقت دیکھنے خانہ کعبہ کے سوا اسکے نہیں کہ پہچانتے ہیں ہم اُسکو حدیث
شعبہ سے اُسنے ابی قزعہ سے اور نام ابی قزعہ کا سوید بن حجیر ہے **باب** خانہ کعبہ کا طواف کس طرح کرنا چاہیے **حدیث** بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے
اُسنے کہا خبر دی ہمکو یحیٰی بن آدم نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے جعفر بن محمد سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے جابر سے کہ جب آئے نبی صلی اللہ علیہ
وسلم مکہ میں داخل ہوئے مسجد میں سو بوسہ دیا حجر اسود کو پھر چلے داہنے ہاتھ کی طرف پس جلدی چلے بازو ہلا کر یعنی جیسے کہ پہلوان چلتے ہیں تین بار اور چلے
موافق معمولی چال اپنی کے چار بار پھر آئے مقام ابراہیم پر پھر پڑھی یہ آیت اور پکڑو تم مقام ابراہیم کو یعنی گرد اُسکی کو جا ئے نماز پھر پڑھی دو رکعتیں اور
مقام آپکے اور خانہ کعبہ کے درمیان تھا پھر آئے طرف حجر اسود کے بعد دو رکعتوں کے پس بوسہ دیا اسکو پھر نکلے باب الصفا سے طرف پہاڑ صفا کے گمان
کرتا ہوں میں کہ آپ نے یہ آیت پڑھی کہ تحقیق صفا اور مروہ نشانیوں اللہ کی سے ہیں یعنی اللہ کے دین کی نشانیاں ہیں اور اس باب میں ابن عمر سے بھی
روایت ہے کہا ابو عیسٰی نے کہ جابر کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسیپر ہے نزدیک اہل علم کے **باب** حجر اسود سے حجر اسود تک جلدی چلنے کا بیان **حدیث**
بیان کی ہمسے علی بن خشرم نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن وہب نے مالک بن انس سے اسنے روایت کی جعفر بن محمد سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے جابر سے
کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جلدی چلے حجر اسود سے حجر اسود تک تین بار اور معمولی چال چلے چار بار اور اس باب میں ابن عمر سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسٰی نے
جابر کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسیپر ہے نزدیک اہل علم کے شافعی نے کہا کہ اگر جان بوجھ کر پہلے تین پھیروں میں جلدی نہ چلے تو گنہگار ہوتا ہے اور نہیں ہے
اسپر کوئی چیز اور جب نہ جلدی چلے پہلے تین پھیروں میں تو نہ رمل کرے بیچ اسکے جو باقی ہو۔ اور بعضے کہتے ہیں اہل علم سے کہ نہیں ہے مکہ والوں پر جلدی
چلنا اور نہ اُنپر جو مکہ سے احرام باندھیں **باب** بیچ چومنے حجر اسود کے اور رکن یمانی کے نہ غیر اُنکے کے **حدیث** بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اسنے
کہا خبر دی ہمکو عبد الرزاق نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے اور معمر نے ابن خثیم سے اُسنے روایت کی ابی طفیل سے اُسنے کہا تھے ہم ساتھ ابن عباس اور
معاویہ کے نہیں گذرتا تھا ساتھ کسی رکن کے۔

[۱] یہی مذہب ہے امام ابو حنیفہ اور شافعی اور مالک کا کہ ہاتھ نہ اٹھا دے کعبہ کا دیکھنے والا اور عامے کے لیے اور امام احمد کے نزدیک ہاتھ اٹھاتا ہے اور سفیان ثوری کا بھی یہی قول ہے اور یہ ماخوذ ہے الطیبی سے [۲]
خانہ کعبہ کا طواف معلوم ہے کہ سات بار گرد اُسکے پھرتے ہیں پس تین بار پھرنے میں جلدی چلے مونڈھے ہلا کر جیسے پہلوان چلتے ہیں اور چار بار آپ نے معمولی چال چلی اور جلدی چلنے کا سبب یہ تھا کہ جب
حضرت عمرة القضا کو آئے تو مشرکوں نے کہا کہ انکو مدینے کی تپ نے لاغر اور سست کر دیا ہے تب آپنے مسلمانوں کو فرمایا کہ اسطرح چلو تا کہ قوت ظاہر ہو پھر بعد دور ہونے علت کے یہ حکم باقی رہا ۱۲ م [۳] خانہ کعبہ کے
گرد جو ایکبار پھرو تو اسکو شوط کہتے ہیں یعنی ایک پھیرا اور سات شوط کا ایک طواف ہوتا ہے اول تین پھیروں میں جلدی چلے باقی چار پھیروں میں معمولی چال چلے یہ ایک طواف ہے ۱۲ ۱۲ ۱۲

الا استلمه فقال له ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم لم یکن یستلم الا الحجر الاسود والرکن الیمانی فقال معاویة لیس شیء من البیت مهجوراً وفی الباب عن ابن عمر **قال** ابو عیسٰی حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اکثر اهل العلم ان لا یستلم الا الحجر الاسود والرکن الیمانی **باب** ماجاء ان النبی صلی الله علیه وسلم طاف مضطبعاً **حدثنا** محمود بن غیلان نا قبیصة عن سفیان عن ابن جریج عن عبد الحمید عن ابن یعلٰی عن ابیه عن النبی صلی الله علیه وسلم طاف بالبیت مضطبعاً وعلیه بُرد **قال** ابو عیسٰی هذا حدیث الثوری عن ابن جریج لا نعرفه الا من حدیثه وهو حدیث حسن صحیح وعبد الحمید هو ابن جبیر بن شیبة عن ابن یعلٰی عن ابیه وهو یعلٰی بن اُمَیَّةَ **باب** ماجاء فی تقبیل الحجر **حدثنا** هناد نا ابو معاویة عن الاعمش عن ابراهیم عن عابس بن ربیعة قال رأیت عمر بن الخطاب یُقبِّل الحجر ویقول انی اُقبِّلُکَ واعلم انک حجر ولولا انی رایت رسول الله صلی الله علیه وسلم یُقبِّلُکَ لم اُقبِّلْکَ وفی الباب عن ابی بکر وابن عمر **قال** ابو عیسٰی حدیث عمر حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اهل العلم یستحبون تقبیل الحجر فان لم یمکنه ان یصل الیه استلمه بیده وقبل یده وان لم یصل الیه استقبله اذا حاذی به وکبّر وهو قول الشافعی **باب** ماجاء انه یبدأ بالصفا قبل المروة **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان بن عُیَیْنَةَ عن جعفر بن محمد عن ابیه عن جابر ان النبی صلی الله علیه وسلم حین قدم مکة فطاف بالبیت سبعاً واتی المقام فقرأ واتخذوا من مقام ابراهیم مصلی فصلی خلف المقام ثم اتی الحجر فاستلمه ثم قال نبدأ بما بدأ الله به فبدأ بالصفا وقرأ

مگر بوسہ لیتا تھا اُسکو پس کہا اُسکو ابن عباسؓ نے نبی صلعم نہ تھے بوسہ دیتے مگر حجر اسود اور رکن یمانی کو سو معاویہؓ نے کہا کہ نہیں ہے کوئی چیز خانہ کعبہ سے چھوڑ دی گئی اور اس باب میں ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسٰی نے ابن عباسؓ کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے یہ کہ نہ بوسہ دیا جاوے مگر حجر اسود اور رکن یمانی کو **باب** نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف کیا اس حال میں کہ آپ اس میں اضطباع کیے ہوئے تھے **حدیث** بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو قبیصہ نے سفیان سے اُسنے روایت کی ابن جریج سے اُسنے عبد الحمید سے اُسنے ابن یعلٰی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ طواف کیا آپ نے گرد خانہ کعبہ کے اُس حال میں کہ آپ اضطباع کیے تھے اور آپ پر چادر تھی کہا ابو عیسٰی نے کہ حدیث ثوری کی ابن جریج سے نہیں جانتے ہم اُسکو مگر اُنہی کی حدیث سے اور وہ حدیث حسن صحیح ہے اور عبد الحمید وہ ابن جبیر بن شیبہ ہے اُسنے ابن یعلٰی سے اُسنے اپنے باپ سے اور وہ یعلٰی بن امیہ ہے **باب** حجر اسود کو بوسہ دینے میں **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے ابو معاویہ سے اُسنے اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے عابس بن ربیعہ سے اُسنے کہا دیکھا میں نے عمر بن خطابؓ کو کہ بوسہ دیتے تھے حجر اسود کو اور کہتے تھے میں بوسہ دیتا ہوں تجھکو اور میں جانتا ہوں کہ تو پتھر ہے اور اگر نہ دیکھا ہوتا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ بوسہ دیتے تھے تجھکو تو نہ بوسہ دیتا میں تجھکو اور اس باب میں ابی بکرؓ اور ابن عمرؓ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسٰی نے عمرؓ کی حدیث حسن صحیح ہے اور اسی پر ہے عمل نزدیک اہل علم کے کہتے ہیں کہ حجر اسود کو بوسہ دینا مستحب ہے اور اگر نہ ممکن ہووے اسکو کہ پہونچے پاس اُسکے تو چھووے اُسکو ساتھ ہاتھ اپنے کے اور چومے ہاتھ اپنے کو اور اگر ہاتھ بھی اُسکی طرف نہ پہونچے تو اُسکے سامنے ہووے جبکہ اُسکے مقابل ہو اور تکبیر کہے اور یہی ہے قول شافعی کا **باب** سعی میں ابتدا صفا سے کرے پہلے مروہ کے **حدیث** بیان کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے جعفر بن محمد سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اسنے روایت کی جابر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب مکہ میں آئے تو طواف کیا خانہ کعبہ کا سات بار پھر آئے مقام ابراہیم پاس پس پڑھی یہ آیت اور پکڑو تم مقام ابراہیم کو جائے نماز پس نماز پڑھی پیچھے مقام کے پھر آئے حجر اسود پاس پس بوسہ دیا اُسکو پھر فرمایا شروع کرتے ہیں ہم ساتھ اُسکے جو شروع کیا ساتھ اُسکے اللہ نے سو ابتدا کیا ساتھ پہاڑ صفا کے اور پڑھی یہ آیت

ملہ خانہ کعبہ کے چار رکن یعنی چار کونے ہیں ایک تو وہ ہے کہ جس میں حجر اسود ہے اور دوسرا سامنے اسکے ہے رکن یمانی حقیقت میں یمانی یہی رکن ہے لیکن تغلیباً دونوں کو رکن یمانی کہتے ہیں اور دو رکن اور ہیں ایک رکن عراقی اور دوسرا شامی مگر دونوں کو شامی کہتے ہیں اور جس میں حجر اسود ہے وہ پورب کی طرف ہے اور رکن یمانی دکن کی طرف ہے اور رکن شامی مغرب کی طرف ہے اور رکن عراقی شمال کی جانب ہے ۱۲ ملہ اضطباع کہتے ہیں اسکو کہ چادر داہنی بغل کے نیچے سے نکال کر بائیں مونڈھے پر ڈال لیتے ہیں وہ بھی اظہار قوت کے لیے تھا اور یہی مسنون ہے ۱۲ ملہ حضرت صلعم سے بعض روایتوں میں حجر اسود کو بوسہ دینا آیا ہے اور بعض میں ہاتھ لگا کر چومنا اور بعض میں اشارہ کرنا آیا ہے سو تطبیق انہیں میں ہیں کہ کسی طواف میں بوسہ دیا اور کسی میں ہاتھ لگا کر چوما اور کسی میں لکڑی سے اشارہ کیا اور اسکو چوما اور یا کسی شوط کے بعد بوسہ دیا اور کسی کے بعد ہاتھ لگا کر چوما اور کسی کے بعد لکڑی سے اشارہ کیا اور اُسکو چوما ۱۲ مولانا محمد اسحاق رح

إِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰہِ **قال** ابو عیسیٰ هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اهل العلم انه يبدأ بالصفا قبل المروة فان بدأ بالمروة قبل الصفا لم يجزه ويبدأ بالصفا واختلف اهل العلم في من طاف بالبيت ولم يطف بين الصفا والمروة حتى رجع فقال بعض اهل العلم ان لم يطف بين الصفا والمروة حتى خرج من مكة فان ذكر وهو قريب منها رجع فطاف بين الصفا والمروة ان لم يذكر حتى اتى بلاده اجزاه وعليه دم وهو قول سفيان الثوري وقال بعضهم ان ترك الطواف بين الصفا والمروة حتى رجع الى بلاده فانه لا يجزيه وهو قول الشافعي قال الطواف بين الصفا والمروة واجب لا يجوز الحج الا به **باب** ماجاء في السعي بين الصفا والمروة **حدثنا** قتيبة نا ابن عيينة عن عمرو بن دينار عن طاوس عن ابن عباس قال انما سعى رسول الله صلى الله عليه وسلم بالبيت وبين الصفا والمروة ليري المشركين قوته قال وفي الباب عن عائشة وابن عمر وجابر **قال** ابو عيسى حديث ابن عباس حديث حسن صحيح وهو الذي يستحبه اهل العلم ان يسعى بين الصفا والمروة فان لم يسع ومشى بين الصفا والمروة راه جائزا **حدثنا** يوسف بن عيسى نا ابن فضيل عن عطاء بن السائب عن كثير بن جمهان قال رأيت ابن عمر يمشي في المسعى فقلت له اتمشي في المسعى بين الصفا والمروة فقال لئن سعيت فقد رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يسعى ولئن مشيت فقد رأيت رسول الله صلى الله عليه وسلم يمشي وانا شيخ كبير **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح وقد روى سعيد بن جبير عن ابن عمر نحو هذا **باب** ماجاء في الطواف راكبا **حدثنا** بشر بن هلال الصواف نا عبد الوارث وعبد الوهاب الثقفي عن خالد الحذاء عن عكرمة عن ابن عباس قال طاف النبي صلى الله عليه وسلم على راحلته

کہ تحقیق صفا اور مروہ نشانیان اللہ کی سے ہین کہا ابو عیسیٰ نے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے کہ شروع کرے ساتھ صفا کے پہلے مروہ سے پس اگر شروع کرے ساتھ مروہ کے پہلے صفا سے تو نہین جائز ہے اسکو اور ابتدا کرے ساتھ صفا کے اور اختلاف کیا ہے اہل علم نے اُس شخص مین جو طواف کرے خانہ کعبہ کا اور نہ دوڑے درمیان صفا اور مروہ کے یہان تک کہ پھر آوے سو بعض اہل علم کہتے ہین کہ اگر نہ طواف کرے درمیان صفا اور مروہ کے یہان تک کہ نکلے مکہ سے پس اگر یاد کرے اور وہ قریب ہو مکہ سے تو پھر آوے اور صفا اور مروہ کے درمیان طواف کرے۔ اور اگر نہ یاد کرے یہان تک کہ آوے اپنے شہرون مین تو کفایت کرتا ہے اسکو اور اسپر خون دینا واجب ہے۔ اور یہ قول سفیان ثوری کا ہے۔ اور بعضے کہتے ہین کہ اگر طواف ترک کرے درمیان صفا اور مروہ کے یہان تک کہ پھر آوے طرف شہرون اپنے کے تو وہ اُسکو کفایت نہین کرتا اور یہ قول شافعی کا ہے۔ کہتے ہین درمیان صفا اور مروہ کے طواف کرنا واجب ہے۔ بدون اسکے حج درست نہین **باب** صفا اور مروہ کے درمیان دوڑنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابن عیینہ نے عمرو بن دینار سے اُسنے روایت کی طاوس سے اُسنے ابن عباس سے کہ سوا اسکے نہین کہ سعی کیا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ساتھ خانہ کعبہ کے اور درمیان صفا اور مروہ کے تاکہ دکھاوین مشرکین کو قوت اپنی کہا اور اس باب مین عائشہ رض اور ابن عمر اور جابر سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے کہ ابن عباس کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اہل علم کہتے ہین کہ مستحب ہے کہ سعی کرے درمیان صفا اور مروہ کے پس اگر نہ دوڑے اور موافق چال اپنی کے چلے درمیان صفا اور مروہ کے تو کہتے ہین کہ جائز ہے **حدیث** بیان کی ہمسے یوسف بن عیسیٰ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابن فضیل نے عطا ابن سائب سے اُسنے کثیر بن جمہان سے اُسنے کہا کہ دیکھا مین نے ابن عمر کو کہ چلتے تھے مطابق چال اپنی کے درمیان صفا اور مروہ کے سو مین نے اسکو کہا کہ تو چلتا ہے اپنی چال معمولی سے سو اُسنے کہا کہ اگر مین دوڑون تو مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپ دوڑتے تھے اور اگر چلون چال اپنی سے تو تحقیق دیکھا ہے مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ آپ چلتے تھے اپنی چال سے اور مین بوڑھا ہون کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی ہے سعید بن جبیر نے ابن عمر سے مثل اسکے **باب** سوار ہو کر طواف کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے بشر بن ہلال صواف نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الوارث نے اور عبد الوہاب ثقفی نے خالد حذاء سے اسنے روایت کی عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہ طواف کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی سواری پر

۱؎ طیبی نے کہا صفا سے ابتدا کرنی شرط ہے نزدیک جمہور کے اور بعضے کہتے ہین کہ ترتیب واجب نہین لیکن اسکے تارک پر دم دینا لازم ہے ۱۲ ۲؎ یعنی مین نے دوڑنا اسواسطے ترک کیا ہے کہ مجکو عذر ہے کہ مین بوڑھا ہون ۱۲ ۳؎ امام مالک اور ابو حنیفہ کہتے ہین کہ اگر طواف کرے سوار ہو کر واسطے کسی عذر کے تو کفایت کرتا ہے اُسکو اور اُسپر کوئی دم واجب نہین اور اگر کوئی عذر نہو تو اسپر دم آتا ہے۔ اور ابو حنیفہ کہتے ہین کہ اگر مکہ مین ہو تو طواف پھر کرے اور کہتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا سوار ہونا ازدحام کی وجہ سے تھا ۱۲ کذا فی سے مینے

تا ذا انتہی الی الرکن اشار الیہ وفی الباب عن جابر وابی الطفیل وام سلمۃ **قال** ابو عیسی حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح وقد کرہ قوم من اھل العلم ان یطوف الرجل بالبیت وبین الصفا والمروۃ راکبا الا من عذر وھو قول الشافعی **باب** ماجاء فی فضل الطواف **حدثنا** سفیان بن وکیع نا یحیی بن الیمان عن شریک عن ابی اسحاق عن عبد اللہ بن سعید ابن جبیر عن ابیہ عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من طاف بالبیت خمسین مرۃ خرج من ذنوبہ کیوم ولدتہ امہ قال وفی الباب عن انس وابن عمر **قال** ابو عیسی حدیث ابن عباس حدیث غریب سالت محمدا عن ھذا الحدیث فقال انما یروی ھذا عن ابن عباس قولہ **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان بن عیینۃ عن ایوب قال کانوا یعدون عبد اللہ ابن سعید بن جبیر افضل من ابیہ ولہ اخ یقال لہ عبد الملک بن سعید بن جبیر وقد روی عنہ ایضا **باب** ماجاء فی الصلوۃ بعد العصر وبعد المغرب فی الطواف لمن یطوف **حدثنا** ابو عمار وعلی بن خشرم قالا نا سفیان ابن عیینۃ عن ابی الزبیر عن عبد اللہ بن باباہ عن جبیر بن مطعم ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال یا بنی عبد مناف لا تمنعوا احدا طاف بھذا البیت وصلی ایۃ ساعۃ شاء من لیل او نھار وفی الباب عن ابن عباس وابی ذر **قال** ابو عیسی حدیث جبیر بن مطعم حدیث حسن صحیح وقد رواہ عبد اللہ بن ابی نجیح عن عبد اللہ بن باباہ ایضا وقد اختلف اھل العلم فی الصلوۃ بعد العصر وبعد الصبح بمکۃ فقال بعضھم لا باس بالصلوۃ والطواف بعد العصر وبعد الصبح وھو قول الشافعی واحمد واسحاق واحتجوا بحدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقال بعضھم اذا طاف بعد العصر لم یصل حتی تغرب الشمس وکذلک ان طاف بعد صلوۃ الصبح ایضا لم یصل حتی تطلع الشمس

ن بعد الصبح

تو جب پہونچتے طرف رکن کے تو اشارہ کرتے طرف اُسکے۔ اور اس باب مین جابر اور ابی طفیل اور ام سلمہ سے بھی روایت ہے **کہا ابو عیسی** نے کہ ابن عباس کی حدیث حسن صحیح ہے اور ایک جماعت اہل علم کہتے ہین کہ مکروہ ہے یہ کہ طواف کرے مرد ساتھ خانہ کعبہ کے اور درمیان صفا اور مروہ کے سوار ہوکر مگر عذر سے اور یہ قول شافعی کا ہے **باب** طواف کی فضیلت کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے سفیان بن وکیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یحیی ابن یمان نے شریک سے اُسنے روایت کی ابی اسحاق سے اُسنے عبد اللہ بن سعید بن جبیر سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن عباس رضہ سے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو طواف کرے ساتھ خانہ کعبہ کے پچاس بار تو نکلتا ہے گناہوں اپنے سے مثل اُس دن کے کہ جنا اُسکو ماں اُسکی نے کہا راوی نے اور اس باب مین انس اور ابن عمر سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسی نے ابن عباس رض کی حدیث غریب ہے مین نے محمد بخاری سے اس حدیث کا حال پوچھا سو اُسنے کہا سوا اسکے نہین کہ روایت کیا جاتا ہے ابن عباس سے قول اُسکا **حدیث** بیان کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے ایوب سے کہ کہا تھے گنتے عبد اللہ بن سعید بن جبیر کو افضل اپنے باپ سے اور اُسکا بھائی ہے کہا جاتا ہے اُسکو عبد الملک بن سعید بن جبیر اور تحقیق روایت کی گئی اُس سے بھی۔ **باب** عصر اور مغرب کے بعد طواف مین نماز پڑھنے کا بیان واسطے اُسکے جو طواف کرے **حدیث** بیان کی ہمسے ابو عمار اور علی بن خشرم نے اُنہون نے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے ابی زبیر سے اُسنے روایت کی عبد اللہ بن باباہ سے اُسنے جبیر بن مطعم سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے بنی عبد مناف نہ منع کرو کسی کو طواف کرے ساتھ اس گھر کے اور نماز پڑھے جس گھڑی کہ چاہے رات سے یا دن سے۔ اور اس باب مین ابن عباس اور ابی ذر سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسی نے کہ جبیر بن مطعم کی حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کیا اُسکو عبد اللہ بن ابی نجیح نے عبد اللہ بن باباہ سے بھی اور تحقیق اختلاف کیا ہے اہل علم نے بیچ نماز پڑھنے کے بعد عصر اور صبح کے مکہ مین۔ سو بعضے کہتے ہین کہ نہین کوئی ڈر ساتھ نماز پڑھنے کے اور طواف کرنے کے بعد عصر اور صبح کے اور یہ قول شافعی اور احمد اور اسحاق کا ہے اور دلیل پکڑی ہے اُنہون نے ساتھ حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے یعنے جو مذکور ہوئی اور بعضے کہتے ہین کہ اگر طواف کرے بعد عصر کے تو نہ نماز پڑھے یہان تک کہ غروب ہووے آفتاب۔ اور اسی طرح اگر طواف کرے بعد نماز صبح کے بھی تو نہ نماز پڑھے یہانتک کہ نکلے آفتاب

ف مظہر نے کہا کہ اس حدیث مین دلیل ہے اسپر کہ نفل نماز اوقات مکروہ مین مکہ مین منع نہین تاکہ لوگ ہر وقت اُسکی فضیلت حاصل کرین یہ قول شافعی کا ہے اور ابو حنیفہ کہتے ہین کہ مکہ کا حکم بھی سب شہرون کی طرح ہے کراہت مین یعنے اوقات مکروہ مین مکہ مین بھی نفلی نماز درست نہین ۱۲

واحتجوا بحديث عمر انه طاف بعد صلوة الصبح فلم يصل وخرج من مكة حتى نزل بذى طوى فصلى بعد ما طلعت الشمس وهو قول
سفيان الثوری ومالك بن انس **باب** ماجاء ما يقرأ فی ركعتی الطواف **حدثنا** ابو مصعب قراءة عن عبد العزيز بن عمران
عن جعفر بن محمد عن ابيه عن جابر بن عبد الله ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قرأ فی ركعتی الطواف بسورتی الاخلاص قل يا ايها
الكافرون وقل هو الله احد **حدثنا** هناد نا وكيع عن سفيان عن جعفر بن محمد عن ابيه انه كان يستحب ان يقرأ فی ركعتی
الطواف بقل يا ايها الكافرون وقل هو الله احد **قال** ابو عيسى وهذا اصح من حديث عبد العزيز بن عمران وحديث جعفر بن محمد
عن ابيه فی هذا اصح من حديث جعفر بن محمد عن ابيه عن جابر عن النبی صلى الله عليه وسلم وعبد العزيز ابن عمران ضعيف
فی الحديث **باب** ماجاء فی كراهية الطواف عريانا **حدثنا** علی بن خشرم نا سفيان بن عيينة عن ابی اسحاق عن زيد
بن اثيع قال سألت عليا بای شیء بعثت قال باربع لا يدخل الجنة الا نفس مسلمة ولا يطوف بالبيت عريان ولا يجتمع المسلمون والمشركون
بعد عامهم هذا ومن كان بينه وبين النبی صلى الله عليه وسلم عهد فعهده الى مدته ومن لا مدة له فاربعة اشهر وفی الباب عن
ابی هريرة **قال** ابو عيسى حديث علی حديث حسن **حدثنا** ابن ابی عمر ونصر بن علی قالا نا سفيان عن ابی اسحاق نحوه وقالا زيد
بن يثيع وهذا اصح **قال** ابو عيسى وشعبة وهم فيه فقال زيد بن اثيل **باب** ماجاء فی دخول الكعبة **حدثنا** ابن ابی عمر نا وكيع
عن اسماعيل بن عبد الملك عن ابن ابی مليكة عن عائشة قالت خرج النبی صلى الله عليه وسلم من عندی وهو قرير العين طيب النفس فرجع الی
وهو حزين فقلت له فقال انی دخلت الكعبة

اور دلیل پکڑی ہے اُنہوں نے ساتھ حدیث عمرؓ کے کہ اُسنے طواف کیا بعد نماز صبح کے سو نہ نماز پڑھی اور نکلے مکہ سے یہاں تک کہ اُترے
ذی طوی میں سو نماز پڑھی بعد نکلنے آفتاب کے اور یہ قول سفیان ثوری اور مالک بن انس کا ہے **باب** طواف کی دو رکعتوں میں کیا
سورت پڑھی جاوے **حدیث** بیان کی ہمسے ابو مصعب نے قراءۃً عبد العزیز بن عمران سے اُسنے روایت کی جعفر بن محمد سے اُسنے اپنے
باپ سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھیں بیچ دو رکعتوں طواف کے دو سورتیں قل ہو اللہ احد
اور قل یا ایہا الکافرون **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے سفیان سے اُسنے روایت کی جعفر بن محمد سے
اُسنے اپنے باپ سے کہ تحقیق وہ مستحب کہتے تھے یہ کہ پڑھا جاوے بیچ دو رکعتوں طواف کے ساتھ قل ہو اللہ احد اور قل یا ایہا الکافرون
کے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث بہت صحیح ہے حدیث عبد العزیز بن عمران سے اور حدیث جعفر بن محمد کی اپنے باپ سے اس باب میں
بہت صحیح ہے حدیث جعفر بن محمد سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور عبد العزیز بن عمران
ضعیف ہے حدیث میں **باب** ننگے ہو کر خانہ کعبہ کو طواف کرنا منع ہے **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن خشرم نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو
سفیان بن عیینہ نے ابی اسحاق سے اُسنے روایت کی زید بن اثیع سے اُسنے کہا کہ میں نے علی رضؓ سے سوال کیا کہ ساتھ کس چیز کے بھیجے گئے تھے
تم اُسنے کہا ساتھ چار چیزوں کے یہ کہ نہ داخل ہوگا بہشت میں مگر مسلمان اور نہ گھومے گرد کعبے کے ننگا آدمیؑ اور نہ جمع ہوں مسلمان اور
مشرکین پیچھے اس سال کے اور وہ شخص کہ ہو وے درمیان اُسکے اور درمیان نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد تو عہد اُسکا اُسکی مدت تک
ہے۔ اور جسکی کوئی مدت مقرر نہیں تو اُسکے واسطے چار مہینے ہیںؑ۔ اور اس باب میں ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے
کہ علی رضؓ کی حدیث حسن ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ابن ابی عمر اور نصر بن علی نے اُنہوں نے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے ابی اسحاق سے
مثل اُسکے اور کہا اُن دونوں نے زید بن یثیع اور یہ بہت صحیح ہے کہا ابو عیسیٰ نے کہ شعبہ نے وہم کیا ہے اسمیں سو کہا زید بن اثیل **باب** مکہ میں داخل ہونے کا
بیان **حدیث** بیان کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے اسماعیل بن عبد الملک سے اُسنے روایت کی ابن ابی ملیکہ سے اُسنے
عائشہ سے اُسنے کہا نکلے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نزدیک میرے سے اور وہ ٹھنڈی آنکھ اور خوش جی سے تھے پھر آئے طرف میرے اور آپ غمناک تھے سو میں نے
اُسکا سبب پوچھا سو فرمایا کہ میں داخل ہوا کعبہ میں

ؑ۱ یعنی نے نہا کہ ننگے طواف کرنے سے اسواسطے منع کیا کہ جاہلیت کے زمانہ میں مشرکین ننگے ہو کر خانہ کعبہ کا طواف کرتے تھے اور اگر کوئی کپڑے سے طواف کرتا تو اسکو مار کر
کپڑے اُتار لے جاتے تھے کہتے تھے کہ ہم ان کپڑوں میں کیوں طواف کریں جنمیں ہمنے گناہ کیے ہیں ۱۲ ؑ۲ یعنی اُسکو چار مہینے کی مہلت ہے خواہ مسلمان ہو جاوے

ووددت انی لم اکن فعلت انی اخاف ان اکون اتعبت امتی من بعدی **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی الصلوٰۃ فی الکعبۃ **حدثنا** قتیبۃ نا حماد بن زید عن عمرو بن دینار عن ابن عمر عن بلال ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلی فی جوف الکعبۃ قال ابن عباس لم یصل ولکنہ کبر وفی الباب عن اسامۃ بن زید والفضل بن عباس وعثمان بن طلحۃ وشیبۃ ابن عثمان **قال** ابو عیسی حدیث بلال حدیث حسن صحیح والعمل علیہ عند اکثر اھل العلم لا یرون بالصلوٰۃ فی الکعبۃ باسا وقال مالک بن انس لا باس بالصلوٰۃ النافلۃ فی الکعبۃ وکرہ ان یصلی المکتوبۃ فی الکعبۃ وقال الشافعی لا باس ان یصلی المکتوبۃ والتطوع فی الکعبۃ لان حکم النافلۃ والمکتوبۃ فی الطہارۃ والقبلۃ سواء **باب** ما جاء فی کسر الکعبۃ **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو داود عن شعبۃ عن ابی اسحاق عن الاسود بن یزید ان ابن الزبیر قال لہ حدثنی بما کانت تفضی الیک ام المؤمنین یعنی عائشۃ فقال حدثتنی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لھا لولا ان قومک حدیث عہد بالجاہلیۃ لھدمت الکعبۃ وجعلت لھا بابین فلما ملک ابن الزبیر ھدمھا وجعل لھا بابین **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی الصلوٰۃ فی الحجر **حدثنا** قتیبۃ نا عبد العزیز بن محمد عن علقمۃ بن ابی علقمۃ عن ابیہ عن عائشۃ قالت کنت احب ان ادخل البیت فاصلی فیہ فاخذ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیدی فادخلنی الحجر وقال صلی فی الحجر ان اردت دخول البیت فانما ھو قطعۃ من البیت

اور دوست رکھتا ہوں میں یہ کہ نہ کرتا میں جو کیا میں ڈرتا ہوں کہ تکلیف میں ڈالوں امت اپنی کو پیچھے اپنے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** خانہ کعبہ میں نماز پڑھنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہم سے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حماد بن زید نے عمرو بن دینار سے اُسنے روایت کی ابن عمر رضہ سے اُسنے روایت کی بلال سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی بیچ جوف کعبہ کے ابن عباس رضہ نے کہا کہ آپ نے نماز نہیں پڑھی لیکن آپ نے تکبیر کہی۔ اور اس باب میں اسامہ بن زید اور فضل بن عباس رضہ اور عثمان بن طلحہ رضہ اور شیبہ بن عثمان رضہ سے بھی روایت ہے۔ کہا ابو عیسےٰ نے کہ بلال رضہ کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اور عمل اسپر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے کہتے ہیں کہ کعبے میں نماز پڑھنے کا کچھ ڈر نہیں اور مالک بن انس رضہ نے کہا کہ نہیں کوئی ڈر ساتھ نماز نفلی کے بیچ کعبے کے اور کہا کہ فرضی نماز پڑھنی کعبے میں مکروہ ہے۔ اور امام شافعی رحمہ کہتے ہیں کہ نہیں کوئی ڈر یہ کہ پڑھے نماز فرض اور نفل کعبے میں۔ اسواسطے کہ حکم نفل اور فرض کا بیچ طہارت اور قبلے کے برابر ہے **باب** کعبہ کے توڑنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہم سے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو داؤد نے شعبہ سے اُسنے روایت کی ابی اسحاق سے اُسنے اسود بن یزید سے کہ ابن زبیر نے کہا اُسکو کہ حدیث بیان کر مجھسے ساتھ اسکے کہ حدیث بیان کرتی تھی طرف تیرے ام المؤمنین عائشہ صدیقہ رضہ سو اُسنے کہا کہ حدیث بیان کی مجھسے اُسنے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اُسکو کہ اگر نہوتی قوم تیری قریب زمانہ ساتھ جاہلیت کے تو البتہ توڑتا میں کعبے کو اور کرتا میں واسطے اسکے دو دروازے سو جب حاکم ہوئے ابن زبیر توڑ ڈالا اُسکو اور کیے واسطے اسکے دو دروازے کہا ابو عیسےٰ نے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **باب** حطیم میں نماز پڑھنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہم سے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد العزیز بن محمد نے علقمہ بن ابی علقمہ سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے عائشہ رضہ سے اُسنے کہا کہ تھی میں دوست رکھتی یہ کہ داخل ہوں خانہ کعبہ میں اور نماز پڑھوں میں بیچ اسکے سو پکڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ میرا اور داخل کیا مجھکو حطیم میں اور فرمایا کہ نماز پڑھ حطیم میں اگر ارادہ کرے تو داخل ہونے کعبے کا سوائے اسکے نہیں کہ وہ ایک ٹکڑا ہی کعبے سے

یا زادتی کا سامان کرے یا جزیہ دینا قبول کرے ۱۲ ف ۔ سب اہل حدیث کا اتفاق ہے اسپر کہ بلال کی حدیث مقدم ہے ابن عباس کی حدیث پر اسلیے کہ وہ مثبت ہے اور ساتھ اسکے زیادتی ہے پس واجب ہے ترجیح اسکی ۱۲ الطیبی ۔ ۲ یعنے ابھی تازہ مسلمان ہوئے ہیں اسلام انمیں خوب نہیں رچا اگر میں کعبے کو توڑوں تو اختلاف کرینگے کہینگے یہ کیسا پیغمبر ہے کہ کعبے کو توڑتا ہے ولیکن عبد اللہ بن زبیر نے بموجب اس حدیث کے بعد آپ کے کعبے کو ڈھاکر بنا ابراہیم پر بنایا سو حجاج نے پھر ڈھاکر اسی طرح بنایا ۱۲ ف ۳ حطیم اور حجر اس مکان کا نام ہے کہ جب حضرت ابراہیم علیہ السلام نے کعبہ بنایا تھا تو کعبے میں داخل تھا جب قریش نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت سے پہلے کعبہ بنایا تو اس چند گز مکان کو کعبے سے اوتر کے طرف علیحدہ کر دیا کعبے کا نابدان اسی طرف ہے وہ دیوار سے گھیرا ہوا ہے ۱۲ ف ف

ولكن قومك استقصروه حين بنوا الكعبة فاخرجوه من البيت **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح وعلقمة بن ابي علقمة هو
علقمة بن بلال **باب** ما جاء في فضل الحجر الاسود والركن والمقام **حدثنا** قتيبة نا جرير عن عطاء بن السائب عن سعيد بن
جبير عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم نزل الحجر الاسود من الجنة وهو اشد بياضا من اللبن فسودته خطايا
بني آدم وفي الباب عن عبد الله بن عمرو وابي هريرة **قال** ابو عيسى حديث ابن عباس حديث حسن صحيح **حدثنا** قتيبة نا يزيد بن
زريع عن رجاء ابي يحيى قال سمعت مسافعا الحاجب يقول سمعت عبد الله بن عمرو يقول سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول ان الركن والمقام ياقوتتان
من ياقوت الجنة طمس الله نورهما ولو لم يطمس نورهما لاضاء تا ما بين المشرق والمغرب **قال** ابو عيسى هذا يروى عن عبد الله بن عمرو
موقوفا قوله وفيه عن انس ايضا وهو حديث غريب **باب** ما جاء في الخروج الى منى والمقام بها **حدثنا** ابو سعيد الاشج نا عبد الله
بن الاجلح عن اسمعيل بن مسلم عن عطاء عن ابن عباس قال صلى بنا رسول الله صلى الله عليه وسلم بمنى الظهر والعصر والمغرب والعشاء
والفجر ثم غدا الى عرفات **قال** ابو عيسى واسمعيل بن مسلم قد تكلم فيه **حدثنا** ابو سعيد الاشج نا عبد الله بن الاجلح عن الاعمش
عن الحكم عن مقسم عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم صلى بمنى الظهر والفجر ثم غدا الى عرفات وفي الباب عن عبد الله
بن الزبير وانس **قال** ابو عيسى حديث مقسم عن ابن عباس قال علي بن المديني قال يحيى قال شعبة لم يسمع الحكم من مقسم الا خمسة
اشياء وعدها وليس هذا الحديث فيما عد شعبة **باب** ما جاء ان منى مناخ من سبق **حدثنا** يوسف بن عيسى ومحمد بن ابان قالا

ولیکن تیری قوم نے چھوٹا اسکو جبکہ بنایا کعبے کو سو نکالا اُسکو کعبے سے **کہا** ابو عیسےٰ نے کہ یہ حدیث حسن صحیح ہی اور علقمہ بن ابی علقمہ وہی علقمہ بن
بلال ہی **باب** حجر اسود اور رکن اور مقام کی فضیلت کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو جریر نے عطاء بن
سائب سے اُسنے روایت کی سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس رضؓ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اترا حجر اسود بہشت سے
اور وہ تھا زیادہ سفید دودھ سے پس سیاہ کر دیا اُسکو گناہوں بنی آدم نے۔ اور اس باب میں عبد اللہ بن عمروؓ اور ابو ہریرہ رضؓ سے بھی
روایت ہی **کہا** ابو عیسےٰ نے کہ ابن عباس رضؓ کی حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یزید بن
زریع نے رجاء سے اُسنے روایت کی ابی یحییٰ سے اُسنے کہا سنا میں نے مسافع حاجب سے کہتا تھا سنا میں نے عبد اللہ بن عمروؓ سے کہتے تھے سنا
میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ تحقیق حجر اسود اور مقام ابراہیم دو یاقوت ہیں یاقوتوں بہشت سے دور کیا اللہ تعالےٰ
نے نور ان دونوں کا اور اگر نہ دور کرتا نور اُنکا تو البتہ روشن کر دیتے اُس چیز کو کہ درمیان مشرق اور مغرب کے ہی **کہا** ابو عیسےٰ نے کہ مروی ہی
ابن عمرؓ سے قول اُسکا موقوف اور اسمیں انسؓ سے بھی روایت آئی ہی اور یہ حدیث غریب ہی **باب** منا کی طرف نکلنا اور اسمیں مقام کرنا
حدیث بیان کی ہمسے ابو سعید اشج نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن اجلح نے اسمٰعیل بن مسلم سے اُسنے روایت کی عطاء سے اُسنے ابن
عباس سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمکو نماز پڑھائی منا میں ظہر اور عصر اور مغرب اور عشاء اور فجر کی پھر صبح کو گئے طرف عرفات کے **کہا**
ابو عیسےٰ نے کہ اسمٰعیل بن مسلم میں کلام کیا گیا ہی **حدیث** بیان کی ہمسے ابو سعید اشج نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن اجلح نے اعمش سے
اُسنے روایت کی حکم سے اُسنے مقسم سے اُسنے ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی منا میں ظہر اور فجر کی پھر اول وقت گئے طرف
عرفات کے اور اس باب میں عبد اللہ بن زبیر اور انس رضؓ سے بھی روایت ہی **کہا** ابو عیسےٰ نے کہ حدیث مقسم کی ابن عباس سے
کہا علی بن مدینی نے کہ کہا یحییٰ نے کہ کہا شعبہ نے کہ حکم نے نہیں سنا مقسم سے مگر پانچ چیزیں اور گنا اُنکو اور نہیں ہی یہ حدیث بیچ اُنکے
جو گنا شعبہ نے **باب** منا جگہہ اُس شخص کی ہی جو پہلے پہونچے **حدیث** بیان کی ہمسے یوسف بن عیسےٰ نے اور محمد بن ابان نے اُنہوں نے کہا

[1] یعنے لوگوں نے جو اُسکو ہاتھ لگائے تو اُنکے گناہوں کی تاثیر سے سیاہ ہو گیا پس جب پتھر میں گناہ کا یہ اثر ہوا تو کیا حال ہی اُنکے دلوں کا بسبب کرنے گناہوں کے ۱۲
[2] شاید حکمت اُنکے نور دور کرنے کی یہ ہی کہ ایمان بالغیب حاصل ہو ۱۲ [3] یعنے خصوصیت اسمیں ساتھ سبقت کے ہی نہ ساتھ مکان بنانے کے یعنے منا ایسی
جگہہ ہی کہ کسی شخص کے لیے اُسمیں خصوصیت نہیں بلکہ جو کوئی منا میں کسی جگہہ آگے پہونچے وہی اُسکا مستحق ہی اور نیز اگر اُسمیں کوئی مکان بنایا جاوے تو
اُسمیں بنا میں بہت ہو جاوینگی پس مکان تنگ ہو جاویگا اور امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک حرم کی زمین کل وقف ہی کسی کو جائز نہیں کہ اُسکا مالک بنے ۱۲ ع
مقام ابراہیم اُس پتھر کا نام ہی جسمیں کہ حضرت ابراہیم کے قدم کا نشان ہی ۱۲

نا وکیع عن اسرائیل عن ابراهیم بن مهاجر عن یوسف بن ماهك عن امه مسیكة عن عائشة قالت قلنا یا رسول الله الا نبنی لك بناء یظلك بمنی قال لا منی مناخ من سبق **قال** ابوعیسی هذا حدیث حسن **باب** ماجاء فی تقصیر الصلوة بمنی **حدثنا** قتیبة نا ابو الاحوص عن ابی اسحاق عن حارثة ابن وهب قال صلیت مع النبی صلی الله علیه وسلم بمنی آمن ما کان الناس واکثره رکعتین وفی الباب عن ابن مسعود وابن عمر وانس **قال** ابوعیسی حدیث حارثة بن وهب حدیث حسن صحیح وروی عن ابن مسعود انه قال صلیت مع النبی صلی الله علیه وسلم بمنی رکعتین ومع ابی بکر ومع عمر وعثمان رکعتین صدرا من امارته وقد اختلف اهل العلم فی تقصیر الصلوة بمنی لاهل مکة فقال بعض اهل العلم لیس لاهل مکة ان یقصروا الصلوة بمنی الا من کان بمنی مسافرا وهو قول ابن جریج وسفیان الثوری ویحیی بن سعید القطان والشافعی واحمد واسحاق وقال بعضهم لا باس لاهل مکة ان یقصروا الصلوة بمنی وهو قول الاوزاعی ومالك وسفیان بن عیینة وعبد الرحمن بن مهدی **باب** ماجاء فی الوقوف بعرفات والدعاء فیها **حدثنا** قتیبة نا سفیان بن عیینة عن عمرو بن دینار عن عمرو بن عبد الله بن صفوان عن یزید بن شیبان قال اتانا ابن مربع الانصاری ونحن وقوف بالموقف مکانا یباعده عمرو فقال انی رسول رسول الله صلی الله علیه وسلم الیکم یقول کونوا علی مشاعرکم فانکم علی ارث من ارث ابراهیم وفی الباب عن علی وعائشة وجبیر بن مطعم والشرید بن سوید الثقفی **قال** ابوعیسی حدیث ابن مربع حدیث حسن لا نعرفه الا من حدیث ابن عیینة عن عمرو بن دینار وابن مربع اسمه یزید بن مربع الانصاری وانما یعرف له هذا الحدیث الواحد **حدثنا** محمد بن عبد الاعلی الصنعانی البصری نا محمد بن عبد الرحمن الطفاوی

خبر دی ہمکو وکیع نے اسرائیل سے اُسنے روایت کی ابراہیم بن مہاجر سے اُسنے یوسف بن ماہک سے اُسنے اپنی ماں مسیکہ سے اُسنے عائشہ سے کہ ہمنے کہا یا رسول اللہ کیا نہ بنادین ہم واسطے آپ کے ایک مکان جو سایہ کرے آپ کو منا مین فرمایا نہین منا جگہہ اونٹ بٹھانے اُس شخص کی ہے جو پہلے پہونچے کہا ابوعیسٰی نے یہ حدیث حسن ہے **باب** منا مین نماز کا قصر کرنا درست ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابوالاحوص نے ابی اسحاق سے اُسنے روایت کی حارثہ بن وہب سے اُسنے کہا کہ نماز پڑھی مین نے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے منا مین دو رکعتین[ف۱] اور لوگ بہت امن مین تھے۔ اور اس باب مین ابن مسعود اور ابن عمر اور انس سے بھی روایت ہے کہا ابوعیسٰی نے حارثہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور ابن مسعود سے روایت ہے کہ نماز پڑھی مین نے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے منا مین دو رکعتین اور ساتھ ابی بکر اور عمر اور عثمان کے دو رکعتین ابتدا خلافت اُنکی سے اور تحقیق اختلاف کیا ہے اہل علم نے بیچ قصر کرنے نماز کے منا مین واسطے رہنے والون مکہ کے سو بعضے اہل علم کہتے ہین کہ نہین درست ہے واسطے اہل مکہ کے یہ کہ قصر کرین نماز کو منا مین مگر جو ہو وے منا مین مسافر اور یہ قول ابن جریج اور سفیان ثوری اور یحیی بن سعید قطان اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا ہے اور بعضے کہتے ہین کہ نہین ڈر ہے واسطے اہل مکہ کے یہ کہ قصر کرین نماز کو منا مین اور یہ قول اوزاعی اور مالک اور سفیان بن عیینہ اور عبدالرحمن بن مہدی کا ہے **باب** عرفات مین کھڑے ہولے اور اسمین دعا کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابن عیینہ نے عمرو بن دینار سے اُسنے روایت کی عمرو بن عبداللہ بن صفوان سے اُسنے یزید بن شیبان سے کہ آیا ہمارے پاس ابن مربع انصاری اور ہم عرفات مین کھڑے تھے ایک مکان مین جسکو دور بیان کرتا تھا عمرو جگہ ٹھہرنے امام کے سے سو اُسنے کہا کہ مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا قاصد ہون طرف تمہارے فرماتے ہین حضرت کہ واسطے تمہارے ہے کہ ٹھہرو[ف۲] اوپر جگہ عبادت اپنی کے پس تحقیق تم ہو اوپر میراث کے یعنے متابعت کے میراث باپ اپنے کے کہ ابراہیم ع ہین اور اس باب مین علی اور عائشہ اور جبیر بن مطعم اور شرید بن سوید ثقفی سے بھی روایت ہے کہا ابوعیسٰی نے مربع کی حدیث حسن ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث ابن عیینہ سے اُسنے عمرو بن دینار سے اور ابن مربع کا نام یزید بن مربع انصاری ہے اور نہین پہچانی جاتی ہے واسطے اسکے مگر صرف ایک حدیث **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن عبد الاعلی صنعانی بصری نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو محمد بن عبدالرحمن طفاوی نے

ف۱ یہ آیت لیس علیکم جناح ان تقصروا من الصلوٰة الخ مین اگرچہ قصر کا حکم مقید ہے ساتھ حالت خوف کے لیکن اب یہ قید باقی نہین بلکہ حالت امن مین نماز قصر کرنا درست ہے

ف۲ حاصل یہ کہ عرب کے ہر قوم و قبیلہ کا اگلے زمانہ مین ایک موقف تھا مقرر عرفات مین کہ وہان ٹھہرتے تھے اور موقف قبیلہ یزید بن شیبان کا بہت دور تھا موقف آنحضرت ص سے کہ وہ موقف امام ہے پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے معلوم کیا کہ یہ اس بات کی درخواست کرینگے کہ آپ سے قریب کھڑے ہون سو آپ نے اُنسے کہلا بھیجا کہ اپنے موقف قدیمی پر کھڑے رہو کہ عرفہ سب موقف ہے وہ دوری اور نزدیکی امام مین کچھ فرق نہین ۱۲

نا هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة قالت كانت قريش ومن كان على دينها وهم الحمس يقفون بالمزدلفة يقولون نحن قطين الله وكان من سواهم يقفون بعرفة فانزل الله عز وجل ثم افيضوا من حيث افاض الناس **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح ومعنى هذا الحديث ان اهل مكة كانوا لا يخرجون من الحرم وعرفات خارج من الحرم فاهل مكة كانوا يقفون بالمزدلفة ويقولون نحن قطين الله يعني سكان الله ومن سوى اهل مكة كانوا يقفون بعرفات فانزل الله تعالى ثم افيضوا من حيث افاض الناس والحمس هم اهل الحرم **باب** ما جاء ان عرفة كلها موقف **حدثنا** محمد بن بشار نا ابو احمد الزبيري نا سفيان عن عبد الرحمن بن الحارث بن عياش بن ابي ربيعة عن زيد بن علي عن ابيه عن عبيد الله بن ابي رافع عن علي بن ابي طالب قال وقف رسول الله صلى الله عليه وسلم بعرفة فقال هذه عرفة وهو الموقف وعرفة كلها موقف ثم افاض حين غربت الشمس واردف اسامة بن زيد وجعل يشير بيده على هيئته والناس يضربون يمينا وشمالا يلتفت اليهم ويقول يا ايها الناس عليكم السكينة ثم اتى جمعا فصلى بهم الصلوتين جميعا فلما اصبح اتى قزح ووقف عليه وقال هذا قزح وهو الموقف وجمع كلها موقف ثم افاض حتى انتهى الى وادي محسر فقرع ناقته فخبت حتى جاوز الوادي فوقف واردف الفضل ثم اتى الجمرة فرماها ثم اتى المنحر فقال هذا المنحر ومنى كلها منحر واستفتته جارية شابة من خثعم فقالت ان ابي شيخ كبير قد ادركته فريضة الله في الحج فيجزئ ان احج عنه قال حجي عن ابيك قال ولوى عنق الفضل فقال العباس يا رسول الله لم لويت عنق ابن عمك

اُسنے کہا خبر دی ہمکو ہشام بن عروہ نے اپنے باپ سے اُسنے روایت کی عائشہ سے اُسنے کہا کہ تھے قریش اور جو کہ تھا اُنکے دین پر اور وہ حمس کہلاتے تھے کھڑے ہوتے تھے مزدلفہ میں اور کہتے تھے کہ ہم اللہ کے گھر میں رہنے والے ہیں اور تھے تمام عرب ٹھہرتے بیچ میدان عرفہ کے پس اُتاری اللہ نے یہ آیت پھر پھر واپس جگہ سے کہ پھرتے ہیں لوگ کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور معنی اس حدیث کا یہ ہے کہ مکہ والے نہ نکلتے تھے حرم سے اور عرفات خارج ہے حرم سے سو مکہ والے تھے کھڑے ہوتے بیچ مزدلفہ کے اور کہتے تھے کہ ہم اللہ کے گھر کے رہنے والے ہیں اور اہل مکہ کے سوا اور سب لوگ تھے ٹھہرتے بیچ میدان عرفات کے سو اُتاری اللہ تعالیٰ نے یہ آیت پھر پھر واپس جگہ سے کہ پھرتے ہیں لوگ اور حمس وہ اہل حرم تھے **باب** عرفات تمام جگہ وقوف کی ہے **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو احمد زبیری نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے عبد الرحمن بن حارث بن عیاش بن ابی ربیعہ سے اُسنے روایت کی زید بن علی سے اُسنے اپنے باپ سے اُنے عبید اللہ بن ابی رافع سے اُسنے علی بن ابی طالب سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے عرفات میں اور فرمایا یہ میدان عرفات کا ہے اور یہی ہے جگہ ٹھہرنے کی ہے پھر پھرے جبکہ غروب ہوا آفتاب اور اپنے پیچھے سوار کیا اسامہ کو اور اشارہ کرنے لگے ہاتھ اپنے سے اپنی ہیئت پر اور آدمی مارتے تھے دائیں اور بائیں نہ التفات کرتے تھے آپ طرف اُنکے اور کہتے تھے اے لوگو لازم ہے تمکو آرام پھر آئے مزدلفہ میں سو پڑھائیں آپنے لوگوں کو دو نمازیں یعنی دونوں کو جمع کیا ایک وقت میں سو جب صبح کی آپنے تو آئے قزح میں اور فرمایا کہ یہ قزح ہے اور یہی ہے جگہ ٹھیرنے کی اور مزدلفہ تمام جگہہ ٹھیرنے کی ہے پھر پھرے یہانتک کہ پہنچے وادی محسر میں پس حرکت دی اونٹنی اپنی کو تھوڑی سی تیز چلی یہانتک کہ آگے بڑھے وادی سے سو وہاں کھڑے ہوئے اور پیچھے سوار کیا آپنے ابن فضل کو یہانتک کہ آئے جمرہ پاس پس پھینکی اُسپر کنکریاں پھر آئے طرف جگہہ قربانی کرنے کے سو فرمایا کہ یہ ہے جگہہ قربانی کی اور منا تمام جگہہ قربانی کی ہے اور مسئلہ پوچھا آپ سے ایک لڑکی جوان نے خثعم سے سو اُسنے عرض کی کہ تحقیق باپ میرا بڑا بڈھا ہے پایا اُسکو اللہ کے فرض نے بیچ امر حج کے یعنی نہیں ٹھہر سکتا سواری پر کیا پس کفایت کرتا ہے یہ کہ حج کروں میں طرف اُسکی سے فرمایا حج کر باپ اپنے کی طرف سے اور کہا کہ پھیری آپ نے گردن فضل کی سو عباس نے کہا کہ یا رسول اللہ کس واسطے پھیری آپنے گردن بیٹے چچا اپنے کی

ف۱ یعنی اطمینان سے بیٹھے تھے ۱۲ ف۲ یعنے اونٹوں کو مارتے تھے اور جلدی ہانکتے تھے ۱۲ ف۳ قزح ایک پہاڑ کا نام ہے مزدلفہ میں کہ مزدلفہ میں امام اُسکے پاس کھڑا ہوتا ہے ف۴ محسر نام ہے ایک جگہ کا درمیان مزدلفہ اور منا کے اور سبب آپ کے جلدی چلنے کا یہ تھا کہ آپ کی عادت شریف تھی کہ جس جگہہ کسی قوم پر عذاب نازل ہوا تو وہاں سے جلدی گذرتے واسطے عبرت کے اور محسر میں اصحاب فیل ہلاک ہوئے تھے وہاں سے جلدی گذرے اور بعضے کہتے ہیں کہ وہاں مشرکین عرب ٹھہرا کرتے تھے اُنکی مخالفت کو الغرض ہر شخص کو مستحب ہے کہ وہاں سے جلدی گذرے ۱۲ ف۵ حاصل کلام اُس عورت کا یہ ہے کہ میرے باپ پر بڑھاپے میں حج فرض ہے اس سبب سے کہ وہ بڑھاپے میں مسلمان ہوا ہے اور اُس پاس مال ہے یا اُسکو بڑھاپے میں مال ہاتھ آیا ہے اور وہ سواری پر ٹھہر نہیں سکتا کیا میں اُسکی طرف سے نیابۃً حج کروں جاننا چاہیے کہ غیر کی طرف سے حج کرنا جائز ہے اگر عاجز ہووے امر کرنے والا اور جائز ہے بعد موت کے بھی اگر وصیت کرے اور اگر نفلی ہو تو جائز ہے باوجود قدرت کے بھی اور والدین کی طرف سے بعد موت کے حج کرنا بھی [illegible]

قال رايت شاباً وشابة فلم آمن الشيطان عليهما فاتاه رجل فقال يارسول الله انى افضت قبل ان احلق قال احلق ولاحرج
او قصر ولاحرج قال وجاء آخر فقال يارسول الله انى ذبحت قبل ان ارمي قال ارم ولاحرج قال ثم اتى البيت فطاف به ثم اتى زمزم
فقال يابني عبد المطلب لولا ان يغلبكم عليه الناس لنزعت وفي الباب عن جابر **قال** ابوعيسى حديث علي حديث حسن
صحيح لانعرفه من حديث علي الا من هذا الوجه من حديث عبد الرحمن بن الحارث بن عياش وقد رواه غير واحد عن الثوري
مثل هذا والعمل على هذا عند اهل العلم قد راوا ان يجمع بين الظهر والعصر بعرفة في وقت الظهر وقال بعض اهل العلم اذا صلى الرجل
في رحله ولم يشهد الصلوة مع الامام ان شاء جمع هو بين الصلوتين مثل ماصنع الامام وزيد بن علي هو ابن حسين بن علي بن ابي طالب
باب ماجاء في الافاضة من عرفات **حدثنا** محمود بن غيلان نا وكيع وبشر بن السري وابو نعيم قالوا نا سفيان بن عيينة عن ابي
الزبير عن جابر ان النبي صلى الله عليه وسلم اوضع في وادي محسر وزاد فيه بشر وافاض من جمع وعليه السكينة وامرهم بالسكينة
وزاد فيه ابو نعيم وامرهم ان يرموا بمثل حصى الخذف وقال لعلي لا اراكم بعد عامي هذا وفي الباب عن اسامة بن زيد **قال** ابوعيسى
حديث جابر حديث حسن صحيح **باب** ماجاء في الجمع بين المغرب والعشاء بالمزدلفة **حدثنا** محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد القطان
نا سفيان الثوري عن ابي اسحاق عن عبد الله بن مالك ان ابن عمر صلى بجمع فجمع بين الصلوتين باقامة وقال رايت رسول الله صلى الله
عليه وسلم فعل مثل هذا في هذا المكان **حدثنا** محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد عن اسماعيل بن ابي خالد عن ابي اسحاق عن سعيد
ابن جبير عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم مثله قال محمد بن بشار قال يحيى والصواب حديث سفيان وفي الباب عن علي وابي ايوب
وعبد الله بن مسعود وجابر واسامة بن زيد **قال** ابوعيسى حديث ابن عمر رواية سفيان اصح من رواية اسمعيل بن ابي خالد وحديث سفيان

فرمایا دیکھا میں نے جوان مرد اور جوان عورت کو سو نہ بےخوف ہوا میں شیطان سے اوپر انکے سو آپ پاس ایک مرد آیا سو اُسنے عرض کی یارسول اللہ
طواف فرض کیا میں نے خانہ کعبہ کا پہلے سر منڈانے سے فرمایا کہ سر منڈا اور نہیں کچھ گناہ یا بال کترو اور نہیں کچھ گناہ اور کہا کہ ایک مرد اور آیا سو اُسنے عرض
کی کہ یارسول اللہ قربانی کی میں نے پہلے کنکریاں مارنے کے مناروں پر فرمایا آپ نے پھینک کنکریاں اور نہیں ہے کچھ گناہ پھر آئے خانہ کعبہ میں پس طواف کیا گرد
اُسکے پھر آئے کنوئے زمزم پر سو فرمایا کہ اے بنی عبد المطلب اگر ہوتا خوف اسکا کہ غلبہ کرینگے لوگ تمپر اوپر پانی پلانے کے تو البتہ کھینچتا میں پانی ساتھ
تمہارے اور اس باب میں جابر سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے علی کی حدیث حسن ہے صحیح ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے حدیث عبد الرحمن
بن حارث بن عیاش سے اور تحقیق روایت کی ہے بہت لوگوں نے یہ حدیث ثوری سے مثل اسکے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے کہتے ہیں کہ جمع کیا
جاوے درمیان ظہر اور عصر کے عرفات میں[1] بیچ وقت ظہر کے اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ جب نماز پڑھے مرد اپنی جگہ میں اور نہ حاضر ہووے ساتھ نماز امام کے اگر چاہے تو جمع
کرے وہ درمیان دو نمازوں کے مثل اسکے کہ کیا ہے امام نے اور زید بن علی وہی ابن حسین بن علی بن ابی طالب ہے **باب** عرفات سے پھرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے
محمود بن غیلان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے اور بشر بن سری اور ابو نعیم نے انھوں نے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے ابی زبیر سے اُسنے
روایت کی جابر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جلدی چلے وادی محسر میں اور زیادہ کیا ہے بیچ اُسکے بشر نے کہ پھرے مزدلفہ سے اور اُنپر تھی تسکین چلنے میں
اور حکم کیا لوگوں کو ساتھ آہستہ چلنے کے اور زیادہ کیا اُسمیں ابو نعیم نے اور حکم کیا اُنکو یہ کہ ماریں ساتھ مانند کنکریوں خذف کے یعنی چنے چنے کے برابر اور
فرمایا حضرت نے اصحاب کو کہ شاید کہ میں نہ دیکھوں تمکو پیچھے اس سال کے اور اس باب میں اسامہ بن زید سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے جابر کی
حدیث حسن صحیح ہے **باب** مزدلفہ میں مغرب اور عشا کی نماز کو جمع کر کے پڑھنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر
دی ہمکو یحییٰ بن سعید قطان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ثوری نے ابی اسحاق سے اُسنے روایت کی عبد اللہ بن مالک سے کہ ابن عمر نے نماز پڑھی مزدلفہ
میں سو جمع کیا درمیان دو نمازوں کے ساتھ ایک اقامت کے اور کہا دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ کیا مثل اُسکے اس مکان میں **حدیث** بیان کی ہمسے محمد
بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یحییٰ بن سعید نے اسمٰعیل بن ابی خالد سے اُسنے روایت کی ابی اسحاق سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلی
اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے اور کہا محمد بن بشار نے کہ کہا یحییٰ نے کہ صواب حدیث سفیان کی ہے اور اس باب میں علی اور ابی ایوب اور عبد اللہ بن مسعود اور جابر اور اسامہ
بن زید سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے حدیث ابن عمر کی روایت سفیان سے بہت صحیح ہے روایت اسمٰعیل بن ابی خالد سے اور سفیان کی حدیث

[1] اسکو جمع تقدیم کہتے ہیں عرفات میں وقوف کرنے کے لیے یہ دو نمازیں ملا کر پڑھ لیتے ہیں اور انکے درمیان سنن و نوافل نہ پڑھے تاکہ جمع باطل نہو جاوے اسلیے کہ بیچ در بیچ پڑھنا ان نمازوں
کا واجب ہے اور یہی حکم ہے تمام سفروں میں کہ مسافر کو ہر سفر میں دو نمازوں کا جمع کرنا درست ہے سوا سفر معصیت کے اور دلیل اسکی یہی حدیث ہے اسلیے کہ جو علت اسکی یہاں ہے وہ تمام سفروں میں ہے

حدیث حسن صحیح قال و روی اسرائیل ھذا الحدیث عن ابی اسحاق عن عبد اللہ وخالد ابنی مالک عن ابن عمر وحدیث سعید بن جبیر عن ابن عمر ھو حدیث حسن صحیح ایضا رواہ سلمۃ بن کھیل عن سعید بن جبیر واما ابو اسحاق فانما روی عن عبد اللہ وخالد ابنی مالک عن ابن عمر والعمل علی ھذا عند اھل العلم انہ لا یصلی صلوۃ المغرب دون جمع فاذا اتی جمعا وھو المزدلفۃ جمع بین الصلوتین باقامۃ واحدۃ ولم یتطوع فیما بینھما وھو الذی اختارہ بعض اھل العلم وذھبوا الیہ وھو قول سفیان الثوری قال سفیان وان شاء صلی المغرب ثم تعشی ووضع ثیابہ ثم اقام فصلی العشاء وقال بعض اھل العلم یجمع بین المغرب والعشاء بالمزدلفۃ باذان واقامتین یؤذن لصلوۃ المغرب ویقیم ویصلی المغرب ثم یقیم ویصلی العشاء وھو قول الشافعی **باب** ما جاء من ادرک الامام بجمع فقد ادرک الحج **حدثنا** محمد بن بشار قال نا یحیی بن سعید وعبد الرحمن بن مھدی قالا نا سفیان عن بکیر بن عطاء عن عبد الرحمن بن یعمر ان ناسا من اھل نجد اتوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو بعرفۃ فسالوہ فامر منادیا فنادی الحج عرفۃ من جاء لیلۃ جمع قبل طلوع الفجر فقد ادرک الحج ایام منی ثلثۃ فمن تعجل فی یومین فلا اثم علیہ ومن تاخر فلا اثم علیہ **قال** محمد وزاد یحیی واردف رجلا فنادی بہ **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفیان بن عیینۃ عن سفیان الثوری عن بکیر بن عطاء عن عبد الرحمن بن یعمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ بمعناہ قال وقال ابن ابی عمر قال سفیان بن عیینۃ وھذا اجود حدیث رواہ سفیان الثوری **قال** ابو عیسی والعمل علی حدیث عبد الرحمن بن یعمر عند اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم انہ من لم یقف بعرفات قبل طلوع الفجر فقد فاتہ الحج ولا یجزی عنہ ان جاء بعد طلوع الفجر ویجعلھا عمرۃ وعلیہ الحج من قابل وھو قول الثوری والشافعی واحمد واسحاق وقد روی شعبۃ عن بکیر بن عطاء نحو حدیث الثوری قال وسمعت الجارود یقول سمعت وکیعا یقول وروی

حسن صحیح ہے اور روایت کی اسرائیل نے یہ حدیث ابی اسحاق سے اُسنے عبد اللہ اور خالد بیٹوں مالک سے اُسنے ابن عمر سے اور حدیث سعید بن جبیر کی ابن عمر سے حسن صحیح ہے اور بھی روایت کی ہے سلمہ بن کہیل نے سعید بن جبیر سے اور لیکن ابو اسحاق سوا اسکے نہیں کہ روایت کی ہے اُسنے عبد اللہ اور خالد بیٹوں مالک سے ابن عمر سے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے کہ نہ پڑھے نماز مغرب کی سوائے مزدلفہ کے سو جب آدمی مزدلفہ میں ہو تو جمع کرے درمیان دونمازوں کے ساتھ ایک تکبیر کے اور نفل نہ پڑھے درمیان اُن دونوں کے اور یہی ہے جسکو اختیار کیا ہے بعض اہل علم نے اور گئے ہیں طرف اُسکے اور یہ قول سفیان ثوری کا ہے سفیان نے کہا اور اگر چاہے تو پڑھے مغرب پھر کھانا کھاوے اور رکھے کپڑے اپنے پھر تکبیر کہے پس پڑھے نماز عشا کی اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ جمع کرے درمیان مغرب اور عشا کے بیچ مزدلفہ کے ساتھ ایک اذان اور دو تکبیروں کے اذان کہے واسطے مغرب کے اور تکبیر کہے اور پڑھے مغرب پھر تکبیر کہے اور پڑھے نماز عشا کی اور یہ قول شافعی کا ہے **باب** جسنے پایا امام کو مزدلفہ میں تو اُسنے پایا حج کو **حدیث** بیان کی ہے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یحییٰ بن سعید اور عبد الرحمن بن مہدی نے ان دونوں نے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے بکیر بن عطا سے اُسنے روایت کی عبد الرحمن بن یعمر سے کہ چند آدمی اہل نجد سے آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور آپ عرفات میں تھے سو اُنھوں نے آپ سے پوچھا سو حکم کیا حضرتؐ نے پکارنے والے کو سو اُسنے پکارا کہ حج عرفہ میں ہے[1] جو آوے رات مزدلفہ میں پہلے پڑھنے فجر کے تو پایا اُسنے حج کو دن منا کے تین ہیں یعنی گیارہویں بارہویں تیرہویں[2] پس جو شخص کہ جلدی کرے بیچ دو دن کے پس نہیں ہے گناہ اُسپر اور جو شخص کہ تاخیر کرے پس نہیں گناہ اُسپر کہا محمد نے اور زیادہ کیا یحییٰ نے اور پیچھے سوار کیا اپنے ایک مرد کو پس پکارا ساتھ اُسکے **حدیث** بیان کی ہے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے سفیان ثوری سے اُسنے روایت کی بکیر بن عطا سے اُسنے عبد الرحمن بن یعمر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے اسکے معنی میں کہا اور کہا ابن ابی عمر نے کہ کہا سفیان بن عیینہ نے کہ یہ بہت کھری حدیث ہے جو سفیان ثوری نے روایت کی ہے کہا ابو عیسیٰ نے اور عمل عبد الرحمان بن یعمر کی حدیث پر ہے نزدیک اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ وغیرہ سے کہ جو کوئی نہ ٹھہرے عرفات میں پہلے طلوع فجر کے تو تحقیق فوت ہوا اُس سے حج اور نہیں کفایت کرتا اُس سے اگر آوے بعد طلوع فجر کے اور کرے اُسکو عمرہ یعنے عمرہ کر کے احرام سے نکل آوے اور اُسپر حج ہے آیندہ سال کو یہ قول ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحٰق کا ہے اور بتحقیق روایت کی ہے شعبہ نے بکیر بن عطا سے مثل حدیث ثوری کے کہا ابو عیسیٰ نے کہ سنا میں نے جارود سے کہ کہتا تھا سنا میں نے وکیع سے اور روایت کی

[1] یعنی بڑا رکن حج کا نویں تاریخ ذی الحجہ کی وقوف عرفات کا ہے پس جسنے پایا وقوف عرفات کا مزدلفہ کی رات میں یعنی دسویں رات ذی الحجہ میں پہلے طلوع ہونے فجر کے تو پایا اُسنے حج یعنی اسکا حج ادا ہوا اور جو فجر سے پہلے نہ پہنچا تو اُسکا حج فوت ہوا [2] اور ایام تشریق کہتے ہیں ان تین دنوں میں منا میں رہتے ہیں اور کنکریاں مارتے ہیں پس جو شخص کہ بارھویں تاریخ تینوں مناروں پر کنکریاں مار کر دوپہر پیچھے مکہ میں چلا آوے تو اُسپر کچھ گناہ نہیں اور ساقط ہوا اُس سے تیرھویں رات کا رہنا اور تیرھویں رات کی کنکریاں پھینکنی اور جو کہ بارھویں کو کنکریاں مار کر منا میں ٹھہرا رہے اور تیرھویں کو کنکریاں مار کر مکہ میں آوے تو بھی جائز ہے اگرچہ تاخیر افضل ہے اور جاہلیت کے زمانہ میں ایک فرقہ تاخیر کو گناہ کہتے تھے اور ایک فرقہ تعجیل کو گناہ کہتے تھے سو حکم نازل ہوا کہ دونوں برابر ہیں کسی میں گناہ نہیں

هذا الحديث فقال هذا الحديث اُمُّ المناسك **حدثنا** ابن ابی عُمَر نا سفیان عن داود بن ابی هند واسماعیل بن ابی خالد و
زکریا بن ابی زائدة عن الشعبی عن عروة بن مُضَرِّس بن اوس بن حارثة بن لام الطائی قال اتیت رسول الله صلی الله علیه وسلم
بالمزدلفة حین خرج الی الصلوٰة فقلت یارسول الله انی جئت من جَبَلَی طَیٍّ اَکْلَلْتُ راحلتی واتعبتُ نفسی والله ما ترکت من جبل الا
وقفت علیه فهل لی من حج فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم من شهد صلوٰتنا هذه ووقف معنا حتی ندفع وقد وقف بعرفة
قبل ذلك لیلا او نهارا فقد تم حجه وقضی تفثه **قال** ابو عیسی هذا الحدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی تقدیم الضَّعَفة من
جمع بلیل **حدثنا** قتیبة نا حماد بن زید عن ایوب عن عکرمة عن ابن عباس قال بعثنی رسول الله صلی الله علیه وسلم فی ثقل
من جمع بلیل وفی الباب عن عائشة وام حبیبة واسماء والفضل **قال** ابو عیسی حدیث ابن عباس بعثنی رسول الله صلی
الله علیه وسلم فی ثَقَل من جمع بلیل حدیث صحیح روی عنه من غیر وجه وروی شعبة هذا الحدیث عن مِشَاش
عن عطاء عن ابن عباس عن الفضل ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم قدم ضعفة اهله من جمع بلیل وهذا حدیث
خطاء اخطأ فیه مشاش وزاد فیه عن الفضل بن عباس وروی ابن جُرَیْج وغیره هذا الحدیث عن عطاء عن ابن عباس
ولم یذکروا فیه عن الفضل بن عباس **حدثنا** ابو کریب نا وکیع عن المسعودی عن الحکم عن مقسم عن ابن عباس ان
النبی صلی الله علیه وسلم قدم ضعفة اهله وقال لا ترموا الجمرة حتی تطلُعَ الشمس **قال** ابو عیسی حدیث ابن عباس
حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا الحدیث عند اهل العلم لم یروا باسًا ان یتقدم الضَّعَفَةُ من المزدلفة بلیل یسیرون
الی منی وقال اکثر اهل العلم بحدیث النبی صلی الله علیه وسلم انهم لا یرمون حتی تطلُعَ الشمس ورخص بعض اهل العلم فی ان یرموا
بلیل والعمل علی حدیث النبی صلی الله علیه وسلم وهو قول الثوری والشافعی **باب** **حدثنا** علی بن خشرم نا عیسی بن یونس
عن ابن جریج عن ابی الزبیر عن جابر قال کان النبی صلی الله علیه وسلم یرمی یوم النحر ضحی واما بعد ذلك فبعد زوال الشمس

یہ حدیث پس کہا کہ یہ حدیث ماں ہے احکام حج کی **حدیث** بیان کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے داؤد بن ابی ہند سے اور اسمٰعیل بن ابی خالد
اور زکریا بن ابی زائدہ سے اُسنے روایت کی شعبی سے اُسنے عروہ بن مضرس بن اوس بن حارثہ بن لام الطائی سے کہا کہ آیا میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مزدلفہ میں جب
نکلے طرف نماز کی سو میں نے عرض کی یا رسول اللہ میں آیا ہوں دو پہاڑوں طے سے تھکایا میں نے سواری اپنی کو اور تکلیف میں ڈالا جان اپنی کو قسم خدا کی نہیں
چھوڑا میں نے کوئی پہاڑ مگر کہ کھڑا ہوا میں اوپر اُسکے پس کیا ہے واسطے میرے حج یعنی میرا حج ہوا یا نہیں سو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو حاضر ہوا ہماری
اس نماز میں اور ٹھیرا ساتھ ہمارے یہاں تک کہ پھرے اور تحقیق ٹھیر ا ہو عرفات میں پہلے اُس سے دن کو یا رات کو پس تحقیق تمام کیا اُسنے حج اپنا اور دور کی میل اپنی
کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** عورتوں اور لڑکوں کو مزدلفہ سے رات میں منا کی طرف آگے بھیجنا **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی
ہمکو حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے روایت کی عکرمہ سے اُسنے ابن عباس رض سے کہ آگے بھیجا مجکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ اسباب کے مزدلفہ سے رات
کو اور اس باب میں عائشہ اور ام حبیبہ اور اسما اور فضل سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے ابن عباس رض کی حدیث کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھکو آگے بھیجا بیچ
اس اسباب کے مزدلفہ سے رات کو یہ حدیث صحیح ہے روایت کی گئی ہے اُس سے کئی وجہ سے اور روایت کی شعبہ نے یہ حدیث مشاش سے اُسنے عطا سے اُسنے ابن عباس سے
اُسنے فضل بن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آگے بھیجا ضعیفوں اہل اپنے کو مزدلفہ سے رات کو اور یہ حدیث خطا ہے خطا کی اسمیں مشاش نے اور زیادہ کیا اسمیں واسطہ
فضل بن عباس کا اور روایت کی ابن جریج وغیرہ نے یہ حدیث عطا سے اُسنے ابن عباس رض سے اور نہیں ذکر کیا اسمیں واسطہ فضل بن عباس کا **حدیث** بیان کی
ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے مسعودی سے اُسنے روایت کی حکم سے اُسنے مقسم سے اُسنے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے آگے بھیجا ضعیفوں
اہل اپنے کو اور فرمایا نہ پھینکنا تم کنکریاں منارے یعنی جمرہ عقبہ پر یہاں تک کہ نکلے آفتاب کہا ابو عیسیٰ نے ابن عباس کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے
نزدیک اہل علم کے کہتے ہیں کہ کوئی ڈر نہیں ہے کہ آگے بھیجے ضعیفوں اہل اپنے کو مزدلفہ سے بیچ رات کے پھر جاویں طرف منا کے اور اکثر اہل علم کہتے ہیں ساتھ حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم
کی کہ تحقیق وہ نہ کنکریاں ماریں یہاں تک کہ نکلے سورج اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ جائز ہے یہ کہ کنکریاں ماریں بیچ رات کے اور عمل اوپر حدیث حضرت کے ہے اور یہی ہے قول ثوری اور
شافعی کا **باب** - **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن خشرم نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عیسیٰ بن یونس نے ابن جریج سے اُسنے روایت کی ابی زبیر سے اُسنے جابر سے کہ تھے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم رمی کرتے دن قربانی کے وقت چاشت کے اور لیکن بعد اُس دن کے پس پیچھے ڈھلنے آفتاب کے

سلہ یا یہ معنی کہ دور کرے میل اپنے کو یعنی لبوں کے بال اور ناخن کٹوائے اور زیر ناف کے بال لیوے ۱۲ سلہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نہیں جائز ہے کنکریاں مارنا رات میں یہی قول ہے امام ابو حنیفہ اور اکثر علما کا

قال ابو عیسی هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم انه لا يرمي بعد يوم النحر الا بعد الزوال **باب**
ما جاء ان الافاضة من جمع قبل طلوع الشمس **حدثنا** قتيبة نا ابو خالد الاحمر عن الاعمش عن الحكم عن مقسم عن ابن عباس
ان النبي صلى الله عليه وسلم افاض من جمع قبل طلوع الشمس وفي الباب عن عمر **قال** ابو عيسى حديث ابن عباس حديث حسن صحيح و
انما كان اهل الجاهلية ينتظرون حتى تطلع الشمس ثم يفيضون **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داود قال انبانا شعبة عن ابي اسحاق
قال سمعت عمرو بن ميمون يقول كنا وقوفا بجمع فقال عمر بن الخطاب ان المشركين كانوا لا يفيضون حتى تطلع الشمس وكانوا يقولون
اشرق ثبير وان رسول الله صلى الله عليه وسلم خالفهم فافاض عمر قبل طلوع الشمس **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح
باب ما جاء ان الجمار التي ترمى مثل حصى الخذف **حدثنا** محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد القطان نا ابن جريج عن ابي الزبير عن
جابر قال رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم يرمي الجمار بمثل حصى الخذف وفي الباب عن سليمان بن عمرو بن الاحوص عن امه وهي
ام جندب الازدية وابن عباس والفضل بن عباس وعبد الرحمن بن عثمان التيمي وعبد الرحمن بن معاذ **قال** ابو عيسى هذا
حديث حسن صحيح وهو الذي اختاره اهل العلم ان تكون الجمار التي ترمى بها مثل حصى الخذف **باب** ما جاء في الرمي بعد زوال
الشمس **حدثنا** احمد بن عبدة الضبي البصري نا زياد بن عبد الله عن الحجاج عن الحكم عن مقسم عن ابن عباس قال كان
رسول الله صلى الله عليه وسلم يرمي الجمار اذا زالت الشمس **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن **باب** ما جاء في رمي الجمار
راكبا **حدثنا** احمد بن منيع نا يحيى بن زكريا بن ابي زائدة نا الحجاج عن الحكم عن مقسم عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه
وسلم رمى الجمرة يوم النحر راكبا وفي الباب عن جابر وقدامة بن عبد الله وام سليمان بن عمرو بن الاحوص **قال** ابو عيسى حديث ابن عباس حديث حسن والعمل عليه عند
بعض اهل العلم واختار بعضهم ان يمشي الى الجمار ووجه الحديث عندنا انه ركب في بعض الايام ليقتدى به في فعله وكلا الحديثين مستعمل عند اهل العلم

کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے کہتے ہیں کہ نہ رمی کرے پیچھے دن قربانی کے مگر بعد زوال کے **باب** مزدلفہ سے منیٰ طرف
پھرنا پہلے طلوع آفتاب کے **حدیث** بیان کی ہم سے قتیبہ نے اُس نے کہا خبر دی ہم کو ابو خالد احمر نے اعمش سے اُس نے روایت کی حکم سے اُس نے مقسم سے اُس نے ابن عباس سے
کہ تحقیق پھرے مزدلفہ سے پہلے نکلنے آفتاب کے اور اس باب میں عمر سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے ابن عباس کی حدیث حسن صحیح ہے اور سوا اسکے نہیں کہ اہل
جاہلیت انتظار کرتے تھے یہاں تک کہ نکلے سورج پھر پھرتے تھے **حدیث** بیان کی ہم سے محمود بن غیلان نے اُس نے کہا خبر دی ہم کو ابو داؤد نے اُس نے کہا خبر دی ہم کو شعبہ
نے ابی اسحاق سے اُس نے کہا سنا میں نے عمرو بن میمون سے کہتا تھا کہ تھے ہم ٹھہرے ہوئے بیچ مزدلفہ کے سو عمر بن خطاب نے کہا کہ تحقیق مشرکین تھے کہ نہ پھرتے تھے
مزدلفہ سے یہاں تک کہ نکلے سورج سو کہا کرتے تھے کہ روشن ہو اے ثبیر اور تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مخالفت کی اُن کی سو پھرے عمر پہلے نکلنے سورج کے
کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** جو کنکریاں کہ ماری جاویں مثل کنکریوں خذف کے ہوں یعنی چھوٹی چھوٹی **حدیث** بیان کی ہم سے محمد بن بشار نے اُس نے کہا خبر دی
ہم کو یحییٰ بن سعید قطان نے اُس نے کہا خبر دی ہم کو ابن جریج نے ابی زبیر سے اُس نے روایت کی جابر سے اُس نے کہا کہ دیکھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو مارتے تھے کنکریاں
ساتھ مثل کنکریوں خذف کے اور اس باب میں سلیمان بن عمرو بن احوص سے وہ اپنی ماں سے جو ام جندب ازدیہ ہے اور ابن عباس اور فضل بن عباس اور عبد الرحمن بن عثمان تیمی اور عبد الرحمن بن معاذ سے بھی
روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسی کو اختیار کیا ہے اہل علم نے یہ کہ ہوں وہ کنکریاں جو پھینکی جاتی ہیں ساتھ اُنکے مثل کنکریوں خذف کے **باب** سورج ڈھلے
کے بعد کنکریاں مارنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہم سے احمد بن عبدہ ضبی بصری نے اُس نے کہا خبر دی ہم کو زیاد بن عبد اللہ نے حجاج سے اُس نے روایت کی حکم سے اُس نے مقسم سے
اُس نے ابن عباس سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پھینکتے کنکریاں جبکہ ڈھلتا آفتاب یعنی بعد زوال کے کنکریاں مارتے تھے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے
باب کیا سوار ہو کر کنکریاں مارنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہم سے احمد بن منیع نے اُس نے کہا خبر دی ہم کو یحییٰ بن زکریا بن ابی زائدہ نے اُس نے کہا خبر دی ہم کو حجاج نے حکم سے
اُس نے روایت کی مقسم سے اُس نے ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکریاں ماریں جمرۂ عقبہ پر اور قربانی کی سوار ہو کر اور اس باب میں جابر اور قدامہ بن
عبد اللہ اور ام سلیمان بن عمرو بن احوص سے ہے کہا ابو عیسیٰ نے ابن عباس کی حدیث حسن ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور اختیار کیا ہے بعض نے کہ پیادہ کنکریاں
مارے اور وجہ اس حدیث کی نزدیک ہمارے یہ ہے کہ آپ بعض دنوں میں سوار ہوئے تاکہ پیروی کی جاوے ساتھ آپ کے آپ کے فعل میں اور دونوں حدیثیں معمول بہ ہیں نزدیک اہل علم کے

اور امام شافعی کے نزدیک آدھی رات کے بعد جائز ہے اور طلوع فجر کے بعد رمی کرنی سب کے نزدیک جائز ہے لیکن امام ابو حنیفہ مکروہ کہتے ہیں اور بعد طلوع آفتاب کے مستحب ہے ۱۲ع ح ۱ روشن ہو اے ثبیر
یعنی چاہیے کہ ظاہر ہو دھوپ آفتاب تاکہ پھریں ہم طرف منیٰ کے اور نہ پھرتے تھے مگر بعد ظاہر ہونے نور آفتاب کے اوپر پہاڑوں کے سو مخالفت کی اُنکی حضرت نے سو پھرے پہلے طلوع آفتاب کے اور وہ ایک پہاڑ
ہے مزدلفہ میں منیٰ کی طرف کو جانے والے کے بائیں رہتا ہے ۱۲ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مستحب ہے کہ جو سوار ہو تو منیٰ میں آوے تو وہ سوار ہو کر کنکریاں مارے یہ قول امام شافعی وغیرہ کا ہے اور پیادہ کنکریاں مارنا

حدثنا يوسف بن عيسى نا ابن نمير عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم كان اذا رمى الجمار مشى اليه ذاهبا وراجعا **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح وقد رواه بعضهم عن عبيد الله ولم يرفعه والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم وقال بعضهم يركب يوم النحر ويمشي في الايام التي بعد يوم النحر **قال** ابو عيسى وكأن من قال هذا انما اراد اتباع النبي صلى الله عليه وسلم في فعله لانه انما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه ركب يوم النحر حيث ذهب يرمي الجمار ولا يرمي يوم النحر الا جمرة العقبة

باب كيف ترمى الجمار **حدثنا** يوسف بن عيسى نا وكيع نا المسعودي عن جامع بن شداد ابي صخرة عن عبد الرحمن بن يزيد قال لما اتى عبد الله جمرة العقبة استبطن الوادي واستقبل الكعبة وجعل يرمي الجمرة على حاجبه الايمن ثم رمى بسبع حصيات يكبر مع كل حصاة ثم قال والله الذي لا اله غيره من ههنا رمى الذي انزلت عليه سورة البقرة **حدثنا** هناد نا وكيع عن المسعودي بهذا الاسناد نحوه قال وفي الباب عن الفضل بن عباس وابن عباس وابن عمر وجابر **قال** ابو عيسى حديث ابن مسعود حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اهل العلم يختارون ان يرمي الرجل في بطن الوادي بسبع حصيات ويكبر مع كل حصاة وقد رخص بعض اهل العلم ان لم يمكنه ان يرمي من بطن الوادي رمى من حيث قدر عليه وان لم يكن في بطن الوادي **حدثنا** نصر بن علي الجهضمي وعلي بن خشرم قالا نا عيسى بن يونس عن عبيد الله بن ابي زياد عن القاسم بن محمد عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال انما جعل رمي الجمار والسعي بين الصفا والمروة لاقامة ذكر الله **قال** ابو عيسى هذا الحديث

حدیث بیان کی یوسف بن عیسیٰ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابن نمیر نے عبید اللہ سے اُسنے روایت کی نافع سے اُسنے حضرت ابن عمر رضی سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے جب مارتے کنکریاں[1] تو پیادہ پا چلتے طرف اُسکے جاتے وقت اور آتے وقت **کہا ابو عیسیٰ نے** یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کیا ہے اسکو بعض نے عبید اللہ سے اور نہیں مرفوع کیا اسکو اور عمل اسپر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے اور بعضے کہتے ہیں کہ سوار ہووے دن قربانی کے اور پیادہ چلے بیچ اُن دنوں کے جو پیچھے دن قربانی کے ہیں کہا ابو عیسیٰ نے کہ گویا جسنے یہ کہا ہے تو اُسنے صرف ارادہ کیا ہے اتباع نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا آپکے فعل میں اسواسطے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ آپ قربانی کے دن سوار ہوئے جبکہ گئے کنکریاں مارنے کو اور نہ کنکریاں مارین دن قربانی کے مگر جمرہ عقبہ کو **باب** کسطرح پھینکی جاویں کنکریاں[2] **حدیث** بیان کی ہمسے یوسف بن عیسیٰ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو مسعودی نے جامع بن شداد ابی صخرہ سے اُسنے روایت کی عبد الرحمان بن یزید سے اُسنے کہا کہ جب آئے عبد اللہ بن عمر جمرہ عقبہ پاس تو کھڑے ہوئے درمیان وادی کے اور منہ کیا طرف قبلے کے اور کنکریاں[3] مارنے لگے جمرہ عقبہ کو اوپر طرف داہنی کے پھر پھینکیں سات کنکریاں اللہ اکبر کہتے تھے ساتھ ہر کنکری کے پھر کہا قسم ہے اس اللہ کی جسکے سوا کوئی لائق عبادت کے نہیں اسی جگہ سے رمی کی ہے اس شخص نے جسپر اُتری سورۂ بقرہ **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے مسعودی سے ساتھ اسی اسناد کے مثل اُسکے کہا اور اس باب میں فضل بن عباس اور ابن عباس اور ابن عمر اور جابر سے بھی روایت ہے **کہا ابو عیسیٰ نے** کہ ابن مسعود کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے اختیار کرتے ہیں یہ کہ رمی کرے آدمی درمیان وادی کے ساتھ سات کنکریوں کے اور اللہ اکبر کہے ساتھ ہر کنکری کے اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اگر نہ ممکن ہو اُسکو یہ کہ رمی کرے بیچ میدان میں سے تو جائز ہے یہ کہ رمی کرے جس جگہ سے کہ قادر ہو اُسپر اگرچہ نہو بیچ[4] بیچ میدان کے **حدیث** بیان کی ہمسے نصر بن علی جہضمی اور علی بن خشرم نے اُنھوں نے کہا خبر دی ہمکو عیسیٰ بن یونس نے عبید اللہ بن ابی زیاد سے اُسنے روایت کی قاسم بن محمد سے اُسنے عائشہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا سوا اسکے نہیں کہ کیا گیا ہے پھینکنا کنکریوں کا اور سعی درمیان صفا اور مروہ کے واسطے قائم کرنے ذکر اللہ کے۔ **کہا ابو عیسیٰ نے** یہ حدیث

ف۱ جمار اصل میں سنگریزوں کو کہتے ہیں اور جمار حج نام اُن سنگریزوں کا ہے کہ مناروں پر مارے جاتے ہیں اور جن مناروں پر کہ وہ سنگریزے مارے جاتے ہیں اُنکو جمرات کہتے ہیں بسبب پھینکنے جمار کے اوپر اور جمرات تین ہیں جمرہ اولےٰ جمرہ وسطےٰ اور جمرہ عقبہ عید کے دن فقط جمرہ عقبہ پر کنکریاں مارتے ہیں اور گیارھوین اور بارھوین اور تیرھوین کو تینوں پر مارتے ہیں اور کنکریاں مارنی واجب ہیں ۱۲ ح ف۲ اور طور کنکریاں پھینکنے کا مختلف لکھا ہے لیکن زیادہ تر صحیح یہ ہے کہ انگلی شہادت اور انگوٹھے کی سرے سے پکڑ کر یعنی چٹکی میں رکھکر پھینکے اور معمول یہی ہے ۱۲ ف۳ بطن وادی میں کھڑا ہونا افضل ہے واجب نہیں اسلیے کہ ہر جگہ سے رمی کرنا درست ہے۔ اور یہی ہے قول ابی حنیفہ اور عام علماء کا ۱۲ ف۴ اور جمرہ اولیٰ اور وسطےٰ کے نزدیک ٹھیرنا اور اللہ اکبر کہنا اور سبحان اللہ اور الحمد للہ کہنا سنت ہے علماء کہتے ہیں کہ سورۂ بقر کے قدر وہاں ٹھیرے ۱۲

حسن صحیح **باب** ماجاء فی کراهیة طرد الناس عند رمی الجمار **حدثنا** احمد بن منیع نا مروان ابن معاویة عن ایمن بن نابل عن قدامة بن عبد الله قال رایت النبی صلی الله علیه وسلم یرمی الجمار علی ناقته لیس ضرب ولا طرد ولا الیک الیک و فی الباب عن عبد الله بن حنظلة **قال** ابو عیسی حدیث قدامة بن عبد الله حدیث حسن صحیح وانما یعرف هذا الحدیث من هذا الوجه وهو حدیث حسن صحیح وایمن بن نابل هو ثقة عند اهل الحدیث **باب** ماجاء فی الاشتراک فی البدنة والبقرة **حدثنا** قتیبة نا مالک بن انس عن ابی الزبیر عن جابر قال نحرنا مع رسول الله صلی الله علیه وسلم عام الحدیبیة البقرة عن سبعة والبدنة عن سبعة وفی الباب عن ابن عمر وابی هریرة وعائشة وابن عباس **قال** ابو عیسی حدیث جابر حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم یرون الجزور عن سبعة والبقرة عن سبعة وهو قول سفیان الثوری والشافعی واحمد وروی عن ابن عباس عن النبی صلی الله علیه وسلم ان البقرة عن سبعة والجزور عن عشرة وهو قول اسحاق واحتج بهذا الحدیث وحدیث ابن عباس انما نعرفه من وجه واحد **حدثنا** الحسین بن حریث وغیر واحد قالوا نا الفضل بن موسی عن حسین بن واقد عن علباء بن احمر عن عکرمة عن ابن عباس قال کنا مع النبی صلی الله علیه وسلم فی سفر فحضر الاضحی فاشترکنا فی البقرة سبعة وفی الجزور عشرة **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن غریب وهو حدیث حسین بن واقد **باب** ماجاء فی شعار البدن **حدثنا** ابو کریب نا وکیع عن هشام الدستوائی عن قتادة عن ابی حسان الاعرج عن ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم قلد نعلین واشعر الهدی فی الشق الایمن بذی الحلیفة واماط عنه الدم وفی الباب عن المسور بن مخرمة **قال** ابو عیسی حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح وابو حسان الاعرج اسمه مسلم والعمل علی هذا عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم

حسن صحیح ہی **باب** کنکریاں مارنے کے وقت لوگوں کو ہانکنا منع ہی **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو مروان بن معاویہ نے ایمن بن نابل سے اُسنے روایت کی قدامہ بن عبد اللہ سے کہ کہا دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ پھینکتے تھے کنکریاں یعنی جمرۂ عقبہ پر اونٹنی پر سوار نہ تھا اسکا مارنا اور نہ ہانکنا اور نہ یہ کہنا کہ ایک طرف ہو ایک طرف ہو اور اس باب میں عبد اللہ بن حنظلہ سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسیٰ نے قدامہ بن عبد اللہ کی حدیث حسن صحیح ہی اور سوا اسکے نہیں کہ پہچانی جاتی ہی یہ حدیث اسی وجہ سے اور یہ حدیث حسن صحیح ہی اور ایمن بن نابل وہ ثقہ ہی نزدیک اہل حدیث کے **باب** اونٹ اور گائے میں شریک ہونے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو مالک بن انس نے ابی زبیر سے اُسنے روایت کی جابر سے اُسنے کہا کہ قربانی کی ہمنے ساتھ رسول اللہ صلعم کے سال حدیبیہ کے گائے سات آدمی سے اور اونٹ سات آدمی سے اور اس باب میں ابن عمر اور ابی ہریرہ اور عائشہ اور ابن عباس سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسیٰ نے کہ جابر کی حدیث حسن صحیح ہی اور عمل اوپر اسکے ہی نزدیک اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ اونٹ سات آدمی کی طرف سے جائز ہی اور گائے بھی سات آدمی سے جائز ہی اور یہی ہی قول سفیان ثوری اور شافعی اور احمد کا اور روایت کی گئی ہی ابن عباس سے اُسنے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ گائے سات آدمی سے درست ہی اور اونٹ دس آدمی سے درست ہی اور یہ قول اسحاق کا ہی اور دلیل پکڑی ہی اُسنے ساتھ اس حدیث کے اور ابن عباس کی حدیث کو نہیں پہچانتے ہم مگر اسی وجہ سے **حدیث** بیان کی ہمسے حسین بن حریث وغیرہ کئی لوگوں نے اُنھوں نے کہا خبر دی ہمکو فضل بن موسیٰ نے حسین بن واقد سے اُسنے روایت کی علباء بن احمر سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہ تھے ہم ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچ سفر کے سو حاضر ہوئی عید قربانی کی سو شریک ہوئے ہم بیچ گائے کے سات آدمی اور بیچ اونٹ کے دس آدمی کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہی اور وہ حدیث حسین بن واقد کی ہی **باب** اونٹ کے اشعار کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے ہشام دستوائی سے اُسنے روایت کی قتادہ سے اُسنے ابی حسان اعرج سے اُسنے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہار ڈالا گلے میں اونٹنی کے دو جوتوں کا اور اشعار کیا یعنی زخم کیا ہدی کو اسکے کوہان کے داہنی طرف میں بیچ ذوالحلیفہ کے اور پونچھ ڈالا خون اسکا اور اس باب میں مسور بن مخرمہ سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسیٰ نے ابن عباس کی حدیث حسن صحیح ہی اور ابو حسان اعرج کا نام مسلم ہی اور عمل اوپر اسکے ہی نزدیک اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ کے

١ یہ حدیث دلیل ہی واسطے امام ابو حنیفہ اور اکثر اہل علم کے کہ جائز ہی شریک ہونا سات آدمی کا بیچ گائے کے اور اونٹ کے خواہ قربت متفق ہو جیسے ہدی یا مختلف ہو جیسے ہدی اور قربانی اور امام شافعی کے نزدیک اگر بعضے گوشت کھانے کا ارادہ کریں تو بھی جائز ہی اور امام مالک کے نزدیک نہیں جائز ہی شریک ہونا مطلق اور بکری میں شریک ہونا بالاجماع جائز نہیں ١٢ طیبی ۶ ٢ شعار کہتے ہیں زخم کرنے کو بیچ کنارے کوہان کے داہنی طرف اسکے اور اسکا خون پونچھ ڈالیں واسطے علامت ہدی کے تاکہ لوگ اس نشانی سے معلوم کرلیں کہ ہدی ہی پس تعرض نہ کریں اسکے قزاق اور یہ عادت جاہلیت کی تھی کہ جسپر یہ علامت ہوتی اسکو لوٹ لیتے اور جسپر یہ علامت دیکھتے اسکو نہ لوٹتے پھر شارع نے بھی اسکو روا رکھا ہی اسی غرض سے اور جمہور ائمہ کا اتفاق ہی اسپر کہ اشعار کرنا سنت

يرين الاشعار وهو قول الثوری والشافعی واحمد واسحاق قال سمعت يوسف بن عيسى يقول سمعت وكيعا يقول حين روى هذا الحديث فقال لا تنظروا الى قول اهل الرای فی هذا فان الاشعار سنة وقولهم بدعة قال وسمعت ابا السائب يقول كنا عند وكيع فقال لرجل ممن ينظر فی الرای اشعر رسول الله صلى الله عليه وسلم ويقول ابو حنيفة هو مثلة قال الرجل فانه قد روى عن ابراهيم النخعی انه قال الاشعار مثلة قال فرايت وكيعا غضب غضبا شديدا وقال اقول لك قال رسول الله صلى الله عليه وسلم وتقول قال ابراهيم ما احقك بان تحبس ثم لا تخرج حتى تنزع عن قولك هذا **باب** **حدثنا** قتيبة وابو سعيد الاشج قالا ثنا ابن اليمان عن سفيان عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمر ان النبی صلى الله عليه وسلم اشترى هديه من قديد **قال** ابو عيسى هذا حديث غريب لا نعرفه من حديث الثوری الا من حديث يحيى بن اليمان وروی عن نافع ان ابن عمر اشترى من قديد **قال** ابو عيسى وهذا اصح **باب** ما جاء فی تقليد الهدی للمقيم **حدثنا** قتيبة نا الليث عن عبد الرحمن بن القاسم عن ابيه عن عائشة انها قالت فتلت قلائد هدی رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم لم يحرم ولم يترك شيئا من الثياب **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند بعض اهل العلم قالوا اذا قلد الرجل الهدی وهو يريد الحج لم يحرم عليه شیء من الثياب والطيب حتى يحرم وقال بعض اهل العلم اذا قلد الرجل الهدی فقد وجب عليه ما وجب على المحرم **باب** ما جاء فی تقليد الغنم **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدی عن سفيان عن منصور عن ابراهيم عن الاسود عن عائشة قالت كنت افتل قلائد هدی رسول الله صلى الله عليه وسلم كلها غنما ثم لا يحرم **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند

اشعار کرنا سنت ہے اور یہی قول ہے ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا کہا سنا مین نے یوسف بن عیسٰی سے کہتا تھا کہ سنا مین نے وکیع سے کہتا تھا جب کہ روایت کی اُسنے یہ حدیث پس کہا کہ نہ دیکھو طرف قول اہل رائے کے بیچ اس مسئلے کے کہ تحقیق ہدی کو زخمی کرنا سنت ہے اور قول اُنکا بدعت ہے کہا اور سنا مین نے ابا سائب سے کہتا تھا کہ تھے ہم نزدیک وکیع کے پس آسنے اہل رائے مین سے ایک مرد کو کہا کہ اشعار کیا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم نے اور ابو حنیفہ رح کہتے ہین کہ وہ مثلہ ہے اس مرد نے کہا کہ تحقیق اُسنے روایت کی ہے ابراہیم نخعی سے اُسنے کہا کہ اشعار مثلہ ہے کہا کہ پس دیکھا مین نے وکیع کو غصے ہوئے سخت غصے ہونا اور کہا کہ کہتا ہون واسطے تیرے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور تو کہتا ہے کہ ابراہیم نے کہا کیا لائق ہے تو ساتھ اسکے کہ قید کیا جاوے تو پھر نہ نکالا جاوے یہانتک کہ باز آوے تو اپنے قول سے **باب** ۔ **حدیث** بیان کی ہمسے ساتھ اسکے قتیبہ اور ابو سعید اشج نے اُنھون نے کہا حدیث بیان کی ہمسے ابن یمان نے سفیان سے اُسنے روایت کی عبید اللہ سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر رض سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خریدکی ہدی اپنے قدید[1] سے کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث غریب ہے نہین پہچانتے ہم اُسکو حدیث ثوری سے مگر حدیث یحیٰی بن یمان سے اور روایت کی گئی ہے نافع سے کہ تحقیق ابن عمر نے خریدکی ہدی اپنے قدید سے کہا ابو عیسٰی نے کہ یہ زیادہ تر صحیح ہے **باب** مقیم کو ہدی کے گلے مین ہار ڈالنا درست ہے یعنی اگرچہ احرام نہ باندھے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو لیث نے عبد الرحمن بن قاسم سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے عائشہ رض سے کہا کہ بٹی مین نے ہار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹون کے پھر ڈالے اُنکے گلے مین پھر نہ احرام باندھا آپنے[2] اور نہ چھوڑی کوئی چیز کپڑون سے کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر نزدیک بعض اہل علم کے کہتے ہین کہ جب ہار ڈالے مرد ہدی کو اور وہ ارادہ رکھتا ہے حج کا تو نہین حرام ہوتی اُسپر کوئی چیز کپڑون اور خوشبو سے یہانتک کہ احرام باندھے اور بعض اہل علم کہتے ہین کہ جب ہار ڈالے مرد ہدی کو تو تحقیق واجب ہو جاتی ہے اُسپر وہ چیز جو واجب ہوتی ہے اوپر محرم کے **باب** بکریون کے گلے مین ہار ڈالنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الرحمن بن مہدی نے سفیان سے اُسنے روایت کی منصور سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے اسود سے اُسنے عائشہ رض سے کہا کہ تھی مین بٹتی ہار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہدیون کا کہ وہ سب بکریان تھین پھر نہ احرام باندھتے آپ کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک

اور ابو حنیفہ کہتے ہین کہ بدعت ہے لیکن بکری و دنبہ بھیڑ مین اشعار نہ کرے کہ وہ ضعیف ہین ۱۲ [1] قدید ایک جگہ کا نام ہے درمیان مکے اور مدینے کے ۱۲ منہ [2] جب نوین سال حج فرض ہوا تو حضرت نے ابو بکر صدیق رض کو امیر حاجیون کا کرکے بھیجا اور اُنکے ساتھ اونٹ ہدی کے بھیجے پس نہ حرام ہوئی حضرت پر کوئی چیز کہ تھی حلال کی گئی واسطے آپکے یعنے حضرت پر احکام احرام کے جاری نہ ہوئے اور ابن عباس کہتے ہین کہ جو کوئی ہدی مکے کو بھیجے حرام ہوتی ہین اُسپر وہ چیزین کہ حرام ہوتی ہین محرم پر جبتک کہ پہنچے ہدی حرم مین اور ذبح کیا جاوے سو جب عائشہ نے انکا یہ قول سُنا تو یہ حدیث بیان کرکے اُنکا قول رد کر دیا معلوم ہوا کہ ہدی بھیجنے سے مقیم پر کوئی چیز حرام نہین ہوتی ۱۲ منہ [3] سب علماء کا اتفاق ہے اسپر کہ اشعار یعنی زخمی کرنا بکریون مین نہین ۱۲ منہ

بعض اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہم یرون تقلید الغنم **باب** ماجاء اذا عطب الهدی ما یصنع به **حدثنا**
هارون بن اسحاق الهمدانی نا عبدة بن سلیمان عن هشام بن عروة عن ابیه عن ناجیة الخزاعی قال قلت یا رسول الله
حدیث بیان کی ہمسے محمد بن عبد الملک بن ابی شوارب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد العزیز بن مختار نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مردے کے نہلانے سے نہانا آتا ہے اور اُسکے اُٹھانے سے وضو آتا ہے اور اس باب میں علی اور عائشہ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسٰی نے ابو ہریرہ کی حدیث حسن ہے اور ابو ہریرہ سے موقوف بھی مروی ہے اور اہل علم کو مردے کے غسل دینے والے میں اختلاف ہے کہ نہا دے یا نہیں سو بعض اہل علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ جب کوئی میت کو غسل دیوے تو اُسپر غسل ہے اور بعضے کہتے ہیں کہ اُسپر وضو ہے اور مالک بن انس کہتے ہیں کہ مردے کے غسل دینے سے نہانا مستحب ہے اور میں اسکو واجب نہیں جانتا ۔ اور اسی طرح کہا شافعی اور احمد نے کہ جو کوئی میت کو غسل دے امید کرتا ہوں میں یہ کہ نہ واجب ہو اُسپر غسل اور لیکن وضو پس اقل اُس چیز کا جو کہا گیا ہے بیچ اسکے اور اسحاق نے کہا کہ وضو کرنا ضرور ہے اور عبد اللہ بن مبارک سے مروی ہے کہ نہ نہادے اور نہ وضو کرے نہلانے میت کے سے **باب وہ چیز کہ مستحب ہے کفن سے** حدیث بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو بشر بن مفضل نے عبد اللہ بن عثمان بن خثیم سے اُسنے روایت کی سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ پہنو تم سفید کپڑے اسواسطے کہ وہ بہتر ہیں کپڑوں تمھارے میں اور کفناؤ سفید کپڑوں میں اپنے مردوں کو اور اس باب میں ابن عمر اور سمرہ اور عائشہ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسٰی نے ابن عباس کی حدیث حسن صحیح ہے اور اسی کو مستحب کہتے ہیں اہل علم اور ابن مبارک نے کہا کہ بہت پیارا طرف میرے یہ ہے کہ کفن دیا جاوے بیچ اُن کپڑوں کے کہ پڑھتا تھا نماز بیچ اُنکے اور احمد اور اسحاق نے کہا کہ بہت پسند کپڑوں سے نزدیک ہمارے کفن دینے کے لیے سفید کپڑے ہیں اور مستحب ہے بہتر کفن **باب** ۔ حدیث بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عمر بن یونس نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عکرمہ بن عمار نے ہشام بن حسان سے اُسنے روایت کی محمد بن سیرین سے اُسنے ابی قتادہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب متولی ہو ایک تمھارا بھائی اپنے کا تو چاہیے کہ اچھا دے کفن اُسکو اور اس باب میں جابر سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسٰی نے یہ حدیث حسن غریب ہے اور ابن مبارک نے کہا کہ سلام ابن ابی مطیع نے کہا بیچ تفسیر قول نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور چاہیے کہ اچھا دے ایک تمھارا کفن بھائی اپنے کو کہا کہ مراد اُس سے صفا اور پاکیزہ کپڑا ہے اور نہیں مراد وہ کپڑا جو زیادہ ہو قیمت میں

باب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کتنے کپڑوں میں دفن کیے گئے

سلہ ابن ہمام نے کہا کہ افضل سفید کپڑا ہے اور مضائقہ نہیں چادرین اور کتان کی واسطے کفن کے اور عورت کو ریشمی اور زعفرانی اور سرخ کپڑے میں کفن دینا جائز ہے کہ وہ اسکو زندگی میں جائز تھے ۱۲ سلہ ابن عدی کی روایت میں ہے کہ اچھا دو کفن اپنے مردوں کو کہ وہ ملاقات کرتے ہیں آپسمیں قبروں اپنی میں اور کفن اچھا یہ ہے کہ پورا ہو اور لطیف سفید ہو بغیر اسراف کے پس اچھے سے مراد مہنگا نہیں جو لزراہ تکبر اور ناموری کے دیتے ہیں کہ وہ مطلق حرام ہے اور بھاری قیمت والا کپڑا بھی شرع میں حرام ہے کہ اُسمیں مال ضائع ہوتا ہے ورنہ کپڑا اور دھولا ہوا برابر ہے ۱۲

حدثنا قتیبة نا حفص بن غیاث عن هشام بن عروة عن ابیه عن عائشة قالت کفن النبی صلی الله علیه وسلم فی ثلثة اثواب بیض یمانیة لیس فیها قمیص ولا عمامة قال فذکروا لعائشة قولهم فی ثوبین وبرد حبرة فقالت قد اتی بالبرد ولکنهم ردوه ولم یکفنوه فیه **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ابن ابی عمر نا بشر بن السری عن زائدة عن عبد الله بن محمد بن عقیل عن جابر بن عبد الله ان رسول الله صلی الله علیه وسلم کفن حمزة بن عبد المطلب فی نمرة فی ثوب واحد وفی الباب عن علی وابن عباس وعبد الله بن مغفل وابن عمر **قال** ابو عیسی حدیث عائشة حدیث حسن صحیح وقد روی فی کفن النبی صلی الله علیه وسلم روایات مختلفة وحدیث عائشة اصح الاحادیث التی رویت فی کفن النبی صلی الله علیه وسلم والعمل علی هذا عند اکثر اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم وقال سفیان الثوری یکفن الرجل فی ثلثة اثواب ان شئت فی قمیص ولفافتین وان شئت فی ثلث لفائف ویجزئ ثوب واحد ان لم یجد والثوبین والثوبان یجزیان والثلثة لمن وجد واحب الیهم وهو قول الشافعی واحمد واسحاق قالوا تکفن المرأة فی خمسة اثواب **باب** ماجاء فی الطعام یصنع لاهل المیت **حدثنا** احمد بن منیع وعلی بن حجر قالا نا سفیان بن عیینة عن جعفر بن خالد عن ابیه عن عبد الله بن جعفر قال لما جاء نعی جعفر قال النبی صلی الله علیه وسلم اصنعوا لاهل جعفر طعاما فانه قد جاءهم ما یشغلهم **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن وقد کان بعض اهل العلم یستحب ان یوجه الی اهل المیت بشئ لشغلهم بالمصیبة

حدیث بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حفص بن غیاث نے ہشام بن عروہ سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے عائشہ رضہ سے کہا کہ تحقیق کفن دیے گئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بیچ تین کپڑوں سفید یمانیہ کے نہ تھا اُنمین کُرتا اور نہ پگڑی[1] کہا پس ذکر کیا لوگوں نے واسطے عائشہ کے قول اُنکا کہ کفنائے گئے آپ بیچ دو کپڑوں کے اور ایک چادر حاشیہ دار کے پس عائشہ رضہ نے کہا کہ لائے گئے ساتھ چادر کے ولیکن اصحاب نے پھیر دیا اُسکو اور نہ کفنایا آپ کو اُسمین۔ کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** بیان کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو بشر بن سری نے زائدہ سے اُسنے روایت کی عبد اللہ بن محمد بن عقیل سے اُسنے روایت کی جابر بن عبد اللہ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلعم نے حمزہ بن عبد المطلب کو کفن دیا ایک کملی مین اور اس باب مین علی اور ابن عباس اور عبد اللہ بن مغفل اور ابن عمر سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسیٰ نے عائشہ رضہ کی حدیث حسن صحیح ہی اور تحقیق روایت کی گئین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کفن مین روایتین مختلفہ اور عائشہ رضہ کی حدیث زیادہ تر صحیح ہی سب روایتون مین جو حضرت ؐ کے کفن مین روایت کی گئین مین اور عمل اسپر ہی نزدیک اکثر اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے اور سفیان ثوری نے کہا کہ کفن دیا جاوے مرد بیچ تین کپڑون کے اگر چاہے تو کفن دے بیچ کرتے اور دو لفافون کے اور اگر چاہے تو کفن دے بیچ تین لفافون کے اور کفایت کرتا ہی ایک کپڑا بھی اگر نہ پاوین دو کپڑے اور دو کپڑے بھی کفایت کرتے ہین اور اگر تین کپڑے پاوین تو زیادہ پیارے ہین طرف اُنکے اور یہی قول ہی شافعی اور احمد اور اسحاق کا اور کہتے ہین کہ کفن دی جاوے عورت پانچ کپڑون مین **باب** میت والون کے واسطے کھانا تیار کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع اور علی بن حجر نے اُن دونون نے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے جعفر بن خالد سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے عبد اللہ بن جعفر سے کہا کہ جبکہ آئی خبر جعفر کے مرنے کی تو فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یعنے اپنے اہل بیت کو کہ تیار کرو[2] واسطے لوگون جعفر کے کھانا پس تحقیق آئی اُنکے پاس وہ چیز کہ باز رکھتی ہی اُنکو کھانا پکانے سے یعنی خبر جعفر کے مرنے کی کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہی۔ اور تحقیق تھے بعض اہل علم مستحب رکھتے یہ کہ بھیجی جاوے طرف اہل میت کے کوئی چیز واسطے مشغول ہونے اُنکے کے ساتھ مصیبت کے

[1] معنے اسکا یہ ہی کہ حضرت کے کفن مین کرتا اور عمامہ بالکل نہ تھے اور بعضے کہتے ہین کہ کرتا اور عمامہ تین کپڑون مین نہ تھے بلکہ سوائے تین کپڑون کے تھے مگر صحیح معنی اول ہی اور اس مسئلے مین علما کو اختلاف ہی امام شافعی اور مالک اور احمد کہتے ہین کہ مستحب ہی کہ فقط تین لفافے ہون کرتا اور پگڑی اُسمین نہ ہو اور حنفیہ کہتے ہین کہ تین کپڑے ہون ازار یعنے لنگی اور قمیص یعنے کفنی اور لفافہ یعنے پوٹ کی چادر پس وہ اس حدیث مین یہ تاویل کرتے ہین کہ سیا ہوا قمیص نہ تھا بغیر سیا تھا جسکو یہان کفنی کہتے ہین ۱۲ ع [2] اس حدیث مین دلیل ہی کہ مستحب ہی ہمسایون اور قرابتیون کو کہ کھانا پکا کر اہل میت کے لیے بھیجین ایک رات اور دن اور بعضے کہتے ہین کہ تین دن تک بھی کھانا دینا درست ہی کہ تین دن تعزیت کے ہین اور اہل مصیبت کے غیر بھی اُس کھانے کو کھا دین یا نہین علما کہتے ہین کہ جو تجہیز و تکفین مین مشغول ہو اُسکو کھانا درست ہی اور اہل میت کو کھانے کی تاکید کرے تاکہ وہ حیا کے سبب بھوکھے نہ رہین اور نوحہ کرنے والی عورتون کو کھانا بھیجنا حرام ہی اور اہل میت کو کھانا تیار کرنا واسطے لوگون جمع شدہ کے بدعت ہی اور اگر یتیم یا غائب کا مال ہو تو وہ کھانا بالاتفاق حرام ہی ۱۲

هو قول الشافعي وجعفر بن خالد هو ابن سارة وهو ثقة روى عنه ابن جريج **باب** ما جاء في النهي عن ضرب الخدود وشق
الجيوب عند المصيبة حدثنا محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد عن سفيان قال حدثني زبيد الايامي عن ابراهيم عن مسروق
عن عبد الله عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ليس منا من شق الجيوب وضرب الخدود ودعا بدعوة الجاهلية **قال** ابو عيسى
هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في كراهية النوح **حدثنا** احمد بن منيع نا قران بن تمام ومروان بن معاوية ويزيد بن هارون
عن سعيد بن عُبيد الطائي عن علي بن ربيعة الاسدي قال مات رجل من الانصار يقال له قرظة بن كعب فنيح عليه فجاء المغيرة
بن شعبة فصعد المنبر فحمد الله واثنى عليه وقال ما بال النوح في الاسلام اما اني سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من نيح
عليه عذب بما نيح عليه وفي الباب عن عمر وعلي وابي موسى وقيس بن عاصم وابي هريرة وجنادة بن مالك وانس وام عطية وسمرة
وابي مالك الاشعري **قال** ابو عيسى حديث المغيرة بن شعبة حديث غريب حسن صحيح **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داود نا شعبة
والمسعودي عن علقمة بن مرثد عن ابي الربيع عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اربع في امتي من امر الجاهلية لن
يدعهن الناس النياحة والطعن في الانساب والعدوى اَجْرَبَ بعيرٌ فاجرب مائة بعير من اجرب البعير الاول والانواء مُطِرنا بنوء الاحساب
كذا وكذا **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن **باب** ما جاء في كراهية البكاء على الميت **حدثنا** عبد الله بن ابي زياد نا يعقوب بن ابراهيم
بن سعد نا ابي عن صالح بن كيسان عن الزهري عن سالم بن عبد الله عن ابيه قال قال عمر بن الخطاب قال رسول الله صلى الله عليه وسلم
الميت يُعَذَّبُ ببكاء اهله عليه وفي الباب عن ابن عمر وعمران بن حصين **قال** ابو عيسى حديث عمر حديث حسن صحيح وقد كره قوم من اهل
العلم البكاء على الميت وقالوا الميت يعذب ببكاء اهله عليه

اور یہی ہے قول شافعی کا اور جعفر بن خالد وہ ابن سارہ ہیں اور وہ ثقہ ہیں روایت کی ان سے ابن جریج نے **باب** مصیبت کے وقت رخسارہ پیٹنا اور گریبان پھاڑنا
منع ہے حدیث بیان کی ہم سے محمد بن بشار نے انہوں نے کہا خبر دی ہم کو یحییٰ بن سعید نے سفیان سے انہوں نے کہا حدیث بیان کی ہم سے زبید ایامی نے ابراہیم سے انہوں نے
روایت کی مسروق سے انہوں نے عبداللہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں ہے یعنی ہمارے طریقے پر وہ شخص کہ پھاڑے گریبان اور پیٹے رخسارے اور
پکارے پکارنا جاہلیت کا یعنی مرنے کے وقت نوحہ اور واویلا کرے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** میت پر نوحہ کرنا منع ہے حدیث بیان کی
ہم سے احمد بن منیع نے انہوں نے کہا خبر دی ہم کو قران بن تمام اور مروان بن معاویہ نے اور یزید بن ہارون نے سعید بن عبید طائی سے انہوں نے روایت کی علی بن ربیعہ
اسدی سے کہا کہ مر گیا ایک مرد انصار سے کہ کہا جاتا تھا اسکو قرظہ بن کعب پس نوحہ کیا گیا اوپر اسکے سو مغیرہ بن شعبہ آئے اور منبر پر چڑھے پس تعریف کی
اللہ کی اور ثنا کی اسپر اور کہا کیا حال ہے نوحہ کرنے کا بیچ اسلام کے خبردار ہو تحقیق میں نے سنا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ جسپر نوحہ کیا جاوے
عذاب کیا جاتا ہے بسبب اس چیز کے کہ نوحہ کیا جاتا ہے اسپر اور اس باب میں علی اور عمر اور ابی موسیٰ اور قیس بن عاصم اور ابی ہریرہ اور جنادہ بن مالک اور انس اور
ام عطیہ اور سمرہ اور ابی مالک اشعری سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے مغیرہ بن شعبہ کی حدیث حسن غریب صحیح ہے حدیث بیان کی ہم سے محمود بن غیلان نے انہوں نے
کہا خبر دی ہم کو ابو داؤد نے انہوں نے کہا خبر دی ہم کو شعبہ اور مسعودی نے علقمہ بن مرثد سے انہوں نے روایت کی ابی ربیع سے انہوں نے ابی ہریرہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا کہ چار چیزیں ہیں میری امت میں احکام جاہلیت سے کہ نہیں چھوڑینگے انکو یعنی اکثر لوگ نوحہ کرنا اور طعن کرنا نسب میں اور بیماری کا ایک
سے دوسرے کو لگنا خارش ہوئی ایک اونٹ کو پس کس نے خارش لگائی پہلے اونٹ کو اور پانی طلب کرنا ستاروں سے کہنا کہ مینہ برسایا گیا
ہمپر فلانے ستارے سے ایسے اور ایسے کے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے **باب** مردے پر رونا منع ہے حدیث بیان کی ہم سے عبداللہ بن ابی زیاد نے انہوں نے کہا خبر دی ہم کو
یعقوب بن ابراہیم بن سعد نے انہوں نے کہا خبر دی ہم کو میرے باپ نے صالح بن کیسان سے انہوں نے روایت کی زہری سے انہوں نے سالم بن عبداللہ سے انہوں نے اپنے باپ سے کہا کہ عمر بن
خطاب نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مردہ البتہ عذاب کیا جاتا ہے بسبب رونے گھر والوں اسکے کے اسپر اور اس باب میں ابن عمر اور عمران بن
حصین سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے عمر کی حدیث حسن صحیح ہے اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ مردے پر رونا مکروہ ہے اور کہتے ہیں کہ مردہ عذاب کیا جاتا ہے بسبب رونے
گھر والوں کے اوپر اسکے

ف۱ نوحہ کہتے ہیں رونے کو میت پر ساتھ آواز کے میت کی بھلائیاں بیان کر کر کہ ایسا تھا اور ایسا تھا اور اسی طرح حرام ہے رونا اور پیٹنا رخساروں کا اور پھاڑنا کپڑوں کا اور بکھیرنا بالوں کا
اور منڈانا اور نوچنا بالوں کا اور منہ کو کالا کرنا اور مٹی سر پر ڈالنی وغیرہ سب حرام ہے بالاتفاق اسمیں کسی کو اختلاف نہیں ۱۲ ع ح

وذهبوا الی هذا الحديث وقال ابن المبارك ارجوان كان ينهاهم فی حيوته ان لا يكون عليه من ذلك شئ **حدثنا** علی بن حجر نا محمد بن عمار قال حدثنی اَسِيد بن ابی اسيد عن موسی بن ابی موسی الاشعری اخبره عن ابيه ان رسول الله صلی الله عليه وسلم قال ما من ميت يموت فيقوم باكيهم فيقول واجبلاه واسيداه او نحو ذلك الا وكل به ملكان يلهزانه اهكذا كنت **قال** ابو عيسی هذا حديث حسن غريب **باب** ماجاء فی الرخصة فی البكاء علی الميت **حدثنا** قتيبة نا مالك وثنا اسحاق بن موسی الانصاری نا معن نا مالك عن عبد الله بن ابی بكر وهو ابن محمد بن عمرو بن حزم عن ابيه عن عمرة انها اخبرته انها سمعت عائشة وذكر لها ان ابن عمر يقول ان الميت ليعذب ببكاء الحی فقالت عائشة غفر الله لابی عبد الرحمن اما انه لم يكذب ولكنه نسی او اخطأ انما مر رسول الله صلی الله عليه وسلم علی يهودية يبكی عليها فقال انهم ليبكون عليها وانها لتعذب فی قبرها **قال** ابو عيسی هذا حديث صحيح **حدثنا** قتيبة نا عباد بن عباد المهلبی عن محمد بن عمرو عن يحيی بن عبد الرحمن عن ابن عمر عن النبی صلی الله عليه وسلم قال الميت يعذب ببكاء اهله عليه قال فقالت عائشة يرحمه الله لم يكذب ولكنه وهم انما قال رسول الله صلی الله عليه وسلم لرجل مات يهوديا ان الميت ليعذب وان اهله ليبكون عليه وفی الباب عن ابن عباس وقرظة بن كعب وابی هريرة وابن مسعود واسامة بن زيد **قال** ابو عيسی حديث عائشة حديث حسن صحيح وقد روی من غير وجه عن عائشة وقد ذهب بعض اهل العلم الی هذا وتاولوا هذه الاية ولا تزر وازرة وزر اخری وهو قول الشافعی **حدثنا** علی بن خشرم نا عيسی بن يونس عن ابن ابی ليلی عن عطاء عن جابر بن عبد الله قال اخذ النبی صلی الله عليه وسلم بيد عبد الرحمن بن عوف فانطلق به الی ابنه ابراهيم فوجده يجود بنفسه فاخذه النبی صلی الله عليه وسلم فوضعه فی حجره فبكی فقال له عبد الرحمن اتبكی او لم تكن نهيت

اور گئے ہیں طرف اس حدیث کے اور ابن مبارک نے کہا کہ اگر منع کیا کرتا تھا اُنکو زندگی اپنی میں تو امید کرتا ہوں میں کہ نہوگا اُسپر اس سے کچھ گناہ **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو محمد بن عمار نے اسنے کہا حدیث بیان کی مجھسے اَسید بن ابی اسید نے موسیٰ بن ابی موسیٰ اشعری سے اُسنے خبر دی اپنے باپ سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں کوئی میت کہ مرے پس کھڑا ہووے رونے والا اُنمین سے اور کہے اے پہاڑ اور اے سردار اور مانند اسکے مگر کہ مقرر کرتا ہے اللہ تعالیٰ ساتھ میت کے دو فرشتے کہ مکّی مارتے ہیں اُسکے سینے میں اور کہتے ہیں کہ کیا ایسا ہی تھا تو کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** مردے پر رونے کی اجازت کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو مالک نے اور حدیث بیان کی ہمسے اسحاق بن موسیٰ انصاری نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو معن نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو مالک نے عبد اللہ بن ابی بکر سے اور وہی محمد بن عمرو بن حزم ہیں اُسنے روایت کی باپ سے اُسنے عمرہ سے اُسنے عائشہ سے ذکر کیا گیا واسطے اُسکے کہ ابن عمر کہتے ہیں کہ مردہ البتہ عذاب کیا جاتا ہے بسبب رونے زندہ کے سو عائشہ رض نے کہا کہ اللہ بخشے ابو عبد الرحمن کو کہ اُسنے جھوٹ نہیں کہا ولیکن وہ بھول گیا یا چوک گیا سوا اسکے نہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گذرے ایک یہودی عورت پر کہ رویا جاتا تھا اوپر اُسکے سو فرمایا کہ اہل اُسکے روتے ہیں اُسپر اور تحقیق وہ عذاب کی جاتی ہے اپنی قبر میں کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عباد بن عباد مہلبی نے محمد بن عمرو سے اور یحییٰ بن عبد الرحمان سے اُسنے روایت کی ابن عمر رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مردہ عذاب کیا جاتا ہے بسبب رونے گھر والوں اُسکے کے عائشہ رض نے کہا کہ رحم کرے اللہ اُسپر کہ اُسنے نہیں جھوٹ کہا ولیکن وہم کیا سوا اسکے نہیں کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے ایک مرد کے کہ مرا تھا یہودی کہ تحقیق مردہ البتہ عذاب کیا جاتا ہے اور اُسکے گھر والے روتے ہیں اُسپر اور اس باب میں ابن عباس اور قرظہ بن کعب اور ابی ہریرہ اور ابن مسعود اور اُسامہ بن زید سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے اور عائشہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور عائشہ سے کئی طور پر مروی ہے اور بعض اہل علم کا مذہب یہی ہے اور دلیل پکڑی ہے اُنھوں نے ساتھ آیت ولا تزر وازرۃ وزر اخری کے یعنی نہیں اُٹھاتا کوئی اُٹھانے والا بوجھ دوسرے کا اور یہی ہے قول شافعی کا **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن خشرم نے اُنھوں نے کہا خبر دی ہمکو عیسیٰ بن یونس نے ابن ابی لیلیٰ سے اُسنے روایت کی عطا سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہا کہ پکڑا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ عبد الرحمن بن عوف کا سو لیگئے اُسکو طرف بیٹے اپنے ابراہیم کے پس پایا اُسکو حالت نزع میں سو لیا اُسکو نبی صلعم نے اور رکھا اُسکو اپنی گود میں اور روئے سو عبد الرحمن نے کہا کہ کیا آپ روتے ہیں کیا آپکو نہیں منع

سلہ علماء کو اس مسئلے میں اختلاف ہے دس اقوال پر مگر حاصل اسکا یہ ہے کہ اگر میت سبب ہو اس گناہ کا یعنی وصیت کر جاوے نوحہ کرنے کی یا راضی ہو ساتھ اسکے تو اسکو اس رونے کے سبب عذاب ہوتا ہے اور جو اس سے انکار کرتا ہو یا بدون وصیت کے اُسپر روویں تو اُسپر کچھ عذاب نہیں ہوتا اور یہی ہے مذہب جمہور کا اور یہ کہ وصیت سے عذاب ہوتا ہے اور بدون وصیت کے اسکو رنج ہوتا ہے خواہ نزع کے وقت ہو یا بعد موت کے ہو اور کافر ہو یا ایمان دار ہو اسمیں برابر ہے ١٢

عن البكاء فقال لا ولكن نهيت عن صوتين احمقين فاجرين صوت عند مصيبة خمش وجوه وشق جيوب ورنة شيطان وفي الحديث كلام اكثر من هذا
قال ابوعيسى هذا حديث حسن **باب** ما جاء في المشي امام الجنازة **حدثنا** قتيبة بن سعيد واحمد بن منيع واسحاق ابن منصور
ومحمود بن غيلان قالوا نا سفيان بن عيينة عن الزهري عن سالم عن ابيه قال رايت النبي صلى الله عليه وسلم وابا بكر وعمر يمشون
امام الجنازة **حدثنا** الحسن بن علي الخلال نا عمرو بن عاصم نا همام عن منصور وبكر الكوفي وزياد وسفيان كلهم يذكر انه سمع
عن الزهري عن سالم بن عبد الله عن ابيه قال رايت النبي صلى الله عليه وسلم وابا بكر وعمر يمشون امام الجنازة **حدثنا** عبد
بن حميد نا عبد الرزاق نا معمر عن الزهري قال كان النبي صلى الله عليه وسلم وابو بكر وعمر يمشون امام الجنازة قال الزهري واخبرني سالم
ان اباه كان يمشي امام الجنازة وفي الباب عن انس **قال** ابوعيسى حديث ابن عمر هكذا روى ابن جريج وزياد بن سعد وغير واحد
عن الزهري عن سالم عن ابيه نحو حديث ابن عيينة وروى معمر ويونس بن يزيد ومالك وغيرهم من الحفاظ عن الزهري ان
النبي صلى الله عليه وسلم كان يمشي امام الجنازة واهل الحديث كلهم يرون ان الحديث المرسل في ذلك اصح **قال** ابوعيسى وسمعت
يحيى بن موسى يقول سمعت عبد الرزاق يقول قال ابن المبارك حديث الزهري في هذا مرسل اصح من حديث ابن عيينة قال
ابن المبارك واری ابن جريج اخذه عن ابن عيينة **قال** ابوعيسى وروى همام بن يحيى هذا الحديث عن زياد هو ابن سعد ومنصور
وبكر وسفيان عن الزهري عن سالم عن ابيه وانما هو سفيان ابن عيينة روى عنه همام واختلف اهل العلم في المشي امام الجنازة
فرای بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم ان المشي امام الجنازة افضل وهو قول الشافعي واحمد

کیا تھا رونے سے فرمایا نہیں ولیکن منع کیا تھا میں نے دو آوازوں احمقوں فاجروں سے ایک آواز وقت مصیبت کے سے اور چھیلنا منہ کا
اور پھاڑنا گریبان کا اور ایک آواز شیطان کی سے یعنے رونا ساتھ دراز کرنے آواز کے اور اس حدیث میں کلام ہی اکثر اس سے کہا ابوعیسیٰ نے
یہ حدیث حسن ہی **باب** جنازے کے آگے چلنے کا[1] بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ بن سعید اور احمد بن منیع اور اسحاق بن منصور اور محمود
بن غیلان نے انھوں نے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے زہری سے اسنے روایت کی سالم سے اُسنے اپنے باپ سے کہا کہ دیکھا میں نے نبی صلی
اللہ علیہ وسلم اور ابو بکرؓ اور عمرؓ کو کہ چلتے تھے آگے جنازے کے **حدیث** بیان کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا خبر دی
ہمکو عمرو بن عاصم نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ہمام نے منصور سے اور بکر کوفی اور زیاد اور سفیان سے سب کہتے تھے کہ ہمنے زہری سے
سُنا اُسنے سالم بن عبد اللہ سے سُنا اُسنے اپنے باپ سے سُنا کہا کہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ابو بکرؓ اور عمرؓ کو کہ چلتے تھے آگے جنازے
کے **حدیث** بیان کی ہمسے عبد بن حمید نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الرزاق نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو معمر نے زہری سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
اور ابو بکر اور عمر چلتے آگے جنازے کے کہا زہری نے اور خبر دی ہمکو سالم نے کہ اُسکا باپ تھا چلتا آگے جنازے کے اور اس باب میں انس سے
بھی روایت ہی کہا ابوعیسیٰ نے کہ ابن عمر کی حدیث اسی طرح روایت کی ہی ابن جریج اور زیاد بن سعد وغیرہ کئی لوگوں نے زہری سے
اُسنے سالم سے اُسنے اپنے باپ سے مثل حدیث ابن عیینہ کے اور روایت کی معمر اور یونس بن یزید اور مالک وغیرہ نے حفاظ سے انھوں نے روایت
کی زہری سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ وسلم چلتے تھے آگے جنازے کے اور سب اہل حدیث کہتے ہیں کہ حدیث مرسل اس باب میں زیادہ ترصحیح ہی
کہا ابوعیسیٰ نے اور سُنا میں نے یحییٰ بن موسیٰ سے کہتا تھا کہ سُنا میں نے عبد الرزاق سے کہتا تھا کہ کہا ابن مبارک نے کہ زہری کی حدیث
مرسل اسمیں زیادہ ترصحیح ہی حدیث ابن عیینہ سے ابن مبارک نے کہا کہ گمان کرتا ہوں میں کہ ابن جریج نے لیا ہی اسکو ابن عیینہ سے
کہا ابوعیسیٰ نے اور روایت کی ہمام بن یحییٰ نے یہ حدیث زیاد بن سعد سے اور منصور اور بکر اور سفیان سے وہ روایت کرتے ہیں زہری
سے وہ سالم سے وہ اپنے باپ سے اور سوا اسکے نہیں کہ وہ سفیان بن عیینہ ہی روایت کی اُس سے ہمام نے اور اختلاف کیا ہی اہل علم نے بیچ چلنے
کے آگے جنازے کے سو بعض اہل علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ جنازے کے آگے چلنا افضل ہی اور یہ قول شافعی و احمد

[1] علماء کو اسمیں اختلاف ہی کہ جنازے کے آگے چلنا افضل ہی یا پیچھے چلنا افضل ہی سو امام ابوحنیفہ اور اوزاعی کہتے ہیں کہ جنازے کے پیچھے چلنا افضل ہی اور ثوری اور ایک جماعت کہتے ہیں کہ آگے پیچھے چلنا برابر ہی اور امام شافعی اور احمد اور اسحاق کہتے ہیں کہ جنازہ کے آگے چلنا افضل ہی اور ابوحنیفہ سے یہ بھی روایت ہی کہ جنازہ کے آگے چلنا بھی جایز ہی اور دلہنے بائیں چلنا بھی درست ہی اور حدیثیں اس باب میں دونوں قسم کی آئی ہیں مگر جنازے کے پیچھے چلنے کو ترجیح ہی ۱۲

حدثنا محمد بن المثنی نا محمد بن بکر نا یونس بن یزید عن الزهری عن انس بن مالک قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یمشی امام الجنازة وابوبکر وعمر وعثمان وسالت محمدا عن هذا الحدیث فقال هذا حدیث اخطأ فیه محمد بن بکر وانما یروی هذا الحدیث عن یونس عن الزهری ان النبی صلی الله علیه وسلم وابابکر وعمر کانوا یمشون امام الجنازة قال الزهری واخبرنی سالم ان اباه کان یمشی امام الجنازة قال محمد وهذا اصح **باب** ما جاء فی المشی خلف الجنازة **حدثنا** محمود بن غیلان نا وهب بن جریر عن شعبة عن یحیی امام بنی تیم الله عن ابی ماجد عن عبد الله ابن مسعود قال سالنا رسول الله صلی الله علیه وسلم عن المشی خلف الجنازة فقال ما دون الخبب فان کان خیرا عجلتموه وان کان شرا فلا یبعد الا اهل النار الجنازة متبوعة ولا تتبع لیس منها من تقدمها **قال** ابوعیسی هذا حدیث لا نعرفه من حدیث ابن مسعود الا من هذا الوجه وسمعت محمد بن اسماعیل یضعف حدیث ابی ماجد هذا وقال محمد قال الحمیدی قال ابن عیینة قیل لیحیی من ابوماجد هذا فقال طائر طار فحدثنا وقد ذهب بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم الی هذا ورأوا ان المشی خلفها افضل وبه یقول الثوری واسحاق وابوماجد رجل مجهول وله حدیثان عن ابن مسعود ویحیی امام بنی تیم الله ثقة یکنی اباالحارث ویقال له یحیی الجابر ویقال له یحیی المجبر ایضا هو کوفی روی له شعبة وسفیان الثوری وابوالاحوص وسفیان بن عیینة **باب** ما جاء فی کراهیة الرکوب خلف الجنازة **حدثنا** علی بن حجر نا عیسی بن یونس عن بکر بن ابی مریم عن راشد بن سعد عن ثوبان قال خرجنا مع النبی صلی الله علیه وسلم فی جنازة فرای ناسا رکبانا فقال الا تستحیون ان ملائکة الله علی اقدامهم وانتم علی ظهور الدواب وفی الباب عن المغیرة بن شعبة وجابر بن سمرة **قال** ابوعیسی حدیث ثوبان قد روی عنه موقوفا **باب** ما جاء فی الرخصة فی ذلک **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابوداود نا شعبة عن سماک بن حرب قال سمعت جابر بن سمرة یقول کنا مع النبی صلی الله

حدیث بیان کی ہمسے محمد بن مثنی نے اسنے کہا خبر دی ہمکو محمد بن بکر نے اسنے کہا خبر دی ہمکو یونس بن یزید نے زہری سے اسنے انس بن مالک سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چلتے آگے جنازے کے اور ابوبکر اور عمر اور عثمان بھی آگے چلتے تھے اور پوچھا مین نے بخاری کو اس حدیث سے سو اسنے کہا کہ یہ حدیث ہے کہ خطا کی اسمین محمد بن بکر نے اور سوا اسکے نہین کہ روایت کی جاتی ہے یہ حدیث یونس سے اسنے زہری سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر اور عمر تھے چلتے آگے جنازے کے زہری نے کہا اور خبر دی مجکو سالم نے کہ تحقیق باپ اسکا تھا جاتا آگے جنازہ کے بخاری نے کہا اور یہ زیادہ صحیح ہے **باب** جنازہ کے پیچھے چلنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا اسنے خبر دی ہمکو وہب بن جریر نے شعبہ سے اسنے روایت کی یحیی امام بنی تیم اللہ سے اسنے ابی ماجد سے اسنے عبداللہ بن مسعود سے کہا کہ سوال کیا ہمنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو چلنے سے پیچھے جنازہ کے کہا کہ جلدی کریں اگر وہ بھلا ہے تو جلدی پہنچاؤ اسکو طرف اسکے اور اگر برا ہے تو نہین دور کیا جاتا مگر اہل آگ کا اور جنازہ تابع کیا گیا ہے کہ لوگ اسکے پیچھے چلین اور نہین تابع کہ وہ لوگون کے پیچھے رہے نہین ہوتا ساتھ اسکے وہ شخص کہ آگے بڑھ گیا اس سے کہا ابوعیسی نے نہین پہچانتے ہم اس حدیث کو حدیث ابن مسعود سے مگر اسی وجہ سے اور سنا مین نے بخاری سے کہ ضعیف کہتا تھا اس حدیث ابی ماجد کو اور بخاری نے کہا کہ حمیدی نے کہا کہ ابن عیینہ نے کہا کہ کہا گیا ہے واسطے یحیی کے کہ یہ ابوماجد کون ہے اسنے کہا ایک پرندہ ہے کہ اڑا اور حدیث بیان کی ہمکو اور بعض اہل علم کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے یہی مذہب ہے کہتے ہین کہ جنازے کے پیچھے چلنا افضل ہے اور ساتھ اسی کے قائل ہے ثوری اور اسحاق اور ابوماجد مجہول مرد ہے یعنی اسکا حال معلوم نہین اور واسطے اسکے دو حدیثین ہین ابن مسعود سے اور یحیی امام بنی تیم اللہ کا ثقہ ہے کنیت اسکی ابوحارث ہے اور کہا جاتا ہے اسکو یحیی جابر اور یحیی مجبر اور وہ کوفی ہے روایت کی واسطے اسکے شعبہ اور سفیان ثوری اور ابوالاحوص اور سفیان بن عیینہ نے **باب** جنازہ کے پیچھے سوار ہو کر چلنا منع ہے **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن حجر نے اسنے کہا خبر دی ہمکو عیسی بن یونس نے بکر بن ابی مریم سے اسنے روایت کی راشد بن سعد سے اسنے ثوبان سے کہا کہ نکلے ہم ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچ ایک جنازہ کے سو دیکھا آپنے کئی لوگون کو سوار سو فرمایا کہ کیا نہین حیا کرتے ہو تم کہ فرشتے خدا کے اپنے قدمون پر چلتے ہین اور تم اوپر پیٹھ جانورون کے ہو اور اس باب مین مغیرہ بن شعبہ اور جابر بن سمرہ سے بھی روایت ہے کہا ابوعیسی نے یہ حدیث ثوبان سے موقوف مروی ہے **باب** جنازہ مین سوار ہو کر جانا درست ہے **حدیث** بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اسنے کہا خبر دی ہمکو ابوداود نے اسنے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے سماک بن حرب سے اسنے کہا سنا مین نے جابر بن سمرہ سے کہتا تھا کہ تھے ہم ساتھ نبی صلی اللہ

ف۱ پہلی حدیث محمول ہے اس پر کہ حضرت ہو جاتے وقت سوار نہوئے اور فرمایا کہ فرشتے پیادہ چلتے ہین سوار ہونا مناسب نہین اور پھرتے وقت سوار ہوتے پس اتفاق ہے علما کا کہ پھرتے وقت سوار ہونا مکروہ نہین

عليه وسلم في جنازة ابن الدحداح وهو على فرس له يسعى ونحن حوله وهو يتوقص به **حدثنا** عبد الله بن الصباح الهاشمي نا ابو قتيبة عن الجراح عن سماك عن جابر بن سمرة ان النبي صلى الله عليه وسلم اتبع جنازة ابن الدحداح ماشيا ورجع على فرس **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح

باب ما جاء في الاسراع بالجنازة **حدثنا** احمد بن منيع نا ابن عيينة عن الزهري سمع سعيد بن المسيب عن ابي هريرة يبلغ به النبي صلى الله عليه وسلم قال اسرعوا بالجنازة فان تك خيرا تقدموها اليه وان تك شرا تضعوه عن رقابكم وفي الباب عن ابي بكرة **قال** ابو عيسى حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح

باب ما جاء في قتلى احد وذكر حمزة **حدثنا** قتيبة نا ابو صفوان عن اسامة بن زيد عن ابن شهاب عن انس بن مالك قال اتى رسول الله صلى الله عليه وسلم على حمزة يوم احد فوقف عليه فرآه قد مثل به فقال لولا ان تجد صفية في نفسها لتركته حتى تاكله العافية حتى يحشر يوم القيمة من بطونها قال ثم دعا بنمرة فكفنه فيها فكانت اذا مدت على راسه بدت رجلاه واذا مدت على رجليه بدا راسه قال فكثر القتلى وقلت الثياب قال فكفن الرجل والرجلان والثلثة في الثوب الواحد ثم يدفنون في قبر واحد قال فجعل رسول الله صلى الله عليه وسلم يسال عنهم ايهم اكثر قرانا فيقدمه الى القبلة قال فدفنهم رسول الله صلى الله عليه وسلم ولم يصل عليهم **قال** ابو عيسى حديث انس حديث حسن غريب لا نعرفه من حديث انس الا من هذا الوجه

باب اخر **حدثنا** علي بن حجر نا علي بن مسهر عن مسلم الاعور عن انس بن مالك قال كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعود المريض ويشهد الجنازة ويركب الحمار ويجيب دعوة العبد وكان يوم بني قريظة على حمار مخطوم بحبل من ليف عليه اكاف ليف **قال** ابو عيسى هذا حديث لا نعرفه الا من حديث مسلم عن انس ومسلم الاعور يضعف وهو مسلم بن كيسان الملائي

علیہ وسلم کے بیچ جنازے ابن الدحداح کے اور حضرت اپنے گھوڑے پر سوار تھے کہ جلدی چلتا تھا اور ہم آپکے گرد تھے اور وہ پاس پاس قدم رکھتا تھا ساتھ آپ کے۔ **حدیث** بیان کی ہمسے عبداللہ بن صباح ہاشمی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو قتیبہ نے جراح سے اُسنے روایت کی سماک سے اُسنے جابر بن سمرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم گئے ساتھ جنازے ابن دحداح کے پیادہ اور پھرے اوپر گھوڑے کے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے

باب جنازے کو جلدی لے جانے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابن عیینہ نے زہری سے اُسنے سُنا سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ پہنچاتا تھا اُسکو طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ آپنے فرمایا جلدی چلو[1] ساتھ جنازے کے پس اگر ہو وہ جنازہ نیک پس بھلائی ہے یعنی بھلائی ہے اُسکے لیے پہنچاؤ اُسکو طرف بھلائی کے اور اگر ہو وہ جنازہ بُرا تو رکھو تم اُسکو اپنی گردنوں سے اور اس باب میں ابی بکرہ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے

باب احد کے شہیدوں اور حمزہ کا بیان۔ **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو صفوان نے اسامہ بن زید سے اُسنے روایت کی ابن شہاب سے اُسنے انس بن مالک سے کہ آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حمزہ پر دن جنگ احد کے سو کھڑے ہوئے اُسپر سو دیکھا اُسکو کہ اُسکا ناک کان کاٹا گیا ہے سو فرمایا کہ اگر نہ غمناک ہوتی صفیہ اپنے جی میں تو میں اُسکو چھوڑ دیتا یعنی دفن نکرتا یہانتک کہ کھا جاتے اسکو جانور تاکہ اٹھایا جاتا دن قیامت کے پیٹوں اُنکے سے کہا پھر منگائی آپنے ایک کملی سو کفنایا اُسکو بیچ اُسکے پس تھی وہ جبکہ کھینچی جاتی تھی اوپر سر اُنکے کے تو کھل جاتے تھے پاؤں اُنکے اور جب کھینچی جاتی تھی اوپر پاؤں اُنکے کے کھل جاتا تھا سر اُنکا کہا کہ پس بہت ہوگئے[2] شہید اور کم ہوگئے کپڑے کہا پس کفنایا گیا ایک مرد اور دو مرد اور تین مرد ایک کپڑے میں پھر دفن کیے جاتے تھے ایک قبر میں سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پوچھنے لگے اُن سے کہ ان میں سے زیادہ قرآن کس کو یاد ہے پس آگے کرتے تھے اُسکو طرف قبلے کے کہا پس دفن کیا اُنکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور نہ نماز پڑھی اُنپر کہا ابو عیسیٰ نے انس کی حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر اسی وجہ سے

باب یہ باب بھی اسی باب سے متعلق ہے **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو علی بن مسہر نے مسلم اعور سے اُسنے روایت کی انس بن مالک سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیمار پرسی کرتے بیمار کی اور حاضر ہوتے جنازہ میں اور سوار ہوتے گدھے پر اور سُنتے بلانا غلام کا اور تھے دن جنگ بنی قریظہ کے سوار اوپر گدھے کے کہ لگام دیا گیا تھا ساتھ رسی کے چھیل کھجور سے اور اسپر پالان تھا چھیل کھجور سے کہا ابو عیسیٰ نے نہیں پہچانتے ہم اس حدیث کو مگر حدیث مسلم سے اُسنے روایت کی انس سے اور مسلم اعور ضعیف کیا جاتا ہے اور وہ مسلم بن کیسان ملائی ہے

---

[1] حاصل یہ ہے کہ معمولی چال سے زیادہ چلنے اور دوڑنے سے کم چلیں اور فائدہ اسکا یہ فرمایا کہ اگر حال اسکا اچھا ہے تو اُسکو آخرت کے ثواب کی طرف جلدی پہنچاؤ اور اگر حال بُرا ہے تو اُسکو اپنی گردنوں سے جلدی اُتارو

[2] کپڑے کی وہاں قلت تھی ضرورت کے واسطے ایک ایک کپڑے میں دو دو دفن کیے گئے اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شہید معرکہ کے واسطے نہ غسل ہے نہ نماز پھر نہ غسل دینے پر سب کا اتفاق ہے اور نماز پڑھنے میں اختلاف ہے اماموں کا

باب حدثنا ابوکریب نا ابومعاویۃ عن عبدالرحمن ابن ابی بکر عن ابن ابی ملیکۃ عن عائشۃ قالت لما قبض رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اختلفوا فی دفنہ فقال ابوبکر سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم شیئا ما نسیتہ قال ما قبض اللہ نبیا الا فی الموضع الذی یحب ان یدفن فیہ فدفنوہ فی موضع فراشہ **قال** ابوعیسی ھذا حدیث غریب وعبدالرحمن بن ابی بکر الملیکی یضعف من قبل حفظہ وقد روی ھذا الحدیث من غیر وجہ رواہ ابن عباس عن ابی بکر الصدیق عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **باب اخر حدثنا** ابوکریب نا معاویۃ بن ھشام عن عمران بن انس المکی عن عطاء عن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذکروا محاسن موتاکم وکفوا عن مساویہم **قال** ابوعیسی ھذا حدیث غریب قال سمعت محمدا یقول عمران بن انس المکی منکر الحدیث وروی بعضہم عن عطاء عن عائشۃ وعمران بن ابی انس مصری اثبت واقدم من عمران بن انس المکی **باب** ماجاء فی الجلوس قبل ان توضع **حدثنا** محمد بن بشار نا صفوان بن عیسی عن بشر بن رافع عن عبداللہ بن سلیمان بن جنادۃ بن ابی امیۃ عن ابیہ عن جدہ عن عبادۃ بن الصامت قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اتبع الجنازۃ لم یقعد حتی توضع فی اللحد فعرض لہ حبر فقال ھکذا نصنع یا محمد فجلس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقال خالفوہم **قال** ابوعیسی ھذا حدیث غریب وبشر بن رافع لیس بالقوی فی الحدیث **باب** فضل المصیبۃ اذا احتسب **حدثنا** سوید بن نصر نا عبداللہ بن المبارک عن حماد بن سلمۃ عن ابی سنان قال دفنت ابنی سنانا وابوطلحۃ الخولانی جالس علی شفیر القبر فلما اردت الخروج اخذ بیدی فقال الا ابشرک یا ابا سنان قلت بلی قال حدثنی الضحاک بن عبدالرحمن بن عرزب عن ابی موسی الاشعری

باب ۔ **حدیث** بیان کی ہمسے ابوکریب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابومعاویہ نے عبدالرحمن بن ابی بکر سے اُسنے ابن ابی ملیکہ سے اُسنے عائشہ رض سے کہا کہ جب وفات کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو اختلاف کیا اصحاب نے بیچ دفن اُنکے کے سو ابوبکر رض نے کہا کہ سُنا مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک چیز کہ نہین بھولا مین اُسکو فرمایا کہ نہین وفات کیا گیا کوئی نبی مگر اُس جگہ مین کہ دوست رکھتا تھا یہ کہ دفن کیا جاوے بیچ اُسکے سو دفن کیا آپکو اصحاب نے آپ کے سونے کی جگہہ مین کہا ابوعیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہو اور عبدالرحمان بن ابی بکر ملیکی ضعیف ہی حافظہ کی وجہ سے اور روایت کی گئی ہی یہ حدیث کئی وجہ سے اور روایت کیا ہو اسکو ابن عباس نے ابی بکر صدیق رض سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **باب** یہ اور باب ہی **حدیث** بیان کی ہمسے ابوکریب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو معاویہ بن ہشام نے عمران بن انس مکی سے اُسنے روایت کی عطا سے اُسنے ابن عمر رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یاد کرو نیکیاں مُردون اپنے کی اور بند رہو ذکر کرنے بُرائیون اُنکے سے کہا ابوعیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہی کہا سُنا مین نے بخاری سے کہتا تھا کہ عمران بن انس مکی منکر الحدیث ہو اور روایت کی بعض نے عطاء سے اُسنے عائشہ رض سے اور عمران ابی انس مصری اثبت اور اقدم ہی عمران بن انس مکی سے **باب** زمین پر جنازہ رکھنے سے پہلے بیٹھنا **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو صفوان بن عیسیٰ نے بشر بن رافع سے اُسنے روایت کی عبداللہ بن سلیمان بن جنادہ بن ابی امیہ سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے اُسنے عبادہ بن صامت سے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کہ جاتے ساتھ جنازہ کے نہ بیٹھتے یہانتک کہ رکھا جاتا قبر مین پس سامنے آیا حضرت کے ایک یہودی عالم سو اُسنے کہا کہ ہم بھی اسی طرح کرتے ہین اے محمد یعنے کھڑے رہتے ہین یہانتک کہ رکھا جاتا ہی مردہ قبر مین پس بیٹھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنے بعد اُسکے دفن تک کھڑے رہنا چھوڑ دیا اور فرمایا مخالفت کرو یہودیون کی کہا ابوعیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہی اور بشر بن رافع حدیث مین قوی نہین **باب** مصیبت کی فضیلت جبکہ ثواب چاہنے کے واسطے صبر کرے **حدیث** بیان کی ہمسے سوید بن نصر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبداللہ بن مبارک نے حماد بن سلمہ سے اُسنے روایت کی ابی سنان سے کہا کہ دفن کیا مین نے بیٹے اپنے سنان کو اور ابوطلحہ خولانی بیٹھنے والے تھے اوپر کنارے قبر کے سو جب ارادہ کیا مین نے باہر نکلنے کا تو پکڑا ہاتھ میرا پس کہا کہ کیا نہ خوشخبری دون مین تجکو اے اباسنان مین نے کہا کیون نہین کہا حدیث بیان کی مجھسے ضحاک بن عبدالرحمن بن عرزب نے ابی موسیٰ اشعری سے

شافعی کہتے ہین کہ نہ پڑھے اور امام ابوحنیفہ کہتے ہین کہ پڑھے ۱۲ ⑤ اسلیے کہ صالحین کے ذکر کے وقت رحمت اترتی ہے اور بند رہو انکی برائیون سے یہ امر وجوب کے لئے ہی یعنی بند رہنا واجب ہے اور حجۃ الاسلام نے کہا کہ مردہ کی غیبت بہت بری ہے غیبت زندہ سے کہ زندہ سے بخشوا لینا ممکن ہے دنیا مین بخلاف میت کے کہ اس سے بخشوانا ممکن نہین اور کتاب ازہار مین لکھا ہے کہ اگر نہلانے والا میت کی کوئی چیز اچھی دیکھے مانند روشنی چہرہ وغیرہ کے تو مستحب ہے بیان کرنا اسکا اور اگر برائی دیکھے یا اسکا منہ کالا ہو جاوے یا صورت بدل جاوے تو حرام ہے ذکر کرنا اسکا ۱۲ ۲ ۲ ⑥

ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال اذا مات ولد العبد قال الله لملائکته قبضتم ولد عبدی فیقولون نعم فیقول قبضتم ثمرة فؤاده فیقولون نعم فیقول ماذا قال عبدی فیقولون حمدک واسترجع فیقول الله ابنوا لعبدی بیتاً فی الجنة وسموه بیت الحمد **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن غریب **باب** ماجاء فی التکبیر علی الجنازة **حدثنا** احمد بن منیع ثنا اسمعیل بن ابراهیم نا معمر عن الزهری عن سعید بن المسیب عن ابی هریرة ان النبی صلی الله علیه وسلم صلی علی النجاشی فکبر اربعاً وفی الباب عن ابن عباس وابن ابی اوفی وجابر وانس ویزید بن ثابت **قال** ابو عیسی ویزید بن ثابت هو اخو زید بن ثابت وهو اکبر منه شهد بدراً وزید لم یشهد بدراً **قال** ابو عیسی حدیث ابی هریرة هذا حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اکثر اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم یرون التکبیر علی الجنازة اربع تکبیرات وهو قول سفیان الثوری ومالک بن انس وابن المبارک والشافعی واحمد واسحاق **حدثنا** محمد بن المثنی نا محمد بن جعفر نا شعبة عن عمرو بن مرة عن عبد الرحمن بن ابی لیلی قال کان زید بن ارقم یکبر علی جنائزنا اربعاً وانه کبر علی جنازة خمساً فسألناه عن ذلک فقال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یکبرها **قال** ابو عیسی حدیث زید بن ارقم حدیث حسن صحیح وقد ذهب بعض اهل العلم الی هذا من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم رأوا التکبیر علی الجنازة خمساً وقال احمد واسحاق اذا کبر الامام علی الجنازة خمساً فانه یتبع الامام **باب** ما یقول فی الصلوة علی المیت **حدثنا** علی بن حجر نا هقل بن زیاد نا الاوزاعی عن یحیی بن ابی کثیر قال حدثنی ابو ابراهیم الاشهلی عن ابیه قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا صلی علی الجنازة قال اللهم اغفر لحینا ومیتنا وشاهدنا وغائبنا وصغیرنا وکبیرنا وذکرنا وانثانا قال یحیی وحدثنی

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جبکہ مرتا ہے فرزند کسی بندے کا یعنی مومن کا تو فرماتا ہے اللہ تعالی فرشتوں اپنے کو یعنے ملک الموت اور تابعدارون اسکے کو کہ قبض کی تمنے روح فرزند بندے میرے کی پس کہتے ہیں کہ ہاں پھر فرماتا ہے اللہ تعالی قبض کیا تمنے میوہ دل اُسکے کا پس کہتے ہیں کہ ہاں پھر فرماتا ہے اللہ تعالی کہ کیا کہا بندے میرے نے کہتے ہیں تعریف کی تیری اور انا للہ وانا الیہ راجعون کہا پس فرماتا ہے اللہ تعالی کہ بناؤ میرے بندے کے لیے ایک گھر بڑا بہشت میں اور نام رکھو اسکا بیت الحمد[۱] کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** جنازے کی نماز میں تکبیر کہنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اسمٰعیل بن ابراہیم نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو معمر نے زہری سے اُسنے روایت کی سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ رض سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی اوپر نجاشی (بادشاہ حبشی) کے سو تکبیر کہی آپ نے چار بار اور اس باب میں ابن عباس اور ابن ابی اوفی اور جابر اور انس اور یزید بن ثابت سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسی نے کہ یزید بن ثابت زید بن ثابت کا بھائی ہے اور بڑا ہے اُس سے حاضر ہوا بدر میں اور زید نہیں حاضر ہوا اسمین کہا ابو عیسی نے ابو ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ نماز جنازے کی چار تکبیریں ہیں اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور مالک بن انس اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن مثنی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو محمد بن جعفر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے عمرو بن مرہ سے اُسنے روایت کی عبد الرحمان بن ابی لیلے سے کہا کہ تھے زید بن ارقم تکبیر کہتے اوپر جنازون ہمارے کے چار بار اور اُسنے تکبیر کہی ایک جنازے پر پانچ بار سو پوچھا ہمنے اُسکو اس سے سو اُسنے کہا کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر کہتے اسی طرح کہا ابو عیسی نے کہ زید بن ارقم کی حدیث حسن صحیح ہے اور بعض اہل علم کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے یہی مذہب ہے کہتے ہیں کہ جنازے پر پانچ تکبیریں کہی جاوین[۲] اور احمد اور اسحاق نے کہا کہ اگر امام جنازے پر پانچ تکبیریں کہے تو امام کی تابعداری کی جاوے **باب** جنازے کی نماز میں کیا پڑھا جاوے **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے ہقل بن زیاد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اوزاعی نے یحیے بن ابی کثیر سے اُسنے کہا حدیث بیان کی مجکو ابو ابراہیم اشہلی نے اپنے باپ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم جبکہ نماز پڑھتے تھے اوپر جنازہ کے تو یہ دعا پڑھتے الٰہی بخش واسطے زندون ہمارے کے اور مردون ہمارے کے اور حاضر ہمارے کے اور غائب ہمارے کے اور چھوٹون ہمارے کے اور بڑون ہمارے کے اور مردون ہمارے کے اور عورتون ہماری کے یحیی نے کہا اور حدیث کی مجکو

[۱] اُس گھر کا نام بیت الحمد اسواسطے رکھا کہ وہ ملتا ہے بدلے میں حمد اور تسلیم کے کہ مصیبت میں کی تھی ۱۲ [۲] اکثر علما کا یہ مذہب ہے کہ جنازہ کی نماز میں چار تکبیریں کہے اور ایک جماعت صحابہ وغیرہم سے زیادہ بھی منقول ہیں جیساکہ ترمذی نے ذکر کیا لیکن حنفیہ کہتے ہیں کہ آخر امر چار پر قرار پایا تھا اور کہتے ہیں کہ چار سے زیادہ تکبیریں کہنی منسوخ ہیں لیکن اگر دونوں طرح سے جائز رکھیں تو یہ اولی ہے دعو

ابوسلمة بن عبد الرحمن عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم مثل ذلك وزاد فیه اللهم من احییته منا فاحیه علی الاسلام
ومن توفیته منا فتوفه علی الایمان قال وفی الباب عن عبد الرحمن ابن عوف وعائشة وابی قتادة وجابر وعوف بن مالك قال
ابوعیسی حدیث والد ابی ابراهیم حدیث حسن صحیح وروی هشام الدستوائی وعلی بن المبارك هذا الحدیث عن یحیی بن ابی کثیر
عن ابی سلمة بن عبد الرحمن عن النبی صلی الله علیه وسلم مرسلا وروی عکرمة بن عمار عن یحیی بن ابی کثیر عن ابی سلمة عن عائشة
عن النبی صلی الله علیه وسلم وحدیث عکرمة بن عمار غیر محفوظ وعکرمة ربما یهم فی حدیث یحیی وروی عن یحیی بن ابی کثیر
عن عبد الله بن ابی قتادة عن ابیه عن النبی صلی الله علیه وسلم قال ابوعیسی وسمعت محمدا یقول اصح الروایات فی هذا حدیث
یحیی بن ابی کثیر عن ابی ابراهیم الاشهلی عن ابیه قال وسالته عن اسم ابی ابراهیم الاشهلی فلم یعرفه حدثنا محمد بن بشار
نا عبد الرحمن بن مهدی نا معاویة بن صالح عن عبد الرحمن بن جبیر بن نفیر عن ابیه عن عوف بن مالك قال سمعت رسول الله
صلی الله علیه وسلم یصلی علی میت ففهمت من صلوته علیه اللهم اغفر له وارحمه واغسله بالبرد کما یغسل الثوب قال
ابوعیسی هذا حدیث حسن صحیح وقال محمد بن اسمعیل اصح شیء فی هذا الباب هذا الحدیث باب ما جاء فی القراءة علی
الجنازة بفاتحة الکتاب حدثنا احمد بن منیع نا زید بن حباب نا ابراهیم ابن عثمان عن الحکم عن مقسم عن ابن عباس
ان النبی صلی الله علیه وسلم قرأ علی الجنازة بفاتحة الکتاب وفی الباب عن ام شریك قال ابوعیسی حدیث ابن عباس حدیث
لیس اسناده بذلك القوی ابراهیم بن عثمان هو ابوشیبة الواسطی منکر الحدیث والصحیح عن ابن عباس قوله من السنة القراءة علی الجنازة
بفاتحة الکتاب حدثنا محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدی نا سفیان عن سعد بن ابراهیم عن طلحة بن عبد الله بن عوف
ان ابن عباس صلی علی جنازة فقرأ بفاتحة الکتاب فقلت له فقال انه من السنة او من تمام السنة قال ابوعیسی هذا حدیث حسن صحیح

ابو سلمہ بن عبد الرحمان نے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے اور زیادہ کیا اُسمین یا الٰہی جسکو کہ زندہ رکھے تو ہم مین سے تو زندہ
رکھ اُسکو اسلام پر اور جسکو مارے تو ہم مین سے تو مار اُسکو ایمان پر اور اس باب مین عبد الرحمان بن عوف اور عائشہ اور ابو قتادہ اور جابر اور عوف
بن مالک سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسی نے حدیث والد ابی ابراہیم کی حسن صحیح ہی اور روایت کی ہشام دستوائی اور علی بن مبارک نے یہ حدیث
یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ابی سلمہ بن عبد الرحمان سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل اور روایت کی عکرمہ بن عمار نے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے
ابی سلمہ سے اُسنے عائشہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور حدیث عکرمہ بن عمار کی محفوظ نہین اور عکرمہ اکثر اوقات وہم کرتا ہی یحیی کی حدیث مین
اور روایت کی گئی یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے عبد اللہ بن ابی قتادہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا ابو عیسی نے اور سنا مین نے
بخاری سے کہتا تھا کہ سب روایتون مین زیادہ صحیح یحیی بن ابی کثیر کی حدیث ہی جو ابی ابراہیم اشہلی سے روایت کی ہی اُسنے اپنے باپ سے کہا اور مین نے
پوچھا اُسکو نام ابی ابراہیم اشہلی سے سو وہ نہین جانتا تھا اُسکو حدیث بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الرحمان بن مہدی نے
اُسنے کہا خبر دی ہمکو معاویہ بن صالح نے عبد الرحمان بن جبیر بن نفیر سے اُسنے اپنے باپ سے روایت کی اُسنے عوف بن مالک سے کہا کہ سنا مین نے رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ نماز پڑھتے تھے ایک میت پر پس سمجھا مین نے نماز آپ کی سے اسپر الٰہی بخشدے اُسکو اور رحم کر اسپر اور دھو ڈال اُسکو
ساتھ اولے کے جیسے کہ دھویا جاتا ہی کپڑا کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور کہا محمد بن اسمعیل نے کہ زیادہ تر صحیح چیز اس باب مین یہ حدیث ہی
باب جنازے کی نماز مین سورۃ الحمد پڑھنے کا بیان حدیث بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو زید بن حباب نے اُسنے کہا خبر
دی ہمکو ابراہیم بن عثمان نے حکم سے اُسنے روایت کی مقسم سے اُسنے ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھی جنازے پر سورۃ فاتحہ
اور اس باب مین ام شریک سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسی نے ابن عباس کی حدیث کی اسناد قوی نہین اور ابراہیم بن عثمان وہ ابو شیبہ واسطی منکر الحدیث ہی اور صحیح ابن عباس
قول اُسکا یہی اور وہ یہ ہی کہ جنازے کی نماز مین سورہ فاتحہ پڑھنی سنت ہی حدیث بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الرحمان بن مہدی نے اُسنے کہا
خبر دی ہمکو سفیان نے سعد بن ابراہیم سے اُسنے روایت کی طلحہ بن عبد اللہ بن عوف سے کہ ابن عباس نے نماز پڑھی ایک جنازہ پر سو اُسنے اسمین سورۃ فاتحہ پڑھی پس
مین نے اُسکو کہا کہ اسکا کیا حکم ہی پس کہا اُسنے کہ یہ سنت سے ہی یا کہ تمام سنت سے ہی کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہی

سلہ یعنی قبول کر طاعتین اسکی اور بچا اسکو مکروہات سے اور پاک کر اسکو گناہون سے ساتھ طرح طرح کی مغفرتون کے ۱۲

والعمل على هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم يختارون ان يقرأ بفاتحة الكتاب بعد التكبيرة الاولى وهو قول الشافعي واحمد واسحاق وقال بعض اهل العلم لا يقرأ في الصلوة على الجنازة انما هو الثناء على الله والصلوة على نبيه صلى الله عليه وسلم والدعاء للميت وهو قول الثوري وغيره من اهل الكوفة **باب** كيف الصلوة على الميت والشفاعة له **حدثنا** ابو كريب نا عبد الله بن المبارك ويونس بن بكير عن محمد بن اسحاق عن يزيد بن ابي حبيب عن مرثد بن عبد الله اليزني قال كان مالك بن هبيرة اذا صلى على جنازة فتقال الناس عليها جزاهم ثلثة اجزاء ثم قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من صلى عليه ثلثة صفوف فقد اوجب وفي الباب عن عائشة وام حبيبة وابي هريرة وميمونة زوج النبي صلى الله عليه وسلم **قال** ابو عيسى حديث مالك بن هبيرة حديث حسن هكذا رواه غير واحد عن محمد بن اسحاق وروى ابراهيم بن سعد عن محمد بن اسحاق هذا الحديث وادخل بين مرثد ومالك بن هبيرة رجلا ورواية هؤلاء اصح عندنا **حدثنا** ابن ابي عمر نا عبد الوهاب الثقفي عن ايوب وثنا احمد بن منيع وعلي بن حجر قالا نا اسمعيل بن ابراهيم عن ايوب عن ابي قلابة عن عبد الله بن يزيد رضيع كان لعائشة عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا يموت احد من المسلمين فيصلي عليه امة من المسلمين يبلغون ان يكونوا مائة فيشفعوا له الا شفعوا فيه وقال علي في حديثه مائة فما فوقها **قال** ابو عيسى حديث عائشة حديث حسن صحيح وقد اوقفه بعضهم ولم يرفعه **باب** ماجاء في كراهية الصلوة على الجنازة عند طلوع الشمس وعند غروبها **حدثنا** هناد نا وكيع عن موسى بن علي بن رباح عن ابيه عن عقبة بن عامر الجهني قال ثلث ساعات كان رسول الله صلى الله عليه وسلم ينهانا ان نصلي فيهن او نقبر فيهن موتانا حين تطلع الشمس بازغة حتى ترتفع وحين يقوم قائم الظهيرة حتى تميل وحين تضيف للغروب حتى تغرب **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا

اور عمل اسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے اختیار کرتے ہین پڑھی جاوے سورہ فاتحہ بعد تکبیر اولی کے اور یہی ہے قول شافعی اور احمد اور اسحاق کا۔ اور بعض اہل علم کہتے ہین کہ جنازے کی نماز مین سورہ فاتحہ نہ پڑھی جاوے سوا اسکے نہین کہ وہ فقط ثنا ہی اللہ پر اور درود ہے اسکے رسول پر۔ اور دعا ہے واسطے میت کے اور یہ قول ثوری وغیرہ اہل کوفہ کا ہے **باب** جنازے کی نماز پڑھنی اور میت کے واسطے شفاعت کرنی کسطرح ہی **حدیث** بیان کی ہمسے ابوکریب نے اسنے کہا خبر دی ہمکو عبداللہ بن مبارک اور یونس بن بکیر نے محمد بن اسحاق سے اسنے روایت کی یزید بن ابی حبیب سے اُسنے مرثد بن عبداللہ یزنی سے کہا کہ تھے مالک بن ہبیرہ جب کہ نماز پڑھتے کسی جنازے پر پس کم ہوتے آدمی اُسپر تو بانٹتے اُنکو تین صفون پر یعنی اُنکی تین صفین بناتے پھر کہتے کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جسپر نماز پڑھین تین صفین پس تحقیق واجب کرتا ہی اللہ تعالی واسطے اسکے بہشت اور مغفرت اور اس باب مین عائشہ رضہ اور ام حبیبہ اور ابی ہریرہ اور میمونہ زوجہ نبی صلعم سے کہا ابوعیسے نے کہ مالک بن ہبیرہ کی حدیث حسن ہی اسی طرح روایت کی ہی اُسکو بہت لوگون نے محمد بن اسحاق سے اور روایت کی ابراہیم بن سعد نے محمد بن اسحاق سے یہ حدیث اور داخل کیا درمیان مرثد اور مالک بن ہبیرہ کے ایک مرد اور روایت انکی زیادہ تر صحیح ہے نزدیک ہمارے **حدیث** بیان کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبدالوہاب ثقفی نے ایوب سے اور **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع اور علی بن حجر نے انھون نے کہا خبر دی ہمکو اسماعیل بن ابراہیم نے ایوب سے اُسنے روایت کی ابی قلابہ سے اُسنے عبداللہ بن یزید سے جو رضیع تھا واسطے عائشہ رض کے اُسنے عائشہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہین مرتا کوئی مسلمانون سے پس نماز پڑھے اسپر ایک جماعت مسلمانون کی کہ پہونچے سو کو پس شفاعت کرین واسطے اُسکے مگر کہ قبول ہوتی ہی شفاعت اُنکی میت کے حق مین اور کہا علی نے اپنی حدیث مین کہ سو یا زیادہ اس سے کہا ابوعیسی نے عائشہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور بعض نے اُسکو موقوف کیا ہی مرفوع نہین کیا **باب** سورج نکلنے اور ڈوبنے کے وقت جنازہ کی نماز پڑھنی منع ہی **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے موسی بن علی بن رباح سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے عقبہ بن عامر جہنی سے کہا تین گھڑیان ہین کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم منع کرتے ہمکو یہ کہ نماز پڑھین ہم بیچ اُنکے یا دفن کرین بیچ اُنکے مردون اپنے کو ایک جب کہ نکلے آفتاب ظاہر ہو کر یہانتک کہ بلند ہووے۔ دوسرے جب کہ ٹھیک دوپہر کے وقت کھڑا ہو۔ تیسرے جب کہ میل کرے واسطے غروب کے یہانتک کہ ڈوب جاوے۔ کہا ابوعیسے نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہی

عند بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم یکرهون الصلوة علی الجنازة فی هذه الساعات وقال ابن المبارک معنی هذا الحدیث ان نقبر فیهن موتانا یعنی الصلوة علی الجنازة وکره الصلوة علی الجنازة عند طلوع الشمس و عند غروبها واذا انتصف النهار حتی تزول الشمس وهو قول احمد واسحاق وقال الشافعی لا باس ان یصلی علی الجنازة فی الساعات التی یکره فیهن الصلوة **باب** فی الصلوة علی الاطفال **حدثنا** بشر بن آدم ابن بنت ازهر السمان نا اسمعیل بن سعید بن عبید الله نا ابی عن زیاد بن جبیر بن حیة عن ابیه عن المغیرة بن شعبة ان النبی صلی الله علیه وسلم قال الراکب خلف الجنازة والماشی حیث شاء منها والطفل یصلی علیه **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وروی اسرائیل وغیر واحد عن سعید بن عبید الله والعمل علیه عند بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم قالوا یصلی علی الطفل وان لم یستهل بعد ان یعلم انه خلق وهو قول احمد واسحاق **باب** ماجاء فی ترک الصلوة علی الطفل حتی یستهل **حدثنا** ابو عمار الحسین بن حریث نا محمد بن یزید عن اسمعیل بن مسلم عن ابی الزبیر عن جابر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال الطفل لا یصلی علیه ولا یرث ولا یورث حتی یستهل **قال** ابو عیسی هذا حدیث قد اضطرب الناس فیه فرواه بعضهم عن ابی الزبیر عن جابر عن النبی صلی الله علیه وسلم مرفوعا وروی اشعث بن سوار وغیر واحد عن ابی الزبیر عن جابر موقوفا وکان هذا اصح من الحدیث المرفوع وقد ذهب بعض اهل العلم الی هذا وقالوا لا یصلی علی الطفل حتی یستهل وهو قول الثوری والشافعی **باب** ماجاء فی الصلوة علی المیت فی المسجد

نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ ان ساعتوں میں جنازے کی نماز پڑھنی مکروہ ہے۔ اور ابن مبارک نے کہا کہ معنے اس حدیث کا کہ دفن کریں ہم بیچ انکے مردوں اپنے کو مراد اس سے جنازے کی نماز ہے اور مکروہ رکھا ہے اسنے نماز جنازہ کو بوقت نکلنے آفتاب کے اور وقت غروب ہونے اسکے کے اور جبکہ عین دوپہر ہو یہاں تک کہ ڈھل جاوے سورج اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا اور شافعی نے کہا کہ جن وقتوں میں فرض پڑھنی درست نہیں ان میں جنازے کی نماز پڑھنی درست ہے **باب** چھوٹے لڑکوں پر نماز جنازہ پڑھنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہم سے بشر بن آدم ابن بنت ازہر سمان نے اسنے کہا حدیث کی ہم سے اسمٰعیل بن سعید بن عبید اللہ نے اسنے کہا خبر دی مجکو میرے باپ نے زیاد بن جبیر بن حیہ سے اسنے روایت کی اپنے باپ سے اسنے مغیرہ بن شعبہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سوار جنازے کے پیچھے اور پیادہ چلے جس جگہ کہ چاہے اس سے یعنی خواہ اسکے آگے چلے خواہ پیچھے چلے خواہ داہنی خواہ بائیں اور لڑکے نابالغ پر نماز پڑھی جاوے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کی اسرائیل وغیرہ نے سعید بن عبید اللہ سے اور عمل اسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ چھوٹے بچے پر جنازہ پڑھا جاوے اگرچہ اسنے آواز بھی نہ دی ہو[1] بعد اسکے کہ معلوم ہو کہ وہ پیدا ہو چکا ہے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا **باب** چھوٹے بچے پر نماز جنازہ نہ پڑھنا یہاں تک کہ آواز کرے یا حرکت کرے **حدیث** بیان کی ہم سے ابو عمار حسین بن حریث نے اسنے کہا حدیث کی ہم سے محمد بن یزید نے اسمٰعیل بن مسلم سے اسنے روایت کی ابی زبیر سے اسنے جابر رضی اللہ عنہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بچہ[2] جنازہ نہ پڑھا جاوے اسکا اور نہ وہ کسی کا وارث ہوتا ہے اور نہ کوئی اسکا وارث ہوتا ہے یہاں تک کہ آواز کرے یا حرکت کرے کہا ابو عیسیٰ نے اس حدیث میں لوگوں نے اضطراب کیا ہے۔ پس روایت کیا ہے اسکو بعض نے ابی زبیر سے اسنے جابر رضی اللہ عنہ سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرفوع اور روایت کی اشعث بن سوار وغیرہ نے ابی زبیر سے اسنے جابر سے موقوف اور گویا کہ یہ زیادہ صحیح ہے مرفوع حدیث سے اور بعض اہل علم کا یہی مذہب ہے کہتے ہیں کہ چھوٹے بچے کا جنازہ نہ پڑھا جاوے یہاں تک کہ آواز کرے اور یہی ہے قول ثوری اور شافعی کا **باب** مسجد میں جنازہ پڑھنے کا بیان

[1] یعنے جبکہ چار مہینے دس دن کے بعد پیدا ہو تو امام احمد کے نزدیک اسپر نماز پڑھی جاوے اگرچہ نکلنے کے وقت آواز وغیرہ بھی معلوم نہوا اور کوئی علامت زندگی کی نہ پائی جاوے ۱۲ [2] یعنی بچہ جو نکل پڑے تو امام شافعی اور ابوحنیفہ رحمہما اللہ کہتے ہیں کہ اسکا جنازہ پڑھنا درست نہیں یہاں تک کہ پیدا ہونے کے وقت آواز کرے یا حرکت کرے جس سے کہ اسکی زندگی معلوم ہو اور معتبر اسمیں یہ ہے کہ ماں کے پیٹ سے اکثر زندہ نکلے یہاں تک کہ اگر ماں کے پیٹ سے اکثر باہر آوے اور حرکت کرتا ہو تو اسکا جنازہ پڑھا جاوے اور اگر تھوڑا سا حرکت کرتا باہر آوے اور بہت بیحرکت باہر آوے تو اسکا جنازہ درست نہیں ۱۲

حدثنا علی بن حجر نا عبد العزیز بن محمد عن عبد الواحد بن حمزة عن عباد بن عبد الله بن الزبیر عن عائشة قالت صلی رسول الله صلی الله علیه وسلم علی سهیل بن البیضاء فی المسجد قال ابو عیسی هذا حدیث حسن والعمل علی هذا عند بعض اهل العلم قال الشافعی قال مالک لا یصلی علی المیت فی المسجد و قال الشافعی یصلی علی المیت فی المسجد واحتج بهذا الحدیث **باب** ماجاء این یقوم الامام من الرجل والمرأة حدثنا عبد الله بن منیر عن سعید بن عامر عن همام عن ابی غالب قال صلیت مع انس بن مالک علی جنازة رجل فقام حیال راسه ثم جاؤا بجنازة امرأة من قریش فقالوا یا ابا حمزة صل علیها فقام حیال وسط السریر فقال له العلاء بن زیاد هکذا رایت رسول الله صلی الله علیه وسلم قام علی الجنازة مقامک منها ومن الرجل مقامک منه قال نعم فلما فرغ قال احفظوا وفی الباب عن سمرة قال ابو عیسی حدیث انس حدیث حسن وقد روی غیر واحد عن همام مثل هذا وروی وکیع هذا الحدیث عن همام فوهم فیه فقال عن غالب عن انس والصحیح عن ابی غالب وقد روی هذا الحدیث عبد الوارث بن سعید وغیر واحد عن ابی غالب مثل روایة همام واختلفوا فی اسم ابی غالب هذا فقال بعضهم اسمه نافع ویقال رافع وقد ذهب بعض اهل العلم الی هذا وهو قول احمد واسحاق حدثنا علی بن حجر نا ابن المبارک والفضل بن موسی عن الحسین المعلم عن عبد الله بن بریدة عن سمرة بن جندب ان النبی صلی الله علیه وسلم صلی علی امرأة فقام وسطها قال ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وقد روی شعبة عن الحسین المعلم **باب** ماجاء فی ترک الصلوة علی الشهید حدثنا قتیبة بن سعید نا اللیث عن ابن شهاب عن عبد الرحمن بن کعب بن مالک ان جابر بن عبد الله اخبره ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یجمع بین الرجلین من قتلی احد

حدیث بیان کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے عبد الواحد بن حمزہ سے اسنے روایت کی عباد بن عبد اللہ بن زبیر سے اُسنے عائشہ سے کہ نماز پڑھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سہیل بن بیضاء پر مسجد میں کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے شافعی نے کہا کہ مالک نے کہا کہ مسجد میں جنازہ نہ پڑھا جاوے اور شافعی نے کہا کہ مسجد میں جنازہ پڑھا جاوے اور دلیل پکڑی ہے اُنہے ساتھ اس حدیث کے **باب** جنازے کی نماز میں امام مرد اور عورت سے کس جگہ کھڑا ہووے **حدیث** بیان کی ہمسے عبد اللہ بن منیر نے سعید بن عامر سے اُسنے روایت کی ہمام سے اُسنے ابی غالب سے کہا کہ نماز پڑھی میں نے ساتھ انس بن مالک کے ایک مرد کے جنازے پر پس کھڑے ہوئے مقابل سر اُسکے کے پھر لائے گئے لوگ جنازہ ایک عورت کا قریش میں سے پس کہا انھوں نے اے ابا حمزہ (یہ کنیت ہے انس کی) نماز پڑھو اس جنازے پر پس کھڑے ہوئے مقابل درمیان تخت کے پس کہا واسطے اسکے علاء بن زیاد نے کہ اسی طرح دیکھا تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ کھڑے ہوتے جنازے پر یعنی عورت کے جنازے سے بیچ جگہ کھڑے ہونے تیری کے اُس عورت سے اور کھڑے ہوتے مرد سے جگہ کھڑے ہوتے تیرے کے مرد سے یعنی کیا تو نے دیکھا ہے حضرت کو کہ مرد کے سر کے برابر کھڑے ہوتے اور عورت کے سر کے برابر کھڑے ہوتے اُنھوں نے کہا ہاں سو جب فارغ ہوئے تو کہا کہ یاد رکھو اور اس باب میں روایت ہے سمرہ سے کہا ابو عیسیٰ نے انس کی حدیث حسن ہے اور روایت کی بہت لوگوں نے ہمام سے مثل اسکے اور روایت کی وکیع نے یہ حدیث ہمام سے پس وہم کیا انہیں سو کہا غالب سے اسنے انس سے اور صحیح ابی غالب سے ہے اور روایت کی عبد الوارث بن سعید وغیرہ نے یہ حدیث ابی غالب سے مثل روایت ہمام کے اور ابی غالب کے نام میں اختلاف ہے بعضے کہتے ہیں کہ نام اُسکا نافع ہے اور کہا جاتا ہے رافع اور گئے ہیں بعض اہل علم طرف اسکے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابن مبارک نے اور فضل بن موسیٰ نے حسین معلم سے اُسنے روایت کی عبد اللہ بن بریدہ سے اُسنے سمرہ بن جندب سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی ایک عورت پر پس کھڑے ہوئے حضرت بیچ میں اُسکے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی شعبہ نے حسین معلم سے **باب** شہید کا جنازہ نہ پڑھا جاوے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو لیث نے ابن شہاب سے اُسنے روایت کی عبد الرحمان بن کعب بن مالک سے کہ جابر بن عبد اللہ نے خبر دی اُسکو کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم جمع کرتے تھے دو شخصوں کو شہیدوں احد سے ۔

ف۱ امام شافعی کے نزدیک مسجد میں جنازہ پڑھنا درست ہے اور امام ابو حنیفہ اور مالک کے نزدیک مسجد میں جنازہ پڑھنا درست نہیں لیکن یہ حدیث صریح ہے جواز میں اور انکی کوئی تاویل صحیح نہیں ۱۲

ف۲ امام شافعی کہتے ہیں کہ عورت کے کولوں کے برابر کھڑا ہووے جنازہ کے پیچھے واسطے اور مرد کے سر کے برابر کھڑا ہووے اور سند انکی یہ حدیث ہے اور حدیث سمرہ کی ہے اور ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ میت کے سینے کے سامنے کھڑا ہووے خواہ جنازہ مرد کا ہو خواہ عورت کا اور ابو حنیفہ اور ابو یوسف سے شمنی نے روایت کی ہے کہ امام عورت کے کولوں کے برابر کھڑا ہووے ۱۲

فی الثوب الواحد ثم یقول ایہما اکثر حفظا للقرآن فاذا اشیر له الی احدہما قدمه فی اللحد فقال انا شہید علی ہؤلاء یوم القیمة وامر بدفنہم فی دمائہم ولم یصل علیہم ولم یغسلوا وفی الباب عن انس بن مالك **قال** ابو عیسی حدیث جابر حدیث حسن صحیح وقد روی ہذا الحدیث عن الزہری عن انس عن النبی صلی الله علیه وسلم وروی عن الزہری عن عبدالله ابن ثعلبة بن ابی صعیر عن النبی صلی الله علیه وسلم ومنہم من ذکرہ عن جابر وقد اختلف اہل العلم فی الصلوة علی الشہید فقال بعضہم لایصلی علی الشہید وہو قول اہل المدینة وبه یقول الشافعی واحمد وقال بعضہم یصلی علی الشہید واحتجوا بحدیث النبی صلی الله علیه وسلم انه صلی علی حمزة وہو قول الثوری واہل الکوفة وبه یقول اسحاق **باب** ما جاء فی الصلوة علی القبر **حدثنا** احمد بن منیع نا ہشیم اخبرنا الشیبانی نا الشعبی قال اخبرنی من رای النبی صلی الله علیه وسلم ورای قبرا منتبذا فصف اصحابه فصلی علیه فقیل له من اخبرك فقال ابن عباس وفی الباب عن انس وبریدة ویزید بن ثابت وابی ہریرة وعامر بن ربیعة وابی قتادة وسہل بن حنیف **قال** ابو عیسی حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح والعمل علی ہذا عند اکثر اہل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرہم وہو قول الشافعی واحمد واسحاق وقال بعض اہل العلم لایصلی علی القبر وہو قول مالك بن انس وقال ابن المبارك اذا دفن المیت ولم یصل علیه صلی علی القبر ورای ابن المبارك الصلوة علی القبر وقال احمد واسحاق یصلی علی القبر الی شہر وقالا اکثر ما سمعنا عن ابن المسیب ان النبی صلی الله علیه وسلم صلی علی قبر ام سعد بن عبادة بعد شہر **حدثنا** محمد بن بشار نا یحیی بن سعید عن سعید بن ابی عروبة عن قتادة عن سعید بن المسیب ان ام سعد ماتت والنبی صلی الله علیه وسلم غائب فلما قدم صلی علیہا

بیچ ایک کپڑے کے پھر فرماتے کہ کس کو ان میں سے زیادہ قرآن یاد ہے پس جب اشارہ کیا جاتا واسطے آپ کے طرف ایک کے ان دونوں میں سے تو آگے کرتے اسکو قبر میں یعنی جانب قبلے کے گویا وہ امام ہوتا بسبب قاری ہونے کے اور فرماتے کہ میں گواہی دونگا انپر دن قیامت کے کہ یہ راہ خدا میں مارے گئے اور حکم فرمایا ساتھ دفن کرنے انکے کے خون سمیت اور نہ نماز پڑھی انپر اور نہ نہلائے گئے اور اس باب میں انس بن مالک سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسی نے جابر کی حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی گئی یہ حدیث زہری سے انہوں نے انس سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کی گئی ہے زہری سے انہوں نے عبداللہ بن ثعلبہ بن ابی صعیر سے انہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور بعض نے اسکو جابر سے ذکر کیا ہے اور اہل علم کو شہید کے جنازہ پڑھنے میں اختلاف ہے سو بعضے کہتے ہیں کہ شہید کا جنازہ نہ پڑھا جاوے یہ قول اہل مدینہ کا ہے اور ساتھ اسی کے قائل ہیں شافعی اور احمد اور بعض کہتے ہیں کہ شہید کا جنازہ پڑھا جاوے اور دلیل پکڑی ہے انہوں نے ساتھ حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ آپ نے حمزہ کا جنازہ پڑھا یہ قول ثوری اور کوفہ والوں کا اور اسحاق کا ہے **باب** دفن کے بعد قبر پر جنازہ پڑھنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے انہوں نے کہا خبر دی ہمکو ہشیم نے شیبان سے انہوں نے کہا خبر دی ہمکو شعبی نے انہوں نے کہا خبر دی مجکو جسنے نبی صلعم کو دیکھا اور ایک اکیلی قبر کو دیکھا پس صف بنائی آپ نے اپنے اصحاب کی پس نماز پڑھی اسپر سو کہا گیا واسطے انکے کہ کسنے خبر دی تجکو انہوں نے کہا ابن عباس نے اور اس باب میں انس اور بریدہ اور یزید بن ثابت اور ابی ہریرہ اور عامر بن ربیعہ اور ابی قتادہ اور سہل بن حنیف سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسی نے ابن عباس کی حدیث حسن صحیح ہے اور اکثر اہل علم کا عمل اسی پر ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے اور یہی قول شافعی اور احمد اور اسحاق کا ہے اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ قبر پر جنازہ پڑھنا درست نہیں اور یہی ہے قول مالک بن انس کا اور ابن مبارک نے کہا کہ اگر بدون جنازہ کے مردہ دفن کیا گیا ہو تو قبر پر نماز پڑھی جاوے اور ابن مبارک نے کہا کہ قبر پر جنازہ پڑھنا درست ہے اور احمد اور اسحاق کہتے ہیں کہ ایک مہینہ تک قبر پر جنازہ پڑھنا درست ہے بعد اسکے درست نہیں اور کہتے ہیں کہ ہمنے ابن مسیب سے بہت سنا ہے کہ نبی صلعم نے نماز پڑھی اوپر قبر ام سعد بن عبادہ کے بعد ایک مہینہ کے **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے انہوں نے کہا خبر دی ہمکو یحیی بن سعید نے سعید بن ابی عروبہ سے انہوں نے روایت کی قتادہ سے انہوں نے سعید بن مسیب سے کہ ام سعد مر گئی اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم غائب تھے (یعنی کہیں سفر کو گئے تھے) سو جب آپ تشریف لائے تو نماز پڑھی اسپر یعنی اسکی قبر پر

سلہ امام مالک اور شافعی اور احمد اور اسحاق ایک روایت میں کہتے ہیں کہ شہید کا جنازہ پڑھنا درست نہیں انکی دلیل حدیث باب کی ہے اور امام ابو حنیفہ اور اوزاعی اور ثوری اور صاحبین اور احمد اور اسحاق ایک روایت میں کہتے ہیں کہ شہید کا جنازہ پڑھنا درست ہے اور یہی ہے قول اہل حجاز کا اور انکی دلیل یہ حدیث ہے کہ حضرت نے احد والوں پر نماز پڑھی ۱۲ ابن ہمام سلہ قبر پر جنازہ پڑھنے میں علماء کا اختلاف ہے جمہور علماء کہتے ہیں کہ قبر پر جنازہ پڑھنا درست ہے خواہ پہلے پڑھ چکے ہوں یا نہ پڑھ چکے ہوں اور امام ابو حنیفہ اور مالک اور نخعی کہتے ہیں کہ اگر پہلے نہ پڑھ چکے ہوں تو درست ہے ورنہ درست نہیں لیکن امام ابو حنیفہ کی شرط یہ ہے کہ اگر پھٹ گیا ہو قبر میں تو درست ہے ورنہ نہیں اور بعضے کہتے ہیں کہ یہ حضرت کا خاصہ تھا اور کو درست نہیں اور بعضے کہتے ہیں کہ تین دن تک درست ہے پھر درست نہیں اور امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ آنحضرت کا قبر پر جنازہ پڑھنا نماز کی وجہ سے نہ تھا بلکہ صرف دعا کی وجہ سے تھا ۱۲ ح

وقد مضی لذلك شهر **باب** ماجاء فی صلوٰة النبی صلی الله علیه وسلم علی النجاشی **حدثنا** ابو سلمة بن یحیی بن خلف وحمید بن مسعدة قالا نا بشر بن المفضل نا یونس بن عُبید عن محمد بن سیرین عن ابی المُهلّب عن عمران بن حصین قال قال لنا رسول الله صلی الله علیه وسلم ان اخاکم النجاشی قد مات فقوموا فصلوا علیه قال فقمنا فصففنا کما یُصَفُّ علی المیت وصلینا علیه کما یُصَلّی علی المیت وفی الباب عن ابی هریرة وجابر بن عبد الله وابی سعید وحذیفة ابن اسید وجریر بن عبد الله **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح غریب من هذا الوجه وقد رواه ابو قلابة عن عمه ابی المهلب عن عمران بن حصین وابو المهلب اسمه عبد الرحمن بن عمرو ویقال له معاویة بن عمرو **باب** ماجاء فی فضل الصلوٰة علی الجنازة **حدثنا** ابو کریب نا عبدة بن سلیمان عن محمد بن عمرو نا ابو سلمة عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من صلی علی جنازة فله قیراط ومن تبعها حتی یقضی دفنها فله قیراطان احدهما او اصغرهما مثل احد فذکرت ذلك لابن عمر فارسل الی عائشة فسألها عن ذلك فقالت صدق ابو هریرة فقال ابن عمر لقد فرطنا فی قراریط کثیرة قال وفی الباب عن البراء وعبد الله بن مُغفّل وعبد الله بن مسعود وابی سعید واُبیّ بن کعب وابن عمر وثوبان **قال** ابو عیسی حدیث ابی هریرة حدیث حسن صحیح وروی عنه من غیر وجه **باب** آخر **حدثنا** محمد بن بشار نا روح بن عبادة نا عباد بن منصور قال سمعت ابا المُهزّم یقول صحبتُ ابا هریرة عشر سنین فسمعته یقول سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول من اتبع جنازة وحملها ثلث مرات فقد قضی ما علیه من حقها **قال** ابو عیسی هذا حدیث غریب ورواه بعضهم بهذا الاسناد ولم یرفعه وابو المُهزّم اسمه یزید بن سفیان وضعّفهُ شعبة **باب** ماجاء فی القیام للجنازة

اور اُسکو ایک مہینہ گذرا تھا **باب** نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نجاشی پر نماز پڑھنے میں **حدیث** بیان کی ہمسے ابو سلمہ بن یحیی بن خلف اور حمید بن مسعدہ نے اُن دونوں نے کہا خبر دی ہمکو بشر بن مفضل نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یونس بن عبید نے محمد بن سیرین سے اُسنے روایت کی ابی مہلب سے اُسنے عمران بن حصین سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمکو فرمایا کہ تمھارا بھائی نجاشی مر گیا پس کھڑے ہو اور نماز پڑھو اُسپر کہا سو ہم کھڑے ہوئے سو ہمنے صف باندھی جیسے کہ صف باندھی جاتی ہے میت پر اور نماز پڑھی ہمنے اُسپر جیسے کہ نماز پڑھی جاتی ہے میت[1] پر اور اس باب میں ابی ہریرہ اور جابر بن عبد اللہ اور ابی سعید اور حذیفہ بن اُسید اور جریر بن عبد اللہ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اس طریق سے اور تحقیق روایت کیا ہے اسکو ابو قلابہ نے اپنے چچا ابی مہلب سے اُسنے عمران بن حصین سے اور ابو مہلب کا نام عبد الرحمان بن عمرو ہے اور اسکو معاویہ بن عمرو بھی کہتے ہیں **باب** نماز جنازہ کی فضیلت کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبدہ بن سلیمان نے محمد بن عمرو سے کہا خبر دی ہمکو ابو سلمہ نے ابو ہریرہ رضہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص نماز پڑھے جنازہ پر تو اُسکو ایک قیراط[2] کے برابر ثواب ملتا ہے اور جو شخص کہ جنازہ کے ساتھ جاوے یہانتک کہ تمام ہو دفن اُسکا تو اُسکو دو قیراط کے برابر ثواب ملتا ہے ایک اُن میں سے یا فرمایا چھوٹی قیراط اُن میں سے مانند پہاڑ احد کے ہے سو ذکر کیا میں نے واسطے ابن عمر کے تو اُسنے کسی کو عائشہ رضہ کے پاس بھیجا اور اُس سے یہ حدیث پوچھی سو اُسنے کہا کہ ابو ہریرہ نے سچ کہا سو ابن عمر نے کہا کہ البتہ قصور کیا ہمنے بیچ بہت قیراطون کے کہا اور اس باب میں براء اور عبد اللہ بن مغفل اور عبد اللہ بن مسعود اور ابی سعید اور ابی بن کعب اور ابن عمر اور ثوبان سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے ابو ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور اُس سے کئی وجہ پر مروی ہے **باب** یہ دوسرا باب ہے **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو روح بن عبادہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عباد بن منصور نے اُسنے کہا سنا میں نے ابا مہزم سے کہتا تھا کہ صحبت رکھی میں نے ابو ہریرہ سے دس سال پس سنا میں نے اُسکو کہتے تھے کہ سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ جو شخص کہ جاوے ساتھ جنازہ کے اور اُٹھا دے اُسکو تین بار تو تحقیق ادا کیا اُسنے جو اُسپر حق اُسکا تھا کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہے اور بعض نے اُسکو اسی اسناد سے روایت کیا ہے اور نہیں مرفوع کیا اُسکو اور ابو المہزم کا نام یزید بن سفیان ہے اور ضعیف کہا ہے اُسکو شعبہ نے **باب** جنازہ کے واسطے کھڑے ہونے کا بیان

[1] اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ غائب کا جنازہ پڑھنا درست ہے اور یہی ہے قول امام شافعی رحمہ اللہ کا اور امام ابو حنیفہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ غائب کا جنازہ درست نہیں اُنکے نزدیک یہ حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خاصہ ہے ۱۲ [2] قیراط کہتے ہیں دینار کے بارہویں حصہ کو اور یہاں قیراط سے مراد حصہ عظیم ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یہ جو لوگون میں مروج ہے کہ جنازہ پڑھنے کے بعد وارثِ میت سے اذن رخصت کے واسطے لینا ضروری ہے ضروری نہیں ہاں اگر قبر پر جا کر دفن کر کے رخصت ہوگا تو دو قیراط کے برابر ثواب پائیگا اور اگر صرف نماز جنازہ پڑھنے کے بعد ہی چلا جائیگا تو ایک قیراط ۱۲

حدثنا قتيبة نا الليث عن ابن شهاب عن سالم بن عبد الله عن ابيه عن عامر بن ربيعة عن النبي صلى الله عليه وسلم ونا قتيبة نا الليث عن نافع عن ابن عمر عن عامر بن ربيعة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اذا رايتم الجنازة فقوموا لها حتى تخلفكم او توضع وفي الباب عن ابي سعيد وجابر وسهل بن حنيف وقيس بن سعد و ابي هريرة **قال** ابو عيسى حديث عامر بن ربيعة حديث حسن صحيح **حدثنا** نصر بن علي الجهضمي والحسن بن علي الحلواني قالا نا وهب بن جرير نا هشام الدستوائي عن يحيى بن ابي كثير عن ابي سلمة عن ابي سعيد الخدري قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا رايتم الجنازة فقوموا لها فمن تبعها فلا يقعدن حتى توضع **قال** ابو عيسى حديث ابي سعيد في هذا الباب حديث حسن صحيح وهو قول احمد واسحاق قالا من تبع جنازة فلا يقعد حتى توضع عن اعناق الرجال وقد روي عن بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم انهم كانوا يتقدمون الجنازة ويقعدون قبل ان تنتهي اليهم الجنازة وهو قول الشافعي **باب** في الرخصة في ترك القيام **حدثنا** قتيبة نا الليث بن سعد عن يحيى بن سعيد عن واقد وهو ابن عمرو بن سعد بن معاذ عن نافع بن جبير عن مسعود بن الحكم عن علي بن ابي طالب انه ذكر القيام في الجنائز حتى توضع فقال علي قام رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم قعد وفي الباب عن الحسن بن علي وابن عباس **قال** ابو عيسى حديث علي حديث حسن صحيح وفيه رواية اربعة من التابعين بعضهم عن بعض والعمل على هذا عند بعض اهل العلم قال الشافعي هذا اصح شيء في هذا الباب وهذا الحديث ناسخ للحديث الاول اذا رايتم الجنازة فقوموا وقال احمد ان شاء قام وان شاء لم يقم واحتج بان النبي صلى الله عليه وسلم قد روي عنه انه قام ثم قعد وهكذا قال اسحاق بن ابراهيم ومعنى قول علي قام النبي صلى الله عليه وسلم في الجنازة ثم قعد يقول كان النبي صلى الله عليه وسلم يقوم اذا راى الجنازة ثم ترك ذلك بعد فكان لا يقوم اذا راى الجنازة

حدیث بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو لیث نے ابن شہاب سے اُسنے روایت کی سالم بن عبد اللہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عامر بن ربیعہ سے اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اور خبر دی ہمکو قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو لیث نے نافع سے اُسنے روایت کی ابن عمر سے اُسنے عامر بن ربیعہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب دیکھو تم جنازہ کو تو کھڑے ہو جاؤ واسطے اُسکے یہانتک کہ پیچھے چھوڑے تمکو اور یا زمین پر رکھا جاوے اور اس باب میں ابی سعید اور جابر اور سہل بن حنیف اور قیس بن سعد اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے کہ عامر بن ربیعہ کی حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** بیان کی ہمسے نصر بن علی جہضمی اور حسن بن علی حلوانی نے انھوں نے کہا خبر دی ہمکو وہب بن جریر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ہشام دستوائی نے یحییٰ بن ابی کثیر سے اُسنے روایت کی ابی سلمہ سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب دیکھو تم جنازہ کو تو کھڑے ہو جاؤ سو جو شخص کہ جاوے ساتھ اُسکے تو نہ بیٹھے یہانتک کہ رکھا جاوے کہا ابو عیسیٰ نے ابو سعید کی حدیث اس باب میں حسن صحیح ہے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا کہتے ہیں کہ جو شخص کہ جاوے ساتھ اُسکے تو نہ بیٹھے یہاں تک کہ رکھا جاوے آدمیوں کی گردنوں سے اور بعض اہل علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے روایت ہے کہ وہ جنازہ سے آگے بڑھ جاتے تھے اور بیٹھتے تھے پہلے اس سے کہ پہونچے اُنکے پاس جنازہ اور یہ قول شافعی کا ہے **باب** جنازہ کے واسطے نہ اُٹھنے کی اجازت کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو لیث بن سعد نے یحییٰ بن سعید سے اُسنے روایت کی واقد سے وہی ابن عمر سعد بن معاذ ہے اُسنے نافع بن جبیر سے اُسنے مسعود بن حکم سے اُسنے علی بن ابی طالب سے کہ تحقیق ذکر کیا گیا کھڑا ہونا واسطے جنازہ کے یہانتک کہ رکھا جاوے سو علی نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہلے کھڑے ہوئے پھر بعد اُسکے کھڑا ہونا ترک کیا اور اس باب میں حسن بن علی اور ابن عباس سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے علی کی حدیث حسن صحیح ہے اور اسمیں چار تابعین سے روایت ہے بعض بعض سے روایت کرتے ہیں اور عمل اسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے امام شافعی نے کہا کہ یہ زیادہ تر صحیح چیز ہے اس باب میں اور یہ حدیث ناسخ ہے واسطے پہلی حدیث کے کہ جب تم جنازہ کو دیکھو تو کھڑے ہو جاؤ اور احمد نے کہا کہ اختیار ہے خواہ کھڑا ہووے اور خواہ کھڑا نہ ہووے اور دلیل پکڑی ہے اُسنے ساتھ اسکے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پہلے کھڑے ہوئے پھر بیٹھے اور اسی طرح کہا اسحاق بن ابراہیم نے اور معنی قول حضرت علی کا کہ کھڑے ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک جنازہ میں پھر بیٹھ گئے یہ ہے کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب دیکھتے جنازہ کو تو کھڑے ہوتے پھر چھوڑ دیا آپنے کھڑا ہونا پیچھے اُسکے پس نہ اُٹھتے جبکہ دیکھتے جنازہ کو

سلہ کھڑے ہو جا دینے واسطے تکریم میت اور تعظیم ایمان اُسکے کے یا بسبب ہولِ موت کے یہ اشارہ ہے اسپر کہ اُس وقت بے پرواہ نہونا چاہیے بلکہ ڈر سے بیقرار ہو کر اٹھ کھڑا رہے اور بیٹھ کھانا تب تک نہ بیٹھے اور بعضے کہتے ہیں کہ اختیار ہے خواہ بیٹھے خواہ کھڑا رہے اور بعضے دونوں کو مستحب کہتے ہیں اور جمہور علماء کے نزدیک یہ حدیث اور جو اس قسم کی ہے منسوخ ہیں یعنی پہلے یہ حکم تھا پھر منسوخ ہوا اب جنازہ کے واسطے کھڑا ہونا ضرور نہیں بلکہ مستحب ہے طیبی سلہ اس حدیث کا دونوں طرح سے معنی ہو سکتا ہے پہلا معنی وہ ہے جو امام احمد نے اختیار کیا اور دوسرا معنی وہ ہے جو خود ترمذی نے بیان کیا ۱۲

باب ماجاء في قول النبي صلى الله عليه وسلم اللحد لنا والشق لغيرنا **حدثنا** ابوكريب ونصر بن عبد الرحمن الكوفي ويوسف بن موسى القطان البغدادي قالوا نا حكام بن سلم عن علي بن عبد الاعلى عن ابيه عن سعيد بن جبير عن ابن عباس قال قال النبي صلى الله عليه وسلم اللحد لنا والشق لغيرنا وفي الباب عن جرير بن عبد الله وعائشة وابن عمر وجابر **قال** ابوعيسى حديث ابن عباس حديث غريب من هذا الوجه **باب** ماجاء مايقول اذا ادخل الميت قبره **حدثنا** ابوسعيد الاشج نا ابوخالد الاحمر نا الحجاج عن نافع عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم اذا ادخل الميت القبر قال قال ابوخالد اذا وضع الميت في لحده قال مرة بسم الله وبالله وعلى ملة رسول الله وقال مرة بسم الله وبالله وعلى سنة رسول الله صلى الله عليه وسلم **قال** ابوعيسى هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه وقد روى هذا الحديث من غير هذا الوجه ايضا عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم رواه ابوالصديق الناجي عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم وقد روى عن ابي الصديق عن ابن عمر موقوفا ايضا **باب** ماجاء في الثوب الواحد يلقى تحت الميت في القبر **حدثنا** زيد بن اخزم الطائي نا عثمان بن فرقد قال سمعت جعفر بن محمد عن ابيه قال الذي لحد قبر رسول الله صلى الله عليه وسلم ابوطلحة والذي القى القطيفة تحته شقران مولى لرسول الله صلى الله عليه وسلم قال جعفر واخبرني ابن ابي رافع قال سمعت شقران يقول انا والله طرحت القطيفة تحت رسول الله صلى الله عليه وسلم في القبر وفي الباب عن ابن عباس **قال** ابوعيسى حديث شقران حديث حسن غريب وروى علي ابن المديني عن عثمان بن فرقد هذا الحديث **حدثنا** محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد عن شعبة عن ابي جمرة عن ابن عباس قال جعل في قبر رسول الله صلى الله عليه وسلم قطيفة حمراء **قال** ابوعيسى هذا حديث حسن صحيح وقد روى عن ابي حمزة القصاب واسمه عمران بن ابي عطاء وروى عن ابي جمرة الضبعي واسمه

باب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ہو کہ لحد ہمارے واسطے ہی اور شق واسطے غیر ہمارے کے **حدیث** بیان کی ہمسے ابوکریب اور نصر بن عبد الرحمان کوفی اور یوسف بن موسی قطان بغدادی نے انھوں نے کہا خبر دی ہمکو حکام بن سلم نے علی بن عبد الاعلی سے اسنے روایت کی اپنے باپ سے اسنے سعید بن جبیر سے اسنے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ لحد[1] ہمارے واسطے ہی اور شق واسطے غیر ہمارے کے اور اس باب میں جریر بن عبد اللہ اور عائشہ اور ابن عمر اور جابر سے بھی روایت ہی کہا ابوعیسی نے ابن عباس کی حدیث غریب ہی اس وجہ سے **باب** جب میت قبر میں داخل کی جاوے تو اس وقت کیا کہا جاوے **حدیث** بیان کی ہمسے ابوسعید اشج نے اسنے کہا خبر دی ہمکو ابوخالد احمر نے اسنے کہا خبر دی ہمکو حجاج نے نافع سے اسنے روایت کی ابن عمر سے کہ جبکہ داخل کی جاتی ہی میت قبر میں اور ابوخالد نے کہا جبکہ رکھی جاتی ہی میت اپنی قبر میں تو فرماتے حضرت کہ رکھتا ہوں میں ساتھ نام اللہ کے اور ساتھ حکم اللہ کے اور اوپر شریعت رسول خدا کے اور ایک بار کہا اوپر طریقہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا ابوعیسی نے یہ حدیث غریب ہی اس طریق سے اور تحقیق روایت کی گئی ہی یہ حدیث غیر اس وجہ سے بھی ابن عمر رض سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کیا ہی اسکو ابوصدیق ناجی نے ابن عمر سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور تحقیق روایت کی گئی ہی ابی صدیق سے اسنے ابن عمر سے موقوف بھی **باب** قبر میں میت کے تلے ایک کپڑا ڈالنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے زید بن اخزم طائی نے اسنے کہا خبر دی ہمکو عثمان بن فرقد نے اسنے کہا سنا میں نے جعفر بن محمد سے اسنے روایت کی اپنے باپ سے کہ جسنے لحد میں رکھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ ابوطلحہ ہیں اور جسنے کملی ڈالی تلے حضرت کے وہ شقران[2] ہی جو غلام آزاد کیا ہوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہی کہا جعفر نے اور خبر دی ہمکو ابن ابی رافع نے کہا سنا میں نے شقران سے کہتے تھے کہ قسم ہی خدا کی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تلے لوئی ڈالی تھی قبر میں اور اس باب میں ابن عباس رض سے بھی روایت ہی کہا ابوعیسی نے شقران کی حدیث حسن غریب ہی اور روایت کی علی بن مدینی نے عثمان بن فرقد سے یہ حدیث **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بشار نے اسنے کہا خبر دی ہمکو یحیی بن سعید نے شعبہ سے اسنے روایت کی ابی جمرہ سے اسنے ابن عباس رض سے کہا کہ ڈالی گئی بیچ قبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک لوئی سرخ کہا ابوعیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور تحقیق روایت کی شعبہ نے ابی جمرہ قصاب سے اور نام اسکا عمران بن ابی عطار ہے اسنے ابی جمرہ ضبعی سے اور نام اسکا

[1] لحد کہتے ہیں اسکو کہ قبر میں قبلے کی طرف کو داک کرتے ہیں جسکو یہاں بغلی قبر کہتے ہیں اس سے معلوم ہوتا ہی کہ مستحب ہی لحد کرنا اور اگر زمین نرم ہو اور خوف ڈہہ جانیکا ہو تو شق کرے اور اگر خوف نہو تو جب بھی شق درست ہی گو سنت لحد ہی ۱۲ [2] شقران حضرت کے غلام نے اُس لوئی کو بدون کہے صحابہ کے قبر میں رکھدیا تھا اور کہا شقران نے مکروہ جانا میں نے کہ استعمال کرے اسکو کوئی بعد آپ کے اور بعضے عالم کہتے ہیں کہ یہ حضرت کا خاصہ تھا دوسرے کو یہ امر جائز نہیں اور بعض نے کہا کہ علی اور ابن عباس شقران سے اس باب میں جھگڑے اور ابن عبد البر نے کتاب استیعاب میں لکھا ہی کہ وہ لوئی نکالی گئی قبر میں سے پہلے ڈالنے مٹی کے اور علماء کہتے ہیں کہ میت کے تلے کپڑا بچھانا مکروہ ہی کہ وہ اسراف میں داخل ہی ۱۲ ج ت

نضر بن عمران وكلاهما من اصحاب ابن عباس وقد روی عن ابن عباس انه كره ان يلقی تحت الميت فی القبر شیٔ والی هذا ذهب بعض اهل
العلم وقال محمد بن بشار فی موضع اٰخر حدثنا محمد بن جعفر ويحيی عن شعبة عن ابی جمرة عن ابن عباس وهذا اصح **باب ما جاء**
فی تسوية القبر حدثنا محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدی نا سفيان عن حبيب بن ابی ثابت عن ابی وائل ان عليا قال لابی الهياج
الاسدی اَبعَثُكَ علی ما بعثنی النبی صلی الله عليه وسلم ان لا تدع قبرا مشرفا الا سويته ولا تمثالا الا طمسته وفی الباب عن جابر
قال ابو عيسی حديث علی حديث حسن والعمل علی هذا عند بعض اهل العلم يكرهون ان يرفع القبر فوق الارض قال الشافعی اكره
ان يرفع القبر الا بقدر ما يعرف انه قبر لكيلا يُوطَأ ولا يُجلَس عليه **باب** ما جاء فی كراهية الوطی علی القبور والجلوس عليها **حدثنا**
هناد نا ابن المبارك عن عبد الرحمن بن يزيد بن جابر عن بسر بن عُبيد الله عن ابی ادريس الخولانی عن واثلة بن الاسقع عن ابی مرثد
الغنوی قال قال النبی صلی الله عليه وسلم لا تجلسوا علی القبور ولا تصلّوا اليها وفی الباب عن ابی هريرة وعمرو بن حزم وبشير بن
الخصاصية **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدی عن عبد الله بن المبارك بهذا الاسناد نحوه **حدثنا** علی بن حجر وابو عمار قالا
نا الوليد بن مسلم عن عبد الرحمن بن يزيد بن جابر عن بسر بن عبيد الله عن واثلة بن الاسقع عن ابی مرثد عن النبی صلی الله عليه وسلم
نحوه وليس فيه عن ابی ادريس وهذا الصحيح **قال** ابو عيسی قال محمد حديث ابن المبارك خطاء اخطأ فيه ابن المبارك وزاد فيه عن
ابی ادريس الخولانی وانما هو بسر بن عبيد الله عن واثلة بن الاسقع هكذا روی غير واحد عن عبد الرحمن بن يزيد بن جابر وليس فيه عن ابی ادريس الخولانی

نصر بن عمران ہے اور وہ دونون ابن عباس کے یارون مین سے ہین اور تحقیق روایت کی گئی ہے ابن عباس سے کہ مکروہ جانا اُسنے یہ کہ ڈالے میت کے
نیچے قبر کے کوئی چیز اور طرف اسی کے گئے ہین بعض اہل علم اور کہا محمد بن بشار نے دوسری جگہہ مین **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن جعفر اور یحیی نے
شعبہ سے اُسنے ابی جمرہ سے اُسنے ابن عباس سے اور یہ زیادہ تر صحیح ہے **باب** قبر کے برابر کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے
اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الرحمان بن مہدی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے حبیب بن ابی ثابت سے اُسنے روایت کی ابی وائل سے کہ تحقیق
علی نے ابی الہیاج اسدی سے کہا کہ کیا نہ بھیجون مین تجکو اوپر اُس کام کے کہ بھیجا مجکو اوپر اُسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ کام یہ ہے کہ نہ چھوڑ تو کسی
تصویر کو مگر کہ مٹا دے اُسکو اور نہ کسی قبر بلند کو مگر کہ برابر کر دے اُسکو اور اِس باب مین جابر سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسی نے علی کی حدیث حسن
ہے اور اسی پر عمل ہے نزدیک بعض اہل علم کے کہتے ہین کہ قبر کو زمین سے اونچی کرنے مکروہ ہے اور شافعی نے کہا کہ مکروہ ہے یہ کہ بلند کی جاوے قبر مگر اسقدر
کہ پہچانی جاوے کہ وہ قبر ہے تاکہ نہ روندی جاوے اور نہ بیٹھا جاوے اوپر اُسکے **باب** قبرون کو روندنا اور اُنپر بیٹھنا منع ہے **حدیث** بیان
کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابن مبارک نے عبد الرحمان بن یزید بن جابر سے اُسنے روایت کی بسر بن عبید اللہ سے اُسنے ابی ادریس
خولانی سے اُسنے واثلہ بن اسقع سے اُسنے ابی مرثد غنوی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ بیٹھو اوپر قبرون کے اور نہ نماز پڑہو طرف قبرون کے
اور اِس باب مین ابی ہریرہ اور عمرو بن حزم اور بشیر بن خصاصیہ سے بھی روایت ہے **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی
ہمکو عبد الرحمان بن مہدی نے عبد اللہ بن مبارک سے ساتھ اِس اسناد کے مثل اُسکے **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن حجر اور ابو عمار نے اُنھون نے
کہا خبر دی ہمکو ولید بن مسلم نے عبد الرحمان بن یزید بن جابر سے اُسنے روایت کی بسر بن عبید اللہ سے اُسنے واثلہ بن الاسقع سے اُسنے ابی مرثد
سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے اور نہین ہے اسمین واسطہ ابی ادریس کا اور یہ زیادہ صحیح ہے کہا ابو عیسی نے کہ بخاری نے کہا کہ
ابن مبارک کی حدیث خطا ہے خطا کی اسمین ابن مبارک نے اور زیادہ کیا اسمین واسطہ ابی ادریس کا اور سوا اِسکے نہین کہ وہ بسر بن عبید اللہ ہے
واثلہ بن اسقع سے اسی طرح روایت کی بہت لوگون نے عبد الرحمان بن یزید بن جابر سے اور نہین اسمین واسطہ ابی ادریس خولانی کا

ف علما نے لکھا ہے کہ تصویر رکھنی حرام ہے اور مٹانا اُسکا واجب ہے اور نہین جائز ہے بیٹھنا اور بر والنے اور برابر کر دے یعنی پست کر دے ایسی کہ قریب زمین کے ہو جاوے
اسقدر کہ صورت اُسکی باقی رہے کہ مقدار اُسکی بقدر بالشت کے ہے جو کہ سنت ہے اور علما کہتے ہین مستحب ہے یہ کہ بلند ہو قبر بقدر بالشت کے اور مکروہ ہے زیادہ کرنا اس
اور مستحب ہے تیمم دینا اُسکا ۱۲ ع ح ۲ کہا ابن ہمام نے کہ مکروہ ہے بیٹھنا قبر پر اور روندنا اسکو مگر قبر کھودنے کی ضرورت ہو تو روندنا درست ہے مگر مستحب ہے کہ ننگے پاؤن قبرون مین جاوے اور
اسی طرح مکروہ ہے سونا نزدیک قبر کے اور تکیہ لگانا اور استنجا کرنا نزدیک اُسکے نہایت مکروہ ہے اور نماز پڑھنا طرف اُسکے اگر واسطے تعظیم قبر یا قبر والے کے پڑھتا ہے تو صریح کفر ہے والا مکروہ تحریمی ہے اور یہی حکم ہے
جنازہ کا اگر سامنے رکھا ہے بلکہ کراہت اسمین زیادہ ہے اور اسمین اہل مکہ بھی گرفتار ہین ۱۲ ع ح ۲

وبسر بن عبید اللہ قد سمع من واثلۃ بن الاسقع **باب** ماجاء فی کراهیۃ تجصیص القبور والکتابۃ علیها **حدثنا** عبد الرحمن بن الاسود ابو عمرو البصری نا محمد بن ربیعۃ عن ابن جریج عن ابی الزبیر عن جابر قال نهی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان تجصص القبور وان یکتب علیها وان یبنی علیها وان توطا **قال** ابو عیسی هذا حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجہ عن جابر وقد رخص بعض اهل العلم منهم الحسن البصری فی تطیین القبور وقال الشافعی لا باس ان یطین القبر **باب** ما یقول الرجل اذا دخل المقابر **حدثنا** ابو کریب نا محمد بن الصلت عن ابی کدینۃ عن قابوس بن ابی ظبیان عن ابیہ عن ابن عباس قال مر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بقبور المدینۃ فاقبل علیهم بوجهہ فقال السلام علیکم یا اهل القبور یغفر اللہ لنا ولکم انتم سلفنا ونحن بالاثر وفی الباب عن بریدۃ وعائشۃ حدیث ابن عباس حدیث حسن غریب وابو کدینۃ اسمہ یحیی بن المهلب وابو ظبیان اسمہ حصین بن جندب **باب** ماجاء فی الرخصۃ فی زیارۃ القبور **حدثنا** محمد بن بشار ومحمود بن غیلان والحسن بن علی الخلال قالوا نا ابو عاصم النبیل نا سفین عن علقمۃ بن مرثد عن سلیمن بن بریدۃ عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قد کنت نهیتکم عن زیارۃ القبور فقد اذن لمحمد فی زیارۃ قبر امہ فزوروها فانها تذکر الاخرۃ وفی الباب عن ابی سعید وابن مسعود

اور بسر بن عبید اللہ نے سنا ہی واثلہ بن اسقع سے **باب** قبر کا گچ کرنا اور اسپر لکھنا مکروہ ہی **حدیث** بیان کی ہمسے عبد الرحمن بن اسود نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو محمد بن ربیعہ نے ابن جریج سے اُسنے روایت کی ابی زبیر سے اُسنے جابر سے کہا کہ منع فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے گچ کرنے قبر کے سے اور لکھنے سے قبر پر اور عمارت بنانے سے قبر پر اور روندنے سے قبر کے کہا ابو عیسے نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور تحقیق روایت کی گئی ہی کئی وجہ پر جابر سے اور تحقیق اجازت دی ہی بعض اہل علم نے بیچ لیپ دینے قبر کے مٹی سے یہ قول حسن بصری کا ہی۔ اور شافعی نے کہا کہ نہین ڈر یہ کہ مٹی سے لیپی جاوے قبر **باب** جب آدمی قبرون پر جاوے تو کیا کہے **حدیث** بیان کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو محمد بن صلت نے ابی کدینہ سے اُسنے روایت کی قابوس بن ابی ظبیان سے اُسنے روایت کی ابن عباس رضہ سے کہا کہ گذرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیچ قبرون مدینہ کے سو متوجہ ہوئے اُنپر ساتھ مُنھ اپنے کے پس کہا کہ سلام ہو تمپر اے قبرون والو بخشے اللہ ہمکو اور تمکو تم پہلے پہنچے ہوے ہو اور ہم پیچھے سے آتے ہین۔ اور اس باب مین بریدہ اور عائشہ رضہ سے بھی روایت ہے ابن عباس رضہ کی حدیث حسن غریب ہی۔ اور ابو کدینہ کا نام یحیی بن مہلب ہی اور ابو ظبیان کا نام حصین بن جندب ہی۔ **باب** قبرون کی زیارت کرنی جائز ہی **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار اور محمد بن غیلان اور حسن بن علی خلال نے انھون نے کہا خبر دی ہمکو ابو عاصم نبیل نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے علقمہ بن مرثد سے اُسنے روایت کی سلیمان بن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق مین منع کیا کرتا تھا تمکو زیارت کرنے سے قبرون کے پس تحقیق اجازت دی گئی محمد کو بیچ زیارت کرنے قبر ماں اپنی کے پس زیارت کرو تم قبرون کی کہ البتہ وہ زیارت کرنا یاد دلاتا ہے آخرت کو اور اس باب مین ابی سعید اور ابن مسعود

ف ۱ ازہار مین لکھا ہی کہ قبر کو گچ کرنا مکروہ ہی اور عمارت بنانی درست نہین اور واجب ہی ڈھا دینا اُسکا اگرچہ ہو مسجد اور خواہ قبر کی چنائی مین گچ کرے خواہ اُسکے اوپر کرے اور تورپشتی نے کہا کہ بنا دونون کو شامل ہی یعنے خواہ قبر پر پتھر وغیرہ سے عمارت کرے خواہ خیمہ وغیرہ کھڑا کرے دونون منع ہین اور بعضے کہتے ہین کہ مراد یہ ہی کہ غم کے مارے قبر پر نہ بیٹھے جیسے یہان بعضے آدمی قبرون پر فقیر ہو بیٹھتے ہین ۱۲

ف ۲ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مستحب ہی جب کوئی میت پر سلام کرے تو اپنا مُنھ میت کے سامنے کرے اور دعا کرنے مین اسی طرح رہے اور اسی پر عمل ہی اکثر مسلمین کا ۱۲ ع

ف ۳ سب اہل علم کا اجماع ہی اسپر کہ مردون کو قبرون کی زیارت کرنی درست ہی اور عورتون کو منع ہی کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اُس سے منع فرمایا۔ سو بعض اہل علم کہتے ہین کہ عورتون کو قبرون کی زیارت کرنی پہلے منع تھی اب درست ہی کہ رسول علیہ الصلوۃ والسلام نے عام اجازت دی اور اکثر اہل علم کہتے ہین کہ عورتون کو اب بھی قبرون کی زیارت کرنی منع ہی اور عموم اجازت کا انکو شامل نہین ۱۲

وانس وابی ہریرة وام سلمة **قال** ابوعیسی حدیث بریدة حسن صحیح والعمل علی ھذا عند اھل العلم لا یرون بزیارة القبور باسا وھو قول ابن المبارک والشافعی واحمد واسحاق **باب** ماجاء فی کراھیة زیارة القبور للنساء **حدثنا** قتیبة نا ابوعوانة عن عُمر بن ابی سلمة عن ابیہ عن ابی ہریرة ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لعن زوّارات القبور و فی الباب عن ابن عباس وحسان بن ثابت **قال** ابوعیسی وھذا حدیث حسن صحیح وقد رای بعض اھل العلم ان ھذا کان قبل ان یرخّص النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی زیارة القبور فلما رخّص دخل فی رخصتہ الرجال والنساء وقال بعضھم انما کرہ زیارة القبور للنساء لقلة صبرھن وکثرة جزعھن **باب** ماجاء فی زیارة القبور للنساء **حدثنا** الحسین بن حُریث نا عیسی بن یونس عن ابن جُریج عن عبد اللہ بن ابی مُلیکة قال توفی عبد الرحمن بن ابی بکر بالحُبشی قال فحُمل الی مکة فدفن فیھا فلما قدمت عائشة اتت قبر عبد الرحمن بن ابی بکر فقالت وکنا کندمانی جذیمة حقبة من الدھر حتی قیل لن یتصدعا فلما تفرقنا کانّی ومالکا لطول اجتماع لم نبت لیلة معا ثم قالت واللہ لو حضرتک مادُفنت الا حیث مُتّ ولو شھدتک مازرتک **باب** ماجاء فی الدفن باللیل **حدثنا** ابوکریب ومحمد بن عمرو السواق قالا نا یحیی بن الیمان عن المنھال بن خلیفة عن الحجاج بن ارطاة عن عطاء عن ابن عباس

اور انس اور ابی ہریرہ اور ام سلمہ سے بھی روایت ہے کہا ابوعیسیٰ نے حدیث بریدہ کی حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے کہتے ہین کہ قبرون کی زیارت مین کچھ ڈر نہین اور یہی ہے قول ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا **باب** عورتون کو قبرون کی زیارت کرنی منع ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابوعوانہ نے عمرو بن ابی سلمہ سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ رضہ سے یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے لعنت فرمائی عورتون بہت زیارت کرنے والیون قبرون کو اور اس **باب** مین ابن عباس اور حسان بن ثابت سے بھی روایت ہے کہا ابوعیسےٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور بعض اہل علم کہتے ہین کہ یہ حکم لعنت کا تھا پہلے اس سے کہ اجازت دین نبی صلے اللہ علیہ وسلم بیچ زیارت کرنے قبرون کے پس جبکہ اجازت دی آپنے تو داخل ہوگئے بیچ اجازت کے مرد اور عورت اور بعض نے کہا کہ عورتون کو قبرون کی زیارت کرنی اسواسطے منع ہے کہ اُنکو صبر کم ہے اور جزع فزع بہت کرتی ہین **باب** عورتون کو قبرون کی زیارت کرنی جائز ہے **حدیث** بیان کی ہمسے حسین بن حریث نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عیسےٰ بن یونس نے ابن جریج سے اُسنے روایت کی عبد اللہ بن ابی ملیکہ سے کہا کہ وفات کیا گیا عبد الرحمن بن ابی بکر حبشی (ایک جگہ کا نام ہے پاس مکہ کے) مین پس اٹھایا گیا طرف مکہ کے پس دفن کیا گیا بیچ اُسکے پس جب عائشہ رضہ مکہ مین آئین تو عبد الرحمن بن ابی بکر رضہ کی قبر پاس گئین اور کہا اور تھے ہم مانند دو وزیرون کے جذیمہ کے بہت زمانہ اکٹھے یہانتک کہ کہا گیا کہ وہ دونون کبھی جدا نہین ہونگے سو جب جدا ہوئے ہم تو گویا کہ مین اور مالک باوجود اس درازی صحبت قدیمہ کے نہ اکٹھے رہے ایک رات[1] پھر عائشہ رضہ نے کہا قسم ہے خدا کی اگر حاضر ہوتی مین تیرے پاس وقت مرنے تیرے کے تو نہ دفن کیا جاتا تو مگر جسجگہ کہ مرا تھا اور اگر حاضر ہوتی مین تیرے پاس وقت مرنے تیرے کے نہ زیارت کرتی مین تیری یعنے دوبارہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے زیارت کرنے والیون پر لعنت کی ہے **باب** رات مین دفن کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے ابوکریب اور محمد بن عمرو سواق نے اُن دونون نے کہا خبر دی ہمکو یحییٰ بن یمان نے منہال بن خلیفہ سے اُسنے روایت کی حجاج بن ارطاۃ سے اُسنے عطاء سے اُسنے ابن عباس رضہ سے

[1] یہ دو بیت متمم نے اپنے بھائی مالک کے فراق مین کہے تھے جبکہ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے اُسکو امیر المومنین ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت مین مار ڈالا تھا معنے بیتون کے یہ ہین متمم کہتا ہے کہ ہم تھے مانند دو ہمنشینون جذیمہ کے مدت دراز زمانہ سے اور جذیمہ ایک بادشاہ کا نام ہے کہ ملک عراق مین اُسکا حکم تھا اور اسکے دو وزیر تھے مالک اور عقیل کہ چالیس برس تک دونون اکٹھے اور ندیم اُسکے رہے اور اُنکو نعمان نے مارا اُنکے قتل کا قصہ بھی عجیب ہے پس متمم اپنے بھائی کے مرثیہ مین کہتا ہے کہ مین اور تو دونون آپسمین محبت رکھنے والے تھے اور جدا نہ تھے ایک مدت دراز تک مانند دو ہمنشینون جذیمہ کے کہ وہ بھی ایک مدت دراز تک اسی طرح ہمنشینی رکھتے تھے کہ لوگ بسبب جمع ہونے اُنکے کے مدت دراز تک کہتے تھے کہ کبھی جدا نہونگے پھر متمم کہتا ہے کہ جب ہم جدا ہوئے یعنی مین اور مالک میرا بھائی بسبب مرنے مالک کے تو گویا کہ مین اور مالک باوجود جمع ہونے کے ایک مدت دراز تک ایک رات بھی اکٹھے نہ رہے تھے اور وہ مدت دراز آتی ہو یا خواب گویا کہ وہ مدت دراز ہمنشینی کی ایک آن کی طرح گذر گئی پس عائشہ رضہ نے یہ دو بیت حسب حال اپنے بھائی کے فراق مین پڑھے اور نہ زیارت کرتی مین یعنی دوبارہ اسلیے کہ حضرت صلعم نے زیارت کرنے والیون کو لعنت کی ہے ولیکن از بسکہ تجھے مرتے ہوئے نہ دیکھا تھا اسلیے تیری قبر کی زیارت کی ۱۲ تمام

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم دخل قبرًا لیلاً فاُسرج له سراج فاخذه من قبل القبلة وقال رحمك الله ان كنت لاوّاهاً تلّاءً للقران وكبّر عليه اربعا وفی الباب عن جابر ويزيد بن ثابت وهو اخو زيد بن ثابت اكبر منه **قال** ابو عيسى حديث ابن عباس حديث حسن وقد ذهب بعض اهل العلم الى هذا وقال يدخل الميت القبر من قبل القبلة وقال بعضهم يُسَلّ سلًّا ورخّص اكثر اهل العلم فی الدفن بالليل **باب** ما جاء فی الثناء الحسن على الميت **حدثنا** احمد بن منيع نا يزيد بن هارون نا حميد عن انس بن مالك قال مُرّ على رسول الله صلى الله عليه وسلم بجنازة فاثنوا عليها خيرا فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم وجبت ثم قال انتم شهداء الله فی الارض قال وفی الباب عن عمر وكعب بن عجرة وابی هريرة **قال** ابو عيسى حديث انس حديث حسن صحيح **حدثنا** يحيى بن موسى وهارون بن عبد الله البزار قالا نا ابو داؤد الطيالسی نا داود بن ابی الفرات نا عبد الله بن بريدة عن ابی الاسود الديلی قال قدمت المدينة فجلست الى عمر بن الخطاب فمرّوا بجنازة فاثنوا عليها خيرا فقال عمر وجبت فقلت لعمر وما وجبت قال اقول كما قال رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ما من مسلم يشهد له ثلاثة الا وجبت له الجنة قال قلنا واثنان قال واثنان قال ولم نسال رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الواحد **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح وابو الاسود الديلی اسمه ظالم بن عمرو بن سفيان **باب** ما جاء فی ثواب من قدّم ولدا **حدثنا** قتيبة عن مالك بن انس ح ونا الانصاری نا معن نا مالك بن انس عن ابن شهاب عن سعيد بن المسيّب عن ابی هريرة

کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم ایک قبر میں رات کو داخل ہوئے سو آپ کے لیے چراغ جلایا گیا سو پکڑا آپ نے میت کو قبلہ کی طرف سے اور فرمایا کہ رحمت کرے تجکو اللہ تحقیق تھا تو بہت رونے والا بہت پڑھنے والا قرآن کا اور تکبیر کہی آپ نے اُسپر چار بار اور اس باب میں جابر اور یزید بن ثابت سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسیٰ نے ابن عباس رض کی حدیث حسن ہی اور تحقیق گئے ہیں بعض اہل علم طرف اسکے اور کہتے ہیں کہ داخل کی جاوے میت قبر میں قبلہ کی طرف سے اور بعضے کہتے ہیں کہ نکال کی جاوے نکالنا اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ رات کو دفن کرنا جائز ہی **باب** میت پر نیکی کی تعریف کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یزید بن ہارون نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حمید نے انس رض سے کہ ایک جنازہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر گذرا سو تعریف کی لوگوں نے اُسپر بھلائی کی سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ واجب ہوئی پھر فرمایا کہ تم گواہ ہو اللہ کی زمین میں اور اس باب میں عمر اور کعب بن عجرہ اور ابی ہریرہ رض سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسیٰ نے کہ انس کی حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** بیان کی ہمسے یحییٰ بن موسیٰ اور ہارون بن عبد اللہ بزار نے اُن دونوں نے کہا خبر دی ہمکو ابو داؤد طیالسی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو داؤد بن ابی فرات نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن بریدہ نے ابی اسود دیلی سے کہا کہ میں مدینہ میں آیا اور عمر فاروق رض پاس بیٹھا سو اصحاب ایک جنازہ پر گذرے سو تعریف کی اُسپر بھلائی کی سو عمر رض نے کہا کہ واجب ہوئی یعنے بہشت ہوئی سو میں نے عمر رض سے کہا کہ کیا چیز واجب ہوئی اُسنے کہا میں نے کہا جیسے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہا کہ نہیں کوئی میت کہ گواہی دیں واسطے اُسکے تین آدمی مگر کہ واجب ہو جاتی ہی واسطے اُسکے بہشت کہا کہ ہمنے کہا کہ اگر دو آدمی گواہی دیں فرمایا اور دو بھی کہا اور نہیں پوچھا ہمنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک

کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور ابو الاسود دیلی کا نام ظالم بن عمرو بن سفیان ہی **باب** جسکا کوئی فرزند مرجاوے اُسکا کیا ثواب ہی **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے مالک بن انس سے ح اور حدیث بیان کی ہمسے انصاری نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو معن نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو مالک بن انس نے ابن شہاب سے اُسنے روایت کی زہری سے اُسنے ابی ہریرہ رض سے

لہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رات کو دفن کرنا درست ہی اور مانع کا قول مردود ہی اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ میت کو قبر میں قبلہ کی طرف سے داخل کیا جاوے یہ قول حنفیہ کا ہی اور شافعیہ کہتے ہیں کہ جنازہ قبر کی پائنتی رکھا جاوے اور میت کو سر کی طرف سے نکالکر قبر میں داخل کیا جاوے کہ حضرت م کو اسی طرح داخل کیا گیا تھا اور حنفیہ کہتے ہیں کہ وہاں جگہ تنگ تھی اسواسطے پائنتی رکھا گیا تھا ۱۲ ع ح لہ یعنی ثابت ہوئی واسطے اسکے بہشت بر تقدیر صحیح ہونے اس چیز کے کہ تعریف کی اُسپر یا اگر مراحالت تعریف پر اور بعض کہتے ہیں کہ یہ حکم عام نہیں ہر شخص کے لیے بلکہ امید ہی جنت کی اور بعض نے کہا کہ یہ تعریف کسی کے لیے بہشت کو واجب نہیں کرتی بلکہ یہ علامت ہی جنت کی اور مراد تعریف کرنا اور برا کہنا نیک بختوں کا ہی کہ بدلان دخل لغو فی کے کہتے ہیں اور اگر کوئی فاسق کسی سبب اہل فسق کی تعریف کرے یا کسی نیکبخت کی برائیاں بیان کرے تو اسکا کچھ اعتبار نہیں اور تم گواہ ہو اللہ کے یعنے اکثر اوقات ایسا ہی ہوتا ہی کہ جیسا ہوتا ہی اسی طرح اللہ تعالیٰ لوگوں سے کہلواتا ہی یہ معنے نہیں کہ جو مستحق دوزخ ہو اُنکے کہنے سے بہشتی ہو جاتا ہی یا بالعکس کیا تجکو معلوم نہیں کہ کسی کو قطعی جنتی اور دوزخی کہنا جائز نہیں اگرچہ اسکے لیے گواہی دے ایک جماعت کثیرہ ۱۲ ع ع ح ح

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یموت لاحد من المسلمین ثلاثۃ من الولد فتمسہ النار الا تحلۃ القسم وفی الباب عن عمر ومعاذ وکعب بن مالک وعتبۃ بن عبد وام سلیم وجابر وانس وابی ذر وابن مسعود وابی ثعلبۃ الاشجعی وابن عباس وعقبۃ بن عامر وابی سعید وقرۃ بن ایاس المزنی وابو ثعلبۃ لہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم حدیث واحد ھذا الحدیث ولیس ھو بالخشنی **قال** ابو عیسی حدیث ابی ہریرۃ حدیث حسن صحیح **حدثنا** نصر بن علی الجہضمی نا اسحاق بن یوسف نا العوام بن حوشب عن ابی محمد مولی عمر بن الخطاب عن ابی عبیدۃ بن عبد اللہ بن مسعود عن عبد اللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من قدم ثلثۃ لم یبلغوا الحنث کانوا لہ حصنا حصینا قال ابو ذر قدمت اثنین قال واثنین فقال ابی بن کعب سید القراء قدمت واحدا قال وواحد ولکن انما ذاک عند صدمۃ الاولی **قال** ابو عیسی ھذا حدیث غریب وابو عبیدۃ لم یسمع من ابیہ **حدثنا** نصر بن علی الجہضمی وابو الخطاب زیاد بن یحیی البصری قالا نا عبد ربہ بن بارق الحنفی قال سمعت جدی ابا امی سماک بن الولید الحنفی یحدث انہ سمع ابن عباس یحدث انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من کان لہ فرطان من امتی ادخلہ اللہ بہما الجنۃ فقالت لہ عائشۃ فمن کان لہ فرط من امتک قال ومن کان لہ فرط یا موفقۃ قالت فمن لم یکن لہ فرط من امتک قال فانا فرط امتی لن یصابوا بمثلی **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث عبد ربہ بن بارق وقد روی عنہ غیر واحد من الائمۃ **حدثنا** احمد بن سعید المرابطی نا حبان بن ہلال نا عبد ربہ بن بارق فذکر نحوہ وسماک بن الولید الحنفی ھو ابو زمیل الحنفی

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں مرتے ہیں فرزند کسی کے مسلمانوں سے پھر لگے اسکو آگ مگر واسطے کھولنے قسم[1] کے اور اس باب میں عمر اور معاذ اور کعب بن مالک اور عتبہ بن عبد اور ام سلیم اور جابر اور انس اور ابی ذر اور ابن مسعود اور ابی ثعلبہ اور ابن عباس اور عقبہ بن عامر اور ابی سعید اور قرہ بن ایاس سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسیٰ نے ابو ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** بیان کی ہمسے نصر بن علی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اسحاق بن یوسف نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عوام بن حوشب نے ابی محمد سے جو مولیٰ ہے عمر کا اُسنے روایت کی ابی عبیدہ بن عبد اللہ بن مسعود رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کہ آگے بھیج چکا ہو تین فرزند جو نہ پہنچے ہوں جوانی کو تو ہونگے وہ اُسکے واسطے قلعہ مضبوط ابو ذر نے کہا کہ میں دو فرزند آگے بھیج چکا ہوں فرمایا اور دو بھی تیرے لیے قلعہ ہونگے سو اُبی بن کعب نے کہا کہ میں ایک فرزند آگے بھیج چکا ہوں فرمایا اور ایک کا بھی یہی حکم ہے مگر یہ ثواب فقط نزدیک پہلے صدمہ[2] کے ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہے اور ابو عبیدہ نے اپنے باپ سے نہیں سُنا **حدیث** بیان کی ہمسے نصر بن علی اور ابو خطاب زیاد بن یحییٰ نے اُن دونوں نے کہا خبر دی ہمکو عبد ربہ نے اسنے کہا سُنا میں نے اپنے دادے سماک بن ولید سے حدیث بیان کرتا تھا کہ اُسنے ابن عباس رض سے سُنا کہ اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا کہ فرماتے تھے کہ وہ شخص کہ مرگئے ہوں واسطے اُسکے دو فرزند[3] پہلے بالغ ہونے کے امت میری سے داخل کریگا اُسکو اللہ بسبب اُن دونوں کے بہشت میں پھر عائشہ رض نے کہا سو جو شخص کہ مرگیا ہو واسطے اُسکے ایک فرزند آپ کی امت سے پس فرمایا اور جو شخص کہ مرگیا ہو واسطے اُسکے ایک فرزند تو اُسکا بھی یہی حکم ہے اے توفیق[4] دی گئی پھر عائشہ رض نے کہا اور جو شخص کہ نہ مرا ہو واسطے اُسکے ایک فرزند بھی آپ کی امت سے تو اُسکا کیا حال ہے سو فرمایا کہ میں ہوں میر منزل اپنی امت کا نہیں مصیبت پہنچائے گئے مانند مصیبت میرے کے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث عبد اللہ بن بارق سے اور تحقیق روایت کی اُس سے بہت اماموں نے **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن سعید مرابطی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حبان بن ہلال نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد ربہ بن بارق نے پس ذکر کیا مثل اُسکی اور سماک بن ولید حنفی وہ ابو زمیل حنفی ہے۔

---

[1] یعنی قرآن میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ نہیں کوئی مگر داخل ہوگا دوزخ میں اگرچہ ایک آن ہی کو مانند بجلی اور ہوا کے یعنی جسکے تین فرزند مرجاویں وہ دوزخ میں داخل نہیں ہوگا مگر اُسی قدر کہ یہ قسم سچ ہوجاوے یعنے فقط پلصراط سے گذر ہی ہو دیگا اس قسم کے سچ ہونیکے لیے عذاب سے نہیں ہوگا ۱۲

[2] یعنے یہ ثواب صرف اُسی وقت ملتا ہے کہ ابتداء مصیبت میں صبر کرے اور جزع ہو والا اخیر کو تو آپ ہی صبر آجاتا ہے ۱۲ [3] فرط اُسکو کہتے ہیں کہ قافلہ سے آگے جاکر منزل پر قافلہ کے لیے سامان پانی وغیرہ کا تیار کرتا ہے اور مراد یہاں لفظ فرط سے فرزند ہے کہ نابالغ مرجاوے کہ وہ پہلے جاکے سامان باپ کے لیے بہشت کی نعمتوں کی تیاری کرتا ہے یعنی شفاعت کرکے اُنکو بہشت میں لیجاویگا اور میں میر منزل ہوں اپنی امت کا یعنی پہلے اُنسے جاتا ہوں اور شفاعت کرکے اُنکو جنت میں لیجاؤنگا اسلیے کہ ثواب بقدر مصیبت کے ہوتا ہے اور میرا اُٹھ جانا بڑی مصیبت ہے اُنکے حق میں اسکے برابر کوئی مصیبت نہیں ہوسکتی ۱۲ [4] یعنی توفیق دی گئی اچھی باتوں کی اور اچھی باتیں پوچھنے کی ۱۲

باب ماجاء فی الشھداء من ھم **حدثنا** الانصاری نا معن نا مالك ح و نا قتیبة عن مالك عن سُمَیّ عن ابی صالح عن ابی ھریرة ان رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم قال الشھداء خمس المطعون والمبطون والغریق وصاحب الھدم والشھید فی سبیل اللہ وفی الباب عن انس وصفوان بن امیة وجابر بن عَتِیك وخالد بن عُرفُطة وسلیمان بن صُرَد وابی موسی وعائشة **قال** ابو عیسی حدیث ابی ھریرة حدیث حسن صحیح **حدثنا** عبید بن اسباط بن محمد القرشی الکوفی نا ابی نا ابو سِنَان الشیبانی عن ابی اسحاق السبیعی قال قال سلیمان بن صرد لخالد بن عُرفُطة او خالد لسلیمان اما سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقول من قتله بطنه لم یُعَذَّبْ فی قبره فقال احدھما لصاحبه نعم **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن غریب فی ھذا الباب وقد روی من غیر ھذا الوجه

باب ماجاء فی کراھیة الفرار من الطاعون **حدثنا** قتیبة نا حماد بن زید عن عمرو بن دینار عن عامر بن سعد عن اسامة بن زید ان النبی صلی اللہ علیه وسلم ذکر الطاعُونَ فقال بَقِیَّةُ رِجْزٍ او عذابٍ اُرْسِلَ علی طائفة من بنی اسرائیل فاذا وقع بارض وانتم بھا فلا تخرجوا منھا واذا وقع بارض ولستم بھا فلا تھبطوا علیھا وفی الباب عن سعد وخزیمة بن ثابت وعبد الرحمن بن عوف وجابر وعائشة **قال** ابو عیسی حدیث اسامة بن زید حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی من احب لقاء اللہ احب اللہ لقاءہ **حدثنا** احمد بن المقدام ابو الاشعث العجلی نا المعتمر بن سُلَیمان قال سمعت ابی یحدث عن قتادة عن انس عن عبادة بن الصامت عن النبی صلی اللہ علیه وسلم قال من اَحَبَّ لقاء اللہ احب اللہ لقاءہ ومن کرہ لقاء اللہ کرہ اللہ لقاءہ وفی الباب عن ابی موسی وابی ھریرة وعائشة **قال** ابو عیسی حدیث عبادة بن الصامت حدیث حسن صحیح

باب شہید کون لوگ ہیں **حدیث** بیان کی ہمسے انصاری نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو معن نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو مالک نے ح اور خبر دی ہمکو قتیبہ نے مالک سے اُسنے روایت کی سمی سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ رضہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شہید[1] پانچ قسم ہیں ایک وہ جو وبا میں مرے دوسرا وہ جو پیٹ کی بیماری سے مرے یعنی دستوں اور استسقاء وغیرہ سے تیسرا وہ جو ڈوب کر مرتے یعنے بدون اختیار کے چوتھا وہ جو دیوار یا چھت سے گر کر مرے پانچواں وہ جو راہ خدا میں شہید ہو۔ اور اس باب میں انس اور صفوان بن امیہ اور جابر بن عتیک اور خالد بن عرفطہ اور سلیمان بن صرد اور ابی موسٰی اور عائشہ رضہ سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسے نے ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** بیان کی ہمسے عبید بن اسباط نے اُسنے کہا خبر دی مجکو باپ میرے نے اُسنے کہا خبر دی مجکو ابو سنان شیبانی نے ابی اسحق سے کہا کہ کہا سلیمان بن صرد نے واسطے خالد بن عرفطہ کے یا خالد نے سلیمان سے کہا کہ کیا تو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں سنا کہ آپنے فرمایا کہ جو شخص کہ قتل کرے اُسکو پیٹ اُسکا نہ عذاب کیا جاویگا وہ اپنی قبر میں سو ایک نے اپنے ساتھی سے کہا کہ ہاں یعنی میں نے حضرت سے یہ حدیث سنی ہی کہا ابو عیسے نے یہ حدیث حسن غریب ہی اس باب میں اور تحقیق روایت کی گئی ہی سوائے اسوجہ کے بھی **باب** وبا سے بھاگنا منع ہی **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حماد بن زید نے عمرو بن دینار سے اُسنے روایت کی عامر بن سعد سے اُسنے اسامہ بن زید سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ذکر کیا وبا کو پس فرمایا کہ وہ بقیہ رجز یا عذاب کا ہی جو بھیجا گیا تھا ایک جماعت پر بنی اسرائیل سے سو جب کسی زمین میں وبا پڑے اور ہو تم بیچ اُسکے تو نہ نکلو بھاگ کر اُس سے اور جب کسی زمین میں وبا پڑے اور تم اُسمیں نہو تو نہ جاؤ اُسمیں اور اس باب میں سعد اور خزیمہ بن ثابت اور عبد الرحمان بن عوف اور جابر اور عائشہ سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسٰی نے اسامہ کی حدیث حسن صحیح ہی۔

باب جو شخص کہ دوست رکھے اللہ کی ملاقات کو دوست رکھتا ہی اللہ اُسکی ملاقات کو **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن مقدام نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو معتمر بن سلیمان نے اُسنے کہا سنا میں نے اپنے باپ سے کہ حدیث بیان کرتا تھا قتادہ سے اُسنے روایت کی انس سے اُسنے عبادہ بن صامت سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کہ دوست رکھے اللہ کی ملاقات کو دوست[2] رکھتا ہی اللہ اُسکی ملاقات کو اور جو شخص کہ ناخوش رکھتا ہی اللہ کی ملاقات کو تو ناخوش رکھتا ہی اللہ اُسکی ملاقات کو اور اس باب میں ابی موسٰی اور ابی ہریرہ اور عائشہ سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسٰی نے عبادہ کی حدیث حسن صحیح ہی

---

[1] شہید ستر قسم کے ہیں جنکا ذکر احادیثوں میں آیا ہی مگر اصلی اور حقیقی شہید وہی ہی جو راہ خدا میں لڑکر شہید ہو باقی حکمی شہید ہیں یعنی اُنکو بھی شہیدوں کا سا ثواب ملتا ہے

[2] یعنے جسنے دوست رکھا پھرنے کو طرف آخرت کے اور طلب کرنے کو اُس چیز کے کہ جو اُسکے پاس ہی اور نہ مائل ہوا طرف دنیا کی اور نہ راضی ہوا ساتھ زندگی دنیا کے اور ترک کیا اُسکو تو دوست رکھا اُسنے اللہ کی ملاقات کو اور جسنے دنیا کو دوست رکھا تو اُسنے خدا کی ملاقات کو ناخوش رکھا پس ناخوش رکھتا ہی اللہ تعالی اُسکی ملاقات کو ۱۲

حدثنا حمید بن مسعدة نا خالد بن الحارث نا سعید بن ابی عروبة ح ونا محمد بن بشار نا محمد بن بکر عن سعید بن ابی عروبة عن قتادة عن زرارة بن ابی اوفی عن سعد بن ہشام عن عائشة انہا ذکرت ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من احبّ لقاء اللہ احبّ اللہ لقاءہ ومن کرہ لقاء اللہ کرہ اللہ لقاءہ قالت فقلت یا رسول اللہ کلنا یکرہ الموت قال لیس کذلک ولکن المؤمن اذا بشّر برحمة اللہ ورضوانہ وجنتہ احب لقاء اللہ واحب اللہ لقاءہ وان الکافر اذا بُشّر بعذاب اللہ وسخطہ کرہ لقاء اللہ وکرہ اللہ لقاءہ **قال** ابو عیسی ہذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی من یقتل نفسہ لم یُصلّ علیہ **حدثنا** یوسف بن عیسی نا وکیع نا اسرائیل وشریک عن سماک بن حرب عن جابر بن سمرة ان رجلا قتل نفسہ فلم یصل علیہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم **قال** ابو عیسی ہذا حدیث حسن وقد اختلف اہل العلم فی ہذا فقال بعضہم یصلی علی کل من صلی للقبلة وعلی قاتل النفس وہو قول سفیان الثوری واسحاق وقال احمد لا یصلی الامام علی قاتل النفس ویصلی علیہ غیر الامام **باب** ماجاء فی المدیون **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابوداود نا شعبة عن عثمان بن عبد اللہ بن موہب قال سمعتُ عبد اللہ بن ابی قتادة یحدث عن ابیہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اُتی برجل لیصلی علیہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلوا علی صاحبکم فان علیہ دینا قال ابو قتادة ہو علیّ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالوفاء فقال بالوفاء فصلی علیہ وفی الباب عن جابر وسلمة بن الاکوع واسماء بنت یزید **قال** ابو عیسی حدیث ابی قتادة حدیث حسن صحیح **حدثنا** ابو الفضل مکتوم بن العباس قال ثنی عبد اللہ بن صالح ثنی اللیث ثنی عقیل عن ابن شہاب اخبرنی ابو سلمة بن عبد الرحمن عن ابی ہریرة ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان

حدیث بیان کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے اسنے کہا خبر دی ہمکو خالد بن حارث نے اسنے کہا خبر دی ہمکو سعید بن ابی عروبہ نے ح اور خبر دی ہمکو محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو محمد بن ابی بکر نے سعید بن ابی عروبہ سے اُسنے روایت کی قتادہ سے اُسنے زرارہ بن ابی اوفی سے اُسنے سعد بن ہشام سے اُسنے عائشہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کہ دوست رکھے اللہ کی ملاقات کو دوست رکھتا ہے اللہ اُسکی ملاقات کو اور جو کوئی ناخوش رکھتا ہے اللہ کی ملاقات کو تو ناخوش رکھتا ہے اللہ اُسکی ملاقات کو سو ہمنے کہا کہ یا رسول اللہ ہم سب ناخوش رکھتے ہین موت کو فرمایا یہ معنی نہین لیکن مطلب یہ ہے کہ مومن جبکہ خوشخبری دیا جاتا ہے ساتھ رحمت اللہ کے اور رضامندی اُسکی کے اور بہشت اُسکی کے تو دوست رکھتا ہے اللہ کی ملاقات کو اور دوست رکھتا ہے اللہ اُسکی ملاقات کو اور کافر جبکہ خوشخبری دیا جاتا ہے ساتھ عذاب اللہ کے اور غصے اُسکے کے تو ناخوش رکھتا ہے اللہ کی ملاقات کو اور ناخوش رکھتا ہے اللہ اُسکی ملاقات کو کہا ابو عیسی نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

باب جو شخص اپنی جان کو مار ڈالے اُسکا جنازہ نہ پڑھا جاوے **حدیث** بیان کی ہمسے یوسف بن عیسے نے اسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اسرائیل اور شریک نے سماک بن حرب سے اُسنے روایت کی جابر بن سمرہ سے کہ ایک مرد نے قتل کیا اپنی جان کو سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکا جنازہ نہ پڑھا کہا ابو عیسے نے یہ حدیث حسن ہے اور اہل علم کو اس مسئلہ مین اختلاف ہے بعضے کہتے ہین کہ جو کوئی قبلہ کی طرف نماز پڑھے اُسکا جنازہ پڑھا جاوے اور جو اپنے تئین آپ مار ڈالے اُسکا بھی جنازہ پڑھا جاوے اور یہی قول سفیان ثوری اور اسحاق کا ہے اور احمد نے کہا کہ نہ نماز پڑھے امام اوپر قاتل نفس کے اور نماز پڑھے اُسپر غیر امام

باب قرضدار کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو داؤد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے عثمان بن عبد اللہ سے اُسنے کہا کہ سنا مین نے عبد اللہ بن ابی قتادہ سے کہ حدیث بیان کرتا تھا اپنے باپ سے کہ لوگ ایک آدمی کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لائے تاکہ آپ اُسپر نماز پڑھین سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نماز پڑھو تم اپنے ساتھی پر اسلیے کہ اُسپر قرض ہے[1] ابو قتادہ نے کہا کہ اُسکا قرض مجھپر ہے فرمایا کہ اسی طرح کہ تو اسکو ادا کرے اُسنے کہا ہان سو نماز پڑھی حضرت نے اُسپر اور اس باب مین جابر اور سلمہ بن اکوع اور اسماء بنت یزید سے بھی روایت ہے کہا ابو عیسے نے ابی قتادہ کی حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ابو الفضل مکتوم بن عباس نے اُسنے کہا اور حدیث بیان کی مجھسے عبد اللہ بن صالح نے اُسنے کہا حدیث بیان کی لیث نے اُسنے کہا حدیث کی مجھکو عقیل نے ابن شہاب سے اُسنے کہا خبر دی مجکو ابو سلمہ بن عبد الرحمن نے ابوہریرہ سے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

[1] اگر اپنی جان مارنے کو وہ شخص حلال جانتا ہے تو ہمیشہ دوزخ مین مریگا اور اگر حلال نہین جانتا تو ہمیشہ دوزخ مین نہ رہیگا یعنی لمبی مدت کو کبھی سدا بولتے ہین ۱۲ [2] حضرت نے اُسپر نماز نہ پڑھی یا تو اسلیے کہ لوگ پرہیز کرین دین سے اور باز رہین تاخیر اور تقصیر کرنے سے ادا مین یا حضرت نے مناسب نہ جانا کہ مین دعا کرون اُسکے لیے اور وہ موقوف رہے یعنی تو قبول ہو بسبب اُسکے اُسپر لوگون کے حق ہین اور یہ حدیث دلیل ہے اسپر کہ میت کی طرف سے ضامن ہونا جائز ہے برابر ہے کہ چھوڑا ہو مال ادائے قرض کے لیے یا نہ چھوڑا ہو اور یہی مذہب ہے شافعی اور اکثر علما کا مخالف ابو حنیفہ کے کہ اُنکے نزدیک

يؤتى بالرجل المتوفى عليه الدين فيقول هل ترك لدينه من قضاء فان حدث انه ترك وفاء صلى عليه والا قال للمسلمين صلوا على صاحبكم فلما فتح الله عليه الفتوح قام فقال انا اولى بالمؤمنين من انفسهم فمن توفى من المؤمنين وترك دينا فعلي قضاؤه ومن ترك مالا فهو لورثته قال ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح وقد رواه يحيى بن بكير وغير واحد عن الليث بن سعد **باب** ما جاء في عذاب القبر **حدثنا** ابو سلمة يحيى بن خلف البصري نا بشر بن المفضل عن عبد الرحمن بن اسحاق عن سعيد بن ابي سعيد المقبري عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا اقبر الميت او قال احدكم اتاه ملكان اسودان ازرقان يقال لاحدهما المنكر وللآخر النكير فيقولان ما كنت تقول في هذا الرجل فيقول ما كان يقول هو عبد الله ورسوله اشهد ان لا اله الا الله وان محمدا عبده ورسوله فيقولان قد كنا نعلم انك تقول هذا ثم يفسح له في قبره سبعون ذراعا في سبعين ثم ينور له فيه ثم يقال له نم فيقول ارجع الى اهلي فاخبرهم فيقولان نم كنومة العروس الذي لا يوقظه الا احب اهله اليه حتى يبعثه الله من مضجعه ذلك وان كان منافقا قال سمعت الناس يقولون فقلت مثله لا ادري فيقولان قد كنا نعلم انك تقول ذلك فيقال للارض التئمي عليه فتلتئم عليه فتختلف اضلاعه فلا يزال فيها معذبا حتى يبعثه الله من مضجعه ذلك وفي الباب عن علي وزيد بن ثابت وابن عباس والبراء بن عازب وابي ايوب وانس وجابر وعائشة وابي سعيد كلهم رووا عن النبي صلى الله عليه وسلم في عذاب القبر **قال** ابو عيسى حديث ابي هريرة حديث حسن غريب **حدثنا** هناد نا عبدة عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا مات الميت عرض عليه مقعده فان كان من اهل الجنة فمن اهل الجنة وان كان من اهل النار فمن اهل النار ثم يقال هذا مقعدك حتى يبعثك الله يوم القيمة **قال** ابو عيسى هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في اجر من عزى مصابا

لائے جاتے ساتھ مرے آدمی کے کہ ہوتا اُسپر قرض پس فرماتے کیا چھوڑا اُسنے واسطے ادا کے قرض اپنے کے کوئی چیز کہ اُس سے قرض ادا ہو پس اگر بیان کیے جاتے کہ وہ چھوڑ گیا ہے مال اسقدر کہ قرض ادا ہو جاویگا تو نماز پڑھتے اُسپر اور اگر نہیں تو مسلمانوں کو فرماتے کہ نماز پڑھو اپنی ساتھی پر پس جبکہ کھولیں اللہ نے اوپر آپکے فتوحات تو کھڑے ہوئے منبر پس فرمایا میں زیادہ لائق ہوں ساتھ مسلمانوں کے جانوں اُنکی سے سو جو شخص کہ مرے مومنین سے اور چھوڑے قرض تو مجھپر ہے ادا کرنا اُسکا اور جو کوئی چھوڑے مال پس وہ واسطے وارثوں اُسکے کے ہے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کی یحییٰ بن بکیر اور بہتوں نے لیث بن سعد سے **باب** قبر کے عذاب کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے ابو سلمہ نے یحییٰ بن خلف بصری سے اُسنے کہا خبر دی ہمکو بشر بن مفضل نے عبد الرحمن بن اسحق سے اُسنے روایت کی ابی سعید بن ابی سعید سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب دفن کی جاتی ہے میت یا فرمایا ایک تمہارا تو آتے ہیں اُسکے پاس دو فرشتے سیاہ رنگ کیری آنکھوں والے کہا جاتا ہے واسطے ایک کے منکر اور دوسرے کے نکیر پس کہتے ہیں وہ دونوں کیا کہتا تھا تو بیچ حق اس مرد کے پس کہتا ہے وہ کہ جو کہتا تھا کہ وہ بندہ اللہ کا ہے اور اُسکا رسول ہے گواہی دیتا ہوں اسکی کہ نہیں کوئی معبود برحق سوا خدا کے اور تحقیق محمد بندہ اُسکا ہے اور اُسکا رسول ہے پس کہتے ہیں وہ فرشتے کہ ہم جانتے تھے کہ تو یہ بات کہتا تھا پھر فراخی کی جاتی ہے اُسکی قبر میں ستر گز ستر گز میں پھر روشنی کیجاتی ہے واسطے اُسکے بیچ قبر کے پھر کہا جاتا ہے اُسکو کہ سو رہ پس کہتا ہے کہ میں پھر جاؤنگا طرف گھر والوں اپنے کے پس خبر دوں اُنکو پس کہتے ہیں وہ دونوں کہ سو رہ مانند سونے دُلہن کے کہ نہیں جگاتا اُسکو مگر جو زیادہ تر پیارا ہو طرف اُسکی اہل اُسکے سے یہانتک کہ اُٹھا دے اُسکو اللہ اُس لیٹنے کی جگہہ سے ۔ اور اگر ہو منافق تو کہتا ہے کہ سنا میں نے لوگوں سے کہتے تھے مثل اسکی پس کہا میں نے مثل اسکی میں کچھ نہیں جانتا پس کہتے ہیں وہ دونوں فرشتے کہ تحقیق ہم جانتے تھے کہ تو یہی کہتا تھا پس کہا جاتا ہے واسطے زمین کے کہ مل جا اُسپر پس مل جاتی ہے اُسپر پس مختلف ہوتی ہیں پسلیاں اُسکی سو ہمیشہ عذاب کیا جاتا ہے اُسمیں یہانتک کہ اُٹھا دے اُسکو اللہ اُسکے لیٹنے کی جگہہ سے اور اس باب میں علی اور زید بن ثابت اور ابن عباس اور براء بن عازب اور ابی ایوب اور انس اور جابر اور عائشہ اور ابی سعید سے بھی روایت ہے وہ سب روایت کرتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بیچ عذاب قبر کے کہا ابو عیسیٰ نے ابی ہریرہ کی حدیث حسن غریب ہے حدیث بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبدہ نے عبید اللہ سے اُسنے روایت کی نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب آدمی مرجاتا ہے تو سامنے کیا جاتا ہے اُسپر ٹھکانا اُسکا پس اگر ہو وہ بہشت والوں سے تو بہشتیوں کے ٹھکانے سے اور اگر ہو وہ دوزخیوں سے تو دوزخیوں کے ٹھکانے سے پھر کہا جاتا ہے کہ یہی ٹھکانا تیرا ہے یہانتک کہ اُٹھا وے تجکو اللہ دن قیامت کے **باب** جو شخص کہ تسلی دے مصیبت زدہ کو تو اُسکا کیا ثواب ہے

مال نہونے کے وقت ضمانت درست نہیں ۱۲ طیبی ٥ یعنی ملکوں فتح ہوئے اور بیشمار لوٹ ہاتھ لگی ۱۲ ٥ یعنی ہر چیز میں امور دین اور دنیا سے شفقت میری اُپر بہت ہے شفقت اُنکی سے اپنی جانوں پر ۱۲ ٥ یعنی اور نہ چھوڑ گیا ہو اتنا مال کہ قرض اُس سے ادا ہو سکے ۱۲ ٥ یا قریب ہو جاتی ہے ایک کروٹ قبر کی طرف دوسری طرف کی پس دبا لیتی ہے اُسکو دونوں طرف سے ٥ بعضے کہتے ہیں کہ اسوقت حضرت کی صورت اُسکے سامنے کی جاتی ہے اسواسطے کہ اشارہ حاضر کے واسطے ہوتا ہے اور احتمال ہے کہ یہ اشارہ ہو واسطے اُسکے جو اُسکے ذہن میں حاضر ہے ۱۲
٥ یعنی عذاب قبر کے باب میں ان سب اصحاب سے حدیثیں آئی ہیں ۱۲

حدثنا یوسف بن عیسیٰ نا علی بن عاصم نا واللہ محمد بن سوقة عن ابراھیم عن الاسود عن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من عزّی مصابا فله مثل اجره **قال** ابو عیسیٰ هذا حدیث غریب لا نعرفه مرفوعا الا من حدیث علی بن عاصم وروی بعضهم عن محمد بن سوقة بهذا الاسناد مثله موقوفا ولم یرفعه ویقال اکثر ما ابتلی به علی بن عاصم بهذا الحدیث نقموا علیه **باب** ما جاء فی من یموت یوم الجمعة **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدی وابو عامر العقدی قالا نا هشام بن سعد عن سعید بن ابی هلال عن ربیعة بن سیف عن عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما من مسلم یموت یوم الجمعة او لیلة الجمعة الا وقاه اللہ فتنة القبر **قال** ابو عیسیٰ هذا حدیث غریب ولیس اسناده بمتصل ربیعة بن سیف انما یروی عن ابی عبد الرحمن الحبلی عن عبد اللہ بن عمرو ولا نعرف لربیعة بن سیف سماعا من عبد اللہ بن عمرو **باب** ما جاء فی تعجیل الجنازة **حدثنا** قتیبة نا عبد اللہ بن وهب عن سعید بن عبد اللہ الجهنی عن محمد بن عمر بن علی بن ابی طالب عن ابیه عن علی بن ابی طالب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال له یا علی ثلاث لا تؤخرها الصلوة اذا اَنَت والجنازة اذا حضرت والاَیِّم اذا وجدت لها کفوا **قال** ابو عیسیٰ هذا حدیث غریب وما اریٰ اسناده متصلا **باب** اٰخر فی فضل التعزیة **حدثنا** محمد بن حاتم المؤدب نا یونس بن محمد حدثتنا ام الاسود عن منیة ابنة عبید بن ابی برزة عن جدها ابی برزة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من عزّی ثکلی کُسی بردا فی الجنة **قال** ابو عیسیٰ هذا حدیث غریب ولیس اسناده بالقوی **باب** ما جاء فی رفع الیدین علی الجنازة **حدثنا** القاسم بن دینار الکوفی نا اسمٰعیل بن ابان الوراق عن یحیی بن یعلی الاسلمی عن ابی فروة یزید بن سنان عن زید بن ابی انیسة عن الزهری عن سعید بن المسیب عن ابی هریرة ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبّر علی جنازة فرفع یدیه فی اول تکبیرة ووضع الیمنی علی الیسری **قال** ابو عیسیٰ هذا حدیث غریب لا نعرفه الا من هذا الوجه واختلف اهل العلم فی هذا فرای اکثر اهل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرهم ان یرفع الرجل یدیه فی کل

حدیث بیان کی ہمسے یوسف بن عیسیٰ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو علی بن عاصم نے اُسنے کہا قسم ہے اللہ کی خبر دی ہمکو محمد بن سوقہ نے ابراہیم سے اُسنے روایت کی اسود سے اُسنے عبد اللہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کہ تسلی دے مصیبت زدہ کو تو واسطے اُسکے ہے مانند ثواب اُسکے کے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مرفوع مگر حدیث علی بن عاصم سے اور روایت کی بعض نے محمد بن سوقہ سے ساتھ اسی اسناد کے مثل اُسکی موقوف اور نہیں مرفوع کیا اُسکو اور کہا جاتا ہے کہ اکثر مبتلا ساتھ اس حدیث کے علی بن عاصم کا ہے عیب کیا ہے لوگوں نے اُسمین **باب** جو شخص کہ جمعہ کے دن مرے تو اُسکو کیا ثواب ہے **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الرحمن بن مہدی نے اور ابو عامر عقدی نے اُن دونوں نے کہا حدیث کی ہمکو ہشام بن سعد نے سعد بن ابی ہلال سے اُسنے روایت کی ربیعہ بن سیف سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں کوئی مسلمان کہ مرے دن جمعہ کے یا رات کو مگر کہ نگاہ رکھتا ہے اُسکو اللہ فتنہ سے قبر کے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہے اسکی اسناد متصل نہیں کہ ربیعہ عبد اللہ بن عمرو سے روایت کرتا ہے اور ربیعہ کا سماع اُس سے ثابت نہیں **باب** جنازہ میں جلدی کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن وہب نے سعید بن عبد اللہ سے اُسنے روایت کی محمد بن عمر سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے علی رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے علی تین چیزین ہین کہ نہ تاخیر کرا اُنکو ایک نماز جبکہ آوے وقت اُسکا دوسرا جنازہ جبکہ حاضر ہو تیسری بن بیاہی عورت جبکہ پاوے تو واسطے اُسکے کفو کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہے اور اسکی اسناد متصل نہیں **باب** تعزیت کی فضیلت کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن حاتم نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یونس بن محمد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو ام اسود نے منیہ بنت عبید سے اُسنے روایت کی اپنے دادے ابی برزہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کہ تسلی دے اُس عورت کو کہ مر گیا ہو بیٹا اُسکا تو پہنایا جاوے گا لباس خوب بہشت میں کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہے اسکی اسناد قوی نہیں **باب** جنازہ پر ہاتھ اُٹھانے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قاسم بن دینار کوفی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اسمٰعیل بن ابان نے یحییٰ بن یعلی سے اُسنے روایت کی ابی فروہ یزید بن سنان سے اُسنے زید بن ابی انیسہ سے اُسنے زہری سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تکبیر کہی ایک جنازہ پر سو اُٹھائے ہاتھ اپنے پہلی تکبیر مین اور رکھا داہنے ہاتھ کو بائین پر کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر اسی وجہ سے اور اختلاف کیا ہے اہل علم نے بیچ اسکے پس اکثر اہل علم نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہین کہ جنازہ کی نماز مین آدمی ہر ایک تکبیر مین ہاتھ اُٹھا دے

ف۱ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جنازہ کی نماز مین سوا پہلی تکبیر کے ہاتھ نہ اُٹھا دے ۱۲

تکبیرۃ علی الجنازۃ وھو قول ابن المبارک والشافعی واحمد واسحاق وقال بعض اھل العلم لا یرفع یدیہ الا فی اول مرۃ وھو قول الثوری واھل الکوفۃ وذکر عن ابن المبارک انہ قال فی الصلوۃ علی الجنازۃ لا یقبض بیمینہ علی شمالہ ورآی بعض اھل العلم ان یقبض بیمینہ علی شمالہ کما یفعل فی الصلوۃ **قال** ابو عیسی یقبض احب الی **باب ماجاء** ان نفس المؤمن معلقۃ بدینہ حتی یقضی عنہ **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو اسامۃ عن زکریا بن ابی زائدۃ عن سعد بن ابراھیم عن ابی سلمۃ عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نفس المؤمن معلقۃ بدینہ حتی یقضی عنہ **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن ابن مھدی نا ابراھیم بن سعد عن ابیہ عن عمر بن ابی سلمۃ عن ابیہ عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال نفس المؤمن معلقۃ بدینہ حتی یقضی عنہ **قال** ابو عیسی ھذا حدیث حسن وھو اصح من الاول **ابواب النکاح** عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** سفین بن وکیع نا حفص بن غیاث عن الحجاج عن مکحول عن ابی الشمال عن ابی ایوب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اربع من سنن المرسلین الحیاء والتعطر والسواک والنکاح وفی الباب عن عثمان وثوبان وابن مسعود وعائشۃ وعبد اللہ بن عمرو وجابر وعکاف حدیث ابی ایوب حدیث حسن غریب **حدثنا** محمود بن خداش نا عباد بن العوام عن الحجاج عن مکحول عن ابی الشمال عن ابی ایوب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو حدیث حفص وروی ھذا الحدیث ھشیم ومحمد بن یزید الواسطی وابو معاویۃ وغیر واحد عن الحجاج عن مکحول عن ابی ایوب ولم یذکروا فیہ عن ابی الشمال

تکبیر کے اوپر جنازہ کے اور یہی ہے قول ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ سوائے پہلی بار کے پھر ہاتھ نہ اٹھاوے اور یہ قول ثوری اور اہل کوفہ کا ہے اور ابن مبارک سے مروی ہے کہ جنازہ کی نماز میں داہنے ہاتھ سے بایاں ہاتھ نہ پکڑے یعنی بلکہ دونوں ہاتھ کھلے چھوڑ دیوے جسکو ارسال کہتے ہیں اور بعضے کہتے ہیں کہ اپنے داہنے ہاتھ سے بایاں ہاتھ پکڑے جیسے کہ کیا جاتا ہے نماز میں یعنی ہاتھ باندھ کر رکھے کہا ابو عیسیٰ نے ہاتھ باندھنا میرے نزدیک بہت پسند ہیں **باب** نفس مومن کا معلق رہتا ہے بدلے قرض اپنے کے یہانتک کہ ادا کیا جاوے اُس سے **حدیث** بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابواسامہ نے زکریا سے اُسنے روایت کی سعد بن ابراہیم سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ روح مومن[1] کی لٹکائی جاتی ہے بدلے قرض اُسکے کے یہانتک کہ ادا کیا جاوے قرض اُسکا **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبدالرحمٰن بن مہدی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابراہیم بن سعد نے اپنے باپ سے اُسنے روایت کی عمرو بن ابی سلمہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ روح مومن کی لٹکائی جاتی ہے بدلے اپنے قرض کے یہانتک کہ ادا کیا جاوے اُسکی طرف سے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن ہے اور زیادہ تر صحیح ہے پہلی حدیث سے **ابواب النکاح**[2] یہ باب ہیں نکاح کے بیان میں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے **حدیث** بیان کی ہمسے سفیان بن وکیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حفص بن غیاث نے حجاج سے اُسنے روایت کی مکحول سے اُسنے ابی شمال سے اُسنے ابی ایوب سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چار چیزیں ہیں کہ وہ پیغمبروں کی سنتوں سے ہیں۔ ایک حیا کرنا دوسرا خوشبو لگانا تیسرا مسواک کرنا چوتھا نکاح کرنا اور اس باب میں ثوبان اور عثمان اور ابن مسعود اور عائشہ اور عبداللہ بن عمر اور جابر اور عکاف سے بھی روایت ہے ابوایوب کی حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** بیان کی ہمسے محمود بن خداش نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عباد بن عوام نے حجاج سے اُسنے روایت کی مکحول سے اُسنے ابی شمال سے اُسنے ابی ایوب سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل حدیث حفص کی اور روایت کی ہشیم اور محمد بن یزید واسطی اور ابومعاویہ وغیرہ نے یہ حدیث حجاج سے اُسنے ابی ایوب سے اور نہیں ذکر کیا اُنھوں نے اسمیں واسطہ ابی شمال کا۔

---

[1] یعنے اپنے مقصود کو نہیں پہونچتا کہ وہ بہشت میں داخل ہوتا ہے یا نیکوکاروں کے زمرہ میں داخل ہوتا ہے ۱۲ [2] نکاح کے معنی ہیں ملنا اور جمع ہونا اور طلاق کا اطلاق جماع کرنے اور عقد کرنے پر بھی آیا ہے کہ اسمیں بھی جمع ہونا پایا جاتا ہے اور حنفیہ کے نزدیک نکاح کرنا واجب ہے وقت توقان کے یعنی غلبہ شہوت کے اور اگر یقین زنا کا ہو تو نکاح کرنا فرض ہے مگر یہ فرض اور واجب اُسی وقت ہے کہ مالک ہو نفقہ اور مہر کا ورنہ نکاح کے ترک کرنے میں گناہ نہیں اور سنت موکدہ ہے حالت اعتدال میں اور اگر نیت زنا سے بچنے کی ہو تو ثواب ہے اور نکاح منعقد ہوتا ہے ساتھ لفظ نکاح کے اور تزویج کے اور اُن الفاظ کے ساتھ جو موضوع ہیں واسطے تملیک عین کے فی الحال مانند بیع اور شرا اور ہبہ اور صدقہ اور تملیک کے نہ ساتھ اجارہ اور اعارہ اور اباحت اور وصیت کے اور فائدہ نکاح کے پانچ ہیں کم ہونا شہوت کا اور بند و بست ہونا گھر کا اور کثرت کنبہ کی اور مجاہدہ نفس کا بسبب خبرگیری اہل و عیال کے اور پیدا ہونا فرزند صالح کا ۱۲ عزیز اور پسندیدہ خصلتیں عورت کی آٹھ ہیں دین اور خلق نیک اور حسن اور کمی مہر کی اور ہونا اولاد کا اور باکرہ ہونا اور صاحب نسب ہونا اور قریب کے ناتے سے نہ ہونا ۱۲ مولانا عبدالعزیز رحمہ اللہ

وحدیث حفص بن غیاث وعباد بن العوام اصح **حدثنا** محمود بن غیلان نا ابو احمد نا سفیان عن الاعمش عن عمارة بن عمیر عن عبد الرحمن بن یزید عن عبد الله بن مسعود قال خرجنا مع رسول الله صلی الله علیه وسلم ونحن شباب لا نقدر علی شئ فقال یا معشر الشباب علیکم بالباءة فانه اغض للبصر واحصن للفرج فمن لم یستطع منکم الباءة فعلیه بالصوم فان الصوم له وجاء هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** الحسن بن علی الخلال نا عبد الله بن نمیر نا الاعمش بن عمارة نحوه وقد روی غیر واحد عن الاعمش بهذا الاسناد مثل هذا وروی ابو معاویة والمحاربی عن الاعمش عن ابراهیم عن علقمة عن عبد الله عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه **باب** ماجاء فی النهی عن التبتل **حدثنا** الحسن بن الخلال وغیر واحد قالوا نا عبد الرزاق نا معمر عن الزهری عن سعید بن المسیب عن سعد بن ابی وقاص قال رد رسول الله صلی الله علیه وسلم علی عثمان ابن مظعون التبتل ولو اذن له لاختصینا هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ابو هشام الرفاعی وزید بن اخزم واسحاق بن ابراهیم البصری قالوا نا معاذ بن هشام عن ابیه عن قتادة عن الحسن عن سمرة ان النبی صلی الله علیه وسلم نهی عن التبتل وزاد زید بن اخزم فی حدیثه وقرأ قتادة ولقد ارسلنا رسلا من قبلك وجعلنا لهم ازواجا وذریة وفی الباب عن سعد وانس بن مالك وعائشة وابن عباس حدیث سمرة حدیث حسن غریب وروی الاشعث بن عبد الملك هذا الحدیث عن الحسن عن سعد بن هشام عن عائشة عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه ویقال کلا الحدیثین صحیح **باب** ماجاء فی من ترضون دینه فزوجوه **حدثنا**

اور حدیث حفص بن غیاث اور عبادہ بن عوام کی اصح ہی **حدیث** بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو احمد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے اعمش سے اُسنے روایت کی عمارہ بن عمیر سے اُسنے عبد الرحمان بن یزید سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہا کہ نکلے ہم ساتھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ہم تھے جوان[ل] نہ طاقت رکھتے تھے کسی چیز کی مال سے سو فرمایا کہ اے گروہ جوانون کے جو کوئی طاقت رکھے تم مین سے اسباب جماع کی یعنی نفقہ اور مہر کی تو چاہیے کہ نکاح کرے پس تحقیق نکاح کرنا بہت ڈھانکتا ہی نظر کو کہ بیگانی عورت پر نہین پڑتی اور بہت محفوظ رکھتا ہی ستر کو یعنی حرام کاری سے اور جو شخص کہ طاقت نہ رکھے تم مین سے اسباب جماع کی تو اسکو چاہیئے روزے رکھنے پس تحقیق روزہ رکھنا اسکے لیے خصی کرنا ہی یعنی جیسے فوطے کوٹنے سے شہوت جاتی رہتی ہی اسی طرح روزہ رکھنے سے بھی جاتی رہتی ہی یہ حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** بیان کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن نمیر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اعمش نے عمارہ سے مثل اسکی اور تحقیق روایت کی بہت لوگون نے اعمش سے ساتھ اسی اسناد کے مثل اسکی اور روایت کی ابو معاویہ اور محاربی نے اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے علقمہ سے اُسنے عبد اللہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکی **باب** نکاح کا ترک کرنا اور عورتون سے انقطاع کرنا منع ہی **حدیث** بیان کی ہمسے حسن بن علی خلال وغیرہ نے انھون نے کہا خبر دی ہمکو عبد الرزاق نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو معمر نے زہری سے اُسنے روایت کی سعید بن مسیب سے اُسنے سعید بن ابی وقاص سے کہ رد کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عثمان بن مظعون پر نکاح کے ترک کرنے کو اور اگر اذن دیتے اُنکو تو البتہ خصی ہوتے ہم[ع] یہ حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** بیان کی ہمسے ابو ہشام رفاعی اور زید بن اخزم اور اسحاق بن ابراہیم بصری نے انھون نے کہا خبر دی ہمکو معاذ بن ہشام نے اپنے باپ سے اُسنے روایت کی قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے سمرہ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہی نکاح کے ترک کرنے سے اور زید بن اخزم نے اپنی حدیث مین یہ لفظ زیادہ کیا ہی اور پڑہی قتادہ نے یہ آیت اور البتہ بھیجے ہمنے رسول پہلے تیرے سے اور کین ہمنے واسطے اُنکے بی بیان اور اولاد اور اس باب مین سعد اور انس بن مالک اور عائشہ اور ابن عباس سے بھی روایت ہی اور سمرہ کی حدیث حسن غریب ہی اور روایت کی اشعث نے یہ حدیث حسن سے اُسنے سعد بن ہشام سے اُسنے عائشہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکی اور کہا جاتا ہی کہ ہر دو نون حدیثین صحیح ہین **باب** جو شخص کہ راضی ہو تم دین اسکے سے پس نکاح کر دو اس سے **حدیث** بیان کی ہمسے

[ل] بالغ ہونے کے بعد آدمی جوان کہلاتا ہی اور حد جوانی کی نزدیک امام شافعی رح کے تیس برس کی عمر تک ہی اور امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک چالیس برس تک ہی ۱۲ [ع] یعنی اگر حضرت ترک نکاح کی اجازت دیتے تو ہم اسمین یہانتک مبالغہ کرتے کہ ہم سب خصی ہوجاتے اس سے معلوم ہوتا ہی کہ وہ خصی ہونے کو جائز سمجھتے تھے مگر واقع مین یہ گمان انکا صحیح نہ تھا اسلیے کہ مرد کو خصی ہونا حرام ہی اور اسی طرح ہر جانور غیر ماکول اللحم کو خصی کرنا بھی درست نہین اور ماکول اللحم جانور کو چھوٹی عمر مین خصی کرنا درست ہی نہ بڑی عمر مین امام شافعی کے نزدیک بغیر نکاح کے رہنا افضل ہی اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک نکاح کرنا افضل ہی ۱۲ نووی وغیرہ [۳] یعنی نکاح کرنا پہلے پیغمبرون کی سنت ہی پس اسکو بالکل ترک کرنا لائق نہیں ۱۲

قتیبۃ نا عبد الحمید بن سلیمان عن ابن عجلان عن ابی وثیمۃ النصری عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا خطب الیکم من ترضون دینہ وخلقہ فزوجوہ الا تفعلوا تکن فتنۃ فی الارض وفساد عریض وفی الباب عن ابی حاتم المزنی وعائشۃ حدیث ابی ھریرۃ قد خولف عبد الحمید بن سلیمان فی ھذا الحدیث فرواہ اللیث بن سعد عن ابن عجلان عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مرسلا وقال محمد وحدیث اللیث اشبہ ولم یعد حدیث عبد الحمید محفوظا **حدثنا** محمد بن عمرو نا حاتم بن اسماعیل عن عبد اللہ بن مسلم بن ھرمز عن محمد وسعید ابنی عبید عن ابی حاتم المزنی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا جاءکم من ترضون دینہ وخلقہ فانکحوہ الا تفعلوا تکن فتنۃ فی الارض وفساد الا تفعلوا تکن فتنۃ فی الارض وفساد قالوا یا رسول اللہ وان کان فیہ قال اذا جاءکم من ترضون دینہ وخلقہ فانکحوہ ثلث مرات ھذا حدیث حسن غریب وابو حاتم المزنی لہ صحبۃ ولا نعرف لہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم غیر ھذا الحدیث

باب ماجاء فی من ینکح علی ثلث خصال **حدثنا** احمد بن محمد بن موسی نا اسحاق بن یوسف الازرق نا عبد الملک عن عطاء عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان المراۃ تنکح علی دینہا ومالہا وجمالہا فعلیک بذات الدین تربت یداک وفی الباب عن عوف بن مالک وعائشۃ وعبد اللہ بن عمرو وابی سعید حدیث جابر حدیث حسن صحیح

باب ماجاء فی النظر الی المخطوبۃ **حدثنا** احمد بن منیع نا ابن ابی زائدۃ ثنی عاصم بن سلیمان عن بکر بن عبد اللہ المزنی عن

قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الحمید بن سلیمان نے ابن عجلان سے اُسنے روایت کی ابی وثیمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس وقت کہ پیغام پہنچے نکاح کا طرف تمہاری وہ شخص کہ راضی ہو تم دین اُسکے سے اور خلق اُسکے سے پس نکاح کرو اُس سے اور اگر نہ کروگے تم نکاح تو ہوگا فتنہ زمین مین اور فساد بڑا اور اِس باب مین ابی حاتم مزنی اور عائشہ سے بھی روایت ہے اور ابو ہریرہ کی حدیث مین عبد الحمید بن سلیمان مخالفت کیا گیا ہے پس روایت کیا اسکو لیث نے مرسل امام بخاری نے کہا کہ لیث کی حدیث عمدہ ہے اور عبد الحمید کی حدیث محفوظ نہین **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن عمرو نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حاتم بن اسمٰعیل نے عبد اللہ بن مسلم سے اُسنے روایت کی محمد اور سعید عبید کے دونون بیٹون سے اُسنے ابی حاتم سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب آوے تمہارے پاس وہ شخص کہ راضی ہو تم دین اُسکے سے اور خلق اُسکے سے یعنے نکاح کرنا چاہے تو نکاح کرو اُس سے اگر نہ کروگے تم نکاح تو ہوگا فتنہ زمین مین اور فساد اگر نہ کروگے تم نکاح تو ہوگا فتنہ زمین مین اور فساد لوگون نے عرض کی کہ یا رسول اللہ اگرچہ ہووے بیچ اُسکے کوئی چیز قلت مال سے یا عدم کفو سے فرمایا جبکہ آوے تمہارے پاس وہ شخص کہ راضی ہو تم دین اُسکے سے اور خلق اُسکے سے تو نکاح کرو تم اُس سے تین بار فرمایا یہ حدیث حسن غریب ہے اور ابو حاتم کے واسطے تھوڑے صحبت ہے اور نہین پہچانتے ہم واسطے اُسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سوائے اس حدیث کے

باب تین خصلتون پر نکاح کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن محمد بن موسٰی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اسحاق بن یوسف نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الملک نے عطاء سے اُسنے روایت کی جابر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا کہ تحقیق نکاح کی جاتی ہے عورت دین اپنے پر اور مال اپنے پر اور جمال اپنے پر پس نکاح کر تو دین والی سے خاک آلودہ ہون دونون ہاتھ تیرے اور اِس باب مین عوف بن مالک اور عائشہ اور عبد اللہ بن عمرو اور ابی سعید سے بھی روایت ہے اور جابر کی حدیث حسن صحیح ہے

باب مخطوبہ کی طرف نظر کرنے کا بیان یعنے جس عورت کے واسطے نکاح کا پیغام دیا ہو اُسکو دیکھنا **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابن ابی زائدہ نے اُسنے کہا حدیث کی مجھکو عاصم بن سلیمان نے بکر بن عبد اللہ سے

ف ۱ یہ خطاب ہے اولیاء عورتون کو کہ جب کوئی نکاح کا پیغام بھیجے اور نکاح طلب کرے تمہاری بیٹی یا بہن سے یا مانند اُسکے سے اور وہ شخص دیندار اور خلیق ہو تو اُس سے نکاح کر دو اور اگر ایسے شخص سے نکاح نکروگے بلکہ مال جاہ پر نظر کروگے جیسے دنیادار کرتے ہین تو اکثر عورتین رہینگی بغیر خاوند کے اور اکثر مرد بغیر بیویون کے پس زنا ہوگا بہت اور لاحق ہوگی عار اور غیرت اولیاء کو پس ہلاک کرینگے اسکو کہ عار دلا دیگا پس واقع ہوگا فتنہ اور جنگ جدال اور طیبی نے کہا کہ اس حدیث مین دلیل ہے واسطے امام مالک کے وہ کہتے ہین کہ نہ رعایت کرین کفو کی مگر دین کی فقط اور جمہور کا مذہب یہ ہے کہ رعایت کرین چار چیزون کی دین اور حریت اور نسب اور حرفہ یعنے کسب اور اگر راضی ہو عورت اور ولی اسکا غیر کفو تو نکاح صحیح ہوجاویگا ۱۲ ع ف ۲ یعنی لوگون کی عادت ہے کہ عورتون سے نکاح کرتے ہین رغبت کرتے ہین مال اور جمال و نسب کی پس دیندار کو لائق ہے کہ عورت دیندار کا طالب ہو اور یہ جو آیا ہے کہ جمال کے سبب سے عورت سے نکاح نکرے تو غرض اس سے یہ نہین کہ رعایت جمال کی نکرے بلکہ غرض یہ ہے کہ نرے جمال کی رعایت نکرے باوجود فساد دین وغیرہ کے ۱۲ ع ف ۳ عورت کو نکاح سے پہلے دیکھنا مستحب ہے اسلیے کہ مرغوب الطبع ہوگی تو بعد نکاح کے اسکے سبب سے زنا سے بچیگا اور یہی ہے مقصود اصلی نکاح سے ۱۲ ع

المغیرۃ بن شعبۃ انہ خطب امراۃ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم انظر الیھا فانہ احری ان یؤدم بینکما وفی الباب عن محمد بن مسلمۃ وجابر وانس وابی حمید وابی ھریرۃ ھذا حدیث حسن وقد ذھب بعض اھل العلم الی ھذا الحدیث و قالوا لا باس ان ینظر الیھا ما لم یر منھا محرما وھو قول احمد واسحاق ومعنی قولہ احری ان یؤدم بینکما قال احری ان تدوم المودۃ بینکما **باب** ما جاء فی اعلان النکاح **حدثنا** احمد بن منیع نا ھشیم نا ابو بلج عن محمد بن حاطب الجمحی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فصل ما بین الحلال والحرام الدف والصوت وفی الباب عن عائشۃ وجابر والربیع بنت معوذ وحدیث محمد بن حاطب حدیث حسن وابو بلج اسمہ یحیی بن ابی سلیم ویقال ابن سلیم ایضا ومحمد ابن حاطب قد رای النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھو غلام صغیر **حدثنا** احمد بن منیع نا یزید بن ھرون نا عیسی بن میمون عن القاسم ابن محمد عن عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اعلنوا ھذا النکاح واجعلوہ فی المساجد واضربوا علیہ بالدفوف ھذا حدیث حسن غریب فی ھذا الباب وعیسی بن میمون الانصاری یضعف فی الحدیث وعیسی بن میمون الذی یروی عن ابن ابی نجیح التفسیر وھو ثقۃ **حدثنا** حمید بن مسعدۃ البصری نا بشر بن المفضل نا خالد بن ذکوان عن الربیع بنت معوذ قالت جاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فدخل علی غداۃ بنی بی فجلس علی فراشی کمجلسک منی وجویریات لنا یضربن بدفوفھن ویندبن من قتل من ابائی یوم بدر الی ان قالت احداھن وفینا نبی یعلم ما فی غد فقال لھا اسکتی عن ھذہ وقولی التی کنت تقولین قبلھا وھذا حدیث حسن صحیح **باب** ما یقال للمتزوج **حدثنا** قتیبۃ نا عبد العزیز بن محمد عن سھیل بن ابی صالح عن ابیہ عن ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا رفاء الانسان اذا تزوج قال بارک اللہ وبارک علیک

اُسنے روایت کی مغیرہ بن شعبہ سے کہ اُسنے نکاح کا پیغام بھیجا ایک عورت کو یعنی منگنی کے لیے سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دیکھ تو طرف اُس عورت کے پس دیکھنا زیادہ تر لائق ہے ساتھ اُسکے کہ الفت ڈالی جاوے درمیان تمھارے اور اس باب میں محمد بن مسلمہ اور جابر اور انس اور ابی حمید اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث حسن ہے اور تحقیق گئے ہیں بعض اہل علم طرف اس حدیث کے کہتے ہیں کہ نکاح سے پہلے عورت کے دیکھنے میں کچھ ڈر نہیں جبتک کہ نہ دیکھے اُس سے حرام جگہہ کو اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا اور معنی اسکے یہ ہیں کہ دیکھنا زیادہ تر لائق ہے ساتھ اسکے کہ ہمیشہ رہے الفت درمیان تمھارے **باب** نکاح کے ظاہر کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ہشیم نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو بلج نے محمد بن حاطب سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فرق درمیان حلال اور حرام کے دف بجانی اور آواز کرنا ہے[1] اور اس باب میں عائشہ اور جابر اور ربیع بنت معوذ سے بھی روایت ہے اور محمد بن حاطب کی حدیث حسن ہے اور محمد بن حاطب نے حضرت کو چھوٹی عمر میں دیکھا ہے **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یزید بن ہارون نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عیسی بن میمون نے قاسم بن محمد سے اُسنے روایت کی عائشہ رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ظاہر کیا کرو تم اس نکاح کو اور کیا کرو اُسکو مسجدوں میں اور بجایا کرو وقت نکاح کے دف یہ حدیث حسن غریب ہے اس باب میں اور عیسی بن میمون ضعیف کیا جاتا ہے حدیث میں اور عیسی بن میمون جو ابی نجیح سے روایت کرتا ہے وہ ثقہ ہے **حدیث** بیان کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو بشر بن مفضل نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو خالد بن ذکوان نے ربیع سے کہ آئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پس داخل ہوئے یعنی ہمارے گھر میں اُس وقت کہ لائی گئی میں خاوند کے گھر میں پھر بیٹھے میرے بچھونے پر مانند بیٹھنے تیرے کے بنسبت میرے یعنی جیسے تو میرے بچھونے پر بیٹھا ہے اسی طرح حضرت بیٹھے یہ بات اُسنے خالد سے کہی اور ہماری قوم کی چھوکریاں دف بجاتی تھیں اور بیان کرتی تھیں خوبیاں اور شجاعت اُنکی جو مارے گئے تھے ہمارے باپوں سے دن جنگ بدر کے یہانتک کہ اُنمیں سے ایکنے کہا اور بیچ ہمارے نبی ہیں کہ جانتے ہیں اُس چیز کو جو ہونے والی ہے کل کو پس فرمایا حضرت نے کہ چپ رہو اس بات سے اور کہو وہ چیز کہ تھی تو کہتی پہلے اس سے اور یہ حدیث حسن ہے **باب** نکاح کرنے والے مرد کو کیا کہا جاوے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد العزیز نے سہل بن ابی صالح سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ رض سے کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جبکہ دعا دیتے کسی کو جبکہ نکاح کرتا تو فرماتے کہ برکت عطا کرے اللہ واسطے تیرے اور برکت کرے اوپر تیرے

---

[1] مراد آواز کرنے سے گانا ہے یا ذکر کرنا اور مشہور کرنا نکاح لوگوں میں اور یہ مراد نہیں کہ بغیر آواز دف کے نکاح ہوتا ہی نہیں اسلیے کہ نکاح دو گواہوں کے سامنے بھی ہو جاتا ہے بلکہ مراد اس سے شہرت دلانی ہے ساتھ ظاہر کرنے کے اور حد مشہور کرنے کی یہ ہے کہ جس مکان میں نکاح ہو دوسرے مکان میں معلوم ہو جاوے کہ وہ دف بجانے سے معلوم ہو جاتا ہے اور یہ حد نہیں کہ محلوں اور شہروں میں معلوم ہو ساتھ بجانے نوبت اور باجوں کے ۱۲ مولانا اسحق [2] ظاہر کرو یعنے ساتھ گواہوں کے یا ظاہر کرو ساتھ شہرت دینے کے پس پہلا واجب ہے اور دوسرا مستحب ہے اور مستحب ہے نکاح کرنا مسجد میں

وجمع بینکما فی خیر وفی الباب عن عُقیل بن ابی طالب حدیث ابی ھریرۃ حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فیما یقول اذا دخل علی اھلہ **حدثنا** ابن ابی عُمر نا سفیان بن عُیینۃ عن منصور عن سالم بن ابی الجعد عن کریب عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو انّ احدکم اذا اتی اھلہ قال بسم اللہ اللھم جنّبنا الشیطان وجنّب الشیطان ما رزقتنا فان قضی اللہ بینھما ولد الم یضرّہ الشیطان ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی الاوقات التی یستحب فیھا النکاح **حدثنا** بندار نا یحیی بن سعید نا سفیان عن اسماعیل ابن اُمیۃ عن عبد اللہ بن عروۃ عن عروۃ عن عائشۃ قالت تزوّجنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی شوال وبنی بی فی شوال وکانت عائشۃ تستحب ان یبنی بنسائھا فی شوال ھذا حدیث حسن صحیح لا نعرفہ الا من حدیث الثوری عن اسماعیل **باب** ماجاء فی الولیمۃ **حدثنا** قتیبۃ نا حماد بن زید عن ثابت عن انس بن مالک ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رأی علی عبد الرحمن بن عوف اثر صفرۃ فقال ما ھذا فقال انی تزوجت امراۃ علی وزن نواۃ من ذھب فقال بارک اللہ لک اولم ولو بشاۃ وفی الباب عن ابن مسعود وعائشۃ وجابر وزھیر بن عثمان حدیث انس حدیث حسن صحیح وقال احمد بن حنبل وزن نواۃ من ذھب وزن ثلثۃ دراھم وثلث وقال اسحاق ھو وزن خمسۃ دراھم **حدثنا** ابن ابی عمر نا سفین بن عیینۃ عن وائل بن داؤد عن ابیہ نوف عن الزھری عن انس بن مالک

اور جمع کرے درمیان تمھارے بیچ بہتری کے اور اس باب میں عقیل بن ابی طالب سے بھی حدیث آئی ہے اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے **باب** جب کوئی مرد اپنی بی بی سے صحبت کرے تو کیا کہے **حدیث** بیان کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے منصور سے اُسنے روایت کی سالم بن ابی جعد سے اُسنے کریب سے اُسنے ابن عباس سے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر کوئی مسلمان جب ارادہ کرے صحبت کا اپنی بیوی سے تو یہ دعا پڑھے شروع اللہ کے نام سے الٰہی بچا رکھ ہمکو شیطان سے اور بچا شیطان سے ہماری اولاد کو سو اگر البتہ جورو اور خاوند کے درمیان کوئی لڑکا قسمت میں ہوگا تو اُسکو شیطان ہرگز ضرر نہ پہنچا سکیگا یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اُن وقتوں کا بیان جنمیں مستحب ہے نکاح کرنا **حدیث** بیان کی ہمسے بندار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یحییٰ بن سعید نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے اسماعیل بن امیہ سے اُسنے روایت کی عبد اللہ بن عروہ سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے کہا کہ نکاح کیا مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ مہینے شوال کے اور گھر میں لائے مجھکو بیچ مہینے شوال کے اور تھی عائشہ رض مستحب رکھتی تھیں یہ کہ گھر میں لائی جاویں عورتیں اُنکی بیچ مہینے شوال کے یہ حدیث حسن صحیح ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث ثوری سے اُسنے اسماعیل سے **باب** ولیمہ کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حماد بن زید نے ثابت سے اُسنے روایت کی انس بن مالک رض سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا عبد الرحمان بن عوف پر نشان زردی کا یعنی اُسکے بدن کو یا کپڑے کو زعفران لگی تھی پس فرمایا کیا ہے یہ سو عبد الرحمان نے کہا کہ میں نے ایک عورت سے نکاح کیا ہے اوپر ہم وزن نواۃ کے سونے سے سو حضرت نے فرمایا کہ برکت کرے اللہ واسطے تیرے ولیمہ کر یعنے کھانا پکا کر کھلا لوگوں کو اگرچہ ایک بکری ہو اور اس باب میں ابن مسعود اور عائشہ اور جابر اور زہیر سے بھی روایت ہے۔ اور انس کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اور احمد بن حنبل نے کہا کہ وزن نواۃ کا سونے سے وزن تین درہم اور ثلث کا ہے اور اسحاق نے کہا کہ وہ وزن پانچ درہم کا ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے وائل بن داؤد سے اُسنے روایت کی اپنے باپ نوف سے اُسنے زہری سے اُسنے انس بن مالک رض سے

سلہ یعنی رحمت ہو تجھ پر اور رزق اور اولاد بہت ہو اور جمع کرے کہ تم طاعت کرتے رہو اور آپسمیں سلوک کرتے رہو اور صحت اور عافیت سے ۱۲ سلہ اس سے معلوم ہوا کہ یہ جو جہلا شوال کے مہینے میں نکاح کرنے کو نحس جانتے ہیں تو یہ عقیدہ باطل ہے بلکہ مستحب ہے اسمیں نکاح کرنا اور زفاف کرنا ۱۲ سلہ ولیمہ اُس کھانے کو کہتے ہیں کہ نکاح میں کھلایا جاتا ہے اور ولیمہ کے معنے اجتماع کے ہیں اور چونکہ یہ کھانا بھی وقت جمع ہونے زوجین کے کھلایا جاتا ہے اسلیے اُسکو ولیمہ کہتے ہیں اور اکثر علما اسپر ہیں کہ ولیمہ سنت ہے اور بعضے مستحب کہتے ہیں اور بعضے واجب کہتے ہیں اور وقت ولیمہ کا بعض کے نزدیک بعد دخول کے ہے اور بعضے کہتے ہیں وقت عقد کے بھی اور بعد دخول کے بھی اور اسمیں اختلاف ہے کہ تکرار درست ہے یا نہیں بعضے کہتے ہیں کہ دو روز سے زیادہ مکروہ ہے اور مالکیہ کہتے ہیں کہ سات دن تک درست ہے اور مختار یہ ہے کہ موافق حال خاوند کے ہو ۱۲ ح وزین العرب سلہ احتمال ہے کہ یہ محض استفہام ہو اور احتمال ہے کہ مراد اس سے انکار ہو سو اُسنے جواب دیا کہ میں نے قصد نہیں کیا بلکہ وہ لوگوں کی مخالطت سے لگ گئی یا بدون اختیار کے اور وزن نواۃ کے یعنے برابر گٹھلی کھجور کے سونا مقرر کیا ہے یعنی مہر اور وزن اُسکا پانچ درہم کا ہوتا ہے جو پونے سولہ ماشہ ہوتے ہیں اور اگرچہ ایک بکری ہو مراد اس سے تکثیر ہے یعنے ایک بکری سے ولیمہ کرنا بہت بڑا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں اس سے زیادہ ولیمہ کسی نے نہیں کیا ۱۲ ع ح

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم اولم علی صفیۃ بنت حیی بسویق وتمر ھذا حدیث حسن غریب حدثنا محمد بن یحیی نا الحمیدی عن سفیان نحو ھذا وقد روی غیر واحد ھذا الحدیث عن ابن عیینۃ عن الزھری عن انس ولم یذکروا فیہ عن وائل عن ابیہ قال ابو عیسی وکان سفیان بن عیینۃ یدلس فی ھذا الحدیث فربما لم یذکر فیہ عن وائل عن ابیہ وربما ذکرہ حدثنا محمد بن موسی البصری نا زیاد بن عبد اللہ نا عطاء بن السائب عن ابی عبد الرحمن عن ابن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم طعام اول یوم حق وطعام یوم الثانی سنۃ وطعام یوم الثالث سمعۃ ومن سمع سمع اللہ بہ حدیث ابن مسعود لا نعرفہ مرفوعا الا من حدیث زیاد بن عبد اللہ وزیاد بن عبد اللہ کثیر الغرائب والمناکیر سمعت محمد بن اسمعیل یذکر عن محمد بن عقبۃ قال قال وکیع زیاد بن عبد اللہ مع شرفہ یکذب فی الحدیث باب ماجاء فی اجابۃ الداعی حدثنا ابو سلمۃ یحیی بن خلف نا بشر بن المفضل عن اسمعیل بن امیۃ عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ائتوا الدعوۃ اذا دعیتم وفی الباب عن علی وابی ھریرۃ والبراء وانس وابی ایوب حدیث ابن عمر حدیث حسن صحیح باب ماجاء فیمن یجیئ الی الولیمۃ بغیر دعوۃ حدثنا ھناد نا ابو معاویۃ عن الاعمش عن شقیق عن ابی مسعود قال جاء رجل یقال لہ ابو شعیب الی غلام لہ لحام فقال اصنع لی طعاما یکفی خمسۃ فانی رایت فی وجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الجوع فصنع طعاما ثم ارسل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فدعاہ وجلساءہ الذین معہ فلما قام النبی صلی اللہ علیہ وسلم اتبعھم رجل لم یکن معھم حین دعوا فلما انتھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی الباب قال لصاحب المنزل انہ اتبعنا رجل لم یکن معنا حین دعوتنا فان اذنت لہ دخل قال فقد اذنا لہ فلیدخل ھذا حدیث حسن صحیح وفی الباب عن ابن عمر باب ماجاء فی تزویج الابکار

کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ولیمہ کیا صفیہ بنت حیی پر ساتھ ستو اور کھجور کے یہ حدیث حسن غریب ہے حدیث بیان کی ہمسے محمد بن یحییٰ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حمیدی نے سفیان سے مثل اسکے اور تحقیق روایت کی بہت لوگوں نے یہ حدیث ابن عیینہ سے اُسنے زہری سے اُسنے انس سے اور نہین ذکر کیا انھوں نے اسمین واسطہ وائل اور اُسکے باپ کا اور تھا سفیان بن عیینہ تدلیس کرتا بیچ اس حدیث کے سو کبھی نہین ذکر کیا اسمین واسطہ عن ابیہ کا اور کبھی ذکر کیا اُسکو حدیث بیان کی ہمسے محمد بن موسیٰ بصری نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو زیاد بن عبد اللہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عطاء بن سائب نے ابی عبد الرحمان سے اُسنے روایت کی ابن مسعود سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کھانا پہلے دن کا حق ہے اور کھانا دوسرے دن کا سنت ہے اور کھانا تیسرے دن کا سنانا ہے اور جو کوئی سنا دے سنا دیگا اللہ اُسکو۔ حدیث ابن مسعود کو ہم مرفوع نہین جانتے مگر حدیث زیاد بن عبد اللہ سے اور زیاد بن عبد اللہ بہت غریب اور منکر حدیثون والا ہے اور سنا مین نے بخاری سے کہ ذکر کرتا تھا محمد بن عقبہ سے کہ وکیع نے کہا کہ زیاد بن عبد اللہ باوجود شریف ہونے کے جھوٹھ بولتا ہے حدیث مین باب دعوت کرنے والے کی دعوت قبول کرنے کا بیان حدیث بیان کی ہمسے ابو سلمہ یحییٰ بن خلف نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو بشر بن مفضل نے اسمٰعیل بن امیہ سے اُسنے روایت کی نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آؤ تم دعوت مین جبکہ دعوت کیے جاؤ تم اور اس باب مین علی اور ابی ہریرہ اور براء اور انس اور ابو ایوب سے بھی روایت ہے اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہے باب جو شخص کہ بدون دعوت کے ولیمہ مین جاوے تو اُسکا کیا حکم ہے حدیث بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے روایت کی شقیق سے اُسنے ابن مسعود سے کہ آیا ایک مرد جو کہا جاتا تھا اُسکو ابو شعیب طرف غلام اپنے کے کہ گوشت بیچتا تھا سو کہا اُس شخص نے غلام کو کہ طیار کر موجب کہنے میرے کے کھانا جو کفایت کرے پانچ آدمیون کو کہ تحقیق مین نے دیکھا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مین نشان بھوکھ کا سو اُس غلام نے اُسکے کہنے سے کھانا طیار کیا پھر کسی کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بھیجا اور آپ کی دعوت کی اور اُنکی جو آپکے ساتھ بیٹھتے تھے سو جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم چلنے کو گھر سے ہوئے تو ایک شخص اُنکے پیچھے لگا جو دعوت کرنے کے وقت اُنکے ساتھ نہ تھا سو جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صاحب دعوت کے دروازہ پر پہنچے تو حضرت نے گھر والے کو کہا کہ پیچھے لگا ہمارے ایک شخص کہ نہ تھا ساتھ ہمارے جبکہ دعوت کی تو نے ہمکو سو اگر اجازت دے تو واسطے اُسکے تو داخل ہو ورنہ نہین سو گھر والے نے کہا کہ تحقیق ہمنے اجازت دی اُسکو پس چاہیے کہ داخل ہووے گھر مین یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب مین ابن عمر سے بھی روایت ہے باب کنواری عورت سے نکاح

ا؎ حق ہے یعنی پہلے دن کھانا کھلانا اور قبول کرنا واجب ہے یا سنت ہے بحسب اختلاف علماء کے اور دوسرے دن کا کھانا مستحب ہے اور تیسرے دن کا کھانا اسلیے ہوتا ہے کہ لوگ سنین اور تعریف کرین سو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اُسکو لوگون مین رسوا کریگا کہ اُسنے فخر کے واسطے کھانا کھلایا تھا اور اس حدیث مین صریح رد ہے مالکیہ پر کہ وہ سات دن تک ولیمہ کو مستحب کہتے ہین ۲؎ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بدون بلائے ضیافت مین جانا درست نہین اور ساتھ لیجانا بھی جائز نہین مگر اذن عام ہو تو درست ہے اور یہ بھی معلوم ہوا کہ بدون اذن کے کسی کے گھر مین جانا درست نہین اور اگر کوئی شخص

حدثنا قتيبة نا حماد بن زيد عن عمرو بن دينار عن جابر بن عبد الله قال تزوجت امراة فاتيت النبي صلى الله عليه وسلم فقال
اتزوجت يا جابر فقلت نعم قال ابكرا ام ثيبا فقلت لا بل ثيبا فقال هلا جارية تلاعبها وتلاعبك فقلت يا رسول الله ان عبد الله مات و
ترك سبع بنات او تسعا فجئت بمن يقوم عليهن قال فدعا لي وفي الباب عن ابي بن كعب وكعب بن عجرة حديث جابر حديث حسن صحيح باب
ما جاء لا نكاح الا بولي حدثنا علي بن حجر نا شريك بن عبد الله عن ابي اسحاق ح وثنا قتيبة نا ابو عوانة عن ابي اسحاق ح وثنا بندار
نا عبد الرحمن بن مهدي عن اسرائيل عن ابي اسحاق ح وثنا عبد الله بن ابي زياد نا زيد بن حباب عن يونس بن ابي اسحاق عن ابي اسحاق
عن ابي بردة عن ابي موسى قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا نكاح الا بولي وفي الباب عن عائشة وابن عباس وابي هريرة وعمران
بن حصين وانس حدثنا ابن ابي عمر نا سفيان بن عيينة عن ابن جريج عن سليمان عن الزهري عن عروة عن عائشة ان رسول الله
صلى الله عليه وسلم قال ايما امراة نكحت بغير اذن وليها فنكاحها باطل فنكاحها باطل فنكاحها باطل فان دخل بها فلها المهر بما استحل من
فرجها فان اشتجروا فالسلطان ولي من لا ولي له هذا حديث حسن وقد روى يحيى بن سعيد الانصاري ويحيى بن ايوب وسفين الثوري
وغير واحد من الحفاظ عن ابن جريج نحو هذا وحديث ابي موسى حديث فيه اختلاف رواه اسرائيل وشريك بن عبد الله و
ابو عوانة وزهير بن معاوية وقيس بن الربيع عن ابي اسحاق عن ابي بردة عن ابي موسى عن النبي صلى الله عليه وسلم وروى
اسباط بن محمد وزيد بن حباب عن يونس بن ابي اسحاق عن ابي اسحاق عن ابي بردة عن ابي موسى عن النبي صلى الله عليه وسلم وروى

حدیث بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حماد نے عمرو بن دینار سے اُسنے روایت کی جابر بن عبد اللہ سے کہا کہ نکاح کیا مین نے ایک
عورت سے سو مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا سو فرمایا کہ کیا نکاح کیا تو نے اے جابر مین نے کہا ہان فرمایا کنواری سے یا بیوہ سے
کہ پہلے خاوند کر چکی ہو سو مین نے کہا کہ کنواری نہین بلکہ خاوند کر چکی ہوئی ہے فرمایا کیون نہین نکاح کیا تو نے کنواری سے کہ کھیلتا تو اس سے اور وہ کھیلتی
تجھسے سو مین نے کہا یا رسول اللہ تحقیق عبد اللہ مر گیا اور چھوڑین اُسنے سات لڑکیان یا نو لڑکیان سو لایا مین اُسکو جو انکی خبر گیری کرے سو
آپ نے میرے لیے دعا کی اور اس باب مین ابی بن کعب اور کعب بن عجرہ سے بھی روایت ہے اور جابر کی حدیث حسن صحیح ہے باب
نہین نکاح ہوتا بدون ولی کے حدیث بیان کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو شریک بن عبد اللہ نے ابی اسحاق سے ح اور حدیث
بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو عوانہ نے ابی اسحاق سے ح اور حدیث بیان کی ہمسے بندار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد الرحمن
بن مہدی نے اسرائیل سے اُسنے روایت کی ابی اسحاق سے ح اور حدیث بیان کی ہمسے عبد اللہ بن ابی زیاد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو
زید بن حباب نے یونس سے اُسنے روایت کی ابی اسحاق سے اُسنے ابی بردہ سے اُسنے ابی موسیٰ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
کہ نہین نکاح ہوتا بغیر ولی کے اور اس باب مین عائشہ اور ابن عباس اور ابی ہریرہ وغیرہ سے بھی روایت ہے حدیث بیان کی ہمسے
ابن ابی عمر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے ابن جریج سے اُسنے روایت کی سلیمان سے اُسنے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو عورت کہ نکاح کرے اپنا بدون اذن ولی اپنے کے تو نکاح اُسکا باطل ہے نکاح اُسکا باطل ہے
نکاح اُسکا باطل ہے پھر اگر صحبت کرے اُس عورت سے تو واسطے اُسکے ہے مہر بسبب اسکے کہ فائدہ اُٹھایا اُسنے شرمگاہ اُسکی سے پھر اگر اختلاف
کرین ولی اُسکے نکاح مین تو بادشاہ ولی ہے اُسکا کہ نہین اُسکا کوئی ولی اور یہ حدیث حسن ہے اور تحقیق روایت کی ہے یحییٰ بن سعید اور یحییٰ بن
ایوب اور سفیان ثوری وغیرہ حافظون نے ابن جریج سے مثل اسکے اور ابی موسیٰ کی حدیث مین اختلاف ہے کہ روایت کیا ہے اُسکو اسرائیل
اور شریک بن عبد اللہ اور ابو عوانہ اور زہیر بن معاویہ اور قیس بن ربیع نے ابی اسحاق سے اُسنے ابی بردہ سے اُسنے ابی موسیٰ سے اُسنے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کیا اسکو اسباط اور زید بن حباب نے یونس سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے ابی بردہ سے اُسنے ابی موسیٰ سے
اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے۔

اذن کے لیے ان کے ساتھ جاؤ تو مہمان کو مستحب ہے کہ اسکے واسطے صاحب خانہ سے اذن چاہے ۱۲ ع سلہ حنفیہ کہتے ہین کہ یہ حدیث غیر بالغہ اور غیر عاقلہ کے حق مین ہے یعنی نابالغ لڑکی اور
دیوانی کا نکاح بغیر اذن ولی کے نہین ہوتا اور امام شافعی اور احمد کہتے ہین کہ یہ حکم سب عورتون کو شامل ہے پس نہین نکاح ہوتا انکا ساتھ منعقد کرنے ولی کے اور نہین نکاح ہوتا ساتھ عبارت
عورتون کے سواء اصیلہ ہون یا وکیلہ امام سیوطی نے کہا کہ جمہور علماء نے اسکو حمل کیا ہے نفی صحت پر اور ابو حنیفہ نے نفی کمال پر ۱۲ ع سلہ آپنے تین بار نکاح باطل فرمایا واسطے تاکید
اور مبالغہ کے معلوم ہوا کہ بدون ولی کے نکاح بالکل درست نہین ہوتا اور حاصل آخیر جملہ حدیث کا یہ ہے کہ اولیا جب نکاح کرنے سے عورت کو منع کرین تو وہ بالکل
کالعدم ہو جاتے ہین پس ہو گا بادشاہ ولی اسکا یعنی بادشاہ اُسکا نکاح کرا دے ۱۲ ع ح

ابو عبیدۃ الحداد عن یونس بن ابی اسحاق عن ابی بردۃ عن ابی موسی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ ولم یذکر فیہ عن ابی اسحاق وقد روی عن یونس بن ابی اسحاق عن ابی بردۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وروی شعبۃ والثوری عن ابی اسحاق عن ابی موسی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا نکاح الا بولی وقد ذکر بعض اصحاب سفیان عن سفیان عن ابی اسحاق عن ابی بردۃ عن ابی موسی ولا یصح وروایۃ هؤلاء الذین رووا عن ابی اسحاق عن ابی بردۃ عن ابی موسی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا نکاح الا بولی عندی اصح لان سماعہم من ابی اسحاق فی اوقات مختلفۃ وان کان شعبۃ والثوری احفظ واثبت من جمیع هؤلاء الذین رووا عن ابی اسحاق هذا الحدیث فان روایۃ هؤلاء عندی اشبہ واصح لان شعبۃ والثوری سمعا هذا الحدیث عن ابی اسحاق فی مجلس واحد ومما یدل علی ذلک ما حدثنا محمود بن غیلان نا ابو داود انبانا شعبۃ قال سمعت سفیان الثوری یسال ابا اسحاق اسمعت ابا بردۃ یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا نکاح الا بولی فقال نعم فدل هذا الحدیث علی ان سماع شعبۃ والثوری هذا الحدیث فی وقت واحد واسرائیل هو ثبت فی ابی اسحاق سمعت محمد بن المثنی یقول سمعت عبد الرحمن بن مهدی یقول ما فاتنی الذی فاتنی من حدیث الثوری عن ابی اسحاق الا لما اتکلت بہ علی اسرائیل لانہ کان یاتی بہ اتم وحدیث عائشۃ فی هذا الباب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا نکاح الا بولی حدیث حسن وروی ابن جریج عن سلیمان بن موسی عن الزہری عن عروۃ عن عائشۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وروی الحجاج بن ارطاۃ وجعفر بن ربیعۃ عن الزہری عن عروۃ عن عائشۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وروی عن هشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثلہ وقد تکلم بعض اهل الحدیث فی حدیث الزہری عن عروۃ عن عائشۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ابن جریج ثم لقیت الزہری فسألتہ فانکرہ فضعفوا هذا الحدیث من اجل هذا وذکر عن یحیی بن معین انہ قال لم یذکر هذا الحرف عن ابن جریج الا اسماعیل بن ابراهیم قال یحیی بن معین وسماع اسماعیل بن ابراهیم عن ابن جریج لیس بذاک انما صحح کتبہ

اور روایت کی ابو عبیدہ حداد نے یونس بن ابی اسحاق سے اُسنے ابی بردہ سے اُسنے ابی موسی سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکی اور نہین ذکر کیا اُسمین واسطہ ابی اسحاق کا اور تحقیق روایت کی گئی ہو یونس سے اُسنے ابی بردہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کی شعبہ اور ثوری نے ابی اسحاق سے اُسنے ابی موسی سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ نہین نکاح بدون ولی کے اور ذکر کیا ہو بعض اصحاب سفیان نے سفیان سے اُسنے ابی اسحاق سے اُسنے ابی بردہ سے اُسنے ابی موسی سے اور نہین صحیح ہو یہ روایت اور روایت اُن لوگونکی جنھون نے ابی اسحاق سے روایت کی اُسنے ابی بردہ سے اُسنے ابی موسی سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ نہین نکاح بدون اذن ولی کے نزدیک میرے زیادہ تر صحیح ہو اسواسطے کہ انھون نے ابی اسحاق سے مختلف وقتون مین سُنا ہو اگرچہ شعبہ اور ثوری زیادہ تر حافظ اور ثابت ہین اُن لوگون سے جنھون نے یہ حدیث ابی اسحاق سے روایت کی پس تحقیق روایت انکی نزدیک میرے زیادہ مشابہ اور زیادہ صحیح ہو اسلیے کہ شعبہ اور ثوری نے یہ حدیث ابی اسحاق سے ایک مجلس مین سُنی ہو اور اس چیز سے کہ دلالت کرتی ہو اوپر اس دعوی کے یہ ہو جو کہ حدیث بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو داؤد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے اسنے کہا سُنا مین نے سفیان ثوری سے کہ سوال کرتا تھا ابی اسحاق سے کہ کیا سُنا ہو تو نے ابی بردہ سے کہتا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہین نکاح بغیر اذن ولی کے سو اُسنے کہا کہ ہان سُنا ہو پس دلالت کی اس حدیث نے کہ شعبہ اور ثوری نے اس حدیث کو ایک وقت مین سُنا ہو۔ اور اسرائیل ثبت ہو ابی اسحاق مین سُنا مینے محمد بن مثنی سے کہتا تھا سُنا مینے عبد الرحمن بن مہدی سے کہتا تھا کہ نہین فوت ہوئی مجھسے وہ چیز کہ فوت ہوئی حدیث ثوری سے جو ابی اسحاق سے روایت کی ہو مگر کہ بھروسا کیا مینے اوپر اسرائیل کے اسواسطے کہ وہ اُسکو پورا بیان کرتا تھا اور حدیث عائشہ کی اس باب مین نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ نہین نکاح مگر ساتھ اذن ولی کے یہ حدیث حسن ہو اور روایت کی ابن جریج نے سلیمان بن موسی سے اُسنے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کی حجاج اور جعفر نے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کی گئی ہو ہشام سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے اور تحقیق کلام کیا ہو بعض اہل حدیث نے بیچ حدیث زہری کے عروہ سے اُسنے عائشہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا ابن جریج نے کہ پھر ملا مین[1] زہری سے اور پوچھا مینے اُس سے سو انکار کیا اُسنے اُس سے سو ضعیف کیا ہو محدثین نے اس حدیث کو اسوجہ سے اور ذکر کیا گیا ہو یحیی بن معین سے کہ کہا نہین ذکر کیا اس حرف کو ابن جریج سے مگر اسمعیل بن ابراہیم نے اور یحیی بن معین نے کہا کہ سماع اسمعیل کا ابن جریج سے صحیح نہین ہو سوا اسکے نہین کہ صحیح کیا اُسنے کتابون اپنی کو۔

[1] یعنی پہلے پھر مین زہری سے ملا اور اُس سے پوچھا تو اُسنے انکار کیا ۱۲

علی کتب عبد المجید بن عبد العزیز ابن ابی رَوَّادٍ ما سمع من ابن جُرَیجٍ وضَعَّفَ یحیی روایۃَ اسماعیل بن ابراھیم عن ابن جُرَیجٍ والعمل فی ھذا
الباب علی حدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم لا نکاح الا بولی عند اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم منھم عمر بن الخطاب وعلی بن
ابی طالب وعبد اللہ بن عباس وابو ھریرۃ وغیرھم وھکذا رُوی عن بعض فقھاء التابعین انھم قالوا لا نکاح الا بولی منھم سعید بن المُسَیَّب
باب ما جاء في الرجل يسلم وعنده اختان **حدثنا** قتيبة نا ابن لهيعة عن ابي وهب الجيشاني انه سمع ابن فيروز الديلمي يحدث عن ابيه قال اتيت النبي صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله اني اسلمت وتحتي اختان فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اختر ايتهما شئت هذا حديث حسن غريب وابو وهب الجيشاني اسمه الديلم ابن هوشع **باب** الرجل يشتري الجارية وهي حامل **حدثنا** عمر بن حفص الشيباني البصري نا عبد الله بن وهب نا يحيى بن ايوب عن ربيعة بن سليم عن بسر بن عبيد الله عن رويفع بن ثابت عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من كان يؤمن بالله واليوم الآخر فلا يسقي ماءه ولد غيره هذا حديث حسن وقد روي من غير وجه عن رويفع بن ثابت والعمل على هذا عند اهل العلم لا يرون للرجل اذا اشترى جارية وهي حامل ان يطأها حتى تضع وفي الباب عن ابن عباس وابي الدرداء والعرباض بن سارية وابي سعيد **باب** ما جاء في الرجل يسبي الامة ولها زوج هل يحل له وطيها **حدثنا** احمد بن منيع نا هشيم نا عثمان البتي عن ابي الخليل عن ابي سعيد الخدري قال اصبنا سبايا يوم اوطاس ولهن ازواج في قومهن فذكروا ذلك لرسول الله صلى الله عليه وسلم فنزلت والمحصنت من النساء الا ما ملكت ايمانكم هذا حديث حسن وهكذا رواه الثوري عن عثمان البتي عن ابي الخليل عن ابي سعيد وابو الخليل اسمه صالح بن ابي مريم وروى همام هذا الحديث عن قتادة عن صالح

کہ البتہ رجوع کر تو عورتوں اپنی سے اور یا سنگسار کرونگا میں قبر تیری کو جیسے کہ سنگسار کی گئی قبر ابی رغال کی اور عمل غیلان بن سلمہ کی حدیث پر نزدیک اصحاب ہمارے کے اُنہیں میں سے ہیں شافعی اور احمد اور اسحاق **باب** اگر کوئی شخص مسلمان ہوا اور اسکے نکاح میں دو بہنیں سگی ہوں تو اُسکا کیا حکم ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابن لہیعہ نے ابی وہب سے کہ اُسنے سُنا فیروز دیلمی سے کہ حدیث بیان کرتا تھا اپنے باپ سے کہا کہ آیا میں پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو میں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ تحقیق میں مسلمان ہوا ہوں اور میرے نکاح میں دو بہنیں ہیں سگی پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اختیار کرلے اُن دونوں میں سے جسکو چاہے تو۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور ابو وہب جیشانی کا نام دیلم ابن ہوشع ہے۔ **باب** اگر کوئی شخص لونڈی خرید کرے اور وہ حاملہ ہو تو اُس سے صحبت کرے یا نہیں **حدیث** بیان کی ہمسے عمرو بن حفص نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبد اللہ بن وہب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یحییٰ بن ایوب نے ربیعہ بن سلیم سے اُسنے روایت کی بسر بن عبید اللہ سے اُسنے رویفع بن ثابت سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص ایمان رکھتا ہو ساتھ اللہ کے اور دن قیامت کے تو نہ پلاوے پانی اپنا اولاد غیر اپنے کو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی گئی رویفع بن ثابت سے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے کہتے ہیں کہ جب کوئی مرد لونڈی خریدا کرے اُس حال میں کہ وہ حاملہ ہو تو صحبت کرے اُس سے یہانتک کہ رکھے حمل اپنا۔ اور اس باب میں ابن عباس اور ابی درداء اور عرباض بن ساریہ اور ابی سعید سے بھی روایت ہے **باب** اگر کوئی شخص لونڈی کو بندی میں پکڑ کے لاوے اور واسطے اُسکے خاوند ہو یعنی دار الحرب میں تو اُس سے صحبت کرنی درست ہے یا نہیں **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ہشیم نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عثمان بتی نے ابی خلیل سے اُسنے روایت کی ابی سعید خدری سے کہ پائی ہمنے بندی دن اوطاس[۲] کے (کہ نام ہے ایک جگہہ کا نزدیک طائف کے) اور واسطے اُنکے خاوند تھے اپنی قوم میں سو ذکر کی لوگوں نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پس اُتری یہ آیت اور حرام کی گئی ہیں تمپر عورتیں خاوند والیاں مگر وہ عورتیں کہ مالک ہوئی ہیں ہاتھ تمہارے کی یعنی جو لونڈیاں کہ دار الحرب سے پکڑ لائے ہو لڑائی[۳] میں اور اُنکے خاوند دار الحرب میں موجود ہیں تو یہ لونڈیاں واسطے تمہارے حلال ہیں جبکہ گذر جاوے عدت اُنکی یعنے ایک حیض یہ حدیث حسن ہے اور اسیطرح روایت کیا ہے اسکو ثوری نے عثمان بتی سے اُسنے ابی خلیل سے اُسنے ابی سعید سے اور ابو خلیل نام اُسکا صالح بن ابی مریم ہے۔ اور روایت کی ہمام نے یہ حدیث قتادہ سے اُسنے صالح سے

ف[۱] امام شافعی اور مالک اور احمد کا مذہب یہ ہے کہ اگر اسلام لاوے کوئی شخص اور اُسکے نکاح میں دو بہنیں ہوں کہ وہ بھی اسلام لائی ہوں تو جائز ہے اُسکو یہ کہ اختیار کرے اُن دونوں میں سے جسکو چاہے خواہ پہلے نکاح کو خواہ پچھلے کو اور امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ اگر دونوں سے نکاح اکٹھا کیا تھا تو نہیں جائز ہے اختیار کرنا ایک کو اور اگر آگے پیچھے کیا تھا تو پہلی نکاح کو اختیار کرے نہ دوسری کو کہ وہ درست نہیں ۱۲ ع ۲[۲] یعنی کافروں کی عورتیں بندیوں میں پکڑی آئیں لڑائی میں ۱۲ ۳[۳] جو عورت کہ کسی کے نکاح میں ہو اُس سے اور کسی کو نکاح کرنا درست نہیں مگر کافروں کی عورتیں کہ بندیوں میں پکڑ آویں اور خاوند اُنکے دار الحرب میں موجود ہوں تو اُنکو اپنے تصرف میں لانا درست ہے جبکہ اُنکی عدت گذر جاوے یعنے ایک حیض یا بچہ یا ایک مہینا۔ اور ابن عباس کہتے ہیں کہ لونڈی خاوند والی جب بیچی جاوے تو اُسکا نکاح ٹوٹ جاتا ہے اور باقی سب علما کہتے ہیں کہ اُسکا نکاح نہیں ٹوٹتا ۱۲ ع ح

ابی الخليل عن ابی علقمة الهاشمی عن ابی سعيد عن النبی صلی الله عليه وسلم حدثنا بذالك عبد بن حميد نا حبان بن هلال انا همام
باب ما جاء فی كراهية مهر البغی **حدثنا** قتيبة نا الليث عن ابن شهاب عن ابی بكر بن عبد الرحمن عن ابی مسعود الانصاری قال
نهی رسول الله صلی الله عليه وسلم عن ثمن الكلب ومهر البغی وحلوان الكاهن وفی الباب عن رافع بن خديج وابی جحيفة وابی هريرة و
ابن عباس وحديث ابی مسعود حديث حسن صحيح **باب** ما جاء ان لا يخطب الرجل علی خطبة اخيه **حدثنا** احمد بن منيع
وقتيبة قالا نا سفيان بن عيينة عن الزهری عن سعيد بن المسيب عن ابی هريرة قال قتيبة يبلغ به وقال احمد قال رسول الله صلی الله
عليه وسلم لا يبيع الرجل علی بيع اخيه ولا يخطب علی خطبة اخيه وفی الباب عن سمرة وابن عمر **قال** ابو عيسی حديث ابی هريرة حديث
حسن صحيح قال مالك بن انس انما معنی كراهية ان يخطب الرجل علی خطبة اخيه اذا خطب الرجل المرأة ورضيت به فليس لاحد ان يخطب
علی خطبته وقال الشافعی معنی هذا الحديث لا يخطب الرجل علی خطبة اخيه هذا عندنا اذا خطب الرجل المرأة فرضيت به وركنت
اليه فليس لاحد ان يخطب علی خطبته فاما قبل ان يعلم رضاها او ركونها اليه فلا باس ان يخطبها والحجة فی ذلك حديث فاطمة بنت
قيس حيث جاءت النبی صلی الله عليه وسلم فذكرت له ان ابا جهم بن حذيفة ومعاوية بن ابی سفيان خطباها فقال اما ابو جهم فرجل
لا يرفع عصاه عن النساء واما معاوية فصعلوك لا مال له ولكن انكحی اسامة فمعنی هذا الحديث عندنا والله اعلم ان فاطمة لم تخبره
برضاها بواحد منهما ولو اخبرته لم يشر عليها بغير الذی ذكرت **حدثنا** محمود بن غيلان نا ابو داود انبانا شعبة قال اخبرنی ابو بكر بن ابی الجهم

ابی خلیل سے اُسنے ابی علقمہ ہاشمی سے اُسنے ابی سعید سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث بیان کی ہمسے ساتھ اسکے عبد بن حمید نے
اُسنے کہا خبر دی ہمکو حبان بن ہلال نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ہمام نے **باب** زنا کرنے والی عورت کی خرچی حرام ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے
اُسنے کہا خبر دی ہمکو لیث نے ابن شہاب سے اُسنے روایت کی ابی بکر بن عبد الرحمان سے اُسنے ابی مسعود انصاری سے کہا کہ منع فرمایا رسول
صلی اللہ علیہ وسلم نے مول کتے کے سے اور خرچی زنا کرنے والی عورت کے سے اور شیرینی کاہن کی سے[1] اور اس باب مین رافع بن
خدیج اور ابی جحیفہ اور ابی ہریرہ اور ابن عباس سے بھی روایت ہے اور ابی مسعود کی حدیث حسن صحیح ہے **باب** نہ پیغام بھیجے مرد نکاح کا
اوپر پیغام بھائی اپنے کے **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع اور قتیبہ نے اُن دونوں نے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے زہری
سے اُسنے روایت کی سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے قتیبہ نے کہا یہ حدیث مرفوع ہے اور احمد نے مرفوع نہین کہا بلکہ قال رسول اللہ کہا یعنی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کہ نہ بیع کرے کوئی مرد اوپر بیع بھائی اپنے کے اور نہ پیغام بھیجے مرد نکاح کا اوپر پیغام بھائی اپنے کے اور اس باب مین سمرہ اور ابن عمر سے
بھی روایت ہے کہا ابو عیسٰے نے کہ ابو ہریرہ رض کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اور کہا مالک بن انس رض نے سوا اسکے نہین معنے مکروہ ہونے
پیغام نکاح کا اوپر پیغام بھائی اپنے کے یہ ہے کہ جب پیغام بھیجے مرد نکاح کا کسی عورت کو اور وہ راضی ہو جاوے ساتھ اسکے
تو نہین جائز ہے واسطے کسی کے یہ کہ پیغام بھیجے نکاح کا اوپر پیغام اسکے بھائی کے اور شافعی رحمہ نے کہا کہ معنے اس حدیث کا نزدیک ہمارے یہ ہے
کہ جب پیغام بھیجے نکاح کا کوئی مرد کسی عورت کو اور راضی ہو جاوے وہ ساتھ اسکے اور میل کرے طرف اسکے تو نہین جائز ہے کسی کو یہ کہ
پیغام بھیجے نکاح کا اوپر پیغام بھائی اپنے کے اور لیکن پہلے اس سے کہ معلوم ہو رضامندی اسکی اور میل کرنا اسکا طرف اسکے پس نہین ہے کوئی ڈر
یہ کہ پیغام بھیجے اسکو نکاح کا اور دلیل اسمین حدیث فاطمہ بنت قیس کی ہے جبکہ آئی وہ پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے سو ذکر کیا اُسنے کہ
تحقیق ابا جہم اور معاویہ بن ابی سفیان نے پیغام نکاح کا بھیجا ہے مجھکو سو آپ نے فرمایا کہ ابو جہم تو ایسا مرد ہے کہ نہین اٹھاتا لاٹھی اپنی
عورتون سے اور لیکن معاویہ پس وہ محتاج ہے اسکے پاس کچھ مال نہین و لیکن نکاح کر تو اسامہ سے پس معنے حدیث کا نزدیک ہمارے
اور خدا خوب جانتا ہے یہ ہین کہ فاطمہ نے نہ خبر دی آپ کو ساتھ راضی ہونے اپنے کے ساتھ ایک کے اُن دونون مین سے پس اگر
خبر دیتی وہ آپ کو تو نہ اشارہ کرتے آپ ساتھ غیر اسکے کے کہ ذکر کیا اسکو فاطمہ نے **حدیث** بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا
خبر دی ہمکو ابو داؤد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے اُسنے کہا خبر دی مجھکو ابو بکر بن ابی الجہم نے

[1] کاہن اور نجومی کے پاس جانا بالاجماع حرام ہے اور کاہن اسکو کہتے ہین جو آئندہ کی خبرین دے اور جو کوئی خبر دینے پر مٹھائی یا کپڑا یا کھانا یا نقدی دیوے یہ سب
حرام ہے اسکو حلوان کہتے ہین اور حلوان کے معنے شیرینی کے ہین ۱۲ منہ

قال دخلت انا وابو سلمة بن عبد الرحمن على فاطمة بنت قيس فحدثت ان زوجها طلقها ثلاثا ولم يجعل لها سكنى ولا نفقة قالت ووضع
لي عشرة اقفزة عند ابن عم له خمسة شعير وخمسة بر قالت فاتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكرت ذلك له قالت فقال صدق
فامرني ان اعتد في بيت ام شريك ثم قال لي رسول الله صلى الله عليه وسلم ان بيت ام شريك بيت يغشاه المهاجرون ولكن اعتدي
في بيت ابن ام مكتوم فعسى ان تلقي ثيابك فلا يراك فاذا انقضت عدتك فجاء احد يخطبك فآذنيني فلما انقضت عدتي خطبني
ابو جهم ومعاوية قالت فاتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فذكرت ذلك له فقال اما معاوية فرجل لا مال له واما ابو جهم فرجل
شديد على النساء قالت فخطبني اسامة بن زيد فتزوجني فبارك الله لي في اسامة هذا حديث حسن صحيح وقد رواه سفيان الثوري
عن ابي بكر بن ابي جهم نحو هذا الحديث وزاد فيه فقال لي النبي صلى الله عليه وسلم انكحي اسامة حدثنا بذلك محمود بن غيلان نا
وكيع عن سفيان عن ابي بكر بن ابي الجهم بهذا **باب** ما جاء في العزل **حدثنا** محمد بن عبد الملك بن ابي الشوارب نا يزيد بن زريع نا
معمر عن يحيى بن ابي كثير عن محمد بن عبد الرحمن بن ثوبان عن جابر قال قلنا يا رسول الله انا كنا نعزل فزعمت اليهود انه الموؤدة الصغرى
فقال كذبت اليهود ان الله اذا اراد ان يخلقه لم يمنعه وفي الباب عن عمر والبراء وابي هريرة وابي سعيد **حدثنا** قتيبة وابن
ابي عمر قالا نا سفيان بن عيينة عن عمرو بن دينار عن عطاء عن جابر بن عبد الله قال كنا نعزل والقرآن ينزل حديث جابر حديث
حسن صحيح وقد روي عنه من غير وجه وقد رخص قوم من اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم في العزل وقال مالك
بن انس تستأمر الحرة في العزل ولا تستأمر الامة **باب** ما جاء في كراهية العزل **حدثنا** ابن ابي عمر وقتيبة قالا نا سفيان بن عيينة

کہا داخل ہوا میں اور ابو سلمہ فاطمہ بنت قیس پر سو حدیث بیان کی اُسنے یہ کہ میرے خاوند نے مجھکو تین طلاقیں دیں اور نہ کیا واسطے اُسکے گھر اور نہ کچھ خرچ اور
رکھیں اُسنے واسطے میرے دس قفیز ابن عم کی نزدیک پچیرے بھائی اپنے کے پانچ جَو کی اور پانچ گیہوں کی کہا سو آئی میں پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور
ذکر کیا میں نے اُسکو واسطے آپکے آپنے فرمایا سچ کہا اُسنے اور فرمایا مجھکو کہ عدت گذاروں میں بیچ گھر ام شریک کے پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق گھر
ام شریک کا ایک گھر ہے کہ آمد و رفت رکھتے ہیں اُسکے گھر میں میرے یار مہاجرین لیکن عدت گذار تو بیچ گھر ابن ام مکتوم کے پس قریب ہے کہ رکھے تو کپڑے اپنے
یعنی بدن سے اُتار کر تو نہ دیکھیگا وہ تجھکو کہ وہ اندھا آدمی ہے سو جب تیری عدت گذر جاوے اور کوئی تجھکو نکاح کا پیغام پہنچاوے تو میرے پاس آئیو سو جب
میری عدت گذر گئی تو نکاح کا پیغام بھیجا مجھے ابو جہم اور معاویہ نے کہا سو میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئی اور ذکر کیا میں نے اسکو واسطے آپکے سو فرمایا
حضرت نے کہ ابو جہم تو مرد سخت ہے اوپر عورتوں کے اور معاویہ پس مفلس ہے نہیں ہے مال واسطے اُسکے کہا اور نکاح کا پیغام بھیجا مجھکو اسامہ نے پس نکاح کیا اُسنے مجھسے سو
برکت دی اللہ نے واسطے میرے بیچ اسامہ کے یعنی مجھ میں اور اسامہ میں ایسی محبت ہوئی کہ لوگ مجھپر رشک لیجاتے تھے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی
سفیان ثوری نے ابی بکر بن ابی جہم سے مثل اس حدیث کے اور زیادہ کیا ہے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھکو فرمایا کہ نکاح کر تو اسامہ سے حدیث کی ہمکو ساتھ اسکے
محمود بن غیلان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے سفیان سے اُسنے ابی بکر بن ابی جہم سے ساتھ اسکے **باب عزل کا بیان** **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن عبد الملک بن
ابی الشوارب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یزید بن زریع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو معمر نے یحییٰ بن ابی کثیر سے اُسنے روایت کی محمد بن عبد الرحمن بن ثوبان سے اُسنے جابر سے کہا کہ کہا ہمنے
یا رسول اللہ ہم تھے عزل کیا کرتے سو یہود کہتے ہیں کہ یہ عزل کرنا چھوٹے زندہ بچے کا گاڑنا ہے سو حضرت نے فرمایا کہ جھوٹ کہا یہود نے تحقیق اللہ جب ارادہ کرتا ہے پیدا کرنے
کسی چیز کا تو نہیں باز رکھتی اُسکو کوئی چیز اور اس باب میں عمر اور براء اور ابی ہریرہ اور ابی سعید سے بھی روایت ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ اور ابن ابی عمر نے اُن دونوں
نے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے عمرو بن دینار سے اُسنے روایت کی عطا سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہ کہا تھے ہم عزل کرتے اس حال میں کہ قرآن اُترتا تھا یعنی حضرت کے
زمانہ میں کہ وحی اُترتی تھی تو ہم عزل کرتے تھے سو نہی نہ آئی) جابر کی حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی گئی ہے اُس سے کئی وجہ پر اور ایک جماعت اہل علم کے اصحاب وغیرہ
کہتے ہیں کہ عزل کرنا جائز ہے اور مالک بن انس کہتے ہیں کہ اگر آزاد عورت ہو تو اُس سے اذن طلب کرے اور اگر لونڈی ہو تو اذن لینے کی کچھ حاجت نہیں بدون اذن کے بھی
اُس سے عزل کرنا جائز ہے **باب عزل کے مکروہ ہونے کا بیان** **حدیث** بیان کی ہمسے ابن ابی عمر اور قتیبہ نے اُنھوں نے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن عیینہ نے

سلہ یعنے حاجت پردہ کی نہوگی کہ وہ اندھا ہے اور اُسکے گھر میں کوئی آتا جاتا نہیں یا یہ معنی ہیں کہ عدت میں زینت کے کپڑے رکھدے اور یہ سمجھے ہیں کہ عدت کے ایام میں باہر نکلنا درست
نہیں کہا نووی نے کہ دلیل پکڑی بعض نے ساتھ اس حدیث کے کہ جائز ہے عورت کو دیکھنا طرف مرد اجنبی کے اگر مرد نہ دیکھے اُسکو اور یہ دلیل اُنکی ضعیف ہے اور صحیح وہ ہے کہ جسپر جمہور ہیں کہ
حرام ہے عورت کو دیکھنا مرد اجنبی کا اور حرام ہے مرد کو دیکھنا عورت اجنبیہ کا جیسا کہ قرآن اور حدیث سے معلوم ہوتا ہے اور حنفیہ کے نزدیک جائز ہے دیکھنا عورت کا مرد اجنبی کو سوا زیر ناف سے زیر زانو تک
اگر امن ہو شہوت سے ورنہ تمام بدن دیکھنا حرام ہے اور اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جسکو عیب معلوم ہو مرد کا یا عورت کا تو منگنی کے وقت اُسکو بیان کر دے تا کہ کسی کو ضرر نہ پہنچے اور اس حدیث سے یہ بھی معلوم

عن ابن ابی نجیح عن مجاهد عن قزعة عن ابی سعید قال ذکر العزل عند رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال لم یفعل ذلک احدکم زاد ابن ابی عمر فی حدیثه ولم یقل لا یفعل
ذاک احدکم قالا فی حدیثهما فانها لیست نفس مخلوقة الا الله خالقها وفی الباب عن جابر حدیث ابی سعید حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجه عن ابی سعید
وقد کره العزل قوم من اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم **باب** ماجاء فی القسمة للبکر والثیب حدثنا ابو سلمة یحیی بن خلف نا بشر بن المفضل عن
خالد الحذاء عن ابی قلابة عن انس بن مالک قال لو شئت ان اقول قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ولکنه قال السنة اذا تزوج
الرجل البکر علی امرأته اقام عندها سبعا واذا تزوج الثیب علی امرأته اقام عندها ثلاثا وفی الباب عن ام سلمة حدیث انس حدیث
حسن صحیح وقد رفعه محمد بن اسحاق عن ایوب عن ابی قلابة عن انس ولم یرفعه بعضهم والعمل علی هذا عند بعض اهل العلم
قالوا اذا تزوج الرجل امرأة بکرا علی امرأته اقام عندها سبعا ثم قسم بینهما بعد بالعدل واذا تزوج الثیب علی امرأته اقام عندها
ثلاثا **باب** ماجاء فی التسویة بین الضرائر **حدثنا** ابن ابی عمر نا بشر بن السری نا حماد بن سلمة عن ایوب عن ابی قلابة عن
عبدالله بن یزید عن عائشة ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یقسم بین نسائه فیعدل ویقول اللهم هذه قسمتی فیما املک
فلا تلمنی فیما تملک ولا املک حدیث عائشة هکذا رواه غیر واحد عن حماد بن سلمة عن ایوب عن ابی قلابة عن عبدالله
بن یزید عن عائشة ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یقسم ورواه حماد بن زید وغیر واحد عن ایوب عن ابی قلابة
مرسلا ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یقسم وهذا اصح من حدیث حماد بن سلمة ومعنی قوله لا تلمنی فیما تملک ولا املک انما

ابن ابی نجیح سے اسنے روایت کی مجاہد سے اسنے قزعہ سے اسنے ابی سعید سے کہا کہ ذکر کیا گیا عزل نزدیک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سو فرمایا آپ نے
کہ کس واسطے کرتا ہے اسکو ایک تمہارا اور ابن ابی عمر کی حدیث میں اتنا زیادہ ہے کہ آپ نے یہ نہ فرمایا کہ نہ کرے اسکو کوئی تمہارا کہا دونوں نے اپنی حدیث
میں کہا کہ پس تحقیق قصہ یہ ہے کہ نہیں کوئی جان پیدا کی گئی مگر کہ اللہ پیدا کرنے والا ہے اسکو اور اس باب میں جابر سے بھی روایت ہے اور ابو سعید کی حدیث
حسن صحیح ہے۔ اور ابو سعید سے کئی طرح پر مروی ہے اور ایک جماعت اہل علم کی اصحاب وغیرہ سے کہتی ہے کہ عزل کرنا مکروہ ہے **باب** کنواری اور
بیوہ عورت کے لیے باری مقرر کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے ابو سلمہ نے اسنے کہا خبر دی ہمکو بشر بن مفضل نے خالد حذاء سے اسنے روایت
کی ابی قلابہ سے اسنے انس بن مالک سے کہ کہا اگر چاہوں میں تو کہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے یعنے یہ حدیث مرفوع ہے ولیکن اسنے
کہا کہ سنت یہ ہے کہ جب نکاح کرے کوئی مرد کواری عورت سے شوہر دیدہ پر تو رہے پاس کواری کے سات رات اور جبکہ نکاح کرے بیوہ عورت سے
اوپر عورت اپنی کے تو رہے پاس اسکے تین رات اور اس باب میں ام سلمہ سے بھی روایت ہے اور انس کی حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق مرفوع
کیا ہے اسکو محمد بن اسحاق نے ایوب سے اسنے ابی قلابہ سے اسنے انس رض سے اور نہیں مرفوع کیا اسکو بعض نے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے
کہتے ہیں کہ جب نکاح کرے کوئی مرد کسی عورت کواری سے اوپر عورت اپنی کے تو ٹھیرے پاس اسکے سات رات پھر باری مقرر کرے درمیان ان
دونوں کے پیچھے اسکے ساتھ عدل کے اور جب نکاح کرے بیوہ عورت سے تو ٹھیرے پاس اسکے تین رات **باب** سوتوں کے درمیان برابری کرنے
کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے ابن ابی عمر نے اسنے کہا خبر دی ہمکو بشر بن سری نے اسنے کہا خبر دی ہمکو حماد بن سلمہ نے ایوب سے اسنے روایت کی
ابی قلابہ سے اسنے عبد اللہ بن یزید سے اسنے عائشہ رض سے کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم تقسیم کرتے درمیان بیویوں اپنی کے یعنی باری مقرر کرتے از
راہ تفضل کے اور عدل کرتے یعنے برابری کرتے درمیان انکے رات کے رہنے میں اور کہتے الٰہی یہ ہے تقسیم کرنا میرا اس چیز میں کہ مالک ہوں میں پس نہ
ملامت کر مجھکو اس چیز میں کہ مالک ہے تو اسکا اور نہیں مالک میں۔ عائشہ رض کی حدیث کو اسی طرح بہت لوگوں نے روایت کیا ہے حماد بن سلمہ سے
اسنے ایوب سے اسنے ابی قلابہ سے اسنے عبد اللہ بن یزید سے اسنے عائشہ رض سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے تقسیم کرتے اور روایت کیا اسکو حماد وغیرہ نے ایوب سے اسنے
ابی قلابہ سے مرسل کہ تھے نبی صلعم تقسیم کرتے اور یہ زیادہ صحیح ہے حماد کی حدیث سے اور معنی اس قول کا کہ نہ ملامت کر مجھکو اس چیز سے کہ تو مالک ہے اور میں مالک نہیں سوا اسکے نہیں

سلہ اپنی بیویوں کے لیے نوبت مقرر کرنی یعنے انکے پاس باری باری جانا واجب ہے اور ایک کی باری میں دوسری کے گھر میں رات کو رہنا درست نہیں اور دو کو ایک رات میں جمع
کرنا بھی جائز ہے مگر انکی اذن سے اور اسیطرح واجب ہے برابری کرنی کھلانے اور پہنانے میں اور صحبت میں نہ جماع میں اور سفر میں جسکو چاہے ساتھ لیجاوے مگر اولی یہ ہے کہ قرعہ ڈالے اور حنفیہ کے
نزدیک ایک بار جماع کرنے سے عورت کا حق ساقط ہو جاتا ہے اور عورت کی طاقت سے زیادہ جماع کرنا جائز نہیں ۱۲ ہدایہ وغیرہ سلہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر کسی شخص کے پاس پہلے کوئی عورت ہو
اور پھر نکاح کرے کسی اور عورت سے تو اگر وہ عورت باکرہ ہے تو اسکے پاس سات رات ٹھیرے پھر باری مقرر کرے اور اگر وہ عورت بیوہ ہے تو اسکے پاس تین رات ٹھیرے پھر بعد ازاں باری مقرر کرے اور
یہی ہے قول امام شافعی رح کا اور امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک کواری اور بیوہ اور نئی اور پرانی باری میں سب برابر ہیں کسی کے واسطے کوئی خصوصیت نہیں مگر یہ قول انکا اس حدیث کے صریح مخالف ہے ۱۲ م

يعني به الحب والمودة كذا فسره بعض أهل العلم **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدي نا همام عن قتادة عن النضر بن أنس
عن بشير بن نهيك عن أبي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال إذا كانت عند الرجل امرأتان فلم يعدل بينهما جاء يوم القيامة
وشقه ساقط وإنما أسند هذا الحديث همام بن يحيى عن قتادة ورواه هشام الدستوائي عن قتادة قال كان يقال ولا نعرف هذا
الحديث مرفوعا إلا من حديث همام **باب** ما جاء في الزوجين المشركين يسلم أحدهما **حدثنا** أحمد بن منيع وهناد قالا نا
أبو معاوية عن الحجاج عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده أن رسول الله صلى الله عليه وسلم رد ابنته زينب على أبي العاص
بن الربيع بمهر جديد ونكاح جديد هذا حديث في إسناده مقال والعمل على هذا الحديث عند أهل العلم أن المرأة إذا أسلمت
قبل زوجها ثم أسلم زوجها وهي في العدة أن زوجها أحق بها ما كانت في العدة وهو قول مالك بن أنس والأوزاعي والشافعي وأحمد
وإسحاق **حدثنا** هناد نا يونس بن بكير عن محمد بن إسحاق قال ثني داود بن حصين عن عكرمة عن ابن عباس قال رد النبي
صلى الله عليه وسلم ابنته زينب على أبي العاص بن الربيع بعد ست سنين بالنكاح الأول ولم يحدث نكاحا هذا حديث ليس
بإسناده بأس ولكن لا نعرف وجه الحديث ولعله قد جاء هذا من قبل داود بن الحصين من قبل حفظه **حدثنا** يوسف
بن عيسى نا وكيع نا إسرائيل عن سماك بن حرب عن عكرمة عن ابن عباس أن رجلا جاء مسلما على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم
ثم جاءت امرأته مسلمة فقال يا رسول الله إنها كانت أسلمت معي فردها عليه هذا حديث صحيح سمعت عبد بن حميد يقول
سمعت يزيد بن هارون يذكر عن محمد بن إسحاق هذا الحديث وحديث الحجاج عن عمرو بن شعيب عن أبيه عن جده أن النبي صلى
الله عليه وسلم رد ابنته على أبي العاص بن الربيع بمهر جديد ونكاح جديد فقال يزيد بن هارون حديث ابن عباس أجود إسنادا والعمل على حديث

کہ مراد اس سے محبت اور مروت ہی کہ وہ اختیاری امر نہیں اسی طرح تفسیر کیا اسکو بعض اہل علم نے **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر
دی ہمکو عبد الرحمن بن مہدی نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ہمام نے قتادہ سے اُسنے نضر بن انس سے اُسنے بشیر بن نہیک سے اُسنے ابی ہریرہ رضی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا کہ جبکہ ہوں پاس کسی شخص کے دو بیویاں یعنی شلا پھر نہ انصاف کرے درمیان اُنکے تو آویگا دن قیامت کے اس حال میں کہ آدھا دھڑ اسکا گرا ہوا ہوگا اور
سوا اسکے نہیں کہ مسند کیا ہی اس حدیث کو ہمام بن یحییٰ نے قتادہ سے اور روایت کیا ہی اسکو ہشام دستوائی نے قتادہ سے کہا کہ تھا کہا جاتا اور نہیں پہچانی جاتی یہ حدیث
مرفوع مگر حدیث ہمام سے **باب** اگر مرد اور عورت دونوں کافر ہوں اور دونوں میں سے ایک مسلمان ہوجاوے تو اسکا کیا حکم ہی **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع اور
ہناد نے اُن دونوں نے کہا خبر دی ہمکو ابو معاویہ نے حجاج سے اُسنے روایت کی عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھیر دیا
بیٹی اپنی زینب کو اوپر ابی العاص کے ساتھ مہر جدید اور نکاح جدید کے یہ حدیث ہی اسکی اسناد میں کلام ہی اور عمل اوپر اس حدیث کے ہی نزدیک اہل علم کے کہ جب مسلمان
ہووے عورت پہلے خاوند اپنے سے پھر مسلمان ہووے خاوند اسکا اور وہ عورت عدت میں ہووے تو خاوند اسکا لائق ہی ساتھ اسکے جبتک کہ ہو اُسکی عدت میں اور
یہی ہی قول مالک بن انس اور اوزاعی اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا **حدیث** بیان کی ہمکو ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یونس بن بکیر نے محمد بن اسحاق سے اُسنے کہا حدیث
کی ہمکو داؤد بن حصین نے عکرمہ سے اُسنے روایت کی ابن عباس رضی سے کہ پھیر دیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیٹی اپنی زینب کو ابی العاص بن ربیع پر بعد چھ برس کے ساتھ
نکاح پہلے کے اور نہ باندھا نکاح نیا اس حدیث کی اسناد کے ساتھ کچھ ڈر نہیں ولیکن نہیں پہچانتے ہم وجہ اس حدیث کی اور شاید کہ یہ داؤد بن حصین کی طرف سے آئی ہو اُسکے
حافظہ کی وجہ سے **حدیث** بیان کی ہمسے یوسف بن عیسیٰ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو وکیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اسرائیل نے سماک بن حرب سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے
کہ تحقیق ایک مرد آیا مسلمان ہوکر بیچ زمانے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھر آئی عورت اُسکی مسلمان ہوکر سو اُسنے عرض کی کہ یا رسول اللہ تحقیق میری عورت
میرے ساتھ مسلمان ہوئی تھی سو پھیر دیا حضرت نے اسکو اپنے خاوند پر یہ حدیث صحیح ہی سنا میں نے عبد بن حمید سے کہتا تھا سنا میں نے یزید بن ہارون سے ذکر کرتا تھا
محمد بن اسحاق سے یہ حدیث اور حدیث حجاج کی عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھیر دیا بیٹی اپنی کو اوپر ابی العاص
کے ساتھ مہر جدید اور نکاح جدید کے پس یزید بن ہارون نے کہا کہ ابن عباس کی حدیث کی اسناد بہت کھری ہی اور عمل اوپر حدیث

ف۱ یعنی باری مقرر کرنی اور نفقہ مقرر کرنے کا میں مالک ہوں اسمیں برابری کرتا ہوں اور دل کی محبت کا میں مالک نہیں اسمیں برابری نہیں کرسکتا اس سے معلوم ہوا کہ برابری نفقہ اور رات رہنے میں ہی
محبت میں نہیں ۱۲ ف۲ یہ سزا دو عورتوں کی بے انصافی پر موقوف نہیں بلکہ اگر تین یا چار ہونگی تو انکا بھی یہی حکم ہی ۱۲ ف۳ جب اسلام لاتے تھے خاوند اور بیوی پہلے گذرنے عدت کے تو ثابت رہتا ہی نکاح انکا
برابر ہی کہ ایک دین پر ہوں یا نہوں اور برابر ہی کہ دونوں دار الاسلام میں ہوں یا دار الحرب میں ہوں یا جدا ہوں اور یہی ہی مذہب شافعی اور احمد کا اور امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ نہیں زائل ہوتی فرقت درمیان میں کسی
ایک چیز کے تین چیزوں سے یا تو عورت کا گذر جانا یا ایک کا دوسرے پر اسلام عرض کرنا اور اسکا نہ قبول کرنا یا ایک کا ایک دار سے دوسرے دار کی طرف انتقال کرنا برابر ہی کہ اسلام لانا اسکا بعد صحبت ہو یا پہلے

وبن شعيب في الرجل يتزوج المرأة فيموت عنها قبل ان يفرض لها **حدثنا**

نا سفيان عن منصور عن ابراهيم عن علقمة عن ابن مسعود انه سئل عن رجل تزوج امراة ولم يفرض لها صداقا ولم يدخل بها حتى مات فقال ابن مسعود لها مثل صداق نسائها لا وكس ولا شطط وعليها العدة ولها الميراث فقام معقل بن سنان الاشجعي فقال قضى رسول الله صلى الله عليه وسلم في بروع بنت واشق امراة منا مثل ما قضيت ففرح بها ابن مسعود وفي الباب عن الجراح **حدثنا** الحسن بن علي الخلال نا يزيد بن هارون وعبد الرزاق كلاهما عن سفيان عن منصور نحوه حديث ابن مسعود حديث حسن صحيح وقد روي عنه من غير وجه والعمل على هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم وبه يقول الثوري واحمد واسحاق وقال بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم منهم علي بن ابي طالب وزيد بن ثابت وابن عباس وابن عمر اذا تزوج الرجل امراة ولم يدخل بها ولم يفرض لها صداقا حتى مات قالوا لها الميراث ولا صداق لها وعليها العدة وهو قول الشافعي وقال ولو ثبت حديث بروع بنت واشق لكانت الحجة فيما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم وروي عن الشافعي انه رجع بمصر عن هذا القول وقال بحديث بروع بنت واشق **ابواب الرضاع باب** ماجاء يحرم من الرضاع ما يحرم من النسب **حدثنا** احمد بن منيع نا اسماعيل بن ابراهيم نا علي بن زيد عن سعيد بن المسيب عن علي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله حرم من الرضاع ما حرم من النسب[1] وفي الباب عن عائشة وابن عباس وام حبيبة هذا حديث صحيح **حدثنا** محمد بن بشار نا يحيى بن سعيد نا مالك بن انس ح ونا اسحاق بن موسى الانصاري نا معن نا مالك عن عبد الله بن دينار عن سليمان بن يسار

عمرو بن شعیب کے یہی باب اگر کوئی مرد نکاح کرے کسی عورت سے پھر مر جاوے پہلے مہر مقرر کرنے کے تو اسکا کیا حکم ہے حدیث بیان کی ہے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو زید بن حباب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان نے منصور سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے علقمہ سے اُسنے ابن مسعود سے کہ وہ پوچھے گئے حکم ایک مرد سے کہ نکاح کیا اُسنے ایک عورت سے اور نہ مقرر کیا واسطے اُسکے مہر اور نہ صحبت کی اُس سے یہانتک کہ مر گیا وہ سو ابن مسعود نے کہا کہ واسطے اُس عورت کے مہر ہے مانند مہر عورتوں قوم اپنی کے یعنی مہر مثل دینا آئیگا نہ کم نہ زیادہ اور اُسپر عدت ہے اور واسطے اُسکے میراث ہے سو معقل بن سنان کھڑے ہوئے اور کہا کہ فیصلہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ حق بروع بیٹی واشق کے جو ایک عورت ہے ہم میں سے مثل اُسکے جو فیصلہ کیا تو نے سو ابن مسعود رضی اُس سے بہت خوش ہوئے حدیث بیان کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یزید بن ہارون اور عبد الرزاق نے اُن دونوں نے روایت کی سفیان سے اُسنے منصور سے مثل اُسکے اور حدیث ابن مسعود کی حسن صحیح ہے۔ اور کئی وجہ پر اُس سے مروی ہے اور عمل اوپر اسکے ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے اور ساتھ اسی کے قائل ہے ثوری اور احمد اور اسحاق اور بعض اہل علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے کہتے ہیں انہیں میں سے ہیں علی بن ابی طالب اور زید بن ثابت اور ابن عباس اور ابن عمر کہ جب نکاح کرے مرد کسی عورت سے اور نہ صحبت کرے اُس سے اور نہ مقرر کیا ہو واسطے اُسکے مہر یہانتک کہ مر گیا کہتے ہیں کہ واسطے اُسکے میراث ہے یعنی اُسکو میراث خاوند کی پہنچیگی اور نہیں ہے واسطے اُسکے مہر اور اُسپر عدت ہے یعنی وفات کی کہ چار مہینے اور دس دن ہیں اور یہی ہے قول امام شافعی کا اور کہا کہ اگر ثابت ہو جاوے حدیث بروع بیٹی واشق کی تو ہوگی دلیل بیچ اُسکے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے اور امام شافعی سے مروی ہے کہ اُسنے مصر میں اس قول سے رجوع کیا اور قائل ہوا ساتھ حدیث بروع بیٹی واشق کے **ابواب الرضاع** رضاعت کے بابوں کا بیان یعنی دودھ چوسنے کا بیان **باب** حرام ہوتی ہے بسبب دودھ پینے کے وہ چیز کہ حرام ہوتی ہے نسب سے حدیث بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اسمٰعیل بن ابراہیم نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو علی بن زید نے سعید بن مسیب سے اُسنے روایت کی علی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق اللہ نے حرام کی ہے دودھ پینے سے وہ چیز کہ حرام کی ہے نسب سے[1]۔ اور اس باب میں عائشہ اور ابن عباس اور ام حبیبہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو یحییٰ بن سعید نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو مالک بن انس نے ح اور خبر دی ہمکو اسحٰق بن موسیٰ انصاری نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو معن نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو مالک نے عبد اللہ بن دینار سے اُسنے روایت کی سلیمان بن یسار سے

[1] یعنی اگر کوئی لڑکی یا لڑکا کسی عورت اجنبیہ کا دودھ پئے دو برس کی عمر سے کم میں تو جو عورتیں کہ نسب کے علاقہ سے حرام ہوتی ہیں دودھ پینے سے بھی حرام ہوتی ہیں اور نسب کے سبب سات عورتیں حرام ہیں ماں بیٹی اور بہن اور پھوپھی اور خالہ اور بھتیجی اور بھانجی پس یہ عورتیں دودھ سے بھی حرام ہوتی ہیں پس حرام ہے دودھ پینے والے پر ماں باپ رضاعی اُسکے یعنی دودھ پلانے والی اور اسکا خاوند کہ دودھ اُسکی صحبت کرنے کے سبب سے ہے اور حرام ہیں اُسپر بھائی اور بہن رضاعی اُسکی یعنی جو اُس دودھ پلانے والی عورت کے پیٹ سے پیدا ہوا ہو یا اُسکے خاوند کے نطفہ سے پیدا ہوا ہو پس یہ سب بھائی اور بہن ہیں دودھ پینے والے کے اور اولاد اُنکی بھتیجے اور بھانجے اُسکے ہو گئے اور بھائی رضاعی باپ کا چچا اُسکا ہوگا اور بہن اُسکی پھوپھی اُسکی ہوگی اور بھائی ماں رضاعی کا ماموں اُسکا ہوگا اور بہن ماں رضاعی کی خالہ اُسکی ہوگی اور اسی طرح

عن عروة بن الزبير عن عائشة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله حرم من الرضاعة ما حرم من الولادة هذا حديث حسن صحيح وحديث علي حديث صحيح والعمل على هذا عند عامة اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم لا نعلم بينهم في ذلك اختلافا **باب** ما جاء في لبن الفحل **حدثنا** الحسن بن علي نا ابن نمير عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة قالت جاء عمي من الرضاعة يستاذن علي فابيت ان آذن له حتى استامر رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم فليلج عليك فانه عمك قالت انما ارضعتني المرأة ولم يرضعني الرجل قال فانه عمك فليلج عليك هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم كرهوا لبن الفحل والاصل في هذا حديث عائشة وقد رخص بعض اهل العلم في لبن الفحل والقول الاول اصح **حدثنا** قتيبة نا مالك بن انس ح وثنا الانصاري نا معن نا مالك بن انس عن ابن شهاب عن عمرو بن الشريد عن ابن عباس انه سئل عن رجل له جاريتان ارضعت احدهما جارية والاخرى غلاما ايحل للغلام ان يتزوج الجارية فقال لا اللقاح واحد وهذا تفسير لبن الفحل وهذا الاصل في هذا الباب وهو قول احمد واسحاق **باب** ما جاء لا تحرم المصة ولا المصتان **حدثنا** محمد بن علي الصنعاني نا المعتمر بن سليمان قال سمعت ايوب يحدث عن عبد الله بن ابي مليكة عن عبد الله بن الزبير عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تحرم المصة ولا المصتان وفي الباب عن ام الفضل وابي هريرة والزبير وابن الزبير عن عائشة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ما تحرم المصة لا المصتان وروى محمد بن دينار عن هشام بن عروة عن ابيه عن عبد الله بن الزبير عن الزبير عن النبي صلى الله عليه وسلم وزاد فيه محمد بن دينار عن الزبير عن النبي صلى الله عليه وسلم وهو غير محفوظ

اسنے عروہ بن زبیر سے اسنے عائشہ رضہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ نے حرام کی ہے دودھ پینے سے وہ چیز کہ حرام کی ہے نسب سے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور علی کی حدیث بھی صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے نہیں جانتے ہم درمیان انکے اختلاف کچھ **باب** مرد کے دودھ کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے حسن بن علی نے اسنے کہا خبر دی ہمکو ابن نمیر نے ہشام بن عروہ سے اسنے اپنے باپ سے اسنے عائشہ سے کہا کہ آیا چچا میرا دودھ کے ناتے کا اس حال میں کہ اجازت چاہی اسنے میرے پاس آنے کی پس انکار کیا میں نے اذن دینے سے یہانتک کہ پوچھوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آنا انکا میرے پاس درست ہے یا نہیں سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چاہیے کہ داخل ہو تجھپر یعنی آوے تیرے پاس کہ تحقیق وہ چچا تیرا ہے کہا اسنے سوا اسکے نہیں کہ دودھ پلایا مجکو عورت نے اور نہیں دودھ پلایا مجکو مرد نے فرمایا کہ تحقیق وہ چچا تیرا ہے چاہیے کہ آوے تیرے پاس۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ دودھ مرد کا مکروہ ہے یعنے دودھ پلانے والی عورت کے خاوند سے ملنا مکروہ ہے اور اصل اس باب میں عائشہ کی حدیث ہے۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ دودھ کے ناتے والی کو مرد سے ملنا درست ہے اور پہلا قول زیادہ تر صحیح ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اسنے کہا خبر دی ہمکو مالک بن انس نے ح اور خبر دی ہمکو انصاری نے اسنے کہا خبر دی ہمکو معن نے اسنے کہا خبر دی ہمکو مالک بن انس نے ابن شہاب سے اسنے روایت کی عمرو بن شرید سے اسنے ابن عباس رضہ سے کہ وہ پوچھے گئے حکم ایک مرد کے سے کہ واسطے اسکے دو عورتیں ہیں کہ دودھ پلایا ان دونوں میں سے ایک نے ایک لڑکی کو اور دوسری نے ایک لڑکے کو کیا حلال ہے واسطے اس لڑکے کے کہ نکاح کرے اس لڑکی سے سو اسنے کہا کہ نہیں جائز ہے کہ منی ایک ہے اور یہ ہے تفسیر لبن الفحل کی اور یہ حدیث اصل ہے اس باب میں اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا **باب** نہیں حرام کرتا نکاح کو ایک بار دودھ پینا اور دو بار دودھ پینا یعنی ایک بار چوسنا اور دو بار چوسنا **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن علی صنعانی نے اسنے کہا خبر دی ہمکو معتمر بن سلیمان نے اسنے کہا سنا میں نے ایوب سے حدیث بیان کرتا تھا عبد اللہ بن ابی ملیکہ سے اسنے روایت کی عبد اللہ بن زبیر سے اسنے عائشہ رضہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں حرام کرتا یعنی نکاح کو ایک بار دودھ چوسنا اور دو بار دودھ چوسنا۔ اور اس باب میں ام الفضل اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے اور زبیر اور ابن زبیر نے عائشہ سے روایت کی ہے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں حرام کرتا ایک بار کا دودھ چوسنا اور دو بار کا دودھ چوسنا اور روایت کی محمد بن دینار نے ہشام بن عروہ سے اسنے اپنے باپ سے اسنے عبد اللہ بن زبیر سے اسنے زبیر سے اسنے نبی صلعم سے اور زیادہ کیا اسمیں محمد بن دینار نے واسطہ زبیر کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور وہ محفوظ نہیں

ف ظاہر اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ تین بار دودھ چوسنا حرام کرتا ہے اور یہی ہے مذہب بعض علما کا اور بعضے کہتے ہیں کہ پانچ بار چوسنا حرام کرتا ہے یہ قول حضرت عائشہ کا ہے اور یہی ہے قول امام شافعی اور اسحاق کا اور بعضے کہتے ہیں کہ مطلق دودھ چوسنا حرام کرتا ہے یہ قول مالک اور اوزاعی اور امام ابو حنیفہ وغیرہ رحمہم اللہ تعالیٰ کا ہے ۱۲

والصحیح عند اهل الحدیث حدیث ابن ابی ملیکه عن عبد الله بن الزبیر عن عائشة عن النبی صلی الله علیه وسلم حدیث عائشة حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم قالت عائشة انزل فی القرآن عشر رضعات معلومات فنسخ من ذلک خمس وصار الی خمس رضعات معلومات فتوفی رسول الله صلی الله علیه وسلم والامر علی ذلک حدثنا بذلک اسحاق بن موسی الانصاری نا معن نا مالک عن عبد الله بن ابی بکر عن عمرة عن عائشة بهذا وبهذا کانت عائشة تفتی وبعض ازواج النبی صلی الله علیه وسلم وهو قول الشافعی واسحاق وقال احمد بحدیث النبی صلی الله علیه وسلم لا تحرم المصة ولا المصتان وقال ان ذهب ذاهب الی قول عائشة فی خمس رضعات فهو مذهب قوی وجبن عنه ان یقول فیه شیئا وقال بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم یحرم قلیل الرضاع وکثیره اذا وصل الی الجوف وهو قول سفیان الثوری ومالک بن انس والاوزاعی وعبد الله بن المبارک ووکیع واهل الکوفة **باب** ما جاء فی شهادة المرأة الواحدة فی الرضاع **حدثنا** علی بن حجر نا اسمعیل بن ابراهیم عن ایوب عن عبد الله بن ابی ملیکه قال ثنی عبید بن ابی مریم عن عقبة بن الحارث قال وسمعته من عقبة ولکنی لحدیث عبید احفظ قال تزوجت امرأة فجاءتنا امرأة سوداء فقالت انی قد ارضعتکما فاتیت النبی صلی الله علیه وسلم فقلت تزوجت فلانة بنت فلان فجاءتنا امرأة سوداء فقالت انی قد ارضعتکما وهی کاذبة قال فاعرض عنی قال فاتیته من قبل وجهه فقلت انها کاذبة قال وکیف بها وقد زعمت انها قد ارضعتکما دعها عنک حدیث عقبة بن الحارث حدیث حسن صحیح وقد روی غیر واحد هذا الحدیث عن ابن ابی ملیکة

اور صحیح اہل حدیث کے نزدیک حدیث ابن ابی ملیکہ کی ہے جو عبد اللہ بن زبیر سے روایت کی ہے اُسنے عائشہ رض سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور عائشہ رض کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہا عائشہ نے کہ اُتارا گیا قرآن میں دس بار دودھ پینا کہ یقیناً معلوم ہو وجود اُسکا سو منسوخ کیا گیا اُس سے پانچ بار دودھ پینا اور پھر امر طرف پانچ بار دودھ پینے کے کہ یقیناً معلوم ہو وجود اُسکا سو وفات کیے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور امر اُسی پر تھا حدیث بیان کی ہمسے ساتھ اسکے اسحق بن موسی انصاری نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو معن نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو مالک نے عبد اللہ بن ابی بکر سے اُسنے روایت کی عمرہ سے اُسنے عائشہ سے ساتھ اسکے اور ساتھ اسی کے تھیں عائشہ رض فتوی دیتیں اور بعض بیبیاں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اور یہی ہے قول شافعی اور اسحاق کا اور کہا احمد ساتھ حدیث نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ نہیں حرام کرتا ایک بار دودھ چوسنا اور نہ دو بار دودھ چوسنا اور کہا احمد نے اگر جاوے کوئی جانے والا طرف قول عائشہ کے بیچ پانچ بار دودھ پینے کے تو وہ مذہب قوی ہے اور نامردی ہے یہ کہ کہے بیچ اسکے کوئی چیز یعنی اسمین حجت کرنی درست نہیں اور کہا بعض اہل علم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہ مطلق دودھ چوسنا حرام کرتا ہے یعنی نکاح کو خواہ تھوڑا ہو خواہ بہت ہو جبکہ پہنچے طرف پیٹ کے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور مالک بن انس اور اوزاعی اور عبد اللہ ابن مبارک اور وکیع اور اہل کوفہ کا **باب** دودھ چوسنے میں ایک عورت کے گواہی دینے کا بیان یعنی ایک عورت کی گواہی مقبول ہے یا نہیں **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو اسمعیل بن ابراہیم نے ایوب سے اُسنے روایت کی عبد اللہ بن ابی ملیکہ سے اُسنے کہا حدیث کی مجھکو عبید بن ابی مریم نے عقبہ بن حارث سے اور کہا کہ سنا میں نے اسکو عقبہ سے ولیکن میں عبید کی حدیث خوب یاد رکھتا ہوں کہا کہ نکاح کیا میں نے ایک عورت سے سو آئی ہمارے پاس ایک عورت کالی اور کہا اُسنے کہ تحقیق دودھ پلایا ہے میں نے تم دونوں کو سو میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضر ہوا سو میں نے عرض کی کہ نکاح کیا تھا میں نے فلانی عورت فلانے کی بیٹی سے سو آئی ہمارے پاس ایک عورت کالی اور کہا اُسنے کہ تحقیق دودھ پلایا ہے میں نے تم دونوں کو اور وہ جھوٹ کہتی ہے کہا کہ پس منھ پھیرا حضرت نے مجھسے سو آیا میں طرف منھ آپکے سے سو میں نے کہا کہ وہ جھوٹ کہتی ہے سو فرمایا حضرت نے کہ کسطرح نکاح میں رکھیگا تو اُسکو اس حال میں کہ تحقیق کہتی ہے وہ کہ دودھ پلایا اُسنے تم دونوں کو پس چھوڑ دے اُسکو آپ سے حدیث عقبہ بن حارث کی حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی بہت لوگوں نے یہ حدیث ابن ابی ملیکہ سے

ف۱ پہلے حکم یہی تھا کہ دس بار دودھ چوسنا حرام کرتا ہے اس سے کم نہیں پھر یہ حکم منسوخ ہوا اور تلاوت بھی منسوخ ہوئی اور حکم ہوا کہ پانچ بار پینا حرام کرتا ہے پھر رہا قرآن میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی قراءت میں اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک حکم اُسکا باقی ہے اور تلاوت منسوخ اور امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک اُسکا حکم بھی منسوخ ہے ۱۲ مولانا اسحاق ف۲ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ایک عورت کی گواہی دودھ کے مقدمہ میں قبول ہے اور امام ابوحنیفہ اور اکثر علماء رحمہم اللہ کے نزدیک ثبوت دودھ پلانے کا دو مردوں یا ایک مرد اور دو عورتوں عادل سے ہوتا ہے ۱۲ ع

عن عُقبة بن الحارث ولم يذكروا فيه عن عُبيد بن ابي مريم ولم يذكروا فيه دعها عنك والعمل على هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم اجازوا شهادة المراة الواحدة في الرضاع وقال ابن عباس تجوز شهادة امراة واحدة في الرضاع وتؤخذ يمينها وبه يقول احمد واسحاق وقال بعض اهل العلم لا تجوز شهادة امراة واحدة في الرضاع حتى يكون اكثر وهو قول الشافعي وعبد الله بن ابي مليكة هو عبد الله بن عبيد الله بن ابي مليكة ويكنى ابا محمد وكان عبد الله بن الزبير قد استقضاه على الطائف وقال ابن جريج عن ابن ابي مليكة ادركت ثلثين من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم سمعتُ الجارود بن معاذ يقول سمعت وكيعا يقول لا تجوز شهادة امراة واحدة في الرضاع في الحكم ويفارقها في الورع **باب** ما جاء ان الرضاعة لا تحرم الا في الصغر دون الحولين **حدثنا** قتيبة نا ابو عوانة عن هشام بن عروة عن فاطمة بنت المنذر عن ام سلمة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحرم من الرضاع الا ما فتق الامعاء في الثدي وكان قبل الفطام هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم ان الرضاعة لا تحرم الا ما كان دون الحولين وما كان بعد الحولين الكاملين فانه لا يحرم شيئا وفاطمة بنت المنذر بن الزبير بن العوام وهي امراة هشام بن عروة **باب** ما يذهب مذمة الرضاع **حدثنا** قتيبة نا حاتم بن اسماعيل عن هشام بن عروة عن ابيه عن حجاج بن حجاج الاسلمي عن ابيه انه سال النبي صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله ما يذهب عني مذمة الرضاع فقال غرة عبد او امة هذا حديث حسن صحيح هكذا رواه يحيى بن سعيد القطان وحاتم بن اسماعيل وغير واحد عن هشام بن عروة عن ابيه عن حجاج بن حجاج عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم وروى سفيان بن عيينة عن هشام بن عروة عن ابيه عن حجاج بن ابي حجاج عن ابيه عن النبي صلى الله عليه وسلم وحديث ابن عيينة غير محفوظ والصحيح ما روى هؤلاء عن هشام بن عروة عن ابيه وهشام بن عروة يكنى ابا المنذر وقد ادرك جابر بن عبد الله وقال معنى قوله ما يذهب عني مذمة الرضاع يقول انما يعني

اُسنے عقبہ بن حارث سے اُسنے اور نہین ذکر کیا اُسمین واسطہ عبید ابن ابی مریم کا۔ اور نہین ذکر کیا اُسمین کہ چھوڑ دو سے اسکو اور عمل اسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے حضرت کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہین کہ ایک عورت کی گواہی دودھ پلانے کے ثبوت مین کافی ہے۔ اور ابن عباسؓ نے کہا کہ دودھ کے مقدمہ مین ایک عورت کی گواہی جائز ہے اور لی جاوے قسم اُسکی اور ساتھ اسی کے قائل ہین احمد اور اسحاق۔ اور بعض اہل علم کہتے ہین کہ دودھ کے مقدمہ مین ایک عورت کی گواہی جائز نہین اور اس سے دودھ پلانے کا ثبوت نہین ہو سکتا یہان تک کہ بہت ہو اور یہی ہے قول شافعی کا۔ اور عبد اللہ بن ابی ملیکہ وہ عبد اللہ بن عبید اللہ بن ابی ملیکہ ہے اور کنیت اُسکی ابو محمد ہے۔ اور عبد اللہ بن زبیر نے اُسکو طائف پر قاضی کیا تھا۔ اور ابن جریج نے ابن ابی ملیکہ سے روایت کی ہے کہ پایا مین نے تیس آدمیون کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے سُنا مین نے جارود بن معاذ سے کہتا تھا سُنا مین نے وکیع سے کہتا تھا کہ دودھ کے مقدمہ مین ایک عورت کی گواہی قبول نہین حکم مین اور جدا کرے اُسکو از روے احتیاط کے **باب** دودھ پینا نہین حرام کرتا مگر چھوٹی عمر مین کم دو برس سے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو ابو عوانہ نے ہشام بن عروہ سے اُسنے روایت کی فاطمہ بنت منذر سے اُسنے ام سلمہؓ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہین حرام کرتی دودھ پینے سے کوئی قسم مگر وہ قسم کہ کھولے انتڑیون کو بیچ پینے چھاتی کے اور ہووے پہلے وقت دودھ چھڑانے کے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور عمل اسپر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہ دودھ پینا نہین حرام کرتا مگر وہ کہ ہووے اندر دو برس کے اور وہ دودھ پینا کہ ہووے بعد دو برس کامل کے تو نہین حرام کرتا کسی چیز کو اور فاطمہ بنت منذر بن زبیر بن عوام وہ عورت ہشام بن عروہ کی ہے **باب** کیا چیز ہے کہ دودھ پینے کا حق دور کرے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حاتم بن اسمعیل نے ہشام بن عروہ سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے حجاج بن حجاج اسلمی سے اُسنے اپنے باپ سے کہ تحقیق سوال کیا اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سو کہا کہ یا حضرت کیا چیز دور کرتی ہے مجھسے حق دودھ کو فرمایا بردہ دینا غلام ہو یا لونڈی ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اسیطرح روایت کیا اسکو یحیی بن سعید القطان اور حاتم بن اسمعیل وغیرہ نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے حجاج ابن حجاج سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے حضرت صلعم سے۔ اور روایت کی سفیان بن عیینہ نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے حجاج بن ابی حجاج سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلعم سے اور سفیان بن عیینہ کی حدیث محفوظ نہین اور صحیح وہ ہے جو روایت کی ان لوگون نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اور ہشام بن عروہ کی کنیت ابو المنذر ہے تحقیق پایا اُسنے جابر بن عبد اللہ کو اور کہا کہ معنی اس حدیث کے سوا اسکے نہین ہے کہ مراد اس سے حق دودھ پلانے کا ہے یعنے

ذمام الرضاعة وحقها يقول اذا اعطيت المرضعة عبدا او امة فقد قضيت ذمامها ويروى عن ابى الطفيل قال كنت جالسا مع النبى صلى الله عليه وسلم اذ اقبلت امراة فبسط النبى صلى الله عليه وسلم رداءه فقعدت عليه فلما ذهبت قيل هذه كانت ارضعت النبى صلى الله عليه وسلم **باب** ما جاء فى الامة تعتق ولها زوج **حدثنا** على بن حجر نا جرير بن عبد الحميد عن هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة قالت كان زوج بريرة عبدا فخيرها النبى صلى الله عليه وسلم فاختارت نفسها ولو كان حرا لم يخيرها **حدثنا** هناد نا ابو معاوية عن الاعمش عن ابراهيم عن الاسود عن عائشة قالت كان زوج بريرة حرا فخيرها رسول الله صلى الله عليه وسلم حديث عائشة حديث حسن صحيح هكذا روى هشام بن عروة عن ابيه عن عائشة قالت كان زوج بريرة عبدا وروى عكرمة عن ابن عباس قال رايت زوج بريرة وكان عبدا يقال له مغيث وهكذا روى عن ابن عمر والعمل على هذا عند بعض اهل العلم وقالوا اذا كانت الامة تحت الحر فاعتقت فلا خيار لها وانما يكون لها الخيار اذا اعتقت وكانت تحت عبد وهو قول الشافعى واحمد واسحاق وروى غير واحد عن الاعمش عن ابراهيم عن الاسود عن عائشة قالت كان زوج بريرة حرا فخيرها رسول الله صلى الله عليه وسلم وروى ابو عوانة هذا الحديث عن الاعمش عن ابراهيم عن الاسود عن عائشة فى قصة بريرة قال الاسود وكان زوجها حرا والعمل على هذا عند بعض اهل العلم من التابعين ومن بعدهم وهو قول سفيان الثورى واهل الكوفة **حدثنا** هناد نا عبدة عن سعيد عن ايوب وقتادة عن عكرمة عن ابن عباس ان زوج بريرة كان عبدا اسود لبنى المغيرة يوم اعتقت بريرة والله لكانى به فى طرق المدينة ونواحيها وان دموعه لتسيل على لحيته يترضاها لتختاره فلم تفعل هذا حديث حسن صحيح وسعيد بن ابى عروبة هو سعيد بن مهران ويكنى ابا النضر

یعنی آپ سے فرمایا کہ جب دیا تو نے دودھ پلانے والی کو غلام یا لونڈی تو ادا کیا تو نے حق اُسکا- اور ابی طفیل سے مروی ہی کہا کہ تھا میں بیٹھا ہوا ساتھ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے کہ ناگہاں آئی ایک عورت یعنی حضرت حلیمہ جسنے آپ کو دودھ پلایا تھا سو بچھا دی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے چادر اپنی یعنی انکی تعظیم اور خوش کرنے کو سو بیٹھ گئی وہ چادر پر سو جب چلی گئی وہ کسی جگہ یعنی اور لوگوں نے تعجب کیا اس معاملہ سے کہا گیا کہ اس عورت نے دودھ پلایا تھا نبی صلعم کو **باب** اگر کوئی لونڈی آزاد کی جاوے اور واسطے اُسکے خاوند ہو تو اُسکا کیا حکم ہی **حدیث** بیان کی ہمسے علی ابن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے جریر بن عبد الحمید نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ رضؓ سے کہ تھا خاوند بریرہ کا غلام سو اختیار دیا اُسکو نبی صلعم نے اُس سے نکاح رکھنے کا سو اختیار کیا اُسنے نفس اپنے کو اور اگر ہوتا خاوند اُسکا آزاد تو نہ اختیار دیتے نبی صلعم اسکو **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے روایت کی ابراہیم سے اسنے اسود سے اسنے عائشہ رضؓ سے کہا کہ تھا خاوند بریرہ کا آزاد سو اختیار دیا اسکو حضرت نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور حضرت عائشہ رضؓ کی حدیث حسن صحیح ہی اسی طرح کہا ہشام بن عروہ نے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ رضؓ سے کہ تھا خاوند بریرہ کا غلام- اور روایت کی عکرمہ نے ابن عباس سے کہا کہ دیکھا میں نے خاوند بریرہ کو اور تھا وہ غلام کہا جاتا تھا اسکو مغیث اور اسیطرح روایت کی گئی ہے ابن عمر سے اور عمل اسپر ہی نزدیک بعض اہل علم کے اور کہتے ہیں کہ اگر لونڈی آزاد کسی کے نکاح میں ہو تو آزاد کیجاوے وہ تو نہیں ہے کوئی اختیار اسکو بیچ رکھنے یا نہ رکھنے نکاح کے اور سوا اسکے نہیں کہ ہوتا ہی واسطے اُسکے اختیار جب کہ آزاد کیجاوے اور ہووے نکاح میں غلام کے اور یہی ہے قول امام شافعی اور احمد اور اسحاق رحمہم اللہ[1] اور روایت کی ہے بہت لوگوں نے اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے اسود سے اُسنے عائشہ رضؓ سے کہا کہ تھا خاوند بریرہ کا آزاد سو اختیار دیا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور روایت کی ابو عوانہ نے یہ حدیث اعمش سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے اسود سے اُسنے عائشہ سے بیچ قصہ بریرہ کے کہا اسود نے اور تھا خاوند اسکا آزاد اور عمل اسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے تابعین میں سے اور جو اُنکے بعد ہیں اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو عبدہ نے سعید سے اسنے روایت کی ایوب سے اور قتادہ سے انھوں نے عکرمہ سے انھوں نے ابن عباس سے کہا کہ تحقیق خاوند بریرہ کا تھا غلام کالا واسطے بنی مغیرہ کے اُسدن کہ آزاد کی گئی بریرہ قسم ہے خدا کی البتہ دیکھا تھا میں نے اسکو بیچ راہوں مدینہ کے اور طرفوں اُسکے کے اور اُسکے آنسو بہتے تھے اوپر داڑھی اسکی کے راضی کرتا تھا اُسکو تاکہ اختیار کرے وہ اُسکو سو نہ اختیار کیا بریرہ نے اسکو یہ حدیث حسن صحیح ہے اور سعید بن ابی عروبہ وہ سعید بن مہران ہے اور کنیت اُسکی ابو النضر ہے

---

[1] یہ مذہب ائمہ ثلثہ کا ہے اور امام ابو حنیفہ رح کے نزدیک ہر حال میں اختیار ہے خواہ خاوند اُسکا آزاد ہو یا غلام ہو ۱۲

باب ماجاء ان الولد للفراش **حدثنا** احمد بن منیع نا سفیان عن الزھری عن سعید بن المسیب عن ابی ھریرۃ قال قال رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الولد للفراش وللعاھر الحجر وفی الباب عن عمر وعثمان وعائشۃ وابی امامۃ وعمرو بن خارجۃ وعبد اللہ بن عمرو
والبراء بن عازب وزید بن ارقم حدیث ابی ھریرۃ حدیث حسن صحیح وقد رواہ الزھری عن سعید بن المسیب وابی سلمۃ عن ابی ھریرۃ
والعمل علی ھذا عند اھل العلم **باب** ماجاء فی الرجل یری المرأۃ فتعجبہ **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الاعلی بن عبد الاعلی نا ھشام بن ابی عبد اللہ
وھو الدستوائی عن ابی الزبیر عن جابر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم رای امرأۃ فدخل علی زینب فقضی حاجتہ وخرج وقال ان المرأۃ اذا
اقبلت اقبلت فی صورۃ شیطان فاذا رای احدکم امرأۃ فاعجبتہ فلیات اھلہ فان معھا مثل الذی معھا وفی الباب عن ابن مسعود
حدیث جابر حدیث حسن صحیح غریب وھشام بن ابی عبد اللہ ھو صاحب الدستوائی ھو ھشام بن سنبر **باب** ماجاء فی حق الزوج
علی المرأۃ **حدثنا** محمود بن غیلان نا النضر بن شمیل نا محمد بن عمرو عن ابی سلمۃ عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لو کنت
آمر احدا ان یسجد لاحد لامرت المرأۃ ان تسجد لزوجھا وفی الباب عن معاذ بن جبل وسراقۃ بن مالک بن جعشم وعائشۃ وابن عباس و
عبد اللہ بن ابی اوفی وطلق بن علی وام سلمۃ وانس وابن عمر حدیث ابی ھریرۃ حدیث حسن غریب من ھذا الوجہ من حدیث محمد بن عمرو
عن ابی سلمۃ عن ابی ھریرۃ **حدثنا** ھناد نا ملازم بن عمرو ثنی عبد اللہ بن بدر عن قیس بن طلق عن ابیہ طلق بن علی قال قال رسول اللہ صلی
اللہ علیہ وسلم اذا الرجل دعا زوجتہ لحاجتہ فلتاتہ وان کانت علی التنور ھذا حدیث حسن غریب

باب اس بیان میں کہ فرزند واسطے صاحب فراش کے ہے **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے
زہری سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لڑکا واسطے صاحب فراش کے ہے یعنی مالک کے اور
واسطے زنا کرنے والے کے پتھر ہے[1] یعنی محرومی ہے اور اس باب میں عمر اور عثمان اور عائشہ اور ابی امامہ اور عمرو بن خارجہ اور عبد اللہ بن عمرو
اور براء بن عازب اور زید بن ارقم سے بھی اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کیا ہے اُسکو زہری نے سعید بن مسیب سے اور
ابی سلمہ سے اُنھوں نے ابی ہریرہ سے اور اوپر اسی کے عمل ہے نزدیک اہل علم کے **باب** اگر مرد دیکھے کسی عورت کو اور خوش لگے اُسکو
تو کیا کرے **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الاعلی بن عبد الاعلی نے اُسنے ہشام بن عبد اللہ سے جو صاحب دستوائی
ابی الزبیر سے اُسنے جابر سے کہ تحقیق نبی صلعم نے دیکھا ایک عورت کو سو داخل ہوئے آپ زینب پر پس ادا کی حاجت اپنی اور باہر آئے اور فرمایا
کہ عورت جب سامنے آتی ہے تو آتی ہے بیچ صورت شیطان کے سو جب دیکھے ایک تمہارا کسی عورت کو اور خوش لگے اُسکو تو چاہیے کہ صحبت کرے
بیوی اپنی سے پس تحقیق جو چیز کہ اُسکے ساتھ ہے اُسکے ساتھ بھی ہے یعنی شرمگاہ[2] اور اس باب میں ابن مسعود سے بھی روایت آئی ہے اور جابر کی
حدیث حسن صحیح غریب ہے اور ہشام بن ابی عبد اللہ وہی ساتھی دستوائی کا ہے جو ہشام بن سنبر ہے **باب** خاوند کا حق بیوی پر کیا ہے **حدیث**
بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے نضر بن شمیل نے اُسنے محمد بن عمرو سے اُنھوں نے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر
میں حکم کرتا کسی کو یہ کہ سجدہ[3] کرے کسی کو تو البتہ حکم کرتا عورت کو کہ سجدہ کرے اپنے خاوند کو اور اس باب میں معاذ بن جبل و سراقہ بن مالک بن جعشم اور عائشہ اور
اور ابن عباس اور عبد اللہ بن ابی اوفی اور طلق بن علی اور ام سلمہ اور انس اور ابن عمر سے بھی روایت ہے اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن غریب ہے اسوجہ سے
جو حدیث محمد بن عمرو سے ہے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے ملازم بن عمرو سے اُسنے کہا حدیث بیان
کی مجکو عبد اللہ بن بدر نے قیس سے اسنے روایت کی اپنے باپ طلق بن علی سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بلاوے کوئی شخص بیوی
اپنی کو واسطے حاجت اپنی کے یعنی جماع کرنے کے لیے تو چاہیے کہ حاضر ہو اُس پاس اگرچہ ہو تنور پر۔ یہ حدیث حسن غریب ہے

---

[1] پتھر یعنی محرومی ہے کہ نسبت لڑکے کی اُس سے ثابت نہیں ہے اور میراث اُسکی اُسکو نہیں پہونچیگی یا مراد پتھر سے سنگسار کرنا ہے کہ وہ زانی کی جزا ہے معلوم ہوا کہ اُسکی نسب
صاحب فراش سے ثابت ہیں وہی اُسکا وارث ہے [3] یعنی سجدہ کرنا کسی کو درست نہیں سوا رب المعبود کے اگر درست ہوتا کسی کو سجدہ تو بیبیوں کو کہتا کہ اپنے خاوند
کو سجدہ کیا کریں اسلیے کہ حقوق خاوند کے بہت ہیں بیوی پر اور عاجز ہے وہ ادا کرنے حقوق اُسکے سے۔ اس سے معلوم ہوا کہ عورت پر خاوند کی اطاعت واجب
ہے ۱۲ [2] یعنی عورت کا دیکھنا بھی شیطان کی طرح باعث وسوسہ کا ہے پس معلوم ہوا کہ عورت بدون ضرورت اور زینت سے باہر نہ نکلے اور مرد کو لائق
نہیں ہے کہ اُسکی طرف دیکھے ۱۲ ع

حدثنا واصل بن عبد الاعلی الکوفی نا محمد بن فضیل عن عبد الله بن عبد الرحمن ابی نصر عن مساور الحمیری عن امه عن ام سلمة قالت قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ایما امراة ماتت وزوجها عنها راض دخلت الجنة هذا حدیث حسن غریب **باب** ماجاء فی حق المرأة علی زوجها حدثنا ابو کریب محمد بن العلاء نا عبدة بن سلیمان عن محمد بن عمرو نا ابو سلمة عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اکمل المؤمنین ایمانا احسنهم خلقا وخیارکم خیارکم لنسائهم وفی الباب عن عائشة وابن عباس حدیث ابی هریرة حدیث حسن صحیح حدثنا الحسن بن علی الخلال نا الحسین بن علی الجعفی عن زائدة عن شبیب بن غرقدة عن سلیمان بن عمرو بن الاحوص قال ثنی ابی انه شهد حجة الوداع مع رسول الله صلی الله علیه وسلم فحمد الله واثنی علیه وذکر ووعظ فذکر فی الحدیث قصة فقال الا واستوصوا بالنساء خیرا فانما هن عوان عندکم لیس تملکون منهن شیئا غیر ذلک الا ان یاتین بفاحشة مبینة فان فعلن فاهجروهن فی المضاجع واضربوهن ضربا غیر مبرح فان اطعنکم فلا تبغوا علیهن سبیلا الا ان لکم علی نسائکم حقا ولنسائکم علیکم حقا فاما حقکم علی نسائکم فلا یوطئن فرشکم من تکرهون ولا یاذن فی بیوتکم لمن تکرهون الا وحقهن علیکم ان تحسنوا الیهن فی کسوتهن وطعامهن هذا حدیث حسن صحیح ومعنی قوله عوان عندکم یعنی اسری فی ایدیکم **باب** ماجاء فی کراهیة اتیان النساء فی ادبارهن حدثنا احمد بن منیع وهناد قالا نا ابو معاویة عن عاصم الاحول عن عیسی بن حطان عن مسلم بن سلام عن علی بن طلق قال اتی اعرابی رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال یا رسول الله الرجل منا یکون فی الفلاة فتکون منه الرویحة وتکون فی الماء قلة فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا فسا احدکم فلیتوضأ ولا تاتوا النساء فی اعجازهن فان الله لا یستحیی من الحق وفی الباب عن عمر وخزیمة بن ثابت وابن عباس وابی هریرة حدیث علی بن طلق حدیث حسن

حدیث کی ہمسے واصل بن عبد الاعلی نے محمد بن فضیل سے اُسنے عبد اللہ بن عبد الرحمن سے اُسنے مساور حمیری سے اُسنے اپنی ماں سے اُسنے ام سلمہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو عورت مرے اس حال میں کہ خاوند اُسکا اُس سے راضی ہو تو داخل ہوگی بہشت میں یہ حدیث حسن غریب ہی

باب بیوی کا حق خاوند پر کیا ہی **حدیث** بیان کی ہمسے ابو کریب محمد بن علاء نے عبدہ بن سلیمان سے اُسنے محمد بن عمرو سے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو ابو سلمہ نے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زیادہ تر کامل مومنین میں سے وہ شخص ہی کہ بہت اچھا ہو خلق میں یعنی سب لوگون سے خوش خلقی کے ساتھ پیش آوے اور بہتر تم میں وہ ہین کہ بہتر ہون واسطے عورتون اپنی کے آئی اس باب میں عائشہ اور ابن عباس سے بھی روایت آئی ہی اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** بیان کی ہمسے حسن بن علی خلال نے حسین بن علی جعفی سے اُسنے زائدہ سے اُسنے شبیب بن غرقدہ سے اُسنے سلیمان بن عمرو بن احوص سے اُسنے اپنے باپ سے کہ وہ حاضر ہوا حجۃ الوداع میں ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ثنا کی اُسپر اور نصیحت کی اور وعظ کیا پس ذکر کیا اُسنے حدیث میں قصہ۔ پس فرمایا کہ وصیت قبول کرو ساتھ عورتون کے بہتری کی۔ پس سوا اسکے نہین کہ وہ قیدی ہین نزدیک تمھارے نہین مالک ہو تم اُنمین سے کسی چیز کے سوا اسکے مگر یہ کہ آوین ساتھ بیحیائی ظاہر کے۔ پس اگر کرین وہ یہ تو جدا ہو اُنسے بچھونون مین اور مارو اُنکو مارنا ہلکا۔ پس اگر اطاعت کرین وہ تمھاری تو نہ ڈھونڈھو اُنپر کوئی راہ خبردار ہو تحقیق واسطے تمھارے اوپر عورتون تمھاری کے حق ہی۔ اور واسطے عورتون تمھاری کے اوپر تمھارے حق ہی لیکن حق تمھارا اوپر عورتون تمھاری کی یہ ہی کہ نہ پامال کراوین بچھونون تمھارے کو اُس شخص سے کہ بُرا جانتے ہو اُسکو۔ اور نہ اجازت دین آنے کی بیچ گھرون تمھارے کے اُس شخص کو کہ بُرا جانتے ہو تم اُسکو خبردار ہو تحقیق حق اُنکا اوپر تمھارے یہ ہی کہ احسان کرو تم ساتھ اُنکے بیچ کپڑے اُنکے کے اور کھانے اُنکے کے یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ اور معنی عوان کے یہ ہین کہ وہ قیدی ہین بیچ ہاتھون تمھارے

باب عورتون سے پاخانہ کی جگہ مین جماع کرنا منع ہی **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع اور ہناد نے اُن دونون نے حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے عاصم احول سے اُسنے عیسی بن حطان سے اُسنے مسلم بن سلام سے اُسنے علی بن طلق سے کہ ایک جنگلی مرد نبی صلعم کے پاس آیا سو اُسنے عرض کی کہ یا حضرت کوئی مرد ہمسے ہوتا ہی بیچ جنگل کے سو نکلتی ہی اُس سے تھوڑی ہوا یعنی ڈبر سے اور ہوتی ہی پانی مین کمی یعنی مناسب ہی کہ اسقدر ہوا نکلنے سے وضو نہ ٹوٹے سو حضرت نے فرمایا کہ جب بے وضو ہو ایک تمھارا تو چاہیے کہ وضو کرے اور نہ جماع کرو عورتون سے بیچ دبرون اُنکی کے پس تحقیق اللہ نہین شرم کرتا حق کہنے سے اور اس باب مین عمر اور خزیمہ بن ثابت اور ابن عباس اور ابی ہریرہ سے بھی روایت آئی ہی اور علی بن طلق کی حدیث حسن ہی

ع عاصم احول آپ سلیمان احول کے صاحبزادے ہین ابو عبد الرحمن بصری کنیت ہی۔ چوتھے درجہ مین آپکا شمار ہی۔ فقہ مین انکی ثقاہت پر کسی کو کلام نہین سوائے قطان کے۔ بعد ۱۴۰ھ کے وفات ہوئی ۱۲ منہ

سمعت محمدا يقول لا اعرف لعلي بن طلق عن النبي صلى الله عليه وسلم غير هذا الحديث الواحد ولا اعرف هذا الحديث من حديث طلق بن علي السحيمي وكانه رأى ان هذا رجل آخر من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وروى وكيع هذا الحديث **حدثنا** قتيبة وغير واحد قالوا نا وكيع عن عبد الملك بن مسلم وهو ابن سلام عن ابيه عن علي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا فسا احدكم فليتوضأ ولا تاتوا النساء في اعجازهن وعلي هذا هو علي بن طلق **حدثنا** ابو سعيد الاشج نا ابو خالد الاحمر عن الضحاك بن عثمان عن مخرمة بن سليمان عن كريب عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا ينظر الله الى رجل اتى رجلا او امرأة في الدبر هذا حديث حسن غريب **باب** ماجاء في كراهية خروج النساء في الزينة **حدثنا** علي بن خشرم نا عيسى بن يونس عن موسى بن عبيدة عن ايوب بن خالد عن ميمونة ابنة سعد وكانت خادمة للنبي صلى الله عليه وسلم قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم مثل الرافلة في الزينة في غير اهلها كمثل ظلمة يوم القيمة لا نور لها هذا حديث لا نعرفه الا من حديث موسى بن عبيدة وموسى بن عبيدة يضعف في الحديث من قبل حفظه وهو صدوق وقد روى عنه شعبة والثوري وقد رواه بعضهم عن موسى بن عبيدة ولم يرفعه **باب** ماجاء في الغيرة **حدثنا** حميد بن مسعدة نا سفين بن حبيب عن الحجاج الصواف عن يحيى بن ابي كثير عن ابي سلمة عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله يغار والمؤمن يغار وغيرة الله ان ياتي المؤمن ما حرم عليه وفي الباب عن عائشة وعبد الله بن عمر حديث ابي هريرة حديث حسن غريب وقد روي عن يحيى بن ابي كثير عن ابي سلمة عن عروة عن اسماء ابنة ابي بكر عن النبي صلى الله عليه وسلم هذا الحديث وكلا الحديثين صحيح والحجاج الصواف هو حجاج بن ابي عثمان وابو عثمان اسمه ميسرة وحجاج يكنى ابا الصلت وثقه يحيى بن سعيد القطان **حدثنا** ابو عيسى نا ابو بكر العطار عن علي بن عبد الله المديني قال سألت يحيى بن سعيد القطان عن حجاج الصواف فقال هو فطن كيس **باب** ماجاء في كراهية ان تسافر المرأة وحدها **حدثنا** احمد بن منيع نا ابو معاوية عن الاعمش عن ابي صالح عن ابي سعيد قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم

سنا میں نے محمد سے کہتا تھا کہ نہیں پہچانتے ہم واسطے علی بن طلق کے حضرت سے سوا اس ایک حدیث کے اور یہ حدیث طلق بن علی سحیمی کی نہیں گویا یہ کوئی اور شخص ہے حضرت کے اصحاب سے اور روایت کی ہے وکیع نے یہ حدیث **حدیث** بیان کی ہم سے قتیبہ اور کئی ایک لوگوں نے انہوں نے کہا حدیث کی ہم سے وکیع نے عبد الملک بن مسلم سے وہی ابن سلام ہے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے علی سے کہا کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب بے وضو ہو ایک تمہارا تو چاہیے کہ وضو کرے اور نہ جماع کرو عورتوں سے اُنکی دبروں میں اور یہ علی وہی علی بن طلق ہے **حدیث** بیان کی ہم سے ابو سعید اشج نے ابو خالد احمر سے اسنے ضحاک بن عثمان سے اسنے مخرمہ بن سلیمان سے اُسنے کریب سے اسنے ابن عباس سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ نہ دیکھے گا اللہ طرف اُس مرد کے کہ جماع کرے کسی مرد سے یا عورت سے بیچ دُبر کے یعنی خدا اسپر رحمت نہ کریگا یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** عورتوں کو زینت سے باہر نکلنا منع ہے **حدیث** کی ہم سے علی بن خشرم نے عیسی بن یونس سے اسنے موسی بن عبیدہ سے اسنے ایوب بن خالد سے اسنے میمونہ بنت سعد سے اور وہ خادمہ تھی نبی صلعم کی کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ زینت سے نکلنے والی عورت بیچ غیر اہل اپنے کی مثل اندھیری کے ہے دن قیامت کے کہ نہیں روشنی واسطے اسکے نہیں پہچانتے ہم اس حدیث کو مگر حدیث موسی بن عبیدہ سے اور وہ ضعیف کیا جاتا ہے حدیث میں حافظہ کی وجہ سے اور وہ بہت سچا ہے تحقیق روایت کی اُس سے شعبہ اور ثوری نے اور تحقیق روایت کیا ہے اُسکو بعض نے موسی بن عبیدہ سے اور نہیں مرفوع کیا اُسکو **باب** غیرت کا بیان **حدیث** بیان کی ہم سے حمید بن مسعدہ نے سفیان بن حبیب سے اُسنے حجاج صواف سے اُسنے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ تحقیق اللہ تعالی غیرت کرتا ہے اور مومن بھی غیرت کرتا ہے اور غیرة اللہ کی یہ ہے کہ نہ کرے مومن اس چیز کو کہ حرام کی اللہ تعالی نے اُسپر۔ اس باب میں عائشہ اور ابن عمر سے بھی روایت ہے اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن غریب ہے اور تحقیق روایت کی گئی ہے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ابی سلمہ سے اسنے عروہ سے اُسنے اسماء بنت ابی بکر سے اُسنے نبی صلعم سے یہ حدیث اور دونوں حدیثیں صحیح ہیں اور حجاج صواف وہی حجاج بن ابی عثمان ہے اور نام اسکا میسرہ ہے اور حجاج کی کنیت ابو صلت ہے ثقہ کہا ہے اُسکو یحیی بن سعید قطان نے **حدیث** بیان کی ہم سے ابو عیسی نے اُسنے ابو بکر عطار سے اُسنے علی بن عبد اللہ مدنی سے کہا پوچھا مینے یحیی بن سعید قطان سے حجاج صواف کا حال تو کہا اُنہوں نے وہ مرد عقلمند دانا ہے **باب** عورتوں کو اکیلے سفر کرنا منع ہے **حدیث** کی ہم سے احمد بن منیع نے ابو معاویہ سے اسنے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی سعید سے کہ نبی صلعم نے فرمایا

لا یحل لامراۃ تؤمن باللہ والیوم الاخر ان تسافر سفرا یکون ثلاثۃ ایام فصاعدًا الا ومعہا ابوھا او اخوھا او زوجھا او ابنہا او ذو محرم منہا وفی الباب عن ابی ھریرۃ وابن عباس وابن عمر ھذا حدیث حسن صحیح وروی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال لا تسافر امرأۃ مسیرۃ یوم ولیلۃ الا مع ذی محرم والعمل علی ھذا عند اھل العلم یکرھون للمرأۃ ان تسافر الا مع ذی محرم واختلف اھل العلم فی المرأۃ اذا کانت موسرۃ ولم یکن لہا محرم ھل تحج فقال بعض اھل العلم لا یجب علیہا الحج لان المحرم من السبیل لقول اللہ عز وجل من استطاع الیہ سبیلا فقالوا اذا لم یکن لہا محرم فلم تستطع الیہ سبیلا وھو قول سفیان الثوری واھل الکوفۃ وقال بعض اھل العلم اذا کان الطریق امنا فانہا تخرج مع الناس فی الحج وھو قول مالک بن انس والشافعی **حدثنا** الحسن بن علی الخلال نا بشر بن عمر نا مالک بن انس عن سعید بن ابی سعید عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا تسافر المرأۃ مسیرۃ یوم ولیلۃ الا ومعہا ذو محرم ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی کراھیۃ الدخول علی المغیبات **حدثنا** قتیبۃ نا اللیث عن یزید بن ابی حبیب عن ابی الخیر عن عقبۃ بن عامر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ایاکم والدخول علی النساء فقال رجل من الانصار یا رسول اللہ افرایت الحمو قال الحمو الموت وفی الباب عن عمر وجابر وعمرو بن العاص حدیث عقبۃ بن عامر حدیث حسن صحیح وانما معنی کراھیۃ الدخول علی النساء علی نحو ما روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یخلون رجل بامرأۃ الا کان ثالثہما الشیطان ومعنی قولہ الحمو یقال الحمو اخو الزوج کانہ کرہ لہ ان یخلو بہا **باب** **حدثنا** نصر بن علی نا عیسی بن یونس عن مجالد عن الشعبی عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تلجوا علی المغیبات فان الشیطان یجری من احدکم مجری الدم قلنا ومنک قال ومنی ولکن اللہ اعاننی علیہ فاسلم ھذا حدیث غریب من ھذا الوجہ وقد تکلم بعضہم فی مجالد بن سعید من قبل حفظہ وسمعت علی بن خشرم

نہیں حلال ہے عورت کو کہ ایمان رکھتی ہو ساتھ اللہ کے اور دن قیامت کے یہ کہ سفر کرے تین دن یا زیادہ کا مگر کہ ہو ساتھ اسکے باپ اسکا یا بھائی اسکا یا خاوند اسکا یا بیٹا اسکا یا محرم اسکا۔ اور اس باب میں ابی ہریرہ اور ابن عباس اور ابن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور نبی صلعم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ نہ سفر کرے کوئی عورت ایک دن اور رات کا مگر ساتھ محرم کے۔ اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے کہتے ہیں کہ مکروہ ہے عورت کو یہ کہ سفر کرے مگر ساتھ محرم کے (جس سے نکاح درست نہیں) اور اختلاف کیا ہے اہل علم نے اس مسئلہ میں جبکہ ہو عورت مالدار اور نہو واسطے اسکے کوئی محرم کیا حج کرے یا نہیں۔ سو بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اسپر حج واجب نہیں اسواسطے کہ محرم کا ہونا راہ میں داخل ہے واسطے فرمانے اللہ تعالی کے جو طاقت رکھے طرف اسکی راہ کے۔ پس راستہ میں کہ جب نہو واسطے اسکے کوئی محرم تو نہ طاقت رکھیگی طرف اسکی راہ کے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اگر راہ امن والی ہو تو وہ لوگوں کے ساتھ حج میں جاوے اور یہی ہے قول مالک بن انس اور شافعی کا **حدیث** بیان کی ہمسے حسن بن علی خلال نے بشر بن عمر سے اسنے مالک بن انس سے اسنے سعید بن ابی سعید سے اسنے ابو ہریرہ رض سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ نہ سفر کرے عورت بقدر مسافت ایک دن اور رات کے مگر کہ ساتھ اسکے محرم ہو یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** جن عورتوں کے خاوند غائب ہیں انکے پاس جانا منع ہے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے یزید بن ابی حبیب سے اسنے روایت کی ابی الخیر سے اسنے عقبہ بن عامر سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ بچو تم داخل ہونے سے عورتوں پر (یعنی اجنبی عورتوں پر بطریق خلوت کے یا جب کہ ننگی کھلی بیٹھی ہوں) سو ایک مرد انصاری نے کہا کہ یا حضرت خبر دو مجکو داخل ہونے حمو کے سے عورتوں پر فرمایا کہ دیور یا جیٹھ کا عورت پر داخل ہونا موت ہے یعنی موت کیطرح ہلاک کرنے والا ہے۔ اور اس باب میں عمر اور جابر اور عمرو بن عاص سے بھی روایت آئی ہے اور عقبہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور سوا اسکے نہیں کہ کراہت دخول عورتوں پر کی مانند اسکے ہے جو حضرت صلعم سے مروی ہے کہ فرمایا آپ نے کہ نہیں خلوت میں جمع ہوتا کوئی مرد ساتھ کسی عورت اجنبیہ کے مگر کہ ہوتا ہے تیسرا انکا شیطان اور حمو کہتے ہیں خاوند کے بھائی کو گویا کہ مکروہ رکھا ہے آپ نے یہ کہ خلوت کرے وہ ساتھ اسکے **باب** **حدیث** بیان کی ہمسے نصر بن علی نے اسنے حدیث کی ہمسے عیسی بن یونس سے اسنے مجالد سے اسنے شعبی سے اسنے جابر سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ نہ داخل ہو تم ان عورتوں پر جنکے خاوند غائب ہوں یعنی سفر تجارت وغیرہ کو گئے ہوں اسلیے کہ تحقیق شیطان جاری ہوتا ہے ایک تمہارے کے جگہ جاری ہونے خون کے یعنی (اسکا تصرف اور وسوسہ آدمی کی تمام رگ و پوست میں سرایت کرتا ہے) ہمنے کہا اور آپ میں بھی جاری ہوتا ہے فرمایا ہاں مجھ میں بھی جاری ہوتا ہے لیکن اللہ تعالی نے مدد کی میری شیطان پر پس سلامت رہتا ہوں میں اسکی شر سے۔ یہ حدیث غریب ہے اس وجہ سے اور تحقیق کلام کیا ہے بعضوں نے بیچ حق مجالد بن سعید کے اسکے حافظہ کی وجہ سے اور سنا میں نے علی بن خشرم

یقول قال سفیان بن عیینة فی تفسیر قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولکن اللہ اعاننی علیہ فاسلم یعنی فاسلم انا منہ قال سفیان فالشیطان لا یسلم لا تلجوا علی المغیبات والمغیبة المرأة التی یکون زوجھا غائبا والمغیبات جماعة المغیبة **باب** حدثنا محمد بن بشار نا عمرو بن عاصم نا ہمام عن قتادة عن مورق عن ابی الاحوص عن عبد اللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال المرأة عورة فاذا خرجت استشرفھا الشیطان ھذا حدیث حسن صحیح غریب **باب** حدثنا الحسن بن عرفة نا اسمعیل بن عیاش عن بحیر بن سعد عن خالد بن معدان عن کثیر بن مرة الحضرمی عن معاذ بن جبل عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تؤذی امرأة زوجھا فی الدنیا الا قالت زوجتہ من الحور العین لا تؤذیہ قاتلک اللہ فانما ھو عندک دخیل یوشک ان یفارقک الینا ھذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ ورواية اسمعیل بن عیاش عن الشامیین اصلح ولہ عن اھل الحجاز واھل العراق مناکیر

ابواب الطلاق واللعان

عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **باب** ماجاء فی طلاق السنة حدثنا قتیبة بن سعید نا حماد بن زید عن ایوب عن محمد بن سیرین عن یونس بن جبیر قال سالت ابن عمر عن رجل طلق امرأتہ وھی حائض فقال ھل تعرف عبد اللہ بن عمر فانہ طلق امرأتہ وھی حائض فسال عمر النبی صلی اللہ علیہ وسلم فامرہ ان یراجعھا قال قلت فیعتد بتلک التطلیقة قال فمہ ارأیت ان عجز واستحمق حدثنا ھناد نا وکیع عن سفیان عن محمد بن عبد الرحمن مولی آل طلحة عن سالم عن ابیہ انہ طلق امرأتہ فی الحیض فسال عمر

کہتا تھا کہ سفیان بن عیینہ نے اس قول کی تفسیر میں کہا کہ اللہ نے مدد کی میری شیطان پر یعنی میں اُس سے سلامت رہتا ہوں کہا سفیان نے اور شیطان مسلمان نہیں ہوتا۔ اور نہ داخل ہو مغیبات پر مغیبہ اُس عورت کو کہتے ہیں جسکا خاوند غائب ہو۔ اور مغیبات جمع مغیبہ کی ہے یعنی اُسکا واحد مغیبہ ہے **باب** حدیث بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے عمرو بن عاصم سے اُسنے کہا حدیث کی ہم سے ہمام نے قتادہ سے اُسنے روایت کی مورق سے اُسنے ابی احوص سے اُسنے عبد اللہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عورت ستر ہے پس جبکہ باہر نکلتی ہے یعنی اپنے پردے سے تو اچھا کر دکھاتا ہے اُسکو شیطان یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **باب** حدیث کی ہمسے حسن بن عرفہ نے اسماعیل بن عیاش سے اُسنے بحیر بن سعد سے اُسنے خالد بن معدان سے اُسنے کثیر بن مرۃ حضرمی سے اُسنے معاذ بن جبل سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں ایذا دیتی کوئی عورت اپنے خاوند کو دنیا میں مگر کہتی ہے بیوی اُسکی جو بڑی آنکھوں والی ہیں نہ ایذا دے اسکو مارے تجکو اللہ یعنی دور کرے تجکو اپنی رحمت اور جنت سے۔ نہیں سوا اسکے نہیں کہ وہ نزدیک تیرے مہمان ہے قریب ہے کہ وہ جدا ہوگا تجھسے اور آویگا طرف ہمارے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے اور روایت اسمعیل بن عیاش کی شامیوں سے اچھی ہے اور واسطے اسکے اہل حجاز اور اہل عراق سے منکر حدیثیں ہیں

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ابواب الطلاق واللعان

ابواب بیچ بیان طلاق اور لعان کے جو نبی صلعم سے منقول ہیں **باب** طلاق سنت کا بیان یعنی سنت کے موافق کون طلاق ہے حدیث بیان کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے روایت کی محمد بن سیرین سے اُسنے یونس بن جبیر سے کہا کہ پوچھا میں نے ابن عمر کو ایک مرد سے کہ طلاق دی اُسنے اپنی بیوی کو حالت حیض میں سو اُسنے کہا کہ کیا پہچانتا ہے تو عبد اللہ ابن عمر کو کہ تحقیق اُسنے طلاق دی تھی اپنی بیوی کو حالت حیض میں سو پوچھا عمر فاروق نے نبی صلعم سے سو حکم کیا اُسکو آپنے یہ کہ رجوع کرے عبد اللہ ساتھ اُس عورت کے کہا کہ میں نے کہا پس کیا شمار کرے اس طلاق کو فرمایا آپ نے باز رہ اس سوال سے کیا جائز رکھتا ہے تو اگر عاجز یا احمق ہو تو وہ طلاق محسوب نہوگی یعنی وہ طلاق بھی محسوب ہوگی حدیث بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اُسنے روایت کی محمد بن عبد الرحمن سے جو غلام ہے آل طلحہ کا اُسنے سالم سے اُسنے اپنے باپ سے کہ اُسنے طلاق دی اپنی بیوی کو حالت حیض میں سو عمر فاروق نے

سلہ یعنی عورتوں کے خاوند غائب ہیں انکو اسواسطے خاص کیا کہ وہ جماع کی بہت مشتاق ہوتی ہیں خوف فتنہ کا وہاں زیادہ ہے ۱۲ع ۵۲ اس سے معلوم ہوا کہ آسمان کے رہنے والے مطلع ہوتے ہیں اور اعمال اہل دنیا کے ۱۲ع ۵۳ طلاق کے معنی لغت میں کھولنے اور چھوڑ دینے کے ہیں اور شرع میں چھوڑنا مرد کا عورت کو قید نکاح سے ۱۲ع ۵۴ لعان کے معنے ہیں ایک دوسرے کو لعنت کرنا اور شرع میں لعان اسکو کہتے ہیں کہ جب مرد اپنی عورت کو تہمت زنا کی کرے اور عورت اس سے انکار کرے کہ تو مجھپر تہمت کرتا ہے تو قاضی کے پاس جاوے اور قاضی اُسکے خاوند کو بلاوے پس خاوند اگر چار گواہوں سے ثابت کردے تو قاضی حد قائم کرے اسکی بیوی پر اور اگر گواہوں سے ثابت نہ کرے تو قاضی حکم کرے اول یہ چار بار گواہی دے اسطرح کہ گواہی دیتا ہوں میں ساتھ اللہ کے کہ بیشک میں سچوں میں سے ہوں بیچ اس چیز کے کہ نسبت کی میں نے اسکو زنا کی اور اشارہ کرے طرف عورت کے ہر بار پھر کہے عورت چار بار گواہی دیتی ہوں میں ساتھ اللہ کے کہ یہ جھوٹا ہے بیچ اس چیز کے کہ نسبت کی مجکو زنا کی اور پانچویں بار

النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال مرہ فلیراجعہا ثم لیطلقہا طاہرا او حاملا۔ حدیث یونس بن جبیر عن ابن عمر حدیث حسن صحیح وکذلک حدیث سالم عن ابن عمر وقد روی ہذا الحدیث من غیر وجہ عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم والعمل علی ہذا عند اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہم ان طلاق السنۃ ان یطلقہا طاہرا من غیر جماع وقال بعضہم ان طلقہا ثلاثا وہی طاہر فانہ یکون للسنۃ ایضا وہو قول الشافعی واحمد وقال بعضہم لا یکون ثلاثا للسنۃ الا ان یطلقہا واحدۃ وہو قول الثوری واسحاق وقالوا فی طلاق الحامل یطلقہا متی شاء وہو قول الشافعی واحمد واسحاق وقال بعضہم یطلقہا عند کل شہر تطلیقۃ **باب** ما جاء فی الرجل طلق امراتہ البتۃ **حدثنا** ہناد نا قبیصۃ عن جریر بن حازم عن الزبیر بن سعید عن عبد اللہ بن یزید بن رکانۃ عن ابیہ عن جدہ قال اتیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقلت یا رسول اللہ انی طلقت امراتی البتۃ فقال ما اردت بہا قلت واحدۃ قال واللہ قلت واللہ قال فہو ما اردت ہذا حدیث لا نعرفہ الا من ہذا الوجہ وقد اختلف اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہم فی طلاق البتۃ فروی عن عمر بن الخطاب انہ جعل البتۃ واحدۃ وروی عن علی انہ جعلہا ثلاثا وقال بعض اہل العلم فیہ نیۃ الرجل ان نوی واحدۃ فواحدۃ وان نوی ثلاثا فثلاث وان نوی ثنتین لم تکن الا واحدۃ وہو قول الثوری واہل الکوفۃ وقال مالک بن انس فی البتۃ ان کان قد دخل بہا فہی ثلاث تطلیقات

نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا سو فرمایا آپنے کہ حکم کر عبد اللہ کو کہ رجوع کرے ساتھ اُسکے پھر طلاق دے اُسکو پاکی کی حالت میں یا حالت حمل میں حدیث یونس بن جبیر کی ابن عمر سے حسن صحیح ہے اور اسی طرح حدیث سالم کی ابن عمر سے اور تحقیق روایت کی گئی یہ حدیث کئی وجہ پر ابن عمر سے اُسنے روایت کی نبی صلعم سے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے یہ کہ طلاق سنت کی یہ ہے کہ طلاق دے اسکو پاکی کی حالت میں جسمیں کہ جماع نہ کیا ہو اور کہا بعض نے اگر پاکی کی حالت میں تین طلاقین دے تو البتہ وہ طلاق سنت ہوگی یہ شافعی اور احمد نے کہا بعض نے کہا طلاق سنت جبھی ہوگی کہ ایک طلاق دیوے یہ قول ثوری اور اسحاق کا ہے اور کہتے ہیں بیچ طلاق حمل والی کے کہ طلاق دے جب چاہے۔ یہ قول شافعی اور احمد اور اسحاق کا ہے۔ اور بعض نے کہا کہ ہر مہینے میں ایک طلاق دیوے **باب** جو شخص کہ بتہ طلاق دے حدیث بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے قبیصہ نے جریر بن حازم سے اُسنے زبیر بن سعد سے اُسنے عبد اللہ بن یزید بن رکانہ سے اسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا کہ آیا میں پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو مینے کہا کہ یا حضرت تحقیق مینے طلاق دی بیوی اپنی کو طلاق بتہ پس فرمایا کیا ارادہ کیا تونے ساتھ اُسکے کہا اُسنے نہین ارادہ کیا مینے مگر ایک طلاق کا۔ فرمایا قسم ہے خدا کی مینے کہا قسم ہے خدا کی فرمایا پس وہ وہی ہے جو ارادہ کیا تونے۔ یہ حدیث ہے کہ نہین پہچانتے ہم اُسکو مگر اسوجہ سے اور تحقیق اختلاف کیا ہے اہل علم نے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے بیچ طلاق بتہ کے یعنی جب کہی مرد اپنی عورت کو کہ مینے تجکو طلاق بتہ دی تو اُس سے کتنی طلاقین پڑتی ہین سو عمر فاروق سے مروی ہے کہ کیا اُسنے بتہ طلاق کو ایک طلاق اور حضرت علی سے مروی ہے کہ کیا اُسنے اُسکو تین طلاقین اور بعض اہل علم کہتے ہین کہ اسمین مرد کی نیت پر مدار ہے اگر ایک طلاق کی نیت کری تو ایک طلاق پڑیگی اور اگر تین کی نیت کری تو تین پڑینگی۔ اور اگر دو کی نیت کری تو فقط ایک ہی پڑیگی اور یہی ہے قول ثوری اور اہل کوفہ کا اور مالک بن انس کہتے ہین کہ اگر عورت سے صحبت کر چکا ہے تو اُس سے تین طلاقین پڑینگی

سلہ یہ دلیل ہے اوپر حرام ہونے طلاق کے حالت حیض میں اور باوجود حرام ہونے کے اگر طلاق دی تو پڑ جاتی ہے اسلیے حضرت صلعم نے فرمایا کہ رجوع کر ساتھ اُسکے اور بعد طلاق کے رجعت کرنی چاہیے کہ طلاق تین قسم ہے احسن اور حسن اور بدعی اور حسن کو سنی بھی کہتے ہین احسن تو یہ ہے کہ ایک طلاق دے اس حال مین کہ جماع نکیا ہو اُسمین اور چھوڑ دے اسکو یہانتک کہ گذر جاوے عدت اُسکی۔ اور حسن یہ ہے کہ تین طلاقین دے تین طہرون مین کہ نہ جماع کیا ہو اُنمین۔ اگر ہو وہ عورت مدخول بہا۔ اور غیر مدخول بہا کے لیے ایک طلاق حسن ہے اگرچہ حیض مین ہو اور آیسہ اور صغیرہ اور حاملہ کے لیے بھی طلاق سنی یہ ہے کہ ہر مہینے مین ایک طلاق دے۔ اور جماع کے بعد بھی طلاق دینی جائز ہے۔ اور طلاق بدعی یہ ہے کہ تین طلاقین دے یا دو ایک دفعہ یا ایک طہر مین کہ رجعت کی ہو اُسمین اگر ہو مدخول بہا یا طلاق دے اس طہر مین کہ جماع کیا ہو اُسمین اور اسیطرح اُسکو طلاق دینی حالت حیض مین بھی بدعی ہے اور واجب ہے رجوع کرنا ساتھ اُسکے۔ اور ایک قسم طلاق کی یہ ہے کہ طلاق رجعی اور بائن ہے۔ رجعی یہ ہے کہ ایک یا دو بار کہے کہ تجکو طلاق دی۔ پس اس طلاق سے عورت سے بغیر نکاح کے رجوع کرنا درست ہے کہ زبان سے کہے کہ مین نے تجھسے رجوع کی یا ہاتھ لگاوے یا جماع کرے اور طلاق بائن پڑتی ہے ساتھ الفاظ کنایات کے پس اُسکے ساتھ عورت نکاح سے نکل جاتی ہے اور نکاح جدید کی حاجت پڑتی ہے اور ح مولانا اسحاق ۵۲ بتہ کے معنے قطع کے ہین یعنی یہ طلاق نکاح کو قطع کرتی ہے اور شافعی کے نزدیک طلاق بتہ ایک طلاق رجعی ہوتی ہے اور اگر نیت کرے اُسکو ساتھ دو کی یا تین کی تو موافق نیت کے ہوتی ہے۔ اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک یہ طلاق بائنہ ہوتی ہے خواہ نیت کرے ایک یا دو کی یا نہ کرے اسمین نکاح جدید کی حاجت پڑتی ہے اور اگر تین کی نیت کرے تو تین پڑینگی ۱۲

وقال الشافعي ان نوى واحدة فواحدة يملك الرجعة وان نوى ثنتين فثنتين وان نوى ثلاثا فثلاث

باب ما جاء في امرك بيدك

حدثنا علي بن نصر بن علي نا سليمان بن حرب نا حماد بن زيد قال قلت لايوب هل علمت احدا قال في امرك بيدك انها ثلاث الا الحسن قال لا الا الحسن ثم قال اللهم غفرا الا ما حدثني قتادة عن كثير مولى بني سمرة عن ابي سلمة عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ثلاث قال ايوب فلقيت كثيرا مولى بني سمرة فسألته فلم يعرفه فرجعت الى قتادة فاخبرته فقال نسي هذا حديث لا نعرفه الا من حديث سليمان بن حرب عن حماد بن زيد وسألت محمدا عن هذا الحديث فقال نا سليمان بن حرب عن حماد بن زيد بهذا وانما هو عن ابي هريرة موقوف ولم يعرف حديث ابي هريرة مرفوعا وكان علي بن نصر حافظا صاحب حديث وقد اختلف اهل العلم في امرك بيدك فقال بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم منهم عمر بن الخطاب وعبد الله بن مسعود هي واحدة وهو قول غير واحد من اهل العلم من التابعين ومن بعدهم وقال عثمان بن عفان وزيد بن ثابت القضاء ما قضت وقال ابن عمر اذا جعل امرها بيدها وطلقت نفسها ثلاثا وانكر الزوج وقال لم اجعل امرها بيدها الا في واحدة استحلف الزوج وكان القول قوله مع يمينه وذهب سفيان واهل الكوفة الى قول عمر وعبد الله واما مالك بن انس فقال القضاء ما قضت وهو قول احمد واما اسحاق فذهب الى قول ابن عمر

باب ما جاء في الخيار **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدي نا سفيان عن اسماعيل بن ابي خالد عن الشعبي عن مسروق عن عائشة قالت خيرنا

اور امام شافعی کہتے ہیں کہ اگر ایک کی نیت کرے تو ایک ہی پڑیگی اور رجوع کا مالک ہو گا اور اگر دو کی نیت کرے تو دو طلاقیں پڑینگی اور اگر تین کی نیت کرے تو تین طلاقیں پڑینگی **باب** امر تیرا تیرے ہاتھ میں ہے یعنی اگر کہے مرد اپنی بیوی کو کہ کام تیرا تیرے ہاتھ میں ہے تو اس سے طلاق پڑتی ہے یا نہیں **حدیث** بیان کی ہمسے علی ابن نصر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان بن حرب نے حماد بن زید سے کہا کہ میں نے ایوب سے کہا کہ کیا جانا ہے تو نے کسی کو کہ کہا ہو بیچ حکم اسکے کہ امر تیرا تیرے ہاتھ میں ہے کہ وہ تین طلاقیں ہیں سوائے حسن بصری کے اُسنے کہا نہیں جانتا میں مگر حسن کو پھر کہا ہے الٰہی بخشیے بخشنے کو مگر وہ چیز جو حدیث کی مجھکو قتادہ نے کثیر غلام بنی سمرہ سے اُسنے روایت کی ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس لفظ کے کہنے سے تین طلاقیں پڑتی ہیں۔ کہا ایوب نے پھر ملا میں کثیر کو سو میں نے اُس سے یہ حدیث پوچھی نہ پہچانا اُسنے اسکو پھر پلٹ گیا میں طرف قتادہ کے پس خبر دی میں نے اُس سے پس کہا اُسنے کہ بھول گیا وہ یہ حدیث نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث سلیمان بن حرب سے اُسنے حماد بن زید سے اور میں نے بخاری سے اس حدیث کو پوچھا سو اُسنے کہا کہ حدیث کی ہمسے سلیمان بن حرب نے حماد بن زید سے ساتھ اسکے اور سوا اسکے نہیں کہ وہ ابی ہریرہ سے موقوف مروی ہے۔ اور نہیں پہچانی جاتی یہ حدیث ابی ہریرہ سے مرفوع اور تھا علی بن نصر حافظ صاحب حدیث کا اور تحقیق اختلاف کیا ہے اہل علم نے بیچ اس لفظ کے کہ کہے مرد اپنی بیوی سے کہ امر تیرا تیرے ہاتھ میں ہے۔ سو بعض اہل علم نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں انھیں میں سے ہیں عمر فاروق اور ابن مسعود کہ وہ ایک طلاق ہے اور یہی ہے قول بہت اہل علم کا تابعین میں سے اور جو اُنکے پیچھے ہیں اور عثمان ابن عفان اور زید بن ثابت کہتے ہیں کہ حکم وہ ہے جو حکم کرے عورت اور ابن عمر کہتے ہیں کہ جب عورت کو اختیار دے اسکے کام میں اور وہ تین طلاقیں لے اور خاوند انکار کرے اور کہے کہ نہیں کیا میں نے امر اسکا بیچ ہاتھ اسکے کے مگر ایک طلاق میں تو قسم لیا وے خاوند سے اور ہو گا قول قول اُسکا یعنی جو خاوند کہے وہی ہو گا ساتھ قسم اُسکی کے اور سفیان اور اہل کوفہ گئے ہیں طرف قول عمر اور ابن مسعود کے اور مالک بن انس کہتے ہیں کہ حکم وہی ہے جو حکم کرے وہ عورت اور یہی ہے قول احمد کا۔ اور اسحاق ابن عمر کے قول کی طرف گئے ہیں **باب** اختیار دینے کا بیان یعنی اگر مرد کہے اپنی بیوی کو کہ تجھکو میں نے اختیار دیا خواہ میرے پاس رہ یا نہ رہ تو اُس سے طلاق پڑتی ہے یا نہیں **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرحمن بن مہدی نے سفیان سے اُسنے اسمٰعیل بن ابی خالد سے اُسنے شعبی سے اُسنے مسروق سے اُسنے عائشہ سے کہا کہ اختیار دیا ہمکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

لہ یہ اشارہ ہے اُس قول کی طرف جو نبی صلعم نے اپنی بیبیوں کی طرف کیا کہ اگر تم دنیا کی زینت چاہتی ہو تو آؤ تمکو فائدہ دیکر چھوڑ دوں۔ اور اگر خدا اور رسول کو چاہتی ہو تو اللہ کے پاس بڑا ثواب ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر خاوند کہے اپنی بیوی کو کہ اختیار کر اپنے نفس کو یا مجھکو اور اختیار کرے وہ خاوند اپنے کو تو نہیں واقع ہوگی طلاق اور یہی ہے مذہب امام ابوحنیفہ اور شافعی کا اور اگر اختیار کرے نفس اپنے کو تو واقع ہوگی طلاق رجعی نزدیک امام شافعی اور احمد کے اور طلاق بائن نزدیک امام ابی حنیفہ کے۔ اور تین طلاقیں نزدیک امام مالک کے اور علی سے مروی ہے کہ محض اختیار دینے سے ایک طلاق رجعی واقع ہوگی۔ اگرچہ اختیار کرے خاوند کو۔ اور زید بن ثابت کہتے ہیں کہ ایک طلاق بائن واقع ہوگی پس عائشہ نے رد کیا اس قول کو ساتھ اس حدیث کے ۱۲ م

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاخترناہ أکان طلاقا حدثنا بندار نا عبد الرحمن بن مہدی نا سفیان عن الاعمش عن ابی الضحی عن مسروق عن عائشة بمثلہ ھذا حدیث حسن صحیح واختلف اھل العلم فی الخیار فروی عن عمر وعبد اللہ بن مسعود انہما قالا ان اختارت نفسہا فواحدة بائنة وروی عنہما انہما قالا ایضا واحدة یملک الرجعة وان اختارت زوجہا فلا شئ وروی عن علی انہ قال ان اختارت نفسہا فواحدة بائنة وان اختارت زوجہا فواحدة یملک الرجعة وقال زید بن ثابت ان اختارت زوجہا فواحدة وان اختارت نفسہا فثلاث وذھب اکثر اھل العلم والفقہ من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ومن بعدھم فی ھذا الباب الی قول عمر وعبد اللہ وھو قول الثوری واھل الکوفة واما احمد بن حنبل فذھب الی قول علی **باب ما جاء فی المطلقة ثلاثا لا سکنی لہا ولا نفقة** حدثنا ھناد نا جریر عن مغیرة عن الشعبی قال قالت فاطمة بنت قیس طلقنی زوجی ثلاثا علی عہد النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا سکنی لک ولا نفقة قال مغیرة فذکرتہ لابراھیم فقال قال عمر لا ندع کتاب اللہ وسنة نبینا صلی اللہ علیہ وسلم بقول امرأة لا ندری احفظت ام نسیت وکان عمر یجعل لہا السکنی والنفقة حدثنا احمد بن منیع نا ھشیم نا حصین واسماعیل ومجالد قال ھشیم ونا داود ایضا عن الشعبی قال دخلت علی فاطمة ابنة قیس فسألتہا عن قضاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فیہا فقالت طلقہا زوجہا البتة فخاصمتہ فی السکنی والنفقة فلم یجعل لہا النبی صلی اللہ علیہ وسلم سکنی ولا نفقة وفی حدیث داود قالت وامرنی ان اعتد فی بیت ابن ام مکتوم ھذا حدیث حسن صحیح وھو قول بعض اھل العلم منہم الحسن البصری وعطاء بن ابی رباح والشعبی وبہ یقول احمد واسحاق وقالوا لیس للمطلقة سکنی ولا نفقة اذا لم یملک زوجہا الرجعة وقال بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم منہم عمر وعبد اللہ ان المطلقة ثلاثا لہا السکنی والنفقة وھو قول سفیان الثوری واھل الکوفة وقال بعض اھل العلم لہا السکنی ولا نفقة لہا وھو قول مالک بن انس واللیث بن سعد والشافعی

سو اختیار کیا ہمنے نبی صلعم کو۔ پس کیا وہ طلاق تھی یعنی طلاق نہین تھی حدیث کی ہمسے بندار نے عبد الرحمن بن مہدی سے اسنے سفیان سے اُسنے اعمش سے اُسنے روایت کی ابی الضحی سے اُسنے مسروق سے اُسنے عائشہ سے مثل اسکے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اختلاف کیا ہے اہل علم نے بیچ خیار کے سو روایت کی گئی ہے عمر اور عبد اللہ بن مسعود سے کہ ان دونون نے کہا کہ اگر اختیار کرے وہ عورت جدائی کو تو ایک طلاق بائن پڑیگی جسمین کہ نکاح جدید کی حاجت ہے اور انھین دونون سے یہ بھی مروی ہے کہ فقط ایک طلاق پڑتی ہے جسمین رجوع کا مالک ہے۔ اور اگر اختیار کرے وہ خاوند اپنے کو تو کوئی طلاق نہین پڑتی۔ اور حضرت علی سے مروی ہے کہ اگر اختیار کرے اپنے تئین تو ایک طلاق بائن پڑتی ہے۔ اور اگر اختیار کرے اپنے خاوند کو تو ایک طلاق رجعی پڑتی ہے اور زید بن ثابت نے کہا کہ اگر اختیار کرے اپنے خاوند کو تو ایک طلاق پڑتی ہے۔ اور اگر اختیار کرے عورت اپنے نفس کے تئین تو تین طلاقین پڑتی ہین۔ اور اکثر اہل علم اور اہل فقہ نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے گئے ہین طرف قول عمر اور عبد اللہ کے اور یہی ہے قول ثوری اور اہل کوفہ کا۔ لیکن احمد بن حنبل پس گئے ہین طرف قول علی کے **باب** تین طلاق والی عورت کو عدت مین نہ گھر ہے اور نہ نفقہ ہے حدیث بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو جریر نے مغیرہ سے اُسنے روایت کی شعبی سے کہا کہ کہا فاطمہ بنت قیس نے کہ میرے خاوند نے مجکو تین طلاقین دین بیچ زمانے نبی صلعم کے سو حضرت نے فرمایا کہ نہین ہے گھر واسطے تیرے اور نہ نفقہ (یعنی عدت مین) مغیرہ نے کہا سو مین نے اُسکو ابراہیم سے ذکر کیا سو اُسنے کہا کہ حضرت عمر نے کہا کہ نہین چھوڑینگے ہم اپنے رب کی کتاب کو اور اپنی نبی کی سُنت کو بسبب کہنے ایک عورت کے نہین جانتے ہم کہ اُسنے یاد رکھا اسکو یا بھول گئی سو تھے عمر کرتے واسطے اُسکے سکنے اور نفقہ حدیث بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُنکو کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے اُنکو کہا حدیث کی ہمسے حصین اور اسمعیل اور مجالد نے ہشیم نے کہا اور حدیث کی ہمسے داؤد نے بھی شعبی سے اُسنے کہا داخل ہوا مین فاطمہ بنت قیس پر پس پوچھا مینے اسکو نبی صلعم کے حکم سے بیچ حق اُسکے کے سو اُنہی کہا کہ طلاق دی اُسکو خاوند اُسکے نے البتہ یعنی طلاق بتہ دی پس جھگڑا کیا مین نے اُسسے بیچ لینے گھر اور نفقہ کے پس نکیا نبی صلعم نے واسطے میرے سکنی اور نہ نفقہ۔ اور ابو داؤد کی حدیث مین ہے کہ حکم کیا مجکو نبی صلعم نے یہ کہ عدت بیٹھون مین بیچ گھر ابن ام مکتوم کے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور یہی ہے قول بعض اہل علم کا انھین مین سے ہین حسن بصری اور عطا اور شعبی اور ساتھ اسی کے قائل ہے احمد اور اسحق اور کہتے ہین کہ نہین ہے واسطے تین طلاق والی کے گھر اور نہ نفقہ جبکہ نہ مالک ہو خاوند اُسکا رجعت کا اور بعض اہل علم حضرت نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہین انھین مین سے ہین عمر اور عبد اللہ کہ تین طلاق والی کے لیے گھر بھی ہے اور نفقہ بھی ہے یہی ہے قول سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا اور بعض اہل علم کہتے ہین کہ اسکے لیے سکنے ہے اور نفقہ نہین اور یہی ہے قول مالک بن انس اور لیث بن سعد اور شافعی کا

وقال الشافعی انما جعلنا لها السکنی بکتاب اللہ قال اللہ تعالیٰ لا تخرجوھن من بیوتھن ولا یخرجن الا ان یاتین بفاحشۃ مبینۃ قالوا ھو البذاء ان تبذو علی اھلھا واعتل بان فاطمۃ بنت قیس لم یجعل لھا النبی صلی اللہ علیہ وسلم السکنی لما کانت تبذو علی اھلھا قال الشافعی ولا نفقۃ لھا لحدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی قصۃ حدیث فاطمۃ بنت قیس **باب** ماجاء لا طلاق قبل النکاح **حدثنا** احمد بن منیع نا ھشیم نا عامر الاحول عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا نذر لابن آدم فیما لا یملک ولا عتق لہ فیما لا یملک ولا طلاق لہ فیما لا یملک وفی الباب عن علی ومعاذ وجابر وابن عباس وعائشۃ حدیث عبد اللہ بن عمرو حدیث حسن صحیح وھو احسن شیء روی فی ھذا الباب وھو قول اکثر اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم روی ذلک عن علی بن ابی طالب وابن عباس وجابر بن عبد اللہ وسعید بن المسیب والحسن وسعید بن جبیر وعلی بن حسین وشریح وجابر بن زید وغیر واحد من فقہاء التابعین وبہ یقول الشافعی وروی عن ابن مسعود انہ قال فی المنسوبۃ انھا تطلق وروی عن ابراھیم النخعی والشعبی وغیرھما من اھل العلم انھم قالوا اذا وقت نزل وھو قول سفیان الثوری ومالک بن انس انہ اذا سمی امرأۃ بعینھا او وقت وقتا او قال ان تزوجتہ من کورۃ کذا فانہ ان تزوج فانھا تطلق واما ابن المبارک فشدد فی ھذا الباب وقال ان فعل لا اقول ھی حرام وذکر عن عبد اللہ بن المبارک انہ سئل عن رجل حلف بالطلاق ان لا یتزوج ثم بدا لہ ان یتزوج ھل لہ رخصۃ ان یاخذ بقول الفقہاء الذین رخصوا فی ھذا فقال ابن المبارک ان کان یری ھذا القول حقا من قبل ان یبتلی بھذہ المسألۃ فلہ ان یاخذ بقولھم فاما من لم یرض بھذا فلما ابتلی احب ان یاخذ بقولھم

اور امام شافعی نے کہا کہ سوا اسکے نہیں کہ کیا ہمنے اُسکے لیے سکنے ساتھ کتاب اللہ کے کہ فرمایا اللہ نے کہ مت نکالو انکو اُنکے گھروں سے اور نہ وہ بھی باہر نکلیں مگر یہ کہ کریں صریح بیحیائی یعنی یہ نکلنا بیحیائی ہے کہتے ہیں وہ فحش بکنے والی ہے کہ بیہودہ بکے اوپر اہل اپنے کے اور دلیل بیان کرتے ہیں ساتھ اسطور کے کہ فاطمہ بنت قیس کے لیے حضرت نے سکنے نہ کیا اسواسطے کہ وہ بیہودہ بکتی تھی اہل اپنے سے پھر کہا شافعی نے کہ اسکے لیے نفقہ نہیں واسطے اس حدیث صلعم کے جو بیچ قصہ فاطمہ بنت قیس کے ہے **باب** نہیں طلاق پہلے نکاح سے یعنی اگر پہلے نکاح کے طلاق دے تو وہ طلاق نہیں پڑتی حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے عامر احول سے اُسنے عمرو بن شعیب سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ نہیں صحیح ہوتی نذر واسطے ابن آدم کے اُس چیز میں کہ نہیں ہے مالک اور نہیں آزاد کرنا اس چیز میں کہ نہیں ہے مالک اور نہیں طلاق[1] اس چیز میں کہ نہیں ہے مالک اور اس باب میں علی اور معاذ اور جابر اور ابن عباس اور عائشہ سے بھی روایت ہے اور عبد اللہ بن عمرو کی حدیث حسن صحیح ہے اور وہ بہت عمدہ اس چیز کی ہے کہ روایت کی گئی اس باب میں اور یہی ہے قول اکثر اہل علم کا نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے روایت کی گئی ہے یہ حضرت علی اور ابن عباس اور جابر بن عبد اللہ اور سعید بن مسیب اور حسن اور سعید بن جبیر اور علی بن حسین[2] اور شریح اور جابر بن زید وغیرہ بہت فقہا تابعین سے اور ساتھ اسی کے قائل ہے شافعی اور ابن مسعود سے روایت ہے کہ جو عورت نسبت[3] کی گئی کسی شہر یا قبیلہ کیطرف اُسپر طلاق پڑجاتی ہے اور ابراہیم نخعی اور شعبی وغیرہ اہل علم سے مروی ہے کہ انھوں نے کہا کہ جب وقت مقرر کرے تو طلاق پڑجائیگی اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور مالک کا کہ جب نام لے کسی خاص عورت کا یا مقرر کرے کوئی وقت یا کہے کہ اگر نکاح کروں میں طرف ایسے قبیلہ یا شہر کے پس اگر نکاح کرے تو طلاق پڑجاویگی لیکن ابن مبارک نے پس سختی کی ہے اس باب میں اور کہا کہ اگر کرے وہ تو نہیں کہتا میں کہ وہ حرام ہے۔ اور عبد اللہ بن مبارک سے مذکور ہے کہ وہ پوچھے گئے حکم ایک مرد کا کہ قسم کی اُسنے ساتھ طلاق[4] کے یہ کہ نہ نکاح کریگا پھر ضرورت پڑی اُسکو کہ نکاح کرے کیا اُسکو اجازت ہے کہ پکڑے ساتھ قول اُن فقہا کے جنھوں نے اجازت دی ہے اسمیں سو ابن مبارک نے کہا کہ اگر وہ اس قول کو سچا جانتا تھا پہلے اس سے کہ مبتلا ہو ساتھ اس مسئلہ کے تو اُسکو جائز ہے کہ پکڑے ساتھ قول اُنکی کے اور اگر اس قول سے راضی نہیں تھا پھر جب مبتلا ہوا تو پسند رکھا اُسنے یہ کہ پکڑے قول اُنکا

[1] اسلیے کہ طلاق فرع نکاح کی ہے۔ پس بدون نکاح کے کیونکر واقع ہو اور یہی ہے مذہب امام شافعی اور احمد وغیرہ جمہور علما کا اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک طلاق کو نکاح پر معلق کرنا درست ہے یعنے اگر کہے مرد کسی اجنبی عورت کو کہ اگر نکاح کروں میں تجھسے تو تجھے طلاق ہے یا کہے کہ جس عورت سے میں نکاح کروں اُسکو طلاق پس جب نکاح کریگا اسوقت طلاق پڑجاویگی ۱۲ [2] یعنی جو عورت کہ نسبت کی گئی یا معین کی گئی ساتھ کسی قوم خاص کے یا شہر خاص کے جیسے کہے کہ اگر فلانی قوم سے یا فلانے شہر سے نکاح کروں تو اُسکو طلاق ہے تو اس صورت میں طلاق پڑجاویگی ۱۲ [3] یعنے قسم کی کہ میں کبھی نکاح نہیں کرونگا ۱۲ [4] یعنے زبان درازی کرتی تھی اور بُرا کہتی تھی اپنے خاوند کے قرابتیوں کو ۱۲ [5] علی بن حسین بن علی بن ابی طالب ۔ زین العابدین ۔ ثقہ ۔ ثبت ۔ عابد ۔ فقیہ ۔ فاضل مشہور ہیں ۔ ابن عیینہ نے زہری سے روایت کی ہے کہ میں نے کسی قرشی کو ان سے افضل نہیں دیکھا ۹۴ھ میں بقول صحیح آپ کی وفات ہوئی ۱۲ سلیم اللہ

فلا اری له ذلك وقال احمد ان تزوج لا آمره ان یفارق امراته وقال اسحاق انا اجیز فی المنصوبة (المنسوبة) لحدیث ابن مسعود وان تزوجها لا اقول تحرم علیه امراته ووسع اسحاق فی غیر المنصوبة **باب** ماجآء ان طلاق الامة تطلیقتان **حدثنا** محمد بن یحیی النیسابوری نا ابو عاصم عن ابن جریج قال نا مظاهر بن اسلم قال حدثنی القاسم عن عائشة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال طلاق الامة تطلیقتان وعدتها حیضتان قال محمد بن یحیی ونا ابو عاصم نا مظاهر بهذا وفی الباب عن عبد الله بن عمر حدیث عائشة حدیث غریب لا نعرفه مرفوعا الا من حدیث مظاهر بن اسلم ومظاهر لا یعرف له فی العلم غیر هذا الحدیث والعمل علی هذا عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم وهو قول سفیان الثوری والشافعی واحمد واسحاق **باب** ماجاء فیمن یحدث نفسه بطلاق امراته **حدثنا** قتیبة نا ابو عوانة عن قتادة عن زرارة بن اوفی عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم تجاوز الله لامتی ما حدثت به انفسها مالم تکلم به او تعمل به هذا حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اهل العلم ان الرجل اذا حدث نفسه بالطلاق لم یکن شیئا حتی یتکلم به **باب** ماجاء فی الجد والهزل فی الطلاق **حدثنا** قتیبة نا حاتم بن اسماعیل عن عبد الرحمن بن اردك المدینی عن عطاء عن ابن ماهك عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ثلاث جدهن جد وهزلهن جد النکاح والطلاق والرجعة هذا حدیث حسن غریب والعمل علی هذا عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم وعبد الرحمن هو ابن حبیب بن اردك وابن ماهك هو عندی یوسف بن ماهك **باب** ماجآء فی الخلع

تو نہین جائز رکھتا مین واسطے اُسکے یہ اور کہا امام احمد نے کہ اگر نکاح کرے تو نہین حکم کرتا مین اسکو یہ کہ جدا کرے عورت اپنی کو اور کہا اسحاق نے کہ مین جائز رکھتا ہون نکاح کو بیچ حق اُس عورت کے کہ نکاح کی گئی ہو طرف کسی قوم خاص یا شہر کے واسطے حدیث ابن مسعود کے کہ اگر نکاح کرے اُس سے تو نہین کہتا مین کہ حرام ہو اُسپر عورت اُسکی اور وسعت رکھی ہو اسحاق نے بیچ حق غیر نسبت کی گئی کے **باب** لونڈی کی دو طلاقین ہین یعنی لونڈی دو طلاقون سے حرام ہو جاتی ہو جیسے کہ آزاد عورت تین طلاقون سے حرام ہوتی ہو **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی نیساپوری نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو ابو عاصم نے ابن جریج سے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مظاہر بن اسلم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو قاسم نے عائشہ سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ طلاق لونڈی کی دو طلاقین ہین اور عدت اُسکی دو حیض ہو کہا محمد بن یحیی نے اور حدیث کی ہمسے ابو عاصم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مظاہر نے ساتھ اُسکے اور اس باب مین ابن عمر سے بھی روایت ہو اور عائشہ کی حدیث غریب ہو نہین جانتے ہم اُسکو مرفوع مگر حدیث مظاہر بن اسلم سے اور مظاہر کے لیے نہین پہچانی جاتی علم مین کوئی حدیث سوا اس حدیث کے اور عمل اسیپر ہے نزدیک اہل علم کے حضرت کے اصحاب وغیرہ سے اور یہی قول سفیان ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا ہو **باب** اگر خیال کرے کوئی مرد بیچ دل اپنے کے ساتھ طلاق عورت اپنی کے تو اُسکی طلاق ہوتی ہو یا نہین **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے قتادہ سے اُسنے روایت کی زرارہ بن اوفی سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ جو خطرے اور خیال دل مین آتے ہین سو خدا نے اُسکے گناہ میری امت سے معاف کر دیے جبتک اُسکو نہ بولے یا اُسپر عمل نہ کرے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسیپر ہے نزدیک اہل علم کے حضرت کے اصحاب وغیرہ سے کہ جب کوئی مرد اپنے دل مین طلاق کا خیال کرے یعنی اپنے دل مین طلاق کا خیال کرے کہ مین نے اپنی عورت کو طلاق دی تو یہ کچھ چیز نہین ہوتی اور اس سے طلاق نہین پڑتی جبتک کہ نہ کلام کرے ساتھ اُسکے اور زبان سے نہ کہے **باب** طلاق مین قصد کرنے اور ہنسی کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے حاتم بن اسمعیل سے اُسنے عبد الرحمن بن اردک سے اُسنے روایت کی عطا سے اُسنے ابن ماہک سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ رسول اللہ صلعم نے فرمایا کہ تین چیزین ہین کہ قصد کرنا اُنکا بھی قصد ہو اور ہنسی کی راہ سے کہنا بھی قصد ہی نکاح کرنا اور طلاق دینا اور رجعت کرنا۔ یہ حدیث حسن غریب ہو اور عمل اسیپر ہے نزدیک اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے اور عبد الرحمن وہی ابن حبیب بن اردک ہو اور ابن ماہک وہی یوسف بن ماہک ہو۔ **باب** خلع کرنے کے بیان مین

لہ اسلیے کہ طلاق فرع نکاح کی ہو پس بدون نکاح کے کیونکر واقع ہو اور یہی ہے مذہب امام شافعی اور احمد وغیرہ جمہور علما کا اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک طلاق کو نکاح پر معلق کرنا درست ہے۔ یعنی اگر کہے مرد کسی اجنبی عورت کو کہ اگر نکاح کرون مین تجھسے تو تجھے طلاق ہے یا کہے کہ جس عورت سے مین نکاح کرون اُسکو طلاق ہے پس جب نکاح کریگا اُسوقت طلاق پڑ جاویگی ۱۲ ح ع سلہ یعنی جو عورت کہ نسبت کی گئی یا معین کی گئی ساتھ کسی قوم خاص یا شہر خاص کے جیسے کہے کہ اگر فلانی قوم سے یا فلانے شہر سے نکاح کرون تو اُسکو طلاق ہے تو اس صورت مین طلاق پڑ جاویگی ۱۲ سلہ یعنے قسم کی کہ مین کبھی نکاح نہین کرونگا ۱۲ سلہ یعنے زبان درازی کرتی تھی اور بُرا کہتی تھی اپنے خاوند کے قرابتیون کو ۱۲

حدثنا محمود بن غیلان نا الفضل بن موسی عن سفیان نا محمد بن عبد الرحمن وھو مولی آل طلحة عن سلیمان بن یسار عن الربیع بنت معوذ بن عفراء انھا اختلعت علی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فامرھا النبی صلی اللہ علیہ وسلم او اُمرت ان تعتد بحیضة وفی الباب عن ابن عباس **قال** ابو عیسی حدیث الربیع بنت معوذ الصحیح انھا اُمرت ان تعتد بحیضة **حدثنا** محمد بن عبد الرحیم البغدادی ثنا علی بن بحر ثنا ھشام بن یوسف عن معمر عن عمرو بن مسلم عن عکرمة عن ابن عباس ان امرأة ثابت بن قیس اختلعت من زوجھا علی عھد النبی صلی اللہ علیہ وسلم فامرھا النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان تعتد بحیضة ھذا حدیث حسن غریب واختلف اھل العلم فی عدة المختلعة فقال اکثر اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم ان عدة المختلعة عدة المطلقة وھو قول الثوری واھل الکوفة وبہ یقول احمد واسحاق وقال بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم عدة المختلعة حیضة قال اسحاق وان ذھب ذاھب الی ھذا فھو مذھب قوی **باب** ماجاء فی المختلعات **حدثنا** ابو کریب ثنا مزاحم بن ذوّاد بن عُلَیّة عن ابیہ عن لیث عن ابی الخطاب عن ابی زرعة عن ابی ادریس عن ثوبان عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال المختلعات ھن المنافقات وھذا حدیث غریب من ھذا الوجہ ولیس اسنادہ بالقوی وروی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال ایما امرأة اختلعت من زوجھا من غیر باس لم ترح رائحة الجنة **حدثنا** بذلک محمد بن بشار ثنا عبد الوھاب الثقفی ثنا ایوب عن ابی قلابة عمن حدثہ عن ثوبان ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ایما امرأة سالت زوجھا طلاقا من غیر باس فحرام علیھا رائحة الجنة وھذا حدیث حسن ویروی ھذا الحدیث عن ایوب عن ابی قلابة عن ابی اسماء عن ثوبان ورواہ بعضھم عن ایوب بھذا الاسناد ولم یرفعہ **باب** ماجاء فی مداراة النساء **حدثنا** عبد اللہ بن ابی زیاد ثنا یعقوب بن ابراھیم بن سعد ثنی ابن اخی ابن شھاب عن عمہ عن سعید بن المسیب عن ابی ھریرة قال قال رسول اللہ

حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے فضل بن موسی نے سفیان سے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عبد الرحمن نے سلیمان بن یسار سے اُسنے روایت کی ربیع بنت معوذ سے کہ خلع کیا اُسنے بیچ زمانہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سو حکم کیا اُسکو نبی صلعم نے یا حکم کی گئی یہ کہ عدت بیٹھے ایک حیض اور اس باب میں ابن عباس سے بھی روایت ہی کہا ابو عیسی نے کہ حدیث ربیع بنت معوذ کی کہ وہ حکم کی گئی کہ عدت بیٹھے ایک حیض صحیح ہی حدیث بیان کی ہمسے محمد بن عبد الرحیم بغدادی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہمکو علی بن بحر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو ہشام بن یوسف نے معمر سے اُسنے عمرو بن مسلم سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے عباس سے کہ تحقیق ثابت بن قیس کی عورت نے خلع کیا اپنے خاوند سے حضرت صلعم کے زمانہ مین سو حکم کیا اُسکو حضرت صلعم نے یہ کہ عدت بیٹھے ایک حیض یہ حدیث حسن غریب ہی۔ اور اختلاف کیا ہی اہل علم نے بیچ عدت خلع کرنے والی کے سو کہا اکثر اہل علم نے حضرت صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہ خلع کرنے والی عورت کی عدت مانند عدت طلاق والی کے ہی اور یہی ہی قول ثوری اور اہل کوفہ کا اور ساتھ اسی کے قائل ہے احمد اور اسحاق اور بعض اہل علم حضرت صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہین کہ خلع والی عورت کی عدت ایک حیض ہے اور کہا اسحاق نے کہ اگر جاوے کوئی جانے والا طرف اسکے تو یہ مذہب قوی ہے **باب** خلع کرنے والی عورتون کا بیان **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مزاحم بن ذواد نے اپنے باپ سے اُسنے لیث سے اُسنے ابی خطاب سے اُسنے ابی زرعہ سے اُسنے ابی ادریس سے اُسنے ثوبان سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے کہ عورتین خلع طلب کرنے والی وہ ہین منافق اور یہ حدیث غریب ہے اس وجہ سے اور اسکی اسناد قوی نہین ہے۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جو عورت کہ خلع طلب کرے خاوند اپنے سے بلا ضرورت تو نہ پاویگی بو بہشت کی **حدیث** کی ہمکو ساتھ اسکے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمکو عبد الوہاب ثقفی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو ایوب نے ابی قلابہ سے اُسنے اپنی حدادی سے اُسنے ثوبان سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو عورت کہ مانگے اپنے خاوند سے طلاق بغیر ضرورت کے تو حرام ہے اُسپر بو بہشت کی اور یہ حدیث حسن ہی۔ اور یہ حدیث ایوب سے مروی ہے۔ اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے ابی اسماء سے اُسنے ثوبان سے اور روایت کیا اُسکو بعض نے ایوب سے ساتھ اسی اسناد کے اور نہین مرفوع کیا اُسکو **باب** عورتون سے اچھی طرح ہوکر رکھنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے عبد اللہ بن ابی زیاد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یعقوب ابن ابراہیم بن سعد بن اخی بن شہاب نے اُسنے کہا حدیث کی مجکو میرے بھائی کے بیٹے ابن شہاب نے اپنے چچا سے اُسنے روایت کی سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

صلی اللہ علیہ وسلم ان المرأۃ کالضلع ان ذھبت تقیمھا کسرتھا وان ترکتھا استمتعت بھا علی عوج وفی الباب عن ابی ذر وسمرۃ وعائشۃ حدیث ابی ھریرۃ حدیث حسن صحیح غریب من ھذا الوجہ **باب** ماجاء فی الرجل یسألہ ابوہ ان یطلق امرأتہ **حدثنا** احمد بن محمد ثنا ابن المبارک ثنا ابن ابی ذئب عن الحارث بن عبد الرحمن عن حمزۃ بن عبد اللہ بن عمر عن ابن عمر قال کانت تحتی امرأۃ احبھا وکان ابی یکرھھا فامرنی ان اطلقھا فابیت فذکرت ذلک للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال یا عبد اللہ بن عمر طلق امرأتک ھذا حدیث حسن صحیح انما نعرفہ من حدیث ابن ابی ذئب **باب** ماجاء لا تسأل المرأۃ طلاق اختھا **حدثنا** قتیبۃ ثنا سفیان بن عیینۃ عن الزھری عن سعید بن المسیب عن ابی ھریرۃ یبلغ بہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تسأل المرأۃ طلاق اختھا لتکفئ ما فی انائھا وفی الباب عن ام سلمۃ حدیث ابی ھریرۃ حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی طلاق المعتوہ **حدثنا** محمد بن عبد الاعلی ثنا مروان بن معاویۃ الفزاری عن عطاء بن عجلان عن عکرمۃ بن خالد المخزومی عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کل طلاق جائز الا طلاق المعتوہ المغلوب علی عقلہ ھذا حدیث لا نعرفہ مرفوعا الا من حدیث عطاء بن عجلان وعطاء بن عجلان ضعیف ذاھب الحدیث والعمل علی ھذا عند اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم ان طلاق المعتوہ المغلوب علی عقلہ لا یجوز الا ان یکون معتوھا یفیق الاحیان فیطلق فی حال افاقتہ **باب** **حدثنا** قتیبۃ ثنا یعلی بن شبیب عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ قالت کان الناس والرجل یطلق امرأتہ ماشاء ان یطلقھا وھی امرأتہ اذا ارتجعھا

کہ عورت مانند پسلی[1] کے ہی یعنی اصل پیدائش اسکی پسلی سے ہی سو اگر ارادہ کرے تو کہ سیدھا کرے اُس پسلی کو تو توڑ دیگا اسکو اور اگر چھوڑ دیگا تو پسلی کو اپنی حال پر تو فائدہ اُٹھاوے تو ساتھ اُسکے باوجود کجی کے۔ اور اُس باب مین ابی ذر اور سمرہ اور عائشہ سے بھی روایت ہی اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح غریب ہی اسوجہ سے **باب** اگر کوئی شخص اپنے بیٹے سے کہے کہ تو اپنی بیوی کو طلاق دے تو اُسکا حکم مانے یا نہین **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن محمد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی ذئب نے حارث بن عبد الرحمن سے اُسنے روایت کی حمزہ بن عبد اللہ بن عمر سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ تھی میرے نکاح مین ایک عورت کہ محبت رکھتا تھا مین اُس سے اور باپ میرا اُسکو بُرا جانتا تھا سو حکم کیا اُسنے مجکو کہ طلاق دوں اُسکو سو انکار کیا مین نے سو ذکر کیا مین نے اسکو حضرت صلعم سے سو آپ نے فرمایا کہ اے عبد اللہ بن عمر طلاق دے عورت اپنی کو یعنی اپنے باپ کا حکم مان۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ سوا اسکے نہین کہ ہم پہچانتے ہین اسکو حدیث ابن ابی ذئب سے **باب** نہ مانگے عورت طلاق سوکن[2] اپنی کی **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو سفیان بن عیینہ نے زہری سے اُسنے روایت کی سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے مرفوعاً کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ نہ مانگے کوئی عورت طلاق سوکن اپنی کی تا کہ اُٹھاوے وہ چیز کہ بیچ برتن اُسکے کے ہی اور اِس باب مین ام سلمہ سے بھی روایت ہی اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہی۔ **باب** دیوانہ اور بے عقل کی طلاق کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن عبد الاعلے نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے مروان ابن معاویہ فزاری نے عطاء بن عجلان سے اُسنے روایت کی عکرمہ بن خالد مخزومی سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ ہر طلاق واقع ہوتی ہی مگر طلاق بے عقل کی کہ مغلوب العقل ہو یہ حدیث مرفوع نہین مگر عطاء بن عجلان کی حدیث سے اور عطاء بن عجلان ضعیف اور ذاہب الحدیث ہی اور عمل اسیر ہے نزدیک اہل علم کے حضرت صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہ بے عقل اور دیوانہ کی طلاق واقع نہین ہوتی مگر ایسا بے عقل ہو کہ کبھی ہوش مین آجاتا ہو پس طلاق دے اپنے ہوش کی حالت مین **باب**۔ **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یعلی بن شبیب نے ہشام بن عروہ سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے عائشہؓ سے کہا کہ تھے لوگ یعنی جاہلیت کے زمانہ مین اور مرد طلاقین دیتا تھا اپنی عورت کو جتنی کہ چاہتا تھا۔ اور وہ اُسی کی عورت تھی جب کہ رجوع کرتا اُس سے۔

---

[1] یعنی حضرت حوا کہ اصل سب عورتوں کی ہین حضرت آدم کی پسلی سے پیدا ہوئین کہ وہ بہت ٹیڑھی ہوتی ہی پس اُنکی اصل مین ٹیڑھاپن ہی کوئی اُسکو بدل نہین سکتا اور بدون طلاق کے کوئی صورت ممکن نہین جیسے کہ ٹیڑھی لکڑی کو سیدھا کرنا ممکن نہین پس حاصل یہ ہی کہ انسے معاملہ اچھی طرح رکھو اور اُنکے ٹیڑھے پن پر صبر کرو اور اس ٹیڑھے پن مین اُس سے فائدہ اُٹھاؤ اور ایسے طور پر ہو کہ سب باتوں مین تمہاری مرضی کے موافق کام کرین ۱۲ [2] مراد اس سے مخطوبہ عورت ہی یا سوکن یعنی سوت ہی اور بہن باعتبار دین کے کہا کہ دونوں کا دین ایک ہی ۱۲ اور نشہ والے کی طلاق مین اختلاف ہی بعضے کہتے ہین کہ اُسکی طلاق واقع نہین ہوتی ہی۔ یہ قول عثمان اور ابن عباس وغیرہ کا ہی اور بعضے کہتے ہین کہ اُسکی طلاق ہو جاتی ہی یہ قول حضرت علی کا ہی اور یہی ہی قول مالک و ثوری اور اوزاعی کا ۱۲

وهي في العدة وان طلقها مائة مرة او اكثر حتى قال رجل لامرأته والله لا اطلقك فتبينين مني ولا آويك ابدا قالت وكيف ذاك قال اطلقك فكلما همت عدتك ان تنقضي راجعتك فذهبت المرأة حتى دخلت على عائشة فاخبرتها فسكتت عائشة حتى جاء النبي صلى الله عليه وسلم فاخبرته فسكت النبي صلى الله عليه وسلم حتى نزل القرآن الطلاق مرتان فامساك بمعروف او تسريح باحسان قالت عائشة فاستأنف الناس الطلاق مستقبلا من كان طلق ومن لم يكن طلق **حدثنا** ابو كريب محمد بن العلاء قال ثنا عبد الله بن ادريس عن هشام بن عروة عن ابيه نحو هذا الحديث بمعناه ولم يذكر فيه عن عائشة وهذا اصح من حديث يعلى بن شبيب **باب** ما جاء في الحامل المتوفى عنها زوجها تضع **حدثنا** احمد بن منيع ثنا حسين بن محمد ثنا شيبان عن منصور عن ابراهيم عن الاسود عن ابي السنابل بن بعكك قال وضعت سبيعة بعد وفاة زوجها بثلثة وعشرين يوما او خمسة وعشرين يوما فلما تعلت تشوفت للنكاح فانكر عليها ذلك فذكر ذلك للنبي صلى الله عليه وسلم فقال ان تفعل فقد حل اجلها **حدثنا** احمد بن منيع ثنا الحسن بن موسى ثنا شيبان عن منصور نحوه وفي الباب عن ام سلمة حديث ابي السنابل حديث مشهور غريب من هذا الوجه ولا نعرف للاسود شيئا عن ابي السنابل وسمعت محمدا يقول لا اعرف ان ابا السنابل عاش بعد النبي صلى الله عليه وسلم والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم ان الحامل المتوفى عنها زوجها اذا وضعت فقد حل لها التزويج وان لم تكن انقضت عدتها وهو قول سفيان الثوري والشافعي واحمد واسحاق وقال بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم تعتد آخر الاجلين والقول الاول اصح

عدت کی حالت میں اگرچہ طلاق دی ہوئی اسکو سو بار یا زیادہ یہانتک کہ ایک مرد نے اپنی بیوی سے کہا قسم ہے خدا کی کہ نہ طلاق دونگا میں تجکو کہ بائن ہوجاوے تو مجھسے اور ٹوٹ جاوے نکاح تیرا اور نہ جگہ دونگا میں تجکو ہمیشہ اُس عورت نے کہا کہ یہ کس طرح ہوگا اُسنے کہا کہ طلاق دونگا میں تجکو سو جب تیری عدت گذرنے کے قریب ہوگی تو رجوع کرونگا تجھسے سو وہ عورت گئی یہانتک کہ عائشہ پاس داخل ہوئی اور خبر دی اُسکو سو عائشہ چپ رہیں یہانتک کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے سو عائشہ نے آپ سے کہا سو حضرت صلعم چپ رہے یہانتک کہ قرآن اُترا کہ طلاق ہی دو بار تک پھر کہنا موافق دستور کے یا رخصت کرنا ہی ساتھ نیکی کے عائشہ نے کہا آیندہ لوگوں نے شروع کی طلاق یعنی ابتدا سے جسنے طلاق دی تھی اور جسنے طلاق نہیں دی تھی **حدیث** بیان کی ہمسے ابو کریب محمد بن علا نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن ادریس نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے مثل اس حدیث کے ساتھ اُسی معنے کے اور نہیں ذکر کیا اُسنے واسطہ عائشہ کا اور یہ زیادہ ترصحیح ہی یعلی بن شبیب کی حدیث سے **باب** اگر حمل والی عورت کا خاوند مرجاوے تو عدت اُسکی بچہ جننا ہی **حدیث** بیان کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے حسین بن محمد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شیبان نے اُسنے منصور سے اُسنے روایت کی ابراہیم سے اُسنے اسود سے اُسنے ابی سنابل بن بعکک سے کہا بچہ جنی سبیعہ نے پیچھے وفات خاوند اپنے کے بعد تئیس دن کے یا پچیس دن کے سو جب پاک ہوئی نفاس سے تو زینت کی واسطے نکاح کے یعنی پیغام بھیجنے والوں کے لیے اپنے تئیں سنوارا۔ سو لوگوں نے اُسپر انکار کیا سو کسی نے یہ قصہ بات نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہی سو فرمایا کہ اگر نکاح کرے وہ تو درست ہی کہ اسکی عدت گذرچکی ہی **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حسن بن موسی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شیبان نے منصور سے مثل اسکے اور اس باب میں ام سلمہ سے بھی روایت ہی اور ابی سنابل کی حدیث مشہور ہی غریب ہی اس وجہ سے اور نہیں پہچانتے ہم اسود کو ابی سنابل سے اس بارہ میں کچھ اور امام بخاری نے کہا کہ میں نہیں جانتا کہ ابی سنابل نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد زندہ رہا ہو اور عمل اسپر ہی نزدیک اکثر اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہ اگر کسی عورت کا خاوند مرجاوے اور وہ حاملہ ہو تو جب وہ بچہ جنے تو جائز ہی واسطے اُسکے نکاح کرنا اگرچہ اُسکی وفات کی عدت نہ گذری ہو یعنی چار مہینے اور دس دن اور یہی ہی قول سفیان ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا۔ اور بعض اہل علم حضرت کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ عدت اُس زمانہ تک ہے جو دونوں میں زیادہ مدت ہو اور پہلا قول زیادہ صحیح ہی

ملہ یعنی رجعت خاص پہلی اور دوسری طلاق میں ہے بعد اُسکے رجعت درست نہیں یعنی عدت تک مرد چاہے تو عورت سے رجعت کرے یہ بات پہلی طلاق میں ہے اور دوسری میں پھر نہ پھر سکے گی۔ سو اگر موافق شرع کے اسکے حق ادا کرسکے تو پھر رکھے کہ پھر قضیہ نہو اور نہ رکھ سکے تو رخصت کرے ۱۲ ملہ یعنی اگر خاوند کے مرنے کے بعد چار مہینے اور دس دن سے پیچھے بچہ جنی تو اُسکی عدت یہی بچہ جننا ہے اور اگر چار مہینے اور دس دن سے پہلے بچہ جنی تو مدت اُسکی چار مہینے اور دس دن ہیں مگر جمہور علما مخالف ہیں ۱۲

حدثنا قتیبة ثنا اللیث عن یحیی بن سعید عن سلیمان بن یسار ان اباھریرة وابن عباس واباسلمة بن عبدالرحمن تذاکروا المتوفی عنھا زوجھا الحامل تضع عند وفاة زوجھا فقال ابن عباس تعتد اخر الاجلین وقال ابوسلمة بل تحل حین تضع وقال ابوھریرة انا مع ابن اخی یعنی اباسلمة فارسلوا الی ام سلمة زوج النبی صلی اللہ علیه وسلم فقالت قد وضعت سبیعة الاسلمیة بعد وفات زوجھا بیسیر فاستفتت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فامرھا ان تتزوج ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی عدة المتوفی عنھا زوجھا

حدثنا الانصاری ثنا معن بن عیسی ثنا مالک بن انس عن عبداللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم عن حمید بن نافع عن زینب بنت ابی سلمة انھا اخبرته بھذه الاحادیث الثلاثة قال قالت زینب دخلت علی ام حبیبة زوج النبی صلی اللہ علیه وسلم حین توفی ابوھا ابوسفیان بن حرب فدعت بطیب فیه صفرة خلوق اوغیره فدھنت به جاریة ثم مست بعارضیھا ثم قالت واللہ مالی بالطیب من حاجة غیرانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم یقول لایحل لامرأة تؤمن باللہ والیوم الاخر ان تحد علی میت فوق ثلاثة ایام الاعلی زوج اربعة اشھر وعشرا قالت زینب فدخلت علی زینب بنت جحش حین توفی اخوھا فدعت بطیب فمست منه ثم قالت واللہ مالی فی الطیب من حاجة غیرانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم قال لایحل لامراة تؤمن باللہ والیوم الاخر ان تحد علی میت فوق ثلث لیال الاعلی زوج اربعة اشھر وعشرا قالت زینب وسمعت امی ام سلمة تقول جاءت امراة الی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فقالت یارسول اللہ ان ابنتی توفی عنھا زوجھا وقد اشتکت عینیھا افنکحلھا فقال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم

حدیث بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے لیث نے یحیی بن سعید سے اُسنے روایت کی سلیمان بن یسار سے کہ تحقیق ابوہریرہ اور ابن عباس اور ابو سلمہ نے آپسمین ذکر کیا اُس عورت کا جسکا خاوند مر گیا اور وہ حاملہ ہے اور جنی بعد مرنے خاوند اپنے کے سو ابن عباس نے کہا کہ عورت بیٹھے لمبی دو مدتون کی اور ابو سلمہ نے کہا کہ بلکہ حلال ہو جاتی ہے جبکہ بچہ جنے اور ابو ہریرہ نے کہا کہ مین ساتھ بھتیجے اپنے کے ہون یعنی ابو سلمہ کے سو بھیجا اُنھون نے کسی کو پاس ام سلمہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی بی بی کے سو اُسنے کہا کہ بچہ جنی سبیعہ نے پیچھے وفات خاوند اپنے کے بعد تھوڑے سے دنون کے سو اُسنے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے فتوی پوچھا سو حضرت صلعم نے اُسکو حکم کیا نکاح کرنے کا یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** جس عورت کا خاوند مر جاوے اُسکی عدت کیا ہے **حدیث** بیان کی ہمسے انصاری نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے معن بن عیسی نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے مالک بن انس نے عبد اللہ بن ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم سے اُسنے حمید بن نافع سے اُسنے زینب بنت ابی سلمہ سے کہ اُسنے خبر دی اُسکو ساتھ اُن تینون حدیثون کے کہا زینب نے کہ مین ام حبیبہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی بی بی پاس گئی جب کہ وفات کیا گیا باپ اُسکا ابو سفیان بن حرب سو اُسنے خوشبو منگائی کہ اسمین زرد خوشبو تھی یا سوا اُسکے سو لگائی اُسنے وہ خوشبو ایک لڑکی کو پھر لگائی دونون رخسارون اپنے پر پھر کہا کہ قسم ہے خدا کی کہ نہین مجکو خوشبو کی کچھ حاجت لیکن سُنا ہے مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے کہ نہین درست کسی عورت کو کہ ایمان رکھتی ہے ساتھ اللہ کے اور دن قیامت کے یہ کہ سوگ رکھے کسی مردے پر زیادہ تین دن سے مگر اپنے خاوند پر چار مہینے اور دس دن سوگ رکھنا چاہیے زینب نے کہا کہ پھر گئی مین پاس زینب بنت جحش کے جب کہ وفات کیا گیا بھائی اُسکا سو منگائی اُسنے خوشبو اور اُس سے بدن پر لگائی پھر کہا کہ مجکو خوشبو کی کچھ حاجت نہین لیکن مین نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہے فرماتے تھے کہ نہین درست کسی عورت کو کہ ایمان رکھتی ہو ساتھ اللہ کے اور دن قیامت کے یہ سوگ کرے کسی مردے پر زیادہ تین دن سے مگر خاوند پر چار مہینے اور دس دن سوگ رکھنا چاہیے۔ زینب نے کہا اور سُنا مین نے اپنی مان ام سلمہ سے کہتی تھین کہ آئی ایک عورت پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سو اُسنے کہا کہ یا حضرت میری بیٹی کا خاوند مر گیا ہے اور تحقیق دُکھتی ہین آنکھین اُسکی کیا سرمہ لگاؤن اُسکی آنکھو مین سو حضرت صلعم نے فرمایا نہین

ف ۱ اس سے معلوم ہوا کہ نہین جائز ہے سرمہ لگانا ساتھ اثمد کے اس عورت کو کہ مر جاوے خاوند اُسکا خواہ آنکھ دکھتی ہو یا نہ دکھتی ہو۔ یہ قول امام احمد کا ہے اور امام ابو حنیفہ اور مالک کے نزدیک سرمہ لگانا جائز ہے آنکھ دُکھنے مین اور امام شافعی کہتے ہین کہ سرمہ رات کو لگا دے اور دن کو پونچھ ڈالے اور شاید اوس عورت نے زینت کا ارادہ کیا ہوگا اسلیے اُسکو منع فرمایا اور آخیر حدیث کا مطلب یہ ہے کہ جاہلیت کے زمانہ مین حضرت صلعم سے پہلے یہ رسم تھی کہ جس عورت کا خاوند مر جاتا وہ ایک گھر تنگ مین بیٹھی رہتی اور ٹاٹ کمبل وغیرہ بُرے کپڑے پہنتی اور نہ نہاتی اور خوشبو چھوڑ دیتی برس روز تک پھر لاتے اُسکے پاس گدھا یا بکری یا کوئی پرندہ اور وہ رگڑتی ساتھ اُسکے شرمگاہ اپنی اور نکلتی اُس گھر سے اور دیا تی اُسکے ہاتھ مین چند مینگنیان پس پھینکتی مینگنیون کو اور نکلتی ساتھ اُسکے عدت سے پس اس حدیث مین اشارہ ہے کہ مدت عدت کی

مرتین او ثلث مرات کل ذلک یقول لا ثم قال انما ھی اربعۃ اشھر وعشر وقد کانت احدٰکن فی الجاھلیۃ ترمی بالبعرۃ علی راس الحول وفی الباب عن فریعۃ ابنۃ مالک بن سنان اخت ابی سعید الخدری وحفصۃ بنت عمر حدیث زینب حدیث حسن صحیح والعمل علی ھذا عند اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم ان المتوفی عنھا زوجھا تتقی فی عدتھا الطیب والزینۃ وھو قول سفیان الثوری ومالک والشافعی واحمد واسحاق **باب** ماجاء فی المظاھر یواقع قبل ان یکفر **حدثنا** ابو سعید الاشج ثنا عبد اللہ بن ادریس عن محمد بن اسحاق عن محمد بن عمرو بن عطاء عن سلیمان بن یسار عن سلمۃ بن صخر البیاضی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی المظاھر یواقع قبل ان یکفر قال کفارۃ واحدۃ ھذا حدیث حسن غریب والعمل علی ھذا عند اکثر اھل العلم وھو قول سفیان الثوری ومالک والشافعی واحمد واسحاق وقال بعضھم اذا واقعھا قبل ان یکفر فعلیہ کفارتان وھو قول عبد الرحمن بن مھدی **حدثنا** ابو عمار الحسین بن حریث ثنا الفضل بن موسی عن معمر عن الحکم بن ابان عن عکرمۃ عن ابن عباس ان رجلا اتی النبی صلی اللہ علیہ وسلم قد ظاھر من امراتہ فوقع علیھا فقال یا رسول اللہ انی ظاھرت من امراتی فوقعت علیھا قبل ان اکفر فقال وما حملک علی ذلک یرحمک اللہ قال رایت خلخالھا فی ضوء القمر قال فلا تقربھا حتی تفعل ما امرک اللہ ھذا حدیث حسن صحیح غریب **باب** ماجاء فی کفارۃ الظھار **حدثنا** اسحاق بن منصور ثنا ھرون بن اسمٰعیل الخزاز ثنا علی بن المبارک ثنا یحیی بن ابی کثیر ثنا ابو سلمۃ ومحمد بن عبد الرحمن ان سلمان بن صخر الانصاری احد بنی بیاضۃ جعل امراتہ علیہ کظھر امی حتی یمضی رمضان فلما مضی نصف من رمضان وقع علیھا لیلا فاتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فذکر ذلک لہ فقال لہ

دوبار یا تین بار ہر بار فرماتے تھے نہیں پھر فرمایا کہ سوا اسکے نہیں کہ عدت چار مہینے اور دس دن ہے اور تحقیق تھی ایک تمہاری جاہلیت میں پھینکتی مینگنیاں برس روز تک اور اس باب میں فریعہ ابو سعید خدری کی بہن اور حفصہ سے بھی روایت آئی ہے اور زینب کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اصحاب وغیرہ کے کہ جسکا خاوند مرجاوے وہ عدت میں خوشبو اور زینت سے بچے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور مالک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا **باب** ظہار[1] کرنے والا اگر کفارہ دینے سے پہلے جماع کرلے تو اسکا کیا حکم ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ابو سعید اشج نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن ادریس نے محمد بن اسحاق سے اُسنے محمد بن عمرو بن عطا سے اُسنے سلیمان بن یسار سے اُسنے سلمہ بن صخر بیاضی سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے بیچ حق ظہار کرنے والے کے کہ جماع کرے پہلے کفارہ دینے سے فرمایا فقط ایک ہی کفارہ ہے یہ حدیث حسن غریب ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور مالک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا۔ اور بعضے کہتے ہیں کہ اگر جماع کرے پہلے کفارہ دینے سے تو دو کفارے ہیں اور یہ قول عبد الرحمن بن مہدی کا ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ابو عمار حسین بن حریث نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے فضل بن موسی نے معمر سے اُسنے حکم بن ابان سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہ ایک مرد نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا کہ تحقیق ظہار کیا تھا اُسنے عورت اپنی سے سو واقع ہوا وہ اُسپر سو اُسنے عرض کی کہ یا حضرت تحقیق ظہار کیا تھا میں نے عورت اپنی سے سو جماع کیا میں نے اس سے پہلے کفارہ دینے کے سو فرمایا کہ کیا چیز باعث ہوئی تجکو اوپر اُسکے رحمت کرے تجکو اللہ کہا اُسنے کہا کہ دیکھی میں نے پازیب اسکی چاندنی میں سو فرمایا کہ نہ پاس جا اسکے یہانتک کہ کرے تو وہ چیز کہ حکم کیا ہے تجکو اللہ نے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے **باب** ظہار کے کفارہ کا بیان **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن منصور نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہارون بن اسماعیل بن خزاز نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے علی بن مبارک نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن ابی کثیر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو سلمہ اور محمد بن عبد الرحمن نے کہ تحقیق سلمان بن صخر انصاری نے کردانا اپنی عورت کو اپنے اوپر مانند پیٹھ ماں اپنی کے یعنی کہا کہ تو مجھپر مانند پیٹھ ماں میری کے ہے کہ اُسکو ظہار کہتے ہیں یہاں تک کہ گذرے رمضان یعنی حرام کیا اسکو اپنے پر ماہ رمضان کے گذرنے تک سو جبکہ گذرا آدھا مہینہ رمضان کا تو گرا سلمان اُسپر ایک رات کو یعنی صحبت کی اُس سے پھر آیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پاس۔ اور ذکر کیا اُسکو حضرت صلعم سے سو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

[1] ظہار کہتے ہیں اسکو کہ تشبیہ دے اپنی بیوی کو یا اسکے اُس عضو کو کہ تعبیر کیجاتی کل سے ساتھ اُسکی یا تشبیہ دے اُسکی جز شایع کو ساتھ اس عضو محرم کے کہ حرام ہو اُسکو دیکھنا اسکا جیسے کہے بیوی اپنی سے کہ تو مجھپر حرام ہے مانند پیٹھ ماں میری کے یا سر تیرا یا نصف پیٹھ یا پیٹ ماں میری کے ہے یا مانند ران ماں میری کی ہے یا مانند پیٹھ بہن اور پھوپھی میری کے اور مانند انکے۔ پس اسطرح کے کہنے سے حرام ہو جاتی ہے صحبت کرنی اُس سے یہانتک کہ کفارہ ادا کرے اور اگر صحبت کرے پہلے کفارہ دینے سے تو نہیں آتا اُسپر کچھ سوائے ایک کفارہ

له رسول الله صلى الله عليه وسلم اعتق رقبة قال لا اجدها قال فصم شهرين متتابعين قال لا استطيع قال اطعم ستين مسكينا قال لا اجد فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم لفروة ابن عمرو اعطه ذلك العرق وهو مكتل ياخذ خمسة عشر صاعا او ستة عشر صاعا اطعام ستين مسكينا هذا حديث حسن يقال سلمان بن صخر ويقال سلمة بن صخر البياضي والعمل على هذا الحديث عند اهل العلم في كفارة الظهار وفي الباب عن خولة بنت ثعلبة وهي امرأة اوس بن الصامت

باب ما جاء في الايلاء حدثنا الحسن بن قزعة البصري ثنا مسلمة بن علقمة ثنا داود عن عامر عن مسروق عن عائشة قالت آلى رسول الله صلى الله عليه وسلم من نسائه وحرم فجعل الحرام حلالا وجعل في اليمين كفارة وفي الباب عن ابي موسى وانس حديث مسلمة بن علقمة عن داود رواه علي بن مسهر وغيره عن داود عن الشعبي عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا وليس فيه عن مسروق عن عائشة وهذا اصح من حديث مسلمة بن علقمة والايلاء ان يحلف الرجل ان لا يقرب امرأته اربعة اشهر واكثر واختلف اهل العلم فيه اذا مضت اربعة اشهر فقال بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم اذا مضت اربعة اشهر يوقف فاما ان يفيء واما ان يطلق وهو قول مالك بن انس والشافعي واحمد واسحق وقال بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم اذا مضت اربعة اشهر فهي تطليقة بائنة وهو قول الثوري واهل الكوفة

باب ما جاء في اللعان حدثنا هناد ثنا عبدة بن سليمان عن عبد الملك بن ابي سليمان عن سعيد بن جبير قال سئلت عن المتلاعنين في امارة مصعب بن الزبير ايفرق بينهما فما دريت ما اقول فقمت مكاني الى منزل عبد الله بن عمر استأذنت عليه فقيل لي انه قائل فسمع كلامي فقال ابن جبير ادخل ما جاء بك الا حاجة قال فدخلت فاذا هو مفترش بردعة رحل له فقلت يا ابا عبد الرحمن

کہ آزاد کر ایک بردہ کہا سلمان نے نہیں پاتا میں اُسکو یعنی مجکو اسقدر مقدور نہیں فرمایا پس روزے رکھ دو مہینے کے پے در پے کہا نہیں طاقت رکھتا ہیں یعنی غلبہ شہوت کے سبب سے دو مہینے ترک نہیں سکتا فرمایا کھلا ساٹھ مسکینوں کو کھانا۔ کہا نہیں پاتا میں ساٹھ مسکینوں کا کھانا۔ یعنی مجھے مقدور نہیں ہے۔ سو رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فروہ بن عمرو صحابی سے فرمایا کہ دے اُسکو وہ عرق کھجوروں کا کہ کوئی اُسکو لایا تھا۔ اور عرق ایک تھیلا ہوتا ہے کھجوروں کا کہ سماتی ہیں اُسمیں کھجوریں پندرہ چوسیری یا سولہ چوسیری تاکہ کھلاوے ساٹھ مسکینوں کو یہ حدیث حسن ہے سلمان بن صخر کو سلمہ بن صخر بیاضی بھی کہتے ہیں۔ اور عمل اسیر ہے نزدیک اہل علم کے بیچ کفارہ ظہار کے اور اس باب میں خولہ بنت ثعلبہ سے بھی روایت ہے وہ عورت اوس بن صامت کی ہے

باب ایلا کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے حسن بن قزعہ بصری نے کہا حدیث کی ہمسے مسلمہ بن علقمہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے داؤد نے عامر سے اُسنے مسروق سے اُسنے عائشہ سے کہ ایلا کیا حضرت صلعم نے اپنی بیویوں سے اور حرام کیا اُنکو پس آپ نے حرام کو حلال کیا اور قسم کا کفارہ دیا۔ اور اس باب میں ابی موسی اور انس سے بھی روایت ہے اور حدیث مسلمہ بن علقمہ کی جو داؤد سے ہے روایت کیا ہے اُسکو علی بن مسہر وغیرہ نے داؤد سے اُسنے شعبی سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل اور نہیں ہے اُسمیں واسطہ مسروق کا عائشہ سے اور یہ زیادہ صحیح ہے حدیث مسلمہ بن علقمہ سے اور ایلا یہ ہے کہ قسم کھاوے مرد یہ کہ اپنی عورت سے صحبت نہ کریگا چار مہینے یا زیادہ اس سے اور اہل علم کو اسمیں اختلاف ہے کہ جب چار مہینے گذر جاویں اور صحبت نہ کرے سو بعض اہل علم حضرت صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ جب چار مہینے گذر جاویں تو ایلا کرنے والا ٹھہر جاوے پس یا تو رجوع کرے اپنی عورت سے یعنی کفارہ دے قسم کا یا طلاق دے اور یہی ہے قول مالک بن انس اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا اور بعض اہل علم حضرت صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ جب چار مہینے گذر جاویں تو اُسپر ایک طلاق بائن پڑتی ہے اور یہی ہے قول ثوری اور اہل کوفہ کا

باب لعان کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے عبدہ بن سلیمان نے عبد الملک بن ابی سلیمان سے اُسنے سعید بن جبیر سے کہا کہ پوچھا گیا میں دو لعان کرنے والوں سے بیچ خلافت مصعب بن زبیر کے کہ کیا تفریق کیجاوے درمیان اُن دونوں کے سو نہ جانا میں نے کہ کیا کہوں یعنی مجکو اُسکا جواب نہ آیا سو گیا میں وہیں سے طرف گھر عبد اللہ بن عمر کی اور اجازت چاہی میں نے اندر جانے کی سو مجکو کہا گیا کہ وہ اسوقت سوتے ہیں سو اُنہوں نے میری بات سنی اور کہا کہ اے ابن جبیر اندر آ نہیں آیا تو مگر کسی حاجت کے لیے کہا سو میں اندر گیا اور دیکھا کہ وہ پالان کجاوے کا بچھائے ہوئے تھے سو میں نے کہا کہ اے ابا عبد الرحمن (یہ کنیت ہے ابن عمر رضی اللہ عنہ کی)

المتلاعنان ايفرق بينهما فقال سبحان الله نعم ان اول من سال عن ذلك فلان بن فلان اتى النبى صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله ارايت لو ان احدنا راى امرأته على فاحشة كيف يصنع ان تكلم تكلم بامر عظيم وان سكت سكت على امر عظيم قال فسكت النبى صلى الله عليه وسلم فلم يجبه فلما كان بعد ذلك اتى النبى صلى الله عليه وسلم فقال ان الذى سالتك عنه قد ابتليت به فانزل الله الايات التى فى سورة النور والذين يرمون ازواجهم ولم يكن لهم شهداء الا انفسهم حتى ختم الايات فدعى الرجل فتلاهن عليه ووعظه وذكره واخبره ان عذاب الدنيا اهون من عذاب الاخرة فقال لا والذى بعثك بالحق ما كذبت عليها ثم ثنى بالمرأة ووعظها وذكرها واخبرها ان عذاب الدنيا اهون من عذاب الاخرة فقالت لا والذى بعثك بالحق ما صدق قال فبدأ بالرجل فشهد اربع شهادات بالله انه لمن الصادقين والخامسة ان لعنة الله عليه ان كان من الكاذبين ثم ثنى بالمرأة فشهدت اربع شهادات بالله انه لمن الكاذبين والخامسة ان غضب الله عليها ان كان من الصادقين ثم فرق بينهما وفى الباب عن سهل بن سعد وابن عباس وحذيفة وابن مسعود حديث ابن عمر حديث حسن صحيح والعمل على هذا الحديث عند اهل العلم **حدثنا** قتيبة ثنا مالك بن انس عن نافع عن ابن عمر قال لاعن رجل امرأته وفرق النبى صلى الله عليه وسلم بينهما والحق الولد بالام هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اهل العلم **باب**

کیا دو لعان کرنے والوں کے درمیان تفریق کیجاوے سو اُسنے کہا اللہ پاک ہے ہان تحقیق اول وہ مرد کہ پوچھا اس مسئلہ سے فلانا بیٹا فلانے کا ہے کہ وہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس آیا سو اُسنے عرض کی کہ یا حضرت بتلایئے کہ اگر ایک ہمارا دیکھے اپنی عورت کو زنا پر تو کیا کرے اگر بولے تو بولے ساتھ امر بڑے کے یعنے اگر اسکو لوگون مین کہے تو حد مارا جاوے اور اگر چپ رہے کسی کو تبلاوے نہین تو چپ رہے اوپر امر بڑے کے کہا سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم چپ رہے اور اُسکو جواب نہ دیا سو بعد چند روز کے وہ شخص پھر آیا اور کہا کہ یا حضرت جو مسئلہ کہ مین نے آپ سے پوچھا تھا تحقیق مبتلا ہوا مین ساتھ اُسکے یعنی مین نے اپنی عورت کو ایک مرد کے ساتھ پایا۔ سو اُتارین خدا نے وہ آیتین جو سورۂ نور مین ہین کہ جو لوگ تہمت لگادین اپنی بیویون کو اور نہون واسطے اُنکے گواہ مگر نفس اُنکے یہانتک کہ ختم کیا آیتون کو سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس مرد کو بلایا اور اُسکو لعان کا حکم سُنایا اور نصیحت کی اُسکو اور یاد دلایا اُسکو عذاب آخرت کا یعنی تاکہ جھوٹ نہ کہے اور افترا نہ کرے عورت پر اور خبر دی اُسکو کہ عذاب دنیا کا سہل ہے عذاب آخرت سے سو اُسکو مرد نے کہا کہ قسم ہے اُس ذات کی کہ بھیجا آپ کو ساتھ حق کے نہین جھوٹ کہا مین نے اُسپر پھر دوسری بار حضرت نے عورت کو لعان کا حکم بتایا اور نصیحت کی اُسکو اور یاد دلایا اُسکو عذاب آخرت کا اور خبر دی اُسکو کہ عذاب دنیا کا سہل ہے عذاب آخرت سے سو کہا اُس عورت نے کہ قسم ہے اُس ذات کی کہ بھیجا آپ کو ساتھ حق کے اُسنے یعنی مرد نے سچ نہین کہا۔ سو حضرت صلعم نے شروع کیا ساتھ مرد کے سو گواہی دی اُسنے چار بار ساتھ اللہ کے کہ بیشک مین سچون مین سے ہون۔ اور پانچوین دفعہ کہا کہ غضب خدا کا مجھپر اگر مین جھوٹون مین سے ہون پھر دوسری بار شروع کیا ساتھ عورت کے سو گواہی دی اُسنے چار بار ساتھ اللہ کے کہ بیشک وہ شخص جھوٹون مین سے ہے اور پانچوین بار کہا کہ غضب خدا کا مجھپر اگر ہو وہ مرد سچون مین سے پھر تفریق کی آپنے درمیان اُنکے اور اس باب مین سہل بن سعد[ع] اور ابن عباس اور حذیفہ[ع] اور ابن مسعود سے بھی روایت آئی ہے اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اس حدیث پر ہے نزدیک اہل علم کے **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے مالک بن انس نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ لعان کیا ایک مرد نے اپنی عورت سے اور تفریق کی حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے درمیان اُنکے اور لاحق کیا فرزند کو ساتھ ماں کے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے **باب**

[ف] طلاق واقع نہین ہوتی بمجرد گذر جانے چار مہینے کے نزدیک اکثر علماء کے بلکہ اُسکو ٹھہرایا جاوے کہ رجوع کرے یا طلاق دے اور امام شافعی کہتے ہین کہ اگر وہ طلاق نہ دے تو حاکم اُسکو ایک طلاق دلادے۔ اور امام ابوحنیفہ کہتے ہین کہ اگر چار مہینے کے اندر صحبت کی تو ایلاء ساقط ہو جاتا ہے اور کفارہ قسم کا لازم آتا ہے اور اگر صحبت نہ کی تو ایک طلاق بائن پڑتی ہے ۱۲ع اور اسیطرح اگر کوئی حرام کرے کسی چیز کو اپنے پر خواہ بیوی کو خواہ کسی اور چیز کو تو اُسپر کفارہ آتا ہے اور وہ چیز حرام نہین یہ مذہب ابن عباس کا ہے۔ اور حنفیہ کے نزدیک اگر کہے مرد اپنی بیوی کو کہ تو مجھپر حرام ہے تو یہ بھی ایلاء مین داخل ہے جبکہ نیت کرے اُسکی باقی تفصیل فقہ مین ہے

[ع] آپ صحابی ہین کنیت آپ کی ابو العباس ہے۔ اور نسب یہ ہے سہل بن سعد بن مالک ابن خالد انصاری خزرجی ساعدی۔ آپکے والد بھی صحابی ہین وفات آپکی ۸۸ھ بقول اصح و بقول بعض بعد ۹۱ھ کے۔ عمر شریف سو سال سے تجاوز کرگئی تھی ۱۲ [ع] آپ صحابی ہین اور آپکے والد یمان بھی صحابی ہین جو جنگ احد مین شہید ہوئے اور وفات حذیفہ رضی کی حضرت علی کی خلافت ۳۶ھ مین ہوئی ۱۲

ما جاء این تعتد المتوفی عنہا زوجہا حدثنا الانصاری ثنا معن ثنا مالک عن سعد بن اسحاق بن کعب بن عجرۃ عن عمتہ زینب بنت کعب بن عجرۃ ان الفریعۃ بنت مالک بن سنان وھی اخت ابی سعید الخدری اخبرتہا انہا جاءت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تسالہ ان ترجع الی اہلہا فی بنی خدرۃ وان زوجہا خرج فی طلب اعبد لہ ابقوا حتی اذا کان بطرف القدوم لحقہم فقتلوہ قالت فسالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان ارجع الی اہلی فان زوجی لم یترک لی مسکنا یملکہ ولا نفقۃ قالت فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نعم قالت فانصرفت حتی اذا کنت فی الحجرۃ او فی المسجد نادانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم او امر بی فنودیت لہ فقال کیف قلت قالت فرددت علیہ القصۃ التی ذکرت لہ من شان زوجی قال امکثی فی بیتک حتی یبلغ الکتاب اجلہ قالت فاعتددت فیہ اربعۃ اشہر وعشرا قالت فلما کان عثمان ارسل الی فسالنی عن ذلک فاخبرتہ فاتبعہ وقضی بہ حدثنا محمد بن بشار ثنا یحیی بن سعید ثنا سعد بن اسحاق بن کعب بن عجرۃ فذکر نحوہ بمعناہ ھذا حدیث حسن صحیح والعمل علی ھذا الحدیث عند اکثر اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہم لم یروا للمعتدۃ ان تنتقل من بیت زوجہا حتی تنقضی عدتہا وھو قول سفیان الثوری والشافعی واحمد واسحاق وقال بعض اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہم للمراۃ ان تعتد حیث شاءت وان لم تعتد فی بیت زوجہا والقول الاول اصح بسم اللہ الرحمن الرحیم **ابواب البیوع** عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **باب ما** جاء فی ترک الشبہات

جس عورت کا خاوند مرجاوے وہ عدت کہاں بیٹھے حدیث بیان کی ہمسے انصاری نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معن نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے سعد بن اسحاق بن کعب سے اُسنے اپنی پھپھی زینب بنت کعب سے کہ تحقیق فریعہ بنت مالک بن سنان نے خبردی اُسکو وہ بہن ابو سعید خدری کی ہے کہ وہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پاس آئی اور سوال کیا آپ سے یہ کہ پھر جاوے طرف گھر والوں اپنے کے بیچ قبیلہ بنی خدرہ کے اور تحقیق خاوند اُسکا نکلا بیچ تلاش اپنے غلاموں کے کہ بھاگ گئے تھے یہانتک کہ جب پہونچا قدوم میں تو پایا اُنکو سو مار ڈالا انھوں نے اُسکو کہا سو پوچھا میں نے حضرت صلعم سے یہ کہ پھر جاؤں میں طرف اہل اپنے کے کہ تحقیق خاوند میرے نے نہیں چھوڑا میرے لیے کوئی مکان کہ وہ مالک ہو اُسکا اور نہ کچھ خرچ سو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں پھر جا کہا اُسنے سو پھری میں یہانتک کہ جب تھی میں حجرے میں یا مسجد میں پکارا مجکو حضرت صلعم نے یا حکم کیا مجکو انے میرے کا سو میں آپ کے پاس بلائی گئی سو آپ نے فرمایا کس طرح کہا تو نے کہا اُسنے سو میں نے وہ قصہ آپ سے پھر کہا جو پہلے ذکر کیا تھا اپنے خاوند کے حال سے فرمایا کہ ٹھہر اپنے گھر میں یہانتک کہ پہونچے حکم اللہ کا اپنی مدت[1] کو کہا اُسنے سو میں عدت بیٹھی اُسمیں چار مہینے اور دس دن کہا سو جب عثمان خلیفہ ہوے تو اُسنے کسی کو میرے پاس بھیجا اور مجھ سے یہ قصہ پوچھا سو میں نے اُسکو اُس سے خبردی کہ پیروی کی اُسنے اُسکی اور حکم کیا ساتھ اُسکے حدیث بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے یحیی بن سعید نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے سعد بن اسحاق نے پس ذکر کیا مثل اُسکے اُسکے معنے میں یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے نہیں جائز رکھتے یہ کہ نقل کرے عورت اپنے خاوند کے گھر سے یہانتک کہ گذر جاوے عدت اُسکی اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا اور کہا بعض اہل علم نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہ جائز ہے عورت کو یہ کہ عدت بیٹھے جس جگہ چاہے اگرچہ نہ عدت بیٹھے بیچ گھر خاوند اپنے کے اور پہلا قول زیادہ ترصحیح ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم **ابواب البیوع** بیعوں کے بابوں کا بیان جو حضرت صلعم سے ثابت ہیں **باب** شبہے والی چیزوں کے ترک کرنے کا بیان

[1] جس عورت کا خاوند مرجاوے اُسکو عدت میں سوگ کرنا واجب ہے۔ اور اسپر اجماع ہے سب علما کا لیکن اسمین تفصیل ہے جمہور کے نزدیک برابر ہے اسمین مدخول بہا اور غیر مدخول بہا خواہ چھوٹی ہو خواہ بڑی خواہ باکرہ ہو یا ثیبہ خواہ لونڈی ہو خواہ آزاد مسلمہ ہو خواہ کافرہ اور حنفیہ کے نزدیک کافرہ اور مجنونہ اور صغیرہ وغیرہ سات عورتوں پر سوگ نہیں اور سوگ کہتے ہیں ترک زینت اور خوشبو لگانے کو۔ بیع کے معنے بیچنا اور کبھی اسکے معنے خریدنے کے بھی آتے ہیں۔ اور بیع شرع میں کہتے ہیں مال بدلنے کو ساتھ مال کے آپس کی رضامندی سے اور جواز بیع کا ثابت ہے اور قرآن سے اور حدیثوں سے اور بیع چار قسم کی ہوتی ہے۔ معاوضہ صرف سلم بیع مطلق۔ معاوضہ وہ بیع ہے کہ بیچے عین کو بدلے عین کے جیسے کہ بیچے کپڑا بدلے کتاب کے۔ اور بیع صرف یہ ہے کہ بیچے نقد بدلے نقد کے مثلاً روپیہ بدلے روپیوں کے یا اشرفی بدلے روپیوں کے۔ اور سلم بیچنا دین کا ہے بدلے غلے کے مثلاً غلہ مول لینا بدلے بدلے روپیوں کے۔ اور بیع مطلق یہ ہے کہ بیع کرے ایک چیز کو بدلے نقد کے۔ مدت سے مراد یہاں عدت متوفی عنہا کی ہے جو چار مہینے دس روز ہیں حکم اللہ سے مراد قول اللہ تعالی یتربصن باربعۃ اشہر وعشرا ہے

حدثنا قتيبة بن سعيد نا حماد بن زيد عن مجالد عن الشعبي عن النعمان بن بشير قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول الحلال بين والحرام بين وبين ذلك امور مشتبهات لا يدري كثير من الناس امن الحلال هي ام من الحرام فمن تركها استبراء لدينه وعرضه فقد سلم ومن واقع شيئا منها يوشك ان يواقع الحرام كما انه من يرعى حول الحمى يوشك ان يواقعه الا وان لكل ملك حمى الا وان حمى الله محارمه حدثنا هناد نا وكيع عن زكريا بن ابي زائدة عن الشعبي عن النعمان بن بشير عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه بمعناه هذا حديث حسن صحيح وقد رواه غير واحد عن الشعبي عن النعمان بن بشير **باب** ما جاء في اكل الربوا **حدثنا** قتيبة نا ابو عوانة عن سماك بن حرب عن عبد الرحمن بن عبد الله بن مسعود عن ابن مسعود قال لعن رسول الله صلى الله عليه وسلم اكل الربوا وموكله وشاهديه وكاتبه وفي الباب عن عمر وعلي وجابر حديث عبد الله حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في التغليظ في الكذب والزور ونحوه **حدثنا** محمد بن عبد الاعلى الصنعاني نا خالد بن الحارث عن شعبة نا عبيد الله بن ابي بكر بن انس عن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم في الكبائر قال الشرك بالله وعقوق الوالدين وقتل النفس وقول الزور وفي الباب عن ابي بكرة وايمن بن خريم وابن عمر حديث انس حديث حسن صحيح غريب **باب** ما جاء في التجار وتسمية النبي صلى الله عليه وسلم اياهم

حدیث بیان کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے حماد بن زید نے مجالد سے اُسنے شعبی سے اُسنے نعمان بن بشیر سے کہا سُنا مین نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ حلال ظاہر ہے اور حرام بھی ظاہر ہے[1] اور حلال اور حرام کے درمیان بہت چیزین ہین شبہے والی نہین جانتے اُنکو بہت آدمی پس جو شخص کہ بچا شبہے والی چیزون سے تو پاک کیا اُسنے اپنے دین کو اور اپنی آبرو کو یعنی طعنے والون کی طعن سے بچا اور جو پڑا کسی چیز مین شبہ کی چیزون مین سے قریب ہی کہ پڑے حرام مین مانند چرواہے کے کہ چراتا ہے گرد رونہ کے قریب ہی کہ چرین اُسمین جانور خبردار ہو کہ واسطے ہر بادشاہ کے رونہ ہے اور اللہ کی رونہ حرام چیزین ہین **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے وکیع نے زکریا بن ابی زائدہ سے اُسنے شعبی سے اُسنے نعمان بن بشیر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے معنی مین یہ حدیث حسن صحیح ہے تحقیق روایت کی اُسکو بہت لوگون نے شعبی سے اُسنے نعمان بن بشیر سے **باب** بیاج کھانے والے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے ابو عوانہ نے سماک بن حرب سے اُسنے عبد الرحمن بن عبد اللہ بن مسعود سے اُسنے ابن مسعود سے کہا کہ لعنت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیاج لینے والے کو اور دینے والے کو اور لکھنے والے کو اور گواہون کو اور اس باب مین علی اور عمر اور جابر سے بھی روایت ہی اور ابن مسعود کی حدیث حسن صحیح ہے **باب** جھوٹ اور فریب وغیرہ کے گناہ کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن عبد الاعلیٰ صنعانی نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے خالد بن حارث نے شعبہ سے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے عبد اللہ بن ابی بکر بن انس نے انس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کبیرہ گناہون کے بیان مین فرمایا کہ اللہ کے ساتھ شرک کرنا اور ماں باپ کے نافرمانی کرنا اور ناحق خون کرنا۔ اور جھوٹی بات کہنا کبیرہ گناہون مین سے ہین اور اس باب مین ابی بکرہ اور ایمن بن خریم اور ابن عمر سے بھی روایت ہے۔ اور انس کی حدیث حسن صحیح غریب ہی **باب** تجار کا بیان اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا انکو یہ نام رکھنا۔

[1] حلال ظاہر ہے کہ ساتھ نص کے حلال ہونا اُسکا معلوم ہو جیسے کھانے کی چیزین کہ متعارف ہین۔ اور کلام نیک کرنا اور نکاح کرنا اور حلال چیزونکو دیکھنا اور حرام ظاہر ہی کہ ساتھ نص کے حرام ہونا اُسکا معلوم ہو جیسے شراب اور سور اور مردار اور زنا اور خون جاری اور جھوٹ اور غیبت اور چغلی وغیرہ اور چیزین شبہے والی ہین وہ کہ اُنمین دلیلین متعارض ہین۔ پس اُنکی حقیقت کو بہت نہین جانتے پس اُنسے بچنا بہت بہتر ہے کہتے ہین لیکن اُنکو نہ حلال کہا جاوے نہ حرام کہا جاوے اور اتفاق ہی علما کا اس حدیث مین بڑے بڑے فائدے ہین اور یہ حدیث اُن چیزون مین ہی جنپر اسلام کا مدار ہے [2] بیاج شرع مین زیادتی کو کہ خالی ہو عوض سے اور شرط کیجاوے زیادتی درمیان عقد کے اور بیاج حرام ہی بیچ اور قرض مین اور اُسکی حرمت کا منکر کافر ہے۔ اور بیاج دو قسم ہے ایک بیاج نسیہ کا یعنے نقد کو ساتھ وعدے کے بیچنا اور دوسرا ربو فضل کا یعنی تھوڑی چیز کو بدلے بہت کے بیچنا پھر اگر دونون چیزین پائی جاوین یعنی ایک اتحاد جنس اور دوسری اتحاد قدر یعنی کیل اور وزن تو امام ابو حنیفہ کے نزدیک دونون قسم حرام ہین جیسے گیہون بدلے گیہون کے کہ جنس بھی ایک ہے اور قدر بھی ایک ہی کہ کیلی ہیں اور اگر اتحاد جنس اور قدر ایک چیز مین پائی جاوے تو بیاج نسیہ کا حرام ہے فضل حرام نہین جیسے کہ چنون کے ساتھ بیچیے کہ اسمین فضل حلال ہے اور نسیہ حرام اور امام مالک کے نزدیک علت بیاج جن چیزون مین جو حدیث مین آئی ہین ثمنیت اور قوت مدخر ہونا ہے۔ پس انکے نزدیک ترکاری وغیرہ مین جو ذخیرہ نہین ہوسکتین بیاج نہین اور امام شافعی کے نزدیک علت ربا کی ثمنیت ہے سونے چاندی اور قوت ہونا باقی چیزونمین پس اُنکے نزدیک ترکاری مین بیاج ہوتا ہی درمختار ۱۲

حدثنا هناد ثنا ابوبکر بن عیاش عن عاصم عن ابی وائل عن قیس بن ابی غرزۃ قال خرج علینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
ونحن نسمی السماسرۃ فقال یا معشر التجار ان الشیطان والاثم یحضران البیع فشوبوا بیعکم بالصدقۃ وفی الباب عن البراء بن عازب و
رفاعۃ حدیث قیس بن ابی غرزۃ حدیث حسن صحیح رواہ منصور والاعمش وحبیب بن ابی ثابت وغیر واحد عن ابی وائل عن قیس
بن ابی غرزۃ ولا نعرف لقیس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم غیر ھذا **حدثنا** هناد ثنا ابو معاویۃ عن الاعمش عن شقیق بن سلمۃ
عن قیس بن ابی غرزۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ بمعناہ ھذا حدیث صحیح **حدثنا** هناد ثنا قبیصۃ ثنا سفیان عن
ابی حمزۃ عن الحسن عن ابی سعید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال التاجر الصدوق الامین مع النبیین والصدیقین والشہداء
حدثنا سوید ثنا ابن المبارک عن سفیان عن ابی حمزۃ بھذا الاسناد نحوہ ھذا حدیث حسن لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ من حدیث
الثوری عن ابی حمزۃ وابو حمزۃ اسمہ عبد اللہ بن جابر وھو شیخ بصری **حدثنا** یحیی بن خلف ثنا بشر بن المفضل عن عبد اللہ بن
عثمان بن خثیم عن اسماعیل بن عبید بن رفاعۃ عن ابیہ عن جدہ انہ خرج مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم الی المصلی فرای الناس یتبایعون
فقال یا معشر التجار فاستجابوا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ورفعوا اعناقھم وابصارھم الیہ فقال ان التجار یبعثون یوم القیمۃ فجارا الا
من اتقی اللہ وبر وصدق ھذا حدیث حسن صحیح ویقال اسمعیل بن عبید اللہ بن رفاعۃ ایضا **باب** ماجاء فیمن حلف علی سلعتہ کاذبا **حدثنا**
محمود بن غیلان ثنا ابو داود انبانا شعبۃ قال اخبرنی علی بن مدرک قال سمعت ابا زرعۃ بن عمرو بن جریر یحدث عن خرشۃ بن الحر عن ابی ذر عن النبی صلی اللہ
علیہ وسلم قال ثلثۃ لا ینظر اللہ الیھم یوم القیمۃ ولا یزکیھم ولھم عذاب الیم قلت من ھم یا رسول اللہ فقد خابوا وخسروا قال المنان والمسبل ازارہ والمنفق سلعتہ بالحلف الکاذب

حدیث بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابوبکر بن عیاش نے عاصم سے اُسنے ابی وائل سے اُسنے قیس بن ابی غرزہ سے کہا کہ نکلے ہم پر رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم اور تھے ہم گروہ تجار کے نام رکھے جاتے سماسرہ سو فرمایا اے معشر تجار کے یعنے اے گروہ سوداگرون کے کہ تحقیق شیطان اور گناہ حاضر ہوتے ہین
بیع کو یعنی پہلے شرا مین اکثر باتین بے فائدہ اور جھوٹی قسمین میش آجاتی ہین سو ملاؤ بیع کو ساتھ صدقہ کے اور اس باب مین براء بن عازب اور رفاعہ سے بھی
روایت آئی ہو اور قیس بن ابی غرزہ کی حدیث حسن صحیح ہو روایت کیا اُسکو منصور اور اعمش اور حبیب وغیرہ نے ابو وائل سے اُسنے قیس سے اور نہین جانتے ہم واسطے قیس کے
نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سوا اس حدیث کے کچھ **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے شقیق
بن سلمہ سے اُسنے روایت کی قیس بن ابی غرزہ سے اُسنے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے اسی معنے مین یہ حدیث صحیح ہو **حدیث**
بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے قبیصہ نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے سفیان نے ابی حمزہ سے اُسنے حسن سے اُسنے ابی سعید سے
کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سوداگر بڑا سچا یعنی قول مین اور فعل مین بڑا امانت دار ساتھ نبیون اور صدیقون اور شہیدون کے ہوگا۔
حدیث بیان کی ہمسے سوید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے سفیان سے اُسنے ابی حمزہ سے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے یہ حدیث
حسن ہو نہین جانتے ہم اسکو مگر اسوجہ سے حدیث سفیان ثوری سے اُسنے ابی حمزہ سے اور اسکا نام عبد اللہ ہو اور وہ شیخ بصری ہے **حدیث**
بیان کی ہمسے یحیی بن خلف نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے بشر بن مفضل نے عبد اللہ بن عثمان بن خثیم سے اُسنے اسماعیل بن عبید بن رفاعہ سے
اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہ نکلا وہ ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے طرف عیدگاہ کے سو دیکھا آپ نے لوگون کو بیع شرا کرتے سو فرمایا
کہ اے گروہ سوداگرون کے سو جواب دیا انھون نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اور اُٹھائین اپنی گردنین اور آنکھین طرف حضرت صلعم کے سو
فرمایا کہ تحقیق سوداگر اُٹھائے جاوینگے دن قیامت کے گنہگار یعنی جھوٹ کہنے والے اور نافرمان مگر جو شخص کہ ڈرا اللہ سے یعنی خیانت اور فریب
وغیرہ نہ کیا اور نیکی کی یعنی تجارت مین لوگون سے یا عبادت کی اللہ کی اور سچ بولا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسماعیل بن عبید کو اسماعیل بن عبید اللہ
بن رفاعہ بھی کہتے ہین **باب** اسباب پر جھوٹی قسم کھانے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داود نے
اُسنے کہا خبر دی ہمسے شعبہ نے اُسنے کہا خبر بیان کی ہمسے علی بن مدرک نے اُسنے کہا سُنا مین نے ابا زرعہ بن عمرو بن جریر سے حدیث
بیان کرتا تھا خرشہ بن حر سے اُسنے روایت کی ابی ذر سے کہ حضرت صلعم نے فرمایا تین شخص ہین کہ نہ دیکھیگا طرف اُنکے اللہ دن قیامت کے اور نہ پاک کریگا اُنکو گناہون
سے اور اُنکے لیے دُکھ کی مار ہے مینے کہا کون ہین وہ یا حضرت کہ وہ محروم اور خاسرون سے ہین فرمایا ایک تو احسان رکھنے والا اور دوسرا دراز کرنے والا
تہ بند کا یعنی ٹخنون سے نیچے چھوڑنے والا۔ تیسرا رواج دینے والا اسباب کا ساتھ جھوٹی قسم کے

وفی الباب عن ابن مسعود وابی ہریرۃ وابی امامۃ بن ثعلبۃ وعمران بن حصین ومعقل بن یسار حدیث ابی ذر حدیث حسن صحیح

باب ماجاء فی التبکیر بالتجارۃ **حدثنا** یعقوب بن ابراہیم الدورقی ثنا ہشیم ثنا یعلی بن عطاء عن عمارۃ بن حدید عن صخر الغامدی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہم بارک لامتی فی بکورہا قال وکان اذا بعث سریۃ او جیشا بعثہم اول النہار وکان صخر رجلا تاجرا وکان اذا بعث تجارۃ بعثہم اول النہار فاثری وکثر مالہ وفی الباب عن علی وبریدۃ وابن مسعود وانس وابن عمر وابن عباس وجابر حدیث صخر الغامدی حدیث حسن ولا نعرف لصخر الغامدی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم غیر ہذا الحدیث وقد روی سفیان الثوری عن شعبۃ عن یعلی بن عطاء ہذا الحدیث **باب** ماجاء فی الرخصۃ فی الشراء الی اجل **حدثنا** ابو حفص عمرو بن علی ثنا یزید بن زریع ثنا عمارۃ بن ابی حفصۃ ثنا عکرمۃ عن عائشۃ قالت کان علی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثوبین قطریین غلیظین فکان اذا قعد فعرق ثقلا علیہ فقدم بز من الشام لفلان الیہودی فقلت لو بعثت الیہ فاشتریت منہ ثوبین الی المیسرۃ فارسل الیہ فقال قد علمت ما یرید انما یرید ان یذہب بمالی او بدراہمی فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کذب قد علم انی من اتقاہم واداہم للامانۃ وفی الباب عن ابن عباس وانس واسماء ابنۃ یزید حدیث عائشۃ حدیث حسن صحیح غریب وقد رواہ شعبۃ ایضا عن عمارۃ بن ابی حفصۃ سمعت محمد بن فراس البصری یقول سمعت ابا داود الطیالسی یقول سئل شعبۃ یوما عن ہذا الحدیث فقال لست احدثکم حتی تقوموا الی حرمی بن عمارۃ فتقبلوا راسہ قال وحرمی فی القوم **حدثنا** محمد بن بشار ثنا ابن ابی عدی وعثمان بن ابی عمر عن ہشام بن حسان عن عکرمۃ عن ابن عباس قال توفی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ودرعہ مرہونۃ بعشرین صاعا من طعام اخذہ لاہلہ ہذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن بشار ثنا ابن ابی عدی عن ہشام الدستوائی عن قتادۃ عن انس ح

اور اس باب میں ابن مسعود اور ابی ہریرہ اور ابی امامہ بن ثعلبہ اور عمران بن حصین اور معقل بن یسار سے بھی روایت ہے اور ابوذر کی حدیث حسن صحیح ہے **باب** دوپہر سے پہلے سوداگری کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے یعقوب بن ابراہیم دورقی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یعلی بن عطاء نے عمارہ بن حدید سے اُسنے روایت کی صخر غامدی سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ الٰہی برکت دے واسطے امت میری کے بیچ اول روز انکے یعنی دوپہر سے پہلے طلب علم کرنے یا کسب یا سفر وغیرہ کرنے میں اور تھے حضرت صلعم جبکہ بھیجتے کوئی لشکر چھوٹا یا بڑا تو بھیجتے اُسکو اول روز میں اور تھا صخر مرد سوداگر پس جب بھیجتا مال تجارت کا تو بھیجتا انکو اول روز میں پس مالدار ہوا اور بہت ہوا مال اُسکا۔ اور اس باب میں بریدہ اور علی اور ابن مسعود اور انس اور ابن عمر اور ابن عباس اور جابر سے بھی روایت ہے اور صخر غامدی کی حدیث حسن ہے۔ اور نہیں جانتے ہم واسطے صخر غامدی کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سوا اس حدیث کے کچھ اور تحقیق روایت کی سفیان ثوری نے شعبہ سے اُسنے یعلی بن عطار سے یہ حدیث **باب** ایک مدت تک وعدہ کرکے کوئی چیز خرید لی جائز ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ابوحفص عمرو بن علی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن زریع نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے عمارہ بن ابی حفصہ نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے عکرمہ نے عائشہ سے کہ تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دو کپڑے قطری موٹے سو جب آپ بیٹھتے اور پسینہ آتا تو وہ دونوں کپڑے آپ پر بھاری ہو جاتے تھے سو شام سے چادریں آئیں واسطے فلانے یہودی کے اُسکا نام لیا سو میں نے کہا کہ اگر آپ کسی کو اُس پاس بھیجیں اور اُس سے دو کپڑے خریدیں قیمت میسر آنے کی مہلت تک تو بہت بہتر ہو سو آپنے کسیکو اُس پاس بھیجا سو کہا اُسنے کہ تحقیق میں نے جانا جو ارادہ کرتا ہے وہ سوا اسکے نہیں کہ لیجاوے مال میرا یا درہم میرے سو حضرت صلعم نے فرمایا کہ جھوٹ کہا اُسنے تحقیق جانتا ہے وہ کہ میں اُنمیں زیادہ تر متقی ہوں زیادہ تر ادا کرنے والا ہوں امانت کا اور اس باب میں ابن عباس اور انس اور اسماء بنت یزید سے بھی روایت آئی ہے اور عائشہ کی حدیث حسن صحیح غریب ہے اور تحقیق روایت کیا ہے اسکو شعبہ نے بھی عمارہ بن ابی حفصہ سے سنا میں نے محمد بن فراس بصری سے کہتا تھا سنا میں نے ابو داؤد طیالسی سے کہتا تھا کہ پوچھا گیا شعبہ ایک دن اس حدیث سے سو کہا اُسنے کہ نہیں حدیث بیان کرونگا میں تمسے یہانتک کہ کھڑے ہو تم طرف حرمی بن عمارہ کے اور چومو سر اُسکا کہا پھر شروع ہوا یہ دستور قوم میں حدیث بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے ابن ابی عدی اور عثمان بن ابی عمر نے ہشام بن حسان سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا کہ وفات کیے گئے نبی صلعم اس حالت میں کہ زرہ انکی گرو تھی نزدیک یہودی کے بدلے بیس جو سیری جو کے کہ لیا تھا اُسکو اپنے گھر والوں کے لیے یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے ابن ابی عدی نے ہشام دستوائی سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے ح

قال محمد واخبرنا معاذ بن هشام قال ثنی ابی عن قتادة عن انس قال مشیت الی رسول الله صلی الله علیه وسلم بخبز شعیر واهالة سنخة ولقد رهن له درع مع یهودی بعشرین صاعا من طعام اخذه لاهله ولقد سمعته ذات یوم یقول ما امسی عند آل محمد صاع تمر ولا صاع حب وان عنده یومئذ لتسع نسوة هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی کتابة الشروط **حدثنا** محمد بن بشار ثنا عباد بن لیث صاحب الکرابیس ثنا عبد المجید بن وهب قال قال لی العداء بن خالد بن هوذة الا اقرئك کتابا کتبه لی رسول الله صلی الله علیه وسلم قال قلت بلی فاخرج لی کتابا هذا ما اشتری العداء بن خالد بن هوذة من محمد رسول الله صلی الله علیه وسلم اشتری منه عبدا او امة لا داء ولا غائلة ولا خبثة بیع المسلم المسلم هذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من حدیث عباد بن لیث وقد روی عنه هذا الحدیث غیر واحد من اهل الحدیث **باب** ماجاء فی المکیال والمیزان **حدثنا** سعید بن یعقوب الطالقانی ثنا خالد بن عبد الله الواسطی عن حسین بن قیس عن عکرمة عن ابن عباس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لاصحاب الکیل والمیزان انکم قد ولیتم امرین هلکت فیه الامم السابقة قبلکم هذا حدیث لا نعرفه مرفوعا الا من حدیث الحسین بن قیس وحسین بن قیس یضعف فی الحدیث وقد روی هذا باسناد صحیح موقوفا عن ابن عباس **باب** ماجاء فی بیع من یزید **حدثنا** حمید بن مسعدة ثنا عبید الله بن شمیط بن عجلان ثنا الاخضر بن عجلان عن عبد الله الحنفی عن انس بن مالک ان رسول الله صلی الله علیه وسلم باع حلسا وقدحا وقال من یشتری هذا الحلس والقدح فقال رجل اخذتهما بدرهم فقال النبی صلی الله علیه وسلم من یزید علی درهم من یزید علی درهم

کہا محمد نے اور خبر دی ہمکو معاذ بن ہشام نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے باپ میرے نے قتادہ سے اُسنے انس سے کہ گیا مین پاس رسول اللہ صلعم کے مع روٹی جو اور چربی بدبودار کے اور تحقیق گرو رکھی تھی آپ نے زرہ اپنی پاس یہودی کے بدلے بیس صاع طعام کے کہ لیا تھا اُسکو اپنے گھر والون کے لیے اور سنا مین نے آپ سے ایک دن فرماتے تھے کہ نہین شام کی نزدیک آل محمد کے ایک صاع کھجور نے اور نہ ایک صاع دانے تھے اور تحقیق نزدیک آپکے اُسدن نو عورتین تھین یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** شرطون کے لکھنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عباد بن لیث بزاز نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد المجید بن وہب نے کہا کہ کہا مجکو عداء بن خالد بن ہوذہ نے کہ کیا نہ پڑھون مین تمپر وہ خط کہ لکھا تھا اُسکو واسطے میرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مین نے کہا کیون نہین پس نکالا اُسنے واسطے میرے ایک خط (جسکا مضمون یہ تھا کہ) یہ وہ خط ہے کہ خریدا عداء بن خالد بن ہوذہ نے محمد اللہ کے رسول صلے اللہ علیہ وسلم سے ایک غلام یا لونڈی کہ نہین بیماری اور نہین بدی[1] اُسمین اور نہ کوئی فریب مانند خریدنے مسلمان کے مسلمان سے یہ حدیث حسن غریب ہے نہین پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث عباد بن لیث سے اور تحقیق روایت کی ہے اُس سے یہ حدیث بہت اہل حدیث نے **باب** ناپنے اور وزن کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے سعید بن یعقوب طالقانی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن عبد اللہ واسطی نے حسین بن قیس سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا واسطے ناپنے والون اور تولنے والون کے کہ تحقیق تم والی کیے گئے ہو دو کامون کے (یعنے ناپنے اور تولنے کے) کہ ہلاک ہوئین اُسمین امتین[2] اگلی یہ حدیث ہے کہ مرفوع نہین جانتے ہم اُسکو مگر حدیث حسین بن قیس سے اور حسین بن قیس[3] ضعیف کیا جاتا ہے حدیث مین اور تحقیق روایت کی گئی یہ حدیث ساتھ اسناد صحیح کے ابن عباس سے موقوف **باب** نیلام کرنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن شمیط بن عجلان نے اخضر بن عجلان سے اُسنے عبد اللہ حنفی سے اُسنے انس بن مالک سے کہ تحقیق حضرت صلعم نے بیچا ٹاٹ اور پیالہ (یعنے ارادہ کیا اُنکے بیچنے کا) سو فرمایا کون خریدتا ہے اس ٹاٹ اور پیالہ کو سو کہا ایک شخص نے لیتا ہون مین ان دونون کو بدلے ایک درہم کے سو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کون ہے کہ زیادہ دے ایک درہم سے کون ہے کہ زیادہ دے ایک درہم سے

[1] یعنی جنون اور جذام وغیرہ اور بدی سے مراد معصیت ہے مانند چور ہونے اور بھگوڑا ہونے غلام کے حاصل یہ ہے کہ یہ غلام اچھا ہے عیب دار نہین اور اس بیع مین طرفین سے دغا فریب نہین ہوا ۱۲ م

[2] یعنی شعیب علیہ السلام وغیرہ کی قوم کہ لیتے تھے لوگون سے پورا اور دیتے تھے کم حاصل یہ کہ تم ناپ اور تول مین کم مت کرو ۱۲

[3] واضح ہو کہ حسین بن قیس کو ترمذی نے ضعیف لکھا ہے اور صاحب تقریب التہذیب نے انکے ترجمہ مین لکھا ہے کہ حسین بن قیس الرحبی ابوعلی الواسطی لقب انکا حنش بفتح حاء حطی و نون و شین معجمہ سے چھٹے طبقہ سے ہین متروک ہین ۱۲ اسلیم اللہ عنہ مرفوع وہ ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا قول یا فعل یا تقریر آپ سے ثابت ہوا ہو ۱۲

فاعطاه رجل درهمين فباعهما منه هذا حديث حسن لانعرفه الا من حديث الاخضر بن عجلان وعبد الله الحنفي الذي روى عن انس هو ابو بكر الحنفي والعمل على هذا عند بعض اهل العلم لم يروا باسا ببيع من يزيد في الغنائم والمواريث وقد روى هذا الحديث المعتمر بن سليمان وغير واحد من اهل الحديث عن الاخضر بن عجلان **باب** ما جاء في بيع المدبر **حدثنا** ابن ابي عمر ثنا سفيان بن عيينة عن عمرو بن دينار عن جابر ان رجلا من الانصار دبر غلاما له فمات ولم يترك مالا غيره فباعه النبي صلى الله عليه وسلم فاشتراه ابو نعيم بن النحام قال جابر عبدا قبطيا مات عام الاول في امارة ابن الزبير هذا حديث حسن صحيح وقد روى من غير وجه عن جابر بن عبد الله والعمل على هذا الحديث عند بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم ولم يروا باسا ببيع المدبر وهو قول الشافعي واحمد واسحاق وكره قوم من اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم بيع المدبر وهو قول سفيان الثوري ومالك والاوزاعي **باب** ما جاء في كراهية تلقي البيوع **حدثنا** هناد ثنا ابن المبارك ثنا سليمان التيمي عن ابي عثمان عن ابن مسعود عن النبي صلى الله عليه وسلم انه نهى عن تلقي البيوع وفي الباب عن علي وابن عباس وابي هريرة وابي سعيد وابن عمر ورجل من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم **حدثنا** سلمة بن شبيب ثنا عبد الله بن جعفر الرقي ثنا عبيد الله بن عمرو الرقي عن ايوب عن محمد بن سيرين عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى ان يتلقى الجلب فان تلقاه انسان فابتاعه فصاحب السلعة فيها بالخيار اذا ورد السوق هذا حديث حسن غريب من حديث ايوب وحديث ابن مسعود حديث حسن صحيح وقد كره قوم من اهل العلم تلقي البيوع وهو ضرب من الخديعة وهو قول الشافعي وغيره من اصحابنا **باب** ما جاء لا يبيع حاضر لباد **حدثنا**

پس دیئے آپ کو ایک شخص نے دو درہم پس بیچا اُن دونوں چیزوں کو نبی صلعم نے اُس شخص کے ہاتھ۔ یہ حدیث حسن ہے نہیں جانتے ہم اُسکو مگر حدیث اخضر بن عجلان سے اور عبد اللہ حنفی جسنے انس سے روایت کی وہ ابو بکر حنفی ہے اور عمل اسیر ہے نزدیک بعض اہل علم کے کہ نہیں دیکھتے کچھ ڈر ساتھ نیلام کے لوٹ اور ورثہ کے مال میں اور تحقیق روایت کی یہ حدیث معتمر بن سلیمان اور کئی ایک اہل حدیث نے اخضر بن عجلان سے **باب** غلام مدبر کے بیچنے کا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے عمرو بن دینار سے اُسنے جابر سے کہ ایک مرد انصار نے اپنے غلام کو مدبر کیا یعنی (اُسکو لکھ دیا کہ تو میرے مرنے کے بعد آزاد ہے) سو مر گیا وہ شخص اور نہ چھوڑا مال سوا اُسکے کچھ سو بیچا اُسکو حضرت صلعم نے اور خرید اُسکو ابو نعیم بن نحام نے جابر نے کہا کہ وہ غلام قبطی تھا مرا پہلے سال خلافت ابن زبیر کے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی گئی کئی وجہ پر جابر بن عبد اللہ سے اور عمل اس حدیث پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ مدبر غلام کے بیچنے میں کوئی مضائقہ نہیں اور یہی ہے قول شافعی رحمہ اللہ اور احمد اور اسحاق کا۔ اور بعض اہل علم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ مدبر غلام کو بیچنا مکروہ ہے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور مالک اور اوزاعی کا **باب** غلہ کے لانے والے قافلے کو آگے سے جا کر ملنا مکروہ ہے **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان تیمی نے ابی عثمان سے اُسنے روایت کی ابن مسعود سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا آگے جا ملنے قافلے کے سے اور اس باب میں علی اور ابن عباس اور ابی ہریرہ اور ابی سعید اور ابن عمر اور ایک مرد اصحاب نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی روایت آئی ہے **حدیث** بیان کی ہمسے سلمہ بن شبیب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن جعفر رقی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن عمرو رقی نے ایوب سے اُسنے روایت کی محمد بن سیرین سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا آگے جا ملنے قافلے کے سے پس اگر ملا اُس سے کوئی آدمی اور خریدا اُس سے سو اسباب والا اسمیں مختار ہے جبکہ آوے بازار میں یہ حدیث حسن غریب ہے حدیث ایوب سے اور ابن مسعود کی حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق مکروہ رکھا ہے ایک جماعت اہل علم نے آگے جا ملنے قافلے سے اور وہ ایک قسم ہے فریب سے اور یہی قول شافعی وغیرہ کا ہے اصحاب ہمارے سے **باب** نہ بیچے شہری واسطے جنگلی کے **حدیث** بیان کی ہمسے

۱۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مدبر غلام کی بیع جائز ہے اور یہی ہے قول امام شافعی اور احمد کا۔ اور امام ابو حنیفہ اور مالک کہتے ہیں کہ مدبر کی بیع درست نہیں ۱۲ ع ۲۔ یعنی اگر خبر سنو کہ ایک قافلہ غلہ وغیرہ لایا ہے تو نہ جا ملو اُنسے سستا خریدنے کے لیے پہلے اسکے کہ آویں شہر اور بازار میں اور نرخ معلوم کریں بازار کا اور اس سے منع اسواسطے فرمایا کہ اسمیں فریب دینا اور ضرر پہونچانا ہے بیچنے والے کو یا عام مخلوق کو کہ وہ شہر میں آکر بہ نسبت شہر والوں کے سستا اناج بیچیں گے ۱۲ ع ۳۔ یعنی ایک گنوار غلہ وغیرہ شہر میں لایا اس ارادے

قتیبۃ واحمد بن منیع قالا ثنا سفیان بن عیینۃ عن الزہری عن سعید بن المسیب عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وقال قتیبۃ یبلغ بہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یبیع حاضر لباد وفی الباب عن طلحۃ وانس وجابر وابن عباس وحکیم بن ابی یزید عن ابیہ وعمرو بن عوف المزنی جد کثیر بن عبد اللہ ورجل من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** نصر بن علی واحمد بن منیع قالا ثنا سفیان بن عیینۃ عن ابی الزبیر عن جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یبیع حاضر لباد دعوا الناس یرزق اللہ بعضہم من بعض حدیث ابی ہریرۃ حدیث حسن صحیح وحدیث جابر فی ہذا ہو حدیث حسن صحیح ایضا والعمل علی ہذا الحدیث عند بعض اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہم کرہوا ان یبیع حاضر لباد ورخص بعضہم فی ان یشتری حاضر لباد وقال الشافعی یکرہ ان یبیع حاضر لباد وان باع فالبیع جائز **باب** ماجاء فی النہی عن المحاقلۃ والمزابنۃ **حدثنا** قتیبۃ ثنا یعقوب بن عبد الرحمن عن سہیل بن ابی صالح عن ابیہ عن ابی ہریرۃ قال نہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن المحاقلۃ والمزابنۃ وفی الباب عن ابن عمر وابن عباس وزید بن ثابت وسعد وجابر ورافع بن خدیج وابی سعید حدیث ابی ہریرۃ حدیث حسن صحیح والمحاقلۃ بیع الزرع بالحنطۃ والمزابنۃ بیع الثمر علی رؤس النخل بالتمر والعمل علی ہذا عند اہل العلم کرہوا بیع المحاقلۃ والمزابنۃ **حدثنا** قتیبۃ ثنا مالک بن انس عن عبد اللہ بن یزید ان زیدا ابا عیاش سال سعدا عن البیضاء بالسلت فقال ایہما افضل قال البیضاء فنہی عن ذلک وقال سعد سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسال عن اشتراء التمر بالرطب فقال لمن حولہ اینقص الرطب اذا یبس قالوا نعم فنہی عن ذلک **حدثنا** ہناد ثنا وکیع عن مالک عن عبد اللہ بن یزید عن زید ابی عیاش

قتیبہ اور احمد بن منیع نے اُن دونوں نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے زہری سے اُسنے سعید ابن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور قتیبہ نے کہا کہ وہ اسکو نبی صلعم تک پہونچاتے تھے کہ آپ نے فرمایا کہ نہ بیچے شہری واسطے جنگلی کے اور اس باب مین طلحہ اور انس اور جابر اور ابن عباس اور حکیم بن ابی یزید اُسنے اپنے باپ سے اور عمرو بن عوف مزنی کثیر بن عبد اللہ کے دادا اور ایک مرد صحابی سے بھی روایت ہو حدیث کی ہمسے نصر بن علی اور احمد بن منیع نے اُنھون نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے ابی زبیر سے اُسنے جابر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ بیچے شہری واسطے جنگلی کے چھوڑ دو لوگون کو کہ روزی دے اللہ بعض اُنکے کو بعض سے ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہو اور جابر کی حدیث بھی اسمین حسن صحیح ہو اور عمل اسی حدیث پر ہی نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہین مکروہ ہو کہ بیچے شہری واسطے جنگلی کے اور بعضے کہتے ہین کہ شہری کا جنگلی کے واسطے بیچنا جائز ہے اور امام شافعی کہتے ہین کہ مکروہ ہو یہ کہ بیچے شہری واسطے جنگلی کے اور اگر بیچے تو بیع جائز ہے **باب** بیع محاقلت اور مزابنت کے منع ہونے کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یعقوب بن عبد الرحمن نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ منع فرمایا نبی صلعم نے بیع محاقلت اور مزابنت سے اور اس باب مین ابن عباس اور ابن عمر اور زید بن ثابت اور سعد اور جابر اور رافع بن خدیج اور ابی سعید سے بھی روایت ہو اور ابی ہریرہ رضہ کی حدیث حسن صحیح ہے کہ محاقلت یہ ہو کہ بیچے آدمی کھیتی کو بدلے گیہون کے اور مزابنت یہ ہو کہ بیچے کھجور کو درختون پر بدلے کھجور کے کہ زمین پر ہو اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے کہتے ہین کہ بیع محاقلت اور مزابنت مکروہ ہو **حدیث** بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے عبد اللہ بن یزید سے کہ تحقیق زید ابو عیاش نے پوچھا سعد کو حکم گیہون سے کہ لیجاوے بدلے جو کے فرمایا کون اُن دونون کا افضل ہے اسنے کہا گیہون سو منع فرمایا آپ نے اُس سے اور کہا سعد نے سُنا مین نے نبی صلعم کو کہ پوچھے گئے خریدنے خشک کھجور سے بدلے کھجور تر کے سو نبی صلعم نے اپنے گرد والون سے پوچھا کہ کیا کم ہو جاتی ہو تازی کھجور جبکہ خشک ہو لوگون نے کہا ہان سو منع فرمایا آپ نے اُس سے **حدیث** بیان کی ہمسے ہناد نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے مالک سے اُسنے عبد اللہ بن یزید سے اُسنے زید ابی عیاش سے

ف مزابنت عام ہے کہ استعمال اسکا میوون مین آتا ہے اور کھیتی مین بھی آتا ہے اور محاقلت کا استعمال صرف کھیتی ہی مین آتا ہے اور بعضے محاقلت زمین کرایہ دینے کو کہتے ہین بدلے گیہون کے اور بعضے مزارعۃ کو کہتے ہین ساتھ حصہ معلوم کے اور یہ منع اسواسطے ہو کہ یہ کیل سے ہے اور کیل مین جب کہ ایک جنس ہو تو برابر ہونا اور دست بدست ہونا ضرور ہو اور یہ دست بدست نہین اور اسکا اندازہ بھی مجہول ہے اس سے منع اسواسطے کیا کہ یہ دونون برابر نہین ہونے کے پس بیاج لازم آویگا اور یہی ہے مذہب امام شافعی اور مالک اور احمد اور ابو یوسف اور محمد اور اکثر علماء کا۔ اور امام ابو حنیفہ کہتے ہین کہ یہ بیع جائز ہے جبکہ پیمانہ مین برابر ہون

قال سألنا سعداً فذكر نحوه هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اهل العلم وهو قول الشافعي واصحابنا **باب** ما جاء في كراهية بيع الثمرة قبل ان يبدو صلاحها **حدثنا** احمد بن منيع ثنا اسماعيل بن ابراهيم عن ايوب عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن بيع النخل حتى يزهو وبهذا الاسناد ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن بيع السنبل حتى يبيض ويأمن العاهة نهى البائع والمشتري وفي الباب عن انس وعائشة وابي هريرة وابن عباس وجابر وابي سعيد وزيد بن ثابت حديث ابن عمر حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم كرهوا بيع الثمار قبل ان يبدو صلاحها وهو قول الشافعي واحمد واسحاق **حدثنا** الحسن بن علي الخلال ثنا ابو الوليد وعفان وسليمان بن حرب قالوا ثنا حماد بن سلمة عن حميد عن انس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نهى عن بيع العنب حتى يسود ومن بيع الحب حتى يشتد هذا حديث حسن غريب لا نعرفه مرفوعا الا من حديث حماد بن سلمة **باب** ما جاء في النهي عن بيع حبل الحبلة **حدثنا** قتيبة ثنا حماد بن زيد عن ايوب عن نافع عن ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم نهى عن بيع حبل الحبلة وفي الباب عن عبد الله بن عباس وابي سعيد الخدري حديث ابن عمر حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اهل العلم وحبل الحبلة نتاج النتاج وهو بيع مفسوخ عند اهل العلم وهو من بيوع الغرر وقد روى شعبة هذا الحديث عن ايوب عن سعيد بن جبير عن ابن عباس وروى عبد الوهاب الثقفي وغيره عن ايوب عن سعيد بن جبير ونافع عن ابن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم وهذا اصح **باب** ما جاء في كراهية بيع الغرر **حدثنا** ابو كريب ثنا ابو اسامة عن عبيد الله بن عمر عن

کہا کہ پوچھا ہمنے سعد کو پس ذکر کیا مثل اُسکے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے اور یہی ہے قول شافعی اور اصحاب ہمارے کا **باب** پختگی ظاہر ہونے سے پہلے پھل کھجوروں کا بیچنا منع ہے حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم نے ایوب سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے بیچنے پھل کھجوروں سے منع فرمایا ہے یہاں تک کہ خوشرنگ ہوں اور ساتھ اسی اسناد کے ہے کہ نبی صلعم نے منع فرمایا بیچنے خوشہ کھیتی کے سے یہانتک کہ پختہ ہو اور امن میں[1] ہو آفت سے منع فرمایا بیچنے والے کو اور خریدنے والے کو اسی چیز و نمیں اس باب میں انس اور عائشہ اور ابی ہریرہ اور ابن عباس اور جابر اور ابی سعید اور زید سے بھی روایت ہے اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ پھل کو پختگی ظاہر ہونے سے پہلے بیچنا منع ہے۔ اور یہی قول شافعی اور احمد اور اسحاق کا حدیث کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو الولید اور عفان اور سلیمان بن حرب نے اُنھوں نے کہا حدیث کی ہمسے حماد ابن سلمہ نے حمید سے اُسنے انس سے کہ تحقیق نبی صلعم نے منع فرمایا انگور کے بیچنے کو یہانتک کہ سیاہ ہو یعنی پک جاوے اور منع کیا بیچنے غلہ سے یہانتک کہ سخت ہو جاوے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں جانتے ہم اُسکو مرفوع مگر حدیث حماد بن سلمہ سے **باب** حمل کا حمل بیچنا[2] منع ہے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ منع فرمایا نبی صلعم نے بیچنے حمل حمل کے سے اور اس باب میں ابن عباس اور ابی سعید خدری سے بھی روایت ہے اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے (حبل الحبلہ بچے کا بچہ ہے اور وہ بیع باطل ہے نزدیک اہل علم کے) اور وہ بیع فریب سے ہے اور روایت کی شعبہ نے اس حدیث کو ایوب سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے اور روایت کی عبد الوہاب ثقفی وغیرہ نے ایوب سے اُسنے سعید بن جبیر اور نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور یہ زیادہ تر صحیح ہے **باب** مجہول شئی کی بیع مکروہ ہے حدیث کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسامہ نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے

[1] یعنے ایک اونٹنی کے پیٹ میں بچہ ہے ایک شخص نے بیع کی کہ اگر اسکے یہاں اونٹنی پیدا ہوگی اور وہ بچہ دیگی اُس بچہ کو میں نے بیچا۔ یہ بیع منع اسواسطے ہے کہ بیع معدوم کی ہے کہ ابھی پیدا نہیں ہوا۔ اور اگر پیٹ کے بچہ کو بیچے تو اُسکا بھی یہی حکم ہے۔ اور بعضے کہتے ہیں کہ مراد حمل حبل کی بیع سے یہ ہے کہ بیچے ساتھ تاخیر مول کے یعنے مول اسوقت دونگا جب کہ بچہ دیوے وہ بچہ کہ اب اونٹنی کے پیٹ میں ہے [2]- آفت سے امن میں ہو۔ مطلب یہ ہے کہ وہ بیع ایسی ہو کہ اگر اسی روز آفت آوے اور گر جاوے تو قیمت اسکی ضائع نہ جاوے مثلاً درخت انبہ کا ایک شخص نے درخت انبہ کا خریدا اور اسی روز آفت سماوی سے پھل گر گیا اور وہ کیریاں بالکل ضائع گئیں تو ایسی صورت میں یہ بیع جائز نہ ہوگی واللہ اعلم ۱۲ اسلیم اللہ

ابی الزناد عن الاعرج عن ابی هریرة قال نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن بیع الغرر وبیع الحصاة وفی الباب عن ابن عمر و
ابن عباس وابی سعید وانس حدیث ابی هریرة حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا الحدیث عند اهل العلم کرهوا بیع الغرر قال
الشافعی ومن بیع الغرر بیع السمك فی الماء وبیع العبد الآبق وبیع الطیر فی السماء ونحو ذلك من البیوع ومعنی بیع الحصاة ان
یقول البائع للمشتری اذا نبذت الیك بالحصاة فقد وجب البیع فیما بینی وبینك وهو یشبه بیع المنابذة وکان هذا من
بیوع اهل الجاهلیة **باب** ماجاء فی النهی عن بیعتین فی بیعة **حدثنا** هناد ثنا عبدة بن سلیمان عن محمد بن عمرو عن ابی سلمة
عن ابی هریرة قال نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن بیعتین فی بیعة وفی الباب عن عبد الله بن عمرو وابن عمر وابن مسعود
حدیث ابی هریرة حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اهل العلم وقد فسر بعض اهل العلم قالوا بیعتین فی بیعة ان یقول ابیعك
هذا الثوب بنقد بعشرة وبنسیئة بعشرین ولا یفارقه علی احد البیعین فاذا فارقه علی احدهما فلا باس اذا کانت العقدة علی
واحد منهما قال الشافعی ومن معنی ما نهی النبی صلی الله علیه وسلم عن بیعتین فی بیعة ان یقول ابیعك داری هذه بکذا علی ان تبیعنی
غلامك بکذا فاذا وجب لی غلامك وجبت لك داری وهذا تفارق عن بیع بغیر ثمن معلوم ولا یدری کل واحد منهما علی ما
وقعت علیه صفقته **باب** ماجاء فی کراهیة بیع ما لیس عنده **حدثنا** قتیبة ثنا هشیم عن ابی بشر عن یوسف بن ماهك
عن حکیم بن حزام قال سألت رسول الله صلی الله علیه وسلم فقلت یاتینی الرجل فیسألنی من البیع ما لیس عندی ابتاع له من السوق ثم ابیعه قال

ابی زناد سے اُسنے اعرج[۱] سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیع غرر[۱] اور بیع کنکر پھینکنے کو اور اس باب میں
ابن عمر اور ابن عباس اور ابی سعید اور انس سے بھی روایت ہے اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی حدیث پر ہے نزدیک اہل
علم کے کہتے ہیں کہ بیع غرر کی مکروہ ہے امام شافعی نے کہا اور بیع غرر سے بیچنا مچھلی کا ہے پانی میں اور بیچنا غلام بھاگے ہوئے کا اور بیچنا چڑیا
اڑتی کا ہے اور مثل اسکے جو بیع ہو۔ اور معنے بیع حصاۃ کے یہ ہیں کہ بیچنے والا مول لینے والے کو کہے کہ جب میں تیری طرف کنکر پھینکوں
تو واجب ہو گی بیع بیچ اس چیز کے کہ ہے درمیان میرے اور درمیان تیرے اور وہ بیع مانند منابذہ کے ہے اور یہ بیع جاہلیت کی ہے **باب**
ایک بیع میں دو بیعوں کا کرنا منع ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ بن سلیمان نے محمد بن عمرو سے اُسنے ابی سلمہ
سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ منع فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو بیعوں سے بیچ ایک بیع کے یعنی ایک عقد میں اور اس باب میں عبد اللہ بن عمرو
اور ابن عمر اور ابن مسعود سے بھی روایت ہے اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے اور اسکی تفسیر میں بعض اہل
علم نے کہا ہے کہ دو بیعوں کا ایک بیع میں ہونا یہ ہے کہ کہے ایک شخص مثلاً کہ بیچا میں نے یہ کپڑا تیرے ہاتھ دس روپیے نقد پر اور بیس روپیے
اودھار پر اور نہ جدا ہووے اُس سے اوپر ایک دو بیعوں کے اور جبکہ جدا ہو اُس سے اوپر ایک اُن دونوں کے تو ہیں ہے کچھ ڈر جبکہ واقع ہو
عقد اوپر ایک کے اُن دونوں میں سے اور کہا شافعی نے کہ معنے اس بیع ممنوع کے یہ ہیں کہ ایک شخص کہے کہ بیچا ہوں تیرے ہاتھ یہ گھر اپنا بدلے
اتنے روپیوں کے اس شرط پر کہ بیچے تو میرے ہاتھ غلام اپنا بدلے اتنے روپیے کے موجب واجب ہو گا واسطے میرے غلام تیرا تو واجب ہو گا
واسطے تیرے گھر میرا اور یہ جدا ہوتا ہے بیع سے بغیر مول کے اور نہیں جانتا ہر ایک اُن دونوں میں سے کہ کس چیز پر واقع ہوا عقد اُسکا **باب** جو چیز
کہ اپنے پاس نہو اُسکا بیچنا منع ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے ابی بشر سے اسنے یوسف بن ماہک سے اُسنے
حکیم بن حزام سے کہا کہ پوچھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آتا ہے میرے پاس ایک مرد پس سوال کرتا ہے مجھسے بیچنا اُس چیز کا کہ نہیں
نزدیک میرے کیا خریدوں میں واسطے اُسکے بازار سے پھر بیچوں میں اُسکے ہاتھ فرمایا

[۱] بیع غرر یہ ہے کہ مبیع مجہول ہو یا بیچنے والے کی قدرت میں نہو جیسے مچھلی دریا میں اور جانور ہوا وغیرہ میں بیچنا ۱۲ [۲] اور بعضوں نے اسکی صورت یہ لکھی ہے کہ مول
لینے والا بیچنے والے کو کہے کہ جب میں تیری چیز پر کنکر پھینکوں تو واجب ہو گی بیع یا بائع مشتری کو کہے کہ بیچا میں نے تیرے ہاتھ اسباب میں سے وہ چیز کہ پڑے
اُسپر کنکری تیری جب کہ پھینکے تو اُسکو ۱۲ ع [۳] اور بعضوں نے اسکی یہ تفسیر کی ہے کہ مثلاً کسی سے کہ بیچا میں نے تیرے ہاتھ اپنا غلام بدلے ہزار روپیے کے
بشرطیکہ بیچے تو میرے ہاتھ غلام اپنا بعوض سو روپیے کے یہ درست نہیں ہے [۱] اعرج۔ آپ عبد الرحمن بن ہرمز اعرج ابو داؤد مدنی ہیں مولیٰ ربیعہ بن حارث کے ثقہ
ثبت عالم ہیں۔ وفات آپ کی ۱۱۷ہجری میں ہوئی ہے ۱۲ سلیم لعفر

ان تبیع ما لیس عندک **حدثنا** قتیبۃ ثنا حماد بن زید عن ایوب عن یوسف بن ماھک عن حکیم بن حزام قال نھانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان ابیع ما لیس عندی ھذا حدیث حسن وفی الباب عن عبد اللہ بن عمرو **حدثنا** احمد بن منیع ثنا اسمعیل بن ابراھیم ثنا ایوب ثنا عمرو بن شعیب قال ثنی ابی عن ابیہ حتی ذکر عبد اللہ بن عمرو ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یحل سلف وبیع ولا شرطان فی بیع ولا ربح ما لم یضمن ولا بیع ما لیس عندک وھذا حدیث حسن صحیح قال اسحاق بن منصور قلت لاحمد ما معنی نھی عن سلف وبیع قال ان یکون یقرضہ قرضا ثم یبایعہ بیعا یزداد علیہ ویحتمل ان یکون یسلف الیہ فی شیء فیقول ان لم یتھیأ عندک فھو بیع علیک قال اسحاق کما قال قلت لاحمد وعن بیع ما لم تضمن قال لا یکون عندی الا فی الطعام یعنی ما لم تقبض قال اسحاق کما قال فی کل ما یکال ویوزن قال احمد واذا قال ابیعک ھذا الثوب وعلی خیاطتہ وقصارتہ فھذا من نحو شرطین فی بیع واذا قال ابیعکہ وعلی خیاطتہ فلا باس بہ او قال ابیعکہ وعلی قصارتہ فلا باس بہ انما ھذا شرط واحد قال اسحاق کما قال حدیث حکیم بن حزام حدیث حسن وقد روی من غیر وجہ وروی ایوب السختیانی وابو بشر عن یوسف بن ماھک عن حکیم ابن حزام وروی ھذا الحدیث عوف وھشام بن حسان عن ابن سیرین عن حکیم بن حزام عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھذا حدیث مرسل انما رواہ ابن سیرین عن ایوب السختیانی عن یوسف بن ماھک عن حکیم بن حزام ھکذا **حدثنا** الحسن بن علی الخلال وعبدۃ بن عبد اللہ وغیر واحد قالوا ثنا عبد الصمد بن عبد الوارث عن یزید بن ابراھیم عن ابن سیرین عن ایوب عن یوسف بن ماھک عن حکیم قال نھانی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان ابیع ما لیس عندی وروی وکیع ھذا الحدیث عن یزید بن ابراھیم عن ابن سیرین عن ایوب عن حکیم بن حزام ولم یذکر فیہ عن یوسف بن ماھک وروایۃ عبد الصمد اصح وقد روی یحیی بن ابی کثیر ھذا الحدیث عن یعلی بن حکیم عن یوسف بن ماھک عن عبد اللہ بن عصمۃ عن حکیم بن حزام عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم

نہ بیچ وہ چیز کہ نہیں ہے نزدیک تیرے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے یوسف بن ماہک سے اُسنے حکیم بن حزام سے کہا کہ منع فرمایا مجکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ بیچوں میں وہ چیز کہ نہیں ہو میرے نزدیک یہ حدیث حسن ہے اور اس باب میں عبد اللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ایوب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن شعیب نے اُسنے کہا حدیث کی مجکو باپ میرے نے باپ اپنے سے یہانتک کہ ذکر کیا عبد اللہ بن عمرو کو یہ کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں حلال ہے قرض اور بیع اور نہیں درست ہیں دو شرطین کرنی بیع میں اور نہیں درست نفع اُٹھانا اُس چیز کا کہ نہیں ضمان میں آئی اُسکے اور نہیں درست بیچنا اُس چیز کا کہ نہیں نزدیک تیرے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کہا اسحاق بن منصور نے کہ میں نے احمد سے کہا کہ کیا معنی ہیں منع کرنے کے قرض اور بیع سے اُسنے کہا اسکے معنے یہ ہیں کہ کوئی شخص کسی کو کچھ قرض دے پھر اُسکے ہاتھ کوئی چیز بیچے زیادہ قیمت سے اور احتمال ہے کہ قرض دے اُسکو کوئی چیز اور کہے کہ اگر نہ میسر ہو تجکو تو وہ بیع ہے اوپر تیرے اور اسحاق نے کہا کہ میں نے احمد سے کہا کہ بیع ما لم تضمن کے کیا معنے ہیں کہا نہیں ہوتا نزدیک میرے یہ مگر کھانے میں یعنی جبتک نہ قبض کیا جاوے اور کہا اسحاق نے یہ ہر چیز میں ہے خواہ ناپی جاوے یا تولی جاوے کہا احمد نے اور جبکہ کہے بیچتا ہوں میں تجھسے یہ کپڑا اور مجھپر ہے سینا اُسکا اور دھونا اسکا تو یہ بیع مثل دو شرط والی کے ہے اور جبکہ کہے کہ بیچتا ہوں میں اُسکو تیرے ہاتھ اور مجھپر ہے سینا اُسکا تو کچھ مضائقہ نہیں یا کہے کہ بیچتا ہوں اُسکو تیرے ہاتھ اور مجھپر ہے دھونا اُسکا تو بھی مضائقہ نہیں اسواسطے کہ یہ فقط ایک شرط ہے دو شرطین نہیں کہا اسحاق نے کہ کہا حدیث حکیم بن حزام کی حسن ہے اور تحقیق روایت کی گئی ہے کئی وجہ سے اور روایت کی ایوب سختیانی اور ابو بشر نے یوسف بن ماہک سے اُسنے حکیم بن حزام سے اور روایت کیا اس حدیث کو عوف اور ہشام بن حسان نے ابن سیرین سے اسنے حکیم بن حزام سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور یہ حدیث مرسل ہے سوا اسکے نہیں کہ روایت کیا اُسکو ابن سیرین نے ایوب سختیانی سے اُسنے یوسف بن ماہک سے اُسنے حکیم بن حزام سے ایسی ہی **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال اور عبدۃ بن عبد اللہ اور کئی ایک نے عبد الصمد بن عبد الوارث سے اُسنے یزید بن ابراہیم سے اُسنے ابن سیرین سے اُسنے ایوب سے اُسنے حکیم سے کہا کہ منع فرمایا مجکو نبی صلعم نے یہ کہ بیچوں میں وہ چیز کہ نہیں ہو نزدیک میرے اور روایت کی وکیع نے یہ حدیث یزید بن ابراہیم سے اُسنے ابن سیرین سے اُسنے ایوب سے اُسنے حکیم سے اور نہیں ذکر کیا اُسمین واسطہ یوسف بن ماہک کا اور روایت عبد الصمد کی زیادہ تر صحیح ہے اور تحقیق روایت کی یہ حدیث یحیی بن ابی کثیر نے یعلی بن حکیم سے اُسنے یوسف بن ماہک سے اُسنے عبد اللہ بن عصمہ سے اُسنے حکیم بن حزام سے اُسنے نبی صلعم سے

والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم كرهوا ان يبيع الرجل ما ليس عنده **باب** ما جاء فى كراهية بيع الولاء وهبته **حدثنا** محمد بن بشار ثنا عبد الرحمن بن مهدى ثنا سفيان وشعبة عن عبد الله بن دينار عن ابن عمر ان النبى صلى الله عليه وسلم نهى عن بيع الولاء وعن هبته هذا حديث حسن صحيح لا نعرفه الا من حديث عبد الله بن دينار عن ابن عمر والعمل على هذا الحديث عند اهل العلم وقد روى يحيى بن سليم هذا الحديث عن عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر عن النبى صلى الله عليه وسلم انه نهى عن بيع الولاء وهبته وهو وهم وهم فيه يحيى بن سليم وقد روى عبد الوهاب الثقفى وعبد الله بن نمير وغير واحد عن عبيد الله بن عمر عن عبد الله بن دينار عن ابن عمر عن النبى صلى الله عليه وسلم وهذا اصح من حديث يحيى بن سليم **باب** ما جاء فى كراهية بيع الحيوان بالحيوان نسيئة **حدثنا** محمد بن المثنى ابو موسى ثنا عبد الرحمن بن مهدى عن حماد بن سلمة عن قتادة عن الحسن عن سمرة ان النبى صلى الله عليه وسلم نهى عن بيع الحيوان بالحيوان نسيئة وفى الباب عن ابن عباس وجابر وابن عمر حديث سمرة حديث حسن صحيح وسماع الحسن من سمرة صحيح هكذا قال على بن المدينى وغيره والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم من اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم وغيرهم فى بيع الحيوان بالحيوان نسيئة وهو قول سفيان الثورى واهل الكوفة وبه يقول احمد وقد رخص بعض اهل العلم من اصحاب النبى صلى الله عليه وسلم وغيرهم فى بيع الحيوان بالحيوان نسيئة وهو قول الشافعى واسحاق **حدثنا** ابو عمار الحسين بن الحريث ثنا عبد الله بن نمير عن الحجاج وهو ابن ارطاة عن ابى الزبير عن جابر قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الحيوان اثنين بواحدة لا يصلح نسئا ولا بأس به يدا بيد هذا حديث حسن **باب** ما جاء فى شراء العبد بالعبدين **حدثنا** قتيبة ثنا الليث عن ابى الزبير عن جابر قال جاء عبد فبايع النبى صلى الله عليه وسلم على الهجرة ولا يشعر النبى صلى الله عليه وسلم انه عبد فجاء سيده يريده فقال النبى صلى الله عليه وسلم بعنيه فاشتراه بعبدين اسودين ثم لم يبايع احدا

اور عمل اسی پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے مکروہ رکھا ہے انھوں نے یہ کہ بیچے آدمی وہ چیز کہ نہیں ہے نزدیک اُسکے **باب** ولا[1] کو بیچنا اور ہبہ کرنا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان اور شعبہ نے عبد اللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے کہ منع فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ولاء کے بیچنے سے اور اُسکے ہبہ کرنے سے یہ حدیث حسن صحیح ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث عبد اللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے اور تحقیق روایت کی یحیی بن سلیم نے یہ حدیث عبید اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ نبی صلعم نے منع فرمایا ولاء کے بیچنے سے اور اسکے ہبہ کرنے سے اور وہ وہم ہے وہم کیا اُسمیں یحیی بن سلیم نے اور تحقیق روایت کی عبد الوہاب ثقفی اور عبد اللہ بن نمیر وغیرہ نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے عبد اللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور یہ زیادہ صحیح ہے حدیث یحیی بن سلیم سے **باب** جانور کو بدلے جانور کے بیچنا اُدھار پر مکروہ ہے **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن مثنی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے حماد بن مسلمہ سے اُسنے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے سمرہ سے کہ منع فرمایا نبی صلعم نے جانور کو بدلے جانور کے اُدھار بیچنے سے اور اس باب میں ابن عباس اور جابر اور ابن عمر سے بھی روایت ہے اور سمرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور سماع حسن کا سمرہ سے صحیح ہے اسی طرح کہا علی بن مدینی وغیرہ نے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے جانور کو بدلے جانور کے اُدھار بیچنے میں اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا اور ساتھ اسی کے قائل ہے احمد اور بعض اہل علم نبی صلعم کے اصحاب سے حیوان کو بدلے حیوان کے ادھار بیچنے میں رخصت دی ہے۔ یہ قول شافعی اور اسحاق کا ہے **حدیث** کی ہمسے ابو عمار حسین بن حریث نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن نمیر نے حجاج بن ارطاۃ سے اُسنے ابی زبیر سے اُسنے جابر سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ بیع دو حیوان کی بدلے ایک کے بطریق اُدھار درست نہیں اور دست بدست میں مضائقہ نہیں یہ حدیث حسن ہے۔ **باب** ایک غلام کا بدلے دو غلام کے خریدنے میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابی زبیر سے اُسنے جابر سے کہ ایک غلام آیا اور بیعت کی اُسنے نبی صلعم سے ہجرت پر اور نہ معلوم کیا نبی صلعم نے کہ وہ غلام ہے پس آیا مالک اُسکو ڈھونڈھتا ہوا سو نبی صلعم نے فرمایا کہ بیچ اُسکو میرے ہاتھ سو خریدا اُسکو نبی صلعم نے بدلے دو غلام حبشی کے پھر نہ بیعت کرتے تھے آپ کسی سے

---

[1] ولا کہتے ہیں حق آزادی کو کہ کوئی شخص اپنے غلام کو آزاد کرے اور غلام آزاد مر جاوے اور کچھ مال چھوڑ جاوے تو اُس مال کا وارث آزاد کرنے والا ہوگا۔ جب کوئی کسی

بعد حتی یسالہ اعبدٌ ہو وفی الباب عن انس حدیث جابر حدیث حسن صحیح والعمل علی ہذا عند اہل العلم انہ لا باس بعبد بعبدین ید ابید واختلفوا فیہ اذا کان نسأ **باب** ما جاء ان الحنطۃ بالحنطۃ مثلا بمثل وکراہیۃ التفاضل فیہ **حدثنا** سوید بن نصر ثنا ابن المبارک ثنا سفیان عن خالد الحذاء عن ابی قلابۃ عن ابی الاشعث عن عبادۃ ابن الصامت عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الذہب بالذہب مثلا بمثل والفضۃ بالفضۃ مثلا بمثل والتمر بالتمر مثلا بمثل والبر بالبر مثلا بمثل والملح بالملح مثلا بمثل والشعیر بالشعیر مثلا بمثل فمن زاد او ازداد فقد اربی بیعوا الذہب بالفضۃ کیف شئتم ید ابید وبیعوا البر بالتمر کیف شئتم ید ابید وبیعوا الشعیر بالتمر کیف شئتم ید ابید وفی الباب عن ابی سعید وابی ہریرۃ وبلال حدیث عبادۃ حدیث حسن صحیح وقد روی بعضہم ہذا الحدیث عن خالد بہذا الاسناد وقال بیعوا البر بالشعیر کیف شئتم ید ابید وروی بعضہم ہذا الحدیث عن خالد عن ابی قلابۃ عن ابی الاشعث عن عبادۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم الحدیث وزاد فیہ قال خالد قال ابو قلابۃ بیعوا البر بالشعیر کیف شئتم فذکر والعمل علی ہذا عند اہل العلم لا یرون ان یباع البر بالبر الا مثلا بمثل والشعیر بالشعیر الا مثلا بمثل فاذا اختلف الاصناف فلا باس ان یباع متفاضلا اذا کان ید ابید وہذا قول اکثر اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہم وہو قول سفیان الثوری والشافعی واحمد واسحاق وقال الشافعی والحجۃ فی ذلک قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم بیعوا الشعیر بالبر کیف شئتم ید ابید وقد کرہ قوم من اہل العلم ان یباع الحنطۃ بالشعیر الا مثلا بمثل وہو قول مالک بن انس والقول الاول اصح **باب** ما جاء فی الصرف **حدثنا** احمد بن منیع ثنا حسین بن محمد ثنا شیبان عن یحیی بن ابی کثیر عن نافع قال انطلقت انا وابن عمر الی ابی سعید فحدثنا

یہاں تک کہ پوچھتے تھے کہ وہ غلام تو نہیں ہے۔ اور اس باب میں انس سے بھی روایت ہے اور جابر کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے کہ نہیں ہے کچھ ڈر بیچ خریدنے ایک غلام کے بدلے دو غلاموں کے دست بدست اور جب وعدے سے ہو تو اسمیں اختلاف ہے **باب** گیہوں بدلے گیہوں کے برابر بیچو تو درست ہے اور زیادتی مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے سوید بن نصر نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے خالد حذاء سے اسنے ابی قلابہ سے اسنے ابی اشعث سے اسنے عبادہ بن صامت سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ سونا بدلے سونے کے برابر ساتھ برابر کے اور چاندی بدلے چاندی کے برابر ساتھ برابر کے اور کھجور بدلے کھجور کے برابر ساتھ برابر کے اور گیہوں ساتھ گیہوں کے برابر ساتھ برابر کے اور نمک ساتھ نمک کے برابر ساتھ برابر کے اور جو بدلے جو کے برابر ساتھ برابر کے درست ہے۔ پس جسنے کہ زیادہ دیا یا زیادہ لیا۔ پس اُسنے سود دیا بیچو تم سونے کو بدلے چاندی کے جسطرح کہ چاہو ہاتھوں ہاتھ اور بیچو گیہوں کو بدلے کھجور کے جسطرح چاہو دست بدست اور بیچو تم جو کو بدلے کھجور کے جسطرح چاہو دست بدست یعنی اگر جنس مختلف ہو تو دست بدست کم و بیش لینا درست ہے۔ اور اس باب میں ابی سعید اور ابی ہریرہ اور بلال سے بھی روایت ہے اور عبادہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی یہ حدیث بعض نے خالد سے ساتھ اس سند کے۔ فرمایا کہ بیچو گیہوں کو بدلے جو کے جسطرح چاہو دست بدست اور روایت کی بعض نے یہ حدیث خالد سے اسنے ابی قلابہ سے اُسنے ابی اشعث سے اسنے عبادہ سے اُنہوں نے نبی صلعم سے اور زیادہ کیا اسمیں کہ کہا خالد نے کہا ابو قلابہ نے بیچو گیہوں کو بدلے جو کے جسطرح چاہو اسکے بعد پوری حدیث بیان کی اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے۔ کہتے ہیں کہ نہیں جائز ہے کہ بیچے جاویں گیہوں بدلے گیہوں کے مگر برابر برابر۔ اور جو بدلے جو کے مگر برابر برابر اور جب کہ مختلف ہوں جنسیں تو دست بدست کم و بیش بیچنے میں ہرج نہیں یہ قول اکثر اہل علم کا نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے ہے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا کہا شافعی نے دلیل اسمیں قول حضرت کا ہے کہ بیچو جو کو بدلے گیہوں کے جسطرح چاہو دست بدست اور ایک جماعت اہل علم کہتے ہیں کہ مکروہ ہے یہ کہ بیچا جاوے گیہوں بدلے جو کے مگر برابر ساتھ برابر کے اور یہی ہے قول مالک بن انس کا اور پہلا قول زیادہ صحیح ہے **باب** بیع صرف کا بیان یعنے نقد کو بدلے نقد کے بیچنا **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حسین بن محمد نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے شیبان نے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے نافع سے کہا کہ گیا میں اور ابن عمر پاس ابی سعید کے سو حدیث کی ہمسے یہ کہ

[1] یعنے اسی مجلس میں جدا ہونے یا بیع اور مشتری کے مول کو اور اس چیز کو قبض کر لیں۔ یہ نہیں درست ہے کہ ایک چیز وعدے سے ہو اور ایک نقد موجود ہو ۱۲

[2] حاصل یہ ہے کہ اگر جنس ایک ہو اور قدر بھی ایک ہو تو اسمیں کم و بیش لینا برابر دست بدست درست ہے کم و بیش لینا درست نہیں اور وعدہ کرنا بھی درست نہیں اور اگر جنس مختلف ہو جیسے کہ گیہوں بدلے جو کے تو اسمیں کم و بیش لینا درست ہے مگر وعدہ کرنا درست نہیں جیسے کہ ایک طرف سے موجود ہو اور دوسری طرف سے وعدہ ہو ۱۲

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال سمعت اُذنای ھاتین یقول لا تبیعوا الذھب بالذھب الا مثلا بمثل والفضۃ بالفضۃ الا مثلا بمثل لا یشف بعضہ علی بعض ولا تبیعوا منہ غائبا بناجز وفی الباب عن ابی بکر وعُمر وعثمان وابی ھریرۃ وھشام بن عامر والبراء وزید بن ارقم وفضالۃ بن عبید وابی بکرۃ وابن عمر وابی الدرداء وبلال حدیث ابی سعید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم حدیث حسن صحیح والعمل علی ھذا عند اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم الا ما روی عن ابن عباس انہ کان لا یری باسا ان یباع الذھب بالذھب متفاضلا والفضۃ بالفضۃ متفاضلا اذا کان یدا بید وقال انما الربوا فی النسئۃ وکذلک روی عن بعض اصحابہ شیأ من ھذا وقد روی عن ابن عباس انہ رجع عن قولہ حین حدثہ ابو سعید الخدری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم والقول الاول اصح والعمل علی ھذا عند اھل العلم وھو قول سفیان الثوری وابن المبارک والشافعی واحمد واسحاق وروی عن ابن المبارک انہ قال لیس فی الصرف اختلاف **حدثنا** الحسن بن علی الخلال ثنا یزید بن ھارون ثنا حماد بن سلمۃ عن سماک بن حرب عن سعید بن جُبیر عن ابن عمر قال کنت ابیع الابل بالبقیع فابیعُ بالدنانیر فاخذ مکانہا الورق وابیع بالورق فاخذ مکانہا الدنانیر فاتیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فوجدتہ خارجا من بیت حفصۃ فسالتہ عن ذلک فقال لا باس بہ بالقیمۃ ھذا حدیث لا نعرفہ مرفوعا الا من حدیث سماک بن حرب عن سعید بن جبیر عن ابن عمر وروی داود بن ابی ھند ھذا الحدیث عن سعید بن جبیر عن ابن عمر موقوفا والعمل علی ھذا عند بعض اھل العلم ان لا باس ان یقتضی الذھب من الورق والورق من الذھب وھو قول احمد واسحاق وقد کرہ بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم ذلک **حدثنا** قتیبۃ ثنا اللیث عن ابن شھاب عن مالک بن اوس بن الحدثان انہ قال اقبلتُ اقول من یصطرف الدراھم فقال طلحۃ بن عبید اللہ وھو عند عُمر بن الخطاب ارنا ذھبک ثم ائتنا اذا جاء خادمنا نعطک ورِقَکَ فقال عمر بن الخطاب کلا واللہ لتعطِیَنَّہ ورقہ او لتردَّنَّ الیہ ذھبہ فان رسول اللہ

تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سُنا اسکو ان دونون کانون میرے نے فرماتے تھے کہ نہ بیچو سونا بدلے سونے کے مگر برابر ساتھ برابر کے اور چاندی بدلے چاندی کے مگر برابر ساتھ برابر کے نہ زیادہ کیا جاوے بعض اُسکا بعض پر اور نہ بیچو اُنمین سے غائب کو بدلے حاضر کے یعنی نہ بیچو وعدہ بدلے نقد کے۔ اس باب مین ابی بکر اور عثمان اور ابی ہریرہ اور ہشام بن عامر اور براء اور زید بن ارقم اور فضالہ بن عبید اور ابی بکرہ اور ابن عمر اور ابی درداء اور بلال سے بھی روایت ہے اور ابی سعید کی حدیث نبی صلعم سے حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے مگر ابن عباس سے مروی ہے کہ مضائقہ نہین اگر بیچا جاوے سونا بدلے سونے کے کم وبیش اور چاندی بدلے چاندی کے کم وبیش جبکہ ہو دست بدست۔ اور کہا کہ نہین ہے بیاج مگر وعدے مین اسیطرح روایت کی گئی ہے اس بارہ مین بعض اصحاب انکے سے اور ابن عباس سے مروی ہے کہ اُسنے اپنے قول سے رجوع کیا جبکہ حدیث بیان کی اُس سے ابو سعید نے نبی صلعم سے اور پہلا قول زیادہ صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا اور ابن مبارک سے مروی ہے کہ بیع نقدی مین کچھ اختلاف نہین حدیث بیان کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے سماک بن حرب سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عمر سے کہا تھا مین بیچتا اونٹون کو بقیع مین سو بیچتا تھا مین بدلے دینارون کے سو لیتا مین بدلے اُنکے چاندی اور بیچتا مین اونٹون کو چاندی سے اور لیتا بدلے اُسکے دینارین سو آیا مین پاس نبی صلعم کے سو پایا مین نے آپ کو باہر گھر حفصہ کے سو پوچھا مین نے آپ کو اس سے فرمایا کہ نہین کچھ ڈر اسمین بیچ ساتھ قیمت کے اس حدیث کو نہین جانتے ہم مرفوع مگر حدیث سماک بن حرب سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عمر سے اور روایت کی داؤد ابن ابی ہند نے یہ حدیث سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عمر سے موقوف اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے کہ نہین کچھ ڈر یہ کہ لیا جاوے سونا بدلے چاندی کے اور چاندی بدلے سونے کے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا اور مکروہ رکھا ہے اسکو بعض اہل علم نے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے حدیث بیان کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے اُسنے مالک بن اوس سے کہ سامنے آیا مین اسحالت مین کہ کہتا تھا کون ہے کہ سونے کے بدلے درہم دے سو طلحہ بن عبید اللہ نے کہا اور وہ عمر فاروق کے پاس تھا کہ دکھا ہمکو سونا اپنا پھر آئیو ہمارے پاس جبکہ آوے خادم ہمارا دینگے ہم تجکو چاندی سو عمر رض نے کہا ہرگز نہین قسم اللہ کی یا دے اسکو چاندی اُسکی یا پھیر دے اُسکو سونا اُسکا اسواسطے کہ رسول اللہ

صلی اللہ علیہ وسلم قال الورق بالذھب ربوا الاھاء وھاء والبر بالبر ربوا الاھاء وھاء والشعیر بالشعیر ربوا الاھاء وھاء والتمر بالتمر ربوا الاھاء وھاء ھذا حدیث حسن صحیح والعمل علی ھذا عند اھل العلم ومعنی قولہ الاھاء وھاء یدا بید **باب** ماجاء فی ابتیاع النخل بعد التابیر والعبد ولہ مال **حدثنا** قتیبۃ ثنا اللیث عن ابن شھاب عن سالم عن ابیہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من ابتاع نخلا بعد ان تؤبر فثمرتھا للذی باعھا الا ان یشترط المبتاع ومن ابتاع عبدا ولہ مال فمالہ للذی باعہ الا ان یشترط المبتاع وفی الباب عن جابر حدیث ابن عمر حدیث حسن صحیح ھکذا روی من غیر وجہ عن الزھری عن سالم عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من ابتاع نخلا بعد ان تؤبر فثمرتھا للبائع الا ان یشترط المبتاع ومن باع عبدا ولہ مال فمالہ للبائع الا ان یشترط المبتاع وروی عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من ابتاع نخلا قد ابرت فثمرتھا للبائع الا ان یشترط المبتاع وروی عن نافع عن ابن عمر عن عمر انہ قال من باع عبدا ولہ مال فمالہ للبائع الا ان یشترط المبتاع ھکذا رواہ عبید اللہ بن عمر وغیرہ عن نافع الحدیثین وقد روی بعضھم ھذا الحدیث عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ایضا وروی عکرمۃ بن خالد عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو حدیث سالم والعمل علی ھذا عند بعض اھل العلم وھو قول الشافعی واحمد واسحاق قال محمد وحدیث الزھری عن سالم عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم اصح **باب** ماجاء البیعان بالخیار مالم یتفرقا

نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ چاندی بدلے سونے کے بیاج ہے یعنے وعدے مین مگر دست بدست ہو تو درست ہے اور گیہون بدلے گیہون کے بیاج ہے مگر دست بدست اور جو بدلے جو کے بیاج ہے مگر ہاتھون ہاتھ اور کھجور بدلے کھجور کے بیاج ہے مگر دست بدست یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے اور معنے ہاتھون ہاتھ کے دست بدست ہین **باب** خرید نا کھجورون کا بعد پیوند لگانے کے اور خرید نا غلام کا کہ اسکے پاس مال ہو **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے اُسنے سالم سے اُسنے اپنے باپ سے کہا سُنا مین نے نبی صلعم سے فرماتے تھے جو شخص کہ خریدے درخت کھجور کا بعد پیوند کے[1] تو میوہ اُسکا واسطے بیچنے والے کے ہے مگر یہ کہ شرط کر لیوے خریدنے والا۔ اور جو شخص کہ خریدے غلام اور اُسکے پاس مال ہو تو مال اُسکا واسطے بیچنے والے کے ہے مگر یہ کہ شرط کرے خریدنے والا اور اس باب مین جابر سے بھی روایت ہے اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہے اسیطرح روایت کی گئی ہے کئی وجہ پر زہری سے اُسنے سالم سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلعم سے کہ آپ نے فرمایا کہ جو شخص خریدے درخت کھجور کا بعد پیوند لگانے کے تو میوہ اُسکا واسطے بیچنے والے کے ہے مگر یہ کہ شرط کرے خریدنے والا۔ اور جو شخص کہ بیچے غلام اور اُسکے پاس مال ہو اور مال اُسکا واسطے بیچنے والے کے ہے مگر یہ کہ شرط کر لیوے خریدنے والا اور روایت کی گئی ہے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلعم سے کہ فرمایا آپ نے جو شخص کہ خریدے درخت کھجور کا کہ پیوند کیا گیا ہو تو میوہ اُسکا واسطے بیچنے والے کے ہے مگر یہ کہ شرط کرے خریدنے والا اور روایت کی گئی ہے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے عمر سے کہا جو شخص کہ خریدے غلام اور اُسکے پاس کچھ مال ہو تو مال اُسکا واسطے بیچنے والے کے ہے مگر یہ کہ شرط کرے خریدنے والا۔ اسیطرح روایت کی عبید اللہ بن عمر وغیرہ نے نافع سے دونون حدیثین۔ اور تحقیق روایت کی بعض نے یہ حدیث نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی اور روایت کی عکرمہ بن خالد نے ابن عمر سے اُسنے نبی صلعم سے مثل حدیث سالم کے اور عمل اس حدیث پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور یہی ہے قول امام شافعی اور احمد اور اسحاق کا کہا محمد نے اور حدیث زہری کی سالم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے حضرتؐ سے زیادہ صحیح ہے۔ **باب** بائع اور مشتری کو بیع مین اختیار ہے کہ جب تک جُدے نہون[2]

[1] تابیر اسکو کہتے ہین کہ رکھتے ہون پھول نر کھجور کے بیچ پھول مادہ کھجور کے اور اس سبب سے میوہ زیادہ ہوتا ہے حکم الٰہی سے سو فرمایا کہ جو کوئی بعد تابیر درخت کھجور کا مول لے اور اُسمین میوہ لگا ہو تو بائع کا حق ہے مگر خریدنے والا شرط کر لے یعنے کہے کہ مین نے لیا درخت کھجور کا ساتھ اس پھل کے تو وہ حق خریدنے والے کا ہے۔ اور جو درخت کہ بغیر تابیر کے ہو اُسمین یہ شرط کرنے کی کچھ ضرورت نہین بلکہ ہر صورت مین وہ میوہ خریدنے والے کا ہوگا۔ اور یہی ہے قول امام شافعی اور مالک اور احمد کا۔ اور امام ابو حنیفہ کہتے ہین کہ اسمین پھل کی شرط کر لی ضرور ہے [2] خیار اسم ہے اختیار سے اور معنی اسکے ہین دو امرون مین سے اچھا امر طلب کرنا یا جائز رکھنا بیع کا یا فسخ کرنا اسکا اور اختیار بیع مین کئی قسم پر ہے خیار شرط اور خیار عیب اور خیار رویت اور خیار تعیین اور معنی اور احکام انکے فقہ مین مذکور ہین اور مراد یہان خیار سے خیار مجلس ہے کہ وہ جدا ہوا ہے تعریف اور وہ یہ ہے کہ جب عقد تمام ہوا ساتھ ہونے ایجاب اور قبول کے تو ہر ایک بائع اور مشتری کو اختیار باقی رہتا ہے جب تک کہ مجلس مین بیٹھے رہین اور جب اُٹھ کھڑے ہوں تو اختیار جاتا رہتا ہے اور اس اختیار کے اختلاف ہے امام شافعی اور احمد وغیرہ بعض امام کہتے ہین کہ مراد اس سے اختیار مجلس ہے کہ جب تک دونون ایک مجلس مین بیٹھے رہین تب تک اختیار باقی رہتا ہے اور امام ابو حنیفہ وغیرہ اہل علم کہتے ہین کہ

حدثنا واصل بن عبد الاعلی الکوفی ثنا محمد بن فضیل عن یحیی بن سعید عن نافع عن ابن عمر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول البیعان بالخیار ما لم یتفرقا او یختارا قال فکان ابن عمر اذا ابتاع بیعا وھو قاعد قام لیجب له البیع **حدثنا** محمد بن بشار ثنا یحیی بن سعید عن شعبۃ ثنی قتادۃ عن صالح ابی الخلیل عن عبد اللہ بن الحارث عن حکیم بن حزام قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم البیعان بالخیار ما لم یتفرقا فان صدقا و بیّنا بورک لھما فی بیعھما وان کذبا و کتما محقت برکۃ بیعھما وھذا حدیث صحیح وفی الباب عن ابی برزۃ وعبد اللہ بن عمرو وسمرۃ وابی ھریرۃ وابن عباس حدیث ابن عمر حدیث حسن صحیح والعمل علی ھذا عند بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم وھو قول الشافعی واحمد واسحاق وقالوا الفرقۃ بالابدان لا بالکلام وقد قال بعض اھل العلم معنی قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما لم یتفرقا یعنی الفرقۃ بالکلام والقول الاول اصح لان ابن عمر ھو روی عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو اعلم بمعنی ما روی وروی عنه انه کان اذا اراد ان یوجب البیع مشی لیجب له وھکذا روی عن ابی برزۃ الاسلمی ان رجلین اختصما الیه فی فرس بعد ما تبایعا وکانوا فی سفینۃ فقال لا اراکما افترقتما وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم البیعان بالخیار ما لم یتفرقا وقد ذھب بعض اھل العلم من اھل الکوفۃ وغیرھم الی ان الفرقۃ بالکلام وھو قول الثوری وھکذا روی عن مالک بن انس وروی عن ابن المبارک انه قال کیف ارد ھذا والحدیث فیه عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم صحیح فقوی ھذا المذھب ومعنی قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم الا بیع الخیار معناہ ان یخیر البائع المشتری بعد ایجاب البیع فاذا خیرہ فاختار البیع فلیس له خیار بعد ذلک فی فسخ البیع وان لم یتفرقا ھکذا فسرہ الشافعی وغیرہ

حدیث بیان کی ہمسے واصل بن عبد الاعلی نے اُسنے کہا حدیث بیان کی ہمسے محمد بن فضیل نے یحیی بن سعید سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا سُنا مینے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ بایع اور مشتری کو اختیار ہے جبتک کہ نہ جدے ہون مگر یہ کہ شرط کرین اختیار کی (یعنی اگر بیع مین یہ شرط کی ہو کہ اختیار ہے مجھے چاہونگا رکھونگا اُس چیز کو اور چاہونگا تو نہ رکھونگا تو اُسمین باوجود جدا ہونے کے بھی اختیار باقی رہتا ہے گو اُس مجلس سے اُٹھ کھڑے ہون) اور تھے ابن عمر جب خریدتے کسی چیز کو اس حالت مین کہ بیٹھے ہوتے تو کھڑے ہو جاتے تاکہ بیع پوری ہو جاوے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے شعبہ سے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے قتادہ نے صالح ابو خلیل سے اُسنے عبد اللہ بن حارث سے اُسنے حکیم بن حزام سے کہ حضرت صلعم نے فرمایا کہ بیچنے والا اور خریدنے والا ساتھ اختیار کے ہے جبتک کہ نہ جُدا ہو (یعنی ایک مجلس سے جب اُٹھ کھڑے ہونگے اور جدا ہونگے تو اختیار نہ رہے گا) اور اگر سچ کہین اور بیان کرین مبیع اور ثمن کے عیب کو تو برکت ہوتی ہے دونون کے لیے خرید و فروخت مین اور اگر چھپائین عیب اور جھوٹ بولین تو دور کی جاتی ہے برکت اُنکے بیع کی یہ حدیث صحیح ہے اور اس باب مین ابی برزہ اور عبد اللہ بن عمرو اور سمرہ اور ابی ہریرہ اور ابن عباس سے بھی روایت ہے اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے اور یہی ہے قول شافعی اور احمد اور اسحاق کا اور کہتے ہین کہ موجب بیع کا جدا ہونا بدن سے ہے نہ کلام سے اور کہا بعض اہل علم نے کہ معنی حضرت صلعم کے اس قول کا کہ جب تک نہ جدے ہون مراد جدا ہونا ساتھ کلام کے ہے اور پہلا قول زیادہ صحیح ہے کہ ابن عمر ہی نے یہ حدیث حضرت صلعم سے روایت کی ہے اور وہ وقت بیع کے بیٹھے ہوتے تو اُٹھ کھڑے ہوتے تاکہ بیع واجب ہو جاوے تو وہ اپنی روایت کا آپ ہی خوب مطلب سمجھتے تھے اور اسیطرح روایت کی گئی ہے ابی برزہ اسلمی سے کہ دو مرد جھگڑتے آئے پاس اُسکے (ابن عمر) بیچ ایک گھوڑے کے بعد اسکے کہ بیع کر چکے تھے اور تھے وہ دونون ایک کشتی مین۔ پس کہا کہ نہین دیکھتا مین تمکو کہ جدے ہوئے کیونکہ نبی صلعم نے فرمایا ہے کہ بایع اور مشتری ساتھ خیار کے ہین جبتک کہ نہ جدے ہون اور تحقیق گئے ہین بعض اہل علم اہل کوفہ وغیرہ سے طرف اسکے کہ موجب بیع کا جدا ہونا ساتھ کلام کے ہے اور یہی ہے قول ثوری کا اور اسیطرح روایت ہے مالک بن انس سے اور ابن مبارک سے روایت ہے کہا کہ کس طرح رد کرون مین فرقت بالکلام کو حالانکہ اسمین حدیث نبی صلعم سے صحیح ہے سو قوی کیا اس مذہب کو اور معنی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول کا لیکن بیع خیار مین یہ ہے کہ اختیار دے بائع مشتری کو یعنی بعد واجب کرنے بیع کے (یعنی بعد واجب ہونے ایجاب اور قبول کے) بایع مشتری کو کہے کہ مین نے تجھکو اختیار دیا خواہ بیع کو رکھ خواہ توڑ ڈال سو جب بایع اُسکو اختیار دے اور مشتری اُسکو اختیار کرلے تو نہین رہتا ہے واسطے اُسکے کچھ اختیار بعد اسکے بیچ فسخ کرنے بیع کے اگرچہ وہ ایک مجلس سے جدے نہون۔ اسیطرح تفسیر کیا ہے اسکی شافعی وغیرہ نے

وما یقوی بقول من یقول للفرقۃ بالابدان لا بالکلام حدیث عبد اللہ بن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** بذلک قتیبۃ
ثنا اللیث بن سعد عن ابن عجلان عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال البیعان بالخیار ما
لم یتفرقا الا ان تکون صفقۃ خیار ولا یحل لہ ان یفارق صاحبہ خشیۃ ان یستقیلہ ہذا حدیث حسن ومعنی ہذا ان یفارقہ بعد
البیع خشیۃ ان یستقیلہ ولو کان الفرقۃ بالکلام ولم یکن لہ خیار بعد البیع لم یکن لہذا الحدیث معنی حیث قال ولا یحل لہ ان یفارقہ
خشیۃ ان یستقیلہ **باب حدثنا** نصر بن علی ثنا ابو احمد ثنا یحیی بن ایوب قال سمعت ابا زرعۃ ابن عمرو یحدث عن ابی ہریرۃ
عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یتفرقن عن بیع الا عن تراض ہذا حدیث غریب **حدثنا** عمر بن حفص الشیبانی ثنا ابن وہب عن
ابن جریج عن ابی الزبیر عن جابر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم خیر اعرابیا بعد البیع وہذا حدیث حسن غریب **باب** ما جاء فیمن یخدع
فی البیع **حدثنا** یوسف بن حماد البصری ثنا عبد الاعلی بن عبد الاعلی عن سعید عن قتادۃ عن انس ان رجلا کان فی عقدتہ ضعف
وکان یبایع وان اہلہ اتوا النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقالوا یا رسول اللہ احجر علیہ فدعاہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فنہاہ فقال
یا رسول اللہ انی لا اصبر عن البیع فقال اذا بایعت فقل ہاء وہاء ولا خلابۃ وفی الباب عن ابن عمر حدیث انس حدیث حسن صحیح غریب
والعمل علی ہذا الحدیث عند بعض اہل العلم وقالوا الحجر علی الرجل الحر فی البیع والشراء اذا کان ضعیف العقل وہو قول احمد
واسحٰق ولم یر بعضہم ان یحجر علی الحر البالغ

لیکن فرقت بالابدان کی تقویت حدیث ابن عمر سے ہے جو اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے (جیساکہ انہوں نے خود بھی عمل کیا ہے)
حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے ابن عجلان سے اُسنے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے
اُسنے اپنے دادا سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بائع اور مشتری کو اختیار ہے جب تک نہ جدا ہوں مگر یہ کہ ہو عقد خیار کا
(یعنی اُسمین خیار کی شرط ہووے) اور نہیں درست اُسکو یہ کہ جدا ہووے ساتھی اپنے سے (یعنی اُٹھ کھڑا ہووے مجلس[1] سے) بخوف اسکے
کہ ساتھی اُسکا بیع کو فسخ نکرادے یہ حدیث حسن ہے اور اسکے معنی یہ ہیں کہ جدا ہووے بعد بیع (پوری ہو جانیکے) اس خوف سے کہ بیع کو فسخ نہ کرادے
اور اگر ہوتا مراد اُس سے جدا ہونا ساتھ کلام کے تو نہ ہوتا واسطے اسکے اختیار بعد بیع کے اور نہوتا واسطے اس حدیث کے کوئی معنے
جس جگہ کہا کہ نہیں درست ہے اُسکو یہ کہ جدا ہو ساتھی اپنے سے بخوف اسکے کہ طلب کرے اُس سے توڑنا بیع کا **باب** - **حدیث** کی ہمسے
نصر بن علی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن ایوب نے اُسنے کہا سنا مین نے ابا زرعہ ابن عمرو سے کہ حدیث کرتا تھا ابی ہریرہ سے اُسنے روایت کی نبی صلی اللہ
علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے کہ نہ جدا ہووے کوئی بیع سے مگر آپس کی رضامندی سے یہ حدیث غریب ہے **حدیث** کی ہمسے عمر بن حفص
شیبانی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن وہب نے ابن جریج سے اُسنے ابی زبیر سے اُسنے جابر سے کہ اختیار دیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
ایک جنگلی کو بعد بیع کے - یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** جو شخص فریب دیا جاوے بیع مین تو کیا حکم ہے **حدیث** کی ہمسے یوسف
بن حماد بصری نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الاعلی بن عبد الاعلے نے سعید سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے کہ ایک مرد کی عقل مین
ضعف تھا اور تھا معاملہ کرتا ساتھ بیع کے سو اُسکے گھر والے حضرت[2] کے پاس آئے اور کہا کہ آپ اُسکو بیع سے روکیے سو بلایا اُسکو
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اور منع کیا اُسکو سو اُسنے کہا کہ یا حضرت مین نہین باز رہ سکتا بیع سے یعنی مجکو اُسکی ضرورت رہتی ہے سو نبی
صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب بیع کرے تو کہہ[3] سودا دست بدست ہے اور اسمین فریب نہین ہے - اس باب مین ابن عمر سے بھی روایت
ہے اور انس کی حدیث حسن صحیح غریب ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے - کہتے ہین کہ جب آزاد مرد کم عقل ہو تو اُسکو بیچنے اور خریدنے
سے روکا جاوے - یہ قول احمد اور اسحاق کا ہے - اور بعضے کہتے ہین کہ آزاد مرد بالغ کو بیع و شرا سے روکنا درست نہین ہے -

[1] یعنی جب تک بائع اور مشتری آپس مین راضی نہوں ساتھ قیمت دینے اور قبض کرنے مبیع کے تب تک جدا نہوں - والا ضرر رسانی ہوگی اور وہ منع ہے شرع مین
اور یا یہ مراد ہے کہ بائع اور مشتری سے جسکا ارادہ جدا ہونے کا ہو وہ اپنے ساتھی سے مشورہ کرلے کہ یہ بیع تجکو منظور ہے اگر اسی وقت واپس مانگے تو واپس
کردے ۱۲ [2] ... [3] یعنے بیع کے وقت خریدار سے کہہ کر مجکو بیع و شرا مین واقفیت نہین پس مجکو فریب نہ دینا - اور لوگ اُسوقت مین ایک دوسرے کے خیر خواہ
تھے پس اس کہنے سے وہ تیری خیر خواہی ملحوظ رکھے گا ۱۲

باب ماجاء فی المصراۃ **حدثنا** ابوکریب ثنا وکیع عن حماد بن سلمۃ عن محمد بن زیاد عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم من اشتری مصراۃ فھو بالخیار اذا حلبھا ان شاء ردھا ورد معھا صاعا من تمر وفی الباب عن انس ورجل من اصحاب النبی صلی
اللہ علیہ وسلم **حدثنا** محمد بن بشار ثنا ابو عامر ثنا قرۃ بن خالد عن محمد بن سیرین عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من اشتری
مصراۃ فھو بالخیار ثلاثۃ ایام فان ردھا رد معھا صاعا من طعام لاسمراء معنی لاسمراء لابر ھذا حدیث حسن صحیح والعمل علی ھذا الحدیث
عند اصحابنا منھم الشافعی واحمد واسحاق **باب** ماجاء فی اشتراط ظہر الدابۃ عند البیع **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا وکیع عن زکریا عن
الشعبی عن جابر بن عبد اللہ انہ باع من النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعیرا واشترط ظہرہ الی اھلہ ھذا حدیث حسن صحیح قد روی من غیر وجہ
عن جابر والعمل علی ھذا عند بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم یرون الشرط جائزا فی البیع اذا کان شرطا واحدا
وھو قول احمد واسحاق وقال بعض اھل العلم لایجوز الشرط فی البیع ولایتم البیع اذا کان فیہ شرط **باب** الانتفاع بالرھن **حدثنا**
ابوکریب ویوسف بن عیسی قالا ثنا وکیع عن زکریا عن عامر عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الظھر یرکب اذا کان
مرھونا ولبن الدر یشرب اذا کان مرھونا وعلی الذی یرکب ویشرب نفقتہ ھذا حدیث حسن صحیح لانعرفہ مرفوعا الامن حدیث
عامر الشعبی عن ابی ہریرۃ وقد روی غیر واحد ھذا الحدیث عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ موقوفا والعمل علی ھذا

باب بکری وغیرہ کے تھنون مین دودھ جمع کرنا اور پھر اُسکو بیچنا تاکہ خریدار کو دھوکا ہو **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے اُسنے
کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے حماد بن سلمہ سے اُسنے محمد بن زیاد سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص
کہ خریدے اُس جانور کو جسکے تھنون مین دودھ جمع کیا گیا ہو تو وہ اختیار رکھتا ہے جب کہ دُوہے دودھ اُسکا[1] اگر چاہے تو پھیر دے
اُسکو اور دیوے عوض دودھ کے چار سیر کھجورین اور اس باب مین انس اور ایک اور صحابی سے بھی روایت ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار
نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے قرہ بن خالد نے محمد بن سیرین سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے فرمایا کہ جو شخص خریدے اُس جانور کو جسکے تھنون مین دودھ جمع کیا گیا ہو تو وہ اختیار رکھتا ہے تین دن تک سو اگر پھیر دے
اُسکو تو پھیر دے ساتھ اُسکے چار سیر طعام سوا گیہون[2] کے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اس حدیث پر ہے نزدیک اصحاب ہمارے کے
انھین مین سے شافعی اور احمد اور اسحاق ہین **باب** جانور بیچنے کے وقت سواری کی شرط کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے ابن
ابی عمر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے زکریا سے اُسنے شعبی سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے اُنھون نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ ایک اونٹ
بیچا اور شرط کی سواری اُسکے کی اپنے گھر تک یہ حدیث حسن صحیح ہے کئی طرح پر جابر رضہ سے مروی ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک بعض اہل علم
کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہین کہ بیع مین شرط کر لی جائز ہے جبکہ ایک شرط ہو اور یہی ہے قول احمد اور اسحق
کا۔ اور بعض اہل علم کہتے ہین کہ بیع مین شرط کر لی جائز نہین اور جب بیع مین کوئی شرط ہو تو وہ درست نہین **باب** رہن سے
نفع اُٹھانے کا بیان **حدیث** کی ہمسے ابوکریب اور یوسف بن عیسی نے اُنھون نے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے زکریا سے اُسنے عامر سے
اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جانور سواری کا جو گروی ہے سواری کیا جاوے بدلے خرچ[3] کرنے اُسکے کے (یعنے
گھاس وغیرہ دینے کے) اور دودھ جانور گروی کا پیا جاوے بدلے خرچ کرنے اسکے کے۔ اور جو سواری کرے اور دودھ پیوے
اُسپر ہے خرچ اُسکا یہ حدیث حسن صحیح ہے نہین پہچانتے ہم اُسکو مرفوع مگر حدیث عامر شعبی سے اُسنے ابی ہریرہ سے اور روایت کی ہے بہت
لوگون نے یہ حدیث اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے موقوف اور عمل اسپر ہے

[1] اگر کوئی شخص جانور خریدے اور بعد دودھ دوہنے کے معلوم ہو کہ دودھ کم ہے تو مختار ہے چاہے رکھے اور چاہے پھیر دے اگر پھیر دے تو چار سیر کھجورین عوض مین
دودھ کے دے اسلیے کہ دودھ سے نفع اُٹھایا ہے۔ اور امام ابو حنیفہ کہتے ہین کہ نہین ہے خیار اُس بیع مین فسخ کا اور نہ پھیر دینا بدلے اُسکے کھجور و نکا کیونکہ یہ حدیث منسوخ ہے
مگر اس حدیث کی ناسخ کوئی حدیث صحیح محدثین کے نزدیک ثابت نہین ۱۲ [2] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جائز ہے بیچنا جانور کا ساتھ شرط کرنے بائع کے سواری اُسکی کو اپنے لیے ایک مدت
تک یہ مذہب امام احمد اور مالک کا ہے۔ اور امام شافعی اور ابو حنیفہ کہتے ہین کہ بیع مین یہ شرط کر لی درست نہین ۱۲ [3] یعنے جو شخص کہ سوار ہو یا دودھ پیوے تو اسپر نفقہ ہے خواہ راہن ہو
خواہ مرتہن ہو۔ اس سے معلوم ہوا کہ گروے نفع اُٹھانا مرتہن کو درست ہے اور بعض کہتے ہین کہ نہین ۱۲ [4] یعنی کھجور وغیرہ دے نہ گیہون شاید اسمین حضرت نے زیادتی قیمت کا خیال فرمایا واللہ اعلم

عند بعض اهل العلم وهو قول احمد واسحاق وقال بعض اهل العلم ليس له ان ينتفع من الرهن بشیٔ **باب** ما جاء فی شراء القلادة وفيها ذهب وخرز **حدثنا** قتيبة ثنا الليث عن ابی شجاع سعيد بن يزيد عن خالد بن ابی عمران عن حنش الصنعانی عن فضالة بن عبيد قال اشتريت يوم خيبر قلادة باثنی عشر دينارا فيها ذهب وخرز ففصلتها فوجدت فيها اكثر من اثنی عشر دينارا فذكرت ذلك للنبی صلی الله عليه وسلم فقال لا تباع حتی تفصل **حدثنا** قتيبة ثنا ابن المبارك عن ابی شجاع سعيد بن يزيد بهذا الاسناد نحوه هذا حديث حسن صحيح والعمل علی هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله عليه وسلم وغيرهم لم يروا ان يباع سيف محلی او منطقة مفضضة او مثل هذا بدراهم حتی يميز ويفصل وهو قول ابن المبارك والشافعی واحمد واسحاق وقد رخص بعض اهل العلم فی ذلك من اصحاب النبی صلی الله عليه وسلم وغيرهم **باب** ما جاء فی اشتراط الولاء والزجر عن ذلك **حدثنا** محمد بن بشار ثنا عبد الرحمن بن مهدی ثنا سفيان عن منصور عن ابراهيم عن الاسود عن عائشة انها ارادت ان تشتری بريرة فاشترطوا الولاء فقال النبی صلی الله عليه وسلم اشتريها فانما الولاء لمن اعطی الثمن او لمن ولی النعمة وفی الباب عن ابن عمر حديث عائشة حديث حسن صحيح والعمل علی هذا عند اهل العلم وقال منصور بن المعتمر يكنی ابا عتاب **حدثنا** ابو بكر العطار البصری عن علی بن المدينی قال سمعت يحيی بن سعيد يقول اذا حدثت عن منصور فقد ملأت يدك من الخير لا ترد غيره ثم قال يحيی ما اجد فی ابراهيم النخعی ومجاهد اثبت من منصور واخبرنی محمد عن عبد الله بن ابی الاسود قال قال عبد الرحمن بن مهدی منصور اثبت اهل الكوفة

نزدیک بعض اہل علم کے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ نہیں جائز اسکو یہ کہ نفع اٹھاوے گرو سے کچھ

باب سونے اور نگینہ والے ہار کے خریدنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابی شجاع سعید بن یزید سے اُسنے خالد بن ابی عمران سے اُسنے حنش صنعانی سے اُسنے فضالہ بن عبید سے کہا کہ خریدا مین نے خیبر کے سال مین ایک ہار بدلے بارہ دینار کے کہ تھا اسمین سونا اور نگینہ سو جدا کیا مین نے اُس ہار کو یعنی سونے مین سے نگینے نکال ڈالے پس پایا مین نے اسمین سونا زیادہ بارہ دینار سے پس ذکر کیا مین نے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو فرمایا کہ نہ بیچا جاوے ہار یہانتک کہ جدا کیا جاوے یعنی اُسکا سونا نگینوں سے جدا کیا جاوے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے ابی شجاع سعید بن یزید سے ساتھ اس اسناد کے مثل اسکے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے نہین جائز رکھتے یہ کہ بیچی جاوے تلوار جڑاؤ سونے سے یا کمربند جڑاؤ چاندی سے یا مثل اسکے بدلے درہمون کے یہان تک کہ علیحدہ کیا جاوے یا جدا کیا جاوے۔ اور یہی ہے قول ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا اور بعض اہل علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہین کہ جائز ہے **باب** بیچنے مین ولا کی شرط سے زجر کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے منصور سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے اسود سے اُسنے عائشہ سے کہ تحقیق ارادہ کیا اُسنے یہ کہ خریدے بریرہ لونڈی کو سو اُسکے مالک نے شرط کی کہ ولا اُسکا ہمارے لیے ہوگا سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خرید اسکو سوا اسکے نہین کہ ولا واسطے اُسکے ہے کہ دے قیمت یا واسطے اُسکے کہ مالک ہو اُسکا اور اس باب مین ابن عمر سے بھی روایت آئی ہے اور عائشہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے اور منصور کی کنیت ابو عتاب ہے **حدیث** کی ہمسے ابو بکر عطار بصری نے علی بن مدینی سے اُسنے کہا سنا مین نے یحیی بن سعید سے کہتا تھا کہ جب حدیث بیان کیجاوے منصور سے تو بھر گئے تو ہاتھ اپنے بہتری سے اب نہ ارادہ کر سوا اُسکے پھر کہا یحیی نے کہ نہین پایا مین بیچ ابراہیم نخعی کے زیادہ ثابت منصور سے کسی کو اور حدیث کی ہمسے محمد نے عبد اللہ بن ابو اسود سے اُسنے کہا کہ عبد الرحمن بن مہدی نے کہا کہ منصور زیادہ تر ثابت ہے اہل کوفہ سے ۔

ف ۱۵ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر بیچے مال کو ساتھ جنس اُسکی کے اور بیع اور ثمن کے ساتھ یا ثمین سے ایک کے ساتھ کوئی اور چیز ہو تو درست نہین ہے۔ پس اگر بیچے سونے کا جڑاؤ زیور وغیرہ بدلے سونے کے خواہ اشرفیاں ہون تو نگینے وغیرہ اُس سے جدا کرکے برابر سونے کے تول کرکے بیچے اور یہی حکم چاندی کا ہے اور اگر مثلاً سونے کا جڑاؤ زیور چاندی کے بدلے بیچے تو اسمین نگینہ کا اُکھاڑنا ضرورت نہین رکھتا ہے کیونکہ اس صورت مین جنس مختلف ہو گئی پس کم و بیش جائز ہوگا ۱۲ ف ۱۶ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص غلام بیچے اور اسکے ساتھ یہ شرط کرے کہ ولا اُسکا میرے لیے ہوگا تو یہ درست نہین بلکہ ولا حق اُسکا ہے جو مول دے اور آزاد کرے اور ولا کہتے ہین حق آزادی کو ۱۲

ف ۱۵ [illegible]

باب۔ **حدثنا** ابو کریب ثنا ابو بکر بن عیاش عن ابی حصین عن حبیب بن ابی ثابت عن حکیم بن حزام ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعث حکیم بن حزام یشتری لہ اضحیۃ بدینار فاشتری اضحیۃ فاربح فیہا دینارا فاشتری اخری مکانہا فجاء بالاضحیۃ والدینار الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ضح بالشاۃ وتصدق بالدینار حدیث حکیم بن حزام لانعرفہ الا من ہذا الوجہ وحبیب بن ابی ثابت لم یسمع عندی من حکیم بن حزام **حدثنا** احمد بن ابی سعید الدارمی ثنا حبان ثنا ہارون بن موسی ثنا الزبیر بن خریت عن ابی لبید عن عروۃ البارقی قال دفع الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دینارا لاشتری لہ شاۃ فاشتریت لہ شاتین فبعت احدہما بدینار وجئت بالشاۃ والدینار الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فذکر لہ ماکان من امرہ فقال بارک اللہ لک فی صفقۃ یمینک فکان بعد ذلک یخرج الی کناسۃ الکوفۃ فیربح الربح العظیم فکان من اکثر اہل الکوفۃ مالا **حدثنا** احمد بن سعید ثنا حبان ثنا سعید بن زید ثنا الزبیر بن خریت عن ابی لبید فذکر نحوہ وقد ذہب بعض اہل العلم الی ہذا الحدیث وقالوا بہ وہو قول احمد واسحق ولم یاخذ بعض اہل العلم بہذا الحدیث منہم الشافعی وسعید بن زید اخو حماد بن زید وابو لبید اسمہ لمازۃ **باب** ماجاء فی المکاتب اذا کان عندہ ما یودی **حدثنا** ہارون بن عبد اللہ البزاز ثنا یزید بن ہارون ثنا حماد بن سلمۃ عن ایوب عن عکرمۃ عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا اصاب المکاتب حدا او میراثا ورث بحساب ما عتق منہ وقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم یودی المکاتب بحصۃ ما ادی دیۃ حر ومابقی دیۃ عبد وفی الباب عن ام سلمۃ حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح وہکذا روی یحیی بن ابی کثیر عن عکرمۃ عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وروی خالد الحذاء عن عکرمۃ عن علی قولہ والعمل علی ہذا الحدیث عند بعض اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہم وقال اکثر اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہم

باب۔ **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو بکر بن عیاش نے ابی حصین سے اسنے حبیب بن ابی ثابت سے اسنے حکیم بن حزام سے کہ تحقیق نبی صلعم نے بھیجا اُسکو تاکہ خریدے واسطے آپ کے قربانی بدلے دینار کے سو خریدی اُسنے قربانی پس نفع پایا اُسمین ایک دینار (یعنی ایک دینار کو خریدا پھر دو دینار کو بیچ ڈالا) پھر خریدی اُسنے دوسری بدلے اُسکے اور لایا اُس قربانی اور دینار کو پاس نبی صلعم کے سو فرمایا آپنے کہ ذبح کر قربانی اور صدقہ کر دینار کو۔ یہ حدیث فقط اسی طریق سے مروی ہے۔ اور حبیب بن ابی ثابت نے حکیم بن حزام سے نہیں سُنا حدیث کی ہمسے احمد بن ابی سعید دارمی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حبان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہارون بن موسیٰ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے زبیر بن خریت نے ابی لبید سے اُسنے عروہ بارقی سے کہا کہ دیا مجکو نبی صلعم نے ایک دینار تاکہ خریدوں میں آپکے لیے بکری سو خریدیں میں نے آپکے لیے دو بکریاں اور بیچی میں نے ایک اُنمیں سے بدلے ایک دینار کے اور لایا میں ایک بکری اور دینار پاس نبی صلعم کے اور اس قصہ کو آپسے ذکر کیا سو فرمایا آپنے کہ برکت دیوے اللہ واسطے تیرے بیچ سودے واہنے ہاتھ تیرے کے۔ اِسکے بعد جب میں کوفہ کی بازار میں جاتا تو بہت نفع پاتا۔ پس وہ سب اہل کوفہ سے مال میں زیادہ تھا حدیث کی ہمسے احمد بن سعید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حبان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن زید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے زبیر بن خریت نے ابی لبید سے پس ذکر کیا مثل اُسکے اور تحقیق گئے ہیں بعض اہل علم طرف اس حدیث کے اور قائل ہیں ساتھ اسکے اور یہ قول احمد اور اسحاق کا ہے اور بعض اہل علم نے اس حدیث کو نہیں لیا اُنھیں میں سے شافعی ہیں سعید بن زید بھائی حماد بن زید کا ہے اور ابو لبید کا نام لمازہ ہے

باب جب مکاتب کے پاس دیت دینے کی برابر مال ہو تو اُسکا کیا حکم ہے **حدیث** کی ہمسے ہارون بن عبد اللہ بزاز نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے ایوب سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ جب مستحق ہو مکاتب[1] دیت یا میراث کا تو وارث ہوگا مقدار اُس چیز کے کہ آزاد کیا گیا ہے اُس سے اور فرمایا نبی صلعم نے کہ دیت دیا جاوے مکاتب ساتھ حصے اُس چیز کے کہ ادا کرے بدلے کتابت کے دیت آزاد کی اور جو باقی رہے سو دیت غلام کی اور اس باب میں ام سلمہ سے بھی روایت ہے۔ اور ابن عباس کی حدیث حسن صحیح ہے اور اسیطرح روایت کی یحییٰ بن ابی کثیر نے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلعم سے اور روایت کی خالد بن حذا نے عکرمہ سے اُسنے علی سے قول اُسکا اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے۔ اور اکثر اہل علم نبی صلعم کے اصحاب غیرہ سے یہی کہتے ہیں۔

[1] مکاتب اُس غلام کو کہتے ہیں کہ مالک اُسکو لکھ دے کہ جب تو اسقدر روپیہ ادا کر یگا تو تو آزاد ہے اور اسکے مستحق ہونے کے یہ معنے ہیں کہ جب ثابت ہو مکاتب کے لیے دیت یا میراث تو ثابت ہوگی واسطے موافق اس چیز کے کہ آزاد ہوا اُس سے جیسے کہ اگر ادا کیا آدھا بدلے کتابت کے پھر مرگیا باپ اُسکا اُس حال میں کہ وہ آزاد تھا منہ

المكاتب عبد ما بقي عليه درهم وهو قول سفيان الثوري والشافعي واحمد واسحق **حدثنا** قتيبة ثنا عبد الوارث بن سعيد عن يحيى بن ابي انيسة عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يخطب يقول من كاتب عبده على مائة اوقية فاداها الا عشرة اواق او قال عشرة الدراهم ثم عجز فهو رقيق وهذا حديث غريب والعمل عليه عند اكثر اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم ان المكاتب عبد ما بقي عليه شيء من كتابته وقد رواه الحجاج بن ارطاة عن عمرو بن شعيب نحوه **حدثنا** سعيد بن عبد الرحمن المخزومي ثنا سفيان عن الزهري عن نبهان عن ام سلمة قالت قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا كان عند مكاتب احدكن ما يؤدي فلتحتجب منه هذا حديث حسن صحيح ومعنى هذا الحديث عند اهل العلم على التورع وقالوا لا يعتق المكاتب وان كان عنده ما يؤدي حتى يؤدي **باب** ماجاء اذا افلس للرجل غريم فيجد عنده متاعه **حدثنا** قتيبة ثنا الليث عن يحيى بن سعيد عن ابي بكر بن حزم عن عمر بن عبد العزيز عن ابي بكر بن عبد الرحمن بن الحارث بن هشام عن ابي هريرة عن رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قال ايما امرء افلس ووجد رجل سلعته عنده بعينها فهو اولى بها من غيره وفي الباب عن سمرة وابن عمر حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند بعض اهل العلم وهو قول الشافعي واحمد واسحق وقال بعض اهل العلم هو اسوة الغرماء وهو قول اهل الكوفة

کہ مکاتب غلام ہے جبتک کہ باقی رہے اُسپر ایک[1] درہم اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوارث بن سعید نے یحیی بن ابی انیسہ سے اُسنے روایت کی عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا سُنا مین نے نبی صلعم کو خطبے مین فرماتے تھے کہ جو شخص کہ کتابت کرے غلام اپنے سے اوپر سو اوقیہ کے مثلاً پس ادا کیا اُسنے مگر دس اوقیہ یا فرمایا دس درہم پھر عاجز ہوا ادا کرنے سے تو وہ غلام ہی ہے آزاد نہین یہ حدیث غریب ہے اور عمل اسیر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہ مکاتب غلام ہے جبتک کہ باقی رہے اُسپر کوئی چیز بدلے کتابت اُسکی کے اور روایت کیا اس حدیث کو حجاج بن ارطاۃ نے عمرو بن شعیب سے اسی طرح **حدیث** کی ہمسے سعید بن عبد الرحمن مخزومی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے نبہان سے اُسنے ام سلمہ سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ جب ہو پاس مکاتب ایک تمہارے کے اسقدر روپیہ کہ بدلے کتابت کے پورا دیسکے تو چاہیے کہ پردہ کرے اس سے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور معنی اس حدیث کا نزدیک اہل علم کے احتیاط پر مبنی ہے اور کہتے ہین کہ نہین آزاد ہوتا مکاتب اگرچہ ہو نزدیک اُسکے اسقدر روپیہ کہ تمام بدل کتابت ادا کرسکے یہانتک کہ ادا کرے

باب جب کوئی شخص مفلس ہو جاوے اور واسطے اُسکے قرضخواہ ہو پس پاوے نزدیک اُسکے مال اپنا بعینہ تو کیا کرے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے یحیی بن سعید سے اُسنے ابی بکر بن حزم سے اُسنے عمر بن عبد العزیز سے اُسنے ابی بکر بن عبد الرحمن بن حارث بن ہشام سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کہ مفلس ہوا اور پایا ایک شخص نے مال اپنا بعینہ اُسکے پاس پس وہ زیادہ تر لائق ہے ساتھ[2] اُس مال کے غیر اپنے سے اور اس باب مین سمرہ اور ابن عمر سے بھی روایت ہے اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور یہی ہے قول شافعی اور احمد اور اسحاق کا۔ اور بعض اہل علم کہتے ہین کہ وہ برابر ہے ساتھ اور قرضخواہون کے اور یہی ہے قول اہل کوفہ کا

مرا اور کوئی وارث اُسنے چھوڑا نہو سوا بیٹے کے تو وارث ہوگا بیٹا اُسکے آدھے مال کا یا آدھا بدل کتابت مکاتب نے ادا کیا تھا کہ اُسکو کسینے مار ڈالا تو قاتل ادا کرے آدھی دیت آزاد کی اُسکے وارثون کو اور اُسکے مالک کو آدھی دیت غلام کی ہے کہ آدھی قیمت اُسکی ہو۔ مثلاً کتابت تھی ہزار درہم اور قیمت اُسکی سو درہم ہے۔ پس ادا کیے اُسنے پانسو درہم بعد ازان وہ مارا گیا تو غلام کے وارثون کے لیے دے پانسو درہم کہ آدھی دیت آزاد ہے اور اُسکے مالک کو پچاس درہم دے کہ آدھی قیمت اُسکی ہے ۱۲ [1] یعنی جبتک ایک درہم اُسپر باقی رہے گا وہ غلام ہے جب سب روپیہ بیباق کریگا آزاد ہوگا یا نہین کہ بحساب ان روپیون کے کہ پہونچائے ہین اور بعض اُسکا آزاد ہو جاتا ہے ۱۲ [2] یعنے مثلاً ایک شخص نے کچھ خریدا تھا اور اُسکا مول ندیا تھا کہ وہ مفلس ہوگیا۔ اور قاضی نے حکم اُسکے افلاس کا کردیا۔ اور بائع بیچنے والے نے وہ چیز بعینہ تو اُسکا حقدار وہی ہے اور قرضخواہون کا اسمین کچھ حق نہیں۔ یہ مذہب امام شافعی اور مالک کا ہے۔ اور امام حنیفہ کے نزدیک فسخ کرنا بیع کا درست نہین۔ پس اگر بائع مفلس کے پاس اپنی چیز بعینہ پاوے تو اُسکو اسکا لے لینا درست نہین بلکہ حصہ رسد کے موافق یہ شخص پاوے گا۔ اور باقی مال قرضداروں کو ملے گا یہ مذہب ابو حنیفہ رحمہ اللہ تعالیٰ کا ہے لیکن ظاہر لفظ حدیث کا اسپر دلالت کرتا ہے کہ جس شخص کی یہ چیز ہے اُسکو دیجاوے ۱۲ منہ اللہ درن کرم ۱۲ واللہ اعلم بالصواب

باب ما جاء فی النہی للمسلم ان یدفع الی الذمی الخمر یبیعہا لہ **حدثنا** علی بن خشرم ثنا عیسیٰ بن یونس عن مجالد عن ابی الوداک عن ابی سعید قال کان عندنا خمر لیتیم فلما نزلت المائدۃ سالت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عنہ وقلت انہ لیتیم قال اھریقوہ وفی الباب عن انس بن مالک حدیث ابی سعید حدیث حسن وقد روی من غیر وجہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو ھذا وقال بھذا بعض اھل العلم وکرھوا ان یتخذ الخمر خلا وانما کرہ من ذلک واللہ اعلم ان یکون المسلم فی بیتہ خمر حتی یصیر خلا ورخص بعضہم فی خل الخمر اذا وجد قد صار خلا **باب حدثنا** ابو کریب ثنا طلق بن غنام عن شریک وقیس عن ابی حصین عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اد الامانۃ الی من ائتمنک ولا تخن من خانک ھذا حدیث حسن غریب وقد ذھب بعض اھل العلم الی ھذا الحدیث وقالوا اذا کان للرجل علی آخر شیء فذھب بہ فوقع لہ عندہ شیء فلیس لہ ان یحبس عنہ بقدر ما ذھب لہ علیہ ورخص فیہ بعض اھل العلم من التابعین وھو قول الثوری وقال ان کان لہ علیہ دراھم فوقع لہ عندہ دنانیر فلیس لہ ان یحبس بمکان دراھمہ الا ان یقع عندہ لہ دراھم فلہ حینئذ ان یحبس من دراھمہ بقدر ما لہ علیہ **باب** ما جاء ان العاریۃ مؤداۃ **حدثنا** ھناد وعلی بن حجر قالا ثنا اسمعیل بن عیاش عن شرحبیل بن مسلم الخولانی عن ابی امامۃ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول فی خطبۃ عام حجۃ الوداع العاریۃ مؤداۃ والزعیم غارم والدین مقضی

باب مسلمان ذمی کو شراب نہ دیوے کہ تو میری طرف سے بیچ **حدیث** کی ہمسے علی بن خشرم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عیسیٰ بن یونس نے مجالد سے اُسنے ابی وداک سے اُسنے ابی سعید سے کہا کہ ہم مین سے ایک یتیم کے پاس شراب تھی۔ سو جب اُتری آیت سورۂ مائدہ کی تو پوچھا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اُس سے اور کہا مین نے کہ وہ ایک یتیم لڑکے کا مال ہے فرمایا گرا دو اُسکو۔ اور اس باب مین انس بن مالک سے بھی روایت ہی اور ابی سعید کی حدیث حسن ہی۔ اور تحقیق روایت کی گئی ہی کئی وجہ پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے اور قائل ہین ساتھ اسکے۔ بعض اہل علم کہتے ہین مکروہ ہے یہ کہ بنایا جاوے شراب کو سرکہ اور مکروہ کی علت سوا اسکے نہین کہ مسلمان کے گھر مین شراب رکھی رہے یہانتک کہ سرکہ ہو جاوے اور بعضے کہتے ہین کہ شراب کا سرکہ بنانا درست ہی جب کہ پایا جاوے اس حال سے کہ ہو گیا ہے سرکہ یعنی خود بخود سرکہ ہو جاوے تو درست ہی **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے طلق بن غنام نے شریک اور قیس سے اُنھون نے ابی حصین سے اُنھون نے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ادا کر امانت کو طرف اُس شخص کے کہ امانت رکھی تیرے پاس اور نہ خیانت کر اُسکی کہ جو خیانت کرے تیری یہ حدیث حسن غریب ہی۔ اور تحقیق گئے ہین بعض اہل علم طرف اس حدیث کے کہتے ہین کہ جب کسی شخص کی دوسرے پر کوئی چیز ہوا اور لیجاوے وہ اُسکو یعنی اُسمین خیانت کرے پس واقع ہو واسطے اُسکے کوئی چیز نزدیک اسکے تو نہین درست اِسکو کہ روکے اُس سے مقدار اس چیز کی کہ خیانت کی اُسنے اوپر اسکے اور اجازت دی ہے اسمین بعض اہل علم نے تابعین مین سے اور یہی ہے قول ثوری کا اور کہا کہ اگر درہم چاہیئے ہون اور دینار اُسکے پاس نکلین تو روکنا درست نہین ہان اگر درہم نکلین تو البتہ درست ہی کہ اپنے درہم لے لیوے اور باقی اُسکو واپس کر دیوے۔ **باب** مانگی ہوئی چیز ادا کیجاوے **حدیث** کی ہمسے ہناد اور علی بن حجر نے اُنھون نے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن عیاش نے شرحبیل بن مسلم خولانی سے اُسنے ابی امامہ سے کہا سُنا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بیچ خطبے کے حجۃ الوداع کے سال مین کہ مانگی چیز ادا کیجاوے۔ اور ضامن اپنی ضمانت کو ادا کرے۔

لہ گرا دینا اسواسطے فرمایا کہ شرع مین اس مال کی قیمت نہین پس نفع اُٹھانا اُس سے حرام ہے۔ اور اس سے معلوم ہوا کہ شراب کو ذمی کافر کے سپرد کرنا تا وہ اُسکو مسلمان کے لیے بیچے درست نہین اگر درست ہوتا تو نبی صلعم اُسکے گرا دینے اور بہا دینے کا حکم نکرتے بلکہ کسی کافر ذمی کے سپرد کرواتے کہ اُسکو بیچتا۔ اور نیز جب مسلمانون کو اُسکی تجارت خود درست نہین تو کافر کے ذریعہ سے اُسکی تجارت کرنی بطریق اولیٰ منع ہوگی۔ مگر حنفیہ سے اسکا جواز مروی ہے اور نیز شراب کا سرکہ بنانا بھی حنفیہ کے نزدیک درست ہے ۱۲ حاشیہ صفحہ ۳۹۶

لہ صاحب مظہر کے ہین یعنی لینے والے کو ہی پہونچا دینا اس چیز کا کہ لی ہی یہانتک کہ ادا کر دے وہ چیز کہ لی ہی۔ حاصل یہ ہی کہ جو شخص مال کسی کا بطریق چھین لینے کے یا چرا لینے کے یا عاریت کے یا امانت کے تو اُسپر واجب ہی ادا کرنا اور پھیر دینا طرف مالک کے اگرچہ وہ طلب نکرے ۱۲ لمعات احتکار شرع مین کہتے ہین غلے کے بند رکھنے کو باین طریق کہ جب گرانی کے وقت لوگ غلہ وغیرہ کی حاجت رکھتے ہون غلہ مول لیکر بند رکھنا اس نیت سے کہ جب اور زیادہ مہنگا ہوگا تو بیچونگا یہ حرام ہی اگر اُسکی اپنی زمین سے آیا ہو یا ارزانی کے وقت خرید رکھا ہو اور شہر بڑا ہو اور اُسکا بند رکھنا م

وفی الباب عن سمرة وصفوان بن امیة وانس حدیث ابی امامة حدیث حسن وقد روی عن ابی امامة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ایضا من غیر هذا الوجه حدثنا محمد بن المثنی ثنا ابن ابی عدی عن سعید عن قتادة عن الحسن عن سمرة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال علی الید ما اخذت حتی تؤدی قال قتادة ثم نسی الحسن فقال هو امینك لا ضمان علیه یعنی العاریة هذا حدیث حسن صحیح وقد ذهب بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرهم الی هذا وقالوا یضمن صاحب العاریة وهو قول الشافعی واحمد وقال بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرهم لیس علی صاحب العاریة ضمان الا ان یخالف وهو قول الثوری واهل الکوفة وبه یقول اسحق باب ماجاء فی الاحتکار حدثنا اسحق بن منصور ثنا یزید بن هارون ثنا محمد بن اسحق عن محمد بن ابراهیم عن سعید بن المسیب عن معمر بن عبد اللہ بن نضلة قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا یحتکر الا خاطیء فقلت لسعید یا ابا محمد انك تحتکر قال ومعمر قد کان یحتکر وانما روی عن سعید بن المسیب انه کان یحتکر الزیت والخبط ونحو هذا وفی الباب عن عمر وعلی وابی امامة وابن عمر حدیث معمر حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اهل العلم کرهوا احتکار الطعام ورخص بعضهم فی الاحتکار فی غیر الطعام وقال ابن المبارك لا باس بالاحتکار فی القطن والسختیان ونحوه باب ماجاء فی بیع المحفلات حدثنا هناد ثنا ابو الاحوص عن سماك عن عکرمة عن ابن عباس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تستقبلوا السوق ولا تحفلوا ولا ینفق بعضکم لبعض وفی الباب عن ابن مسعود وابی هریرة حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اهل العلم کرهوا بیع المحفلة وهی المصراة لا یحلبها صاحبها ایاما او نحو ذلك لیجتمع اللبن فی ضرعها فیغتر بها المشتری وهذا ضرب من الخدیعة والغرر

اور اس باب میں سمرہ اور صفوان بن امیہ اور انس سے بھی روایت ہے۔ اور ابی امامہ کی حدیث حسن ہے اور کئی وجہ پر ابی امامہ سے اُنہوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے حدیث کی ہم سے محمد بن مثنیٰ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن عدی نے سعید سے اُسنے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے سمرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اوپر ہاتھ کے ہے وہ چیز کہ لی اُسنے یہانتک کہ ادا کرے قتادہ نے کہا پھر بھول گئے حسن پس کہا کہ وہ امانت رکھنے والا تیرا ہے نہیں ہے ضمان اوپر اُسکے یعنی عاریت بمنزلہ امانت کے ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور تحقیق گئے بعض اہل علم حضرتؐ کے اصحاب وغیرہ سے طرف اسکے اور کہتے ہیں کہ ضامن ہوگا مانگنے والا مانگی کی چیز کا۔ اور یہی ہے قول شافعی اور احمد کا اور بعض اہل علم نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ نہیں ہے مانگنے والے پر ضمانت مگر یہ کہ مخالفت کرے (صاحب امانت کے قول کی) اور یہی ہے قول ثوری اور اہل کوفہ کا۔ اور ساتھ اسی کے قائل ہیں اسحاق باب احتکار کا بیان یعنی غلہ بند رکھنا اس نیت سے کہ جب گراں ہوگا تو بیچوں گا جائز ہے یا نہیں حدیث کی ہمسے اسحٰق بن منصور نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن اسحاق نے محمد بن ابراہیم سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے معمر بن عبد اللہ سے کہا سُنا مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ نہیں غلہ بند رکھتا مگر وہ شخص کہ گنہگار ہو۔ سو مینے سعید سے کہا کہ اے ابا محمد تو احتکار کرتا ہے کہا اُسنے کہ تھا معمر احتکار کرتا۔ اور سوا اسکے نہیں کہ روایت کی گئی ہے سعید بن مسیب سے کہ تھا وہ احتکار کرتا تیل کو اور بھون کو یعنی گھاس کو اور مانند اُسکے کو۔ اور اس باب میں عمر اور علی اور ابی امامہ اور ابن عمر سے بھی حدیث ہے اور معمر کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے کہ مکروہ رکھتے ہیں بند رکھنے غلہ کو۔ اور اجازت دی بعض نے احتکار کی سوا غلہ کے۔ اور ابن مبارک نے کہا کہ نہیں کوئی ڈر ساتھ احتکار کے بیچ روئی اور کھال کے اور مانند اُسکی کے باب جس جانور کے تھنوں میں دودھ جمع کیا ہو یعنی اُسکے مالک نے کئی دن نہ دُہا ہو کہ بہت دودھ معلوم ہو تو اُسکے بیچنے کا بیان حدیث کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے سماک سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ نہ آگے جا طرف قافلے کو اور نہ بند رکھو دودھ جانور کے تھنوں میں اور نہ بڑھاؤ مول کو بعض تمہارا واسطے بعض کے اور اس باب میں ابن مسعود اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے اور ابن عباس کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے مکروہ رکھتے ہیں بیچنا محفلہ کا اور وہ مصراۃ ہے کہ نہ دوہے اُسکو مالک اُسکا کئی دن یا مانند اُسکے تاکہ جمع ہووے دودھ بیچ تھنوں اُسکی کے تاکہ فریب کھاوے خریدنے والا۔ اور یہ قسم فریب اور دھوکے سے ہے۔

؎ شہر والوں کو ضرر نہ کرے کہ اُسکے بند کرنے سے زیادہ گرانی ہو جاوے تو یہ حرام نہیں اور اسیطرح حرام نہیں بند رکھنا اُن چیزوں کا کہ قوت نہیں ۱۲ ؎ مراد اس سے نجش ہے اور نجش اسکو کہتے ہیں کہ ایک شخص کچھ خرید سے اور ایک اور آدمی آیا اُسنے تعریف کی اُس جنس کی یا مول زیادہ لگایا اُسکا اور خرید منظور نہیں منظور یہی ہے کہ لینے والا میری دیکھا دیکھی زیادہ رغبت کرے اور اسکی لینے میں اس لیئے ایسا کرنا مکروہ ہے ۱۲

باب ماجاء فی الیمین الفاجرۃ یقتطع بہا مال المسلم حدثنا ہناد ثنا ابو معاویۃ عن الاعمش عن شقیق بن سلمۃ عن عبد اللہ بن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من حلف علی یمین وہو فیہا فاجر لیقتطع بہا مال امرء مسلم لقی اللہ وہو علیہ غضبان فقال الاشعث بن قیس فیّ واللہ لقد کان ذلک کان بینی وبین رجل من الیہود ارض فجحدنی فقدمتہ الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الک بینۃ فقلت لا فقال للیہودی احلف فقلت یا رسول اللہ اذن یحلف فیذہب بمالی فانزل اللہ عزوجل ان الذین یشترون بعہد اللہ وایمانہم ثمنا قلیلا الآیۃ الی آخرہا وفی الباب عن وائل بن حجر وابی موسی وابی امامۃ بن ثعلبۃ الانصاری وعمران بن حصین حدیث ابن مسعود حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء اذا اختلف البیعان حدثنا قتیبۃ ثنا سفیان عن ابن عجلان عن عون بن عبد اللہ عن ابن مسعود قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا اختلف البیعان فالقول قول البائع والمبتاع بالخیار ہذا حدیث مرسل عون بن عبد اللہ لم یدرک ابن مسعود وقد روی عن القاسم بن عبد الرحمن عن ابن مسعود عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ہذا الحدیث ایضا وہو مرسل ایضا قال ابن منصور قلت لاحمد اذا اختلف البیعان ولم تکن بینۃ قال القول ما قال رب السلعۃ او یترادان قال اسحق کما قال وکل من قال القول قولہ فعلیہ الیمین وقد روی نحو ہذا عن بعض التابعین منہم شریح **باب** ماجاء فی بیع فضل الماء حدثنا قتیبۃ ثنا داود بن عبد الرحمن العطار عن عمرو بن دینار عن ابی المنہال عن ایاس بن عبد المزنی قال نہی النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن بیع الماء وفی الباب عن جابر وبہیسۃ

باب جھوٹی قسم کھائی کہ کاٹے ساتھ اُسکے مال مسلمان کا۔ حدیث کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معاویہ نے اعمش سے اُسنے شقیق بن سلمہ سے اُسنے ابن مسعود سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص جھوٹی قسم کھاوے تا کہ مال مسلمان کا فریب سے لیوے وہ قیامت کے روز ملیگا خدا سے اُس حال مین کہ خدا اُسپر بہت غصے ہوگا۔ اشعث نے کہا قسم خدا کی کہ یہ حدیث البتہ آپ نے میرے ہی حق مین فرمائی تھی کہ تھی درمیان میرے اور درمیان ایک یہودی کے کچھ زمین مشترک سو انکار کیا اُسنے مجھ سے سو لے گیا مین اُسکو پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو فرمایا کیا تیرے لیے گواہ ہین مین نے کہا نہین سو آپنے یہودی سے فرمایا کہ تو قسم کھا سو مین نے کہا کہ یا حضرت اسوقت قسم کھاویگا وہ پس لیجاویگا مال میرا۔ سو اُتاری خدا بلند اور بزرگ نے یہ آیت کہ تحقیق جو لوگ کہ خریدتے ہین بدلے عہد اللہ کے اور قسمون اپنی کے مول تھوڑا آخر آیت تک اور اس باب مین وائل بن حجر اور ابی موسیٰ اور ابی امامہ بن ثعلبہ اور عمران بن حصین سے بھی روایت ہی اور ابن مسعود کی حدیث حسن صحیح ہی **باب** جبکہ اختلاف کرین بائع اور مشتری تو کسکا قول معتبر ہے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابن عجلان سے اُسنے ابن عبد اللہ سے اُسنے ابن مسعود سے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جبکہ اختلاف کرین بائع اور مشتری تو قول معتبر قول بیچنے والے کا ہے اور لینے والا مختار ہی۔ یہ حدیث مرسل ہی کہ عون نے نہین پایا ابن مسعود کو اور تحقیق روایت کی گئی ہے یہ حدیث قاسم بن عبد الرحمن سے اُسنے ابن مسعود سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور یہ بھی مرسل ہی کہا ابن منصور نے کہ مین نے احمد کو کہا کہ جب اختلاف کرین بائع اور مشتری اور نہون گواہ تو کیا حکم ہے اُنسنے کہا قول وہ ہے جو مالک اسباب کہے یا دونون آپس مین بیع پھیر دین کہا اسحاق نے جیسے کہ کہا کہ ہر وہ شخص کہ ہووے قول قول اُسکا تو اُسپر قسم ہے اور تحقیق مروی ہے مثل اُسکے بعض تابعین سے اُنھین مین سے ہین شریح **باب** پانی کی بیع کا بیان حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے داؤد بن عبد الرحمن عطار نے عمرو بن دینار سے اُسنے روایت کی ابی منہال سے اُسنے ایاس بن عبد مزنی سے کہا کہ منع فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی کی بیع سے اور اس باب مین جابر اور بہیسہ سے

سلہ دریا کے پانی مین سب لوگون کا حق ہے خواہ خود پیوین یا زمین کو پلا دین۔ اور جو نہر کہ دریا سے کھود کر لائی جاوے اسمین بھی سب کا حق ہے لیکن اُس سے اُفتادہ زمین کو آباد کرین تو نہر والے اُسکو منع کر سکتے ہین۔ اور کنوؤن مین بھی سب کا حق ہے اسمین کسی کی خصوصیت نہین ہے اور جو پانی کہ کسی باسن مین رکھا ہووے تو اسمین کسی کا حق نہین۔ وہ خاص اُسی کا حق ہے ۱۲ سلہ یعنی یہ حدیث دونون طریق سے مرسل ہے۔ مرسل اُس حدیث کو کہتے ہین کہ تابعی صحابی کا نام ترک کرے اور آپ خود حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرے اور کہے کہ آپ نے ایسا کہا یا ایسا کیا ۱۲ سلہ شریح آپ قاضی ہین۔ ستر برس تک حکومت کی نسب یہ ہی۔ شریح بن الحارث بن قیس کوفی نخعی۔ ثقہ ہین۔ اور بعض نے صحابی سے شمار کیا ہے عمر آپ کی ۱۰۰ برس کی تھی ۱۲ اسلیم اللہ

عن ابيها وابي هريرة وعائشة وانس وعبد الله بن عمرو حديث اياس حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم انهم كرهوا بيع الماء وهو قول ابن المبارك والشافعي واحمد واسحق وقد رخص بعض اهل العلم في بيع الماء منهم الحسن البصري **حدثنا** قتيبة ثنا الليث عن ابي الزناد عن الاعرج عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال لا يمنع فضل الماء ليمنع به الكلاء هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء في كراهية عسب الفحل **حدثنا** احمد بن منيع وابو عمار قالا ثنا اسمعيل بن علية ثنا علي بن الحكم عن نافع عن ابن عمر قال نهى النبي صلى الله عليه وسلم عن عسب الفحل وفي الباب عن ابي هريرة وانس وابي سعيد حديث ابن عمر حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند بعض اهل العلم وقد رخص قوم في قبول الكرامة على ذلك **حدثنا** عبدة بن عبد الله الخزاعي البصري ثنا يحيى بن آدم عن ابراهيم بن حميد الرؤاسي عن هشام بن عروة عن محمد بن ابراهيم التيمي عن انس بن مالك ان رجلا من كلاب سال رسول الله صلى الله عليه وسلم عن عسب الفحل فنهاه فقال يا رسول الله انا نطرق الفحل فنكرم فرخص له في الكرامة هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من حديث ابراهيم بن حميد عن هشام بن عروة **باب** ما جاء في ثمن الكلب **حدثنا** قتيبة ثنا الليث عن ابن شهاب

اسنے اپنے باپ سے [۱] اور اس باب میں ابی ہریرہ اور عائشہ اور انس اور عبد اللہ بن عمرو سے بھی روایت کی ہے اور ایاس کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے کہ تحقیق انھوں نے مکروہ رکھا ہے بیچنا پانی کا اور یہی ہے قول ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ پانی کا بیچنا جائز ہے انھیں میں سے ہیں حسن بصری **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے اسنے کہا حدیث کی ہم سے لیث نے ابی زناد سے اسنے اعرج سے اسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ منع کیا جاوے فاضل پانی کے لینے سے تاکہ زیادتی گھاس میں [۱] منع ہو یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** نر کا جست کروانا مکروہ ہے **حدیث** کی ہم سے احمد بن منیع اور ابو عمار نے انھوں نے کہا حدیث کی ہم سے اسمعیل بن علیہ نے اسنے کہا حدیث کی ہم سے علی بن حکم نے نافع سے اسنے ابن عمر سے کہا کہ منع فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جست کروانے نر کے سے [۲] اور اس باب میں ابی ہریرہ اور انس اور ابی سعید سے بھی روایت ہے اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور تحقیق اجازت دی ہے ایک قوم نے بیچ قبول کرنے انعام کے اوپر اسکے **حدیث** کی ہم سے عبدہ بن عبد اللہ خزاعی بصری نے اسنے کہا حدیث کی ہم سے یحیی بن آدم نے ابراہیم بن حمید رواسی سے اسنے ہشام بن عروہ سے اسنے محمد بن ابراہیم تیمی سے اسنے انس بن مالک سے کہ ایک مرد نے قبیلے کلاب کے سے پوچھا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو جست کروانے نر کے سے (یعنی اسکے مادہ پر چھوڑنے کی اُجرت سے) پس منع فرمایا آپ نے اسکو سو اسنے پھر عرض کی کہ یا حضرت ہم مار تیا دیتے ہیں نر کو پھر انعام دیے جاتے ہیں (یعنی کچھ اجرت ہم نہیں ٹھہراتے یونہیں بطریق انعام کے ہمیں دیتے ہیں) پس اجازت دی نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اسکو بیچ لینے انعام کے یہ حدیث حسن غریب ہے۔ نہیں پہچانتے ہم اس حدیث کو مگر ابراہیم بن حمید سے اسنے ہشام بن عروہ سے **باب** کتے کی قیمت لینے کا بیان **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے اسنے کہا حدیث کی ہم سے لیث نے ابن شہاب سے

[۱] مواشی کو گھاس وہاں چرلتے ہیں جہاں پانی ہوتا ہے۔ پس اگر پانی پلانے سے جانور کو منع کیا تو گویا گھاس سے منع کیا کہ بدون پانی کے گھاس کوئی جانور نہیں کھا سکتا۔ پس اگر اپنے مواشی کے پانی پینے سے پانی زیادہ ہو تو اسکو منع کرے۔ اور یہ نہی بعض کے نزدیک مکروہ تحریمی ہے اور بعض کے نزدیک تنزیہی ہے۔ ۱۲ [۲] یعنے خواہ اونٹ ہو خواہ گھوڑا۔ خواہ کچھ اور کسی کو دے مادہ پر چھوڑنے کے لیے اور اسکی اجرت لے اس سے منع فرمایا ہے۔ اسلیے کہ اسمیں جہالت ہے نر کبھی جست کرتا ہے کبھی نہیں کرتا۔ اور کبھی مادہ حاملہ ہوتی ہے اور کبھی نہیں ہوتی۔ اور یہ اجرت اکثر فقہا اور صحابہ کے نزدیک حرام ہے اور اگر مار تیا دیوے تو مستحب ہے اور اگر وہ کچھ بطور انعام کے بلا تعین بعد اسکے دیوے تو درست ہے ۱۲

حاشیہ متعلق صفحہ ۳۹۹ [۱] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کتے کا بیچنا درست نہیں۔ اور یہی ہے مذہب امام شافعی اور جمہور علما کا کہ کتے کا بیچنا درست نہیں خواہ معلم ہو یا غیر معلم خواہ جائز ہو پالنا اسکا یا نہو۔ اور امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ جائز ہے بیچنا اس کتے کا کہ اسمیں نفع ہو اور واجب ہے قیمت اسکی تلف کرنے والے پر ۱۲ طیبی [۲] اس سے معلوم ہوا کہ سینگی لگانے کی مزدوری مکروہ ہے [۳] اس بلی کا بیچنا منع ہے کہ جسمیں کوئی نفع نہو اور اگر اسمیں کوئی نفع ہو تو جمہور کے نزدیک بیچنا اسکا اور مول اسکا حلال ہے۔ مگر بعض

ح وثنا سعيد بن عبد الرحمن المخزومي وغير واحد قالوا ثنا سفيان بن عيينة عن الزهري عن ابي بكر بن عبد الرحمن عن ابي مسعود الانصاري قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن ثمن الكلب ومهر البغي وحلوان الكاهن هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمد بن رافع ثنا عبد الرزاق ثنا معمر عن يحيى بن ابي كثير عن ابراهيم بن عبد الله بن قارظ عن السائب بن يزيد عن رافع بن خديج ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال كسب الحجام خبيث ومهر البغي خبيث وثمن الكلب خبيث وفي الباب عن عمر وابن مسعود وجابر وابي هريرة وابن عباس وابن عمر وعبد الله بن جعفر حديث رافع حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم كرهوا ثمن الكلب وهو قول الشافعي واحمد واسحق وقد رخص بعض اهل العلم في ثمن كلب الصيد **باب ماجاء في كسب الحجام حدثنا** قتيبة عن مالك بن انس عن ابن شهاب عن ابن محيصة اخي بني حارثة عن ابيه انه استاذن النبي صلى الله عليه وسلم في اجارة الحجام فنهاه عنها فلم يزل يسأله ويستأذنه حتى قال اعلفه ناضحك واطعمه رقيقك وفي الباب عن رافع بن خديج وابي جحيفة وجابر والسائب حديث محيصة حديث حسن والعمل على هذا عند بعض اهل العلم وقال احمد ان سألني حجام نهيته واخذ بهذا الحديث **باب ماجاء من الرخصة في كسب الحجام حدثنا** علي بن حجر ثنا اسمعيل بن جعفر عن حميد قال سئل انس عن كسب الحجام فقال انس احتجم رسول الله صلى الله عليه وسلم وحجمه ابو طيبة فامر له بصاعين من طعام وكلم اهله فوضعوا عنه من خراجه وقال ان افضل ما تداويتم به الحجامة او ان من امثل دوائكم الحجامة وفي الباب عن علي وابن عباس وابن عمر حديث انس حسن صحيح وقد رخص بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم في كسب الحجام وهو قول الشافعي **باب ماجاء في كراهية ثمن الكلب والسنور حدثنا**

ح اور حدیث کی ہمسے سعید بن عبد الرحمن مخزومی وغیرہ نے کہا انھوں نے حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے زہری سے اُسنے ابی بکر بن عبد الرحمن سے اُسنے ابی مسعود سے کہا کہ منع فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے کی قیمت سے اور خرچی عورت زنا کرنے والی کیسے اور شیرنی اور اجرت کاہن کی سے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن رافع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ابراہیم بن عبد اللہ بن قارظ سے اُسنے سائب بن یزید سے اُسنے رافع بن خدیج سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کسب سینگی لگانے کا پلید ہے اور خرچی عورت زانیہ کی حرام ہے اور مول کتے کا حرام ہے اور اس باب میں ابن مسعود اور عمر اور ابن جابر اور ابی ہریرہ اور ابن عباس اور ابن عمر اور عبد اللہ بن جعفر سے بھی روایت ہی۔ اور رافع کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل ہے نزدیک اکثر اہل علم کے کہتے ہیں کہ مول کتے کا مکروہ ہے۔ اور یہی ہے قول شافعی اور احمد اسحاق کا۔ اور بعضے کہتے ہیں کہ شکاری کتے کا مول درست ہی **باب** سینگی لگانے والی کی کمائی کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے مالک بن انس سے اُسنے ابن شہاب سے اُسنے ابن محیصہ بنی حارثہ کے بھائی سے اُسنے اپنے باپ سے کہ اُسنے اجازت چاہی نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے بیچ مزدوری سینگی کھینچنے کے سو منع فرمایا آپنے اُسکو اُس سے سو ہمیشہ وہ سوال کرتا آپ سے اور اذن چاہتا۔ یہانتک کہ آپ نے فرمایا کہ کھلا اُس سے اونٹ اپنے کو اور کھلا اُس سے غلام اپنے کو اور اس باب میں رافع ابن خدیج اور ابی جحیفہ اور جابر اور سائب رضی اللہ عنہم سے بھی روایت ہے اور محیصہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور احمد نے کہا کہ اگر پوچھے مجھ سے سینگی لگانے والا تو منع کروں اُسکو اور دلیل پکڑی ساتھ اس حدیث کے **باب** سینگی لگانے کی اجرت درست ہے **حدیث** بیان کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن جعفر نے حمید سے کہا پوچھے گئے انس کمائی سینگی لگانے والی کی سے سو انس نے کہا کہ سینگی لگوائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور سینگی لگائی آپ کو طیبہ نے سو نبی صلعم نے حکم کیا اُسکے لیے دو صاع طعام دینے کا اور کلام کیا نبی صلعم نے اسکے مالکوں سے پس معاف کیا انھوں نے خراج اسکے سے اور فرمایا کہ افضل یا مثل اُس چیز کا کہ علاج کرتے ہو تم ساتھ اُسکے سینگی لگانا ہی۔ اور اس باب میں ابن عباس اور علی اور ابن عمر سے بھی روایت ہی اور انس کی حدیث حسن صحیح ہی اور تحقیق اجازت دی ہے بعض اہل علم نے حضرت کے اصحاب وغیرہ سے حجام کی اجرت میں یہ قول شافعی کا ہے **باب** کتے اور بلی کا مول مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے

• صحابہ اور بعض تابعین سے اسکی کراہت مروی ہے۔

علی بن حجر وعلی بن خشرم قالا ثنا عیسی بن یونس عن الاعمش عن ابی سفیان عن جابر قال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن ثمن الکلب والسنور ھذا حدیث فی اسنادہ اضطراب وقد روی ھذا الحدیث عن الاعمش عن بعض اصحابہ عن جابر واضطربوا علی الاعمش فی روایۃ ھذا الحدیث وقد کرہ قوم من اھل العلم ثمن الھر ورخص فیہ بعضھم وھو قول احمد واسحق وروی ابن فضیل عن الاعمش عن ابی حازم عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من غیر ھذا الوجہ **حدثنا** یحیی بن موسی ثنا عبد الرزاق ثنا عمر بن زید الصنعانی عن ابی الزبیر عن جابر قال نھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن اکل الھر وثمنہ ھذا حدیث غریب وعمر بن زید لا نعرف کبیر احد روی عنہ غیر عبد الرزاق **باب حدثنا** ابو کریب ثنا وکیع عن حماد بن سلمۃ عن ابی المھزم عن ابی ھریرۃ قال نھی عن ثمن الکلب الا کلب الصید ھذا حدیث لا یصح من ھذا الوجہ وابو المھزم اسمہ یزید بن سفیان وتکلم فیہ شعبۃ بن الحجاج وروی عن جابر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو ھذا ولا یصح اسنادہ ایضا **باب** ماجاء فی کراھیۃ بیع المغنیات **حدثنا** قتیبۃ ثنا بکر بن مضر عن عبید اللہ بن زحر عن علی بن یزید عن القاسم عن ابی امامۃ عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تبیعوا القینات ولا تشتروھن ولا تعلموھن ولا خیر فی تجارۃ فیھن وثمنھن حرام فی مثل ھذا انزلت ھذہ الآیۃ ومن الناس من یشتری لھو الحدیث لیضل عن سبیل اللہ الی اخر الآیۃ وفی الباب عن عمر بن الخطاب حدیث ابی امامۃ انما نعرفہ مثل ھذا من ھذا الوجہ وقد تکلم بعض اھل العلم فی علی بن یزید وضعفہ وھو شامی

علی بن حجر اور علی بن خشرم نے انھوں نے کہا حدیث کی ہمسے عیسے بن یونس نے اعمش سے اُسنے ابو سفیان سے اُسنے جابر سے کہا منع فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مول لینے اور بلی کے سے۔ اور اس حدیث کی اسناد مین اضطراب ہے اور تحقیق روایت کی گئی ہے یہ حدیث اعمش سے بعض اصحاب اُسکے نے جابر سے۔ اور اضطراب کیا ہی انھون نے اعمش پر بیچ روایت اس حدیث کے اور ایک جماعت اہل علم کہتے ہین کہ مول بلی کا مکروہ ہے۔ اور بعضے کہتے ہین کہ درست ہے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا اور روایت کی ابن فضیل نے اعمش سے اُسنے ابی حازم سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سوا اس طریق کے **حدیث** کی ہمسے یحیی بن موسی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عمر بن زید صنعانی نے ابی زبیر سے اُسنے روایت کی جابر سے کہا کہ منع فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کھانے بلی کے سے اور مول اُسکے سے یہ حدیث غریب ہے۔ اور عمر بن زید نہین جانتے ہم کسی بڑے کہ روایت کی ہو اُس سے سوائے عبد الرزاق کے **باب** **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے حماد بن سلمہ سے اُسنے ابی مہزم سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ منع فرمایا آپ نے مول کتے کے سے مگر کتا شکار کا۔ اور یہ حدیث اسوجہ سے صحیح نہین اور ابو مہزم کا نام یزید بن سفیان ہی۔ اور کلام کیا اسمین شعبہ نے اور روایت کی گئی جابر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے۔ اور نہین صحیح ہے اسناد اُسکی بھی **باب** گانیوالی لونڈیون کو بیچنا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے بکر بن مضر نے عبید اللہ بن زحر سے اُسنے علی بن یزید سے اُسنے قاسم سے اُسنے ابی امامہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ بیچو لونڈی گانیوالیاں[1] اور نہ خریدو انکو۔ اور نہ سکھاؤ لونڈیون کو گانا۔ اور نہین بہتری بیچ سوداگری اُنکی کے۔ اور مول انکا حرام ہے ایسی ہی مثال کے مسائل کے لیے یہ آیت اُتری۔ اور بعضے آدمیون مین سے وہ ہین کہ مول لیتے ہین کھیل کی بات تاکہ گمراہ کرے راہ اللہ کی سے آخر آیت تک اور اس باب مین عمر بن خطاب سے بھی روایت ہے اور نہین جانتے ہم حدیث ابوامامہ کو مگر اسی وجہ سے اور تحقیق کلام کیا ہی بعض اہل علم نے بیچ حق علی بن یزید کے اور ضعیف کہا ہے اسکو اور وہ شامی ہے

[1] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بیچنا لونڈیون کا صحیح نہین۔ اور جمہور کے نزدیک بیچنا اُنکا صحیح ہے۔ اور حدیث باوجود ضعیف ہونے کے مؤول ہے اور کھیل کی بات سے مراد گانا اور آواز ہین حرام ہین کہ باز رکھین ذکر اللہ سے پس داخل ہین اُنمین کہانیان اور جھوٹی باتین اور خرافات بکنا اور ٹھٹھے کی باتین۔ اور سیکھنا موسیقی وغیرہ کا ۱۲

باب ما جاء فی کراھیة ان یفرق بین الاخوین او بین الوالدة وولدھا فی البیع **حدثنا** عمر بن حفص الشیبانی ثنا عبد اللہ بن وھب اخبرنی حیی بن عبد اللہ عن ابی عبد الرحمٰن عن ابی ایوب قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من فرّق بین الوالدة وولدھا فرّق اللہ بینه وبین احبته یوم القیٰمة ھذا حدیث حسن غریب **حدثنا** الحسن بن علی ثنا عبد الرحمٰن بن مھدی عن حماد بن سلمة عن الحجّاج عن الحکم عن میمون بن ابی شبیب عن علی قال وھب لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم غلامین اخوین فبعت احدھما فقال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا علی ما فعل غلامك فاخبرته فقال ردہ ردہ ھذا حدیث حسن غریب وقد کرہ بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم التفریق بین السبی فی البیع ورخص بعض اھل العلم فی التفریق بین المولدات الذین ولدوا فی الارض الاسلام والقول الاول اصح وروی عن ابراھیم انه فرّق بین والدة وولدھا فی البیع فقیل له فی ذلك فقال انی قد استاذنتھا فی ذلك فرضیت **باب** ما جاء فی من یشتری العبد ویستغلّه ثم یجد به عیبا **حدثنا** محمد بن المثنی ثنا عثمان بن عمر وابو عامر العقدی عن ابن ابی ذئب عن مخلد بن خفاف عن عروة عن عائشة ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قضی ان الخراج بالضمان ھذا حدیث حسن وقد روی ھذا الحدیث من غیر ھذا الوجه والعمل علی ھذا عند اھل العلم **حدثنا** ابو سلمة یحیی بن خلف ثنا عمر بن علی عن ھشام بن عروة عن ابیه عن عائشة ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قضی ان الخراج بالضمان وھذا حدیث صحیح غریب من حدیث ھشام بن عروة واستغرب محمد بن اسمٰعیل ھذا الحدیث من حدیث عمر بن علی وقد روی مسلم بن خالد الزنجی ھذا الحدیث عن ھشام بن عروة ورواہ جریر عن ھشام ایضا وحدیث جریر یقال تدلیس دلّس فیه جریر لم یسمعه من ھشام بن عروة وتفسیر الخراج بالضمان ھو الرجل الذی یشتری العبد فیستغله ثم یجد به عیبا فیردہ علی البایع فالغلة

باب مکروہ ہے یہ کہ جدائی ڈالی جاوے درمیان دو بھائیوں کے یا درمیان ماں اور بیٹے کے بیچ بیع کے **حدیث** کی ہمسے عمر بن حفص شیبانی نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن وہب نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو حیی بن عبد اللہ نے ابی عبد الرحمٰن سے اُسنے ابی ایوب سے کہا سنا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے۔ جو شخص کہ جدائی ڈالے درمیان ماں اور بیٹے اُسکے کے جدائی ڈالے گا اللہ تعالیٰ درمیان اُسکے اور درمیان محبوبون اُسکے کے دن قیامت کے یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی نے اُسنے کہا حدیث کی عبد الرحمٰن بن مہدی نے حماد بن سلمہ سے اُسنے حجاج سے اُسنے حکم سے اُسنے میمون بن ابی شبیب سے اُسنے علی سے کہا کہ بخشے مجکو حضرت صلعم نے دو غلام کہ بھائی تھے وہ آپس میں پس بیچا مینے ایک کو اُنمین سے سو فرمایا مجکو نبی صلعم نے کہ اے علی کیا ہوا غلام تیرا (یعنی جسکو مین نے بیچ ڈالا تھا) پس خبر دی مین نے آپ کو اُس سے سو فرمایا پھیر لے اُسکو پھیر لے اُسکو یہ حدیث حسن غریب ہے اور بعض اہل علم حضرت صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہین کہ جدائی ڈالنی درمیان قیدیون کے بیچ بیع کے مکروہ ہے اور رخصت دی بعض اہل علم نے بیچ جدا کر دینے کے درمیان مولدات کے کہ پیدا ہوئے بیچ زمین اسلام کے اور قول اول زیادہ صحیح ہے اور ابراہیم سے مروی ہے کہ اُسنے جدائی ڈالی درمیان ماں اور بیٹے اُسکے کے بیچ بیع کے سو کسی نے اُسپر اعتراض کیا سو اُسنے کہا کہ مین نے اذن چاہا تھا اسمین اُسکی ماں سے سو راضی ہوئی وہ اس بات پر **باب** جو شخص کہ خریدے غلام اور لے کمائی اُسکی پھر پاوے اُسمین کوئی عیب تو کیا کرے **حدیث** کی ہمسے محمد بن مثنیٰ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عثمان بن عمر اور ابو عامر عقدی نے ابن ابی ذئب سے اُسنے مخلد بن خفاف سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے کہ حضرت صلعم نے حکم کیا کہ خراج بسبب ضمانت کا ہے یعنی جو چیز جسکی ضمان مین آئی وہی اُسکے نفع کا مستحق ہے یہ حدیث حسن ہے اور یہ حدیث کئی وجہ سے مروی ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے **حدیث** کی ہمسے ابو سلمہ یحیی بن خلف نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عمر بن علی نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے کہ نبی صلعم نے حکم کیا یہ کہ خراج بسبب ضمان کے ہے اور یہ حدیث صحیح غریب ہے حدیث ہشام بن عروہ سے اور غریب کہا اُسکو بخاری نے حدیث عمر بن علی سے اور تحقیق روایت کی مسلم بن خالد زنجی نے یہ حدیث ہشام بن عروہ سے اور روایت کیا اُسکو جریر نے ہشام سے بھی اور کہا جاتا ہے کہ جریر کی حدیث مدلس ہے تدلیس کی ہے اسمین جریر نے نہین سنا اُسنے ہشام بن عروہ سے اور تفسیر خراج بالضمان کی یہ ہے کہ ایک مرد خریدے غلام پھر لے کمائی اُسکی پھر پاوے اُسمین کوئی عیب یعنی عیب قدیمی پس رد کرے اُسکو اور پہنچے واسطے اُسکے پس کمائی اُسکی

للمشتری لان العبد لو هلك هلك من مال المشتری ونحو هذا من المسائل یکون فیه الخراج بالضمان **باب** ماجاء من الرخصة فی اکل الثمرة للمار بها **حدثنا** محمد بن عبد الملك بن ابی الشوارب ثنا یحیی بن سلیم عن عبید الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال من دخل حائطا فلیاکل ولا یتخذ خبنة وفی الباب عن عبد الله بن عمرو وعباد بن شرحبیل ورافع بن عمرو وعمیر مولی ابی اللحم وابی هریرة حدیث ابن عمر حدیث غریب لا نعرفه من هذا الوجه الا من حدیث یحیی بن سلیم وقد رخص فیه بعض اهل العلم لابن السبیل فی اکل الثمار وکرهه بعضهم الا بالثمن **حدثنا** قتیبة ثنا اللیث عن ابن عجلان عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده ان النبی صلی الله علیه وسلم سئل عن الثمر المعلق فقال من اصاب منه من ذی حاجة غیر متخذ خبنة فلا شیء علیه هذا حدیث حسن **حدثنا** ابو عمار الحسین بن حریث الخزاعی ثنا الفضل بن موسی عن صالح بن ابی جبیر عن ابیه عن رافع بن عمرو قال کنت ارمی نخل الانصار فاخذونی فذهبوا الی النبی صلی الله علیه وسلم فقال یا رافع لم ترمی نخلهم قال قلت یا رسول الله الجوع قال لا ترم وکل ما وقع اشبعك الله وارواك هذا حدیث حسن غریب صحیح **باب** ماجاء فی النهی عن الثنیا **حدثنا** زیاد بن ایوب البغدادی ثنا عباد بن العوام اخبرنی سفیان بن حسین عن یونس بن عبید عن عطاء عن جابر ان رسول الله صلی الله علیه وسلم نهی عن المحاقلة والمزابنة والمخابرة والثنیا الا ان تعلم هذا حدیث حسن صحیح غریب من هذا الوجه من حدیث یونس بن عبید عن عطاء عن جابر

باب ماجاء فی کراهیة بیع الطعام حتی یستوفیه

واسطے خریدار کے ہے اسلیے کہ اگر غلام ہلاک ہوتا تو ضائع ہوتا مال خریدار کا اور اس قسم کے مال میں نفع بعد ضمان کے ہے **باب** مسافر کے لیے راستے میں باغ کا میوہ کھانا درست ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد الملک بن ابی شوارب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سلیم نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اسنے ابن عمر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص کہ داخل ہووے کسی باغ میں تو چاہیے کہ کھاوے اور نہ باندھ لیجاوے۔ اس باب میں عبد اللہ بن عمرو اور عباد بن شرحبیل اور رافع بن عمرو اور عمیر مولی ابی اللحم اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے اور ابن عمر کی حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو اسوجہ سے مگر حدیث یحیی ابن سلیم سے اور تحقیق اجازت دی ہے بیچ اسکے بعض اہل علم نے واسطے مسافر کے بیچ کھانے میوے کے اور بعضے کہتے ہیں کہ کھانا اُسکا مکروہ ہے مگر قیمت سے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن عجلان نے اُسنے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے گئے میوے لٹکے ہوئے سے فرمایا جو شخص کہ کھاوے اُس سے بسبب حاجت (بھوک) کے اور نہ باندھ لے تو کچھ حرج نہیں یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے ابو عمار حسین بن حریث خزاعی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے فضیل بن موسی نے صالح بن ابی جبیر سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے رافع بن عمرو سے کہ تھا میں پتھر پھینکتا انصار کی کھجوروں پر سو پکڑا انھوں نے مجکو اور لے گئے پاس نبی صلعم کے سو فرمایا حضرت نے کہ اے رافع کیوں پتھر پھینکتا تھا اُنکی کھجوروں پر میں نے کہا یا حضرت بھوک سے فرمایا نہ پھینک پتھر اُنپر بلکہ جو زمین پر گرے ہوں اُنکو کھا۔ پیٹ بھر دیگا تیرا اُس سے اللہ اور آسودہ کردے گا یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے **باب** بیع سے استثنا کرنا منع ہے **حدیث** کی ہمسے زیاد بن ایوب بغدادی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عباد بن عوام نے اُسنے کہا خبر دی ہمکو سفیان بن حسین نے یونس بن عبید سے اُسنے عطا سے اُسنے جابر سے کہ منع فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے محاقلت اور مزابنت اور مخابرت[1] اور استثنا کرنے سے مگر یہ کہ جانا جاوے۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اسوجہ سے یعنی حدیث یونس بن عبید سے

باب غلے کا بیچنا منع ہے یہاں تک کہ قبض کرے۔

[1] یہ حکم موافق عادت کے ہے اور مدار اسکا عرف اور عادت پر ہے جہاں جس چیز کی اجازت ہوگی لینا اُسکا درست ہوگا اور جہاں اجازت نہوگی لینا درست نہیں ۱۲ [2] مخابرت کے معنی کرایہ دینا زمین کا حصہ معین پر جیسے تہائی یا چوتھائی یعنے ایک شخص اپنی زمین کسی کو باین شرط دے کہ اسمیں بووے جوتے اور کاشتکاری کرے۔ اور جو اسمیں پیدا ہو اسمیں سے تہائی یا چوتھائی مجکو دینا۔ اس سے منع فرمایا کہ اسمیں جہالت اجرت کی ہے اور مدعوم ہے اور مخابرت کو بھی کہتے ہیں اس مخابرت میں تخم بونے والے کا ہوتا ہے اور مزارعت میں مالک کا اور مزارعت امام ابو حنیفہ کے نزدیک درست نہیں اور صاحبین کے نزدیک درست ہے اور فتوی بھی اسی پر ہے۔ اور استثنا کے معنے یہ ہیں کہ کوئی بیچی میں سے

حدثنا قتیبة ثنا حمّاد بن زید عن عمرو بن دینار عن طاؤس عن ابن عبّاس ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم قال من ابتاع طعاما فلا یبعہ حتے یستوفیہ قال ابن عبّاس واحسب کل شیء مثلہ وفی الباب عن جابر وابن عمر حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح والعمل علے ھذا عند اکثر اھل العلم کرھوا بیع الطعام حتی یقبضہ المشتری وقد رخص بعض اھل العلم فی من ابتاع شیئا مما لایکال ولایوزن من ما لایوکل ولایشرب ان یبیعہ قبل ان یستوفیہ وانما التشدید عند اھل العلم فی الطعام وھو قول احمد واسحٰق **باب** ماجاء فی النھی عن البیع علی بیع اخیہ **حدثنا** قتیبة ثنا اللیث عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم قال لا یبیع بعضکم علی بیع بعض ولایخطب بعضکم علے خطبة بعض وفی الباب عن ابی ھریرة وسمرة حدیث ابن عمر حدیث حسن صحیح وروی عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم انہ قال لا یسوم الرجل علی سوم اخیہ ومعنی البیع فی ھذا الحدیث عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم عند بعض اھل العلم ھو السوم **باب** ماجاء فی بیع الخمر والنھی عن ذلک **حدثنا** حمید بن مسعدة ثنا المعتمر بن سلیمان قال سمعت لیثا یحدث عن یحیی بن عبّاد عن انس عن ابی طلحة انہ قال یا نبی اللہ انی اشتریت خمرا لایتام فی حجری قال اھرق الخمر واکسر الدنان وفی الباب عن جابر وعائشة وابی سعید وابن مسعود وابن عمر وانس حدیث ابی طلحة روی الثوری ھذا الحدیث عن السدّی عن یحیی بن عباد عن انس ان ابا طلحة کان عندہ وھذا اصح من حدیث اللیث **حدثنا** محمد بن بشار ثنا یحیی بن سعید ثنا سفیان عن السدّی عن یحیی بن عباد عن انس بن مالک قال سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایتخذ الخمر خلا قال لا ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** عبداللہ بن منیر قال سمعت ابا عاصم عن شبیب بن بشر عن انس بن مالک

حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے عمرو بن دینار سے اُسنے طاؤس سے اُسنے ابن عباس سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ جو شخص کہ خریدے غلہ پس نہ بیچے اُسکو یہانتک کہ قبضہ کرے اُسپر ابن عباس نے کہا کہ مین گمان کرتا ہون کہ ہر چیز مین یہ نہ صرف غلہ مین یہی حکم ہے۔ اس باب مین جابر اور ابن عمر سے بھی روایت ہی ابن عباس کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے کہتے ہین کہ غلہ کا بیچنا مکروہ ہے یہانتک کہ قبض کرے اُسکو خریدنے والا۔ اور بعض اہل علم نے اجازت دی ہے بیچ اسکے کہ جو چیز کھانے پینے کی نہو خواہ وہ کیلی ہو یا وزنی قبل قبضہ کے بیچے تو جائز ہے اور یہ تشدید تو کھانے کی چیزون مین ہے اہل علم کے نزدیک یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا **باب** اپنے بھائی کے بیچنے پر بیچنا منع ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ نہ بیچے بعض تمہارا اوپر بیچنے بعض کے اور نہ بھیجے پیغام نکاح کا اوپر پیغام نکاح بعض کے اور اس باب مین ابی ہریرہ اور سمرہ سے بھی روایت ہے اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اور نبی صلعم سے مروی ہے کہ فرمایا نہ چکاوے آدمی اوپر چکانے بھائی اپنے کے اور بیع کے معنے چکانا ہے۔ اس حدیث مین نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے نزدیک بعض اہل علم کے **باب** شراب کا بیچنا منع ہے **حدیث** کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معمر بن سلیمان نے اُسنے کہا سُنا مین نے لیث سے حدیث بیان کرتا تھا یحیی بن عباد سے اُسنے انس سے اُسنے ابی طلحہ سے کہ اُسنے کہا کہ یا حضرت تحقیق مین نے خریدی تھی شراب واسطے یتیمون کے کہ میری پرورش مین ہین یعنے واسطے سرکہ بنانے کے فرمایا پھینک دی شراب کو اور توڑ ڈال شراب کے برتن کو اس باب مین جابر اور عائشہ اور ابی سعید اور ابن مسعود اور ابن عمر اور انس سے بھی روایت ہی اور ابی طلحہ کی حدیث کو ثوری نے روایت کیا ہی سدی سے اُسنے یحیی بن عباد سے اُسنے انس سے کہ تحقیق ابو طلحہ تھا نزدیک اُسکے اور یہ زیادہ تر صحیح ہے لیث کی حدیث سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے سدی سے اُسنے یحیی بن عباد سے اُسنے انس بن مالک سے کہا کہ پوچھے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہ کیا شراب کا سرکہ بنایا جاوے فرمایا نہین یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عبداللہ بن منیر نے اُسنے کہا سُنا مین نے ابا عاصم سے کہ روایت کرتا تھا شبیب بن بشر سے اُسنے روایت کی انس بن مالک سے

ف۱ بیچنا کسی چیز کا پہلے قبض کے جائز نہین نزدیک شافعی اور محمد کے خواہ وہ چیز عقار یعنی زمین ہو خواہ وہ چیز منقول ہو اور امام مالک کے نزدیک جائز نہین بیچنا غلے کا پہلے قبض کے اور باقی چیزون کا بیچنا درست ہی اور امام ابو حنیفہ اور ابو یوسف کے نزدیک بیچنا عقار کا جائز ہے نہ منقول کا اور امام احمد کا بھی ظاہر قول یہی ہو ۱۲ ع ف۲ یعنے ایک شخص نے ایک چیز بیع خیار کر کے لی اور دوسرا ایک شخص کہے لینے والے کو کہ فسخ کر اس بیع کو مین تیرے ہاتھ ایسی ہی چیز اس سے سستے مول کو دونگا۔ اس سے منع فرمایا۔ اور یا مراد اس سے بیع نجش ہے ۱۲ ع ف۳ یہ خریدنا شراب کا پہلے حرام ہونے اُسکے سے تھا اور پوچھنا اُسکے حکم کا بعد حرام ہونے اُسکے کے تھا اور شراب کے باسن توڑ دینے کا اسواسطے حکم فرمایا کہ نجاست اُسمین اثر کر گئی تھی یا واسطے مبالغہ کے سبب اس حدیث کے

قال لعن رسول الله صلی الله علیه وسلم فی الخمر عشرة عاصرها و معتصرها و شاربها وحاملها والمحمولة الیه وساقیها وبائعها واٰکل ثمنها والمشتری لها والمشتراة له هٰذا حدیث غریب من حدیث انس وقد روی نحو هٰذا عن ابن عباس وابن مسعود وابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم **باب** ماجاء فی احتلاب المواشی بغیر اذن الارباب **حدثنا** ابو سلمة یحیی بن خلف ثنا عبد الاعلی عن سعید عن قتادة عن الحسن عن سمرة بن جندب ان النبی صلی الله علیه وسلم قال اذا اتی احدکم علی ماشیة فان کان فیها صاحبها فلیستاذنه فان اذن له فلیحتلب ولیشرب وان لم یکن فیها احد فلیصوت ثلثا فان اجابه احد فلیستاذنه فان لم یجبه احد فلیحتلب ولیشرب ولا یحمل وفی الباب عن ابن عمر وابی سعید حدیث سمرة حدیث حسن غریب صحیح والعمل علی هٰذا عند بعض اهل العلم وبه یقول احمد واسحٰق وقال علی بن المدینی سماع الحسن من سمرة صحیح وقد تکلم بعض اهل الحدیث فی روایة الحسن عن سمرة وقالوا انما یحدث عن صحیفة سمرة **باب** ماجاء فی بیع جلود المیتة والاصنام **حدثنا** قتیبة ثنا اللیث عن یزید بن ابی حبیب عن عطاء بن ابی رباح عن جابر بن عبد الله انه سمع رسول الله صلی الله علیه وسلم عام الفتح وهو بمکة یقول ان الله ورسوله حرم بیع الخمر والمیتة والخنزیر والاصنام فقیل یا رسول الله ارایت شحوم المیتة فانه یطلی به السفن ویدهن بها الجلود ویستصبح بها الناس قال لا هو حرام ثم قال رسول الله صلی الله علیه وسلم عند ذٰلک قاتل الله الیهود ان الله حرم علیهم الشحوم فاجملوه ثم باعوه فاکلوا ثمنه وفی الباب عن عمر وابن عباس حدیث جابر حدیث حسن صحیح والعمل علی هٰذا عند اهل العلم

کہا کہ لعنت کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب کے مقدمہ میں دس شخصوں کو شراب کے نچوڑنے[1] والے اور نچڑوانے والے کو اور پینے والے کو اور اُٹھانے والے کو اور جسکے لیے اُٹھائی جاوے اور پلانے والے کو اور بیچنے والے کو اور اُسکے مول کھانے والے کو اور اُسکے مول لینے والے کو اور جسکے لیے خریدی جاوے یہ حدیث غریب ہے حدیث انس کی سے۔ اور تحقیق روایت کی گئی ہے مثل اسکے ابن عباس اور ابن عمر اور ابن مسعود سے انھوں نے روایت کی نبی صلعم سے **باب** بدون اذن مالک کے چارپایوں کا دودھ دوہنا جائز ہے یا نہیں **حدیث** کی ہمسے ابو سلمہ یحیی بن خلف نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الاعلے نے سعید سے اُسنے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے سمرہ بن جندب سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ جب آوے ایک تمہارا اوپر مواشی کے سو اگر ہوا اُنمین مالک اُنکا تو چاہیے کہ اجازت لے اُس سے پس اگر اجازت دے تو دودھ دوہے اور پیوے اور اگر نہو اُنمین کوئی تو آواز دے تین بار سو اگر جواب دے اُسکو کوئی تو چاہیے کہ اذن لے اُس سے اور اگر نہ جواب دے اُسکو کوئی تو چاہیے کہ دودھ دوہے اور پی لے اور نہ اُٹھاوے ساتھ اپنے گھر لیجانے کے لیے اور اُس باب مین ابن عمر اور ابی سعید سے بھی روایت ہے اور سمرہ کی حدیث حسن صحیح اور غریب ہے اور عمل اسیپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور ساتھ اسی کے قائل ہے احمد اور اسحاق۔ اور کہا علی بن مدینی نے کہ سماع حسن کا سمرہ سے صحیح ہے اور تحقیق کلام کیا ہے بعض اہل حدیث نے بیچ روایت حسن کے جو سمرہ سے ہے اور کہتے ہین کہ سوا اسکے نہین کہ حدیث کرتا ہے وہ کتاب سمرہ سے (یعنی سماعاً حدیث نہین بیان کرتا ہے بلکہ کتاب سے نقل بیان کرتا ہے) **باب** مردار کے چمڑون اور بتون کے بیچنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے یزید سے اُسنے عطاء بن ابی رباح سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہ اُسنے سُنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سال فتح مکہ کے اور آپ مکہ مین تھے فرماتے کہ اللہ اور اُسکے رسول نے حرام کیا بیچنا شراب اور مردار اور سور اور بتون کا سو کہا گیا کہ یا حضرت خبر دو ہمکو مردار کی چربی کے حال سے کہ اُس سے کشتی اور چمڑے مین ملتے ہین چکناہٹ کے لیے اور چراغ مین جلاتے ہین۔ پس فرمایا نہین جائز ہے۔ نفع اُٹھانا ساتھ اُسکے حرام ہے پھر فرمایا نبی صلعم نے کہ لعنت کرے اللہ یہود پر کہ تحقیق اللہ نے جبکہ حرام کین اُنپر چربیان جانورونکی تو پگھلاتے چربی کو پھر بیچتے اُسکو پھر کھاتے مول اُسکا اور اس باب مین عمر اور ابن عباس سے بھی روایت ہے۔ اور جابر کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے۔

[1] نچوڑنے والا وہ ہے کہ جو شیرہ انگور کا نچوڑے شراب بنانے کے لیے خواہ اپنے واسطے نچوڑے خواہ کسی اور کے واسطے اور اسیطرح نچڑوانے والا خواہ اپنے واسطے نچڑوائے خواہ کسی اور کے واسطے اور بیچنے والے کو اگرچہ وکیل ہو یا دلال ہو اور جو کہ بیچے انگور نچوڑنے والے کے ہاتھ اور مول لے اُسکا۔ پس وہ زیادہ تر لائق ہے ساتھ لعنت کرنے کے۔ اکثر علماء کے نزدیک یہ حکم

باب ما جاء فی کراھیة الرجوع من الھبة حدثنا احمد بن عبدة الضبی ثنا عبد الوھاب الثقفی ثنا ایوب عن عکرمة عن ابن عباس ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لیس لنا مثل السوء العائد فی ھبته کالکلب یعود فی قیئه وفی الباب عن ابن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم انه قال لا یحل لاحد ان یعطی عطیة فیرجع فیھا الا الوالد فیما یعطی ولده حدثنا بذلک محمد بن بشارة ثنا محمد بن عدی عن حسین المعلم عن عمرو بن شعیب انه سمع طاوسا یحدث عن ابن عمر وابن عباس یرفعان الحدیث الی النبی صلی الله علیه وسلم بھذا الحدیث حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح والعمل علی ھذا عند بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرھم قالوا من وھب ھبة لذی رحم محرم فلیس له ان یرجع فی ھبته ومن وھب ھبة لغیر ذی رحم محرم فله ان یرجع فیھا ما لم یثب منھا وھو قول الثوری وقال الشافعی لا یحل لاحد ان یعطی عطیة فیرجع فیھا الا الوالد فیما یعطی ولده واحتج الشافعی بحدیث عبد الله بن عمر عن النبی صلی الله علیه وسلم قال لا یحل لاحد ان یعطی عطیة فیرجع فیھا الا الوالد فیما یعطی ولده **باب** ما جاء فی العرایا والرخصة فی ذلک **حدثنا** ھناد ثنا عبدة عن محمد بن اسحق عن نافع عن ابن عمر عن زید بن ثابت ان النبی صلی الله علیه وسلم نھی عن المحاقلة والمزابنة الا انه قد اذن لاھل العرایا ان یبیعوھا بمثل خرصھا وفی الباب عن ابی ھریرة وجابر حدیث زید بن ثابت ھکذا روی محمد بن اسحق ھذا الحدیث وروی ایوب وعبید الله بن عمر ومالک بن انس عن نافع عن ابن عمر ان النبی صلی الله علیه وسلم نھی عن المحاقلة والمزابنة

باب بخشی ہوئی چیز کو پھیر لینا مکروہ ہے **حدیث** کی ہم سے احمد بن عبدہ ضبی نے اسنے کہا حدیث کی ہم سے عبد الوہاب ثقفی نے اسنے کہا حدیث کی ہم سے ایوب نے عکرمہ سے اسنے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں لائق ہم کو مثل برے پھیرنے والے کے اپنے ہبہ میں یعنی ایک چیز کسی کو دیکر پھیر لینے والا مانند کتے کے ہے کہ چاٹتا ہے قے اپنی۔ اس باب میں ابن عمر سے بھی روایت ہے اسنے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں حلال ہے کسی کو کہ بخشے کوئی چیز پھر رجوع کرے اس سے یعنی دیکر پھیر لے مگر باپ کو کہ دے بیٹے اپنے کو پھر پھیر لے تو یہ پھیر لینا اسکا درست ہے **حدیث** کی ہم سے ساتھ اسکے محمد بن بشار نے اسنے کہا حدیث کی ہم سے ابن ابی عدی نے حسین معلم سے اسنے روایت کی عمرو بن شعیب سے اسنے سنا طاؤس سے کہ ابن عمر اور ابن عباس مرفوع کرتے تھے اس حدیث کو طرف نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور ابن عباس کی حدیث حسن ہے صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ جو شخص کہ بخشے کوئی چیز واسطے ذی رحم اپنے کے تو نہیں جائز ہے اسکو یہ کہ رجوع کرے بیچ ہبہ اپنے کے اور جو شخص کہ بخشے کوئی چیز واسطے غیر ذی رحم کے تو درست ہے اسکو یہ کہ رجوع کرے جبتک کہ نہ بدلہ دیا جاوے اس سے۔ اور یہی ہے قول ثوری کا۔ اور شافعی نے کہا کہ نہیں جائز کسی کو یہ کہ بخشے کوئی چیز پھر رجوع کرے بیچ اسکے مگر باپ بیٹے اپنے سے اور دلیل پکڑی ہے شافعی نے ساتھ حدیث ابن عمر کے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا نہیں جائز کسی کو یہ کہ بخشے کوئی چیز پھر رجوع کرے اسمیں مگر باپ بیٹے اپنے سے **باب** عرایا اور اسکے جائز ہونے کا بیان **حدیث** کی ہم سے ہناد نے اسنے کہا حدیث کی ہم سے عبدہ نے محمد بن اسحاق سے اسنے نافع سے اسنے ابن عمر سے اسنے زید بن ثابت سے کہ منع فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے محاقلت اور مزابنت سے مگر یہ کہ اجازت دی آپ نے عرایا میں کہ بیچیں اس میوے کو درخت پر ساتھ اندازہ کرنے اسکے کے حالت خشک ہونے میں یعنی اندازہ کرے کہ یہ خشک ہونے کے کسقدر ہوگا اسقدر خشک کھجوریں دیکر لے لے۔ اور اس باب میں ابی ہریرہ اور جابر سے بھی روایت ہے۔ اور اسیطرح روایت کی محمد بن اسحاق نے یہ حدیث اور روایت کی ایوب اور عبید اللہ بن عمر اور مالک بن انس نے نافع سے انہوں روایت کی ابن عمر سے کہ تحقیق منع فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے محاقلت اور مزابنت سے

۱؎ امام شافعی کے نزدیک رجوع کرنا ہبہ سے درست نہیں مگر باپ کو درست ہے بیٹے کی ہبہ سے رجوع کرنا۔ اور امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ باپ کو بھی اپنے بیٹے سے رجوع کرنا درست نہیں ہے ۱۲

۲؎ عرایا [illegible] کہتے ہیں کہ [illegible] محتاج کو [illegible] کھانے کے لیے تو مطلب یہ ہے کہ بعضے شخص اپنے باغ میں سے ایک یا دو درخت میوہ دار کسی محتاج کو میوہ کھانے کے لیے دے دیتے تھے اور پھر اس [illegible] اپنے اہل و عیال کے ساتھ باغ میں آکر بیٹھتے تھے اور اس فقیر کے آنے سے تکلیف ہوتا اور نہ راضی ہوتا کہ وہ وعدہ خلاف کرے اور ہبہ میں رجوع کرے تو اسکو اپنے پاس سے اسکے [illegible] میں دیتے اور درخت جو ہبہ ہو آپ لیتے اسکو درست رکھا اور یہ پانچ وسق سے کم میں درست ہے زیادہ میں نہیں ۱۲

وبھذا الاسناد عن ابن عمر عن زید بن ثابت عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ رخّص فی العرایا فیما دون خمسۃ اوسق وھذا
حدثنا علی بن المنذر الکوفی ثنا محمد بن فضیل عن فضیل بن مرزوق عن عطیۃ عن ابی سعید قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان احب الناس الی اللہ یوم القیمۃ وادناھم منہ مجلسا امام عادل وابغض الناس الی اللہ وابعدھم منہ مجلسا امام جائر وفی الباب عن ابن ابی اوفی حدیث ابی سعید حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ حدثنا عبد القدوس بن محمد ابوبکر العطار ثنا عمرو بن عاصم ثنا عمران القطان عن ابی اسحاق الشیبانی عن ابن ابی اوفی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ مع القاضی مالم یجر فاذا جار تخلی عنہ ولزمہ الشیطان ھذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من حدیث عمران القطان **باب** ماجاء فی القاضی لا یقضی بین الخصمین حتی یسمع کلامھما **حدثنا** ھناد ثنا حسین بن علی الجعفی عن زائدۃ عن سماک بن حرب عن حنش عن علی قال قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا تقاضی الیک رجلان فلا تقض للاول حتی تسمع کلام الاخر فسوف تدری کیف تقضی قال علی فما زلت قاضیا بعد ھذا حدیث حسن **باب** ماجاء فی امام الرعیۃ **حدثنا** احمد بن منیع ثنا اسمعیل بن ابراھیم قال ثنی علی بن الحکم ثنی ابو الحسن قال قال عمرو بن مرۃ لمعاویۃ انی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول مامن امام یغلق بابہ دون ذوی الحاجۃ والخلۃ والمسکنۃ الا اغلق اللہ ابواب السماء دون خلتہ وحاجتہ ومسکنتہ فجعل معاویۃ رجلا علی حوائج الناس وفی الباب عن ابن عمر حدیث عمرو بن مرۃ حدیث غریب وقد روی ھذا الحدیث من غیر ھذا الوجہ وعمرو بن مرۃ الجھنی یکنی ابا مریم **حدثنا** علی بن حجر ثنا یحیی بن حمزۃ عن یزید بن ابی مریم عن القاسم بن المخیمرۃ عن ابی مریم صاحب النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو ھذا الحدیث بمعناہ **باب** ماجاء لا یقضی القاضی وھو غضبان **حدثنا** قتیبۃ ثنا ابو عوانۃ عن عبد الملک بن عمیر عن عبد الرحمن بن ابی بکرۃ

حدیث کی ہمسے علی بن منذر کوفی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن فضیل نے فضیل بن مرزوق سے اسنے عطیہ سے اسنے ابی سعید سے کہا کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ بہت پیارا لوگون مین طرف اللہ کے دن قیامت کے اور بہت قریب اُنکا اُس سے ازروے مجلس کے یعنی مرتبہ کے امام عادل ہے اور تحقیق بہت دشمن رکھا گیا لوگون مین طرف اللہ کے دن قیامت کے اور بہت دور اُنکا اللہ سے ازروے مرتبہ کے امام ظالم ہے اور اس باب مین ابن ابی اوفی سے بھی روایت ہے اور ابی سعید کی حدیث حسن غریب ہے نہین پہچانتے ہم اُسکو مگر اسی وجہ سے **حدیث** کی ہمسے عبدالقدوس بن محمد ابوبکر عطار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن عاصم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عمران قطان نے ابی اسحاق شیبانی سے اُسنے ابن ابی اوفی سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ تحقیق اللہ تعالی ساتھ قاضی کے ہے جبتک کہ نہین ظلم کرتا ہے پس جب ظلم کرتا ہے تو الگ ہو جاتا ہے اُس سے اللہ تعالی اور ہمیشہ رہتا ہے ساتھ اُسکے شیطان یہ حدیث غریب ہے نہین پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث عمران قطان سے **باب** قاضی نہ حکم کرے درمیان دو جھگڑنے والون کے یہانتک کہ سنے کلام دونون کا **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حسین بن علی جعفی نے زائدہ سے اُسنے سماک بن حرب سے اُسنے حنش سے اُسنے علی سے کہا کہ فرمایا مجکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جب کہ لاوین تیرے پاس جھگڑا دو شخص پس نہ حکم کر تو واسطے پہلے کے جو وہ مدعی ہے یہانتک کہ سُنے تو کلام دوسرے کا۔ پس قریب ہے کہ جانے گا تو کسطرح قضا کرے علی نے کہا سو ہمیشہ قضا کرتا تھا مین بعد اسکے یہ حدیث حسن ہے **باب** رعیت کا بیان **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن ابراہیم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے علی بن حکم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابوالحسن نے کہا کہ کہا عمرو بن مرہ نے معاویہ سے کہ تحقیق مین نے سُنا ہے نبی صلعم سے فرماتے تھے کہ نہین کوئی امام اور حاکم کہ بند کرے دروازہ اپنا اوپر صاحب حاجت اور فقر اور محتاجی کے مگر کہ بند کریگا اللہ دروازے آسمان کے نزدیک محتاجی اور حاجت اور غربت اُسکی کے پس مقرر کیا معاویہ نے ایک شخص کو کہ لوگونکی حاجت کو دفع کرے اور اس باب مین ابن عمر سے بھی روایت ہے اور عمرو بن مرہ کی حدیث غریب ہے اور تحقیق روایت کی گئی یہ حدیث غیر اسوجہ سے بھی اور عمرو بن مرہ جہنی کی کنیت ابا مریم ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن حمزہ نے یزید بن ابی مریم سے اُسنے قاسم بن مخیمرہ سے اُسنے ابی مریم نبی صلعم کے یار سے مثل اس حدیث کے اسی معنی مین **باب** نہ حکم کرے قاضی اسحالت مین کہ غصہ مین ہو **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے عبدالملک بن عمیر سے اُسنے عبدالرحمن بن ابی بکرہ سے

ف ۱؎ اسواسطے کہ غضب مانع ہے اجتہاد اور فکر کا۔ اسی طرح بہت گرمی اور سردی اور بھوک اور پیاس اور بیماری مین بھی نہ حکم کرے اگران حالات مین حکم کریگا تو وہ جاری ہوگا ساتھ کراہت کے

قال کتب ابی الی عبید اللہ بن ابی بکرۃ وھو قاض ان لا تحکم بین اثنین وانت غضبان فانی سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا یحکم الحاکم بین اثنین وھو غضبان ھٰذا حدیث حسن صحیح وابوبکرۃ اسمہ نفیع **باب** ماجاء فی ھدایا الامراء **حدثنا** ابوکریب ثنا ابواسامۃ عن داؤد بن یزید الاودی عن المغیرۃ بن شبیل عن قیس بن ابی حازم عن معاذ بن جبل قال بعثنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الی الیمن فلما سرت ارسل فی اثری فرددت فقال اتدری لم بعثت الیک قال لا تصیبن شیئا بغیر اذنی فانہ غلول ومن یغلل یات بما غل یوم القیمۃ لھذا دعوتک امض لعملک وفی الباب عن عدی بن عمیرۃ وبریدۃ والمستورد بن شداد وابی حمید وابن عمر حدیث معاذ حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ من حدیث ابی اسامۃ عن داود الاودی **باب** ماجاء فی الراشی والمرتشی فی الحکم **حدثنا** قتیبۃ ثنا ابوعوانۃ عن عمرو بن ابی سلمۃ عن ابیہ عن ابی ھریرۃ قال لعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الراشی والمرتشی فی الحکم وفی الباب عن عبد اللہ بن عمرو وعائشۃ وابن حدیدۃ وام سلمۃ حدیث ابی ھریرۃ حدیث حسن وقد روی ھٰذا الحدیث عن ابی سلمۃ بن عبد الرحمن عن عبد اللہ بن عمرو وروی عن ابی سلمۃ عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ولا یصح وسمعت عبد اللہ بن عبد الرحمن یقول حدیث ابی سلمۃ عن عبد اللہ بن عمرو عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم احسن شیء فی ھٰذا الباب واصح **حدثنا** ابوموسیٰ محمد بن المثنی ثنا ابوعامر العقدی ثنا ابن ابی ذئب عن خالہ الحارث بن عبد الرحمن عن ابی سلمۃ عن عبد اللہ بن عمرو قال لعن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الراشی والمرتشی ھٰذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی قبول الھدیۃ واجابۃ الدعوۃ **حدثنا** محمد بن عبد اللہ بن بزیع ثنا بشر بن المفضل ثنا سعید عن قتادۃ عن انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لو اھدی الی کراع لقبلت ولو دعیت علیہ لاجبت وفی الباب عن علی وعائشۃ والمغیرۃ بن شعبۃ وسلمان ومعاویۃ بن حیدۃ وعبد الرحمن بن علقمۃ حدیث انس حدیث حسن صحیح

کہا کہ لکھا باپ میرے نے طرف عبید اللہ بن ابی بکرہ کے اور وہ قاضی تھا یہ کہ نہ حکم کر تو درمیان دو شخصوں کے اس حالت میں کہ تو غضب میں ہو پس تحقیق میں نے سنا ہے نبی صلعم سے فرماتے تھے کہ نہ حکم کرے کوئی حکم کرنے والا درمیان دو شخصوں کے اس حالت میں کہ وہ غصہ میں ہو یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابوبکرہ کا نام نفیع ہے **باب** حاکموں کے ہدیوں اور تحفوں کا بیان **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسامہ نے داؤد بن یزید اودی سے اُسنے مغیرہ بن شبیل سے اُسنے قیس بن ابی حازم سے اُسنے معاذ بن جبل سے کہا کہ بھیجا مجکو رسول اللہ صلعم نے طرف یمن کے جب گیا میں تھوڑی دور تو بھیجا کسی کو پیچھے میرے پس پھیر آگیا میں سو فرمایا کیا جانتا ہے تو کہ کسواسطے بھیجا میں نے طرف تیری آدمی پھر فرمایا اسلیے کہ کچھ نہیں تجکو کہ نہ لے تو بغیر اذن میرے کے کہ وہ خیانت ہے اور جو شخص کہ خیانت کریگا لاویگا خیانت کی چیزوں کو قیامت کے دن پس جا اپنے کام پر اس باب میں عدی بن عمیرہ اور بریدہ اور مستورد بن شداد اور ابی حمید اور ابن عمر سے بھی روایت ہے اور معاذ کی حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ حدیث ابو اسامہ سے اُسنے داؤد اودی سے **باب** رشوت دینے والے اور رشوت لینے والے کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابوعوانہ نے عمرو بن ابی سلمہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ لعنت کی نبی صلعم نے رشوت دینے والے کو اور رشوت لینے والے کو بیچ حکم کرنے کے اس باب میں عبد اللہ بن عمرو اور عائشہ اور ابن حدیدہ اور ام سلمہ سے بھی روایت ہے اور ابو ہریرہ کی حدیث حسن ہے اور تحقیق روایت کی گئی ہے یہ حدیث ابی سلمہ بن عبد الرحمن سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے اور روایت کی گئی ہے ابی سلمہ سے اسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلعم سے اور نہیں صحیح ہے اور سنا میں نے عبد اللہ بن عبد الرحمن کو کہتا تھا کہ حدیث ابی سلمہ کی عبد اللہ بن عمرو سے اُسنے نبی صلعم سے بہت اچھی چیز ہے اور اس باب میں وہ زیادہ تر صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابوموسیٰ محمد بن مثنی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر عقدی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی ذئب نے اپنے خالو حارث بن عبد الرحمن سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ لعنت کی نبی صلعم نے رشوت دینے والے کو اور رشوت لینے والے کو یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** ہدیہ اور دعوت کے قبول کرنیکا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد اللہ بن بزیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن مفضل نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سعید نے قتادہ سے اُسنے انس بن مالک سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ اگر بکری کا پایا مجکو تحفہ دیا جاوے تو البتہ قبول کروں اور اگر میں دعوت میں بکری کے دست پاچہ کی طرف بلایا جاؤں تو البتہ قبول کرونگا اور اس باب میں علی اور عائشہ اور مغیرہ بن شعبہ اور سلمان اور معاویہ بن حیدہ اور عبد الرحمن بن علقمہ سے بھی روایت ہے اور انس کی حدیث حسن صحیح ہے۔

باب ماجاء فی التشدید علی من یقضی لہ بشیء لیس لہ ان یأخذہ **حدثنا** هرون بن اسحٰق الهمدانی ثنا عبدۃ بن سلیمان عن هشام بن عروۃ عن ابیہ عن زینب بنت ابی سلمۃ عن ام سلمۃ قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انکم تختصمون الیّ وانما انا بشر ولعل بعضکم ان یکون الحن بحجتہ من بعض فان قضیت لاحد منکم بشیء من حق اخیہ فانما اقطع لہ قطعۃ من النار فلا یأخذ منہ شیئا وفی الباب عن ابی هریرۃ وعائشۃ حدیث ام سلمۃ حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی ان البینۃ علی المدعی والیمین علی المدعی علیہ **حدثنا** قتیبۃ ثنا ابو الاحوص عن سماک بن حرب عن علقمۃ بن وائل عن ابیہ قال جاء رجل من حضرموت ورجل من کندۃ الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال الحضرمی یا رسول اللہ ان هذا غلبنی علی ارض لی فقال الکندی هی ارضی فی یدی لیس لہ فیها حق فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم للحضرمی الک بینۃ قال لا قال فلک یمینہ قال یا رسول اللہ ان الرجل فاجر لا یبالی علی ما حلف علیہ ولیس یتورع من شیء قال لیس لک منہ الا ذلک قال فانطلق الرجل لیحلف لہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما ادبر لئن حلف علی مالہ لیاکلہ ظلما لیلقین اللہ وهو عنہ معرض وفی الباب عن عمر وابن عباس وعبد اللہ بن عمرو والاشعث بن قیس حدیث وائل بن حجر حدیث حسن صحیح **حدثنا** علی بن حجر ثنا علی بن مسهر وغیرہ عن محمد بن عبید اللہ عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال فی خطبتہ البینۃ علی المدعی والیمین علی المدعی علیہ هذا حدیث فی اسنادہ مقال ومحمد بن عبید اللہ العرزمی یضعف فی الحدیث من قبل حفظہ ضعفہ ابن المبارک وغیرہ

باب اگر حکم کیا حاکم واسطے کسی شخص کے ساتھ حق غیر کے اور وہ اُسکو لے لے تو اُسکو کیا گناہ ہے **حدیث** کی ہمسے ہارون بن اسحاق ہمدانی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ بن سلیمان نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے زینب بنت ابی سلمہ سے اُسنے ام سلمہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ سوا اسکے نہین کہ مین آدمی ہون اور تحقیق تم جھگڑتے آتے ہو طرف میرے اور شاید کہ بعض تمھارا ہووے خوب تقریر کرنے والا ساتھ دلیل اپنی کے بعض سے سو اگر حکم کرون مین واسطے کسی کے تمسے ساتھ کسی چیز کے حق بھائی اُسکے سے تو سوا اسکے نہین کہ حکم کرتا ہون واسطے اُسکے ایک ٹکڑا آگ سے سو نہ لیوے اُس سے کوئی چیز اور اس باب مین ابی ہریرہ اور عائشہ سے بھی روایت ہے۔ اور ام سلمہ کی حدیث حسن صحیح ہے **باب** گواہ لانا مدعی پر ہے اور قسم مدعی علیہ پر **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے سماک بن حرب سے اُسنے علقمہ بن وائل سے اُسنے اپنے باپ سے کہا کہ آیا ایک شخص حضرموت سے (کہ نام ہے ایک شہر کا یمن سے) اور آیا ایک شخص کندی یمن سے (کہ قبیلہ یمن سے ہے) طرف نبی صلعم کے یعنی جھگڑتے ہوئے آئے سو حضرمی نے کہا کہ یا حضرت تحقیق اسنے غلبہ کیا مجھپر اوپر زمین میری کے یعنی جبرا چھین لی ہے مجھسے اور کہا کندی نے کہ وہ زمین میری ہے اور بیچ ہاتھ میرے کے ہے نہین واسطے اُسکے اُس زمین مین کچھ حق سو نبی صلعم نے حضرمی سے فرمایا کہ کیا تیرے پاس گواہ ہین اُسنے کہا نہین فرمایا پس واسطے تیرے ہے قسم اُسکی یعنی مدعی علیہ کی حضرمی نے کہا یا حضرت یہ شخص فاجر گنہگار ہے نہین پروا کرتا اوپر اُس چیز کے کہ قسم کھاوے اُسپر یعنی سچ ہو یا جھوٹ ہو اور نہین پرہیز کرتا کسی چیز سے فرمایا نہین واسطے تیرے اُس سے مگر یہ یعنی قسم۔ پس چلا کندی تا کہ قسم کھاوے سو فرمایا نبی صلعم نے جب کہ پیٹھ پھیری اُسنے اگر قسم کھاویگا یہ اوپر مال اُسکے کے تا کہ کھاوے مال اُسکا ازراہ ظلم کے تو البتہ ملاقات کریگا اللہ تعالیٰ سے اس حال مین کہ وہ اُس سے بیزار ہو اور اس باب مین عمر اور ابن عباس اور عبد اللہ بن عمرو اور اشعث بن قیس سے بھی روایت ہے اور وائل بن حجر کی حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے علی بن مسہر وغیرہ نے محمد بن عبید اللہ سے اُسنے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہ نبی صلعم نے فرمایا بیچ خطبے اپنے کے کہ گواہ اوپر مدعی کے ہین اور قسم اوپر مدعی علیہ کے۔ اس حدیث کی اسناد مین کلام ہے اور محمد بن عبید اللہ ضعیف کیا جاتا ہے حدیث مین اپنے حافظہ کی رو سے ضعیف کہا ہے اُسکو ابن مبارک وغیرہ نے

حاشیہ ۴۱۵ ؎ رشوت اُس مال کو کہتے ہین کہ دیا جاوے واسطے باطل کرنے حق کے اور ثابت کرنے باطل کے اور اگر واسطے ثابت کرنے حق کے اور دفع کرنے ظلم کے نفس اپنے سے دیوے تو اسکا کچھ مضائقہ نہین ۱۲ع ؎ یہ اشارہ ہے اسطرف کہ مین غیب کا حال نہین جانتا بسبب ظاہر حکم کرتا ہون باطن کا حال مجھے معلوم نہین ہے پس اگر مین مدعی کی تقریر سے سمجھون کہ حق اُسکا اور درحقیقت وہ اُسکا حق ہو تو وہ اُسکو حلال نہ جانے بلکہ جانے کہ یہ ٹکڑا آگ کا ہے پس بچے اُس سے اس سے معلوم ہوا کہ قضا قاضی کی باطن مین نافذ نہین ہوتی ۱۲

حدثنا محمد بن سہل بن عسکر البغدادی ثنا محمد بن یوسف ثنا نافع بن عمر الجمحی عن عبد اللہ بن ابی ملیکۃ عن ابن عباس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قضی ان الیمین علی المدعی علیہ ھذا حدیث حسن صحیح والعمل علی ھذا عند اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم ان البینۃ علی المدعی والیمین علی المدعی علیہ **باب** ماجاء فی الیمین مع الشاھد **حدثنا** یعقوب بن ابراھیم الدورقی ثنا عبد العزیز بن محمد قال ثنی ربیعۃ بن ابی عبد الرحمن عن سھیل بن ابی صالح عن ابیہ عن ابی ھریرۃ قال قضی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالیمین مع الشاھد الواحد قال ربیعۃ واخبرنی ابن لسعد بن عبادۃ قال وجدنا فی کتاب سعد ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قضی بالیمین مع الشاھد وفی الباب عن علی وجابر وابن عباس وسرق حدیث ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قضی بالیمین مع الشاھد حدیث حسن غریب **حدثنا** محمد بن بشار ومحمد بن ابان قالا ثنا عبد الوھاب الثقفی عن جعفر بن محمد عن ابیہ عن جابر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قضی بالیمین مع الشاھد **حدثنا** علی بن حجر ثنا اسمعیل بن جعفر ثنا جعفر بن محمد عن ابیہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قضی بالیمین مع الشاھد الواحد قال وقضی بھا علی فیکم وھذا اصح وھکذا روی سفیان الثوری عن جعفر بن محمد عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مرسلا وروی عبد العزیز بن ابی سلمۃ ویحیی بن سلیم ھذا الحدیث عن جعفر بن محمد عن ابیہ عن علی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم والعمل علی ھذا عند بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم راوا ان الیمین مع الشاھد الواحد جائزۃ فی الحقوق والاموال وھو قول مالک بن انس والشافعی واحمد واسحق وقالوا لا یقضی بالیمین مع الشاھد الواحد الا فی الحقوق والاموال ولم یر بعض اھل العلم من اھل الکوفۃ وغیرھم ان یقضی بالیمین مع الشاھد الواحد **باب** ماجاء فی العبد یکون بین رجلین فیعتق احدھما نصیبہ **حدثنا** احمد بن منیع ثنا اسمعیل بن ابراھیم عن ایوب عن نافع عن ابن عمر

حدیث کی ہمسے محمد بن سہل بن عسکر بغدادی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن یوسف نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے نافع بن عمر جمحی نے عبد اللہ بن ابی ملیکہ سے اُسنے ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلعم نے فیصلہ کیا کہ قسم اوپر مدعی علیہ کے ہے[1] یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ گواہ اوپر مدعی کے ہے اور قسم اوپر مدعی علیہ کے **باب** گواہ کے ساتھ قسم کھانے کا بیان[2] یعنی اگر مدعی کے پاس فقط ایک ہی گواہ ہو تو دوسرے گواہ کے بدلے اُس سے قسم لیجاوے **حدیث** بیان کی ہمسے یعقوب بن ابراہیم دورقی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ربیعہ بن ابی عبد الرحمن نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ حکم کیا نبی صلعم نے ساتھ قسم اور ایک گواہ کے کہا ربیعہ نے اور خبر دی مجکو سعد بن عبادہ کے ایک لڑکے نے کہا کہ پایا ہمنے بیچ کتاب سعد کے کہ تحقیق نبی صلعم نے حکم کیا ساتھ قسم کے اور ایک گواہ کے اور اس باب میں علی اور جابر اور ابن عباس اور سرق سے بھی روایت ہے اور ابی ہریرہ کی حدیث کہ نبی صلعم نے حکم کیا ساتھ قسم کے اور ایک گواہ کے حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار اور محمد بن ابان نے انھوں نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوہاب ثقفی نے جعفر بن محمد سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے جابر سے کہ تحقیق نبی صلعم نے حکم کیا ساتھ قسم کے اور ایک گواہ کے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن جعفر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن محمد نے اپنے باپ سے کہ نبی صلعم نے حکم کیا ساتھ قسم اور ایک گواہ کے کہا اور حکم کیا ساتھ اُسکے علی نے بیچ تمہارے اور یہ زیادہ صحیح ہے اور اسیطرح روایت کی سفیان ثوری نے جعفر بن محمد سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلعم سے مرسل اور روایت کی عبد العزیز بن ابی سلمہ اور یحیی بن سلیم نے یہ حدیث جعفر بن محمد سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے حضرت علی سے اُسنے نبی صلعم سے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ قسم ساتھ ایک گواہ کے جائز ہے حقوق اور مالوں میں اور یہی ہے قول مالک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا اور کہتے ہیں کہ نہ حکم کیا جاوے ساتھ قسم اور ایک گواہ کے مگر حقوق اور مالوں میں اور بعض اہل علم کوفہ وغیرہ سے کہتے ہیں کہ نہ حکم کیا جاوے ساتھ قسم اور ایک گواہ کے **باب** اگر کوئی غلام دو شخصوں میں مشترک ہو اور ایک شخص اُنمیں سے اپنا حصہ آزاد کر دے تو اُسکا کیا حکم ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن ابراہیم نے ایوب سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے۔

[1] یعنی اول مدعی سے گواہ طلب کیے جاویں اور اگر اُسکے پاس گواہ نہوں تو مدعا علیہ سے قسم لیجاوے ۱۲ [2] یعنی اگر مدعی کے پاس فقط ایک ہی گواہ ہو تو دوسرے گواہ کے بدلے اُس سے قسم لیجاوے اور اسپر فیصلہ کیا جاوے اور یہی ہے مذہب تینوں اماموں کا اور امام ابوحنیفہ کہتے ہیں کہ جائز نہیں حکم کرنا ساتھ قسم اور ایک گواہ کے مگر یہ اختلاف فقط اموال میں ہے اور اگر دعوی ۱۲

عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من اعتق نصیبا او قال شقیصا او قال شرکا لہ فی عبد فکان لہ من المال ما یبلغ ثمنہ بقیمۃ العدل فھو عتیق والا فقد عتق منہ ما عتق قال ایوب وربما قال نافع فی ھذا الحدیث یعنی فقد عتق منہ ما عتق حدیث ابن عمر حدیث حسن صحیح وقد رواہ سالم عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم حدثنا بذلک الحسن بن علی الخلال ثنا عبد الرزاق ثنا معمر عن الزھری عن سالم عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من اعتق نصیبا لہ فی عبد فکان لہ من المال ما یبلغ ثمنہ فھو عتیق من مالہ ھذا حدیث حسن صحیح حدثنا علی بن خشرم ثنا عیسی بن یونس عن سعید بن ابی عروبۃ عن قتادۃ عن النضر بن انس عن بشیر بن نھیک عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من اعتق نصیبا او قال شقیصا فی مملوک فخلاصہ فی مالہ ان کان لہ مال وان لم یکن لہ مال قوم قیمۃ عدل ثم یستسعی فی نصیب الذی لم یعتق غیر مشقوق علیہ وفی الباب عن عبد اللہ بن عمرو حدثنا محمد بن بشار ثنا یحیی بن سعید عن سعید بن ابی عروبۃ نحوہ وقال شقیصا ھذا حدیث حسن صحیح وھکذا روی ابان بن یزید عن قتادۃ مثل روایۃ سعید بن ابی عروبۃ وروی شعبۃ ھذا الحدیث عن قتادۃ ولم یذکر فیہ امر السعایۃ واختلف اھل العلم فی السعایۃ فرای بعض اھل العلم السعایۃ فی ھذا وھو قول سفیان الثوری واھل الکوفۃ وبہ یقول اسحق وقد قال بعض اھل العلم اذا کان العبد بین رجلین فاعتق احدھما نصیبہ فان کان لہ مال غرم نصیب اخیہ واعتق العبد من مالہ وان لم یکن لہ مال عتق من العبد ما عتق ولا یستسعی

اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے جو شخص کہ آزاد کرے حصہ اپنا غلام میں اور ہو واسطے آزاد کرنے والے کے مال سے اسقدر کہ پہونچے ہو مول غلام کو یعنی اُسکی باقی قیمت کو ساتھ قیمت انصاف کے تو وہ غلام آزاد ہے اور اگر نہیں مال پاس اُسکے تو تحقیق آزاد ہوا اُس سے جو کہ آزاد ہوا یعنی فقط آزاد کرنے والے کا حصہ آزاد ہوا باقی شریکوں کے حصے مملوک ہین کہا ایوب نے اور بہت وقت کہا نافع نے بیچ اس حدیث کے یعنی پس آزاد ہوا اُس سے جو کچھ آزاد ہوا اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کیا اُسکو سالم نے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے اُسنے سالم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپنے جو شخص کہ آزاد کرے حصہ اپنا غلام مین اور ہو واسطے اُسکے مال کہ پہونچتا ہو مول غلام کو تو وہ آزاد ہے مال اُسکے سے یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے علی بن خشرم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عیسی بن یونس نے سعید بن ابی عروبہ سے اُسنے قتادہ سے اُسنے نضر بن انس سے اُسنے بشیر بن نہیک سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا جو شخص کہ آزاد کرے حصہ اپنا غلام مین تو خلاص اُسکا اُسکے مال مین ہے جبکہ ہو واسطے اُسکے مال اور اگر نہو مال تو قیمت انصاف کی لگائی جاوے یعنی بغیر کمی اور زیادتی کے۔ پھر محنت لیجاوے غلام سے بیچ حصہ اُس شخص کے کہ نہین آزاد کیا اُسنے یعنی اُس سے مزدوری کرائی جاوے تا کہ مملوک اپنے حصہ کی قیمت کماکر ادا کرے اس حال مین کہ نہ مشقت ڈالی جاوے اُسپر محنت کرنے مین اس باب مین عبد اللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے سعید بن ابی عروبہ سے مثل اسکے اور اُسنے نصیبا کی جگہ شقیصا کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسیطرح روایت کی ہے ابان بن یزید نے قتادہ سے مثل روایت سعید بن ابی عروبہ کے اور روایت کی شعبہ نے یہ حدیث قتادہ سے اور نہین ذکر کیا اسمین حکم سعی کرانیکا۔ اور اختلاف کیا ہے اہل علم نے بیچ سعی کرانے کے غلام سے سو بعض اہل علم کہتے ہین کہ اُس سے سعی کرائی جاوے اور یہی ہے قول ثوری کا اور اہل کوفہ کا۔ اور ساتھ اسی کے قائل ہے اسحاق اور بعض اہل علم کہتے ہین کہ اگر ہو غلام درمیان دو شخصون کے اور آزاد کرے ایک اُنکا حصہ اپنا سو اگر ہو واسطے اُسکے مال تو ضامن ہوگا حصہ شریک اپنے کا اور آزاد ہوگا غلام مال اُسکے سے اور اگر نہو واسطے اُسکے مال تو آزاد ہوگا غلام سے جو کہ آزاد ہوا۔ اور نہ سعی کرایا جاوے

لہ اِس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر آزاد کرنے والا غنی ہو تو شریک کا حصہ پھیر دے اور آزاد ہو جاوے گا غلام اُسپر اور اگر وہ مفلس ہو تو جسقدر آزاد ہوا آزاد ہے اور جو کچھ نہ آزاد ہوا غلام ہے اور آزادی اور بندگی کی تجزی ہوتی ہے۔ اور شریک کو اپنا حصہ آزاد کرنے مین تکلیف نہ دیجاوے اور نہ استسعا کیا جاوے غلام۔ یہ مذہب امام شافعی کا ہے اور مذہب امام ابو حنیفہ کا اور جو کہ قائل ہین وہ ساتھ تجزی عتق کے یہ ہے کہ اگر معتق غنی ہو تو حصہ شریک کا پھیر دے یا استسعا کرے شریک غلام سے یا آزاد کرے غلام کو اور اگر مفلس ہو تو حصہ شریک کا نہیں پھیرتا۔ لیکن شریک یا استسعا کرے غلام سے یا آزاد کرے ۱۲

وقالوا بما روی عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وھذا قول اھل المدینۃ وبہ یقول مالک بن انس والشافعی واحمد واسحٰق **باب** ما جاء فی العمری **حدثنا** محمد بن المثنی ثنا ابن ابی عدی عن سعید عن قتادۃ عن الحسن عن سمرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال العمری جائزۃ لاھلھا او میراث لاھلھا وفی الباب عن زید بن ثابت وجابر وابی ھریرۃ وعائشۃ وابن الزبیر ومعاویۃ **حدثنا** الانصاری ثنا معن ثنا مالک عن ابن شھاب عن ابی سلمۃ عن جابر بن عبد اللہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ایما رجل اُعْمِرَ عمری لہ ولعقبہ فانھا للذی یعطاھا لا ترجع الی الذی اعطاھا لانہ اعطی عطاء وقعت فیہ المواریث ھذا حدیث حسن صحیح وھکذا روی معمر وغیر واحد عن الزھری مثل روایۃ مالک وروی بعضھم عن الزھری ولم یذکر فیہ ولعقبہ والعمل علی ھذا عند بعض اھل العلم قالوا اذا قال ھی لک حیاتک ولعقبک فانھا لمن اعمرھا لا ترجع الی الاول واذا لم یقل لعقبک فھی راجعۃ الی الاول اذا مات المعمر وھو قول مالک بن انس والشافعی وروی من غیر وجہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال العمری جائزۃ لاھلھا والعمل علی ھذا عند بعض اھل العلم قالوا اذا مات المعمر فھی لورثتہ وان لم یجعل العقبۃ وھو قول سفیان الثوری واحمد واسحٰق **باب** ما جاء فی الرقبی **حدثنا** احمد بن منیع ثنا ھشیم عن داؤد بن ابی ھند عن ابی الزبیر عن جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم العمری جائزۃ لاھلھا والرقبی جائزۃ لاھلھا ھذا حدیث حسن۔

اور قائل ہیں وہ لوگ ساتھ اس حدیث کے کہ مروی ہے ابن عمر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور یہ قول اہل مدینہ کا ہے اور ساتھ اسی کے قائل ہیں مالک بن انس اور شافعی اور احمد اور اسحٰق **باب** عمریٰ کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن مثنیٰ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے سعید سے اُسنے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے سمرہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ عمریٰ جائز ہی واسطے عمری والون کے یعنے جنکو بطور عمری کے دیا یا فرمایا عمری میراث ہوتا ہے واسطے اہل اسکے کے آور اس باب مین زید بن ثابت اور جابر اور ابی ہریرہ اور عائشہ اور ابن زبیر اور معاویہ سے بھی روایت ہی **حدیث** کی ہمسے انصاری نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معن نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ابن شہاب سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ کیا گیا عمری واسطے اُسکے اور واسطے وارثون اُسکے کے پس تحقیق وہ عمریٰ واسطے اُس شخص کے ہی کہ دیا گیا عمری اُسکو یعنی اُسکی ملک ہو جاتا ہے نہیں پھرتا طرف دینے والے کے یعنی مالک کے اسواسطے کہ اُسنے دیا دینا کہ واقع ہوئی ہے اُسمین میراث یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسیطرح روایت کی معمر وغیرہ نے زہری سے مثل روایت مالک کے اور روایت کی بعض نے زہری سے اور نہین ذکر کیا اسمین وارثون کو اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے کہتے ہین کہ جب کہے کوئی شخص کسی کو کہ مثلاً یہ مکان مین نے تجکو تیری عمر تک دیا اور جب تو مرے تو تیرے وارثون کے لیے ہے تو پس تحقیق وہ عمری واسطے اُس شخص کے ہے کہ دیا گیا عمری نہین پھرتا طرف پہلے کے یعنی دینے والے کے اور اگر وارثون کے لیے نہ کہے تو وہ پھرنے والا ہے طرف دینے والے کے جبکہ مر جاوے وہ شخص کہ عمری دیا گیا۔ اور یہی ہے قول مالک بن انس اور شافعی کا۔ اور کئی وجہ پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ فرمایا آپنے کہ عمری جائز ہی واسطے اہل اُسکے کے اور عمل اُسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے کہتے ہین کہ جب مر جاوے وہ شخص کہ دیا گیا عمری تو وہ واسطے وارثون اُسکے کے ہی اگرچہ دینے والے نے اُسکے وارثون کے واسطے نہ کہا ہو اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور احمد اور اسحٰق کا **باب** رقبی کا بیان **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے داؤد بن ابی ہند سے اُسنے ابی زبیر سے اُسنے جابر سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ عمری جائز ہے واسطے اہل اُسکے کے یعنی جنکو عمر تک دیا گیا۔ اور رقبی جائز ہے واسطے اہل اُسکے کے۔ یہ حدیث حسن ہے۔

ف۱ عمری اُسکو کہتے ہین کہ ایک شخص مثلاً مکان اپنا کسیکو دے اسطرح کہ یہ مکان مین نے تجکو تیری عمر تک دیا یہ جائز ہے اور جب تک کہ وہ شخص زندہ ہے یہ اُس سے نہین لے سکتا اور اسمین اختلاف ہی کہ بعد اُسکے اُسکے وارثون کو ملتا ہے یا نہین سو یہ کہنا تین طرح پر ہے اول یہ کہ مالک کہے کہ یہ مکان مین نے تجکو دیا جب تک کہ تو زندہ ہی اور بعد موت تیرے تیرے وارثون کا ہوگا تو اسمین سب علما کا اتفاق ہے کہ یہ ہبہ اور مکان مالک کی ملک سے نکل جاتا ہے اور جسکو دیا اُسکی ملک مین آجاتا ہے اور بعد اُسکے اُسکے مالک وارث ہوتے ہین اور وارث نہون تو بیت المال مین داخل ہو۔ اور دوسرے یہ کہ کہے یہ مکان مین نے تجکو تیری زندگی تک دیا جمہور کے نزدیک اسکا حکم بھی حکم اول کا سا ہے اور یہی ہے قول ابو حنیفہ اور شافعی کا۔ اور بعضے کہتے ہین کہ اس صورت مین بعد اُسکے اُسکے وارثون کو نہین پہونچتا بلکہ مالک کی طرف پھر جاتا ہے اور تیسرے یہ کہ کہے کہ یہ تیرے لیے ہے تیری مدت عمر تک اور اگر تو مرے تو میرے اور میرے وارثون کی ملک مین ہو۔ صحیح یہ ہے کہ یہ بھی حکم اول کا رکھتا ہے اور صحیح قول امام شافعی کا بھی یہی ہے اور یہ شرط فاسد ہے

وقد رواہ بعضهم عن ابی الزبیر عن جابر موقوفا والعمل علی هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم
ان الرقبی جائزة مثل العمری وهو قول احمد واسحق وفرق بعض اهل العلم من اهل الکوفة وغیرهم بین العمری والرقبی فاجازوا العمری
ولم یجیزوا الرقبی وتفسیر الرقبی ان یقول هذا الشیء لك ما عشت فان مت قبلی فهی راجعة الیّ وقال احمد واسحق الرقبی مثل العمری وهی
لمن اعطیها ولا ترجع الی الاول **باب ماذکر** عن رسول الله صلی الله علیه وسلم فی الصلح بین الناس **حدثنا**
الحسن بن علی الخلال ثنا ابو عامر العقدی ثنا کثیر بن عبد الله بن عمرو بن عوف المزنی عن ابیه عن جدہ ان رسول الله صلی الله
علیه وسلم قال الصلح جائز بین المسلمین الا صلحا حرم حلالا او احل حراما والمسلمون علی شروطهم الا شرطا حرم حلالا او احل
حراما هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی الرجل یضع علی حائط جارہ خشبا **حدثنا** سعید بن عبد الرحمن
ثنا سفیان بن عیینة عن الزهری عن الاعرج عن ابی هریرة قال سمعته یقول قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا استاذن احدکم
جارہ ان یغرز خشبة فی جدارہ فلا یمنعه فلما حدث ابو هریرة طأطئوا رؤسهم فقال مالی اراکم عنها معرضین والله لارمین
بها بین اکتافکم وفی الباب عن ابن عباس ومجمع بن جاریة حدیث ابی هریرة حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند بعض
اهل العلم وبه یقول الشافعی وروی عن بعض اهل العلم منهم مالك بن انس قالوا له ان یمنع جارہ ان یضع خشبة فی جدارہ
والقول الاول اصح **باب** ماجاء ان الیمین علی ما یصدقه صاحبه **حدثنا** قتیبة واحمد بن منیع المعنی واحد
قالا ثنا هشیم عن عبد الله بن ابی صالح عن ابیه عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

اور تحقیق روایت کیا ہے اسکو بعض نے ابی زبیر سے اُسنے جابر سے موقوف اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ رقبی
جائز ہے مثل عمرے کے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا۔ اور فرق کیا ہے بعض اہل علم نے اہل کوفہ وغیرہ سے درمیان عمری اور رقبی کے سو جائز رکھا انھوں نے عمری کو
اور نہیں جائز رکھا رقبی کو اور تفسیر رقبی کی یہ ہے کہ کہے ایک شخص کسیکو کہ یہ چیز واسطے تیرے ہے جبتک کہ زندہ رہے تو اور اگر تو مرے پہلے میرے تو وہ پھرنے والی ہے طرف
میری اور کہا احمد اور اسحق نے کہ رقبی مانند عمرے کے ہے۔ پس وہ واسطے اُس شخص کے ہے کہ دیا گیا رقبی نہیں پھرتا طرف پہلے کے **باب** لوگون کے درمیان صلح کرنے کا
بیان حضرت سے جو منقول ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُنکو کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر عقدی نے اُسنے کہا حدیث کی کثیر بن عبد اللہ بن عمرو بن عوف مزنی نے اپنے باپ سے اُسنے روایت
کی اپنے دادا سے کہا نبی صلعم نے فرمایا کہ صلح کرنی جائز ہے مسلمانون میں مگر وہ صلح کہ حرام کرے حلال کو یا حلال کرے حرام کو۔ اور مسلمان اوپر شرطون اپنی کے ہیں مگر وہ شرط کہ حرام
کرے حلال کو اور حلال کرے حرام کو یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اپنے ہمسایہ کی دیوار مین لکڑی گاڑنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے سعید بن عبد الرحمن نے اُنکو
کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے زہری سے اُسنے اعرج سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا سُنا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ جب اجازت
مانگے ایک تمھارا اپنے ہمسایہ سے یہ کہ گاڑے لکڑی بیچ دیوار اُسکی کے تو نہ منع کرے اُسکو سو جب حدیث کی ابو ہریرہ نے تو حاضرین نے سر کو جھکا لیا
سو ابو ہریرہ نے کہا کہ کیا ہے مجکو کہ دیکھتا ہون مین تمکو منہ پھیرنے والے اُس سے قسم ہے اللہ کی البتہ گاڑون گا مین اُسکو درمیان مونڈھون تمھارے
اور اس باب مین ابن عباس اور مجمع بن جاریہ سے بھی روایت ہے اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسیپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور ساتھ
اسکے قائل ہیں امام شافعی اور روایت کی گئی ہے بعض اہل علم سے اُنھیں مین سے ہیں مالک بن انس کہتے ہیں کہ جائز ہے کہ منع کرے اپنے ہمسایہ کو
اس سے کہ گاڑے لکڑی بیچ دیوار اپنی کے اور پہلا قول زیادہ ترصحیح ہے **باب** تحقیق قسم واقع ہوتی ہے اُس چیز پر کہ سچا جانے تجکو صاحب تیرا **حدیث**
کی ہمسے قتیبہ اور احمد بن منیع نے معنی ایک ہی ہے اُن دونون نے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے عبد اللہ بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے
ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

ف اور امام احمد کے نزدیک عمری اسطرح کا فاسد ہے اور امام مالک نے کہا کہ عمری سب صورتون مین مالک کرنا منافع کا ہے واع ۱۲۔ رقبی یہ ہے کہ کہے کوئی شخص کسی کو کہ
مین تجکو مکان دیتا ہون باین شرط کہ اگر مین مرون پہلے تجھسے تو یہ مکان تیرے پاس رہے اور اگر تو مجھسے پہلے مرے تو پھر آوے میری طرف اور یہ رقبی امام ابو حنیفہ کے نزدیک
صحیح نہیں اور ابو یوسف کے نزدیک صحیح ہے اور یہی ہے قول امام شافعی اور مالک کا واع ۱۲ یعنی جس صورت مین کہ ضرر نہ کرے گاڑنا لکڑی کا تو منع نہ کرے یہ امر وجوب
کے لیے ہے نزدیک امام احمد اور محدثین کے اور استحباب کے لیے ہے نزدیک امام ابو حنیفہ اور شافعی کے۔ لیکن وجوب کے جو قائل ہوے اُنکی دلیل یہ ہے کہ حضرت ابو ہریرہ کا یہ قول کہ کیون اُس سے روگردانی کرتے ہو
اور البتہ گاڑونگا درمیان مونڈھون تمھارے کے۔ صریح دلیل ہے کہ اگر وجوب پر نہوتا تو یہ سختی ابو ہریرہ نکرتے ۱۲

اليمين على ما يصدقك به صاحبك هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من حديث هشيم عن عبد الله بن ابي صالح وعبد الله
هو اخو سهيل بن ابي صالح والعمل على هذا عند بعض اهل العلم وبه يقول احمد واسحق وروي عن ابراهيم النخعي انه قال اذا
كان المستحلف ظالما فالنية نية الحالف وان كان المستحلف مظلوما فالنية نية الذي استحلف **باب** ماجاء في الطريق
اذا اختلف فيه كم يجعل حدثنا ابو كريب ثنا وكيع عن المثنى بن سعيد الضبعي عن قتادة عن بشير بن نهيك عن ابي هريرة
قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اجعلوا الطريق سبعة اذرع حدثنا محمد بن بشار ثنا يحيى بن سعيد ثنا المثنى بن سعيد
عن قتادة عن بشير بن كعب العدوي عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم اذا تشاجرتم في الطريق
فاجعلوه سبعة اذرع وهذا اصح من حديث وكيع وفي الباب عن ابن عباس حديث بشير بن كعب عن ابي هريرة
حديث حسن صحيح وروى بعضهم عن قتادة عن بشير بن نهيك عن ابي هريرة وهو غير محفوظ **باب** ماجاء في تخيير
الغلام بين ابويه اذا افترقا حدثنا نصر بن علي ثنا سفيان عن زياد بن سعد عن هلال بن ابي ميمونة التغلبي عن
ابي ميمونة عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم خير غلاما بين ابيه وامه وفي الباب عن عبد الله بن عمرو وجد
عبد الحميد بن جعفر حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح وابو ميمونة اسمه سليم والعمل على هذا عند بعض اهل العلم من
اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم قالوا يخير الغلام بين ابويه اذا وقعت بينهما المنازعة في الولد وهو قول احمد
واسحق وقالا ما كان الولد صغيرا فالام احق فاذا بلغ الغلام سبع سنين خير بين ابويه وهلال بن ابي ميمونة هو هلال
بن اسامة وهو مدني وقد روى عنه يحيى بن ابي كثير ومالك بن انس وفليح بن سليمان

کہ قسم واقع ہوتی ہے اُس چیز پر کہ سچا جانے تجکو ساتھی تیرا یعنی قسم دینے والا یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث
ہشیم سے اُسنے عبداللہ بن ابی صالح اور عبداللہ بھائی سہیل بن ابی صالح کا ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور ساتھ اسی
قائل ہیں احمد اور اسحاق۔ اور ابراہیم نخعی سے مروی ہے کہ کہا اُسنے کہ جب قسم دینے والا ظالم ہو تو نیت معتبر قسم کھانے والے کی ہے
اور اگر قسم دینے والا مظلوم ہو تو نیت معتبر اُسی کی ہے کہ قسم دی اُسے **باب** جب راہ میں اختلاف پڑے تو کتنی کر چھوڑی جاوے
حدیث کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے مثنی بن سعید ضبعی سے اُسنے قتادہ سے اُسنے بشیر بن نہیک سے اُسنے
ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ چھوڑو تم راہ کو سات ہاتھ حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن
سعید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو مثنی بن سعید نے قتادہ سے اُسنے بشیر بن کعب سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ جب
جھگڑا کرو تم بیچ راہ کے تو ٹھہراؤ اُسکو سات ہاتھ یعنی سات ہاتھ چوڑی راہ چھوڑو اور یہ زیادہ صحیح ہے وکیع کی حدیث سے اور اس
باب میں ابن عباس سے بھی روایت ہے اور بشیر بن کعب کی حدیث ابی ہریرہ سے حسن صحیح ہے اور روایت کی بعض نے قتادہ سے اُسنے
بشیر بن نہیک سے اُسنے ابی ہریرہ سے اور وہ محفوظ نہیں **باب** جب ماں باپ جدا ہوں تو لڑکے کو اختیار ہے یعنی چاہے جسکے پاس
رہے حدیث کی ہمسے نصر بن علی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زیاد بن سعد سے اُسنے ہلال بن ابی میمونہ تغلبی سے اُسنے ابی میمونہ
سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلعم نے اختیار دیا ایک لڑکے کو درمیان اُسکے باپ اور ماں کے اور اس باب میں عبداللہ بن عمرو
اور جد عبدالحمید بن جعفر سے بھی روایت ہے اور ابوہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور ابو میمونہ کا نام سلیم ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض
اہل علم کے حضرت کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ اختیار دیا جاوے لڑکا درمیان ماں باپ اپنے کے جبکہ واقع ہو درمیان اُنکے جھگڑا
بیچ لڑکے کے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا۔ اور کہتے ہیں کہ جب تک لڑکا چھوٹا ہو بس ماں زیادہ تر لائق ہے ساتھ اُسکے اور جبکہ پہنچے
لڑکا سات برس کو تو اختیار دیا جاوے درمیان ماں باپ اپنے کے اور ہلال بن ابی میمونہ وہ ہلال بن اسامہ مدنی ہے روایت کی اُس سے
یحیی بن ابی کثیر اور مالک بن انس اور فلیح بن سلیمان نے

سلہ یعنی معتبر بیچ ہونے قسم کے نیت قسم دینے والے کی ہے اور جو ارادہ رکھے وہ نہ نیت قسم کھانے والے کی اور توریہ اور تاویل اسکی اور یہ اس صورت میں ہے کہ توریہ
اُسکا حق باطل ہوتا ہو ورنہ توریہ کرنا درست ہے جیسے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی بیوی کو بہن کہا تھا کہ ظالم کے ہاتھ سے اُسکو خلاص کریں ۱۲ ح مثال اسکی بہت ہے

باب ما جاء ان الوالد یأخذ من مال ولده **حدثنا** احمد بن منیع ثنا یحیی بن زکریا ابن ابی زائدة ثنا الاعمش عن عمارة بن عمیر عن عمته عن عائشة قالت قال رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم ان اطیب ما اکلتم من کسبکم وان اولادکم من کسبکم وفی الباب عن جابر وعبد اللہ بن عمرو وهذا حدیث حسن وقد روی بعضهم هذا عن عمارة بن عمیر عن امه عن عائشة واکثرهم قالوا عن عمته عن عائشة والعمل علی هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیه وسلم وغیرهم قالوا ان ید الوالد مبسوطة فی مال ولده یاخذ ما شاء وقال بعضهم لا یاخذ من ماله الا عند الحاجة الیه **باب** ما جاء فی من یکسر له الشیء ما یحکم له من مال الکاسر **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا ابو داود الحفری عن سفیان عن حمید عن انس قال اهدت بعض ازواج النبی صلی اللہ علیه وسلم الی النبی صلی اللہ علیه وسلم طعاما فی قصعة فضربت عائشة القصعة بیدها فالقت ما فیها فقال النبی صلی اللہ علیه وسلم طعام بطعام واناء باناء هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** علی بن حجر ثنا سوید بن عبد العزیز عن حمید عن انس ان النبی صلی اللہ علیه وسلم استعار قصعة فضاعت فضمنها لهم وهذا حدیث غیر محفوظ وانما اراد عندی سوید الحدیث الذی رواه الثوری وحدیث الثوری اصح **باب** ما جاء فی حد بلوغ الرجل والمرأة **حدثنا** محمد بن وزیر الواسطی ثنا اسحق بن یونس الازرق عن سفیان عن عبید اللہ بن عمر عن نافع عن ابن عمر قال عرضت علی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم فی جیش وانا ابن اربع عشرة فلم یقبلنی فعرضت علیه من قابل فی جیش وانا ابن خمس عشرة فقبلنی قال نافع فحدثت بهذا الحدیث عمر بن عبد العزیز فقال هذا حد ما بین الصغیر والکبیر ثم کتب ان یفرض لمن بلغ الخمس عشرة **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان بن عیینة عن عبید اللہ بن عمر عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیه وسلم نحوه ولم یذکر فیه عن عمر بن عبد العزیز کتب ان هذا حد ما بین الصغیر والکبیر وذکر ابن عیینة فی حدیثه قال حدثت به عمر بن عبد العزیز

باب باپ کو اپنے لڑکے کے مال سے خرچ کرنا درست ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن زکریا بن ابی زائدہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اعمش نے عمارہ بن عمیر سے اُسنے اپنی پھپھی سے اُسنے عائشہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ تحقیق بہت پاک وہ کھانا ہے جو کھاؤ اپنی کمائی سے۔ اور تحقیق اولاد تمھاری تمھاری کمائی سے ہے اور اس باب مین جابر اور عبد اللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن ہے اور تحقیق روایت کی یہ حدیث بعض نے عمارہ بن عمیر سے اُسنے اپنی ماں سے اُسنے عائشہ سے اور اکثر روایت کرتے ہین پھپھی اسکی سے اُسنے عائشہ سے اور عمل اسیپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہین کہ ہاتھ باپ کا فراخ ہے بیچ مال اولاد اپنی کے لے اسمین سے جو چاہے۔ اور بعض کہتے ہین کہ نہ لے اُسکے مال سے مگر وقت حاجت کے **باب** اگر کوئی شخص کسیکی چیز توڑ ڈالے تو اُسکے واسطے توڑنے والے کے مال سے کس چیز کا حکم کیا جاوے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد حفری نے سفیان سے اُسنے حمید سے اُسنے انس سے کہا کہ حضرت کی بعض بیوی نے آپکے پاس ہدیۃً کھانا بھیجا سو عائشہ نے پیالہ کو ہاتھ سے گرا دیا تو اسمین جو کھانا تھا ہاتھ سے گر گیا سو حضرت نے فرمایا کہ کھانا بدلے کھانے کے اور پیالہ بدلے پیالہ کے ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حُجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سوید بن عبد العزیز نے حمید سے اُسنے انس سے کہ نبی صلعم نے لیا عاریۃً ایک پیالہ پس ٹوٹ گیا وہ پس تاوان دی آپنے صاحب پیالہ کو۔ یہ حدیث محفوظ نہین اور سوا اسکے نہین کہ ارادہ کیا سوید نے وہ حدیث کہ روایت کی ثوری نے اور ثوری کی حدیث زیادہ تر صحیح ہے **باب** مرد اور عورت کے بالغ ہونیکی حد کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن وزیر واسطی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسحق بن یوسف ارزق نے سفیان سے اُسنے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ پیش کیا گیا مین آگے رسول اللہ صلعم کے ایک لشکر مین یعنی جہاد مین جانے کے لیے جبکہ مین چودہ برس کا تھا۔ سو نہ قبول کیا آپنے مجکو یعنی جہاد مین جانے کی اجازت نہ دی پھر پیش کیا گیا مین آپ کے آگے جبکہ مین پندرہ برس کا ہوا پس قبول کیا مجکو نافع نے کہا سو مین نے یہ حدیث عمر بن عبد العزیز سے بیان کی سو اُسنے کہا کہ یہ حد ہے درمیان چھوٹے اور بڑے کے پھر لکھا اُسنے یہ کہ پندرہ برس کے لڑکے کا حصہ مقرر کیا جاوے (غنیمت مین) **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے عبد اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلعم سے مثل اسکے اور نہین ذکر کیا اسمین کہ عمر بن عبد العزیز نے لکھا کہ یہ حد ہے درمیان چھوٹے اور بڑے کے اور ابن عیینہ نے اپنی حدیث مین کہا کہ بیان کی مین نے یہ حدیث پاس عمر بن عبد العزیز کے

فقال هٰذا احد ما بين الذرية والمقاتلة هٰذا حديث حسن صحيح والعمل على هٰذا عند اهل العلم وبه يقول الثوري وابن المبارك والشافعي واحمد واسحٰق يرون ان الغلام اذا استكمل خمس عشرة فحكمه حكم الرجال وان احتلم قبل خمس عشرة فحكمه حكم الرجال وقال احمد واسحٰق للبلوغ ثلث منازل بلوغ خمس عشرة او الاحتلام فان لم يعرف سنه ولا احتلامه فالانبات يعني العانة **باب** ما جاء في من تزوج امرأة ابيه **حدثنا** ابو سعيد الاشج ثنا حفص بن غياث عن اشعث عن عدي بن ثابت عن البراء قال مر بي خالي ابو بردة بن نيار ومعه لواء فقلت اين تريد فقال بعثني رسول الله صلى الله عليه وسلم الى رجل تزوج امرأة ابيه ان اٰتيه براسه وفي الباب عن قرة حديث البراء حديث حسن غريب وقد روى محمد بن اسحٰق هٰذا الحديث عن عدي بن ثابت عن عبد الله بن يزيد عن البراء وقد روى هٰذا الحديث عن اشعث عن عدي عن يزيد بن البراء عن ابيه وروي عن اشعث عن عدي عن يزيد بن البراء عن خاله عن النبي صلى الله عليه وسلم **باب** ما جاء في الرجلين ان يكون احدهما اسفل من الاٰخر في الماء **حدثنا** قتيبة ثنا الليث عن ابن شهاب عن عروة انه حدثه ان عبد الله بن الزبير حدثه ان رجلا من الانصار خاصم الزبير عند رسول الله صلى الله عليه وسلم في شراج الحرة التي يسقون بها النخل فقال الانصاري سرح الماء يمر فابى عليه فاختصموا عند رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم للزبير اسق يا زبير ثم ارسل الماء الى جارك فغضب الانصاري فقال ان كان ابن عمتك فتلون وجه رسول الله صلى الله عليه وسلم ثم قال يا زبير اسق ثم احبس الماء حتى يرجع الى الجدر فقال الزبير والله اني لاحسب نزلت هٰذه الاٰية في ذلك فلا وربك لا يؤمنون حتى يحكموك فيما شجر بينهم ثم لا يجدوا في انفسهم حرجا مما قضيت ويسلموا تسليما الاٰية هٰذا حديث حسن صحيح

سو کہا اُسنے کہ یہ حد ہی درمیان لڑنے والوں کے لڑکوں کی یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہی نزدیک اہل علم کے اور ساتھ اسی کے قائل ہیں ثوری اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کہتے ہین کہ لڑکا جب پورا پندرہ برس کا ہو جاوے تو حکم اُسکا حکم مردونکا ہی اور اگر احتلام ہووے پہلے پندرہ برس سے تو حکم اُسکا حکم مردونکا ہی اور کہا احمد اور اسحاق نے کہ واسطے بلوغت کے تین علامتین ہین ایک پندرہ برس کو پہونچنا دوسرا احتلام ہونا اور اگر نہ پہچانا جاوے سن اُسکا اور نہ احتلام اُسکا تو نشانی اُسکی زیر ناف کا بال جمنا ہے **باب** جو شخص اپنے باپ کی عورت سے نکاح کرے تو اُسکا کیا حکم ہے حدیث کی ہمسے ابو سعید اشج نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن غیاث نے اشعث سے اُسنے عدی بن ثابت سے اُسنے براء سے کہا کہ گذرا ساتھ میرے ماموں میرا ابو بردہ بن نیار اور ساتھ اسکے نشان تھا سو مین نے کہا کہ کہانکا ارادہ رکھتے ہو سو کہا اُسنے کہ بھیجا مجکو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طرف ایک مرد کے کہ نکاح کیا اُسنے اپنے باپ کی عورت سے یہ کہ لاؤن مین آپ سر اُسکا اور اس باب مین قرہ سے بھی روایت ہی اور براء کی حدیث حسن غریب ہے اور تحقیق روایت کی محمد بن اسحاق نے یہ حدیث عدی بن ثابت سے اُسنے عبد اللہ بن یزید سے اُسنے براء سے اور تحقیق روایت کی گئی ہی یہ حدیث اشعث سے اُسنے عدی سے اُسنے یزید بن براء سے اُسنے اپنے باپ سے اور روایت کی گئی ہی اشعث سے اُسنے عدی سے اُسنے یزید بن براء سے اُسنے اپنے خالو سے اُسنے نبی صلعم سے **باب** اگر دو آدمی ہون اور ایک اُنکا دوسرے سے نیچے ہو پانی مین تو اُسکا کیا حکم ہی حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے اُسنے عروہ سے کہ عبد اللہ بن زبیر نے حدیث کی اُسکو کہ ایک شخص نے انصار مین سے جھگڑا کیا زبیر سے نزدیک رسول صلعم کے بیچ نالیون زمین سنگستانی کے کہ پانی دیتے ہین ساتھ اُسکے کھجورونکو سو انصاری نے کہا کہ چھوڑ دے پانی کو گذرے طرف زراعت کے سو انکار کیا زبیر نے اوپر اُسکے پس جھگڑا کیا اُن دونون نے پاس نبی صلعم کے زبیر سے فرمایا پانی دیکر اے زبیر یعنی اپنی زراعت کو پھر چھوڑ دے پانی طرف ہمسایہ اپنے کے یعنی طرف زراعت اُسکی کے سو غصے ہوا انصاری اور کہا کہ یہ حکم اسواسطے کرتے ہو کہ ابن زبیر تمھاری پھپھی کے بیٹے ہین یعنی قرابت کی وجہ سے آپنے اُسکی رعایت کی سو متغیر ہوا چہرہ نبی صلعم کا پھر فرمایا پانی دے اے زبیر پھر روک رکھ پانی کو یعنی اُسکی زراعت مین پانی مت چھوڑ یہانتک کہ پہونچے منڈیر تک یعنی پہونچے پانی تمام زمین مین سو زبیر نے کہا قسم خدا کی تحقیق مین البتہ گمان کرتا ہون کہ اُتری یہ آیت بیچ اس معاملہ کے پس قسم ہے رب تیرے کی کہ نہ ایمان لاوینگے وہ یہانتک کہ حاکم ٹھہراوین تجکو بیچ اُسکے کہ جھگڑیں نیادین بیچ دلون اپنے کے کچھ حرج اُس سے کہ حکم کرے تو اور مان لے ماننا یہ حدیث حسن صحیح ہی

عہ اپنے باپ کی عورت سے مراد سوتیلی ماں ہی کہ وہ بھی مثل ماں کے حرام ہے۔ اسلیے آپ نے ایسے شخص کی یہ سزا مقرر کی ۱۲

اور روی شعیب بن ابی حمزۃ عن الزھری عن عروۃ بن الزبیر عن الزبیر و لم یذکر فیہ عن عبداللہ بن الزبیر و روی عبداللہ بن وھب عن اللیث و یونس عن الزھری عن عروۃ عن عبداللہ بن الزبیر نحو الحدیث الاول **باب** ماجاء فی من یعتق ممالیکہ عند موتہ و لیس لہ مال غیرھم **حدثنا** قتیبۃ ثنا حماد بن زید عن ایوب عن ابی قلابۃ عن ابی المھلب عن عمران بن حصین ان رجلا من الانصار اعتق ستۃ اعبد لہ عند موتہ و لم یکن لہ مال غیرھم فبلغ ذلک النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال لہ قولا شدیدا قال ثم دعاھم فجزاھم ثم اقرع بینھم فاعتق اثنین و ارق اربعۃ و فی الباب عن ابی ھریرۃ حدیث عمران بن حصین حدیث حسن صحیح و قد روی من غیر وجہ عن عمران بن حصین والعمل علی ھذا عند بعض اھل العلم وھو قول مالک بن انس والشافعی واحمد واسحٰق یرون القرعۃ فی ھذا و فی غیرہ و اما بعض اھل العلم من اھل الکوفۃ و غیرھم فلم یروا القرعۃ و قالوا یعتق من کل عبد الثلث و یستسعی فی ثلثی قیمتہ و ابو المھلب اسمہ عبدالرحمن بن عمرو و یقال معاویۃ بن عمرو **باب** ماجاء فیمن ملک ذا محرم **حدثنا** عبداللہ بن معاویۃ الجمحی ثنا حماد بن سلمۃ عن قتادۃ عن الحسن عن سمرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من ملک ذا رحم محرم فھو حر ھذا حدیث لا نعرفہ مسندا الا من حدیث حماد بن سلمۃ و قد روی بعضھم ھذا الحدیث عن قتادۃ عن الحسن عن عمر شیئا من ھذا **حدثنا** عقبۃ بن مکرم العمی البصری و غیر واحد قالوا ثنا محمد بن بکر البرسانی عن حماد بن سلمۃ عن قتادۃ و عاصم الاحول عن الحسن عن سمرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من ملک ذا رحم محرم فھو حر و لا نعلم احدا ذکر فی ھذا الحدیث عاصم الاحول عن حماد بن سلمۃ غیر محمد بن بکر والعمل علی ھذا عند بعض اھل العلم

اور روایت کی شعیب بن ابی حمزہ نے زہری سے اسنے عروہ بن زبیر سے اسنے زبیر سے اور نہیں ذکر کیا اسمیں واسطہ عبداللہ بن زبیر کا اور روایت کیا اسکو عبداللہ بن وہب نے لیث اور یونس سے انھوں نے زہری سے اسنے عروہ سے اسنے عبداللہ بن زبیر سے مانند حدیث پہلی کی **باب** اگر کوئی شخص آزاد کرے غلام وقت مرنے اپنے کے اور نہو واسطے اسکے کچھ مال سوا اُسکے تو اسکا کیا حکم ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ایوب سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے ابی مہلب سے اُسنے عمران بن حصین سے کہ تحقیق ایک مرد انصاری نے آزاد کیے چھ غلام وقت مرنے اپنے کے نہ تھا واسطے اُسکے مال سوا اُن غلاموں کے سو پہونچی یہ خبر نبی صلعم کو پس کہی آپنے واسطے اُسکے سخت بات پھر بلایا اُن غلاموں کو اور اُنکے تین حصہ کیے پھر قرعہ ڈالا درمیان اُنکے پس آزاد کیے دو اور رکھے چار۔ اور اس باب میں ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے اور عمران بن حصین کی حدیث حسن صحیح ہے کئی وجہ پر عمران سے مروی ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور یہی ہے قول مالک اور شافعی اور احمد اسحاق کا کہتے ہیں کہ قرعہ ڈالا جاوے بیچ اسکے اور بیچ غیر اسکے کے اور بعض اہل علم کوفہ وغیرہ سے کہتے ہیں کہ قرعہ نہ ڈالا جاوے۔ اور کہتے ہیں کہ آزاد ہوتا ہے ہر غلام سے تیسرا حصہ اور سعی کرایا جاوے غلام بیچ دو ثلث قیمت اپنی کے ابو المہلب کا نام عبدالرحمن بن عمرو ہے اور بعض نے معاویہ بن عمرو کہا ہے **باب** جو شخص کہ مالک ہو ذی رحم کا تو اُسکا کیا حکم ہے **حدیث** کی ہمسے عبداللہ بن معاویہ جمحی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے قتادہ سے اُسنے حسن سے اسنے سمرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ مالک ہو ذی رحم یعنی ناتے دار محرم کا یعنی بسبب خریدنے یا ہبہ کے یا ارث کے تو وہ آزاد ہے نہیں پہچانتے ہم اس حدیث کو مسند مگر حدیث حماد بن سلمہ سے اور تحقیق روایت کی بعض نے یہ حدیث قتادہ سے اُسنے حسن سے اسنے عمر سے کوئی چیز اس سے **حدیث** کی ہمسے عقبہ بن مکرم عمی بصری اور کئی ایک نے محمد بن بکر برسانی سے اُسنے حماد بن سلمہ سے اُسنے قتادہ اور عاصم احول سے انھوں نے حسن سے اُسنے سمرہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ جو شخص مالک ہو ذی رحم محرم کا پس وہ آزاد ہے۔ اور نہیں جانتے ہم کسی کو کہ ذکر کیا ہو اس حدیث میں واسطہ عاصم احول کا حماد بن سلمہ سے سوا محمد بن بکر کے۔ اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے

۱؎ اس سے معلوم ہوا کہ آزاد کرنا مرض الموت میں جاری ہوتا ہے تہائی مال میں بسبب متعلق ہونے حق وارثوں کے ساتھ اسکے اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ہر غلام سے تہائی آزاد نہیں بلکہ پورے آزاد ہوتے ہیں اور باقی غلام رہتے ہیں اور یہی ہے قول امام شافعی اور جمہور علما کا۔ اور امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ ہر غلام سے ایک تہائی آزاد ہوتی ہے مگر یہ حدیث ظاہرا انکی رد میں ہے ۲؎ مثلاً باپ نے بیٹے کو مول لیا کہ کسی کی ملک میں تھا یا بیٹے نے باپ کو مول لیا یا بھائی نے بھائی کو مول لیا تو مجرد مول لینے سے آزاد ہو جاتا ہے اور ذی رحم وہ ہے کہ قرابت ولادت کی رکھے کہ رحم کے واسطے سے ہے اور محرم وہ کہ نکاح اُس سے جائز ہو پس چچا کا بیٹا وغیرہ اس قید سے نکل گیا اور نووی نے کہا کہ اسمیں اختلاف ہے علما کو اہل ظاہر کہتے ہیں اہل ظاہر کہتے ہیں کہ محض ملک سے کوئی آزاد نہیں ہوتا بلکہ ضرور ہے آزاد کرنا اور جمہور علما کہتے ہیں کہ محض ملک سے آزادی حاصل ہوتی ہے۔ اصول میں اگرچہ اوپر کے درجہ ہوں اور فروع میں بھی اگرچہ نیچے کے درجے ہوں اور اُنکے سوا میں اختلاف ہے

۳؎ امام شافعی کہتے ہیں کہ لڑکے سوا کوئی آزاد نہیں ہوتا۔ اور مالک کہتے ہیں کہ بھائی آزاد ہو جاتا ہے۔ اور ایک قول میں سب ذوالارحام محرم آزاد ہو جاتے ہیں اور یہی ہے قول ابو حنیفہ کا۔

وقد روی عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من ملک ذا رحم محرم فھو حر رواہ ضمرۃ بن ربیعہ عن سفیان الثوری عن عبد اللہ بن دینار عن ابن عمر عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم ولا یتابع ضمرۃ بن ربیعۃ علی ھذا الحدیث وھو حدیث خطأ عند اہل الحدیث **باب** ماجاء من زرع فی ارض قوم بغیر اذنھم **حدثنا** قتیبۃ ثنا شریک بن عبد اللہ النخعی عن ابی اسحٰق عن عطاء عن رافع بن خدیج ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من زرع فی ارض قوم بغیر اذنھم فلیس لہ من الزرع شیئ ولہ نفقتہ ھٰذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ من حدیث ابی اسحٰق الا من ھٰذا الوجہ من حدیث شریک بن عبد اللہ والعمل علے ھٰذا الحدیث عند بعض اہل العلم وھو قول احمد واسحٰق وسالت محمد بن اسمٰعیل عن ھٰذا الحدیث فقال ھو حدیث حسن وقال لا اعرفہ من حدیث ابی اسحٰق الا من روایۃ شریک قال محمد ثنا معقل بن مالک البصری ثنا عقبۃ بن الاصم عن عطاء عن رافع بن خدیج عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم نحوہ **باب** ماجاء فی النحل والتسویۃ بین الولد **حدثنا** نصر بن علے وسعید بن عبد الرحمٰن المخزومی المعنی واحد قالا ثنا سفیان عن الزھری عن حمید بن عبد الرحمٰن وعن محمد بن النعمان بن بشیر یحدثان عن النعمان بن بشیر ان اباہ نحل ابنا لہ غلاما فاتی النبی صلے اللہ علیہ وسلم یشھدہ فقال اکل ولدک قد نحلتہ مثل ما نحلت ھٰذا قال لا قال فاردُدْہ ھٰذا حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجہ عن النعمان بن بشیر والعمل علے ھٰذا عند بعض اہل العلم یستحبون التسویۃ بین الولد حتی قال بعضھم یسوی بین ولدہ حتی فی القبلۃ وقال بعضھم یسوی بین ولدہ فی النحل والعطیۃ الذکر والانثی سواء وھو قول سفیان الثوری وقال بعضھم التسویۃ بین الولدان یعطی الذکر مثل حظ الانثیین مثل قسمۃ المیراث وھو قول احمد واسحٰق

اور تحقیق روایت کی گئی ہے ابن عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ جو شخص کہ مالک ہو ذی رحم محرم کا تو وہ آزاد ہے روایت کیا اسکو ضمرہ نے سفیان ثوری سے اُسنے عبد اللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور نہیں متابعت کیا گیا ضمرہ بن ربیعہ اوپر اس حدیث کے اور یہ حدیث خطاء ہے نزدیک اہل حدیث کے **باب** جو شخص کہ کھیتی کرے بیچ زمین کسی قوم کے بغیر اذن اُنکے کے تو اُسکا کیا حکم ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شریک بن عبد اللہ نخعی نے ابی اسحاق سے اُسنے عطاء سے اُسنے رافع بن خدیج سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا جو شخص کہ زراعت کرے بیچ زمین کسی قوم کے بغیر اذن اُنکے کے تو نہیں ہے واسطے اُسکے کھیتی سے کوئی چیز[1] اور واسطے اُسکے ہے نفقہ اُسکا یعنی تخم اُسکا اُسکو ملیگا اور زمین کی پیداوار کا مالک زمین والا ہے یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو حدیث ابی اسحاق سے مگر اسی وجہ سے یعنی حدیث شریک سے اور عمل اس حدیث پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا اور مین نے بخاری کو پوچھا اس حدیث سے سو کہا اُسنے کہ یہ حدیث حسن ہے اور کہا نہین پہچانتے ہم اس کو حدیث ابی اسحاق سے مگر روایت شریک سے کہا محمد نے حدیث کی ہمسے معقل بن مالک بصری نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عقبہ بن اصم نے عطاء سے اُسنے رافع بن خدیج سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے **باب** بخشش مین اولاد کے درمیان برابری کرنا **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی اور سعید بن عبد الرحمٰن مخزومی نے معنی ایک ہی ہین اون دونون نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے حمید بن عبد الرحمٰن اور محمد بن نعمان سے حدیث کرتے تھے وہ دونون نعمان بن بشیر سے کہ تحقیق باپ اُسکے نے بخشا بیٹے اپنے کو غلام پس آیا وہ پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے تاکہ گواہ کرے آپ کو سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تو نے اپنے سب فرزندون کو دیا ہے مانند اسکے کہ دیا تو نے اس بیٹے کو کہا اُسنے نہین فرمایا پس پھیر لے اُسکو یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی وجہ پر نعمان بن بشیر سے مروی ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے کہتے ہین کہ اولاد کے درمیان برابری کرنی مستحب ہے یہانتک کہ کہا بعض نے کہ برابری کرے درمیان اولاد اپنی کے یہانتک کہ بوسہ لینے مین بھی اور بعض کہتے ہین کہ برابری کیجاوے درمیان اولاد کے بیچ بخشش اور عطاء کے واسطے مرد اور عورت کے برابر اور یہی ہے قول سفیان ثوری کا۔ اور بعضے کہتے ہین کہ برابری کرنی درمیان اولاد کے یہ ہے کہ دیا جاوے مرد مانند حصے دو عورتون کے مثل قسمت میراث کے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا

[1] یعنی کھیتی مالک کی ہوگی اور تخم بونے والے کا۔ اور یہی ہے قول احمد کا۔ اور اُسکے سوا اور لوگ کہتے ہین کہ پیداوار کا مالک زراعت کرنے والا ہے اور اوپر اُسکے اجرت زمین کی ہے پس اس سے معلوم ہوا کہ مستحب ہے برابر دینا بیٹون اور بیٹیون کو اور امام شافعی اور مالک اور ابو حنیفہ کہتے ہین کہ اگر اولاد مین سے بعضون کو دے اور بعضون کو نہ دے تو یہ ہبہ صحیح ہوگا ساتھ کراہت کے اور امام احمد و ترمذی و اسحاق اسکی حرمت کے قائل ہین ۱۲

باب ماجاء فی الشفعة **حدثنا** علی بن حجر ثنا اسمٰعیل بن علیة عن سعید عن قتادة عن الحسن عن سمرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جار الدار احق بالدار **قال** ابو عیسیٰ وفی الباب عن الشرید وابی رافع وانس حدیث سمرة حدیث حسن صحیح وقد روی عیسیٰ بن یونس عن سعید بن ابی عروبة عن قتادة عن انس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثلہ وروی عن سعید بن ابی عروبة عن قتادة عن الحسن عن سمرة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم والصحیح عند اہل العلم حدیث الحسن عن سمرة ولا نعرف حدیث قتادة عن انس الا من حدیث عیسیٰ بن یونس وحدیث عبد اللہ بن عبد الرحمٰن الطائفی عن عمرو بن الشرید عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی ہذا الباب ہو حدیث حسن وروی ابراہیم بن میسرة عن عمرو بن الشرید عن ابی رافع عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم سمعت محمدا یقول کلا الحدیثین عندی صحیح **باب** ما جاء فی الشفعة للغائب **حدثنا** قتیبة ثنا خالد بن عبد اللہ الواسطی عن عبد الملک بن ابی سلیمان عن عطاء عن جابر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الجار احق بشفعتہ ینتظر بہ وان کان غائبا اذا کان طریقہما واحدا ہذا حدیث حسن غریب ولا نعلم احدا روی ہذا الحدیث غیر عبد الملک بن ابی سلیمان عن عطاء عن جابر وقد تکلم شعبة فی عبد الملک بن ابی سلیمان من اجل ہذا الحدیث وعبد الملک ہو ثقة مامون عند اہل الحدیث لا نعلم احدا تکلم فیہ غیر شعبة من اجل ہذا الحدیث وقد روی وکیع عن شعبة عن عبد الملک ہذا الحدیث وروی عن ابن المبارک عن سفیان الثوری قال عبد الملک بن ابی سلیمان میزان یعنی فی العلم والعمل علی ہذا الحدیث عند اہل العلم ان الرجل احق بشفعتہ وان کان غائبا فاذا قدم فلہ الشفعة وان تطاول ذلک **باب** اذا حدت الحدود ووقعت السہام فلا شفعة **حدثنا** عبد بن حمید ثنا عبد الرزاق ثنا معمر عن الزہری عن ابی سلمة بن عبد الرحمٰن عن جابر بن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا وقعت الحدود وصرفت الطرق فلا شفعة ہذا حدیث حسن صحیح

باب شفعہ کا بیان - **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن علیہ نے سعید سے اُسنے روایت کی قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے سمرہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہمسایہ[۱] گھر کا لائق تر ہے ساتھ گھر کے امام ترمذی نے کہا اور اس باب میں شرید اور ابی رافع اور انس سے بھی روایت ہے اور سمرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی عیسیٰ بن یونس نے سعید بن ابی عروبہ سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے اور روایت کی گئی ہے سعید بن ابی عروبہ سے اُسنے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے سمرہ سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور صحیح نزدیک اہل علم کے حدیث حسن کی ہے سمرہ سے اور نہیں پہچانتے ہم حدیث قتادہ کی انس سے مگر حدیث عیسیٰ بن یونس سے اور حدیث عبد اللہ بن عبد الرحمٰن طائفی کی عمرو بن شرید سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلعم سے اس باب میں وہ حدیث حسن ہے اور روایت کی ابراہیم نے عمرو بن شرید سے اُسنے ابی رافع سے اُسنے نبی صلعم سے سُنا میں نے محمد سے کہتا تھا کہ دونوں حدیثیں میرے نزدیک صحیح ہیں **باب** غائب کے واسطے شفعہ کا ہونا **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن عبد اللہ نے عبد الملک بن ابی سلیمان سے اُسنے عطا سے اُسنے جابر سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہمسایہ زیادہ تر لائق ہے ساتھ شفعہ اپنے کے انتظار کیا جاوے اُسکا اگرچہ ہو وہ غائب جبکہ ہو راہ اُن دونوں کی ایک یہ حدیث حسن غریب ہے اور نہیں جانتے ہم کسی کو کہ روایت کی ہو یہ حدیث سوائے عبد الملک کے اُسنے عطا سے اُسنے جابر سے اور تحقیق کلام کیا شعبہ نے بیچ حق عبد الملک کے واسطے اس حدیث کے اور عبد الملک ثقہ ہے نزدیک اہل حدیث کے اور مامون ہے اہل طعن سے نہیں جانتے ہم کسیکو کہ کلام کیا ہو بیچ حق اُسکے کے سوائے شعبہ کے واسطے اس حدیث کے اور تحقیق روایت کی وکیع نے یہ حدیث شعبہ سے اُسنے عبد الملک سے اور روایت کی گئی ہے ابن مبارک سے اُسنے روایت کی سفیان ثوری سے کہ کہا اُسنے کہ عبد الملک بن سلیمان ترازو ہے یعنی بیچ علم کے اور عمل اس حدیث پر نزدیک اہل علم کے کہ ہمسایہ زیادہ تر لائق ہے ساتھ شفعہ اپنے کے اگرچہ ہو وہ غائب پس جب آوے تو اُسکے واسطے شفعہ ہوگا اگرچہ مدت دراز ہو جاوے **باب** جبکہ مقرر کیجاوین حدین اور واقع ہوں حصے تو نہیں باقی رہتا حق شفعہ کا **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے اُسنے ابی سلمہ بن عبد الرحمٰن سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب واقع ہوں حدین یعنی تقسیم کیجاوے ملک مشترک اور پھیری جاوین راہیں یعنی ہر ایک حصہ کی راہ جدی ہو جاوے تو نہیں باقی رہتا حق شفعہ کا - یہ حدیث حسن صحیح ہے

[۱] یہ حدیث دلیل ہے واسطے امام ابو حنیفہ کے کہ کہتے ہیں کہ ہمسایہ کے لیے حق شفعہ کا ثابت ہے اور تینوں اماموں کے نزدیک ہمسایہ کے لیے حق شفعہ ثابت نہیں اُنکے نزدیک م

[illegible] ۱۲

وقد رواه بعضهم مرسلاً عن ابی سلمة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم والعمل علی ھذا عند بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ
علیہ وسلم منھم عمر بن الخطاب وعثمان بن عفان وبہ یقول بعض فقہاء التابعین مثل عمر بن عبد العزیز وغیرہ وھو قول اھل المدینة
منھم یحیی بن سعید الانصاری وربیعة بن ابی عبد الرحمٰن ومالک بن انس وبہ یقول الشافعی واحمد واسحٰق لایرون الشفعة الا
للخلیط ولایرون للجار شفعة اذا لم یکن خلیطاً وقال بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم الشفعة للجار واحتجوا بالحدیث
المرفوع عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال جار الدار احق بالدار وقال الجار احق بسقبہ وھو قول الثوری وابن المبارک واھل الکوفة **باب**
حدثنا یوسف بن عیسٰی ثنا الفضل بن موسٰی عن ابی حمزة السکری عن عبد العزیز بن رفیع عن ابن ابی ملیکة عن ابن عباس قال قال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الشریک شفیع والشفعة فی کل شیء ھذا حدیث لانعرفہ مثل ھذا الا من حدیث ابی حمزة السکری وقد
روی غیر واحد ھذا الحدیث عن عبد العزیز بن رفیع عن ابن ابی ملیکة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مرسلاً وھذا اصح **حدثنا** ھناد ثنا ابوبکر
بن عیاش عن عبد العزیز بن رفیع عن ابن ابی ملیکة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ بمعناہ ولیس فیہ عن ابن عباس وھکذا روی غیر واحد عن
عبد العزیز بن رفیع مثل ھذا لیس فیہ عن ابن عباس وھذا اصح من حدیث ابی حمزة وابو حمزة ثقة یمکن ان یکون الخطاء من غیر ابی حمزة **حدثنا**
ھناد ثنا ابو الاحوص عن عبد العزیز بن رفیع عن ابن ابی ملیکة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحو حدیث ابی بکر بن عیاش قال اکثر
اھل العلم انما تکون الشفعة فی الدور والارضین ولم یروا الشفعة فی کل شیء وقال بعض اھل العلم الشفعة فی کل شیء والقول الاول اصح

باب ما جاء فی اللقطة وضالة الابل والغنم

اور تحقیق بعض نے اسکو مرسل روایت کیا ہے ابی سلمہ سے اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب
وغیرہ سے انھیں میں سے ہیں عمر فاروق اور عثمان بن عفان اور ساتھ اسی کے قائل ہیں بعض فقہا تابعین سے مثل عمر بن عبد العزیز وغیرہ کے اور
یہی ہے قول اہل مدینہ کا انھیں میں سے ہیں یحیی بن سعید انصاری اور ربیعہ بن ابی عبد الرحمٰن اور مالک بن انس اور ساتھ اسی کے قائل ہیں
شافعی اور احمد اور اسحاق کہتے ہیں کہ نہیں ثابت ہے شفعہ مگر واسطے شریک کے اور کہتے ہیں کہ ہمسایہ کے واسطے شفعہ ثابت نہیں جبکہ نہو شریک
اور بعض اہل علم نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ ہمسایہ کے لیے شفعہ ثابت ہے اور دلیل پکڑی ہے انھوں نے ساتھ حدیث مرفوع کے
کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہمسایہ گھر کا زیادہ تر لائق ہے ساتھ گھر کے (یعنی بہ نسبت غیروں کے) اور نیز فرمایا کہ ہمسایہ زیادہ تر
لائق ہے بسبب[1] نزدیک ہونے اپنے کے اور یہی ہے قول ثوری اور ابن مبارک اور اہل کوفہ کا **باب** - حدیث کی ہمسے یوسف بن عیسے
نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے فضل بن موسی نے ابی حمزہ سکری سے اسنے عبد العزیز بن رفیع سے اسنے ابن ابی ملیکہ سے اسنے ابن عباس سے کہا
کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شریک یعنی زمین میں کہ بیچی جاوے شفیع ہے اور شفعہ بیچ ہر چیز کے ہے غیر منقولات میں مانند زمین اور
باغ وغیرہ کے) یہ حدیث ہے کہ نہیں پہچانتے ہم اسکو مانند اسکے مگر حدیث ابی حمزہ سے اور تحقیق روایت کی بہت لوگوں نے یہ حدیث عبد العزیز
بن رفیع سے اسنے ابن ابی ملیکہ سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل اور یہ زیادہ تر صحیح ہے - حدیث کی ہمسے ہناد نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے
ابوبکر بن عیاش نے عبد العزیز بن رفیع سے اسنے ابن ابی ملیکہ سے اسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے ساتھ معنی اسکے کے اور نہیں ہے
اسمین واسطہ ابن عباس کا - اور اسیطرح روایت کی بہت لوگوں نے عبد العزیز بن رفیع سے مانند اسکے نہیں ہے بیچ اسکے واسطہ ابن عباس کا
اور یہ زیادہ تر صحیح ہے ابی حمزہ کی حدیث سے اور ابو حمزہ ثقہ ہے ممکن ہے یہ کہ ہووے خطا غیر اسکے سے حدیث کی ہمسے ہناد نے اسنے کہا حدیث کی
ہمسے ابو احوص نے عبد العزیز بن رفیع سے اسنے ابن ابی ملیکہ سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل حدیث ابی بکر بن عیاش کے اور اکثر اہل علم
کہتے ہیں سوا اسکے نہیں کہ حق شفعہ گھر اور زمین میں ہے نہ ہر چیز میں اور کہا بعض اہل علم نے کہ حق شفعہ ہر چیز میں ثابت ہے اور پہلا قول زیادہ تر صحیح ہے

باب گری اور پڑی ہوئی[2] چیز اور گم ہوئے اونٹ اور بکری کے لینے کا بیان

[1] یعنی لائق تر ہے ساتھ شفعہ کے اور شفعہ اسکو پہونچتا ہے۔ ۱۲ [2] لقطہ اس چیز کو کہتے ہیں کہ کوئی آدمی پڑی ہوئی چیز پاوے اور مالک اس چیز کا نہو کہ یہ کسکی ہے
اٹھا لینا اسکا مستحب ہے اگر اعتماد ہو اپنے نفس پر اسکی تعریف کرنے کا والا ترک اولی ہے اور جس چیز کے ضائع ہونے کا خوف ہو اسکا اٹھا لینا واجب ہے اگر اسکو ترک کرے
اور وہ ضائع ہو جاوے تو گنہگار ہوگا ۱۲ در مختار

حدثنا الحسن بن علی الخلال نا یزید بن ہارون وعبد اللہ بن نمیر عن سفیان عن سلمۃ بن کہیل عن سوید بن غفلۃ قال خرجت مع زید بن صوحان وسلمان بن ربیعۃ فوجدت سوطا قال ابن نمیر فی حدیثہ فالتقطت سوطا فاخذتہ قالا دعہ فقلت لا ادعہ تاکلہ السباع لآخذنہ فلاستمتعن بہ فقدمت علی ابی بن کعب فسألتہ عن ذلک وحدثتہ الحدیث فقال احسنت وجدت علی عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم صرۃ فیہا مائۃ دینار قال فاتیتہ بہا فقال لی عرفہا حولا فعرفتہا حولا فما اجد من یعرفہا ثم اتیتہ بہا فقال عرفہا حولا آخر فعرفتہا حولا ثم اتیتہ فقال عرفہا حولا آخر وقال احص عدتہا ووعاءہا ووکاءہا فان جاء طالبہا فاخبرک بعدتہا ووعاءہا ووکاءہا فادفعہا الیہ والا فاستمتع بہا ہذا حدیث حسن صحیح حدثنا قتیبۃ نا اسمعیل بن جعفر عن ربیعۃ بن ابی عبد الرحمن عن یزید مولی المنبعث عن زید بن خالد الجہنی ان رجلا سأل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن اللقطۃ فقال عرفہا سنۃ ثم اعرف وکاءہا ووعاءہا وعفاصہا ثم استنفق بہا فان جاء ربہا فادہا الیہ فقال یا رسول اللہ فضالۃ الغنم فقال خذہا فانما ہی لک او لاخیک او للذئب فقال یا رسول اللہ فضالۃ الابل قال فغضب النبی صلی اللہ علیہ وسلم حتی احمرت وجنتاہ او احمر وجہہ فقال مالک ولہا معہا حذاءہا وسقاءہا حتی یلقی ربہا وفی الباب عن ابی بن کعب وعبد اللہ بن عمرو والجارود بن المعلی وعیاض بن حمار وجریر بن عبد اللہ حدیث زید بن خالد حدیث حسن صحیح وقد روی عنہ من غیر وجہ وحدیث یزید مولی المنبعث عن زید بن خالد حدیث حسن صحیح وقد روی عنہ من غیر وجہ والعمل علی ہذا عند بعض اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہم رخصوا فی اللقطۃ اذا عرفہا سنۃ فلم یجد من یعرفہا ان ینتفع بہا وہو قول الشافعی واحمد واسحق

حدیث کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون اور عبد اللہ بن نمیر نے سفیان سے اُسنے سلمہ بن کہیل سے اُسنے سوید بن غفلہ سے کہ نکلا مین ساتھ زید بن صوحان اور سلمان بن ربیعہ کے یعنی حج کو سو پایا مین نے ایک کوڑا۔ کہا ابن نمیر نے بیچ حدیث اپنی کے سو اُٹھا لیا مین نے اُسکو سو کہا اُن دونون نے کہ چھوڑ دے اسکو مین نے کہا مین نہین چھوڑونگا اِسکو تاکہ کھاوین اُسکو درندے البتہ لونگا مین اُسکو اور نفع اُٹھاؤنگا مین ساتھ اُسکے سو آیا مین پاس ابی بن کعب کے سو پوچھا مین نے اُسکو اُس سے اور بیان کی مین نے وہ بات سو کہا اُسنے کہ اچھا کیا تو نے۔ پائی مین نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین ایک ہمیانی کہ اُسمین سو دینار تھے سو مین اُسکو آپکے پاس لایا سو آپنے فرمایا کہ تعریف کر اُسکی ایک برس یعنی مشہور کر اُسکو لوگون مین سو مشہور کیا مین نے اُسکو ایک برس پس نہ پایا مین نے کسیکو کہ پہچانے اُسکو پھر لایا مین اُسکو آپکے پاس سو فرمایا کہ مشہور کر اُسکو لوگون مین ایک برس سو مشہور کیا مین نے اُسکو ایک برس اور پھر لایا مین اُسکو آپکے پاس سو فرمایا کہ مشہور کر اُسکو لوگون مین ایک برس اور فرمایا کہ پہچان رکھ گنتی اُنکی اور برتن یعنی ظرف اُنکا جسمین وہ دینار رکھے ہین یعنی چمڑے مین ہون خواہ کپڑے مین اور پہچان رکھ سربند اُنکا پھر اگر آوے کوئی تلاش کرنے والا اُسکا اور خبر دے تجکو ساتھ گنتی اُنکی کے اور ظرف اُنکے کے اور سربند اُنکے کے تو دفع کر اُنکو طرف اُسکے اور اگر نہ آوے مالک اُنکا تو تو فائدہ اُٹھا ساتھ اُنکے یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن جعفر نے ربیعہ بن ابی عبد الرحمن سے اُسنے یزید مولی منبعث سے اُسنے زید بن خالد جہنی سے کہ ایک شخص نے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے احوال پڑی چیز کا فرمایا آپنے کہ مشہور کر اُسکو لوگون مین ایک برس پھر پہچان رکھ سربند اُسکا اور ظرف اُسکا۔ پھر خرچ کر اُسکو سو اگر آوے مالک اُسکا تو دیدے اُسکو سو اُسنے عرض کی کہ یا حضرت پس گم ہوئی بکری کا کیا حکم ہے سو فرمایا کہ پکڑ لے اُسکو پس سوا اِسکے نہین کہ وہ تیرے واسطے ہے یا واسطے بھائی تیرے کے یا واسطے بھیڑیے کے سو کہا اُسنے کہ یا حضرت پس گم ہوئے اونٹ کا کیا حکم ہے یعنی اگر کسی اونٹ کا مالک معلوم نہو تو اُسکو پکڑنا درست ہے یا نہین کہا پس غضبناک ہوئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم یہانتک کہ سرخ ہوگئے دونون رخسارے آپکے یا سرخ ہوگیا چہرہ آپکا سو فرمایا کہ کیا کام ہے تجھکو اُس سے یعنی چھوڑ دے اُسکو اور نہ لے کہ اُسکے لینے کی حاجت نہین کہ وہ ضائع نہین ہونیکا کہ اُسکے ساتھ مشک اور موزے اُسکے ہین یہانتک کہ ملے اُس سے مالک اُسکا اور اس باب مین ابی بن کعب اور عبد اللہ بن عمرو جارود بن معلی اور عیاض بن حمار اور جریر بن عبد اللہ سے بھی روایت ہے زید بن خالد کی حدیث حسن صحیح ہے اور کئی وجہ پر اُس سے مروی ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے حضرت کے اصحاب وغیرہ سے اجازت دی ہے اُنھون نے بیچ اُٹھانے گری ہوئی چیز کے جبکہ مشہور کرے اُسکو لوگون مین ایک برس تک پس اگر نہ پاوے مالک اُسکے کو تو جائز ہے اُسکو یہ کہ نفع اُٹھاوے ساتھ اُسکے اور یہی ہے قول شافعی اور احمد اور اسحاق کا۔

ف کتاب شرح السنۃ مین لکھا ہے کہ اختلاف ہے علما کو اسمین کہ اگر ایک شخص آیا اور اسنے اسکا ظرف اور سربند پہچانا تو اُسکا دینا واجب ہے۔ امام احمد اور مالک کہتے ہین کہ اُسکا دینا واجب ہے بغیر گواہون کے اور شافعی اور ابو حنیفہ کہتے ہین کہ دینا اُسکا جائز ہے بغیر گواہون کے اُسپر جبر کرنا نہین آتا۔ اور مشہور کرے یعنی بازارون اور مسجدون اور تمام مجمعون مین

فقال بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم یعرفها سنة
سفیان الثوری وعبد الله بن المبارك وهو قول اهل الكوفة لم یروا
ان كان غنیا لان ابی بن كعب اصاب علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم صرة فیها [illegible] دینار فامره
صلی الله علیه وسلم ان یعرفها ثم ینتفع بها وكان ابی كثیر المال من میاسیر اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم فامره النبی
علیه وسلم ان یعرفها فلم یجد من یعرفها فامره النبی صلی الله علیه وسلم ان یاكلها فلو كانت اللقطة لم تحل الا لمن تحل له
الصدقة لم تحل لعلی بن ابی طالب لان علی بن ابی طالب اصاب دینارا علی عهد رسول الله صلی الله علیه وسلم فعرفه
فلم یجد من یعرفه فامره النبی صلی الله علیه وسلم باكله وكان لا تحل له الصدقة وقد رخص بعض اهل العلم اذا كانت اللقطة یسیرة ان
ینتفع بها ولا یعرفها وقال بعضهم اذا كان دون دینار یعرفها قدر جمعة وهو قول اسحق بن ابراهیم حدثنا محمد بن بشار نا ثنا ابو بكر
الحنفی ثنا الضحاك بن عثمان ثنی سالم ابو النضر عن بسر بن سعید عن زید بن خالد الجهنی ان رسول الله صلی الله علیه و
سئل عن اللقطة فقال عرفها سنة فان اعترفت فادها والا فاعرف وعاءها ووكاءها وعددها ثم كلها فان جاء صاحبها فاد
هذا حدیث حسن صحیح غریب من هذا الوجه وقال احمد بن حنبل اصح شئ فی هذا الباب هذا الحدیث والعمل علی هذا عند
العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم رخصوا فی اللقطة اذا عرفها سنة فلم یجد من یعرفها ان ینتفع بها
قول الشافعی واحمد واسحق

اور بعض اہل علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ مشہور کرے اُسکو ایک برس تک پس اگر آوے مالک اُسکا تو دے
اُسکو اور نہیں تو خیرات کرے اُسکو بیچ راہ اللہ کے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور عبد اللہ بن مبارک کا اور یہی ہے قول اہل کوفہ کا کہتے ہیں
کہ اگر لقطہ اُٹھانے والا مالدار ہو تو اُسکو اُس سے فائدہ اُٹھانا درست نہیں اور امام شافعی کہتے ہیں کہ نفع اُٹھاوے ساتھ اُسکے اگرچہ غنی
اسواسطے کہ ابی بن کعب نے پائی ایک تھیلی بیچ زمانہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ اُسمین سو دینار تھے سو حکم فرمایا اسکو نبی صلی اللہ علیہ و
کہ مشہور کرے اُسکو لوگون مین ایک سال تک پھر فائدہ اُٹھاوے ساتھ اُسکے اور تھے ابی بڑے مالدار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے
حکم کیا اُسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ مشہور کرے اُسکو سو نہ پایا اُسنے مالک اُسکا سو حکم کیا اسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ کھاوے اُسکو
پس اگر لقطہ نہ حلال ہوتا مگر واسطے اُسکے کہ حلال ہے واسطے اُسکے صدقہ تو نہ حلال ہوتا واسطے علی بن ابی طالب کے اسواسطے کہ علی بن ابی طالب
نے پایا ایک دینار بیچ زمانہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس مشہور کیا اُسکو لوگون مین پس نہ پایا اُس شخص کو کہ پہچانے اُسکو سو حکم کیا نبی صلی اللہ علیہ
وسلم نے ساتھ کھانے اُسکے کے اور تھے علی کہ نہ حلال تھا واسطے اُنکے صدقہ اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اگر لقطہ تھوڑی چیز ہو تو جائز ہے کہ نفع اُٹھاوے
ساتھ اُسکے اور نہ مشہور کرے اُسکو لوگون مین اور بعضے کہتے ہین کہ اگر دینار سے کم ہو تو مشہور کرے اُسکو مقدار ایک جمعہ کے اور یہی ہے قول اسحاق بن ا
حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو بکر حنفی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ضحاک بن عثمان نے اُسنے کہا حدیث کی مجکو سالم ابو
بسر بن سعید سے اُسنے زید بن خالد سے کہا کہ پوچھے گئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم لقطہ کے حکم سے سو فرمایا کہ مشہور کر اُسکو لوگون مین ایک برس تک پس
پہچانا جاوے یعنی کوئی اُسکو پہچان لے تو دے اُسکے تئین اور نہیں تو پہچان رکھ ظرف اُسکا اور سربند اُسکا اور گنتی اُسکی پھر کھا لے پس اگر آوے مالک اُسکا
تو دیدے اُسکو یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اسوجہ سے اور کہا احمد بن حنبل نے کہ زیادہ تر صحیح اس باب مین یہ حدیث ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہین کہ جب مشہور کرے لقطہ کو ایک سال تک پس نہ پائے مالک اُسکے کو تو جائز ہے اُسکو یہ کہ فائدہ
اُٹھاوے ساتھ اُسکے اور یہی ہے قول امام شافعی اور احمد اور اسحاق کا

حاشیہ متعلقہ صفحہ ۴۲۹ - اور طریقہ اسکا یہ ہے کہ پکارے جسکی کوئی چیز گئی ہو آوے اور اُسکی صفت بیان کرے اور سال بھر تک تعریف بیان کرنا قول شافعی اور محمد اور مالک
اور احمد کا ہے اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک اُسکی کوئی مدت معین نہیں جب تلک کہ ظن غالب ہو کہ اسکے بعد کوئی طلب نہیں کریگا تب تک تعریف کرے بعد اُسکے اپنے کام مین لاوے - ۱۲ انجاح
معلوم ہوا کہ گم ہوئے اونٹ اور گائے کا جنگل مین پکڑنا درست نہیں اور یہی ہے مذہب امام شافعی اور مالک کا اور اسیطرح حکم ہے گھوڑے اور گدھے وغیرہ جانورون کا جنکے ضائع ہونیکا
خوف نہیں اور اگر یہ جانور دیہات اور شہرون مین گم ہون تو انکا اُٹھانا ابو حنیفہ کے نزدیک مستحب ہے ۔ یعنی پیٹ اُسکا بمنزلہ مشک کے ہے جسمین رطوبت ہوتی ہے کہ کفایت کرتی ہے

باب ما جاء فی الوقف **حدثنا** علی بن حجر ثنا اسمعیل بن ابراہیم عن ابن عون عن نافع عن ابن عمر قال اصاب عمر ارضا بخیبر فقال یا رسول اللہ اصبت مالا بخیبر لم اصب مالا قط انفس عندی منہ فما تأمرنی قال ان شئت حبست اصلہا وتصدقت بہا فتصدق بہا عمر انہا لا یباع اصلہا ولا یوہب ولا یورث تصدق بہا فی الفقراء والقربی وفی الرقاب وفی سبیل اللہ وابن السبیل والضیف لا جناح علی من ولیہا ان یاکل منہا بالمعروف او یطعم صدیقا غیر متمول فیہ قال فذکرتہ لمحمد بن سیرین فقال غیر متاثل مالا قال ابن عون فحدثنی بہ رجل آخر انہ قرأہا فی قطعۃ ادیم احمر غیر متاثل مالا هذا حدیث حسن صحیح قال اسمعیل وانا قرأتہا عند ابن عبید اللہ بن عمر فکان فیہ غیر متاثل مالا والعمل علی هذا عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہم لا نعلم بین المتقدمین منہم فی ذلک اختلافا فی اجازۃ وقف الارضین وغیر ذلک **حدثنا** علی بن حجر ثنا اسمعیل بن جعفر عن العلاء بن عبد الرحمن عن ابیہ عن ابی هریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال اذا مات الانسان انقطع عنہ عملہ الا من ثلث صدقۃ جاریۃ وعلم ینتفع بہ وولد صالح یدعو لہ هذا حدیث حسن صحیح

باب ما جاء فی العجماء ان جرحہا جبار **حدثنا** احمد بن منیع ثنا سفیان عن الزهری عن سعید بن المسیب عن ابی هریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم العجماء جرحہا جبار والبئر جبار والمعدن جبار وفی الرکاز الخمس

باب وقف کا بیان **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن ابراہیم نے ابن عون سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ عمر فاروق نے پائی غنیمت سے ایک زمین خیبر میں سو عمر نے کہا کہ یا حضرت پائی میں نے ایک زمین خیبر میں کہ نہیں پایا میں نے کوئی مال کبھی کہ بہت نفیس اور بیش قیمت ہو نزدیک میرے اُس زمین سے پس کیا حکم کرتے ہو مجکو اسمین یعنی میں چاہتا ہون کہ مقرر کرون اُسکو واسطے اللہ کے اور میں جانتا نہیں کہ کسطرح مقرر کرون سو آپ اُسکا طریقہ بیان فرمائیے تو فرمایا کہ اگر چاہو تو وقف کر اصل زمین کو اور خیرات کر حاصل اُسکے کو سو خیرات کیا اس زمین کو حضرت عمر نے اس شرط پر کہ بیچی جاوے اصل اُسکی اور نہ ہبہ کی جاوے اور نہ میراث کی جاوے اور خیرات کیا عمر نے حاصل اُسکا فقیروں اور قرابتیوں اور غلاموں کے آزاد کرنے میں (مثلاً مکاتب کو روپے دیئے کہ وہ روپیہ مالک کو دیکر آزاد ہو جاوے) اور اللہ کی راہ میں اور بیچ مسافروں کے اور مہمانوں کے نہیں گناہ اُس شخص پر کہ متولی ہو اُس زمین کا یعنی تدبیر کرے اُسکی اور بہو نچاوے حاصل کو مصارف مذکورہ میں یہ کہ کھاوے اُسمین سے موافق عرف کے یا کھلاوے اہل اپنے کو جو کہ مالدار نہو اُس حالت میں کہ نہ جمع کرنے والا ہو مال کو اُسکے حاصل میں سے سو میں نے اُسکو ابن سیرین سے ذکر کیا سو اُسنے کہا کہ غیر متمول کے معنے یہ ہیں کہ نہ جمع کرنے والا ہو مال کا کہا ابن عون نے پس حدیث کی مجکو ایک مرد نے کہ تحقیق اُسنے پڑھا اُسکو بیچ ایک ٹکڑے چمڑے سرخ کے غیر متاثل مالا اور یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسمعیل نے کہا کہ میں نے اُسکو عبید اللہ بن عمر کے پاس پڑھا سو اسمین بھی یہی لفظ تھا اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے حضرت کے اصحاب وغیرہ سے نہیں جانتے ہم درمیان پہلوں کے اُنمین سے کچھ اختلاف بیچ جائز ہونے وقف زمین وغیرہ کے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن جعفر نے علاء بن عبد الرحمن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جبکہ آدمی مرجاتا ہے تو اُسکا عمل بند ہو جاتا ہے مگر تین طرح کے عمل ہیں کہ موت کے بعد بھی اُنکا ثواب موقوف نہیں ہوتا ایک تو خیرات اور صدقہ جسکا فائدہ ہمیشہ جاری رہے دوسرے وہ علم جس سے خلق فائدہ پاوے تیسرے نیک بخت بیٹا جو باپ کے واسطے دعا کرے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اگر چارپایہ کسی کو زخمی کردے تو معاف ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چارپایہ کا زخمی کر دینا معاف ہے اور کنوان بھی معاف ہے اور کان بھی معاف ہے اور کافروں کے گڑے ہوئے خزانہ میں پانچوان حصہ خدا کی راہ میں ہے

ف اسمین دلیل ہے اوپر صحت وقف کے اور اجماع اسپر ہے سب مسلمانوں کا اور دلیل ہے اسپر کہ وقف کا بیچنا اور ہبہ کرنا درست نہیں اور اسمین میراث جاری نہیں ہوتی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ وقف کرنے والے کو وقف سے نفع اٹھانا درست ہے اسلیے کہ حضرت نے متولی کے لیے کھانا اُسکا مباح کیا اور وقف کرنے والا متولی ہوتا ہے اور یہ زمین عمر کو خیبر سے ملی تھی اسلیے کہ جب خیبر فتح ہوا تو وہاں کی زمینیں اور باغات مسلمانوں کے ہاتھ لگے اور انھوں نے اُسکو آپس میں تقسیم کیا ہو ع یعنی جانور کے منھ یا دم سے یا پانوں سے کوئی شخص مر جاوے یا کوئی چیز ضائع ہو جاوے تو اُسکا بدلہ کچھ نہیں بشرطیکہ اُسکے ساتھ اُسکا مالک نہو اور اگر اُسکے ساتھ مالک ہو تو اُسکا تاوان آتا ہے امام ابو حنیفہ کے نزدیک اور امام شافعی کہتے ہیں کہ اگر دن میں کوئی چیز تلف کرے تو مالک پر تاوان نہیں اور اگر رات کو تلف کرے تو تاوان ہے کہ رات کو جانور کی نگہبانی مالک پر ہے

[illegible]

وفی الباب عن جابر وعمرو بن عوف المزنی وعبادة بن الصامت حدیث ابی ہریرة حدیث حسن صحیح **حدثنا** قتیبة ثنا اللیث عن ابن شہاب عن سعید بن المسیب وابی سلمة بن عبدالرحمن عن ابی ہریرة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ **حدثنا** الانصاری ثنا معن قال قال مالک بن انس وتفسیر حدیث النبی صلی اللہ علیہ وسلم العجماء جرحہا جبار یقول ہدر لا دیة فیہ ومعنی قولہ العجماء جرحہا جبار فسر بعض اہل العلم قالوا العجماء الدابة المنفلتة من صاحبہا فما اصابت فی انفلاتہا فلاغرم علی صاحبہا والمعدن جبار یقول اذا احتفر الرجل معدنا فوقع فیہ انسان فلاغرم علیہ وکذلک البیر اذا احتفر الرجل للسبیل فوقع فیہا انسان فلاغرم علی صاحبہا وفی الرکاز الخمس والرکاز ما وجد من دفن اہل الجاہلیة فمن وجد رکازا ادی منہ الخمس الی السلطان وما بقی منہ فہو لہ **باب** ما ذکر فی احیاء ارض الموات **حدثنا** محمد بن بشار ثنا عبدالوہاب ثنا ایوب عن ہشام بن عروة عن ابیہ عن سعید بن زید عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من احیی ارضا میتة فہی لہ ولیس لعرق ظالم حق ہذا حدیث حسن غریب **حدثنا** محمد بن بشار ثنا عبدالوہاب الثقفی عن ایوب عن ہشام بن عروة عن وہب بن کیسان عن جابر بن عبداللہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من احیی ارضا میتة فہی لہ ہذا حدیث حسن صحیح وقد رواہ بعضہم عن ہشام بن عروة عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مرسلا والعمل علی ہذا عند بعض اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرہم وہو قول احمد واسحٰق وقالوا لہ ان یحیی الارض الموات بغیر اذن السلطان وقال بعضہم لیس لہ ان یحییہا الا باذن السلطان والقول الاول اصح وفی الباب عن جابر وعمرو بن عوف المزنی جد کثیر وسمرة

اور اس باب میں جابر اور عمرو بن عوف اور عبادہ سے بھی روایت ہے اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہم سے لیث نے ابن شہاب سے اُسنے سعید بن مسیب اور ابی سلمہ سے اُنھوں نے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے **حدیث** کی ہم سے انصاری نے اُسنے کہا حدیث کی ہم سے معن نے کہا کہ کہا مالک بن انس نے کہ تفسیر نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے قول العجماء جرحہا جبار کی یہ ہے کہ چارپایوں کا زخمی کر دینا معاف ہی نہیں دیت ہے بیچ اُسکے اور بعض اہل علم نے یہ کہا ہے کہ عجماء وہ چارپایہ ہے جو چھوٹ جاوے مالک اپنے سے پس جو چیز کہ تلف کرے بیچ چھوٹنے اپنے کے تو اُسکے مالک پر کچھ ڈانڈ نہیں اور کان بھی معاف ہے یعنی اگر کھودے کوئی شخص کان اور گر پڑے اسمیں کوئی انسان تو نہیں آتا اُسکے کھودنے والے پر ڈانڈ اور اسیطرح جبکہ کنواں کھودے کوئی شخص اور گر پڑے اُسمیں کوئی آدمی اور مر جاوے تو اُسکے کھودنے والے پر ڈانڈ نہیں اور گڑے خزانہ میں پانچواں حصہ ہے۔ پس رکاز وہ خزانہ ہے جو پایا جاوے اہل جاہلیت کے دفینہ میں سو جو شخص کہ پاوے دفینہ تو پہنچاوے اُس سے پانچواں حصہ طرف بادشاہ کے اور جو کچھ کہ باقی رہے اُس سے پس وہ اُسکی ملک ہے **باب** خراب اور افتادہ زمین کا آباد کرنا **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدالوہاب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ایوب نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے سعید بن زید سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ زندہ کرے زمین[1] مردہ کو پس وہ واسطے اُسیکے ہے یعنی اُسیکی ملک ہو گئی اور نہیں واسطے رگ ظالم کے حق یہ حدیث حسن غریب ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدالوہاب ثقفی نے ایوب سے اُسنے ہشام بن عروہ سے اُسنے وہب بن کیسان سے اُسنے جابر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ زندہ کرے زمین مردہ کو پس وہ واسطے اُسی کے ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کیا ہے اُسکو بعض نے ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا۔ اور کہتے ہیں کہ جائز ہے اُسکو یہ کہ آباد کرے زمین مردہ کو بغیر اذن بادشاہ کے اور بعضے کہتے ہیں کہ نہیں جائز ہے اُسکو یہ کہ زندہ کرے اُسکو بغیر اذن بادشاہ کے۔ اور پہلا قول زیادہ صحیح ہے اور اس باب میں جابر اور عمرو بن عوف مزنی جو دادا ہیں کثیر کا اور سمرہ سے بھی روایت ہے۔

[1] یعنی جو شخص کہ زندہ کرے اور آباد کرے زمین ویران کو پس وہ ملک اُسکی ہے بشرطیکہ مسلمان کی ملک نہ ہو اور نہ متعلق ہو ساتھ کاموں مصلحت شہر کے یا گانوں کے جیسے کہ مواشی وہاں بیٹھتے ہیں یا دھوبی کپڑے دھوتے ہیں اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک امام کا اذن ہونا شرط ہے اور امام شافعی اور احمد اور صاحبین کے نزدیک شرط نہیں اگر کوئی شخص کھیتی کرے یا درخت لگا دے بیچ زمین آباد کے تو وہ بسبب اُسکے مستحق اُس زمین کا نہیں ہوتا ۱۲

حدثنا ابو موسیٰ محمد بن المثنی قال سالت ابا الولید الطیالسی عن قوله ولیس لعرق ظالم حق فقال العرق الظالم الغاصب
الذی یأخذ ما لیس له قلت هو الرجل الذی یغرس فی ارض غیره قال هو ذلک **باب** ما جاء فی القطائع قلت لقتیبة
بن سعید حدثکم محمد بن یحیی بن قیس المأربی قال اخبرنی ابی عن ثمامة بن شراحیل عن سمی بن قیس عن شمیر عن ابیض
بن حمال انه وفد الی رسول الله صلی الله علیه وسلم استقطعه الملح فقطع له فلما ان ولی قال رجل من المجلس اتدری ما قطعت
له انما قطعت له الماء العد قال فانتزعه منه قال وساله عن ما یحمی من الاراک قال ما لم تنله خفاف الابل فاقر به قتیبة وقال
نعم **حدثنا** محمد بن یحیی بن ابی عمر ثنا محمد بن یحیی بن قیس المأربی نحوه وفی الباب عن وائل واسماء ابنة ابی بکر حدیث ابیض
بن حمال حدیث حسن غریب والعمل علی هذا عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم فی القطائع یرون
جائزا ان یقطع الامام لمن رأی ذلک **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا ابو داؤد الطیالسی ثنا شعبة عن سماک قال سمعت
علقمة بن وائل یحدث عن ابیه ان النبی صلی الله علیه وسلم اقطعه ارضا بحضرموت قال محمود وثنا النضر عن شعبة وزاد فیه وبعث
معه معاویة لیقطعها ایاه هذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی فضل الغرس **حدثنا** قتیبة ثنا ابو عوانة عن قتادة
عن انس عن النبی صلی الله علیه وسلم قال ما من مسلم یغرس غرسا او یزرع زرعا فیاکل منه انسان او طیر او بهیمة الا کانت
له صدقة وفی الباب عن ابی ایوب وام مبشر وجابر وزید بن خالد حدیث انس حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی المزارعة

حدیث کی ہمسے ابو موسیٰ محمد بن مثنے سے کہا اُسنے کہ پوچھا مین نے ابو ولید طیالسی کو قول نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو سے کہ نہین واسطے رگ
ظالم کے حق سو کہا اُسنے کہ رگ ظالم غاصب ہو کہ چھین لے وہ چیز کہ نہین ہو اُسکی مین نے کہا وہ وہ شخص ہے کہ درخت لگاوے بیچ زمین غیر
اپنی کے کہا اُسنے وہ یہی ہے **باب** جاگیر دینے کا بیان۔ مین نے قتیبہ بن سعید سے کہا کہ کیا حدیث کی تمسے محمد بن یحییٰ بن قیس نے اُسنے کہا
خبر دی مجکو باپ میرے نے ثمامہ بن شرحبیل سے اُسنے سمی بن قیس سے اُسنے شمیر سے اُسنے ابیض بن حمال سے کہ گیا وہ پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسحالت
مین کہ طلب کرتا تھا آپ سے یہ کہ جاگیر دین اُسکو کان نمک کی سو جاگیر دی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکو کان نمک کی سو جبکہ پیٹھ پھیری اُسنے تو کہا ایک
مرد نے مجلس سے کیا آپ جانتے ہین کیا جاگیر دی آپ نے اُسکو سوا اسکے نہین کہ دیا آپ نے اُسکو پانی طیار یعنی جو کبھی بند نہو سو نکال لیا آپ نے
اُسکو اُس سے کہا اور پوچھا اُسنے آپ کو اُس سے کہ گھیری جاوے زمین پیلو کی سے فرمایا جب تک کہ نہ پہونچین اُسکو پاؤن اونٹون کے سو اقرار کیا
ساتھ اُسکے قتیبہ نے اور کہا ہان **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحییٰ بن ابی عمر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن یحییٰ بن قیس نے مثل اُسکے اور اس باب
مین وائل اور اسماء بنت ابی بکر سے بھی روایت ہی اور حدیث ابیض کی حسن ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے
اصحاب وغیرہ سے بیچ جاگیرون کے کہتے ہین جائز ہے امام کو یہ کہ مقرر کرے جاگیر واسطے اُس شخص کے کہ دیکھے لائق اُسکے **حدیث** کی ہمسے
محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے داؤد طیالسی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے سماک سے اُسنے کہا سنا مین نے علقمہ بن وائل سے
حدیث بیان کرتا تھا اپنے باپ سے کہ تحقیق جاگیر دی اُسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک زمین بیچ شہر حضرموت کے کہا محمود نے اور حدیث
کی ہمسے نضر نے شعبہ سے اور زیادہ کیا اُسمین یہ کہ بھیجا آپ نے ساتھ اُسکے معاویہ کو تاکہ ناپ دیوے وہ زمین اُسکو یہ حدیث حسن صحیح ہے
باب درخت لگانے کی فضیلت کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے قتادہ سے اُسنے روایت کی
انس سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہین کوئی مسلمان کہ لگاوے درخت یا بووے کھیتی سو کھاوے اُس سے آدمی یا جانور یا
چارپایہ مگر کہ ہوتی ہے واسطے اُسکے خیرات اور اس باب مین ابو ایوب اور ام مبشر اور جابر اور زید بن خالد سے بھی روایت ہی اور انس کی
حدیث حسن صحیح ہے **باب** مزارعت کا بیان۔

لہ پانی طیار وہ ہے جو کہ ہمیشہ رہے مادہ اسکا منقطع نہو اور پھیر لیا اُسکو یعنی اول گمان کیا تھا کہ وہ قطع مانند اُس کان کے ہے کہ حاصل ہوتا ہے اُس سے نمک ساتھ
محنت اور مشقت کے جب جانا کہ وہ طیار ہے بغیر محنت کے نمک موجود ہے مانند پانی اور گھاس کے تو پھیر لیا اُسکو کہ اُسکے ساتھ سب لوگون کا حق متعلق ہے پس صلاح
اُسکے پھیرنے مین دیکھی اس سے معلوم ہوا کہ جاگیر کر دینا کانون کا جائز ہے جبکہ پوشیدہ ہون اور محنت کے ساتھ اُنسے فائدہ حاصل ہو اور جبکہ بلا محنت اُن سے
فائدہ ہو تو اُسکا جاگیر کر دینا جائز نہین ہے کہ اُسمین سب لوگ شریک ہین مانند گھاس اور پانی کے اور اس سے معلوم ہوا کہ حاکم کو اپنے حکم سے رجوع کرنا درست ہے جبکہ حق م

حدثنا اسحق بن منصور ثنا يحيى بن سعيد عن عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم عامل اهل خيبر بشطر ما يخرج منها من ثمر او زرع وفي الباب عن انس وابن عباس وزيد بن ثابت وجابر هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم لم يروا بالمزارعة باسا على النصف والثلث والربع واختار بعضهم ان يكون البذر من رب الارض وهو قول احمد واسحق وكره بعض اهل العلم المزارعة بالثلث والربع ولم يروا بمساقاة النخيل بالثلث والربع باسا وهو قول مالك بن انس والشافعي ولم ير بعضهم ان يصح شيء من المزارعة الا ان تستاجر الارض بالذهب والفضة **باب** حدثنا هناد ثنا ابوبكر بن عياش عن ابي حصين عن مجاهد عن رافع بن خديج قال نهانا رسول الله صلى الله عليه وسلم عن امر كان لنا نافعا اذا كانت لاحدنا ارض ان يعطيها ببعض خراجها او بدراهم وقال اذا كانت لاحدكم فليمنحها اخاه او ليزرعها حدثنا محمود بن غيلان ثنا الفضل بن موسى الشيباني ثنا شريك عن شعبة عن عمرو بن دينار عن طاؤس عن ابن عباس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم لم يحرم المزارعة ولكن امران يرفق بعضهم ببعض هذا حديث حسن صحيح وفي الباب عن زيد بن ثابت حديث رافع حديث فيه اضطراب يروى هذا الحديث عن رافع بن خديج عن عمومته ويروى عنه عن ظهير بن رافع وهو احد عمومته وقد روى هذا الحديث عنه على روايات مختلفة بسم الله الرحمن الرحيم

ابواب الديات عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

باب ماجاء في الدية كم هي من الابل

حدیث کی ہمسے اسحاق بن منصور نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے عبید اللہ بن ابن عمر سے اُسنے روایت کی نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے معاملہ کیا اہل خیبر سے ساتھ نصف اُس چیز کے کہ نکلے اُس سے میوہ سے یا کھیتی سے یعنی اُسمین محنت وہ کرین اور جو پیدا ہو آدھا اُنکا اور آدھا آپ کا۔ اور اس باب مین انس اور ابن عباس اور زید بن ثابت اور جابر سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسیر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہین کہ آدھی اور تہائی اور چوتھائی پیداوار پر کھیتی کرانی درست ہے۔ اور بعضے کہتے ہین کہ تخم زمین والے کا ہو اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا اور بعضے کہتے ہین کہ تہائی اور چوتھائی حصے پر مزارعت کرانی مکروہ ہے مساقات تہائی اور چوتھائی سے بھی جائز ہے۔ یہ قول مالک بن انس اور شافعی کا ہے اور بعضے کہتے ہین کہ مزارعت کسیطرح درست نہین مگر یہ کہ لیجاوے زمین بدلے چاندی اور سونیکے **باب** حدیث کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابوبکر بن عیاش نے ابی حصین سے اُسنے مجاہد سے اُسنے رافع بن خدیج سے کہا کہ منع فرمایا ہمکو نبی صلعم نے ایک امر سے کہ تھا وہ ہمارے لیے نفع دینے والا جبکہ ہوتی واسطے ایک ہمارے کے زمین تو دیتا تھا اُسکو ساتھ بعض پیداوار اُسکی کے یا بدلے درہمونکے اور فرمایا جبکہ ہو واسطے ایک تمہارے کے زمین تو چاہیے کہ کھیتی کرے اُسمین خود یا دیوے اپنے بھائی کو عاریت حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے فضل بن موسی شیبانی نے اُسنے کہا حدیث ہمسے شریک نے شعبہ سے اُسنے عمرو بن دینار سے اُسنے طاؤس سے اُسنے ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین حرام کیا مزارعت کو لیکن حکم کیا یہ کہ احسان کرے بعض اُنکا ساتھ بعض کے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس باب مین زید بن ثابت سے بھی روایت ہے اور رافع کی حدیث مین اضطراب ہے روایت کیجاتی ہے یہ حدیث رافع بن خدیج سے اُسنے اپنے چچون مین سے اور روایت کیجاتی ہے اُس سے ظہیر بن رافع سے اور وہ ایک چچاؤن مین سے ہے۔ اور یہ حدیث اُس سے مختلف طریقون پر مروی ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم

ابواب الدیات

بیان مین دیتون کے جو نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے منقول ہین یعنی بطریق رفع کے **باب** دیت مین کتنے اونٹ دینے لازم آتے ہین۔

سلہ مزارعت یہ ہے کہ کسی کو زمین دے کہ اس زمین مین بووے جو اُسمین پیدا ہو آپس مین بانٹ لین آدھو آدھ یا تہائی چوتھائی وغیرہ سے اور یہ مزارعت سب علماء کے نزدیک درست ہے سوا ابوحنیفہ کے مگر فتوی حنفیہ کے نزدیک بھی جواز پر ہے اور امام کا قول متروک ہے۔ اور مساقات اُسکو کہتے ہین کہ اپنے درخت کسی کو دے اور یہ کہدے کہ انہین پانی دینا اور اصلاح کرنا اور میوہ جو حاصل ہوگا اُسکو آپسمین بانٹ لینگے آدھو آدھ یا تہائی یا چوتھائی وغیر ذلک۔ پس مساقات درختون مین ہوتی ہے اور مزارعت زمین مین ہوتی ہے اور مساقات کھجورون کی ساتھ تہائی اور چوتھائی کے درست ہے یہی ہے قول مالک و شافعی کا ١٢

حدثنا علی بن سعید الکندی الکوفی ثنا ابن ابی زائدۃ عن الحجاج عن زید بن جبیر عن خشف بن مالک قال سمعت ابن مسعود قال قضی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی دیۃ الخطاء عشرین ابنۃ مخاض وعشرین بنی مخاض ذکورا وعشرین بنت لبون وعشرین جذعۃ وعشرین حقۃ **حدثنا** ابوھشام الرفاعی ثنا ابن ابی زائدۃ وابو خالد الاحمر عن الحجاج بن ارطاۃ نحوہ وفی الباب عن عبد اللہ بن عمرو وحدیث ابن مسعود لا نعرفہ مرفوعا الا من ھذا الوجہ وقد روی عن عبد اللہ موقوفا وقد ذھب بعض اھل العلم الی ھذا وھو قول احمد واسحق وقد اجمع اھل العلم علی ان الدیۃ توخذ فی ثلث سنین فی کل سنۃ ثلث الدیۃ وراوا ان دیۃ الخطاء علی العاقلۃ فرای بعضھم ان العاقلۃ قرابۃ الرجل من قبل ابیہ وھو قول مالک والشافعی وقال بعضھم انما الدیۃ علی الرجال دون النساء والصبیان من العصبۃ ویحمل کل رجل منھم ربع دینار وقد قال بعضھم الی نصف دینار فان تمت الدیۃ والا نظر الی اقرب القبائل منھم فالزموا ذلک **حدثنا** احمد بن سعید الدارمی ثنا حبان ثنا محمد بن راشد ثنا سلیمان بن موسی عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من قتل متعمدا دفع الی اولیاء المقتول

حدیث کی ہمسے علی بن سعید کندی کوفی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی زائدہ نے حجاج سے اُسنے زید بن جبیر سے اُسنے خشف بن مالک سے اُسنے کہا سُنا مین نے ابن مسعود سے کہا کہ حکم فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ دیت[1] خطا کے بیس اونٹنیان کہ دوسرے برس مین لگی ہون اور بیس اونٹ کہ دوسرے برس مین لگے ہون اور بیس اونٹنیان کہ تیسرے برس مین لگی ہون اور بیس اونٹنیان کہ پانچوین برس مین لگی ہون اور بیس اونٹنیان کہ چوتھے سال مین لگی ہون **حدیث** کی ہمسے ابوہشام رفاعی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی زائدہ اور ابو خالد احمر نے حجاج بن ارطاۃ سے مثل اُسکے اور اس باب مین عبد اللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے اور ابن مسعود کی حدیث کو نہین پہچانتے ہم مرفوع مگر اسی وجہ سے اور تحقیق روایت کی گئی ہے عبد اللہ سے موقوفا۔ اور گئے ہین بعض اہل علم طرف اسکے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا اور تحقیق اجماع کیا ہے اہل علم نے اسپر کہ دیت لیجاوے تین برسون مین ہر سال مین تہائی دیت کی اور کہتے ہین کہ دیت[2] خطا کی عاقلہ پر ہے سو بعضے کہتے ہین کہ عاقلہ قرابتی مرد کے ہین باپ کی طرف سے اور یہ قول مالک اور شافعی کا ہے اور بعضے کہتے ہین کہ سوا اسکے نہین کہ دیت فقط مردون پر ہے عورتون اور بچون پر نہین عصبون سے اور اُٹھایا جاوے ہر مرد اُنمین سے چوتھائی دینار کی اور بعضے کہتے کہ آدھے دینار تک اور اگر پوری ہو جاوے دیت تو فبہا اور نہین تو نظر کیجاوے طرف زیادہ قریب قبیلون کے اُنمین سے پس دیت لی جاوے اُن سے **حدیث** کی ہمسے احمد بن سعید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حبان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن راشد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سلیمان بن موسی نے اُسنے روایت کی عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادے سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ قتل کرے[3] کسی کو جان بوجھ کر حوالہ کیا جاوے طرف وارثون مقتول کے

[1] دیت اُس مال کو کہتے ہین کہ دیا جاتا ہے بدلے قتل کرنے نفس کے یا قطع کرنے کسی کے اعضا کے اور دیت دو طرح کی ہوتی ہے۔ مغلظہ اور مخففہ۔ مغلظہ یہ ہے کہ سو اونٹنیان ہون چار طرح کی پچیس بنت مخاض اور پچیس بنت لبون اور پچیس حقہ اور پچیس جذعہ یہ قول امام ابو حنیفہ اور ابو یوسف کا ہے اور امام شافعی اور محمد کے نزدیک تیس حقہ اور تیس جذعہ اور چالیس ثنیہ کہ سب حاملہ ہون اور یہ دیت قتل شبہ عمد مین دینی آتی ہے اور دیت مخففہ یہ ہے کہ ہزار دینار دے یا دس ہزار درہم دے یا اونٹ دے پانچ طرح کے بیس ابن مخاض اور بیس بنت مخاض اور بیس بنت لبون اور بیس حقہ اور بیس جذعہ اور یہ دیت لازم آتی ہے قتل خطا مین اور جاری مجری خطا مین اور قتل بسبب مین حاصل اور تحقیق قتل پانچ قسم ہے۔ قتل عمد اور شبہ عمد اور خطا اور جاری مجری خطا اور قتل بسبب۔ قتل عمد یہ ہے کہ مارے ساتھ ایسی چیز کے کہ جدا کرے اعضا کو خواہ وہ کوئی ہتھیار ہو یا کوئی تیز لکڑی یا پتھر یا تیر وغیرہ ہو اس سے قصاص لازم آتا ہے یا دیت یا عفو کیا جاوے اور شبہ عمد یہ ہے کہ مارے قصدا ساتھ چیزون مذکورہ کے اسمین دیت ہے عاقلہ پر نہ قصاص اور خطا یہ ہے کہ ایک شخص کو تیر مارا شکار گمان کرکے یا نشانہ خطا ہو کر آدمی کو جا لگا تو اسمین بھی دیت لازم آتی ہے عاقلہ پر اور جاری مجری خطا کی یہ ہے کہ ایک شخص سوتا ہوا جا پڑا کسی شخص پر اور اُسکو مار ڈالا تو اسمین بھی دیت آتی ہے عاقلہ پر۔ اور قتل بسبب یہ ہے کہ ایک شخص نے کنوان کُھدوایا تھا اُسمین کوئی آدمی گر کر مر گیا اُسمین دیت آتی ہے ۱۲ ہدایہ وغیرہ

[2] اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ دیت خطا کی پانچ طرح کی ہوتی ہے اور اسمین سب کا اتفاق ہے۔ لیکن امام شافعی کے نزدیک بیس ابن لبون کی جگہ ابن مخاض دینے لکھتے ہین یعنے دو برس کے اونٹ دینے لازم آتے ہین نہ تین برس کے واعلم قولہ خشف بن مالک طائی۔ خا معجمہ کسور بعدہ شین معجمہ ساکن۔ آپ کا شمار صاحب تقریب التہذیب نے دوسرے درجہ مین کیا ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ خشف بن مالک کی توثیق نسائی نے کی ہے۔

فان شاؤا قتلوا وان شاؤا اخذوا الدية وهي ثلثون حقة وثلثون جذعة واربعون خلفة وما صالحوا عليه فهو لهم وذلك لتشديد العقل حديث عبد الله بن عمرو حديث حسن غريب **باب** ما جاء في الدية كم هي من الدراهم **حدثنا** محمد بن بشار ثنا معاذ بن هانئ ثنا محمد بن مسلم هو الطائفي عن عمرو بن دينار عن عكرمة عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم انه جعل الدية اثنا عشر الفا **حدثنا** سعيد بن عبد الرحمن المخزومي ثنا سفيان بن عيينة عن عمرو بن دينار عن عكرمة عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه ولم يذكر فيه عن ابن عباس وفي حديث ابن عيينة كلام اكثر من هذا ولا نعلم احدا يذكر هذا الحديث عن ابن عباس غير محمد بن مسلم والعمل على هذا الحديث عند بعض اهل العلم وهو قول احمد واسحق ورأى بعض اهل العلم الدية عشرة الاف وهو قول سفيان الثوري واهل الكوفة وقال الشافعي لا اعرف الدية الا من الابل وهي مائة من الابل **باب** ما جاء في الموضحة **حدثنا** حميد بن مسعدة ثنا يزيد بن زريع ثنا حسين المعلم عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده ان النبي صلى الله عليه وسلم قال في المواضح خمس خمس هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اهل العلم وهو قول سفيان الثوري والشافعي واحمد واسحق ان في الموضحة خمسا من الابل **باب** ما جاء في دية الاصابع **حدثنا** ابو عمار ثنا الفضل بن موسى عن الحسين بن واقد عن يزيد النحوي عن عكرمة عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم دية اصابع اليدين والرجلين سواء عشرة من الابل لكل اصبع وفي الباب عن ابي موسى وعبد الله بن عمرو حديث ابن عباس حديث حسن صحيح غريب والعمل على هذا عند بعض اهل العلم وبه يقول سفيان الثوري والشافعي واحمد واسحق

پس اگر چاہیں تو مار ڈالیں اور اگر چاہیں تو لیویں دیت یعنی خون بہا اور دیت[1] یہ ہے تیس اونٹنیاں کہ چوتھے برس میں لگی ہوں اور تیس اونٹنیاں کہ پانچویں برس میں لگی ہوں اور چالیس اونٹنیاں کہ حاملہ ہوں اور جس چیز پر صلح کریں پس وہ واسطے انکے ہے یعنی اصل دیت کہ مقتول کے وارثوں کا حق ہے یہ ہے جو ذکر کی گئی اور اگر صلح کریں وارث اُس سے کم پر تو وہی واجب ہوگا اور یہ واسطے سخت ہونے دیت کے ہے حدیث عبد اللہ بن عمرو کی حسن غریب ہے **باب** دیت میں درہم کتنے دینے لازم آتے ہیں حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معاذ بن ہانی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن مسلم طائفی نے عمرو بن دینار سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہ ٹھہرائی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیت[2] بارہ ہزار درہم **حدیث** کی ہمسے سعید بن عبد الرحمن مخزومی نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے عمرو بن دینار سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکی اور نہیں ذکر کیا اسمیں واسطہ ابن عباس کا اور ابن عیینہ کی حدیث میں اس سے زیادہ کلام ہے اور نہیں جانتے ہم کسی کو کہ ذکر کرتا ہو یہ حدیث ابن عباس سے سوائے محمد بن مسلم کے اور عمل اس حدیث پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ دیت دس ہزار درہم ہے اور یہی قول سفیان ثوری اور اہل[3] کوفہ کا اور کہا شافعی نے کہ نہیں جانتا میں دیت کو مگر اونٹوں سے اور وہ سو اونٹ ہیں **باب** ان زخموں کی دیت کا بیان جنمیں ہڈی کھل جاوے حدیث کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن زریع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حسین معلم نے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا دیت کا ایسے زخموں میں کہ کھل جاوے ہڈی پانچ پانچ اونٹ ہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے اور یہی ہے قول ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا کہ ہر زخم کے پانچ اونٹ ہیں **باب** انگلیوں کی دیت کا بیان حدیث کی ہمسے ابو عمار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے فضل بن موسی نے حسین بن واقد سے اُسنے یزید نحوی سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ دیت انگلیاں دونوں ہاتھوں اور پاؤں کی برابر ہے دس دس اونٹ بدلے[4] ہر انگلی کے اور اس باب میں ابی موسی اور عبد اللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے اور ابن عباس کی حدیث حسن صحیح غریب ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے۔ اور ساتھ اسی کے قائل ہیں سفیان ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحاق

[1] یہ مذہب امام شافعی اور احمد کا ہے اور امام ابو حنیفہ وغیرہ کے نزدیک سو اونٹ چار قسم کے ہیں پچیس اونٹ یکسالہ اور پچیس دو سالہ اور پچیس سہ سالہ اور پچیس چار سالہ ۱۲ منہ [2] اور یہی ہے قول امام شافعی کا اور امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ دیت دس ہزار درہم ہے۔ ۱۲ [3] اور امام ابو حنیفہ کا بھی یہی قول ہے۔ اور شافعی کے نزدیک دیت میں سوا اونٹوں کے کچھ درست نہیں مگر بضرورت ۱۲ [4] یعنی اگر ایک انگلی کاٹے تو دس اونٹ دینے لازم آتے ہیں اور اگر دو انگلیاں کاٹے تو بیس ۱۲

حدثنا محمد بن بشار ثنا یحیی بن سعید و محمد بن جعفر قالا ثنا شعبۃ عن قتادۃ عن عکرمۃ عن ابن عباس عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم قال ھذہ وھذہ سواء یعنی الخنصر والابھام ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی العفو حدثنا احمد بن محمد ثنا عبد اللہ بن المبارک ثنا یونس بن ابی اسحٰق ثنا ابو السفر قال دق رجل من قریش سن رجل من الانصار فاستعدی علیہ معاویۃ فقال لمعاویۃ یا امیر المومنین ان ھذا دق سنی فقال معاویۃ انا سنرضیک والح الاخر علی معاویۃ فابرمہ فقال لہ معاویۃ شانک بصاحبک وابو الدرداء جالس عندہ فقال ابو الدرداء سمعت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یقول مامن رجل یصاب بشیء فی جسدہ فیتصدق بہ الا رفعہ اللہ بہ درجۃ وحط عنہ بہ خطیئۃ فقال الانصاری انت سمعتہ من رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم قال سمعتہ اذنای ووعاہ قلبی قال فانی اذرھا لہ قال معاویۃ لاجرم لاخیبک فامر لہ بمال ھذا حدیث غریب لانعرفہ الا من ھذا الوجہ ولا اعرف لابی السفر سماعا عن ابی الدرداء وابو السفر اسمہ سعید بن احمد ویقال ابن یحمد الثوری **باب** ماجاء فیمن رضخ راسہ بصخرۃ حدثنا علی بن حجر ثنا یزید بن ھارون ثنا ھمام عن قتادۃ عن انس قال خرجت جاریۃ علیھا اوضاح فاخذھا یھودی فرضخ راسھا واخذ ما علیھا من الحلی قال فادرکت وبھا رمق فاتی النبی صلے اللہ علیہ وسلم فقال من قتلک افلان فقالت براسھا لا قال ففلان حتی سمی الیھودی فقالت براسھا نعم قال فاخذ فاعترف فامر بہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فرضخ راسہ بین حجرین ھذا حدیث حسن صحیح والعمل علی ھذا عند بعض اھل العلم وھو قول احمد واسحٰق وقال بعض اھل العلم لاقود الا بالسیف

حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید اور محمد بن جعفر نے ان دونوں نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے قتادہ سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ اور یہ یعنی چھنگلیا اور انگوٹھا برابر ہین دیت مین یہ حدیث حسن صحیح ہی **باب** دیت کے معاف کر دینے مین **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن ابی اسحاق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو السفر نے کہا کہ توڑا ایک شخص قریشی نے دانت ایک مرد انصاری کا سو استغاثہ کیا اُسنے معاویہ سے کہ وہ خلیفہ تھے سو کہا اُسنے معاویہ سے کہ اے امیر المومنین مقرر اس شخص نے توڑا دانت میرا سو معاویہ نے کہا کہ تحقیق ہم تجکو راضی کرینگے اور پیچھا کیا دوسرے نے معاویہ پر اور عاجز کیا اُسکو سو معاویہ نے اُس سے کہا کہ لازم پکڑ حال اپنی کو واسطے ساتھی اپنے کے یعنی جسطرح چاہے اُسکے ساتھ کر اور ابو درداء بیٹھے ہوے تھے سو کہا ابو درداء نے سُنا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے نہین کوئی شخص کہ زخمی کیا گیا بیچ بدن اپنے کے پھر معاف کیا زخمی کرنیوالے سے یعنی بدلہ نہ لیا اور بخشدیا اُسکو اور صبر کیا تقدیر الٰہی پر مگر کہ بلند کرتا ہے اسکا اللہ بسبب اُسکے ایک درجہ اور دور کرتا ہے اُس سے ایک گناہ سو انصاری نے کہا کہ کیا تو نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سُنا ہی کہ آپ نے فرمایا ابو درداء نے کہا کہ سُنا اُسکو دونون کانون میرے نے اور یاد رکھا اُسکو دل میرے نے انصاری نے کہا کہ پس تحقیق مین معاف کرتا ہون اُسکو کہا معاویہ نے ہم تجکو محروم نہ رکھین گے سو حکم کیا واسطے اسکے کچھ مال کا یہ حدیث غریب ہے نہین پہچانتے ہم اُسکو مگر اسیوجہ سے اور نہین پہچانتے ہم واسطے ابی سفر کے سماع ابی درداء سے اور ابو السفر کا نام سعید بن احمد یا ابن یحمد ثوری ہی **باب** جسکا سر پتھر سے کچلا جاوے اُسکے قاتل کی کیا سزا ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہمام نے قتادہ سے اُسنے انس سے کہ نکلی ایک لڑکی اور اُسکے پاس زیور تھا چاندیکا سو پکڑا اُسکو ایک یہودی نے اور کچلا سر اُسکا۔ اور اُتار لیا زیور اُسکا کہا پس پائی گئی وہ لڑکی اُس حال مین کہ اُسمین تھوڑی سی جان باقی تھی سو لائے اُسکو پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے سو فرمایا حضرت نے کہ کسنے قتل کیا ہے تجکو کیا فلانے نے سو اشارہ کیا اُسنے اپنے سر سے کہ نہین کہا پس فلانے نے اور فلانے نے یہان تک کہ نام لیا آپ نے یہودی کا سو اشارہ کیا اُسنے اپنے سر سے کہ ہان اُسی نے مجکو قتل کیا ہے پس پکڑا گیا وہ سو اقرار کیا اُسنے سو حکم کیا ساتھ اُسکے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سو کچلا گیا سر اُسکا درمیان دو پتھرون کے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور یہی ہی قول احمد اور اسحاق کا اور کہا بعض اہل علم نے کہ نہین قصاص مگر ساتھ تلوار کے

۴ اونٹ دینے لازم آتے ہین و مثلہ ہذا القیاس ۱۲ منہ ۵ یہ حدیث دلیل ہے اسپر کہ مرد قتل کیا جاوے بدلے عورت کے جیسے کہ قتل کیجاتی ہے عورت بدلے مرد کے اور یہی قول اکثر اہل علم کا اور دلیل ہی اسپر کہ قتل کرنا ساتھ پتھر بھاری کے کہ حاصل ہو ساتھ اُسکے قتل غالب موجب قصاص ہی اور یہی قول ہی تینون اماموں کا اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک اسمین قصاص نہین آتا اور اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ مجرد قول مقتول کا مثبت قصاص نہین جبتک وہ خود اقرار نہ کرے اور یہی ہی قول جمہور کا اور امام مالک کہتے ہین کہ مجرد قول مقتول

باب ماجاء فی تشدید قتل المؤمن **حدثنا** ابوسلمۃ یحیی بن خلف و محمد بن عبد اللہ بن بزیع قالا ثنا ابن ابی عدی عن شعبۃ عن یعلی بن عطاء عن ابیہ عن عبد اللہ بن عمرو ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لزوال الدنیا اھون علی اللہ من قتل رجل مسلم **حدثنا** محمد بن بشار ثنا محمد بن جعفر ثنا شعبۃ عن یعلی بن عطاء عن ابیہ عن عبد اللہ بن عمرو نحوہ ولم یرفعہ وھذا اصح من حدیث ابن ابی عدی وفی الباب عن سعد وابن عباس وابی سعید وابی ھریرۃ وعقبۃ بن عامر وبریدۃ حدیث عبد اللہ بن عمرو ھکذا رواہ ابن ابی عدی عن شعبۃ عن یعلی بن عطاء فلم یرفعہ وھکذا روی سفیان الثوری عن یعلی بن عطاء موقوفا وھذا اصح من الحدیث المرفوع **باب الحکم** فی الدماء **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا وھب بن جریر ثنا شعبۃ عن الاعمش عن ابی وائل عن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اول ما یحکم بین العباد فی الدماء حدیث عبد اللہ حدیث حسن صحیح وھکذا روی غیر واحد عن الاعمش مرفوعا وروی بعضھم عن الاعمش لم یرفعوہ **حدثنا** ابوکریب ثنا وکیع عن الاعمش عن ابی وائل عن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اول ما یحکم بین العباد فی الدماء **حدثنا** ابوکریب ثنا وکیع عن الاعمش عن ابی وائل عن عبد اللہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان اول ما یقضی بین العباد فی الدماء **حدثنا** الحسین بن حریث ثنا الفضل بن موسی عن الحسین بن واقد عن یزید الرقاشی ثنا ابو الحکم البجلی قال سمعت ابا سعید الخدری وابا ھریرۃ یذکران عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لو ان اھل السماء واھل الارض اشترکوا فی دم مؤمن لاکبھم اللہ فی النار ھذا حدیث غریب **باب** ماجاء فی الرجل یقتل ابنہ یقاد منہ ام لا **حدثنا** علی بن حجر ثنا اسمعیل بن عیاش ثنا المثنی بن الصباح عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ عن سراقۃ بن مالک قال حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقید الاب من ابنہ ولا یقید الابن من ابیہ

باب مسلمان کے قتل کرنے کا کیا گناہ ہے **حدیث** کی ہمسے ابوسلمہ یحیی بن خلف اور محمد بن عبد اللہ بن بزیع نے انھوں نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے شعبہ سے اُسنے یعلی سے اُسنے اپنے باپ عطا سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ البتہ جاتا رہنا تمام دنیا کا بہت آسان ہے نزدیک اللہ کے قتل کرنے مرد مسلمان سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے یعلی بن عطا سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے مانند اُسکے اور نہیں مرفوع کیا اُسکو اور یہ زیادہ صحیح ہے حدیث ابن ابی عدی سے اور اس باب میں سعد اور ابن عباس اور ابی سعید اور ابی ہریرہ اور عقبہ بن عامر اور بریدہ سے بھی روایت ہے اور حدیث عبد اللہ بن عمرو کو روایت کیا ابن ابی عدی نے شعبہ سے اُسنے یعلی بن عطا سے اور نہیں مرفوع کیا اُسکو اور اسیطرح روایت کی سفیان ثوری نے یعلی بن عطا سے موقوف اور یہ زیادہ صحیح ہے حدیث مرفوع سے **باب** خونوں میں حکم کرنیکا بیان **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وہب بن جریر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے اعمش سے اُسنے ابی وائل سے اُسنے عبد اللہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اول حکم کرنا اللہ تعالی کا درمیان لوگوں کے حکم بیچ خونوں کے ہوگا یعنی بندوں کے حقوق میں سے پہلے خون کے مقدمہ ہونگے اور عبد اللہ کی حدیث حسن صحیح ہے اسی طرح روایت کی بہت لوگوں نے اعمش سے مرفوع اور بعض نے اس سے موقوف روایت کی ہے **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے اعمش سے اُسنے روایت کی ابی وائل سے اُسنے روایت کی عبد اللہ سے کہا کہ فرمایا نبی صلعم نے کہ تحقیق اول حکم کرنا اللہ تعالی کا درمیان لوگوں کے حکم کرنا خونوں میں ہوگا **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے اعمش سے اُسنے روایت کی ابو وائل سے اُسنے روایت کی عبد اللہ سے کہا کہ فرمایا نبی صلعم نے کہ تحقیق اول حکم کرنا اللہ تعالی کا درمیان لوگوں کے حکم کرنا خونوں میں ہوگا (حدیث اول میں یحکم ہے اور حدیث ثانی میں یقضی ہے باقی موافق ہے) **حدیث** کی ہمسے حسین بن حریث نے فضل بن موسی سے اُسنے روایت کی حسین بن واقد سے اُسنے یزید رقاشی سے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو الحکم بجلی نے اُسنے کہا سنا میںنے ابو سعید خدری اور ابو ہریرہ سے کہ ذکر کرتے تھے نبی صلعم سے کہ فرمایا آپ نے کہ اگر تحقیق آسمان والے اور زمین والے شریک ہوں بیچ خون کرنے ایک مرد مسلمان کے تو البتہ ڈالیگا انکو اللہ دوزخ میں یہ حدیث غریب ہے **باب** اگر کوئی شخص اپنے بیٹے کو مار ڈالے تو اُس سے قصاص لیا جاوے یا نہیں **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن عیاش نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مثنی بن صباح نے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے اُسنے سراقہ بن مالک سے کہا کہ حاضر ہوا میں پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ قصاص لیتے تھے باپ کا اسکے بیٹے سے اور نہ قصاص لیتے تھے بیٹے کا باپ اُسکے سے

لهذا حديث لا نعرفه من حديث سراقة الا من هذا الوجه وليس اسناده بصحيح رواه اسمعيل بن عياش عن المثنى بن الصباح والمثنى بن الصباح يضعف في الحديث وقد روى هذا الحديث ابو خالد الاحمر عن الحجاج عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده عن عمر عن النبي صلى الله عليه وسلم وقد روى هذا الحديث عن عمرو بن شعيب مرسلا وهذا حديث فيه اضطراب والعمل على هذا عند اهل العلم ان الاب اذا قتل ابنه لا يقتل به واذا قذفه لا يحد **حدثنا** ابو سعيد الاشج ثنا ابو خالد الاحمر عن حجاج بن ارطاة عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده عن عمر بن الخطاب قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول لا يقاد الوالد بالولد **حدثنا** محمد بن بشار ثنا ابن ابي عدي عن اسمعيل بن مسلم عن عمرو بن دينار عن طاؤس عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال لا تقام الحدود في المساجد ولا يقتل الوالد بالولد هذا الحديث لا نعرفه بهذا الاسناد مرفوعا الا من حديث اسمعيل بن مسلم واسمعيل بن مسلم المكي تكلم فيه بعض اهل العلم من قبل حفظه **باب** ماجاء لا يحل دم امرئ مسلم الا باحدى ثلث **حدثنا** هناد ثنا ابو معاوية عن الاعمش عن عبد الله بن مرة عن مسروق عن عبد الله بن مسعود قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم لا يحل دم امرئ مسلم يشهد ان لا اله الا الله واني رسول الله الا باحدى ثلث الثيب الزاني والنفس بالنفس والتارك لدينه المفارق للجماعة وفي الباب عن عثمان وعائشة وابن عباس حديث ابن مسعود حديث حسن صحيح **باب** ماجاء فيمن يقتل نفسا معاهدا **حدثنا** محمد بن بشار ثنا مهدي بن سليمان عن ابن عجلان عن ابيه عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال الا

یہ حدیث ہو کہ نہین پہچانتے ہم اسکو حدیث سراقہ سے مگر اسو جہ سے اور نہین ہو اسناد اسکی صحیح روایت کیا اسکو اسمعیل بن عیاش نے مثنی بن صباح سے اور مثنی بن صباح ضعیف کیا جاتا ہو حدیث مین اور روایت کی ہو ابو خالد احمر نے یہ حدیث حجاج سے اُسنے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے اُسنے عمر سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور تحقیق روایت کی گئی ہو یہ حدیث عمرو بن شعیب سے مرسل اور اس حدیث مین اضطراب ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے کہ جب باپ اپنے بیٹے کو قتل کرے تو نہ قتل کیا جاوے باپ بدلے اُسکے اور جب تہمت لگائے اُسکو تو نہ حد مارا جاوے **حدیث** کی ہمسے ابو سعید اشج نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو خالد احمر نے حجاج بن ارطاۃ سے اُسنے روایت کی عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے اُسنے عمر رضی اللہ عنہ سے کہا سنا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ نہ قصاص لیا جاوے باپ سے بدلے اولاد کے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے اسمعیل بن مسلم سے اُسنے عمرو بن دینار سے اُسنے طاؤس سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا کہ نہ قائم کیجاوین حدین مسجدون مین اور نہ قتل کیا جاوے باپ بدلے بیٹے کے نہین پہچانتے ہم اس حدیث کو اس اسناد سے مرفوع مگر حدیث اسمعیل بن مسلم سے اور اسمعیل بن مسلم مکی مین کلام کیا ہے بعض اہل علم نے اُسکے حافظہ کی وجہ سے **باب** نہین جائز ہے خون کرنا آدمی مسلمان کا مگر بسبب ایک بات کے تین مین سے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے روایت کی عبد اللہ بن مرہ سے اُسنے مسروق سے اُسنے عبد اللہ بن مسعود سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہین حلال ہو خون کرنا آدمی مسلمان کا کہ گواہی دیتا ہو اسکی کہ نہین کوئی معبود برحق سوا اللہ کے اور تحقیق مین اللہ کا رسول ہون مگر بسبب ایک بات کے تین مین سے ایک تو زنا ہے کہ سنگسار کیا جاوے زانی بیاہا ہوا۔ اور دوسرے قتل کرنا عمداً کہ مارا جاوے نفس بدلے نفس کے یعنی قصاص لینا۔ اور یہ حق ولی مقتول کا ہے جسطرح کہ شرع مین مقرر ہے اور تیسرے نکلنا دین اپنے سے یعنی چھوڑ دینے والا جماعت کا۔ اور اس باب مین عثمان اور عائشہ اور ابن عباس سے بھی روایت ہے اور ابن مسعود کی حدیث حسن صحیح ہے **باب** جو شخص کہ قتل کرے عہد والے کو تو اُسکا کیا حکم ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مہدی بن سلیمان نے ابن عجلان سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خبردار رہو۔

سلہ حاصل حدیث کا یہ ہو کہ مسلمان کا خون کرنا درست نہین مگر ساتھ ایک کے تین چیزون سے یا تو کسیکو ناحق مارنا اور یا زنا کرنا اور یا اپنے دین سے نکلنا یعنی مرتد ہو جانا پس ان صورتون مین مسلمان کو قتل کرنا درست ہی۔ اور اگر عورت مرتد ہو جاوے تو حنفیہ کے نزدیک اُسکا قتل کرنا درست نہین ۱۲ واللہ اعلم بالصواب الیہ المرجع والمآب سلہ عہد والے سے مراد وہ کافر ہو کہ عہد کیا ہو ساتھ امام کے اوپر ترک کرنے لڑائی کے ذمی ہو یا غیر ذمی یعنی حربی اور چالیس برس سے مراد طول مسافت ہو نہ تحدید اور نہ پاوینگے بو بہشت کی سو کہ اول مغرب اور صالحین کے ساتھ بو بہشت کی نہ پاوینگے نہ یہ کہ ہمیشہ محروم رہینگے۔ اور بعض کہتے ہین کہ یہ حدیث زجر پر محمول ہے ۱۲ ع ح

من قتل نفسا معاهدة لها ذمة الله وذمة رسوله فقد اخفر بذمة الله فلا يرح رائحة الجنة وان ريحها لتوجد من مسيرة سبعين خريفا وفی الباب عن ابی بكرة حديث ابی هريرة حديث حسن صحيح وقد روی من غير وجه عن ابی هريرة عن النبی صلی الله عليه وسلم **باب** **حدثنا** ابو كريب ثنا يحيی بن آدم عن ابی بكر بن عياش عن ابی سعد عن عكرمة عن ابن عباس ان النبی صلی الله عليه وسلم ودی العامريين بدية المسلمين وكان لهما عهد من رسول الله صلی الله عليه وسلم هذا حديث غريب لا نعرفه الا من هذا الوجه وابو سعد البقال اسمه سعيد بن المرزبان **باب** ما جاء فی حكم ولی القتيل فی القصاص والعفو **حدثنا** محمود بن غيلان ويحيی بن موسی قالا ثنا الوليد بن مسلم ثنا الاوزاعی ثنا يحيی بن ابی كثير قال حدثنی ابو سلمة قال ثنی ابو هريرة قال لما فتح الله علی رسوله مكة قام فی الناس فحمد الله واثنی عليه ثم قال ومن قتل له قتيل فهو بخير النظرين اما ان يعفو واما ان يقتل وفی الباب عن وائل بن حجر وانس وابی شريح خويلد بن عمرو **حدثنا** محمد بن بشار ثنا يحيی بن سعيد ثنا ابن ابی ذئب قال ثنی سعيد بن ابی سعيد المقبری عن ابی شريح الكعبی ان رسول الله صلی الله عليه وسلم قال ان الله حرم مكة ولم يحرمها الناس من كان يؤمن بالله واليوم الاخر فلا يسفكن فيها دما ولا يعضدن فيها شجرا فان ترخص فقال احلت لرسول الله صلی الله عليه وسلم فان الله احلها لی ولم يحلها للناس وانما احلت لی ساعة من نهار ثم هی حرام الی يوم القيمة ثم انكم معشر خزاعة قتلتم هذا الرجل من هذيل وانی عاقله فمن قتل له قتيل بعد اليوم فاهله بين خيرتين اما ان يقتلوا او يأخذوا العقل هذا حديث ابی هريرة حديث حسن صحيح ورواه شيبان ايضا عن يحيی بن ابی كثير مثل هذا وروی عن ابی شريح الخزاعی عن النبی صلی الله عليه وسلم قال من قتل له قتيل فله ان يقتل او يعفو او يأخذ الدية وذهب الی هذا بعض اهل العلم وهو قول احمد واسحق

جو شخص کہ قتل کرے نفس عہد والے کو کہ ہو واسطے اُسکے ذمہ اللہ کا اور ذمہ رسول اللہ کا تو تحقیق توڑ ڈالا اُسنے ذمہ اللہ کا پس نہ پاویگا بو بہشت کی اور تحقیق بو بہشت کی آتی ہے چالیس برس کی راہ سے اور اس باب مین ابی بکرہ سے بھی روایت ہی اور ابو ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہی اور تحقیق روایت کی گئی ہے کئی وجہ پر ابی ہریرہ سے اُسنے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے **باب** **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن آدم نے ابی بکر بن عیاش سے اُسنے ابی سعید سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دیت دی عامریین کو ساتھ دیت مسلمانون کے اور تھا واسطے اُنکے عہد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث غریب ہی نہین پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے اور ابو سعد کا نام سعید بن مرزبان ہی **باب** مقتول کے ولی کو قصاص لینے اور معاف کرنے مین اختیار ہی **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان اور یحیی بن موسی نے ان دونون نے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن مسلم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اوزاعی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن ابی کثیر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو سلمہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو ہریرہ نے کہا کہ جب فتح کیا اللہ نے اپنے رسول پر مکہ تو کھڑے ہوئے نبی صلعم لوگون مین پس تعریف کی اللہ کی اور ثنا پھر فرمایا کہ جسکا کوئی آدمی مارا جاوے تو وہ دو باتون مین سے ایک اختیار کرے جو بہتر جانے یا یہ کہ معاف کرے اور یا خون کے بدلے خون لیوے جو لوگون مین مشہور ہی اور اس باب مین وائل بن حجر اور انس اور ابی شریح سے بھی روایت ہی **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی ذئب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن ابی سعید مقبری نے ابی شریح کعبی سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ تحقیق حرام کیا اللہ نے مکہ کو اور نہین حرام کیا اسکو لوگون نے یعنی یہ حرمت اور تعظیم اُسکی اللہ کیطرف سے مقرر ہی لوگون نے اپنی طرف سے نہین بنائی جو شخص کہ اللہ اور دن قیامت کے ساتھ ایمان رکھتا ہو وہ اُسمین خون نہ بہاوے یعنی کسیکو نہ مارے اور اُسکے درخت نہ کاٹے۔ اور اگر کوئی مکہ مین خون کرنا درست جانے یعنے پیغمبر کے قتل کرنیکی دلیل سے تو اُس سے کہدو کہ البتہ اللہ نے اپنے رسول کے واسطے حلال کیا تھا اور ہمارے واسطے حلال نہین کیا صرف میرے واسطے ایک ساعت بھر حلال ہوا پھر وہ حرام ہوا قیامت تک پھر تم اے گروہ خزاعہ کے قتل کیا تمنے اس مرد کو قبیلہ ہذیل سے اور مین خونبہا دینے والا ہون اُسکا پس جو شخص کہ قتل کیا جاوے واسطے اُسکے کوئی پیچھے اس دن کے تو وارث اُسکے مختار ہین درمیان دو امرون کے اگر چاہین تو مار ڈالین قتل کرنیوالے کو اور اگر چاہین تو پھیر لین اُس سے خونبہا یہ حدیث ابو ہریرہ کی حسن صحیح ہی اور روایت کیا اُسکو شیبان نے بھی یحیی بن ابی کثیر سے مثل اُسکے اور ابی شریح خزاعی سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ قتل کیا جاوے واسطے اُسکے کوئی قتیل تو جائز ہی وارث مقتول کو کہ مار ڈالے قتل کرنیوالے کو یا معاف کرے یا دیت لے اور گئے ہین طرف اسکے بعض اہل علم اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا

حدثنا ابو کریب ثنا ابو معاویۃ عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ قال قتل رجل فی عھد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فدفع القاتل الی ولیہ فقال القاتل یارسول اللہ واللہ ما اردت قتلہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اما انہ ان کان صادقا فقتلتہ دخلت النار فخلاہ الرجل وکان مکتوفا بنسعۃ قال فخرج یجر نسعتہ فکان یسمی ذا النسعۃ ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی النھی عن المثلۃ **حدثنا** محمد بن بشار ثنا عبدالرحمن بن مھدی ثنا سفیان عن علقمۃ بن مرثد عن سلیمان بن بریدۃ عن ابیہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا بعث امیرا علی جیش اوصاہ فی خاصۃ نفسہ بتقوی اللہ ومن معہ من المسلمین خیرا فقال اغزوا بسم اللہ وفی سبیل اللہ قاتلوا من کفر باللہ اغزوا ولا تغلوا ولا تغدروا ولا تمثلوا ولا تقتلوا ولیدا وفی الحدیث قصۃ وفی الباب عن ابن مسعود وشداد بن اوس وسمرۃ والمغیرۃ ویعلی بن مرۃ وابی ایوب حدیث بریدۃ حدیث حسن صحیح وکرہ اھل العلم المثلۃ **حدثنا** احمد بن منیع ثنا ھشیم ثنا خالد عن ابی قلابۃ عن ابی الاشعث الصنعانی عن شداد بن اوس ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ان اللہ کتب الاحسان علی کل شیء فاذا قتلتم فاحسنوا القتلۃ واذا ذبحتم فاحسنوا الذبحۃ ولیحد احدکم شفرتہ ولیرح ذبیحتہ ھذا حدیث حسن صحیح وابو الاشعث اسمہ شرحبیل صوابہ شراحیل بن آدہ **باب** ماجاء فی دیۃ الجنین **حدثنا** الحسن بن علی الخلال ثنا وھب بن جریر ثنا شعبۃ عن منصور عن ابراھیم عن عبید بن نضلۃ عن المغیرۃ بن شعبۃ ان امرأتین کانتا ضرتین فرمت احداھما الاخری بحجر او عمود فسطاط فالقت جنینھا فقضی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الجنین غرۃ عبد او امۃ وجعلہ علی عصبۃ المرأۃ قال الحسن وثنا زید بن الحباب عن سفیان عن منصور بھذا الحدیث

ھذا حدیث حسن صحیح

حدیث کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ قتل کیا گیا ایک مرد بیچ زمانہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس حوالہ کیا گیا قتل کرنے والا وارث مقتول کے سو قاتل نے عرض کی کہ یا حضرت قسم ہے اللہ کی نہیں ارادہ کیا مین نے مارنے اُسکے کا سو حضرت نے فرمایا خبردار ہو اگر ہے وہ سچ کہنے والا پس قتل کرے تو اُسکو تو داخل ہوگا تو آگ مین سو چھوڑ دیا اُسکو اُس مرد نے اور تھا باندھا گیا ساتھ رسی چمڑے کے کہا پس نکلا اُس حال مین کہ کھینچتا تھا رسی اپنی کو پس نام رکھا جاتا تھا وہ ذو نسعہ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** مثلہ کرنا منع ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرحمن بن مہدی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے علقمہ بن مرثد سے اُسنے سلیمان بن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جبکہ سردار کرتے کسی امیر کو بڑے لشکر پر تو نصیحت کرتے اُسکو بیچ حق نفس اُسکے کے ساتھ تقوی اللہ کے اور نصیحت کرتے امیر کو بیچ حق اُن لوگوں کے ساتھ اُسکے ہوتے مسلمانوں سے ساتھ نیکی کے یعنی سلوک اور احسان اور نرمی کرنا اُنسے پھر فرماتے حضرت جہاد کرو اور جاؤ جہاد کے لیے ساتھ نام اللہ کے بیچ راہ خدا کے واسطے رضامندی اُسکی کے اور بول بالا کرنے دین اُسکے کے۔ لڑو اُس شخص سے کہ کفر کیا اُسنے ساتھ اللہ کے جہاد کرو اور نہ خیانت کرو غنیمت مین یعنی لوٹ کے مال مین اور نہ عہد توڑو اور نہ مثلہ کرو یعنی اعضا مانند ناک کان وغیرہ کے نہ کاٹو اور نہ مار ڈالو لڑکون کو اور اس حدیث مین قصہ ہے اور اس باب مین ابن مسعود اور شداد بن اوس اور سمرہ اور مغیرہ اور یعلی بن مرہ اور ابی ایوب سے بھی روایت ہے اور بریدہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور اہل علم کہتے ہین کہ مثلہ کرنا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے خالد نے ابی قلابہ سے اُسنے ابی اشعث صنعانی سے اُسنے شداد بن اوس سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ تحقیق اللہ تعالی نے لازم کیا احسان کرنا ہر چیز پر یہانتک کہ قتل کرنے اور ذبح کرنے مین بھی۔ پس جسوقت کہ قتل کرو تم یعنی کسیکو قصاص مین یا حد مین پس اچھی طرح قتل کرو اُسکو یعنی ایذا نہو قتل کرنے مین تلوار تیز ہو اور جلد ہی قتل کرو اور جسوقت کہ ذبح کرو تم کسی جانور کو پس اچھی طرح ذبح کرو اُسکو اور چاہیے کہ تیز کرے ہر ایک تمہارا چھری اپنی کو اور آرام دے[1] جانور مذبوح کو یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو اشعث کا نام شرحبیل ہے اور صحیح شراحیل بن آدہ ہے **باب** پیٹ کے بچے کی دیت کا بیان **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو وہب بن جریر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے منصور سے اُسنے ابراہیم سے اُسنے عبید بن نضلہ سے اُسنے مغیرہ بن شعبہ سے کہ دو عورتین تھین آپسمین سوکنین پس مارا ایک نے اُن دونون مین سے دوسری کو ساتھ پتھر یا چوب خیمہ کے پس گرا دیا اُسکے پیٹ کے بچہ کو پس حکم فرمایا نبی صلعم نے بیچ بچہ کے غرہ غلام ہو یا لونڈی اور حکم کیا اور واجب کیا اُسکو اوپر عصبہ کے یعنی عورت مارنے والی کے قبیلے پر کہا حسن نے حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے سفیان سے اُسنے منصور سے یہ حدیث حسن صحیح ہے

[1] یعنی چھوڑ دیوے اُسکو تاکہ مرجاوے اور سرد ہو جاوے اور یہ بیان ہے احسان کا۔ بعضے علما کہتے ہین کہ ٹھنڈا ہونے سے پہلے چمڑا کھینچنا مکروہ ہے اور جس جانور کے ذبح کرنے کا م

حدثنا علی بن سعید الکندی ثنا ابن ابی زائدة عن محمد بن عمرو عن ابی سلمة عن ابی ہریرة قال قضی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الجنین بغرة عبد او امة فقال الذی قضی علیہ ایعطی من لا شرب ولا اکل ولا صاح فاستہل فمثل ذلک یطل فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان ہذا لیقول بقول الشاعر بل فیہ غرة عبد او امة وفی الباب عن حمید بن مالک بن النابغة حدیث ابی ہریرة حدیث حسن صحیح والعمل علی ہذا عند اہل العلم وقال بعضہم الغرة عبد او امة او خمس مائة درہم وقال بعضہم او فرس او بغل **باب** ماجاء لا یقتل مسلم بکافر **حدثنا** احمد بن منیع ثنا ہشیم ثنا مطرف عن الشعبی ثنا ابو جحیفة قال قلت لعلی یا امیر المؤمنین ہل عندکم سوداء فی بیضاء لیس فی کتاب اللہ قال والذی فلق الحبة وبرأ النسمة ما علمتہ الا فہما یعطیہ اللہ رجلا فی القرآن وما فی الصحیفة قال قلت وما فی الصحیفة قال فیہا العقل وفکاک الاسیر وان لا یقتل مؤمن بکافر وفی الباب عن عبد اللہ بن عمرو وحدیث علی حدیث حسن صحیح والعمل علی ہذا عند بعض اہل العلم وہو قول سفیان الثوری ومالک بن انس والشافعی واحمد واسحق قالوا لا یقتل مؤمن بکافر وقال بعض اہل العلم یقتل المسلم بالمعاہد والقول الاول اصح **حدثنا** عیسی بن احمد ثنا ابن وہب عن اسامة بن زید عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یقتل مسلم بکافر

حدیث کی ہمسے علی بن سعید کندی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی زائدہ نے محمد بن عمرو سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ حکم کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ بچہ پیٹ کے ساتھ غرہ کے غلام ہو یا لونڈی یعنی جو لڑکا کہ مارا جاوے اپنی ماں کے پیٹ میں اُسکے بدلے ایک غلام یا لونڈی دے پس کہا اُس شخص نے کہ حکم کیا گیا تھا اُسپر کسطرح تاوان بھروں میں اُس شخص کا کہ نہ پی اُسنے کوئی چیز اور نہ کھائی اور نہ بولا اور نہ چلایا اور مانند اس قتل کے ساقط کیا جاتا ہے۔ سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق یہ البتہ کہتا ہے ساتھ قول شاعر کے یعنی شاعروں کی طرح مقفی عبارت بولتا ہے بیچ اُسکے غرہ ہے غلام ہو یا لونڈی اور اس باب میں حمید بن مالک بن نابغہ سے بھی روایت ہے۔ اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک اہل علم کے اور بعض کہتے ہیں کہ غرہ ہے غلام ہو یا لونڈی یا پانچسو درہم اور بعضے کہتے ہیں کہ گھوڑا ہو یا خچر ہو **باب** نہ مارا جاوے مسلمان بدلے کافر کے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مطرف نے شعبی سے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو جحیفہ نے کہا کہ میں نے علی سے کہا کہ اے امیر المومنین کیا ہے تمہارے پاس کوئی چیز سوائے قرآن کے کہ قرآن میں نہو اُنھوں نے کہا قسم ہے اُس ذات کی کہ پیدا کیا اناج اور پیدا کی جان نہیں جانتا میں اُسکو یعنی ہمارے پاس سوائے قرآن کے کوئی چیز نہیں مگر سمجھ[1] ہے کہ دیتا ہے اللہ کسی شخص کو بیچ قرآن کے اور وہ چیز کہ کاغذ میں لکھی ہوئی ہے میں نے کہا وہ کیا ہے فرمایا حضرت علی نے کہ خونبہا اور تعداد اُسکا اور چھڑانا قیدی کا یعنی ثواب اُسکا لکھا تھا اور یہ کہ نہ مارا جاوے مسلمان بدلے کافر کے یعنی اُسکے قصاص میں اور اس باب میں عبد اللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے اور علی کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور مالک بن انس اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا کہتے ہیں کہ نہ مارا جاوے مسلمان بدلے کافر کے اور کہا بعض اہل علم نے کہ مارا جاوے مسلمان بدلے کافر ذمی کے جس سے عہد ہو چکا ہو اور پہلا قول زیادہ ترصحیح ہے **حدیث** کی ہمسے عیسی بن احمد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن وہب نے اُسامہ بن زید سے اُسنے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ نہ مارا جاوے مسلمان بدلے کافر کے

[1] یعنی اللہ تعالی نے ہمکو سمجھ دی کہ استنباط کرتا ہوں اُس سے معانی قرآن کے اور دریافت کرتا ہوں اُس سے اشارات اور علوم پوشیدہ اور ابن عباس سے منقول ہے کہ تمام علوم قرآن میں ہیں لیکن قاصر ہیں اُس سے فہم لوگوں کی اور وہ کاغذ بیچ غلاف تلوار کے رکھا تھا۔ اُسمیں خونبہا وغیرہ کی نسبت احکام لکھے تھے لیکن یہاں فقط یہی احکام بیان فرمائے کہ مقصود بیان یہی تھا۔ یعنے خون بہا اور قصاص وغیرہ کا۔ اور یہ جو فرمایا کہ نہ مارا جاوے مسلمان بدلے کافر کے سو اس مسئلہ میں علما کو اختلاف ہے مذہب اکثر صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین اور تینوں اماموں کا یہی ہے کہ نہ مارا جاوے مسلمان بدلے کافر کے خواہ کافر ذمی ہو خواہ حربی اور مذہب امام ابو حنیفہ وغیرہ کا یہ ہے کہ مارا جاوے مسلمان بدلے کافر ذمی کے اور سوال مذکور ابی جحیفہ کا اسواسطے تھا کہ شیعہ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ اسرار علم وحی کے خاص علی کو بتا گئے تھے کہ وہ اور کسیکو نہیں بتاتے۔ سو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے قسم کھائی کہ ہمارے پاس کوئی چیز خاص نہیں ہے سوائے قرآن اور اُس کاغذ لکھے ہوئے کے ۱۲ ح ع

وبهذا الاسناد عن النبي صلى الله عليه وسلم قال دية عقل الكافر نصف عقل المؤمن حديث عبد الله بن عمرو في هذا الباب حديث حسن واختلف اهل العلم في دية اليهودي والنصراني فذهب بعض اهل العلم الى ما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم وقال عمر بن عبد العزيز دية اليهودي والنصراني نصف دية المسلم وبهذا يقول احمد بن حنبل وروي عن عمر بن الخطاب انه قال دية اليهودي والنصراني اربعة آلاف ودية المجوسي ثمان مائة وبهذا يقول مالك والشافعي واسحق وقال بعض اهل العلم دية اليهودي والنصراني مثل دية المسلم وهو قول سفيان الثوري واهل الكوفة **باب ما جاء في الرجل يقتل عبده حدثنا** قتيبة ثنا ابو عوانة عن قتادة عن الحسن عن سمرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قتل عبده قتلناه ومن جدع عبده جدعناه هذا حديث حسن غريب وقد ذهب بعض اهل العلم من التابعين منهم ابراهيم النخعي الى هذا وقال بعض اهل العلم منهم الحسن البصري وعطاء بن ابي رباح ليس بين الحر والعبد قصاص في النفس ولا فيما دون النفس وهو قول احمد واسحق وقال بعضهم اذا قتل عبده لا يقتل به واذا قتل عبد غيره قتل به وهو قول سفيان الثوري **باب ما جاء في المرأة ترث من دية زوجها حدثنا** قتيبة وابو عمار وغير واحد قالوا ثنا سفيان بن عيينة عن الزهري عن سعيد بن المسيب ان عمر كان يقول الدية على العاقلة ولا ترث المرأة من دية زوجها شيئا حتى اخبره الضحاك بن سفيان الكلابي ان رسول الله صلى الله عليه وسلم كتب اليه ان ورث امرأة أشيم الضبابي من دية زوجها هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اهل العلم

اور ساتھ اسی اسناد کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ دیت کافر کی آدھی دیت ہے مسلمان کی۔ اور حدیث عبد اللہ بن عمرو کی اس باب میں حسن ہے اور اختلاف کیا ہے اہل علم نے بیچ دیت یہودی اور نصرانی کے سو گئے ہیں بعض اہل علم طرف اُس چیز کے کہ روایت کی گئی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے یعنی جو حدیث کہ ابھی گذری اور کہا عمر بن عبد العزیز نے کہ دیت یہودی اور نصرانی کی آدھی دیت مسلمان کی ہے اور ساتھ اسی کے قائل ہیں احمد بن حنبل اور حضرت عمر سے مروی ہے کہ انھوں نے کہا کہ دیت یہودی اور نصرانی کی چار ہزار درم ہے اور دیت مجوس کی آٹھ سو درم ہے۔ اور ساتھ اسی کے قائل ہیں مالک اور شافعی اور اسحاق اور کہا بعض اہل علم نے کہ دیت یہودی اور نصرانی کی مانند دیت مسلمان کے ہے۔ اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا **باب** اگر کوئی شخص اپنے غلام کو قتل کرے تو اُسکے بدلے قاتل مارا جاوے یا نہیں **حدیث** کی ہے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہے ابو عوانہ نے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے سمرہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ قتل کرے اپنے غلام کو قتل کرینگے ہم اُسکو اور جو شخص کہ کاٹے اعضا۔ یعنی ناک کان ہاتھ پاؤں وغیرہ تو کاٹینگے ہم وہی اعضا اُسکے یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور تحقیق گئے ہیں بعض اہل علم تابعین سے طرف اسکے اُنھیں میں سے ہیں ابراہیم نخعی اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ نہیں ہے درمیان آزاد[1] اور غلام کے قصاص نہ بیچ جان کے اور نہ بیچ اُس چیز کے کہ کم ہے جان سے یہ قول حسن بصری اور عطا کا ہے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا اور بعضے کہتے ہیں کہ اگر کوئی اپنے غلام کو مار ڈالے تو نہ مارا جاوے وہ بدلے اسکے اور اگر کسی غیر کے غلام کو مارے تو مارا جاوے بدلے اُسکے اور یہی ہے قول سفیان ثوری کا **باب** عورت کو اپنے خاوند کی دیت سے حصہ ملتا ہے **حدیث** کی ہے قتیبہ اور ابو عمار وغیرہ نے اُنھوں نے کہا حدیث کی ہے سفیان بن عیینہ نے زہری سے اُسنے سعید بن مسیب سے کہ حضرت عمر تھے کہتے کہ دیت مرد کی اوپر قبیلے اُسکے کے ہے اور نہیں وارث ہوتی عورت دیت خاوند اپنے کی سے کسی چیز کی یہاں تک کہ خبر دی اُسکو ضحاک بن سفیان[2] کلابی نے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لکھا طرف اُسکے کہ وارث کر عورت اشیم ضبابی کو دیت خاوند اُسکی سے۔ یعنی اُسکے خاوند کی دیت سے اُسکو حصہ دے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے۔

[1] یہ مذہب تینوں اماموں کا ہے کہ اُنکے نزدیک آزاد اور غلام میں مطلق قصاص نہیں ہے اگر وہ غیر کے غلام کو قتل کرے۔ لیکن اسمیں سب کا اتفاق ہے کہ اعضا آزاد کے نہ کاٹے جاویں بدلے اعضا غلام کے۔ پس اس سبب سے کہتے ہیں کہ یہ حدیث محمول ہے زجر پر اور یا آزاد کیے ہوئے غلام پر اور یا منسوخ ہے مگر دعوی نسخ سے تطبیق اولی ہے ۱۲ ع [2] آپ مشہور صحابی ہیں کنیت آپ کی ابو سعید ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقات کے عاملوں سے ایک آپ کو بھی کیا تھا۔ نسب یہ ہے ضحاک بن سفیان بن عوف بن کعب بن ابی بکر بن کلاب الکلابی ۱۲ منہ

باب ماجاء فی القصاص **حدثنا** علی بن خشرم ثنا عیسی بن یونس عن شعبة عن قتادة قال سمعت زرارة بن اوفی یحدث عن عمران بن حصین ان رجلا عض ید رجل فنزع یده فوقعت ثنیتاه فاختصموا الی النبی صلی الله علیه وسلم فقال یعض احدکم اخاه کما یعض الفحل لا دیة لك فانزل الله تعالیٰ والجروح قصاص وفی الباب عن یعلی بن امیة وسلمة بن امیة وهما اخوان حدیث عمران بن حصین حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی الحبس فی التهمة **حدثنا** علی بن سعید الکندی ثنا ابن المبارك عن معمر عن بهز بن حکیم عن ابیه عن جده ان النبی صلی الله علیه وسلم حبس رجلا فی تهمة ثم خلی عنه وفی الباب عن ابی هریرة حدیث بهز عن ابیه عن جده حدیث حسن وقد روی اسمعیل بن ابراهیم عن بهز بن حکیم هذا الحدیث اتم من هذا واطول **باب** ماجاء من قتل دون ماله فهو شهید **حدثنا** سلمة بن شبیب حاتم بن سیاه المروزی وغیر واحد قالوا ثنا عبد الرزاق عن معمر عن الزهری عن طلحة بن عبد الله بن عوف عن عبد الرحمن بن عمرو بن سهل عن سعید بن زید بن عمرو بن نفیل عن النبی صلی الله علیه وسلم قال من قتل دون ماله فهو شهید هذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن بشار ثنا ابو عامر العقدی ثنا عبد العزیز بن المطلب عن عبد الله بن الحسن عن ابراهیم بن محمد بن طلحة عن عبد الله بن عمرو عن النبی صلی الله علیه وسلم قال من قتل دون ماله فهو شهید وفی الباب عن علی وسعید بن زید وابی هریرة وابن عمر وابن عباس وجابر حدیث عبد الله بن عمرو حدیث حسن وقد روی عنه من غیر وجه وقد رخص بعض اهل العلم للرجل ان یقاتل عن نفسه وماله وقال ابن المبارك یقاتل عن ماله ولو درهمین

باب قصاص کا بیان **حدیث** کی ہمسے علی بن خشرم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عیسی بن یونس نے شعبہ سے اُسنے قتادہ سے اُنھون نے کہا سُنا مین نے زرارہ بن اوفی سے حدیث بیان کرتا تھا عمران بن حصین سے کہ تحقیق ایک شخص نے کاٹا ہاتھ ایک مرد کا۔ پس کھینچا اُس شخص نے کہ کاٹا گیا ہاتھ اُسکا کاٹنے والے کے منھ سے پس گر پڑے اگلے دانت اُسکے پس جھگڑا کیا اُنھون نے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو فرمایا کہ کاٹتا ہے ایک تمھارا اپنے بھائی کو جیسے کہ کاٹتا ہے اونٹ یعنی اونٹ کی طرح اپنے منھ سے اُسکا ہاتھ چباتا ہے نہین ہے دیت واسطے تیرے۔ سو اُتاری اللہ تعالیٰ نے یہ آیت اور زخمون کا بدلہ ہے۔ اور اس باب مین یعلی بن امیہ اور سلمہ بن امیہ سے بھی روایت ہے اور وہ دونون بھائی ہین اور عمران بن حصین کی حدیث حسن صحیح ہے **باب** تہمت مین قید کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے علی بن سعید کندی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے معمر سے اُسنے بہز بن حکیم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا کہ قید کیا نبی صلی اللہ نے ایک مرد کو بیچ تہمت کے پھر چھوڑ دیا اُسکو اور اس باب مین ابی ہریرہ سے بھی روایت ہی اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن ہی اور تحقیق روایت کی اسمعیل بن ابراہیم نے بہز بن حکیم سے یہ حدیث پوری اور لمبی **باب** جو شخص کہ مارا جاوے اپنے مال کے لیے پس وہ شہید ہے **حدیث** کی ہمسے سلمہ بن شبیب اور حاتم بن سیاہ مروزی وغیرہ نے اُنھون نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے زہری سے اُسنے طلحہ بن عبد اللہ بن عوف سے اُسنے عبد الرحمن بن عمرو بن سہل سے اُسنے سعید بن زید بن عمرو بن نفیل سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا جو شخص کہ مارا جاوے واسطے محافظت مال اپنے کے پس وہ شہید ہے یہ حدیث حسن صحیح ہی **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو عامر عقدی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن مطلب نے عبد اللہ بن حسن سے اُسنے ابراہیم بن محمد بن طلحہ سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ مارا جاوے واسطے مال اپنے کے پس وہ شہید ہے اور اس باب مین علی اور سعید بن زید اور ابی ہریرہ اور ابن عمر اور ابن عباس اور جابر سے بھی روایت ہی اور عبد اللہ بن عمرو کی حدیث حسن ہی کئی وجہ پر اُس سے مروی ہے اور تحقیق اجازت دی بعض اہل علم نے یہ کہ لڑے واسطے محافظت جان اپنی کے اور مال اپنے کے اور کہا ابن مبارک نے کہ لڑے اپنے مال کے لیے یعنی اُسکے بچانے کے لیے اگرچہ دو ہی درہم ہون

ف یعنی اسواسطے کہ وہ معذور ہے اُسنے اپنے ہاتھ بچانے کے لیے اُسکے منھ مین سے ہاتھ کھینچا اور اسیطرح اگر کوئی شخص کسی عورت سے بدکاری کرے پس اگر وہ عورت اپنی جان بچانے کے لیے اس شخص کو مار ڈالے تو اُسمین بھی قصاص نہین۔ یہ قول شافعی کا ہے اور اسی طرح اگر کوئی اپنا مال اور جان بچانے کے لیے چور کو مار ڈالے تو اُسمین بھی قصاص نہین ۲ع ع زرارہ بن اوفی عامری حرشی کنیت آپ کی ابو حاجب ہی رہنے والے بصرہ کے۔ آپ قاضی ہین ثقہ ہین۔ عابد ہین ۹۳ھ مین نماز پڑھتے پڑھتے

حدثنا ھارون بن اسحٰق الھمدانی ثنی محمد بن عبد الوھاب عن سفیان الثوری عن عبد اللہ بن الحسن قال ثنی ابراھیم بن محمد بن طلحۃ قال سفیان واثنی علیہ خیرا قال سمعت عبد اللہ بن عمرو قال قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم من ارید مالہ بغیر حق فقاتل فقتل فھو شھید ھٰذا حدیث صحیح **حدثنا** محمد بن بشار ثنا عبد الرحمن بن مھدی ثنا سفیان عن عبد اللہ بن الحسن عن ابراھیم بن محمد بن طلحۃ عن عبد اللہ بن عمرو عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم نحوہ **حدثنا** عبد بن حمید قال اخبرنی یعقوب بن ابراھیم بن سعد ثنا ابی عن ابیہ عن ابی عبیدۃ بن محمد بن عمار بن یاسر عن طلحۃ بن عبد اللہ بن عوف عن سعید بن زید قال سمعت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یقول من قتل دون مالہ فھو شھید ومن قتل دون دمہ فھو شھید ومن قتل دون دینہ فھو شھید ومن قتل دون اھلہ فھو شھید ھٰذا حدیث حسن صحیح وھٰکذا روی غیر واحد عن ابراھیم بن سعد نحو ھٰذا ویعقوب ھو ابن ابراھیم بن سعد بن ابراھیم بن عبد الرحمٰن بن عوف الزھری **باب** ماجاء فی القسامۃ **حدثنا** قتیبۃ ثنا اللیث عن یحیی بن سعید عن بُشَیر بن یسار عن سھل بن ابی حثمۃ قال قال یحیی وحَسِبْتُ عن رافع بن خدیج انھما قالا خرج عبد اللہ بن سھل بن زید ومُحَیِّصَۃ بن مسعود بن زید حتی اذا کانا بخیبر تفرقا فی بعض ماھناک ثم ان محیصۃ وجد عبد اللہ بن سھل قتیلا قد قتل فاقبل الی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ھو وحویصۃ بن مسعود وعبد الرحمٰن بن سھل وکان اصغر القوم ذھب عبد الرحمٰن لیتکلم قبل صاحبہ

حدیث کی ہمسے ہارون بن اسحاق ہمدانی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن عبد الوہاب نے سفیان ثوری سے اُسنے عبد اللہ بن حسن سے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابراہیم بن محمد بن طلحہ نے کہا سفیان نے اور تعریف کی اُسپر بھلائی کی اُسنے کہا سُنا مین عبد اللہ بن عمرو سے کہتے تھے کہ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ ارادہ کیا جاوے لینے مال اُسکے کا بغیر حق کے یعنی ظلم سے پس لڑائی کی اُسنے مال چھیننے والے سے پس مارا گیا تو وہ شہید ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عبد اللہ بن حسن سے اُسنے روایت کی ابراہیم بن محمد بن طلحہ سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اُسکے **حدیث** کی ہمسے عبد بن حمید نے اُسنے کہا خبر دی مجکو یعقوب بن ابراہیم نے اُسنے کہا حدیث کی مجکو باپ میرے نے باپ اپنے سے اُسنے روایت کیا ابی عبیدہ بن محمد بن عمار بن یاسر سے اُسنے طلحہ بن عبد اللہ بن عوف سے اُسنے سعید بن زید سے کہا کہ سنا مین نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے جو شخص قتل کیا جاوے واسطے محافظت مال اپنے کے پس وہ شہید ہے اور جو شخص کہ مارا جاوے واسطے بچانے جان اپنی کے پس وہ شہید ہے اور جو شخص کہ مارا جاوے واسطے بچانے دین اپنے کے تو وہ بھی شہید ہے اور جو شخص کہ مارا جاوے واسطے بچانے اہل اپنے کے وہ بھی شہید ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اسیطرح روایت کی بہت لوگون نے ابراہیم بن سعد سے مانند اسکے اور یعقوب وہ پوتا ہے عبد الرحمن بن عوف کا **باب** قسامت کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے یحیی بن سعید سے اُسنے بشیر بن یسار سے اُسنے سہل بن ابی حثمہ اور رافع بن خدیج سے اُن دونون نے کہا کہ نکلے عبد اللہ بن سہل اور محیصہ بن مسعود طرف خیبر کے یہان تک کہ جب پہونچے خیبر مین تو جدے ہوگئے بیچ بعض اُس چیز کے کہ وہان تھی یعنی کھجورون مین پھر تحقیق محیصہ نے پایا عبد اللہ بن سہل کو مقتول سو آئے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے محیصہ اور حویصہ بیٹے مسعود کے اور عبد الرحمن بن سہل یعنی بھائی مقتول کا اور عبد الرحمن اپنے بھائیون مین سب سے چھوٹا تھا نبی صلعم سے کلام کرنا چاہا

[1] واسطے محافظت دین کے یعنے اگر کوئی کافر یا مبتدع اسکے دین کی حقارت کرے اور وہ اسکا مقابلہ کرے اور مارا جاوے تو وہ شہید ہے اور اکثر علما اسپر ہین کہ اگر کوئی قصد کرے کسی کے مال لینے کا یا مار ڈالنے کا یا تعرض کرے اسکے مال وعیال سے تو جائز ہے اُسکو یہ کہ دفع کرے اس قصد کرنے والے کو ساتھ نرمی کے اور اگر وہ باز نہ آوے تو اُس سے لڑائی کرے۔ اگر یہ مارا گیا تو شہید ہوا اور اگر اُسکو مارا تو اُسپر قصاص لازم نہین آتا ۱۲ ع ح [2] شرع مین قسامت اُسکو کہتے ہین کہ جہان ایک شخص مقتول پایا گیا اور اُسکا قتل کرنے والا معلوم نہین تو اس محلہ کے لوگون سے پچاس آدمی قسم کھاوین کہ ہمنے نہین مارا اُسکو اور نہ ہم مارنے والے کو جانتے ہین پس یہ مذہب امام ابو حنیفہ رح کا ہے اور نزدیک شافعی اور احمد کے اگر ہو درمیان اہل محلہ کے اور قتیل کے عداوت یا ظاہر کرے کوئی علامت کہ اُنھون نے مارا ہے جیسے پایا گیا انکے محلہ مین تو سوگند دیجاوے وارثون مقتول کو۔ اور وہ لوگ قسم کھاوین کہ قسم خدا کی انھین نے مارا ہے اور اگر وہ قسم سے انکار کرین تو قسم دیجاوے انکو

قال له رسول الله صلی الله علیه وسلم کبر الکبر فصمت وتکلم صاحباه ثم ... علیه وسلم

مقتل عبد الله بن سهل فقال لهم اتحلفون خمسین یمینا فتستحقون صاحبکم و قاتلکم ... لم نشهد قال

فتبرئکم یهود بخمسین یمینا قالوا وکیف نقبل ایمان قوم کفار فلما رای ذلک رسول الله صلی الله علیه وسلم اعطی عقله حدثنا

الحسن بن علی الخلال ثنا یزید بن هارون ثنا یحیی بن سعید عن بشیر بن یسار عن سهل بن ابی حثمة ورافع بن خدیج نحو هذا

الحدیث بمعناه هذا حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اهل العلم فی القسامة وقد رای بعض فقهاء المدینة القود بالقسامة

وقال بعض اهل العلم من اهل الکوفة وغیرهم ان القسامة لا توجب القود وانما توجب الدیة بسم الله الرحمن الرحیم **ابواب**

الحدود عن رسول الله صلی الله علیه وسلم **باب** ما جاء فیمن لا یجب علیه الحد **حدثنا** محمد بن یحیی القطعی

ثنا بشر بن عمر ثنا همام عن قتادة عن الحسن عن علی ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال رفع القلم عن ثلثة عن النائم حتی یستیقظ

وعن الصبی حتی یشب وعن المعتوه حتی یعقل وفی الباب عن عائشة حدیث علی حدیث حسن غریب من هذا الوجه وقد

روی من غیر وجه عن علی وذکر بعضهم وعن الغلام حتی یحتلم ولا نعرف للحسن سماعا من علی بن ابی طالب

سو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اُسکو کہ بڑائی رکھ بڑے کی یعنی جو تجھسے بڑا ہے مقدم کر اسکو کلام کرنے مین سو چپ رہا وہ اور کلام کیا دونون ساتھیون اُسکے نے پھر کلام کیا اُسنے ساتھ اُنکے سو ذکر کیا اُنھون نے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے مقتول ہونا عبد اللہ بن سہل کا یعنی وہ خیبر مین مارا گیا اور اُسکا مارنے والا کوئی معلوم نہین سو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے اُنسے فرمایا کہ کیا کھاتے ہو تم پچاس قسمین اور مستحق ہوؤ تم دیت قاتل اپنے کے یا فرمایا ساتھی اپنے کے اُنھون نے کہا کس طرح قسم کھاوین ہم اور نہین حاضر تھے وہان ہم اور نہین دیکھا اُسکو کہ کسنے مارا سو حضرت نے فرمایا۔ پس پاک کرینگے تمکو یعنی اس گمان سے یہود ساتھ پچاس قسمون کے تو کہا اُنھون نے کہ کسطرح قبول کرین ہم قسمین کافرون کی سو جب نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے یہ بات دیکھی تو اپنے پاس سے اُسکی دیت دی **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیے بن سعید نے۔ بشیر ابن یسار سے اُسنے سہل بن ابی حثمہ سے اور رافع بن خدیج سے مانند اس حدیث کے ساتھ معنی اُسکے کے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی حدیث پر ہے نزدیک اہل علم کے بیچ قسامت کے اور بعض فقہا مدینے کے کہتے ہین کہ اسمین قصاص لازم آتا ہے اور بعض اہل علم اہل کوفہ وغیرہ سے کہتے ہین کہ قسامت مین قصاص واجب نہین بلکہ فقط دیت واجب ہوتی ہے بسم اللہ الرحمن الرحیم **ابواب الحدود** یہ باب ہین حدون کے بیان مین جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہین **باب** اُس شخص کا بیان جسپر حد واجب نہین **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی قطعی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن عمر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہمام نے قتادہ سے اُسنے حسن بصری سے اُسنے علی سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اُٹھایا گیا قلم تکلیف کا تین شخصون سے یعنی قول و فعل اُنکا معتبر نہین اور لکھے نہین جاتے اعمال اُنکے تا مواخذہ نہو بسبب اُنکے ایک تو سونے والے سے یہانتک کہ جاگے اور دوسرے لڑکے سے یہانتک کہ بالغ ہو اور جوان ہو۔ اور تیسرے بے عقل سے یہانتک کہ عاقل ہو اور اس باب مین عائشہ سے بھی روایت ہے اور علی کی حدیث حسن غریب ہے اس وجہ سے اور کئی وجہ پر حضرت علی رض سے مروی ہے اور ذکر کیا بعض نے یہ لفظ کہ لڑکے سے یہانتک کہ احتلام ہو اُسکو۔ اور نہین پہچانتے ہم واسطے حسن کے سماع حضرت علی ابن ابی طالب رض سے

ؔ حد اصل مین بمعنے منع اور بمعنے حائل کے درمیان دو چیزون کے آئے ہین۔ اور حد کو حد اسواسطے کہتے ہین کہ منع کرتی ہے آدمی کو واقع ہونے سے گناہ مین۔ اور حدود بمعنے محارم بھی آئے ہین۔ اور ہدایہ مین لکھا ہے کہ حد شریعت مین عقوبت ہے کہ تقدیر کی گئی واسطے حق خدا کے تا آنکہ قصاص کو حد نہین کہتے کہ حق بندے کا ہے اور تعزیر کو حد نہین کہتے ہین کہ اُسمین تقدیر اور تعین نہین ۱۲ ع ع حاشیہ متعلق صفحہ ۴۴۲ ؔ یہ خطاب ہے حاکمون کو کہ جب تک ہو سکے حدون کو دفع کرین مسلمانون سے ساتھ تلقین کرنے عذر کے ۱۲ ع ؔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ہر عیب چھپانے سے ساقط ہو جاتے ہین۔ واللہ اعلم یعنی امام سہواً یا عمداً ایسے مجرم کو کہ قابل سزا ہے درگذر کرے اور سزا نہ دیوے یہ بہتر ہے اُس سے کہ مجرم غیر قابل سزا کو خطا سزا دیوے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام کو سزا دینے میں احتیاط کرنی چاہیے ۱۲

وقد روی هذا الحدیث عن عطاء بن السائب عن ابی ظبیان عن علی عن النبی صلی الله علیه وسلم نحو هذا الحدیث ورواه عن الاعمش عن ابی ظبیان عن ابن عباس عن علی موقوفا ولم یرفعه والعمل علی هذا الحدیث عند اهل العلم وابو ظبیان اسمه حصین بن جندب **باب** ما جاء فی درء الحدود **حدثنا** عبد الرحمن بن الاسود وابو عمرو البصری ثنا محمد بن ربیعة ثنا یزید بن زیاد الدمشقی عن الزهری عن عروة عن عائشة قالت قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ادرؤا الحدود عن المسلمین ما استطعتم فان کان له مخرج فخلوا سبیله فان الامام ان یخطی فی العفو خیر من ان یخطی فی العقوبة **حدثنا** هناد ثنا وکیع عن یزید بن زیاد نحو حدیث محمد بن ربیعة ولم یرفعه وفی الباب عن ابی هریرة وعبد الله بن عمرو حدیث عائشة لا نعرفه مرفوعا الا من حدیث محمد بن ربیعة عن یزید بن زیاد الدمشقی عن الزهری عن عروة عن عائشة عن النبی صلی الله علیه وسلم ورواه وکیع عن یزید بن زیاد نحوه ولم یرفعه وروایة وکیع اصح وقد روی نحو هذا عن غیر واحد من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم انهم قالوا مثل ذلک ویزید بن زیاد الدمشقی ضعیف فی الحدیث ویزید بن ابی زیاد الکوفی اثبت من هذا واقدم **باب** ما جاء فی الستر علی المسلم **حدثنا** قتیبة ثنا ابو عوانة عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من نفس عن مسلم کربة من کرب الدنیا نفس الله عنه کربة من کرب الآخرة ومن ستر علی مسلم ستره الله فی الدنیا والآخرة والله فی عون العبد ما کان العبد فی عون اخیه

اور تحقیق روایت کی گئی ہے یہ حدیث عطاء بن سائب سے اُسنے ابی ظبیان سے اُسنے علی سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اس حدیث کے اور روایت کیا اُسکو اعمش نے ابی ظبیان سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے علی سے موقوف اور نہین مرفوع کیا اُسکو اور عمل اس حدیث پر نزدیک اہل علم کے ہے اور ابو ظبیان کا نام حصین بن جندب ہے **باب** حدون کے ساقط کرنے کے بیان مین **حدیث** کی ہمسے عبد الرحمن بن اسود اور ابو عمرو بصری نے دونون نے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن ربیعہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن زیاد دمشقی نے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ دفع کرو حدون کو مسلمانون سے جہانتک کہ طاقت رکھو تم پس اگر ہو واسطے مسلمان کے جگہ خلاصی کی تو چھوڑ دو راہ اُسکی پس تحقیق خطا کرنا امام کا معاف کرنے مین بہتر ہے خطا کرنے اُسکی سے سزا پہونچانے مین **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے یزید بن زیاد سے مانند حدیث محمد بن ربیعہ کے اور نہین مرفوع کیا اُسکو اور اس باب مین ابی ہریرہ اور عبد اللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے اور عائشہ کی حدیث کو مرفوع نہین پہچانتے ہم مگر حدیث محمد بن ربیعہ سے اُسنے یزید بن زیاد سے اُسنے زہری سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کیا اُسکو وکیع نے یزید بن زیاد سے مانند اسکے اور نہین مرفوع کیا اسکو اور روایت وکیع کی زیادہ صحیح ہے اور تحقیق روایت کی گئی ہے مثل اسکے بہت اصحاب نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ اُنھون نے کہا مثل اسکے اور یزید بن زیاد دمشقی ضعیف ہے حدیث مین اور یزید بن ابی زیاد کوفی اثبت ہے اس سے اور اقدم ہے (اور اس روایت مین دمشقی ہے جو ضعیف ہے) **باب** مسلمان کے عیب چھپانے کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ دوسرے مسلمان کی سختی دور کرے دنیا کی سختیون سے تو اللہ اُسکی سختی دور کر دیگا قیامت کی سختیون سے اور جو شخص کہ مسلمان کی پردہ پوشی کرے اور اُسکے عیب چھپاوے تو خدا اُسکا عیب دنیا اور آخرت مین چھپاویگا یعنی اُسکو لوگون مین ذلیل نہین کریگا اور خدا بندہ کی مدد پر ہے جبتک کہ بندہ اپنے بھائی مسلمان کی مدد پر ہے

ف ابو عمرو بصری اسد ابی العین محمد دوال مجملہ مقبول ہے تیسرے طبقہ مین شمار کیا ہے ۱۲ کذا فی التقریب حاشیہ متعلق صفحہ ۴۴۷ ملہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دفع حد کے واسطے عذرات تلقین کرنے درست ہین جیسے کہو کہ کیا دیوانہ ہو گیا ہے تو یا شراب پی ہے تونے یا بوسہ لیا تونے یا ہاتھ لگایا تونے والا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے سوال کرنے کے اُس سے کوئی معنے نہ تھے۔ اور اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اُسکا زنا کرنا پہلے سے معلوم تھا۔ اور آئندہ کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو معلوم نہین تھا پس یہ تعارض ہے سو جواب اسکا یہ ہے کہ ممکن ہے کہ پہلے ہی نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو اسکی خبر پہونچی ہو پھر اُس سے بلا کر پوچھا ہو تا اقرار کرے وہ ۱۲ طیبی

وفی الباب عن عقبة بن عامر وابن عمر حدیث ابی هریرة هکذا روی غیر واحد عن الاعمش عن ابی صالح عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم نحو روایة ابی عوانة وروی اسباط بن محمد عن الاعمش قال حدثت عن ابی صالح عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه **حدثنا** بذلک عبید بن اسباط بن محمد قال ثنی ابی عن الاعمش بهذا الحدیث **حدثنا** قتیبة ثنا اللیث عن عقیل عن الزهری عن سالم عن ابیه ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال المسلم اخو المسلم لا یظلمه ولا یسلمه ومن کان فی حاجة اخیه کان الله فی حاجته ومن فرج عن مسلم کربة فرج الله عنه کربة من کرب یوم القیمة ومن ستر مسلما ستره الله یوم القیمة هذا حدیث حسن صحیح غریب من حدیث ابن عمر **باب** ما جاء فی التلقین فی الحد **حدثنا** قتیبة ثنا ابو عوانة عن سماک بن حرب عن سعید بن جبیر عن ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم قال لماعز بن مالک احق ما بلغنی عنک قال ما بلغک عنی قال بلغنی انک وقعت علی جاریة آل فلان قال نعم فشهد اربع شهادات فامر به فرجم وفی الباب عن السائب بن یزید حدیث ابن عباس حدیث حسن وروی شعبة هذا الحدیث عن سماک بن حرب عن سعید بن جبیر مرسلا ولم یذکر فیه عن ابن عباس **باب** ما جاء فی درء الحد عن المعترف اذا رجع **حدثنا** ابو کریب ثنا عبدة بن سلیمان عن محمد بن عمرو ثنا ابو سلمة عن ابی هریرة قال جاء ماعز الاسلمی الی رسول الله صلی الله علیه وسلم فقال انه قد زنی

اور اس باب میں عقبہ بن عامر اور ابن عمر سے بھی روایت ہے اور ابی ہریرہ رضی اللہ تعالی عنہ کی حدیث اسی طرح روایت کی بہت لوگوں نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند روایت ابو عوانہ کے اور روایت کی اسباط بن محمد نے اعمش سے کہا کہ حدیث کیا گیا میں ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکی حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے عبید بن اسباط بن محمد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہمارے باپ نے اعمش سے ساتھ اس حدیث کے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے عقیل سے اُسنے زہری سے اُسنے سالم سے اُسنے اپنے باپ سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ایک مسلمان بھائی ہے دوسرے مسلمان کا نہ ظلم کرے اُسپر اور نہ ڈالے اُسکو ہلاکت میں۔ اور جو شخص کہ اپنے بھائی مسلمان کا کام کاج کیا کریگا تو خدا اُسکا کام بنایا کریگا۔ یعنی اللہ اُسکی مراد حاصل کریگا۔ اور جو شخص کہ دور کرے مسلمان سے کوئی تکلیف دور کریگا اللہ اس سے بدلے اُسکے ایک تکلیف دن قیامت کے اور جو شخص کہ پردہ ڈھانکے مسلمان کا پردہ ڈھانکے گا اُسکا اللہ دن قیامت کے یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے حدیث ابن عمر سے **باب** حد میں عذر تلقین کرنیکا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے سماک بن حرب سے اُسنے سعید بن جبیر سے اُسنے ابن عباس سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ماعز بن مالک سے کہ کیا سچ ہے وہ چیز کہ پہونچی مجکو تیری طرف سے کہا ماعز نے کہ کیا چیز پہونچی ہے آپ کو میری طرف سے فرمایا آپ نے پہونچی مجکو یہ خبر کہ تو نے زنا کیا ہے فلانے کی لونڈی سے اُسنے کہا ہاں بس اقرار کیا اُسنے چار بار یعنی چار مجلسوں میں۔ پس حکم کیا آپ نے اُسکے سنگسار کرنے کا۔ پس سنگسار کیا گیا وہ۔ اور اس باب میں سائب بن یزید سے بھی روایت ہے اور ابن عباس کی حدیث حسن ہے اور روایت کی شعبہ نے یہ حدیث سماک بن حرب سے اُسنے سعید بن جبیر سے مرسل اور نہیں ذکر کیا اسمیں واسطہ ابن عباس کا **باب** اگر کوئی شخص زنا کا اقرار کرکے پھر جاوے تو اُس سے حد ساقط ہو جاتی ہے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ بن سلیمان نے محمد بن عمرو سے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو سلمہ نے ابی ہریرہ سے کہا کہ آیا ماعز اسلمی پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کہا کہ تحقیق میں نے زنا کیا

حاشیہ ہذا متعلق صفحہ ۴۴۵ سطر ۱۶ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے اس قول سے معلوم ہوا کہ اگر کوئی شخص زنا کا اقرار کرکے پھر جاوے تو حد اس سے ساقط ہو جاتی ہے۔ اور اسیطرح اگر کہے یعنے بعد اقرار کے کہ میں نے زنا نہیں کیا یا میں نے جھوٹ کہا یا میں نے رجوع کیا تو حد ساقط ہو جاتی ہے واضح ہو کہ ماعز کے بھاگنے کا حال مجمل معلوم ہوا یعنے صراحۃً معلوم نہوا کہ وہ زنا کے اقرار سے پھر گیا اسلیے آپ نے فرمایا کہ تم لوگوں نے اُسکو کیوں نہ چھوڑ دیا اور دوسری روایت میں آیا ہے کہ شاید وہ توبہ کرتا اور اللہ اُسکی توبہ قبول کر لیتا۔ مطلب یہ ہے کہ حد ظاہر حکم پر لگائی جاتی ہے اگر اُسنے زنا بھی کیا تھا اور اس قول سے رجوع کر گیا تو چھوڑ دینا چاہیے تھا

فاعرض عنه ثم جاء من الشق الآخر فقال انه قد زنى فاعرض عنه ثم جاء من الشق الآخر فقال يا رسول الله انه قد زنى فامر به
فى الرابعة فاخرج الى الحرة فرجم بالحجارة فلما وجد مس الحجارة فر يشتد حتى مر برجل معه لحى جمل فضربه به وضربه الناس
حتى مات فذكروا ذلك لرسول الله صلى الله عليه وسلم انه فر حين وجد مس الحجارة ومس الموت فقال رسول الله صلى
الله عليه وسلم هلا تركتموه هذا حديث حسن قد روى من غير وجه عن ابى هريرة وروى هذا الحديث عن ابى سلمة
عن جابر بن عبد الله عن النبى صلى الله عليه وسلم نحو هذا حدثنا بذلك الحسن بن على الخلال ثنا عبد الرزاق
ثنا معمر عن الزهرى عن ابى سلمة بن عبد الرحمن عن جابر بن عبد الله ان رجلا من اسلم جاء النبى صلى الله
عليه وسلم فاعترف بالزنا فاعرض عنه ثم اعترف فاعرض عنه حتى شهد على نفسه اربع شهادات فقال
النبى صلى الله عليه وسلم ابك جنون قال لا قال احصنت قال نعم فامر به فرجم فى المصلى فلما اذلقته الحجارة
فر فادرك فرجم حتى مات فقال له رسول الله صلى الله عليه وسلم خيرا ولم يصل عليه هذا حديث حسن صحيح
والعمل على هذا الحديث عند بعض اهل العلم ان المعترف بالزنا اذا اقر على نفسه اربع مرات اقيم عليه الحد وهو قول احمد
واسحق وقال بعض اهل العلم اذا اقر على نفسه مرة اقيم عليه الحد وهو قول مالك بن انس والشافعى

پس منہ پھیر لیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے پھر آیا وہ دوسری طرف سے اور کہا کہ تحقیق میں نے زنا کیا پس منہ پھیر لیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس سے پھر آیا دوسری طرف سے سو کہا کہ یا حضرت میں نے زنا کیا پس حکم کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے سنگسار کرنے کا چوتھی بار میں نکالا گیا وہ طرف سنگستان مدینے کے پس مارا گیا ساتھ پتھروں کے سو جب اُسنے پائی ایذا پتھروں کے لگنے کی تو بھاگا دوڑتا ہوا یہاں تک کہ گذرا ایک شخص پر کہ تھا پاس اُسکے کلا اونٹ کا پس مارا اسکو ساتھ کلے کے اور مارا اسکو لوگوں نے یہاں تک کہ مرگیا سو ذکر کیا لوگوں نے یہ روبرو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ تحقیق وہ بھاگا تھا جب کہ پائی اُسنے ایذا پتھروں کے لگنے کی اور ایذا موت کی سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیوں نہ چھوڑ دیا تمنے اُسکو یہ حدیث حسن ہے۔ اور کئی وجہ پر ابی ہریرہ سے مروی ہے۔ اور روایت کی گئی ہے یہ حدیث ابی سلمہ سے اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرزاق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے اُسنے ابی سلمہ بن عبدالرحمن سے اُنہی جابر بن عبداللہ سے کہ تحقیق ایک مرد قبیلۂ اسلم سے آیا پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو اقرار کیا اُسنے ساتھ زنا کے پس منہ پھیر لیا اُس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر اقرار کیا اُسنے سو منہ پھیر لیا اُنہوں اُس سے حضرت نے یہاں تک کہ اقرار کیا اُسنے اپنی جان پر چار بار۔ سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کیا تو دیوانہ ہو گیا ہے اُسنے کہا نہیں پھر فرمایا کیا محصن ہے تو یعنی بیاہا ہوا ہے اُسنے کہا ہاں پس حکم کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکے سنگسار کرنے کا سو سنگسار کیا گیا عید گاہ میں سو جب لگے اُسکو پتھر یعنی ایذا ہوئی تو بھاگا پس پایا گیا۔ پس سنگسار کیا گیا۔ یہاں تک کہ مرگیا۔ پھر نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکی تعریف کی اور اسکے جنازے کی نماز نہ پڑھی یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے کہ اقرار کرنیوالا ساتھ زنا کے جب اقرار کرے اپنی جان پر چار بار تو قائم کیجاوے اسپر حد اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا اور کہا بعض اہل علم نے کہ جب اقرار کرے اوپر جان اپنی کے ایک بار تو قائم کیجاوے اوسپر حد اور یہی ہے قول مالک بن انس اور شافعی کا

ف کہ قیامت کے روز خدا اُسکو سزا دیتا یا توبہ اُسکی قبول کرلیتا مگر یہ خوب ظاہر ہے کہ ماعز کا بھاگ جانا بسبب تکلیف کے تھا نہ اپنے قول سے رجوع کرنے کا کیونکہ اگر اپنے قول سے وہ رجوع کیا ہوتا تو زبان سے کچھ کہتا اور حضرت نے جو فرمایا تو احتیاطاً فرمایا کیونکہ آپ کو نرمی بہت پسند تھی خصوصاً معاملات حدود میں ۱۲ منہ یہ قول امام ابوحنیفہ کا ہے کہ اُنکے نزدیک چار بار اقرار کرنا شرط ہے واسطے رجم کرنے کے اور اگر چار بار اقرار نہ کرے تو رجم واجب نہیں ہوتا۔ اور امام شافعی اور امام مالک کے نزدیک ایک بار زنا کا اقرار کرنا بھی رجم کو واجب کر دیتا ہے۔ اور اس سے معلوم ہوا کہ اقرار مجنون کا باطل ہے اور نہیں جاری ہوتی اسپر حد۔ اور کہا نووی نے کہ اسمیں اشارہ ہے کہ امام پر واجب ہے کہ شروط رجم سے پوچھ لیوے یعنی محصن ہونا وغیرہ۔ پس اسمیں کنایہ ہے کہ اگر اقرار سے رجوع کرے تو حد معاف ہو جاتی ہے۔ اور کہا ابن ہمام نے کہ مرد کو کھڑا کرکے حد ماری جاوے اور عورت کو بٹھا کر حد ماری جاوے۔ اور اگر عورت کے لیے گڑھا کھودا جاوے سنگسار کرنے میں تو جائز ہے۔ اور جب کہ بھاگے کوئی سنگسار کرنے میں پس اگر ہو اقرار کرنے والا زنا کا تو پیچھا نہ کیا جاوے اُسکا اور جو گواہی دی گئی ہو اُسپر تو اُسکا پیچھا کیا جاوے۔ اور ابن ہمام نے کہا کہ حد اور تعزیر کا مسجد میں قائم کرنا بالاجماع درست نہیں

رجمة من قال هذا القول حديث ابی هريرة وزيد بن خالد ان رجلين اختصما الی رسول الله صلی الله عليه وسلم فقال احدهما يارسول الله ان ابنی زنی بامراة هذا الحديث بطوله وقال النبی صلی الله عليه وسلم اغد يا انيس الی امراة هذا فان اعترفت فارجمها ولم يقل فان اعترفت اربع مرات **باب** ماجاء فی كراهية ان يشفع فی الحدود **حدثنا** قتيبة ثنا الليث عن ابن شهاب عن عروة عن عائشة ان قريشا اهمهم شان المراة المخزومية التی سرقت فقالوا من يكلم فيها رسول الله صلی الله عليه وسلم فقالوا من يجترئ عليه الا اسامة بن زيد حب رسول الله صلی الله عليه وسلم فكلمه اسامة فقال رسول الله صلی الله عليه وسلم اتشفع فی حد من حدود الله ثم قام فاختطب فقال انما اهلك الذين من قبلكم انهم كانوا اذا سرق فيهم الشريف تركوه واذا سرق فيهم الضعيف اقاموا عليه الحد وايم الله لو ان فاطمة بنت محمد سرقت لقطعت يدها وفی الباب عن مسعود بن العجماء ويقال ابن الاعجم وابن عمر وجابر حديث عائشة حديث حسن صحيح **باب** ماجاء فی تحقيق الرجم **حدثنا** سلمة بن شبيب واسحق بن منصور والحسن بن علی الخلال وغير واحد قالوا انا عبد الرزاق ثنا معمر عن الزهری عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة عن ابن عباس عن عمر بن الخطاب قال ان الله بعث محمدا بالحق وانزل عليه الكتاب وكان فيما انزل عليه اية الرجم فرجم رسول الله صلی الله عليه وسلم ورجمنا بعده وانی خائف ان يطول بالناس زمان فيقول قائل لا نجد الرجم فی كتاب الله فيضلوا بترك فريضة انزلها الله

اور دلیل انکی حدیث ابی ہریرہ اور زید بن خالد کی ہے کہ تحقیق دو شخص جھگڑتے آئے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو کہا ایک اُن دونوں نے کہ یا حضرت تحقیق بیٹے میرے نے زنا کیا ساتھ عورت اسکی کے آخر حدیث تک فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اے انیس جا اُسکی عورت پاس پس اگر اقرار کرے زنا کا تو سنگسار کر اُسکو اور نہیں فرمایا آپ نے یہ کہ اگر اقرار کرے چار بار یعنی یہ حدیث مطلق ہے اسمیں چار بار کی قید کا تذکرہ نہیں **باب** حد میں سفارش کرنی مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے اُسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے یہ کہ اصحاب قریش کو فکر میں ڈالا حال عورت مخزومیہ نے کہ چوری کی تھی اُسنے (اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکے ہاتھ کاٹنے کا حکم کیا تھا) پس کہا اصحاب نے آپسمین کہ کون کلام کرے یعنی سفارش کرے اُسکی مقدمہ میں حضرت سے پس کہا اُنھوں نے کہ نہیں جرأت کرسکتا کوئی حضرت سے کہنے کی مگر اُسامہ بن زید کہ پیارے ہیں نبی صلعم کے پس کلام کیا اُنھوں نے اُسامہ سے پھر اُسامہ نے نبی صلعم سے کہا سو نبی صلعم نے فرمایا کیا سفارش کرتا ہے تو بیچ حد کے اللہ کی حدوں سے پھر کھڑے ہوے نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور خطبہ فرمایا کہ نہیں ہلاک کیا اُن لوگوں کو کہ تھے پہلے تمسے مگر اسنے کہ وہ تھے جبکہ چراتا درمیان اُنکے کوئی شریف تو چھوڑ دیتے اُسکو اور جبکہ چراتا اُنمیں کوئی غریب تو قائم کرتے اُسپر حد اور قسم ہے اللہ کی اگر تحقیق فاطمہ بیٹی محمد کی چراوے تو البتہ کاٹوں میں ہاتھ اُسکا اور اس باب میں مسعود بن عجماء (اسکو ابن الاعجم بھی کہتے ہیں) اور ابن عمر اور جابر سے بھی روایت ہے اور عائشہ کی حدیث حسن صحیح ہے **باب** رجم کے ثابت کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے سلمہ بن شبیب اور اسحاق بن منصور اور حسن بن علی خلال وغیرہ نے اُنھوں نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے اُسنے عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے عمر بن خطاب سے کہا کہ تحقیق اللہ تعالی نے بھیجا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو ساتھ حق کے اور اُتاری اُنپر کتاب اور تھی اُس چیز سے کہ اُتاری اللہ نے آیت رجم کی سنگسار کیا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اور سنگسار کیا ہمنے بعد حضرت کے اور میں خوف کرتا ہوں اسکا کہ دراز ہووے ساتھ لوگوں کے زمانہ پس کہے کوئی کہنے والا کہ نہیں پاتے ہم سنگسار کرنا بیچ کتاب اللہ کے پس گمراہ ہوں ساتھ ترک کرنے فرض کے کہ اُتارا اُسکو اللہ تعالے نے

۱۔ یعنی امام سے حد خواست کرے کہ درگذر کرے قائم کرنے حد سے اور اجماع ہے علما کا اسپر کہ حرام ہے سفارش کرنی حد میں بعد پہنچنے واقعہ کے پاس امام کے۔ ہمیں اجماع اسمیں سفارش کروانی بھی بالاجماع حرام ہے اور امام کے پاس واقعہ پہونچنے سے پہلے سفارش کرنی جائز ہے نزدیک اکثر علما کے اور تعزیر کی بھی سفارش جائز ہے اور اگر کوئی شخص عاریتاً کوئی چیز لیکر منکر ہوجاوے تو جمہور کے نزدیک اُسمیں ہاتھ کاٹنا لازم نہیں آتا۔ اور امام احمد اور اسحاق کہتے ہیں کہ اسمیں ہاتھ کاٹنا واجب ہے۔ ۲ مخزومیہ منسوب بتحزوم کہ نام ہے ایک بڑے قبیلہ کا قریش میں اور یہ عورت اُس قبیلہ سے تھی۔ ۳ یعنی آیت رجم یعنی سنگسار کرنیکی اول قرآن میں تھی بعد ازاں تلاوت اُسکی منسوخ ہوئی اور حکم باقی رہا اور وہ آیت

الا وان الرجم حق على من زنى اذا احصن وقامت البينة او كان حمل او الاعتراف هذا حديث صحيح حدثنا احمد بن منيع ثنا اسحق بن يوسف الازرق عن داؤد بن ابی هند عن سعيد بن المسيب عن عمر بن الخطاب قال رجم رسول الله صلى الله عليه وسلم ورجم ابوبكر ورجمت ولولا انی اكره ان ازيد فی كتاب الله لكتبته فی المصحف فانی قد خشيت ان يجيئ اقوام فلا يجدونه فی كتاب الله فيكفرون به وفی الباب عن علی حديث عمر حديث حسن صحيح وروی من غير وجه عن عمر **باب** ماجاء فی الرجم على الثيب **حدثنا** نصر بن علی وغير واحد قالوا ثنا سفيان بن عيينة عن الزهری عن عبيد الله بن عبد الله سمعه من ابی هريرة وزيد بن خالد وشبل انهم كانوا عند النبی صلى الله عليه وسلم فاتاه رجلان يختصمان فقام اليه احدهما فقال انشدك الله يا رسول الله لما قضيت بيننا بكتاب الله فقال خصمه وكان افقه منه اجل يا رسول الله اقض بيننا بكتاب الله وائذن لی فاتكلم ان ابنی كان عسيفا على هذا فزنى بامرأته فاخبرونی ان على ابنی الرجم ففديت منه بمائة شاة وخادم ثم لقيت ناسا من اهل العلم فزعموا ان على ابنی جلد مائة وتغريب عام وانما الرجم على امرأة هذا فقال النبی صلى الله عليه وسلم والذی نفسی بيده لاقضين بينكما بكتاب الله المائة شاة والخادم رد عليك وعلى ابنك جلد مائة وتغريب عام واغد يا انيس على امرأة هذا فان اعترفت فارجمها فغدا عليها فاعترفت فرجمها **حدثنا** اسحق بن موسى الانصاری ثنا معن ثنا مالك عن ابن شهاب عن عبيد الله بن عبد الله عن ابی هريرة وزيد بن خالد الجهنی عن النبی صلى الله عليه وسلم نحوه بمعناه **حدثنا** قتيبة

خبردار ہو تحقیق رجم کرنا حق اور ثابت ہے اس شخص پر کہ زنا کرے جب بیاہا ہو جب کہ ثابت ہو گواہوں سے یا ہووے حمل یا ہو اقرار یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسحق بن یوسف ازرق نے داؤد بن ابی ہند سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے عمر بن خطاب سے کہا کہ سنگسار کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور سنگسار کیا ابوبکر نے اور سنگسار کیا میں نے اور اگر نہوتی یہ بات کہ مکروہ جانتا میں یہ کہ زیادہ کروں بیچ کتاب اللہ تعالیٰ کے تو البتہ لکھتا میں اسکو قرآن میں پس تحقیق خوف کیا میں نے یہ کہ آوے کوئی قوم بعد میرے پس نہ پاویں اُسکو بیچ کتاب اللہ کے پس انکار کریں ساتھ اُسکے اور اس باب میں علی سے بھی روایت ہے اور عمر کی حدیث حسن صحیح ہے اور کئی وجہ پر عمر سے مروی ہے **باب** بیاہے ہوئے کو سنگسار کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی وغیرہ نے اُنھوں نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے زہری سے اُسنے عبید اللہ بن عبد اللہ سے اُسنے سنا ابی ہریرہ اور زید بن خالد اور شبل سے کہ تحقیق تھے وہ پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو دو شخص آئے پاس نبی صلعم کے جھگڑتے ہوئے اور ان دونوں میں سے ایک آپ کے پاس کھڑا ہوا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ میں آپ کو اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ حکم کرو درمیان ہمارے ساتھ کتاب اللہ کے سوا اُسکے دوسرے نے کہا اور وہ بہت سمجھدار تھا کہ ہاں یا رسول اللہ حکم کیجیے درمیان ہمارے ساتھ کتاب اللہ کے اور مجھکو اجازت ہو کہ میں کلام کروں سو اُسنے عرض کی کہ صورت واقعہ یہ ہے کہ تحقیق میرا بیٹا اسکے یہاں مزدور تھا سو اُسنے اسکی عورت سے زنا کیا سو مجھکو لوگوں نے خبر دی کہ میرے بیٹے پر سنگسار کرنا آتا ہے سو میں نے اُسکی طرف سے اسکے بدلے میں سو بکریاں دیں اور ایک غلام دیا یعنی اُسکے سنگسار ہونے کے بدلے میں پھر ملا میں کئی عالموں سے سو انھوں نے کہا کہ تحقیق میرے بیٹے پر سو درے اور برس روز کا وطن سے نکالدینا[1] لازم آتا ہے اور سنگسار کرنا فقط اسکی عورت پر سو فرمایا نبی صلعم نے کہ قسم ہے اس ذات کی جسکے قابو میں میری جان ہے البتہ حکم کرونگا میں درمیان تمہارے ساتھ کتاب اللہ کے سو بکریاں اور غلام پھر آدیگی طرف تیری اور تیرے بیٹے پر سو درے ہیں اور برس روز کا وطن سے نکالدینا۔ اور جا تو اے انیس اسکی عورت کے پاس پس اگر اقرار کرے زنا کا تو سنگسار کر اُسکو پس گیا وہ پاس اُسکے سو اقرار کیا اُسنے پس سنگسار کیا اُسکو **حدیث** کی ہمسے اسحق بن موسی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معن نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے ابن شہاب سے اُسنے عبید اللہ بن عبد اللہ سے اُسنے ابی ہریرہ اور زید بن خالد سے اُنھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اسی معنی میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے

[1] برس دن کا وطن سے نکال دینا امام شافعی کے نزدیک حد میں داخل ہے اور حنفیہ کہتے ہیں کہ یہ حد میں داخل نہیں بلکہ بطور مصلحت کے تھا اور بعضے کہتے ہیں کہ یہ حکم پہلے تھا پھر منسوخ ہوگیا اور ظاہر حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ایکبار کا اقرار کرنا کفایت کرتا ہے حد کے واجب ہونے کو اور یہی ہے مذہب امام شافعی کا اور امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ لازم ہے کہ اقرار کرے چار بار

ثنا الليث عن ابن شهاب باسناده نحو حديث مالك بمعناه وفی الباب عن علی و زید بن خالد و شبل و عبادة بن الصامت و ابی هریرة
وابی سعید وابن عباس وجابر بن سمرة وهزال وبریدة وسلمة بن المحبق وابی برزة وعمران بن حصین حدیث ابی هریرة وزید
بن خالد حدیث حسن صحیح وهکذا روی مالک بن انس ومعمر وغیره واحد عن الزهری عن عبید الله بن عبد الله
عن ابی هریرة وزید بن خالد عن النبی صلی الله علیه وسلم وروا بهذا الاسناد عن النبی صلی الله علیه وسلم
انه قال اذا زنت الامة فاجلدوها فان زنت فی الرابعة فبیعوها ولو بضفیر وروی سفیان بن عیینة عن الزهری
عن عبید الله عن ابی هریرة وزید بن خالد وشبل قالوا کنا عند النبی صلی الله علیه وسلم هکذا روی ابن عیینة
الحدیثین جمیعا عن ابی هریرة وزید بن خالد وشبل وحدیث ابن عیینة وهم وهم فیه سفیان بن عیینة
ادخل حدیثا فی حدیث والصحیح ما روی الزبیدی ویونس بن یزید وابن اخی الزهری عن الزهری عن عبید الله عن ابی هریرة
وزید بن خالد عن النبی صلی الله علیه وسلم قال اذا زنت الامة والزهری عن عبید الله عن شبل بن خالد عن عبد الله
بن مالک الاوسی عن النبی صلی الله علیه وسلم قال اذا زنت الامة وهذا الصحیح عند اهل الحدیث وشبل بن خالد لم یدرک
النبی صلی الله علیه وسلم انما روی شبل عن عبد الله بن مالک الاوسی عن النبی صلی الله علیه وسلم وهذا الصحیح و
حدیث ابن عیینة غیر محفوظ وروی عنه انه قال شبل بن حامد وهو خطاء انما هو شبل بن خالد ویقال ایضا شبل بن خلید
قتیبة ثنا هشیم عن منصور بن زاذان عن الحسن عن حطان بن عبد الله عن عبادة بن الصامت قال قال رسول الله صلی الله
علیه وسلم خذوا عنی فقد جعل الله لهن سبیلا الثیب بالثیب جلد مائة ثم الرجم والبکر بالبکر جلد مائة ونفی سنة هذا
حدیث صحیح والعمل علی هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم منهم علی بن ابی طالب وابی بن کعب
وعبد الله بن مسعود وغیرهم

اسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے ساتھ اسناد اپنی کے مانند حدیث مالک کے اسکے معنی میں اور اس باب میں ابی بکر اور عبادہ
بن صامت اور ابی ہریرہ اور ابی سعید اور ابن عباس اور جابر بن سمرہ اور ہزال اور بریدہ اور سلمہ بن المحبق اور ابی برزہ اور عمران بن
حصین سے بھی روایت ہے اور ابو ہریرہ اور زید بن خالد کی حدیث حسن صحیح ہے۔ اور اسیطرح روایت کی مالک بن انس اور معمر وغیرہ نے زہری
سے اسنے عبید اللہ بن عبد اللہ سے اسنے ابی ہریرہ اور زید بن خالد سے انھوں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کی انھوں نے ساتھ اسی
اسناد کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا کہ جب زنا کرے لونڈی تو درّے مارو اسکو پھر اگر زنا کرے چوتھی بار تو بیچ ڈالو اسکو
اگرچہ ساتھ رسی بالوں کے ہو یعنی بہت کم قیمت کو اور روایت کی سفیان بن عیینہ نے زہری سے اسنے عبید اللہ سے اسنے ابی ہریرہ سے اسنے
زید بن خالد اور شبل سے کہا انھوں نے کہ تھے پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسیطرح اور روایت کی ابن عیینہ نے دونوں حدیثیں انھیں
ابی ہریرہ اور زید بن خالد اور شبل سے اور حدیث ابن عیینہ کی وہم ہے۔ وہم کیا اسمیں سفیان بن عیینہ نے کہ داخل کیا ایک حدیث کو دوسری
حدیث میں اور صحیح وہ ہے جو روایت کی زبیدی نے اور یونس بن یزید اور ابن اخی زہری نے زہری سے اسنے عبید اللہ سے اسنے ابی ہریرہ اور زید
بن خالد سے انھوں نے نبی صلعم سے فرمایا کہ جب زنا کرے لونڈی آخر حدیث تک اور روایت کی زہری نے عبید اللہ سے اسنے شبل بن خالد سے اسنے عبد اللہ
بن مالک اوسی سے اسنے نبی صلعم سے فرمایا کہ جب زنا کرے لونڈی اور یہی ہے نزدیک اہل حدیث کے صحیح اور شبل بن خالد نے نہ پایا نبی صلعم کو سوا اسکے
نہیں کہ روایت کی شبل نے عبد اللہ بن مالک اوسی سے اسنے نبی صلعم سے اور یہ صحیح ہے اور ابن عیینہ کی حدیث محفوظ نہیں اور اسی سے مروی ہے کہ اسنے کہا شبل بن حامد
اور وہ خطا ہے سوا اسکے نہیں کہ وہ شبل بن خالد ہے اور کہا جاتا ہے اسکو شبل بن خلید بھی حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے منصور
بن زاذان سے اسنے حسن سے اسنے حطان بن عبد اللہ سے اسنے عبادہ بن صامت سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ سیکھو مجھ سے یعنی یہ حکم کہ مقرر کر دیا اللہ نے تحقیق مقرر
کی اللہ نے واسطے عورتوں کے راہ محصن مرد کی کہ جب زنا کرے محصن عورت سے سو کوڑے مارنے چاہییں پھر سنگسار کرنا اور اگر غیر محصن مرد زنا کرے ساتھ عورت غیر محصنہ
کے تو اسکو سو درّے مارنے چاہییں اور برس دن وطن سے نکال دینا یہ حدیث صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم
کے صحابہ وغیرہ سے انھیں میں سے ہیں حضرت علی اور ابی بن کعب اور عبد اللہ بن مسعود وغیرہ

قال الثیب یجلد ویرجم والی ھذا ذھب بعض اھل العلم وھو قول اسحٰق وقال بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلے اللہ علیہ وسلم منہم ابو بکر وعمر وغیرھما الثیب انما علیہ الرجم ولا یجلد وقد روی عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم مثل ھذا فی غیر حدیث فی قصة ماعز وغیرہ انہ امر بالرجم ولم یامر ان یجلد قبل ان یرجم والعمل علے ھذا عند بعض اھل العلم وھو قول سفیان الثوری وابن المبارک والشافعی واحمد **باب** سنہ **حدثنا** الحسن بن علی ثنا عبد الرزاق ثنا معمر عن یحیی بن ابی کثیر عن ابی قلابة عن ابی المھلب عن عمران بن حصین ان امرأة من جھینة اعترفت عند النبی صلے اللہ علیہ وسلم بالزنا وقالت انا حبلی فدعا النبی صلے اللہ علیہ وسلم ولیھا فقال احسن الیھا فاذا وضعت حملھا فاخبرنی ففعل فامر بھا فشدت علیھا ثیابھا ثم امر برجمھا فرجمت ثم صلے علیھا فقال لہ عمر بن الخطاب یارسول اللہ رجمتھا ثم تصلے علیھا فقال لقد تابت توبة لو قسمت بین سبعین من اھل المدینة وسعتھم وھل وجدت شیئا افضل من ان جادت بنفسھا للہ وھذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی رجم اھل الکتاب **حدثنا** اسحٰق بن موسی الانصاری ثنا معن ثنا مالک بن انس عن نافع عن ابن عمر ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم رجم یھودیا ویھودیة وفی الحدیث قصة ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ھناد ثنا شریک عن سماک بن حرب عن جابر بن سمرة ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم رجم یھودیا ویھودیة وفی الباب عن ابن عمر والبراء وجابر وابن ابی اوفی وعبد اللہ بن الحارث بن جزء وابن عباس حدیث جابر بن سمرة حدیث حسن غریب من حدیث جابر بن سمرة والعمل علے ھذا عند اکثر اھل العلم قالوا اذا اختصم اھل الکتاب وترافعوا الی حکام المسلمین حکموا بینھم بالکتاب والسنة وباحکام المسلمین وھو قول احمد واسحٰق وقال بعضھم لا یقام علیھم الحد فی الزنا والقول الاول اصح

کہتے ہیں کہ بیاہا ہوا اول درے مارا جاوے اور پھر سنگسار کیا جاوے اور طرف اسی کے گئے ہیں بعض اہل علم اور یہی ہے قول اسحٰق کا اور بعض اہل علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ بیاہے ہوئے زانی پر فقط سنگسار کیا جاوے اور درے نہ مارا جاوے انھیں میں سے ہیں ابو بکر اور عمر وغیرہ اور تحقیق روایت کی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے بیچ غیر اس حدیث کے بیچ قصہ ماعز وغیرہ کے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا سنگسار کرنیکا اور نہ حکم فرمایا درے مارنیکا پہلے سنگسار کرنے کے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد کا **باب** یہ باب بھی پہلے باب سے متعلق ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرزاق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے یحییٰ بن ابی کثیر سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے ابی مہلب سے اُسنے عمران بن حصین سے کہا کہ ایک عورت نے قبیلہ جہینہ سے اقرار کیا پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ زنا کے اور کہا کہ میں زنا سے حمل والی ہوں سو بلایا آپ نے ولی اسکے کو اور فرمایا کہ احسان کر ساتھ اسکے سو جب وہ بچہ جنے تو خبر دے مجکو سو کیا اُسنے جیسا کہ آپ نے فرمایا یعنے جب وہ بچہ جنی تو آپ کو خبر کی سو حکم کیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ اسکے پس باندھے گئے اُسپر کپڑے اُسکے پھر حکم کیا اُسکے سنگسار کرنے کا پس سنگسار کی گئی وہ پھر نماز پڑھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسپر سو عمر فاروق نے آپ سے عرض کی کہ یا حضرت سنگسار کیا آپنے اسکو پھر نماز پڑھی آپ نے اسپر یعنی آپ کو اسکا جنازہ پڑھنا لائق نہ تھا۔ فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ البتہ توبہ کی اُسنے ایسی توبہ کہ اگر مدینہ کے لوگوں میں سے ستر آدمیوں میں بانٹی جاوے تو مقرر انکو بھی کفایت کرے اور کیا پایا تو نے کوئی افضل اس سے کہ خرچ کی اسنے جان اپنی اللہ کی راہ میں یہ حدیث صحیح ہے **باب** اہل کتاب کے سنگسار کرنیکا بیان **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن موسیٰ انصاری نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معن نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ نبی صلعم نے سنگسار کیا ایک یہودی اور یہودیہ کو اور اس حدیث میں قصہ ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے سماک بن حرب سے اُسنے جابر بن سمرہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ سنگسار کیا ایک یہودی مرد اور عورت کو اور اس باب میں ابن عمر اور براء اور جابر اور ابن ابی اوفی اور عبداللہ بن حارث بن جزء اور ابن عباس سے بھی روایت ہے اور جابر بن سمرہ کی حدیث حسن غریب ہے یعنے اس طریق سے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے کہتے ہیں کہ جب جھگڑیں اہل کتاب اور مقدمہ لیجاویں طرف مسلمان حاکم کے تو حکم کریں درمیان اُنکے ساتھ قرآن اور حدیث کے اور ساتھ احکام مسلمانوں کے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا اور کہا بعض نے کہ نہ قائم کیجاوے اُنپر حد بیچ زنا کے اور پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔

باب ماجاء في النفي **حدثنا** ابوكريب ويحيى بن اكثم قالا ثنا عبد الله بن ادريس عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمران النبي صلى الله عليه وسلم ضرب وغرّب وان ابابكر ضرب وغرب وان عمر ضرب وغرب وفي الباب عن ابي هريرة وزيد بن خالد وعبادة بن الصامت حديث ابن عمر حديث غريب رواه غير واحد عن عبد الله بن ادريس فرفعوه وروى بعضهم عن عبد الله بن ادريس هذا الحديث عن عبيد الله عن نافع عن ابن عمران ابابكر ضرب وغرب وان عمر ضرب وغرب **حدثنا** بذلك ابوسعيد الاشج ثنا عبد الله بن ادريس وقد روي هذا الحديث من غير رواية ابن ادريس عن عبيد الله بن عمر نحو هذا وهكذا رواه محمد بن اسحق عن نافع عن ابن عمران ابابكر ضرب وغرب وان عمر ضرب وغرب ولم يذكروا فيه عن النبي صلى الله عليه وسلم وقد صح عن رسول الله صلى الله عليه وسلم النفي رواه ابوهريرة وزيد بن خالد وعبادة بن الصامت وغيرهم عن النبي صلى الله عليه وسلم والعمل على هذا عند اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم منهم ابوبكر وعمر وعلي وابي بن كعب وعبد الله بن مسعود وابوذر وغيرهم وكذلك روي عن غير واحد من فقهاء التابعين وهو قول سفيان الثوري ومالك بن انس وعبد الله بن المبارك والشافعي واحمد واسحق **باب** ماجاء ان الحدود كفارة لاهلها **حدثنا** قتيبة ثنا سفيان بن عيينة عن الزهري عن ابي ادريس الخولاني عن عبادة بن الصامت قال كنا عند النبي صلى الله عليه وسلم فقال تبايعوني على ان لا تشركوا بالله ولا تسرقوا ولا تزنوا قرأ عليهم الاية فمن وفى منكم فاجره على الله ومن اصاب من ذلك شيئا فعوقب عليه فهو كفارة له ومن اصاب من ذلك شيئا فستره الله عليه فهو الى الله ان شاء عذبه وان شاء غفر له ۔

باب وطن سے نکال دینے کا بیان، **حدیث** کی ہمسے ابوکریب اور یحییٰ بن اکثم[ع] نے اُن دونوں نے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن ادریس نے عبیداللہ سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے درے مارا اور وطن سے نکالا۔ اور ابوبکر نے درے مارا اور وطن سے نکالا اور عمر نے بھی درے مارا اور وطن سے نکالا۔ اور اس باب میں ابی ہریرہ اور زید بن خالد اور عبادہ بن صامت سے بھی روایت ہے اور ابن عمر کی حدیث غریب ہے روایت کیا اُسکو بہتوں نے عبداللہ بن ادریس سے پس مرفوع کیا اُسکو اور روایت کی بعض نے یہ حدیث عبداللہ بن ادریس سے اُسنے عبیداللہ سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ تحقیق ابوبکر نے مارا اور وطن سے نکالا اور عمر نے بھی مارا اور وطن سے نکالا حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے ابوسعید اشج نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن ادریس نے اور اسیطرح روایت کی گئی ہے یہ حدیث سوا سے روایت ابن ادریس کے عبیداللہ ابن عمر سے مانند اسکے اور اسی طرح روایت کیا اُسکو محمد بن اسحاق نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ تحقیق ابوبکر نے مارا اور وطن سے نکالا اور عمر نے بھی مارا اور وطن سے نکالا اور نہیں ذکر کیا اُنھوں نے اُسمیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور تحقیق صحیح ہو چکا ہے نبی صلعم کا وطن سے نکال دینا روایت کیا اُسکو ابوہریرہ اور زید بن خالد اور عبادہ بن صامت وغیرہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے حضرت کے اصحاب وغیرہ سے اُنھیں میں سے ہیں ابوبکر اور عمر اور علی اور ابی بن کعب اور عبداللہ بن مسعود اور ابوذر وغیرہ اور اسیطرح روایت کی گئی ہے بہت فقہا سے تابعین سے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور مالک بن انس اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا **باب** حدقائم ہونے سے گناہ کے کفارہ ہو جانے کے بیان میں **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے زہری سے اُسنے ابی ادریس خولانی سے اُسنے عبادہ بن صامت سے کہا کہ تھے ہم پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو فرمایا کہ بیعت کرو تم مجھسے اسپر کہ نہ شریک کرو کسی چیز کو ساتھ اللہ کے اور نہ چوری کرو اور نہ زنا کرو اور پڑھی اُنپر یہ آیت سو جسنے پورا کیا تم میں سے عہد اپنا پس بدلا اُسکا اوپر اللہ کے ہے اور جو پہونچا اُس سے کسی چیز کو پس عذاب کیا گیا[ا] اوپر اُسکے پس وہ کفارہ ہے واسطے اُسکے یعنی مٹانے والا ہے واسطے گناہ اُسکے کے اور جو شخص ہے اُس سے کسی چیز کو اور چھپایا اُسکو اللہ[۲] نے اُسپر تو وہ اللہ کے اختیار میں ہے اگر چاہے تو عذاب کرے اُسکو اور اگر چاہے تو بخشدے اُسکو۔

[۱] یعنی دنیا میں حد یا تعزیر اُسپر ماری گئی تو وہ کفارہ ہے واسطے اُسکے ۱۲ [۲] یعنے وہا نکا اُسکو اللہ تعالےٰ نے اسپر اسطرح کہ توبہ کی اُسنے گناہ سے اور جمہور اسپر ہیں کہ پردہ پوشی کرنی بندے کی اپنے نفس پر اور توبہ کرنی اُسکی اللہ سے بہتر ہے ظاہر کرنے اُسکے سے ۱۲ [ع] یحییٰ بن اکثم (ثا مثلثہ) بن محمد بن قطن تمیمی مروزی۔ ابو محمد قاضی مشہور ہیں۔ فقیہ ہیں۔ سیکھ ہیں۔ سرقہ حدیث کا عیب اُنپر لگایا گیا ہے مگر واقع میں ایسا نہیں۔ صرف اسقدر تو البتہ ہے کہ اجازۃً روایت کرتے تھے۔ وفات ۲۴۲ھ میں ہوئی

وفی الباب عن علی وجریر بن عبد اللہ وخزیمۃ بن ثابت حدیث عبادۃ بن الصامت حدیث حسن صحیح وقال الشافعی لم اسمع فی ھذا الباب ان الحد یکون کفارۃ لاھلہ شیئا احسن من ھذا الحدیث قال الشافعی واحب لمن اصاب ذنبا فسترہ اللہ علیہ ان یستر علی نفسہ ویتوب فیما بینہ وبین ربہ وکذلک روی عن ابی بکر وعمر انھما امرا رجلا ان یستر علی نفسہ **باب** ما جاء فی اقامۃ الحد علی الاماء **حدثنا** الحسن بن علی الخلال ثنا ابو داود الطیالسی ثنا زائدۃ عن السدی عن سعد بن عبیدۃ عن ابی عبد الرحمن السلمی قال خطب علی فقال یا ایھا الناس اقیموا الحدود علی ارقائکم من احصن منھم ومن لم یحصن وان امۃ لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم زنت فامرنی ان اجلدھا فاتیتھا فاذا ھی حدیثۃ عھد بنفاس فخشیت ان انا جلدتھا ان اقتلھا او قال تموت فاتیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فذکرت ذلک لہ فقال احسنت ھذا حدیث صحیح **حدثنا** ابو سعید الاشج ثنا ابو خالد الاحمر ثنا الاعمش عن ابی صالح عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا زنت امۃ احدکم فلیجلدھا ثلثا بکتاب اللہ فان عادت فلیبعھا ولو بحبل من شعر وفی الباب عن زید بن خالد وشبل عن عبد اللہ بن مالک الاوسی حدیث ابی ھریرۃ حدیث حسن صحیح وقد روی عنہ من غیر وجہ والعمل علی ھذا عند بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم راوا ان یقیم الرجل الحد علی مملوکہ دون السلطان وھو قول احمد واسحق وقال بعضھم یدفع الی السلطان ولا یقیم الحد ھو بنفسہ والقول الاول اصح

اور اس باب میں علی اور جریر بن عبد اللہ اور خزیمہ بن ثابت سے بھی روایت ہے اور عبادہ بن صامت کی حدیث حسن صحیح ہے اور کہا شافعی نے کہ نہیں سنی میں نے اس باب میں کہ حد کفارہ ہوتی ہے واسطے اہل اپنی کے کوئی چیز زیادہ اچھی اس حدیث سے اور کہا شافعی نے اور دوست رکھتا ہوں واسطے اس شخص کے کہ پہونچے گناہ کو اور ڈھانکا اسکو اللہ نے اوپر اُسکے یہ کہ پردہ کرے اوپر جان اپنی کے اور توبہ کرے درمیان اپنے اور درمیان رب اپنے کے اور اسیطرح ابی بکر اور عمر سے مروی ہے کہ انھوں نے حکم کیا ایک مرد کو یہ کہ چھپاوے اوپر جان اپنی کے یعنی اُس گناہ کو کسی کے آگے ظاہر نہ کرے **باب** لونڈیوں پر حد قائم کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد طیالسی نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے زائدہ نے سدی سے اُسنے سعد بن عبیدہ سے اُسنے ابی عبد الرحمن سلمی سے کہا کہ خطبہ پڑھا علی رضی نے سو فرمایا کہ اے لوگو قائم کرو اپنے غلام اور لونڈیوں پر حد یعنی اگر زنا کریں تو پچاس درے مارو اُسپر کہ بیاہا ہوا نہیں ہے اور اُسپر کہ نہ بیاہا ہوا سو اسطے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک لونڈی نے زنا کیا تھا سو فرمایا مجکو یہ کہ ماروں میں اُسکو حد سو آیا میں اُس پاس پس ناگہان وہ قریب جنی ہوئی تھی سو ڈرا میں کہ اگر مارتا ہوں میں اسکو پچاس درے تو غالباً وہ مرجاویگی سو ذکر کیا میں نے یہ حدیث نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سو فرمایا کہ اچھا کیا تو نے یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابو سعید اشج نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو خالد احمر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اعمش نے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب زنا کرے لونڈی ایک تمھارے کی تو چاہیے کہ درے مارے اُسکو تین بار ساتھ حکم اللہ تعالے کے اور اگر پھر زنا کرے تو چاہیے کہ بیچ ڈالے اُسکو اگرچہ بالوں کی رسی کے بدلے ہو۔ اور اس باب میں زید بن خالد اور شبل سے اُسنے عبد اللہ بن مالک اوسی سے بھی روایت ہے اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور کئی وجہ پر اُس سے مروی ہے اور عمل اسپر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ جائز ہے مالک کو یہ کہ قائم کرے حد اوپر غلام اپنے کے سوای اذن بادشاہ کے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا۔ اور بعضے کہتے ہیں کہ دفع کیا جاوے طرف بادشاہ کے اور خود آپ اُسپر حد قائم نہ کرے اور پہلا قول زیادہ صحیح ہے

سلہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مارنا دروں کا تاخیر کیا جاوے نفاس والی عورت سے یہانتک کہ نکلے نفاس سے اور اگر کوئی مریض زنا کرے تو حد مارنی اُسکو اور تعزیر میں تاخیر کیجاوے اور اگر بیماری سے دفع ہونے کی امید نہو جیسے مرض سل وغیرہ ہو تو اسمیں ایک شاخ کھجور کی مارے جسپر سو ٹہنیاں ہوں اور یہی ہے مذہب شافعی اور ابو حنیفہ وغیرہما اور طیبی نے کہا کہ یہ حدیث دلیل ہے اوپر واجب ہونے حد زنا کے لونڈیوں اور غلاموں پر اور دلیل ہے اسپر کہ مالک کو جائز ہے کہ قائم کرے اُنپر حد یہی ہے مذہب شافعی اور مالک اور احمد اور جمہور علما کا اور ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ مالک کو اپنے غلام پر خود حد قائم کرنی درست نہیں بلکہ حاکم حد قائم کرے ۱۲ سلہ اور یہ ہی ہے مذہب جمہور کا کہ حدیں گناہ کی کفارہ ہیں ۱۲

باب ما جاء فی حد السکران **حدثنا** سفیان بن وکیع ثنا ابی عن مسعر عن زید العمی عن ابی الصدیق عن ابی سعید الخدری ان رسول الله صلی الله علیه وسلم ضرب الحد بنعلین اربعین قال مسعر اظنه فی الخمر وفی الباب عن علی وعبد الرحمن بن ازهر وابی هریرة والسائب وابن عباس وعقبة بن الحارث حدیث ابی سعید حدیث حسن وابو صدیق الناجی اسمه بکر بن عمرو **حدثنا** محمد بن بشار ثنا محمد بن جعفر ثنا شعبة قال سمعت قتادة یحدث عن انس عن النبی صلی الله علیه وسلم انه اتی برجل قد شرب الخمر فضربه بجریدتین نحو الاربعین وفعله ابو بکر فلما کان عمر استشار الناس فقال عبد الرحمن بن عوف کاخف الحدود ثمانین فامر به عمر حدیث انس حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم ان الحد السکران ثمانون

باب ما جاء من شرب الخمر فاجلدوه فان عاد فی الرابعة فاقتلوه **حدثنا** ابو کریب ثنا ابو بکر بن عیاش عن عاصم عن ابی صالح عن معاویة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من شرب الخمر فاجلدوه فان عاد فی الرابعة فاقتلوه وفی الباب عن ابی هریرة والشرید وشرحبیل بن اوس وجریر وابی الرمد البلوی وعبد الله بن عمرو وحدیث معاویة هکذا روی الثوری ایضا عن عاصم عن ابی صالح عن معاویة عن النبی صلی الله علیه وسلم وروی ابن جریج ومعمر عن سهیل بن ابی صالح عن ابیه عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم سمعت محمدا یقول حدیث ابی صالح عن معاویة عن النبی صلی الله علیه وسلم فی هذا اصح من حدیث ابی صالح عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم وانما کان هذا فی اول الامر ثم نسخ بعد

باب نشے والے کی حد کا بیان **حدیث** کی ہمسے سفیان بن وکیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے باپ میرے نے مسعر سے اُسنے زید عمی سے اُسنے ابی صدیق سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا کہ تحقیق نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ماری حد شراب کی ساتھ چالیس جوتوں کے[ف۱] کہا مسعر نے گمان کرتا ہوں کہ یہ حد شراب ہی مین تھی اس باب مین علی اور عبد الرحمن بن ازہر اور ابی ہریرہ اور سائب اور ابن عباس اور عقبہ بن حارث سے بھی روایت ہی اور ابی سعید کی حدیث حسن ہے اور ابو صدیق کا نام بکر بن عمرو ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے اُسنے کہا سنا مین نے قتادہ سے حدیث بیان کرتا تھا انس سے کہا کہ لاگیا پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک شخص کہ پی تھی شراب سو مارا اُسکو دو چھڑیوں سے مانند چالیس کے اور کیا اسکو ابو بکر نے سو جب خلیفہ ہوے حضرت عمر تو مشورہ کیا اصحاب سے بیچ تعیین حد شراب کے سو کہا عبد الرحمن بن عوف نے ہلکی حد اسّی درّے ہین سو حکم کیا ساتھ اُسکے عمر نے اور انس کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہ حد نشے والے کی اسی درے ہین

باب جو شخص کہ پیوے شراب پس مارو اُسکو درے پس اگر عود کرے اور چوتھی بار پیوے تو قتل کرو اُسکو **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو بکر بن عیاش نے عاصم سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے معاویہ سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ پیوے شراب پس مارو اسکو درے ۔ پھر اگر چوتھی بار پیوے تو قتل کرو اُسکو اور اس باب مین ابی ہریرہ اور شرید اور شرحبیل بن اوس اور جریر اور ابی رمد بلوی اور عبد اللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے اور معاویہ کی حدیث اسیطرح روایت کی ثوری نے بھی عاصم سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے معاویہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کی ابن جریج اور معمر نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے سنا مین نے محمد سے کہتا تھا کہ حدیث ابی صالح کی معاویہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس باب مین زیادہ تر صحیح ہے بہ نسبت اُس حدیث کے جو ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی تھی اور سوا اسکے نہین کہ یہ حکم اول امر مین تھا پھر منسوخ[ف۲] ہو گیا پیچھے اسکے

ف۱ پینا شراب کا حرام ہے ساتھ کتاب اور سنت نبی اور اجماع امت کے اور حد شراب کی اسّی کوڑے ہین نزدیک جمہور ائمہ کے اور یہی ہے مذہب ابو حنیفہ کا اور مذہب امام مالک اور ایک جماعت کا یہی ہے کہ چالیس کوڑے ہین جو کوئی پیوے شراب اگرچہ ایک قطرہ ہو اور پھر پکڑا جاوے اور بو شراب کی اُسکے منہ مین ہو یا نشے مین ہو اگرچہ بسبب پینے نبیذ کے ہو اور گواہی دین اُسکے پینے کی دو شخص یا وہ خود اقرار کرے تو حد مارا جاوے جبکہ ہو ہوشیار اسّی کوڑے یا چالیس کوڑے آزاد کے لیے اور آدھے اُس سے غلام کے لیے ۱۲ ملتقی اور اکثر اصحاب وغیرہ کا بھی یہی مذہب ہے کہ شرابخوار کی حد اسّی درے ہین اور پہلے حد شراب کی کچھ معین نہ تھی جو چاہتے مارتے پھر مشورہ سے اسّی درے مقرر ہوئے ۱۲ ف۲ اکثر اہل علم کا یہی مذہب ہے کہ یہ حکم قتل کا ۱۲

هكذا روى محمد بن اسحاق عن محمد بن المنكدر عن جابر بن عبد الله عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ان من شرب الخمر فاجلدوه فان عاد في الرابعة فاقتلوه قال ثم اتى النبي صلى الله عليه وسلم بعد ذلك برجل قد شرب في الرابعة فضربه ولم يقتله وكذلك روى الزهري عن قبيصة بن ذويب عن النبي صلى الله عليه وسلم نحو هذا قال فرفع القتل وكانت رخصة والعمل على هذا عند عامة اهل العلم لا نعلم بينهم اختلافا في ذلك في القديم والحديث ومما يقوي هذا ما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم من اوجه كثيرة انه قال لا يحل دم امرئ مسلم يشهد ان لا اله الا الله واني رسول الله الا باحدى ثلث النفس بالنفس والثيب الزاني والتارك لدينه

باب ماجاء في كم يقطع السارق **حدثنا** علي بن حجر نا سفيان بن عيينة عن الزهري اخبرته عمرة عن عائشة ان النبي صلى الله عليه وسلم كان يقطع في ربع دينار فصاعدا حديث عائشة حديث حسن صحيح وقد روي هذا الحديث من غير وجه عن عمرة عن عائشة مرفوعا ورواه بعضهم عن عمرة عن عائشة موقوفا **حدثنا** قتيبة نا الليث عن نافع عن ابن عمر قال قطع رسول الله صلى الله عليه وسلم في مجن قيمته ثلثة دراهم وفي الباب عن سعيد وعبد الله بن عمرو وابن عباس وابي هريرة وايمن حديث ابن عمر حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم منهم ابو بكر الصديق قطع في خمسة دراهم وروي عن عثمان وعلي انهما قطعا في ربع دينار وروي عن ابي هريرة وابي سعيد انهما قالا تقطع اليد في خمسة دراهم والعمل على هذا عند بعض فقهاء التابعين وهو قول مالك بن انس والشافعي واحمد واسحق رأوا القطع في ربع دينار فصاعدا وقد روي عن ابن مسعود انه قال لا قطع الا في دينار او عشرة دراهم وهو حديث مرسل رواه القاسم بن عبد الرحمن عن ابن مسعود والقاسم لم يسمع من ابن مسعود والعمل على هذا عند بعض اهل العلم وهو قول سفيان الثوري واهل الكوفة قالوا لا قطع في اقل من عشرة دراهم

اسی طرح روایت کی محمد بن اسحاق نے محمد بن منکدر سے اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جو شخص کہ پیوے شراب پس درے مارو اُسکو پھر اگر عود کرے اور پیوے شراب چوتھی بار تو قتل کرو اُسکو پھر لایا گیا روبرو نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اسکے ایک مرد کہ پی تھی شراب اُسنے چوتھی بار میں پس مارا اُسکو اور قتل کیا اُسکو۔ اور روایت کی زہری نے قبیصہ بن ذویب سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے کہا پس اُٹھا یا گیا قتل یعنے منسوخ ہوگیا اور تھی پہلے رخصت اور عمل اسی پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے نہیں جانتے ہم درمیان اُنکے کچھ اختلاف بیچ اسکے نہ پہلے زمانہ مین اور نہ پچھلے زمانہ مین اسکی تقویت اس حدیث سے ثابت ہے جو بہت طریقون سے مروی ہے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ نہین حلال ہے خون کرنا مسلمان کا کہ گواہی دیتا ہو اسکی کہ خدا کے سوائے کوئی معبود برحق نہین اور تحقیق مین اللہ کا رسول ہون مگر بسبب ایک بات کے تین مین سے ایک تو قتل کرنا عمدکہ مارا جاوے نفس بدلے نفس کے یعنی قصاص لینا اور دوسری زنا ہے کہ سنگسار کیا جاوے زانی بیاہا ہوا۔ اور تیسرے اپنے دین سے نکلنا یعنی مرتد ہو جانا **باب** کتنی سی چیز مین چور کا ہاتھ کاٹا جاوے[1] حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے کہ خبر دی اُسکو عمرہ نے عائشہ سے کہا کہ تھے نبی صلعم کاٹتے ہاتھ چور کا چوتھائی دینار یا زیادہ کے چرانے مین اور عائشہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور یہ حدیث عمرہ کی عائشہ سے کئی وجہ پر مروی ہے بطور رفع کے اور بعض نے اُسکو عمرہ سے اُسنے عائشہ سے موقوف روایت کیا ہے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ کاٹا تھا نبی صلعم نے چور کا یعنی داہنا ہاتھ بیچ چرانے ایک سپر کے کہ قیمت اُسکی تین درہم تھی اور اس باب مین سعد اور عبداللہ بن عمرو اور ابن عباس اور ابی ہریرہ اور ایمن سے بھی روایت ہے اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے انھین مین سے ہین ابو بکر صدیق کہ کاٹا اُنھون نے ہاتھ چور کا بیچ چرانے پانچ درہم کے اور حضرت عثمان اور علی سے روایت ہے کہ اُنھون نے کاٹا ہاتھ چور کا بیچ چرانے چوتھائی دینار کے اور ابی ہریرہ اور ابی سعید سے روایت ہے کہ کہا اُنھون نے نہ کاٹا جاوے ہاتھ چور کا بیچ چرانے پانچ درہم کے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض فقہائے تابعین کے اور یہی ہے قول مالک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا کہتے ہین کہ کاٹا جاوے ہاتھ چور کا بیچ چوتھائی دینار یا زیادہ کے اور تحقیق روایت کی گئی ہے ابن مسعود سے کہ کہا اُنھون نے کہ نہین درست ہاتھ کاٹنا مگر بیچ دینار کے یا دس درہم کے اور یہ حدیث مرسل ہے روایت کیا اُسکو قاسم بن عبدالرحمن نے ابن مسعود سے اور قاسم نے نہین سُنا ابن مسعود سے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور اہل کوفہ کا کہ دس درہم سے کم مین کاٹنا درست نہین

[1] نصاب چوری کی امام ابو حنیفہ کے نزدیک دس درہم ہین کہ اُس سے کم مین ہاتھ کاٹنا نہین لازم آتا ہے۔ اور امام شافعی کے نزدیک چوتھائی دینار سونے کی ہے اور

باب ماجاء فی تعلیق ید السارق **حدثنا** قتیبة ثنا عمرو بن علی المقدمی ثنا الحجاج عن مکحول عن عبد الرحمٰن بن محیریز قال سالت فضالة بن عبید عن تعلیق الید فی عنق السارق امن السنة هو قال اتی رسول الله صلی علیه وسلم بسارق فقطعت یده ثم امر بها فعلقت فی عنقه هذا حدیث حسن غریب لانعرفه الامن حدیث عمرو بن علی المقدمی عن الحجاج بن ارطاة وعبد الرحمٰن بن محیریز هواخو عبد الله بن محیریز شامی **باب** ماجاء فی الخائن والمختلس والمنتهب **حدثنا** علی بن خشرم ثنا عیسی بن یونس عن ابن جریج عن ابی الزبیر عن جابر عن النبی صلی الله علیه قال لیس علی خائن ولامنتهب ولامختلس قطع هذا حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اهل العلم وقد روی مغیرة بن مسلم عن ابی الزبیر عن جابر عن النبی صلی الله علیه وسلم نحو حدیث ابن جریج ومغیرة بن مسلم هو بصری اخو عبد العزیز القسملی کذا قال علی بن المدینی **باب** ماجاء لاقطع فی ثمر ولاکثر **حدثنا** قتیبة ثنا اللیث عن یحیی بن سعید عن محمد بن یحیی بن حبان عن عمه واسع بن حبان ان رافع بن خدیج قال سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول لاقطع فی ثمر ولاکثر هکذا روی بعضهم عن یحیی بن سعید عن محمد بن یحیی بن حبان عن عمه واسع بن حبان عن رافع عن النبی صلی الله علیه وسلم نحو روایة اللیث بن سعد وروی مالک بن انس وغیر واحد هذا الحدیث عن یحیی بن سعید عن محمد بن یحیی بن حبان عن رافع بن خدیج عن النبی صلی الله علیه وسلم ولم یذکروا فیه عن واسع بن حبان **باب** ماجاء ان لایقطع الایدی فی الغزو **حدثنا** قتیبة ثنا ابن لهیعة عن عیاش بن عباس عن شییم بن بیتان عن جنادة بن ابی امیة عن بسر بن ارطاة

باب چور کی گردن میں ہاتھ لٹکانے کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن علی مقدمی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حجاج نے مکحول سے اُسنے عبد الرحمٰن بن محیریز سے کہا پوچھا میں نے فضالہ بن عبید کو لٹکانے ہاتھ کے سے بیچ گردن چور کے کہ کیا سنت ہے کہا اُسنے کہ سامنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے چور لایا گیا سو کاٹا گیا ہاتھ اُسکا۔ پھر حکم فرمایا واسطے ہاتھ اُسکے کے کہ لٹکایا جاوے اُسکی گردن میں پس لٹکایا گیا اُسکی گردن میں (تاکہ لوگوں کو عبرت ہو جاوے) یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں جانتے ہم اُسکو مگر حدیث عمرو بن علی مقدمی سے اُسنے حجاج بن ارطاۃ سے اور عبد الرحمٰن وہ بھائی عبد اللہ بن محیریز شامی کا ہے **باب** خائن اور اُچکے لوٹنے والے کا بیان **حدیث** کی ہمسے علی بن خشرم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عیسی بن یونس نے ابن جریج سے اُسنے ابی زبیر سے اُسنے جابر سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں اُوپر خائن کے اور نہ لوٹنے والے کے اور نہ اُچکے کے ہاتھ کاٹنا یہ حدیث صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے اور تحقیق روایت کی مغیرہ بن مسلم نے ابی زبیر سے اُسنے جابر سے اُسنے نبی صلعم سے مانند حدیث ابن جریج کے اور مغیرہ بن مسلم بصری ہے اور عبد العزیز قسملی کا بھائی ہے اسیطرح کہا ابن مدینی نے **باب** لٹکے ہوئے میوے اور گابھے سفید کے چُرانے میں ہاتھ کاٹنا نہیں آتا **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے یحیی بن سعید سے اُسنے محمد بن یحیی بن حبان سے اُسنے اپنے چچا واسع بن حبان سے کہ رافع بن خدیج نے کہا سُنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے نہیں ہاتھ کاٹنا آتا بیچ چُرانے میوے کے کہ درخت پر لگا ہو اور نہ بیچ چرانے گابھے سفید کھجور کے اسیطرح روایت کی بعض نے یحیی بن سعید سے اُسنے محمد بن یحیی بن حبان سے اُسنے اپنے چچا واسع بن حبان سے اُسنے رافع سے اُسنے نبی صلعم سے مانند روایت لیث بن سعید نے اور روایت کی مالک بن انس وغیرہ نے یہ حدیث یحیی بن سعید سے اُسنے محمد بن یحیی بن حبان سے اُسنے رافع بن خدیج سے اُسنے نبی صلعم سے اور نہیں ذکر کیا اسمیں واسطہ واسع بن حبان کا **باب** جہاد میں ہاتھ نہ کاٹا جاوے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے عیاش بن عباس سے اُسنے شییم بن بیتان سے اُسنے جنادہ بن ابی امیہ سے اُسنے بسر بن ارطاۃ سے

۱؎ امام شافعی اور احمد سے منقول ہے کہ سنت ہے ہاتھ لٹکانا چور کا چور کے گلے میں اور حنیفہ کے نزدیک یہ موقوف ہے رائے امام پر اگر مناسب جانے تو لٹکاوے اور سنت نہیں ۲؎ خائن اُس شخص کو کہتے ہیں کہ کوئی چیز مانگ کر لیوے یا اُسکو کوئی چیز امانت دیجاوے اور وہ لیکر منکر ہو جاوے کہ میں نے نہیں لی یا ضائع ہونے کا دعوی کرے تو اُسکا ہاتھ کاٹنا نہیں آتا۔ اسلئے کہ ضرر یعنی حفاظت کامل نہیں اور لوٹنے والے اور اُچکے کا ہاتھ کاٹنا اسواسطے نہیں آتا کہ وہ پوشیدہ نہیں لیتے اور یہی ہے مذہب علماء ون امام کا

قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا تقطع الایدی فی الغزو ھذا حدیث غریب وقد رواہ غیر ابن لھیعۃ بھذا الاسناد نحو ھذا ویقال بسر بن ابی ارطاۃ ایضا والعمل علی ھذا عند بعض اھل العلم منھم الاوزاعی لا یرون ان یقام الحد فی الغزو بحضرۃ العدو مخافۃ ان یلحق من یقام علیہ الحد بالعدو فاذا خرج الامام من ارض الحرب ورجع الی دار الاسلام اقام الحد علی من اصابہ کذلک قال الاوزاعی **باب** ماجاء فی الرجل یقع علی جاریۃ امرأتہ **حدثنا** علی بن حجر ثنا ھشیم عن سعید بن ابی عروبۃ وایوب بن مسکین عن قتادۃ عن حبیب بن سالم قال رفع الی النعمان بن بشیر رجل وقع علی جاریۃ امرأتہ فقال لاقضین فیھا بقضاء رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لئن کانت احلتھا لہ لاجلدنہ مائۃ وان لم تکن احلتھا لہ رجمتہ **حدثنا** علی بن حجر ثنا ھشیم عن ابی بشر عن حبیب بن سالم عن النعمان بن بشیر نحوہ وفی الباب عن سلمۃ بن المحبق حدیث النعمان فی اسنادہ اضطراب سمعت محمدا یقول لم یسمع قتادۃ من حبیب بن سالم ھذا الحدیث انما رواہ عن خالد بن عرفطۃ وابو بشر لم یسمع من حبیب بن سالم ھذا الحدیث ایضا انما رواہ عن خالد بن عرفطۃ وقد اختلف اھل العلم فی الرجل یقع علی جاریۃ امرأتہ فروی عن غیر واحد من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم منھم علی وابن عمر ان علیہ الرجم وقال ابن مسعود لیس علیہ حد ولکن یعزر وذھب احمد واسحق الی ما روی النعمان بن بشیر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **باب** ماجاء فی المرأۃ اذا استکرھت علی الزنا

کہا کہ سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ نہ کاٹا جاوے ہاتھ بیچ جہاد کے اور یہ حدیث غریب ہے اور تحقیق روایت کیا اسکو غیر ابن لہیعہ نے بھی ساتھ اس سند کے مانند اسکے (اور بسر بن ابی ارطاۃ بھی کہتے ہیں) اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے انھیں میں سے ہیں اوزاعی کہتے ہیں کہ نہیں درست ہے یہ کہ قائم کیجاوے حد بیچ جہاد کے روبرو دشمن کے بخوف اسکے کہ لاحق ہو وہ شخص کہ قائم کیجاوے اسپر حد ساتھ دشمن کے پس جب نکلے امام زمین حرب سے اور پھرے طرف دار اسلام کے تو قائم کرے حد اُس شخص پر جو پہونچا اسکو اسیطرح کہا اوزاعی نے **باب** اگر کوئی شخص اپنی عورت کی لونڈی سے جماع کرے تو اسپر حد آتی ہے یا نہیں **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے سعید بن ابی عروبہ اور ایوب بن مسکین سے انھوں نے روایت کی قتادہ سے اُسنے حبیب بن سالم سے کہا کہ لایا گیا پاس نعمان بن بشیر کے ایک شخص کہ جماع کیا تھا اپنی عورت کی لونڈی سے سو کہا اُسنے کہ حکم کرونگا اُسمیں موافق حکم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اگر حلال کر دیا تھا اُسنے اسکو اُسکے لیے تو البتہ مارونگا میں اسکو سو دُرّے اور اگر نہیں حلال کیا تھا اسکے لیے تو سنگسار کرونگا اسکو **حدیث** کیا ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے ابی بشر سے اُسنے حبیب بن سالم سے اُسنے نعمان بن بشیر سے مانند اسکے اور اس باب میں سلمہ بن محبق سے بھی روایت ہے مثل اسکے اور نعمان کی حدیث کی اسناد میں اضطراب ہے۔ سنا میں نے محمد سے کہتا تھا کہ قتادہ نے حبیب بن سالم سے یہ حدیث نہیں سنی سوا اسکے نہیں کہ روایت کیا اسکو خالد بن عرفطہ سے اور ابو بشر نے بھی حبیب بن سالم سے یہ حدیث نہیں سنی۔ سوا اسکے نہیں کہ روایت کیا اسکو خالد بن عرفطہ سے اور تحقیق اختلاف کیا ہے اہل علم نے بیچ حق اُس شخص کے کہ جماع کرے اپنی عورت کی لونڈی سے سو بہت اصحاب سے روایت ہے کہ اسپر سنگسار کرنا آتا ہے انھیں میں سے ہیں علی اور ابن عمر۔ اور کہا ابن مسعود نے کہ نہیں آتی اسپر حد لیکن تعزیر دیا جاوے اور گئے ہیں احمد اور اسحاق طرف اُسکے جو روایت کی نعمان بن بشیر نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے **باب** جب کسی عورت سے زبردستی زنا کیا جاوے تو اُسپر حد آتی ہے یا نہیں

حاشیہ متعلق صفحہ ۴۶۵ ۱۔ یہ مذہب امام ابو حنیفہ کا ہے کہ اُنکے نزدیک کسی میوے تر و تازہ میں ہاتھ کاٹنا لازم نہیں آتا محرز محفوظ ہو یا غیر محفوظ اور اسیطرح زراعت اگر کاٹ کر خرمن میں جمع نہ کیا ہو اور اسیطرح دودھ اور گوشت وغیرہ چیزیں کہ جلدی خراب ہو جاویں۔ اور دوسرے اماموں نے واجب کیا ہے ہاتھ کاٹنا ان دونوں چیزوں میں اگر محرز اور محفوظ ہوں اور یہی ہے قول امام مالک اور شافعی کا ۱۲ ع ۲۔ اس حدیث کی اسناد متصل نہیں اور نہ اسپر عمل ہے علما کا یہ خطابی نے لکھا ہے قالہ السیوطی فی حاشیۃ ابوداؤد ۱۲ ع ۳۔ سلمہ بن محبق آپ صحابی ہیں کوفہ میں اقامت گزین تھے۔ بعض نے آپکو ابن ربیعہ بن صخر ہذلی کہا ہے۔ کنیت ابو سنان ۱۲ ع ۴۔ خالد بن عرفطہ بضم عین وسکون را مہملتین وضم فا و طا رحلی۔ مقبول ہیں چھٹے طبقے سے۔ ۱۲

حدثنا علی بن حجر ثنا معمر بن سلیمان الرقی عن الحجاج بن ارطاۃ عن عبد الجبار بن وائل بن حجر عن ابیہ قال استکرھت امرأۃ علی عهد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فدرأ رسول اللہ علیہ وسلم عنها الحد و اقامہ علی الذی اصابها ولم یذکر انہ جعل لها مهرا هذا حدیث غریب ولیس اسنادہ بمتصل وقد روی هذا الحدیث من غیر هذا الوجه سمعت محمدا یقول عبد الجبار بن وائل بن حجر لم یسمع من ابیہ ولا ادرکہ یقال انہ ولد بعد موت ابیہ باشهر والعمل علی هذا الحدیث عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرهم ان لیس علی المستکرهة حد **حدثنا** محمد بن یحیی ثنا محمد بن یوسف عن اسرائیل ثنا سماک بن حرب عن علقمة بن وائل الکندی عن ابیہ ان امرأۃ خرجت علی عهد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ترید الصلوۃ فتلقاها رجل فتجللها فقضی حاجتہ منها فصاحت فانطلق ومر بها رجل فقالت ان ذلک الرجل فعل بی کذا وکذا ومرت بعصابة من المهاجرین فقالت ان ذاک الرجل فعل بی کذا وکذا فانطلقوا فاخذوا الرجل الذی ظنت انہ وقع علیها فاتوها فقالت نعم هو هذا فاتوا بہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فلما امر بہ لیرجم قام صاحبها الذی وقع علیها فقال یا رسول اللہ انا صاحبها فقال لها اذهبی فقد غفر اللہ لک وقال للرجل قولا حسنا وقال للرجل الذی وقع علیها ارجموہ وقال لقد تاب توبة لو تابها اهل المدینة لقبل منهم هذا حدیث حسن غریب صحیح وعلقمة بن وائل بن حجر سمع من ابیہ وهو اکبر من عبد الجبار بن وائل وعبد الجبار بن وائل لم یسمع من ابیہ

حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معمر بن سلیمان رقی نے حجاج بن ارطاۃ سے اُسنے عبدالجبار بن وائل بن حجر سے اُسنے اپنے باپ سے کہا کہ ایک شخص نے ایک عورت سے زبردستی زنا کیا بیچ زمانہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے۔ پس دفع کی نبی صلعم نے عورت سے حد اور قائم کی حد مرد پر اور نہ ذکر کیا اُسنے یہ کہ ٹھہرایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کے لیے مہر[1] یہ حدیث غریب ہے اور اسناد اسکی متصل نہیں۔ اور تحقیق روایت کی گئی ہے یہ حدیث غیر اسوجہ سے بھی۔ سُنا مین نے محمد سے کہتا تھا کہ عبدالجبار بن وائل بن حجر نے نہین سنا اپنے باپ سے اور نہین پایا اُسکو۔ کہا جاتا ہے کہ وہ پیدا ہوا بعد مرنے باپ اپنے کے پیچھے کئی مہینوں کے اور عمل اس حدیث پر ہے نزدیک اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہین کہ زبردستی کیے گئے پر حد نہین ہے

حدیث کی ہمسے محمد بن یحیی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن یوسف نے اسرائیل سے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سماک بن حرب نے علقمہ بن وائل کندی سے اُسنے اپنے باپ سے کہ تحقیق ایک عورت نکلی بیچ زمانے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے نماز کے ارادے سے سو ملا اُسکو ایک شخص اور ڈھانکا اُسکو اپنے کپڑے سے اور زنا کیا اُس سے پس چلائی وہ عورت اور چلا گیا وہ شخص اور گذرا پاس اُسکے ایک مرد سو کہا اُس عورت نے کہ تحقیق اُس شخص نے کیا ساتھ میرے ایسا اور ایسا۔ اور گذری ایک جماعت مہاجرین کی سو کہا اُسنے کہ تحقیق اس شخص نے کیا ساتھ میرے ایسا اور ایسا سو چلے وہ اور پکڑا اُنھون نے اُس شخص کو کہ کہا تھا اُس عورت نے کہ وہ واقع ہوا اوپر میرے سو لے آئے اُسکو پاس اُس عورت کے سو کہا اُس عورت نے کہ ہان وہ یہی ہے۔ سو لائے اُسکو پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو جب حضرت نے حکم کیا اُسکے سنگسار کرنے کا تو کھڑا ہوا ساتھی اُسکا جو واقع ہوا تھا اُسپر سو اُسنے عرض کی کہ یا حضرت مین ہون ساتھی اُسکا سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس عورت سے فرمایا کہ جا پس تحقیق اللہ نے بخشدیا تجکو یعنے بسبب کراہت اور بے رضائی تیری کے اور کہی واسطے مرد کے بات اچھی اور حسلم کیا واسطے اُس شخص کے کہ واقع ہوا تھا اُسپر سنگسار کرو اُسکو یعنی اُسنے اقرار کیا زنا کا پس حکم کیا اُسکے سنگسار کرنیکا۔ پس سنگسار کیا لوگون نے اُسکو بسبب محصن ہونے اُسکے کے اور فرمایا آپ نے کہ تحقیق توبہ کی اُسنے یعنی بسبب قبول کرنے حد کے ایسی توبہ کہ اگر کرتے اُسکو اہل مدینہ یعنی مثل توبہ اُسکے کے تو البتہ قبول کیجاتی توبہ[2] اور یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے۔ اور علقمہ بن وائل بن حجر نے سُنا ہے باپ اپنے سے اور وہ بڑا ہے عبدالجبار بن وائل سے۔ اور عبدالجبار نے نہین سُنا اپنے باپ سے

[1] یعنی زنا کرنے والے پر۔ اور راوی کے نہ ذکر کرنے سے یہ لازم نہین آتا کہ مہر واجب نہو اسلیے کہ اور حدیث مین سے مہر کا واجب ہونا ثابت ہو چکا ہے۔ یہ مذہب ابو حنیفہ اور ابراہیم نخعی وغیرہ کا ہے۔ لیکن مہر اسی صورت مین واجب ہوگا جب کہ زانی پر حد واجب نہو اسلیے کہ اگر حد واجب ہو تو مہر باطل ہو جاوے گا۔ کہ وہ دونون جمع نہین ہوتے مولانا انام محمد۔ [2] یعنی اگر تقسیم کیجاوے وہ توبہ اہل مدینہ پر تو قبول کیجاتی اُنسے اور کفایت کرتی اُنکو یعنی اگرچہ اُسنے اول گناہ کیا تھا لیکن حد کے ساتھ بخشا گیا ۱۲

باب ماجاء فیمن یقع علی البہیمۃ **حدثنا** محمد بن عمرو السواق ثنا عبد العزیز بن محمد عن عمرو بن ابی عمرو عن عکرمۃ عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من وجدتموہ وقع علی بہیمۃ فاقتلوہ واقتلوا البہیمۃ فقیل لابن عباس ما شان البہیمۃ فقال ما سمعت من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی ذلک شیئا ولکن ارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کرہ ان یوکل من لحمہا او ینتفع بہا وقد عمل بہا ذلک العمل ہذا حدیث لانعرفہ الا من حدیث عمرو بن ابی عمرو عن عکرمۃ عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وروی سفیان الثوری عن عاصم عن ابی رزین عن ابن عباس انہ قال من اتی بہیمۃ فلا حد علیہ **حدثنا** بذلک محمد بن بشار ثنا عبد الرحمن بن مہدی ثنا سفیان الثوری وہذا اصح من الحدیث الاول والعمل علی ہذا عند اہل العلم وہو قول احمد واسحق **باب** ماجاء فی حد اللوطی **حدثنا** محمد بن عمرو السواق ثنا عبد العزیز بن محمد عن عمرو بن ابی عمرو عن عکرمۃ عن ابن عباس قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من وجدتموہ یعمل عمل قوم لوط فاقتلوا الفاعل والمفعول بہ وفی الباب عن جابر وابی ہریرۃ وانما نعرف ہذا الحدیث عن ابن عباس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم من ہذا الوجہ وروی محمد بن اسحق ہذا الحدیث عن عمرو بن ابی عمرو فقال ملعون من عمل عمل قوم لوط ولم یذکر فیہ القتل وذکر فیہ ملعون من اتی بہیمۃ وقد روی ہذا الحدیث عن عاصم بن عمر عن سہیل بن ابی صالح عن ابیہ عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فاقتلوا الفاعل والمفعول بہ ہذا حدیث فی اسنادہ مقال ولا نعلم احدا رواہ عن سہیل بن ابی صالح غیر عاصم بن عمر العمری وعاصم بن عمر یضعف فی الحدیث من قبل حفظہ واختلف اہل العلم فی حد اللوطی فرای بعضہم ان علیہ الرجم احصن اولم یحصن وہذا قول مالک والشافعی واحمد واسحق

باب اگر کوئی شخص چارپائے سے بدفعلی کرے تو اسپر حد آتی ہے یا نہین **حدیث** کی ہمسے محمد بن عمرو سواق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے عمرو بن ابی عمرو سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو پاؤ تم کہ بدفعلی کرتا ہے چارپائے سے تو مار ڈالو اُسکو اور مار ڈالو اُس چارپائے کو ساتھ اسکے سو کسی نے ابن عباس سے پوچھا کہ کیا حال ہے اس جانور کا یعنی وہ کس گناہ پر کیون قتل کیا جاوے۔ سو اُسنے کہا کہ مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اسمین کچھ نہین سنا یعنی اسکی حکمت ولیکن مین گمان کرتا ہون کہ مکروہ جانا آپ نے یہ کہ کھایا جاوے گوشت اُسکا یا نفع لیا جاوے ساتھ اُسکے جبکہ کیا گیا ہے ساتھ اُسکے یہ فعل بد یعنی ایسے جانور سے فائدہ اُٹھانا منع ہے پس لازم آیا قتل کرنا اُسکا۔ نہین پہچانتے ہم اس حدیث کو مگر حدیث عمرو بن ابو عمرو سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور روایت کی سفیان ثوری نے عاصم سے اُسنے ابی رزین سے اُسنے ابن عباس سے کہا جو شخص کہ بدفعلی کرے چارپائے سے تو نہین آتی اُسپر حد حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان ثوری نے اور یہ زیادہ ترصحیح ہے پہلی حدیث سے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا **باب** اغلام کرنے والے کی حد کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن عمرو سواق نے اُسنے کہا حدیث ہمسے عبد العزیز بن محمد نے عمرو بن ابی عمرو سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو کہ پاؤ تم کہ کرتا ہے فعل قوم لوط کا یعنی اغلام تو مار ڈالو فاعل اور مفعول بہ کو اور اس باب مین جابر اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے اور سوا اسکے نہین کہ پہچانتے ہین ہم اس حدیث کو ابن عباس سے اُسنے نبی صلعم سے اسی وجہ سے اور روایت کی محمد ابن اسحاق نے یہ حدیث عمرو بن ابی عمرو سے پس کہا کہ ملعون ہے وہ شخص کہ کرے فعل قوم لوط کا اور نہین ذکر کیا اسمین قتل کو اور ذکر کیا اسمین ملعون ہے وہ شخص کہ بدفعلی کرے چارپائے سے اور تحقیق روایت کی گئی ہے یہ حدیث عاصم بن عمر سے اُسنے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ مار ڈالو فاعل اور مفعول بہ کو اس حدیث کی اسناد مین کلام ہے۔ اور نہین جانتے ہم کسیکو کہ روایت کیا ہو اسکو سہیل بن ابی صالح سے سوا عاصم بن عمر عمری کے اور عاصم بن عمر ضعیف کیا جاتا ہے بیچ حدیث کے اپنے حافظہ کی وجہ سے اور اختلاف کیا ہے اہل علم نے بیچ حد لوطی کے سو بعضے کہتے ہین کہ اُسپر سنگسار کرنا آتا ہے محصن ہو یا غیر محصن اور یہی ہے قول مالک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا

لہ بعض نے کہا حکمت اس جانور کی مار ڈالنے کی یہ ہے کہ تا نہ پیدا ہو جاوے اُس سے حیوان بصورت انسان کے یا نہ لاحق ہو اسکے صاحب کو عار اور رسوائی دیکھنے کے سبب سے

مولانا قدس سرہ نے اسکی کے اور شرح منظرمین لکھا ہے کہ چارون امام متفق ہین اسپر کہ اگر کوئی شخص بدفعلی کرے جانور سے تو تعزیر دیا جاوے اور قتل نہ کیا جاوے اور حدیث مؤول ہے زجر پر ۱۲

وقال بعض اهل العلم من فقهاء التابعين منهم الحسن البصري وابراهيم النخعي وعطاء بن ابي رباح وغيرهم قالوا حد اللوطي حد الزاني وهو قول الثوري واهل الكوفة **حدثنا** احمد بن منيع ثنا يزيد بن هارون ثنا همام عن القاسم بن عبد الواحد المكي عن عبد الله بن محمد بن عقيل انه سمع جابرا يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان اخوف ما اخاف على امتي عمل قوم لوط هذا حديث حسن غريب انما نعرفه من هذا الوجه عن عبد الله بن محمد بن عقيل بن ابي طالب عن جابر **باب** ماجاء في المرتد **حدثنا** احمد بن عبدة الضبي ثنا عبد الوهاب الثقفي ثنا ايوب عن عكرمة ان عليا حرق قوما ارتدوا عن الاسلام فبلغ ذلك ابن عباس فقال لو كنت انا لقتلتهم بقول رسول الله صلى الله عليه وسلم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من بدل دينه فاقتلوه ولم اكن لاحرقهم لان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال لا تعذبوا بعذاب الله فبلغ ذلك عليا فقال صدق ابن عباس هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اهل العلم في المرتد واختلفوا في المرأة اذا ارتدت عن الاسلام فقالت طائفة من اهل العلم تقتل وهو قول الاوزاعي واحمد واسحق وقالت طائفة منهم تحبس ولا تقتل وهو قول سفيان الثوري وغيره من اهل الكوفة **باب** ماجاء فيمن شهر السلاح **حدثنا** ابو كريب وابو سائب قالا ثنا ابو اسامة عن بريدة بن عبد الله بن ابي بردة عن جده ابي بردة عن ابي موسى عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من حمل علينا السلاح فليس منا وفي الباب عن ابن عمر وابن الزبير وابي هريرة وسلمة بن الاكوع حديث ابي موسى حديث حسن صحيح

اور کہا بعض اہل علم نے فقہاے تابعین سے کہ حد اغلام کرنے والے کی مانند حد زانی کے ہے۔ انھیں میں سے ہیں حسن بصری اور ابراہیم نخعی اور عطاء وغیرہ اور یہی ہے قول ثوری اور اہل کوفہ کا یعنی اگر محصن ہو تو سنگسار کیا جاوے اور اگر محصن نہو تو سو درے مارا جاوے اور ایک سال وطن سے نکال دیا جاوے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہمام نے قاسم بن عبد الواحد مکی سے اُسنے روایت کی عبد اللہ بن محمد بن عقیل سے اُسنے سُنا جابر سے کہتے تھے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق بہت خوف اُس چیز کا کہ ڈرتا ہوں میں اپنی امت پر فعل کرنا قوم لوط کا ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے سوا اسکے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے یعنی عبد اللہ بن عقیل بن ابی طالب سے اُسنے جابر سے **باب** مرتد[1] کا بیان یعنی جو شخص اپنے دین سے پھر جاوے اسکی کیا سزا ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن عبدہ ضبی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوہاب ثقفی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ایوب نے عکرمہ سے کہا کہ حضرت علی نے آگ میں جلایا ایک قوم کو کہ پھر گئے تھے وہ دین اسلام سے سو پہونچی یہ خبر ابن عباس کو سو کہا اگر ہوتا میں وہاں تو قتل کرتا میں انکو موافق فرمانے نبی صلعم کے کہ آپ نے فرمایا جو شخص کہ بدل ڈالے دین اپنا پس مار ڈالو اسکو اور نہ جلاتا میں انکو اسواسطے کہ نبی صلعم نے فرمایا ہے نہ عذاب کرو ساتھ عذاب خدا کے سو پہونچی یہ خبر حضرت علی کو پس کہا کہ سچ کہا ابن عباس نے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے بیچ حق مرتد کے۔ اور اختلاف کیا ہے انھوں نے بیچ حق عورت کے جبکہ مرتد ہو جاوے اسلام سے سو ایک گروہ اہل علم کے کہتے ہیں کہ مار ڈالی جاوے۔ اور یہی ہے قول اوزاعی اور احمد اور اسحق کا۔ اور کہا ایک گروہ نے انمیں سے کہ قید کی جاوے اور نہ قتل کیجاوے اور یہی ہے قول سفیان ثوری وغیرہ اہل کوفہ کا **باب** ہتھیار اُٹھانے والے کا بیان **حدیث** کی ہمسے ابو کریب اور ابو سائب نے انھوں نے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسامہ نے بریدہ بن عبد اللہ بن ابی بردہ سے اُسنے اپنے دادا ابی بردہ سے اُسنے ابی موسی سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا[2] جو شخص کہ اُٹھاوے ہمپر ہتھیار پس نہیں وہ ہمسے یعنی ہمارے طریقہ پر نہیں اور اس باب میں ابن عمر اور ابن زبیر اور ابی ہریرہ اور سلمہ بن اکوع سے بھی روایت ہے اور ابو موسی کی حدیث حسن صحیح ہے۔

---

[1] امام ابو حنیفہ کے نزدیک لواطت میں حد نہیں بلکہ تعزیر ہے۔ جسطرح امام مصلحت دیکھے چاہے مارے چاہے قید کرے ۱۱ ح ع [1] یعنی ڈرتا ہوں کہ اُصبری نکرین اور اس ورطہ میں نہ پڑیں۔ یا یہ فعل نہایت بد اور قبیح ہے اور حرمت اُسکی سخت ہے۔ ڈرتا ہوں کہ اُسمیں پڑیں اور اسکا عذاب دیکھیں ۱۲ ح ۱۳ مرتد اُسکو کہتے ہیں کہ جو اسلام سے پھر جاوے۔ اور مسلمان جب اسلام سے پھر جاوے تو عرض کیا جاوے اُسپر اسلام اور مستحب ہے کہ حبس کریں اسکو تین دن اگر مسلمان ہو گیا تو فبہا ورنہ قتل کریں اُسکو امام شافعی کے نزدیک واجب ہے کہ مہلت دیں اُسکو تین دن اور بعضے کہتے ہیں کہ اگر مہلت طلب کرے تو دیوے ورنہ کچھ حاجت نہیں ۱۲ ح [2] یعنی اگرچہ ارادہ ہنسی کا ہو کھینچے اسلیے کہ شیطان انسان کا دشمن ہے اگر اُسکے ہاتھ سے ہتیار لگوا دے بھائی مسلمان کو۔ تو اُسکے سبب سے مستحق عذاب دوزخ کا ہوگا واللہ اعلم۔۔

باب ما جاء فی حد الساحر حدثنا احمد بن منیع ثنا ابو معاویۃ عن اسمعیل بن مسلم عن الحسن عن جندب
قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حد الساحر ضربۃ بالسیف ہذا حدیث لا نعرفہ مرفوعا الا من ہذا الوجہ
و اسمعیل بن مسلم المکی یضعف فی الحدیث من قبل حفظہ و اسمعیل بن مسلم العبدی البصری قال وکیع ہو ثقۃ
و یروی عن الحسن ایضا و الصحیح عن جندب موقوف والعمل علی ہذا الحدیث عند بعض اہل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ
علیہ وسلم وغیرہم وہو قول مالک بن انس وقال الشافعی انما یقتل الساحر اذا کان یعمل من سحرہ ما یبلغ الکفر فاذا
عمل عملا دون الکفر فلم یر علیہ قتلا **باب** ما جاء فی الغال ما یصنع بہ **حدثنا** محمد بن عمرو ثنا
عبد العزیز بن محمد عن صالح بن محمد بن زائدۃ عن سالم بن عبد اللہ بن عمر عن عبد اللہ بن عمر عن عمر ان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم قال من وجدتموہ غل فی سبیل اللہ فاحرقوا متاعہ قال صالح فدخلت علی مسلمۃ ومعہ سالم
بن عبد اللہ فوجد رجلا قد غل فحدث سالم بہذا الحدیث فامر بہ فاحرق متاعہ فوجد فی متاعہ مصحف فقال
سالم بع ہذا و تصدق بثمنہ ہذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من ہذا الوجہ والعمل علی ہذا عند بعض اہل
العلم وہو قول الاوزاعی واحمد واسحٰق وسالت محمدا عن ہذا الحدیث فقال انما روی ہذا صالح بن محمد بن زائدۃ وہو
ابو واقد اللیثی وہو منکر الحدیث قال محمد وقد روی فی غیر حدیث عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی الغال ولم یامر
فیہ بحرق متاعہ وقال ہذا حدیث غریب **باب** ما جاء فی من یقول للاخر یا مخنث

باب جادوگر کی حد کا بیان **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اسمعیل بن مسلم سے اُنھوں نے حسن سے اُسنے جندب سے
کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حد جادوگر کی مار ڈالنا اُسکا ہے ساتھ تلوار کے اس حدیث کو ہم مرفوع نہیں جانتے مگر اسی وجہ سے اور اسمٰعیل
بن مسلم مکی ضعیف کیا جاتا ہے حدیث میں اپنے حافظہ کی وجہ سے اور اسمٰعیل بن مسلم عبدی بصری کو وکیع نے کہا کہ وہ ثقہ ہے اور روایت کرتا ہے
حسن سے بھی اور صحیح جندب سے موقوف حدیث ہے اور عمل اسی حدیث پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے
اور یہی ہے قول مالک بن انس کا اور شافعی نے کہا کہ جادوگر فقط اُسوقت قتل کیا جاوے جبکہ کرے جادو سے وہ چیز کہ پہونچے کفر کو اور جبکہ کرے
کوئی عمل سوا کفر کے تو اُسپر قتل نہیں آتا **باب** جو شخص کہ لوٹ کا مال چرا دے اُسکے ساتھ کیا کیا جاوے **حدیث** کی ہمسے محمد بن عمرو نے
اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے صالح بن محمد بن زائدہ سے اُسنے سالم بن عبد اللہ بن عمر سے اُسنے عبد اللہ بن عمر سے اُسنے عمر سے
کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کو کہ پاؤ تم کہ خیانت کی اُسنے مال غنیمت میں پس جلا دو اسباب اُسکا کہا صالح نے
پس داخل ہوا میں مسلمہ پر اور ساتھ اُسکے سالم بن عبد اللہ تھے سو پایا اُنھوں نے ایک مرد کو کہ خیانت کی مال غنیمت میں پس بیان کی
سالم نے یہ حدیث پس حکم کیا ساتھ جلانے اسباب اُسکے کے پس جلایا گیا اسباب اُسکا سو پایا گیا اُسکے اسباب میں قرآن شریف
سو کہا سالم نے بیچ ڈال اُسکو اور خیرات کر مول اُسکا راہ خدا میں۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر اسی وجہ سے اور
عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور یہی ہے قول اوزاعی اور احمد اور اسحاق کا۔ اور پوچھا میں نے محمد کو اس حدیث سے سو کہا
سوا اسکے نہیں کہ روایت کیا اُسکو صالح بن محمد بن زائدہ نے اور وہ ابو واقد لیثی ہے اور وہ منکر الحدیث ہے کہا محمد نے اور تحقیق روایت
کی گئی ہے کئی حدیثوں میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے بیچ حق خیانت کرنے والے کے مال غنیمت میں۔ اور نہیں حکم کیا اسمیں ساتھ
جلا دینے اسباب کے اور کہا یہ حدیث غریب ہے **باب** کوئی شخص کسیکو ہیجڑا کہے اُسکی سزا کا بیان۔

ف۱ سب علما کا اجماع ہے اسپر کہ جادو کرنا حرام ہے اور امام شافعی نے کہا کہ قتل کیا جاوے اور امام مالک نے کہا کہ جادوگر کافر ہے اور اُسکا
سیکھنا اور سکھانا بھی کفر ہے۔ اور قتل کیا جاوے بدون طلب توبہ کے اور کہا حنفیہ نے کہ اگر اعتقاد کیا کہ شیطان کرتا ہے اُسکے لیے جو چاہتا ہے
تو یہ کفر ہے ف۲ امام احمد وغیرہ کا یہی قول ہے کہ اُسکا اسباب جلا دیا جاوے سوا حیوان اور قرآن کے اور اس چیز کے کہ خیانت کی ہے اور تینوں امام کہتے ہیں کہ اسباب
نہ جلایا جاوے لیکن تعزیر دیا جاوے اور حمل کیا ہے اس حدیث کو زجر پر ۱۲ ف۳ ہیجڑا اُسکو کہتے ہیں جسکے کلام اور اعضا میں نرمی ہو۔ اور حرکات اور سکنات
میں مشابہ عورتوں کے ہو اُسکو زنانہ بھی کہتے ہیں ۱۲

حدثنا محمد بن رافع ثنا ابن ابی فدیك عن ابراهيم بن اسمعيل بن ابي حبيبة عن داؤد بن حصين عن عكرمة عن ابن عباس عن النبی صلی الله عليه وسلم قال اذا قال الرجل للرجل يا يهودی فاضربوه عشرين واذا قال يا مخنث فاضربوه عشرين ومن وقع على ذات محرم فاقتلوه هذا حديث لا نعرفه الا من هذا الوجه وابراهيم بن اسمعيل يضعف فی الحديث وقد روی عن النبی صلی الله عليه وسلم من غير وجه رواه البراء بن عازب وقرة بن اياس المزنی ان رجلا تزوج امرأة ابيه فامر النبی صلی الله عليه وسلم بقتله والعمل على هذا عند اصحابنا قالوا من اتی ذات محرم وهو يعلم فعليه القتل وقال احمد من تزوج امه قتل وقال اسحق من وقع ذات محرم قتل **باب** ما جاء فی التعزير **حدثنا** قتيبة ثنا الليث بن سعد عن يزيد بن ابی حبيب عن بكير بن عبد الله بن الاشج عن سليمان بن يسار عن عبد الرحمن بن جابر بن عبد الله عن ابی بردة بن نيار قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم لا يجلد فوق عشر جلدات الا فی حد من حدود الله وقد روی هذا الحديث ابن لهيعة عن بكير فاخطأ فيه وقال عن عبد الرحمن بن جابر بن عبد الله عن ابيه عن النبی صلی الله عليه وسلم وهو خطاء والصحيح حديث الليث بن سعد انما هو عبد الرحمن بن جابر بن عبد الله عن ابی بردة بن نيار عن النبی صلی الله عليه وسلم وهذا حديث غريب لا نعرفه الا من حديث بكير بن الاشج وقد اختلف اهل العلم فی التعزير واحسن شیء يروی فی التعزير هذا الحديث **ابواب الصيد** عن رسول الله صلی الله عليه وسلم **باب** ما جاء ما يؤكل من صيد الكلب وما لا يؤكل **حدثنا** محمود بن غيلان ثنا قبيصة ثنا سفيان عن منصور عن ابراهيم عن همام بن الحارث عن عدی بن حاتم قال قلت يا رسول الله انا نرسل كلابا لنا معلمة

حدیث کی ہمسے محمد بن رافع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی فدیک نے ابراہیم بن اسمعیل بن ابی حبیبہ سے اُسنے روایت کی داؤد بن حصین سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرمایا آپ نے جب کہ کہے کوئی شخص دوسرے کو اے یہودی تو مارو اُسکو بیس درے اور جب کہ کہا اے ہجڑے تو مارو اُسکو بیس دُرّے۔ اور جو شخص کہ زنا کرے کسی محرم عورت سے تو مار ڈالو اُسکو نہین پہچانتے ہم اس حدیث کو مگر اسی وجہ سے اور ابراہیم بن اسمعیل ضعیف کیا جاتا ہے حدیث مین اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی وجہ پر مروی ہے۔ اور روایت کیا اُسکو براء بن عازب اور قرہ بن ایاس مزنی نے کہ تحقیق ایک مرد نے نکاح کیا اپنے باپ کی عورت سے سو حکم کیا نبی صلعم نے اُسکے قتل کرنے کا اور عمل اسی پر ہے نزدیک اصحاب ہمارے کے کہتے ہین کہ جو شخص زنا کرے محرم عورت سے اس حال مین کہ جانتا ہو تو اُسپر مار ڈالنا آتا ہے اور کہا احمد نے جو شخص کہ نکاح کرے ماں اپنی سے مار ڈالا جاوے۔ اور کہا اسحٰق نے جو شخص کہ واقع ہو صاحب حرمت پر قتل کیا جاوے **باب** تعزیر[1] کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن نے یزید بن ابی حبیب سے اُسنے بکیر بن عبد اللہ بن اشج سے اُسنے سلیمان بن یسار سے اُسنے عبد الرحمن بن جابر بن عبد اللہ سے اُسنے ابی بردہ بن نیار سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہ مارے جاوین کوڑے زیادہ دس[2] سے مگر بیچ حد کے اللہ کی حدون سے اور تحقیق روایت کی یہ حدیث ابن لہیعہ نے بکیر سے اور خطا کی اسمین اور کہا عبد الرحمن بن جابر بن عبد اللہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلعم سے اور یہ خطا ہے اور صحیح حدیث لیث بن سعد کی ہے جو روایت کی عبد الرحمن بن جابر بن عبد اللہ نے ابی بردہ سے اُسنے نبی صلعم سے اور یہ حدیث غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث بکیر بن اشج سے اور تحقیق اختلاف کیا ہے اہل علم نے بیچ تعزیر کے اور احسن چیز کہ تعزیر مین مروی ہے یہ حدیث ہے **ابواب الصید** شکار کے بابونکا بیان جو نبی صلعم سے مروی ہین **باب** کتے کے شکار سے کیا چیز کھائی جاوے اور کیا چیز نہ کھائی جاوے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے قبیصہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے منصور سے اُسنے روایت کی ابراہیم سے اُسنے ہمام بن حارث سے اُسنے عدی بن حاتم سے کہا اُسنے کہ کہا مین نے یا حضرت ہم چھوڑتے ہین اپنے کتوں سدھے ہوؤنکو

[1] تعزیر کہتے ہین ادب دینے اور باز رکھنے کو اور فرق درمیان اُسکے اور حد کے یہ ہے کہ حد معین ہے شارع کی طرف سے نہ تعزیر بلکہ تعزیر موقوف ہے رائے حاکم پر بسبب اقتضائے وقت کے ۱۲ [2] اس سے معلوم ہوا کہ تعزیر مین زیادہ دس کوڑون سے نہ مارے جاوین بعضے کہتے ہین کہ یہ حدیث منسوخ ہے اور علما کو اسمین اختلاف ہے امام ابو حنیفہ اور محمد کے نزدیک اکثر تعزیر انتالیس درے ہین اور ابو یوسف کے نزدیک پچھتر درے ہین اور اقل اسکے تین درے ہین بالاتفاق حاج[3] کو شکار کرنا حلال ہے بجز حرم مین واسطے غیر محرم کے اور شکار

قال کل ما امسکن علیک قلت یا رسول اللہ وان قتلن قال وان قتلن ما لم یشرکہا کلب من غیرہا قال قلت یا رسول اللہ
انا نرمی بالمعراض قال ما خزق فکل وما اصاب بعرضہ فلا تاکل **حدثنا** محمد بن یحیی ثنا محمد بن یوسف ثنا سفیان
عن منصور نحوہ الا انہ قال وسئل عن المعراض وھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** احمد بن منیع ثنا یزید بن ھارون
ثنا الحجاج عن مکحول عن ابی ثعلبۃ والحجاج عن الولید بن ابی مالک عن عائذ اللہ بن عبد اللہ انہ سمع ابا ثعلبۃ
الخشنی قال قلت یا رسول اللہ انا اھل صید فقال اذا ارسلت کلبک وذکرت اسم اللہ علیہ فامسک علیک فکل قلت
وان قتل قال وان قتل قال قلت انا اھل رمی قال ما ردت علیک قوسک فکل قال قلت انا اھل سفر نمر بالیھود والنصاری
والمجوس فلا نجد غیر اٰنیتھم قال فان لم تجدوا غیرھا فاغسلوھا بالماء ثم کلوا فیھا واشربوا وفی الباب عن عدی بن
حاتم وھذا حدیث حسن وعائذ اللہ ھو ابو ادریس الخولانی **باب** ما جاء فی صید کلب المجوسی **حدثنا** یوسف
بن عیسی ثنا وکیع ثنا شریک عن الحجاج عن القاسم بن ابی بزۃ عن سلیمان الیشکری عن جابر بن عبد اللہ قال
نھینا عن صید کلب المجوسی ھذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ والعمل علی ھذا عند اکثر اھل العلم
لا یرخصون فی صید کلب المجوسی والقاسم بن ابی بزۃ ھو القاسم بن نافع المکی **باب** فی صید البزاۃ **حدثنا**
نصر بن علی وھناد وابو عمار قالوا ثنا عیسی بن یونس عن مجالد عن الشعبی عن عدی بن حاتم قال سالت رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم عن صید البازی فقال ما امسک علیک فکل ھذا حدیث لا نعرفہ الا من حدیث مجالد عن الشعبی

کہا کہ کھا اُس چیز کو کہ پکڑ رکھیں کتے تیرے لیے کہا میں نے اور اگرچہ مار ڈالیں فرمایا اگرچہ مار ڈالیں جبتک کہ نہ شریک ہو ساتھ اُنکے کوئی کتا غیر اُنکے سے کہا کہ عرض کی میں نے یا حضرت ہم پھینکتے ہیں تیر بے پروں کا فرمایا کھا اُس چیز کو کہ زخم کر دے یعنی جس شکار میں وہ تیر سیدھا جا لگے بھال کی طرف سے اور مار ڈالے اُسکو تو وہ کھالے اور وہ چیز کہ پہونچے ساتھ چوڑان اُسکی کے یعنی لگے اسطرح کہ زخمی نہ کرے شکار کو پس قتل کرے اُسکو پس مت کھا اُسکو **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن یوسف نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے منصور سے مانند اسکے مگر اُسنے کہا کہ پوچھے گئے آپ معراض سے اور یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حجاج نے مکحول سے اُسنے ابی ثعلبہ اور حجاج سے اُسنے ولید بن ابی مالک سے اُسنے عائذ اللہ بن عبد اللہ سے کہ سُنا اُسنے ابا ثعلبہ خشنی سے کہا اُسنے کہ کہا میں نے یا حضرت ہم صاحب شکار ہیں سو آپ اُسکا حکم بیان فرمایے کہ حلال کیا ہے اور حرام کیا ہے سو فرمایا آپنے کہ جب چھوڑے تو اپنا کُتا اور ذکر کرے نام اللہ کا اور وہ تیرے لیے پکڑ لاوے پس کھا اُسکو میں نے کہا اگرچہ مار ڈالے فرمایا اگرچہ مار ڈالے میں نے کہا ہم شکار پر تیر پھینکتے ہیں فرمایا وہ چیز کہ رد کرے تجھپر تیرا یعنی شکار کرے تیرا تیر اُسکو پس کھا میں نے عرض کی کہ ہم صاحب سفر کے ہیں گذرتے ہیں پاس یہود اور نصاری اور مجوس کے سو نہیں پاتے ہم کوئی باسن سوائے باسنوں اُنکے کے فرمایا پس اگر نہ پاؤ سوا اُنکے باسنوں کے تو دھولو اُنکو پانی سے پھر کھاؤ اُنمیں اور پیو اور اس باب میں عدی بن حاتم سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے اور عائذ اللہ وہی ابو ادریس خولانی ہے **باب** مجوسی کے کتے کے شکار کا بیان **حدیث** کی ہمسے یوسف بن عیسی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے حجاج سے اُسنے قاسم بن ابی بزہ سے اُسنے سلیمان یشکری سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہا کہ منع کیے گئے ہم کھانے شکار کتے مجوسی کے سے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے اور عمل اسیر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے نہیں اجازت دیتے بیچ شکار کتے مجوسی کے اور قاسم بن ابی بزہ قاسم بن نافع مکی ہے **باب** باز کے شکار کا بیان **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی اور ہناد اور ابو عمار نے اُنھوں نے کہا حدیث کی ہمسے عیسی بن یونس نے مجالد سے اُسنے شعبی سے اُسنے عدی بن حاتم سے کہا کہ پوچھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے باز کے شکار کو فرمایا جو جانور کہ پکڑ رکھے تیرے لیے پس کھا اُسکو نہیں پہچانتے ہم اس حدیث کو مگر مجالد سے اُسنے شعبی سے

ـلہ معراض کہتے ہیں اُس تیر کو جسمین پر نہیں ہوتا اور چوڑا جاتا ہے اور لگتا ہے چوڑا۔ اور اتفاق رکھتے ہیں علما اسپر کہ جب شکار کرے ساتھ معراض کے پس قتل کرے شکار کو ساتھ تیزی اپنی کے تو حلال ہے اور اگر قتل کرے اسکو ساتھ چوڑان اپنی کے تو نہیں حلال وہ شکار کہ مارے اُسکو ساتھ بندقہ یعنی گولی اور غلہ کے اسلیے کہ وہ زخمی نہیں کرتا شکار کو اور اگر بندقہ ثقیلہ ہو جو کہ ہڈی کو توڑ ڈالے اور زخم نہ کرے تو وہ شکار حلال نہیں۔ لیکن اگر بندقہ ہلکا اور تیز ہو تو نہیں حرام کرتا ہے۔ اور بندوق کو بھی بعضوں نے بندقہ اور معراض میں داخل کیا ہے لیکن امام شوکانی نے لکھا ہے کہ بندوق کا شکار حلال ہے کہ جیسا اور گولی شکار کو زخمی کر دیتی ہے بلکہ چھیدتا تو شکار سے دوسری طرف نکلجاتا ہے ۱۲ ـعہ اُن برتنوں سے مراد وہ برتن ہیں کہ جنمیں خنزیر پکاتے اور شراب پیتے تھے۔ پس یہ امر وجوب کیلئے ہے ۱۲

العمل علی ھذا عند اھل العلم لایرون بصید البزاۃ والصقور بأسا وقال مجاھد البزاۃ والطیر الذی یصاد بہ من الجوارح الذی قال الله تعالیٰ وما علمتم من الجوارح فسر الکلاب والطیر الذی یصاد بہ وقد رخص بعض اھل العلم فی صید البازی وان اکل منہ وقالوا انما تعلیمہ اجابتہ وکرھہ بعضھم والفقہاء اکثرھم قالوا یاکل وان اکل منہ **باب** فی الرجل یرمی الصید فیغیب عنہ **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا ابوداؤد ثنا شعبۃ عن ابی بشر قال سمعت سعید بن جبیر یحدث عن عدی بن حاتم قال قلت یارسول الله ارمی الصید فاجد فیہ من الغد سھمی قال اذا علمت ان سھمک قتلہ ولم تر فیہ اثر سبع فکل ھذا حدیث حسن صحیح والعمل علی ھذا عند اھل العلم وروی شعبۃ ھذا الحدیث عن ابی بشر و عبد الملک بن میسرۃ عن سعید بن جبیر عن عدی بن حاتم وکلا الحدیثین صحیح وفی الباب عن ابی ثعلبۃ الخشنی **باب** فی من یرمی الصید فیجدہ میتا فی الماء **حدثنا** احمد بن منیع ثنا ابن المبارک قال اخبرنی عاصم الاحول عن الشعبی عن عدی بن حاتم قال سالت رسول الله صلی الله علیہ وسلم عن الصید فقال اذا رمیت بسھمک فاذکر اسم الله فان وجدتہ قد قتل فکل الا ان تجدہ قد وقع فی ماء فلا تاکل فانک لا تدری الماء قتلہ او سھمک ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان عن مجالد عن الشعبی عن عدی بن حاتم قال سالت رسول الله صلی الله علیہ وسلم عن صید الکلب المعلم قال اذا ارسلت کلبک المعلم وذکرت اسم الله فکل ما امسک علیک فان اکل فلا تاکل فانما امسک علی نفسہ قلت یارسول الله ارأیت ان خالطت کلابنا کلاب اخری قال انما ذکرت اسم الله علی کلبک ولم تذکر علی غیرہ قال سفیان کرہ لہ اکلہ والعمل علی ھذا عند بعض اصحاب النبی صلی الله علیہ وسلم وغیرھم فی الصید والذبیحۃ اذا وقعا فی الماء ان لا یاکل

اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے کہتے ہیں کہ باز اور شکرے سے شکار میں کچھ ڈر نہیں اور کہا مجاہد نے باز جانور پرندہ ہے کہ کہ شکار کیا جاتا ہے ساتھ اسکے جوارح میں سو جنکو خدا نے بیان فرمایا۔ اور وہ جو کہ سکھایا تم شکاری جانوروں سے تفسیر کیا اسکو ساتھ کتّے اور پرندے کے کہ شکار کیا جاوے ساتھ اسکے اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ باز کا شکار کھانا درست ہے اگرچہ کھالے اس سے اور کہتے ہیں کہ تعلیم اسکی اجابت اسکی ہے[۱] اور بعض کہتے ہیں کہ باز کا شکار مکروہ ہے۔ اور اکثر فقہا کہتے ہیں کہ کھالیوے اگرچہ کھایا ہو اس سے **باب** اگر کوئی شخص شکار کو تیر مارے اور شکار اس سے غائب ہو جاوے تو اسکا کیا حکم ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے ابوداؤد نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے ابو بشر سے اسنے کہا سنا میں نے سعید بن جبیر سے حدیث بیان کرتا تھا عدی بن حاتم سے کہا کہ کہا میں نے یا حضرت پھینکتا ہوں میں تیر شکار پر۔ پھر پاتا ہوں میں اسمیں اگلے دن تیر اپنا۔ فرمایا جب کہ جانے تو یہ کہ تیرے تیر نے قتل کیا اسکو اور نہ دیکھے تو اسمیں نشان کسی درندے کا۔ پس کھا یعنی اگر نشان درندے کا پاوے تو نہ کھا یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے اور روایت کی شعبہ نے یہ حدیث ابی بشر اور عبد الملک بن میسرہ سے اسنے سعید بن جبیر سے اسنے عدی بن حاتم سے اور دونوں حدیثیں صحیح ہیں اور اس باب میں ابی ثعلبہ خشنی سے بھی روایت ہے **باب** اگر کوئی شخص تیر مارے شکار کو پس اسکو مردہ پاوے پانی میں تو اسکو کھاوے یا نہیں **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے اسنے کہا خبر دی ہمکو عاصم احول نے شعبی سے اسنے عدی بن حاتم سے کہا کہ پوچھا میں نے نبی صلعم کو شکار سے پس فرمایا کہ جب پھینکے تو تیر اپنا تو ذکر کر نام اللہ کا سو اگر پاوے تو شکار کو اس حال میں کہ قتل کیا گیا تو کھا مگر یہ کہ پاوے تو اسکو اس حال میں کہ واقع ہوا پانی میں پس نہ کھا اسلیے کہ نہیں جانتا تو کہ پانی نے قتل کیا اسکو یا تیرے تیر نے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے مجالد سے اسنے شعبی سے اسنے عدی بن حاتم سے کہا پوچھا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو شکار کتے سکھائے ہوئے کے سے فرمایا جب کہ چھوڑے تو اپنے کتے معلم کو یعنی ارادہ کر کے چھوڑے شکار کے لیے اور ذکر کرے نام اللہ کا اوپر اسکے تو کھا وہ شکار کہ پکڑ رکھے کتا تیرے لیے پس اگر کھاوے کتا اسمیں سے تو نہ کھا سوا اسکے نہیں کہ بند رکھا کتے نے اس شکار کو اپنے لیے میں نے عرض کی کہ یا حضرت بھلا بتلائیے کہ اگر ہمارے کتوں کے ساتھ اور کتے شریک ہوں فرمایا سوا اسکے نہیں کہ ذکر کیا تو نے نام اللہ کا اوپر کتے اپنے کے اور نہیں ذکر کیا تو نے اوپر غیر اسکے پس وہ شکار درست نہیں کہا سفیان نے مکروہ ہے کھانا اسکا اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اصحاب نبی صلعم اور سوا انکے کے بیچ حکم شکار کے اور ذبح کیے ہوئے جانور کے جبکہ گر پڑیں پانی میں یہ کہ نہ کھاوے اسکو

[۱] اور علامت تعلیم کی یہی ہے کہ بلانے سے آوے اور ذی مخلب کی علامت یہ ہے کہ بلانے سے چلا آوے اور شکار کو پکڑ کر چھوڑ دینے میں یہ ہے کہ تین بار شکار کو پکڑ کر چھوڑ دے کھا کر سے نہیں اور ذی مخلب کی علامت یہ ہے کہ پھر آوے جبکہ بلایا جاوے ۱۲

وقال بعضهم فی الذبیحة اذا قطع الحلقوم فوقع فی الماء فمات فیه فانه یؤکل وهو قول ابن المبارک وقد اختلف اهل العلم فی الکلب اذا اکل من الصید فقال اکثر اهل العلم اذا اکل الکلب منه فلا یاکل وهو قول سفیان وعبد الله بن المبارک والشافعی واحمد واسحٰق وقد رخص بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم فی الاکل منه وان اکل الکلب منه **باب** ما جاء فی الصید المعراض **حدثنا** یوسف بن عیسیٰ ثنا وکیع ثنا زکریا عن الشعبی عن عدی بن حاتم قال سالت النبی صلی الله علیه وسلم عن صید المعراض فقال ما اصبت بحده فکل وما اصبت بعرضه فهو وقید **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان عن زکریا عن الشعبی عن عدی بن حاتم عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه هذا حدیث صحیح والعمل علی هذا عند اهل العلم **باب** فی الذبح بالمروة **حدثنا** محمد بن یحییٰ ثنا عبد الاعلیٰ عن سعید عن قتادة عن الشعبی عن جابر بن عبد الله ان رجلا من قومه صاد ارنبا او اثنتین فذبحهما بمروة فتعلقهما حتی لقی رسول الله صلی الله علیه وسلم فسأله فامره باکلهما وفی الباب عن محمد بن صفوان ورافع وعدی بن حاتم وقد رخص بعض اهل العلم فی ان یذکی بمروة ولم یروا باکل الارنب باسا وهو قول اکثر اهل العلم وقد کره بعضهم اکل الارنب واختلف اصحاب الشعبی فی روایة هذا الحدیث فروی داؤد بن ابی هند عن الشعبی عن محمد بن صفوان وروی عاصم الاحول عن الشعبی عن صفوان بن محمد او محمد بن صفوان ومحمد بن صفوان اصح وروی جابر جعفی عن الشعبی عن جابر بن عبد الله نحو حدیث قتادة عن الشعبی ویحتمل ان یکون الشعبی روی عنهما جمیعا قال محمد وحدیث الشعبی عن جابر غیر محفوظ **باب** ما جاء فی کراهیة اکل المصبورة **حدثنا** ابو کریب ثنا عبد الرحیم بن سلیمان عن ابی ایوب الافریقی عن صفوان بن سلیم عن سعید بن المسیب عن ابی الدرداء قال نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن اکل المجثمة وهی التی تصبر بالنبل وفی الباب عن عرباض بن ساریة وانس وابن عمر وابن عباس وجابر وابی هریرة وحدیث ابی الدرداء حدیث غریب **حدثنا**

اور کہا بعض نے بیچ حق ذبیحہ کے کہ جب کاٹا جاوے حلقوم اسکا پس گر پڑے پانی میں اور مرجاوے اسمیں تو کھایا جاوے گا اور یہ قول ابن مبارک کا ہے اور تحقیق اختلاف کیا ہے اہل علم نے بیچ حکم کتے کے جبکہ کھالیوے شکار سے سو اکثر اہل علم کہتے ہیں کہ جب کتا اس سے کھالیوے تو نہ کھاوے اُس سے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور عبداللہ بن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا اور بعض اہل علم نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ اُس سے کھانا درست ہے اگرچہ کھالیا ہو اُس سے کتے نے **باب** تیر بے پر کے شکار کا بیان **حدیث** کی ہمسے یوسف بن عیسیٰ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے زکریا نے شعبی سے اُسنے عدی بن حاتم سے کہا کہ پوچھا میں نے نبی صلعم کو تیر بے پر کے شکار سے فرمایا جو شکار کہ زخمی کرے تو اسکو ساتھ بھال اور نیز سے کے پس کھالے اور جو شکار کہ ہو نیچے تو اسکو ساتھ چوڑان اُسکے کے تو وہ وقید ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زکریا سے اُسنے شعبی سے اُسنے عدی بن حاتم سے اُسنے نبی صلعم سے مثل اسکے یہ حدیث صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے **باب** پتھر سے ذبح کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحییٰ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الاعلیٰ نے سعید سے اُسنے قتادہ سے اُسنے شعبی سے اُسنے جابر بن عبداللہ سے کہ تحقیق ایک شخص نے قوم اُسکی سے شکار کیا ایک خرگوش یا دو کا پس حلال کیا اُنکو ساتھ پتھر کے پس لٹکایا اُنکو یہاں تک کہ ملا نبی صلعم سے سو پوچھا اُسنے آپ سے سو حکم کیا آپ نے ساتھ کھانے اُنکے کے اور اس باب میں محمد بن صفوان اور رافع اور عدی بن حاتم سے بھی روایت ہے اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ پتھر کے ساتھ ذبح کرنے میں کچھ ڈر نہیں اور کہتے ہیں کہ خرگوش کے کھانے میں کچھ ڈر نہیں اور یہی ہے قول اکثر اہل علم کا اور بعضے کہتے ہیں کہ خرگوش کا کھانا مکروہ ہے اور اختلاف کیا ہے اصحاب شعبی نے بیچ روایت اس حدیث کے پس روایت کی داؤد بن ابی ہند نے شعبی سے اُسنے محمد بن صفوان سے اور روایت کی عاصم نے شعبی سے اُسنے صفوان بن محمد سے یا محمد بن صفوان سے اور محمد بن صفوان زیادہ صحیح ہے اور روایت کی جابر جعفی نے شعبی سے اُسنے جابر سے مانند حدیث قتادہ کے شعبی سے اور احتمال ہے کہ شعبی نے یہ حدیث دونوں سے روایت کی ہو بخاری نے کہا کہ حدیث شعبی کی اُسنے جابر سے محفوظ نہیں **باب** جو جانور کہ نشانہ ٹھہرا کر مارا گیا ہو اُسکا کھانا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحیم بن سلیمان نے ابو ایوب افریقی سے اُسنے صفوان بن سلیم سے اُسنے سعید بن مسیب سے اُسنے ابی درداء سے کہا کہ منع فرمایا نبی صلعم نے کھانے مجثمہ سے مجثمہ وہ جانور ہے کہ باندھا جاوے اور نشانہ ٹھہرا کر تیر سے ماریں اور اس باب میں عرباض بن ساریہ اور انس اور ابن عمر اور ابن عباس اور جابر اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے اور ابی درداء کی حدیث غریب ہے **حدیث** کی ہمسے

ف اتفاق رکھتے ہیں علما اسپر کہ جب شکار کرے ساتھ معراض کے پس قتل کرے شکار کو ساتھ تیزی اپنے کے تو حلال ہے اور اگر قتل کرے اسکو ساتھ چوڑائی اپنی کے تو نہیں حلال ہے اسیطرح اگر پھینکے شکار پر چھری یا تلوار اگر لگے اسکے تیزی کی رخ سے تو حلال ہے ورنہ حلال نہیں اور یہی ہے حکم پتھر بھاری اور ڈھیلے کا یہ بھی معلوم ہو کہ اگر قتل کرے شکار کو

محمد بن یحیی وغیر واحد قالوا ثنا ابو عاصم عن وهب بن ابی خالد قال حدثتنی ام حبیبة بنت العرباض بن ساریة عن ابیها ان رسول الله صلی الله علیه وسلم نهی یوم خیبر عن کل ذی ناب من السباع وعن کل ذی مخلب من الطیر وعن لحوم الحمر الاهلیة وعن المجثمة وعن الخلیسة وان توطاء الحبالی حتی یضعن ما فی بطونهن قال محمد بن یحیی هو القطعی سئل ابو عاصم عن المجثمة فقال ان ینصب الطیر او الشیء فیرمی وسئل عن الخلیسة فقال الذئب او السبع یدرکه الرجل فیاخذ منه فیموت فی یده قبل ان یذکیها **حدثنا** محمد بن عبد الاعلی ثنا عبد الرزاق عن الثوری عن سماک عن عکرمة عن ابن عباس قال نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم ان یتخذ شیء فیه الروح غرضا هذا حدیث حسن صحیح **باب فی ذکوة الجنین** **حدثنا** محمد بن بشار ثنا یحیی بن سعید عن مجالد ح وثنا سفیان بن وکیع ثنا حفص بن غیاث عن مجالد عن ابی الوداک عن ابی سعید عن النبی صلی الله علیه وسلم قال ذکوة الجنین ذکوة امه وفی الباب عن جابر وابی امامة وابی الدرداء وابی هریرة وهذا حدیث حسن وقد روی من غیر هذا الوجه عن ابی سعید والعمل علی هذا عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم وهو قول سفیان وابن المبارک والشافعی واحمد واسحق وابو الوداک اسمه جبر بن نوف **باب فی کراهیة کل ذی ناب وذی مخلب** **حدثنا** احمد بن الحسن ثنا عبد الله بن مسلمة عن مالک بن انس عن ابن شهاب عن ابی ادریس الخولانی عن ابی ثعلبة الخشنی قال نهی رسول الله صلی الله علیه وسلم عن کل ذی ناب من السباع **حدثنا** سعید بن عبد الرحمن وغیر واحد قالوا ثنا سفیان عن الزهری بهذا الاسناد نحوه هذا حدیث حسن صحیح وابو ادریس الخولانی اسمه عائذ الله بن عبد الله **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا ابو النضر ثنا عکرمة بن عمار عن یحیی بن ابی کثیر عن ابی سلمة عن جابر

محمد بن یحیی وغیرہ نے انھوں نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عاصم نے وہب بن ابی خالد سے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ام حبیبہ بنت عرباض بن ساریہ نے اپنے باپ سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خیبر (سال فتح خیبر) کے دن منع فرمایا ہر کچلیے (دانت) والے کھانے سے درندوں میں سے اور منع فرمایا کھانے ہر پنجہ والے کے سے پرندوں میں سے یعنی جو شکار کرتا ہے پنجہ سے مانند باز اور چرغ وغیرہ کے اور منع فرمایا کھانے گوشت گھریلیے گدھوں سے (نہ گورخر سے) اور منع فرمایا مجثمہ سے اور منع فرمایا اُس جانور کے کھانے سے جو چھین لیا جاوے درندہ سے اور مر جاوے پہلے ذبح کرنیکے اور منع فرمایا صحبت کرنی لونڈی جہاد میں کی پکڑی ہوئی سے اس حالت میں کہ ہو وہ حاملہ یہانتک کہ جنے کہا محمد بن یحیی قطعی نے کہ پوچھے گئے ابو عاصم مجثمہ کے معنے سے پس کہا مجثمہ اُسکو کہتے ہیں کہ ٹھہرایا جاوے پرندہ یا اور چیز یعنی چرندہ پھر تیر سے مارا جاوے۔ اور پوچھے گئے ابو عاصم معنے خلیسہ کی سے پس کہا بھیڑیے یا کسی اور درندہ نے پکڑ لیا ہو کسی جانور کو اور پاوے اُسکو کوئی پس چھین لیوے اُس سے وہ جانور پھر مر جاوے اُسکے ہاتھوں میں پہلے ذبح کرنے اُسکے سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد الاعلی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے ثوری سے اُسنے سماک سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا کہ منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے کہ ٹھہرایا جاوے نشانہ اُس چیز کو کہ اُسمیں روح ہو یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** پیٹ کے بچے کے ذبح ہونے کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو یحیی بن سعید نے مجالد سے ح اور حدیث کی ہمسے سفیان بن وکیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن غیاث نے مجالد سے اُسنے ابی وداک سے اُسنے ابی سعید سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا ذبح کرنا بچہ کا ماں کے پیٹ میں ہے ذبح کرنا ماں اسکی کا۔ (یعنی ماں کے ذبح ہونے سے اگر پیٹ میں بچہ ہو تو وہ بھی ذبح ہو جاتا ہے) اور اس باب میں جابر اور ابی امامہ اور ابی درداء اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن ہے اور تحقیق روایت کی گئی ہے غیر اسوجہ سے ابی سعید سے بھی اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے اور یہی ہے قول سفیان اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا ابو وداک کا نام جبیر بن نوف ہے **باب** کچلیے دانت والے درندے اور پنجہ والے پرندے کا کھانا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن حسن نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مسلمہ نے مالک بن انس سے اسنے روایت کی ابن شہاب سے اُسنے ابی ادریس خولانی سے اُسنے ابی ثعلبہ خشنی سے کہا کہ منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانے کچلیے دانت والے درندہ کے سے **حدیث** کی ہمسے سعید بن عبد الرحمن وغیرہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان ابن عیینہ نے زہری سے ساتھ اسی اسناد کے مانند اسکے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو ادریس خولانی کا نام عائذ اللہ بن عبد اللہ ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو النضر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عکرمہ بن عمار نے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ابی سلمہ سے اسنے جابر سے

قال حرّم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی یوم خیبر الحمر الانسیۃ ولحوم البغال وکل ذی ناب من السباع وذی مخلب
من الطیر وفی الباب عن ابی ھریرۃ وعرباض بن ساریۃ وابن عباس وحدیث جابر حدیث حسن غریب **حدثنا**
قتیبۃ ثنا عبد العزیز بن محمد عن محمد بن عمرو عن ابی سلمۃ عن ابی ھریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم حرّم کل
ذی ناب من السباع ھذا حدیث حسن والعمل علی ھذا عند اکثر اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم
وغیرھم وھو قول عبد اللہ بن المبارک والشافعی واحمد واسحق **باب** ماجاء ما قطع من الحی فھو میت **حدثنا**
محمد بن عبد الاعلی الصنعانی ثنا سلمۃ بن رجاء ثنا عبد الرحمن بن عبد اللہ بن دینار عن زید بن اسلم عن
عطاء بن یسار عن ابی واقد اللیثی قال قدم النبی صلی اللہ علیہ وسلم المدینۃ وھم یجبون اسنمۃ الابل ویقطعون الیات
الغنم فقال ما یقطع من البھیمۃ وھی حیۃ فھو میتۃ **حدثنا** ابراھیم بن یعقوب ثنا ابو النضر عن عبد الرحمن بن
عبد اللہ بن دینار نحوہ ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث زید بن اسلم والعمل علی ھذا عند اھل العلم وابو
واقد اللیثی اسمہ الحارث بن عوف **باب** فی الزکوۃ فی الحلق واللبۃ **حدثنا** ھناد ومحمد بن العلاء قالا ثنا
وکیع عن حماد بن سلمۃ ح وثنا احمد بن منیع ثنا یزید بن ھارون ثنا حماد بن سلمۃ عن ابی العشراء عن ابیہ قال قلت
یا رسول اللہ اما تکون الزکوۃ الا فی الحلق واللبۃ قال لو طعنت فی فخذھا لاجزاء عنک قال احمد بن منیع قال یزید
بن ھارون ھذا فی الضرورۃ وفی الباب عن رافع بن خدیج وھذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من حدیث حماد بن سلمۃ

کہا کہ حرام کیا نبی صلعم نے یعنی دن خیبر کے گدھے گھر کے پلے ہوے ہوں اور حرام کیا خچر کے گوشت کو اور حرام کیا ہر کچلی والے کو درندوں
میں سے اور ہر پنجہ والے کو پرندوں میں سے اور اس باب میں ابی ہریرہ اور عرباض بن ساریہ اور ابن عباس سے بھی روایت ہے اور جابر کی حدیث حسن غریب
حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے محمد بن عمرو سے اسنے ابی سلمہ سے اسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ تحقیق حرام
کیا نبی صلعم نے ہر کچلی والے کو درندوں میں سے یہ حدیث حسن ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے اور
یہی ہے قول عبد اللہ بن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا **باب** جو چیز کہ کاٹی جاوے زندہ جانور سے پس وہ مردار ہے **حدیث**
کی ہمسے محمد بن عبد الاعلی صنعانی نے اسنے کہا حدیث کی ہمکو سلمہ بن رجاء نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن عبد اللہ بن دینار نے زید بن
اسلم سے اسنے عطاء بن یسار سے اسنے ابی واقد لیثی سے کہ تشریف لائے نبی صلعم مدینہ میں یعنی مکہ سے ہجرت کرکے اسحال میں کہ مدینہ والے
کاٹ لیا کرتے تھے کوہان اونٹوں کی اور کاٹ لیتے تھے چکتیاں دنبوں کی کھانے کے لیے پس فرمایا نبی صلعم نے جو چیز کہ کاٹی جاوے جانور سے
اسحال میں کہ جانور زندہ ہے تو وہ چیز مردار ہے **حدیث** کی ہمسے ابراہیم بن یعقوب نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو النضر نے عبد الرحمن
بن عبد اللہ بن دینار سے مانند اسکے یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث زید بن اسلم سے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے اور
ابو واقد کا نام حارث بن عوف ہے **باب** حلق اور لبہ میں ذبح کرنیکا بیان **حدیث** کی ہمسے ہناد اور محمد بن علاء نے ان دونوں نے کہا حدیث کی
ہمسے وکیع نے حماد بن سلمہ سے ح اور حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن
سلمہ نے ابی عشراء سے اسنے اپنے باپ سے کہا کہ عرض کی میں نے نبی صلعم سے کہ کیا نہیں ہوتا ذبح مگر بیچ حلق اور سر سینہ کے۔ پس فرمایا اگر زخم
لگاوے تو شکار کی ران میں تو البتہ کفایت کریگا تجھسے۔ کہا احمد بن منیع نے کہا یزید بن ہارون نے کہ یہ ذبح کرنا حالت ضرورت میں ہے اور اس
باب میں رافع بن خدیج سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث حماد بن سلمہ سے

لہ ذبح دو قسم پر ہے اختیاری اور اضطراری۔ اختیاری یہ ہے کہ ذبح کرے بیچ حلق اور لبہ کے اور کاٹے رگوں کو یا نحر کرے نیزہ وغیرہ کے مارنے سے سینہ
میں۔ اور اضطراری سا تھ زخمی کرنے کے ہے جس جگہ ہو جیسے کہ شکار کو تیر مارتا ہے۔ مثلاً کوئی جانور کوئیں میں گر پڑے اور نکالنا اسکا ممکن نہو وے یا جانور
بھاگ جاوے اور پکڑنا اسکا ممکن نہو تو ان سب صورتوں میں اگر شکار کو تیر سے مارے اور وہ مر جاوے تو حلال ہے کھانا اسکا ۱۲ ع۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس
قول سے معلوم ہوا کہ جو عضو جانور زندہ سے کاٹ لیا جاوے تو وہ مردار ہے اور اسکا کھانا درست نہیں ہے ۱۲ محمد اسحاق محدث دہلوی عہ ابو واقد لیثی
صحابی ہیں نام انکا حارث بن مالک ہے۔ اور بقول بعض حارث بن عوف ہے۔ وفات آپکی ۶۸ھ میں بعمر پچاسی سال کے ہوئی ۱۲ المصحح سلیم اللہ۔

ولا نعرف لابی العشرآء عن ابیہ غیر ھذا الحدیث واختلفوا فی اسم ابی العشرآء فقال بعضھم اسمہ اسامۃ بن قھطم ویقال یسار بن برز ویقال ابن بلز ویقال اسمہ عطارد **باب** فی قتل الوزغ **حدثنا** ابوکریب ثنا وکیع عن سفیان عن سھیل بن ابی صالح عن ابیہ عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من قتل وزغۃ بالضربۃ الاولی کان لہ کذا وکذا حسنۃ فان قتلھا فی الضربۃ الثانیۃ کان لہ کذا وکذا حسنۃ فان قتلھا فی الضربۃ الثالثۃ کان لہ کذا وکذا حسنۃ وفی الباب عن ابن مسعود وسعد وعائشۃ وام شریک وحدیث ابی ھریرۃ حدیث حسن صحیح **باب** فی قتل الحیات **حدثنا** قتیبۃ ثنا اللیث عن ابن شھاب عن سالم بن عبد اللہ عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اقتلوا الحیات واقتلوا ذا الطفیتین والابتر فانھما یلتمسان البصر ویسقطان الحبل وفی الباب عن ابن مسعود وعائشۃ وابی ھریرۃ وسھل بن سعد وھذا حدیث حسن صحیح وقد روی عن ابن عمر عن ابی لبابۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم نھی بعد ذلک عن قتل جنان البیوت وھی العوامر ویروی عن ابن عمر عن زید بن الخطاب ایضا وقال عبد اللہ بن المبارک انما یکرہ من قتل الحیات الحیۃ التی تکون دقیقۃ کانھا فضۃ ولا تلتوی فی مشیتھا **حدثنا** ھناد ثنا عبدۃ عن عبید اللہ بن عمر عن صیفی عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لبیوتکم عمارا فحرجوا علیھن ثلثا فان بدا لکم بعد ذلک منھن شیء فاقتلوہ ھکذا روی عبید اللہ بن عمر ھذا الحدیث عن صیفی عن ابی سعید

اور نہین پہچانتے ہم واسطے ابی العشرا[1] کے باپ اسکے سے سوا اس حدیث کے اور ابی عشرا کے نام مین اختلاف ہی سو بعضے کہتے ہین کہ نام اُسکا اسامہ بن قہطم ہے اور بعضے کہتے ہین کہ نام اُسکا یسار ہے ابن بلز ہی اور بعضے کہتے ہین نام اسکا عطارد ہے **باب** گرگٹ کے قتل کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے ابوکریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اُسنے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو کوئی قتل کرے گرگٹ کو اول چوٹ مین ہوتی ہین اُسکے لیے ایسی اور ایسی نیکیان اور اگر قتل کرے اُسکو دوسری چوٹ مین تو ہوتی ہین واسطے اُسکے ایسی اور ایسی نیکیان یعنی اول سے کم۔ اور اگر قتل کرے اُسکو تیسری چوٹ مین سو ہوتی ہین اُسکے لیے ایسی ایسی نیکیان یعنی دوسری بار سے کم۔ اور اس باب مین ابن مسعود اور سعد اور عائشہ اور ام شریک سے بھی روایت ہی اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے **باب** سانپ کے قتل کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے اُسنے سالم بن عبد اللہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا قتل کرو سانپون کو۔ اور قتل کرو اُس سانپ کو کہ جسکی پشت پر دو خط ہون اور قتل کرو اس سانپ کو کہ نام اُسکا ابتر ہے یعنی اُسکی دُم چھوٹی ہوتی ہے مشابہ کٹی دُم کے پس تحقیق یہ دونون سانپ اندھا کر دیتے ہین بینائی کو یعنی بمجرد دیکھنے اُنکے کے آدمی اندھا ہو جاتا ہی بسبب خاصیت زہر کے کہ اُنمین رکھی گئی ہی اور گرا دیتے ہین حمل کو یعنی اگر حاملہ عورت اُسکو دیکھے تو حمل اُسکا گر پڑے بوجہ خوف کے یا بسبب خاصیت زہر کے) اور اس باب مین ابن مسعود اور عائشہ اور ابی ہریرہ اور سہل بن سعد سے بھی روایت ہی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی۔ اور تحقیق روایت کی گئی ہی ابن عمر سے اُسنے ابی لبابہ سے کہ نبی صلعم نے منع فرمایا ہی بعد حکم کرنے کے مارنے گھر کے رہنے والے سانپون سے۔ اور وہ ہین آباد کرنیوالے یعنی گھر اُنکو ہمیشہ آباد رکھتے ہین اور اُنکی عمر بڑی ہوتی ہی۔ اور ابن عمر سے مروی ہی اُسنے روایت کی زید بن خطاب سے بھی اور کہا عبد اللہ بن مبارک نے سوا اسکے نہین کہ سانپون مین سے اُس سانپ کا قتل کرنا مکروہ ہی جو کہ باریک ہو اور سفید ہو گویا کہ وہ چاندی ہی اور نہین پیچ کرتا وہ بیچ چلنے اپنے کے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے صیفی سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ تحقیق تمہارے گھرون کے لیے آباد کرنیوالے ہین یعنی اُنمین جن رہتے ہین مومن اور کافر پس تنگی پکڑو تم اُنپر تین بار یا تین روز پس اگر ظاہر ہو واسطے تمہارے بعد اسکے اُنمین سے کوئی چیز تو مار ڈالو اُنکو اسیطرح روایت کی عبید اللہ بن عمر نے یہ حدیث صیفی سے اُسنے ابی سعید خدری سے

[1] ابو العشرا بعدا مہملہ اول مضموم ثانی معجمہ مفتوح ثالث را مہملہ۔ نام اُنکا اسامہ بن مالک بن قہطم ہے۔ یا عطارد۔ یا یسار۔ یا سنان بن برز۔ یا بلز۔ یا بلال بن یسار ایک اعرابی شخص ہین ۱۲ کذا فی التقریب۔ سلیم اللہ عفی عنہ اسمین رغبت دلائی اور جلدی مارنے اسکے۔ اور اسکے مارنے کا حکم اسواسطے فرمایا کہ وہ حضرت ابراہیم پر آگ پھونکتا تھا۔ یا یہ کہ یہ جانور زہریلا اور موذی ہے ۱۲

وروی مالک بن انس هذا الحدیث عن صیفی عن ابی السائب مولی هشام بن زهرة عن ابی سعید وفی الحدیث قصة **حدثنا** بذالک الانصاری ثنا معن ثنا مالک وهذا اصح من حدیث عبید الله بن عمر وروی محمد بن عجلان عن صیفی نحو روایة مالک **حدثنا** هناد ثنا ابن ابی زائدة ثنا ابن ابی لیلی عن ثابت البنانی عن عبد الرحمن بن ابی لیلی قال قال ابو لیلی قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا ظهرت الحیة فی المسکن فقولوا لها انا نسالک بعهد نوح وبعهد سلیمان بن داؤد ان لا تؤذینا فان عادت فاقتلوها هذا حدیث حسن غریب لا نعرفه من حدیث ثابت البنانی الا من هذا الوجه من حدیث ابن ابی لیلی **باب** ما جاء فی قتل الکلاب **حدثنا** احمد بن منیع ثنا هشیم ثنا منصور بن زاذان ویونس عن الحسن عن عبد الله بن مغفل قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لو لا ان الکلاب امة من الامم لامرت بقتلها کلها فاقتلوا منها کل اسود بهیم وفی الباب عن ابن عمر وجابر وابی رافع وابی ایوب وحدیث عبد الله بن مغفل حدیث حسن صحیح ویروی فی بعض الحدیث ان الکلب الاسود البهیم شیطان والکلب الاسود البهیم الذی لا یکون فیه شیء من البیاض وقد کره بعض اهل العلم صید الکلب الاسود البهیم **باب** من امسک کلبا ما ینقص من اجره **حدثنا** احمد بن منیع ثنا اسمعیل بن ابراهیم عن ایوب عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من اقتنی کلبا او اتخذ کلبا لیس بضار ولا کلب ماشیة نقص من اجره کل یوم قیراطان

اور روایت کی مالک بن انس نے یہ حدیث صیفی سے اُسنے ابی سائب مولی ہشام بن زہرہ سے اُسنے ابی سعید سے اور اس حدیث میں قصہ ہے حدیث کی ہمکو ساتھ اسکے انصاری نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معن نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے اور وہ زیادہ صحیح ہے حدیث عبید اللہ بن عمر سے اور روایت کی محمد بن عجلان نے صیفی سے مانند روایت مالک کے حدیث کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی زائدہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی لیلی نے ثابت بنانی سے اُسنے روایت کی عبد الرحمن بن ابی لیلی سے کہا کہ ابو لیلی نے کہا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب ظاہر ہو سانپ بیچ گھر کے سو کہو تم کہ ہم سوال کرتے ہیں تجھسے ساتھ عہد نوح کے اور ساتھ عہد سلیمان بن داؤد کے یہ کہ نہ ایذا دے تو ہمکو اور اگر پھر ظاہر ہو تو مار ڈالو اُسکو یہ حدیث غریب حسن ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے یعنی حدیث ابن ابی لیلی سے **باب** کتون کے قتل کرنے کا بیان حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہشیم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے منصور بن زاذان اور یونس نے حسن سے اُسنے عبد اللہ بن مغفل سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ اگر نہوتی یہ بات کہ کتے ایک امت ہیں امتوں میں سے تو البتہ حکم کرتا میں ساتھ قتل کرنے اُن سب کے۔ پس قتل کرو اُنمیں سے ہر کتے سیاہ خالص کو اور اس باب میں ابن عمر اور جابر اور ابی رافع اور ابی ایوب سے بھی روایت ہے اور حدیث عبد اللہ بن مغفل کی حسن صحیح ہے اور بعض حدیثوں میں مروی ہے کہ کتا سیاہ خالص شیطان ہے۔ اور سیاہ خالص وہ کتا ہے جسمیں کوئی چیز سفید نہو اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ خالص سیاہ کتے کا شکار مکروہ ہے **باب** اگر کوئی شخص کتا پالے تو اُسکی نیکیاں کسقدر کم ہوتی ہیں حدیث کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن ابراہیم نے ایوب سے اُسنے روایت کی نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ رکھے کتا یا پالے کتا سوائے کتے شکار کے اور مویشی کے تو کم ہوتا ہے ثواب اُسکے سے ہر روز موافق دو قیراط کے

لہ کہا نووی نے کہ اتفاق رکھتے ہیں علما اوپر قتل کرنے کتے عقور کے یعنی کٹ کھنے کے اگرچہ سیاہ نہو اور اختلاف رکھتے ہیں اس کتے میں کہ نہیں ضرر اسمیں امام الحرمین نے کہا کہ پہلے حضرت صلعم نے سب کتون کے مارنے کا حکم دیا تھا پھر نسخ کیا گیا یہ حکم سوائے کتے سیاہ رنگ کے ۱۲ منہ یعنی یہ بھی ایک مخلوق خدا کی ہے مانند اور مخلوق کے پس اسکو بالکل فنا کرنا درست نہیں اسلیئے کہ کوئی مخلوق خدا کی نہیں مگر کہ اسمیں ایک طرح کی حکمت ہے اور مصلحت۔ پس جب نہوئی طرف مارنے اسکے کے راہ تو پس قتل کرو انکی خراب قسم کو کہ وہ سیاہ ہے اور ایذا بہت پہنچاتی ہے بسبب اسکے کہ بدتر ہوتا ہے نگہبانی میں اور دور تر ہوتا ہے شکار سے حتےکہ امام احمد اور اسحاق نے کہا کہ نہیں حلال ہے شکار کتے سیاہ رنگ کا ۱۲ ح ربع سے قیراط آدھے دانگ کو کہتے ہیں اور مراد یہاں ایک مقدار معلوم ہے نزدیک اللہ تعالیٰ کے اور ثواب کم ہونے کی نسبت میں اختلاف ہے بعضے کہتے ہیں کہ وہاں فرشتے رحمت کے نہیں آتے ہیں۔ اور بعضوں نے کہا کہ وہ لوگوں کو ایذا پہنچاتے ہیں۔ اور بعضوں نے کہا کہ وہ غفلت کے وقت برتنوں میں منہ ڈالدیتے ہیں۔ اور لوگ انکو نہیں دھوتے ۱۲ منہ حضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے جو کتے کے پالنے یا پکڑنے کو فرمایا ہے دونوں کے ایک ہی ہیں صرف فرق اعتباری ہے۔ غرض پالنے سے ہے ۱۲-

فی الباب عن عبداللہ بن المغفل وابی ھریرۃ وسفیان بن ابی زھیر وحدیث ابن عمر حدیث حسن صحیح وقد روی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال اوکلب زرع حدثنا قتیبۃ ثنا حماد بن زید عن عمرو بن دینار عن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم امر بقتل الکلاب الا کلب صید او کلب ماشیۃ قال قیل لہ ان اباھریرۃ یقول او کلب زرع فقال ان اباھریرۃ لہ زرع ھذا حدیث حسن صحیح حدثنا الحسن بن علی وغیر واحد قالوا ثنا عبد الرزاق ثنا معمر عن الزھری عن ابی سلمۃ بن عبد الرحمن عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من اتخذ کلبا الا کلب ماشیۃ او صید او زرع انتقص من اجرہ کل یوم قیراط ھذا حدیث حسن صحیح ویروی عن عطاء بن ابی رباح انہ رخص فی امساک الکلب وان کان للرجل شاۃ واحدۃ حدثنا بذلک اسحق بن منصور ثنا حجاج بن محمد عن ابن جریج عن عطاء بھذا حدثنا عبید بن اسباط بن محمد القرشی ثنا ابی عن الاعمش عن اسمعیل بن مسلم عن الحسن عن عبداللہ بن مغفل قال انی لممن یرفع اغصان الشجرۃ عن وجہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھو یخطب فقال لولا ان الکلاب امۃ من الامم لامرت بقتلھا فاقتلوا منھا کل اسود بھیم وما من اھل بیت یرتبطون کلبا الا نقص من عملھم کل یوم قیراط الا کلب صید او کلب حرث او کلب غنم ھذا حدیث حسن وقد روی ھذا الحدیث من غیر وجہ عن الحسن عن عبداللہ بن مغفل عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **باب** فی الذکاۃ بالقصب وغیرہ حدثنا ھناد ثنا ابو الاحوص عن سعید بن مسروق عن عبایۃ بن رفاعۃ بن رافع بن خدیج عن ابیہ عن جدہ رافع بن خدیج قال قلت یا رسول اللہ انا نلقی العدو غدا ولیست معنا مدی فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ما انھر الدم وذکر اسم اللہ علیہ فکلوا ما لم یکن سن او ظفر وساحدثکم عن ذلک

اور اس باب میں عبداللہ بن مغفل اور ابی ہریرہ اور سفیان بن ابی زہیر سے بھی روایت ہے اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی گئی ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا کہ یا کتا کھیتی کا یعنی اسکے بھی گناہ نہیں حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے عمرو بن دینار سے اُسنے روایت کی ابن عمر سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ساتھ قتل کرنے کتوں کے یعنی تمام کتوں کے سوا سے کتے شکاری کے یا کتے مویشی کے کہا کہ کہا گیا واسطے اُسکے کہ ابوہریرہ رض فرماتے ہیں یا کتے کھیتی کے سو ابن عمر نے کہا کہ ابوہریرہ کے لیے کھیتی ہے یعنی لفظ حدیث کا نہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے حسن بن علی وغیرہ نے انھوں نے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے اُسنے ابی سلمہ بن عبد الرحمن سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ جو شخص پالے کتا سوا سے کتے مویشی کے یا کتے شکاری کے یا کھیتی کے تو کم ہوتا ہی ثواب اُسکے سے ہر روز موافق ایک قیراط کے یہ حدیث حسن صحیح ہی اور روایت کیجاتی ہی عطاء ابن ابی رباح سے کہ رخصت دی اُسنے بیچ پالنے کتے کے اگرچہ ہو واسطے مرد کے ایک بکری حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے اسحق بن منصور نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حجاج بن محمد نے ابن جریج سے اُسنے عطا سے ساتھ اسکے حدیث کی ہمسے عبید بن اسباط بن محمد قرشی نے اُسنے کہا حدیث کی مجکو باپ میرے نے اعمش سے اُسنے روایت کی اسمعیل بن ابراہیم سے اُسنے حسن سے اُسنے عبداللہ بن مغفل سے کہا کہ تحقیق البتہ میں اُن لوگوں میں سے ہوں جو اُٹھاتے تھے ٹہنیاں درخت کی حضرت کے مُنھ سے اس حالت میں کہ آپ خطبہ پڑھتے تھے سو فرمایا کہ اگر نہوتی یہ بات کہ کتے ایک امت ہیں امتوں میں سے یعنی ایک مخلوق ہیں مخلوقات خدا سے تو البتہ حکم کرتا میں ساتھ قتل کرنے اُنکے کے پس قتل کرو اُنمیں سے ہر کتے سیاہ خالص کو اور نہیں کوئی گھر والے کہ پالیں کتے کو مگر کہ کم کیا جاتا ہی ثواب عمل اُنکے سے ہر روز ایک حصہ میں۔ مگر کتا شکاری یا کتا کھیتی کا یا کتا ریوڑ کا۔ یہ حدیث حسن ہی اور یہ حدیث کئی وجہ پر حسن سے مروی ہی اُسنے روایت کی عبداللہ بن مغفل سے اُسنے نبی صلعم سے **باب** کھپاچ وغیرہ سے ذبح کرنے کا بیان حدیث کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے سعید بن مسروق سے اُسنے روایت کی عبایہ بن رفاعہ بن رافع بن خدیج سے اُسنے اپنے باپ رفاعہ سے اُسنے اُسکے دادا رافع سے کہا کہ کہا میں نے یا حضرت ہم ملتے ہیں دشمنوں سے یعنی کفار سے لڑتے ہیں اور نہیں ہوتیں ساتھ ہمارے چھریاں پس کس چیز سے ذبح کریں ہم فرمایا جو چیز کہ بہا دے خون کو اور ذکر کیا جاوے نام اللہ کا اسپر پس کھاؤ یعنی جائز ہے کھانا اُس جانور کا کہ ذبح کیا جاوے ایسی چیز سے کہ بہا دے خون کو خواہ لوہا ہو یا اور کچھ اسپر اتفاق ہے سب علما کا سوا اسکے دانت اور ناخن کے۔ اور قریب ہے کہ بیان کروں گا میں تمسے حال ہر ایک چیز کا۔

اما السن فعظم واما الظفر فمدی الجبشۃ **حدثنا** محمد بن بشار ثنا یحیی بن سعید عن سفیان الثوری قال ثنی ابی عن عبایۃ بن رفاعۃ عن رافع بن خدیج عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ ولم یذکر فیہ عن عبایۃ عن ابیہ وھذا اصح وعبایۃ قد سمع من رافع والعمل علی ھذا عند اھل العلم لا یرون ان یذکی بسن ولا بعظم **باب حدثنا** ھناد ثنا ابو الاحوص عن سعید بن مسروق عن عبایۃ بن رفاعۃ بن رافع بن خدیج عن ابیہ عن جدہ رافع قال کنا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی سفر فند بعیر من ابل القوم ولم یکن معھم خیل فرماہ رجل بسھم فحبسہ اللہ فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان ھذہ البھائم اوابد کاوابد الوحش فما فعل منھا ھذا فافعلوا بہ ھکذا **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا وکیع ثنا سفیان عن ابیہ عن عبایۃ بن رفاعۃ عن جدہ رافع بن خدیج عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ ولم یذکر فیہ عبایۃ عن ابیہ وھذا اصح والعمل علی ھذا عند اھل العلم وھکذا رواہ شعبۃ عن سعید بن مسروق من روایۃ سفیان **اخر ابواب الصید ابواب الاضاحی** عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **باب** ما جاء فی فضل الاضحیۃ **حدثنا** ابو عمرو مسلم بن عمرو الحذاء المدینی ثنی عبد اللہ بن نافع الصائغ عن ابی المثنی عن ھشام بن عروۃ عن ابیہ عن عائشۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ما عمل ادمی من عمل یوم النحر احب الی اللہ من اھراق الدم انہ لیاتی یوم القیمۃ بقرونھا واشعارھا واظلافھا وان الدم لیقع من اللہ بمکان قبل ان یقع من الارض فطیبوا بھا نفسا وفی الباب عن عمران بن حصین وزید بن ارقم وھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ من حدیث ھشام بن عروۃ الا من ھذا الوجہ وابو المثنی اسمہ سلیمان بن یزید

لیکن دانت پس ہڈی ہے اور لیکن ناخن پس چھریاں ہیں حبشیوں کی یعنی اُن سے ذبح کرنا درست نہیں کہ اسمیں کفار کے ساتھ مشابہت لازم آتی ہے - **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے سفیان ثوری سے اُسنے کہا حدیث کی مجکو باپ میرے نے عبایہ بن رفاعہ سے اُسنے روایت کی رافع بن خدیج سے اُسنے نبی صلعم سے مانند اسکے اور نہیں ذکر کیا اسمیں واسطہ عبایہ اور باپ اُسکے کا اور یہ زیادہ تر صحیح ہے اور تحقیق عبایہ نے سُنا ہے رافع سے - اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے کہتے ہین کہ دانت اور ہڈی سے حلال کرنا درست نہیں **باب** یہ باب بھی پہلے باب سے متعلق ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے سعید بن مسروق سے اسنے روایت کی عبایہ بن رفاعہ بن رافع بن خدیج سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اُسکے دادا رافع سے کہا تھے ہم ساتھ نبی صلعم کے بیچ ایک سفر کے سو بھاگا ایک اونٹ قوم کے اونٹوں میں سے اور نہ تھا ساتھ اُنکے کوئی گھوڑا - پس مارا اُسکو ایک شخص نے تیر پس روک رکھا اُسکو سو نبی صلعم نے فرمایا کہ واسطے ان چارپایوں کے یعنی انمیں نفرت رکھنے والے ہیں لوگوں سے مانند نفرت رکھنے والوں جنگلی جانوروں کے سو جو جانور کہ کرے ایسا یعنی نفرت پکڑے پس کرو تم ساتھ اُسکے ایسا یعنی اُسکو تیر وغیرہ سے مار ڈالو جیسے کہ جنگلی جانوروں کو مارا جاتا ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اپنے باپ سے اُسنے عبایہ بن رفاعہ سے اُسنے اپنے دادا رافع سے اسنے نبی صلعم سے مانند اسکے اور نہیں ذکر کیا اسمیں واسطے عبایہ اور باپ اُسکے کا اور یہ زیادہ صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے اور اسیطرح روایت کیا اسکو شعبہ نے سعید بن مسروق سے سفیان کی روایت سے **آخر ابواب الصید ابواب الاضاحی** آخر باب شکار کا اور اول باب قربانیوں کا جو نبی صلعم سے مروی ہے **باب** قربانی کی فضیلت کا بیان **حدیث** کی ہمسے ابو عمرو مسلم بن عمرو نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن نافع صائغ نے ابی مثنی سے اسنے روایت کی ہشام بن عروہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے عائشہ سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کوئی عمل آدمی کا قربانی کے دن میں ایسا نہیں کہ خدا کو بہت پیارا ہو بہانے خون کے سے اور تحقیق وہ قربانی قیامت کے دن آویگی مع سالم ساتھ سینگوں اپنی کے اور بالوں اپنے کے اور کھُروں اپنی کے اور تحقیق وہ خون البتہ واقع ہوتا ہے پاس اللہ کے قبولیت کی جگہ میں پہلے اس سے کہ واقع ہو زمین پر پس خوش ہو ساتھ اُسکے اپنے جی میں اور اس باب میں عمران بن حصین اور زید بن ارقم سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو حدیث ہشام بن عروہ سے مگر اسی وجہ سے اور ابو المثنی کا نام سلیمان بن یزید ہے

ف پس ہڈی ہے اور ہڈی سے ذبح کرنا درست نہیں اور امام نووی نے کہا کہ علت اسکی یہ ہے کہ ہڈی نجس ہو جاتی ہے خون سے جبکہ ذبح کیا جاوے ساتھ اُسکے جانور اور ہڈی کے نجس کرنے سے منع وارد ہوئی ہے کہ وہ خوراک جنات کی ہے - اور حبشی کافر ہیں نصاری اور ہمکو حکم ہے اُنکی مخالفت کرنیکا - اسلیے ناخن سے ذبح کرنا درست نہیں - لیکن منع کرنا ذبح کرنے سے معلوم ہوتا ہے

روی عنہ ابن ابی فدیک ویروی عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم انہ قال فی الاضحیۃ لصاحبھا بکل شعرۃ حسنۃ ویروی بقرونھا **باب** فی الاضحیۃ بکبشین **حدثنا** قتیبۃ ثنا ابو عوانۃ عن قتادۃ عن انس بن مالک قال ضحی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بکبشین اقرنین املحین ذبحھما بیدہ وسمی وکبر ووضع رجلہ علے صفاحھما وفی الباب عن علی وعائشۃ وابی ھریرۃ وجابر وابی ایوب وابی الدرداء وابی رافع وابن عمر وابی بکرۃ وھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن عبید المحاربی الکوفی ثنا شریک عن ابی الحسناء عن الحکم عن حنش عن علی انہ کان یضحی بکبشین احدھما عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم والاخر عن نفسہ فقیل لہ فقال امرنی بہ یعنی النبی صلے اللہ علیہ وسلم فلا ادعہ ابدا ھذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من حدیث شریک وقد رخص بعض اھل العلم ان یضحی عن المیت ولم یر بعضھم ان یضحی عنہ وقال عبد اللہ بن المبارک احب الی ان یتصدق عنہ ولا یضحی وان ضحی فلا یاکل منھا شیئا ویتصدق بھا کلھا **باب** ما یستحب من الاضاحی **حدثنا** ابو سعید الاشج ثنا حفص بن غیاث عن جعفر بن محمد عن ابیہ عن ابی سعید الخدری قال ضحی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بکبش اقرن فحیل یاکل فی سواد ویمشی فی سواد وینظر فی سواد ھذا حدیث حسن صحیح غریب لا نعرفہ الا من حدیث حفص بن غیاث **باب** ما لا یجوز من الاضاحی **حدثنا** علی بن حجر ثنا جریر عن محمد بن اسحق عن یزید بن ابی حبیب عن سلیمان بن عبد الرحمن عن عبید بن فیروز عن البراء بن عازب رفعہ قال لا یضحی بالعرجاء بین ظلعھا ولا بالعوراء بین عورھا ولا بالمریضۃ بین مرضھا ولا بالعجفاء التی لا تنقی **حدثنا** ھناد ثنا ابن ابی زائدۃ ثنا شعبۃ عن سلیمان بن عبد الرحمن عن عبید بن فیروز عن البراء عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ بمعناہ ھذا حدیث حسن صحیح لا نعرفہ الا من حدیث عبید بن فیروز

روایت کی اُس سے ابن ابی فدیک نے اور روایت کیجاتی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپنے فرمایا بیچ حق قربانی کے کہ واسطے صاحب اسکے کے بدلے ہر بال کے نیکی ہے اور روایت کی جاتی ہے بدلے سینگوں اُسکے کے **باب** دو مینڈھوں سے قربانی کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے قتادہ سے اُسنے روایت کی انس سے کہا کہ قربانی کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو مینڈھو سینگ والے سفید رنگ سیاہی ملے ہوے کو ذبح کیا اُنکو اپنے ہاتھ سے اور بسم اللہ کہا اور تکبیر پڑھی اور رکھا پانوں اپنا اُسکی گردن پر اور اس باب میں علی اور عائشہ اور ابی ہریرہ اور جابر اور ابی ایوب اور ابی درداء اور ابی رافع اور ابن عمر اور ابی بکرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبید محاربی کوفی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے ابی حسناء سے اُسنے حکم سے اُسنے روایت کی حنش سے اُسنے علی سے کہ تحقیق تھے وہ قربانی کرتے ساتھ دو مینڈھوں کے ایک حضرت کی طرف سے اور ایک اپنی طرف سے سو کسی نے اُس سے پوچھا سو کہا اُسنے کہ حکم کیا ہے مجکو ساتھ اسکے نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے۔ پس نہ چھوڑونگا میں اُسکو کبھی یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث شریک سے اور تحقیق اجازت دی بعض اہل علم نے کہ میت کی طرف سے قربانی کرنی جائز ہے۔ اور بعض کہتے ہیں کہ میت کی طرف سے قربانی کرنی درست نہیں ہے۔ اور ابن مبارک نے کہا کہ مجکو بہت پیارا یہ ہے کہ خیرات کیا جاوے اُسکی طرف سے اور نہ قربانی کی جاوے اور اگر قربانی کیجاوے میت کی طرف سے تو اُس سے کچھ نہ کھاوے بلکہ اُسکا سب گوشت و پوست خیرات کردیوے **باب** کس جانور کی قربانی کرنی مستحب ہے **حدیث** کی ہمسے ابو سعید اشج نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن غیاث نے جعفر بن محمد سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا کہ قربانی کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتھ مینڈھے نر کے کہ اُسکا منھ سیاہ تھا اور پانوں بھی سیاہ تھے اور آنکھیں بھی سیاہ تھیں۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔ نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث حفص بن غیاث سے **باب** کس قسم کی قربانی جائز نہیں۔ **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے جریر نے محمد بن اسحاق سے اُسنے روایت کی یزید بن ابی حبیب سے اُسنے سلیمان بن عبد الرحمن سے اُسنے عبید بن فیروز سے اُسنے براء بن عازب سے مرفوع روایت کی کہ نہ قربانی کیجاوے ساتھ لنگڑے کے کہ ظاہر ہو لنگڑا پن اُسکا۔ اور نہ ساتھ کانے کے کہ ظاہر ہو کانا پن اُسکا۔ اور نہ ساتھ مریض کے کہ ظاہر ہو بیماری اُسکی اور نہ ساتھ دبلے کے کہ اُسکی ہڈی میں مغز نہو **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی زائدہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے سلیمان بن عبد الرحمن سے اُسنے روایت کی عبید بن فیروز سے اُسنے براء سے اُسنے نبی صلعم سے مانند اسکے اُسی کے معنے میں یہ حدیث حسن صحیح ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث عبید بن فیروز سے

عن البراء والعمل علی ھذا الحدیث عند اھل العلم **باب** ما یکرہ من الاضاحی **حدثنا** الحسن بن علی الخلال ثنا یزید بن ھارون ثنا شریک بن عبداللہ عن ابی اسحق عن شریح
بن النعمان عن علی قال امرنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان نستشرف العین والاذن وان لا نضحی بمقابلۃ ولا مدابرۃ ولا شرقاء
ولا خرقاء **حدثنا** الحسن بن علی ثنا عبیداللہ بن موسی ثنا اسرائیل عن ابی اسحق عن شریح بن النعمان بن علی عن النبی صلی اللہ علیہ
وسلم مثلہ وزاد قال المقابلۃ ما قطع طرف اذنھا والمدابرۃ ما قطع من جانب الاذن والشرقاء المشقوقۃ والخرقاء المثقوبۃ ھذا حدیث
حسن صحیح وشریح بن النعمان الصائدی کوفی وشریح بن الحارث الکندی الکوفی القاضی یکنی ابا امیۃ وشریح بن ھانی کوفی ولوالدہ
صحبۃ وکلھم من اصحاب علی فی عصر واحد **باب** فی الجذع من الضان فی الاضاحی **حدثنا** یوسف بن عیسی ثنا وکیع ثنا
عثمان بن واقد عن کدام بن عبدالرحمن عن ابی کباش قال اجلبت غنما جذعا الی المدینۃ فکسدت علی فلقیت اباھریرۃ فسالتہ
فقال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول نعم او نعمت الاضحیۃ الجذع من الضان قال فانتھبہ الناس وفی الباب عن
ابن عباس وام بلال بنت ھلال عن ابیھا وجابر وعقبۃ بن عامر ورجل من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وحدیث ابی ھریرۃ
حدیث غریب وقد روی ھذا عن ابی ھریرۃ موقوفا والعمل علی ھذا عند اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم ان
الجذع من الضان یجزی فی الاضحیۃ **حدثنا** قتیبۃ ثنا اللیث عن یزید بن ابی حبیب عن ابی الخیر عن عقبۃ بن عامر ان رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم اعطاہ غنما یقسمھا فی اصحابہ ضحایا فبقی عتود او جدی فذکرت ذلک لرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال ضح بہ
انت قال وکیع الجذع یکون ابن سبعۃ او ستۃ اشھر ھذا حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر ھذا الوجہ عن عقبۃ بن عامر
انہ قال قسم النبی صلی اللہ علیہ وسلم الضحایا فبقیت جذعۃ فسالت النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال ضح بھا انت **حدثنا** بذلک محمد بن بشار ثنا

اُسنے براء سے اور عمل اسی حدیث پر ہے نزدیک اہل علم کے **باب** کس جانور کی قربانی کرنی مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی حلوانی نے
اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے ابی اسحاق سے اُسنے روایت کی شریح بن نعمان سے اُسنے علی
سے کہا کہ حکم کیا ہمکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ تامل کریں ہم آنکھوں میں اور کانوں میں تاکہ اُنمیں کوئی نقص نہو اور حکم کیا ہمکو یہ کہ نہ قربانی کریں
ساتھ اُس جانور کے کہ جسکا کان آگے سے کٹا ہو اور نہ اُسکی جسکا کان پیچھے سے کٹا ہو اور نہ ساتھ شرقا کے اور نہ ساتھ خرقا کے **حدیث** کی ہمسے
حسن بن علی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن موسی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسرائیل نے ابی اسحاق سے اُسنے روایت کی شریح بن نعمان
سے اُسنے علی سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے اور زیادہ کیا اُسمیں یہ کہ مقابلہ وہ جانور ہی جسکا کان کنارے سے کٹا ہو اور مدابرہ وہ جانور ہے
جسکا کان ایک طرف سے کٹا ہو اور شرقا وہ ہے جسکا کان پھٹا ہو اور خرقا وہ جانور ہے جسکے کان میں سوراخ ہو یہ حدیث حسن صحیح ہے اور شریح
بن نعمان ساعدی کوفی ہیں اور شریح بن حارث کندی کوفی قاضی ہے کنیت اُسکی ابو امامہ ہے اور شریح بن ہانی کوفی کو صحبت ہے اور یہ سب حضرت علی
کے اصحاب میں سے ہیں بیچ ایک زمانہ کے **باب** ایک سال یا چھ مہینے کے مینڈھے کی قربانی کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے یوسف بن عیسے
نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عثمان بن واقد نے کدام بن عبدالرحمن سے اُسنے روایت کی ابی کباش سے کہا اُسنے
کہ لایا میں مینڈھے چھ ماہی طرف مدینے کے پس کساد کیا مجھپر یعنی فروخت نہوئی سو ملا میں ابو ہریرہ کو اور پوچھا اُس سے کہ کیا سبب ہے نہ بکنے کا
سو ابو ہریرہ نے کہا کہ سنا میں نے نبی صلعم سے فرماتے تھے کہ اچھی قربانی ہے مینڈھا چھ مہینے کا پس اُچک لیا اُنکو لوگوں نے
یعنی بہت جلدی فروخت ہوگئے اور اس باب میں ابن عباس اور ام بلال بنت ہلال سے اُسنے اپنے باپ سے اور جابر اور عقبہ بن عامر
اور ایک شخص نبی صلعم کے اصحاب سے بھی روایت ہی اور ابو ہریرہ کی حدیث غریب ہی اور یہ حدیث ابو ہریرہ سے موقوف مروی ہی اور عمل اسی پر ہے
نزدیک اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ چھ مہینے کا مینڈھا قربانی میں جائز ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا
حدیث کی ہمسے لیث نے یزید بن ابی حبیب سے اُسنے ابو الخیر سے اُسنے عقبہ بن عامر سے کہ نبی صلعم نے اُسکو بکریاں دیں تاکہ بانٹے اُنکو
آپکے اصحاب میں واسطے قربانی کے پس تقسیم کیں اُسنے اور باقی رہا ایک بچہ سو ذکر کیا گیا وہ پاس نبی صلعم کے پس فرمایا قربانی کر ساتھ اسکے سو کہا وکیع نے
کہا کہ جذعہ سات یا چھ مینڈھے کا ہوتا ہی یہ حدیث حسن صحیح ہی اور تحقیق روایت کی گئی غیر اسوجہ سے عقبہ بن عامر سے کہا کہ تقسیم کیں نبی صلعم نے قربانیاں اور
باقی رہا چھ مہینے کا ایک بچہ سو پوچھا میں نے نبی صلعم سے سو فرمایا کہ قربانی کر ساتھ اسکے تو حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے

یزید بن ھارون وابوداؤد قالا انا ھشام الدستوائی عن یحیی بن ابی کثیر عن بعجۃ بن عبداللہ بن بدر عن عقبۃ بن عامر عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم بحذا الحدیث باب
فی الاشتراک فی الاضحیۃ حدثنا ابو عمارۃ الحسین بن حریث ثنا الفضل بن موسی عن الحسین بن واقد عن علباء بن احمر
عن عکرمۃ عن ابن عباس قال کنا مع رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم فی سفر فحضر الاضحی فاشترکنا فی البقرۃ سبعۃ وفی البعیر
عشرۃ وفی الباب عن ابی الاشد الاسلمی عن ابیہ عن جدہ وابی ایوب وحدیث ابن عباس حدیث حسن غریب لا نعرفہ
الا من حدیث فضل بن موسی حدثنا قتیبۃ ثنا مالک بن انس عن ابی الزبیر عن جابر قال نحرنا مع رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم بالحدیبیۃ البدنۃ عن سبعۃ والبقرۃ عن سبعۃ ھذا حدیث حسن صحیح والعمل علے ھذا عند اھل العلم
من اصحاب النبی صلے اللہ علیہ وسلم وغیرھم وھو قول سفیان الثوری وابن المبارک والشافعی واحمد واسحق وقال اسحاق
یجزئ ایضا البعیر عن عشرۃ واحتج بحدیث ابن عباس حدثنا علی بن حجر ثنا شریک عن سلمۃ بن کھیل عن
حجیۃ بن عدی عن علی قال البقرۃ عن سبعۃ قلت فان ولدت قال اذبح ولدھا معھا قلت فالعرجاء قال اذا بلغت المنسک
قلت فمکسورۃ القرن فقال لا باس امرنا او امرنا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان نستشرف العینین والاذنین ھذا حدیث
حسن صحیح وقد رواہ سفیان الثوری عن سلمۃ بن کھیل حدثنا ھناد ثنا عبدۃ عن سعید عن قتادۃ عن جری
بن کلیب النھدی عن علی قال نھی رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان یضحی باعضب القرن والاذن قال قتادۃ فذکرت
ذلک لسعید بن المسیب فقال العضب ما بلغ النصف فما فوق ذلک ھذا حدیث حسن صحیح باب ما جاء
ان الشاۃ الواحدۃ تجزی عن اھل البیت حدثنا یحیی بن موسی ثنا ابوبکر الحنفی ثنا الضحاک بن عثمان قال ثنی عمارۃ بن عبداللہ
قال سمعت عطاء بن یسار

یزید بن ہارون اور ابوداؤد نے اُن دونوں نے کہا حدیث کی ہمسے ہشام دستوائی نے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے روایت کی بعجہ بن عبداللہ
بن بدر سے اُسنے عقبہ بن عامر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ساتھ اسکے **باب** قربانی میں شریک ہونے کا بیان حدیث کی ہمسے
ابو عمار حسین بن حریث نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے فضل بن موسی نے حسین بن واقد سے اُسنے علباء بن احمر سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس
سے کہا تھے ہم ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچ ایک سفر کے سو پہونچا دن قربانی کا سو شریک ہوئے ہم بیچ ایک گائے کے سات آدمی اور
اونٹ میں دس آدمی اور اس باب میں ابی اشد اسلمی سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے اور ابی ایوب سے بھی روایت ہے اور ابن عباس
کی حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث فضل بن موسی سے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے
ابی زبیر سے اُسنے روایت کی جابر سے کہا کہ قربانی کی ہمنے ساتھ نبی صلعم کے حدیبیہ میں کہ نام ہے ایک جگہ کا پاس مکہ کے اونٹ سات آدمی
سے اور گائے سات آدمی سے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے۔ اور یہی ہے
قول سفیان ثوری اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا۔ اور اسحاق نے کہا کہ اونٹ دس آدمی سے بھی کفایت کرتا ہے اور دلیل
پکڑی اُسنے ساتھ حدیث ابن عباس کے حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شریک نے سلمہ بن کہیل سے اُسنے روایت کی
حجیہ بن عدی سے اُسنے علی سے کہا کہ گائے سات آدمی سے کافی ہے میں نے کہا کہ اگر بچہ جنے تو اسکا کیا حکم ہے کہا کہ حلال کر بچے کو
ساتھ ماں اُسکی کے۔ کہا میں لنگڑی کا کیا حکم ہے کہا کہ اگر قربانی کی جگہ تک چل سکے تو درست ہے میں نے کہا جسکا سینگ ٹوٹا ہو کہا کوئی ڈر
نہیں حکم کیا ہمکو نبی صلعم نے یہ کہ دیکھ لیں ہم آنکھوں کو اور کانوں کو یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کیا اُسکو سفیان ثوری نے
سلمہ بن کہیل سے حدیث کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے سعید سے اُسنے روایت کی قتادہ سے اُسنے جری
بن کلیب نہدی سے اُسنے علی سے کہا کہ منع فرمایا حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ قربانی کیجاوے ساتھ سینگ ٹوٹے اور کان کٹے
کے کہا قتادہ نے سو ذکر کیا میں نے اسکو پاس سعید بن مسیب کے کہا اُسنے عضب وہ کہتا ہے کہ آدھے کان کو پہونچے یا زیادہ کو
یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** ایک بکری سب گھر والوں کی طرف سے کفایت کرتی ہے حدیث کی ہمسے یحیی بن موسی نے اُسنے کہا حدیث کی
ہمسے ابوبکر حنفی نے اُسنے کہا حدیث ہمسے ضحاک بن عثمان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عمارہ بن عبداللہ نے اُسنے کہا سنا میں نے عطاء بن یسار سے

يقول سألت ابا ايوب كيف كانت الضحايا على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال كان الرجل يضحي بالشاة عنه وعن اهل بيته فياكلون ويطعمون حتى تباهى الناس فصارت كما ترى هذا حديث حسن صحيح وعمارة بن عبد الله هو مدينى وقد روى عنه مالك بن انس والعمل على هذا عند بعض اهل العلم وهو قول احمد واسحق واحتجا بحديث النبي صلى الله عليه وسلم انه ضحى بكبش فقال هذا عمن لم يضح من امتي وقال بعض اهل العلم لا تجزئ الشاة الا عن نفس واحدة وهو قول عبد الله بن المبارك وغيره من اهل العلم **باب حدثنا** احمد بن منيع ثنا هشيم ثنا حجاج عن جبلة بن سحيم ان رجلا سال ابن عمر عن الاضحية اواجبة هي فقال ضحى رسول الله صلى الله عليه وسلم والمسلمون فاعادها عليه فقال اتعقل ضحى رسول الله صلى الله عليه وسلم والمسلمون هذا حديث حسن والعمل على هذا عند اهل العلم ان الاضحية ليست بواجبة ولكنها سنة من سنن النبي صلى الله عليه وسلم يستحب ان يعمل بها وهو قول سفيان الثوري وابن المبارك **حدثنا** احمد بن منيع وهناد قالا ثنا ابن ابي زائدة عن حجاج بن ارطاة عن نافع عن ابن عمر قال اقام رسول الله صلى الله عليه وسلم بالمدينة عشر سنين يضحي هذا حديث حسن **باب** فى الذبح بعد الصلوة **حدثنا** على بن حجر ثنا اسمعيل بن ابراهيم عن داود بن ابي هند عن الشعبي عن البراء بن عازب قال خطبنا رسول الله صلى الله عليه وسلم في يوم نحر فقال لا يذبحن احدكم حتى يصلي قال فقام خالي فقال يا رسول الله هذا يوم اللحم فيه مكروه وانى عجلت نسيكتي لاطعم اهلي واهل داري او جيراني قال فاعد ذبحك باخر فقال يا رسول الله عندي عناق لبن هي خير من شاتي لحم افاذبحها قال نعم وهي خير نسيكتيك ولا تجزئ جذعة بعدك وفي الباب عن جابر وجندب وانس وعويمر بن اشقر وابن عمر وابي زيد الانصاري وهذا حديث حسن صحيح

کہتا تھا پوچھا میں نے ابو ایوب سے کس طرح تھیں قربانیاں بیچ زمانہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کہا اُسنے کہ تھا مرد قربانی کرتا ساتھ ایک بکری کے اپنی طرف سے اور اپنے گھر والوں کی طرف سے پس آپ بھی کھاتا تھا اور لوگوں کو بھی کھلاتا تھا یہاں تک کہ فخر کیا لوگوں نے پس ہو گئی قربانی جیسے کہ دیکھتا ہے تو یعنی فخر کے لیے ہر شخص جدی قربانی کرتا ہے[1] اور عمارہ بن عبد اللہ وہ مدینی ہے روایت کی اُن مالک بن انس نے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا۔ اور دلیل پکڑی ہے انھوں نے ساتھ حدیث نبی صلعم کے کہ آپ نے قربانی کیا ایک مینڈھا پس فرمایا یہ اُس شخص کی طرف سے ہے جو قربانی نہ کرے امت میری سے اور کہا بعض اہل علم نے کہ نہیں کفایت کرتی ایک بکری مگر ایک آدمی سے اور یہی ہے قول ابن مبارک وغیرہ اہل علم کا **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے ہشیم سے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حجاج نے جبلہ بن سحیم سے کہا ایک شخص نے پوچھا ابن عمر کو قربانی سے کہ کیا واجب ہے سو کہا اُسنے کہ قربانی کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور قربانی کی مسلمانوں نے سو پھر پوچھا اُسنے تو فرمایا کیا تجکو عقل ہے قربانی کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اور مسلمانوں نے یہ حدیث حسن ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے کہ قربانی واجب نہیں ولیکن ایک سنت ہے نبی صلعم کی سنتوں سے مستحب ہے کہ عمل کیا جاوے ساتھ اُسکے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور ابن مبارک کا **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع اور ہناد نے انھوں نے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی زائدہ نے حجاج بن ارطاۃ سے اُسنے روایت کی نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا ٹھہرے حضرت صلعم مدینے میں دس برس یعنی قربانی کرتے تھے ہر سال یہ حدیث حسن ہے **باب** بعد نماز عید کے قربانی کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن ابراہیم نے داود بن ابی ہند سے اُسنے شعبی سے اُسنے براء بن عازب سے کہا کہ نصیحت کی ہمکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ دن قربانی کے سو فرمایا کہ نہ ذبح کرے ایک تمہارا قربانی کو یہانتک کہ نماز پڑھے عید کی کہا پس کھڑا ہوا ماموں میرا سو اُسنے عرض کی کہ یا حضرت یہ دن ہے کہ اسمیں گوشت ناپسند ہوتا ہے یعنی بہت ہونے کی وجہ سے رغبت کم ہوتی ہے اور میں نے جلدی ذبح کی قربانی اپنی یعنی پہلے نماز سے تاکہ کھلاؤں میں اپنے اہل کو اور ہمسایوں کو فرمایا دوسری قربانی کر اُسنے کہا یا حضرت میرے پاس برس سے کم کا بکری کا بچہ ہے وہ بہتر ہے دو بکری گوشت والی سے پس کیا ذبح کروں میں اُسکو فرمایا ہاں کر لے اور وہ بہترین قربانیوں تیری کا ہے۔ اور نہیں کفایت کرتا جذعہ تیرے پیچھے کسی کو اور اس باب میں جابر اور جندب اور انس اور عویمر بن اشقر اور ابن عمر اور ابی زید انصاری سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے

[1] یعنی سب گھر والوں کی طرف سے فقط ایک قربانی کرنی کافی ہو جاتی ہے۔ یہ ضرور نہیں کہ گھر میں جتنے آدمی ہوں ہر ایک جدی جدی قربانی کریں ۱۲ع

والعمل علی ھذا عند اھل العلم ان لایضحی بالمصر حتی یصلی الامام وقد رخص قوم من اھل العلم لاھل القری فی الذبح اذا طلع الفجر وھو قول ابن المبارک وقد اجمع اھل العلم ان لایجزیٔ الجذع من المعز وقالوا انما یجزیٔ الجذع من الضان **باب** فی کراھیۃ اکل الاضحیۃ فوق ثلثۃ ایام **حدثنا** قتیبۃ ثنا اللیث عن نافع عن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لایاکل احدکم من لحم اضحیتہ فوق ثلثۃ ایام وفی الباب عن عائشۃ وانس حدیث ابن عمر حدیث حسن صحیح وانما کان النھی من النبی صلی اللہ علیہ وسلم متقدما ثم رخص بعد ذلک **باب** فی الرخصۃ فی اکلھا بعد ثلاث **حدثنا** محمد بن بشار ومحمود بن غیلان والحسن بن علی الخلال قالوا ثنا ابو عاصم النبیل ثنا سفیان عن علقمۃ بن مرثد عن سلیمان بن بریدۃ عن ابیہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کنت نھیتکم عن لحوم الاضاحی فوق ثلث لیتسع ذو الطول علی من لاطول لہ فکلوا ما بدا لکم واطعموا وادخروا وفی الباب عن ابن مسعود وعائشۃ ونبیشۃ وابی سعید وقتادۃ بن النعمان وانس وام سلمۃ وحدیث بریدۃ حدیث حسن صحیح والعمل علی ھذا عند اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم **حدثنا** قتیبۃ ثنا ابو الاحوص عن ابی اسحق عن عابس بن ربیعۃ قال قلت لام المومنین اکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینھی عن لحوم الاضاحی قالت لا ولکن قل من کان یضحی من الناس فاحب ان یطعم من لم یضح فلقد کنا نرفع الکراع فناکلہ بعد عشرۃ ایام ھذا حدیث حسن صحیح وام المومنین ھی عائشۃ زوج النبی صلی اللہ علیہ وسلم وقد روی عنھا ھذا الحدیث من غیر وجہ **باب** فی الفرع والعتیرۃ **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا عبد الرزاق ثنا معمر عن الزھری عن ابن المسیب عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لافرع ولاعتیرۃ والفرع اول النتاج کان ینتج لھم فیذبحونہ وفی الباب

اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے یہ کہ نہ قربانی کیجاوے شہر میں یہانتک کہ نماز پڑھے امام اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ گانوں والوں کو فجر سے پیچھے اور نماز سے پہلے قربانی کرنی درست ہے اور یہی ہے قول ابن مبارک کا۔ اور تحقیق اجماع کیا ہے اہل علم نے اسپر کہ چند مہینے کی بکری سے قربانی درست نہیں۔ اور کہتے ہیں کہ چند مہینے کا مینڈھا یا بھیڑ ہو تو جائز ہے۔ **باب** تین دن سے زیادہ قربانی کا گوشت کھانا مکروہ ہو **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہ کھاوے ایک تمہارا گوشت قربانی کا زیادہ تین دن سے اور اس باب میں عائشہ اور انس سے بھی روایت ہو اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہے اور سوا اسکے نہیں کہ یہ نہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اول اسلام میں تھی پھر اجازت دی آپ نے بعد اسکے **باب** قربانی کا گوشت تین دن کے بعد بھی کھانا درست ہی **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار اور محمود بن غیلان اور حسن بن علی خلال نے اُنھوں نے کہا حدیث کی ہمسے ابو عاصم نبیل نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے علقمہ بن مرثد سے اُسنے سلیمان بن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا میں تمکو منع کیا تھا تمکو تین دن سے زیادہ قربانی کے گوشت کھانے کو اسلیے کہ جو لوگ امیر ہیں فقیروں پر تقسیم کردیویں اپنے پاس باقی نہ رکھ چھوڑیں تاکہ فقیر محروم نہ رہ جاویں) پس اب کھاؤ اور کھلاؤ اور ذخیرہ کرو اور اس باب میں ابن مسعود۔ عائشہ ۔ نبیشہ ۔ ابی سعید قتادہ انس اور ام سلمہ سے بھی روایت ہو۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے ابی اسحاق سے اُسنے روایت کی عابس بن ربیعہ سے کہا کہ کہا میں نے عائشہ سے کہ کیا تھے نبی صلعم منع کرتے کھانے گوشت قربانیوں سے اُسنے کہا نہیں و لیکن قربانی بہت کم لوگ کرتے تھے۔ پس دوست رکھا آپ نے یہ کہ کھلایا جاوے وہ شخص کہ نہ قربانی کرے۔ پس تحقیق تھے ہم اُٹھا رکھتے دست قربانی کا پس کھاتے تھے اسکو بعد دس دن کے یہ حدیث حسن صحیح ہو۔ ام المومنین عائشہ بی بی حضرت صلعم کی ہیں یہ روایت اُنسے کئی طرح پر مروی ہی **باب** فرع اور عتیرہ کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے زہری سے اُسنے ابن مسیب سے اُسکے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا نہیں ہے فرع اور نہ عتیرہ اسلام میں اور فرع اول بچہ اُنٹنی کا ہے کہ پیدا ہوتا تھا پس ذبح کرتے تھے اُسکو۔ اور اس باب میں

---

[1] ایک سال قحط شدید ہوا تھا مدینہ میں کہ باہر کے رہنے والوں سے تمام مدینہ بھر گیا۔ اُسی سال حضرت نے فرمایا تھا کہ جتنا گوشت قربانی کا ہو تقسیم کردیں جمع نہ رکھیں آئندہ سال میں جب حاجت نہ رہی تو جمع رکھنے کی اجازت دیدی ۱۲ ع [2] شرح سنہ میں ہے کہ تھے ذبح کرتے اُسکو واسطے بتوں اپنے کے جاہلیت میں۔ اور مسلمان بھی اول اسلام

عن نبیشة ومخنف بن سلیم وهذا حدیث حسن صحیح والعتیرة ذبیحة کانوا یذبحونها فی رجب یعظمون شهر رجب لانه اول شهر من اشهر الحرم واشهر الحرم رجب وذو القعدة وذو الحجة والمحرم واشهر الحج شوال وذو القعدة وعشر من ذی الحجة کذلک روی عن بعض اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم فی اشهر الحج **باب ما جاء فی العقیقة** **حدثنا** یحیی بن خلف ثنا بشر بن المفضل ثنا عبد الله بن عثمان بن خثیم عن یوسف بن ماهک انهم دخلوا علی حفصة بنت عبد الرحمن فسألوها عن العقیقة فاخبرتهم عن عائشة اخبرتها ان رسول الله صلی الله علیه وسلم امرهم عن الغلام شاتان مکافئتان وعن الجاریة شاة وفی الباب عن علی وام کرز وبریدة وسمرة وابی هریرة وعبد الله بن عمرو وانس وسلمان بن عامر وابن عباس وحدیث عائشة حدیث حسن صحیح وحفصة هی ابنة عبد الرحمن بن ابی بکر الصدیق **حدثنا** الحسن بن علی الخلال ثنا عبد الرزاق ثنا ابن جریج قال اخبرنی عبید الله بن ابی یزید عن سباع بن ثابت ان محمد بن ثابت بن سباع اخبره ان ام کرز اخبرته انها سألت رسول الله صلی الله علیه وسلم عن العقیقة فقال عن الغلام شاتان وعن الجاریة واحدة لا یضرکم ذکرانا کن ام اناثا هذا حدیث صحیح **حدثنا** الحسن بن علی ثنا عبد الرزاق ثنا هشام بن حسان عن حفصة بنت سیرین عن الرباب عن سلمان بن عامر الضبی قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم مع الغلام عقیقة فاهریقوا عنه دما وامیطوا عنه الاذی **حدثنا** الحسن ثنا عبد الرزاق ثنا ابن عیینة عن عاصم بن سلیمان الاحول عن حفصة بنت سیرین عن الرباب عن سلمان بن عامر عن النبی صلی الله علیه وسلم مثله هذا حدیث صحیح **باب الاذان فی اذن المولود** **حدثنا** محمد بن بشار ثنا یحیی بن سعید وعبد الرحمن بن مهدی قالا ثنا سفیان عن عاصم بن عبید الله عن عبید الله بن ابی رافع عن ابیه

نبیشہ اور مخنف سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ عتیرہ وہ جانور ہے کہ ذبح کرتے تھے اسکو رجب کے مہینے میں رجب کی تعظیم کے لیے کہ وہ پہلا مہینا ہے حرام کے مہینوں میں سے۔ مہینے حرام کے یہ ہیں۔ رجب۔ ذیقعدہ۔ ذیحجہ۔ محرم۔ اور مہینے حج کے یہ ہیں۔ شوال۔ ذیقعدہ۔ اور دس دن ذیحجہ کے۔ اسیطرح روایت کی گئی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے بیچ مہینوں حج کے **باب عقیقہ[1] کا بیان** حدیث کی ہمسے یحیی بن خلف نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن مفضل نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبداللہ بن عثمان بن خثیم نے یوسف بن ماہک سے کہ وہ گئے پاس حفصہ بنت عبدالرحمن کے سو پوچھا اُنھوں نے عقیقہ سے۔ پس خبر دی اُنکو یہ کہ عائشہ نے خبر دی اُسکو کہ حضرت صلعم نے حکم کیا ذبح کرنیکا لڑکے کی طرف سے دو بکریاں برابر عمر کی اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری۔ اس باب میں حضرت علی اور ام کرز۔ ام بریدہ۔ ام سمرہ۔ ابی ہریرہ۔ عبداللہ بن عمرو اور انس۔ سلمان بن عامر اور ابن عباس سے بھی روایت ہے اور عائشہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور حفصہ بنت عبدالرحمن بن ابی بکر صدیق ہے حدیث کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرزاق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن جریج نے اُسنے کہا خبر دی مجکو عبیداللہ بن ابی یزید نے سباع بن ثابت سے کہ محمد بن ثابت نے خبر دی اُسکو کہ ام کرز نے خبر دی اُسکو کہ اسنے نبی صلعم کو پوچھا عقیقہ سے سو فرمایا کہ لڑکے کی طرف سے دو بکریاں ذبح کیجاویں اور لڑکی کیطرف سے ایک بکری ذبح کیجاوے۔ اور نہیں ضرر کرتا تمکو نر ہوں یا مادہ یعنی نہ خیال کرو کہ بیٹے کیطرف سے نر چاہیے اور بیٹی کی طرف سے مادہ۔ یہ حدیث صحیح ہے حدیث کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرزاق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہشام بن حسان نے حفصہ بنت سیرین سے اُسنے رباب سے اُسنے سلمان بن عامر ضبی سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا ساتھ پیدا ہونے لڑکے کے مسنون ہے عقیقہ کرنا۔ پس ذبح کرو اُسکی طرف سے جانور اور دور کرو اس سے ایذا۔ یعنی بال وغیرہ کے اور میل وغیرہ حدیث کی ہمسے حسن نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرزاق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن عیینہ نے عاصم بن سلیمان احول سے اُسنے حفصہ بنت سیرین سے اُسنے رباب سے اُسنے سلمان بن عامر سے اُسنے نبی صلعم سے مثل اُسکے یہ حدیث صحیح ہے **باب لڑکے کے کان میں اذان دینے کا** حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید اور عبدالرحمن بن مہدی نے انھوں نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عاصم بن عبیداللہ سے اُسنے عبیداللہ بن ابی رافع سے اُسنے اپنے باپ سے

[1] عقیقہ عق سے مشتق ہے اُسکے معنی پھاڑنے کے ہیں۔ اور یہاں اُن بالوں کا نام ہے کہ لڑکے کے سر پر ہوتے ہیں وقت پیدا ہونے کے۔ عقیقہ اُس بکری کو بھی کہتے ہیں کہ سر منڈانے کے وقت ذبح کیجاتی ہے۔ عقیقہ سنت ہے تینوں اماموں کے نزدیک۔ اور ایک روایت میں امام احمد سے واجب ہے۔ اکثر حدیثوں سے سنت ہونا ثابت ہے

قال رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذن فی اذن الحسن بن علی حین ولدتہ فاطمۃ بالصلوۃ ھذا حدیث صحیح والعمل علیہ وروی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی العقیقۃ من غیر وجہ عن الغلام شاتان مکافاتان وعن الجاریۃ شاۃ وروی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم ایضا انہ عق عن الحسن بن علی بشاۃ وقد ذھب بعض اھل العلم الی ھذا الحدیث **باب** حدثنا سلمۃ بن شبیب ثنا ابو المغیرۃ عن عفیر بن معدان عن سلیم بن عامر عن ابی امامۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیر الاضحیۃ الکبش وخیر الکفن الحلۃ ھذا حدیث غریب عفیر بن معدان یضعف فی الحدیث **باب** حدثنا احمد بن منیع ثنا روح بن عبادۃ ثنا ابن عون ثنا ابو رملۃ عن مخنف بن سلیم قال کنا وقوفا مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعرفات فسمعتہ یقول یا ایھا الناس علی کل اھل بیت فی کل عام اضحیۃ وعتیرۃ ھل تدرون ما العتیرۃ ھی التی تسمونھا الرجبیۃ ھذا حدیث حسن غریب لا نعرف ھذا الحدیث الا من ھذا الوجہ من حدیث ابن عون **باب** حدثنا محمد بن یحیی القطعی ثنا عبد الاعلی عن محمد بن اسحق عن عبد اللہ بن ابی بکر عن محمد بن علی بن الحسین عن علی بن ابی طالب قال عق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن الحسن بشاۃ وقال یا فاطمۃ احلقی راسہ وتصدقی بزنۃ شعرہ فضۃ فوزنتہ فکان وزنہ درھما او بعض درھم ھذا حدیث حسن غریب واسنادہ لیس بمتصل ابو جعفر محمد بن علی لم یدرک علی بن ابی طالب **باب** حدثنا الحسن بن علی الخلال ثنا ازھر بن سعد السمان عن ابن عون عن محمد بن سیرین عن عبد الرحمن بن ابی بکرۃ عن ابیہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم خطب ثم نزل فدعا بکبشین فذبحھما ھذا حدیث صحیح حدثنا قتیبۃ ثنا یعقوب بن عبد الرحمن عن عمرو بن ابی عمرو عن المطلب عن جابر بن عبد اللہ قال شھدت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم الاضحی بالمصلی فلما قضی خطبتہ نزل عن منبرہ فاتی بکبش فذبحہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بیدہ وقال بسم اللہ واللہ اکبر ھذا عنی وعمن

اُسنے کہا دیکھا مین نے نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو کہ اذان دی بیچ کان حسن بن علی کے اسوقت کہ جنا اُنکو حضرت فاطمہ نے مانند اذان نماز کے[۱] یہ حدیث صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے اور روایت کی گئی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بیچ حکم عقیقہ کے کئی وجہ پر لڑکے کی طرف سے دو بکریاں اور لڑکی کیطرف سے ایک بکری۔ روایت کی گئی نبی صلعم سے بھی کہ تحقیق آپنے عقیقہ کیا حسین بن علی کی طرف سے ساتھ ایک بکری کے اور تحقیق گئے ہین بعض اہل علم طرف اس حدیث کے **باب** حدیث کی ہمسے سلمہ بن شبیب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو المغیرہ نے عفیر بن معدان سے اُسنے سلیم بن عامر سے اُسنے ابی امامہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا۔ زیادہ تر بہتر قربانی دنبہ سینگ والا ہی اور بہترین کفن حلہ ہے یہ حدیث غریب ہی۔ عفیر بن معدان ضعیف کیا جاتا ہی حدیث مین **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے روح بن عبادہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن عون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو رملہ نے مخنف سے کہا تھے ہم کھڑے ساتھ نبی صلعم کے بیچ عرفات کے پس سُنا مین نے آپ سے فرماتے تھے اے لوگو ہر گھر والون پر ہر برس مین ایک قربانی ہی۔ اور ایک عتیرہ ہی۔ کیا جانتے ہو تم کیا ہی عتیرہ سو عتیرہ وہ ہے جسکو تم رجبیہ کہتے ہو یہ حدیث حسن غریب ہی نہین پہچانتے ہم اس حدیث کو مگر ابن عون کے طریق سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی قطعی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الاعلی نے محمد بن اسحاق سے اُسنے عبد اللہ بن ابی بکر سے اُسنے محمد بن علی بن حسین سے اُسنے علی بن ابی طالب سے کہا کہ عقیقہ کیا نبی صلعم نے امام حسین کیطرف سے ساتھ ایک بکری کے اور فرمایا آپنے اے فاطمہ مونڈ تو سر اُسکا اور صدقہ دے ہموزن بالون اُسکے کے چاندی سو تولا ہمنے بالون کو پس تھا وزن بالون کا ایک درہم یا کم درہم سے یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اسناد اُسکی متصل نہین اسواسطے کہ محمد بن علی بن حسین نے نہین پایا علی بن ابی طالب کو **باب** حدیث کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ازہر بن سعد سمان نے ابن عون سے اُسنے محمد بن سیرین سے اُسنے عبد الرحمن بن ابی بکرہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا کہ نبی صلعم نے خطبہ فرمایا پھر اُترے ممبر سے پھر منگائے دو مینڈھے اور ذبح کیا اُنکو یہ حدیث حسن صحیح ہی حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یعقوب بن عبد الرحمن نے عمرو بن ابی عمرو سے اُسنے مطلب سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے کہا کہ حاضر ہوا مین ساتھ نبی صلعم کے عید قربانی کو عیدگاہ مین سو جب تمام کیا آپنے خطبہ اپنا تو اُترے منبر سے۔ پس لایا گیا آپ کے پاس مینڈھا سو ذبح کیا اُسکو رسول اللہ صلعم نے اپنے ہاتھ سے اور کہا بسم اللہ واللہ اکبر یعنی شروع ساتھ نام اللہ کے اور اللہ بہت بڑا ہی لو قربانی میری طرف سے ہی اور اُس شخص کیطرف سے

[۱] لڑکا پیدا ہونے کے وقت اُسکے کان مین اذان کہنی سنت ہے کہ مولود کو ابتدا سے اسلام کی تعلیم ہو۔ تخصیص اذان کی اسواسطے ہی کہ اُس سے شیطان بھاگتا ہی ۱۲ منہ

لم یضح من امتی هذا حدیث غریب من هذا الوجه والعمل علی هذا عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم
ان یقول الرجل اذا ذبح بسم الله والله اکبر وهو قول ابن المبارک والمطلب بن عبد الله بن حنطب یقال انه لم یسمع من جابر **باب**
حدثنا علی بن حجر ثنا علی بن مسهر عن اسمعیل بن مسلم عن الحسن عن سمرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الغلام مرتهن
بعقیقته یذبح عنه یوم السابع ویسمی ویحلق رأسه **حدثنا** الحسن بن علی الخلال ثنا یزید بن هارون ثنا سعید بن ابی عروبة عن
قتادة عن الحسن عن سمرة بن جندب عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه هذا حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اهل العلم یستحبون
ان یذبح عن الغلام العقیقة یوم السابع فان لم یتهیأ یوم السابع فیوم الرابع عشر فان لم یتهیأ عق عنه یوم احدی وعشرین وقالوا
لا یجزئ فی العقیقة من الشاة الا ما یجزئ فی الاضحیة **باب حدثنا** احمد بن الحکم البصری ثنا محمد بن جعفر عن شعبة عن
مالک بن انس عن عمرو او عمر بن مسلم عن سعید بن المسیب عن ام سلمة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال من رأی هلال ذی الحجة واراد
ان یضحی فلا یاخذن من شعره ولا من اظفاره هذا حدیث حسن والصحیح هو عمرو بن مسلم قد روی عنه محمد بن عمرو بن علقمة وغیر
واحد وقد روی هذا الحدیث عن سعید بن المسیب عن ام سلمة عن النبی صلی الله علیه وسلم من غیر هذا الوجه نحو هذا وهو قول بعض
اهل العلم وبه کان یقول سعید بن المسیب والی هذا الحدیث ذهب احمد واسحق ورخص بعض اهل العلم فی ذلک فقالوا لا باس ان یاخذ
من شعره واظفاره وهو قول الشافعی واحتج بحدیث عائشة ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یبعث بالهدی من المدینة فلا یجتنب

کہ نہیں قربانی کی امت میری سے یہ حدیث غریب ہے اس وجہ سے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہ جب آدمی کسی
جانور کو حلال کرے تو کہے بسم اللہ واللہ اکبر اور یہی ہے قول ابن مبارک کا اور مطلب بن عبد اللہ بن حنطب کا اور کہا جاتا ہے کہ مطلب نے نہیں سنا جابر سے
باب حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے علی بن مسہر نے اسمعیل بن مسلم سے اسنے حسن سے اسنے سمرہ سے کہا
کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ لڑکا گروی ہے بدلے عقیقہ اپنے کے۔ ذبح کیا جاوے اسکی طرف سے ساتویں دن اور نام رکھا جاوے اور مونڈا جاوے
سر اسکا **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال نے۔ اسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن ابی عروبہ نے
قتادہ سے اسنے حسن سے اسنے سمرہ بن جندب سے اسنے نبی صلعم سے مثل اسکے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے
کہتے ہیں مستحب ہے یہ کہ ذبح کیا جاوے لڑکے کی طرف سے عقیقہ ساتویں دن اور اگر ساتویں دن نہ میسر ہو تو چودھویں دن کرے۔ اور اگر
چودھویں دن بھی نہ میسر ہو تو اکیسویں دن کرے۔ اور کہتے ہیں کہ نہیں کافی عقیقہ میں بکریوں سے مگر وہ چیز کہ کافی ہے قربانی میں **باب**
حدیث کی ہمسے احمد بن حکم بصری نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے شعبہ سے اسنے مالک بن انس سے اسنے عمرو سے یا عمرو بن مسلم سے
اسنے سعید بن مسیب سے اسنے ام سلمہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا۔ جو شخص کہ دیکھے چاند ذی حجہ کا اور ارادہ کرے قربانی کرنے کا تو نہ کاٹے
بال اپنے اور نہ ناخن اپنے۔ یہ حدیث حسن ہے اور صحیح عمرو بن مسلم ہے روایت کی اس سے محمد بن عمرو وغیرہ نے اور تحقیق روایت کی گئی ہے یہ حدیث
سعید بن مسیب سے اسنے روایت کی ام سلمہ سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے غیر اس وجہ سے مانند اسکے اور یہی ہے قول بعض اہل علم کا اور ساتھ
اسی کے قائل ہیں سعید بن مسیب اور طرف اسی حدیث کے گئے ہیں احمد اور اسحاق اور بعض اہل علم کہتے ہیں نہیں ڈر یہ کہ لیوے بال اپنے اور ناخن اپنے
اور یہی ہے قول شافعی کا اور دلیل پکڑی اسنے ساتھ حدیث عائشہ کے کہ تحقیق حضرت صلعم بھیجتے تھے ہدی کو مدینے سے طرف مکہ کے
پس نہ پرہیز کرتے کسی چیز سے

؎ بعض حدیثوں میں ایک ایک بکری کا ذکر آیا ہے اور بعض میں دو دو بکریوں کا ذکر آیا ہے لیکن دو بکری کی حدیثوں کو ترجیح ہے کہ وہ زیادہ تر قوی اور صحیح ہیں اور احتمال
ہے کہ ایک بکری جائز ہو اور دو مستحب ہوں یا اول درجہ استحباب کا ایک ہے اور کمال استحباب کا دو ہے یا ایک بکری پہلے دن کرے اور دوسری ساتویں دن کرے ۱۲۔ اور کہا
امام شافعی اور احمد نے کہ مستحب ہے کہ عقیقہ کی بکری کی ہڈیاں نہ توڑی جاویں بلکہ صحیح و سالم یکجائی جاویں واسطے تفاؤل کے ساتھ سالم ہونے ہڈیوں بچے کے۔ لیکن امام
مالک کے نزدیک فقط ایک بکری عقیقہ کرے خواہ لڑکا ہو خواہ لڑکی ۱۲ ؎ دبۃ سینگ والا اکثر فربہ ہوتا ہے اسلیے اسکو بہتر فرمایا۔ اور بہتر کفن حلہ یعنی لنگی اور چادر ہے اور قمیص
کے یعنی کفن کے اور یہ کفن سنت ہو یا یہ کہ بدون قمیص کے مراد ہو اس صورت میں یہ معنی ہونگے کہ ایک کپڑے پر اکتفا نہ کرے بلکہ دو کپڑے بہتر ہیں۔ ادنیٰ درجہ میں اور تین
سنت اور مرتبہ کمال کا ہے جیسے کہ مذہب جمہور کا ہے ؎ یعنی قربانی کرنے والے کو مستحب ہے کہ محرم ذی حجہ سے تا وقتیکہ قربانی کر لیوے بال و ناخن نہ منڈوا وے اور نہ ناخن کتراوے ۱۲ بقیہ حاشیہ صفحہ ۴۸۱

شیئا مما یجتنب منہ المحرم بسم اللہ الرحمن الرحیم **ابواب النذور والایمان** عن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم **باب** ما جاء عن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان لا نذر فی معصیۃ **حدثنا** قتیبۃ ثنا ابو صفوان عن یونس بن یزید عن ابن شہاب عن ابی سلمۃ عن عائشۃ قالت قال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لا نذر فی معصیۃ وکفارتہ کفارۃ یمین وفی الباب عن ابن عمر وجابر وعمران بن حصین وھذا حدیث لا یصح لان الزہری لم یسمع ھذا الحدیث من ابی سلمۃ وسمعت محمدا یقول روی عن غیر واحد منھم موسی بن عقبۃ وابن ابی عتیق عن الزہری عن سلیمان بن ارقم عن یحیی بن ابی کثیر عن ابی سلمۃ عن عائشۃ عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم قال محمد والحدیث ھو ھذا حدثنا ابو اسمعیل محمد بن اسمعیل بن یوسف الترمذی ثنا ایوب بن سلیمان بن بلال ثنی ابو بکر بن اویس عن سلیمان بن بلال عن موسی بن عقبۃ وعبد اللہ بن ابی عتیق عن الزہری عن سلیمان بن ارقم عن یحیی بن ابی کثیر عن ابی سلمۃ عن عائشۃ ان النبی صلے اللہ علیہ وسلم قال لا نذر فی معصیۃ اللہ وکفارتہ کفارۃ یمین ھذا حدیث غریب وھو اصح من حدیث ابی صفوان وابو صفوان ھو مکی اسمہ عبد اللہ بن سعید وقد روی عنہ الحمیدی وغیر واحد من اجلۃ اھل الحدیث عن یونس قال قوم من اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم لا نذر فی معصیۃ اللہ وکفارتہ کفارۃ یمین وھو قول احمد واسحق واحتجا بحدیث الزہری عن ابی سلمۃ عن عائشۃ وقال بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلے اللہ علیہ وسلم وغیرھم لا نذر فی معصیۃ ولا کفارۃ فی ذلک وھو قول مالک والشافعی

اس چیز سے کہ پرہیز کرتا ہے اس سے محرم۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم **ابواب النذور والایمان** نذروں اور قسموں کا بیان جو حضرت صلعم سے مروی ہیں **باب** نہیں جائز ہے پورا کرنا نذر کا گناہ میں حدیث کی ہے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہے ابو صفوان نے یونس بن یزید سے اُسنے ابن شہاب سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے عائشہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہیں جائز پورا کرنا نذر کا گناہ میں اور کفارہ اُسکا کفارہ قسم کا ہے۔ اور اس باب میں ابن عمر اور جابر اور عمران بن حصین سے بھی روایت ہے۔ اور یہ حدیث صحیح نہیں اسواسطے کہ زہری نے یہ حدیث ابی سلمہ سے نہیں سُنی۔ اور سُنا میں نے محمد سے کہتا تھا کہ کئی لوگوں سے مروی ہے انھیں میں سے ہیں موسی بن عقبہ اور ابن ابی عتیق انھوں نے روایت کی زہری سے اُسنے سلیمان بن ارقم سے اُسنے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے عائشہ سے اُسنے نبی صلعم سے کہا محمد نے وہ حدیث یہی ہے حدیث کی ہے ابو اسمعیل محمد بن اسمعیل بن یوسف ترمذی نے اُسنے کہا حدیث کی ہے ایوب بن سلیمان بن بلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہے ابو بکر بن ابی اویس نے سلیمان بن بلال سے اُسنے موسی بن عقبہ اور عبد اللہ بن ابی عتیق سے اُسنے زہری سے اُسنے سلیمان بن ارقم سے اُسنے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے عائشہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا نہیں جائز پورا کرنا نذر کا گناہ میں اور کفارہ اُسکا کفارہ قسم کا ہے یہ حدیث غریب ہے اور یہ حدیث زیادہ صحیح ہے حدیث ابی صفوان سے۔ اور ابو صفوان مکی ہے اور نام اُسکا عبد اللہ بن سعید ہے اور تحقیق روایت کی اُس سے حمیدی وغیرہ نے بزرگان اہل حدیث سے اُسنے یونس سے اور کہا ایک جماعت اہل علم نے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے گناہ میں نذر منعقد ہو جاتی ہے۔ اور کفارہ اُسکا کفارہ قسم کا ہے۔ اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا۔ اور دلیل پکڑی ہے انھوں نے ساتھ حدیث زہری کے ابی سلمہ سے اُسنے زہری سے اُسنے عائشہ سے اور بعض اہل علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ نہیں جائز پورا کرنا نذر کا گناہ میں اور نہیں لازم آتا ہے کفارہ اسمیں اور یہی ہے قول مالک اور شافعی کا

بقیہ صفحہ ۴۸۰ اختلاف ہے کہ لڑکا بدلے عقیقہ کے کسطرح گرو ہے باوجودیکہ وہ مکلف نہیں تا ماخوذ ہو بسبب ترک کرنے عقیقہ کے سوا امام احمد نے کہا کہ معنی اُسکے یہ ہیں کہ فرزند والدین کی شفاعت سے روکا گیا ہے جبتک کہ اُسکا عقیقہ نہ کریں اور بعضے کہتے ہیں کہ فرزند روکا گیا ہے بھلایوں سے اور سلامتی آفات سے اور زیادہ نشو نما سے اور بعضے کہتے ہیں کہ گروی ہے ساتھ پلیدی اور اذی کے اور عقیقہ کے خون سے فرزند کا متر کرنا منع ہے ۱۲ ع ح ملہ نذر اُسکو کہتے ہیں کہ واجب کرے اپنے نفس پر اُس چیز کو کہ نہیں واجب ہے اور بعض علما نے اجماع نقل کیا ہے اُسپر کہ ماننا نذر کا صحیح ہے اور واجب ہے پورا کرنا اُسکا اگر ہو نذر طاعت یعنی عبادت کی اور اگر نذر گناہ ہو تو اکثر کے نزدیک منعقد نہیں ہوتی اور یہی ہے قول جمہور علما کا اور امام ابو حنیفہ کہتے ہیں کہ منعقد نہیں ہوتی لیکن لازم آتا ہے اسمیں کفارہ قسم کا۔ اور نذر یعنی منت ماننی خدا کے سوا کسیکی جائز نہیں نہ کسی نبی نہ فرشتہ نہ ولی نہ پیر وغیرہ کی پس اگر کوئی شخص نذر مانے کہ اگر خدا تعالے میری حاجت بر لاوے تو فلانے ولی کے مزار پر اسقدر نقد اور جنس کھانے پکے ہوئے سے پہونچاونگا تو یہ نذر درست نہیں۔ چنانچہ تفصیل اُسکی مولانا اسحاق نے مائۃ مسائل میں کی ہے اور زیادہ تفصیل اسکی فتاوے عالمگیری میں ہے ۱۲ اور قسم تین قسم ہے ایک کا نام

حدثنا قتیبۃ بن سعید عن مالک عن طلحۃ بن عبد الملک الایلی عن القاسم بن محمد عن عائشۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من نذر ان یطیع اللہ فلیطعہ ومن نذر ان یعصی اللہ فلا یعصہ **حدثنا** الحسن بن علی الخلال ثنا عبد اللہ بن نمیر عن عبید اللہ بن عمر عن طلحۃ بن عبد الملک الایلی عن القاسم بن محمد عن عائشۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم نحوہ ھذا حدیث حسن صحیح وقد رواہ یحیی بن ابی کثیر عن القاسم بن محمد وھو قول بعض اھل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وغیرھم وبہ یقول مالک والشافعی قالوا لا یعصی اللہ ولیس فیہ کفارۃ یمین اذا کان النذر فی معصیۃ **باب** لا نذر فی ما لا یملک ابن آدم **حدثنا** احمد بن منیع ثنا اسحق بن یوسف الازرق عن ھشام الدستوائی عن یحیی بن ابی کثیر عن ابی قلابۃ عن ثابت بن الضحاک عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لیس علی العبد نذر فیما لا یملک وفی الباب عن عبد اللہ بن عمرو وعمران بن حصین، ھذا حدیث حسن صحیح **باب** فی کفارۃ النذر اذا لم یسم **حدثنا** احمد بن منیع ثنا ابو بکر بن عیاش قال ثنی محمد مولی المغیرۃ بن شعبۃ قال ثنی کعب بن علقمۃ عن ابی الخیر عن عقبۃ بن عامر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کفارۃ النذر اذا لم یسم کفارۃ یمین ھذا حدیث حسن صحیح غریب **باب** فیمن حلف علی یمین فرای غیرھا خیرا منھا **حدثنا** محمد بن عبد الاعلی ثنا المعتمر بن سلیمان عن یونس ثنا الحسن عن عبد الرحمن بن سمرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا عبد الرحمن لا تسال الامارۃ فانک ان اتتک عن مسئلۃ وکلت الیھا وانک ان اتتک من غیر مسئلۃ اعنت علیھا واذا حلفت علی یمین فرایت غیرھا خیرا منھا فات الذی ھو خیر ولتکفر عن یمینک وفی الباب عن عدی بن حاتم وابی الدرداء وانس وعائشۃ وعبد اللہ بن عمرو وابی ھریرۃ وام سلمۃ وابی موسی حدیث عبد الرحمن بن سمرۃ حدیث حسن صحیح

حدیث کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے مالک سے اُسنے طلحہ بن عبد الملک ایلی سے اُسنے قاسم بن محمد سے اُسنے عائشہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ نذر مانے یہ کہ اطاعت کرے اللہ کی تو چاہیے کہ اطاعت کرے اُسکی اور جو شخص کہ نذر مانے اللہ کی گناہ کرنے کی تو نہ گناہ کرے **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن نمیر نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے روایت کی طلحہ بن عبد الملک ایلی سے اُسنے قاسم بن محمد سے اُسنے عائشہ سے مانند اسکے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کیا اُسکو یحیی بن ابی کثیر نے قاسم بن محمد سے اور یہی ہے قول بعض اہل علم کا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے اور ساتھ اسکے قائل ہیں مالک اور شافعی کہتے ہیں کہ نافرمانی نہ کرے اللہ کی اور لازم نہیں آتا انہیں کفارہ قسم کا جب کہ ہو نذر گناہ کی **باب** نہیں پورا کرنا آتا نذر کا اُس چیز میں کہ نہیں مالک ہوتا بندہ **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسحاق بن یوسف نے ہشام دستوائی سے اُسنے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے ثابت بن ضحاک سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا نہیں لازم بندے پر پورا کرنا نذر کا اُس چیز میں کہ نہیں مالک ہوتا اُسکا بندہ اور اس باب میں عبد اللہ بن عمرو اور عمران بن حصین سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اگر نذر معین نہ کرے تو اُسکا کیا کفارہ ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو بکر بن عیاش نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد مولی مغیرہ بن شعبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے کعب بن علقمہ نے ابی الخیر سے اُسنے عقبہ بن عامر سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ اگر نذر معین نہ کرے تو قسم کا کفارہ دے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اگر کوئی شخص قسم کھائے کسی چیز پر پھر دیکھے خلاف اُسکے بہتر اُس سے تو کیا کرے **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد الاعلی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معتمر بن سلیمان نے یونس سے اُسنے حسن سے اُسنے عبد الرحمن بن سمرہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا اے ابا عبد الرحمن نہ مانگ تو سرداری کہ کسی جگہ کا تجھے حاکم کریں پس اگر تحقیق تو دیا جاویگا سرداری مانگنے سے تو سونپا جاویگا طرف اُسکی اور اگر دیا جاوے تجھے تو مدد دیا جاویگا اُسپر اور جب کہ قسم کھاوے تو کسی چیز پر پھر دیکھے تو خلاف اُسکا بہتر اُس سے تو کفارہ دے اپنی قسم کا اور اگر تو وہ چیز کہ وہ بہتر ہے یعنی قسم کو توڑ ڈال اور اس باب میں عدی بن حاتم اور ابی درداء اور انس اور عائشہ اور عبد اللہ بن عمرو اور ابی ہریرہ اور ام سلمہ اور ابی موسی سے بھی روایت ہے اور عبد الرحمن بن سمرہ کی حدیث حسن صحیح ہے

له مثلاً کوئی شخص کہے غیر کے غلام کو یا کسی چیز کو کہ میں نے لازم کیا اپنے پر اسکو خدا کی راہ میں آزاد کرنا تو اُسکے ذمہ لازم نہیں ہوتا بسبب نہ صحیح ہونے نذر کے ۱۲ طیبی له مثلاً کہے کہ اگر مطلب میرا حاصل ہو تو مجھپر نذر اور منت ہے اللہ کی نہ معین کرے روزہ کو یا مال وغیرہ کو ۱۲ له مثلاً قسم کھاوے کہ میں نماز نہیں پڑھونگا یا والدین سے کلام نہ کرونگا وغیرہ تو واجب ہے

باب في الكفارة قبل الحنث **حدثنا** قتيبة عن مالك بن انس عن سهيل بن ابي صالح عن ابيه عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من حلف على يمين فرأى غيرها خيرا منها فليكفر عن يمينه وليفعل وفي الباب عن ام سلمة حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم ان الكفارة قبل الحنث تجزئ وهو قول مالك والشافعي واحمد واسحق وقال بعض اهل العلم لا يكفر الا بعد الحنث قال سفيان الثوري ان كفر بعد الحنث احب الي وان كفر قبل الحنث اجزأه **باب** في الاستثناء في اليمين **حدثنا** محمود بن غيلان ثنا عبد الصمد بن عبد الوارث قال حدثني ابي ثنا حماد بن سلمة عن ايوب عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من حلف على يمين فقال ان شاء الله فلا حنث عليه وفي الباب عن ابي هريرة حديث ابن عمر حديث حسن وقد رواه عبيد الله بن عمر وغيره عن نافع عن ابن عمر موقوفا وهكذا روي عن سالم عن ابن عمر موقوفا ولا نعلم احدا رفعه غير ايوب السختياني وقال اسمعيل بن ابراهيم كان ايوب احيانا يرفعه واحيانا لا يرفعه والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم ان الاستثناء اذا كان موصولا باليمين فلا حنث عليه وهو قول سفيان الثوري والاوزاعي ومالك بن انس وعبد الله بن المبارك والشافعي واحمد واسحق **حدثنا** يحيى بن موسى ثنا عبد الرزاق ثنا معمر عن ابن طاؤس عن ابيه عن ابي هريرة

باب قسم توڑنے سے پہلے کفارہ دینا **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے مالک بن انس سے اُسنے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ قسم کھائے کسی چیز پر پھر دیکھے خلاف اُسکا بہتر اُس سے تو چاہیے کہ کفارہ دے اپنی قسم کا اور چاہیے کہ کرے اُس کام کو اور اس باب میں ام سلمہ سے بھی روایت ہے اور ابو ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہ قسم توڑنے سے پہلے کفارہ دینا کافی ہے اور یہی ہے قول امام مالک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ قسم توڑنے سے پہلے کفارہ نہ دے کہا سفیان ثوری نے کہ اگر قسم توڑنے سے پیچھے کفارہ دے تو بہت پیارا ہے مجکو اور اگر قسم توڑنے سے پہلے کفارہ دے تو کفایت کرتا ہے **باب** قسم میں انشاء اللہ کہنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الصمد بن عبد الوارث نے اُسنے کہا حدیث کی مجکو میرے باپ اور حماد بن سلمہ نے ایوب سے اُسنے نافع ابن عمر سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ قسم کھاوے کسی چیز پر اور کہے انشاء اللہ تعالیٰ یعنے ساتھ قسم کے کہے پس نہیں ہے حنث اُسپر۔ اور اس باب میں ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے اور ابن عمر کی حدیث حسن ہے اور تحقیق روایت کیا اُسکو عبید اللہ بن عمر وغیرہ نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے موقوف اور اسیطرح روایت کی سالم نے ابن عمر سے موقوف اور نہیں جانتے ہم کسیکو کہ مرفوع کیا ہو اُسکو سوائے ایوب سختیانی کے اور کہا اسمعیل بن ابراہیم نے۔ تھا ایوب کبھی مرفوع کرتا اُسکو اور کبھی نہ مرفوع کرتا اُسکو اور عمل اسی پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہ انشاء اللہ تعالیٰ اگر قسم کے متصل ہو تو حنث[1] نہیں اُسپر۔ یہی ہے قول سفیان ثوری اور اوزاعی اور مالک بن انس اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا **حدیث** کی ہمسے یحییٰ بن موسیٰ نے۔ اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معمر نے ابن طاؤس سے۔ اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے

[1] امام شافعی اور مالک اور احمد کے نزدیک قسم کا کفارہ توڑنے سے پہلے دینا درست ہے۔ لیکن امام شافعی رح کے نزدیک روزے کے کفارہ میں قسم توڑنے سے پہلے کفارہ ادا کرنا جائز نہیں۔ اور امام ابو حنیفہ رح کہتے ہیں کہ قسم توڑنے سے پہلے مطلق کفارہ درست نہیں ہے ۱۲ ع ح [1] حنث کے معنے ہیں گناہ اور خلاف کرنا قسم کا یعنی اگر متصل قسم کے انشاء اللہ کہے تو وہ قسم نہیں ہوتی تا حنث اُسپر مترتب ہو۔ حاصل یہ ہے کہ نہ وہ قسم ہوتی ہے اور نہ اُسکے توڑنے سے کفارہ لازم آتا ہے۔ اور اسیطرح انشاء اللہ کہنا متصل قسم کے مانع ہے منعقد ہونے تمام عقود کے سے۔ اور یہی ہے مذہب اکثر علما کا۔ اور امام ابو حنیفہ رح کہتے ہیں کہ انشاء اللہ منفصل کا بھی یہی حکم ہے۔ اور حد متصل ہونے کی یہ ہو کہ اور کلام میں مشغول نہ ہو جب قسم کھاوے اسیوقت انشاء اللہ کہے اور اگر بعد قسم کے اور کلام میں مشغول ہو گیا پھر انشاء اللہ کہا تو متصل نہوا وہ منفصل ہے ۱۲

ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم قال من حلف فقال انشاء اللہ لم یحنث سالت محمد بن اسمٰعیل عن ھٰذا الحدیث فقال ھٰذا
حدیث خطأ اخطأ فیہ عبد الرزاق اختصرہ من حدیث معمر عن ابن طاؤس عن ابیہ عن ابی ھریرۃ عن النبی صلے اللہ علیہ وسلم
قال ان سلیمان بن داؤد علیہ السلام قال لاطوفن اللیلۃ علے سبعین امرأۃ تلد کل امرأۃ غلاما فطاف علیھن فلم تلد امرأۃ منھن
الا امرأۃ نصف غلام فقال رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم لو قال انشاء اللہ لکان کما قال ھٰکذا روی عبد الرزاق عن معمر عن
ابن طاؤس عن ابیہ ھٰذا الحدیث بطولہ وقال سبعین امرأۃ وقد روی ھٰذا الحدیث من غیر وجہ عن ابی ھریرۃ عن النبی صلے اللہ
علیہ وسلم قال قال سلیمان بن داؤد لاطوفن اللیلۃ علے مائۃ امرأۃ **باب** فی کراھیۃ الحلف بغیر اللہ **حدثنا** قتیبۃ ثنا سفیان
عن الزھری عن سالم عن ابیہ سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم عمر وھو یقول وابی وابی فقال الا ان اللہ ینھاکم ان تحلفوا بآبائکم فقال
عمر فواللہ ما حلفت بہ بعد ذلک ذاکرا ولا اٰثرا وفی الباب عن ثابت بن الضحاک وابن عباس وابی ھریرۃ وقتیلۃ وعبد الرحمٰن بن سمرۃ
وھٰذا حدیث حسن صحیح قال ابو عبید معنی قولہ ولا اٰثرا یقول لا اٰثرہ عن غیری یقول لم اذکرہ عن غیری **حدثنا** ھناد ثنا عبدۃ
عن عبید اللہ بن عمر عن نافع عن ابن عمر ان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ادرک عمر وھو فی رکب وھو یحلف بابیہ فقال
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ان اللہ ینھاکم ان تحلفوا بآبائکم لیحلف حالف باللہ او لیسکت ھٰذا حدیث حسن صحیح
باب حدثنا قتیبۃ ثنا ابو خالد الاحمر عن الحسن بن عبید اللہ عن سعد بن عبیدۃ ان ابن عمر سمع رجلا یقول لا
والکعبۃ فقال ابن عمر لا تحلف بغیر اللہ فانی سمعت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم یقول من حلف بغیر اللہ فقد کفر او اشرک
وھٰذا حدیث حسن

کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ قسم کھاوے پس کہے ساتھ اسکے انشاء اللہ تعالیٰ تو نہیں حانث ہوتا۔ پوچھا مین نے بخاری کو
اس حدیث سے تو کہا اُسنے کہ یہ حدیث خطا ہے خطا کی اسمین عبد الرزاق نے اختصار کیا اسکو حدیث معمر سے اُسنے ابن طاؤس سے
اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا کہا سلیمان ابن داؤد نے کہ البتہ پھرونگا مین
آج رات کو ستر عورتوں پر اور جنیگی ہر عورت ایک لڑکا سو پھرے اُنپر یعنی جماع کیا اُنسے۔ پس نہ جنی کوئی عورت اُنمین سے مگر ایک عورت آدھا بچہ
سو نبی صلعم نے فرمایا اگر کہتے سلیمان انشاء اللہ تو البتہ ہو جاتا جیسے کہ کہا تھا یعنی سب عورتین لڑکا جنتین۔ اسیطرح روایت کی عبد الرزاق نے
معمر سے اُسنے روایت کی ابن طاؤس سے اُسنے اپنے باپ سے یہ حدیث لمبی اور کہا ستر عورتین اور تحقیق روایت کی گئی ہے یہ حدیث کئی وجہ پر ابی ہریرہ
سے اُسنے روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ نے فرمایا کہ کہا سلیمان بن داؤد نے البتہ طواف کرونگا مین آج کی رات سو عورت پر **باب**
غیر اللہ کی قسم کھانے کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اُسنے سالم سے اُسنے اپنے باپ سے کہا سنا
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے عمر کو اسحال مین کہ وہ کہتے تھے قسم ہے باپ میری کی قسم ہے باپ میری کی سو آپنے فرمایا خبردار ہو تحقیق اللہ منع کرتا ہے تمکو اس قسم سے
کہ کھاؤ تم اپنے باپوں کی پس کہا عمر نے پس قسم ہے اللہ کی نہین قسم کھائی مین نے ساتھ اسکے پیچھے اسکے نہ اپنی طرف سے اور نہ بطور نقل کے غیر کی طرف
سے اور اس باب مین ثابت بن ضحاک اور ابن عباس اور ابی ہریرہ اور قتیلہ اور عبد الرحمٰن بن سمرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے
کہا ابو عبید نے معنی آثرا کے یہ ہین کہ نہین ذکر کیا مین اُسکو غیر کی طرف سے حدیث کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے
عبید اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہ نبی صلعم نے پایا عمر کو اسحال مین کہ وہ کہین سواروں مین تھا اور قسم کھاتا تھا اپنے باپ کی سو
نبی صلعم نے فرمایا تحقیق اللہ منع کرتا ہے تمکو اس سے کہ قسم کھاؤ تم اپنے باپون کی چاہیے کہ قسم کھاوے قسم کھانیوالا اللہ کی یا چپ رہے یہ حدیث
حسن صحیح ہے **باب** **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو خالد احمر نے حسن بن عبید اللہ سے اُسنے روایت کی سعد بن عبیدہ
سے کہ تحقیق ابن عمر نے سنا ایک مرد کو کہتا تھا قسم ہے کعبہ کی سو ابن عمر نے کہا کہ نہ قسم کھاوے غیر کی۔ پس تحقیق مین نے سنا ہے نبی صلعم سے
پس فرماتے تھے جو شخص کہ قسم کھاوے غیر اللہ کی پس تحقیق کفر اور شرک کیا اُسنے یہ حدیث حسن ہے

ف اللہ کے سوا اور کی قسم کھانے سے اسواسطے منع فرمایا کہ قسم مختص ہے ساتھ ذات باری کے بسبب کمال عظمت اُسکی کے پس نہ مشابہ کیا جاوے ساتھ اسکے غیر اُسکا
بن عباس سے مروی ہے کہ اگر مین سو بار خدا کی قسم کھا کر توڑ ڈالوں تو بہتر ہے اُس سے کہ قسم کھاؤں غیر اللہ کی پھر پورا کروں اُسکو اور خاص باپ کی قسم سے اسواسطے منع کیا کہ

وتفسیر هذا الحدیث عند بعض اهل العلم ان قوله فقد کفر او اشرک على التغليظ والحجة في ذلك حديث ابن عمر ان النبي صلى الله عليه وسلم سمع عمر يقول وابي وابي فقال الا ان الله ينهاكم ان تحلفوا بآبائكم وحديث ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال من قال في حلفه واللات والعزى فليقل لا اله الا الله وهذا مثل ما روي عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال الرياء شرك وقد فسر بعض اهل العلم هذه الاية من كان يرجو لقاء ربه فليعمل عملا صالحا الاية قال لا يرائي

باب فيمن يحلف بالمشي ولا يستطيع

حدثنا عبد القدوس بن محمد العطار البصري ثنا عمرو بن عاصم عن عمران القطان عن حميد عن انس قال نذرت امرأة ان تمشي الى بيت الله فسئل نبي الله صلى الله عليه وسلم عن ذلك فقال ان الله لغني عن مشيها مروها فلتركب وفي الباب عن ابي هريرة وعقبة بن عامر وابن عباس حديث انس حديث حسن صحيح غريب **حدثنا** ابو موسى محمد بن المثنى ثنا خالد بن الحارث ثنا حميد عن ثابت عن انس قال مر رسول الله صلى الله عليه وسلم بشيخ كبير يهادى بين ابنيه فقال ما بال هذا قالوا نذر يا رسول الله ان يمشي قال ان الله لغني عن تعذيب هذا نفسه قال فامره ان يركب **حدثنا** محمد بن المثنى ثنا ابن ابي عدي عن حميد عن انس ان رسول الله صلى الله عليه وسلم رأى رجلا فذكر نحوه هذا حديث صحيح والعمل على هذا عند بعض اهل العلم وقالوا اذا نذرت المرأة ان تمشي فلتركب ولتهد شاة

اور تفسیر اس حدیث کی نزدیک بعض اہل علم کے یہ ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا فرمانا پس کفر کیا اسنے اور شرک کیا اسنے محمول ہے تغلیظ پر یعنی مراد اس سے زجر اور جھڑکی ہے حقیقی معنے مراد نہیں اور دلیل اسپر حدیث ابن عمر کی ہے کہ حضرت صلعم نے سنا عمر سے کہ کہتے تھے قسم ہے باپ میری کی قسم ہے باپ میرے کی۔ پس فرمایا خبردار ہو تحقیق اللہ منع کرتا ہے تمکو اس سے کہ قسم کھاؤ تم اپنے باپوں کی اور نیز دلیل اسپر حدیث ابی ہریرہ کی ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ کہے اپنی قسم میں کہ قسم کھاتا ہوں لات اور عزی کی تو چاہیے کہ کہے لا الہ الا اللہ یعنی کلمہ پڑھے[۱] اور یہ مثل اسکے ہے جو نبی صلعم سے مروی ہے کہ آپ نے فرمایا ریا کرنا شرک ہے اور تحقیق تفسیر کیا بعض اہل علم نے اس آیت کی کہ جسکو امید ہو ملنے کی اپنے رب سے تو چاہیے کہ کرے کام نیک۔ کہا کہ نہ دکھاوے لوگوں کو **باب** اگر کوئی شخص پیادہ چلنے کی قسم کھاوے اور چلنے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو کیا کرے حدیث کی ہمسے عبد القدوس بن محمد العطار بصری نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عمرو بن عاصم نے عمران قطان سے اُسنے روایت کی حمید سے اُسنے انس سے کہا کہ نذر مانی ایک عورت نے اسکی کہ پیادہ پا جاوے طرف خانہ کعبے کے پس پوچھے گئے حضرت صلعم اسکے حکم سے سو فرمایا کہ بیشک اللہ بے پرواہ ہے اسکے پیادہ چلنے سے حکم کرو اسکو پس چاہیے کہ سوار ہو۔ اس باب میں ابی ہریرہ اور عقبہ اور ابن عباس سے بھی روایت ہے اور انس کی حدیث حسن صحیح غریب ہے حدیث کی ہمسے ابو موسی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے خالد بن الحارث نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حمید نے ثابت سے اُسنے روایت کی انس سے کہا کہ گذرے نبی صلعم ایک بوڑھے پر اس حال میں کہ راہ چلتا تھا درمیان دو بیٹوں اپنے کے سو فرمایا کیا حال ہے اسکا لوگوں نے کہا نذر مانی ہے اسنے یہ کہ پیادہ جاوے یعنی بیت اللہ کو سو فرمایا کہ تحقیق اللہ بے پرواہ ہے عذاب کرنے اسکے سے اپنی جان کو پس حکم کیا اُسکو سوار ہونے کا حدیث کی ہمسے محمد بن مثنی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے حمید سے اُسنے انس سے کہا کہ تحقیق نبی صلعم نے دیکھا ایک مرد کو پس ذکر کیا مانند اسکے اور یہ حدیث صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور کہتے ہیں کہ اگر نذر مانے عورت اسکی کہ پیادہ پا جاوے تو چاہیے کہ سوار ہووے اور ذبح کرے[۲] ایک بکری

[۱] اسلیے کہ حضرت صلعم نے یہ نہ فرمایا کہ یہ شرک ہے اور نہ اس سے توبہ کرنا ۱۲ منہ یعنی توبہ کرے طرف اللہ تعالی کے اور اسکے دو معنے ہیں ایک یہ کہ اگر جاری ہو نام لات اور عزی کا کسی نومسلم کی زبان پر از راہ سہو کے بسبب عادت سابق کے تو وہ کہے لا الہ الا اللہ از راہ کفارہ ان الفاظ کے پس یہ توبہ ہوگی غفلت سے۔ دوسرے یہ کہ جاری ہو نام لات اور عزی کا زبان پر بقصد تعظیم انکی کے تو یہ صریح کفر اور مرتد ہوتا ہے۔ پس کہے لا الہ الا اللہ واسطے تجدید ایمان کے پس یہ توبہ گناہ سے ہوگی ۱۲ ع [۲] منہ یعنی تکیے کیے ہوئے اوپر بسبب ضعف کے ۱۲ منہ ہدی کہتے ہیں اس جانور کو کہ مکہ کے حرم میں بھیجا جاوے ذبح کرنے کے لیے اور ادنی درجہ اسکا بکری ہے اور اعلی درجہ اسکا اونٹ اور اسکے واجب ہونے میں اختلاف ہے سو حضرت علی سے روایت ہے کہ واجب ہے اونٹ اور بعضے کہتے ہیں کہ واجب ہے بکری اور عمل کیا انھوں نے حدیث اونٹ کی استحباب پر اور یہی ہے قول مالک اور ظاہر قول شافعی کا ۱۲ منہ سوار ہونیکا حکم کیا اسکو نبی صلعم نے بسبب عاجز ہونے اسکے کے پیادہ پا چلنے سے اور یہی ہے قول شافعی کا کہ سوار ہونے سے کچھ لازم نہیں آتا ۱۲

باب فی کراهیة النذر **حدثنا** قتیبة ثنا عبد العزیز بن محمد عن العلاء بن عبد الرحمن عن ابیه عن ابی هریرة قال
قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تنذروا فان النذر لا یغنی من القدر شیئا وانما یستخرج به من البخیل وفی الباب
عن ابن عمر حدیث ابی هریرة حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله
علیه وسلم وغیرهم کرهوا النذر وقال عبد الله بن المبارک معنی الکراهة فی النذر فی الطاعة والمعصیة فان نذر الرجل
بالطاعة فوفی به فله فیه اجر ویکره له النذر **باب** فی وفاء النذر **حدثنا** اسحق بن منصور ثنا یحیی بن سعید القطان
عن عبید الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر عن عمر قال یا رسول الله انی کنت نذرت ان اعتکف لیلة فی المسجد الحرام فی
الجاهلیة قال اوف بنذرک وفی الباب عن عبد الله بن عمرو وابن عباس وحدیث عمر حدیث حسن صحیح وقد ذهب بعض
اهل العلم الی هذا الحدیث قالوا اذا اسلم الرجل وعلیه نذر طاعة فلیف به وقال بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله
علیه وسلم وغیرهم لا اعتکاف الا بصوم وقال اٰخرون من اهل العلم لیس علی المعتکف صوم الا ان یوجب علی نفسه صوما
واحتجوا بحدیث عمر انه نذر ان یعتکف لیلة فی الجاهلیة فامره النبی صلی الله علیه وسلم بالوفاء وهو قول احمد واسحق **باب**
کیف کان یمین النبی صلی الله علیه وسلم **حدثنا** علی بن حجر ثنا عبد الله بن المبارک وعبد الله بن جعفر عن موسی بن عقبة
عن سالم بن عبد الله عن ابیه قال کثیرا ما کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یحلف بهذا الیمین لا ومقلب القلوب هذا
حدیث حسن صحیح۔

باب نذر ماننی مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے علاء بن عبد الرحمن سے اُسنے اپنے
باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ حضرت صلعم نے فرمایا نہ نذر مانو تم اسلیے کہ تحقیق نذر نہیں دور کرتی تقدیر سے کسی چیز کو اور سوا اسکے نہیں
کہ نکالا جاتا ہے بخیل سے بسبب نذر کے یعنی کچھ مال[1] اور اس باب میں ابن عمر سے بھی روایت ہی اور ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر
ہے نزدیک بعض اہل علم کے حضرت صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ نذر ماننی مکروہ ہے اور کہا عبد اللہ بن المبارک نے معنی کراہت کا نذر میں
ہے طاعت میں اور گناہ میں یعنی خواہ نذر طاعت کی ہو خواہ گناہ کی ہو دونوں میں کراہت ہے پس اگر نذر مانے کوئی شخص ساتھ طاعت کے اور
پورا کرے تو اسکو اُسمیں ثواب ہے اور اُسکو نذر ماننی مکروہ ہے **باب** نذر کے پورا کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن منصور نے
اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید القطان نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے روایت کی نافع سے اُسنے ابن عمر سے اُسنے عمر سے کہا کہ یا حضرت
تحقیق نذر مانی تھی میں نے یہ کہ اعتکاف کروں ایک رات مسجد حرام میں (یعنی خانہ کعبے کی مسجد میں) جاہلیت میں فرمایا پوری کر نذر اپنی
اور اس باب میں عبد اللہ بن عمرو اور ابن عباس سے بھی روایت ہی اور عمر کی حدیث صحیح ہے اور تحقیق گئے ہیں بعض اہل علم طرف اس حدیث
کے کہتے ہیں جبکہ مسلمان ہو کوئی شخص اور ہو اُسپر نذر طاعت کی تو چاہیے کہ پورا کرے اُسکو اور بعض اہل علم حضرت کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ نہیں جائز ہے
اعتکاف کرنا مگر ساتھ روزے کے اور دوسرے اہل علم کہتے ہیں کہ نہیں واجب ہی اعتکاف کرنے والے پر روزہ مگر یہ کہ واجب کر لیوے
اپنی جان پر روزے کو اور دلیل پکڑی ہے انھوں نے ساتھ حدیث عمر کے کہ نذر مانی اُسنے جاہلیت میں یہ کہ اعتکاف بیٹھے
ایک رات پس حکم کیا اُنکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پورا کرنے نذر کا۔ یعنی معلوم ہوا کہ اعتکاف میں روزہ شرط نہیں ورنہ رات کا اعتکاف
صحیح نہوتا کہ اُسمیں روزہ نہیں ہی اور یہی ہے قول احمد اور اسحق کا **باب** حضرت صلعم کسطرح قسم کھاتے تھے **حدیث** کی ہمسے علی بن
حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک[2] اور عبد اللہ بن جعفر نے موسی بن عقبہ سے اُسنے روایت کی سالم بن عبد اللہ سے اُسنے اپنے
باپ سے کہا کہ اکثر نبی صلی اللہ علیہ وسلم قسم کھاتے کہ قسم ہی پھیرنے والے دلوں کی یہ حدیث حسن صحیح ہی

[1] یعنی سخی وتیا ہے خدا کے نام پر باختیار خود بلا واسطہ نذر کے اور بخیل کا یہ کام ہے کہ کہتا ہے کہ اگر خدا مجکو یہ چیز دیگا تو اسکے نام پر اسقدر دونگا۔ اور اس حدیث سے
دلیل پکڑی ہی بعض نے کہ نذر ماننی بالکل مکروہ ہی کہ یہ تقدیر کو رد نہیں کرتی ولیکن نذر کبھی موافق ہو جاتی ہی تدبیر کے پس نکالتی ہے بخیل سے مال کو ۱۲ منہ اس سے معلوم ہوا
کہ صفات الٰہی کی قسم کھانی درست ہے ۱۲ [2] عبد اللہ بن مبارک مروزی مولی بنی حنظلہ۔ ثقہ۔ اثبت۔ فقیہ۔ عالم جواد۔ مجاہد ہیں۔ علاوہ بریں بہت سی
خوبیاں آپ میں جمع تھیں۔ آٹھویں طبقہ سے ہیں۔ وفات آپ کی بعمر تریسٹھ سال کے ۱۸۱ھ میں ہوئی ۱۲

باب في ثواب من اعتق رقبة **حدثنا** قتيبة ثنا الليث عن ابن الهاد عن عمر بن علي بن الحسين عن سعيد بن مرجانة عن ابي هريرة قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من اعتق رقبة مومنة اعتق الله منه بكل عضو منه عضوا من النار حتى يعتق فرجه بفرجه وفي الباب عن عائشة وعمرو بن عبسة وابن عباس وواثلة بن الاسقع وابي امامة وكعب بن مرة وعقبة بن عامر حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح غريب من هذا الوجه وابن الهاد اسمه يزيد بن عبد الله بن اسامة بن الهاد وهو مدني ثقة وقد روى عنه مالك بن انس وغير واحد من اهل العلم **باب** في الرجل يلطم خادمه **حدثنا** ابو كريب ثنا المحاربي عن شعبة عن حصين عن هلال بن يساف عن سويد بن مقرن المزني قال لقد رايتنا سبع اخوة ما لنا خادم الا واحدة فلطمها احدنا فامرنا النبي صلى الله عليه وسلم ان نعتقها وفي الباب عن ابن عمر وهذا حديث حسن صحيح وقد روى غير واحد هذا الحديث عن عقبة عن حصين بن عبد الرحمن وذكر بعضهم في هذا الحديث فقال لطمها على وجهها **باب** **حدثنا** احمد بن منيع ثنا اسحق بن يوسف الازرق عن هشام الدستوائي عن يحيى بن ابي كثير عن ابي قلابة عن ثابت بن الضحاك قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من حلف بملة غير الاسلام كاذبا فهو كما قال هذا حديث حسن صحيح وقد اختلف اهل العلم في هذا اذا حلف الرجل بملة سوى الاسلام قال هو يهودي او نصراني ان فعل كذا او كذا ففعل ذلك الشيء فقال بعضهم قد اتى عظيما ولا كفارة عليه وهو قول اهل المدينة وبه يقول مالك بن انس والى هذا القول ذهب ابو عبيد وقال بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم والتابعين وغيرهم عليه في ذلك الكفارة وهو قول سفيان واحمد واسحق

باب جو شخص کہ بردہ آزاد کرے اسکو کیا ثواب ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن الہاد سے اُسنے روایت کی عمر بن علی بن حسین سے اُسنے سعید بن مرجانہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا سُنا مین نے نبی صلعم سے فرماتے تھے جو شخص کہ آزاد کرے بردہ مسلمان[1] آزاد کریگا اللہ یعنی نجات دیگا بدلے ہر عضو کے عضو آزاد کرنے والے کو آگ دوزخ سے یہان تک کہ ستر اُسکے کو بدلے ستر اُسکے کے اور اس باب مین عائشہ اور عمرو بن عبسہ اور ابن عباس اور واثلہ بن اسقع اور ابی امامہ اور کعب بن مرہ اور عقبہ بن عامر سے بھی روایت ہے ابی ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اسوجہ سے اور ابن الہاد کا نام یزید بن عبد اللہ ہے اور وہ مدنی اور ثقہ ہے روایت کی اُسنے مالک بن انس وغیرہ بہت اہل علم نے **باب** اگر کوئی شخص اپنے غلام کو طمانچہ مارے تو اُسکا کفارہ کیا ہے[2] **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے محاربی سے اُسنے شعبہ سے اُسنے حصین سے اُسنے ہلال بن یساف سے اُسنے سوید بن مقرن مزنی سے کہا کہ البتہ تھے ہمارے سات بھائی کہ نتھا ہمارے لیے کوئی خادم مگر ایک سو طمانچہ مارا اُسکو ایک ہمارے نے سو حکم کیا ہمکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ آزاد کرے اُسکو۔ اس باب مین ابن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی بہت لوگون نے یہ حدیث عقبہ سے اُسنے حصین بن عبد الرحمن سے اور ذکر کیا بعض نے اس حدیث مین کہ طمانچہ مارا اُسکے منھ پر **باب** **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسحاق بن یوسف ازرق نے ہشام دستوائی سے اُسنے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ابی قلابہ سے اُسنے ثابت بن ضحاک سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ قسم کھاوے کسی دین کی سوا اسلام کے[3] جھوٹی پس وہ ہوتا ہے جیسے کہ کہا اُسنے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق اختلاف کیا ہے اہل علم نے بیچ اسکے جب کہ قسم کھاوے کوئی شخص کسی دین کی سواے اسلام کے کہے کہ مین یہودی ہون یا نصرانی ہون اگر کرون ایسا اور ایسا۔ پس کیا اُس کام کو پھر کرے اُس چیز کو سو بعضے کہتے ہین کہ اُسنے بڑا گناہ کیا۔ اور نہین کفارہ اُسپر اور یہی ہے قول اہل مدینہ کا۔ اور ساتھ اسی کے قائل ہے مالک بن انس اور اُس قول کیطرف گیا ہے ابو عبید اور بعض اہل علم نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب اور تابعین کہتے ہین کہ اس قسم مین اُسپر کفارہ آتا ہے اور یہی ہے قول سفیان اور احمد اور اسحق کا

---

[1] اسلام کی قید اسواسطے لگائی تا ثواب اُسکا زیادہ ہو اور ستر کو خاص اسلیے کیا کہ وہ جگہ زنا کی ہے کہ وہ اکبر کبائر ہے بعد شرک کے بعضے کہتے ہین کہ اس سے معلوم ہوتا کہ غلام جو آزاد کرے تو چاہیے کہ خصی اور سرکٹا نہو اور عورت عورت کو آزاد کرے اور مرد مرد کو پس یہ اولی ہے ۱۲ ع [2] اس سے معلوم ہوا کہ اپنے غلام کے ساتھ نرمی سے پیش آوے اور اجماع ہے سب مسلمانون کا اسپر کہ طمانچہ مارنے کے بدلے آزاد کرنا مستحب ہے ۱۲ ط [3] اگر کوئی شخص کہے کہ اگر مین یہ کام کرون تو یہودی ہون یا نصرانی یا بیزار ہون

باب حدثنا محمود بن غیلان ثنا وکیع عن سفیان عن یحیی بن سعید عن عبید اللہ بن زحر عن ابی سعید الرعینی عن عبد اللہ بن مالک الیحصبی عن عقبۃ بن عامر قال قلت یا رسول اللہ ان اختی نذرت ان تمشی الی البیت حافیۃ غیر مختمرۃ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ لا یصنع بشقاء اختک شیئا فلترکب ولتختمر ولتصم ثلاثۃ ایام وفی الباب عن ابن عباس وھذا حدیث حسن والعمل علی ھذا عند بعض اھل العلم وھو قول احمد واسحق **باب** حدثنا اسحق بن منصور ثنا ابو المغیرۃ ثنا الاوزاعی ثنا الزھری عن حمید ابن عبد الرحمن عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من حلف منکم فقال فی حلفہ واللات والعزی فلیقل لا الہ الا اللہ ومن قال تعال اقامرک فلیتصدق ھذا حدیث حسن صحیح وابو المغیرۃ ھو الخولانی الحمصی واسمہ عبد القدوس بن الحجاج **باب قضاء النذر عن المیت** حدثنا قتیبۃ ثنا اللیث عن ابن شھاب عن عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبۃ عن ابن عباس عن سعد بن عبادۃ استفتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی نذر کان علی امہ توفیت قبل ان تقضیہ فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اقضہ عنھا ھذا حدیث حسن صحیح **باب ما جاء فی فضل من اعتق** حدثنا محمد بن عبد الاعلی ثنا عمران بن عیینۃ وھو اخو سفیان بن عیینۃ عن حصین عن سالم بن ابی الجعد عن ابی امامۃ وغیرہ من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ایما امرئ مسلم اعتق امرأ مسلما کان فکاکہ من النار یجزی کل عضو منہ عضوا منہ وایما امرئ مسلم اعتق امرأتین مسلمتین کانتا فکاکہ من النار یجزی کل عضو منھما عضوا منہ وایما امرأۃ مسلمۃ اعتقت امرأۃ مسلمۃ کانت فکاکھا من النار یجزی کل عضو منھا عضوا منھا

ھذا حدیث حسن صحیح غریب من ھذا الوجہ

باب - حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اُسنے یحیی بن سعید سے اُسنے عبید اللہ بن زحر سے اُسنے ابی سعید رعینی سے اُسنے عبد اللہ بن مالک یحصبی سے اُسنے عقبہ بن عامر سے کہا کہ مین نے عرض کی کہ یا حضرت تحقیق بہن میری نے نذر مانی ہے یہ کہ جاوے طرف خانہ کعبہ کے یعنی حج کو ننگے پانون ننگے سر[1] پس فرمایا حضرت نے کہ تحقیق اللہ نہین کرتا ساتھ مشقت بہن تیری کے کوئی چیز یعنی خدا کو ایسی مشقت اُٹھانے کی کچھ پرواہ نہین۔ پس چاہیے کہ سوار ہو اور سر ڈھانپے اور چاہیے کہ روزے رکھے تین دن[2] اور اس باب مین ابن عباس سے بھی روایت ہی اور یہ حدیث حسن ہی اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا حدیث کی ہمسے اسحاق بن منصور نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو المغیرہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اوزاعی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے زہری نے حمید بن عبد الرحمن سے اُسنے روایت کی ابو ہریرہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ قسم کھاوے تم مین سے سو کہے اپنی قسم مین کہ قسم کھاتا ہون مین ساتھ لات اور عزی کے پس چاہیے کہ کہے لا الٰہ الا اللہ اور جو شخص کہ کہے واسطے یار اپنے کے آ جوا کھیلون[3] مین تجھسے پس چاہیے کہ خیرات کرے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو مغیرہ کا نام عبد القدوس ہے اور وہ خولانی حمصی ہی **باب** مردے کی طرف سے نذر ادا کرنے کا بیان حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن شہاب سے اُسنے عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ سے اُسنے ابن عباس سے کہ تحقیق سعد بن عبادہ نے فتوی پوچھا نبی صلعم سے بیچ حکم ایک نذر کے کہ تھی اُسکی ماں پر سو مر گئی وہ پہلے ادا کرنے سے سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ادا کر تو نذر کو اُسکی طرف سے[4] یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** بردہ آزاد کرنے کی کیا فضیلت ہے حدیث کی ہمسے محمد بن عبد الاعلی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عمران بن عیینہ (وہ بھائی سفیان بن عیینہ کا ہے) نے حصین سے اُسنے روایت کی سالم بن ابی الجعد سے اُسنے ابی امامہ وغیرہ اصحاب سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا جو شخص مسلمان کہ آزاد کرے آدمی مسلمان کو ہوگا وہ سبب خلاصی اُسکے کا آگ سے کفایت کریگا ہر عضو اسکا بدلے ہر عضو آزاد کرنیوالے کے اور جو مرد مسلمان کہ آزاد کرے دو عورت مسلمان کو ہوگی وہ خلاصی اُسکی آگ سے کفایت کریگا ہر عضو اُسکا بدلے ہر عضو آزاد کرنیوالے کے اور جو عورت مسلمان کہ آزاد کرے ایک عورت مسلمان کو ہوگی خلاصی اُسکی آگ سے کفایت کریگا ہر عضو اسکا بدلے ہر عضو آزاد کرنیوالی کے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہی غریب ہی اس وجہ سے

[1] عورت کا سر اور بال ستر ہین۔ اور کھلا رکھنا اُنکا گناہ ہے اسلیے اُسکو سر ڈھانکنے کا حکم فرمایا۔ اور حکم سواری کا اسواسطے کیا کہ وہ عاجز تھی پیادہ چلنے سے اور روزے رکھنے سے یعنی وقت عاجز ہونے کے ہدی سے یا کہ روزے بھی کفارہ قسم کا ہے ۱۲ع [2] یعنی اپنے مال مین سے کچھ اللہ دے تا کفارہ اس کہنے کا ہو یا اُس مال کو اللہ دے جسکے ساتھ جوا کھیلنے کا ارادہ رکھتا ہو۔ اور جب کہنے کا یہ گناہ ہے تو کھیلنے کا کیا گناہ ہوگا ۱۲ع [3] جمہور علما کہتے ہین کہ اگر مردے پر نذر واجب غیر مالی ہو تو وارث کو مردے کیطرف سے اُسکا ادا کرنا واجب نہین ۱۲

ابواب السیر عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **باب** ما جاء فی الدعوۃ قبل القتال **حدثنا** قتیبۃ ثنا
ابو عوانۃ عن عطاء بن السائب عن ابی البختری ان جیشا من جیوش المسلمین کان امیرهم سلمان الفارسی حاصروا
قصرا من قصور فارس فقالوا یا ابا عبد اللہ الا ننهد الیهم قال دعونی ادعوهم کما سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یدعوهم فاتاهم سلمان فقال لهم انما انا رجل منکم فارسی ترون العرب یطیعوننی فان اسلمتم فلکم مثل الذی لنا وعلیکم
مثل الذی علینا وان ابیتم الا دینکم ترکناکم علیه واعطونا الجزیۃ عن ید وانتم صاغرون قال ورطن الیهم بالفارسیۃ وانتم
غیر محمودین وان ابیتم نابذناکم علی سواء قالوا ما نحن بالذی یعطی الجزیۃ ولکنا نقاتلکم فقالوا یا ابا عبد اللہ الا ننهد الیهم قال
لا فدعاهم ثلثۃ ایام الی مثل هذا ثم قال انهدوا الیهم قال فنهدنا الیهم ففتحنا ذلک القصر وفی الباب عن بریدۃ والنعمان
بن مقرن وابن عمر وابن عباس وحدیث سلمان حدیث حسن لا نعرفه الا من حدیث عطاء بن السائب وسمعت محمدا یقول ابو البختری
لم یدرک سلمان لانه لم یدرک علیا وسلمان مات قبل علی وقد ذهب بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم
وغیرهم الی هذا وراوا ان یدعوا قبل القتال وهو قول اسحاق بن ابراهیم قال ان تقدم الیهم فی الدعوۃ فحسن یکون ذلک اهیب
وقال بعض اهل العلم لا دعوۃ الیوم وقال احمد لا اعرف الیوم احدا یدعی وقال الشافعی لا یقاتل العدو حتی یدعوا الا ان یعجلوا
عن ذلک فان لم یفعل فقد بلغتهم الدعوۃ **باب حدثنا** محمد بن یحیی العدنی المکی ویکنی بابی عبد اللہ الرجل
الصالح هو ابن ابی عمر ثنا سفیان بن عیینۃ عن عبد الملک بن نوفل بن مساحق عن ابن عصام المزنی عن ابیه وکانت له
صحبۃ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ابواب السیر جہاد اور لڑائیوں کا بیان جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے **باب** لڑائی کرنے سے پہلے اسلام کی طرف بلانے کا بیان
حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے عطاء بن سائب سے اُسنے ابی البختری سے کہ ایک لشکر لشکر مسلمانوں سے
تھا سردار اُنکا سلمان فارسی گھیرا اُنھوں نے ایک قلعہ کو قلعوں فارس سے پس کہا لوگوں نے کہ اے ابا عبد اللہ (یہ کنیت ہے سلمان فارسی
کی) کیا نہ کھڑے ہوویں ہم طرف اُنکے یعنی واسطے لڑنے کے کہا اُسنے چھوڑو مجکو کہ دعوت کروں میں اُنکو جیسے کہ سُنا میں نے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم سے کہ دعوت کرتے تھے اُنکو سو آئے اُن پاس سلمان اور کہا اُنکو کہ سوا اسکے نہیں کہ میں ایک مرد ہوں تم میں سے فارسی دیکھتے ہو
تم عرب کو کہ فرمانبرداری کرتے ہیں میری۔ پس اگر اسلام لاؤ تم تو واسطے تمہارے ہے وہ چیز ہے کہ واسطے ہمارے ہے اور تم پر ہے مثل[۱]
اُس چیز کے کہ ہم پر ہے۔ اور اگر نہ مانو تم مگر دین اپنے کو تو چھوڑ دینگے ہم تمکو اُسپر۔ اور دو ہمکو جزیہ اپنے ہاتھ سے اس حال میں کہ تم ذلیل ہو
اور کلام کیے اُنسے فارسی میں۔ اور تم نہیں تعریف کیے گئے۔ اور اگر نہ مانو تم تو لڑینگے ہم تم سے برابر۔ سو اُنھوں نے کہا ہم جزیہ نہیں دینگے
لیکن تمسے لڑینگے سو لوگوں نے کہا کہ کیا نہ کھڑے ہوویں ہم طرف اُنکے کہا نہ سو بلایا اُنکو تین دن تک طرف ایسی مثل اس بات کے پھر فرمایا کھڑے
ہو طرف اُنکے یعنی لڑو اُن سے سو کھڑے ہوئے ہم طرف اُنکے سو فتح کیا ہمنے اُس قلعہ کو اور اس باب میں بریدہ اور نعمان بن مقرن
اور ابن عمر اور ابن عباس سے بھی روایت ہے اور سلمان کی حدیث حسن ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث عطاء بن سائب سے
اور سُنا میں نے بخاری سے کہ کہتے تھے کہ ابو البختری نے نہیں پایا سلمان کو اسواسطے کہ نہیں پایا اُسنے علی کو اور سلمان مرگیا تھا پہلے علی کے
اور تحقیق گئے ہیں بعض اہل علم نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے طرف اسکے اور کہتے ہیں کہ کافروں کو لڑائی سے پہلے اسلام کیطرف بلایا جاوے اور یہی ہے
قول اسحاق بن ابراہیم کا۔ کہا کہ اگر لڑائی سے پہلے اُنکو اگر دعوت کیجاوے تو بہتر ہے کہ اسمیں اُنکو خوف پیدا ہوگا۔ اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ اسوقت دعوت
ضرور نہیں۔ اور کہا احمد نے نہیں پہچانتے ہم آج کے دن کسیکو کہ دعوت کیا جاوے اور کہا شافعی نے کہ نہ لڑے دشمن سے یہانتک کہ بلائے اُنکو طرف
اسلام کے مگر یہ کہ جلدی کیجاوے اُس سے پس اگر نہ کرے تو تحقیق پہونچ چکی ہے اُنکو دعوت اسلام کی **باب** حدیث کی ہمسے محمد بن یحیی عدنی مکی نے جنکی
کنیت ابو عبد اللہ رجل الصالح ابن ابی عمر ہے) اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان ابن ابی عیینہ نے عبد الملک بن نوفل بن مساحق سے اُسنے ابن عصام مزنی
سے اُسنے اپنے باپ سے اور تھی اُسکو صحبت نبی صلعم سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم

۱؎ یعنی احکام مسلمانوں کے کہ واجب ہوتا نماز۔ روزہ۔ زکوۃ وغیرہ کا ہے اور قصاص اور دیت وغیرہ حد ہے اللہ کی ۱۲ منہ کہا ابن عباس نے کہ لیا جاوے جزیہ ذمی سے اس حال میں کہ کوئی جاوے گردن اسکی ۱۲

اذا بعث جیشا او سریۃ یقول لھم اذا رأیتم مسجدا او سمعتم مؤذنا فلا تقتلوا احدا ھذا حدیث حسن غریب وھو حدیث ابن عیینۃ

باب فی البیات والغارات حدثنا الانصاری ثنا معن ثنی مالک بن انس عن حمید عن انس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حین خرج الی خیبر اتاھا لیلا وکان اذا جاء قوما بلیل لم یغر علیھم حتی یصبح فلما اصبح خرجت یھود بمساحیھم ومکاتلھم فلما راوہ قالوا محمد وافق واللہ محمد الخمیس فقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ اکبر خربت خیبر انا اذا نزلنا بساحۃ قوم فساء صباح المنذرین حدثنا قتیبۃ ومحمد بن بشار قالا ثنا معاذ بن معاذ عن سعید بن ابی عروبۃ عن قتادۃ عن انس عن ابی طلحۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا ظھر علی قوم اقام بعرصتھم ثلاثا ھذا حدیث حسن صحیح وحدیث حمید عن انس حدیث حسن صحیح وقد رخص قوم من اھل العلم فی الغارۃ باللیل وان یبیتوا وکرھہ بعضھم وقال احمد واسحق لا باس ان یبیت العدو لیلا ومعنی قولہ وافق محمد الخمیس یعنی بہ الجیش **باب فی التحریق والتخریب** حدثنا قتیبۃ ثنا اللیث عن نافع عن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حرق نخل بنی النضیر وقطع وھی البویرۃ فانزل اللہ ما قطعتم من لینۃ او ترکتموھا قائمۃ علی اصولھا فباذن اللہ ولیخزی الفاسقین وفی الباب عن ابن عباس وھذا حدیث حسن صحیح وقد ذھب قوم من اھل العلم الی ھذا ولم یروا باسا بقطع الاشجار وتخریب الحصون وکرہ بعضھم ذلک وھو قول الاوزاعی قال الاوزاعی ونھی ابوبکر الصدیق ان یقطع شجرا مثمرا او یخرب عامرا وعمل بذلک المسلمون بعدہ وقال الشافعی لا باس بالتحریق فی ارض العدو وقطع الاشجار والثمار وقال احمد وقد تکون فی مواضع لا یجدون منہ بدا فاما بالعبث

جب بھیجتے کسی بڑے لشکر کو یا چھوٹے لشکر کو تو فرماتے جبکہ دیکھو تم مسجد یا سنو تم کسی موذن کو اذان کہتے تو نہ قتل کرو کسی کو یعنے وہان کے لوگون کو یہ حدیث حسن غریب ہے۔ اور یہ حدیث ابن عیینہ کی ہے **باب شبخون کرنے اور لوٹ کرنے کا بیان** حدیث کی ہمسے انصاری نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معن نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے حمید سے اُسنے انس سے کہا کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب کہ نکلے طرف خیبر کے تو آئے اُن پاس رات کو اور تھا جب کہ آتے کسی قوم پر رات کو تو نہ شبخون کرتے اور نہ لوٹ کرتے اُنپر اُنکو یہانتک کہ صبح کرتے سو جب صبح کی آپنے تو نکلے یہود خیبر کے ساتھ تھیلیوں اور بیلچون اپنے کے یعنی حضرت کے آنے کی اُنکو خبر نہ تھی وہ لوگ اپنے کاروبار کے لیے باہر نکلے) سو جب دیکھا اُنھوں نے نبی صلعم کو تو کہا آئے محمد اور قسم ہے اللہ کی آئے محمد اور لشکر سو حضرت صلعم نے فرمایا یعنی از راہ تفاؤل کے ساتھ شکست کھانے اُنکے کے اللہ بڑا ہے اللہ بڑا ہے خراب ہوا خیبر تحقیق ہم جس وقت اُترتے ہیں بیچ میدان ایک قوم کے تو بری ہوئی صبح اُس قوم کی کہ ڈرائے گئے ہیں۔ حدیث کی ہمسے قتیبہ اور محمد بن بشار نے اُنھوں نے کہا حدیث کی ہمسے معاذ نے سعید بن ابی عروبہ سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے اُسنے ابی طلحہ سے کہ تحقیق نبی صلعم جبکہ غالب ہوتے کسی قوم پر تو ٹھہرتے اُنکے میدان میں تین دن یہ حدیث حسن صحیح ہے اور حدیث حمید کی انس سے حسن صحیح ہے اور تحقیق اجازت دی ہے ایک قوم نے اہل علم سے اسمین کہ رات کو لوٹ اور شبخون کرنا درست ہے اور بعضے کہتے ہیں کہ مکروہ ہے اور کہا احمد اور اسحاق نے کہ نہیں ڈر یہ کہ شبخون کرے دشمن پر رات کو اور خمیس کے معنی لشکر کے ہیں **باب جلانے اور خراب کرنے کا بیان** حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ تحقیق نبی صلعم نے بنی نضیر کی کھجورون کے کاٹنے اور جلانے کا حکم فرمایا اور وہ بویرہ (نام ہے ایک جگہ کا) سو خدا تعالیٰ نے اُسکے حق میں یہ آیت اُتاری۔ جو کچھ کہ کاٹا تمنے درخت کھجورون سے یا چھوڑا تمنے اُسکو کھڑا اُسکی جڑون پر یعنے نہ کاٹا پس ساتھ حکم اللہ کے ہے اور تاکہ سزا دے گنہگارون کو اور اس باب مین ابن عباس سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق گئی ہے ایک جماعت اہل علم کی طرف اسکے کہ درختونکا کاٹنا اور قلعونکا خراب کرنا اور ڈھانا درست ہے اور بعضے کہتے ہیں کہ درختونکا کاٹنا مکروہ ہے۔ اور یہی ہے قول اوزاعی کا کہا اوزاعی نے کہ منع کیا حضرت ابوبکر نے یہ کہ کاٹا جاوے درخت پھلدار یا خراب کیا جاوے مکان آباد اور عمل کیا ساتھ اسکے مسلمانون نے بعد اُسکے اور امام شافعی نے کہا کہ دشمن کی زمین میں درختون اور میوونکا جلانا اور کاٹنا درست ہے اور کہا احمد نے کہ کبھی ایسی جگہ میں ہوتے ہیں کہ نہیں پاتے کوئی چارہ اُس سے اور لیکن بیفائدہ

۱؎ یعنی جب کہ پاؤ تم کوئی علامت فعلی یا قولی شعار اسلام سے تو مت قتل کرو کسی کو یہانتک کہ جدے کرو مومن کو کافر سے ۱۲ ع ۲؎ یہ جملہ مستانفہ بیان ہے واسطے سبب خرابی خیبر کے اور ڈرائے گئے ہیں اُس سے کفار یعنی بری ہے صبح اُنکی بسبب نازل ہونے عذاب اللہ کے ساتھ قتل اور غارت کرنے کے کہا نووی نے کہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مستحب ہے تکبیر کہنا وقت ملنے دشمن کے اور جائز ہے استشہاد ساتھ قرآن کے بیچ ایسے حال کے ۱۲ ع ۳؎ بنی نضیر نام ایک قبیلے کا ہے قبایل یہود سے جب اُنھوں نے عہد توڑا اور قصد کیا حضرت

الاخرى قال اسحٰق التحريق سنة اذا كان انكى فيهم **باب ما جاء في الغنيمة** حدثنا محمد بن عبيد المحاربي نا اسباط بن محمد عن سليمان التيمي عن سيار عن ابي امامة عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ان الله فضلني على الانبياء او قال امتي على الامم واحل لنا الغنائم وفي الباب عن علي وابي ذر وعبد الله بن عمرو وابي موسى وابن عباس حديث ابي امامة حديث حسن صحيح وسيار هذا يقال له سيار مولى بني معاوية وروى عنه سليمان التيمي وعبد الله بن بحير وغير واحد **حدثنا** علي بن حجر نا اسمعيل بن جعفر عن العلاء بن عبد الرحمن عن ابيه عن ابي هريرة ان النبي صلى الله عليه وسلم قال فضلت على الانبياء بست اعطيت جوامع الكلم ونصرت بالرعب واحلت لي الغنائم وجعلت لي الارض مسجدا وطهورا وارسلت الى الخلق كافة وختم بي النبيون هذا حديث حسن صحيح **باب في سهم الخيل** حدثنا احمد بن عبدة الضبي وحميد بن مسعدة قالا انا سليم بن اخضر عن عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قسم في النفل للفرس بسهمين وللرجل بسهم **حدثنا** محمد بن بشار نا عبد الرحمن بن مهدي عن سليم بن اخضر نحوه وفي الباب عن مجمع بن جارية وابن عباس وابن ابي عمرة عن ابيه وهذا حديث ابن عمر حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم وهو قول سفيان الثوري والاوزاعي ومالك بن انس وابن المبارك والشافعي واحمد واسحٰق قالوا للفارس ثلاثة اسهم سهم له وسهمان لفرسه وللراجل سهم **باب ما جاء في السرايا** حدثنا محمد بن يحيى الازدي البصري وابو عمار وغير واحد قالوا انا وهب بن جرير عن ابيه عن يونس بن يزيد عن الزهري عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة عن ابن عباس

جلائے جاتے ہیں۔ اور کہا اسحٰق نے کہ جلانا سنت ہے جب کہ ہو اُنکی بیخ اُکھڑے **باب** لوٹ کے بیان میں حدیث کی ہم سے محمد بن عبید محاربی نے اُسنے کہا کہ حدیث کی ہم سے اسباط بن محمد نے سلیمان تیمی سے اُسنے سیار سے اُسنے ابی امامہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تحقیق اللہ تعالیٰ نے بزرگی دی مجکو نبیوں پر یا فرمایا بزرگی دی امت میری کو اور امتوں پر اور حلال کیں ہمارے لیے غنیمتیں اور اس باب میں علی اور ابی ذر اور عبداللہ بن عمرو اور ابی موسی اور ابن عباس سے بھی روایت ہے اور ابی امامہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور سیار کو سیار مولی بنی معاویہ بھی کہتے ہیں) اور روایت کی سیار سے سلیمان تیمی اور عبداللہ بن بحیر وغیرہ نے حدیث کی ہم سے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہم سے اسمعیل بن جعفر نے علاء بن عبدالرحمن سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا۔ اور نبیوں پر مجھے چھ چیزوں میں فضیلت دیا گیا۔ دیا گیا میں جوامع الکلم۔ اور فتح دیا گیا میں ساتھ رعب کے اور حلال کی گئی میرے لیے لوٹ۔ اور کی گئی میرے لیے زمین مسجد اور پاک کرنیوالی۔ اور بھیجا گیا میں تمام خلق میں نبی۔ اور مجھ پر نبوت ختم ہوئی۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** گھوڑے میں حصہ لگانے کا بیان حدیث کی ہم سے احمد بن عبدہ ضبی اور حمید بن مسعدہ نے انھوں نے کہا حدیث کی ہم سے سلیم بن اخضر نے عبیداللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ تحقیق حضرت صلعم نے تقسیم کی غنیمت میں واسطے گھوڑے کے دو حصے اور واسطے مرد کے ایک حصہ حدیث کی ہم سے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہم سے عبدالرحمن بن مہدی نے سلیم بن اخضر سے مانند اسکے اور اس باب میں مجمع بن جاریہ اور ابن عباس اور ابن ابی عمرة سے اُسنے اپنے باپ سے بھی روایت ہے اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے حضرت صلعم کے اصحاب وغیرہ سے۔ اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور اوزاعی اور مالک بن انس اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا کہتے ہیں کہ واسطے سوار کے تین حصے ہیں ایک حصہ اُسکا ہے اور دو حصہ اُسکے گھوڑے کا اور واسطے پیادہ کے ایک حصہ ہے **باب** چھوٹے لشکر کا بیان حدیث کی ہم سے محمد بن یحیی بصری ازدی اور ابو عمار وغیرہ نے انھوں نے کہا حدیث کی ہم سے وہب بن جریر نے اپنے باپ سے اُسنے یونس بن یزید زہری سے اُسنے عبیداللہ بن عبداللہ بن عتبہ سے انھوں نے ابن عباس سے

ف یعنی کلام تھوڑا اور معنے بہت جیسے کہ حدیث الاعمال بالنیات اور الخراج بالضمان وغیرہ اور فتح دی اللہ نے مجکو ساتھ ہیبت ڈالنے خوف کے بیچ دل دشمنوں میرے کے

ف اور یہی مذہب ہے جمہور علما کا۔ اور بعضے کہتے ہیں کہ سوار کے دو حصے ہیں اور یہ مذہب امام اعظم کا ہے دیکھو صفحہ ۲۹۲ ملا جیون اس لیے معتبر ہیں کہ اگر ایک پیادہ اور سوار ..... کرے کسی فیئ کو تو دو گواہ ہو جاویں اور اگر اس سے زیادہ ہوں تو اور بہتر ہیں اور .... سب کی طرف منسوب ہوتی ہیں کہ یہ عدد کم نہیں ہے اگر مغلوب ہو گئے

قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم خير الصحابة اربعة وخير السرايا اربع مائة وخير الجيوش اربعة الاف ولا يغلب اثنا عشر الفا من قلة هذا حديث حسن غريب لا يسنده كبير احد غير جرير بن حازم وانما روي هذا الحديث عن الزهري عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا وقد رواه حبان بن علي العنزي عن عقيل عن الزهري عن عبيد الله بن عبد الله عن ابن عباس عن النبي صلى الله عليه وسلم ورواه الليث بن سعد عن عقيل عن الزهري عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا **باب** من يعطى الفيء حدثنا قتيبة ثنا حاتم بن اسمعيل عن جعفر بن محمد عن ابيه عن يزيد بن هرمز ان نجدة الحروري كتب الى ابن عباس يسأله هل كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يغزو بالنساء وهل كان يضرب لهن بسهم فكتب اليه ابن عباس كتبت الي تسألني هل كان رسول الله صلى الله عليه وسلم يغزو بالنساء وكان يغزو بهن فيداوين المرضى ويحذين من الغنيمة واما بسهم فلم يضرب لهن بسهم وفي الباب عن انس وام عطية وهذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اكثر اهل العلم وهو قول سفيان الثوري والشافعي وقال بعضهم يسهم للمرأة والصبي وهو قول الاوزاعي قال الاوزاعي واسهم النبي صلى الله عليه وسلم للصبيان بخيبر واسهمت ائمة المسلمين لكل مولود ولد في ارض الحرب قال الاوزاعي واسهم النبي صلى الله عليه وسلم للنساء بخيبر واخذ بذلك المسلمون بعده حدثنا بذلك علي بن خشرم ثنا عيسى بن يونس عن الاوزاعي بهذا ومعنى قوله ويحذين من الغنيمة يقول يرضخ لهن بشيء من الغنيمة يعطين شيئا **باب** هل يسهم للعبد حدثنا قتيبة ثنا بشر بن المفضل عن محمد بن زيد عن عمير مولى ابي اللحم قال شهدت خيبر مع سادتي فكلموا في رسول الله صلى الله عليه وسلم وكلموه اني مملوك

کہا فرمایا نبی صلعم نے بہتر ساتھیوں اور رفیقوں کے چار ہیں۔ اور زیادہ تر بہتر چھوٹے لشکروں کے چار سو ہیں اور زیادہ تر بہتر بڑی لشکروں کے چار ہزار ہیں۔ اور ہرگز مغلوب نہیں ہوتے بارہ ہزار بسبب قلت کے یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں مسند کیا اسکو کسی بڑے شخص نے سوا جریر بن حازم کے اور سوا اسکے نہیں کہ روایت کی گئی ہے یہ حدیث زہری سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل اور تحقیق روایت کیا ہے اسکو حبان بن علی عنزی نے عقیل سے اسنے زہری سے اسنے عبید اللہ بن عبد اللہ سے اسنے نبی صلعم سے اور روایت کیا ہے اسکو لیث بن سعد نے عقیل سے اسنے زہری سے اسنے نبی صلعم سے مرسل **باب** لوٹ کے مال سے کسکو حصہ دیا جاوے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے حاتم بن اسمعیل نے جعفر بن محمد سے انہنے اپنے باپ سے اسنے یزید سے اسنے ہرمز سے کہا کہ لکھا نجدہ حروری نے طرف ابن عباس کے اس حال میں کہ پوچھتے تھے ابن عباس سے کہ کیا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جہاد کرتے ساتھ عورتوں کے یعنی عورتیں بھی آپکے ساتھ جہاد میں جاتی تھیں اور کیا تھے بانٹتے واسطے انکے حصہ لوٹ سے سو لکھا ابن عباس نے طرف اسکے کہ لکھا تھا تو نے طرف میرے اس حال میں کہ پوچھتا تھا مجھسے کہ کیا تھے حضرت جہاد کرتے ہمراہ عورتوں کے سو اسکا جواب یہ ہے کہ تھے حضرت صلعم جہاد کرتے ساتھ انکے کہ دوا کرتیں بیماروں کی اور دیجاتی کچھ مال غنیمت میں سے۔ اور لیکن حصہ پس نہیں مقرر کیا واسطے انکے حصہ اور اس باب میں انس اور ام عطیہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور شافعی کا اور بعضے کہتے ہیں کہ حصہ دیا جاوے عورت اور لڑکے کو بھی اور یہی ہے قول اوزاعی کا اور کہا اوزاعی نے کہ حصہ دیا نبی صلعم نے لڑکوں کو خیبر میں اور حصہ دیا اماموں مسلمین نے واسطے ہر لڑکے کے کہ پیدا ہوا دار الحرب میں اور کہا اوزاعی نے کہ حصہ دیا حضرت صلعم نے عورتوں کو خیبر میں اور عمل کیا ساتھ اسکے مسلمانوں نے بعد آپکے حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے علی بن خشرم نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے عیسیٰ بن یونس نے اوزاعی سے ساتھ اسکے اور معنی قول یحذین من الغنیمۃ کے یہ ہیں کہ دیجاوے انکو کوئی چیز لوٹ میں سے **باب** غلام کو پورا حصہ دیا جاوے یا نہیں حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن مفضل نے محمد بن زید سے اسنے عمیر مولی ابی اللحم سے کہا کہ حاضر ہوا میں جنگ خیبر میں ساتھ مالکوں اپنے کے پس کلام کیا مالکوں نے میرے مقدمہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور کلام کیا انھوں نے آپ سے یعنی معلوم کروایا آپ کو یہ کہ میں غلام ہوں

ف اور اسی پر عمل ہے اکثر اہل علم کا کہ غلام اور لڑکے اور عورتیں دیئے جاویں کچھ مال غنیمت سے یعنے حصہ سے کم اور حصہ پورا نہ مقرر کیا جاوے اور یہی ہے مذہب حنفیہ کا۔ مگر یہ اسی صورت میں ہے کہ لڑائی میں مدد کریں الخ پس معلوم ہوا کہ عورتوں کے لیے مال غنیمت میں کچھ حصہ نہیں بلکہ وہ فقط مجاہدین کا ہے

[illegible]

...فامر بي فقلدت السيف فاذا انا اجره فامر لي بشئ ...ية كنت ...بها المجانين فامرني بطرح بعضها وحبس بعضها وفي الباب عن ابن عباس وهذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند بعض اهل العلم لا يسهم للمملوك ولكن يرضخ له بشئ وهو قول الثوري والشافعي واحمد واسحق

باب ما جاء في اهل الذمة يغزون مع المسلمين هل يسهم لهم

حدثنا الانصاري ثنا معن ثنا مالك بن انس عن الفضيل بن ابي عبد الله عن عبد الله بن نيار الاسلمي عن عروة عن عائشة ان رسول الله صلى الله عليه وسلم خرج الى بدر حتى اذا كان بحرة الوبر لحقه رجل من المشركين يذكر منه جرأة ونجدة فقال له النبي صلى الله عليه وسلم تؤمن بالله ورسوله قال لا قال ارجع فلن استعين بمشرك وفي الحديث كلام اكثر من هذا هذا حديث حسن غريب والعمل على هذا عند بعض اهل العلم قالوا لا يسهم لاهل الذمة وان قاتلوا مع المسلمين العدو ورأى بعض اهل العلم ان يسهم لهم اذا شهدوا القتال مع المسلمين ويروى عن الزهري ان النبي صلى الله عليه وسلم اسهم لقوم من اليهود قاتلوا معه

حدثنا بذلك قتيبة بن سعيد نا عبد الوارث بن سعيد عن عزرة بن ثابت عن الزهري بهذا

حدثنا ابو سعيد الاشج ثنا حفص بن غياث ثنا بريد وهو ابن عبد الله بن ابي بردة عن جده ابي بردة عن ابي موسى قال قدمت على رسول الله صلى الله عليه وسلم في نفر من الاشعريين خيبر فاسهم لنا مع الذين افتتحوها هذا حديث حسن صحيح غريب العمل على هذا عند اهل العلم قال الاوزاعي من لحق بالمسلمين قبل ان يسهم للخيل اسهم له

باب ما جاء في الانتفاع بآنية المشركين

پس حکم کیا مجھکو کہ اٹھاؤں ہتھیار اور شامل ہوں ساتھ مجاہدوں کے۔ پس پہنایا گیا میں تلوار یعنی ایک تلوار میری گردن میں ڈالدی پس ناگاہ میں کھینچتا تھا اسکو یعنی زمین پر بسبب صغر سنی کے یا کوتاہ قد کے سو حکم کیا نبی صلعم نے میرے لیے یعنی وقت تقسیم کرنے غنیمت کے ساتھ تھوڑی سی چیز کے غنیمت میں سے اور بیان کیا میں نے روبرو نبی صلعم کے ایک منتر کہ تھا میں پڑھتا اسکو دیوانوں پر یعنی پڑھکر انکو دم کرتا تھا۔ پس حکم کیا مجھکو ساتھ موقوف کرنے بعض منتر کے اور رہنے دینے بعض منتر کے اور اس باب میں ابن عباس سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے یہ کہ نہ مقرر کیا جاوے حصہ واسطے غلام کے لیکن دیجاوے اسکو کوئی چیز بطور انعام کے کم حصے سے اور یہی ہے قول ثوری اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا

باب اگر اہل ذمہ یعنی کفار ذمی مسلمانوں کے ہمراہ جہاد کریں تو انکو بھی مال غنیمت سے حصہ دیا جاوے یا نہیں

حدیث کی ہمسے انصاری نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معن نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے فضیل بن ابی عبد اللہ سے اُسنے عبد اللہ بن نیار اسلمی سے اسنے عروہ سے اُسنے عائشہ سے کہ تحقیق نبی صلعم نکلے طرف جنگ بدر کے یہانتک کہ جب پہونچے کنکریلی زمین وبرہ میں (کہ اطراف مدینے سے ایک مقام کا نام ہے) تو ساتھ ہولیا انکے ایک مرد مشرکین سے کہ ذکر کیجاتی تھی اُسکی دلاوری اور بہادری سو نبی صلعم نے اُسکو فرمایا کہ کیا ایمان لاتا ہے تو ساتھ اللہ کے اور رسول اُسکے کے کہا اُسنے نہیں فرمایا پھر جا۔ پس ہرگز نہیں مدد چاہتے ہیں ساتھ مشرک کے اور اس حدیث میں اس سے زیادہ کلام ہے۔ یہ حدیث حسن غریب ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے کہتے ہیں کہ نہ حصہ دیا جاوے اہل ذمہ کو اگرچہ لڑیں ہمراہ مسلمانوں کے دشمن سے اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ حصہ دیا جاوے واسطے انکے جبکہ حاضر ہوں ہمراہ مسلمانوں کے لڑائی میں۔ اور روایت کیجاتی ہے زہری سے کہ حضرت صلعم نے حصہ دیا ایک قوم یہود کو کہ لڑے تھے وہ ہمراہ نبی صلعم کے

حدیث کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوارث بن سعید نے عزرہ بن ثابت سے انھوں زہری سے ساتھ اسکے

حدیث کی ہمسے ابو سعید اشج نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حفص بن غیاث نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے برید بیٹے عبد اللہ بن ابی بردہ نے اپنے دادا ابی بردہ سے اُسنے روایت کی ابی موسی سے کہا کہ آیا میں پاس نبی صلعم کے ہمراہ چند آدمی اشعریوں کے خیبر میں پس حصہ دیا ہمکو ساتھ اُن لوگوں کے کہ فتح کیا تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے اور کہا اوزاعی نے جو شخص کہ ملے ساتھ مسلمانوں کے پہلے اس سے کہ حصہ دیا جاوے گھوڑے کو حصہ دیا جاوے

باب مشرکین کے باسنوں سے نفع اٹھانے کا بیان

---

۱ ابو موسی اشعری یمن سے مکے میں آئے اور اسلام لائے پھر ہجرت کرکے حبشہ کو گئے۔ اور صحابہ بھی وہاں ہجرت کرگئے تھے جب انھوں نے نبی صلعم کے ہجرت کی خبر

حدثنا زيد بن اخزم الطائي ثنا ابو قتيبة سلم بن قتيبة ثنا شعبة عن ايوب عن ابي قلابة عن ابي ثعلبة الخشني قال سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم عن قدور المجوس قال انقوها غسلا واطبخوا فيها ونهى عن كل سبع ذي ناب وقد روي هذا الحديث من غير هذا الوجه عن ابي ثعلبة رواه ابو ادريس الخولاني عن ابي ثعلبة وابو قلابة لم يسمع من ابي ثعلبة انما رواه عن ابي اسماء عن ابي ثعلبة ﴿حدثنا﴾ هناد ثنا ابن المبارك عن حيوة ابن شريح قال سمعت ربيعة بن يزيد الدمشقي يقول اخبرني ابو ادريس الخولاني عائذ الله بن عبيد الله قال سمعت ابا ثعلبة الخشني يقول اتيت رسول الله صلى الله عليه وسلم فقلت يا رسول الله انا بارض قوم اهل كتاب ناكل في آنيتهم قال ان وجدتم غير آنيتهم فلا تاكلوا فيها فان لم تجدوا فاغسلوها وكلوا فيها هذا حديث حسن صحيح **باب في النفل** ﴿حدثنا﴾ محمد بن بشار ثنا عبد الرحمن بن مهدي ثنا سفيان عن عبد الرحمن بن الحارث عن سليمان بن موسى عن مكحول عن ابي سلام عن ابي امامة عن عبادة بن الصامت ان النبي صلى الله عليه وسلم كان ينفل في البداة الربع وفي القفول الثلث وفي الباب عن ابن عباس وحبيب بن مسلمة ومعن بن يزيد وابن عمر وسلمة بن الاكوع وحديث عبادة حديث حسن وقد روي هذا الحديث عن ابي سلام عن رجل من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم ﴿حدثنا﴾ هناد ثنا ابن ابي الزناد عن ابيه عن عبيد الله بن عبد الله بن عتبة عن ابن عباس ان النبي صلى الله عليه وسلم تنفل سيفه ذا الفقار يوم بدر وهو الذي رأى فيه الرؤيا يوم احد هذا حديث حسن غريب

حدیث کی ہمسے زید بن اخزم طائی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے ایوب سے اُسنے روایت کی ابی قلابہ سے اُسنے ابی ثعلبہ خشنی سے کہا کہ پوچھے گئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم ہنڈیون مجوس سے فرمایا صاف کرو اُنکو دھونے سے اور کھاؤ پکاؤ بیچ اُنکے اور منع فرمایا ہر درندہ کے کھانے سے کچلے دانت والے سے۔ اور تحقیق روایت کی گئی ہے یہ حدیث غیر اسوجہ سے بھی ابی ثعلبہ سے روایت کیا اسکو ابو ادریس خولانی نے ابی ثعلبہ سے اور ابو قلابہ نے نہین سُنا ابی ثعلبہ سے سوا اسکے نہین کہ روایت کیا اُسکو ابی اسماء سے اُسنے ابی ثعلبہ سے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے حیوہ بن شریح سے کہا کہ سنا مین نے ربیعہ بن یزید دمشقی سے کہتا تھا کہ خبر دی مجکو ابو ادریس خولانی عائذ اللہ بن عبید اللہ نے اُسنے کہا سُنا مین نے ابو ثعلبہ خشنی سے کہتا تھا کہ حاضر ہوا مین پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو عرض کی مینے کہ یا حضرت تحقیق ہم بیچ زمین قوم اہل کتاب کے ہیں کیا کھاوین ہم اُنکے برتنون مین فرمایا اگر پاؤ تم سوا اُن برتنون کے پس نہ کھاؤ اُنکے برتنون مین اور اگر نہ پاؤ سوا اُنکے برتنون کے تو دھوؤ اُنکو اور کھاؤ اُن مین یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** انعام اور زیادہ حصہ دینے کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عبد الرحمن بن حارث سے اُسنے روایت کی سلیمان بن موسی سے اُسنے مکحول سے اُسنے ابی سلام سے اُسنے ابی امامہ سے اُسنے عبادہ بن صامت سے کہا کہ تھے نبی صلعم زیادہ حصہ دیتے چوتھائی[1] وقت ابتداء جہاد کے اور تہائی بیچ وقت پھرنے جہاد کے اور اس باب مین ابن عباس اور حبیب بن مسلمہ اور معن بن یزید اور ابن عمر اور سلمہ بن اکوع سے بھی روایت ہے اور عبادہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی گئی یہ حدیث ابی سلام سے اُسنے نبی صلعم کے ایک اصحاب سے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی زناد نے اپنے باپ سے اُسنے عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا کہ حضرت صلعم نے حصہ سے زیادہ لی تلوار اپنی کہ نام اُسکا[2] ذو الفقار تھا دن جنگ بدر کے اور وہ تلوار تھی کہ دیکھا تھا نبی صلعم نے خواب مین اُسکو احد کے دن۔ یہ حدیث حسن غریب ہے

[1] یعنی اگر جاتی ایک جماعت لشکر مین سے بیچ ابتدا جنگ کے اور مشغول ہوتے بیچ جنگ دشمنون کے پہلے پہونچنے لشکر سے تو دیتے اُنکو حضرت صلعم چوتھائی مال غنیمت مین سے اور شریک کرتے اُنکو ساتھ تمام لشکر کے بیچ تین ربع باقی کے اور جب پھرتا لشکر جہاد سے اور ایک جماعت دشمنون کی لڑائی مین مشغول ہوتی تو دیتے اُنکو تہائی مال غنیمت سے اور شریک کرتے اُنکو باقی دو ثلث مین ساتھ تمام لشکر کے اسلیے کہ پھرنے کے وقت جان کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے کیونکہ ابتدا مین مدد پہنچی ہوا اور پھرنے کے وقت مدد نہین پہونچتی ۱۲ مگر شاید یہ انعام غنیمت مین سے ہے کہ خاص وہ جماعت لوٹ لاوے نہ اس سے کہ لشکر اکٹھے لوٹ لاوے اور یا کہ اس تمام غنیمت سے ہو۔ [2] یعنی نبی صلعم نے اُسکو پسند کر کے حصہ سے زیادہ لیا غنیمت مین کر اور یہ بات سوا حضرت صلعم کے اور کسیکو جائز نہ تھی۔ اور وہ تلوار ابن منبہ کا فر کی تھی کہ بدر کے دن مارا گیا سو آپنے وہ تلوار سب سے زیادہ جانی۔ اور آپکے پاس سب لڑائیون مین رہی پھر آپنے حضرت علی کو بخشدی۔ کہتے ہین کہ اُسکی پشت پر مہر بھی تھی مشابہ مہر پشت کے اور خواب یہ تھا

انما نعرفه من هذا الوجه من حديث ابن ابي الزناد وقد اختلف اهل العلم في النفل من الخمس فقال مالك بن انس لم يبلغني ان رسول الله صلى الله عليه وسلم نفل في مغازيه كلها وقد بلغني انه نفل في بعضها وانما ذلك على وجه الاجتهاد من الامام في اول المغنم وآخره قال ابن منصور قلت لاحمد ان النبي صلى الله عليه وسلم نفل اذا فصل بالربع بعد الخمس واذا قفل بالثلث بعد الخمس فقال يخرج الخمس ثم ينفل مما بقي ولا يجاوز هذا وهذا الحديث على ما قال ابن المسيب النفل من الخمس قال اسحق كما قال **باب** ما جاء فيمن قتل قتيلا فله سلبه **حدثنا** الانصاري ثنا معن ثنا مالك بن انس عن يحيى بن سعيد عن عمر بن كثير بن افلح عن ابي محمد مولى ابي قتادة عن ابي قتادة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من قتل قتيلا له عليه بينة فله سلبه وفي الحديث قصة **حدثنا** ابن ابي عمر ثنا سفيان بن عيينة عن يحيى بن سعيد بهذا الاسناد نحوه وفي الباب عن عوف بن مالك وخالد بن الوليد وانس وسمرة وهذا حديث حسن صحيح وابو محمد هو نافع مولى ابي قتادة والعمل على هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم وهو قول الاوزاعي والشافعي واحمد وقال بعض اهل العلم للامام ان يخرج من السلب الخمس وقال الثوري النفل ان يقول الامام من اصاب شيئا فهو له ومن قتل قتيلا فله سلبه فهو جائز وليس فيه الخمس وقال اسحق السلب للقاتل الا ان يكون شيئا كثيرا فرأى الامام ان يخرج منه الخمس كما فعل عمر بن الخطاب **باب** في كراهية بيع المغانم حتى تقسم **حدثنا** هناد ثنا حاتم بن اسمعيل عن جهضم بن عبد الله عن محمد بن ابراهيم عن محمد بن زيد عن شهر بن حوشب عن ابي سعيد الخدري قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن شراء المغانم حتى تقسم وفي الباب عن ابي هريرة

وهذا حديث غريب

سوا اسکے نہیں کہ پہچانتے ہیں ہم اسکو اسی وجہ سے یعنے حدیث ابن زناد سے اور اختلاف کیا ہے اہل علم نے بیچ زیادہ حصہ لینے کے خمس ہی یعنی انعام خمس میں سے دیا جاوے۔ یا باقی مال غنیمت میں سے دیا جاوے یا کل میں سے۔ سو امام مالک کہتے ہیں کہ نہیں پہنچا مجھکو یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے سب لڑائیوں میں حصہ زیادہ دیا ہو بلکہ بعض لڑائیوں میں آپ نے بعض کو زیادہ حصہ دیا۔ اور سوا اسکے نہیں کہ یہ امام کی راے پر موقوف ہے ابتدا غنیمت میں اور اخیر میں یعنی ہر طرح سے درست ہے کہا ابن منصور نے کہ میں نے امام احمد سے کہا کہ تحقیق حضرت صلعم زیادہ حصہ دیا چوتھائی بیچ ابتدا جہاد کے پیچھے نکالنے خمس کے۔ اور زیادہ دی تہائی وقت پھرنے کے جہاد سے پیچھے نکالنے خمس کے پس کہا کہ پہلے تمام غنیمت سے پانچواں حصہ نکالا جاوے پھر باقی چار ربع میں سے زیادہ حصہ دے بطور انعام کے۔ یعنی چوتھائی یا تہائی۔ اور نہ تجاوز کیا جاوے اس سے اور یہ حدیث بنا بر اسکے ہے کہ کہا ابن مسیب نے زیادہ حصہ دینا پانچویں حصہ میں سے ہے کہا اسحاق نے جیسے کہ کہا **باب** جو شخص کہ قتل کرے کسی کافر کو تو اسی کے لیے ہے اسباب اسکا **حدیث** کی ہمسے انصاری نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معن نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے یحیی بن سعید سے اُسنے عمر بن کثیر بن افلح سے اُسنے ابی محمد مولی ابی قتادہ سے اُسنے ابی قتادہ سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ جو شخص مارے کسی کافر کو کہ اسکے لیے اُسپر گواہ ہو تو اُسی کے لیے ہے اسباب اُسکا اور اس حدیث میں قصہ ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے یحیی بن سعید سے ساتھ اس اسناد کے مانند اسکے اور اس باب میں عوف بن مالک اور خالد بن ولید اور انس اور سمرہ سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث حسن صحیح ہے (ابو محمد وہی نافع مولی ابی قتادہ ہے) اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے اور یہی ہے قول اوزاعی اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا اور کہا بعض اہل علم نے کہ جائز ہے امام کو یہ کہ نکالے اُس اسباب میں سے بھی پانچواں حصہ اور کہا ثوری نے کہ نفل یہ ہے کہ کہے امام کہ جو شخص کوئی چیز پاوے تو اسکے لیے ہے اور جو شخص کہ قتل کرے کسی کافر کو تو اُسی کے لیے ہے اسباب اسکا پس یہ لینا جائز ہے یعنی اگر امام لڑائی سے پہلے یہ بات کہی ہو تو قاتل کو مقتول کا اسباب لینا درست نہیں اور کہا اسحق نے کہ اسباب مقتول کا قاتل ہی کے لیے ہے۔ مگر یہ کہ اگر بہت بہت چیز تو جائز ہے امام کو یہ کہ نکالے اُس سے پانچواں حصہ جیسے کہ کہا عمر بن خطاب نے **باب** غنیمتوں کو تقسیم سے پہلے بیچنا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو حاتم بن اسمعیل نے جہضم بن عبد اللہ سے اُسنے محمد بن ابراہیم سے اُسنے روایت کی محمد بن زید سے اُسنے روایت کی شہر بن حوشب سے اُسنے روایت کی ابی سعید خدری سے کہا کہ منع فرمایا نبی صلعم نے خرید کرنے غنیمتوں کے پہلے اس سے کہ تقسیم کیجاویں یعنی بسبب عدم ملکیت کے اور اس باب میں ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث غریب ہے

لہ یہ قول ہے امام احمد اور اسحاق کا۔ کہتے ہیں کہ اول خمس نکالکر باقی چار ربعوں میں سے زیادہ حصہ دیا جاوے اور ابن مسیب اور شافعی کہتے ہیں کہ امام کے خمس میں سے دیا

باب ماجاء فی کراھیة وطی الحبالی من السبایا **حدثنا** محمد بن یحیی النیسابوری ثنا ابو عاصم النبیل عن وھب ابی خالد قال حدثتنی ام حبیبة بنت عرباض بن ساریة ان اباھا اخبرھا ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نھی ان توطأ السبایا حتی یضعن ما فی بطونھن وفی الباب عن رویفع بن ثابت وحدیث عرباض حدیث غریب والعمل علی ھذا عند اھل العلم وقال الاوزاعی اذا اشتری الرجل الجاریة من السبی وھی حامل فقد روی عن عمر بن الخطاب انہ قال لا توطأ حامل حتی تضع قال الاوزاعی واما الحرائر فقد مضت السنة فیھن بان امرن بالعدة لکل ھذا حدثنی علی بن خشرم قال ثنا عیسی بن یونس عن الاوزاعی **باب** ماجاء فی طعام المشرکین **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا ابو داود الطیالسی عن شعبة اخبرنی سماک بن حرب قال سمعت قبیصة بن ھلب یحدث عن ابیہ قال سالت النبی صلی اللہ علیہ وسلم عن طعام النصاری فقال لا یتخلجن فی صدرک طعام ضارعت فیہ النصرانیة ھذا حدیث حسن قال محمود وقال عبید اللہ بن موسی عن اسرائیل عن سماک عن قبیصة عن ابیہ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثلہ قال محمود وقال وھب بن جریر عن شعبة عن سماک عن مری بن قطری عن عدی بن حاتم عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مثلہ والعمل علی ھذا عند اھل العلم من الرخصة فی طعام اھل الکتاب **باب** فی کراھیة التفریق بین السبی **حدثنا** عمر بن حفص بن عمر الشیبانی ثنا عبد اللہ بن وھب اخبرنی حیی عن ابی عبد الرحمن الحبلی عن ابی ایوب قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من فرق بین والدة وولدھا فرق اللہ بینہ وبین احبتہ

باب باندیوں میں سے حاملہ عورت کے ساتھ صحبت کرنی مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی نیشاپوری نے اُسنے کہا حدیث کی ہم سے ابو عاصم نبیل نے وہیب ابی خالد سے کہا کہ حدیث کی ہمسے ام حبیبہ بنت عرباض بن ساریہ نے یہ کہ خبر دی اُسکو اُسکے باپ نے یہ کہ منع فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحبت کرنے باندیوں سے یہانتک کہ جنیں جو بچہ کہ اُنکے پیٹ میں ہے اور اس باب میں رویفع بن ثابت سے بھی روایت ہے اور عرباض کی حدیث غریب ہے۔ عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے۔ اور کہا اوزاعی نے کہ جب خریدے کوئی شخص لونڈی کو قیدیوں میں سے اور حال یہ کہ وہ حاملہ ہو۔ پس تحقیق روایت کی گئی عمر بن خطاب سے اُسنے کہا کہ نہ صحبت کیجاوے حمل والی عورت یہانتک کہ وہ بچہ جنے کہا اوزاعی نے و لیکن آزاد عورتیں پس گذر چکی سنت بیچ اُنکے کہ حکم کیجاویں ساتھ بیٹھنے عدت کے۔ یہ سب باتیں علی بن خشرم نے مجھ سے بیان کیں کہا اُسنے حدیث کی ہمسے عیسی بن یونس نے اوزاعی سے **باب** مشرکوں کے کھانے کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داود طیالسی نے شعبہ سے اُسنے کہا خبر دی مجکو سماک بن حرب نے اُسنے کہا سنا میں نے قبیصہ بن ہلب سے کہ حدیث کرتا تھا اپنے باپ سے کہا کہ پوچھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نصاری کے کھانے سے کہ کھائیں یا نہیں فرمایا کہ نہ آوے بیچ سینے تیرے کے کچھ شک شبہ کہ مشابہ ہووے تو اُسمیں نصرانیت کے تئیں۔ یہ حدیث حسن ہے کہا محمود نے اور کہا عبید اللہ بن موسی نے اسرائیل سے اُسنے سماک سے اُسنے قبیصہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے کہا محمود نے اور کہا وہب بن جریر نے شعبہ سے اُسنے روایت کی سماک سے اُسنے مری بن قطری سے اُسنے عدی بن حاتم سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے کہتے ہیں کہ اہل کتاب کا کھانا درست ہے **باب** باندیوں کے درمیان جدائی ڈالنی مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے عمر بن حفص شیبانی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن وہب نے اُسنے کہا خبر دی مجکو حیی نے ابی عبد الرحمن حبلی سے اُسنے روایت کی ابی ایوب سے کہا سنا میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو شخص کہ جدائی ڈالے درمیان ماں اور بیٹے اسکے کے جدائی ڈالے گا اللہ درمیان اُسکے اور محبوبوں اُسکے کے

لے یعنی مشابہ ہوا تو بسبب اُسکے اہل ذمہ نصرانیہ کے تئیں کہ وہ پرہیز کرتے ہیں جبکہ واقع ہوتا ہے اُنکے دل میں کہ یہ حرام ہے یا مکروہ ہے۔ پس حاصل یہ ہے کہ نہ پرہیز کر اور شک شبہ میں مت پڑ اور اوپر ملت حنفیہ سہل کے عمل ظاہر پر کر اگر پرہیز کریگا تو مشابہ ہوگا نصرانیت کے اسلیے کہ یہ داب نصاری سے ہے ۱۲ع ۲ جدائی ڈالے یعنی ساتھ بیچنے اور ہبہ اور سوا اسکے کے یعنی مثلاً ماں کو بیچ ڈالے اور اُسکے چھوٹے بیٹے کو رہنے دے یا برعکس اسکے یا ایک کو کسی کے ہاتھ بیچے اور دوسرے کو دوسرے کے ہاتھ پس جو کوئی جدا ڈالے گا اُنمیں جدائی ڈالے گا اللہ تعالی اسمیں اور اسکے محبوبوں میں یعنی اولاد اور ماں باپ وغیرہ میں دن قیامت کے اس موقف میں کہ جمع ہونگے اسمیں احباب اور شفاعت کریگا ایک دوسرے کی ۔۔ اور یہ جدائی حنفیہ کے نزدیک مکروہ ہے۔ مگر بیع ٹھیرے۔ اور حد بڑے کی شافعی کے نزدیک سات یا آٹھ برس ہیں اور امام احمد نے کہا کہ تفریق مطلق درست نہیں اگرچہ بڑا ہوا ۱۲ع

یوم القیمة وفی الباب عن علی وهذا حدیث حسن غریب والعمل علی هذا عند اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم کرهوا التفریق بین السبی بین الوالدة وولدها وبین الولد والوالد وبین الاخوة **باب** ماجاء فی قتل الاساری والفداء **حدثنا** ابو عبیدة بن ابی السفر اسمه احمد بن عبد الله الهمدانی ومحمود بن غیلان قالا ثنا ابو داود الحفری ثنا یحیی بن زکریا بن ابی زائدة عن سفیان بن سعید عن هشام عن ابن سیرین عن عبیدة عن علی ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال ان جبرئیل هبط علیه فقال له خیرهم یعنی اصحابك فی اساری بدر القتل او الفداء علی ان یقتل منهم قابل مثلهم قالوا الفداء ویقتل منا وفی الباب عن ابن مسعود وانس وابی برزة وجبیر بن مطعم هذا حدیث حسن غریب من حدیث الثوری لا نعرفه الا من حدیث ابن ابی زائدة وروی ابو اسامة عن هشام عن ابن سیرین عن عبیدة عن علی عن النبی صلی الله علیه وسلم نحوه وروی ابن عون عن ابن سیرین عن عبیدة عن علی عن النبی صلی الله علیه وسلم مرسلا وابو داود الحفری اسمه عمر بن سعد **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان ثنا ایوب عن ابی قلابة عن عمه عمران ابن حصین ان النبی صلی الله علیه وسلم فدی رجلین من المسلمین برجل من المشرکین هذا حدیث حسن صحیح وعم ابی قلابة هو ابو المهلب اسمه عبد الرحمن بن عمرو ویقال معاویة بن عمرو وابو قلابة اسمه عبد الله بن زید الجرمی والعمل علی هذا عند اکثر اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم ان للامام ان یمن علی من شاء من الاساری ویقتل من شاء منهم ویفدی من شاء واختار بعض اهل العلم القتل علی الفداء وقال الاوزاعی بلغنی ان هذه الایة منسوخة قوله تعالی فاما منا بعد واما فداء نسختها فاقتلوهم حیث ثقفتموهم

دن قیامت کے اور اس باب میں حضرت علی سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث حسن غریب ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ مکروہ ہے جدائی ڈالنی درمیان بندیوں اور ماں اور بیٹوں اُسکے کے اور درمیان بیٹے اور باپ اور بھائیوں کے **باب** قیدیوں کے قتل کرنے اور فدیہ لینے کا بیان **حدیث** کی ہمسے ابو عبیدہ بن ابی السفر (نام اسکا احمد بن عبداللہ ہمدانی ہے) اور محمود بن غیلان نے اُن دونوں نے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد جفری نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن زکریا بن ابی زائدہ نے سفیان بن سعید سے اُسنے روایت کی ہشام سے اُسنے ابن سیرین سے اُسنے عبیدہ سے اُسنے علی سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ اُترے جبرئیل مجھپر اور کہا کہ اختیار دے یاروں اپنے کو بیچ حق قیدیوں بدر کے کہ قتل کریں اُنکو یا بدلہ لیں اس شرط پر کہ قتل کیے جاویں اُنہیں میں سے آیندہ سال مثل اُنکے یعنی گنتی میں اُنھوں نے کہا کہ ہمکو فدیہ لینا منظور ہے اور قتل کیے جاویں ہم میں سے اور اس باب میں ابن مسعود اور انس اور ابی ہریرہ اور جبیر بن مطعم سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن غریب ہے حدیث ثوری سے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث ابن ابی زائدہ سے اور روایت کی ابو اسامہ نے ہشام سے اُسنے ابن سیرین سے اُسنے عبیدہ سے اُسنے علی سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور روایت کی ابن عون نے ابن سیرین سے اُسنے عبیدہ سے اُسنے علی سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسل اور ابو داؤد جفری نام اُسکا عمر بن سعد ہے **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ایوب نے ابی قلابہ سے اُسنے روایت کی اپنے چچا عمران بن حصین سے کہ تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بدلا دیے دو مرد مسلمان بدلے ایک مرد مشرک کے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابی قلابہ کا چچا ابو المہلب ہے جسکا نام عبد الرحمن بن عمرو ہے اور کہا جاتا ہے معویہ بن عمرو اور ابو قلابہ کا نام عبد اللہ بن زید جرمی ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں جائز ہے امام کو یہ کہ احسان کرے جس شخص پر کہ چاہے قیدیوں میں سے اور قتل کرے جسکو چاہے اُنمیں سے اور بدلہ لیوے یعنے مال لیکر چھوڑ دے جسکو چاہے اور بعض اہل علم کہتے ہیں کہ بدلا لینے پر قتل مقدم ہے اور کہا اوزاعی نے کہ پہونچی مجکو یہ بات کہ یہ آیت منسوخ ہے پس یا تو احسان کرنا ہے بعد اسکے اور یا بدلا لینا منسوخ کیا اسکو اس آیت نے کہ قتل کرو اُنکو جس جگہ پاؤ تم اُنکو یعنے کافروں کو

لہ یعنی مال لیکر چھوڑ دیں یہ جنگ بدر کے دن ستر کافر قریش میں سے مارے گئے اور ستر قید کرکے لائے حضرت صلعم کے پاس حضرت نے مشورہ کیا اُنکے مقدمہ میں بعض اصحاب نے کہا کہ مال لیکر انکو چھوڑ دیجیے شاید کہ یہ مسلمان ہو جاویں حضرت عمر نے کہا کہ انکی گردن ماریے کہ یہ سب کفر کے پیشوا ہیں۔ پس حضرت صلعم نے اصحاب کو اختیار دیا کہ ایک چیز کو دونوں میں سے اختیار کرو۔ قتل یا فدیہ۔ لیکن فدیہ بایں شرط کہ مارے جاویں تم میں سے ستر آدمی سال آیندہ کو در فتح کا فر و بکی ہوگی سو اصحاب نے مال لیکر چھوڑ دینا

حدثنا هناد ثنا ابن المبارك عن الاوزاعي قال اسحق بن منصور قلت لاحمد اذا اسر الاسير يقتل او يفادى احب اليك قال ان قدروا ان يفادوا فليس به باس وان قتل فما اعلم به باسا قال اسحق الاثخان احب الي الا ان يكون معروفا فاطمع به الكثير

باب ما جاء في النهي عن قتل النساء والصبيان

حدثنا قتيبة ثنا الليث عن نافع عن ابن عمر اخبره ان امرأة وجدت في بعض مغازي رسول الله صلى الله عليه وسلم مقتولة فانكر رسول الله صلى الله عليه وسلم ذلك ونهى عن قتل النساء والصبيان وفي الباب عن بريدة ورباح ويقال رياح بن الربيع والاسود بن سريع وابن عباس والصعب بن جثامة هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند بعض اهل العلم من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم وغيرهم كرهوا قتل النساء والولدان وهو قول سفيان الثوري والشافعي ورخص بعض اهل العلم في البيات وقتل النساء فيهم والولدان وهو قول احمد واسحق ورخصا في البيات حدثنا نصر بن علي الجهضمي ثنا سفيان بن عيينة عن الزهري عن عبيد الله بن عبد الله عن ابن عباس قال اخبرني الصعب بن جثامة قال قلت يا رسول الله ان خيلنا اوطئت من نساء المشركين واولادهم قال هم من آبائهم هذا حديث حسن صحيح

باب

حدثنا قتيبة ثنا الليث عن بكير بن عبد الله عن سليمان بن يسار عن ابي هريرة قال بعثنا رسول الله صلى الله عليه وسلم في بعث فقال ان وجدتم فلانا وفلانا لرجلين من قريش فاحرقوهما بالنار ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم حين اردنا الخروج اني كنت امرتكم ان تحرقوا فلانا وفلانا بالنار وان النار لا يعذب بها الا الله فان وجدتموهما فاقتلوهما وفي الباب عن ابن عباس وحمزة بن عمرو الاسلمي حديث ابي هريرة حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند اهل العلم

حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے اوزاعی سے کہا اسحق بن منصور نے کہا مین نے احمد سے کہ جب پکڑا جاوی قیدی تو قتل کیا جاوے یا بدلہ لیا جاوی۔ کیا بہت پیارا ہی تجکو کہا کہ اگر قادر ہون بدلا لینے پر تو کچھ ڈر نہین ۔ اور اگر قتل کیا جاوے تو اسمین بھی کچھ ڈر نہین ہے اور کہا اسحاق نے کہ خون بہانا بہت محبوب ہے مجکو مگر یہ کہ ہوں موافق دستور کے پس کہلاؤن گا مین ساتھ اسکے کثیر کو

باب عورتون اور لڑکون کو قتل کرنا منع ہے

حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے نافع سے اُسنے ابن عمر سے خبر دی اُسکو کہ تحقیق ایک عورت پائی گئی بیچ بعض لڑائیون نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو انکار کیا نبی صلعم نے اُس سے اور منع فرمایا قتل کرنے سے عورتون اور لڑکون کے اور اس باب مین بریدہ اور رباح بن ربیع اور اسود بن سریع اور ابن عباس اور صعب بن جثامہ سے بھی روایت ہی یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک بعض اہل علم کے نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہین کہ عورتون اور بچون کا قتل کرنا منع ہے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور شافعی کا اور بعض اہل علم کہتے ہین کہ شبخون کرنا اور عورتون اور بچون کا اسمین قتل ہونا درست ہی یعنی اگر شبخون کی حالت مین عورتین اور بچے مارے جاوین تو درست ہی اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق کا اور اجازت دی اُنھون نے شبخون کرنے مین **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی جہضمی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے زہری سے اُسنے روایت کی عبید اللہ بن عبد اللہ سے اُسنے ابن عباس سے کہا کہ خبر دی مجکو صعب بن جثامہ نے کہا کہ کہا مین نے یا حضرت ہمارے گھوڑون نے مشرکین کی عورتون اور اولاد کو روند ڈالا فرمایا وہ تابع ہین اپنے باپون کے یہ حدیث حسن صحیح ہے

باب

حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے بکیر بن عبد اللہ سے اُسنے روایت کی سلیمان بن یسار سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ بھیجا ہمکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک جماعت مین اور فرمایا کہ اگر پاؤ تم فلانے اور فلانے کو واسطے دو مرد کے قریش مین سے تو جلا دو اُنکو آگ سے پھر فرمایا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے جبکہ ارادہ کیا ہمنے نکلنے کا کہ تحقیق مین نے حکم کیا تھا تمکو کہ جلادو تم فلانے اور فلانے کو اور نہین عذاب کرتا ساتھ آگ کے مگر اللہ پس اگر پاؤ تم اُنکو قتل کر ڈالو اُنکو اور اس باب مین ابن عباس اور حمزہ بن عمرو اسلمی سے بھی روایت ہے ۔ اور ابو ہریرہ کی حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی حدیث پر ہی نزدیک اہل علم کے

سلہ یعنی عورتون اور لڑکون کو جہاد مین قصداً قتل نہ کیجیے اگر شبخون کی حالت مارے جاوین تو کچھ مضایقہ نہین کہ یہ بھی کافر ہین اند بڑے مردون کے حکم قتل مین بسبب نہ امتیاز ہونے اُنکے کے بڑے مردون لڑنے والون سے ۱۲ ع ۵۲ امام نووی رحمہ اللہ تعالی نے کہا کہ مشرکین کے لڑکون مین اختلاف ہے کہ وہ بہشت مین جاوینگے یا دوزخ مین سو بعضے کہتے ہین کہ اپنے ماں باپ کے ساتھ دوزخ مین جاوینگے اور بعضے کہتے ہین کہ بہشت مین جاوینگے ۔ اور یہی ہے قول صحیح جسکی طرف اہل تحقیق گئے ہین ۔ اور بعض نے اُنمین توقف کیا ہے ۔ عہ صعب بن جثامہ لیثی بفتح صاد مہملہ وسکون عین مہملہ وفتح جیم وتشدید مثلثہ ۔ آپ صحابی ہین ۔ بقول بعض صدیق اکبر کی خلافت مین آپ کی وفات ہوئی لیکن صحیح یہ ہے کہ حضرت عثمان کی خلافت تک زندہ رہے

وقد ذکر محمد بن اسحٰق بین سلیمان بن یسار و بین ابی ہریرۃ رجلا فی ھذا الحدیث وروی غیر واحد مثل روایۃ اللیث وحدیث اللیث بن سعد اشبہ واصح **باب** ماجاء فی الغلول **حدثنا** قتیبۃ ثنا ابو عوانۃ عن قتادۃ عن سالم بن ابی الجعد عن ثوبان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من مات وھو بریٔ من الکبر والغلول والدین دخل الجنۃ وفی الباب عن ابی ہریرۃ وزید بن خالد الجہنی **حدثنا** محمد بن بشار ثنا ابن ابی عدی عن سعید عن قتادۃ عن سالم بن ابی الجعد عن معدان بن ابی طلحۃ عن ثوبان قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من فارق الروح الجسد وھو بریٔ من ثلاث الکنز والغلول والدین دخل الجنۃ ھکذا قال سعید الکنز وقال ابو عوانۃ فی حدیثہ الکبر ولم یذکر فیہ عن معدان وروایۃ سعید اصح **حدثنا** الحسن بن علی ثنا عبد الصمد بن عبد الوارث ثنا عکرمۃ بن عمار ثنا سماک ابو زمیل الحنفی قال سمعت ابن عباس یقول ثنی عمر بن الخطاب قال قیل یا رسول اللہ ان فلانا قد استشہد قال کلا قد رأیتہ فی النار بعباءۃ قد غلھا قال قم یا عمر فناد انہ لا یدخل الجنۃ الا المومنون ثلاثا ھذا حدیث حسن غریب **باب** ماجاء فی خروج النساء فی الحرب **حدثنا** بشر بن ھلال الصواف ثنا جعفر بن سلیمان الضبعی عن ثابت عن انس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یغزو بام سلیم ونسوۃ معھا من الانصار یسقین الماء ویداوین الجرحی وفی الباب عن الربیع بنت معوذ وھذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی قبول ھدایا المشرکین **حدثنا** علی بن سعید الکندی ثنا عبد الرحیم بن سلیمان عن اسرائیل عن ثویر عن ابیہ عن علی عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم

اور محمد ابن اسحاق نے سلیمان بن یسار اور ابو ہریرہ کے درمیان ایک مرد کا ذکر کیا اور اکثر نے مثل روایت لیث کے ذکر کیا ہے لیکن حدیث لیث کی بہت صحیح ہے **باب** مال غنیمت مین خیانت کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو عوانہ نے قتادہ سے اُسنے روایت کی سالم بن ابی الجعد سے اُسنے ثوبان سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ مرے اس حال مین کہ پاک ہو کبر سے اور خیانت کرنے سے مال غنیمت مین اور قرض سے تو داخل ہوگا بہشت مین اور اس باب مین ابی ہریرہ اور زید بن خالد جہنی سے بھی روایت ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن ابی عدی نے سعید سے اُسنے قتادہ سے اُسنے سالم بن ابی الجعد سے اُسنے معدان بن ابی طلحہ سے اُسنے ثوبان سے کہا کہ حضرت صلعم نے فرمایا جو شخص کہ جدا ہو روح اُسکی جسم سے اُس حال مین کہ پاک ہو خزانے سے کہ اُسکی زکوٰۃ ادا نہ کی ہو اور خیانت کرنے سے مال غنیمت مین اور قرض سے تو داخل ہوگا بہشت مین۔ ایسا ہی کہا سعید نے کنز اور ذکر کیا ابو عوانہ نے اپنی حدیث مین کبر کو اور نہین ذکر کیا گیا اُسمین معدان سے اور روایت سعید کی زیادہ صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الصمد بن عبد الوارث نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عکرمہ بن عمار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سماک[1] ابو زمیل حنفی نے اُسنے کہا سنا مین نے ابن عباس سے کہتے تھے کہ مجکو عمر فاروق نے کہا کہ کہا گیا یا حضرت فلان شخص شہید کیا گیا فرمایا ہرگز نہین تحقیق مین نے دیکھا اُسکو آگ مین بدلے ایک کملی کے کہ خیانت کیا تھا اُسکو مال غنیمت مین سے فرمایا کھڑا ہو اے عمر اور پکار دے تو لوگون مین کہ نہین داخل ہونگے بہشت مین مگر ایماندار (تین مرتبہ) یہ حدیث حسن غریب ہے **باب** عورتون کا لڑائی مین نکلنا **حدیث** کی ہمسے بشر بن ہلال صواف نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان ضبعی نے ثابت سے اُسنے روایت کی انس سے کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جنگ مین لے جاتے ام سلیم کو اور کئی عورتون کو انصار سے ساتھ اُسکے یعنی مع اصحاب کے پانی پلاتین یہ عورتین غازیون کو اور دوا کرتین زخمون کی[1] اور اس باب مین ربیع بنت معوذ سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** مشرکین کا ہدیہ قبول کرنا درست ہے یا نہین **حدیث** کی ہمسے علی بن سعید کندی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحیم بن سلیمان نے اسرائیل سے اُسنے روایت کی ثویر سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے علی سے اُنسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ

[1] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جہاد مین لے جانا عورتون کا واسطے مصلحت پانی پلانے اور دوا کرنے کے جائز ہے اور اگر صحبت کے واسطے لے جاوے تو لونڈی بہتر ہے آزاد سے ۱۲ع [1] قولہ سماک۔ آپ کی کنیت ابو زمیل ہے بزا معجمہ۔ اور نام سماک بن الولید حنفی یمامی کوفی۔ انکی روایت مین کوئی مضائقہ نہین شمار انکا تیسرے طبقہ مین ہے ۔ ۱۲ کذا فی التقریب۔

ان کسریٰ اهدی له فقبل وان الملوك اهدوا الیه فقبل منهم وفی الباب عن جابر وهذا حدیث حسن غریب وثویر هو ابن
ابی فاختة اسمه سعید بن علاقة وثویر یکنی ابا جهم **حدثنا** محمد بن بشار ثنا ابو داؤد عن عمران القطان عن قتادة عن
یزید بن عبد الله بن الشخیر عن عیاض بن حمار انه اهدی للنبی صلی الله علیه وسلم هدیة له او ناقة فقال النبی صلی الله
علیه وسلم اسلمت فقال لا قال فانی نهیت عن زبد المشرکین **قال** ابو عیسٰی هذا حدیث حسن صحیح ومعنی قوله
انی نهیت عن زبد المشرکین یعنی هدایاهم وقد روی عن النبی صلی الله علیه وسلم انه کان یقبل من المشرکین هدایاهم
وذکر فی هذا الحدیث الکراهیة واحتمل ان یکون هذا بعد ما کان یقبل منهم ثم نهی عن هدایاهم **باب** ما جاء فی
سجدة الشکر **حدثنا** محمد بن المثنی ثنا ابو عاصم ثنا بکار بن عبد العزیز بن ابی بکرة عن ابیه عن ابی بکرة ان النبی
صلی الله علیه وسلم اتاه امر فسر به فخر ساجدا هذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من هذا الوجه من حدیث بکار بن عبد العزیز
والعمل علی هذا عند اکثر اهل العلم راوا سجدة الشکر **باب** ما جاء فی امان المرأة والعبد **حدثنا** یحیی بن اکثم
ثنا عبد العزیز بن ابی حازم عن کثیر بن زید عن ولید بن رباح عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم قال
ان المرأة لتاخذ للقوم یعنی تجیر علی المسلمین وفی الباب عن ام هانئ وهذا حدیث حسن غریب **حدثنا**
ابو الولید الدمشقی ثنا الولید بن مسلم قال اخبرنی ابن ابی ذئب عن سعید المقبری عن ابی مرة مولی عقیل بن ابی طالب
عن ام هانئ انها قالت اجرت رجلین من احمائی فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم قد امنا من امنت هذا حدیث حسن والعمل علی هذا
عند اهل العلم اجازوا امان المرأة والعبد وهو قول احمد واسحٰق اجازا امان المرأة والعبد

تحقیق کسریٰ نے ہدیہ بھیجا آپ کو سو قبول کیا آپ نے اور بادشاہوں نے ہدیے بھیجے آپ کو سو قبول کیا آپ نے اُنسے اور اس
باب میں جابر سے بھی روایت ہی اور یہ حدیث حسن غریب ہی اور ثویر وہ ابن فاختہ ہے نام اُسکا سعید بن علاقہ ہے حدیث کی ہم سے
محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے عمران قطان سے اُسنے روایت کی قتادہ سے اُسنے یزید بن عبد اللہ بن شخیر سے
اُسنے عیاض بن حمار سے کہ اُسنے ہدیہ بھیجا نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو ایک اُونٹنی سو حضرت صلعم نے فرمایا کیا اسلام لایا تو اُسنے کہا نہیں فرمایا
پس مین منع کیا گیا ہون ہدیہ مشرکین سے کہا ابو عیسیٰ نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور معنے آپ کے قول زبد المشرکین کے یہ ہین کہ ہدیوں سے
ہدیہ مشرکین کا مراد ہی اور ذکر کی گئی ہے اس حدیث مین کراہیت اور احتمال ہے کہ ہو یہ نہی پیچھے اُسکے کہ تھے قبول کرتے اُنسے ہدیہ پھر منع کیا
ہدیے اُنکے سے **باب** سجدہ شکر کا بیان حدیث کی ہمسے محمد بن مثنے نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو عاصم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے
بکار بن عبد العزیز بن ابی بکرہ نے اپنے باپ سے اُسنے روایت کی ابی بکرہ سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کو کوئی خبر آئی پس خوش ہوئے ساتھ
اُسکے سو گر پڑے سجدے مین۔ یہ حدیث حسن غریب ہے نہین پہچانتے ہم اُسکو مگر اس وجہ سے یعنی حدیث بکار بن عبد العزیز سے اور عمل اسپر ہے
نزدیک اکثر اہل علم کے کہتے ہین کہ سجدہ شکر کا ثابت ہے **باب** عورت اور غلام کو پناہ دینے کا بیان حدیث کی ہمسے
یحییٰ بن اکثم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن ابی حازم نے کثیر بن زید سے اُسنے روایت کی ولید بن رباح سے اُسنے ابی ہریرہ سے
کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تحقیق ایک عورت البتہ پکڑتی ہے امان[1] واسطے قوم کے یعنی پناہ دیتی ہے مسلمانوں کو
اور اس باب مین ام ہانی سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن غریب ہی حدیث کی ہمسے ابو الولید دمشقی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے
ولید بن مسلم نے کہا خبر دی مجکو ابن ابی ذئب نے سعید مقبری سے اُسنے روایت کی ابی مرہ مولیٰ عقیل بن ابی طالب سے اُسنے
ام ہانی سے کہا کہ پناہ دی مین نے دو شخصون کو کہ ناتے دار تھے میری خاوند کے سو فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق امان
دیئے اُس شخص کو کہ امان دی تو نے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اہل علم کے کہتے ہین کہ عورت کو پناہ دینی جائز ہے
اور یہی ہے قول احمد اور اسحاق رحمہما اللہ کا کہ عورت اور غلام کی امان دینی جائز ہے یعنے مسلمانون کو جائز نہین توڑنا اُسکا

[1] یعنے اگر کوئی مسلمان عورت امان دے ایک قوم کافرونکو تو لازم ہے سب مسلمانون کو کہ امان دین اُسکو اور توڑین نہین اُسکو ۱۲ اور بعضے کہتے ہین کہ یہ نہی منسوخ
ہے اور بعضے کہتے ہین کہ آپ نے اسواسطے ہدیہ رد کیا کہ باعث ہوں اُسکو قبول کرنے پر یہ ہدیہ مشرک کا تھا۔ اور جنکا ہدیہ قبول کیا وہ اہل کتاب تھے ۱۲ انجاح الحاجہ

وقد روی عن عمر بن الخطاب انه اجاز امان العبد و ابو مرۃ مولی عقیل بن ابی طالب ویقال له ایضا مولی ام ہانی واسمہ یزید وروی عن علی بن ابی طالب وعبد اللہ بن عمرو عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ذمۃ المسلمین واحدۃ یسعی بها ادناہم ومعنی ھذا عند اھل العلم ان من اعطی الامان من المسلمین فھو جائز علی کلھم **باب** ما جاء فی الغدر **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا ابو داؤد انبانا شعبۃ قال اخبرنی ابو الفیض قال سمعت سلیم بن عامر یقول کان بین معاویۃ وبین اھل الروم عھد وکان یسیر فی بلادھم حتی اذا انقضی العھد اغار علیھم فاذا رجل علی دابۃ او علی فرس وھو یقول اللہ اکبر وفاء لا غدر واذا ھو عمرو بن عبسۃ فسالہ معاویۃ عن ذلک فقال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول من کان بینہ وبین قوم عھد فلا یحلن عھدا ولا یشدنہ حتی یمضی امدہ او ینبذ الیھم علی سواء قال فرجع معاویۃ بالناس ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء ان لکل غادر لواء یوم القیمۃ **حدثنا** احمد بن منیع ثنا اسمعیل بن ابراھیم قال ثنی صخر بن جویریۃ عن نافع عن ابن عمر قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان الغادر ینصب لہ لواء یوم القیمۃ وفی الباب عن علی وعبد اللہ بن مسعود وابی سعید الخدری وانس وھذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی النزول علی الحکم **حدثنا** قتیبۃ ثنا اللیث عن ابی الزبیر عن جابر انہ قال رمی یوم الاحزاب سعد بن معاذ فقطعوا اکحلہ او ابجلہ فحسمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بالنار فانتفخت یدہ

اور روایت ہے عمر بن خطاب سے کہ اُسنے جائز رکھی امان غلام کی۔ اور ابو مرہ غلام آزاد کیا ہوا عقیل بن ابی طالب کا ہے اور اُسکو ام ہانی کا غلام بھی کہتے ہیں اور نام اُسکا یزید ہے اور حضرت علی اور عبد اللہ بن عمرو سے مروی ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ذمہ اور عہد مسلمانوں کا ایک ہے۔ اور سعی اور کوشش کرتا ہے ساتھ ذمہ اُنکے کے ادنی اُنکا۔ اور معنے اس حدیث کا نزدیک اہل علم کے یہ ہے کہ جو شخص کہ پناہ[1] دے مسلمانوں میں سے کسی کافر کو تو امان اُسکی جائز ہے سب مسلمانوں پر **باب** عہد توڑنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد نے اُسنے کہا خبر دی مجکو شعبہ نے ابو الفیض سے اُسنے کہا کہ سُنا میں نے سلیم بن عامر سے کہتے تھے کہ تھا درمیان معاویہ اور رومیوں کے عہد اور صلح کہ ایک وقت معلوم تک آپسمیں لڑیں نہیں اور تھے معاویہ سیر کرتے طرف شہروں اُنکے کے تا کہ جسوقت پورا ہووے عہد اور گذرے وہ وقت کہ عہد اُسوقت تک کیا تھا غارت کریں اُنپر یعنی اچانک اُنپر جا پڑیں اور لوٹیں اور اگر اپنے مکان میں بیٹھے رہتے اور اسوقت جاتے تو وہ خبردار ہو جاتے سو اچانک آیا ایک شخص سوار چار پائے پر یا گھوڑے پر اس حال میں کہ کہتا تھا وہ اللہ اکبر اللہ اکبر وفا ہو نہ غدر یعنی واجب ہے کہ وفا سے عہد کے نہ عہد شکنی یعنی تم کہ پھرتے ہو ایام صلح میں دشمنوں کے شہروں کی طرف داخل غدر میں ہے سو واپس دیکھا لوگوں نے تو ناگاہ وہ تھا عمرو بن عبسہ صحابی سو پوچھا اُس سے معاویہ نے اس بات کو یعنی یہ کہ پھرنا ہمارا یہاں غدر کیوں ہے پس کہا عمرو نے کہ سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے جو شخص کہ ہو درمیان اُسکے اور درمیان کسی قوم کے عہد پس نہ توڑے عہد کو اور نہ باندھے[2] اُسکو یہانتک کہ گذرے مدت عہد کی یا توڑے عہد طرف اُنکے اوپر برابری کے یعنی آگاہ کر دے اُنکو اور کہدے کہ صلح جو ہم میں اور تم میں تھی اب نہ رہی اب ہم اور تم برابر ہیں نقض عہد کے علم میں کہا سلیم نے پس پھرے معاویہ ساتھ لوگوں کے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** ہر عہد توڑنیوالے کے لیے نشان عہد شکنی کا ہوگا دن قیامت کے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن ابراہیم نے کہا حدیث کی مجکو صخر بن جویریہ نے نافع سے اُسنے روایت کی ابن عمر سے کہا سنا میں نے نبی صلعم سے فرماتے تھے کہ کھڑا کیا جاویگا واسطے فریبی اور عہد شکن کے نشان[3] عہد شکنی کا دن قیامت کے اور اس باب میں علی اور عبد اللہ بن مسعود اور ابی سعید خدری اور انس سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** حکم پر اُترنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابی زبیر سے اُسنے روایت کی جابر سے کہا کہ تیر مارے گئے جنگ احزاب کے دن سعد بن معاذ سو کاٹا رگ اکحل اُنکی کو کہ وسط بازو میں ہے۔ سو داغا اُسکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ساتھ آگ کے یعنی خون بند کرنیکے لیے سو سوج گیا ہاتھ اُنکا

---

[1] یعنی اگر ایک ادنی مسلمان مانند عورت یا غلام کے کسی کافر کو امن دے تو چاہیے کہ اُسکو سب مسلمان امن دیں اور اُسکے عہد کو نہ توڑیں ۱۲ [2] یعنی عہد کو متغیر نہ کرے کسیطرح اس کلام سے مراد ہے نہ تغیر کرنا عہد کا اور نہ درستی عہد کہ معنی باندھنے اور محکم کرنیکے ہے محمود ہے ۱۲ [3] یعنی تمام خلائق کے روبرو اُسکی فضیحت ہوگی اور حدیث میں آیا ہے کہ عہد شکن کو ...

فتركه فترفه الدم فحسمه أخرى فانتفخت يده فلما رأى ذلك قال اللهم لا تخرج نفسي حتى تقر عيني من بني قريظة فاستمسك
عرقه فما قطر قطرة حتى نزلوا على حكم سعد بن معاذ فارسل اليه فحكم ان يقتل رجالهم وتستحيى نساءهم يستعين بهن المسلمون
فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم اصبت حكم الله فيهم وكانوا اربعمائة فلما فرغ من قتلهم انفتق عرقه فمات وفي الباب
عن ابي سعيد وعطية القرظي وهذا حديث حسن صحيح **حدثنا** ابو الوليد الدمشقي ثنا الوليد بن مسلم عن سعيد بن بشير
عن قتادة عن الحسن عن سمرة بن جندب ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال اقتلوا شيوخ المشركين واستحيوا شرخهم والشرخ الغلمان
الذين لم ينبتوا هذا حديث حسن صحيح غريب ورواه حجاج بن ارطاة عن قتادة نحوه **حدثنا** هناد ثنا وكيع عن سفيان عن
عبد الملك بن عمير عن عطية القرظي قال عرضنا على رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم قريظة فكان من انبت قتل ومن لم ينبت
خلي سبيله فكنت فيمن لم ينبت فخلي سبيلي هذا حديث حسن صحيح والعمل على هذا عند بعض اهل العلم انهم يرون الانبات بلوغا ان لم يعرف احتلامه
ولا سنه وهو قول احمد واسحق **باب** ما جاء في الحلف **حدثنا** حميد بن مسعدة ثنا يزيد بن زريع ثنا حسين المعلم عن عمرو
بن شعيب عن ابيه عن جده ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال في خطبته اوفوا بحلف الجاهلية فانه لا يزيده يعني الاسلام الا شدة
ولا تحدثوا حلفا في الاسلام وفي الباب عن عبد الرحمن بن عوف وام سلمة وجبير بن مطعم وابي هريرة وابن عباس وقيس بن عاصم

پس نکلا اس سے خون پس داغا اسکو دوسری بار پس سوج گیا ہاتھ انکا سو جب دیکھا سعد نے اسکو یعنی خون کے بند ہونے کو تو کہا الٰہی
نہ نکال جان میری یہانتک کہ ٹھنڈی کرے تو آنکھ میری بنی قریظہ سے یعنی وہ سب ہلاک ہوجاویں تو میں بہت خوش ہوں سو تھم
ہو گئی رگ انکی اور نہ گرا اس سے ایک قطرہ لہو کا یہاں تک کہ اترے بنی قریظہ اوپر حکم سعد بن معاذ کے سو بھیجا نبی صلے اللہ علیہ
وسلم نے کسی کو واسطے بلانے انکے کے پس آئے سعد اور حکم کیا یہ کہ مارے جاویں مرد انکے اور زندہ رکھی جاویں عورتیں انکی اور
بندی کیجائیں کہ مدد لیں انسے مسلمان یعنی فائدہ اٹھاویں انسے سو نبی صلعم نے فرمایا کہ پہونچا تو حکم اللہ کو بیچ انکے یعنی ایسا حکم کیا تو نے
کہ اللہ راضی ہوا اس سے اور تھے چار سو آدمی۔ پس جب فارغ ہوئے قتل انکے سے تو کھل گئی رگ انکی اور جاری ہوا اس سے خون پس مر گئے
اس خون سے اور اس باب میں ابی سعید اور عطیہ قرظی سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابو الولید دمشقی نے
اسنے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن مسلم نے سعید بن بشیر سے انہنے قتادہ سے اسنے حسن سے اسنے سمرہ بن جندب سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا
قتل کرو تم مشرکین بڑی عمر والے کو اور زندہ رکھو چھوٹی عمر والے کو یعنی لڑکے انکے کو اور شرخ وہ لڑکے ہیں جنکے زیر ناف کے بال نہ جمے
ہوں یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے روایت کیا اسکو حجاج بن ارطاۃ نے قتادہ سے مانند اسکے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے
وکیع نے سفیان سے اسنے عبد الملک بن عمیر سے اسنے عطیہ قرظی سے کہا کہ پیش کیے گئے ہم آگے نبی صلعم کے دن جنگ بنی قریظہ کے پس
جس کسی کے جمے ہوئے تھے بال یعنی زیر ناف کے تو قتل کرتے اسکو اسلیے کہ یہ علامت بلوغ کی ہے پس گنا جاتا لڑنے والوں سے اور
جسکے نہ جمے ہوتے بال پس چھوڑ دیتے اسکو اور تھا میں انمیں سے کہ نہ جمے تھے بال انکے سو چھوڑ دیا مجکو اور یہ حدیث حسن صحیح ہے اور
عمل اسی پر ہے نزدیک بعض علم کے کہتے ہیں کہ بالوں کا جمنا[1] بالغ ہونا ہے اگر نہ پہچانا جاوے احتلام اسکا اور نہ عمر اسکی اور یہی ہے قول احمد اور
اسحاق کا **باب** عہد اور قسم کا پورا کرنا **حدیث** کی ہمسے حمید بن مسعدہ نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن زریع نے اسنے کہا حدیث
کی ہمسے حسین معلم نے عمرو بن شعیب سے اسنے اپنے باپ سے اسنے اپنے دادا سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے خطبہ میں پوری
کرو جاہلیت[2] کی قسم کو پس تحقیق وہ نہیں زیادہ کرتا اسکو یعنی اسلام زیادہ نہیں کرتا اس قسم میں مگر قوۃ کو اور نہ پیدا کرو قسم کو بیچ اسلام کے
اور اس باب میں عبد الرحمن بن عوف اور ام سلمہ اور جبیر بن مطعم اور ابی ہریرہ اور ابن عباس اور قیس بن عاصم سے بھی روایت ہے

ف۱ کہا توربشتی نے کہ گردانا گیا جمنا بالوں کا علامت بلوغ کی بنا بر ضرورت کے اسلیے کہ اگر پوچھے جاتے احتلام سے یا سن عمر سے تو سچ نہ کہتے واسطے خوف قتل
کے ۱۲ ف۲ پورا کرو جاہلیت کی قسم کو یعنی عہد اور قسمیں کہ زمانہ جاہلیت میں اوپر مدد کرنے کے آپس میں بموجب آیت اوفوا بالعقود کے اور مراد وہ قسمیں ہیں کہ ذمان
نرکھیں اور جو قسمیں کہ ایام جاہلیت میں قتل کرنے پر واقع ہوئیں انکا پورا کرنا درست نہیں موافق اس حدیث کے اور جو کہ ہوں جاہلیت میں اوپر مدد کرنے مظلوم کے اور صلہ رحم
کے اور مانند انکے کے پس اسلام انکا مدد کرنیوالا ہے بموجب اس حدیث کے اسلیے کہ اسلام کافی ہے بیچ واجب ہونا ایک دوسرے کی ایسی قسم کا پورا کرنا واجب ہے ۱۲

هذا حديث حسن صحيح **باب** اخذ الجزية من المجوس حدثنا احمد بن منيع ثنا ابو معاوية ثنا الحجاج بن ارطاة
عن عمرو بن دينار عن بجالة بن عبدة قال كنت كاتبا لجزء بن معاوية على مناذر فجاءنا كتاب عمر انظر مجوس من قبلك
فخذ منهم الجزية فان عبد الرحمن بن عوف اخبرني ان رسول الله صلى الله عليه وسلم اخذ الجزية من مجوس هجر
هذا حديث حسن **حدثنا** ابن ابي عمر ثنا سفيان عن عمرو بن دينار عن بجالة ان عمر كان لا يأخذ الجزية من المجوس
حتى اخبره عبد الرحمن بن عوف ان النبي صلى الله عليه وسلم اخذ الجزية من مجوس هجر وفي الحديث كلام اكثر من هذا هذا
حديث حسن صحيح **باب** ما جاء ما يحل من اموال اهل الذمة **حدثنا** قتيبة ثنا ابن لهيعة عن يزيد بن ابي حبيب
عن ابي الخير عن عقبة بن عامر قال قلت يا رسول الله انا نمر بقوم فلا هم يضيفونا ولا هم يودون ما لنا عليهم من الحق
ولا نحن نأخذ منهم فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان ابوا الا ان تأخذوا كرها فخذوا هذا حديث حسن وقد رواه الليث
بن سعد عن يزيد بن ابي حبيب ايضا وانما معنى هذا الحديث انهم كانوا يخرجون في الغزو فيمرون بقوم ولا يجدون من الطعام
ما يشترون بالثمن فقال النبي صلى الله عليه وسلم ان ابوا ان يبيعوا الا ان تأخذوا كرها فخذوا هكذا روي في بعض الحديث
مفسرا وقد روي عن عمر بن الخطاب انه كان يأمر بنحو هذا **باب** ما جاء في الهجرة **حدثنا** احمد بن عبدة الضبي ثنا زياد
بن عبد الله ثنا منصور بن معتمر عن مجاهد عن طاوس عن ابن عباس قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم فتح مكة

یہ حدیث حسن ہے صحیح ہے **باب** مجوس سے جزیہ[1] لینے کا بیان **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اُسنے
کہا حدیث کی ہمسے حجاج بن ارطاۃ نے عمرو بن دینار سے اُسنے روایت کی بجالہ بن عبدہ سے کہا کہ تھا مین منشی جزء بن معاویہ تابعی کا کہ چچا تھا
احنف کا پس آیا ہمارے پاس خط حضرت عمرؓ کا کہ مضمون اسکا یہ تھا کہ دیکھ مجوس کو جو آسگے تیرے ہین سو لے اُن سے جزیہ اسلیے کہ
تحقیق عبد الرحمن بن عوف نے خبر دی مجکو کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لیا جزیہ ہجر کے مجوسون سے یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے
ابن ابی عمر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عمرو بن دینار سے اُسنے روایت کی بجالہ سے کہا کہ نہ لیتے تھے حضرت عمرؓ جزیہ مجوس
سے یہانتک کہ خبر دی اُنکو عبد الرحمن بن عوف نے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لیا جزیہ مجوس ہجر سے اور اس حدیث مین کلام اکثر ہے اس سے
یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اہل ذمہ کا مال حلال نہین یعنی انکا لینا درست نہین **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ
نے یزید بن ابی حبیب سے اُسنے ابی الخیر سے اُسنے عقبہ بن عامر سے کہا کہ عرض کی مین نے کہ یا حضرت تحقیق ہم گذرتے ہین ایک قوم پر یعنی وقت نکلنے
کے جہاد کے لیے پس نہ وہ مہمانی کرتے ہین ہماری اور نہ دیتے ہین وہ چیز کہ واسطے ہمارے ہے انپر حق سے یعنی حق اسلام کہ وہ خبر گیری کرنی اور
مدد کرنی ہے ساتھ دینے قرض اور مانند اسکے کے اور نہ ہم خود لیتے ہین اُنسے یعنی زبردستی پس حاصل ہوتا ہے ہمکو بسبب اضطرار کے ضرر عظیم سو
نبی صلعم نے فرمایا کہ اگر انکار کرین وہ یعنی ضیافت کرنے سے اور بیچنے سے نقد یا قرض مگر یہ کہ لو تم زبردستی پس لو یعنی زبردستی یہ حدیث حسن ہے
اور تحقیق روایت کیا اسکو لیث بن سعد نے یزید بن ابی حبیب سے بھی اور سوا اسکے نہین کہ معنی اس حدیث کے یہ ہین کہ تھے وہ نکلتے جہاد مین سو
گذرتے ایک قوم پر اور نہ پاتے کھانے سے وہ چیز کہ خریدین ساتھ مول کے پس حضرت صلعم نے فرمایا کہ اگر انکار کرین ہم بیچنے سے مگر یہ کہ لو زبردستی
تو لو اسیطرح روایت کی گئی ہے بعض حدیثون مین ساتھ تفسیر کے اور عمر فاروق سے مروی ہے کہ تھے وہ حکم کرتے مانند اسکے **باب** ہجرت
کا بیان **حدیث** کی ہمسے احمد بن عبدہ ضبی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے زیاد بن عبد اللہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے منصور بن معتمر نے مجاہد سے
اُسنے طاوس سے اُسنے ابن عباس سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا دن فتح مکہ کے

[1] جزیہ اُس مال کو کہتے ہین کہ لیا جاوے ذمی سے یہ مشتق ہے جزاء سے یعنی بدلے کے اسلیے کہ وہ جزا یعنی بدلہ ہے اسکے ترک اسلام کا اور باقی رہنے کا کفر پر اور جمہور علما اتفاق
رکھتے ہین اوپر لینے جزیہ کے مجوس سے، اور حنفیہ کے نزدیک عجم کے بت پرستون سے بھی لیا جاوے اور شافعی کو اسمین اختلاف ہے اور حنفیہ کے نزدیک غنی پر ہر سال مین اڑتالیس درہم
کہ ہر مہینے مین چار درہم دے اور اوسط درجہ والے پر چوبیس درہم مین کہ ہر مہینے مین دو درہم دے اور فقیر مزدوری کرنیوالے پر بارہ درہم کہ ہر مہینے مین ایک درہم دے ۱۲ ع ملاحظہ
لوگ ذمی تھے اور شرط کی گئی تھی اُن سے کہ جو مسلمان جہاد کے لیے جاتا ہوا انکے ہان گذرے انکی ضیافت کرین پس جو مسلمان اُنکے ہان پہونچتے نہ وہ ضیافت کرتے انکی اور نہ بیچتے
اُنسے غلہ وغیرہ پس نبی صلعم نے فرمایا کہ مضطر آدمی کو جائز ہے اُنکے مال کا لینا زبردستی سے اگرچہ وہ راضی نہون ۱۲

لاهجرة بعد الفتح ولكن جهاد ونية واذا استنفرتم فانفروا وفي الباب عن ابي سعيد وعبد الله بن عمرو وعبد الله بن حبشي هذا
حديث حسن صحيح وقد رواه سفيان الثوري عن منصور بن المعتمر نحو هذا **باب** ما جاء في بيعة النبي صلى الله عليه
وسلم **حدثنا** سعيد بن يحيى بن سعيد الاموي ثنا عيسى بن يونس عن الاوزاعي عن يحيى بن ابي كثير عن ابي سلمة عن
جابر بن عبد الله في قوله تعالى لقد رضي الله عن المؤمنين اذ يبايعونك تحت الشجرة قال جابر بايعنا رسول الله صلى الله
عليه وسلم على ان لا نفر ولم نبايعه على الموت وفي الباب عن سلمة بن الاكوع وابن عمر وعبادة وجرير بن عبد الله وقد روي
هذا الحديث عن عيسى بن يونس عن الاوزاعي عن يحيى بن ابي كثير قال قال جابر بن عبد الله ولم يذكر فيه ابو سلمة **حدثنا**
قتيبة ثنا حاتم بن اسمعيل عن يزيد بن ابي عبيد قال قلت لسلمة بن الاكوع على اي شيء بايعتم رسول الله صلى الله عليه
وسلم يوم الحديبية قال على الموت هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** علي بن حجر ثنا اسمعيل بن جعفر عن عبد الله بن دينار عن
ابن عمر قال كنا نبايع رسول الله صلى الله عليه وسلم على السمع والطاعة فيقول لنا فيما استطعتم هذا حديث حسن صحيح **حدثنا**
احمد بن منيع ثنا سفيان بن عيينة عن ابي الزبير عن جابر بن عبد الله قال لم نبايع رسول الله صلى الله عليه وسلم على الموت
انما بايعناه على ان لا نفر هذا حديث حسن صحيح ومعنى كلا الحديثين صحيح قد بايعه قوم من اصحابه على الموت وانما قالوا لا نزال
بين يديك ما لم نقتل وبايعه آخرون فقالوا لا نفر **باب في** نكث البيعة **حدثنا** ابو عمار ثنا وكيع عن الاعمش عن ابي صالح عن ابي هريرة

نہیں فرض ہے ہجرت بعد فتح مکہ کے ولیکن جہاد اور نیت ہے یعنی ہر کام میں نیکی کی نیت کرنی اور جہاد کرنے سے ہجرت کا ثواب حاصل ہوتا ہے
اور جب وقت کہ بلائے جاؤ تم یعنی جہاد کے لیے پس نکلو بنا بر امر فرض ہونے کے اور اس باب میں ابی سعید اور عبد اللہ بن عمرو اور عبد اللہ بن حبشی
سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کیا اسکو سفیان ثوری نے منصور بن معتمر سے مانند اسکے **باب** حضرت صلی اللہ علیہ وسلم
کی بیعت کا بیان **حدیث** کی ہمسے سعید بن یحیی بن سعید اموی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عیسیٰ بن یونس نے اُسنے اوزاعی سے اُسنے یحیی
بن ابی کثیر سے اسنے ابی سلمہ سے اُسنے جابر بن عبد اللہ سے بیچ تفسیر اس آیت کے کہ تحقیق اللہ خوش ہوا ایمان والوں سے جبکہ تجھ سے ملانے لگے تجھسے
اُس درخت کے نیچے کہا جابر نے بیعت کی ہمسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ کہ نہ بھاگینگے ہم لڑائی سے اور نہ بیعت کی ہمنے آپ سے موت پر اور
اس باب میں سلمہ بن الکوع اور ابن عمر اور عبادہ اور جریر بن عبد اللہ سے بھی روایت ہے اور تحقیق روایت کی گئی یہ حدیث عیسیٰ بن یونس
سے اُسنے اوزاعی سے اسنے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے جابر سے اور نہیں ذکر کیا اسمیں واسطہ ابو سلمہ کا **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا
حدیث کی ہمسے حاتم بن اسمعیل نے یزید بن ابی عبیدہ سے کہا کہ کہا میں نے سلمہ بن اکوع سے کس چیز پر بیعت کی تھی تمنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے
دن حدیبیہ کے جبکہ قریش نے نبی صلعم کو مکہ میں جانے سے روکا تھا۔ کہا اُسنے موت پر یعنی جبتک جان ہے لڑینگے اور منھ نہ پھیرینگے یہ حدیث
حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن جعفر نے عبد اللہ بن دینار سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ تھے ہم بیعت
کرتے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اوپر سننے اور فرمانبرداری کرنے کے پس فرماتے ہمسے بیچ اُس چیز کے کہ طاقت رکھو تم یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث
کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے ابی زبیر سے اُسنے جابر سے کہا نہیں بیعت کی ہمنے نبی صلعم سے مرنے پر سوا
اسکے نہیں کہ بیعت کی ہمنے آپ سے یہ کہ نہ بھاگینگے ہم یہ حدیث حسن صحیح ہے اور معنی دونوں حدیثوں کے صحیح ہیں کہ ایک جماعت نے آپ سے
مرنے پر بیعت کی تھی اور کہا کہ ہمیشہ ہم آپکے آگے رہینگے جبتک کہ مارے جاویں ہم اور بیعت کی آپسے دوسروں نے اسپر کہ نہ بھاگینگے **باب** بیعت
توڑنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے ابو عمار نے۔ اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے اعمش سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے

ف فتح مکہ سے پہلے ہجرت فرض عین تھی طرف مدینہ کے بلکہ ہر دار الکفر سے اسپر کہ مسلمان ہوتا اسلیے کہ اہل دین مدینہ میں کم تھے پس ہجرت فرض ہوئی کہ مسلمانوں کو زور ہو
پس جب مکہ فتح ہوا تو وہ علت زائل ہوئی اور فرضیت ہجرت کی وہان سے موقوف ہوئی لیکن باقی ہے استحباب ہجرت کا واسطے جہاد اور طلب علم وغیرہ کے اور نیت یعنی قصد
جہاد کا یا اخلاص عمل کا حاصل یہ ہے کہ مدینہ کی طرف ہجرت کرنی اب فرض نہیں ولیکن چھوڑنا وطن کا بسبب جہاد کے یا نیت صالحہ کے مانند بھاگنے کے دار الکفر سے یا بدعت یا جہل یا فتنہ وغیرہ
باقی ہے منسوخ نہیں ۱۲ ع ع ۱۲ یہ رخصت ہے حضرت صلعم کی طرف سے یعنی جسقدر فرمانبرداری ہو سکے اُسیقدر کرو ۱۲ ع ع ف چھٹے سال ہجری میں حضرت صلعم پندرہ سو آدمی ساتھ لیکر عمرہ کرنے کی
نیت سے مکہ کو روانہ ہوئے جب حدیبیہ میں کہ نام ہے ایک جگہ کا پاس مکے کے پہونچے تو کفار قریش مانع ہوئے اور مکہ میں داخل ہونے سے آپکو روکا تب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے

لقد رضي الله عن المؤمنين اذ يبايعونك تحت الشجرة ١٢

قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ثلثة لا یکلمهم الله یوم القیمة ولا یزکیهم ولهم عذاب الیم رجل بایع اماما فان اعطاه وفی له وان لم یعطه لم یف له هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی بیعة العبد **حدثنا** قتیبة ثنا اللیث عن ابی الزبیر عن جابر انه قال جاء عبد فبایع رسول الله صلی الله علیه وسلم علی الهجرة ولا یشعر النبی صلی الله علیه وسلم انه عبد فجاء سیده فقال النبی صلی الله علیه وسلم بعنیه فاشتراه بعبدین اسودین ولم یبایع احدا بعد حتی یسأله اعبد هو وفی الباب عن ابن عباس حدیث جابر حدیث حسن غریب صحیح لا نعرفه الا من حدیث ابی الزبیر **باب** ماجاء فی بیعة النساء **حدثنا** قتیبة ثنا سفیان عن محمد بن المنکدر سمع امیمة بنت رقیقة تقول بایعت رسول الله صلی الله علیه وسلم فی نسوة فقال لنا فیما استطعتن واطقتن قلت الله ورسوله ارحم بنا منا بانفسنا فقلت یا رسول الله بایعنا قال سفیان تعنی صافحنا فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم انما قولی لمائة امرأة کقولی لامرأة واحدة وفی الباب عن عائشة وعبد الله بن عمرو واسماء بنت یزید وهذا حدیث حسن صحیح لا نعرفه الا من حدیث محمد بن المنکدر وروی سفیان الثوری ومالك بن انس وغیر واحد هذا الحدیث عن محمد بن المنکدر نحوه **باب** ماجاء فی عدة اصحاب بدر **حدثنا** واصل بن عبد الاعلی الکوفی ثنا ابو بکر بن عیاش عن ابی اسحٰق عن البراء قال کنا نتحدث ان اصحاب بدر یوم بدر کعدة اصحاب طالوت ثلث مائة وثلاثة عشر وفی الباب عن ابن عباس وهذا حدیث حسن صحیح وقد رواه الثوری وغیره عن ابی اسحٰق **باب** ماجاء فی الخمس **حدثنا** قتیبة ثنا عباد بن عباد المهلبی عن ابی جمرة عن ابن عباس ان النبی صلی الله علیه وسلم قال لوفد عبد القیس آمرکم ان تؤدوا خمس ما غنمتم وفی الحدیث قصة هذا حدیث حسن صحیح

کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین قسم کے آدمی ہین کہ نہ کلام کریگا اُنسے اللہ دن قیامت کے اور نہ پاک کریگا اُنکو گناہون سے اور واسطے اُنکے عذاب ہے درد دینے والا۔ ایک مرد وہ ہے کہ بیعت کی اُسنے امام سے پس اگر دیا اُسکو کچھ مال تو پورا کیا اُسکو۔ اور اگر نہ دیا کچھ تو نہ پورا کیا اُسکو یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** غلام کی بیعت کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابی زبیر سے اُسنے جابر سے کہا کہ آیا ایک غلام پس بیعت کی اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے ہجرت پر یعنی عہد کیا حضرت سے کہ اپنے وطن سے نکل کر آپکی خدمت بابرکت مین حاضر رہونگا اور نہ معلوم ہوا نبی صلعم کو کہ یہ غلام ہے۔ پھر آیا مالک اُسکا ڈھونڈتا ہوا اُسکو پس فرمایا اُسکو نبی صلعم نے کہ بیچ دے اُسکو میرے ہاتھ۔ پس خریدا آپ نے اُسکو بدلے دو غلامون سیاہ رنگ کے اور نہ بیعت کی کسی سے پیچھے اُسکے یہانتک کہ پوچھ لیتے اُس سے کہ غلام ہے یا آزاد اور اس باب مین ابن عباس سے بھی روایت ہے اور جابر کی حدیث حسن غریب صحیح ہے نہین پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث ابی زبیر سے **باب** عورتون کی بیعت کرنیکا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے محمد بن منکدر سے اُسنے سُنا امیمہ بنت رقیقہ سے کہتی تھی کہ بیعت کی مین نے نبی صلعم سے بیچ کئی عورتون کے کہ اُنھون نے بھی بیعت کی سو آپ نے فرمایا واسطے ہمارے کہ بیعت کی مین نے تمکو اے عورتو بیچ اُس چیز کے کہ استطاعت رکھو تم اور طاقت رکھو تم کہا مین نے اللہ اور اُسکا رسول زیادہ تر مہربان ہے بیچ حق ہمارے کے ہمسے ساتھ جانون اپنی کے سو مین نے عرض کی کہ یا حضرت بیعت کیجیے ہمسے کہا سفیان نے یعنی مصافحہ کیجیے ہمسے سو حضرت صلعم نے فرمایا سوا اسکے نہین کہ کہنا میرا واسطے سو عورتون کے مانند کہنے میرے کے ہے واسطے ایک عورت کے یعنی فقط میرا زبان سے کہنا کافی ہے ہاتھ ملانے کی کچھ ضرورت نہین اور اس باب مین عائشہ اور عبداللہ بن عمرو اور اسماء بنت یزید سے بھی روایت ہے۔ اور یہ حدیث حسن صحیح ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث محمد بن منکدر سے اور روایت کی یہ حدیث سفیان اور مالک وغیرہ نے محمد بن منکدر سے مانند اسکے **باب** اصحاب بدر کی گنتی کا بیان **حدیث** کی ہمسے واصل بن عبد الاعلی کوفی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابوبکر بن عیاش نے ابی اسحاق سے اُسنے براء سے کہا کہ تھے ہم گفتگو کرتے آپس مین کہ تحقیق اصحاب بدر کی گنتی مانند اصحاب طالوت کے ہے تین سو تیرہ آدمی اور اس باب مین ابن عباس سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کیا اُسکو ثوری وغیرہ نے ابی اسحاق سے **باب** پانچوین حصہ کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے عباد بن عباد مہلبی سے اُسنے ابی جمرہ سے اُسنے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایلچیون عبد القیس کے لیے یہ کہ ادا کرو تم پانچوان حصہ غنیمت مین سے اور اس حدیث مین قصہ ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے

حدثنا قتیبة ثنا حماد بن زید عن ابی جمرة عن ابن عباس نحوه **باب** ما جاء فی کراهیة النهبة **حدثنا** هناد ثنا
ابو الاحوص عن سعید بن مسروق عن عبایة بن رفاعة عن ابیه عن جده رافع قال کنا مع رسول الله صلی الله علیه وسلم فی سفر فتقدم
سرعان الناس فتعجلوا من الغنائم فاطبخوا ورسول الله صلی الله علیه وسلم فی اخری الناس فمر بالقدور فامر بها فاکفئت ثم قسم
بینهم فعدل بعیرا بعشر شیاه وروی سفیان الثوری عن ابیه عن عبایة عن جده رافع بن خدیج ولم یذکر فیه عن ابیه
حدثنا بذلک محمود بن غیلان ثنا وکیع عن سفیان وهذا اصح وعبایة بن رفاعة سمع من جده رافع بن خدیج وفی
الباب عن ثعلبة بن الحکم وانس وابی ریحانة وابی الدرداء وعبد الرحمن بن سمرة وزید بن خالد وجابر وابی هریرة وابی ایوب
حدثنا محمود بن غیلان ثنا عبد الرزاق عن معمر عن ثابت عن انس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من انتهب
فلیس منا هذا حدیث حسن صحیح غریب من حدیث انس **باب** ما جاء فی التسلیم علی اهل الکتاب **حدثنا** قتیبة
ثنا عبد العزیز بن محمد عن سهیل بن ابی صالح عن ابیه عن ابی هریرة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا تبدؤا الیهود
والنصاری بالسلام واذا لقیتم احدهم فی الطریق فاضطروه الی اضیقه وفی الباب عن ابن عمر وانس وابی بصرة الغفاری
صاحب النبی صلی الله علیه وسلم هذا حدیث حسن صحیح ومعنی هذا الحدیث لا تبدؤا الیهود والنصاری قال بعض اهل العلم
انما معنی الکراهیة لانه یکون تعظیما لهم وانما امر المسلمون بتذلیلهم وکذلک اذا لقی احدهم فی الطریق فلا یترک الطریق
علیه لان فیه تعظیما لهم

حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن زید نے ابی جمرہ سے اُسنے ابن عباس سے مانند اُسکے **باب** تقسیم کے
پہلے مال غنیمت کا لینا منع ہے حدیث کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو الاحوص نے سعید بن مسروق سے اُسنے عبایہ بن رفاعہ
سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا رافع سے کہ تھے ہم ہمراہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک سفر میں سو آگے بڑھے جلد باز قوم کے
سو جلدی کی اُنھون نے غنیمت میں سے اور پکایا گوشت اور نبی صلعم پچھلے لوگون میں تھے۔ پس گذرے حضرت صلعم ہنڈیون کی طرف سو حکم فرمایا
اُنکے اُلٹ دینے کا پس اُلٹا دی گئین۔ پھر تقسیم کی درمیان اُنکے غنیمت سو برابر کیا ایک اونٹ کو بدلے دس بکریون کے اور روایت کی سفیان ثوری
اپنے باپ سے اُسنے عبایہ سے اُسنے اپنے دادا رافع بن خدیج سے اور نہین ذکر کیا اُسمین واسطہ باپ کا حدیث کی ہمسے ساتھ اسکے محمود
بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے سفیان سے اور یہ زیادہ تر صحیح ہے اور عبایہ نے اپنے دادا رافع سے سنا ہے اور اس باب مین
ثعلبہ بن الحکم اور انس اور ابی ریحانہ اور ابی درداء اور عبد الرحمن بن سمرہ اور زید بن خالد اور جابر اور ابی ہریرہ اور ابی ایوب سے بھی روایت ہے
حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرزاق نے معمر سے اُسنے ثابت سے اُسنے انس سے کہ نبی صلعم نے فرمایا
جو شخص کہ لے مال غنیمت سے پہلے تقسیم کے پس نہین وہ ہم مین سے یعنی ہمارے طریقے پر یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے حدیث انس سے **باب**
اہل کتاب یعنی یہود اور نصاریٰ پر سلام کرنے کا بیان حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے سہیل بن ابی صالح
سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہود اور نصاریٰ کو پہلے تم نہ سلام کیا کرو اور جسکو ملو تم اُنمین سے
کسیکو راہ مین پس تنگ کیا کرو اُنکو طرف راہ تنگ کے۔ اور اس باب مین ابن عمر اور انس اور ابی بصرہ غفاری نبی صلعم کے مصاحب سے بھی روایت
ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کہا بعض اہل علم نے کہ معنی اس حدیث کے یہ ہین کہ یہود اور نصاریٰ سے سلام کے ساتھ ابتدا کرنا اسواسطے مکروہ
ہے کہ اسمین اُنکی تعظیم ہے۔ اور مسلمانون کو حکم ہے ذلیل کرنے اُنکے کا اور اسیطرح جبکہ ملے ایک اُنکا راہ مین تو نہ چھوڑی جاوے راہ واسطے اُنکے
اسلیے کہ اسمین اُنکی تعظیم لازم آتی ہے

سلہ اسلیے کہ اُنھون نے ذبح کیا تھا جانورون کو غنیمت مین سے پہلے تقسیم کرنے کے ۱۲ سلہ کہا امام نووی نے کہ یہود و نصاریٰ سے سلام کے ساتھ ابتدا کرنی حرام ہے اور بعضے کہتے
ہین کہ ضرورت کے لیے جائز ہے۔ یہ قول نخعی اور علقمہ کا ہے اور اہل بدعت سے ابتدا کرنی بھی درست نہین مگر واسطے خوف مفسدہ اور غدر کے درست ہے ۱۲ سلہ یہود اور نصاریٰ کو
پہلے سلام کرنا حرام ہے اگر وے سلام کرین تو جواب مین کہو علیکم یعنی تمپر وہی جسکے تم لائق ہو اور تنگ کرو انکو راہ سے ایک طرف اور کنارہ پر چلاوین اور مراد اُسپر تنگ ہونا یہ اسواسطے ہے
کہ جب اُنھون نے راہ حق کو چھوڑا تو ذلت کے لائق ہوے اور بعضے کہتے ہین کہ مراد تنگ کرنے سے حکم کرنا ہے ساتھ ایک طرف ہونے کے تاکہ راہ کا درمیان لائق چھوڑ دین ۱۲

حدثنا علی بن حجر ثنا اسمعیل بن جعفر عن عبد اللہ بن دینار عن ابن عمر قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان الیہود اذا سلم علیکم احدہم فانما یقول السام علیکم فقل علیک هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی کراهیة المقام بین اظہر المشرکین حدثنا هناد ثنا ابو معاویة عن اسمعیل بن ابی خالد عن قیس بن ابی حازم عن جریر بن عبد اللہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعث سریة الی خثعم فاعتصم ناس بالسجود فاسرع فیہم القتل فبلغ ذلک النبی صلی اللہ علیہ وسلم فامر لہم بنصف العقل وقال انا بریء من کل مسلم یقیم بین اظہر المشرکین قالوا یا رسول اللہ ولم قال لا تراءی ناراهما حدثنا هناد ثنا عبدة عن اسمعیل بن ابی خالد عن قیس بن ابی حازم مثل حدیث ابی معاویة ولم یذکر فیہ عن جریر وهذا اصح وفی الباب عن سمرة واکثر اصحاب اسمعیل قالوا عن اسمعیل عن قیس بن ابی حازم ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعث سریة ولم یذکروا فیہ عن جریر وروی حماد بن سلمة عن الحجاج بن ارطاة عن اسمعیل بن ابی خالد عن قیس عن جریر مثل حدیث ابی معاویة وسمعت محمدا یقول الصحیح حدیث قیس عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مرسل وروی سمرة بن جندب عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تساکنوا المشرکین ولا تجامعوهم فمن ساکنہم او جامعہم فہو مثلہم **باب** ماجاء فی اخراج الیہود والنصاری من جزیرة العرب حدثنا الحسن بن علی الخلال ثنا ابو عاصم وعبد الرزاق قالا انا ابن جریج ثنا ابو الزبیر انہ سمع جابر بن عبد اللہ یقول اخبرنی عمر بن الخطاب انہ سمع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لاخرجن الیہود والنصاری من جزیرة العرب فلا اترک فیہا الا مسلما هذا حدیث حسن صحیح حدثنا موسی بن عبد الرحمن الکندی ثنا زید بن حباب ثنا سفیان الثوری عن ابی الزبیر عن جابر عن عمر بن الخطاب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لئن عشت ان شاء اللہ لاخرجن الیہود والنصاری من جزیرة العرب

حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل نے عبد اللہ بن دینار سے اُسنے روایت کی ابن عمر سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ یہود جبکہ سلام کہے تمپر ایک اُنکا تو سوا اسکے نہیں کہ کہیگا السام علیکم سو کہہ تو علیک یعنی وہ ہے جسکے تم لائق ہو یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** مشرکوں کے درمیان ٹھہرنا مکروہ ہے حدیث کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اسماعیل بن ابی خالد سے اُسنے روایت کی قیس بن ابی حازم سے اُسنے جریر بن عبد اللہ سے کہا کہ نبی صلعم نے بھیجا ایک چھوٹا لشکر طرف قبیلے خثعم کے پس پناہ پکڑی کئی آدمیوں نے سجدے سے یعنی سجدے میں گر پڑے کہ تا مسلمان ہمکو جانکر چھوڑ دیں پس جلدی کی گئی اُنکے قتل کی۔ پس پہونچی یہ خبر نبی صلعم کو سو حکم کیا اُنکے لیے آدھی دیت دینے کا اور فرمایا کہ میں بیزار ہوں ہر مسلمان سے کہ ٹھہرے درمیان مشرکوں کے۔ اصحاب نے عرض کی کہ یا حضرت آپ بیزار کیوں ہیں فرمایا نہ مشابہ ہووے مسلمان بیچ شکل کافر کے حدیث کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے اسماعیل بن ابی خالد سے اُسنے روایت کی قیس بن ابی حازم سے مانند حدیث ابی معاویہ کے۔ اور نہیں ذکر کیا اُسمیں واسطہ جریر کا اور یہ زیادہ صحیح ہے اور اس باب میں سمرہ سے بھی روایت ہے۔ اور اکثر اصحاب اسماعیل کے روایت کرتے ہیں اسماعیل سے اُسنے قیس بن ابی حازم سے کہا کہ نبی صلعم نے بھیجا ایک لشکر کو اور نہیں ذکر کیا اسمیں واسطہ جریر کا اور روایت کی حماد بن سلمہ نے حجاج بن ارطاۃ سے اُسنے اسماعیل بن ابی خالد سے اُسنے قیس سے اُسنے جریر سے مانند حدیث ابی معاویہ کے اور سنا میں نے محمد سے کہتے تھے کہ صحیح قیس کی نبی صلعم سے مرسل ہے اور روایت کی سمرہ بن جندب نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا کہ نہ ٹھہرو مشرکوں میں اور نہ جمع ہو اُنسے پس جو شخص کہ ٹھہرے اُنمیں یا ملے اُنسے پس وہ مثل اُنکے ہے **باب** یہود اور نصاریٰ کا جزیرہ عرب[1] سے نکالنا حدیث کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو عاصم اور عبد الرزاق نے اُنھوں نے کہا خبر دی ہمکو ابن جریج نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو زبیر نے کہ اُسنے سُنا جابر سے کہتا تھا خبر دی مجھکو عمر فاروق نے کہ اُسنے سُنا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے البتہ نکالونگا میں یہود اور نصاریٰ کو جزیرہ عرب سے یہانتک کہ نہ چھوڑونگا میں اُنمیں مگر مسلمان کو یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے موسیٰ بن عبد الرحمن کندی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی زبیر سے اُسنے روایت کی جابر سے اُسنے عمر فاروق سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر جیتا رہا میں ان شاء اللہ تو البتہ نکالونگا میں یہود و نصاریٰ کو جزیرہ عرب سے

[1] جزیرہ اُس زمین کو کہتے ہیں کہ احاطہ کیا ہو اُسکو دریا نے اور جزیرۂ عرب وہ ہے کہ احاطہ کیا ہے دریاے ہند اور دریاے شام اور دجلہ اور فرات نے عدن سے اطراف

باب ماجاء فی ترکۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** محمد بن المثنی ثنا ابو الولید ثنا حماد بن سلمۃ عن محمد بن عمرو عن ابی سلمۃ عن ابی ہریرۃ قال جاءت فاطمۃ الی ابی بکر فقالت من یرثک قال اہلی و ولدی قال فمالی لا ارث ابی فقال ابوبکر سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لا نورث ولکن اعول من کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعولہ وانفق علی من کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ینفق علیہ وفی الباب عن عمر وطلحۃ والزبیر وعبد الرحمن بن عوف وسعد وعائشۃ حدیث ابی ہریرۃ حدیث حسن غریب من ہذا الوجہ انما اسندہ حماد بن سلمۃ و عبد الوہاب بن عطاء عن محمد بن عمرو عن ابی سلمۃ عن ابی ہریرۃ وقد روی ہذا الحدیث من غیر وجہ عن ابی بکر الصدیق عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** الحسن بن علی الخلال ثنا بشر بن عمر ثنا مالک بن انس عن ابن شہاب عن مالک بن اوس بن الحدثان قال دخلت علی عمر بن الخطاب ودخل علیہ عثمان بن عفان والزبیر بن العوام وعبد الرحمن بن عوف وسعد بن ابی وقاص ثم جاء علی والعباس یختصمان فقال عمر لہم انشدکم باللہ الذی باذنہ تقوم السماء والارض تعلمون ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا نورث ما ترکنا صدقۃ قالوا نعم قال عمر فلما توفی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ابوبکر انا ولی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فجئت انت وہذا الی ابی بکر تطلب انت میراثک من ابن اخیک ویطلب ہذا میراث امرأتہ من ابیہا فقال ابوبکر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لا نورث ما ترکناہ صدقۃ واللہ یعلم انہ صادق بار راشد تابع للحق وفی الحدیث قصۃ طویلۃ ہذا حدیث حسن صحیح غریب من حدیث مالک بن انس

باب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ترکہ کا بیان جو آپ نے مرنے کے پیچھے چھوڑا حدیث کی ہمسے محمد بن مثنی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو الولید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے محمد بن عمرو سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ آئین حضرت فاطمہ پاس ابی بکر صدیق کے سو کہا کہ کون وارث ہوگا تیرا۔ ابو بکر نے کہا کہ گھر والے میرے اور اولاد میری۔ کہا فاطمہ رض نے پس کیا ہے مجکو کہ نہیں وارث ہوتی مین اپنے باپ کی کہا ابو بکر نے سنا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ فرماتے تھے نہیں وارث کیے جاتے ہم لیکن دونگا مین انکو جنکو نبی صلعم دیتے انکو۔ اور خرچ کرونگا مین اُس شخص پر کہ تھے نبی صلعم خرچ کرتے اُسپر۔ اور اس باب مین عمر اور طلحہ اور زبیر اور عبد الرحمن بن عوف اور سعد اور عائشہ سے بھی روایت ہی۔ اور ابو ہریرہ کی حدیث حسن غریب ہی اس وجہ سے سوا اسکے نہین کہ مسند کیا اسکو حماد بن سلمہ اور عبد الوہاب بن عطا نے محمد بن عمرو سے اُسنے ابی سلمہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے اور یہ حدیث حضرت ابی بکر سے کئی طرح پر مروی ہی حدیث کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن عمر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے ابن شہاب سے اُسنے مالک بن اوس سے کہا کہ داخل ہوا مین عمر فاروق پر۔ اور آئے اُس پاس عثمان ابن عفان اور زبیر بن عوام اور عبد الرحمن ابن عوف اور سعد بن ابی وقاص پھر آئے حضرت علی اور عباس جھگڑتے ہوے سو عمر نے انکو کہا کہ قسم دیتا ہون تمکو اُس خدا کی کہ اُسکے حکم سے قائم ہین آسمان اور زمین کیا جانتے ہو تم کہ حضرت صلعم نے فرمایا نہین وارث کیے جاتے ہم یعنی گروہ انبیا کے جو کچھ کہ ہم چھوڑتے ہین صدقہ ہی کہا اُن اصحاب نے جو وہان بیٹھے تھے ہان بیشک نبی صلعم نے فرمایا ہے کہا عمر نے کہ جب وفات فرمائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تو کہا ابو بکر نے کہ مین والی ہون نبی صلعم کا یعنی پس خلیفہ ہوے ابو بکر۔ پس آیا تو اور یہ طرف ابو بکر رض کے اس حال مین کہ طلب کرتا تھا تو میراث اپنے بھتیجے سے اور طلب کرتا تھا یہ یعنی علی میراث عورت اپنی کی باپ اُسکے سے سو کہا ابو بکر نے کہ تحقیق نبی صلعم نے فرمایا کہ نہین وارث کیے جاتے ہین ہم جو کچھ کہ چھوڑتے ہین صدقہ ہی راہ خدا مین کوئی مالک اُسکا نہین۔ اور اللہ جانتا ہی کہ ابو بکر اس کام مین صادق اور نیکوکار اور راہ راست پر اور تابع حق کے تھے اور اس حدیث مین قصہ لنبا ہی یہ حدیث حسن صحیح غریب ہی حدیث مالک بن انس سے

ف حضرت صلعم کے پاس کچھ زمین مدینہ مین تھی اور کچھ فدک اور خیبر مین سو حضرت صلعم کا معمول تھا کہ اُسکے حاصلات سے اپنی بیبیون کو سال بھر کا خرچ دیتے اور جو باقی رہتا اُسکو محتاج مسلمانون مین خرچ کرتے۔ سو حضرت صلعم کی وفات کے بعد حضرت فاطمہ نے صدیق اکبر سے اپنے باپ کے ورثہ مانگے ان زمینون مذکور سے تب صدیق نے انکو فرمایا کہ نبی کے مال مین میراث نہین جو چھوڑین وہ صدقہ ہے خدا کی راہ مین۔ اور البتہ حضرت صلعم کی بیبیان اور اولاد اس مال سے بقدر کھانے کے پاوینگی اور جو حضرت صلعم اس مال مین عمل کرتے تھے وہی مین بھی کرونگا میری طرف سے اُسمین کچھ کمی بیشی نہوگی۔ پہلے حضرت فاطمہ کو یہ حدیث معلوم نہ تھی جب انکو یہ حدیث معلوم ہوئی تو چپ رہین اور رنجیدہ ہونا حضرت فاطمہ کا

باب ما جاء قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم فتح مکۃ ان ھذہ لا تغزی بعد الیوم **حدثنا** محمد بن بشار ثنا یحیی بن سعید ثنا زکریا بن ابی زائدۃ عن الشعبی عن الحارث بن مالك بن برصاء قال سمعت النبی صلی اللہ علیہ وسلم یوم فتح مکۃ یقول لا تغزی ھذہ بعد الیوم الی یوم القیمۃ وفی الباب عن ابن عباس وسلیمان بن صرد ومطیع ھذا حدیث حسن صحیح وھو حدیث زکریا بن ابی زائدۃ عن الشعبی لا نعرفہ الا من حدیثہ **باب** ما جاء فی الساعۃ التی یستحب فیھا القتال **حدثنا** محمد بن بشار ثنا معاذ بن ھشام قال ثنا ابی عن قتادۃ عن النعمان بن مقرن قال غزوت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فکان اذا طلع الفجر امسك حتی تطلع الشمس فاذا طلعت قاتل فاذا انتصف النھار امسك حتی تزول الشمس فاذا زالت الشمس قاتل حتی العصر ثم امسك حتی یصلی العصر ثم یقاتل وکان یقال عند ذلك تھیج ریاح النصر ویدعو المؤمنون لجیوشھم فی صلوتھم وقد روی ھذا الحدیث عن النعمان بن مقرن باسناد اوصل من ھذا وقتادۃ لم یدرك النعمان بن مقرن مات النعمان فی خلافۃ عمر بن الخطاب **حدثنا** الحسن بن علی الخلال ثنا عفان بن مسلم والحجاج بن منھال قال ثنا حماد بن سلمۃ ثنا ابو عمران الجونی عن علقمۃ بن عبد اللہ المزنی عن معقل بن یسار ان عمر بن الخطاب بعث النعمان بن مقرن الی الھرمزان فذکر الحدیث بطولہ فقال النعمان بن مقرن شھدت مع رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فکان اذا لم یقاتل اول النھار انتظر حتی تزول الشمس وتھب الریاح وینزل النصر ھذا حدیث حسن صحیح وعلقمۃ بن عبد اللہ ھو اخو بکر بن عبد اللہ المزنی **باب** ما جاء فی الطیرۃ

باب حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دن فتح مکہ کے فرمایا کہ نہ جہاد کیا جاویگا۔ بعد اس دن کے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے زکریا بن ابی زائدہ نے شعبی سے اُسنے حارث بن مالک سے کہا سنا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے دن فتح مکہ کے فرماتے تھے کہ نہ جہاد کیا جاوے گا یہ مکہ بعد اس دن کے قیامت تک یعنی یہ دار الکفر نہو گا کہ اسپر مسلمان جہاد کرین یا کفار اسپر کبھی جہاد نہ کرینگے[1]۔ اور اس باب مین ابن عباس اور سلیمان بن صرد اور مطیع سے بھی روایت ہی اور یہ حدیث حسن صحیح ہے اور نہین پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث شعبی سے **باب** کس گھڑی مین لڑنا مستحب ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معاذ بن ہشام نے اُسنے کہا حدیث مجکو میرے باپ نے قتادہ سے اُسنے نعمان بن مقرن سے کہا کہ جہاد کیا مین نے ساتھ نبی صلعم کے پس تھے نبی صلعم جبکہ ظاہر ہوتی فجر تو ٹھہرتے یعنی باز رہتے شروع کرنے لڑائی سے یہانتک کہ نکلتا آفتاب اور فارغ ہوتے نماز صبح سے پھر جسوقت کہ نکلتا آفتاب لڑتے پھر جسوقت کہ دوپہر ہوتی (شرعی وقت چاشت کا ہے یہانتک کہ ڈھلتی دوپہر عرفی) پس جبکہ ڈھلتی دوپہر اور نماز سے فارغ ہوتے تو لڑتے عصر تک پھر ٹھہرتے یہانتک کہ پڑھتے نماز عصر کی پھر لڑتے اور کہا جاتا تھا۔ یعنی صحابہ کہتے تھے بیچ حکمت اس فعل کے کہ اس جہت سے تھا کہ نزدیک ان اوقات کے چلتی ہین ہوائین فتح اور مدد کی اور دعا کرتے ہین مسلمان واسطے لشکرون اپنے کے بیچ نماز اپنی کے یعنی بعد نماز کے یا درمیان نماز کے اور تحقیق روایت کی گئی یہ حدیث نعمان بن مقرن سے ساتھ ایسی اسناد کے کہ زیادہ تر متصل ہی اس سے اور قتادہ نے نہین پایا نعمان بن مقرن کو کہ وفات ہوگئی تھی نعمان کی بیچ خلافت عمر فاروق کے **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عفان بن مسلم اور حجاج بن منہال نے اُنھون سے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو عمران جونی نے علقمہ بن عبد اللہ مزنی سے اُسنے معقل بن یسار سے کہ تحقیق عمر فاروق نے بھیجا نعمان بن مقرن کو طرف ہرمزان کے پس ذکر کیا حدیث کو ساتھ طوالت کے۔ پس کہا نعمان بن مقرن نے کہ حاضر ہوا مین ساتھ نبی صلعم کے یعنی جہاد مین پس تھے نبی صلعم جبکہ پہلے پہر نہ لڑتے تو انتظار کرتے یہانتک کہ ڈھلتی دوپہر اور چلتی ہوا اور اترتی مدد یہ حدیث حسن صحیح ہی اور علقمہ بن عبد اللہ بھائی بکر بن عبد اللہ مزنی کا ہی **باب** شگون اور بدفالی کا بیان

[1] کفار اسپر کبھی جہاد نہ کرینگے اسلیے کہ مسلمانون نے اسپر کئی بار جہاد کیا بیچ زمانہ یزید کے اور عبد الملک بن مروان کے ساتھ حجاج کے اور بعد اسکے علاوہ اسکے جو اُسپر جہاد کیا تو انکا ارادہ مکے کے ڈھانے اور خرابی کرنے اور بے ادبی اسکے کا نہین تھا بلکہ اُنھون نے اُسکی تعظیم مد نظر رکھی اگرچہ منجنیق سے آگ اور پتھر پھینکے گئے [2] مجمع البحار [2] کفار عرب کو اعتقاد تھا کہ بیماری کو طاقت ہی کہ خود دوسرے آدمی کو لگ جاتی ہی سو فرمایا کہ یہ بات بالکل غلط ہے اور اُنمین یہ بھی دستور تھا کہ چڑیا اور جانور کی آوازون پر شگون ملیتے تھے سو حضرت صلعم نے اُسکو منع فرمایا کہ یہ محض وہم اور خیال ہی بے حکم خدا کے کچھ نہین ہو سکتا۔ اور فال اسکو کہتے ہین کہ کسی سے لفظ اچھے کے نیک گمان کرنا خدا کے بھروسے جیسے کہ بیمار سالم کی لفظ سے سنکر گمان کرے کہ مین خدا کے فضل سے صحیح اور سالم ہوا اور جو فال نامہ بے علمون مین مشہور ہے

حدثنا محمد بن بشار ثنا عبد الرحمن بن مهدی ثنا سفیان عن سلمة بن کهیل عن عیسی بن عاصم
عن زر عن عبد الله ابن مسعود قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الطیرة من الشرک وما منا الا ولکن الله یذهبه بالتوکل قال
ابو عیسی سمعت محمد ابن اسمعیل یقول کان سلیمان بن حرب یقول فی هذا الحدیث وما منا ولکن الله یذهبه بالتوکل قال سلیمان
هذا عندی قول عبد الله بن مسعود وفی الباب عن سعد وابی هریرة وحابس التمیمی وعائشة وابن عمر هذا حدیث حسن صحیح
لا نعرفه الا من حدیث سلمة بن کهیل وروی شعبة ایضا عن سلمة هذا الحدیث حدثنا محمد بن بشار ثنا ابن ابی عدی
عن هشام عن قتادة عن انس ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا عدوی ولا طیرة واحب الفال قالوا یا رسول الله وما الفال قال
الکلمة الطیبة هذا حدیث حسن صحیح حدثنا محمد بن رافع ثنا ابو عامر العقدی عن حماد بن سلمة عن حمید عن انس بن مالک
ان النبی صلی الله علیه وسلم کان یعجبه اذا خرج لحاجته ان یسمع یا راشد یا نجیح هذا حدیث حسن صحیح غریب باب
ما جاء فی وصیة النبی صلی الله علیه وسلم فی القتال حدثنا محمد بن بشار ثنا عبد الرحمن بن مهدی عن سفیان عن علقمة بن مرثد
عن سلیمان بن بریدة عن ابیه قال کان رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا بعث امیرا علی جیش اوصاه فی خاصة نفسه بتقوی الله
ومن معه من المسلمین خیرا وقال اغزوا بسم الله وفی سبیل الله قاتلوا من کفر بالله ولا تغلوا ولا تغدروا ولا تمثلوا ولا تقتلوا ولیدا
فاذا لقیت عدوک من المشرکین فادعهم الی احدی ثلث خصال او خلال ایتها اجابوک فاقبل منهم وکف عنهم ادعهم
الی الاسلام والتحول من دارهم الی دار المهاجرین واخبرهم انهم ان فعلوا ذلک فان لهم ما للمهاجرین
وعلیهم ما علی

حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرحمن بن مہدی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے سلمہ بن کہیل سے اُسنے عیسی بن عاصم سے اُسنے زر سے اُسنے عبداللہ بن مسعود سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شگون بد لینا شرک ہے۔ اور نہیں ہے ہم میں سے یعنی اُسکا خیال سے دین میں کچھ اعتبار نہیں لیکن لیجاتا ہے اُسکو توکل کرنا اوپر اللہ کے یعنی اگر کبھی کسی کے دل میں شگون بد کا خیال آوے تو اللہ پر توکل کرے اللہ اُسکی طرف سے دور کرے کہا ترمذی نے سنا میں نے محمد بن اسمعیل سے کہتے تھے تھا سلیمان بن حرب کہتا بیچ اس حدیث کے اور نہیں ہے وہ ہم میں سے ولیکن اللہ لیجاتا ہے اُسکو ساتھ توکل کے سلیمان نے کہا کہ یہ میرے نزدیک قول ابن مسعود کا ہے اور اس باب میں سعد اور ابی ہریرہ اور حابس تمیمی اور عائشہ اور ابن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث سلمہ بن کہیل سے اور شعبہ نے بھی حضرت صلعم سے یہ حدیث روایت کی ہے۔ حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن عدی نے ہشام سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ ایک کی بیماری دوسرے کو لگ نہیں جاتی اور شگون بد لینی کی کچھ حقیقت نہیں اور دوست رکھتا ہوں میں نیک فال لینے کو اصحاب نے عرض کی کہ یا حضرت فال کیا ہے فرمایا بات اچھی کہ سُنے اُسکو مسلمان یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے محمد بن رافع نے ابو عامر عقدی سے اُسنے حماد بن سلمہ سے اُسنے حمید سے اُسنے انس سے کہ تحقیق تھے نبی صلعم خوش آتا انکو جبکہ نکلتے واسطے کسی حاجت اپنی کے کہ سُنتے اے راشد اے نجیح یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے باب نبی صلعم نے لڑائی کے وقت کیا وصیت کی حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرحمن بن مہدی نے سفیان سے اُسنے علقمہ بن مرثد سے اُسنے سلیمان بن بریدہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا تھے نبی صلعم جب سردار کرتے کسی امیر کو بڑے لشکر پر تو نصیحت کرتے اُسکو بیچ حق نفس اُسکے کے ساتھ تقوی اللہ کے اور نصیحت کرتے امیر کو بیچ حق ان لوگوں کے کہ ہوتے ساتھ اُسکے مسلمانوں سے ساتھ نیکی کے یعنی احسان اور نرمی کرنا اُنسے۔ پھر فرماتے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جہاد کرو اور جہاد کے لیے ساتھ نام اللہ کے بیچ راہ خدا کے یعنی واسطے رضامندی اُسکی کے لڑو اس شخص سے کہ کفر کیا اُسنے ساتھ اللہ تعالیٰ کے جہاد کرو اور نہ خیانت کرو قسمت میں اور نہ عہد توڑو اور نہ مثلہ کرو یعنی اعضا مانند ناک کان وغیرہ نہ کاٹو اور نہ مارو لڑکوں کو اور جس وقت کہ ملاقات کرے تو اے امیر دشمنوں سے مشرکین میں سے پس بلا انکو طرف ایک چیز کے تین چیزوں میں سے پس جو چیز کہ ان تینوں میں قبول کریں تجھسے قبول کریں مشرک پس قبول کر اُنسے اور باز رہ اُنسے یعنی اُنسے زیادہ تکلیف نہ دے پھر بلا انکو طرف اسلام کے اور نقل کے یعنی چلے آنے کے اپنے ملک دار الحرب سے طرف ملک مہاجرین کے یعنی دار الاسلام کے۔ اور خبر دے انکو یہ کہ اگر کریں وہ یعنی اپنے ملک سے دار الاسلام میں چلے آویں تو پس واسطے اُنکے ہے وہ چیز کہ واسطے مہاجرین کے ہے اور اُنپر ہے وہ چیز

المهاجرين وان ابوا ان يتحولوا فاخبرهم انهم يكونون كاعراب المسلمين يجري عليهم ما يجري على الاعراب ليس لهم في الغنيمة والفئ شئ الا ان يجاهدوا فان ابوا فاستعن بالله عليهم وقاتلهم واذا حاصرت حصنا فارادوك ان تجعل لهم ذمة الله وذمة نبيه فلا تجعل لهم ذمة الله ولا ذمة نبيه واجعل لهم ذمتك وذمم اصحابك فانكم ان تخفروا ذممكم وذمم اصحابكم خير لكم من ان تخفروا ذمة الله وذمة رسوله واذا حاصرت اهل حصن فارادوك ان تنزلهم على حكم الله فلا تنزلهم ولكن انزلهم على حكمك فانك لا تدري اتصيب حكم الله فيهم ام لا او نحو ذا وفي الباب عن النعمان بن مقرن وحديث بريدة حديث حسن صحيح حدثنا محمد بن بشار ثنا ابو احمد ثنا سفيان عن علقمة بن مرثد نحوه بمعناه وزاد فيه فان ابوا فخذ منهم الجزية فان ابوا فاستعن بالله عليهم هكذا رواه وكيع وغير واحد عن سفيان وروى غير محمد بن بشار عن عبد الرحمن بن مهدي وذكر فيه امر الجزية حدثنا الحسن بن علي الخلال ثنا عفان ثنا حماد بن سلمة ثنا ثابت عن انس بن مالك قال كان النبي صلى الله عليه وسلم لا يغير الا عند صلوة الفجر فان سمع اذانا امسك والا اغار واستمع ذات يوم فسمع رجلا يقول الله اكبر فقال على الفطرة فقال اشهد ان لا اله الا الله قال خرجت من النار قال الحسن وثنا الوليد ثنا حماد بن سلمة بهذا الاسناد مثله هذا حديث حسن صحيح

ابواب فضائل الجهاد عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

کہ مہاجرین پر ہے۔ پس اگر نہ قبول کریں وہ ہجرت کرنا اپنے ملک سے تو خبر دے انکو یہ کہ ہونگے وہ مانند گنواروں مسلمانوں کے جاری کیا جاویگا انپر حکم خدا کا وہ کہ جاری کیا جاتا ہے سب مسلمانوں پر یعنی واجب ہونا نماز اور زکوٰۃ اور قصاص اور دیت وغیرہ کا۔ اور نہ ہوگا واسطے اُنکے مال غنیمت اور فی میں سے کچھ حصہ مگر یہ کہ جہاد کریں ساتھ مسلمانوں کے یعنے مہاجرین کے لیے بدون جہاد کے بھی حصہ مقرر تھا۔ پس یہ مثل انکے ہونگے۔ پس اگر وہ قبول نہ کریں یہ۔ پس مدد چاہ اللہ سے اور لڑ اُن سے اور جب کہ گھیرے تو ایک قلعے والوں کو اور بستی والوں کو یعنی کفار کو پس چاہیں تجھسے یہ کہ دے تو واسطے اُنکے ذمہ اللہ کا اور ذمہ نبی اُسکے کا پس نہ دے تو انکو ذمہ اللہ کا اور ذمہ نبی اُسکے کا ولیکن دے انکو ذمہ اپنا اور ذمہ اپنے یاروں کا اسلیے کہ تحقیق تم اگر توڑو ذمہ اپنا اور ذمہ اپنے یاروں کا تو سہل اُس سے ہے کہ توڑو تم ذمہ اللہ کا اور ذمہ رسول اُسکے کا اور اگر گھیرے تو کسی قلعے والوں کو اور چاہیں تجھسے یہ کہ نکالے تو انکو اوپر حکم اللہ کے پس نہ نکال اُنکو اوپر حکم اللہ کے ولیکن نکال تو انکو اپنے حکم پر اسلیے کہ تحقیق تو نہیں جانتا کہ پہونچیگا حکم اللہ کا اُنمین یا نہیں یعنی کیا جاتا ہے تو کہ حکم اللہ کا اُنکے نکالنے مین کیا ہے اور جو کچھ کہ حکم کرے تو اُنمین وہ موافق حکم خدا کے ہے یا نہیں اور اس باب مین نعمان بن مقرن سے بھی روایت ہے اور بریدہ کی حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے علقمہ بن مرثد سے مانند اُسکے معنی اُسکے مین اور زیادہ کیا اسمین یہ کہ اگر نہ قبول کرین وہ تو لے جزیہ پس اگر نہ مانین وہ پس مدد چاہ اللہ سے اوپر اُنکے۔ اسیطرح روایت کیا اُسکو وکیع وغیرہ نے سفیان سے اور روایت کی غیر محمد بن بشار نے عبد الرحمن بن مہدی سے اور ذکر کیا اسمین حکم جزیہ کا حدیث کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عفان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے ثابت نے انس بن مالک سے کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نہ غارت کرتے مگر نزدیک نماز فجر کے پس اگر سنتے اذان تو باز رہتے اُسسے اور اگر نہ سنتے اذان تو غارت کرتے اور انتظار کی آپنے ایک دن سو سنا ایک مرد کو کہ کہتا ہے اللہ اکبر اللہ اکبر سو فرمایا آپ نے کہ اسلام پر ہے تو پھر کہا اُسنے مثل اسکے یہ حدیث حسن صحیح ہے اشہد ان لا الٰہ الا اللہ نبی صلعم نے فرمایا نکلا تو آگ سے یعنی دوزخ سے نجات پائی حسن نے کہا اور حدیث کی ہمسے ولید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حماد بن سلمہ نے اسی اسناد سے

ابواب فضائل الجہاد جہاد کی فضیلتوں کا بیان جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہین

بعضون نے کہا کہ ہجرت ارکان اسلام سے تھی پہلے فتح مکے کے اور وہ جسپر کہ واسطے مہاجرون کے ہے یعنی ثواب اور مستحق ہوگا مال فی کا۔ اور یہ حکم نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے زمانہ مین تھا۔ اور اب نہین ہے۔ اور غنیمت اور فی کے ایک معنی ہین اور بعض نے فرق کیا ہے۔ اسمین جیسا کہ پہلے بتصریح اُسکا بیان گذرا اگر توڑا انھون نے ذمہ یعنے عہد اور امان اللہ اور رسول اُسکے کا تو نہین جانے گا تو کہ کیا کرے ساتھ اُنکے یہانتک کہ وحی سے معلوم ہوا۔ اور یہ مشکل ہے کہ تو مرد ہے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے بخلاف اسکے کہ جب وہ توڑین عہد تیرا تو جسطرح مصلحت دیکھے گا تو اُنمین اسی طرح کا خواہ اُنکو قتل کرے یا جزیہ لے یا بندی مین پکڑے ۱۲ ح ع

باب فضل الجہاد **حدثنا** قتیبۃ بن سعید ثنا ابو عوانۃ عن سہیل بن ابی صالح عن ابیہ عن ابی ہریرۃ قال قیل یا رسول اللہ
ما یعدل الجہاد قال انکم لا تستطیعونہ فردوا علیہ مرتین او ثلاثا کل ذلک یقول لا تستطیعونہ فقال فی الثالثۃ مثل المجاہد
فی سبیل اللہ مثل الصائم القائم الذی لا یفتر من صلوۃ ولا صیام حتی یرجع المجاہد فی سبیل اللہ وفی الباب عن الشفاء وعبداللہ
بن حبشی وابی موسی وابی سعید وام مالک البہزیۃ وانس بن مالک وھذا حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجہ عن
ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** محمد بن عبداللہ بن بزیع ثنا معتمر بن سلیمان ثنی مرزوق ابو بکر عن قتادۃ
عن انس بن مالک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یعنی یقول اللہ المجاہد فی سبیلی ھو علی ضمان ان قبضتہ اورثتہ الجنۃ وان
رجعتہ رجعتہ باجر او غنیمۃ ھذا حدیث حسن غریب صحیح من ھذا الوجہ **باب** ما جاء فی فضل من مات مرابطا
حدثنا احمد بن محمد ثنا عبداللہ بن المبارک ثنا حیوۃ بن شریح قال اخبرنی ابو ھانی الخولانی ان عمرو بن مالک الجنبی
اخبرہ انہ سمع فضالۃ بن عبید یحدث عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انہ قال کل میت یختم علی عملہ الا الذی
مات مرابطا فی سبیل اللہ فانہ ینمی لہ عملہ الی یوم القیمۃ ویامن فتنۃ القبر وسمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
یقول المجاہد من جاہد نفسہ وفی الباب عن عقبۃ بن عامر وجابر حدیث فضالۃ بن عبید حدیث حسن صحیح
باب ما جاء فی فضل الصوم فی سبیل اللہ **حدثنا** قتیبۃ ثنا ابن لہیعۃ عن ابی الاسود عن عروۃ وسلیمان
بن یسار انہما حدثاہ عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من صام یوما فی سبیل اللہ زحزحہ اللہ عن النار
سبعین خریفا

باب جہاد کی فضیلت کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ بن سعید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابوعوانہ نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے
اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ اصحاب نے عرض کی کہ یا حضرت کیا برابر ہے جہاد کے یعنی جہاد کی کیا فضیلت ہے فرمایا کہ تحقیق تم
نہیں طاقت رکھتے ہو جہاد کی پس پوچھا لوگوں نے آپ سے دو بار یا تین بار ہر بار یہی فرماتے تھے کہ تم اُسکی طاقت نہیں رکھتے ہو۔ پس فرمایا
تیسری بار میں مثل مجاہد فی سبیل اللہ کی مثل روزے دار قیام کرنے والے کے ہے یعنی ساتھ نماز اور عبادت وغیرہ کے پڑھنے والے خدا کی
آیتوں کے نہیں تھکتا روزے سے اور نہ نماز سے یعنی نہیں تھکتا عبادت سے یہانتک کہ پھری جہاد کرنے سے بیچ راہ اللہ کے طرف گھر کے اور اسی
باب میں شفا اور عبد اللہ بن حبشی اور ابی موسی اور ابی سعید اور اُم مالک بہزیہ اور انس بن مالک سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث حسن صحیح
ہے اور کئی طرح پر ابی ہریرہ سے مروی ہے اُسنے نبی صلعم سے **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبد اللہ بن بزیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معتمر بن سلیمان
نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مرزوق ابو بکر نے قتادہ سے اُسنے انس سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ خدا کہتا ہے کہ مجاہد مجھ پر ہے ضمانت اُسکی
اگر قبض کروں میں روح اُسکی تو وارث کرونگا اُسکو بہشت کا اور اگر پھیروں میں اُسکو طرف گھر کے تو پھیرونگا اُسکو ساتھ ثواب اور غنیمت کے
یہ حدیث غریب صحیح اسوجہ سے ہے **باب** جو شخص چوکیداری کی حالت میں مرے اللہ کی راہ میں تو اُسکو کیا فضیلت ہے **حدیث** کی ہمسے احمد
بن محمد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حیوہ بن شریح نے اُسنے کہا خبر دی مجکو ابو ہانی خولانی نے کہ عمرو بن مالک
جنبی نے خبر دی اُسکو کہ سنا اُسنے فضالہ بن عبید سے حدیث بیان کرتا تھا نبی صلعم سے کہ آپ نے فرمایا ہر مردہ ختم کیا جاتا ہے اوپر عمل اپنے کے
یعنی عمل اُسکا زندگی تک ہی بعد مرنے کے عمل باقی نہیں رہتا اور اُسکے لیے ثواب جدید نہیں لکھا جاتا مگر وہ شخص کہ مرا بیچ حالت چوکیداری
کے بیچ راہ اللہ کے پس تحقیق شان یہ ہے کہ بڑھایا جاتا ہے واسطے اُسکے عمل اُسکا قیامت تک اور امن میں رہتا ہے فتنہ قبر کے سے اور سنا
میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے مجاہد وہ شخص ہے کہ جہاد کرے ساتھ نفس اپنے کے یعنی اپنی جان کو خدا کی راہ میں فدا کرے اور اس باب میں عقبہ
بن عامر اور جابر سے بھی روایت ہے اور فضالہ کی حدیث حسن صحیح ہے **باب** خدا کی راہ میں روزہ رکھنے کی کیا فضیلت ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے
اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے ابی الاسود سے اُسنے عروہ اور سلیمان بن یسار سے اُنھوں نے حدیث کی ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا
جو شخص کہ اللہ کی راہ یعنی جہاد اور حج میں ایک روزہ رکھیگا خدا اُسکو دوزخ کی راہ سے ستر برس دور ڈالے گا

۱ یعنی اگرچہ مجاہد کو سستی ہوتی ہے بعض اوقات میں بسبب کھانے اور پینے وغیرہ کے لیکن لکھا جاتا ہے ثواب اُسکو ہمیشہ ہر جنبش میں ۲ روح ۳ یعنی اسکو ہر لحظہ ثواب جدید ہوتا جاتا ہے

احدھما یقول سبعین والآخر یقول اربعین ھذا حدیث غریب من ھذا الوجہ وابوالاسود اسمہ محمد بن عبد الرحمن بن نوفل الاسدی المدینی وفی الباب عن ابی سعید وانس وعقبۃ بن عامر وابو امامۃ **حدثنا** سعید بن عبد الرحمن ثنا عبد اللہ بن الولید العدنی عن سفیان الثوری ح وثنا محمود بن غیلان ثنا عبید اللہ بن موسٰی عن سفیان عن سھیل بن ابی صالح عن النعمان بن ابی عیاش الزرقی عن ابی سعید الخدری عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا یصوم عبد یوما فی سبیل اللہ الا باعد ذلک الیوم النار عن وجھہ سبعین خریفا ھذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** زیاد بن ایوب ثنا یزید بن ھارون ثنا الولید بن جمیل عن القاسم ابی عبد الرحمن عن ابی امامۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال من صام یوما فی سبیل اللہ جعل اللہ بینہ وبین النار خندقا کما بین السماء والارض ھذا حدیث غریب من حدیث ابی امامۃ **باب** ماجاء فی فضل النفقۃ فی سبیل اللہ **حدثنا** ابو کریب ثنا حسین الجعفی عن زائدۃ عن الرکین بن الربیع عن ابیہ یسیر بن عمیلۃ عن خریم بن فاتک قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من انفق نفقۃ فی سبیل اللہ کتب لہ سبع مائۃ ضعف وفی الباب عن ابی ھریرۃ ھذا حدیث حسن انما نعرفہ من حدیث الرکین بن الربیع **باب** ماجاء فی فضل الخدمۃ فی سبیل اللہ **حدثنا** محمد بن رافع ثنا زید بن حباب ثنا معاویۃ بن صالح عن کثیر بن الحارث عن القاسم ابی عبد الرحمن عن عدی بن حاتم الطائی انہ سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای الصدقۃ افضل قال خدمۃ عبد فی سبیل اللہ او ظل فسطاط او طروقۃ فحل فی سبیل اللہ وقد روی عن معاویۃ بن صالح ھذا الحدیث مرسلا وخولف زید فی بعض اسنادہ وروی الولید بن جمیل ھذا الحدیث عن القاسم ابی عبد الرحمن عن ابی امامۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** بذلک زیاد بن ایوب ثنا یزید بن ھارون ثنا الولید بن جمیل عن القاسم ابی عبد الرحمن عن ابی امامۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

یا چالیس برس کی راہ یہ حدیث غریب ہے اس وجہ سے ابو الاسود کا نام محمد بن عبد الرحمن بن نوفل اسدی مدینی ہے اور اس باب میں ابی سعید اور انس اور عقبہ بن عامر اور ابی امامہ سے بھی روایت ہے **حدیث** کی ہمسے سعید بن عبد الرحمن نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن ولید عدنی نے سفیان ثوری سے ح اور حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن موسیٰ نے سفیان سے اُسنے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے نعمان بن ابی عیاش زرقی سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا نہیں روزہ رکھتا کوئی بندہ ایک دن بیچ راہ خدا کے مگر کہ دور کرتا ہے اُسکو یہ دن آگ سے مقدار مسافت ستر برس کے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے زیاد بن ایوب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن جمیل نے قاسم بن عبد الرحمن سے اُسنے ابی امامہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا جو شخص کہ روزہ رکھے ایک دن کا خدا کی راہ میں گردانتا ہے اللہ درمیان اُسکے اور درمیان آگ کے ایک کھائی[1] مانند اُسکے کہ درمیان آسمان اور زمین کے ہے یہ حدیث غریب ہے حدیث ابی امامہ سے **باب** خدا کی راہ میں خرچ کرنے کی فضیلت کا بیان **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حسین جعفی نے زائدہ سے اُسنے رکین بن ربیع سے اُسنے اپنے باپ یسیر بن عمیلہ سے اُسنے خریم بن فاتک سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ خرچ کرے کوئی چیز بیچ راہ اللہ کے یعنی جہاد میں تو لکھا جاتا ہے واسطے اُسکے ثواب سات سو گنا اور اس باب میں ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث حسن ہے سوا اُسکے نہیں کہ پہچانتے ہیں ہم اس حدیث کو رکین بن الربیع سے **باب** اللہ کی راہ میں خدمت کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن رافع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے زید بن حباب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معاویہ بن صالح نے کثیر بن حارث سے اُسنے روایت کی قاسم ابی عبد الرحمن سے اُسنے عدی بن حاتم سے کہ اُسنے پوچھا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ کونسا صدقہ افضل ہے فرمایا خدمت غلام کی اللہ کی راہ میں یا دینا غلام کہ کسی کی ملک میں کر دے یا عاریتاً دی خدمت کے لیے یا سایہ خیمہ کا ہے یا مجاہد کو دے یا حاجی وغیرہ یا بیچ راہ اللہ کے دینا اُونٹنی کہ جست کرے اُسپر نر یعنی وہ اُونٹنی ایسے سن کو پہنچی ہوئی ہو کہ نر اُسپر جست کرتا ہے یعنی خدا کی راہ میں ایسی اُونٹنی دی سواری کے لیے اور تحقیق روایت کی گئی ہے معاویہ بن صالح سے یہ حدیث مرسل اور مخالفت ہے زید اُسکی بعض اسناد میں اور روایت کی ولید بن جمیل نے یہ حدیث قاسم ابی عبد الرحمن سے اُسنے ابی امامہ سے اُسنے نبی صلعم سے حدیث کی ہمکو ساتھ اُسکے زیاد بن ایوب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن جمیل نے قاسم ابی عبد الرحمن سے اُسنے ابی امامہ سے کہ نبی صلعم نے فرمایا

[1] یعنی اتنی چوڑی کھائی ہوتی ہے جتنا کہ زمین اور آسمان کے درمیان فرق ہے اور مراد اس سے رکاوٹ بڑا اور پردہ شدید۔ یہ ادنیٰ درجہ ہے اور اللہ جسکو چاہے زیادہ ثواب بھی دیتا ہے۔

افضل الصدقات ظل فسطاط في سبيل الله ومنيحة خادم في سبيل الله او طروقة فحل في سبيل الله هذا حديث حسن غريب صحيح وهو اصح عندي من حديث معاوية بن صالح

باب ما جاء فيمن جهز غازيا

حدثنا ابو زكريا يحيى بن درست ثنا ابو اسمعيل ثنا يحيى بن ابي كثير عن ابي سلمة عن بسر بن سعيد عن زيد بن خالد الجهني عن رسول الله صلى الله عليه وسلم قال من جهز غازيا في سبيل الله فقد غزى ومن خلف غازيا في اهله فقد غزى هذا حديث حسن صحيح وقد روي من غير هذا الوجه **حدثنا** ابن ابي عمر ثنا سفيان ابن ابي ليلى عن عطاء عن زيد بن خالد الجهني قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من جهز غازيا في سبيل الله او خلفه في اهله فقد غزى هذا حديث حسن **حدثنا** محمد بن بشار ثنا عبد الرحمن بن مهدي ثنا حرب بن شداد عن يحيى بن ابي كثير عن ابي سلمة عن بسر بن سعيد عن زيد بن خالد الجهني قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من جهز غازيا في سبيل الله فقد غزى هذا حديث صحيح **حدثنا** محمد بن بشار ثنا يحيى بن سعيد ثنا عبد الملك بن ابي سليمان عن عطاء عن زيد بن خالد الجهني عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه

باب من اغبرت قدماه في سبيل الله

حدثنا ابو عمار ثنا الوليد بن مسلم عن يزيد بن ابي مريم قال لحقني عباية بن رفاعة بن رافع وانا ماشي الى الجمعة فقال ابشر فان خطاك هذه في سبيل الله سمعت ابا عبس يقول قال رسول الله صلى الله عليه وسلم من اغبرت قدماه في سبيل الله فهما حرام على النار هذا حديث حسن صحيح غريب وابو عبس اسمه عبد الرحمن بن جبر وفي الباب عن ابي بكر ورجل من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم ويزيد بن ابي مريم وهو رجل شامي روى عنه الوليد بن مسلم ويحيى بن حمزة وغير واحد من اهل الشام ويزيد بن ابي مريم كوفي ابوه من اصحاب النبي صلى الله عليه وسلم واسمه مالك بن ربيعة

افضل صدقوں کا سایہ خیمہ کا ہی کہ دیا جاوے بیچ راہ اللہ کے اور دینا خادم کا ہی بیچ راہ اللہ کے یا بیچ راہ اللہ کے دینا اونٹنی کا ہے کہ جست کرے اسپر نر یعنی ایسی اونٹنی راہ خدا میں دے سواری کے لیے یہ حدیث حسن غریب ہے اور وہ زیادہ تر صحیح حدیث معاویہ بن صالح سے ہے

باب جو شخص غازی کا سامان تیار کردے اسکو کیا ثواب ہے

حدیث کی ہمسے ابو زکریا یحیی بن درست نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو اسمعیل نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن ابی کثیر نے ابی سلمہ سے اسنے بسر بن سعید سے اسنے زید بن خالد سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ سامان درست کردے جہاد کرنے والے کا بیچ راہ اللہ کے پس تحقیق جہاد کیا اسنے خود یعنی اسکو بھی جہاد کا ثواب ملتا ہے اور جو کہ خلیفہ ہو غازی کا بیچ اہل اسکے کے یعنی انکا خدمت گزار ہے پس تحقیق جہاد کیا اسنے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی گئی ہے غیر اس وجہ سے بھی **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابن ابی لیلی سے اسنے عطا سے اسنے زید بن خالد جہنی سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا جو شخص کہ سامان تیار کردے غازی کا بیچ راہ اللہ کے یا خلیفہ ہو بیچ اہل اسکے کے تو تحقیق جہاد کیا اسنے یہ حدیث حسن ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن مہدی نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے حرب بن شداد نے یحیی بن ابی کثیر سے اسنے ابی سلمہ سے اسنے بسر بن سعید سے اسنے زید بن خالد سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا جو شخص کہ سامان طیار کردے لڑنے والے کا بیچ راہ اللہ کے تو تحقیق جہاد کیا اسنے یعنی حکم جہاد کرنے کا رکھتا ہے اور شریک ہے بیچ ثواب جہاد کے یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الملک بن ابی سلیمان نے عطا سے اسنے زید بن خالد سے اسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے

باب جو شخص کہ گرد آلود ہوں پانوں اسکے بیچ راہ اللہ کے اسکو کیا ثواب ہے

حدیث کی ہمسے ابو عمار نے اسنے کہا حدیث ہمسے ولید بن مسلم نے یزید بن ابی مریم سے کہا کہ ملا مجھکو عبایہ بن رفاعہ بن رافع اس حال میں کہ جاتا تھا میں طرف جمعہ کے سو کہا اسنے کہ خوشخبری ہو جیو کہ تحقیق قدم تیرے یہ بیچ راہ اللہ کے ہیں سنا میں نے ابو عبس سے کہتا تھا کہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ گرد آلودہ ہوں دونوں قدم اسکے بیچ راہ اللہ کے یعنی جہاد وغیرہ کے تو بس وہ دونوں ہیں اوپر آگ کے کہ آگ انکو نہیں پہونچیگی یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور ابو عبس کا نام عبد الرحمن بن جبر ہے اور اس باب میں ابی بکر اور ایک اور صحابی سے بھی روایت ہے اور یزید بن ابی مریم شامی ہے روایت کی اس سے ولید بن مسلم اور یحیی بن حمزہ وغیرہ اہل شام نے اور یزید بن ابی مریم کوفی باپ انکا صحابی ہے نام انکا مالک بن ربیعہ ہے

ف یہ کنایہ ہے سعی کرنے سے بیچ راہ جہاد کے اور اسمیں مبالغہ ہے کہ جب گرد آلودہ ہونا قدموں کا راہ جہاد میں دور کرنیوالا آگ دوزخ کا ہے۔ تو نفس جہاد کا جو بذات خود کرے کیا کچھ ثواب ہوگا

باب ماجاء فی فضل الغبار فی سبیل الله **حدثنا** هناد ثنا ابن المبارك عن عبد الرحمن بن عبد الله المسعودی عن محمد بن عبد الرحمن عن عیسی بن طلحة عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا یلج النار رجل بکی من خشیة الله حتی یعود اللبن فی الضرع ولا یجتمع غبار فی سبیل الله ودخان جهنم هذا حدیث حسن صحیح ومحمد بن عبد الرحمن هو مولی آل طلحة مدنی **باب** ماجاء من شاب شیبة فی سبیل الله **حدثنا** هناد ثنا ابو معاویة عن الاعمش عن عمرو بن مرة عن سالم بن ابی الجعد عن شرحبیل بن السمط قال یا کعب بن مرة حدثنا عن رسول الله صلی الله علیه وسلم واحذر قال سمعت النبی صلی الله علیه وسلم یقول من شاب شیبة فی الاسلام کانت له نورا یوم القیمة وفی الباب عن فضالة بن عبید وعبد الله بن عمرو حدیث کعب بن مرة حدیث حسن هکذا رواه الاعمش عن عمرو بن مرة وقد روی هذا الحدیث عن منصور عن سالم بن ابی الجعد وادخل بینه وبین کعب بن مرة فی الاسناد رجلا ویقال کعب بن مرة ویقال مرة بن کعب البهزی والمعروف من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم مرة بن کعب البهزی وقد روی عن النبی صلی الله علیه وسلم احادیث **حدثنا** اسحق بن منصور ثنا حیوة بن شریح عن بقیة عن بحیر بن سعد عن خالد بن معدان عن کثیر بن مرة الحضرمی عن عمرو بن عبسة ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال من شاب شیبة فی سبیل الله کانت له نورا یوم القیمة هذا حدیث حسن صحیح غریب وحیوة بن شریح هو ابن یزید الحمصی **باب** ماجاء من ارتبط فرسا فی سبیل الله **حدثنا** قتیبة ثنا عبد العزیز بن محمد عن سهیل بن ابی صالح عن ابیه عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم

باب جو گرد کہ اللہ کی راہ مین پہونچے اُسکی کیا فضیلت ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے عبد الرحمن بن عبد اللہ مسعودی سے اُسنے محمد بن عبد الرحمن سے اُسنے عیسی بن طلحہ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نہین داخل ہوگا آگ مین وہ شخص کہ رویا خوف خدا سے یہانتک کہ پھر جاوے دودھ تھنون مین اور نہین جمع ہوگا اوپر بندے کے غبار بیچ راہ اللہ کے اور دھوان دوزخ کا یعنی جو کوئی گرد آلودہ ہو راہ خدا مین اُسکو دھوان دوزخ کا نہین پہونچیگا یعنی جہاد کرنے والا دوزخ مین نہین جاویگا

یہ حدیث حسن صحیح ہے اور محمد بن عبد الرحمن مولی آل طلحہ کا مدنی ہے **باب** جو شخص بوڑھا ہوا بوڑھا ہونا بیچ راہ اللہ کے تو اُسکو کیا ثواب ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے عمرو بن مرہ سے اُسنے سالم بن ابی الجعد سے کہ شرحبیل بن سمط نے کہا اے کعب بن مرہ حدیث بیان کر ہمکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور بچ لے بیشی سے کہا اُسنے سنا مین نے نبی صلعم سے فرماتے تھے جو شخص کہ بوڑھا ہوا بوڑھا ہونا اسلام مین ہوگا وہ بڑھاپا واسطے اُسکے نور دن قیامت کے اور اِس باب مین فضالہ بن عبید اور عبد اللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے اور کعب بن مرہ کی حدیث حسن ہے۔ اسی طرح روایت کیا اُسکو اعمش نے عمرو بن مرہ سے اور تحقیق روایت کی گئی ہے۔ یہ حدیث منصور سے اُسنے روایت کی سالم بن ابی جعد سے اور داخل کیا درمیان اپنے اور کعب بن مرہ کے ایک مرد اور اُسکو کعب بن مرہ بھی کہتے ہین اور مرہ بن کعب بن بہزی بھی کہتے ہین اور مشہور نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے مرہ بن کعب بہزی ہے اور تحقیق روایت کی اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بہت حدیثین **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن منصور نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حیوہ بن شریح نے بقیہ سے اُسنے بحیر بن سعد سے اُسنے خالد بن معدان سے اُسنے کثیر بن مرہ سے اُسنے عمرو بن عبسہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ بوڑھا ہوا بوڑھا ہونا بیچ راہ اللہ کے ہوگا وہ بڑھاپا واسطے اُسکے نور دن قیامت کے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اور حیوہ بن شریح وہی ابن یزید حمصی ہے **باب** جو شخص کہ گھوڑا باندھے بیچ راہ اللہ کے تو اُسکو کیا ثواب ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

اُسکو تعلیق بالمحال کہتے ہین یعنی دودھ دوبارہ پھر تھنون مین جانا محال ہے۔ اسیطرح اُسکا دوزخ مین جانا محال ہے ۱۲ ع عہ اِس سے معلوم ہوا کہ منع ہے چننا سفید بال کا اور دیکھا ابو یزید نے آئنہ مین منھ اپنا اور کہا یظہر الشیب ولم یظہر الغیب ما ادری فی الغیب ۱۲

الخيل معقود في نواصيها الخير الى يوم القيامة الخيل لثلاثة هي لرجل اجر وهي لرجل ستر وهي على رجل وزر فاما الذي هي له اجر فالذي يتخذها في سبيل الله فيعدها له هي له اجر لا يغيب في بطونها شيئا الا كتب الله له اجرا هذا حديث حسن صحيح وقد روى مالك عن زيد بن اسلم عن ابي صالح عن ابي هريرة عن النبي صلى الله عليه وسلم نحو هذا الحديث **باب** ماجاء في فضل الرمي في سبيل الله **حدثنا** احمد بن منيع ثنا يزيد بن هارون ثنا محمد بن اسحق عن عبد الله بن عبد الرحمن بن ابي حسين ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال ان الله ليدخل بالسهم الواحد ثلثة الجنة صانعه يحتسب في صنعته الخير والرامي به والممد به قال ارموا واركبوا ولان ترموا احب الي من ان تركبوا كل ما يلهو به الرجل المسلم باطل الا رميه بقوسه وتاديبه فرسه وملاعبته اهله فانهن من الحق **حدثنا** احمد بن منيع ثنا يزيد بن هارون ثنا هشام الدستوائي عن يحيى بن ابي كثير عن ابي سلام عن عبد الله بن الازرق عن عقبة بن عامر عن النبي صلى الله عليه وسلم مثله وفي الباب عن كعب بن مرة وعمرو بن عبسة وعبد الله بن عمرو هذا حديث حسن **حدثنا** محمد بن بشار ثنا معاذ بن هشام عن ابيه عن قتادة عن سالم بن ابي الجعد عن معدان بن ابي طلحة عن ابي نجيح السلمي قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول من رمى بسهم في سبيل الله فهو له عدل محرر هذا حديث حسن صحيح وابو نجيح هو عمرو بن عبسة السلمي وعبد الله بن الازرق هو عبد الله بن زيد **باب** ماجاء في فضل الحرس في سبيل الله **حدثنا** نصر بن علي الجهضمي ثنا بشر بن عمر ثنا شعيب بن رزيق ابو شيبة ثنا عطاء الخراساني عن عطاء بن ابي رباح عن ابن عباس قال سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم

گھوڑے سے بندھی ہے اُنکی پیشانیوں مین بھلائی روز قیامت تک یعنی اسلیے کہ حاصل ہوتا ہے بسبب انکے سامان جہاد کا کہ اُسمین خیر دنیا اور آخرت ہے۔ سو یہ گھوڑے تین مردونکے واسطے ہین ایک مرد کے واسطے تو ثواب ہین اور ایک کے لیے پردہ اور ایک قسم کے لوگونکو وبال ہین۔ تو جسکو ثواب ہین سو وہ لوگ ہین جنھون نے گھوڑونکو جہاد کے واسطے باندھے اور انکو اللہ کے واسطے تیار کیے تو وہ اُنکے لیے موجب ثواب ہی نہین کھلاتا اُنکو کوئی چیز مگر کہ لکھتا ہے اللہ اُسکے لیے ثواب یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی مالک نے زید بن اسلم سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اس حدیث کے **باب** اللہ کی راہ مین تیر اندازی کرنے کی فضیلت کا بیان **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن اسحاق نے عبد اللہ بن عبد الرحمن بن حسین سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا تحقیق اللہ داخل کرتا ہے بسبب ایک تیر کے یعنی تیر لگانے کے کفار پر۔ تین شخصون کو بہشت مین ایک تو بنانے والے اسکے کو کہ امید رکھے بیچ پیشہ اپنے کے ثواب کا یعنی اس نیت سے بناوے کہ جہاد مین کام آوے اور دوسرے تیر پھینکنے والے کو یعنی جہاد مین اور تیسرے تیر دینے والے کو یعنی تیر انداز کے ہاتھ مین خواہ اپنا تیر دے اسکو خواہ اُسکا اور خواہ پہلے دے یا نشانے پر سے اُٹھا کر اور فرمایا کہ تیر اندازی کرو۔ اور سواری کرو گھوڑون پر یعنی سواری سیکھو اور تیر اندازی تمھاری بہت پیاری ہے طرف میرے سوار ہونے سے جو چیز کہ کھیلے ساتھ اُسکے مرد مسلمان پس وہ باطل اور ناجائز ہے مگر تیر اندازی کرنی کمان سے۔ اور ادب سکھانا اپنے گھوڑے کو اور کھیلنا اپنی بی بی سے پس تحقیق یہ تینون چیزین حق ہین **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہشام دستوائی نے اُسنے یحیی بن ابی کثیر سے اُسنے ابی سلام سے اُسنے عبد اللہ بن ازرق سے اُسنے عقبہ بن عامر سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مثل اُسکے اور اس باب مین کعب بن مرہ اور عمرو بن عبسہ اور عبد اللہ بن عمرو سے بھی روایت ہی اور یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معاذ بن ہشام نے اپنے باپ سے اُسنے روایت کی قتادہ سے اُسنے سالم بن ابی جعد سے اُسنے معدان بن ابی طلحہ سے اُسنے ابی نجیح سلمی سے اُسنے کہا سنا مین نے نبی صلعم سے فرماتے تھے جو شخص کہ پھینکے تیر بیچ راہ اللہ کے یعنی کسی کافر کو مارے لگے اسکے یا نہ لگے پس وہ واسطے اُسکے برابر بردہ آزاد کرنے کے ہی یہ حدیث حسن صحیح ہی اور ابو نجیح کا نام عمرو بن عبسہ سلمی ہے اور عبد اللہ بن ازرق وہ عبد اللہ بن زید ہے **باب** اللہ کی راہ مین نگہبانی کی فضیلت کا بیان **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے بشر بن عمر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شعیب بن زریق ابو شیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عطاء خراسانی نے عطاء بن ابی رباح سے اُسنے ابن عباس سے۔ کہا کہ سنا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے

يقول عينان لا تمسهما النار عين بكت من خشية الله وعين باتت تحرس في سبيل الله وفي الباب عن عثمان وابي ريحانة
حديث ابن عباس حديث حسن غريب لا نعرفه الا من حديث شعيب بن زريق **باب ما جاء في ثواب الشهيد**
حدثنا ابن ابي عمر ثنا سفيان بن عيينة عن عمرو بن دينار عن الزهري عن ابن كعب بن مالك عن ابيه ان رسول الله
صلى الله عليه وسلم قال ان ارواح الشهداء في طير خضر تعلق من ثمر الجنة او شجر الجنة هذا حديث حسن صحيح
حدثنا محمد بن بشار ثنا عثمان بن عمر ثنا علي بن المبارك عن يحيى بن ابي كثير عن عامر العقيلي عن ابيه عن ابي هريرة
ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال عرض علي اول ثلثة يدخلون الجنة شهيد وعفيف متعفف وعبد احسن
عبادة الله ونصح لمواليه هذا حديث حسن حدثنا يحيى بن طلحة الكوفي ثنا ابو بكر بن عياش عن حميد عن انس قال
قال رسول الله صلى الله عليه وسلم القتل في سبيل الله يكفر كل خطيئة فقال جبرئيل الا الدين فقال رسول الله صلى الله عليه
وسلم الا الدين وفي الباب عن كعب بن عجرة وجابر وابي هريرة وابي قتادة وحديث انس حديث غريب لا نعرفه من حديث ابي بكر الا
من حديث هذا الشيخ وسالت محمد بن اسمعيل عن هذا الحديث فلم يعرفه وقال ارى انه اراد حديث حميد عن انس عن
النبي صلى الله عليه وسلم انه قال ليس احد من اهل الجنة يسره ان يرجع الى الدنيا الا الشهيد حدثنا علي بن حجر
ثنا اسمعيل بن جعفر عن حميد عن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم انه قال ما من عبد يموت له عند الله خير يحب ان يرجع
الى الدنيا وان له الدنيا وما فيها الا الشهيد لما يرى من فضل الشهادة فانه يحب ان يرجع الى الدنيا فيقتل مرة اخرى
هذا حديث صحيح

فرماتے تھے دو آنکھیں ہیں کہ نہ لگیگی انکو آگ ایک وہ آنکھ جو روئی خدا کے خوف سے اور دوسری وہ کہ رات گذاری نگہبانی کرتی ہوئی بیچ راہ خدا کے یعنی رات کو مجاہدونکی نگہبانی کرتی رہیں کفار سے اور اس باب میں عثمان اور ابی ریحانہ سے بھی روایت ہے اور ابن عباس کی حدیث حسن ہے غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث شعیب بن زریق سے **باب شہید کے ثواب کا بیان** حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے عمرو بن دینار سے اسنے زہری سے اسنے ابن کعب بن مالک سے اسنے اپنے باپ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا شہیدونکی روحیں سبز پرندوں کے پیٹوں میں ہیں کھاتی ہیں میوہ بہشت میں سے اور درختوں بہشت کے سے یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے عثمان بن عمر نے اسنے کہا حدیث کی علی بن مبارک نے یحیی بن ابی کثیر سے اسنے عامر عقیلی سے اسنے اپنے باپ سے اسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا سامنے لائے گئے میرے اول تین شخص کہ داخل ہونگے بہشت میں ایک شہید دوسرا بچنے والا حرام سے سوال نکرنے والا یعنے بچنے والا فسق و فجور سے اور سوال کرنے سے اور تیسرا غلام کہ اچھی کی بندگی اللہ کی اور خیر خواہی کی اپنے مالکوں کی یہ حدیث حسن ہے حدیث کی ہمسے یحیی بن طلحہ کوفی نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو بکر بن عیاش نے حمید سے اسنے انس سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ مارا جانا بیچ راہ خدا کے جھاڑتا ہے ہر گناہ کو پس کہا جبرئیل نے مگر قرض فرمایا نبی صلعم نے ہاں سوائے قرض کے یعنی حقوق آدمیوں کے اور اس باب میں کعب بن عجرہ اور جابر اور ابی ہریرہ اور ابی عبادہ سے بھی روایت ہے اور انس کی حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث ابی بکر سے اور پوچھا میں نے بخاری کو اس حدیث سے پس نہ پہچانا اسکو اور کہا گمان کرتا ہوں میں کہ مراد رکھی اسنے حدیث حمید کی انس سے اسنے نبی صلعم سے کہ آپنے فرمایا نہیں کوئی اہل بہشت میں سے کہ خوش لگے اسکو پھر آنا طرف دنیا کے مگر شہید کو کہ دوست رکھتا ہے کہ پھر آوے طرف دنیا کے حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے اسماعیل بن جعفر نے حمید سے اسنے روایت کی انس سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ نہیں کوئی بندہ کہ اسکے لیے نزدیک اللہ کے بہتری ہو دوست رکھے پھر آنا طرف دنیا کے اور ہووے واسطے اسکے تمام دنیا اور جو کچھ کہ دنیا میں ہے مگر شہید بسبب اس چیز کے کہ دیکھتا ہے فضیلت اور ثواب شہادت کا۔ پس تحقیق وہ دوست رکھتا ہے کہ پھر آوے دنیا میں اور قتل کیا جاوے دوسری بار یہ حدیث حسن صحیح ہے

ف کہا ہے علماء نے کہ رکھنا ارواح شہیدوں کا بیچ جانوروں کے مانند رکھنے جواہر کے ہے صندوقوں میں بسبب تکریم انکی کے اور داخل کرے انکے بہشت میں ساتھ اس صورت کے متعلق ساتھ ابدان کے جگہ پکڑتے ہیں بہشت میں اور کھاتے ہیں میوے اسکے اور پاتے ہیں خوشبوئیاں اور ہوائیں وہاں کی اس سے معلوم ہوا کہ بہشت اب موجود ہے اور یہی ہے

باب ماجاء فی افضل الشہداء عند اللہ **حدثنا** قتیبۃ ثنا ابن لھیعۃ عن عطاء بن دینار عن ابی یزید الخولانی انہ سمع فضالۃ بن عبید یقول سمعت عمر بن الخطاب یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول الشہداء اربعۃ رجل مؤمن جید الایمان لقی العدو فصدق اللہ حتی قتل فذالک الذی یرفع الناس الیہ اعینہم یوم القیمۃ ھٰکذا ورفع راسہ حتی وقعت قلنسوتہ فلا ادری قلنسوۃ عمر اراد ام قلنسوۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال ورجل مؤمن جید الایمان لقی العدو فکانما ضرب جلدہ بشوک طلحۃ من الجبن اتاہ سہم غرب فقتلہ فھو فی الدرجۃ الثانیۃ ورجل مومن خلط عملا صالحا واٰخر سیئا لقی العدو فصدق اللہ حتی قتل فذالک فی الدرجۃ الثالثۃ ورجل مومن اسرف علی نفسہ لقی العدو فصدق اللہ حتی قتل فذالک فی الدرجۃ الرابعۃ ھٰذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث عطاء بن دینار وسمعت محمدا یقول قد روی سعید بن ابی ایوب ھٰذا الحدیث عن عطاء بن دینار عن اشیاخ من خولان ولم یذکر فیہ عن ابی یزید وقال عطاء بن دینار لیس بہ باس **باب** ماجاء فی غزو البحر **حدثنا** اسحٰق بن موسی الانصاری ثنا معن ثنا مالک عن اسحٰق بن عبد اللہ بن ابی طلحۃ عن انس انہ سمعہ یقول کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یدخل علی ام حرام بنت ملحان فتطعمہ وکانت ام حرام تحت عبادۃ بن الصامت فدخل علیہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوما فاطعمتہ وحبستہ تفلی راسہ فنام رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ثم استیقظ وھو یضحک قالت فقلت ما یضحکک یا رسول اللہ قال ناس من امتی عرضوا علی غزاۃ فی سبیل اللہ یرکبون ثبج ھٰذا البحر ملوک علی الاسرۃ او مثل الملوک علی الاسرۃ قلت یا رسول اللہ ادع اللہ ان یجعلنی منہم فدعا لہا

باب بہترین شہیدوں کا خدا کے نزدیک کون ہے **حدیث** کی ہم سے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہم سے ابن لہیعہ نے عطاء بن دینار سے اُسنے روایت کی ابی یزید خولانی سے اُسنے سُنا فضالہ بن عبید سے کہتا تھا سُنا مین نے عمر فاروق سے کہتے تھے سُنا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ شہید چار طرح کے ہوتے ہین ایک وہ شخص ہے کہ ہو مسلمان کامل ملاقات کی دشمن سے پس سچ کر دکھایا اللہ کو یہانتک کہ مارا گیا۔ پس یہ وہ شخص ہے کہ اٹھاوینگے لوگ طرف اُسکے آنکھین اپنی دن قیامت کے اسطرح یعنی مانند اُٹھانے سر میرے کے اسطرح اُٹھایا سر اپنا یہانتک کہ گر پڑی ٹوپی اُنکی کہا فضالہ کے پیچھے کے راوی نے پس نہین جانتا مین کہ کیا ٹوپی عمر کی ارادہ کی فضالہ نے یا ٹوپی نبی صلعم کی یعنی بسبب عالی شان اُسکے کے لوگ اسطرح دیکھینگے حضرت صلعم نے فرمایا اور دوسرا شخص مومن جید الایمان ہے کہ ملاقات کرے دشمن سے بایں صفت کہ گویا چبھوئے گئے ہین اُسکے بدن مین کانٹے درخت خاردار کے بسبب نامردی کے یعنی ڈر سے اُسکا بدن کانپنے لگا اور بدن پر بال کھڑے ہو گئے آیا اُسکو تیر کہ مارنے والا اُسکا معلوم نہین پس مار ڈالا اُسکو پس وہ شخص بیچ دوسرے درجہ کے ہے یعنی بہ نسبت پہلے کے اور تیسرا شخص وہ مومن ہے کہ عمل کیے کچھ اچھے اور کچھ برے۔ ملاقات کی دشمن سے پس سچ کر دکھایا اللہ کو یہانتک کہ مارا گیا۔ پس یہ شخص بیچ درجہ تیسرے کے ہے۔ اور چوتھا شخص وہ مسلمان ہے کہ اسراف کیا اپنی جان پر یعنی گناہ بہت کیے۔ ملاقات کی دشمن سے پس سچ کر دکھلایا اللہ کو یہانتک کہ مارا گیا پس یہ شخص بیچ درجے چوتھے کے ہے یہ حدیث حسن غریب ہے نہین پہچانی جاتی مگر حدیث عطاء بن دینار سے اور سنا مین نے محمد سے کہتا کہ تحقیق روایت کی یہ حدیث سعید بن ابی ایوب نے عطاء بن دینار سے اسنے اشیاخ خولان سے اور نہین ذکر کیا اُسمین واسطہ یزید کا اور کہا عطاء نے کہ نہین ہے ساتھ اُسکے کوئی خوف **باب** دریا مین جہاد کرنیکا بیان **حدیث** کی ہم سے اسحاق بن موسی نے اُسنے کہا حدیث کی ہم سے معن نے اُسنے کہا حدیث کی ہم سے مالک نے اسحاق بن عبد اللہ سے اُسنے روایت کی انس سے کہا تھے نبی صلعم جاتے ام حرام بنت ملحان کے پاس پس کھانا کھلاتی وہ آپ کو اور تھی وہ بی بی عبادہ بن صامت کی پس ایک روز حضرت اُنکے پاس گئے۔ پس کھانا کھلایا اُسنے آپ کو اور روکا آپ کو اُسحال مین کہ کنگھی کرتی تھی سر مبارک کو پس سو گئے نبی صلعم پھر جاگے ہنستے ہوے سو مین نے کہا یا حضرت آپ کیون ہنستے ہین فرمایا چند لوگ میری امت کے میرے سامنے کیے گئے لڑتے خدا کی راہ مین اس سمندر کے اندر سوار بادشاہ سے تختوں پر یا فرمایا جیسے بادشاہ تختوں پر مین نے کہا یا حضرت میرے واسطے دعا کیجے کہ خدا مجھکو بھی اُن غازیوں مین شریک کرے سو آپ نے اُسکے لیے دعا کی

۱؎ یعنی بسبب شجاعت کے کہ اس چیز کو کہ عہد کیا ہی اللہ نے اُسپر راست گو گیا اللہ کو بسبب عمل اور شجاعت اپنی کی وجہاد اور صبر کیا اور امید رکھی ثواب کی پس گویا تصدیق کی اللہ کی ساتھ عمل اپنے کے اسلیے کہ تعریف کی اللہ نے مجاہدوں کی ساتھ صبر کے اور طلب ثواب کے۔ پس جب یہ لڑا اور صبر کیا تو گویا اللہ کی تصدیق کی اپنے عمل سے اُسکا یہ ہے کہ سبب یا متقی شجاع ہو یا متقی غیر شجاع یا م

ثم وضع راسہ فنام ثم استیقظ وھو یضحک فقلت لہ ما ذا یضحکک یارسول اللہ قال ناس من امتی عرضوا علی غزاۃ فی
سبیل اللہ نحو ما قال فی الاول قالت فقلت یارسول اللہ ادع اللہ ان یجعلنی منھم قال انت من الاولین فرکبت ام حرام البحر
معاویۃ بن ابی سفیان فصرعت عن دابتھا حین خرجت من البحر فھلکت ھذا حدیث حسن صحیح وام حرام بنت ملحان
ھی اخت ام سلیم وھی خالۃ انس بن مالک **باب** ما جاء من یقاتل ریاء وللدنیا **حدثنا** ھناد ثنا ابو معاویۃ
عن الاعمش عن شقیق عن ابی موسی قال سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عن الرجل یقاتل شجاعۃ ویقاتل حمیۃ
ویقاتل ریاء فای ذلک فی سبیل اللہ قال من قاتل لتکون کلمۃ اللہ ھی العلیا فھو فی سبیل اللہ وفی الباب عن عمر ھذا حدیث
حدیث حسن صحیح **حدثنا** محمد بن المثنی ثنا عبد الوھاب الثقفی عن یحیی بن سعید عن محمد بن ابراھیم عن علقمۃ
بن وقاص اللیثی عن عمر بن الخطاب قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انما الاعمال بالنیۃ وانما لامرئ ما نوی
فمن کانت ھجرتہ الی اللہ والی رسولہ فھجرتہ الی اللہ والی رسولہ ومن کانت ھجرتہ الی دنیا یصیبھا او امرأۃ یتزوجھا
فھجرتہ الی ما ھاجر الیہ ھذا حدیث حسن صحیح وقد روی مالک بن انس وسفیان الثوری وغیر واحد من الائمۃ ھذا
عن یحیی بن سعید ولا نعرفہ الا من حدیث یحیی بن سعید **باب** فی الغدو والرواح فی سبیل اللہ **حدثنا** علی بن حجر ثنا
اسمعیل بن جعفر عن حمید عن انس ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال الغدوۃ فی سبیل او روحۃ خیر من الدنیا
وما فیھا ولقاب قوس احدکم او موضع یدہ فی الجنۃ خیر من الدنیا وما فیھا ولو ان امرأۃ من نساء اھل الجنۃ اطلعت
الی الارض لاضاءت ما بینھما ولملأت ما بینھما ریحا ولنصیفھا علی راسھا خیر من الدنیا وما فیھا ھذا حدیث صحیح

پھر اپنے سر کو رکھ کر سو گئے پھر ہنستے جاگے سو میں نے کہا کہ یا حضرت آپ کیوں ہنستے ہیں۔ فرمایا کہ کچھ
لوگ میری امت کے میرے سامنے کیے گئے کرتے خدا کی راہ میں مانند اسکے کہ کہا پہلی بار کہا اُسنے کہ میں نے کہا کہ یا حضرت میری واسطے
دعا کیجیے کہ خدا مجکو بھی اُن غازیوں میں شریک کرے فرمایا تو پہلوں میں سے ہے سو معاویہ کے زمانہ میں ام حرام جہاز پر سوار ہوئین
یعنی غازیوں کے ساتھ جہاز میں سوار ہو کر جہاد میں گئین سو اپنی سواری سے گر پڑین جبکہ جہاز سے باہر نکلین اور مر گئین یہ حدیث حسن
صحیح ہے اور ام حرام بنت ملحان بہن ام سلیم کی اور خالہ انس بن مالک کی ہے **باب** جو شخص اپنی بہادری دکھانے اور دنیا کے لیے لڑے
تو اسکا کیا حال ہے **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے روایت کی شقیق سے اُسنے ابی موسیٰ
سے کہا پوچھے گئے نبی صلعم ایک مرد سے کہ لڑتا ہے واسطے بہادری کے کہ لوگوں میں بہادر مشہور ہو اور نام ہو اور ایک شخص لڑتا ہے
واسطے حمیت ملک کے اور ایک لڑتا ہے واسطے ریا کے یعنی اپنی شجاعت دکھانے کے لیے لوگوں کو پس کون ہے بیچ راہ خدا کے یعنی خدا کی راہ
کا مجاہد کون ہے۔ فرمایا جو شخص اسواسطے لڑے کہ اللہ کا دین بلند ہو تو وہ راہ خدا کا غازی ہے اور اس باب میں عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث
حسن ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن مثنی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الوہاب ثقفی نے یحییٰ بن سعید سے اُسنے محمد بن ابراہیم سے اُسنے علقمہ
بن وقاص لیثی سے اُسنے عمر فاروق سے کہا نبی صلعم نے فرمایا کہ عملوں کا اعتبار صرف نیتوں سے ہے اور ہر ایک مرد کے واسطے وہی ہے جو اُسنے
نیت کی ہے یعنی کوئی عمل بدون نیت کے لائق ثواب کے نہیں سو جسکی ہجرت اللہ اور رسول کے واسطے ہوئی تو اُسکی ہجرت خدا اور رسول کے
واسطے ہو چکی یعنی اُسکا ثواب پاویگا اور جسکی ہجرت دنیا کے واسطے ہوئی کہ اُسکو پاوے یا کسی عورت کے واسطے کہ اُس سے نکاح کرے
تو اُسکی ہجرت اُسی کی طرف ہوئی جسکے واسطے اُسنے ہجرت کی یعنی دنیا اور عورت یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی مالک بن انس
اور سفیان وغیرہ بہت اماموں نے یہ حدیث یحییٰ بن سعید سے اور نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث سے **باب** صبح شام جہاد میں جانے کی فضیلت
حدیث کی ہمسے علی بن حجر نے اسمٰعیل بن جعفر سے اُسنے حمید سے اُسنے انس سے کہا حضرت صلعم نے فرمایا البتہ صبح یا شام کو جہاد میں جانا بہتر ہے ساری
دنیا سے اور اُس سے کہ دنیا میں ہے اور البتہ قدر کمان ایک تمہارے کی یا جگہ ہاتھ اُسکے کی بیچ بہشت کے بہتر ہے ساری دنیا سے اور اُس سے کہ دنیا میں ہے
اور اگر ایک عورت بہشت کی جھانکے طرف زمین کے تو البتہ روشن کرے اُس چیز کو کہ درمیان آسمان اور زمین کے ہے اور البتہ بھر دے اُس چیز کو کہ درمیان اُن دونوں کے ہے خوشبو
سے اور البتہ اوڑھنی اُسکے سر پر بہتر ہے ساری دنیا سے اور اُس چیز سے کہ دنیا میں ہے۔ یہ حدیث صحیح ہے۔

حدثنا قتيبة ثنا العطاف بن خالد المخزومی عن ابی حازم عن سهل بن سعد الساعدی قال قال رسول الله صلی الله عليه وسلم غدوة فی سبيل الله خير من الدنيا وما فيها وموضع سوط فی الجنة خير من الدنيا وما فيها وفی الباب عن ابی هريرة وابن عباس وابی ايوب وانس وهذا حديث حسن صحيح **حدثنا** ابو سعيد الاشج ثنا ابو خالد الاحمر عن ابن عجلان عن ابی حازم عن ابی هريرة عن النبی صلی الله عليه وسلم والحجاج عن الحكم عن مقسم عن ابن عباس عن النبی صلی الله عليه وسلم قال غدوة فی سبيل الله او روحة خير من الدنيا وما فيها هذا حديث حسن غريب وابو حازم الذی روی عن ابی هريرة هو الكوفی اسمه سلمان هو مولی عزة الاشجعية **حدثنا** عبيد بن اسباط بن محمد ثنا ابی عن هشام بن سعد عن سعيد بن ابی هلال عن ابن ابی ذباب عن ابی هريرة قال مر رجل من اصحاب النبی صلی الله عليه وسلم بشعب فيه عيينة من ماء عذبة فاعجبته لطيبها فقال لو اعتزلت الناس فاقمت فی هذا الشعب ولن افعل حتی استاذن رسول الله صلی الله عليه وسلم فذكر ذلك لرسول الله صلی الله عليه وسلم فقال لا تفعل فان مقام احدكم فی سبيل الله افضل من صلوته فی بيته سبعين عاما الا تحبون ان يغفر الله لكم ويدخلكم الجنة اغزوا فی سبيل الله من قاتل فی سبيل الله فواق ناقة وجبت له الجنة هذا حديث حسن **باب** ما جاء ای الناس خير **حدثنا** قتيبة ثنا ابن لهيعة عن بكير بن الاشج عن عطاء بن يسار عن ابن عباس ان النبی صلی الله عليه وسلم قال الا اخبركم بخير الناس رجل ممسك بعنان فرسه فی سبيل الله الا اخبركم بالذی يتلوه رجل معتزل فی غنيمة له يؤدی حق الله فيها الا اخبركم بشر الناس رجل يسال بالله ولا يعطی به هذا حديث حسن غريب من هذا الوجه ويروی هذا الحديث من غير وجه عن ابن عباس عن النبی صلی الله عليه وسلم

حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عطاف بن خالد مخزومی نے ابی حازم سے اُسنے سہل بن سعد ساعدی سے کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ ایک صبح کو راہ اللہ میں جانا بہتر ہے تمام دنیا سے اور اُس چیز سے کہ دنیا میں ہے اور کوڑا رکھنے کا مکان بہشت میں بہتر ہے ساری دنیا سے اور اُس چیز سے کہ دنیا میں ہے اور اس باب میں ابی ہریرہ اور ابن عباس اور ابی ایوب اور انس سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ابو سعید اشج نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو خالد احمر نے ابن عجلان سے اُسنے ابی حازم سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلعم سے اور حجاج نے حکم سے اُسنے مقسم سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلعم سے فرمایا ایکبار راہ اللہ میں جانا صبح یا شام کو بہتر ہے تمام دنیا و مافیہا سے اور یہ حدیث حسن غریب ہے اور ابو حازم کوفی ہے۔ اور نام اُسکا سلمان ہے مولی عزہ اشجعیہ کا **حدیث** کی ہمسے عبید بن اسباط بن محمد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے میرے باپ نے ہشام بن سعد سے سو اُسنے سعید بن ابی ہلال سے اُسنے ابن ابی ذباب سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا گذرا ایک شخص نبی صلعم کے اصحاب سے بیچ درے پہاڑ کے کہ تھا اُسمیں ایک چشمہ میٹھے پانی کا پس خوش لگا اُسکو وہ اور کہا کاش کے الگ ہو تا میں لوگوں سے اور رہتا اس درے میں پہاڑ کے تو بہت خوب ہو اور نہ کرونگا میں یہ بات یہانتک کہ پروانگی مانگوں میں حضرت صلعم سے پس ذکر کی گئی یہ بات روبرو حضرت صلعم کے پس فرمایا نہ کر تو یہ اسلیے کہ تحقیق ٹھہرنا ایک تمھارے کا بیچ راہ اللہ کے بہتر ہے نماز اُسکی سے گھر میں ستر برس[1] کیا نہیں دوست رکھتے ہو تم کہ بخشے اللہ واسطے تمھارے یعنی پورا بخشنا اور داخل کرے تمکو بہشت میں یعنی اللہ کی راہ میں اول ہی جہاد کرو جو کوئی لڑے اللہ کی راہ میں بقدر ٹھہرنے کے درمیان دو دفعہ دوہنے اُونٹنی کے واجب ہوئی اُسکے لیے بہشت یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** سب آدمیوں میں کونسا آدمی بہتر ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے بکیر بن اشج سے اُسنے روایت کی عطاء بن یسار سے اُسنے ابن عباس سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کیا نہ خبر دوں میں تمکو ساتھ بہترین لوگوں کے بہتر وہ ہے کہ پکڑ لاتے والا ہے باگ گھوڑے اپنے کی بیچ راہ خدا کے۔ کیا نہ خبر دوں میں تمکو ساتھ اُس شخص کے کہ پیچھے آتا ہے اُس سے یعنی دوسرے درجے میں اُس سے وہ شخص ہے کہ گوشہ اختیار کرے بیچ تھوڑی بکریوں کے اور ادا کرے حق اللہ کا جو اُنمیں ہے۔ کیا نہ خبر دوں میں تمکو ساتھ بدترین لوگوں کے وہ شخص ہے کہ سوال کیا جاوے ساتھ نام اللہ کے اور نہ دے یہ حدیث حسن غریب ہے اسوجہ سے اور یہ حدیث ابن عباس سے کئی طرح پر مروی ہے اُسنے نبی صلعم سے

[1] مراد اس سے کثرت ہے نہ تحدید۔ اور اس سے معلوم ہوا کہ گوشہ گزینی میں مغفرت حاصل نہیں ہوتی لیکن یہ اُسی زمانے میں تھا کہ جہاد فرض تھا اور اب گوشہ گزینی افضل ہے آدمیوں کی صحبت سے ۱۲ ع

باب ما جاء فيمن سال الشهادة **حدثنا** احمد بن منيع ثنا روح بن عبادة ثنا ابن جريج عن سليمان بن موسى عن مالك بن يخامر السكسكي عن معاذ بن جبل عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من سال الله القتل في سبيله صادقا من قلبه اعطاه الله اجر الشهيد هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمد بن سهل بن عسكر ثنا القاسم بن كثير ثنا عبد الرحمن بن شريح انه سمع سهل بن ابي امامة بن سهل بن حنيف يحدث عن ابيه عن جده عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من سال الله الشهادة من قلبه صادقا بلغه الله منازل الشهداء وان مات على فراشه هذا حديث حسن غريب من حديث سهل بن حنيف لا نعرفه الا من حديث عبد الرحمن بن شريح وقد رواه عبد الله بن صالح عن عبد الرحمن بن شريح وعبد الرحمن بن شريح يكنى ابا شريح وهو اسكندراني وفي الباب عن معاذ بن جبل **باب** ما جاء في المجاهد والمكاتب والناكح وعون الله اياهم **حدثنا** قتيبة ثنا الليث عن ابن عجلان عن سعيد المقبري عن ابي هريرة قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلاثة حق على الله عونهم المجاهد في سبيل الله والمكاتب الذي يريد الاداء والناكح الذي يريد العفاف هذا حديث حسن **حدثنا** احمد بن منيع ثنا روح بن عبادة ثنا ابن جريج عن سليمان بن موسى عن مالك بن يخامر عن معاذ بن جبل عن النبي صلى الله عليه وسلم قال من قاتل في سبيل الله من رجل مسلم فواق ناقة وجبت له الجنة ومن جرح جرحا في سبيل الله ونكب نكبة فانها تجيء يوم القيمة كاغزر ما كانت لونها الزعفران وريحها كالمسك هذا حديث صحيح

باب جو شخص کہ شہادت طلب کرے اُسکو کیا ثواب ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے روح بن عبادہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن جریج نے سلیمان بن موسی سے اُسنے روایت کی مالک بن یخامر سے اُسنے معاذ بن جبل سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ مانگے اللہ سے شہادت کو بیچ راہ اُسکی کے اس حال مین کہ سچا ہو اپنے دل سے تو دیتا ہی اُسکو اللہ ثواب شہید کا یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن سہل بن عسکر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے قاسم بن کثیر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن شریح نے اُسنے سنا سہل بن ابی امامہ سے حدیث کرتا تھا اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا جو شخص اللہ سے شہادت مانگے سچے دل سے تو پہونچا دیگا اُسکو اللہ شہیدونکے مرتبہ مین اگرچہ مرے اپنے بچھونے پر یعنی اپنے گھر مین[۱] یہ حدیث حسن غریب ہے حدیث سہل بن حنیف کی نہین پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث عبد الرحمن بن شریح سے اور تحقیق روایت کیا اُسکو عبد اللہ بن صالح نے عبد الرحمن بن شریح سے اور عبد الرحمن بن شریح کی کنیت ابو شریح ہے وہ اسکندرانی ہے۔ اور اس باب مین معاذ بن جبل سے بھی روایت ہے **باب** مجاہد اور مکاتب اور نکاح کرنے والے کی اللہ مدد کرتا ہی **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے ابن عجلان سے اُسنے سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تین شخص ہین کہ لازم ہے اللہ پر مدد اُنکی یعنے بمقتضاے وعدے اُسکے کے ایک تو مکاتب[۲] وہ جو ارادہ کرتا ہی ادا کرنے بدل کتابت کا اور دوسرے وہ نکاح کرنے والا جو ارادہ رکھتا ہو بچنے کا زنا سے۔ اور تیسرے جہاد کرنے والا خدا کی راہ مین یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے روح بن عبادہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن جریج نے سلیمان بن موسی سے اُسنے مالک بن یخامر سے اُسنے معاذ بن جبل سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مرد مسلمان کہ لڑے اللہ کی راہ مین مقدار دو دفعہ دودھ دھنے اونٹنی کے[۳] پس تحقیق واجب ہوئی واسطے اُسکے بہشت یعنی ابتداً اور جو شخص کہ زخمی کیا گیا زخمی کرنا یعنی ساتھ ہتھیار دشمن کے بیچ راہ اللہ کے یا مصیبت زخم کی پہونچایا گیا غیر دشمن سے مصیبت پہونچانا۔ پس تحقیق آویگا وہ زخم دن قیامت کے مانند اکثر اُس چیز کے کہ پایا جاتا تھا دنیا مین یعنی جیسے کہ وہ زخم بہت تازہ تھا دنیا مین رنگ اُسکا زعفران کا ہوگا۔ اور خوشبو اُسکی مشک کی ہوگی۔ یہ حدیث صحیح ہے

[۱] یعنی بسبب صدق نیت کے ثواب شہیدون کا پاتا ہی اس سے معلوم ہوا کہ ہر کام مین سچی نیت کو دخل ہے [۲] مکاتب اس غلام کو کہتے ہین کہ مالک اُسکا کہدے کہ جب اسقدر روپیہ تو مجھے کما دیگا تو آزاد ہے اور جو روپیہ کہ اس سے لینا مقرر کیا تھا اُسکو بدل کتابت کہتے ہین [۳] یعنے درمیان دو دفعہ دودھ دھنے اونٹنی کے یعنی ایکبار اونٹنی کا دودھ دوہ لیا تھوڑی دیر کے بعد پھر دوہنا اس دیر کا نام فواق ہے ۱۲

باب ما جاء فی فضل من یکلم فی سبیل اللہ **حدثنا** قتیبۃ ثنا عبد العزیز بن محمد عن سہیل بن ابی صالح عن ابیہ عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لا یکلم احد فی سبیل اللہ واللہ اعلم بمن یکلم فی سبیلہ الا جاء یوم القیمۃ اللون لون الدم والریح ریح المسک ھذا حدیث صحیح وقد روی من غیر وجہ عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **باب** ای الاعمال افضل **حدثنا** ابو کریب ثنا عبدۃ عن محمد بن عمرو ثنا ابو سلمۃ عن ابی ہریرۃ رضی اللہ عنہ قال سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای الاعمال افضل او ای الاعمال خیر قال ایمان باللہ ورسولہ قیل ثم ای شیء قال الجہاد سنام العمل قیل ثم ای شیء یا رسول اللہ قال ثم حج مبرور ھذا حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجہ عن ابی ہریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم **باب** **حدثنا** قتیبۃ ثنا جعفر بن سلیمان الضبعی عن ابی عمران الجونی عن ابی بکر بن ابی موسی الاشعری قال سمعت ابی بحضرۃ العدو یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان ابواب الجنۃ تحت ظلال السیوف فقال رجل من القوم رث الھیئۃ انت سمعت ھذا من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یذکرہ قال نعم قال فرجع الی اصحابہ فقال اقرأ علیکم السلام وکسر جفن سیفہ فضرب بہ حتی قتل ھذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث جعفر بن سلیمان وابو عمران الجونی اسمہ عبد الملک بن حبیب وابو بکر بن ابی موسی قال احمد بن حنبل ھو اسمہ **باب** ما جاء ای الناس افضل **حدثنا** ابو عمار ثنا الولید بن مسلم عن الاوزاعی ثنی الزہری عن عطاء بن یزید اللیثی عن ابی سعید الخدری قال سئل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ای الناس افضل قال رجل یجاھد فی سبیل اللہ قالوا ثم من قال ثم مومن فی شعب من الشعاب یتقی ربہ ویدع الناس من شرہ ھذا حدیث حسن صحیح

باب جو شخص کہ زخمی کیا جاوے بیچ راہ اللہ کے اُسکی کیا فضیلت ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد العزیز بن محمد نے سہیل بن ابی صالح سے اُنہوں نے اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا نہیں زخمی کیا جاتا کوئی شخص راہ اللہ میں اور اللہ خوب جانتا ہے اُسکو کہ زخمی کیا جاتا ہے اُسکی راہ میں یعنی جو ریا سے خالی ہو مگر کہ آویگا وہ دن قیامت کے اس حال میں کہ اُسکے زخم سے بہتا ہوگا خون رنگ خون کا ہوگا اور خوشبو مشک کی ہوگی یہ حدیث صحیح ہے اور تحقیق روایت کی گئی کئی وجہ پر ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلعم سے **باب** کونسا عمل افضل ہے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدہ نے محمد بن عمرو سے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو سلمہ نے اُنکو ابو ہریرہ نے کہا کہ پوچھے گئے نبی صلعم کہ اعمالوں میں کونسا عمل افضل ہے فرمایا ایمان لانا ساتھ اللہ کے اور اُسکے رسول کے کہا گیا پھر کون چیز افضل ہے فرمایا جہاد کرنا کوہان عمل کی ہے کہا گیا پھر کون افضل ہے فرمایا حج مقبول یہ حدیث حسن صحیح ہے اور کئی وجہ پر یہ حدیث ابو ہریرہ سے اُسنے نبی صلعم سے مروی ہے **باب** **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے جعفر بن سلیمان ضبعی نے ابی عمران جونی سے اُسنے ابی بکر بن ابی موسی اشعری سے کہا سنا میں نے باپ اپنے سے سامنے دشمن کے کہتا تھا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ تحقیق دروازے بہشت کے نیچے سایہ تلواروں کے ہیں سو قوم میں سے ایک شخص پراگندہ حال نے کہا کیا تو نے سنا ہے اُسکو نبی صلعم سے کہ ذکر کرتے تھے اُسکو اُسنے کہا ہاں سو پھر آیا طرف یاروں اپنے کے اور کہا کہ میں تمکو سلام کہتا ہوں یعنی وداع ہوتا ہوں تمسے اور اپنی تلوار کا میان توڑا۔ اور لڑا ساتھ اُسکے یعنی دشمن سے یہاں تک کہ شہید کیا گیا یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث جعفر بن سلیمان سے اور ابو عمران جونی کا نام عبد الملک بن ابی حبیب ہے اور احمد بن حنبل نے کہا کہ اُسکا نام ابو بکر بن ابی موسی ہے **باب** کون آدمی لوگوں میں افضل ہے **حدیث** کی ہمسے ابو عمار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن مسلم اوزاعی سے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے زہری نے عطاء بن یزید لیثی سے اُسنے ابی سعید سے کہا کہ پوچھے گئے نبی صلعم کہ کون آدمی لوگوں میں افضل ہے فرمایا وہ شخص کہ جہاد کرے راہ اللہ میں اصحاب نے کہا پھر کون افضل ہے فرمایا پھر وہ مومن کہ ٹھہرا ہو بیچ درے پہاڑ کے ڈرے اللہ کے عذاب اور غصہ سے اور چھوڑ دے لوگوں کو اپنی بدی سے یعنی لوگوں کو اپنی بدی سے بچا رکھے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے

[illegible]

لہ جاننا چاہیے کہ حدیثوں میں بیان اور تعین افضل اعمال کا مختلف آیا ہے اور تطبیق اسطور سے ہے کہ جسطرح جس مقام میں نبی صلعم نے مناسب حال سائل کے دیکھا اسیطرح جواب دیا مثلاً جسمیں نماز کی سستی دیکھی اسکو جواب دیا کہ افضل تہجد کی نماز ہے وغیر ذلک پس مراد اُس سے افضل اعمال بیچ حق سائل کے ہے یا یہ عمل افضل اعمال میں سے ہیں ۱۲ منہ عفی عنہ

باب حدثنا عبد الله بن عبد الرحمن ثنا نعيم بن حماد ثنا بقية بن الوليد عن بحير بن سعد عن خالد بن معدان عن المقدام بن معديكرب قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم للشهيد عند الله ست خصال يغفر له في اول دفعة ويرى مقعده من الجنة ويجار من عذاب القبر ويامن من الفزع الاكبر ويوضع على راسه تاج الوقار الياقوتة منها خير من الدنيا وما فيها ويزوج اثنتين وسبعين زوجة من الحور العين ويشفع في سبعين من اقاربه هذا حديث صحيح غريب **حدثنا** محمد بن بشار ثنا معاذ بن هشام ثني ابي عن قتادة ثنا انس بن مالك قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ما من احد من اهل الجنة يسره ان يرجع الى الدنيا غير الشهيد فانه يحب ان يرجع الى الدنيا يقول حتى اقتل عشر مرات في سبيل الله مما يرى مما اعطاه الله من الكرامة هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمد بن بشار ثنا محمد بن جعفر ثنا شعبة عن قتادة عن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم نحوه بمعناه **حدثنا** ابو بكر بن ابي نضر ثني ابو النضر ثنا عبد الرحمن بن عبد الله بن دينار عن ابي حازم عن سهل بن سعد ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال رباط يوم في سبيل الله خير من الدنيا وما عليها والروحة يروحها العبد في سبيل الله او الغدوة خير من الدنيا وما عليها وموضع سوط احدكم في الجنة خير من الدنيا وما عليها هذا حديث حسن صحيح

باب حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن عبد الرحمن نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے نعیم بن حماد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے بقیہ بن ولید نے بحیر بن سعد سے اُسنے خالد بن معدان سے اُسنے مقدام بن معدیکرب سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ واسطے شہید کے نزدیک اللہ کے چھہ خصلتین ہین بخشش کیجاتی ہے واسطے اُسکے اول دفعہ مین یعنی لہو کے پہلے قطرے مین کہ گرتا ہے اور دکھلایا جاتا ہے ٹھکانا اپنا بہشت مین سے یعنی جان نکلنے کے وقت اور محفوظ رہتا ہے قبر کے عذاب سے اور امن مین ہوگا بڑی گھبراہٹ سے یعنی آگ کے عذاب سے اور رکھاجاویگا اُسکے سر پر تاج وقار کا کہ ایک یاقوت اُسمین سے بہتر ہوگا تمام دنیا سے اور اُس چیز سے کہ دنیا مین ہے اور نکاح مین دیجاوینگی اُسکے بہتر[1] بیبیان حور عین سے یعنی بڑی آنکھون والیان اور شفاعت قبول کیجاویگی اُسکی ستر آدمیون مین اُسکے قرابتیون سے یہ حدیث صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معاذ بن ہشام نے اُسنے کہا حدیث کی مجکو میرے باپ نے قتادہ سے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے انس بن مالک نے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی ایسا بہشتی نہین کہ اُسکو خوش معلوم ہووے یہ بات کہ پلٹ آوے دنیا کی طرف اس حالت مین کہ اُسکو تمام دنیا ملے اور جو چیز کہ دنیا کے اندر ہے یعنی جو بہشت مین گیا اور بخشا گیا اُسکو یہ آرزو نہین کہ دنیا مین پھر آوے اگرچہ اُسکو ہفت اقلیم کی سلطنت ملے مگر شہید کہ وہ دوست رکھتا ہے کہ پھر آوے دنیا مین کہتا ہے یہانتک کہ مارا جاؤن مین اللہ کی راہ مین دس بار اُس سبب سے کہ دیکھتا ہے وہ چیز کہ دیا اُسکو اللہ نے بزرگی اور ثواب سے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن جعفر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے قتادہ سے اُسنے انس سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مثل اسکے اسی کے معنی ہین **حدیث** کی ہمسے ابوبکر بن ابی نضر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو النضر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمن بن عبد اللہ بن دینار نے ابی حازم سے اُسنے روایت کی سہل بن سعد سے کہا نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خدا کی راہ مین دار الاسلام کی سرحد پر ایک دن چوکیداری کرنا بہتر ہے تمام دنیا سے اور دنیا کی آرائش سے۔ اور جہاد مین ایک پہلے پہر یا پچھلے پہر بندے کی کوشش کرنا بہتر ہے تمام دنیا کی آرائش سے۔ اور بہشت مین تمھارے کوڑے رکھنے کا مکان بہتر ہے تمام دنیا سے اور دنیا کی آرائش سے یہ حدیث (یعنی بروایت سہل بن سعد کے) حسن صحیح ہے

[1] اسمین شہادت کے درجے کا بیان ہے یعنے شہید کے سب مطلب پورے ہوتے ہین سوا اسکے اسکو اور کوئی آرزو دنیا کی دل مین باقی نہین رہتی کہ دنیا مین پھر قتل ہووے تاکہ خداے تعالی کے نزدیک زیادہ عزت پاوے ۱۲ منہ آخرت کا ثواب اور آخرت کا کمتر مکان تمام دنیا سے اسواسطے بہتر ہے کہ دنیا فانی ہے اور آخرت باقی ہے ۱۲

حدثنا ابن ابی عمر ثنا سفیان ثنا محمد بن المنکدر قال مر سلمان الفارسی بشرحبیل بن السمط وھو فی مرابط له وقد شق
علیه وعلی اصحابه فقال الا احدثك یا ابن السمط بحدیث سمعته من رسول الله صلی الله علیه وسلم قال بلی قال سمعت
رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول رباط یوم فی سبیل الله افضل وربما قال خیر من صیام شهر وقیامه ومن مات فیه وقی فتنة
القبر ونمی له عمله الی یوم القیمة ھذا حدیث حسن **حدثنا** علی بن حجر ثنا الولید بن مسلم عن اسمعیل بن رافع عن سمی عن ابی صالح
عن ابی هریرة قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من لقی الله بغیر اثر من جهاد لقی الله وفیه ثلمة ھذا حدیث غریب من
حدیث مسلم عن اسمعیل بن رافع واسمعیل بن رافع قد ضعفه بعض اهل الحدیث وسمعت محمدا یقول هو ثقة مقارب الحدیث وقد
روی ھذا الحدیث من غیر ھذا الوجه عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم وحدیث سلمان اسناده لیس بمتصل محمد بن المنکدر
لم یدرك سلمان الفارسی وقد روی ھذا الحدیث عن ایوب بن موسی عن مکحول عن شرحبیل بن السمط عن النبی صلی الله علیه وسلم
نحوه **حدثنا** الحسن بن علی الخلال ثنا هشام بن عبد الملك ثنا اللیث بن سعد ثنی ابو عقیل زهرة بن معبد عن ابی صالح مولی
عثمان بن عفان قال سمعت عثمان وهو علی المنبر یقول انی کتمتکم حدیثا سمعته عن رسول الله صلی الله علیه وسلم کراهیة
تفرقکم عنی ثم بدا لی ان احدثکموه لیختار امرء لنفسه ما بدا له سمعت رسول الله صلی الله علیه وسلم یقول رباط یوم فی سبیل الله
خیر من الف یوم فیما سواه من المنازل ھذا حدیث حسن غریب من ھذا الوجه قال محمد ابو صالح مولی عثمان اسمه ترکان

حدیث کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن منکدر نے کہا کہ گذری سلمان فارسی
شرحبیل بن سمط پر اور وہ اسلام کی سرحد پر چوکیداری مین تھے اس حال مین کہ مشکل ہوئی تھی اُنپر اور اُنکے یارون پر چوکیداری کرنا سو کہا کہ
کیا نہ بیان کرون مین تجھسے اے ابن سمط حدیث کہ سنا ہے مین نے اُسکو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اُسنے کہا کیون نہین بیان کر کہا سنا مین نے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ خدا کی راہ مین ایک دن چوکیداری کرنا افضل ہے۔ یا فرمایا بہتر ہے ایک مہینے کے روزے رکھنے اور
شب بیداری سے اور جو اُسمین مرگیا وہ قبر کے فتنہ[ف] سے محفوظ رہیگا اور اُسکے عمل کا ثواب قیامت تک جاری رہیگا یہ حدیث حسن
ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو ولید بن مسلم نے اسمعیل بن رافع سے اُسنے سمی سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ
سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی ملا اللہ سے بدون نشانی جہاد کے تو ملے گا اللہ سے اس حال مین کہ اُسکے دین مین نقصان
ہوگا یہ حدیث غریب ہے مسلم کی حدیث سے جو اسمعیل بن رافع نے روایت کی ہے اور اسمعیل بن رافع کو بعض اہل حدیث نے ضعیف کہا
ہے اور امام بخاری نے کہا کہ وہ ثقہ ہے مقارب الحدیث ہے۔ اور تحقیق روایت کی گئی یہ حدیث سوا اسوجہ کے ابی ہریرہ سے اُسنے
روایت کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور سلمان کی حدیث کی اسناد متصل نہین کہ محمد بن منکدر نے سلمان کو نہین پایا اور تحقیق روایت
کی گئی یہ حدیث ایوب بن موسے سے اُسنے مکحول سے اُسنے شرحبیل بن سمط سے اُسنے سلمان سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند
اُسکے **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہشام بن عبد الملک نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث بن سعد نے
اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو عقیل زہرہ بن معبد نے ابی صالح مولی عثمان بن عفان سے اُسنے کہا سنا مین نے عثمان سے اور وہ ممبر پر کہتے تھے
کہ تحقیق مین نے چھپا رکھی تھی تمسے ایک حدیث جسکو مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے واسطے کراہیت جدا ہونے تمہارے کے پیچھے
پھر میرے جی مین آیا کہ وہ حدیث تمسے بیان کرون تاکہ اختیار کرے ہر شخص واسطے جان اپنی کے وہ چیز کہ بھلی معلوم ہو اُسکو سنا مین نے نبی
صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ خدا کی راہ مین ایک دن چوکیداری کرنا بہتر ہے ہزار دن کی عبادت سے غیر اس چوکیداری کے مراتب سے
یہ حدیث حسن غریب ہے اسوجہ سے محمد نے کہا کہ ابو صالح مولی عثمان کا نام ترکان ہے

[ف] شہید کا رزق اور عمل موقوف نہین ہوتا اور قبر سے سوال و جواب کا کچھ کھٹکا نہین ہوتا ۱۲ [ف] یعنی جو کوئی بدون علامت جہاد کے مرے کہ وہ زخم ہے یا غبار ہے
یا خرچ کرنا مال یا تیار کرنا اسباب مجاہدون کا ہے تو اُسکے دین مین نقصان رہیگا۔ اور احتمال ہے کہ یہ حدیث اُسکے حق مین محمول ہو کہ اُسپر جہاد کرنا فرض ہو چکا ہو اور پھر
وہ جہاد نہ کرے ۱۲ [ف] کہا طیبی نے کہ وہ شہید ہے کہ لذت پاتا ہے ساتھ دینے جان کے خدا کی راہ مین اور خوش ہوتا ہے نفس اُسکا ساتھ اُسکے اور احتمال ہے
کہ رنج اور تکلیف شہدا کو بہ نسبت اُنکے بمنزلہ کاٹنے چونٹیون کے ہو ۱۲

حدثنا محمد بن بشار و احمد بن نصر النیسابوری و غیر واحد قالوا ثنا صفوان بن عیسی ثنا محمد بن عجلان عن القعقاع بن حکیم عن ابی صالح عن ابی ہریرۃ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ما یجد الشہید من مس القتل الا کما یجد احدکم من مس القرصۃ هذا حدیث حسن غریب صحیح حدثنا زیاد بن ایوب ثنا یزید بن هارون ثنا الولید بن جمیل عن القاسم ابی عبد الرحمن عن ابی امامۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لیس شیء احب الی اللہ من قطرتین واثرین قطرۃ دموع من خشیۃ اللہ وقطرۃ دم تہراق فی سبیل اللہ واما الاثران فاثر فی سبیل اللہ واثر فی فریضۃ من فرائض اللہ هذا حدیث حسن غریب **ابواب الجهاد** عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **باب** فی اہل العذر فی القعود حدثنا نصر بن علی الجہضمی ثنا المعتمر بن سلیمان عن ابیہ عن ابی اسحاق عن البراء بن عازب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال ائتونی بالکتف او اللوح فکتب لا یستوی القاعدون من المؤمنین وعمرو بن ام مکتوم خلف ظہرہ فقال ہل لی رخصۃ فنزلت غیر اولی الضرر وفی الباب عن ابن عباس وجابر وزید بن ثابت هذا حدیث حسن صحیح غریب من حدیث سلیمان التیمی عن ابی اسحاق وقد روی شعبۃ والثوری عن ابی اسحاق الحدیث **باب** ما جاء فیمن خرج الی الغزو وترک ابویہ حدثنا محمد بن بشار ثنا یحیی بن سعید عن سفیان وشعبۃ عن حبیب بن ابی ثابت عن ابی العباس عن عبد اللہ بن عمرو قال جاء رجل الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم یستاذنہ فی الجہاد فقال الک والدان قال نعم قال ففیہما فجاہد وفی الباب عن ابن عباس هذا حدیث حسن صحیح وابو العباس هو الشاعر الاعمی المکی واسمہ السائب بن فروخ

حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے اور احمد بن نصر نیشاپوری وغیرہ نے انھوں نے کہا حدیث کی ہمسے صفوان بن عیسی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد ابن عجلان نے قعقاع بن حکیم سے اُسنے ابی صالح سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شہید نہیں پاتا دُکھ قتل ہونے کا مگر جیسے کہ پاتا ہے ایک تمہارا دُکھ کاٹنے چیونٹی کا۔ یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے زیاد بن ایوب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ولید بن جمیل نے قاسم ابی عبد الرحمن سے اُسنے ابی امامہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نہیں کوئی چیز بہت پیاری طرف اللہ کے دو قطروں سے اور دو نشانوں سے ایک قطرہ آنسو کا کہ خدا کے خوف سے گرے اور دوسرا قطرہ خون کا کہ اللہ کی راہ میں گرایا جاوے لیکن نشان پس ایک نشان اللہ کی راہ میں یعنی جہاد میں اور دوسرا فرضوں میں خدا کے فرضوں سے یہ حدیث حسن غریب ہے **ابواب الجہاد** جہاد کا بیان جو نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے **باب** اہل عذر کے گھر بیٹھنے اور جہاد میں نہ جانے کا بیان **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی جہضمی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معتمر بن سلیمان نے اپنے باپ سے اُسنے ابی اسحٰق سے اُسنے براء بن عازب سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ لاؤ میرے پاس مونڈھا یا تختی سو لکھا آپ نے کہ نہیں برابر ہیں بیٹھنے والے مومنین اپنے گھر میں ساتھ جہاد کرنے والے اللہ کی راہ کے اور ابن ام مکتوم آپ کے پیچھے بیٹھے تھے سو اُسنے عرض کی کہ کیا میرے لیے اجازت جہاد میں جانے کی ہے پس اتری یہ آیت سوائے اہل ضرر یعنی اہل ضرر کو جہاد میں نہ جانا درست ہے اور اس باب میں ابن عباس اور جابر بن عبد اللہ سے بھی روایت ہے اور زید بن ثابت سے اور یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے حدیث سلیمان سے اُسنے روایت کی ابی اسحاق سے اور تحقیق روایت کی شعبہ اور ثوری نے یہ حدیث ابی اسحاق سے **باب** اگر کوئی شخص اپنے ماں باپ کو چھوڑ کر جہاد میں جاوے تو درست ہے یا نہیں **حدیث** کی ہمسے محمد بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے سفیان اور شعبہ سے انھوں نے حبیب بن ابی ثابت سے اُسنے ابی العباس سے اُسنے عبد اللہ بن عمرو سے کہا کہ آیا ایک شخص پاس نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اسحال میں کہ اجازت مانگتا تھا آپ سے جہاد میں جانے کی فرمایا کیا تیرے ماں باپ زندہ ہیں اُسنے کہا ہاں فرمایا پس انھیں میں جہاد کر یعنی انھیں کی خدمت میں کوشش کر کہ یہ حکم جہاد کا رکھتا ہے اور اس باب میں ابن عباس سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور ابو العباس شاعر مکی ہے اور نام اُسکا سائب بن فروخ ہے

ف مانند قدم رکھنے یا غبار یا زخم کے جہاد میں یا سیاہی دوات کے طلب علم میں اور فرض خدا سے یہ ایک نشان ہے کہ اگر جاڑوں میں خزاں کے سبب سے ہاتھ اور پانوں پھٹ جاویں اور گرمی میں نماز میں جلنے اور روزے کے سبب منہ میں بو پیدا ہو اور حج میں قدم غبار آلود ہو ۱۲ منہ یعنی چارپایہ کے مونڈھے کی ہڈی کہ وہ چوڑی ہوتی ہے ۱۲ منہ شرح السنۃ میں ہے کہ یہ جہاد نفل میں ہے کہ بدون اذن والدین کے اُسمیں نہ جاوے جبکہ ہوں وہ مسلمان اور اگر جہاد فرض ہو تو اُنکے اذن کی حاجت نہیں اور اگر وہ منع کریں تو اُنکا

[illegible] ۱۲ منہ

باب ماجاء فی الرجل یبعث سریۃ وحدہ **حدثنا** محمد بن یحیی ثنا الحجاج بن محمد قال قال ابن جریج فی قولہ اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم قال عبد اللہ بن حذافۃ بن قیس بن عدی السہمی بعثہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم علی سریۃ اخبرنیہ یعلی بن مسلم عن سعید بن جبیر عن ابن عباس ھذا حدیث حسن صحیح غریب لانعرفہ الا من حدیث ابن جریج **باب** ماجاء فی کراھیۃ ان یسافر الرجل وحدہ **حدثنا** احمد بن عبدۃ الضبی البصری ثنا سفیان عن عاصم بن محمد عن ابیہ عن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال لو ان الناس یعلمون ما اعلم من الوحدۃ ما سار راکب بلیل یعنی وحدہ **حدثنا** اسحاق بن موسی الانصاری ثنا معن ثنا مالک عن عبد الرحمن بن حرملۃ عن عمرو بن شعیب عن ابیہ عن جدہ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال الراکب شیطان والراکبان شیطانان والثلاثۃ رکب حدیث ابن عمر حدیث حسن صحیح لانعرفہ الا من ھذا الوجہ من حدیث عاصم وھو ابن محمد بن زید بن عبد اللہ بن عمر وحدیث عبد اللہ بن عمرو احسن **باب** ماجاء فی الرخصۃ فی الکذب والخدیعۃ فی الحرب **حدثنا** احمد بن منیع ونصر بن علی قالا ثنا سفیان عن عمرو بن دینار سمع جابر بن عبد اللہ یقول قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الحرب خدعۃ وفی الباب عن علی وزید بن ثابت وعائشۃ وابن عباس وابی ہریرۃ واسماء بنت یزید وکعب بن مالک وانس بن مالک ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی غزوات النبی صلی اللہ علیہ وسلم کم غزی **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا وھب بن جریر وابو داؤد قالا ثنا شعبۃ عن ابی اسحق قال کنت الی جنب زید بن ارقم

باب ایک شخص کو چھوٹے لشکر پر بھیجنا اور اوراسپر امیر کرنا **حدیث** کی ہمسے محمد بن یحیی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے حجاج بن محمد نے اُسنے کہا کہ کہا ابن جریج نے اس آیت کی تفسیر میں کہ اطاعت کرو اللہ کی اور اطاعت کرو رسول کی اور جو اختیار والے ہیں تم میں سے کہا کہ عبد اللہ بن حذافہ کو بھیجا نبی صلعم نے ایک چھوٹے لشکر پر خبر دی ہمکو یعلی بن مسلم نے ساتھ اسکے سعید بن جبیرؓ سے اُسنے ابن عباس سے اور یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث ابن جریج سے **باب** آدمی کو اکیلے سفر کرنا منع ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن عبدہ ضبی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عاصم بن محمد سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر لوگ جانیں جو کہ میں جانتا ہوں تنہائی کے ضرر سے[۱] تو رات کو کوئی سوار اکیلا کبھی نہ چلے **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن موسی انصاری نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معن نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے عبد الرحمن بن حرملہ سے اُسنے عمرو بن شعیب سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ ایک سوار ایک شیطان ہے اور دو سوار دو شیطان ہیں اور تین سوار سوار ہیں[۲] اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے یعنی حدیث عاصم سے جو ابن محمد بن زید بن عبد اللہ بن عمر ہے اور حدیث عبد اللہ بن عمرو کی حسن ہے **باب** لڑائی میں جھوٹ اور فریب کا بیان **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع اور نصر بن علی نے اُنھوں نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عمرو بن دینار سے اسنے سُنا جابر بن عبد اللہ سے کہتے تھے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ لڑائی فریب[۳] ہے۔ اور اس باب میں حضرت علی اور زید بن ثابت اور عائشہ اور ابن عباس اور ابی ہریرہ اور اسماء بنت یزید اور کعب بن مالک اور انس بن مالک سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے کتنی لڑائیاں کی ہیں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وہب بن جریر اور ابو داؤد نے اُنھوں نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے ابی اسحاق سے کہا کہ میں زید بن ارقم کے پہلو میں بیٹھا تھا

---

[۱] معلوم ہوا کہ اکیلے سفر کرنا درست نہیں کہ اسمیں دینی اور دنیاوی دونوں نقصان ہیں۔ دینی یہ کہ جماعت سے محروم رہا۔ اور دنیاوی یہ کہ تنہائی میں راہ کو وحشت اور خوف رہزن اور شیر وغیرہ کا اکثر ہوتا ہے ۱۲ ع ح [۲] انکو اس واسطے سوار کہا کہ شیطان سے محفوظ ہیں۔ اور ایک اور دو کو اسواسطے منع فرمایا کہ ایک میں جماعت فوت ہوتی ہے اور حاجت کے وقت کوئی مددگار نہیں اور دو میں سے اگر ایک بیمار ہو یا مر جاوے تو دوسرا بیقرار ہو جاتا ہے اور شیطان خوش ہوتا ہے ۱۲ ح ع [۳] یعنی لڑائی میں مکر اور فریب زیادہ مفید ہوتا ہے لڑنے سے۔ اور فریب اسطرح سے دیوے کہ میدان جنگ کا ہٹ جاوے یا غنیم غافل ہو اور خیال کرے کہ جاتا پھر گیا۔ پھر یکایک حملہ کرے۔ اسطرح فریب کرے اور صریح جھوٹ نہ بولے اور سب علما کا اتفاق ہے اسپر کہ لڑائی میں فریب کرنا کفار کے ساتھ درست ہے مگر ایسی صورت میں کہ نقض عہد لازم آوے تو نہ کرے ۱۲ ع

فقیل لہ کم غزی النبی صلی اللہ علیہ وسلم من غزوۃ قال تسع عشرۃ فقلت کم غزوت انت معہ قال سبع عشرۃ قلت وایتھن کان اول قال ذات العشیراء والعسیراء ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی الصف والتعبیۃ عند القتال **حدثنا** محمد بن حمید الرازی ثنا سلمۃ بن الفضل عن محمد بن اسحق عن عکرمۃ عن ابن عباس عن عبد الرحمن بن عوف قال عبانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ببدر لیلا وفی الباب عن ابی ایوب ھذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من ھذا الوجہ وسالت محمد بن اسمعیل عن ھذا الحدیث فلم یعرفہ وقال محمد بن اسحق سمع من عکرمۃ وحین رایتہ کان حسن الرای فی محمد بن حمید الرازی ثم ضعفہ بعد **باب** ما جاء فی الدعاء عند القتال **حدثنا** احمد بن منیع ثنا یزید بن ھارون ثنا اسمعیل بن ابی خالد عن ابن ابی اوفی قال سمعتہ یقول یعنی النبی صلی اللہ علیہ وسلم یدعو علی الاحزاب فقال اللھم منزل الکتاب سریع الحساب اھزم الاحزاب اللھم اھزمھم وزلزلھم وفی الباب عن ابن مسعود ھذا حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی الالویۃ **حدثنا** ابو کریب محمد بن عمر بن الولید الکندی ومحمد بن رافع قالا ثنا یحیی بن ادم عن شریک عن عمار ھو الدھنی عن ابی الزبیر عن جابر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دخل مکۃ ولواءہ ابیض ھذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من حدیث یحیی بن ادم عن شریک وسالت محمدا عن ھذا الحدیث فلم یعرفہ الا من حدیث یحیی بن ادم عن شریک وقال غیر واحد عن شریک عن عمار عن ابی الزبیر عن جابر ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم دخل مکۃ وعلیہ عمامۃ سوداء قال محمد والحدیث ھو ھذا والدھن بطن من بجیلۃ وعمار الدھنی ھو عمار بن معاویۃ الدھنی ویکنی ابا معاویۃ وھو کوفی ثقۃ عند اھل الحدیث **باب** فی الرایات **حدثنا** احمد بن منیع ثنا یحیی بن زکریا بن ابی زائدۃ ثنا ابو یعقوب الثقفی ثنا یونس بن عبید مولی محمد بن القاسم

سو کسی نے اُس سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنی لڑائیاں کی ہیں اُسنے کہا انیس سو میں نے کہا کہ تم کتنی لڑائیوں میں نبی صلعم کے ساتھ تھے کہا سترہ لڑائیوں میں۔ میں نے کہا کہ سب سے پہلی لڑائی کون سی تھی کہا صاحب عشیرا کی یا عسیرا کی یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** لڑائی کے وقت صف باندھنے اور ترتیب لشکر کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن حمید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سلمہ بن فضل نے محمد بن اسحاق سے اُسنے عکرمہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے عبد الرحمن بن عوف سے کہا کہ ترتیب دیا ہمکو نبی صلعم نے ایک رات بدر میں یعنی ہمکو ہتیار پہنائے اور صفیں برابر کیں ہر ایک کو مناسب جگہ ٹھہرا کیا تا ان کو اسطرح کھڑے رہیں اور اس باب میں ابی ایوب سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے اور پوچھا میں نے بخاری کو اس حدیث سے سو نہ پہچانا اُسنے اسکو اور کہا کہ محمد بن اسحاق نے سنا ہے عکرمہ سے اور جب دیکھا میں نے بخاری کو تو اُسکی رائے اچھی تھی محمد بن حمید کے حق میں پھر ضعیف کیا اسکو بعد اسکے **باب** لڑائی کے وقت کے دعا کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن ہارون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمعیل بن ابی خالد نے ابن ابی اوفی سے کہا سنا میں نے نبی صلعم سے دعا کرتے تھے گروہ کفار پر پس فرمایا الٰہی اُتارنے والے کتاب کے جلد ہی لینے والے حساب کے شکست دے گروہ کافروں کو اور زلزلہ ڈال انمیں یعنی اُنکے دلوں میں خوف ڈال دے اور اس باب میں ابن مسعود سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** نشان رکھنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے ابو کریب اور محمد بن عمر اور محمد بن رافع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن آدم نے شریک سے اُسنے عمار دہنی سے اُسنے ابی زبیر سے اُسنے جابر سے کہ نبی صلعم مکے میں داخل ہوئے اس حال میں کہ آپ کا نشان سفید تھا یعنی دن فتح مکے کے یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث یحیی کے سے اُسنے شریک سے اور پوچھا میں نے محمد کو اس حدیث سے سو نہ پہچانا اُسکو مگر حدیث یحیی بن آدم سے اُسنے شریک سے اور بہتوں نے روایت کی شریک سے اُسنے عمار سے اُسنے ابی زبیر سے اُسنے جابر سے کہ نبی صلعم مکہ میں داخل ہوئے اس حال میں کہ سر پر سیاہ عمامہ یعنی پگڑی تھی۔ بخاری نے کہا یہ حدیث یہی ہے اور عمار بن معاویہ دہنی کی کنیت ابو معاویہ ہے اور وہ کوفی ثقہ ہے نزدیک اہل حدیث کے **باب** جھنڈا رکھنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن زکریا نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو یعقوب ثقفی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن عبید مولے محمد بن قاسم نے

۱ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ لڑائی کے وقت کافروں پر بد دعا کرنی درست ہے ۱۲ ۲ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ لڑائی میں جھنڈی یا نشان رکھنا درست ہے بلکہ سنت ہے اور رایت بڑا ہوتا ہے ۱

قال بعثنی محمد بن القاسم الی البراء بن عازب اسألہ عن رایۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقال کانت سوداء مربعۃ من نمرۃ وفی الباب عن علی والحارث بن حسان وابن عباس هذا حدیث حسن غریب لا نعرفہ الا من حدیث ابن ابی زائدۃ وابو یعقوب الثقفی اسمہ اسحٰق بن ابراھیم وروی عنہ ایضا عبید اللہ بن موسی **حدثنا** محمد بن رافع ثنا یحیی بن اسحاق هو السالحانی ثنا یزید بن حیان قال سمعت ابا مجلز لاحق بن حمید یحدث عن ابن عباس قال کانت رایۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم سوداء ولواءہ ابیض هذا حدیث غریب من هذا الوجہ من حدیث ابن عباس **باب** ماجاء فی الشعار **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا وکیع ثنا سفیان عن ابی اسحاق عن المھلب بن ابی صفرۃ عمن سمع النبی صلی اللہ علیہ وسلم یقول ان بیتکم العدو فقولوا حم لا ینصرون وفی الباب عن سلمۃ بن الاکوع وھکذا روی بعضھم عن ابی اسحٰق مثل روایۃ الثوری وروی عنہ عن المھلب بن ابی صفرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم مرسلا **باب** ماجاء فی صفۃ سیف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **حدثنا** محمد بن شجاع البغدادی ثنا ابو عبیدۃ الحداد عن عثمان بن سعد عن ابن سیرین قال صنعت سیفی علی سیف سمرۃ وزعم سمرۃ انہ صنع سیفہ علی سیف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وکان حنفیا هذا حدیث غریب لا نعرفہ الا من هذا الوجہ وقد تکلم یحیی بن سعید القطان فی عثمان بن سعد الکاتب وضعفہ من قبل حفظہ **باب** فی الفطر عند القتال **حدثنا** احمد بن محمد بن موسی ثنا عبد اللہ بن المبارک ثنا سعید بن عبد العزیز عن عطیۃ بن قیس عن قزعۃ عن ابی سعید الخدری قال لما بلغ النبی صلی اللہ علیہ وسلم عام الفتح مر الظھران فاذننا بلقاء العدو فامرنا بالفطر فافطرنا اجمعین هذا حدیث حسن صحیح

کہا کہ بھیجا مجکو محمد بن قاسم نے طرف براء بن عازب کے کہ میں اُس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے کا حال پوچھوں سو کہا کہ تھا اُن کا سیاہ رنگ کا کہ کپڑا اُسکا مربعہ تھا قسم نمرہ سے اور اس باب میں علی اور حارث اور ابن عباس سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث ابن ابی زائدہ سے اور ابو یعقوب کا نام اسحاق بن ابراہیم ہے روایت کی اُس سے عبید اللہ بن موسی نے بھی حدیث کی ہمسے محمد بن رافع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن اسحاق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یزید بن حیان نے اُسنے کہا سُنا میں نے ابا مجلز سے حدیث کرتا تھا ابن عباس سے کہا کہ نبی صلعم کا جھنڈا سیاہ تھا اور آپ کا نشان سفید یہ حدیث غریب ہے اسوجہ سے یعنی حدیث ابن عباس سے **باب** مسلمانوں کی نشانی کا بیان یعنی جس سے کہ لڑائی میں پہچانے جاویں حدیث کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے روایت کی مہلب بن ابی صفرہ سے اُسنے اُس شخص سے کہ اُسنے نبی صلعم سے سُنا فرماتے تھے کہ اگر شبخون کرے تمپر دشمن یعنی یکایک رات کو آپڑے تو کہو تم حٰمٓ لا ینصرون یعنی ساتھ برکت سورہ حٰم کے نہ مدد کیے جاویں اور اس باب میں سلمہ بن اکوع سے بھی روایت ہے اور اسیطرح روایت کی بعض نے ابی اسحاق سے مثل روایت ثوری کے اور روایت کی گئی ہے اُس سے اُسنے مہلب سے اُسنے نبی صلعم سے مرسل **باب** نبی صلعم کی تلوار کی صفت کا بیان حدیث کی ہمسے محمد بن شجاع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو عبیدہ حداد نے عثمان بن سعد سے اُسنے روایت کی ابن سیرین سے کہا کہ تیار کی میں نے تلوار اوپر تلوار سمرہ کے یعنی اُسکی شکل پر اور کہا سمرہ نے کہ تیار کی میں نے تلوار نبی صلعم کی تلوار پر اور تھی وہ قبیلہ بنی حنیفہ کی تلواروں کی طرح یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر اسی وجہ سے اور تحقیق کلام کیا یحیی بن سعید قطان نے عثمان بن سعد کے حق میں اور ضعیف کیا اُسکو حافظہ کی وجہ سے **باب** لڑائی کے وقت روزہ افطار کرنے کا بیان حدیث کی ہمسے احمد بن محمد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سعید بن عبد العزیز نے عطیہ بن قیس سے اُسنے قزعہ سے اُسنے ابی سعید خدری سے کہا کہ نبی صلعم سال فتح مکہ کے مر الظہران میں پہونچے کہ ایک جگہ ہے پاس مکہ کے تو خبر دی ہمکو ساتھ لڑائی دشمن کے سو حکم کیا ہمکو روزہ افطار کرنے کا سو ہم سب نے روزہ افطار کیا یہ حدیث حسن صحیح ہے

ملہ لڑائی کے وقت مستحب ہے یہ آیت پڑھی جاوے تاکہ پہچانا جاوے کہ مسلمان کون ہے اور کافر کون ہے کہ یہ علامت اسلام کی ہے ۱۲ ملہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ لڑائی میں روزہ رکھنا بہتر نہیں۔ بلکہ افطار کرنا سنت اور بہتر ہے تاکہ مجاہدین کو قوت لڑائی لڑنے کی رہے ۱۲ ح ع۔

باب ما جاء في الخروج عند الفزع حدثنا محمود بن غيلان ثنا ابو داود الطيالسي انبانا شعبة عن قتادة ثنا
انس بن مالك قال ركب النبي صلى الله عليه وسلم فرسا لابي طلحة يقال له مندوب فقال ما كان من فزع وان وجدناه
لبحرا وفي الباب عن عمرو بن العاص هذا حديث حسن صحيح حدثنا محمد بن بشار ثنا محمد بن جعفر وابن ابي عدي
وابو داود قالوا ثنا شعبة عن قتادة عن انس قال كان فزع بالمدينة فاستعار رسول الله صلى الله عليه وسلم
فرسا لنا يقال له مندوب فقال ما راينا من فزع وان وجدناه لبحرا هذا حديث حسن صحيح باب ما جاء في
الثبات عند القتال حدثنا محمد بن بشار ثنا يحيى بن سعيد ثنا سفيان ثنا ابو اسحق عن البراء بن عازب
قال له رجل افررتم عن رسول الله صلى الله عليه وسلم يا ابا عمارة قال لا والله ما ولى رسول الله صلى الله عليه
وسلم ولكن ولى سرعان الناس تلقتهم هوازن بالنبل ورسول الله صلى الله عليه وسلم على بغلته وابو سفيان
بن الحارث بن عبد المطلب آخذ بلجامها ورسول الله صلى الله عليه وسلم يقول انا النبي لا كذب انا ابن عبد المطلب
وفي الباب عن علي وابن عمر هذا حديث حسن صحيح حدثنا محمد بن عمر بن علي المقدمي ثنا ابي عن سفيان بن حسين
عن عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر قال لقد راينا يوم حنين وان الفئتين لموليتان وما مع رسول الله صلى
الله عليه وسلم مائة رجل هذا حديث حسن صحيح غريب من حديث عبيد الله لا نعرفه الا من هذا الوجه
حدثنا قتيبة ثنا حماد بن زيد عن ثابت عن انس قال كان النبي صلى الله عليه وسلم احسن الناس واجود الناس
واشجع الناس قال ولقد فزع اهل المدينة ليلة سمعوا صوتا قال فتلقاهم النبي صلى الله عليه وسلم على فرس لابي طلحة

باب گھبراہٹ اور ہول کے وقت باہر نکلنے کا بیان حدیث بیان کی ہمسے محمود بن غیلان نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو داؤد طیالسی
اسنے کہا خبر دی ہمکو شعبہ نے قتادہ سے اسنے کہا حدیث کی ہمسے انس بن مالک نے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم ابو طلحہ کے گھوڑے پر
سوار ہوئے جسکو مندوب کہا جاتا تھا فرمایا نہیں ہے کچھ ہول اور ہمنے اس گھوڑے کا قدم تو دریا پایا یعنے یہ گھوڑا بہت تیز ہے۔ اور
اس باب میں عمرو بن عاص سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے محمد بن بشار نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے
محمد بن جعفر اور ابن ابی عدی اور ابو داؤد نے انھوں نے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے قتادہ سے اسنے روایت کی انس سے کہا کہ ایکبار مدینے
میں کچھ ہول ہوئی یعنی رات کو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمارا گھوڑا عاریۃً لیا جسکو مندوب کہا جاتا تھا سو فرمایا کہ ہمنے تو کچھ ڈر نہیں دیکھا
اور اس گھوڑے کا قدم البتہ دریا پایا یہ حدیث حسن صحیح ہے باب لڑائی کے وقت ثابت رہنے کا بیان حدیث
کی ہمسے محمد بن بشار نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن سعید نے سفیان سے اسنے ابو اسحاق سے اسنے براء بن عازب سے کہ ایک شخص نے
اُن سے پوچھا کہ کیا تم لوگ اصحاب جنگ حنین کے دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بھاگ گئے تھے اے ابا عمارہ کہا اُنے کہ واللہ نبی
صلی اللہ علیہ وسلم نے تو پیٹھ نہیں پھیری ولیکن جلد باز لوگوں کے قدم پھر گئے تھے۔ سامنے آ ملے انکو ہوازن ساتھ تیروں کے
اور حضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خچر پر سوار تھے۔ اور ابو سفیان بن حارث اُسکی لگام پکڑے ہوئے تھے اور نبی صلی اللہ
علیہ وسلم فرماتے تھے کہ میں نبی ہوں اس میں کچھ جھوٹ نہیں میں عبد المطلب کا بیٹا ہوں اور اس باب میں علی اور ابن عمر سے بھی
روایت ہے۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے حدیث کی ہمسے محمد بن عمر نے اسنے کہا حدیث کی مجھکو باپ میرے نے سفیان
بن حسین سے اسنے روایت کی عبید اللہ بن عمر سے اسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ ہمنے اپنے تئیں حنین کے دن دیکھا
اور دونوں گروہ البتہ پیٹھ پھیرنے والے تھے اور نہ رہے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے سو آدمی یہ حدیث حسن صحیح ہے
غریب ہے حدیث عبید اللہ سے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر اسوجہ سے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے
حماد بن زید نے ثابت سے اسنے انس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم زیادہ تر حسین سب لوگوں میں اور زیادہ سخی سب لوگوں میں
اور زیادہ شجاع سب لوگوں میں۔ اور تحقیق گھبرائے اہل مدینہ ایک رات کہ سنی انھوں نے ایک آواز۔ سو آگے سے آ ملے انکو نبی
صلی اللہ علیہ وسلم کہ ابو طلحہ کے

عربی وهو متقلد سيفه فقال لم تراعوا لم تراعوا ثم قال رسول الله صلى الله عليه وسلم وجدته بحرا يعني الفرس هذا حديث صحيح **باب** ما جاء في السيوف وحليتها **حدثنا** محمد بن صدران ابو جعفر البصري ثنا طالب بن حجير عن هود وهو ابن عبد الله بن سعد عن جده مزيدة قال دخل رسول الله صلى الله عليه وسلم يوم الفتح وعلى سيفه ذهب وفضة قال طالب فسالته عن الفضة فقال كانت قبيعة السيف فضة وفي الباب عن انس هذا حديث غريب وجد هود اسمه مزيدة العصري **حدثنا** محمد بن بشار ثنا وهب بن جرير ثنا ابي عن قتادة عن انس قال كانت قبيعة سيف رسول الله صلى الله عليه وسلم من فضة هذا حديث حسن غريب وهكذا روي عن همام عن قتادة عن انس وقد روى بعضهم عن قتادة عن سعيد بن ابي الحسن قال كانت قبيعة سيف رسول الله صلى الله عليه وسلم من فضة **باب** ما جاء في الدرع **حدثنا** ابو سعيد الاشج ثنا يونس بن بكير عن محمد بن اسحاق عن يحيى بن عباد بن عبد الله بن الزبير عن ابيه عن جده عبد الله بن الزبير عن زبير بن العوام قال كان على النبي صلى الله عليه وسلم درعان يوم احد فنهض الى الصخرة فلم يستطع فاقعد طلحة تحته فصعد النبي صلى الله عليه وسلم حتى استوى على الصخرة فقال سمعت النبي صلى الله عليه وسلم يقول اوجب طلحة وفي الباب عن صفوان بن امية والسائب بن يزيد هذا حديث حسن غريب لا نعرفه الا من حديث محمد بن اسحق **باب** ما جاء في المغفر **حدثنا** قتيبة ثنا مالك بن انس عن ابن شهاب عن انس بن مالك قال دخل النبي صلى الله عليه وسلم عام الفتح وعلى راسه المغفر فقيل له ابن خطل متعلق باستار الكعبة قال اقتلوه هذا حديث حسن صحيح لا نعرف كبير احد رواه غير مالك عن الزهري **باب** ما جاء في فضل الخيل **حدثنا** هناد ثنا عبثر بن القاسم عن حصين عن الشعبي عن عروة البارقي قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم الخير معقود

ننگی پیٹھ گھوڑے پر سوار تھے اس حالت میں کہ اپنی تلوار لٹکائے ہوئے تھے سو فرمایا نبی صلعم نے کہ نہ گھبراؤ نہ گھبراؤ پھر آپ نے فرمایا کہ پایا میں نے اسکو دریا یعنی گھوڑے کو یہ حدیث صحیح ہے **باب** تلواروں اور انکے زیوروں کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن صدران نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو طالب نے ہود سے اُسنے روایت کی اپنے دادا فریدہ سے کہا کہ فتح مکہ کے دن نبی صلی اللہ علیہ وسلم آئے اس حال میں کہ انکی تلوار پر تھا سونا اور چاندی کہا طالب نے پس پوچھا میں نے اسکو چاندی سے پس کہا کہ تھی نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار کے قبضہ کی ٹوپی چاندی سے۔ اور اس باب میں انس سے بھی روایت ہے یہ حدیث غریب ہے اور ہود کا نام مزیدہ عصری ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے وہب بن جریر نے اُسنے کہا حدیث کی مجکو باپ میرے نے قتادہ سے اسنے روایت کی انس سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار کے قبضہ کی ٹوپی چاندی سے تھی یہ حدیث حسن غریب ہے اسیطرح روایت کی گئی ہے ہمام سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے اور روایت کی بعض نے قتادہ سے اُسنے سعید بن الحسن سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار کے قبضہ کی ٹوپی چاندی سے تھی **باب** زرہ کا بیان **حدیث** کی ہمسے ابو سعید اشج نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن بکیر نے محمد بن اسحاق سے اُسنے روایت کی یحیی بن عباد بن عبد اللہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے اپنے دادا عبد اللہ بن زبیر سے اُسنے روایت کی زبیر بن عوام سے کہ جنگ احد کے دن نبی صلعم پر دو زرہیں تھیں سو نبی صلعم نے ایک پتھر پر چڑھنے کا قصد کیا سو نہ چڑھ سکے سو طلحہ کو اپنے تلے بٹھایا۔ اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم اوپر چڑھے یہاں تک کہ پتھر پر سیدھے ہوے سو سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے تھے کہ ابو طلحہ نے اپنے واسطے بہشت واجب کر لی۔ اور اس باب میں صفوان اور سائب سے بھی روایت ہے۔ یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث محمد بن اسحاق سے **باب** خود کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے مالک بن انس نے ابن شہاب سے اُسنے انس سے کہا کہ فتح مکہ کے سال حضرت صلعم مکہ میں داخل ہوئے اس حال میں کہ آپکے سر پر خود تھا سو کسی نے آپ سے کہا کہ ابن خطل کعبے کے پردوں میں لٹکا ہوا ہے فرمایا اُسکو قتل کر ڈالو یہ حدیث حسن صحیح ہے نہیں پہچانتے ہم کسی بڑے کو کہ اُسکو روایت کیا ہو سوا مالک کے زہری سے **باب** گھوڑے پالنے کی فضیلت کا بیان **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبثر بن قاسم نے حصین سے اُسنے شعبی سے اُسنے عروہ بارقی سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ بھلائی

فی نواصی الخیل الی یوم القیمۃ الاجر والمغنم وفی الباب عن ابن عمر وابی سعید وجریر وابی هریرۃ واسماء بنت یزید والمغیرۃ بن شعبۃ وجابر هذا حدیث حسن صحیح وعروۃ هو ابن ابی الجعد البارقی ویقال عروۃ بن الجعد قال احمد بن حنبل وفقه هذا الحدیث ان الجهاد مع کل امام الی یوم القیمۃ **باب** ما یستحب من الخیل **حدثنا** عبد الله بن صباح الهاشمی البصری ثنا یزید بن هارون ثنا شیبان هو ابن عبد الرحمن ثنا عیسی بن علی بن عبد الله عن ابیه عن ابن عباس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم یمن الخیل فی الشقر هذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من هذا الوجه من حدیث شیبان **حدثنا** احمد بن محمد ثنا عبد الله بن المبارک ثنا ابن لهیعۃ عن یزید بن ابی حبیب عن علی بن رباح عن ابی قتادۃ عن النبی صلی الله علیه وسلم قال خیر الخیل الادهم الاقرح الارثم ثم الاقرح المحجل طلق الیمین فان لم یکن ادهم فکمیت علی هذه الشیۃ **حدثنا** محمد بن بشار ثنا وهب بن جریر ثنا ابی عن یحیی بن ایوب عن یزید بن ابی حبیب نحوه بمعناه هذا حدیث حسن غریب صحیح **باب** ما یکره من الخیل **حدثنا** محمد بن بشار ثنا یحیی بن سعید ثنا سفیان ثنا سلم بن عبد الرحمن عن ابی زرعۃ بن عمرو بن جریر عن ابی هریرۃ عن النبی صلی الله علیه وسلم انه کره الشکال فی الخیل هذا حدیث حسن صحیح وقد رواه شعبۃ عن عبد الله بن یزید الخثعمی عن ابی زرعۃ عن ابی هریرۃ نحوه وابو زرعۃ ابن عمرو بن جریر اسمه هرم **حدثنا** محمد بن حمید الرازی ثنا جریر عن عمارۃ بن القعقاع قال قال لی ابراهیم النخعی اذا حدثتنی فحدثنی عن ابی زرعۃ فانه حدثنی مرۃ بحدیث ثم سالته بعد ذلک بسنین فما خرم منه حرفا

گھوڑون کی چوٹیون مین بندھی ہے قیامت کے دن تک ثواب آخرت کا اور غنیمت دنیا کی اور اس باب مین ابن عمر اور ابی سعید اور جریر اور ابی ہریرہ اور اسماء اور مغیرہ بن شعبہ اور جابر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے اور عروہ ابن ابی الجعد بارقی ہے اور کہا جاتا ہے عروہ بن جعد کہا امام احمد بن حنبل نے کہ فقہ اس حدیث کی یہ ہے کہ جہاد ساتھ ہر امام کے واجب ہے قیامت تک **باب** کس قسم کا گھوڑا پالنا مستحب ہے **حدیث** کی ہمسے عبد اللہ بن صباح نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو یزید بن ہارون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شیبان (ابن عبد الرحمن) نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عیسی بن علی نے اپنے باپ سے اُسنے روایت کی ابن عباس سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ برکت گھوڑونکی بیچ گھوڑون سرخ خالص کے ہے یہ حدیث حسن غریب ہے نہین پہچانتے ہم اسکو مگر اسی وجہ سے یعنی حدیث شیبان سے **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن مبارک نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن لہیعہ نے یزید بن ابی حبیب سے اُسنے روایت کی علی بن رباح سے اُسنے ابی قتادہ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ بہترین گھوڑون کا گھوڑا سیاہ ہے کہ اُسکے ماتھے مین تھوڑی سی سفیدی ہو اور ناک کی طرف سفیدی ہو۔ پھر وہ گھوڑا بہتر ہے کہ اُسکے ماتھے مین تھوڑی سی سفیدی ہو اور ہاتھ پانون سفید ہون لیکن داہنا ہاتھ سفید نہو اور اگر نہو سیاہ تو پس کمیت گھوڑا بہتر ہے اسی علامت پر **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وہب بن جریر نے اُسنے کہا حدیث کی مجکو میرے باپ نے یحیی بن ایوب سے اُسنے روایت کی یزید بن ابی حبیب سے مانند اُسکے اُسی کے معنی مین یہ حدیث حسن غریب صحیح ہے **باب** کس قسم کا گھوڑا رکھنا مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے یحیی بن سعید سے اُسنے سفیان سے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سلم بن عبد الرحمن نے ابی زرعہ بن عمرو بن جریر سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مکروہ رکھا ہے شکال[عنه] گھوڑے سے مین یہ حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کیا اُسکو شعبہ نے عبد اللہ بن یزید سے اُسنے ابی زرعہ سے اُسنے ابو ہریرہ سے مانند اُسکے اور ابو زرعہ کا نام ہرم ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن حمید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے جریر نے عمارہ بن قعقاع سے کہا کہ مجکو ابراہیم نخعی نے کہا کہ جب تو حدیث کرے مجھسے تو حدیث کر مجکو ابو زرعہ سے اسواسطے کہ اُسنے حدیث کی ہے مجھسے ایک بار پھر پوچھا مین نے اُسکو بعد کئی برس کے پس نہ چھوڑا اُسنے اُس سے ایک حرف یعنی اُسکا حافظہ بڑا قوی ہے کہ برسون تک حدیث نہین بھولتا

عنه شکال اُس گھوڑے کو کہتے ہین کہ تین پانون اُسکے سفید ہون اور ایک پانون ہمرنگ تمام بدن کے ہو یا بالعکس اُسکے ۱۲ منه یعنی جیسے کہ پہلی حدیث بیان کی تھی ۱۲

باب ما جاء فی الرہان **حدثنا** محمد بن الوزیر ثنا اسحٰق بن یوسف الازرق عن سفیان عن عبید اللہ بن عمر عن نافع عن ابن عمر ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اجری المضمر من الخیل من الحفیاء الی ثنیۃ الوداع وبینھما ستۃ امیال وما لم یضمر من الخیل من ثنیۃ الوداع الی مسجد بنی زریق وبینھما میل وکنت فیمن اجری فوثب بی فرسی جدارًا وفی الباب عن ابی ھریرۃ وجابر وانس وعائشۃ ھذا حدیث حسن صحیح غریب من حدیث ثوری **حدثنا** ابو کریب ثنا وکیع عن ابن ابی ذئب عن نافع بن ابی نافع عن ابی ھریرۃ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا سبق الا فی نصل او خف او حافر **باب** ما جاء فی کراھیۃ ان ینزی الحمر علی الخیل **حدثنا** ابو کریب ثنا اسمٰعیل بن ابراھیم ثنا موسی بن سالم ابو جھضم عن عبید اللہ بن عبید اللہ بن عباس عن ابن عباس قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عبدًا مامورًا ما اختصنا دون الناس بشیء الا بثلاث امرنا ان نسبغ الوضوء وان لا ناکل الصدقۃ وان لا ننزی حمارًا علی فرس وفی الباب عن علی ھذا حدیث حسن صحیح وروی سفیان الثوری عن ابی جھضم ھذا فقال عن عبید اللہ بن عبد اللہ بن عباس عن ابن عباس سمعت محمدًا یقول حدیث الثوری غیر محفوظ ووھم فیہ الثوری والصحیح ما روی اسمٰعیل بن علیۃ وعبد الوارث بن سعید عن ابی جھضم عن عبد اللہ بن عبید اللہ بن عباس عن ابن عباس

باب گھوڑدوڑ کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن وزیر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسحاق بن یوسف ازرق نے سفیان سے اُسنے روایت کی عبید اللہ سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مضمر یعنی پالا ہوا گھوڑا دوڑایا مقام حفیا سے ثنیۃ الوداع تک اور درمیان اُنکے چھ کوس کا فاصلہ ہے اور دوڑایا اُس گھوڑے کو کہ نہ تضمیر کیا تھا گھوڑوں میں سے ثنیۃ الوداع سے مسجد بنی زریق تک اور درمیان اُن دونوں کے ایک میل کا فاصلہ ہے اور تھا میں اُن لوگوں میں کہ گھوڑے دوڑائے سو میرا گھوڑا مجکو دیوار سے لیکر کود پڑا اس باب میں ابی ہریرہ اور جابر اور انس اور عائشہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے حدیث ثوری سے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے ابن ابی ذئب سے اُسنے روایت کی نافع سے اُسنے ابی نافع سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا نہیں حلال ہے مال لینا ساتھ گھوڑدوڑ کے مگر تیر چلانے میں یا اونٹ دوڑانے میں یا گھوڑا دوڑانے میں **باب** گدھوں سے گھوڑیوں پر جست کروانی منع ہے **حدیث** کی ہمسے ابو کریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسمٰعیل بن ابراہیم نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے موسی بن سالم نے عبد اللہ بن عبید اللہ سے اُسنے روایت کی ابن عباس سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم بندے امر کئے گئے نہیں خاص کیا ہمکو سوا سے لوگوں کے ساتھ کسی چیز کے مگر ساتھ تین چیزوں کے حکم کیا ہمکو یہ کہ پورا کریں ہم وضو کو اور یہ کہ نہ کھاویں ہم صدقہ اور یہ کہ نہ جست کرواویں ہم گدھوں کو گھوڑیوں پر اور اس باب میں علی سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ اور روایت کی سفیان نے یہ حدیث ابی جہضم سے سو کہا عبید اللہ بن عبد اللہ سے روایت ہے سنا میں نے بخاری سے کہتے تھے کہ حدیث سفیان کی محفوظ نہیں وہم کیا اسمیں سفیان نے اور صحیح وہ ہے جو روایت کی اسمٰعیل اور عبد الوارث نے ابی جہضم سے اُسنے عبد اللہ بن عبید اللہ سے اُسنے ابن عباس سے

۱؎ مضمر اُسکو کہتے ہیں کہ گھوڑے کو خوب گھاس کھلاتے ہیں تا قوی اور فربہ ہو۔ بعد اسکے کم کرتے جاتے ہیں گھاس کو یہانتک کہ اصلی خوراک پر لاتے ہیں اور ایک میں بند کرکے گردنیاں ڈالتے ہیں کہ وہ گرم ہوتا ہے اور پسینہ لاتا ہے جب وہ پسینہ خشک ہوجاتا ہے تو ہلکا ہوتا ہے گوشت اُسکا اور قوی ہوتا ہے راہ چلنے میں ۱۲ ع حفیا نام جگہ کا ہے چند کوس پر مدینے سے اور ثنیۃ الوداع ایک پہاڑ کا نام ہے کہ اہل مدینہ مسافروں کو وہاں تک پہونچانے جاتے تھے ۱۲ ع ۲؎ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو مال گھوڑدوڑ وغیرہ میں شرط کیا جاوے اُسکا لینا حلال نہیں مگر ان تین چیزوں میں۔ اور بعض لوگوں نے خچر اور گدھے اور فیل کو بھی انکے ساتھ لاحق کیا ہے۔ مگر اس مال کے حلال ہونے میں یہ شرط ہے کہ تیسرے شخص کی طرف سے ہو یا ایک طرف سے شرط ہو ورنہ جوا ہوجاویگا۔ اور گھوڑدوڑ کہتے ہیں کہ دو شخص گھوڑے دوڑا دیں کہ دیکھیں کون آگے نکل جاتا ہے ۱۲ ع م ۳؎ یعنی حکم الٰہی کے تابع تھے۔ کوئی حکم اپنی طرف سے اور اپنی خواہش نفس سے نہیں کہتے تھے اس سے معلوم ہوا کہ گدھے سے گھوڑے پر جست کروانی منع ہے کہ اُس سے قطع نسل لازم آتی ہے۔ اور تیز رو اور بے سبب بہ نسبت گھوڑے کے کہ خچر جہاد میں کام نہیں آسکتے اور اسمیں رد ہے شیعہ پر کہ کہتے ہیں کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اہل بیت کو خاص کیا ساتھ علوم مخصوصہ کے ۱۲

باب ماجاء فی الاستفتاح بصعالیک المسلمین **حدثنا** احمد بن محمد ثنا ابن المبارک ثنا عبدالرحمن بن یزید بن جابر حدثنی زید بن ارطاۃ عن جبیر بن نفیر عن ابی الدرداء قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول ابغونی فی ضعفائکم فانما ترزقون وتنصرون بضعفائکم هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی الاجراس علی الخیل **حدثنا** قتیبۃ ثنا عبدالعزیز بن محمد عن سهیل بن ابی صالح عن ابیه عن ابی هریرۃ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال لا تصحب الملائکۃ رفقۃ فیها کلب ولا جرس وفی الباب عن عمر وعائشۃ وام حبیبۃ وام سلمۃ هذا حدیث حسن صحیح **باب** من یستعمل علی الحرب **حدثنا** عبداللہ بن ابی زیاد ثنا الاحوص بن الجواب ابو الجواب عن یونس بن ابی اسحق عن ابی اسحق عن البراء ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعث جیشین وامر علی احدهما علی بن ابی طالب وعلی الآخر خالد بن الولید وقال اذا کان القتال فعلی قال فافتتح علی حصنا فاخذ منه جاریۃ فکتب معی خالد الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم یشی به فقدمت علی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقرأ الکتاب فتغیر لونه ثم قال ما تری فی رجل یحب اللہ ورسوله ویحبه اللہ ورسوله قلت اعوذ باللہ من غضب اللہ وغضب رسوله انما انا رسول فسکت وفی الباب عن ابن عمر هذا حدیث حسن غریب لا نعرفه الا من حدیث الاحوص بن جواب ومعنی قوله یشی به یعنی النمیمۃ **باب** ماجاء فی الامام **حدثنا** قتیبۃ ثنا اللیث عن نافع عن ابن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال الا کلکم راع وکلکم مسئول عن رعیته

باب فقیر اور محتاج مسلمانوں سے مدد چاہنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے احمد بن محمد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابن مبارک نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدالرحمن بن یزید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے زید بن ارطاۃ نے جبیر بن نفیر سے اُسنے روایت کی ابی درداء سے کہا کہ سنا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے کہ ڈھونڈھو مجکو اپنے غریب لوگوں میں یعنی انکی خاطر کرو سوا اسکے نہیں کہ تمکو روزی اور فتح[1] ملتی ہے بسبب اپنے ناچار غریبوں کے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** گھوڑوں کے گلے میں گھنٹہ ڈالنے کا کیا حکم ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبدالعزیز بن محمد نے سہیل بن ابی صالح سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے ابی ہریرہ سے کہ نبی صلعم نے فرمایا کہ ساتھ نہیں دیتے رحمت کے فرشتے[2] اُن لوگوں کا جنمیں کہ کتا اور گھنٹا ہوتا ہے اور اس باب میں عمر اور عائشہ اور ام حبیبہ اور ام سلمہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** اس شخص کہ لڑائی پر سردار کیا جاوے **حدیث** کی ہمسے عبداللہ بن زیاد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے احوص بن ابو الجواب نے یونس بن ابی اسحق سے اُسنے روایت کی ابی اسحاق سے اُسنے براء سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے دو لشکر بھیجے ایک پر علی کو سردار کیا اور دوسرے پر خالد بن ولید کو امیر کیا اور فرمایا کہ جب لڑائی شروع ہو تو سب کا سردار علی ہے۔ سو حضرت علی نے قلعہ فتح کیا اور بندیوں میں سے ایک لونڈی لی سو خالد نے میرے ساتھ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خط لکھا اس حال میں کہ چغلی[3] کرتا تھا علی کی۔ سو میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم پاس حاضر ہوا۔ اور آپ نے خط پڑھا سو آپ کا رنگ متغیر ہوا۔ پھر فرمایا کیا عیب دیکھتا ہے تو اس مرد میں کہ خدا اور رسول اُسکو دوست رکھتے ہیں۔ میں نے کہا میں پناہ مانگتا ہوں اللہ اور اسکے رسول کے غضب سے اور میں تو صرف ایلچی ہوں پیغام پہونچانے والا سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم چپ ہوے اور اس باب میں ابن عمر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث احوص سے اور معنی یشی بہ کے چغلی کرنے کے ہیں **باب** امام کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے نافع سے اُسنے روایت کی ابن عمر سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم لوگوں میں ہر ایک شخص حاکم ہے۔ اور ہر ایک شخص اپنی رعیت اور زیردستوں کا پوچھا جاویگا

[1] یعنی اپنی قوت اور زور پر گھمنڈ نہ کرو بلکہ تمکو فتح اور روزی غریبوں کی برکت سے ملتی ہے پس انکی خدمت کرنی اپنے حق میں غنیمت جانو۔ اور انکو ذلیل ست سمجھو ۱۲ ع ع [3] اور چغلی یہ کہ انھوں نے مال غنیمت میں سے لونڈی لی ہے ۱۲ [2] مراد فرشتوں سے فرشتے رحمت کے ہیں نہ کتا اور نہ جرس مراد نکتے سے وہ کتا ہے کہ نگہبانی کے لیے نہو کہ وہ مباح ہے کما مر۔ اور جرس اُسکو کہتے ہیں کہ جانور کے گلے میں ڈالا جاتا ہے مانند گھنٹے اور گھنگرو کے اور یہ مشابہ یہود کے ہے اسواسطے اُس سے منع فرمایا ۱۲

فالامير الذي على الناس راع ومسئول عن رعيته والرجل راع على اهل بيته وهو مسئول عنهم والمرأة راعية في بيت بعلها وهي مسئولة عنه والعبد راع على مال سيده وهو مسئول عنه الا فكلكم راع وكلكم مسئول عن رعيته وفي الباب عن ابي هريرة وانس وابي موسى حديث ابن عمر حديث حسن صحيح وحديث ابي موسى غير محفوظ وحديث انس غير محفوظ ورواه ابراهيم بن بشار الرمادي عن سفيان بن عيينة عن بريد بن عبد الله بن ابي بردة عن ابي بردة عن ابي موسى عن النبي صلى الله عليه وسلم اخبرني بذلك محمد بن ابراهيم بن بشار قال محمد ورواه غير واحد عن سفيان عن بريد بن ابي بردة عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا وهذا اصح قال محمد وروى اسحق بن ابراهيم عن معاذ بن هشام عن ابيه عن قتادة عن انس عن النبي صلى الله عليه وسلم قال ان الله سائل كل راع عما استرعاه سمعت محمدا يقول هذا غير محفوظ وانما الصحيح عن معاذ بن هشام عن ابيه عن قتادة عن الحسن عن النبي صلى الله عليه وسلم مرسلا **باب** ماجاء في طاعة الامام **حدثنا** محمد بن يحيى ثنا محمد بن يوسف ثنا يونس بن ابي اسحق عن العيزار بن حريث عن ام الحصين الاحمسية قالت سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يخطب في حجة الوداع وعليه برد قد التفع به من تحت ابطه قالت وانا انظر الى عضلة عضده ترتج سمعته يقول يا ايها الناس اتقوا الله وان امر عليكم عبد حبشي مجدع فاسمعوا له واطيعوا ما اقام لكم كتاب الله وفي الباب عن ابي هريرة وعرباض بن سارية هذا حديث حسن صحيح قد روي من غير وجه عن ام حصين **باب** ماجاء لاطاعة لمخلوق في معصية الخالق **حدثنا** قتيبة ثنا الليث عن عبيد الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر قال

پس بادشاہ جو سب لوگون پر نگہبان ہو حاکم ہے اور اپنی رعیت سے پوچھا جاویگا کہ انصاف کیا یا ظلم۔ اور مرد اپنے گھر اور جورو پر حاکم ہے تو وہ بھی اُنسے پوچھا جاویگا کہ اُسنے نیک کام سکھایا اور گناہ سے روکا یا نہین اور جورو اپنے خاوند کے مال اور گھر کی حاکم ہے تو وہ بھی پوچھی جاویگی کہ اُسنے اُسکے مال کی حفاظت کی یا نہین۔ اور اسی طرح غلام اور نوکر بھی اپنے مالک اور آقا کے مال کا حاکم ہے اور وہ بھی اُس سے پوچھا جاویگا۔ خبردار رہو کہ تم لوگون مین سے ہر ایک شخص حاکم ہے اور ہر ایک اپنی رعیت سے پوچھا جاویگا اور اس باب مین ابی ہریرہ اور انس اور ابی موسی سے بھی روایت ہے اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہے اور ابی موسی اور انس کی حدیث محفوظ نہین ہے اور روایت کیا ہے اُسکو ابراہیم نے سفیان بن عیینہ سے اُسنے بریدؔ سے اُسنے ابی بردہ سے اُسنے ابی موسے سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے خبر دی مجکو ساتھ اسکے محمد نے کہا محمد نے اور روایت کیا ہے اُسکو بہت لوگون نے سفیان سے اُسنے برید سے اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے مرسل اور یہ زیادہ تر صحیح ہے۔ کہا محمد نے اور روایت کی اسحاق نے معاذ بن ہشام سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے قتادہ سے اُسنے انس سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے۔ فرمایا کہ اللہ پوچھنے والا ہے ہر حاکم کو اُس چیز سے کہ رعیت کی اُسکی سنا مین نے بخاری سے کہتے تھے کہ یہ حدیث محفوظ نہین۔ اور سوا اسکے نہین کہ صحیح روایت معاذ سے ہے۔ اُسنے روایت کی اپنے باپ سے اُسنے قتادہ سے اُسنے حسن سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مرسل **باب** امام کی تابعداری کرنے کا بیان

حدیث کی ہمسے محمد بن یحیی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے محمد بن یوسف نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یونس بن ابی اسحق عیزار بن حریث نے اُسنے روایت کی ام الحصین سے۔ کہا سُنا مین نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کہ خطبہ فرماتے تھے حجۃ الوداع مین اور آپ کے پاس ایک چادر تھی کہ لپیٹا تھا اُسکو اپنی بغل کے نیچے سے اور مین آپ کے گوشت بازو کی طرف دیکھتی تھی کہ جنبش کرتا تھا فرماتے تھے اے لوگو ڈرو اللہ سے اور امیر کا کہنا مانو اگرچہ حبشی غلام منڈا تمپر سردار ہو سو اُسکا کہنا سنو۔ اور فرمانبرداری کرو جب تک کہ قائم رکھے واسطے تمھارے کتاب اللہ کو۔ اور اس باب مین ابی ہریرہ اور عرباض بن ساریہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے۔ تحقیق روایت کی گئی کئی وجہ سے ام الحصین سے **باب** نہین درست ہے تابعداری مخلوق کی خالق کے گناہ مین **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے عبید اللہ بن عمر سے اُسنے روایت کی نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ نبی صلعم نے فرمایا

ف برید بن عبد اللہ بن ابی بردہ بن ابی موسی اشعری کوفی اول مفتوح ثانی مفتوح بدال مہملہ موقوف۔ ثقہ ہین لیکن کبھی کبھی روایت مین خطا کر گئے ہین۔ شمار اُنکا چھٹے طبقہ سے ہے۔ ۱۲ تقریب

قال رسول الله صلی الله علیہ وسلم السمع والطاعة علی المرأ المسلم فیما احب وکرہ مالم یومر بمعصیة فان امر بمعصیة فلا سمع علیہ ولا طاعة
وفی الباب عن علی وعمران بن حصین والحکم بن عمرو الغفاری هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی التحریش بین البهائم
والوسم فی الوجہ **حدثنا** ابوکریب ثنا یحیی بن اٰدم عن قطبة بن عبد العزیز عن الاعمش عن ابی یحیی عن مجاهد عن ابن عباس
قال نهی رسول الله صلی الله علیہ وسلم عن التحریش بین البهائم **حدثنا** محمد بن المثنی ثنا عبد الرحمٰن بن مهدی عن سفیان
عن الاعمش عن ابی یحیی عن مجاهد ان النبی صلی الله علیہ وسلم نهی عن التحریش بین البهائم ولم یذکر فیہ عن ابن عباس ویقال
هذا اصح من حدیث قطبة وروی شریک هذا الحدیث عن الاعمش عن مجاهد عن ابن عباس عن النبی صلی الله علیہ وسلم
نحوہ ولم یذکر فیہ عن ابی یحیی وروی ابو معاویة عن الاعمش عن مجاهد عن النبی صلی الله علیہ وسلم نحوہ وفی الباب عن طلحة
وجابر وابی سعید وعکراش بن ذویب **حدثنا** احمد بن منیع ثنا روح عن ابن جریج عن ابی الزبیر عن جابر ان النبی صلی
الله علیہ وسلم نهی عن الوسم فی الوجہ والضرب هذا حدیث حسن صحیح **باب** ماجاء فی حد بلوغ الرجل ومتی یفرض له **حدثنا**
محمد بن الوزیر الواسطی ثنا اسحٰق بن یوسف عن سفیان عن عبید الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر قال عرضت علی رسول الله صلی
الله علیہ وسلم فی جیش وانا ابن اربع عشرة فلم یقبلنی ثم عرضت علیہ من قابل فی جیش وانا ابن خمس عشرة فقبلنی قال نافع
فحدثت بهذا الحدیث عمر بن عبد العزیز فقال هذا حد ما بین الصغیر والکبیر ثم کتب ان یفرض لمن بلغ الخمس عشرة **حدثنا**
ابن ابی عمر ثنا سفیان بن عیینة عن عبید الله نحوہ بمعناہ الا انہ قال قال عمر هذا حد ما بین الذریة والمقاتلة ولم یذکر انہ
کتب ان یفرض حدیث اسحٰق بن یوسف حدیث حسن صحیح غریب من حدیث سفیان الثوری

کہنا ماننا اور فرمانبرداری کرنی واجب ہے ہر مسلمان مرد پر اُس چیز میں کہ خوش لگے اور ناخوش لگے جبتک کہ نہ حکم کیا جاوے ساتھ گناہ کے پس جبکہ حکم کیا جاوے ساتھ گناہ کے تو نہیں درست سننا اور فرمانبرداری کرنی اور اس باب میں علی اور عمران اور حکم بن عمرو غفاری سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** چارپایوں میں لڑائی کرانے اور داغ دینے کا بیان

حدیث کی ہمسے ابوکریب نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے یحیی بن آدم نے اُسنے قطبة بن عبد العزیز سے اُسنے روایت کی اعمش سے اُسنے ابی یحیی سے اُسنے مجاہد سے اُسنے ابن عباس سے کہا کہ منع فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے لڑائی سے چارپایوں کی **حدیث** کی ہمسے محمد بن مثنی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الرحمٰن بن مہدی نے سفیان سے اُسنے روایت کی اعمش سے اُسنے ابی یحیی سے اُسنے مجاہد سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا لڑائی کرانے سے درمیان چارپایوں کے اور نہیں ذکر کیا اُنہیں واسطہ ابن عباس کا اور کہا جاتا ہے کہ یہ زیادہ تر صحیح ہے حدیث قطبہ سے اور روایت کی شریک نے یہ حدیث اعمش سے اُسنے مجاہد سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور نہیں ذکر کیا اُنہیں واسطہ ابی یحیی کا۔ اور روایت کی ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے مجاہد سے اُسنے نبی صلعم سے مانند اسکے اور اس باب میں طلحہ اور جابر اور ابی سعید اور عکراش بن ذویب سے بھی روایت ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے روح نے ابن جریج سے اُسنے ابی زبیر سے اُسنے جابر سے کہا کہ منع فرمایا نبی صلعم نے داغ دینے سے منہ پر[1] اور مارنے سے یعنی آدمی یا جانور کے منہ پر طمانچہ یا کوڑا وغیرہ مارنا درست نہیں یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** آدمی کب بالغ ہوتا ہے اور کب مقرر کیا جاتا ہے واسطے اسکے حصہ

حدیث کی ہمسے محمد بن وزیر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے اسحاق بن سفیان نے اُسنے روایت کی عبید اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ پیش کیا گیا میں لشکر میں اس حال میں کہ چودہ برس کا تھا سو نہ قبول کیا مجکو پھر پیش کیا گیا میں آیندہ سال لشکر میں اس حال میں کہ میں پندرہ برس کا تھا سو قبول کیا مجکو نافع نے کہا سو میں نے یہ حدیث عمر بن عبد العزیز سے کی سو کہا اُسنے کہ یہ حد ہے درمیان چھوٹے اور بڑے کے پھر لکھا اُسنے یہ کہ مقرر کیا جاوے حصہ غنیمت وغیرہ سے واسطے اُس شخص کے کہ پہونچے پندرہ برس کو **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان بن عیینہ نے عبید اللہ سے مانند اسکے اسکے معنی ہیں مگر یہ کہ کہا اُسنے کہ کہا عمر نے یہ حد صحیح درمیان بچوں کے اور قابل لڑنیکے ہیں اور درمیان لڑکوں کے اور نہیں فرق کی اس میں کہ لکھا حصہ مقرر کیا واسطے اسکے اور حدیث اسحاق بن یوسف کی حسن صحیح غریب ہے حدیث سفیان ثوری کی

[1] مثلاً مینڈھوں اور تھیوں وغیرہ کو لڑوانا درست نہیں اور یہی حکم ہر سجاتور و مرغ پرند ہوں یا چوپایا سے اور منہ پر داغ دینا بالاجماع درست نہیں خواہ

باب ماجاء فیمن یستشهد وعلیه دین **حدثنا** قتیبة ثنا اللیث عن سعید بن ابی سعید عن عبد الله
بن ابی قتادة عن ابیه انه سمعه یحدث عن رسول الله صلی الله علیه وسلم انه قام فیهم فذکر لهم ان الجهاد فی سبیل الله
والایمان بالله افضل الاعمال فقام رجل فقال یا رسول الله ارایت ان قتلت فی سبیل الله یکفر عنی خطایای فقال رسول الله
صلی الله علیه وسلم نعم ان قتلت فی سبیل الله وانت صابر محتسب مقبل غیر مدبر ثم قال رسول الله صلی الله علیه وسلم
کیف قلت قال ارایت ان قتلت فی سبیل الله ایکفر عنی خطایای فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم نعم وانت صابر
محتسب مقبل غیر مدبر الا الدین فان جبرئیل قال لی ذلک وفی الباب عن انس ومحمد بن جحش وابی هریرة هذا حدیث حسن
صحیح وروی بعضهم هذا الحدیث عن سعید المقبری عن ابی هریرة عن النبی صلی الله علیه وسلم نحو هذا وروی یحیی بن سعید
الانصاری وغیر واحد نحو هذا عن سعید المقبری عن عبد الله بن ابی قتادة عن ابیه عن النبی صلی الله
علیه وسلم هذا اصح من حدیث سعید المقبری عن ابی هریرة **باب** ماجاء فی دفن الشهداء **حدثنا** ازهر
بن مروان البصری ثنا عبد الوارث بن سعید عن ایوب عن حمید بن هلال عن ابی الدهماء عن هشام بن عامر قال
شکی رسول الله صلی الله علیه وسلم الجراحات یوم احد فقال احفروا واوسعوا واحسنوا وادفنوا الاثنین والثلاثة فی قبر
واحد وقدموا اکثرهم قرانا فمات ابی فقدم بین یدی رجلین وفی الباب عن خباب وجابر وانس هذا حدیث حسن صحیح
وروی سفیان وغیره هذا الحدیث عن ایوب عن حمید بن هلال عن هشام بن عامر وابو الدهماء اسمه قرفة بن بهیس
باب ماجاء فی المشورة **حدثنا** هناد ثنا ابو معاویة عن الاعمش عن عمرو بن مرة عن ابی عبیدة عن عبد الله قال لما کان یوم بدر
جیئ بالاساری قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ما تقولون فی هؤلاء الاساری وذکر قصة طویلة

باب اگر کوئی شخص شہید کیا جاوے اور اُسپر قرض ہو تو اُسکا کیا حکم ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے
سعید بن ابی سعید سے اُسنے روایت کی عبد اللہ بن ابی قتادہ سے اُسنے اپنے باپ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اصحاب میں خطبہ فرمایا سو انکے
واسطے ذکر کیا کہ خدا کی راہ میں جہاد کرنا اور اللہ کے ساتھ ایمان لانا افضل عملوں میں سے ہے سو ایک شخص کھڑا ہوا اور عرض کی یا حضرت خبر دو
مجکو کہ اگر میں مارا جاؤں اللہ کی راہ میں کیا جھاڑے جاوینگے مجھسے گناہ میرے سو نبی صلعم نے فرمایا اُسکو کہ ہاں اگر مارا جاوے تو اللہ کی راہ
میں اس حال میں کہ ہو تو صبر کرنے والا اور طالب ثواب کا سامنے ہونے والا نہ پیٹھ دینے والا پھر نبی صلعم نے فرمایا کہ کسطرح کہا تو نے اُسنے
کہا کہ خبر دو مجکو کہ اگر اللہ کی راہ میں مارا جاؤں تو کیا مٹائے جاوینگے گناہ میرے سو حضرت صلعم نے اُسکو فرمایا کہ ہاں اگر مارا جاوے تو اُس
حال میں کہ تو صبر کرنے والا طالب ثواب کا سامنے ہونے والا نہ پھرنے والا مگر قرض یعنی وہ قرض کہ نیت اُسکے ادا کرنے کی نہو وہ نہیں بخشا جاتا
پس تحقیق جبرئیل نے کہا کہ واسطے میرے یہ تمام کلام با قرض اور اس باب میں انس اور محمد اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے
روایت کی بعض نے یہ حدیث سعید مقبری سے اُسنے ابی ہریرہ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور روایت کی یحییٰ وغیرہ نے
مانند اسکے سعید سے اُسنے عبد اللہ سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور یہ زیادہ تر صحیح ہے سعید کی حدیث سے
جو ابی ہریرہ سے روایت کی ہے **باب** شہیدوں کے دفن کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے ازہر بن مروان بصری نے اُسنے کہا حدیث
کی ہمسے عبد الوارث بن سعید نے ایوب سے اُسنے حمید بن ہلال سے اُسنے ابی دہماء سے اُسنے ہشام بن عامر سے کہا کہ شکایت کی گئی پاس
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے زخموں کی دن جنگ احد کے پس فرمایا کہ قبر کھودو اور فراخ کرو اور احسان کرو اور دفن کرو دو دو اور تین تین
کو ایک قبر میں اور قبلے کی طرف کرو زیادہ قرآن جاننے والے کو پس مرگیا باپ میرا سو مقدم کیا گیا آگے دو مردوں کے اور اس باب میں
خباب اور جابر اور انس سے بھی روایت ہے اور یہ حدیث حسن صحیح ہے اور روایت کی سفیان وغیرہ نے یہ حدیث ایوب سے اُسنے
حمید سے اُسنے ہشام سے اور ابو الدہماء کا نام قرفہ ہے **باب** مشورہ کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے ہناد نے اُسنے
کہا حدیث کی ہمسے ابو معاویہ نے اعمش سے اُسنے روایت کی عمرو بن مرہ سے اُسنے ابی عبیدہ سے اُسنے عبد اللہ سے کہا کہ جب ہوا
دن جنگ بدر کا تو لائے گئے قیدی حضرت نے اصحاب سے کہا کہ تم اُن قیدیوں کے حق میں کیا مشورہ دیتے ہو یعنی قتل کیے جاویں یا اُنسے فدیہ لیا جاوے اور ذکر کیا قصہ لمبا

وفی الباب عن عمر وابی ایوب وانس وابی ہریرۃ هذا حدیث حسن وابو عبیدۃ لم یسمع من ابیه ویروی عن ابی ہریرۃ قال ما رایت احدا اکثر مشورۃ لاصحابه من رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم **باب** ما جاء لا تفادی جیفة الاسیر **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا ابو احمد ثنا سفیان عن ابن ابی لیلی عن الحکم عن مقسم عن ابن عباس ان المشرکین ارادوا ان یشتروا جسد رجل من المشرکین فابی النبی صلی اللہ علیہ وسلم ان یبیعهم هذا الحدیث غریب لا نعرفه الا من حدیث الحکم ورواه الحجاج بن ارطاة ایضا عن الحکم وقال احمد بن الحسن سمعت احمد بن حنبل یقول ابن ابی لیلی لا یحتج بحدیثه قال محمد بن اسمعیل ابن ابی لیلی صدوق ولکن لا یعرف صحیح حدیثه من سقیمه ولا اروی عنه شیئا وابن ابی لیلی هو صدوق فقیه وربما یهم فی الاسناد **حدثنا** نصر بن علی ثنا عبد اللہ بن داود عن سفیان الثوری قال فقهاؤنا ابن ابی لیلی وعبد اللہ بن شبرمة **باب** ما جاء فی الفرار من الزحف **حدثنا** ابن ابی عمر ثنا سفیان عن یزید بن ابی زیاد عن عبد الرحمن بن ابی لیلی عن ابن عمر قال بعثنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی سریة فحاص الناس حیصة فقدمنا المدینة فاختبأنا بها وقلنا هلکنا ثم اتینا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فقلنا یا رسول اللہ نحن الفرارون قال بل انتم العکارون وانا فئتکم هذا حدیث حسن لا نعرفه الا من حدیث یزید بن ابی زیاد ومعنی قوله فحاص الناس حیصة یعنی انهم فروا من القتال ومعنی قوله بل انتم العکارون العکار الذی یفر الی امامه لینصره لیس یرید الفرار من الزحف **باب حدثنا** محمود بن غیلان ثنا ابو داود ثنا شعبة عن الاسود بن قیس قال سمعت نبیحا العنزی یحدث عن جابر بن عبد اللہ قال لما کان یوم احد جاءت عمتی بابی لتدفنه فی مقابرنا فنادی منادی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اور اس باب میں عمر اور ابی ایوب اور انس اور ابی ہریرہ سے بھی روایت ہی یہ حدیث حسن ہے اور ابو عبیدہ نے اپنے باپ سے نہیں سنا اور ابی ہریرہ سے مروی ہے کہ نہیں دیکھا میں نے کسی کو زیادہ تر مشورہ کرنیوالا اپنے یاروں سے نبی صلعم سے **باب** کافر قیدی کے مردے کا بدلہ لینا درست نہیں **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو احمد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابن ابی لیلی سے اُسنے روایت کی حکم سے اُسنے مقسم سے اُسنے ابن عباس سے کہا کہ تحقیق مشرکین نے ارادہ کیا یہ کہ خریدیں مردہ ایک[۱] مرد کا مشرکین میں سے سو نبی صلعم نے انکار کیا یہ کہ بیچیں اُن پاس یہ حدیث غریب ہی نہیں پہچانتے ہم اُسکو مگر حدیث حکم سے اور روایت کیا اسکو حجاج نے حکم سے اور کہا احمد بن حسن نے کہ سنا میں نے احمد بن حنبل سے کہ کہتے تھے کہ ابن ابی لیلی کے ساتھ حجت نہیں پکڑی جاتی۔ اور کہا محمد بن اسمعیل نے کہ ابن ابی لیلی سچا ہی ولیکن اُسکی صحیح حدیث ضعیف سے نہیں پہچانی جاتی۔ اور نہیں روایت کرتا میں اُس سے کوئی چیز اور ابن ابی لیلی سچا ہے فقیہ ہی اور اکثر اوقات وہم کرتا ہی اسناد میں **حدیث** کی ہمسے نصر بن علی نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن داود نے سفیان ثوری سے کہا کہ فقیہ ہمارے ابن ابی لیلی اور عبد اللہ بن شبرمہ ہین یعنی بڑے معتبر ہین **باب** جنگ سے بھاگنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے یزید بن ابی زیاد سے اُسنے روایت کی عبد الرحمن بن ابی لیلی سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ ہمکو نبی صلعم نے ایک لشکر میں بھیجا سو بھاگے لوگ بھاگنا۔ سو ہم بھاگ کر مدینہ میں آئے اور چھپ رہے اُسمیں یعنی بسبب جہاد کے سو کہا ہمنے یعنی اپنے دل میں یا آپسمیں کہ ہلاک ہوگئے ہم یعنی گنہگار ہوئے بسبب بھاگنے کے دشمنوں سے پھر ہم نبی صلعم کے پاس حاضر ہوئے اور کہا کہ یا حضرت ہم بھاگنے والے ہین حضرت نے فرمایا یعنی واسطے رفع خجالت ہماری کے بلکہ تم حملہ پر حملہ کرنے والے ہو اور میں تمھاری جماعت ہوں یعنی تمھارا مددگار اور ناصر ہوں یہ حدیث حسن ہی نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث یزید سے اور معنی فحاص حیصۃ کا یہ ہی کہ وہ لڑائی سے بھاگے اور معنی بل انتم العکارون کا یہ کہ عکار اُسکو کہتے ہین کہ امام کیطرف بھاگے تاکہ مدد کرے اُسکی اور نہ ارادہ رکھتا ہو بھاگنے کا لڑائی سے **باب حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ابو داود نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے شعبہ نے اسود بن قیس سے اُسنے کہا سنا میں نے نبیح عنزی سے حدیث بیان کرتا تھا جابر سے کہا جبکہ ہوا دن احد کا تو میری پھوپھی میری باپ کو لائی تاکہ دفن کرین اسکو ہمارے قبرستان میں سو حضرت صلعم کے منادی نے پکارا

---

[۱] یعنی حضرت صلعم سے کہا کہ اسقدر روپیہ لے لو اور فلانے شخص کا مردہ ہمکو دیدو ۱۲ [۲] عکر کے معنے ہین میل کرنا اور پھر آنا لڑائی میں یعنی اگر لڑائی میں اس نیت سے بھاگے

ردوا القتلى الى مضاجعها هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء فى تلقى الغائب اذا قدم **حدثنا** ابن ابى عمر وسعيد بن عبد الرحمٰن قالا ثنا سفيان عن الزهرى عن السائب بن يزيد قال لما قدم رسول الله صلى الله عليه وسلم من تبوك خرج الناس يتلقونه الى ثنية الوداع قال السائب فخرجت مع الناس وانا غلام هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء فى الفئ **حدثنا** ابن ابى عمر ثنا سفيان عن عمرو بن دينار عن ابن شهاب عن مالك ابن اوس بن الحدثان قال سمعت عمر بن الخطاب يقول كانت اموال بنى النضير مما افاء الله على رسوله مما لم يوجف المسلمون عليه بخيل ولا ركاب فكانت لرسول الله صلى الله عليه وسلم خالصا فكان رسول الله صلى الله عليه وسلم يعزل نفقة اهله سنة ثم يجعل ما بقى فى الكراع والسلاح عدة فى سبيل الله هذا حديث حسن صحيح

ابواب اللباس عن رسول الله صلى الله عليه وسلم

باب ما جاء فى الحرير والذهب للرجال **حدثنا** اسحٰق بن منصور ثنا عبد الله بن نمير ثنا عبيد الله بن عمر عن نافع عن سعيد بن ابى هند عن ابى موسى الاشعرى ان رسول الله صلى الله عليه وسلم قال حرم لباس الحرير والذهب على ذكور امتى واحل لاناثهم وفى الباب عن عمر وعلى وعقبة بن عامر وام هانئ وانس وحذيفة وعبد الله بن عمرو وعمران بن حصين وعبد الله بن الزبير وجابر وابى ريحانة وابن عمر والبراء هذا حديث حسن صحيح **حدثنا** محمد بن بشار ثنا معاذ بن هشام ثنى ابى عن قتادة عن الشعبى عن سويد بن غفلة عن عمر انه خطب بالجابية فقال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن الحرير الا موضع اصبعين او ثلاث او اربع هذا حديث حسن صحيح **باب** ما جاء فى لبس الحرير فى الحرب **حدثنا** محمود بن غيلان ثنا عبد الصمد بن عبد الوارث ثنا همام ثنا قتادة عن انس

کہ پھیر دو شہیدوں کو اپنے مرنے کی جگہ میں یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** جب کوئی غائب سفر سے آوے تو اسکی پیشوائی کرنے کا بیان **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر اور سعید بن عبد الرحمن نے اُن دونوں نے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے زہری سے اسنے روایت کی سائب بن یزید سے کہا جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم جنگ تبوک سے تشریف لائے تو لوگ آپ کی پیشوائی کو نکلے ثنیۃ الوداع تک کہا سائب نے کہ میں بھی لوگوں کے ساتھ نکلا اور میں لڑکا تھا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** فئ کا بیان **حدیث** کی ہمسے ابن ابی عمر نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے عمرو بن دینار سے اسنے روایت کی ابن شہاب سے اسنے مالک سے کہا سنا میں نے عمر فاروق سے کہتے تھے کہ بنی نضیر اموال کے اُس قسم سے تھے کہ عطا فرمایا تھا اللہ نے اپنے رسول پر کہ نہیں دوڑائے تھے مسلمانوں نے اُسپر گھوڑے اور نہ اونٹ پس ہوا وہ مال خاص واسطے نبی صلعم کے خرچ کرتے تھے اپنے اہل پر خرچ برس روز کا پھر خرچ کرتے باقی کو ہتیاروں اور چارپایوں میں بسبب سامان کرنے کے خدا کی راہ میں یعنی جہاد کے لئیے یہ حدیث حسن صحیح ہے **ابواب** اللباس کا بیان جو نبی صلعم سے منقول ہیں **باب** مردوں کو ریشم اور سونا پہننا جائز ہے یا نہیں **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن منصور نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد اللہ بن نمیر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبید اللہ بن عمر نے نافع سے اُسنے روایت کی سعید بن ابی ہند سے اُسنے ابی موسیٰ سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ حرام کیا گیا پہننا ریشم اور سونے کا میری امت کے مردوں پر اور حلال کیا گیا اُنکی عورتوں کے لیے اور اس باب میں عمر اور علی اور عقبہ اور ام ہانی اور انس اور حذیفہ اور عبد اللہ بن عمرو اور عمران بن حصین اور عبد اللہ بن زبیر اور جابر اور ابی ریحانہ اور ابن عمر اور براء سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے معاذ بن ہشام نے اُسنے کہا حدیث کی مجھکو باپ میرے نے قتادہ سے اُسنے روایت کی شعبی سے اُسنے سوید بن غفلہ سے اُسنے عمر سے کہ اُسنے خطبہ پڑھا جابیہ میں کہ نام ہے ایک جگہ کا شام میں سو کہا کہ منع فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ریشم کے پہننے سے مگر بقدر دو انگل یا تین انگل یا چار انگل کے[1] یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** لڑائی میں ریشم پہننا جائز ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے عبد الصمد نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے ہمام نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے قتادہ نے انس

---

[1] اس سے معلوم ہوا کہ بقدر چار انگل کے ریشم پہننا جائز ہے۔ پس معلوم ہوا کہ پہلی حدیث مطلق نہیں ہے بلکہ مقید ہے ساتھ زیادہ کے چار انگشت سے

ان عبد الرحمن بن عوف والزبير بن العوام شكيا القمل الى النبي صلى الله عليه وسلم في غزاة لهما فرخص لهما في قمص الحرير قال ورايته عليهما هذا حديث حسن صحيح **باب حدثنا** ابو عمار ثنا الفضل بن موسى عن محمد بن عمرو ثني واقد بن عمرو بن سعد بن معاذ قال قدم انس بن مالك فاتيته فقال من انت فقلت انا واقد بن عمرو قال فبكى وقال انك لشبيه بسعد وان سعدا كان من اعظم الناس واطول وانه بعث الى النبي صلى الله عليه وسلم جبة من ديباج منسوج فيها الذهب فلبسها رسول الله صلى الله عليه وسلم فصعد المنبر فقام اوقعد فجعل الناس يلمسونها فقالوا ما راينا كاليوم ثوبا قط فقال اتعجبون من هذه لمناديل سعد في الجنة خير مما ترون وفي الباب عن اسماء بنت ابي بكر هذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء في الرخصة في الثوب الاحمر للرجل **حدثنا** محمود بن غيلان ثنا وكيع ثنا سفيان عن ابي اسحق عن البراء قال ما رايت من ذي لمة في حلة حمراء احسن من رسول الله صلى الله عليه وسلم له شعر يضرب منكبيه بعيد ما بين المنكبين لم يكن بالقصير ولا بالطويل وفي الباب عن جابر بن سمرة وابي رمثة وابي جحيفة هذا حديث حسن صحيح **باب** ماجاء في كراهية المعصفر للرجال **حدثنا** قتيبة ثنا مالك بن انس عن نافع عن ابراهيم بن عبد الله بن حنين عن ابيه عن علي قال نهى رسول الله صلى الله عليه وسلم عن لبس القسي والمعصفر وفي الباب عن انس وعبد الله بن عمرو حديث علي حديث حسن صحيح

کہا کہ عبد الرحمن بن عوف اور زبیر بن العوام نے ایک جہاد میں نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس جوؤں کی شکایت کی سو آپ نے انکو ریشم کے کرتے پہننے کی اجازت دی اور کہا کہ میں نے ریشم کو انپر دیکھا یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب حدیث** کی ہمسے ابو عمار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے فضل بن موسیٰ نے محمد بن عمرو سے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے واقد نے کہا کہ انس بن مالک آئے سو میں اُن پاس گیا پس کہا انس نے کہ کون ہے تو یعنی مجھکو نہ پہچانا میں نے کہا کہ میں واقد بیٹا عمرو کا ہوں سو رو دئیے اور کہا کہ یہ سعد کے مشابہ ہے اور سعد لوگوں میں بہت بڑے اور لانبے تھے اور اُسنے نبی صلے اللہ علیہ وسلم پاس دیباج کا ایک جبہ بھیجا جس میں سونا بنا تھا سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسکو پہنا اور منبر پر چڑھے پس کھڑے ہوئے یا بیٹھے سو لوگ اُسکو ہاتھ لگانے لگے یعنی اُسکی نرمی سے تعجب کرنے لگے کہ ہمنے آج جیسے کپڑا کبھی نہیں دیکھا سو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم تعجب کرتے ہو اس سے البتہ سعد کے رومال بہشت میں بہتر ہیں اس سے کہ جو دیکھتے ہو تم۔ اور اس باب میں اسماء بنت ابی بکر سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** مردوں کو سرخ کپڑا پہننا جائز ہے **حدیث** کی ہمسے محمود بن غیلان نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے وکیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے ابی اسحاق سے اُسنے روایت کی براء سے کہا کہ نہیں دیکھا میں نے کوئی صاحب بالوں کا سرخ حلہ میں زیادہ تر حسین نبی صلے اللہ علیہ وسلم سے آپ کے بال مونڈھوں پر پڑتے تھے تھوڑا فرق تھا درمیان دونوں مونڈھوں کے نہ پست قد تھے اور نہ لنبے تھے یعنی میانہ قد تھے اور اس باب میں جابر اور ابی رمثہ اور ابی جحیفہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے **باب** مردوں کو کسمبی کپڑا پہننا منع ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے مالک نے نافع سے اُسنے روایت کی ابراہیم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے علی سے کہا کہ منع فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پہننے قسی اور کسمبی کے رنگے ہوئے کپڑے سے اور اس باب میں انس اور عبد اللہ بن عمرو سے بھی روایت ہے اور علی کی حدیث حسن صحیح ہے

ؔلہ اس سے معلوم ہوا کہ جوؤں اور کھجلی کے سبب سے ریشم پہننا جائز ہے ١٢ ؔلہ یعنی دنیا کا نفیس اسباب اس لائق نہیں کہ اسکی خواہش کیجیے بلکہ آخرت کی عمدگی طلب کرو اسواسطے کہ جب بہشت کا رومال دنیا کی قبا سے بہتر ٹھہرا تو وہاں کی قبا کو خدا ہی جانتا ہے کہ کیسی عمدہ ہوگی ١٢ ؔلہ مراد سرخ سے وہ کپڑا کہ اُسمیں سرخ اور سیاہ خط ہوں کہ وہ دور سے سرخ معلوم ہوتا ہے نرا سرخ مراد نہیں کہ اُسکا پہننا مردوں کو منع ہے ١٢ مجمع البحار ؔلہ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کسمبہ کا رنگا ہوا کپڑا پہننا حرام ہے اور علما کو اسمیں اختلاف ہے بعضے مطلق حرام کہتے ہیں اور بعضے مکروہ کہتے ہیں اور بعضے مباح لیکن مختار حرمت ہے اور نماز اس سے مکروہ ہے اور کسمبی کے سوائے اور سرخ رنگ میں بھی اختلاف ہے لیکن احتیاطاً اس سے بھی بچنا مگر عورتوں کو ہر قسم کا سرخ رنگ کپڑا پہننا درست ہے ١٢ ح اور قسی ایک قسم کا کپڑا ہے کہ اسمیں خط ریشمی ہوتا ہے ١٢

باب ماجاء فی لبس الفراء **حدثنا** اسمعیل بن موسی الفزاری ثنا سیف بن هارون عن سلیمان التیمی عن ابی عثمان عن سلمان قال سئل رسول الله صلی الله علیه وسلم عن السمن والجبن والفراء فقال الحلال ما احل الله فی کتابه والحرام ما حرم الله فی کتابه وما سکت عنه فهو مما عفی عنه وفی الباب عن المغیرة هذا حدیث غریب لانعرفه مرفوعا الا من هذا الوجه وروی سفیان وغیره عن سلیمان التیمی عن ابی عثمان عن سلمان قوله وکان الحدیث موقوف اصح **باب** ماجاء فی جلود المیتة اذا دبغت **حدثنا** قتیبة ثنا اللیث عن یزید بن ابی حبیب عن عطاء بن ابی رباح قال سمعت ابن عباس یقول ماتت شاة فقال رسول الله صلی الله علیه وسلم لاهلها الا نزعتم جلدها ثم دبغتموه فاستمتعتم به وفی الباب عن سلمة بن المحبق ومیمونة وعائشة حدیث ابن عباس حدیث حسن صحیح وقد روی من غیر وجه عن ابن عباس عن النبی صلی الله علیه وسلم نحو هذا وروی عن ابن عباس عن میمونة وروی عنه عن سودة وسمعت محمدا یصحح حدیث ابن عباس عن النبی صلی الله علیه وسلم وحدیث ابن عباس عن میمونة وقال احتمل ان یکون روی ابن عباس عن میمونة عن النبی صلی الله علیه وسلم وروی ابن عباس عن النبی صلی الله علیه وسلم ولم یذکر فیه عن میمونة والعمل علی هذا عند اکثر اهل العلم وهو قول سفیان الثوری وابن المبارک والشافعی واحمد واسحق **حدثنا** قتیبة ثنا سفیان بن عیینة وعبد العزیز بن محمد عن زید بن اسلم عن عبد الرحمن بن وعلة عن ابن عباس قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ایما اهاب دبغ فقد طهر هذا حدیث حسن صحیح والعمل علی هذا عند اکثر اهل العلم قالوا فی جلود المیتة اذا دبغت فقد طهرت وقال الشافعی ایما اهاب دبغ فقد طهر الا الکلب والخنزیر وکره بعض اهل العلم من اصحاب النبی صلی الله علیه وسلم وغیرهم جلود السباع وشددوا

باب پوستین پہننے کا بیان حدیث کی ہمسے اسمعیل بن موسی نے اسنے کہا حدیث کی ہمسے سیف بن ہارون نے سلیمان تیمی سے اسنے روایت کی ابی عثمان سے اُسنے سلمان سے کہا کہ پوچھے گئے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سمن اور جبن اور پوستین کے پہننے سے سو فرمایا کہ حلال وہ چیز ہے جسکو حلال کیا اللہ تعالی نے اپنی کتاب میں اور حرام وہ چیز ہی جسکو حرام کیا اللہ تعالی نے اپنی کتاب میں - اور جس چیز سے چپ ہوا وہ معاف ہے[1] اور اس باب میں مغیرہ سے بھی روایت ہے - یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مرفوع مگر اسی وجہ سے اور روایت کی سفیان وغیرہ نے سلیمان سے اسنے ابی عثمان سے قول اسکا اور گویا کہ یہ حدیث موقوف زیادہ ترصحیح ہے **باب** جب مردار کا چمڑا رنگا جاوے تو اسکا کیا حکم ہے حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے لیث نے یزید بن ابی حبیب سے اُسنے روایت کی عطا سے کہا سنا میں نے ابن عباس سے کہتے تھے کہ ایک بکری مر گئی سو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھر والوں سے کہا کہ تمنے اسکا چمڑا کیوں نہیں اُتارا کہ اُسکو رنگ کر اُس سے فائدہ اُٹھاتے اور اس باب میں سلمہ بن محبق اور میمونہ اور عایشہ سے بھی روایت ہے اور ابن عباس کی حدیث حسن صحیح ہے اور تحقیق روایت کی گئی کئی وجہ پر ابن عباس سے اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند اسکے اور مروی ہے ابن عباس سے اُسنے میمونہ سے اور روایت کی اُس سے سودہ نے اور سنا میں نے بخاری سے کہ ابن عباس کی حدیث کو صحیح کہتے تھے جو اُسنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کی ہے اور حدیث ابن عباس کو میمونہ سے اور عمل اسی پر ہے نزدیک اکثر اہل علم کے اور یہی ہے قول سفیان ثوری اور ابن مبارک اور شافعی اور احمد اور اسحاق کا حدیث کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمسے سفیان نے اور عبد العزیز بن محمد نے زید بن اسلم سے اُسنے روایت کی عبد الرحمن بن وعلہ سے اُسنے ابن عباس سے اُسنے نبی صلعم سے فرمایا کہ جو چمڑا کہ رنگا گیا پس تحقیق وہ پاک ہوا اور امام شافعی نے کہا کہ ہر چمڑا رنگنے سے پاک ہو جاتا ہی مگر کتے اور سور کا چمڑا پاک نہیں ہوتا اور بعض اہل علم نبی صلعم کے اصحاب وغیرہ سے کہتے ہیں کہ درندوں کا چمڑا مکروہ ہے

[1] اس سے معلوم ہوا کہ پوستین وغیرہ کا پہننا درست ہی کہ خدا نے اس سے سکوت فرمایا پس معاف ہوگا ۱۲ منہ امام اعظم کے نزدیک سب چمڑے رنگنے سے
پاک ہوجاتے ہیں سواے آدمی اور سور کے آدمی تو تعظیم کے سبب سے اور خوک ناپاکی کے سبب سے اور شافعی کے نزدیک کتے کا چمڑا بھی کسیطرح پاک نہیں ہوتا۔

فی لبسها والصلوٰۃ فیها قال اسحٰق بن ابراهیم انما معنی قول النبی صلی الله علیه وسلم ایما اهاب دبغ فقد طهر انما یعنی به جلد ما یوکل لحمه هٰکذا فسره النضر بن شمیل وقال انما یقال اهاب لجلد ما یوکل لحمه وکره ابن المبارک واحمد واسحٰق والحمیدی الصلوٰۃ فی جلود السباع **حدثنا** محمد بن طریف الکوفی ثنا محمد بن فضیل عن الاعمش والشیبانی عن الحکم عن عبد الرحمٰن بن ابی لیلی عن عبد الله بن عکیم قال اتانا کتاب رسول الله صلی الله علیه وسلم ان لا تنتفعوا من المیتة باهاب ولا عصب هٰذا حدیث حسن ویروی عن عبد الله بن عکیم عن اشیاخ له هٰذا الحدیث ولیس العمل علی هٰذا عند اکثر اهل العلم وقد روی هٰذا الحدیث عن عبد الله بن عکیم انه قال اتانا کتاب رسول الله صلی الله علیه وسلم قبل وفاته بشهرین سمعت احمد بن الحسن یقول کان احمد بن حنبل یذهب الی هٰذا الحدیث لما ذکر فیه قبل وفاته بشهرین وکان یقول هٰذا اخر امر النبی صلی الله علیه وسلم ثم ترک احمد هٰذا الحدیث لما اضطربوا فی اسناده حیث روی بعضهم وقال عن عبد الله بن عکیم عن اشیاخ من جهینة **باب** ما جاء فی کراهیة جر الازار **حدثنا** الانصاری ثنا معن ثنا مالک ح وثنا قتیبة عن مالک عن نافع وعبد الله بن دینار وزید بن اسلم کلهم یخبر عن عبد الله بن عمر ان رسول الله صلی الله علیه وسلم قال لا ینظر الله یوم القیٰمة الی من جر ثوبه خیلاء وفی الباب عن حذیفة وابی سعید وابی هریرة وسمرة وابی ذر وعائشة وهُبَیب بن مُغفِل حدیث ابن عمر حدیث حسن صحیح **باب** ما جاء فی ذیول النساء **حدثنا** الحسن بن علی الخلال ثنا عبد الرزاق ثنا معمر عن ایوب عن نافع عن ابن عمر قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم من جر ثوبه خیلاء لم ینظر الله الیه یوم القیٰمة فقالت ام سلمة فکیف یصنع النساء بذیولهن قال یرخین شبرا فقالت اذا تنکشف اقدامهن قال فیرخینه ذراعا

اور کہتے ہیں کہ اسکو پہننا اور اسمیں نماز پڑھنا درست نہیں اور اسحاق بن ابراہیم نے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ قول کہ جو چمڑا رنگا جاوے تو وہ پاک ہو جاتا ہی تو مراد اس سے اس جانور کا چمڑا ہی کہ اسکا گوشت کھایا جاتا ہی اسیطرح تفسیر کیا اسکی نضر بن شمیل نے اور کہا کہ اہاب اس جانور کے چمڑے کو کہتے ہیں جسکا گوشت کھایا جاوے اور ابن مبارک اور احمد اور اسحاق اور حمیدی کہتے ہیں کہ درندے چارپایوں کے چمڑے پر نماز پڑھنی مکروہ ہی **حدیث** بیان کی ہمسے محمد بن طریف نے اسنے کہا حدیث کی ہمکو محمد بن فضیل نے اعمش اور شیبانی سے انھوں نے روایت کی حکم سے اسنے عبد الرحمٰن بن ابی لیلے سے اسنے عبد اللہ سے کہا کہ ہمارے پاس نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا خط آیا یہ کہ نہ فائدہ اٹھاؤ مردار سے نہ ساتھ چمڑے کے اور نہ عصب کے یہ حدیث حسن ہی اور مروی ہی یہ حدیث عبد اللہ سے اسنے اپنے شیخوں سے اور نہیں ہی عمل اسپر نزدیک اکثر اہل علم کے اور روایت کی گئی یہ حدیث عبد اللہ سے کہا کہ آیا ہمارے پاس خط نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا آپکی وفات سے پہلے دو مہینے سنا میں نے احمد بن حسن سے کہتا تھا کہ احمد بن حنبل اس حدیث پر عمل کرتے تھے اسواسطے کہ آپ نے وفات سے پہلے دو مہینے یہ حدیث فرمائی اور کہتے تھے کہ یہ آخری حکم نبی صلعم کا ہی جو احتمال نسخ کا نہیں رکھتا پھر احمد نے یہ حدیث چھوڑ دی کہ اسکی اسناد میں راویوں نے اضطراب کیا ہی[1] اسواسطے کہ بعض نے عبد اللہ اور نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے درمیان اسکے استاد ونکا واسطہ ذکر کیا ہی اور بعض نے نہیں کیا **باب** تہ بند کو ٹخنوں سے نیچے چھوڑنا مکروہ ہی **حدیث** بیان کی ہمسے انصاری نے اسنے کہا حدیث کی ہمکو معن نے اسنے کہا حدیث کی ہمکو مالک نے ح اور حدیث کی ہمکو قتیبہ نے مالک سے اسنے روایت کی نافع سے اور عبد اللہ بن دینار سے اور زید بن اسلم سے وہ سب روایت کرتے ہیں عبد اللہ بن عمر سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نظر رحمت کی نہیں کریگا اللہ دن قیامت کے طرف اس شخص کے کہ دراز کرے[2] کپڑا اپنا از راہ تکبر کے یعنی ٹخنوں سے نیچے اور اس باب میں حذیفہ اور ابی سعید اور ابی ہریرہ اور سمرہ اور ابی ذر اور عائشہ اور ہبیب سے بھی روایت ہے اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہی **باب** عورتوں کے دامن لٹکانیکا بیان **حدیث** بیان کی ہمسے حسن بن علی خلال نے اسنے کہا حدیث کی ہمکو عبد الرزاق نے اسنے کہا حدیث کی ہمکو معمر نے ایوب سے اسنے روایت کی نافع سے اسنے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص کہ لٹکاوے کپڑا اپنا تکبر سے[3] نہ نظر کریگا اللہ طرف اسکے دن قیامت کے سو ام سلمہ نے کہا کہ عورتیں اپنے دامنوں کو کہانتک لٹکاویں فرمایا ایک بالشت سو ام سلمہ نے کہا کہ[4] اسوقت انکے پانوں کھل جاوینگے فرمایا کہ لٹکاویں ایک ہاتھ

[1] اس قسم کا اضطراب موجب قدح حدیث نہیں ہو سکتا ہی اسلئے کہ زیادتی ثقہ کی مقبول ہی ۱۲ [3] اس سے معلوم ہوا کہ سبب حرمت کا ازار کے لٹکانے میں ٹخنوں سے

لا یزدن علیه هذا حدیث حسن صحیح وفی الحدیث رخصة للنساء فی جر الازار لانه یکون استر لهن **حدثنا** اسحٰق بن منصور ثنا حماد بن سلمة عن علی بن زید عن ام الحسن ان ام سلمة حدثتهم ان النبی صلی الله علیه وسلم شبر لفاطمة شبرا من نطاقها ورواه بعضهم عن حماد بن سلمة عن علی بن زید عن الحسن عن امه عن ام سلمة **باب** ماجاء فی لبس الصوف **حدثنا** احمد بن منیع ثنا اسمٰعیل بن ابراهیم ثنا ایوب عن حمید بن هلال عن ابی بردة قال اخرجت الینا عائشة کساء ملبدا وازارا غلیظا فقالت قبض رسول الله صلی الله علیه وسلم فی هذین وفی الباب عن علی وابن مسعود وحدیث عائشة حدیث حسن صحیح **حدثنا** علی بن حجر ثنا خلف بن خلیفة عن حمید الاعرج عن عبد الله بن الحارث عن ابن مسعود عن النبی صلی الله علیه وسلم قال کان علی موسی یوم کلمه ربه کساء صوف وجبة صوف وکمة صوف وسراویل صوف وکانت نعلاه من جلد حمار میت هذا حدیث غریب لا نعرفه الا من حدیث حمید الاعرج وحمید هو ابن علی الاعرج منکر الحدیث وحمید بن قیس الاعرج المکی صاحب مجاهد ثقة الکمة القلنسوة الصغیرة **باب** ماجاء فی العمامة السوداء **حدثنا** محمد بن بشار ثنا عبد الرحمٰن بن مهدی عن حماد بن سلمة عن ابی الزبیر عن جابر قال دخل النبی صلی الله علیه وسلم مکة یوم الفتح وعلیه عمامة سوداء وفی الباب عن عمرو بن حریث وابن عباس ورکانة حدیث جابر حدیث حسن صحیح **حدثنا** هارون بن اسحٰق الهمدانی ثنا یحیی بن محمد المدینی عن عبد العزیز بن محمد عن عبید الله بن عمر عن نافع عن ابن عمر قال کان النبی صلی الله علیه وسلم اذا اعتم سدل عمامته بین کتفیه قال نافع وکان ابن عمر یسدل عمامته بین کتفیه قال

اور اسپر زیادہ نکریں یہ حدیث حسن صحیح ہے اور اس حدیث میں اجازت ہے واسطے عورتوں کے تہ بند کے لٹکانے میں اسلئے کہ وہ زیادہ تر پردہ کرنیوالا واسطے اُنکے **حدیث** کی ہمسے اسحاق بن منصور نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو حماد نے علی بن زید سے اُسنے روایت کی ام الحسن سے کہ ام سلمہ نے حدیث کی اُنکو کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مقرر کیا واسطے فاطمہ کے ایک بالشت کمر بند اُسکے سے **باب** اون کے پہننے کا بیان **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو اسمٰعیل نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو ایوب نے حمید بن ہلال سے اُسنے روایت کی ابی قتادہ سے کہا کہ حضرت عائشہ نے ایک چادر پیوند کی ہوئی ہماری طرف نکالی اور ایک تہ بند موٹا نکالا اور کہا کہ قبض کی گئی روح نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی ان دو کپڑوں میں اور اس باب میں علی اور ابن مسعود سے بھی روایت ہے اور عائشہ کی حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے علی بن حجر نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو خلف نے حمید اعرج سے اُسنے روایت کی عبداللہ بن حارث سے اُسنے ابن مسعود سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس دن موسی علیہ السلام نے اپنے رب سے کلام کئے تھے اُنپر چادر پشم کی اور جبہ پشم کا اور ٹوپی بھی پشم کی اور پائجامہ بھی پشم کا اور جوتی اُنکی گدھے مردار کے چمڑے سے تھی یہ حدیث غریب ہے نہیں پہچانتے ہم اسکو مگر حدیث حمید سے اور حمید وہ ابن علی اعرج ہے اور وہ منکر الحدیث ہے اور حمید بن قیس ثقہ ہے اور کمہ کہتے ہیں چھوٹی ٹوپی کو **باب** سیاہ پگڑی کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو عبد الرحمن نے حماد سے اُسنے روایت کی ابی زبیر سے اُسنے جابر سے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم فتح کے دن مکہ میں داخل ہوئے اس حال میں کہ آپ کے سر پر سیاہ عمامہ تھا اور اس باب میں عمرو بن حریث اور ابن عباس سے بھی روایت ہے اور جابر کی حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے ہارون نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو یحیی نے عبد العزیز سے اُسنے روایت کی عبید اللہ بن عمر سے اُسنے نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت باندھتے پگڑی تو چھوڑتے شملہ اپنی پگڑی کا درمیان اپنے مونڈھوں کے کہا نافع نے اور ابن عمر بھی شملہ چھوڑتے تھے اپنی پگڑی کا درمیان اپنے مونڈھوں کے کہا

ف جاننا چاہئے کہ عمامہ باندھنا سنت ہے اور پگڑی کے ساتھ دو رکعتوں کا پڑھنا ستر رکعتوں سے بہتر ہے اور شملہ چھوڑنا افضل ہے لیکن دائمی نہیں کبھی حضرت چھوڑتے تھے اور کبھی نہ اور کبھی گردن سے نیچا ہوتا اور کبھی اونچا اور آپ کا شملہ اکثر پیچھے ہوتا اور کبھی داہنی طرف اور کبھی دو شملہ ہوتے درمیان دو مونڈھوں کے اور ادنی مقدار شملہ کی چار انگشت ہے اور

عبید اللہ و رایت القاسم و سالما یفعلان ذلک هٰذا حدیث غریب و فی الباب عن علی ولا یصح حدیث علی من قبل اسناده **باب** ما جاء فی کراهیة خاتم الذهب **حدثنا** اسلمة بن شبیب و الحسن بن علی الخلال و غیر واحد قالوا ثنا عبد الرزاق ثنا معمر عن الزهری عن ابراهیم بن عبد اللہ بن حنین عن ابیه عن علی بن ابی طالب قال نهانی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم عن التختم بالذهب و عن لباس القسی و عن القراءة فی الرکوع والسجود و عن لبس المعصفر هٰذا حدیث حسن صحیح **حدثنا** یوسف بن حماد المعنی البصری ثنا عبد الوارث بن سعید عن ابی التیاح ثنا حفص اللیثی قال اشهد علی عمران بن حصین انه ثنا قال نهی رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم عن التختم بالذهب و فی الباب عن علی و ابن عمر و ابی هریرة و معٰویة حدیث عمران حدیث حسن صحیح و ابو التیاح اسمه یزید بن حمید **باب** ما جاء فی خاتم الفضة **حدثنا** قتیبة و غیر واحد عن عبد اللہ بن وهب عن یونس عن ابن شهاب عن انس قال کان خاتم النبی صلی اللہ علیه وسلم من ورق و کان فصه حبشیا و فی الباب عن ابن عمر و بریدة هٰذا حدیث حسن صحیح غریب من هٰذا الوجه **باب** ما جاء ما یستحب من فص الخاتم **حدثنا** محمود بن غیلان ثنا حفص بن عمر بن عبید الطنافسی ثنا زهیر ابو خیثمة عن حمید عن انس قال کان خاتم رسول اللہ صلی اللہ علیه وسلم من فضة فصه منه هٰذا حدیث حسن صحیح غریب من هٰذا الوجه **باب** ما جاء فی لبس الخاتم فی الیمین **حدثنا** محمد بن عبید المحاربی ثنا عبد العزیز بن ابی حازم عن موسی بن عقبة عن نافع عن ابن عمر ان النبی صلی اللہ علیه وسلم صنع خاتما من ذهب فتختم به فی یمینه

عبید اللہ نے کہ میں نے قاسم اور سالم کو دیکھا کہ وہ بھی اسیطرح کرتے تھے یہ حدیث غریب ہے اور اس باب میں علی سے بھی روایت ہے مگر اُسکی اسناد صحیح نہیں **باب** سونیکی انگوٹھی بنانی مکروہ ہے **حدیث** کی ہمسے سلمہ نے اور حسن بن علی وغیرہ نے انھوں نے کہا حدیث کی ہمکو عبد الرزاق نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو معمر نے زہری سے اُسنے روایت کی ابراہیم سے اُسنے اپنے باپ سے اُسنے علی بن ابی طالب سے کہا کہ منع فرمایا مجھکو نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے سونیکی انگوٹھی کے پہننے سے اور قسی کے پہننے سے اور رکوع اور سجود میں قرارت پڑھنے سے اور کسنبی کپڑے کے پہننے سے یہ حدیث حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے یوسف بن حماد بصری نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو عبد الوارث نے ابی تیاح سے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو حفص لیثی نے کہا گواہی دیتا ہوں میں عمران پر کہ اُسنے حدیث کی ہمکو کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا سونیکی انگوٹھی پہننے سے اور اس باب میں علی اور ابن عمر اور ابی ہریرہ اور معاویہ سے بھی روایت ہے اور عمران کی حدیث حسن صحیح ہے **باب** چاندی کی انگوٹھی کا بیان **حدیث** کی ہمسے قتیبہ وغیرہ نے عبد اللہ بن وہب سے اُسنے روایت کی یونس سے اُسنے روایت کی ابن شہاب سے اُسنے انس سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی انگوٹھی چاندی کی تھی اور نگینہ اُسکا حبشی[1] تھا اور اس باب میں ابن عمر اور بریدہ سے بھی روایت ہے یہ حدیث حسن صحیح ہے غریب ہے اسوجہ سے **باب** انگوٹھی کا نگینہ کس چیز سے بنانا مستحب ہے **حدیث** کی ہمسے محمود نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو حفص نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو زہیر نے اُسنے روایت کی حمید سے اُسنے انس سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کی انگوٹھی چاندی سے تھی اور نگینہ اُسکا بھی چاندی سے تھا یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے اسوجہ سے **باب** داہنے ہاتھ میں انگوٹھی پہننے کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن عبید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو عبد العزیز نے موسیٰ بن عقبہ سے اُسنے روایت کی نافع سے اُسنے ابن عمر سے کہا کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم نے سونیکی انگوٹھی بنوائی اور اُسکو داہنے ہاتھ میں پہنا

[1] یعنی حبشی عقیق تھا یا کوئی اور قسم نگینہ تھا کہ حبش میں ہوتا ہے اسلئے امام نووی نے لکھا ہے کہ اجماع ہے اوپر جائز ہونے کے پہننے انگوٹھی داہنے ہاتھ میں اور بائیں ہاتھ میں لیکن ہمارے مذہب میں داہنے ہاتھ میں پہننی افضل اور اشرف ہے اور سونیکی انگوٹھی پہلے درست تھی پھر منسوخ ہوگئی اب مردونکو سونیکی انگوٹھی درست نہیں اور

ثم جلس على المنبر فقال انی کنت اتخذت هذا الخاتم في يميني ثم نبذه ونبذ الناس خواتيمهم وفي الباب عن
علي وجابر وعبد الله بن جعفر وابن عباس وعائشة وانس وحديث ابن عمر حديث حسن صحيح وقد روی هذا
الحديث عن نافع عن ابن عمر نحو هذا من غير هذا الوجه ولم يذكر فيه انه تختم في يمينه **حدثنا** محمد
بن حميد الرازي ثنا جرير عن محمد بن اسحق عن الصلت بن عبد الله بن نوفل قال رايت ابن عباس يتختم
في يمينه ولا اخاله الا قال رايت رسول الله صلى الله عليه وسلم يتختم في يمينه قال محمد بن اسمعيل
حديث محمد بن اسحق عن الصلت بن عبد الله بن نوفل حديث حسن صحيح **حدثنا** قتيبة ثنا
حاتم بن اسمعيل عن جعفر بن محمد عن ابيه قال كان الحسن والحسين يتختمان في يسارهما هذا حديث
صحيح **حدثنا** احمد بن منيع ثنا يزيد بن هارون عن حماد بن سلمة قال رايت ابن ابي رافع يتختم في يمينه
فسألته عن ذلك فقال رايت عبد الله بن جعفر يتختم في يمينه وقال كان النبي صلى الله عليه وسلم
يتختم في يمينه قال محمد وهذا اصح شيء روي عن النبي صلى الله عليه وسلم في هذا الباب **باب**
ما جاء في نقش الخاتم **حدثنا** محمد بن بشار ومحمد بن يحيى وغير واحد قالوا ثنا محمد بن عبد الله الانصاري
ثني ابي عن ثمامة عن انس بن مالك قال كان نقش خاتم النبي صلى الله عليه وسلم ثلاثة اسطر محمد سطر
ورسول سطر والله سطر ولم يقل محمد بن يحيى في حديثه ثلاثة اسطر وفي الباب عن ابن عمر حديث انس
حديث حسن صحيح غريب **حدثنا** الحسن بن علي الخلال ثنا عبد الرزاق ثنا معمر عن ثابت عن انس
بن مالك ان رسول الله صلى الله عليه وسلم صنع خاتمه من ورق فنقش فيه محمد رسول الله ثم

پھر منبر پر بیٹھے پھر فرمایا کہ میں نے اس انگوٹھی کو اپنے داہنے ہاتھ میں پہنا تھا پھر پھینکدیا اُسکو اور لوگوں نے بھی اپنی انگوٹھیاں
پھینکدیں اور اس باب میں حضرت علی اور جابر اور عبداللہ بن جعفر اور ابن عباس اور عائشہ اور انس سے بھی روایت
ہے اور ابن عمر کی حدیث حسن صحیح ہے اور مروی ہے یہ حدیث نافع سے اُسنے ابن عمر سے مانند اسکے غیر اسوجہ پر اور نہیں ذکر کیا
اُسمیں کہ انگوٹھی اپنے داہنے ہاتھ میں پہنی **حدیث** کی ہمسے محمد بن حمید نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو جریر نے محمد بن اسحاق سے
اُسنے روایت کی صلت بن عبداللہ سے کہا دیکھا میں نے ابن عباس کو کہ داہنے ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے اور نہیں گمان کرتا میں
اُسکا مگر کہا کہ دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ انگوٹھی پہنتے تھے اپنے داہنے ہاتھ میں امام بخاری نے کہا کہ محمد ابن اسحاق کی حدیث
حسن صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے قتیبہ نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو حاتم نے جعفر بن محمد سے اُسنے روایت کی اپنے باپ سے کہا کہ
حضرت حسن اور حسین بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے یہ حدیث صحیح ہے **حدیث** کی ہمسے احمد بن منیع نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو
یزید نے حماد بن سلمہ سے کہا کہ دیکھا میں نے ابن ابی رافع کو کہ انگوٹھی پہنتے تھے اپنے داہنے ہاتھ میں پس پوچھا میں نے اُسکو اس سے
سو کہا اُسنے کہ دیکھا میں نے جعفر کو کہ انگوٹھی پہنتے تھے اپنے داہنے ہاتھ میں کہا اُسنے کہ تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم انگوٹھی پہنتے اپنے
داہنے ہاتھ میں اور بخاری نے کہا کہ یہ حدیث زیادہ تر صحیح اُس چیز سے ہے کہ مروی ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اس باب میں **باب**
انگوٹھی کے نقش کا بیان **حدیث** کی ہمسے محمد بن بشار اور محمد بن یحیی وغیرہ نے انہوں نے کہا حدیث کی ہمکو محمد بن عبداللہ نے
اُسنے کہا حدیث کی ہمکو باپ میرے نے ثمامہ سے اُسنے روایت کی انس سے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی انگوٹھی کا نقش تین
سطر میں تھا محمد ایک سطر یعنی اسم مبارک پہلی سطر میں تھا اور رسول ایک سطر یعنی درمیان کی سطر میں تھا اور اللہ ایک سطر یعنی نیچے کی
سطر میں تھا اور محمد بن یحیی نے اپنی حدیث میں تین سطروں کا ذکر نہیں کیا اور اس باب میں ابن عمر سے بھی روایت آئی ہے اور انس کی
حدیث حسن صحیح غریب ہے **حدیث** کی ہمسے حسن بن علی نے اُسنے کہا حدیث کی ہمکو عبدالرزاق نے اُسنے کہا حدیث کی
ہمکو معمر نے ثابت سے اُسنے روایت کی انس سے کہا کہ نبی صلعم نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی اور نقش کیا اُسمیں محمد رسول اللہ پھر

ع ابن ابی رافع کئی ایک ہیں یہاں عبدالرحمن بن ابی رافع مراد ہیں اور انکو ابن فلاں ابن ابی رافع بھی کہتے ہیں یہ بھتیجے حماد بن سلمہ کے ہیں اور روایت عبداللہ بن جعفر سے کرتے ہیں ام

